اسم تاریخی

اشرف التفاسیر

۱۳۶۳ھ

# تفسیر نعیمی

مصنف

حکیم الامت مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

مکتبہ اسلامیہ

۴۰۔ اردو بازار ★ لاہور

مکتبہ اسلامیہ
لاہور

marfat.com
Marfat.com

مکتبہ اسلامیہ
لاہور

marfat.com
Marfat.com

اشرف التفاسیر

# تفسیرِ نعیمی

مُصنف

حکیم الامت مُفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ قادریہ

مکتبہ اسلامیہ

۴۰۔ اردو بازار ★ لاہور

marfat.com

Marfat.com

نام کتاب ——— تفسیر نعیمی (پارہ اول)

مصنف ——— حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمتہ اللہ علیہ

تعداد صفحات ——— 720


کمپوزنگ ——— لیزر کمپوزنگ ان' ستار سائنس مارکیٹ'
تکیہ اہلی والا' آبکاری روڈ' نیو انار کلی' لاہور

پرنٹر ——— پیر بھائی پرنٹرز

ناشر ——— مکتبہ اسلامیہ' 40 اردو بازار' لاہور۔

قیمت ———

marfat.com
Marfat.com




marfat.com
Marfat.com

# الصلوٰۃ والسلام علیک

# یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

خوشنویس: اعجاز احمد ساقی، مکتبہ اسلامیہ لاہور

marfat.com
Marfat.com

# فہرست "تفسیر نعیمی" پارہ الم جلد اول


| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| دیباچہ | |
| قرآن کریم کے معنی اور وجہ تسمیہ | 5 |
| نزول قرآن کریم اور کتنے بار نازل ہوا | |
| جبریل پیغمبر نہیں کشف و وحی اور قرآن و حدیث کافرق | 8 |
| قرآن پاک کی ترتیب اور اس کا جمع ہونا | |
| قرآن پاک کی حفاظت | |
| قرآن پاک کے فضائل و فوائد | |
| قرآن کریم سے دم و تعویذ کرنا | 18 |
| ایصال ثواب تلاوت قرآن کے آداب | |
| ختم قرآن پاک، تفسیر کے معنی اور تفسیر | |
| تاویل و تحریف کافرق | |
| اعوذ باللہ | 23 |
| اعوذ کے نکتے اور اس کے فوائد | 26 |
| اعوذ کے فقہی مسائل | |
| بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | 28 |
| اسم ذاتی کی پہچان | 33 |
| بسم اللہ کے فائدے | 35 |
| بسم اللہ کے مسائل | 37 |
| سورۃ فاتحہ اور اس کے نام | 38 |
| فاتحہ کے فضائل و فوائد | 41 |
| فاتحہ کے مسائل و قرات خلف الامام | 41 |
| الحمد للہ | 42 |
| حمد میں نعت | 46 |
| رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ | 47 |
| خالق و مخلوق کی پرورش میں فرق | 48 |
| خدا کو باپ نہ کہو باپ سے استاد کا درجہ بڑا ہے | 49 |
| ربوبیت خاصہ و عامہ | 49 |
| اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | 51 |
| مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ | 53 |
| مالک و ملک کے فرق | 54 |
| اواگون کی تردید | 55 |
| اِیَّاکَ نَعۡبُدُ | 57 |
| عبادت کے معنی اور اس کی قسمیں | 59 |
| بت اور کعبہ کے سامنے ہونے کافرق | 60 |
| عبادت کے متعلق دیوبندی اعتراضات کے نفیس جوابات | 61 |
| وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ | 63 |
| غیر اللہ سے مدد لینا | 65 |
| اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ | 67 |
| صراط مستقیم کی پہچان | 69 |
| صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ | 73 |
| صدیق کون ہے اس کے کیا معنی ہیں | 74 |
| آمین اور اس کا آہستہ کہنا و تحقیق | 80 |
| سورت بقر | 83 |
| سورت بقر کے فضائل | 84 |


marfat.com
Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| سورت بقر کے فائدے متشابہات کی بحث | 85 |
| غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ | 87 |
| قرآن پاک کے نام اور اس کی وجہ | 89 |
| لَا رَیْبَ فِیْهِ حقانیت قرآن کے دلائل | 92 |
| هُدًى لِّلْمُتَّقِیْنَ | 93 |
| تقویٰ کے درجات اور فوائد و اقسام | 95 |
| یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ | 98 |
| غیب کے معنی و تعریف اقسام وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ | 99 |
| ایمان اعمال کی اصل کیوں ہے | 100 |
| نماز کے فضائل و اسرار پانچ وقت کی حکمتیں | 104 |
| نماز کی رکعتیں اور قبلہ رو ہونے کی حکمتیں | 106 |
| سنت کی ضرورت | 107 |
| وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ اس آیت کی گنجائش | 108 |
| زکوٰۃ کے اسرار و فائدے | 110 |
| وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ - | 112 |
| یقین کے اقسام | 115 |
| اُولٰٓئِكَ عَلٰی هُدًى | 116 |
| اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ | 117 |
| ضروریات دین | 121 |
| خَتَمَ اللّٰهُ | 124 |
| وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ | 129 |
| آدمی کو انسان کیوں کہتے ہیں | 130 |
| منافق کے معنی اور ان کے طبقے | 131 |
| یُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ اللہ سے مراد رسول اللہ ہیں | 132 |
| فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ دل کی بیماریاں | 135 |
| جھوٹ کی برائی اور توریہ کہاں جائز ہے | 136 |
| حضرت ابراہیم و صدیق اکبر کا توریہ | 137 |
| وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا | 138 |
| غلط تنظیم کے برے نتائج | 140 |
| اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ - | 141 |
| وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ | 143 |
| تقلید نہ کرنا مسلمانوں کو برا کہنا نفاق ہے | 146 |
| اَللّٰهُ یَسْتَهْزِئُ بِهِمْ | 151 |
| رب کے استہزاء فرمانے کے معنی | 152 |
| اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا | 155 |
| مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِیْ | 158 |
| صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ | 161 |
| اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ - | 163 |
| بادل بارش اور شبنم گرج کڑک اور بجلی کی حقیقت | 164 |
| یَكَادُ الْبَرْقُ یَخْطَفُ | 167 |
| مسئلہ امکان کذب کی نفیس بحث | 171 |
| مسئلہ امکان نظیر کی عمدہ تحقیق | |
| یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا | 176 |
| عبادت و اطاعت میں فرق | 180 |
| وَاِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ - | 182 |
| انسانی اور قدرتی چیزوں میں فرق | 185 |
| قرآن کی خوبیاں | 185 |
| فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا | 186 |
| وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا | 190 |
| جنت کے طبقے آٹھ ہیں اور نہریں چار | 192 |
| عورت آخری شوہر کے ساتھ ہوگی | 193 |
| اواگون اور مسخ میں فرق اور جنت پہلے کیوں پیدا ہوئی | 196 |


marfat.com

Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| مچھر کی خصوصیات | 199 |
| وَمَا يُضِلُّ بِهٖۤ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ | 203 |
| جسمانی و روحانی رشتوں کی تفصیل اور ان کے احکام | 205 |
| كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ۔ | 208 |
| زندگی قبر کا قرآن سے ثبوت | 210 |
| آواگون اور حشر اجسام میں فرق | 212 |
| جو دفن نہ ہوں ان سے حساب قبر کیسے ہو گا | 212 |
| هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ۔ | 213 |
| آسمان سات کیوں ہیں | 214 |
| جو منع نہ ہو وہ حلال ہے آسمان کا ثبوت | |
| وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ | 219 |
| ملک کی تحقیق اور فرشتہ کی حقیقت اور ان کی کثرت | 220 |
| فرشتوں کی قسمیں اور ان سے مدد مانگنا | 221 |
| فرشتوں کی صفات | 221 |
| جنات و ابلیس کے تاریخی واقعات | 221 |
| خلیفہ کے معنی اور انسان کیوں خلیفہ ہوا | 222 |
| آدم علیہ السلام کی پیدائش | 224 |
| فرشتے گنہگار نہیں | 225 |
| انتخاب خلیفہ مسلمان کریں گے اور اس انتخاب کی صورتیں | 228 |
| وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا۔ | 229 |
| آدم علیہ السلام کے علوم اور انبیاء کے پیشے اور علم کے فضائل | 229 |
| قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَا | 234 |
| قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ | 235 |
| علم آدم و علم ملائکہ میں فرق | 237 |
| علم نبی علم ملائکہ سے پہلے ہے اور عارف وہ جو رب کو نبی کے ذریعہ جانے | |
| وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ | 242 |
| سجدے کی تعریف اس کی قسمیں اور سجدہ آدم کس قسم کا تھا | 242 |
| اور سجدہ آدم کو تھا نہ کہ رب کو | 243 |
| سجدہ جمعہ کے دن ظہر کے بعد ہوا اور سو سال رہا | 244 |
| شیطان کی حقیقت | 244 |
| اور اس نے توبہ کرنی چاہی | 245 |
| شیطان کب زیادہ گمراہ کرتا ہے | 245 |
| حضرت حوا کی پیدائش | 246 |
| شیطان کی پیدائش کی حکمتیں | 248 |
| وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ | 250 |
| کس درخت سے روکا گیا | 252 |
| آدم علیہ السلام بہشت بریں میں بھی رہے | 253 |
| اس کے متعلق اعتراضات و جوابات | 254 |
| فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ | 256 |
| شیطان نے کس ترکیب سے بہکایا | 257 |
| آدم علیہ السلام کے زمین پر آنے کا واقعہ کون کہاں اترا اور حضرت آدم علیہ السلام ساتھ کیا لائے | 259 |
| بعض تخم زہریلے کیوں ہو گئے حضرت آدم علیہ السلام کو سب سے پہلے اذان سنائی گئی | 260 |
| کس نبی نے کون سا پیشہ کیا۔ سکہ آدم علیہ السلام نے بنایا | 260 |
| آدم علیہ السلام کی وفات ان کی قبر کہاں ہے | 260 |
| مسئلہ عصمت انبیاء | |
| فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ | 264 |


marfat.com
Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| آدم کی توبہ حضور علیہ السلام کے طفیل قبول ہوئی | 265 |
| توبہ کی شرائط وارکان | |
| واقعہ توبہ اور کی توبہ قبول ہوئی ان کی اولاد چالیس ہزار تھی | 267 |
| گریہ آدم عشق الٰہی میں تھا اور باعث بلندی درجہ | |
| قُلْنَا اهْبِطُوا مِنْهَا جَمِيعًا | 269 |
| خوف حزن میں فرق اور کس خوف سے ولی آزاد ہے | 271 |
| وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا | 273 |
| بغیر شفاعت کس کو بخشش ہے اور ابو طالب کا ایمان | 275 |
| يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ | 276 |
| بنی اسرائیل کے معنی اور وجہ تسمیہ | 277 |
| بنی اسرائیل کی تاریخ۔ ابراہیم علیہ السلام کی جائے پیدائش و اولاد اور تاریخ یعقوب | 278 |
| وَآمِنُوا بِمَا أَنْزَلْتُ وَلَا تَلْبِسُوا | 282 |
| تعظیم قرآن و تعویذ وغیرہ کروانا جائز ہے | 286 |
| وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ۔ | 291 |
| جماعت کب فرض ہے کب واجب کب منع | |
| أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ | 295 |
| واعظ بے عمل کی برائی | 297 |
| گوشہ نشینی سے تبلیغ دین افضل کیوں ہے | 302 |
| يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي | 303 |
| سید سب سے اعلیٰ ہیں اور ان کا نسب کام آئے گا | 306 |
| وَاتَّقُوا يَوْمًا لَا تَجْزِي نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ | 307 |
| شفاعت کی نفیس بحث | 309 |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| قیامت میں سب شفیع کو کیسے بھول جائیں گے | 312 |
| شفیع تین جماعتیں اور حضور علیہ السلام کے ملنے | 312 |
| شفاعت کی قسمیں | 314 |
| شفاعت پر اعتراضات و جوابات | 315 |
| وَإِذْ نَجَّيْنَاكُمْ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ | 316 |
| فرعون و بنی اسرائیل اور موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ | 318 |
| موسیٰ علیہ السلام کی پیدائش نسب | 320 |
| وَإِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ | 323 |
| فرعون کی غرقابی اور یوسف علیہ السلام کی نعش مبارک کی نقل | 325 |
| عاشورہ کے دن کے کام | 327 |
| بچھڑے کی اصل | |
| وَإِذْ وَاعَدْنَا مُوسَىٰ | 329 |
| موسیٰ کے معنی اور آپ کا نسب | 329 |
| توریت اور یہود کی گائے پرستی | 332 |
| تورات کا ساتواں حصہ باقی رہا چھ حصے غائب ہوگئے | 333 |
| چالیس کے فوائد میت کا چالیسواں | 334 |
| وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ | 335 |
| قتل بنی اسرائیل کا واقعہ | 338 |
| تبلیغ میں نرمی اور تردید میں سختی چاہیے | 339 |
| توبہ کے درجے اور توبہ مادیہ میں فرق | 340 |
| وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَنْ نُؤْمِنَ | 341 |
| بنی اسرائیل کی موت اور دوبارہ زندگی | 343 |
| دیدار الٰہی کی بحث | 345 |
| وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ | 347 |
| من و سلویٰ کی تحقیق اور اس کا اترنا | 350 |


marfat.com

Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ | 352 |
| متبرک شہروں کی تعظیم | 354 |
| جو عمل مجرم کا گناہ معاف کرتا وہ صالح کا درجہ بلند کرتا ہے | 356 |
| فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا | 357 |
| شہید کتنے ہیں | 359 |
| کون سا حکیم کس بیماری میں مرا | 360 |
| طاعون کا بہترین علاج | 360 |
| وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ | 362 |
| عطاء کی تحقیق اور اس کا قد | 363 |
| نماز استسقاء کا طریقہ اور حضور علیہ السلام کے معجزات تمام انبیاء سے بڑھ کر ہیں | 365 |
| وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ | 368 |
| اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ | 373 |
| اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا | |
| یہود و نصاریٰ کی وجہ تسمیہ اور ان کے عقیدے | 380 |
| ایمان کے اقسام و احکام و مقامات و ایمان کی فطری تحقیق | 381 |
| وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ | 384 |
| طور اٹھانے کا واقعہ | 387 |
| وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا | 389 |
| یہود کا بندر بننا | 392 |
| لوا گون اور تناسخ میں فرق | 395 |
| وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ | 395 |
| قربانی گائے کی نفیس تحقیق مزاح و استہزاء کا فرق | 397 |
| وَقَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ | 400 |
| اِنْ شَآءَ اللّٰهُ کے مواقع اور فائدے | 407 |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ | 409 |
| مردے کی گواہی معتبر نہیں | 413 |
| ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ | 414 |
| اکثر زید اشد اقوی وغیرہ کا فرق | 416 |
| کفار کو بھی کشف و صفائی قلبی مل جاتی ہے | 417 |
| سبزہ کی تسبیح سے میت کو فائدہ ہے نہ خشک چیز کی تسبیح سے | 418 |
| ہر چیز میں انشاء ہے | 419 |
| اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ | 419 |
| تحریف اور اس کے اقسام و احکام تغیر و تحریف کا فرق | 421 |
| وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | 423 |
| حضور کے اوصاف چھپانا طریق یہود ہے | 425 |
| بری نیت سے قرآن پڑھنا کفر | 426 |
| وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ۔ | 426 |
| عقائد میں تقلید منع ہے اور ہر ظن برا نہیں | 428 |
| فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ | 430 |
| ویل کے معنی اور اس کے اقسام | 431 |
| قرآن کی تجارت کا حکم اور اس کا رواج کب سے ہے | 434 |
| وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ۔ | 435 |
| کفار کو مرحوم نہ کہو اور گنہگار کافر نہیں | 440 |
| وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ | 442 |
| چار قسم کے لوگوں کی چار سزا و جزاء | 443 |
| وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | 444 |
| اطاعت والدین کو عبادت رب سے کیوں ملایا گیا | 446 |
| والدین کے انعامات انعام الٰہی کے مشابہ ہیں | 446 |
| حقوق والدین کی کچھ تفصیل | 447 |
| قول حسن کی تفصیل 'اخلاق' مداہنت 'مدارات میں | 450 |


marfat.com
Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| فرق نبی و شیخ و استاد کے حقوق ماں باپ سے زیادہ ہیں | 452 |
| وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَکُمْ لَا تَسْفِکُوْنَ | 453 |
| ہندوستان میں مسلمانوں کا رہنا ضروری ہے | 455 |
| اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا | 462 |
| وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسٰی | 464 |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام تینتیس سال کی عمر میں اٹھائے گئے | |
| مومن کو قتل کرنے یا کوئی گناہ کبیرہ کرنے سے مسلمان کافر نہیں ہوتا جبکہ اسے حلال جان کر نہ کرے مگر کسی نبی کی مخالفت ہر صورت میں کفر ہے۔ | 468 |
| وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ | 470 |
| وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتَابٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ | 473 |
| اللہ والوں کے وسیلے سے دعا قبول ہوتی ہے | 474 |
| کس پر لعنت کرنا جائز ہے اور کس پر نہیں | 477 |
| اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ | 479 |
| صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا انکار تمام صحابہ کا انکار ہے | 486 |
| قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ | 493 |
| وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ | 497 |
| قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ | 501 |
| وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ | 508 |
| اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا | 510 |
| وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ الخ | 515 |
| جادو کی قسمیں | 519 |
| وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ | 521 |
| جادو کے علاج | 523 |
| ہاروت و ماروت کا قصہ | 524 |
| ایک دلچسپ حکایت | 525 |
| قصہ ہاروت و ماروت پر اعتراضات و جوابات | 526 |
| خاتمہ مضمون | 528 |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا | 534 |
| مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ | 538 |
| مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ | 541 |
| نسخ اور اس کے احکام | 543 |
| نسخ کے عمل | 544 |
| نسخ کی صورتیں | 545 |
| نسخ کے وجوہات | 546 |
| نسخ پر اعتراضات و جوابات | 546 |
| اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْئَلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ الخ | 549 |
| وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ۔ | 553 |
| حسد کے درجے | 557 |
| حسد کے اسباب اور اس کے علاج | 557 |
| وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ | 559 |
| وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ الخ | 563 |
| وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى الخ | 568 |
| وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ | 573 |
| وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ | 579 |
| رب کے اولاد سے پاک ہونے کے دلائل | 588 |
| وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ | 590 |
| وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا | |
| اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا۔ | 594 |
| آمنہ خاتون و حضرت عبد اللہ کے ایمان کی مکمل بحث | 597 |
| عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى | 602 |
| ہندوؤں کی خاطر قربانی گائے نہ روکو اور | |
| مولفۃ القلوب کے کی وجہ | 604 |


marfat.com
Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْکِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ | 607 |
| تلاوت قرآن کے آداب | 610 |
| یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اذْکُرُوْا نِعْمَتِیَ | 612 |
| کفار کے لئے شفاعت نہ ہونے اور نہ قبول ہونے میں مطابقت | 614 |
| وَاِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ | 617 |
| ابراہیم کے معنی اور آپکا تمیں احکام سے امتحان | 617 |
| حضرت ابراہیم کی ولادت نسب احوال اور زندگی | 620 |
| حضرت ابراہیم کے اولیات نے آپ کے | 621 |
| فضائل ابراہیمی سنتوں کے فوائد | 621 |
| کلی ختنہ۔ موئے زیر ناف کٹوانے کا طریقہ | 622 |
| وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَیْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ | 625 |
| حضرت ہاجرہ لونڈی نہ تھیں اور اسمٰعیل کی وجہ تسمیہ | 627 |
| خانہ کعبہ کی تاریخ | 628 |
| مقام ابراہیم و سنگ اسود | 630 |
| مکہ معظمہ میں پندرہ جگہ دعا بست قبول ہوتی ہے | 631 |
| وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا | 635 |
| وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ | 639 |
| آدم علیہ السلام کی پیدائش جنت میں جانا | 641 |
| کعبہ کی جگہ سے طواف کب سے ہوتا ہے | 641 |
| آبادی مکہ مکرمہ اور حضرت سارہ و ہاجرہ کا عجیب قصہ | 641 |
| زمزم کے معانی اور اس کا پیدا ہونا تعمیر کعبہ کی | 643 |
| تاریخ اور ذبح کے وقت حضرت اسمٰعیل کی عمر | 645 |
| رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَیْنِ لَکَ | 647 |
| سارے سید گمراہ نہیں ہو سکتے | 650 |
| رَبَّنَا وَابْعَثْ فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ | 651 |
| نبی رسل مرسل کا فرق اور ان کی تعداد درود میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر کیوں آتا ہے۔ | 653 |
| اصلیت سے حضور کی افضلیت کا ثبوت و اعلیٰ تحقیق | 655 |
| وَمَنْ یَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ | 657 |
| ابراہیم علیہ السلام کی بیویاں اور اولاد اور ان کی جائے سکونت | 663 |
| یعقوب کی بیویاں و اولاد اور یعقوب کے معنی | 664 |
| اَمْ کُنْتُمْ شُهَدَآءَ | 666 |
| چچا کو باپ کہا جاتا ہے | 668 |
| رب کو نبی سے پہچان سکتے ہیں نہ عقل سے | 669 |
| وَقَالُوْا کُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی۔ | 673 |
| اسلام ملت ابراہیمی ہے اور شریعت محمدی ملت اور شریعت کا فرق | 675 |
| قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ | 677 |
| رب کو نبی سے جانا یا نبی کو رب سے | 680 |
| فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ | 682 |
| قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِی اللّٰهِ | 689 |
| اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ | 693 |
| تِلْکَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ | 697 |
| مولوی اور صوفی | 699 |


marfat.com

Marfat.com

# اہل سنت و جماعت کے لئے خوشخبری!

اہلسنت وجماعت کے مایۂ ناز صاحب قلم حکیم الامت

مفتی احمد یار خاں رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

کی

مایۂ ناز تفسیر القرآن

# نور العرفان

مع ترجمہ کنز الایمان

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی مولانا احمد رضا خاں صاحبؒ

- دیدہ زیب کتابت ● دو رنگہ عکسی طباعت ● عمدہ سفید کاغذ
- بڑے سائز کے ایک ہزار صفحات پر مشتمل بہترین جلد میں دستیاب ہے۔

ہر کتب فروش سے خریدیئے! —— براہ راست ہم سے طلب کیجئے!

marfat.com
Marfat.com

# عرض ناشر

حصول تعلیم کے بعد بطور معاش کئی کام کئے لیکن کوئی کام بھی تسکین قلب کا باعث نہ ہو سکا بہت سوچا بالآخر بزرگوں سے مشورہ لیا۔ قبلہ ماموں جان مفتی محمد مختار احمد صاحب نے دینی کتابوں کے کام کا مشورہ دیا دل کو پسند آیا کہ ہم خرما و ہم ثواب یہی کام کرنے کا فیصلہ کیا نانا جان شیخ التفسیر مفتی احمد یار خان صاحب بھی اکثر یہی فرمایا کرتے تھے لہٰذا آپ ہی کی شہرۂ آفاق تصنیف تفسیر نعیمی سے کام شروع کیا مارکیٹ میں یہ کتاب اپنی مکمل جلدوں کے ساتھ کبھی بھی موجود نہیں رہی اس کی وجہ کچھ تو چھپوانے والوں کی مالی دشواریاں اور کچھ طریق طباعت رہی کیونکہ لیتھو طریق چھپائی میں کتابت ہر چھپائی کے بعد ضائع ہو جاتی ہے اور طباعت بھی معیاری نہیں ہوتی انشاء اللہ مکمل کوشش کی جائے گی کہ مارکیٹ میں تمام جلدیں ہمیشہ دستیاب رہیں طباعت اور کاغذ معیاری ہو تاکہ مصنف کی بہترین تحریر اپنی بہترین شکل میں قارئین تک پہنچے۔ تفسیر نعیمی کے پہلے پارے کی جلد حاضر خدمت ہے امید ہے کہ قارئین حقیر کی اس کوشش کو پسند فرمائیں گے دوسری جلد بھی طباعت کے آخری مراحل طے کر رہی ہے تیسری اور چوتھی کی کتابت جاری ہے امید ہے کہ جلد ہی ہم تمام جلدیں پیش کر کے سرخرو ہوں گے ہماری کوشش ہو گی کہ ہماری مطبوعات کا معیار بلند سے بلند تر ہوتا جائے اور کتب کے ہدیئے بھی عام قارئین کی دسترس سے باہر نہ ہوں۔

دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا شرف بخشے۔ آمین

28 جون 1983ء

افتخار احمد خان مفتی

بی ایس سی، ایم اے

مہتمم مکتبہ اسلامیہ مفتی احمد یار خان روڈ گجرات

marfat.com
Marfat.com

بحضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم

بلغ العلیٰ بکمالہٖ
کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ
صلوا علیہ وآلہٖ

علیہ الصلوٰۃ والسلام

کلامِ شیخ سعدی رحمہ اللہ

کتبہٗ گوہر قلم

marfat.com
Marfat.com

# علم تفسیر

## "سے متعلق گزارشات"

نصف صدی پیشتر عام مسلمان قرآنی علوم سے تھوڑے بہت آشنا ہونے کے باوجود بھی قرآن کو بذات خود صرف تلاوت کی حد تک پڑھتے تھے قرآن کریم سے خود کچھ بھی اخذ کرتے ہوئے انہیں ہچکچاہٹ محسوس ہوتی تھی یہ کام انہوں نے مستند علماء کرام کے لئے چھوڑ رکھا تھا کہ قرآن پاک کو سمجھیں اور اس کے مطالب و مسائل عام فہم زبان میں عوام تک پہنچائیں اکثر جید علماء کرام بھی قرآن پاک کے ترجمہ اور تفسیر کرنے سے عام طور پر اجتناب فرماتے تھے اور قرآن کو سمجھنے اور سمجھانے کے لئے تقریباً اکیس علوم صرف نحو' معانی' بیان' بدیع' ادب' لغت' فلسفہ' حساب' جیومیٹری' فقہ' تفسیر' حدیث' علم کلام' جغرافیہ' تاریخ' تصوف' اصول' وغیرہ پر مکمل دسترس حاصل کرنا ضروری خیال کرتے تھے ان تمام علوم کو حاصل کرنے کے بعد بھی وہ تقریباً تمام گزشتہ مفسرین اور مترجمین کو پڑھنا ضروری خیال کرتے تھے تاکہ کوئی ایسی بات تحریر میں نہ آجائے جس سے بجائے فائدے کے ان کی تحریر و تفسیر اسلام میں نئے فرقہ کا باعث بن جائے۔

اس طرح عام مسلمان بدمذہبی و لادینی کا شکار نہ ہوتے تھے اور فرقہ سازی میں اتنی تیزی نہیں پیدا ہوتی تھی جتنی آج کل ہے۔

جمہوریت کے اس دور میں ہر شعبہ میں برابری کے دعوے کئے جا رہے ہیں لوگوں میں علماء کے ساتھ بھی برابری کرنے کا خیال پیدا ہوا ہے ہر شخص نے قرآن پاک سے بہ ہمت خود علم حاصل کرنے کی کوشش کی عربی سے معمولی شد بد رکھنے والے مترجم قرآن بن گئے اور ہر آیت کا تفسیر کرنا اپنے لئے ضروری خیال کرنے لگے ایسے لوگ بھی مترجم اور مفسر بن گئے جن کے بارے میں تصدیق ہے کہ انہوں نے باضابطہ طور پر کسی بھی مدرسہ عربی میں علم حاصل نہیں کیا (مودودی) حساب میں ڈاکٹریٹ کرنے والے مفسر قرآن بنے (عنایت اللہ المشرقی) یہاں تک کہ ایسے ایسے دعویدار پیدا ہوئے کہ قرآن کو دیگر علوم کی مدد سے سمجھنے کے اصول کو بالائے طاق رکھ کر قرآن کو قرآن سے سمجھنے کے اصول بتانے لگے احادیث تک سے روگردانی کی اور پھر ستم یہ کہ اپنا نام اصل قرآن رکھا (غلام احمد پرویز) نتیجہ اب یہاں تک پہنچا ہے کہ خواندہ ناخواندہ صرف انگریزی تعلیم یافتہ لغت کا معمولی طالب علم مفسر قرآن بن بیٹھا ہے اور اپنی پیش کردہ تاویلات کو بھی وحی الٰہی جانتے ہوئے اس سے اختلاف کرنے والوں کو بلا تامل کافر کہہ دیتا ہے اسی دور کے متعلق ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی کہ دین اسلام میں بہت سے فرقے

marfat.com
Marfat.com

بنیں گے رب تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ

ترجمہ:۔ مسلمان اللہ تعالیٰ کی آیتوں پر گونگے اندھے ہو کر نہیں گر پڑتے یعنی مسلمانوں کو چاہئے کہ قرآن پاک کو سمجھنے کے لئے بہت محنت کریں نیز ہر ترجمہ اور تفسیر قرآن کو قرآن کی طرح نہ جانیں کہ مترجم یا مفسر غلطیوں سے مبرا نہیں مرزا غلام احمد قادیانی نے دعویٰ نبوت کیا اور ثبوت میں قرآن کی اس آیت کو پیش کیا: یعنی اللہ تعالیٰ فرشتوں اور انسانوں میں سے رسول چنتا رہے گا وغیرہ وغیرہ غرضیکہ اندھادھند ترجمے بے ایمانی کی جڑ ہیں آنکھوں پر پٹی باندھ لو جو دل میں آئے کہہ دو اور قرآن سے ثابت کر دو۔

میں ان تمام گزارشات کے بعد قارئین سے خصوصی طور پر درخواست کروں گا کہ تفسیر یا ترجمہ کا انتخاب کرتے ہوئے اس بات کا خیال رکھنا ضروری سمجھئے کہ مترجم اور مفسر کس حیثیت کا عالم ہے اور قرآن پاک کا ترجمہ یا تفسیر لکھنے کا حق بھی رکھتا ہے یا نہیں۔

فقیر مفتی محمد مختار احمد

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

حمد ہے اس اللہ جل شانہ کو جس نے حضرت محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو پیدا فرمایا۔ درود ہو حضرت محمد رسول اللہ علیہ السلام پر جنہوں نے اللہ کو ظاہر فرمایا۔ حمد اس اللہ تعالیٰ کو جس نے ہمیں انسان کیا درود ہو اس مصطفیٰ علیہ السلام پر جنہوں نے ہمیں مسلمان کیا۔ حمد ہے اس رب کریم کی جس نے ہمیں بولنا سکھایا' درود ہو اس نبی رؤف و رحیم پر جس نے ہمیں کلمہ پڑھایا حمد ہے اس رب بے نیاز کو جس نے ہمیں ایمان دیا۔ درود ہو اس صاحب تخت و تاج پر جس نے ہمیں قرآن دیا۔ حمد ہے اس مالک یوم الدین پر جس نے زمین پر انسان بکھیرے' درود ہو اس شاہ عرش پر جس نے یہ بکھیرے ہوئے جمع فرمائے حمد ہے اس رب کو جس نے رنگ برنگا انسان بنایا درود ہو اس نبی علیہ السلام پر جس نے ان کو اک رنگ بنایا۔

صبغۃ اللہ ہست رنگ خم او　　　ہستیہا یک رنگ گردد اندر او

حمد ہے اس رب کو جس نے ہمیں عقل و ہوش دیا درود ہو اس نبی پر جس نے جام عرفان سے متوالا و مدہوش کیا حمد ہے اس رب کو جس نے آسمان نبوت پر مختلف تارے کھلائے درود اس آفتاب رسالت پر جس نے اپنے دامن نور میں سارے تارے چھپائے حمد اس جبار و قہار کو جس نے جہنم بھڑکایا۔ درود اس شفیع روز شمار پر جس نے اس بھڑکتے کو بجھایا حمد ہے اس ستار و غفار پر جس نے دار خلد بنایا درود ہو اس مدنی سرکار پر جس نے اسے بسایا حمد ہے اس خالق کو جس سے سب کو ابتداء ہے درود ہو اس خاتم پر جس پر سب کی انتہا ہے درود ہو اس نبی پر جس نے فرمایا لا الہ الا اللہ حمد ہو اس اللہ کو جس نے فرمایا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ و بارک و سلم۔

لما بعد' جاننا چاہئے کہ نظر انسانی آفتاب آسمانی کے مقابل خیرہ شبنم شمسی نور سے کافور اور کمزور روئے روشن آگ سے فیض لینے سے معذور' غرض کہ ہر ادنیٰ اعلیٰ کے مقابل محض مجبور' یہ تو مخلوق کا آپس میں معاملہ ہے ذات خالق تو کہیں اعلیٰ و بالا ہے کس آنکھ میں طاقت ہے کہ اس کی تجلی جھیل سکے کس گوش و ہوش میں قوت ہے کہ اس کے مخاطبہ کی قوت لا سکے' کس مخلوق میں قدرت ہے کہ اس کے مقابل ٹھہر سکے یہ ظلمت وہ نور' وہ قادر یہ مجبور' وہ قاہر یہ مقہور' ان مجبوریوں میں مخلوق کا خالق سے تعلق کیونکر قائم ہوتا اور افاضہ اور استفاضہ کی کیا صورت ہوتی مخلوق کی یہ بے کسی ایسے برزخ کبریٰ کی تلاش میں تھی جو رب سے مربوب عابد و معبود خالق و مخلوق میں فیض دینے اور لینے کا سلسلہ قائم کرے۔ خلقت کی کمزور نگاہ کسی ایسے گہرے رنگ والے شیشے کی جستجو میں تھی جو نور لم یزل کی جلالی شعاعوں کو شان جمالی میں اس تک پہنچا دے خلقت کی ہستی کسی ایسے

marfat.com
Marfat.com

مضبوط واسطے کی جویاں تھی جو اس کمزور و ادنیٰ کی اس قوی و اعلیٰ تک رسائی کرادے دائرہ کائنات کسی ایسے مرکز کا متلاشی تھا جس کی طرف سب کا رجوع ہو اس مجبوری و معذوری پر رب قدیر نے رحم فرمایا کہ مخلوق کو خالق سے ملانے 'گرتوں کے اٹھانے' بگڑوں کو بنانے کے لئے اس ذات کو پیدا فرمایا جو ہستی کا پہلا نقش 'دفتر مخلوقات کا حرف اولین' گلزار خلائق کا نفیس پھول' آسمان وجود کا نیر اعظم ہے جسے جہاں والے تو مکی مدنی کہتے ہیں اور جناں والے سرو چمنی بلبل انہیں گل کہے قمری سرو جانفزا بتائے۔ عرش والے انہیں احمد مجتبیٰ کہتے ہیں اور فرش والے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و اصحابہ وسلم الیٰ یوم الجزاء

ادھر اللہ سے واصل ادھر مخلوق میں شامل    خواص اس برزخ کبریٰ میں تھا حرف مشدد کا

ان کی ذات 'حبل اللہ المتین' اور واعتصموا بحبل اللہ جمیعا حکم رب العالمین ان کا نام پاک ہی ان کے کام کا پتہ دیتا ہے کہ "اللہ" بولنے سے دونوں لب جدا ہو جاتے ہیں اور لفظ "محمد" کہتے ہی مل جاتے ہیں کہ وہ نیچوں کو اعلیٰ سے ملانے ہی تو آئے ہیں ان ہی کا نام حرز جان طفلان تیغ نوجوانان اور عصائے پیرو ناتواں ہے پھر وہ خالی نہ آئے 'ایک نسخۂ کیمیا ساتھ لائے جس کا نام ہے قرآن کریم

اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا    اور ایک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا

سبحان اللہ! نسخہ کیا ہے 'کیمیا ہے۔ بیماروں کی شفا' تندرستوں کا ذریعہ بقاء' گمراہوں کا راہنما' مسجدوں میں اس کی تلاوت ہے میدانوں میں اس سے جہاد' عدالتوں میں اس سے فیصلے' بیماروں کے گلوں میں تعویذ بن کر پڑے' جان کنی میں مشکل حل کرے' بعد موت قبر اور حشر میں کام آئے۔ غرض کہ انسان کی دینی اور دنیوی زندگی کا دستور العمل ہے۔ ہر مسلمان کے دل میں جذبہ ہے کہ اسے سمجھے' ہر مومن کے قلب میں تڑپ ہے کہ اس فرمان تک اس کی رسائی ہو۔ علماء تو محنت کر کے اس کے مضامین تک پہنچتے ہیں مگر عوام چاہتے ہیں کہ اس کے مضامین ہماری زبان میں ہم تک پہنچیں 'اس لئے تقریباً ہر زبان میں اس کی بے شمار تفسیریں لکھی گئیں۔ زبان اردو بھی کسی سے پیچھے نہ رہی۔ مگر اہل ہند نے مسلمانوں کے اس جذبے سے غلط فائدہ اٹھایا کہ اپنے خیالات فاسدہ کو تفسیری رنگ میں ظاہر کیا مرزائی نبوت مرزا کا مقصد لے کر مفسر بنے چکڑالوی اپنے مذہب نامہذب کی اشاعت تفسیر کی آڑ میں کرنے لگے۔ بعض نے ولایتی عینک سے قرآن پاک کو دیکھا بعض لوگوں نے شیطانی دل و دماغ سے اسے سمجھا کہ خود قرآن کریم سے صاحب قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین نکالنے لگے۔ شیطانی توحید کو ایمانی توحید بنا کر خلق کے سامنے پیش کرنے لگے۔ آج کل ہر بدمذہب نے ترجمہ قرآن کو اپنے لئے آڑ بنا لیا ہے۔ جگہ جگہ مسجدوں میں قرآنی ترجمے کے درس کے بہانے مسلمانوں کو بہکایا جا رہا ہے جاہل اردو خواں جسے استنجاء کرنے کی تمیز نہیں مفسر بنا ہوا ہے اس لئے عرصہ سے میرا ارادہ تھا کہ کوئی ایسی تفسیر لکھوں جو کہ عربی تفاسیر کا خلاصہ ہو اور جس میں موجودہ فرقوں کے نئے نئے اعتراضات کے جوابات دیئے جائیں کیونکہ اردو تفاسیر عام طور پر بدمذہبوں کی ہیں لیکن بہت وجوہ سے اس کا موقعہ نہ ملتا تھا کہ رب تعالیٰ نے مجھے شہر گجرات علاقہ پنجاب میں بھیجا یہاں مجھے روزانہ تفسیر قرآن سنانے کی خدمت میسر ہوئی اس وقت یہ خیال بھی نہ تھا کہ یہ تفسیر کبھی کتابی شکل میں چھپے گی ہوا یہ کہ بعض احباب نے روزانہ تقریریں لکھنی شروع کر دی جب چند پارے ختم ہوئے تو عام مسلمانوں کا خیال ہوا کہ اس کو چھپوا دیا جائے یہ تو ممکن نہ تھا کہ وہی تفاسیر چھپائی جاتیں بلکہ ان پر نظر ثانی کر کے انہیں زوائد

marfat.com
Marfat.com

تکرار لت سے خالی کرنا" نئے فوائد بڑھانا ضروری تھا کیونکہ تحریر و تقریر میں فرق ہوتا ہے اور میں نے حسب ذیل کتب لکھیں۔ جاء الحق' شان حبیب الرحمان' سلطنت مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) اسلامی زندگی' دیوان سالک وغیرہ۔ امید سے زیادہ ان کی مقبولیت نے اور بھی میرا حوصلہ بڑھا دیا۔ لہٰذا اس طرف توجہ کی۔ توجہ تو کر دی۔ مگر اتنے بڑے کام کی ہمت نہ پڑتی تھی۔ بھلا کہاں مجھ جیسا بے ہنر انسان اور کہاں تفسیر قرآن۔ لیکن در حقیقت نہ تو وہ کتابیں میری قوت سے لکھی گئی اور نہ یہ کام میری قوت سے ہوگا۔ بلکہ رب تعالیٰ اور اس کے محبوب علیہ الصلوۃ والسلام جس سے چاہیں اپنا کام لے لیں۔ حق تعالیٰ کے بھروسہ پر یہ کام شروع کر دیا رب تعالیٰ میری زبان و قلم و کلام کو غلطی سے بچائے۔ حق باتیں ظاہر فرمائے اور خیر و خوبی سے اس کام کو انجام پر پہنچائے اور اسے قبول فرمائے اور مجھ فقیر بے نوا کے لئے صدقہ جاریہ اور توشہ ء آخرت بنائے۔ نیز اس مدرسہ غوثیہ گجرات کو دائم قائم رکھے۔ اور جن جن حضرات نے اس میں دامے' درمے قدمے' سخنے' قلمے کوشش کی انہیں جزائے خیر دے۔

آمین!

**خصوصیات :** اس تفسیر میں حسب ذیل خصوصیات ہیں۔

1۔ یہ تفسیر' تفسیر روح البیان' تفسیر کبیر' تفسیر عزیزی' تفسیر مدارک' تفسیر محی الدین ابن عربی کا گویا خلاصہ ہے۔ 2۔ اردو تفاسیر میں سب سے بہتر تفسیر خزائن العرفان مصنفہ حضرت مرشدی استاذی صدر الافاضل مولانا الحاج سید محمد نعیم الدین صاحب قبلہ مراد آبادی دام ظلہم ہے۔ اس کو مشعل راہ بنایا گیا گویا یہ تفسیر اس کی تفصیل ہے۔ 3۔ اردو ترجموں میں نہایت اعلیٰ اور بہتر اعلیٰ حضرت قدس سرہ کا ترجمہ کنز الایمان ہے۔ اسی پر تفسیر کی گئی۔ 4۔ ہر آیت کا پہلی آیت سے نہایت عمدہ تعلق اور ربط بیان کیا گیا۔ 5۔ آیات کا شان نزول نہایت وضاحت سے بتایا گیا اور اگر شان نزول چند مروی ہیں تو ان کی مطابقت کی گئی۔ 6۔ ہر آیت کی اولاً تفسیر اور پھر خلاصہ تفسیر اور پھر تفسیر صوفیانہ دلکش اور ایمان افروز طریقہ سے کی گئی۔ 7۔ ہر آیت کے ساتھ علمی فوائد اور فقہی مسائل بیان کئے گئے۔ 8۔ تقریباً" ہر آیت کے ماتحت آریہ' عیسائی وغیرہ دیگر ادیان اور دیوبندی' قادیانی' نیچری' چکڑالوی' وغیرہم کے اعتراضات' معہ جوابات بیان کئے گئے۔ ستیارتھ پرکاش چودھویں باب کے جوابات بھی دیئے گئے۔ لیکن یہ کتاب مجھے کچھ بعد میں ملی۔ اس لئے اس کی باقاعدہ تردید کچھ دور جا کر شروع ہوئی۔ اس تفسیر کے مطالعہ کے وقت قرآن پاک سامنے رکھا جائے اور جب آیت کی تفسیر دیکھنا ہو اس پر نظر رہے تو انشاء اللہ بہت لطف آئیگا۔ 9۔ بہت کوشش کی گئی ہے کہ زبان آسان ہو اور مشکل مسائل بھی آسانی سے سمجھا دیئے جائیں مگر پھر بھی مسائل علمی ہیں جیسے مسئلہ امکان کذب یا امکان نظیر یا مسئلہ عصمت انبیاء یا حضور علیہ السلام کے والدین کے ایمان کی بحث یا آیات و احادیث کی مطابقت اگر ان میں سے کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو چند بار مطالعہ کریں یا کسی سنی عالم سے حل کرلیں۔ 10۔ تفسیر کی تعریف اور تفسیر و تاویل و تحریف کا فرق اور مولوی اور صوفی کی تعریفیں اور ان میں عمدہ فرق اور ان دونوں جماعتوں کے ضرورت پارہ اول کے اخیر میں بیان کی گئیں وہاں ملاحظہ فرمائیں اور جو کوئی اس سے فائدہ اٹھائے وہ مجھ فقیر بے نوا کو دعائے خیر سے یاد کرے۔ اس کا تاریخی نام "اشرف التفاسیر" المعروف "تفسیر نعیمی" رکھتا ہوں۔ حق تعالیٰ اسے قبول فرمائے اور میرے لئے صدقہ جاریہ اور کفارہ سیئات بنائے۔

marfat.com
Marfat.com

وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ
وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ وَنُوْرِ عَرْشِهٖ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

احمد یار خاں نعیمی اشرفی اوجھانوی بدایونی

8 ماہ فاخر ربیع الاخر 1363ھ روز ایمان افروز طغیان سوز ــــ دو شنبہ مبارکہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انیس سال میں پہلی بار درس قرآن ختم ہوا۔ پھر دوبارہ شروع کیا گیا۔ دوران درس میں بہت سے تفسیری نکات فوائد' نئے اعتراضات وجوابات وغیرہ بیان ہوئے وہ تمام اس میں زیادہ کر دیئے گئے اب .بفضلہ تعالیٰ یہ تفسیر کچھ اور ہی چیز ہو گئی۔ وللہ الحمد علی ذلک

احمد یار خاں مہتمم مدرسہ غوثیہ نعیمیہ گجرات پاکستان
ومالک نعیمی کتب خانہ گجرات
25 شوال المکرم 1378 یوم دو شنبہ

marfat.com
Marfat.com

# مقدمہ

## اس میں چند فصلیں ہیں

**پہلی فصل۔ لفظ قرآن کے معنی اور اس کی وجہ تسمیہ :** لفظ قرآن یا تو قرء سے بنا ہے یا قراءۃ سے یا قرن سے (تفسیر کبیر پارہ 2) قرء کے معنی جمع ہونے کے ہیں۔ اب قرآن کو قرآن اس لئے کہتے ہیں کہ یہ بھی سارے اولین و آخرین کے علموں کا مجموعہ ہے (تفسیر کبیر' روح البیان پارہ 2) دین و دنیا کا کوئی ایسا علم نہیں جو قرآن میں نہ ہو اسی لئے حق تعالیٰ نے خود فرمایا کہ نزلنا علیک الکتب تبیانا لکل شئی نیز یہ سورتوں اور آیتوں کا مجموعہ ہے۔ نیز یہ تمام بکھروں کو جمع کرنے والا ہے دیکھو ہندی' سندھی' عربی' عجمی لوگ ان کے لباس' طعام' زبان طریق زندگی سب الگ الگ کوئی صورت نہ تھی کہ یہ اللہ تعالیٰ کے بکھرے ہوئے بندے جمع ہوتے۔ لیکن قرآن کریم نے ان سب کو جمع فرمایا اور ان کا نام رکھا مسلمان خود فرمایا سماکم المسلمین جیسے کہ شہد مختلف باغوں کے رنگ برنگ پھولوں کا رس ہے مگر اب ان سب رسوں کے مجموعہ کا نام شہد ہے۔ اسی طرح "مختلف ملکوں' مختلف زبانوں کے لوگ ہیں۔ مگر اب ان کا نام ہے مسلمان تو گویا یہ کتاب اللہ کے بندوں کو جمع فرمانے والی ہے اسی طرح زندوں اور مردوں میں بظاہر کوئی علاقہ باقی نہ رہا تھا لیکن اس قرآن عظیم نے ان کو بھی خوب جمع فرمایا کہ مردے مسلمان زندوں سے فیض لینے لگے کہ اسی قرآن سے ان پر ایصال ثواب وغیرہ کیا جاتا ہے اور زندے وفات شدہ لوگوں سے کہ وہ حضرات اسی قرآن کی برکت سے ولی قطب' غوث' بنے اور ان کا فیض بعد وفات جاری ہوا انشاء اللہ اس کی بحث وایاک نستعین میں آئے گی۔

اور اگر یہ قراءۃ سے بنا ہے تو اس کے معنی ہیں پڑھی ہوئی چیز۔ تو اب اس کو قرآن اس لئے کہتے ہیں کہ اور انبیائے کرام کو کتابیں یا صحیفے حق تعالیٰ کی طرف سے لکھے ہوئے عطا فرمائے گئے لیکن قرآن کریم پڑھا ہوا اترا۔ اس طرح کہ جبریل امین حاضر ہوتے اور پڑھ کر سنا جاتے اور یقیناً پڑھا ہوا نازل ہونا لکھے ہوئے نازل ہونے سے افضل ہے۔ جس کی بحث دوسری فصل میں آتی ہے نیز جس قدر قرآن کریم پڑھا گیا اور پڑھا جاتا ہے اس قدر کوئی دینی و دنیوی کتاب دنیا میں نہ پڑھی گئی۔ کیونکہ جو آدمی کوئی کتاب بناتا ہے۔ وہ تھوڑے سے لوگوں کے پاس پہنچتی ہے اور وہ بھی ایک آدھ دفعہ پڑھتے ہیں۔ اور پھر کچھ زمانہ بعد ختم ہو جاتی ہے۔ اسی طرح پہلی آسمانی کتابیں بھی خاص خاص جماعتوں کے پاس آئیں اور کچھ دنوں رہ کر پہلے تو بگڑیں پھر ختم ہو گئیں جس کا ذکر تیسری فصل میں انشاء اللہ آئے گا لیکن قرآن کریم کی شان ہے کہ سارے عالم کی طرف آیا اور ساری خدائی میں پہنچا سب نے پڑھا بار بار پڑھا اور دل نہ بھرا۔ اکیلے پڑھا' جماعتوں کے ساتھ پڑھا۔ اگر کبھی تراویح کی جماعت یا شبینہ دیکھنے کا اتفاق ہو تو معلوم ہو گا کہ اس عظمت کے ساتھ کوئی کتاب پڑھی ہی نہیں گئی۔ پر لطف بات یہ ہے کہ اس کو مسلمان نے بھی

marfat.com

Marfat.com

پڑھا اور کفار نے بھی پڑھا۔ لطیفہ۔ ایک بار رام چندر آریہ نے حضرت صدر الافاضل رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے عرض کیا کہ مجھے قرآن کریم کے چودہ پارے یاد ہیں بتائیے آپ کو میرا وید کتنا یاد ہے حضرت موصوف نے فرمایا۔ یہ تو میرے قرآن کا کمال ہے کہ دوست تو دوست دشمنوں کے سینوں میں بھی پہنچ گیا اور تیرے وید کی یہ کمزوری ہے کہ دوستوں کے دل میں بھی گھر نہ کر سکا۔ اور بقول تمہارے دنیا میں وید کو آئے ہوئے کروڑوں برس ہو چکے لیکن ہندوستان سے آگے نہ نکل سکا۔ مگر قرآن کریم چند صدیوں میں تمام عالم میں پہنچ گیا۔

اور اگر یہ قرن سے بنا ہے تو قرن کے معنی ہیں ملنا۔ اور ساتھ رہنا۔ اب اس کو قرآن اس لئے کہتے ہیں کہ حق او رہدایت اس کے ساتھ ہیں نیز اس کی سورتیں اور آیتیں ہر ایک بعض بعض کے ساتھ ہیں کوئی کسی کے مخالف نہیں نیز اس میں عقائد اور اعمال اور اعمال میں اخلاق' سیاسیات' عبادات' معاملات تمام ایک ساتھ جمع ہیں نیز یہ مسلمان کے ہر وقت ساتھ رہتا ہے دل کے ساتھ' خیال کے ساتھ' ظاہری اعضاء کے ساتھ اور باطنی عضووں کے ساتھ دل میں پہنچا۔ اس کو مسلمان بنایا ہاتھ پاؤں ناک کان وغیرہ کو حرام کاموں سے روک کر حلال میں مشغول کر دیا غرضیکہ سر سے لے کر پاؤں تک کے ہر عضو پر اپنا رنگ جما دیا۔ پھر زندگی میں ہر حالت میں ساتھ بچپن میں ساتھ جوانی میں ساتھ' بڑھاپے میں ساتھ۔ پھر ہر جگہ ساتھ رہا تخت پر ساتھ۔ تختے پر ساتھ گھر میں ساتھ' مسجد میں ساتھ' آبادی میں ساتھ' غرضیکہ ہر حال میں ساتھ پھر مرتے وقت ساتھ کہ پڑھتے اور سنتے ہوئے مرے قبر میں ساتھ کہ بعض صحابہ کرام کو ان کو وفات کے بعد قبر میں قرآن پاک پڑھتے ہوئے سنا گیا۔ اور حشر میں ساتھ کہ گناہ گار کو خدا سے بخشوائے پل صراط پر نور بن کر مسلمان کے آگے آگے چلے اور راستہ دکھائے اور بتائے اور جب مسلمان جنت میں پہنچے گا تو فرمایا جائیگا کہ پڑھتا جا اور چڑھتا جا غرضیکہ یہ مبارک چیز کبھی بھی ساتھ نہیں چھوڑتی اس کا دوسرا نام فرقان بھی ہے۔ یہ لفظ فرق سے بنا ہے اس کے معنی میں فرق کرنے والی چیز قرآن کو فرقان اس لئے کہتے ہیں کہ حق و باطل' جھوٹ اور سچ مومن اور کافر میں فرق فرمانے والا ہے قرآن بارش کی مثال ہے دیکھو کسان زمین کے مختلف حصوں میں مختلف بیج بو کر چھپا دیتا ہے کسی کو پتہ نہیں لگتا کہ کہاں کون سا بیج بویا ہوا ہے۔ مگر بارش ہوتے ہی جہاں جو بیج دفن تھا' وہاں وہی پودا نکل آتا ہے تو بارش زمین کے اندرونی تخم کو ظاہر کرتی ہے۔ اسی طرح رب تعالیٰ نے اپنے بندوں کے سینوں میں ہدایت' گمراہی' سعادت' شقاوت' کفر و ایمان کے مختلف تخم امانت رکھے نزول قرآن سے پہلے سب یکساں معلوم ہوتے تھے صدیق و ابوجہل' فاروق و ابولہب میں فرق نظر نہیں آتا تھا قرآن نے نازل ہو کر کھرا اور کھوٹا علیحدہ کر دیا صدیق کا ایمان زندیق کا کفر ظاہر فرمادیا لہذا اس کا نام فرقان ہوا یعنی ان میں فرق ظاہر فرمانے والا قرآن کریم کے کل 32 نام ہیں جن کی تفصیل انشاء اللہ شروع سورۃ بقرہ ذالک الکتاب میں بیان کی جائیگی۔

marfat.com
Marfat.com

**دوسری فصل نزول قرآن کریم میں** : نزول کے معنی ہیں اوپر سے نیچے اترنا اور کلام میں اترنا کلام میں نقل و حرکت نہیں ہو سکتی لہٰذا اس کے اترنے اور نقل و حرکت کی تین صورتیں ہو سکتی ہیں یا تو کسی چیز پر لکھا جائے اور اس چیز کو منتقل کیا جائے جیسے کہ ہم کوئی بات خط میں لکھ کر بھیج دیں تو وہ بذریعہ اس کاغذ کے منتقل ہوئی اس طرح پہلی کتابوں کا نزول ہوا تھا یا کسی آدمی سے کوئی بات کہلا کے بھیج دی جائے اس صورت میں حرکت کرنے والا وہ آدمی ہو گا اور وہ کلام اس کے ذریعے سے حرکت کریگا اور یا بغیر کسی واسطے کے سننے والے سے گفتگو کرلی جائے قرآن کریم کا نزول ان پچھلے دو طریقوں سے ہوا یعنی جبریل امین آتے تھے اور آکر سناتے تھے۔ یہ نزول بذریعہ قاصد ہوا اور قرآن کریم کی بعض آیتیں معراج میں بھی بغیر واسطہ جبریل امین عطا فرمائی گئیں جیسا کہ مشکوٰۃ شریف باب المعراج میں ہے کہ سورۃ بقرہ کی آخری آیتیں حضور علیہ السلام کو معراج میں عطا فرمائی گئی لہٰذا قرآن پاک کا نزول دوسری آسمانی کتابوں کے نزول سے زیادہ شاندار ہے کہ وہ لکھی ہوئی آئیں۔ یہ بولا ہوا آیا اور لکھنے اور بولنے میں بڑا فرق ہے۔ کیونکہ بولنے کی صورت میں بولنے کے طریقے سے اتنے معنی بن جاتے ہیں کہ جو لکھنے سے حاصل نہیں ہو سکتے۔ مثلاً ایک شخص نے ہم کو لکھ کر دیا کہ تم دہلی جاؤ گے ہم لکھی ہوئی عبارت سے ایک ہی مطلب حاصل کر سکتے ہیں۔ لیکن اس جملے کو اگر وہ بولے تو پانچ چھ طریقے سے بول کر اس میں وہ پانچ چھ معنی پیدا کر سکتا ہے ایسے لہجوں سے بول سکتا ہے کہ جس سے سوال، حکم، تعجب، تمسخر وغیرہ کے معنی پیدا ہو جائیں۔ مجھ سے ایک شخص نے کہا تھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تاروں کے بارے میں فرمایا ھذا ربی یہ میرا رب ہے اور یہ شرک ہے۔ انبیائے کرام شرک سے معصوم ہوتے ہیں پھر آپ نے یہ کیوں فرمایا۔ میں نے ان سے کہا کہ ہم کو یہ جملہ لکھا ہوا ملا۔ اس سے ہم ان کی مراد کے سمجھنے میں غلطی کر سکتے ہیں ممکن ہے کہ انہوں نے اس کو اس طرح بولا ہو کہ جس سے انکار یا سوال کے معنی پیدا ہو گئے ہوں تو حقیقت میں یہ کلام ان چیزوں کی ربوبیت کے انکار کے لئے ہو غرضیکہ بولنے اور لکھنے میں بڑا فرق ہے۔ (فائدہ) کوئی انسان قرآن کریم کو صاحب قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح نہیں جان سکتا اس کی چند وجہیں ہیں۔ ان میں سے ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہم نے قرآن کریم جبریل امین کی زبان سے نہ سنا۔ لہٰذا وا کرنے میں جو اسرار و نکات حاصل ہوئے ہوں گے ان تک ہمارا دماغ کیسے پہنچ سکتا ہے۔

قرآن کریم کا نزول چند طریقے سے اور چند بار ہوا ہے۔ اولاً لوح محفوظ سے پہلے آسمان کی طرف نزول ہوا کہ یکبارگی ماہ رمضان کی شب قدر میں ہوا۔ اس کے متعلق قرآن کریم فرماتا ہے۔

**قرآن پاک کا نزول کتنی بار ہوا** : **شھر رمضان الذی انزل فیہ القران** اور **انا انزلنہ فی لیلۃ القدر** پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر تقریباً تیئس سال کے عرصہ میں تھوڑا تھوڑا بقدر ضرورت آتا رہا۔ اور احادیث سے ثابت ہے کہ رمضان میں حضرت جبریل امین حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر سارا قرآن سنایا کرتے تھے اور بعض بعض آیتیں دو دو بار بھی نازل ہوئی ہیں جیسے سورۃ فاتحہ وغیرہ خلاصہ یہ ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن کا نزول کئی طریقے سے ہوا لیکن احکام اس نزول سے جاری فرمائے جاتے تھے جو بذریعہ جبریل امین تھوڑا تھوڑا آتا تھا ہماری اس تقریر سے ایک بڑا اعتراض بھی اٹھ گیا وہ یہ کہ حق تعالیٰ نے قرآن کریم کے بارے میں کہیں نزلنا فرمایا اور کہیں انزلنا اور نزلنا کا معنی ہے آہستہ آہستہ ہم نے اتارا انزلنا کا معنی ہے یکبارگی اتار دیا ان دونوں آیتوں کی مطابقت کیسے کی جائے جواب معلوم ہو گیا کہ چند بار نزول ہوا

marfat.com

Marfat.com

ہے۔ اور ان آیتوں نے الگ الگ نزولوں کو بیان فرمایا ہے نزول قرآن اور دیگر آسمانی کتب کے نزول میں تین طرح فرق ہے ایک یہ کہ وہ کتب لکھی ہوئی آئیں قرآن پڑھا ہوا یعنی وہ سب تحریری' قرآن تقریری۔ دوسرے یہ کہ وہ سب ان پیغمبروں کو خاص جگہ بلا کر دی گئیں مگر قرآنی آیات عرب کے گلی کوچوں بلکہ حضور کے بستر شریف میں آئیں تاکہ حجاز کا ہر ذرہ عظمت والا ہو جائے کہ وہ قرآن کا جائے نزول ہے۔ تیسرے یہ کہ وہ کتب یکبارگی اتریں قرآن کریم 23 سال میں تاکہ حضور سے ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی ہمکلامی رہے۔ اور مسلمانوں کو عمل آسان ہو کیونکہ یکدم سارے احکام پر عمل مشکل ہوتا ہے۔ دیکھو بنی اسرائیل ایک دم تورات ملنے سے گھبرا گئے اور بولے۔ سمعنا و عصینا

**قرآن کا نزول حضور علیہ السلام پر کیوں ہوا :** بندوں کے لئے ضروری ہے کہ حق تعالیٰ کے احکام کو مانیں لیکن یہ ماننا جب ہی ضروری و واجب کہ وہ احکام نبی کی پاک زبان سے ادا ہوں حق تعالیٰ تو بلا واسطہ کسی غیر نبی سے کلام نہیں فرماتا۔ اگر جبریل انسانی شکل بن آکر لوگوں کو احکام سنا جاتے تو بھی ان پر عمل کرنا ضروری نہ ہوتا اسی طرح کوئی غیر نبی خواب یا الہام یا غیبی آواز سے کسی حکم پر مطلع ہو جائے تو اس کا ماننا شرعاً لازم نہ ہو گا مشکوٰۃ شریف کے شروع میں ہے کہ ایکبار حضرت جبریل امین شکل انسانی میں سائل بن کر حضور پاک کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضور سے دریافت کیا کہ ایمان کیا ہے' اسلام کیا ہے احسان کیا ہے۔ حضور نے جواب دیئے جب وہ دریافت کر کے چلے گئے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ جبریل امین تھے اور تم کو تمہارا دینی باتیں سکھانے آئے تھے۔ دیکھو اس موقع پر حضرت جبریل امین نے خود ہی نہ کہہ دیا کہ اے صاحبو! میں جبریل ہوں اور تم کو فلاں فلاں بات کا حکم کرتا ہوں کیونکہ وہ جانتے تھے کہ میری اطاعت ان حضرات پر واجب نہ ہو گی۔ اس لئے حضور علیہ السلام کی زبان پاک سے وہ کلمات لوگوں کو سنوائے۔ الہاموں کا قیاس بھی حق تعالیٰ کے فرمان یا حضور کے ارشاد پر مبنی ہوتا ہے۔ ہمارے اس کلام سے نتیجہ یہ نکلا کہ ع

اصل اصول بندگی اس تاجور کی ہے!

کہ نبی کی ہی اطاعت درحقیقت حق تعالیٰ کی اطاعت ہے (فائدہ) پیغمبر کا خواب اور انکا الہام وغیرہ بھی وحی کی طرح قابل اطاعت ہوتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب میں دیکھا تھا کہ اپنے فرزند کو ذبح کر دو حالانکہ بے قصور آدمی کو قتل کرنا شریعت کے خلاف تھا لیکن آپ کے اس خواب نے اس حکم شرعی کو آپ کے حق میں منسوخ کر دیا آج اگر کوئی مسلمان یہ خواب دیکھے تو وہ محض اپنے خواب پر ایسے کام کی جرات نہیں کر سکتا کیونکہ یہ خلاف شریعت ہے نکتہ یہ بھی یاد رہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام نہ تو نبی ہیں نہ نبیوں کے استاد بلکہ رب تعالیٰ اور پیغمبروں کے درمیان پیغام پہنچانے والے قاصد ہیں اور انبیاء کرام کے خادم۔ نبی، حکومت الہیہ کے اختیارات والے حکام ہیں حضرت جبریل امین ایسے نہیں۔ بلاشبہ یوں سمجھو کہ ایک ضلع کا افسر ہے اور ایک محکمہ ڈاک کا قاصد۔ بادشاہ کے یہاں سے احکام ڈاک کے ذریعے سے حاکم کے پاس آتے ہیں تو ڈاک لانے والا حاکم نہیں حاکم وہی ہے۔ جس کے پاس یہ احکام آئے اور جو ان پر رعایا سے عمل کرائے گا۔

**قرآن اور حدیث کا فرق :** قرآن اور حدیث دونوں ہی وحی الٰہی ہیں۔ دونوں کی اطاعت ضروری ہے۔ فرق اتنا ہے کہ قرآن کریم کی عبارت خدا کی طرف سے ہے اور مضمون بھی۔ گویا جس طرح حضرت جبریل امین نے آکر سنایا اسی طرح بلا کسی

marfat.com
Marfat.com

فرق کے حضور علیہ السلام نے بیان فرمادیا حدیث میں یہ ہے کہ مضمون رب کی طرف سے ہوتا ہے اور الفاظ حضور علیہ السلام کے اپنے ہوتے ہیں اب اس مضمون کا رب کی طرف سے آنایا بطور الہام ہوتا ہے یا فرشتہ ہی عرض کرتا ہے لیکن اس کی ادا حضور علیہ السلام کے اپنے الفاظ سے ہوتی ہے اسی لئے اس کا ماننا اور اس پر عمل کرنا ضروری ہے لیکن اس کی تلاوت نماز میں بجائے قرآن شریف کے نہیں ہو سکتی کیونکہ عمل مضمون پر ہوتا ہے اور تلاوت الفاظ کی ہوتی ہے اور اسی وجہ سے قرآن پاک کے احکام حدیث سے منسوخ ہو سکتے ہیں ہم اس کی پوری بحث انشاء اللہ تعالیٰ ما ننسخ من ایتہ او ننسھا میں کریں گے دیکھو غیر اللہ کو سجدہ تعظیمی کرنا قرآن شریف سے ثابت ہے مگر حدیث نے اس کو منسوخ کیا وغیرہ وغیرہ اسی لئے قرآن پاک فرماتا ہے ویعلمھم الکتب والحکمتہ یعنی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کو قرآن شریف اور حکمت سکھاتے ہیں۔ اگر حدیث شریف ماننے کی ضرورت نہ ہوتی تو حکمت کا ذکر نہ فرمایا جاتا فقط کتاب کا ذکر ہی کافی تھا حدیث ماننے کا یہ مطلب نہیں کہ قرآن ناقص ہے قرآن پاک بالکل مکمل کتاب ہے لیکن اس مکمل میں سے مضامین حاصل کرنے کے لئے مکمل ہی انسان کی ضرورت تھی۔ اور وہ نبی ہیں صلی اللہ علیہ وسلم سمندر میں موتی ضرور ہیں لیکن ان کے حاصل کرنے کے لئے کسی غواص (غوطہ خور) کی ضرورت ہے اگر قرآن پاک سے مسائل ہر شخص نکال لیا کرتا تو اس کے سکھانے کے لئے پیغمبر کیوں بھیجے جاتے۔ اس کی پوری بحث انشاء اللہ آئندہ ہوگی اور جس طرح کہ قرآن شریف ہوتے ہوئے حدیث پاک کے ماننے کی ضرورت ہے اور حدیث کے ماننے سے قرآن کا ناقص ہونا لازم نہیں آتا اسی طرح حدیث و قرآن کے ہوتے ہوئے ہم جیسوں کو فقہ کے ماننے کی بھی ضرورت ہے اور فقہ ماننے سے یہ لازم نہیں آتا کہ قرآن و حدیث ناقص ہوں۔ اسی لئے قرآن کریم نے عام حکم فرمایا کہ اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم یعنی اطاعت کرو اللہ کی اور اللہ کے رسول علیہ السلام کی اور اپنے میں امر والوں (علماء مجتہدین) کی یہ بھی خیال رہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر قول و فعل جو منقول ہو جائے وہ حدیث ہے خواہ ہمارے لئے لائق عمل ہو یا نہیں مگر سنت صرف ان اقوال و اعمال کو کہا جاتا ہے جو ہمارے لئے لائق عمل ہوں۔ اسی لئے حضور نے فرمایا علیکم بسنتی تم پر میری سنت لازم ہے یہ نہ فرمایا علیکم بحدیثی۔ لہٰذا دنیا میں کوئی شخص اہل حدیث نہیں ہو سکتا کیونکہ تمام حدیثوں پر عمل ناممکن ہاں اہل سنت ہو سکتا ہے یعنی تمام سنتوں پر عمل۔

**تیسری فصل۔ قرآن پاک کی ترتیب اور اس کا جمع ہونا**: پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ قرآن پاک لوح محفوظ میں لکھا ہوا تھا قرآن کریم فرماتا ہے "قرآن مجید فی لوح محفوظ" پھر وہاں سے پہلے آسمان پر لایا گیا پھر وہاں تیئس سال میں آہستہ آہستہ حضور علیہ السلام پر نازل ہوتا رہا مگر یہ نازل ہونا اس لکھے ہوئے کی ترتیب کے موافق نہ تھا کیونکہ یہ نزول بندوں کی ضرورت کے مطابق ہوتا تھا جس آیت کی ضرورت ہوئی وہی آگئی مثلاً اگر اول ہی سے شراب کے حرام ہونے کی آیتیں اتر آتیں تو یقیناً عرب کے نئے مسلمانوں کو دشواری واقع ہوتی کیونکہ وہاں عام طور پر شراب پی جاتی تھی اسی طرح سارے احکام کو سمجھ لو لیکن چونکہ حضور علیہ السلام کی نگاہ پاک لوح محفوظ وغیرہ پر تھی اس لئے آپ ہر آیت کے نزول کے وقت اس کو ترتیب سے جمع کرا دیتے تھے اس طرح کہ جو حضرات کاتب وحی مقرر تھے ان کو فرمادیتے تھے کہ یہ آیت فلاں سورت میں فلاں آیت کے بعد رکھو اور یہ ترتیب لوح محفوظ کی ترتیب کے موافق تھی اور طریقہ اس وقت یہ تھا کہ حضرت زید بن ثابت و دیگر بعض صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم

marfat.com

Marfat.com

اجمعین اس خدمت کو انجام دینے کے لئے مقرر تھے۔

جس وقت جو آیت اترتی حضور علیہ السلام کے حکم کے مطابق اونٹ کی ہڈیوں پر کھجور کے پٹھوں پر اور مختلف کاغذوں پر لکھ لیتے تھے۔ اور یہ چیزیں متفرق طور پر لوگوں کے پاس رہیں لیکن ان حضرات کو زیادہ اعتماد حفظ پر تھا یعنی عام صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پورے قرآن کے حافظ تھے جیساکہ آج حافظ ہیں بلکہ اس سے زیادہ تو یوں سمجھو کہ قرآن پاک کی ترتیب خود حضور علیہ السلام نے دیدی تھی لیکن ایک جگہ کتابی شکل میں جمع نہ فرمایا تھا۔ اس کی تین وجہیں تھیں۔ ایک تو یہ کہ چونکہ صدہا حافظ اس کو اسی ترتیب سے یاد کر چکے تھے جو آج تک چلی آرہی ہے اور نماز میں پڑھنا فرض تھا۔ اور نماز کے علاوہ بھی صحابہ کرام برکت کے لئے اس کو اکثر اوقات پڑھتے ہی رہتے تھے اس لئے اس کے ضائع ہونے کا کچھ اندیشہ نہ تھا اور دوسرے یہ کہ جہاد اور دیگر ضروریات کی وجہ سے اتنا موقعہ نہ مل سکا کہ اس کو ایک جگہ جمع کیا جاتا اور تیسرے یہ کہ جب تک کہ پورا قرآن پاک نہ آجاتا اس کو جمع کرنا غیر ممکن تھا کیونکہ ہر سورت کی کچھ آیات اتر چکی تھیں کچھ اترنے والی ہوتی تھیں حضور کی وفات سے کچھ روز پہلے نزول قرآن کی تکمیل ہوئی غرضیکہ حضور علیہ السلام کی زندگی پاک میں قرآن کریم کتابی شکل میں ایک جگہ جمع نہ ہو سکا البتہ مرتب ہو گیا اللہ کی شان کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے زمانے میں یعنی حضور علیہ السلام کی وفات ہی کے سال ملک یمامہ کے جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب اور اس کے ساتھیوں سے صحابہ کرام کو سخت جنگ کرنی پڑی اور اس جنگ میں تقریباً سات سو حافظ قرآن بھی شہید ہو گئے تب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بارگاہ صدیقی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ اگر اسطرح حافظ اور قراء شہید ہوتے رہے تو بہت جلد قرآن پاک ضائع ہو جائے گا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جمع فرمایا جنہوں نے حضور علیہ السلام کے زمانہ پاک میں وحی لکھنے کی خدمت انجام دی تھی اور اس کا مہتمم حضرت زید ابن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قرار دیا کہ تم تمام جگہ سے قرآن پاک کی آیات جمع کرکے کتابی شکل میں تیار کرو زید ابن ثابت رضی اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ کام اچھا ہے (نوٹ) اس سے بدعت حسنہ کا ثبوت ہوا حضرت زید ابن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نہایت محنت اور جانفشانی سے ان تمام آیتوں کو یکجا جمع کیا جو کہ لوگوں کے سینوں اور کھجور کے پٹھوں اور ہڈیوں میں لکھی ہوئی تھیں اور ترتیب وہی رہی جو حضور علیہ السلام نے فرمائی تھی۔ یہ قرآن کا نسخہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حیات میں ان کے پاس رہا پھر حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس رہا پھر ان کے بعد فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیٹی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک بیوی حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس محفوظ رہا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے زمانہ میں حذیفہ ابن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو کہ آرمینیہ اور آذربائیجان کے کفار سے جنگ فرما رہے تھے وہاں کی مہم سے فارغ ہو کر حاضر دربار ہوئے اور عرض کیا کہ "اے امیر المومنین لوگوں میں قرآن پاک کے متعلق اختلاف شروع ہو گئے ہیں اگر یہ اختلاف بڑھتے رہے تو مسلمانوں کا حال یہود و نصاریٰ کی طرح ہو جائے گا لہٰذا اس کا جلد کوئی انتظام کیجئے وجہ اختلاف یہ تھی کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کے نسخوں میں حضور علیہ السلام کے وہ الفاظ بھی لکھے تھے جو آپ نے بطور تفسیر ارشاد فرمائے تھے اور وہ حضرات اس کو قرآن ہی کا جزو سمجھ گئے تھے حالانکہ وہ الفاظ قرآن نہ تھے جیسے کہ مصحف ابن مسعود رضی اللہ عنہ وغیرہ نیز ایک نسخہ تمام ملک کے مسلمانوں کے لئے اب کافی نہ تھا نیز حافظ صحابہ کرام کو جو لقمہ قرآن مجید میں لگتا تھا اس

marfat.com
Marfat.com

کے نکالنے میں بہت دشواری ہوتی تھی۔ ان وجوہ کی بنا پر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ نے پھر زید ابن ثابت رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا اور ان کی مدد کے لئے عبداللہ ابن زبیر اور سعید ابن عاص اور عبداللہ ابن حارث ابن ہشام کو مقرر کیا۔ ان حضرات نے حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس سے پہلے جمع کئے ہوئے قرآن کو منگایا اور پھر اس کا مقابلہ حفاظ کے حفظ قرآن سے نہایت تحقیق سے کرکے چھ یا سات نسخے نقل کئے اور یہ نسخے عراق' شام' مصر وغیرہ اسلامی ممالک میں بھیج دیئے اور اصل نسخہ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو واپس کر دیا اور جن صحابہ کرام کے تفسیر سے ملے ہوئے قرآن کے نسخے تھے اور وہ اس کو قرآن پاک ہی سمجھ بیٹھے تھے ان کو منگوا کر جلوا دیا گیا کیونکہ ان نسخوں کا باقی رہنا آئندہ بڑے فتنوں کا دروازہ کھول دیتا کہ آئندہ لوگ اس کو قرآن پاک ہی سمجھ بیٹھتے۔ الحمد للہ اب تک قرآن پاک اسی طرح بلا کم و کاست مسلمانوں میں چلا آ رہا ہے ناظرین ہماری اس تقریر سے سمجھ گئے ہوں گے کہ قرآن پاک کی ترتیب نزول قرآن کے مطابق ہو سکتی ہی نہیں تھی کیونکہ موجودہ ترتیب لوح محفوظ کی ترتیب کے مطابق ہے اور قرآن پاک کا نزول ضرورت کے مطابق ہوا اور یہ بھی سمجھ گئے ہوں گے کہ قرآن پاک کو ترتیب دینے والے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں لیکن اس کو کتابی شکل میں ترتیب دینے والے اولاً صدیق اکبر اور دوسرے عثمان غنی ہیں رضی اللہ عنہم اجمعین اس لئے آپ کا لقب ہے عثمان جامع قرآن۔ نکتہ:۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر جب کہ صحابہ کرام نے حضور علیہ السلام کے ہاتھ پر بیعت کی جس بیعت کا نام بیعت الرضوان ہے اس میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجود نہ تھے کیونکہ ان کو حضور کی طرف سے مکہ معظمہ بھیجا گیا تھا تو حضور علیہ السلام نے اپنے بائیں ہاتھ کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ یہ عثمان کا ہاتھ ہے اور خود ان کی طرف سے بیعت فرمائی۔ ع

خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گل کوزہ!

تو حضور علیہ السلام کا ہاتھ گویا عثمان غنی کا ہاتھ ہوا اور حق تعالیٰ نے حضور علیہ السلام کے ہاتھ کو اپنا ہاتھ فرمایا ید اللہ فوق ایدیھم تو گویا اس واسطے سے عثمان غنی کا ہاتھ اللہ کا ہاتھ ہے اور قرآن کریم اللہ کا کلام۔ تو یوں کلام اللہ' ید اللہ نے جمع فرمایا۔ اس لئے عثمان غنی کو جمع قرآن کے لئے منتخب فرمایا گیا۔ (نوٹ ضروری) قرآن پاک کی تقسیم اس زمانہ پاک میں دو طریقے سے ہو چکی تھی۔ ایک سورتوں سے' دوسری منزلوں سے یعنی قرآن پاک کی سات منزلیں کی گئیں تھیں کہ تلاوت کرنے والا ایک حمل روزانہ کے حساب سے ختم کر سکے سات دن میں۔ ان منزلوں کی فمی بشوق میں جمع کیا گیا ہے یعنی پہلی منزل سورۃ فاتحہ سے شروع ہوتی ہے دوسری مائدہ سے تیسری سورۃ یونس سے چوتھی سورۃ بنی اسرائیل سے۔ پانچویں سورۃ شعراء سے چھٹی سورۃ والصفت سے اور ساتویں سورۃ ق سے پھر اس کے بعد قرآن پاک کے تیس حصے برابر کئے گئے جس کا نام رکھا گیا تیس سیپارے تا کہ تلاوت کرنے والا ایک سیپارہ روز کے حساب سے ایک مہینہ میں قرآن پاک ختم کر سکے پھر قرآن میں زیر و زبر نہ ہونے کی وجہ سے اس کی تلاوت کرنے میں سخت دشواری محسوس ہوتی تھی کیونکہ غیر عربی لوگ تو پڑھ ہی نہ سکتے تھے اور عربی حضرات بھی بعض بعض موقعوں پر دشواری محسوس کرتے تھے لہٰذا اس میں زیر و زبر لگائے گئے اور نون قطنی وغیرہ ظاہر کئے گئے مشہور یہ ہے کہ یہ کام حجاج بن یوسف نے کیا۔ اسی حجاج ابن یوسف نے سورتوں کے نام قرآن میں لکھے۔ اس سے پہلے یہ نام قرآن میں نہ لکھے تھے (تفسیر خزائن العرفان) پھر اس ضمن میں تفسیر روح البیان آخر سورۃ حجرات میں ہے کہ مصحف عثمانی میں نہ نقطے تھے نہ

marfat.com
Marfat.com

اعراب نہ رکوع نہ سیپارے نقطے لگانیوالے اعراب لگانے والے ابو اسود دئلی تابعی ہیں جنہوں نے حجاج ابن یوسف کے حکم سے یہ کام کیا۔ پھر خلیل ابن احمد فراعیدی نے مد اور وقف وغیرہ کی علامات قرآن میں لگائیں اور معرب ابن قحطان نے قرآن کو عربی خط یعنی نسخ میں لکھا بعض لوگوں نے کہا ہے کہ قرآن کے تیس پارے ہیں اور اس میں نصف، ربع، ثلث کے نشانات مامون عباسی کے زمانے میں لگائے گئے رکوع بنائے گئے یعنی حضرت عثمان غنی رمضان شریف کی تراویح کی نماز میں جس قدر قرآن پاک پڑھ کر رکوع فرماتے تھے۔ اتنے حصے کو رکوع قرار دیا گیا اس لئے اس کے نشان پر قرآن مجید کے حاشیے پر ع لگا دیتے ہیں بعض کہتے ہیں یہ عمرو کے نام کا عین ہے بعض کہتے ہیں کہ عثمان کا نام کا عین لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ لفظ رکوع کا عین ہے تو حقیقت میں یہ تمام کام تلاوت کرنے والے کی آسانی کے لئے کئے گئے۔ لطیفہ:۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تراویح بیس رکعت ہونی چاہئے نہ کہ آٹھ رکعت اس لئے کہ حضرت عثمان روزانہ بیس رکعت تراویح پڑھتے تھے اور ہر رکعت میں قرآن پاک کا ایک رکوع پڑھتے اور ستائیسویں رمضان المبارک ختم قرآن پاک فرماتے اس حساب سے کل پانچ سو چالیس رکوع بنتے ہیں اور کل رکوع قرآن پاک کے پانچ سو چھپن ہیں چونکہ بعض سورتیں بہت چھوٹی ہیں اس لئے بعض رکعتوں میں دو سورتیں پڑھ لی جاتی ہیں اگر تراویح آٹھ رکعت ہوتی جیسے وہابی کہتے ہیں تو قرآن پاک کے رکوع کے دو سو سولہ ہونے چاہئے تھے اس کی مزید تحقیق کے لئے ہماری کتاب لمعات المصابیح علی الرکعات التراویح دیکھو۔ سورتوں کی ترتیب کے بارے میں اختلاف ہے بعض فرماتے ہیں کہ ان کو بھی آیتوں کی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی ترتیب دیا تھا اور بعض فرماتے ہیں کہ نہیں بلکہ صحابہ کرام کے اجتہاد سے یہ ترتیب ہوئی لیکن تفسیر عزیزی نے یہ فیصلہ فرمایا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی سورتوں کی ترتیب اشارۃً خود ہی فرمادی تھی جیسے کہ سات طویل سورتیں اور حم والی اور مفصل کی سورتیں ان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازوں یا اپنے ظیفوں میں ترتیب وار پڑھ کر بتلا دیا تھا اور بعض سورتوں کی ترتیب حضور کے بعد صحابہ کرام اجتہاد سے مضامین کی مناسبت سے واقع ہوئی جیسے کہ کسی بڑے شاعر کے کلام کو ہم ترتیب دیں تو اس کو ردیف کے حرفوں کے مطابق اس طرح ترتیب دیتے ہیں کہ بڑی بڑی غزلیں اور قصیدے پہلے اور مثنوی اس کے بعد اور قطعے اور رباعیاں اس کے بعد تو ترتیب میں کلام کی موزونیت کا لحاظ رکھا جاتا ہے نہ کہ اس نے یہ کلام کب کہا اسی لئے مدنی بڑی بڑی سورتیں قرآن پاک میں اول ہیں اور مکی سورتیں بعد میں۔

**چوتھی فصل، قرآن پاک کی حفاظت** : قرآن پاک سے پہلی کتابیں مثلاً تورات، انجیل و زبور وغیرہ ایک خاص وقت تک کے لئے اور خاص خاص قوموں کے لئے دنیا میں بھیجی گئیں اس لئے حق تعالیٰ نے ان کی حفاظت کا ذمہ خود نہ لیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان پیغمبران عظام کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد وہ کتابیں بھی قریب قریب ختم ہو گئیں لیکن یہ قرآن کریم سارے جہاں کے لئے آیا اور ہمیشہ کے لئے آیا اس لئے رب تعالیٰ نے خود اس کو حفاظت کا وعدہ فرمایا تھا چنانچہ ارشاد فرمایا **نحن نزلنا الذکر و انا له لحفظون** ہم نے ذکر (قرآن) اتارا ہے اور ہم اس کے محافظ ہیں اور سبحان اللہ! ایسی اس کی حفاظت ہوئی کہ کوئی شخص اس میں زیر اور زبر کا فرق نہ کر سکا۔ اس کی حفاظت کا ذریعہ یہ ہوا کہ قرآن کریم فقط کاغذ پر ہی نہ رہا بلکہ مسلمانوں کے سینوں میں محفوظ کیا گیا صحابہ کرام کے زمانہ کی حالت تو ہم سنی سنائی بیان کر سکتے ہیں لیکن اس زمانے میں تو مشاہدہ ہو رہا ہے کہ اگر کسی چھوٹے سے گاؤں میں بھی کسی مجمع کے سامنے کوئی تلاوت کرنے والا ایک زبر زیر کی غلطی کر دے تو ہر چہار طرف سے

marfat.com
Marfat.com

تو آوازیں آتی ہیں آپ نے غلط پڑھا اس طرح پڑھو۔ اور ہر زمانے ہر جگہ ایک دو نہیں بلکہ صدہا حافظ پیدا ہوتے رہے اس کی مثال یوں سمجھو کہ جب بچہ سکول میں قدم رکھتا ہے تو چونکہ اسے ابھی کتاب سنبھالنے کی لیاقت نہیں ہوتی لہٰذا اس کے استاد چھوٹے چھوٹے قاعدے اور کتابیں اس کو خرید کر دیتے ہیں وہ بچہ کتابیں پڑھتا بھی جاتا ہے اور ضائع بھی کرتا جاتا ہے جب کسی قدر ہوش سنبھالتا ہے تو اب کتابیں پھاڑتا تو نہیں لیکن ان پر لکھ لکھ کر خراب کرتا رہتا ہے پھر جب خوب سمجھدار ہو جاتا ہے اور کتاب کی قدرو قیمت پہچانتا ہے تو اب کتاب کو جان سے بھی زیادہ عزیز سمجھتا ہے اسی طرح دنیا سب سے پہلے خدائی کتابوں اور صحیفوں کو سنبھال نہ سکی تو ان کو برباد کر ڈالا پھر تورات و انجیل کو بالکل تو نہ مٹایا مگر اپنی طرف سے بہت کچھ اس میں غلط ملط کر دیا دنیا کے اخیر دور میں قرآن کریم تشریف لایا اور قدرت نے اس کو سنبھالنے کا طریقہ سکھایا تورات و انجیل کسی زمانے میں بگڑی بگڑائی پائی جاتی ہوں گی لیکن اب تو صفحہ ہستی سے قریباً" بالکل ناپید ہو گئیں یہ جو پیسے پیسے کی یوحنا اور متی رسول کی انجیلیں فروخت ہو رہی ہیں یہ وہ انجیل نہیں جو آسمان سے آئی تھی بلکہ اس کے ترجمے ہوں گے کیونکہ وہ عبرانی زبان میں تھیں اور یہ ترجمے مختلف زبانوں میں ہیں جب وہ اصل کتاب ہمارے سامنے ہی نہیں تو ہم کیسے معلوم کریں کہ یہ ترجمے اس کے صحیح ہیں یا نہیں بخلاف قرآن کریم کے کہ وہی قرآن اسی زبان میں بعینہٖ موجود ہے۔ جو صاحب قرآن علیہ السلام پر اترا علاوہ کتابیں تو کیا باقی رہتیں' زبان عبرانی جس میں وہ کتابیں آئیں تھیں وہی دنیا سے غائب ہو گئی۔ بلکہ مصر اور شام وغیرہ ممالک جہاں عبرانی زبان بولی جاتی تھی وہاں عربی زبان نے اپنا سکہ جما لیا اور اس قرآن پاک کی بدولت ہر ملک میں عربی زبان کا دور دورہ ہو گیا چنانچہ الحمد للہ ہندوستان میں بھی لاکھوں کی تعداد میں عربی دان موجود ہیں لیکن عبرانی جاننے والا ایک بھی نہیں ہے حتی کہ مشن اسکولوں میں انجیل تو پڑھائی جاتی ہے مگر افسوس کہ عبرانی اور سریانی زبانیں وہاں بھی غائب ہیں یہ سب قرآن پاک اور صاحب لولاک کی برکت ہے صلی اللہ علیہ وسلم حیرت یہ ہے کہ قرآن پاک کے الفاظ محفوظ' اس کے پڑھنے کے طریقے یعنی قرات (تجوید) محفوظ کہ س' ص' ت' ط' ک' ق' ذ' ض' ظ' مد' شد وغیرہ کس طرح ادا کئے جائیں طریقہ تحریر بھی محفوظ ہے یعنی جس طرح کہ صاحب قرآن صلی اللہ علیہ وسلم سے تحریر منقول ہے اس کے خلاف قرآن پاک نہیں لکھ سکتے بسم اللہ کا سین لمبا اور میم گول لکھا جاتا ہے کہ کسی قرآن پاک میں سین چھوٹا کر کے نہ لکھا جائے بئس الاسم الفسوق لکھنے میں لاالاسم آتا ہے جیسا کلمات نحوی میں الاسم آتا ہے علماء فرماتے ہیں کہ قرآن پاک کو عربی خط میں لکھا جائے' اردو خط یا نستعلیق میں نہ لکھا جائے' بعض بعض کلمات نحوی قاعدے کے خلاف معلوم ہوتے ہیں لیکن وہ پڑھے ویسے ہی جاتے ہیں جیسے کہ ثابت ہو چکے۔ مثلاً علیہ اللہ ما انسانیہ لنسفعا وغیرہ ان چیزوں کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ سبحان اللہ! قرآن پاک ایسا محفوظ ہے کہ اس کے صفات تک محفوظ اگر کوئی مصنف ان باتوں کو بنظر انصاف دیکھے تو قرآن پاک کے قبول کرنے میں تامل نہ کرے ان خوبیوں کو دیکھ کر بعض پادریوں کے منہ میں پانی بھر آیا اولاً تو اس کوشش میں رہے کہ انجیل شریف کو محفوظ کتاب ثابت کر سکیں مگر نہ کر سکے بلکہ بہت سے محققین عیسائیوں نے مان لیا کہ انجیل شریف میں لفظی اور معنوی بیشمار تحریفیں ہوئیں اور مان لیا کہ انجیل کی بہت سی آیتیں اور بہت سے باب الحاقی ہیں دیکھو مسٹر ہارن اور ہنری اور اسکاٹ صاحب کی تفاسیر اور دیکھو مباحثہ دینی مطبوعہ اکبر آباد مصنفہ پادری فنڈر وغیرہ بعض عیسائی پادریوں نے یہ کوشش کی کہ قرآن پاک کو محرف ثابت کریں۔ چنانچہ عبد المسیح اور ماسٹر رام چند اور پادری عماد

marfat.com
Marfat.com

الدین نے اس بارے میں رسالے لکھ ڈالے یہ لوگ جس قدر اعتراض کر سکتے ہیں ہم ان کو علیحدہ علیحدہ سوال جواب کی شکل میں بیان کرتے ہیں تاکہ مسلمان ان سے واقف ہوں۔ (1) سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب قرآن کا نسخہ تیار کیا تو پچھلے نسخوں کو جلوا دیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قرآن وہ نہیں ہے جو آسمان سے آیا تھا بلکہ وہ جلایا جا چکا۔ جواب: اس کا جواب دوسری فصل میں نہایت تفصیل سے گزر چکا کہ ان نسخوں کو جلوانا اختلاف کو مٹانے کے لئے تھا کیونکہ ان میں قرآن اور تفسیری عبارات مخلوط تھیں۔ آیات کو لے لیا گیا اگر وہ نسخے باقی رہتے تو آئندہ بڑا اختلاف پیدا ہو جاتا اس تفصیل کو پڑھنے کے بعد معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ اعتراض محض لغو ہے اور دھوکہ دینے کے لئے ہے۔ (2) سوال: تفسیر اتقان اور بخاری شریف جلد دوم باب جمع قرآن میں ہے کہ حضرت زید ابن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے لقد جاء کم رسول والی آیت تمام جگہ تلاش کی مگر کہیں نہ ملی بجز ابو خزیمہ انصاری کے کہ ان کے پاس یہ لکھی ہوئی موجود تھی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اور آیتیں بھی اس طرح گم ہو گئی ہوں گی نیز حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ ایک آیت لکھی ہوئی ہمارے پاس موجود تھی جسے بکری کھا گئی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اور آیتیں بھی اس طرح برباد ہو گئی ہوں گی۔ جواب: اگر ایسی ایسی دو چار سو روایتیں بھی جمع کر لی جائیں اور وہ روایتیں قابل قبول بھی ہوں اور کوئی بکری پورا قرآن بھی کھا گئی ہو تب بھی اصل قرآن کا ایک لفظ بھی ضائع نہیں ہو سکتا یہ تو جب ہوتا جب قرآن پاک کا دارو مدار تورات و انجیل کے طرح فقط دو چار نسخوں پر ہوتا یہ تو مسلمانوں کے سینوں میں موجود تھا کاغذ کو بکری اور گائے بھینس کھا سکتی ہے حافظ کے سینے کو تو قبر کی مٹی بھی نہیں کھاتی اسے کون کھائے گا جناب وہ صحابہ کرام کا زمانہ تھا اگر آج بھی دنیا سے قرآن پاک کے سارے نسخے ناپید کر دیئے جائیں تو ہندوستان کے کسی معمولی گاؤں کا ایک چھوٹا حافظ بچہ بھی قرآن پاک بعینہ لکھوا سکتا ہے۔ (3) سوال: مسلمان خود مانتے ہیں کہ قرآن پاک کی بہت سی آیتیں منسوخ ہیں کہ سورۃ یاسین سورۃ بقرہ کے برابر تھی لیکن نسخ وغیرہ ہو کر کٹ کٹا کر اتنی باقی رہی معلوم ہوا کہ یہ قرآن بعینہ وہ نہیں ہے کہ جو آسمان سے آیا تھا بلکہ اس میں سے بہت سی تبدیلی ہو چکی ہے۔ جواب: تحریف کے معنی یہ ہیں کہ کتاب والے کی غیر موجودگی میں اس کی بغیر مرضی اس کی کتاب میں کمی یا زیادتی کر دی جائے لیکن اگر صاحب کتاب ہی اپنی مرضی سے اپنی کتاب میں کچھ کمی بیشی کرے تو اس کو کوئی بیوقوف بھی تحریف نہ کہے گا ایک طبیب نسخہ لکھتا ہے بیمار اپنی طرف سے اس میں دوائیں گھٹا تا بڑھاتا ہے تو وہ مریض یقیناً مجرم ہے لیکن اگر طبیب ہی مریض کے حالت میں تبدیلی کی بناء پر اپنے نسخے میں کچھ تبدیلی کرتا ہے تو یہ طبیب کی قابلیت اور نسخے کے کمل ہونے کی دلیل ہے نہ کہ نسخے کی تحریف یہی قرآن پاک میں ہوا کہ بعض سورتوں میں حالات کے موافق خود قرآن بھیجنے والے خدا کی طرف سے ہی احکام بدلے گئے نسخ کی پوری تحقیق ہم انشاء اللہ اس آیت کے ماتحت لکھیں گے کہ ما ننسخ من ایتہ انتظار کریں۔ (4) سوال: مسلمانوں کی بعض جماعتیں (جیسے کہ شیعہ) کہتی ہیں کہ قرآن میں سے دس پارے کم کر دیئے گئے اور اس قرآن میں سورہ حسنین سورۂ علی اور سورۂ فاطمہ بھی تھیں پتہ نہیں لگتا کہ وہ کہاں گئیں پھر آپ کس منہ سے کہتے ہیں کہ قرآن پاک محفوظ ہے جواب: کسی بے وقوف شیعہ نے گپ ہانکی ہوگی محققین شیعہ تو بڑے شدو مد کے ساتھ اس سے اپنی برات ثابت کرتے ہیں مثلاً ملا صادق، شرح کلینی میں، محمد ابن حسن آملی، شیخ صدوق ابو جعفر محمد بن علی بابویہ وغیرہ۔ اور کیوں ثابت نہ کریں اس لئے کہ

marfat.com
Marfat.com

اس عقیدے سے تو اہل بیت عظام کے اسلام کی ہی خیر نہ رہے گی کیونکہ پھر یہ سوال پیدا ہو گا کہ اہل بیت اطہار رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے اس محرف قرآن کو اپنی نمازوں میں کیوں پڑھا اور اس سے احکام کیوں جاری فرمائے اور قرآن پاک کو تحریف ہوتا ہوا دیکھ کر خاموشی کیوں اختیار کی کیوں نہ سرکف ہو کر میدان میں نکلے اور قرآن پاک کی حفاظت فرمائی اگر وہ اس کام کو کرتے تو تمام مسلمان ان کی امداد کرتے اگر نہ بھی کرتے تو خدا تو امداد کرتا اور خدا بھی امداد نہ کرتا اور جان جاتی تو شہید ہوتے جب مسئلہ خلافت کے لئے امیر معاویہ اور عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے جنگ ہو سکتی تھی تو حفاظت قرآن کے خلفائے ثلاثہ سے بھی جنگ ہو سکتی تھی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور اگر کچھ بھی نہ ہوتا تو حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زمانہ خلافت سب کے بعد تھا اس زمانہ میں خلفائے ثلاثہ پردہ فرما چکے تھے کسی کا خوف نہ تھا تو اصلاح فرمانی ضروری تھی شہید کربلا 'سید الشہداء امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ جہاں یزید کی بیعت کا مقابلہ میں جان دے سکتے تھے 'وہی شہباز اسلام پروانہ شمع رسالت رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس مسئلہ 'حفاظت قرآن پر بھی اپنی جان دے سکتے تھے ان تمام حضرات کا بلا اعتراض قرآن پاک کو قبول فرمالینا اس کی صحت کی کھلی ہوئی دلیل ہے کون ایسا بے وقوف شیعہ ہو گا کہ جو کہ اپنے ائمہ دین پر اس قدر اعتراض گوارا کر کے قرآن پاک کی تحریف کا قائل ہو گا اس کی زیادہ تحقیق منظور ہو تو تفسیر فتح المنان کا مطالعہ کریں باقی اور رواہیات اعتراض جو کئے جاتے ہیں مثلاً **ایاک نعبد و ایاک نستعین** پر یا قرآن پاک میں انبیاء کرام کے قصوں کے بار بار آنے پر چونکہ ان کا تعلق حفاظت قرآن سے نہیں اس لئے ہم ان کو یہاں بیان نہیں کرتے بلکہ اس آیت کے ماتحت بیان کریں گے **وان کنتم فی ریب مما نزلنا** ناظرین اس کا انتظار کریں۔

تتمہ بحث:- قرآن پاک کا طریقہ تحریر بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے چنانچہ خرپوتی شریف قصیدہ بردہ میں کتب معتبرہ سے نقل کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جو کاتب وحی تھے قلم کا ہاتھ میں لینا دوات کا موقعہ پر رکھنا ب کو سیدھا کرنا سین کو متفرق کر کے لکھنا میم کو ٹیڑھا نہ کرنا وغیرہ سکھاتے تھے اس لئے قرآن پاک کی تحریر اور اس کی تلاوت ہر ایک میں سنت کا اتباع لازم ہے۔

پانچویں فصل 'قرآن پاک کے فضائل و فوائد : انسان میں کیا طاقت ہے جو رب کے کلام کے فضائل اور اس کے فوائد کو پورے طور پر بیان کر سکے مسلمانوں کی واقفیت کے لئے چند باتیں اس کے فضائل کے متعلق اور چند فائدے بیان کئے جاتے ہیں کلام کی عظمت کلام کرنے والے کی عظمت سے ہوتی ہے ایک بات فقیر بے نوا کے منہ سے نکلتی ہے اس کی طرف کوئی دھیان بھی نہیں دیتا اور ایک بات کسی بادشاہ یا حکیم کے منہ سے نکلتی ہے تو اس کو دنیا میں شائع کیا جاتا ہے اخباروں اور رسالوں میں اس کی اشاعت ہوتی ہے غرض یہ ہے کہ کلام کی عظمت کا پتہ کلام والے کی عظمت سے لگتا ہے۔ اسی قاعدے کی بنا پر اندازہ لگالو کہ قرآن پاک ایسا معظم کلام ہے کہ اس کے مثل کسی کا کلام نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ خالق کا کلام ہے مثل مشہور ہے کہ **کلام الملک ملک الکلام** یعنی بادشاہ کا کلام کلاموں کا بادشاہ ہے اس کلام ربانی میں سارے علوم اور ساری حکمتیں موجود ہیں جس میں سے ہر شخص اپنی لیاقت کے موافق حاصل کرتا ہے اسکا پتہ عقل سے لگتا ہے اور تفسیریں دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جس مفسر میں جیسی قابلیت ہے اسی قسم کے وہ بیش بہا موتی اس قرآن سے نکالتا ہے منطقی مفسر کی تفسیر سے معلوم ہوتا

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ قرآن کریم میں از اول تا آخر منطق ہی منطق ہے نحوی اور صرفی مفسر کی تفسیر سے پتہ چلتا ہے کہ اس میں صرف اور نحو ہی ہے۔ فصیح اور بلیغ مفسر کی تفسیر سے ظاہر ہوتا ہے کہ قرآن کریم میں فصاحت و بلاغت کا دریا موجیں مار رہا ہے صوفیاء کرام کی تفسیروں سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن میں سب کچھ ہے لیکن جیسا کہ اس کا شناور 'ویسی اس کی تحصیل پھر جہاں تک سمجھنے والے کی سمجھ کی پہنچ وہاں تک اس کی تحقیق اس کی مثال یوں سمجھو کہ ایک جہاز سواریوں سے بھرا ہوا سمندر کے سفر سے آکر کنارے لگا اس جہاز میں کپتان سے لے کر مسافروں تک ہر قسم کے لوگوں نے سفر کیا لیکن اگر کسی مسافر سے سمندر کے کچھ حالات دریافت کئے جائیں تو وہ کچھ نہ بتا سکے گا کیونکہ اس کی نظر فقط پانی کی ظاہری سطح پر تھی اور اگر خلاصی سے کچھ تحقیق کی جائے وہ وہاں کے حالات کا کچھ پتہ دے گا اور اگر کپتان سے معلومات حاصل کی جائیں تو وہ اول سے آخر تک کے سمندر کے تقریباً سارے اندرونی حالات بیان کر سکے گا کہ فلاں جگہ اس کی گہرائی اتنے میل تھی اور فلاں مقام پر پانی میں اس قسم کا پہاڑ تھا میں اپنے جہاز کو اس طرح سے بچا کے لایا وغیرہ وغیرہ اسی طرح قرآن کریم ہم بھی پڑھتے ہیں اور امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ بھی پڑھتے تھے اور صحابہ کرام بھی اسی قرآن کی تلاوت کرتے تھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی قرآن پاک کو پڑھا کتاب تو ایک ہی ہے لیکن پڑھنے والوں کے ذہن کی رسائی کی انتہائیں الگ الگ ہماری نگاہ فقط ظاہری الفاظ تک ہی بمشکل پہنچتی ہے یہ حضرات بقدر وسعت علمی اس کی تہہ تک پہنچ کر مسائل اور فوائد کو نکال لیتے ہیں بیہقی شریف میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ السلام سے بارہ سال میں سورۃ بقرہ پڑھی اب بتاؤ پڑھنے والے فاروق اعظم جیسے صاحب کمال پڑھانے والے خود صاحب قرآن صلی اللہ علیہ وسلم اور بارہ سال کی مدت بتاؤ کہ آقا نے کیا کیا نہ دیا ہو گا اور ان کے نیاز مند غلام عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا کیا نہ لیا ہو گا پھر ذرا اس پر بھی غور کرتے چلو کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے الرحمٰن علم القران۔ اپنے محبوب علیہ السلام کو رحمان نے قرآن سکھایا ہے حضرت جبریل علیہ السلام تو فقط پہنچانے والے ہیں سوچو تو کہ سکھانے والا الرحمان اور سیکھنے والا سید الانس والجان اور کیا سکھایا۔ "قرآن" نہ معلوم رب نے کیا دیا اور محبوب علیہ السلام نے کیا کیا لیا اسی لئے تفسیر روح البیان شریف نے فرمایا کہ ایک مرتبہ حضرت جبریل قرآن کی آیت الم لے کر آئے عرض کیا الف حضور علیہ السلام نے فرمایا" میں نے جان لیا"۔ عرض کیا لام فرمایا۔ "یقین کر لیا"۔ عرض کیا میم تو فرمایا "اس کا کرم ہے" جبریل امین کہنے لگے کہ حضور آپ نے کیا سمجھا اور کیا جانا میں تو کچھ بھی نہ سمجھا فرمایا یہ میرے اور رب کے درمیان راز ہیں۔

میان خالق و محبوب رمزے است

کراماً کاتبین راھم خبر نیست

ہمارے اس عرض کرنے کا مدعا یہ ہے کہ کوئی بڑے سے بڑا عالم اور بڑے سے بڑا زبان دان قرآن پاک کے متعلق یہ خیال نہ کرے کہ میں نے اس کی حقیقت کو پالیا قرآن پاک ایک سمندر ناپید اکنار ہے جتنا جس کا برتن 'اتنا وہاں سے وہ پانی لے سکتا ہے۔ لیکن کوئی نہیں کہہ سکتا کہ میرے کوزے میں سارا سمندر آگیا غرض کہ قرآن کریم حق تعالیٰ کی عظمت کا مظہر ہے جیسے اس کی عظمت کی انتہا نہیں ویسے ہی اس کی عظمت بے انتہا ہے۔ شعر

کلام اللہ بھی نام خدا کیا راحت جان ہے

عصائے پیر ہے تیغ جواں ہے حرز طفلاں ہے

marfat.com
Marfat.com

خیال رہے کہ تمام انبیاء کرام کے معجزے قصے بن کر رہ گئے کوئی معجزہ نہیں جو آج دیکھا جائے مگر حضور کے بہت سے معجزات تاقیامت رہیں گے جنہیں دنیا آنکھوں سے دیکھے گی قرآن کریم میں چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ آیات ہیں ہر آیت حضور کا معجزہ ہے۔ جن کی مثل بن نہ سکا ان کے پڑھنے سے دل نہیں اکتاتا ایسے ہی حضور کی محبوبیت جو قریباً ہر دل میں آج بھی موجود ہے ہم نے حضور کے نام پر سکھوں ' ہندوؤں کو روتے دیکھا۔ ایسے آپ کا بلند ذکر ہر مجلس ہر جگہ ہر زبان پر آپ کا چرچا ہے یہ بھی زندہ جاوید معجزات ہیں جنہیں دنیا دیکھتی ہے اور دیکھتی رہے گی۔ فوائد۔ قرآن کریم کے فوائد کا احاطہ کسی کی زبان ' کسی کا قلم ' کسی کا دل و دماغ نہیں کر سکتا بس یوں سمجھو کہ یہ عالم کی تمام روحانی جسمانی ' ظاہری ' باطنی ضرورتوں کا پورا فرمانے والا ہے اگر ہم حدیث و فقہ کی روشنی میں قرآن کریم کے صحیح معنوں میں عامل بن جائیں تو ہم کو کبھی بھی کسی حاجت میں کسی قسم کی امداد نہ لینی پڑے ہم اس کے متعلق دو طرح گفتگو کرتے ہیں ایک عقلی اور ایک نقلی اگرچہ مسلمان کے لئے نقلی دلائل کے ہوتے ہوئے عقلی دلائل کی کوئی ضرورت نہیں لیکن زمانہ موجودہ میں نئی روشنی کے دلدادوں کا اعتماد اپنی لولی لنگڑی عقل پر زیادہ ہے یعنی گلاب کی خوشبو کے مقابلہ میں گیندے کی بدبو سے زیادہ مانوس ہو چکے ہیں اس لئے اولاً ہم ان کی تواضع کے لئے عقلی فوائد بیان کرتے ہیں۔

(1) سخی دو قسم کے ہیں ایک وہ جو فقیر کو بلا کر دیں دوسرے جو فقیر کے گھر آکر دیں کنواں بلا کر دیتا ہے دریا آکر دیتا ہے اور سمندر بادل بنا کر عالم پر پانی برسا دیتا ہے کعبہ معظمہ بھی سخی اور قرآن کریم بھی مگر فرق یہ ہے کہ کعبہ معظمہ کے پاس بھکاری جائیں اور جا کر فیض لے آئیں قرآن کریم کی یہ شان ہے کہ مشرق و مغرب میں گھر گھر پہنچا اور اپنا فیض جا کر دیا اور جو لوگ کہ بالکل ان پڑھ تھے ان کے لئے علماء مثل بادل کے بنا بنا کر اپنی رحمتوں کی بارش ان پر بھی برسا دی۔ ع

رہے اس سے محروم آبی نہ خاکی ہری ہو گئی دم میں کھیتی خدا کی

(2)۔ آفتاب ' وہ نور ہے جو ایک وقت میں آدھی زمین کو چمکاتا ہے اور پھر ظاہر کو چمکاتا ہے اور اپنے سامنے والے کو چمکاتا ہے اور پھر بادل کی وجہ سے اس کی روشنی پھیکی پڑ جاتی ہے کبھی اس کو گرہن بھی لگتا ہے دن بھر میں تین پلٹے کھاتا ہے صبح اور شام کو ہلکا اور دوپہر کو تیز لیکن قرآن کریم آسمان ہدایت کا وہ چمکتا دمکتا سورج ہے جو بیک وقت سارے عالم کو چمکا رہا ہے فقط ظاہر کو نہیں بلکہ دل و دماغ کو بھی منور کر رہا ہے نیز اس کی روشنی جیسے میدانوں پر پڑ رہی ہے اسی طرح پہاڑوں میں غاروں میں اور تہ خانوں میں غرض کہ ہر جگہ پہنچ رہی ہے نہ کبھی اس کو گرہن لگے نہ کوئی بادل اس کی روشنی کو ڈھک سکے۔ اس کی شعاعیں بڑی تاریک گھٹاؤں کو بھی چیر کر اپنا کام کرتی ہیں اسی لئے رب تعالیٰ نے قرآن پاک کے بارے میں فرمایا **وانزلنا الیکم نورا مبینا** ۔(3) آج ہم لوگوں نے اپنی بے علمی کی وجہ سے قرآن کریم کے فیوض و برکات کو محدود سمجھ رکھا ہے بعض لوگوں نے تو اپنے عمل سے ثابت کر دیا ہے کہ قرآن کریم فقط اس لئے آیا ہے کہ بیماری میں اسے پڑھ کر دم کر لو اور گھر میں برکت کے واسطے رکھ لو جب کوئی مرنے لگے تو اس پر یاسین پڑھ دو اور بعد موت اس کو پڑھوا کر ایصال ثواب کر دو اور باقی رہا عمل ' اس کے لئے قرآن کی کوئی ضرورت نہیں اس کے لئے فقط انگریزوں کے بنائے ہوئے قوانین ہیں چنانچہ بعض جگہ کے مسلمانوں نے اپنی

marfat.com
Marfat.com

خوشی سے اسلامی قوانین کے مقابلہ میں ہندوؤں یا عیسائیوں کے قانونوں کو اپنے پر لازم کرلیا ہے جیسے کہ پنجاب کے زمیندار
کاٹھیاواڑ کے عام مسلمان کہ انہوں نے میراث سے اپنی لڑکیوں کو قانونی طور پر محروم کردیا اور اپنی صورت سیرت طریق زندگی'
لباس وغیرہ میں یکدم غیروں سے مل گئے اور بعض نے یہ کہنا شروع کیا کہ قرآن فقط عمل کے لئے آیا ہے اس کی تلاوت کرنا اس
سے دم کرنا تعویذ کرنا یا اس سے ایصال ثواب کرنا اس کے نزول کی حکمت کے خلاف ہے قرآن عمل کے لئے اترا ہے نہ کہ
طبابت اور چھو منتر کے لئے وہ کہتے ہیں کہ قرآن پاک ایک نسخہ ہے نسخے کے فقط پڑھتے رہنے سے شفا نہیں ملتی بلکہ اس کو استعمال
کرنا چاہئے۔ یہ وہ خیال فاسد ہے کہ جو پڑھے لکھوں کے دماغ میں بھی گھوم رہا ہے۔ مسٹر عنایت اللہ مشرقی اور ابو الاعلیٰ مودودی
اور عوام دیوبندی اسی چکر میں ہیں مگر خیر سے عمل وہاں بھی غائب ہے عمل کا فقط نام ہی نام ہے یا اگر عمل ہے تو ایسا اندھا جیسا کہ
مشرقی نے اپنے خاکساروں سے کراکر صدہا کو موت کے گھاٹ اتروادیا اور خود معافی مانگ کر خیریت سے گھر آبیٹھے لیکن دوستو ان
لوگوں میں افراط ہے اور پہلے لوگوں میں تفریط تھی جس طرح سے کہ ہم اپنے مال اور بدن کے اعضاء سے بہت سے کام لیتے ہیں
کہ آنکھ سے دیکھتے بھی ہیں روتے بھی ہیں اس میں سرمہ لگا کر زینت بھی حاصل کرتے ہیں ہاتھ سے پکڑتے بھی اور مار کو روکتے
بھی ہیں زبان سے کھاتے بھی ہیں' بولتے بھی ہیں۔ کھانے کی لذت اور اس کی سردی گرمی بھی محسوس کرتے ہیں اور ایک ہی
پھونک سے گرم چائے بھی ٹھنڈی کرتے ہیں سردیوں میں انگلیاں بھی گرم کرتے ہیں آگ جلاتے بھی ہیں اور چراغ بجھاتے بھی
ہیں اسی طرح عبادت میں صدہا ایسی مصلحتیں ہیں روزہ عبادات بھی ہے قسم وغیرہ کا کفارہ بھی جو غریب نکاح نہ کرسکے اس کے
لئے شہوت توڑنے کا ذریعہ بھی اسی طرح قرآن کریم صدہا دینی اور دنیوی فوائد لے کر اترا نماز قرآن کے ذریعے سے لو اہو' کھانا
وغیرہ قرآن پڑھ کر شروع کرو شاہی قوانین قرآن سے حاصل کرو بیمار پر قرآن پڑھ کر دم کرو یا تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالو ثواب کے
لئے اس کو پڑھو' عمل اس پر کرو غرض کہ یہ قرآن بادشاہ کے لئے قانون' غازی کے لئے تلوار' بیمار کے لئے شفاء' غریب کا سہارا'
کمزور کا عصا' بچوں کا تعویذ' بے ایمان کے لئے ہدایت' قلب مردہ کی زندگی' قلب غافل کے لئے تنبیہ' گمراہوں کے لئے
مشعل راہ' زنگ آلود قلب کی صیقل ہے۔ اگر قرآن کریم صرف احکام کے لئے ہوتا اور دیگر مقاصد اس سے حاصل نہ ہوتے تو
اس میں فقط احکام کی آیتیں ہوتیں ذات و صفات کی آیتیں متشابہات انبیائے کرام کے قصے' آیات منسوختہ الاحکام ہرگز نہ ہونی
چاہئیں تھیں کیونکہ ان سے احکام حاصل نہیں کئے جاتے اسی طرح سے ان احکام کی آیتیں بھی نہ ہوتیں جن پر عمل ناممکن ہے
جیسے کہ نبی کی آواز پر آواز بلند کرنے کی آیتیں یا بارگاہ نبوی میں دعوت کھانے کے آداب یا نبیوں کی بیبیوں سے حرمت نکاح کی
آیتیں اور قرآن پاک یہ نہ فرماتا کہ **ننزل من القران ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین** اسی طرح اگر قرآن فقط برکت
لینے اور دم درود کے لئے ہوتا تو اس میں احکام کی آیتیں نہ ہونی چاہئیں تھیں۔ نکتہ۔ یہ جو کہا گیا ہے کہ قرآن ایک نسخہ ہے اور
نسخہ کا پڑھنا مفید نہیں ہوتا۔ یہ مثال غلط ہے بعض چیزوں کے نام میں اور پڑھنے میں تاثیر ہوتی ہے پردیسی آدمی کے پاس گھر سے
خط آئے تو فقط پڑھ کر ہی اس کا دل خوش ہو جاتا ہے بیماری ہلکی پڑ جاتی ہے کسی شخص کو مصیبت کی خبر سناؤ سن کر دل کا حال بدل جاتا
ہے کسی کو الو گدھا کہہ دو تو آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔ کسی کے سامنے کسی کھٹی چیز کا نام لے دو تو منہ میں پانی بھر آتا ہے اگر روزہ
کی حالت میں کسی کا منہ خشک ہو جائے تو اس کو دکھا کر لیموں کاٹو تو اس کی خشکی دور ہو جاتی ہے ہر دوا پلائی ہی نہیں جاتی بلکہ کبھی

marfat.com
Marfat.com

دکھائی اور سو گھائی بھی جاتی ہے تو جب مخلوق کے نامہ و پیام میں اور ناموں میں اتنا اثر ہے تو خالق کے پیام میں کس قدر اثر ہونا چاہئے خود غور کر لو۔

اب ہم قرآن پاک کے وہ فوائد بیان کرتے ہیں جو احادیث سے ثابت ہیں۔ 1۔حدیث شریف میں ہے جس گھر میں روزانہ سورہ بقرہ پڑھی جائے وہ گھر شیطان سے محفوظ رہتا ہے لہذا جنات کی بیماریوں سے بھی محفوظ رہے گا۔ 2 قیامت کے دن سورہ بقرہ اور سورۂ آل عمران ان لوگوں پر سایہ کریں گی اور ان کی شفاعت کریں گی جو دنیا میں قرآن پاک کی تلاوت کے علاوہ تھے۔ 3 جو شخص آیۃ الکرسی صبح و شام اور سوتے وقت پڑھ لیا کرے تو اس کا گھر انشاء اللہ آگ کے لگنے اور چوری ہونے سے محفوظ رہے گا۔ 4 سورۂ اخلاص کا ثواب تہائی قرآن کے برابر ہے اسی لئے ختم و فاتحہ میں اس کو تین بار پڑھتے ہیں۔ 5 حضور علیہ الصلوۃ والسلام فرماتے ہیں کہ جو شخص قرآن پاک کا ایک حرف پڑھے اس کو دس نیکیوں کے برابر نیکی ملتی ہے خیال رہے کہ الم ایک حرف نہیں بلکہ الف 'لام 'میم' تین حروف ہیں لہذا فقط اتنا پڑھنے سے تیس نیکیاں ملیں گی۔ خیال رہے کہ الم متشابہات میں سے ہے جس کے معنی ہم تو کیا جبریل بھی نہیں جانتے مگر اس کے پڑھنے پر ثواب ہے معلوم ہوا کہ تلاوت قرآن کا ثواب اس کے سمجھنے پر موقوف نہیں بغیر سمجھے تلاوت پر ثواب ہے ولایتی مرکب دوائیں مریض کو شفا دیتی ہیں ان کے اجزاء معلوم ہوں یا نہ ہوں یوں ہی قرآن کریم شفا اور ثواب ہے معنے معلوم ہوں یا نہ ہوں دیکھو بھینس دودھ کے لئے 'بیل کھیتی باڑی کے لئے' گھوڑے 'اونٹ' سواری اور بوجھ اٹھانے کے لئے پالے جاتے ہیں مگر طوطی مینا صرف اس لئے پالے جاتے ہیں کہ وہ ہماری سی بولی بولتے ہیں اگرچہ بغیر سمجھے سہی۔ مینا طوطی تمہاری بولی بولیں تو تمہیں پیاری لگے اگر تم جناب مصطفیٰ کی بولی بولو تو رب کو پیارے اس سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو کہتے ہیں کہ بغیر معنی سمجھے قرآن بیکار ہے اس کا کوئی ثواب نہیں۔ 6 جو شخص قرآن پڑھے اور اس پر عمل کرے تو قیامت کے دن اس کے ماں باپ کو ایسا تاج پہنایا جائے گا جس کی چمک آفتاب سے کہیں بڑھ کر ہو گی۔ 7 قرآن پاک دیکھ کر پڑھنے میں دوہرا ثواب ملتا ہے اور بغیر دیکھے کر پڑھنے میں ایک ثواب۔ نوٹ:۔ چند چیزوں کا دیکھنا عبادت ہے۔ قرآن پاک 'کعبہ معظمہ' ماں باپ کا چہرہ محبت سے اور عالم دین کی شکل دیکھنا عقیدت سے وغیرہ وغیرہ۔ 8 قرآن پاک کی تلاوت اور موت کی یاد دل کو اس طرح صاف کر دیتی ہے جیسے کہ زنگ آلود لوہے کو میقل۔ 9 جو شخص کہ قرآن پاک کی تلاوت میں اتنا مشغول ہو کہ کوئی دعا نہ مانگ سکے تو خداوند تعالیٰ اس کو مانگنے والوں سے زیادہ دیتا ہے۔ 10۔ جو شخص ہر رات سورۂ واقعہ پڑھا کرے 'انشاء اللہ اسے کبھی فاقہ نہ ہو گا۔ 11 سورۂ الم تنزیل پڑھنے والا جب قبر میں پہنچتا ہے تو یہ سورۃ اس طرح اس کی شفاعت کرتی ہے کہ اے اللہ اگر میں تیرا کلام ہوں تو اس کو بخش دے ورنہ تو مجھے اپنی کتاب سے نکال دے اور میت کو اس طرح ڈھک لیتی ہے جیسے چڑیا اپنے پروں سے اپنے بچوں کو اور اسے عذاب سے بچاتی ہے۔ 12 جو شخص کہ سورۂ یاسین اول دن میں دوپہر سے پہلے پڑھنے کا عادی ہو تو اس کی حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔ 13 سورۃ یاسین شریف پڑھنے سے تمام گناہ معاف ہوتے ہیں اور مشکلیں آسان ہوتی ہیں لہذا اس کو بیماروں پر پڑھو۔ 14 سوتے وقت قل یا یھا الکفرون پڑھنے والا انشاء اللہ تعالیٰ کفر سے محفوظ رہے گا یعنی اس کا خاتمہ بالخیر ہو گا۔ 15 سورۂ فلق اور سورۃ الناس پڑھنے سے آندھی اور اندھیری دور ہوتی ہے اور ان کو پابندی سے پڑھنے والا انشاء اللہ جادو سے محفوظ رہے گا۔ 16 سورۃ فاتحہ جسمانی اور روحانی بیماریوں کی دوا ہے (ہر سورت کے

marfat.com

Marfat.com

فوائد ہم انشاء اللہ تعالیٰ اس سورۃ کے ساتھ بھی لکھیں گے واضح رہے کہ قرآن کریم کے فائدے فقط پڑھنے والے پر ہی ختم نہیں ہو جاتے بلکہ دوسروں تک بھی پہنچ جاتے ہیں۔ مثلاً جہاں تک اس کی آواز پہنچے وہاں تک ملائکہ رحمت کا اجتماع ہوتا ہے چنانچہ حدیث شریف میں کہ حضرت اسید ابن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک شب تلاوت قرآن کر رہے تھے اور ان کے پاس ایک گھوڑا بندھا تھا وہ اچانک اچھلنے کودنے لگا آپ باہر تشریف لائے اور نگاہ اٹھا کر دیکھا ایک سائبان تھا جس میں قندیلیں روشن تھیں اس سے گھوڑا ڈر کر کود تا تھا۔ صبح کو آکر بارگاہ نبوت میں یہ واقعہ عرض کیا۔ ارشاد ہوا کہ رحمت کے فرشتے تھے جو تمہارا قرآن پاک سننے آئے تھے اسی طرح جہاں تک اس کی آواز پہنچے وہاں تک کی ہر ایک چیز درخت 'گھاس' بیل بوٹے حتی کہ درودیوار اس کے ایمان کی قیامت میں انشاء اللہ تعالیٰ گواہی دیں گے اسی طرح اگر تلاوت کرنے والا کچھ آیتیں پڑھ کر بیمار پر دم کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی دیکھو اگر تم کسی باغ کے پاس سے گزرو تو وہاں کے پھولوں کی مہک دور تک محسوس ہوتی ہے جس سے دماغ معطر اور دل خوش ہو جاتا ہے آخر یہ کیوں؟ صرف اس لئے کہ ہوا پھولوں سے لگ کر ہر چہار طرف پھیلتی ہے اس ہوا کی تاثیر یہ ہوتی ہے کہ گزرنے والوں کو خوش کر دیتی ہے تو جس زبان سے قرآن پاک پڑھا جائے اس سے لگ کر جو پھونک نکلے وہ کیوں نہ دافع ہر بلا ہو۔ صحابہ کرام نے سانپ کے کاٹے ہوؤں کا سورۃ فاتحہ دم کر کے علاج کیا ہے اسی طرح قرآن کریم کی آیتوں کو لکھ کر تعویذی شکل میں بیمار کے ساتھ رکھا جائے تو اس کو شفا ہوتی ہے جس کی آنکھ دکھتی ہو' اس کی آنکھ کے سامنے ایک سبز کپڑا باندھ دیتے ہیں اور اس سے اس کو شفا ہوتی ہے آنکھ میں سرمہ لگانے سے نظر قائم رہتی ہے۔ جب یہ معمولی دوائیں کچھ دیر ہمارے ساتھ رہ کر اپنا اثر دکھلاویں تو قرآن حکیم کی آیتیں اس سے کہیں زیادہ شفا بخش کیوں نہ ثابت ہوں گی؟ صحابہ کرامؓ نے قرآن کریم سے' قرآن شریف کی آیتوں سے بیماروں کا علاج کیا ہے۔ جس تعویذ گنڈے اور دم سے حدیث پاک میں منع فرمایا گیا وہ زمانہ جاہلیت کے شرکیہ منتر تھے جن میں بتوں سے مدد مانگنے کے الفاظ تھے' قرآن پاک کی آیتوں سے ان کو کیا نسبت؟ اسی طرح اگر قرآن پاک کی تلاوت کر کے کسی کو ثواب بخش دیا جائے تو وہ ضرور اس کو پہنچے گا۔ اگر میں اپنا کمایا ہوا روپیہ کسی کو دوں تو دے سکتا ہوں اسی طرح اپنے کمائے ہوئے ثواب کو دینے کا اختیار بھی رکھتا ہوں۔ ہاں فرق یہ ہے کہ اگر مال چند اشخاص پر تقسیم کیا جائے تو وہ بٹ کر تھوڑا تھوڑا ملے گا اور دینے والے کے پاس نہ رہے گا اگر ثواب صدہا آدمیوں کو بخش دیا جائے تو سب کو پورا پورا ملے گا اور بخشنے والے کو ان سب کے برابر جیسے کوئی عالم یا حافظ صدہا آدمیوں کو عالم یا حافظ بنائے تو وہ علم تقسیم ہو کر نہ ملے گا۔ بلکہ سب کو برابر ملے گا اور پڑھانے والے کے علم میں اور ترقی ہوگی ایصال ثواب کی پوری بحث اور اس کے متعلق تمام اعتراضات اور جوابات انشاء اللہ تعالیٰ ہم اس آیت کے ماتحت لکھیں گے۔ **لها ما كسبت و عليها ما اكتسبت**

**چھٹی فصل۔ تلاوت قرآن :** بزرگان دین کی عادتیں تلاوت قرآن پاک کے متعلق جداگانہ تھیں بعض حضرات تو ایک دن رات میں آٹھ ختم کر لیتے تھے چار دن میں اور چار رات میں بعض حضرات چار 'بعض دو' اور بعض ایک اور بعض لوگ دو دن میں ایک ختم اور بعض تین دن میں 'بعض پانچ دن میں بعض سات دن میں اور سات دن میں ختم کرنا اکثر صحابہ کرام کا معمول تھا اس میں لوگوں کے حالات مختلف ہیں بعض تو نہایت تیز پڑھنے کی صورت میں بھی حروف کو ان کے مخرجوں سے ادا کرنے اور صحیح پڑھنے پر قادر ہوتے ہیں اور بعض لوگ اکثر تیز پڑھیں تو صحیح نہیں پڑھ سکتے لہٰذا تلاوت کرنے والوں کو چاہئے کہ صحیح پڑھنے کی

marfat.com
Marfat.com

کوشش کریں کیونکہ ثواب صحیح پڑھنے میں ہے نہ کہ محض جلدی پڑھنے میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی تھیں کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام اس طرح تلاوت فرماتے تھے کہ ایک ایک حرف صاف صاف معلوم ہوتا تھا سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے تھے کہ قرآن کریم جب دل میں اترتا ہے تب اس میں جمتا ہے اور نفع دیتا ہے تلاوت کرنے والا جس اطمینان اور سکون کے ساتھ دنیا میں تلاوت کرتا تھا اسی اطمینان کے ساتھ تلاوت کرتا ہوا جنت میں بڑھتا جائے گا اور جہاں تک اس کی تلاوت ختم ہوگی وہاں تک کا سب ملک اس کو دیا جائے گا بلکہ بہتر تو یہ ہے کہ اگر عربی سمجھنے پر قدرت رکھتا ہو تو اس کے معانی اور مضامین پر غور کرتا جائے اور رحمت کی آیت آئے تو خوش ہو اور خدا سے رحمت مانگ لے اور جب عذاب کی آیت آئے تو ڈرے اور اس سے پناہ مانگے۔ نیز کوشش کرے کہ تلاوت کے وقت دل حاضر ہو اور خشوع اور خضوع کے ساتھ پڑھے یہاں تک کہ رقت آجائے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں اور اگر معنی نہ سمجھتا ہو تو یہ سمجھ کہ تلاوت کرے کہ یہ وہی الفاظ ہیں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی پڑھتے تھے اور حضور کے صحابہ بھی اولیاء اللہ بھی علماء دین بھی جیسے ہلال عید میں تمام انسانوں کی نگاہیں جمع ہو جاتی ہیں۔ ایسے ہی الفاظ قرآن مجید میں سب کی تلاوتیں اور لوائیں جمع ہو جاتی ہیں اگر یہ سمجھ کر تلاوت کی تو انشاء اللہ بہت لذت آئے گی اگرچہ بے وضو بھی قرآن پڑھنا جائز ہے لیکن مستحب یہ ہے کہ وضو کر کے تلاوت کرے۔ اس میں زیادہ ثواب ہے اور سنت یہ ہے کہ تلاوت پاک جگہ میں ہو مسجد میں ہو تو اور زیادہ بہتر ہے یہ بھی مستحب ہے کہ قبلہ کی طرف منہ کر کے سر جھکا کر اطمینان سے پڑھے اور اگر تلاوت کرتے وقت مسواک وغیرہ سے منہ کو صاف کرے اور خوشبو بھی لگائے تو بہت ہی اچھا ہے کیونکہ جتنا ادب زیادہ اتنا ہی فیض زیادہ تلاوت سے پہلے اعوذ باللہ اور بسم اللہ بھی پڑھے اور تلاوت کی حالت میں کسی سے بلا ضرورت بات کرنا مکروہ ہے سیدنا عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ تعالیٰ تلاوت کے دوران میں کسی سے کلام نہ فرماتے تھے اور اگر کلام کرنا پڑ جائے تو کلام کے دوران قرآن شریف بند رکھے اور پھر بسم اللہ پڑھ کر شروع کرے۔ مسئلہ: جنبی حیض و نفاس والی عورتوں کا قرآن پاک کو چھونا بھی جائز نہیں اگر چھونا پڑ جائے تو کسی علیحدہ کپڑے سے چھوئیں اب یہ کہ بے وضو آدمی بھی بغیر کپڑے کے قرآن پاک کو ہاتھ نہ لگائے فرق یہ ہے کہ بے وضو اپنے کرتہ کے دامن سے بھی پکڑ سکتا ہے اور وہ لوگ علیحدہ کپڑے سے پکڑیں۔ بہتر یہ ہے کہ جس دن قرآن پاک ختم کرے اس دن اپنے گھر والوں دوستوں کو جمع کرے ' سیدنا حضرت انس رضی اللہ عنہ قرآن کے ختم کے وقت اپنے اہل قرابت کو جمع فرماتے اور دعا کرتے تھے حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ اس وقت رحمت الہی نازل ہوتی ہے حدیث شریف میں آیا ہے کہ اس وقت دعا قبول ہوتی ہے بعض روایتوں میں ہے کہ جو قرآن پاک پڑھ کر حق تعالیٰ کی حمد کرے اور درود پڑھے اور اپنے گناہوں کی معافی مانگے تو رحمت الہی اس کو تلاش کرتی ہے۔ تلاوت کرنے والے کو چاہئے کہ قرآن پاک ختم کرتے ہی دوسری بار اس کو شروع کر دے یعنی سورۃ فاتحہ پڑھ کر سورۂ بقرہ مفلحون تک پڑھ لے پھر دعا مانگے۔ مسئلہ: حافظ تراویح میں جب قرآن پاک پڑھے تو ایک بار کسی نہ کسی جگہ بسم اللہ شریف بلند آواز سے ضرور پڑھے کیونکہ یہ بھی قرآن پاک کی آیت ہے اور مستحب یہ ہے کہ ہر نمازی نماز میں جب کوئی سورۃ شروع کرے تو آہستہ سے بسم اللہ پڑھ لیا کرے سوائے سورۃ توبہ کے۔ اس کی پوری بحث تفسیر خزائن العرفان کے مقدمہ میں دیکھو' تمہ قرآن پاک کا چھوٹی تقطیع پر یا تعویذ طرح چھاپنا مکروہ ہے چاہئے یہ کہ بڑی تقطیع پر چھاپا جائے حروف خوب کھلے ہوں اور اس

marfat.com
Marfat.com

کے رکوع اور آیتوں اور منزلوں کو دیدہ زیب بنانا مستحب ہے کیونکہ اس میں قرآن پاک کی عظمت کا اظہار ہے۔ قرآن پاک اتنی جلدی پڑھنا کہ جس سے بجز تعلمون اور یعلمون کچھ سمجھ میں نہ آئے یعنی حروف کی ادائگی پوری طرح نہ ہو سخت برا ہے حافظوں کو اس کا بہت لحاظ رکھنا چاہئے۔ مسئلہ: جس جگہ سب لوگ اپنے کاروبار میں مشغول ہوں وہاں قرآن پاک بلند آواز سے پڑھنا منع ہے یا تو تنہائی میں بلند پڑھو یا وہاں جہاں کم سے کم ایک آدمی سننے والا ہو کیونکہ اس کا سننا فرض کفایہ ہے۔ مسئلہ: چند شخصوں کا بیک وقت بلند آواز سے تلاوت کرنا منع ہے یا تو ایک پڑھے باقی سب سنیں یا سب آہستہ پڑھیں (تیجے اور ختم والوں کو اس کا خاص خیال رکھنا چاہئے) مکتبوں اور مدرسوں میں جو بچے مل کر پڑھتے ہیں' یہ مجبوری کی وجہ سے ہے۔ مسئلہ: قرآن پاک کو خلاف ترتیب الٹا پڑھنا ممنوع ہے ہاں اگر خارج نماز درمیان میں ٹھہر تا جائے جس سے الگ الگ قرآئتیں معلوم ہو تو کوئی مضائقہ نہیں (شامی) اور ترتیب کے مطابق جگہ جگہ سے آیتوں کا پڑھنا جائز ہے۔ جیسا کہ فاتحہ اور ختم کے وقت کیا جاتا ہے۔

**ساتویں فصل۔ تفسیر کے معنی اور اس کی تحقیق** : لفظ تفسیر فسر سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں کھولنا محاورہ میں تفسیر یہ ہے کہ کلام کرنے والے کا مقصد اس طرح بیان کرنا جس میں کوئی شک و شبہ باقی نہ رہے اور مفسرین کی اصطلاح میں تفسیر یہ ہے کہ قرآن پاک کے وہ احوال بیان کرنا جس میں عقل کو دخل نہیں بلکہ نقل کی ضرورت ہو جیسے آیات کا شان نزول یا ان کا ناسخ اور منسوخ ہونا وغیرہ تفسیر بالرائے حرام ہے کیونکہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص قرآن میں اپنی رائے سے کچھ کہے اور ٹھیک بھی کہہ جائے جب بھی خطاکار ہے۔ تفسیر قرآن کے چند مرتبے ہیں۔1 تفسیر قرآن بالقرآن یہ سب سے مقدم ہے۔2 تفسیر قرآن بالحدیث کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم صاحب قرآن ہیں ان کی تفسیر نہایت صحیح اور اعلیٰ۔3 قرآن کی تفسیر صحابہ کرام خصوصاً" فقہائے صحابہ اور خلفائے راشدین کے اقوال سے ہو۔4 تفسیر قرآن تابعین یا تبع تابعین کے قول سے۔ اگر روایت سے ہے تو معتبر۔ اس کی زائد تحقیق کے لئے ہماری کتاب "جاء الحق" یا "اعلائے کلمتہ اللہ" مصنف قطب الوقت حضرت قبلہ مہر علی شاہ صاحب کا مطالعہ کرو لفظ تاویل اول سے مشتق ہے اس کے معنی ہیں رجوع کرنا اصطلاح میں تاویل یہ ہے کہ کسی کلام میں چند احتمال ہوں ان میں سے کسی احتمال کو قرینوں سے اور علمی دلائل سے ترجیح دینا یا کلام میں علمی نکات وغیرہ بیان کرنا اس کے لئے نقل کی ضرورت نہیں بلکہ ہر عالم اپنی قوت علمی سے قرآن پاک میں نکات وغیرہ نکال سکتا ہے مگر شرط یہ ہے خلاف شریعت ہرگز نہ ہو اسی لئے مفسرین بڑے بڑے نکات بیان فرماتے ہیں اور ہر ایک کے لئے نقل پیش نہیں فرماتے امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ نے احیاء العلوم شریف باب ہشتم میں فرمایا کہ قرآن پاک کے ایک ظاہری معنی ہیں اور ایک باطنی ظاہری معنی کی تحقیق علماء شریعت فرماتے ہیں اور باطنی کی صوفیائے کرام حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر میں چاہوں تو سورۂ فاتحہ کی تفسیر سے ستر اونٹ بھر دوں مگر یہ باطنی تفسیر ظاہری معنی کے خلاف ہرگز نہ ہو گی تحریف مشتق ہے حرف سے حرف کے معنی ہیں علیحدگی یا کنارہ اصطلاح میں تحریف یہ ہے کہ کلام کا مطلب ایسا بیان کیا جائے جو کلام کرنے والے کے مقصد کے خلاف ہو مفسرین کی اصطلاح میں تحریف دو طرح کی ہے تحریف لفظی اور تحریف معنوی تحریف لفظی یہ ہے کہ قرآن پاک کی عبارت کو دیدہ دانستہ بدل دیا جائے جیسا کہ یہود و نصاریٰ نے اپنی اپنی کتابوں میں کیا۔ تحریف معنوی یہ ہے کہ قرآن پاک کے ایسے معنی اور

marfat.com
Marfat.com

مطلب بیان کئے جائیں جو کہ اجماع امت یا عقیدہ اسلامیہ یا اجماع مفسرین یا تفسیر قرآن کے خلاف ہوں اور وہ یہ کہے کہ آیت کے وہ معنی نہیں بلکہ یہ ہیں جو میں بیان کر رہا ہوں جیسا کہ اس زمانہ میں چکڑالوی قادیانی اور دیوبندی وغیرہ کر رہے ہیں دونوں قسم کی تحریفیں کفر ہیں۔ مفسرہ شخص ہو سکتا ہے۔1 جو کہ قرآن کے مقصد کو پہچان سکے۔ 2 ناسخ و منسوخ کی پوری خبر رکھتا ہو۔ 3 آیات و احادیث میں مطابقت کرنے پر قادر ہو۔ یعنی جن آیتوں کا آپس میں مقابلہ معلوم ہوتا ہو یا جو آیات کہ احادیث کے خلاف معلوم ہوتی ہوں ان کی ایسی توجیہ کر سکے کہ جس سے مخالفت اٹھ جائے۔(4) آیتوں کے شان نزول سے باخبر ہو۔(5) آیتوں کی توجیہ کر سکے یعنی جو قرآن پاک کی آیتیں عقل کی رو سے محل معلوم ہوتی ہوں ان کو حل کر سکے۔ مثلاً قرآن پاک میں آتا ہے کہ حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے لوگوں نے کہا **یا اخت هرون** حالانکہ ہارون علیہ السلام (موسیٰ علیہ السلام کے بھائی) اور حضرت مریم میں سینکڑوں برس کا فاصلہ ہے تو پھر حضرت مریم ان کی بہن کیسے ہو سکتی ہیں اسی طرح قرآن فرماتا ہے کہ سکندر ذوالقرنین نے آفتاب کو کیچڑ میں ڈوبتا ہوا پایا حالانکہ آفتاب ڈوبتے وقت زمین پر نہیں آتا۔ اور نہ کیچڑ اونچی ہو کر آفتاب تک پہنچتی ہے ان جیسی آیات کی توجیہیں کر سکے۔(6) آیات میں محذوفات نکالنے پر قدرت رکھتا ہو۔ یعنی بعض جگہ آیات میں پوری کی پوری عبارتیں محذوف ہیں۔ ان کے بغیر نکالے ہوئے آیت کا ترجمہ درست نہیں ہوتا۔(7) عرب کے محاورے سے پورے طور پر واقف ہو قرآن پاک نے بہت جگہ وہاں کے خاص محاورے استعمال فرمائے ہیں جیسے **تبت یدا ابی لهب و تب** ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں یا کہ **فما بكت عليهم السماء والارض** کہ کفار کے مرنے پر زمین اور آسمان نہ روئے یا **ذق انك انت العزيز الكريم** یعنی کفار سے جہنم میں کہا جائے گا تو یہ عذاب چکھ تو بڑا عزت اور کرم والا ہے وغیرہ وغیرہ ان جیسی آیات کے مقصود کو پہچان سکے اور معلوم کر سکے کہ اس جگہ کس قسم کا محاورہ استعمال ہوا ہے۔(8) محکم اور متشابہ آیت کو پہچانتا ہو۔(9) قراتوں کے اختلاف سے واقف ہو۔(10) مکی اور مدنی آیتوں کو جانتا ہو وغیرہ وغیرہ جب اتنی صفتیں موجود ہوں تو تفسیر کرنے کی ہمت کرے اس کی زیادہ تحقیق مقصود ہو تو دیکھو تفسیر فتح البیان کا مقدمہ مگر افسوس ہے کہ اس زمانہ پر فتن میں تفسیر قرآن کو جتنا آسان سمجھا گیا ہے اتنا آسان اور کوئی کام نہیں سمجھا گیا۔ حق تعالیٰ اس زمانے کے فتنوں سے بچائے فقیر حقیر پر تقصیر احمد یار اپنے قصور علم کا اقرار کرتا ہوا محض اللہ تعالیٰ و رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بھروسے پر اس کام کو شروع کرتا ہے اور اس دریا ناپید اکنار میں غوطہ لگاتا ہے اور بارگاہ الٰہی میں دعا کرتا ہے کہ حق بات قلم سے نکلوائے۔ اور اسے قبول فرما کہ میرے لئے صدقہ جاریہ اور توشہ آخرت بنائے۔ اور جن حضرات نے اس کام میں دامے درمے قدمے قلمے مدد کی انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ **وما توفيقى الا بالله**

احمد یار خان نعیمی اشرفی مہتمم مدرسہ غوثیہ گجرات 15 ربیع الآخر 1363ھ یوم دوشنبہ مبارکہ

---

| أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ |
| --- |
| پناہ پکڑتا ہوں اللہ کے سے شیطان نکالا ہوا۔ |
| میں نکالے ہوئے شیطان سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔ |

marfat.com

Marfat.com

اعوذ باللہ کے متعلق چند باتیں غور طلب ہیں۔(1) تلاوت سے پیشتر اس کو کیوں پڑھتے ہیں۔(2) اس کی تفسیر کیا ہے۔(3) اس کے فوائد کیا ہیں (4) اس کے متعلق مسائل کیا ہیں۔(پہلی بحث) پڑھنے کی وجہ رب تعالیٰ کا حکم ہے **فاذا قرات القران فا ستعذ باللہ من الشیطن الرجیم** جب تم قرآن پڑھنے لگو تو نکالے ہوئے شیطان سے اللہ کی پناہ لو۔ معلوم ہوا کہ قرآن پڑھتے وقت اعوذ باللہ پڑھنا حکم الٰہی ہے۔(2) نیز حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم و صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ساری امت ہمیشہ اس پر عمل کرتی رہی معلوم ہوا کہ یہ پڑھنا سنت ہے۔(3) نیز جس طرح کہ نماز سے پہلے وضو ضروری ہے کیونکہ وہ جسمانی پلیدی دور کرتا ہے اور انسان کو قابل نماز بناتا ہے اسی طرح تلاوت سے پہلے اعوذ پڑھنا چاہئے کہ یہ اندرونی پلیدی کو دور کرتا ہے اور زبان کو قرآن پاک کی تلاوت کے قابل بناتا ہے نیز جو شخص بادشاہ کے دروازے پر حاضر ہو وہ بغیر اجازت اندر نہیں آ سکتا یونہی جو بارگاہ الٰہی میں حاضر ہو وہ بغیر اعوذ پڑھے کچھ عرض نہ کرے۔ گویا اعوذ پڑھنا رب تعالیٰ سے تلاوت کی اجازت لینا ہے۔(5) نیز حاضری بارگاہ کے وقت درباری لباس جسم پر ہوتا ہے یہ بارگاہ الٰہی میں حاضری کے وقت گویا قلب و زبان کا لباس ہے۔

**اعوذ باللہ کی تفسیر :** لفظ اعوذ' عوذ سے مشتق ہے۔ اور عوذ کے دو معنی ہیں۔1 التجا کرنا' پناہ پکڑنا۔2 ملنا پہلے معنی کے لحاظ سے اس کا مطلب یہ ہوگا کہ میں پناہ پکڑتا ہوں التجا کرتا ہوں اللہ سے اور دوسرے معنی کی بنا پر مطلب یہ ہوگا کہ میں اپنے نفس کو فضل الٰہی اور رحمت الٰہی سے ملاتا ہوں لفظ اللہ کی تفسیر انشاء اللہ بسم اللہ میں بیان کی جائے گی لفظ شیطان میں دو قول ہیں۔1 بعض کہتے ہیں کہ یہ شطن سے مشتق ہے اور 2 بعض کے قول کی بناء پر شیط سے۔ شطن کے معنی ہیں دور ہونا اور چونکہ ابلیس بھی مقرب بارگاہ الٰہی ہو کر وہاں سے دور ہوا اس لئے اس کو شیطان کہا جاتا ہے اور شیط کے معنی ہیں ہلاک ہونا یا باطل ہونا اور چونکہ ابلیس بھی سرکشی کی وجہ سے ہلاک ہوا اور اس کا سارا اچھا کیا دھرا باطل ہو گیا اس لئے اس کو شیطان کہتے ہیں لفظ رجیم مرجوم کے معنی میں ہے اور مرجوم رجم سے بنا ہے اور رجم کے معنی نکالنے کے بھی ہیں اور پھینک کر مارنے کے بھی اور یہ لعنت (دور کرنا) کے معنی میں بھی آتا ہے اگر پہلے معنی کئے جائیں تو چونکہ پہلے شیطان ملائکہ کے ساتھ رہتا تھا اور وہاں سے اس کو نکالا گیا اور فرمایا **فاخرج منہا** اس لئے اسے رجیم کہا جاتا ہے دوسرے معنی کی بناء پر یہ توجیہ ہوگی کہ اب بھی جب کبھی یہ آسمان پر جانے کی کوشش کرتا ہے تو اس کو شہاب (ٹوٹا ہوا تارہ) پھینک کر مارا جاتا ہے لہٰذا یہ مرجوم ہوا تیسرے معنی کی بناء پر توجیہ یہ ہوگی کہ اس پر ہمیشہ حق تعالیٰ اور فرشتوں اور انسانوں کی طرف سے لعنت پڑتی ہی رہتی ہے رب تعالیٰ فرماتا ہے **ان علیک اللعنۃ الی یوم الدین** اور تجھ پر قیامت تک لعنت ہے۔

**عالمانہ تفسیر :** عالمانہ تفسیر اس کی یہ ہوگی کہ دنیوی اور دینی آفتیں بے انتہا ہیں اور ہماری طاقت اور قدرت ان کو دور نہیں کر سکتی کیونکہ ہم کمزور ہیں اور جب کمزور شخص کسی بڑی مصیبت میں پھنس جائے تو اس کو ضروری ہوتا ہے کہ وہ کسی قوت والے کی پناہ لے اور اس کی امان میں آئے اور جتنی بڑی آفت ہو اتنی ہی بڑی قوی ذات کے ساتھ پناہ لینا ضروری ہوتا ہے معمولی دشمنوں کو دفع کرنے کے لئے تھانے دار یا پولیس کی پناہ کافی ہوتی ہے اور بڑی مصیبت دفع کرنے کے لئے کپتان پولیس' ڈپٹی کمشنر' وائسرائے' گورنر بلکہ بعض صورتوں میں بادشاہ کی پناہ لینا ضروری ہوتا ہے چونکہ شیطان نہایت قوی دشمن ہے اور اس

marfat.com
Marfat.com

کے مکرو فریب غیر متناہی ہیں کتنے بڑے دشمن اور اتنی مصیبتوں سے بچنے کے لئے اس ذات کی پناہ لینا ضروری ہے جو قادر مطلق اور حی قیوم ہے اس لئے انسان سے کہلوایا گیا کہ اے بندے! یہ کہہ کر تو میری پناہ میں آ اور کہہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پھر لطف بات یہ ہے کہ یہاں یہ نہ کہا گیا کہ شیطان کے کس دھوکا سے پناہ مانگتا ہوں جس میں اشارہ اس جانب ہے کہ اس کے سارے وسوسوں اور خباثتوں سے پناہ مانگتا ہوں تو گویا برے عقائد سے اللہ کی پناہ' برے اعمال سے اللہ کی پناہ' اچھے کام سے باز رہنے سے اللہ کی پناہ' اندرونی اور بیرونی رکاوٹوں سے اللہ کی پناہ' غرض جو چیز اللہ سے روکے اسی سے اللہ کی پناہ۔

**صوفیانہ تفسیر :** اس کی صوفیانہ تفسیر یہ ہوگی کہ جو چیز بھی سرکش ہو اور ہم کو ذکر الٰہی سے روکے وہ شیطان ہے خواہ وہ جن ہو یا انسان ہو' کوئی چوپایہ یا موذی جانور ہو خواہ ہمارا نفس ہو یا جسمانی اور نفسانی عوارض یا کوئی دنیوی کام اسی لئے قرآن کریم فرماتا ہے کہ شیطن الانس و الجن اور ایک جگہ فرماتا ہے من الجنۃ والناس ایک دفعہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں ایک خچر حاضر کیا گیا جب آپ اس پر سوار ہوئے تو وہ اچھلنے کودنے لگا اس کو بہت مارا مگر وہ اسی طرح کودتا اچھلتا رہا۔ حضرت فاروق رضی اللہ عنہ اس پر سے یہ کہہ کر اتر آئے کہ یہ شیطان ہے۔ مثنوی شریف میں ہے کہ

نفس ما ہم کمتر از فرعون نیست لیک او را عون و ما را عون نیست

اس صورت میں الشیطان میں الف لام جنسی ہے اور مقصود اس کا یہ ہے کہ میں مطلقا ہر شیطان کے ہر فریب سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں اس میں اشارہ اس جانب ہے کہ ہم نہایت کمزور ہیں اور بڑے بڑے قوی دشمنوں میں گھرے ہوئے ہیں۔ نفس' شہوت' غصہ' حرص' حسد' ہوس' طمع وغیرہ اندرونی دشمن ہیں جو ہر وقت ہمارے ساتھ رہتے ہیں۔ اور برے ساتھی دنیوی ضروریات اور عضو کی غلط خواہش' مثلاً آنکھ سے حرام چیز دیکھنے کی خواہش' کان سے حرام چیز سننے کی خواہش' ہاتھ سے حرام کام کرنے کی خواہش' پیر سے حرام کی طرف جانے کی خواہش' یہ تمام خارجی دشمن ہیں تو ایک ضعیف البنیان انسان اور اس کے پیچھے اتنے خطرناک شیطان' اس اپنی بے کسی اور بے بسی کو دیکھ کر انسان عرض کرتا ہے کہ اے اللہ! تیری پناہ۔ کامل اعوذ یہ ہے کہ بندہ عمل و قول دونوں سے ادا کرے یعنی زبان سے اعوذ باللہ پڑھے اور عملی طور پر برے یاروں اور شیطانی کاموں سے بچے جو شخص کی زبان سے اعوذ باللہ پڑھا کرے مگر برے آدمیوں سے برے کاموں سے نہ بچے اس کا اعوذ پڑھنا ناقص ہے۔ نکتہ:- کسی مصیبت میں دینی و دنیوی نبی یا ولی یا مرشد یا دنیوی حاکم کی پناہ پکڑنا اعوذ باللہ کے خلاف نہیں۔ کیونکہ ان کی پناہ حقیقت میں رب کی پناہ ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ ان کی بارگاہوں میں جانے والا رب سے پھر گیا دیکھو رازق اور مددگار رب ہے لیکن پھر بھی رزق تلاش کرنے کے لئے مالداروں اور بادشاہوں کی نوکری کرتے ہیں پھر وہاں سے روپیہ حاصل کر کے بہت سی دکانوں پر جاتے ہیں کہیں سے خوراک کہیں سے پوشاک وغیرہ حاصل کرتے ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ ہم نے خدا کو چھوڑ کر ان کو رازق سمجھ لیا بلکہ خدا ہی کا رزق تلاش کرنے اسی کے حکم سے ان جگہوں پر جاتے ہیں یہ اس کے رزق کے دروازے ہیں اسی طرح شیطان سے بچنے کے لئے پیر کے پاس جانا' بزرگوں کی خدمت میں حاضر ہونا' نبی کے دامن میں چھپنا یہ سب اس اعوذ باللہ پر ہی عمل ہے۔ مثنوی شریف میں ہے کہ۔

پیر را بگزیں کہ بے پیر ایں سفر ہست بس پر آفت و خوف و خطر

marfat.com

Marfat.com

دوسری بات یہ بھی ہے کہ اللہ کی پناہ میں انسان جب آسکتا ہے کہ جب کوئی اس پناہ میں لانیوالا ہو جیح کی پناہ میں وہ شخص آئے گا جس کو وکیل یا مختار اس کی پناہ تک پہنچائے تو انبیاء کرام اور اولیائے عظام کے پاس آنا حقیقت میں اللہ کی پناہ میں آنے کا ذریعہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی پوری بحث ایاک نستعین اور جاء وک کے تحت آئیگی۔

**اعوذ باللہ کے الفاظ** : امام ابو حنیفہ اور امام شافعی رحمتہ اللہ علیہما کے نزدیک اعوذ باللہ کے یہ الفاظ ہونے چاہئیں۔ **اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم** کیونکہ قرآن پاک میں انہی الفاظ کے ساتھ حکم دیا گیا ہے لیکن امام احمد رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس طرح پڑھنا بہتر ہے **اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم** اللہ امام ثوری اور امام اوزاعی فرماتے ہیں کہ اس طرح پڑھے **اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم اللہ ھو السمیع العلیم** اور بعض روایتوں میں آتا ہے کہ حضرت جبریل نے حضور علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ اس طرح پڑھئے **استعیذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم** لیکن حنفیوں کو چاہئے کہ پہلی اعوذ پڑھا کریں۔

**اعوذ باللہ کے نکتے** : اعوذ باللہ پڑھنے میں چند نکتے ہیں۔ پہلا نکتہ۔ اعوذ باللہ پڑھنا گویا خلق سے خالق کی طرف رجوع کرنا ہے اور یہ تصوف کی پہلی سیڑھی ہے۔ دوسرا نکتہ۔ اعوذ پڑھنے میں اپنی مجبوری اور بے بسی اور رب تعالیٰ کی قدرت کا اقرار ہے اور یہ نفس کے پہچاننے کی پہلی منزل ہے **من عرف نفسہ فقد عرف ربہ** تیسرا نکتہ۔ شیطان انسان کا دشمن ہے اور رب تعالیٰ انسان کا مولیٰ ہے مولیٰ کے پاس حاضری دینے میں دشمن راستہ قطع کرتا ہے تو انسان پکار کر عرض کرتا ہے کہ اے مولیٰ تو ہی مجھے شیطان سے بچالے اور اپنی بارگاہ میں حاضر فرمالے اور انسان تصوف کی منزل جب ہی طے کر سکتا ہے جب ادھر سے طلب ہو۔ چوتھا نکتہ۔ قرآن کریم فرماتا ہے کہ قرآن کو نہ چھوئیں مگر پاک لوگ تو قرآن پاک کی جلد کو پاک ہاتھ چھوئے اور قرآن پاک کی عبارت کو پاک زبان چھوئے اور قرآن پاک کے مضامین کو پاک دل چھوئے اور اعوذ زبان و دل کی طہارت ہے شرک کرنیوالا گویا قلبی جنبی ہے۔ اور گنہگار گویا قلبی بے وضو ہے اور اعوذ آب رحمت کا دریا ہے کوئی بھی آکر اس میں غوطہ لگائے پاک ہو جائے گا پانچواں نکتہ۔ مومن کا دل حق تعالیٰ کا تجلی گاہ ہے اور حق تعالیٰ کا باغ اور اس کا تخت ہے جیسا کہ حدیث قدسی میں آیا ہے اور جنت ہمارا باغ ہے حق تعالیٰ نے جنت سے ہماری وجہ سے شیطان کو نکالا اور فرمایا **اخرج منھا مذء وما مدحورا** لہٰذا لازم ہے کہ ہم حق تعالیٰ کے باغ یعنی اپنے دل سے اس کے لئے شیطان کو نکالیں کیونکہ میزبان کے لئے ضروری ہے کہ مہمان کی خاطر گھر صاف کرے مگر چونکہ ہم اس کے نکالنے پر مستقل قادر نہ تھے تو اس میں اس کی امداد لی اور پڑھا اعوذ باللہ چھٹا نکتہ۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے **الیہ یصعد الکلم الطیب** بارگاہ الٰہی میں پاک کلمے قبول ہوتے ہیں قرآن پاک کی ساری عبارت فی نفسہ پاک ہے لیکن اگر پڑھنے والا پاک نہ ہو تو اس کی گندگی کی وجہ سے یہ پڑھنا بارگاہ الٰہی میں قبول نہ ہو گا تو اعوذ سے اپنے آپ کو پاک کر کے اس کی تلاوت کو قابل قبول بناتا ہے اگر زیادہ تفصیل دیکھنا ہو تو "بستان التفاسیر" اور "تفسیر کبیر" اور "روح البیان" وغیرہ کا مطالعہ کرو۔

**اعوذ باللہ کے فضائل و فوائد** : **پہلی فضیلت**: تقریباً تمام انبیاء اور اولیاء نے مختلف عبارتوں سے اعوذ باللہ پڑھی ہے چنانچہ حضرت نوح علیہ السلام نے عرض کیا **انی اعوذ بک ان اسئلک ما لیس لی بہ علم** حضرت یوسف علیہ السلام

marfat.com
Marfat.com

نے زلیخا سے ارشاد فرمایا معا ذ اللہ انہ ربی اور اپنے بھائیوں سے فرمایا معاذ اللہ ان ناخذ الا من وجدنا الایہ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا اعوذ باللہ ان اکون من الجھلین اور فرمایا انی عذت بربی و ربکم ان ترجمون اور حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا انی اعیذھا بک و ذریتھا من الشیطن الرجیم اور حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت جبریل امین کو مرد کی شکل میں دیکھ کر فرمایا انی اعوذ بالرحمن منک الایہ ہمارے حضور علیہ السلام کو رب تعالیٰ نے بار بار اعوذ پڑھنے کا حکم دیا۔ کہیں فرمایا قل رب اعوذ بک من ھمزت الشیطن الخ کہیں فرمایا فاستعذ باللہ کہیں فرمایا قل اعوذ برب الفلق اور کہیں قل اعوذ برب الناس وغیرہ وغیرہ ان آیات سے معلوم ہوا کہ انبیاء کرام نے ہر مصیبت کے موقعہ پر اعوذ باللہ پڑھی ہے۔ دوسری فضیلت: احادیث شریفہ بھی اس بارے میں بہت وارد ہیں۔ چنانچہ ایک شخص پر غصہ بہت وارد تھا اور منہ سے جھاگ نکل رہے تھے حضور علیہ السلام نے فرمایا اگر یہ شخص اعوذ باللہ پڑھ لے تو اس کی یہ حالت دور ہو جائے معلوم ہوا کہ اعوذ پڑھنے سے غصہ دور ہوتا ہے جو ہزار گناہوں کی جڑ ہے۔ "بستان التفاسیر" میں ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص روزانہ دس بار اعوذ باللہ پڑھ لیا کرے حق تعالیٰ اس پر ایک فرشتہ مقرر فرمادیتا ہے جو کہ اس کو شیطان سے بچاتا ہے۔ "تفسیر روح البیان شریف" نے اسی اعوذ باللہ کی تفسیر میں فرمایا کہ حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو حضور قلب کے ساتھ اعوذ باللہ پڑھے تو رب اس کے اور شیطان کے درمیان تین سو پردے حائل کر دیتا ہے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اعوذ کو مختلف عبارتوں کے ساتھ بہت سے فائدوں کے لئے دعاؤں میں ورد فرمایا ہے چنانچہ مشکوۃ شریف میں استعاذہ (اعوذ پڑھنا) کا ایک باب باندھا ہے۔ چنانچہ جو شخص صبح و شام یہ پڑھے اعوذ بکلمات اللہ التامتہ من شرما خلق تو زہریلی چیزوں سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم امام حسن اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے لئے یہ دعا پڑھتے تھے اعیذ کما بکلمت اللہ التامتہ من شر کل شیطان و ھامتہ و من کل عین لامتہ اور فرماتے ہیں کہ میرے جد امجد حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے فرزندوں اسماعیل اور اسحاق علیہما السلام کو اس دعا سے تعویذ فرماتے تھے۔ (بستان التفاسیر) اس سے معلوم ہوا کہ اگر بچوں کو اس دعا کا تعویذ پہنایا جائے یا اس دعا سے دم کیا جائے تو انشاء اللہ وہ بچے ہر بلا سے محفوظ رہیں گے مشکوۃ شریف کے اسی باب میں ہے کہ حضور علیہ السلام پڑھا کرتے تھے اللھم انی اعوذبک من الھم و الحزن والعجز والکسل والجبن والبخل وضلع الدین وغلبتہ الرجال اس کا پڑھنے والا انشاء اللہ دنیوی رنج و غم اور مجبوری اور بزدلی اور قرض اور دشمنوں کے غلبے سے محفوظ رہے گا نیز حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ پڑھا کرتے تھے اللھم ان اعوذ بک من البرص والجنام والجنون و من سیء الاسقام انشاء اللہ تعالیٰ اس کا پڑھنے والا جذام اور دیوانگی اور بری مرض سے محفوظ رہے گا مشکوۃ شریف کے اسی باب میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شخص سو کر اٹھے تو یہ دعا پڑھ لیا کرے اعوذ بکلمات اللہ التامتہ من غضبہ و عقابہ و شر عبادہ و من ھمزت الشیطن و ان یحضرون سیدنا عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے سمجھدار بچوں کو یہ دعا حفظ کرا دیتے تھے اور نابالغ بچوں کے گلے میں اس کا تعویذ بنا کر ڈال دیتے تھے تعویذ لکھنے اور گلے میں ڈالنے کا ثبوت ہوا اس کی پابندی کرنے والا انشاء اللہ تعالیٰ جنات اور انسان کی شرارت اور رب تعالیٰ کے غضب سے محفوظ رہے گا غرض کہ اعوذ بہت سی دعاؤں میں کام آتا ہے۔ اگر اس کی زیادہ تحقیق

marfat.com

Marfat.com

منظور ہو تو مشکوۃ شریف باب الاستعاذہ کا مطالعہ کرو۔

**اعوذ باللہ کے متعلق فقہی مسائل :** تلاوت کرنے والے کے لئے تلاوت سے پہلے اعوذ باللہ پڑھنا سنت ہے اس طرح کہ اول اعوذ باللہ پڑھے پھر بسم اللہ۔ **مسئلہ:** مقتدی اعوذ نہ پڑھیگا کیونکہ وہ امام کے پیچھے قرات نہ کریگا **مسئلہ:** استاد کو قرآن سنانے والے کے لئے اعوذ پڑھنا سنت نہیں کیونکہ وہ تلاوت نہیں کر رہا بلکہ قرآن سیکھ رہا ہے۔ **مسئلہ:** عید کی نماز میں امام پہلی تکبیر کے بعد فقط **سبحانک اللھم** پڑھے اور چوتھی تکبیر کے بعد اعوذ باللہ پڑھ کر قرات شروع کرے کیونکہ یہی وقت قرات کا ہے۔ **مسئلہ:** بعض لوگوں کے نزدیک تلاوت کے وقت اعوذ باللہ پڑھنا واجب ہے اور بعض کے نزدیک تلاوت کے بعد پڑھنا واجب ہے وہ لوگ اس آیت کے ظاہری معنی پر عمل کرتے ہیں **فا ذا قرات القران فاستعذ باللہ** وہ کہتے ہیں کہ اس آیت میں قرآن پاک پڑھنے کے بعد اعوذ پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے اور خدا کے حکم پر عمل کرنا واجب ہے۔ تفسیر کبیر اعوذ کی بحث۔ لیکن صحیح پہلی بات ہے یعنی اعوذ پڑھنا قرآن پاک پڑھنے سے پہلے سنت ہے جیسے قرآن پاک فرماتا ہے۔ **اذا قمتم الی الصلوۃ فاغسلوا وجوھکم** الخ یعنی جب کھڑے ہو تم نماز کی طرف تو وضو کرلو مطلب یہ نہیں کہ نماز پڑھ کر وضو کرو بلکہ مطلب یہ ہے کہ جس وقت نماز کا ارادہ کرو اور وہی اس جگہ مراد ہے اسی طرح رب فرماتا ہے **فانکحو ما طاب لکم من النساء** دیکھو نکاح کرنے کا حکم قرآن پاک میں ہے لیکن بسا اوقات یہ نکاح سنت ہوتا ہے **مسئلہ:** بعض روایتوں میں آتا ہے کہ پہلی وحی میں حضرت جبریل امین نے حضور علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ اس طرح فرمایئے **استعیذ باللہ السمیع العلیم من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ اقرا باسم ربک الذی خلق** اس سے ظاہر یہ ہوتا ہے کہ اعوذ باللہ بھی قرآن پاک کی آیت ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ آیت نہیں بلکہ جبریل علیہ السلام نے برکت کے واسطے یہ پڑھائی۔ اور یہ آیت قرآن اقرا سے شروع ہوئی واللہ اعلم بالصواب

| |
|---|
| بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ * |
| ساتھ نام اللہ     بہت مہربان     رحمت والا |
| بہت مہربان رحمت والے اللہ کے نام سے شروع |

بسم اللہ کے متعلق چند باتیں غور کرنے کی ہیں ایک یہ کہ اس کا تعلق اعوذ باللہ سے کیا ہے۔ دوسرے یہ کہ اس میں نکات کیا ہیں تیسرے اس کے فضائل و فوائد کیا ہیں چوتھے اس کے متعلق فقہی مسائل۔

**تعلق :** بسم اللہ کا اعوذ باللہ سے دو طرح تعلق ہے ایک تو یہ کہ اعوذ باللہ میں ماسوی اللہ سے علیحدگی تھی اور بسم اللہ میں اللہ کی طرف توجہ اور ماسوی اللہ سے علیحدگی۔ توجہ الی اللہ سب پر مقدم ہے اس لئے اعوذ باللہ بسم اللہ پر مقدم ہے دوسرے یہ کہ اعوذ باللہ میں برے عقائد اور برے اعمال وغیرہ سے پرہیز ہے اور بسم اللہ میں اچھے عقائد اور اچھے اعمال وغیرہ کو رب سے حاصل کرنا ہے تو گویا وہ پرہیز کا تھا یہ علاج ہے اور پرہیز علاج پر مقدم ہے پہلے بیماری کو دفع کرو پھر مقویات کا استعمال کرو لہٰذا اعوذ پہلے

marfat.com

Marfat.com

پڑھو اور بسم اللہ بعد میں۔

**نکات** : بسم اللہ کے نکات میں دو قسم کے نکات ہیں ایک تو خود بسم اللہ۔ کہ ہر کام کے شروع میں کیوں پڑھی جاتی ہے دوسرے بسم اللہ کے الفاظ میں یعنی ب۔ اسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں کیا نکات ہیں پہلا نکتہ کفار عرب اپنے ہر کام کو بتوں کے نام سے شروع کرتے تھے چنانچہ کہا کرتے تھے کہ بسم اللات والعزیٰ لہٰذا ضروری ہوا کہ مومن مسلمان اپنے ہر کام کو اللہ کے نام سے شروع کرے تاکہ کفار کی مخالفت ظاہر ہو فائدہ اس سے معلوم ہوا کہ مسلمان کا ہر عمل کفار کے مخالف چاہیئے۔ ان سے محبت اور مشابہت بہت بڑی چیز ہے دوسرا نکتہ جس کام کی ابتداء اچھی ہو اس کی انتہا بھی اچھی ہوتی ہے بچے کے پیدا ہوتے ہی اس کے کان میں اذان کہی جاتی ہے تاکہ اس کی ابتداء اللہ کے نام پر ہو اور اس کی تمام زندگی بخیریت گزرے دکاندار دکان کی پہلی بکری ادھار نہیں کرتا بلکہ نقد پیسے مانگتا ہے تاکہ سارا دن تجارت کے لئے اچھا گزرے اسی طرح مسلمان کو ضروری ہے کہ اپنے ہر کام کی ابتداء اللہ کے نام سے کرے تاکہ بخیر و خوبی انجام کو پہنچے۔ (تیسرا نکتہ) سرکاری مال پر کوئی سرکاری علامت لگادی جاتی ہے تاکہ چور اس کو لیتے ہوئے خوف کرے اور چرا نہ سکے کیونکہ سرکاری مال کی چوری ایک قسم کی بغاوت ہے اسی طرح مسلمان کو چاہئے کہ اپنے ہر کام کے اول بسم اللہ پڑھ دے تاکہ یہ بسم اللہ رب العالمین کی نشانی بن جائے اور شیطان چور اس میں اپنا دخل نہ دے سکے اور حدیث پاک میں آتا بھی ہے کہ جس کام کے اول میں بسم اللہ نہ پڑھی جائے اس میں شیطان شریک ہو جاتا ہے اور بسم اللہ کے پڑھ لینے سے وہ کام شیطان سے محفوظ رہتا ہے اس کی پوری بحث بسم اللہ کے فوائد میں آئے گی چوتھا نکتہ آدمی جس کا ذکر کرتا ہے اس کو اسی کے ساتھ رکھا جاتا ہے انسان بسم اللہ پڑھے تو انشاء اللہ دونوں جہان میں رحمت الٰہی اس کے ساتھ رہے گی تفسیر کبیر شریف نے بسم اللہ کے ماتحت ایک روایت بیان فرمائی کہ ایک مرتبہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو اپنی انگوٹھی عطا فرمائی اور فرمایا کہ اس پر کسی نقاش سے لا الہ الا اللہ لکھوا دو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نقاش کے پاس لے گئے اور فرمایا کہ اس پر لکھ دے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ نقاش نے یہی لکھ دیا جب وہ انگوٹھی بارگاہ رسالت میں پیش ہوئی تو اس پر لکھا تھا لا الا الا اللہ محمد رسول اللہ ارشاد فرمایا اے ابوبکر یہ زیادتی کیسی؟ عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ کے نام کو تو میں نے بڑھایا تھا میں نے نہ چاہا کہ رب کے اور آپ کے نام میں جدائی ہو جائے (یعنی رب کا ذکر ہو اور آپ کا ذکر نہ ہو) لیکن اپنا نام میں نے نہیں بڑھایا یہ عرض معروض ہو رہی تھی کہ جبریل امین حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ صدیق کا نام میں نے لکھا ہے کیونکہ صدیق اس سے راضی نہ ہوئے کہ آپ کا نام خدا کے نام سے علیحدہ ہو خدا تعالیٰ اس سے راضی نہ ہوا کہ صدیق کا نام آپ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے علیحدہ ہو تو خدا پاک توفیق عطا فرمائے کہ ہم اس کا ذکر اس کے حبیب علیہ السلام کے ذکر کے ساتھ کیا کریں (پانچواں نکتہ) دنیا کے سارے کام حقیقت میں انسان کے لئے زہر قاتل ہیں کیونکہ یہ رب تعالیٰ سے غافل کرنے والے ہیں اور اس کا تریاق رب کا نام ہے تو جو انسان رب کے نام سے سارے کام شروع کرے گا خدا چاہے تو اس کا کوئی کام غفلت پیدا نہ کریگا (چھٹا نکتہ) جب کوئی فقیر کسی امیر کے دروازے پر جاتا ہے تو بھیک مانگنے کی غرض سے اس کی تعریف شروع کر دیتا ہے جس سے کہ امیر سمجھ جاتا ہے کہ یہ بھکاری ہے میری تعریفیں کر کے مجھ سے مانگنا چاہتا ہے تو گویا فقیر کا یہ کہنا کہ گھر والا بڑا سخی داتا ہے' مطلب اس کا یہ ہوتا ہے کہ کچھ دلواؤ اسی طرح جب انسان کوئی کام شروع کرتا ہے تو چاہتا ہے کہ رب تعالیٰ سے اس میں مدد مانگے اور اس کے پورا

marfat.com
Marfat.com

کرنے اور درست کرنے کی توفیق مانگے تو صاف صاف تو نہیں کہتا۔ رب کی تعریفیں کرتا ہے۔ اور اس سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ میرے اس نام لینے کی لاج تیرے ہاتھ ہے۔ تو ہی اس بیڑے کو پار لگانے والا ہے۔ فقیر حقیر احمد یار خان اپنے رب قدیر کی بارگاہ میں اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ پیش کرتا ہے کہ مولا! کہاں مجھ جیسا ضعیف البیان انسان اور کہاں تفسیر قرآن تیرے ہی نام سے اور تیرے ہی بھروسے پر اس کام کو شروع کیا ہے تو ہی اس کو درست فرمانے والا ہے اور بخیر و خوبی انجام پہنچانے والا ہے۔ (ساتواں نکتہ) انسان کو چاہئے کہ ہر وقت اپنی عاجزی اور کمزوری اور نیاز مندی اور رب تعالیٰ کی قدرت اور رحمت اور بے نیازی پر نگاہ رکھے تاکہ بڑے سے بڑا کام کرنے پر بھی اس کے دل میں یہ غرور پیدا نہ ہو کہ میں نے اتنا بڑا کام کر لیا بلکہ یہ خیال رہے کہ جو کچھ کیا رب نے کیا اس کا فضل تھا کہ مجھ سے کرا لیا اور یہ بات جب ہی حاصل ہو گی جب کہ ہر وقت مولا کی طرف دھیان رہے لہٰذا جب کہ ہر کام کے شروع ہی میں بسم اللہ پڑھ لے گا تو انشاء اللہ کبھی اس میں "میں" نہ پیدا ہو گی بلکہ "تو ہی تو" میں فنا رہے گا۔ بسم اللہ کے حروف کے نکات۔ بسم اللہ کو 'ب' سے شروع کیا گیا اور اسم کے الف کو گرا دیا حالانکہ اقرا باسم ربک میں اگرچہ الف پڑھنے میں نہیں آتا مگر لکھنے میں آتا ہے اس کی وجہ کیا ہے اس میں چند حکمتیں ہیں۔

حکمتیں: پہلی حکمت: انسان نے عالم ارواح میں پیدا ہو کر سب سے پہلے لفظ بلٰی بولا تھا یعنی رب تعالیٰ نے فرمایا کیا میں تمہارا رب نہیں، ہوں سب نے عرض کیا بلٰی یعنی ہاں ہے تو سب سے پہلے انسان کے منہ سے ب نکلی رب تعالیٰ نے اپنے کام کو ب سے شروع کیا تاکہ قرآن پاک پڑھتے ہی وہ عہد و میثاق یاد آ جائے۔ دوسری حکمت: خدا پاک کا نام بر اور بار اور باری بھی ہے۔ اور یہ ب سے شروع ہوتے ہیں تو گویا اس میں رب تعالیٰ کے بہت سارے ناموں کی طرف اشارہ بھی ہو گیا۔ تیسری حکمت: نحوی قاعدے سے ب ملانے کے لئے آتی ہے اور قرآن کی تلاوت کرنے والا بھی رب سے ملنا ہی چاہتا ہے اور الف بے تعلقی چاہتا ہے اس لئے وصل کی حالت میں گر جاتا ہے تو یہ چونکہ ملنے کا وقت ہے اس لئے ب سے ابتداء کی گئی۔ چوتھی حکمت: ب میں انکسار ہے اور الف میں بلندی ہے لکھنے میں اور بولنے میں بھی لہٰذا بندے کے اظہار عاجزی کے لئے ب ہی مناسب ہے اسم جہاں بسم اللہ کہا گیا باللہ نہ کہا گیا جس کے معنی یہ ہوئے کہ اللہ کے نام سے شروع کر رہا ہے کیونکہ ابھی بندے کی ابتدائی حالت ہے اولاً "نام تک تو پہنچ لے بعد کو ذات تک پہنچے گا۔ دوسرا نکتہ یہ ہے کہ اس میں اس جانب اشارہ ہے کہ جس طرح اللہ کی ذات سے برکت اور مدد حاصل کی جاتی ہے" اسی طرح اللہ کے نام یعنی لفظ اللہ سے بھی برکت اور مدد حاصل کی جا سکتی ہے حالانکہ لفظ اللہ رب نہیں یہ تو کچھ حروف کا مجموعہ ہے جب الف و لام و الف اور رہ سے مدد اور برکت لینا جائز ہے تو اللہ کے پیاروں سے مدد لینا بھی بدرجہ اولیٰ جائز ہے کیونکہ وہ ان حرفوں سے تو کم نہیں۔ نکتہ مجھ سے بعض بزرگوں نے فرمایا کہ اسم اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی نام پاک ہے جیسے کہ ذکر اللہ بھی حضور علیہ السلام کا نام ہے۔ دیکھو دلائل الخیرات شریف اور حضور علیہ السلام کو اسم اللہ اس لئے کہتے ہیں کہ اسم وہ ہوتا ہے جو ذات کو بتائے اور ذات پر دلالت کرے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی اللہ کی ذات کو ظاہر کیا رب تعالیٰ حضور علیہ السلام کا خالق ہے اور حضور علیہ السلام اس کے مظہر اتم۔

جب محمد ہوئے رسول اللہ تب کھلا لا الٰہ الا اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)

نیز یا قاعدہ نحوی اسم پر سارے فعل اعتماد کرتے ہیں اور وہ کسی پر اعتماد نہیں کرتا۔ دیکھو مارا کا اعتماد زید پر ہے نہ کہ زید کا اعتماد مارا پر یعنی زید ہو تو "مار" پائی جائے نہ یہ کہ مار فعل ہو تو زید پایا جائے اسی طریقے سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر

marfat.com
Marfat.com

سارے عالم کا اعتماد ہے بلکہ اعتماد کو بھی آپ پر اعتماد ہے لیکن آپ کو بجز پروردگار کی ذات کے کسی پر اعتماد نہیں۔ نیز بقاعدہ نحوی اسم فعل کا محتاج نہیں بلکہ فعل اسم کا حاجت مند ہے یعنی فعل بغیر اسم کے ملے ہوئے جملہ (پوری بات) نہیں بن سکتا اور اسم بغیر فعل کے جملہ بن سکتا ہے۔ اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عالم میں کسی کے حاجت مند نہیں بلکہ سارا عالم ان کا محتاج ہے کہ وہ نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ بقاعدہ تصوف کہاں کا اسم اور کہاں کا فعل یہ سب اعتبارات ہیں اصل حقیقت محمدیہ ہی ہے۔ یہ سب اس کے پرتو (سائے) ہیں اعلیٰ حضرت نے کیا خوب فرمایا۔

وہی جلوہ شہر بہ شہر ہے وہی اصل عالم و دہر ہے ۔۔۔ وہی بحر ہے وہی لہر ہے وہی پاٹ ہے وہی دھار ہے

پانی ایک ہی ہے مگر الگ الگ اعتبارات سے الگ الگ نام کنارہ' دھار' پاٹ' موج' نہر' نالہ' دریا' سمندر پھر فرماتے ہیں

وہ نہ تھا تو باغ میں کچھ نہ تھا' وہ نہ ہو تو باغ میں سب فنا!
وہی جان ہے جان سے ہے بقا وہی بن ہے بن ہی سے بار ہے

فرماتے ہیں۔

بادب جھکا لو سر ولا کہ میں نام لوں گل و باغ کا ۔۔۔ گل تر محمد مصطفیٰ چمن ان کا پاک دیار ہے!

یہ بہت اچھی تاویل ہے اور کسی قاعدہ شرعیہ کے خلاف نہیں۔ اب آگے جو الرحمان اور الرحیم آرہا ہے وہ یا تو اللہ کی صفت ہو یا لغوی معنی میں اسم اللہ کی یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ اور حضور علیہ السلام کو رحیم تو قرآن نے فرمایا ہے رہا لفظ رحمن اس کے متعلق گزارش یہ ہے کہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نے مدارج میں فرمایا کہ حضور تمام صفات الہیہ سے موصوف ہیں۔

نیز قرآن نے فرمایا **و ما ارسلنک الا رحمتہ للعلمین** "تفسیر کبیر" کے شروع میں بسم اللہ کے ماتحت ہے کہ حق تعالیٰ کے تین ہزار نام ہیں جن میں سے ایک ہزار کو ملائکہ جانتے ہیں۔ اور ایک ہزار صرف انبیاء کرام اور باقی ایک ہزار میں سے تین سو نام تورات شریف میں اور تین سو انجیل میں اور تین سو زبور میں اور ننانوے نام قرآن پاک میں ہیں اور ایک نام وہ ہے جس کو صرف حق تعالیٰ ہی جانتا ہے لیکن بسم اللہ میں حق تعالیٰ کے جو تین نام آئے ان تین میں ان تین ہزار کے معنی پائے جاتے ہیں لہٰذا جس نے ان تین ناموں سے حق تعالیٰ کو یاد کر لیا گویا اس نے تمام ناموں سے اس کو یاد کیا ان تمام ناموں میں لفظ اللہ حق تعالیٰ کا ذاتی نام ہے اور باقی اسمائے صفاتیہ ذاتی نام اسے کہتے ہیں جو کہ صرف ذات کو بتائے اور صفاتی نام وہ کہلاتے ہیں جو کہ ذات کے ساتھ صفت کی طرف بھی اشارہ کریں جیسے ایک آدمی کا نام عبداللہ خان ہے لیکن وہ مولوی بھی ہے اس واسطے اسے عالم کہتے ہیں اور چونکہ قرآن پاک بھی اس نے حفظ کیا ہے لہٰذا اسے حافظ بھی کہتے ہیں قرات بھی سیکھی ہے اس واسطے اس کو قاری بھی کہتے ہیں۔ زمین کا مالک بھی ہے لہٰذا اس کو زمیندار بھی کہتے ہیں تو عبداللہ تو اسکا ذاتی نام ہوا کیونکہ اس نے فقط اس کی ذات کو بتایا علم اور قرات اور حفظ وغیرہ کی طرف اشارہ نہ کیا اور دوسرے نام اس کے صفاتی نام ہیں اس طرح اللہ فقط اس کی ذات کو بتاتا ہے اور باقی علیم' قدیر' رحمان اور رحیم وغیرہ اس کی صفات کی طرف اشارہ کرتے ہیں اسم ذات کی پہچان چند ہیں ایک تو یہ کہ وہ نام نام والے کے ساتھ خاص ہو دوسرے کی اس میں شرکت نہ ہو۔ دیکھو جو بھی علم سیکھ لے اسے عالم اور جو بھی قرآن پاک حفظ کر

marfat.com
Marfat.com

لے اسے حافظ کہا جائے گا لیکن اس علم اور حفظ کی وجہ سے کسی کو عبداللہ خان نہ کہا جائے گا۔ اس لئے قرآن کریم میں حق تعالیٰ کے بعض صفاتی نام رؤف، رحیم وغیرہ غیر اللہ کے لئے بھی استعمال فرمائے گئے لیکن اللہ کسی کو نہ کہا گیا۔ دوسرے یہ کہ اسم ذات کبھی کسی اسم کی صفت بن کر نہیں آتا بلکہ صفتوں کا موصوف بن کر آتا ہے یہ کہہ سکتے ہیں کہ عبداللہ خان عالم، فاضل، حاجی، قاری ہیں یہ نہیں کہہ سکتے کہ حاجی صاحب عبداللہ خان ہیں اسی طرح قرآن پاک میں ہر جگہ لفظ اللہ موصوف بن کر تو آیا مگر کسی اسم کی صفت نہ بنا تیسری پہچان یہ ہے کہ اسماء صفات میں زیادتی کمی کا احتمال ہوتا ہے مگر اسم ذات میں یہ احتمال نہیں مثلاً یہ کہہ سکتے کہ فلاں شخص فلاں شخص سے زیادہ عالم ہے اس سے زیادہ قاری اس سے زیادہ مالدار لیکن یہ نہیں کہہ سکتے اس سے زیادہ عبداللہ ہے۔ اسی طرح حق تعالیٰ کے دوسرے بعض ناموں میں تفضیل وغیرہ کے صیغے بن سکتے ہیں مثلاً اللہ تعالیٰ عالم بھی اور علام بھی قادر اور قدیر بھی ہے لیکن لفظ اللہ کہ نہ تفضیل بنے نہ مبالغہ اور نہ صفت مشبہ وغیرہ اس فرق کا بہت خیال چاہئے۔ اس میں اختلاف ہے کہ اللہ کسی اور لفظ سے بنا ہے یا نہیں (مشتق ہے یا جامد) بعض علماء کرام فرماتے ہیں کہ یہ مشتق ہے اور بعض کہتے ہیں کہ جامد مشتق کہنے والے فیصلہ یقینی نہ کر سکے کہ کس لفظ سے مشتق ہے بعض نے فرمایا کہ الہ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں سکون اور چین اور قرار چونکہ حق تعالیٰ کے ذکر سے سب کو چین اور قرار آتا ہے اس لئے اس کا نام اللہ ہے۔ یا اس لئے کہ ہر ممکن چیز واجب پر ختم ہوتی اور قرار پکڑتی ہے تو تمام عالم کے متعلق سوال ہو سکتا ہے کہ اس کو کس نے بنایا لیکن اللہ کے متعلق یہ سوال نہیں ہو سکتا کہ اس کو کس نے بنایا۔ بعض نے فرمایا ہے کہ لفظ ولہ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں حیرانی چونکہ تمام مخلوق اس کی ذات و صفات میں حیران ہے محرومین تو جہالت کی تاریکیوں میں پھنسے ہیں اور واصلین الی اللہ بجز تجلیات نورانی کچھ نہ پا سکے اور اس کی حقیقت کو نہ پہنچ سکے کہ آفتاب۔۔۔

حیرت اندر حیرت آمد حیرت اندر حیرت است ہست یا حیرت سراپا کار در سرکار ما!

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ یہ لاالہ سے مشتق ہے۔ جس کے معنی ہیں بلندی چونکہ حق تعالیٰ کی ذات تمام ممکنات سے بلند و بالاتر ہے اس لئے اس کو اللہ کہا جاتا ہے بعض کہتے ہیں لاہ سے بنا ہے۔ جس کے معنی حجاب کے ہیں (یعنی پردہ) چونکہ حق تعالیٰ کی ذات نظر، خیال، گمان، وہم، عقل، سب سے وراء ہے اس لئے اسے اللہ کہتے ہیں شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے فرمایا۔

اے برتر از قیاس و خیال و گمان و وہم و زہرچہ گفتہ اند و شنیدیم و خواندہ ایم

لطف یہ ہے کہ اللہ کی ذات زیادتی ظہور کی وجہ سے چھپ گئی اور کمال نور کی وجہ سے نظر نہ آسکی۔

بے حجابی یہ کہ ہر ذرہ میں جلوہ آشکار اس پہ گھونگٹ یہ کہ صورت آج تک نادیدہ ہے

بعض فرماتے ہیں کہ لفظ اللہ اس الہ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں عاجزی و زاری کرنا ہے چونکہ تمام بندے اس کی بارگاہ میں عاجزی اور زاری کرتے ہیں لہٰذا اسے اللہ کہتے ہیں کبھی کبھی انسان اسباب پر نظر کر لیتا ہے لیکن پھر اس کی انتہا مسبب الاسباب پر ہی ہوتی ہے۔ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ لفظ اللہ اس الہ سے مشتق ہے۔ جس کے معنی ہیں گھبرا کر آنا چونکہ تمام مخلوق ہر مصیبت میں آخر کار رب کی طرف پناہ پکڑتی ہے اس لئے اس کا نام اللہ ہے صاحب تفسیر کبیر نے اسی معنی کے ماتحت فرمایا کہ مقروض قرض خواہ کو دیکھ کر بھاگتا ہے۔ لیکن پروردگار ایسا کریم ہے کہ اس کے مقروض بندے اسی کی بارگاہ کی طرف بھاگتے ہیں۔ بلکہ وہ خود بلا رہا ہے فرماتا ہے ففروا الی اللہ (بھاگ کر آؤ اللہ کی طرف) بادشاہ و مالدار فقراء سے اپنے دروازے بند

marfat.com
Marfat.com

کرتے ہیں تاکہ فقیر ہمارے پاس نہ آئیں لیکن رب تعالیٰ وہ غنی ہے جس کا دروازہ ہر وقت ہر ایک کے لئے کھلا ہے اور تو بھگاتے ہیں مگر وہ اپنے دروازے کی طرف بلاتا ہے۔ فرماتا ہے ادعونی استجب لکم (اے بندو! مجھ سے مانگو میں تمہاری بات مانوں گا)

حکایت: دو بھائی تھے ایک متقی پرہیزگار دوسرا فاسق و بدکار جب فاسق مرنے لگا تو متقی بھائی نے کہا دیکھا تجھے میں نے بہت سمجھایا مگر تو اپنے فسق و فجور سے باز نہ آیا اب بول تیرا کیا حال ہوگا اس نے جواب دیا کہ اگر قیامت کے روز میرا رب میرا فیصلہ میری ماں کے سپرد کر دے تو بتاؤ کہ ماں مجھے کہاں بھیجے گی۔ دوزخ میں یا جنت میں پرہیزگار بھائی نے کہا کہ ماں تو واقعی جنت میں بھیجے گی گنہگار نے جواب دیا کہ میرا رب میری ماں سے زیادہ مہربان ہے یہ کہا اور انتقال ہو گیا۔ بڑے بھائی نے خواب میں اسے نہایت خوشحال دیکھا۔ مغفرت کی وجہ پوچھی کہا کہ میری اسی مرتے وقت کی بات نے میرے تمام گناہ بخشوا دیئے۔

ہم گنہ گاروں پہ تیری مہربانی چاہئے　　　سب گنہ دھل جائیں گے رحمت کا پانی چاہئے

اسی وجہ سے اس کو اللہ کہتے ہیں لیکن حق یہ ہے کہ لفظ اللہ کسی لفظ سے مشتق نہیں جیسے اس کی ذات کسی سے نہیں بنی ایسے ہی اس کا نام کسی لفظ سے نہیں بنا سبحان اللہ جب اس کے نام میں اتنی حیرانی ہے تو کون دعویٰ کر سکتا ہے کہ میں نے رب کی حقیقت کو پالیا۔

**لفظ اللہ کی خصوصیات:** تفسیر کبیر شریف میں بسم اللہ کی تفسیر میں فرمایا کہ لفظ اللہ میں چند خصوصیتیں ہیں ایک یہ کہ لفظ اللہ رب کی ذات پر دلالت کرنے میں حرفوں کا محتاج نہیں الف کو گرا دو تو للہ رہتا ہے۔ وہ بھی ذات کو بتا رہا ہے حق تعالیٰ فرماتا ہے وللہ جنود السموات والارض اگر اس کا پہلا لام بھی گرا دو تو لہ کی شکل پر رہتا ہے یہ بھی اسی ذات کو بتا رہا ہے فرماتا ہے لہ الملک ولہ الحمد اگر دوسرا لام بھی گرا دیں تو فقط ھا باقی رہتا ہے۔ وہ بھی ذات کو بتا رہا ہے۔ لا الہ الا ھو جس طرح سے کہ اس کا نام حروف کا محتاج نہیں ایسے ہی اس کی ذات کسی کی محتاج نہیں۔ دوسری خصوصیت یہ ہے کہ خدا کے دوسرے اسما خاص خاص صفتوں پر دلالت کرتے ہیں لیکن لفظ اللہ ساری صفتوں پر جس نے اللہ کہہ کر پکار لیا اس نے گویا ساری صفتوں سے پکارا کیونکہ اللہ وہی ہے جس میں ساری صفتیں موجود ہوں۔ تیسری خصوصیت یہ ہے کہ کلمہ طیبہ میں لفظ اللہ ہی داخل ہے جس کو پڑھ کر کافر مومن بنتا ہے اگر کوئی لا الہ الا الرحمان کہہ دے یا اس کے دیگر سارے اسموں سے کلمہ پڑھ لے مومن نہ ہوگا مگر لا الہ الا اللہ کہتے ہی دولت ایمان سے مالا مال ہو جاتا ہے۔ لفظ محمد میں قریب قریب یہ ساری خصوصیتیں موجود ہیں اور اس میں بہت عجیب عجیب نکات موجود ہیں لیکن یہاں اس کے بیان کا موقع نہیں صرف ایک نکتہ عرض کرتا ہوں لفظ "اللہ" بولو تو ہونٹ ملتے نہیں۔ مگر لفظ "محمد" کے بولتے ہی نیچے کا ہونٹ اوپر والے سے دوبارہ مل جاتا ہے معلوم ہوا کہ ان کا نام نیچوں کو اوپر والے سے ملانے والا ہے اور ان کی ذات مخلوق کو خالق سے ملانے والی ہے تو ان کا نام ان کے کام کو بتا رہا ہے صلی اللہ علیہ وسلم اس کی خصوصیات انشاء اللہ کسی اور جگہ بیان کی جائے گی الرحمان الرحیم لفظ رحمان اور رحیم 'رحم' سے بنا ہے اور رحم کے معنی ہیں دل کا نرم ہونا اور کسی پر مہربانی کرنا عورت کی بچہ دانی کو اس لئے رحم کہتے ہیں کہ وہ اپنے پیٹ کے بچے پہ بہت مہربان ہوتی ہے اور بچہ اس سے بہت انس رکھتا ہے۔ نیز جن لوگوں کا آپس میں رحمی رشتہ ہوتا ہے۔ وہ بھی ایک دوسرے پر مہربان ہوتے ہیں۔ بھائی' بھتیجے بھانجے یہ سب ایک دوسرے کے ساتھ محبت کا برتاؤ کرتے ہیں۔ اسی لئے انہیں ذی رحم کہتے ہیں۔ مگر حق تعالیٰ چونکہ دل وغیرہ سے پاک ہے اس لئے یہاں اس کے یہ معنی ہوں گے کہ فضل و احسان فرمانے والا۔ اب رحمان و رحیم کے معنی میں چند

marfat.com
Marfat.com

طرح کا فرق ہے۔ ایک تو یہ کہ رحمان کے معنی سب پر عام رحم فرمانے والا اور رحیم کے معنی خاص خاص پر خاص رحم فرمانے والا۔ دیکھو ہوا' پانی' سورج کی روشنی وغیرہ بلا فرق سب کو عطا فرمائی۔ یہاں رحمانیت کی جلوہ گری ہے۔ لیکن حکومت' دولت' ولایت' نبوت یہ سب کو نہ دیئے بلکہ خاص خاص کو دیئے۔ ان میں رحیم کے معنی کا ظہور ہے دوسرے یہ کہ دنیا میں دوست اور دشمن مسلمان اور کافر سب کو اپنی رحمتوں سے نوازڈالا یہاں صفت رحمان کا ظہور ہے مگر آخرت میں خاص خاص مسلمانوں پر رحم اور دشمنوں پر قہر ہو گا تو وہاں صفت رحیم کا ظہور ہو گا تیسرا اس طرح کہ بڑی بڑی نعمتیں سلطنت' حکومت' زمین' جنت اسی سے مانگی جاتی ہے اور وہی دیتا ہے اور چھوٹی چھوٹی نعمتیں بھی اس سے طلب کی جاتی ہیں۔ حتیٰ کہ اگر کسی کے جوتے کا تسمہ بھی ٹوٹ جائے تو وہ بارگاہ الٰہی میں عرض کرے کہ خدایا میرا تسمہ ٹوٹ گیا تو عطا فرما تو بڑی نعمتوں کے لحاظ سے رحمان اور چھوٹی نعمتوں کے لحاظ سے رحیم اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ اگر بڑے بادشاہ سے چھوٹی چیز مانگی جائے تو اس کو ناگوار ہوتی ہے کہ اس میں میری توہین ہو گئی اور اگر معمولی مال دار سے بڑی چیز مانگی جائے تو وہ اس کے دینے سے عاجز ہوتا ہے یہ رب تعالیٰ کی ہی شان ہے جو چھوٹی بڑی ہر چیز عطا فرماتا ہے اور کسی چیز کے مانگنے میں ناراض نہیں ہوتا۔ چوتھا فرق یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے بعض نعمتیں بلاواسطہ اور بعض کسی واسطے سے عطا فرمائی ہیں۔ دیکھو ہم کو جان ملی بغیر ماں باپ کے وسیلے سے مگر جسم اور جسم کی ضروریات ماں باپ اور دوسرے بندوں کے واسطے سے ملی ہیں۔ اسی طرح پانی' ہوا' دھوپ اور چاندنی وغیرہ بغیر کسی واسطے کے عطا فرمائی گئیں۔ لیکن غذا اور لباس وغیرہ بندوں کے واسطے سے عطا فرمایا تو بلاواسطہ نعمتوں کے لحاظ سے اس کو رحمان اور بالواسطہ کے لحاظ سے رحیم کہا جاتا ہے پانچواں فرق یہ ہے کہ رب تعالیٰ نے بعض نعمتیں ہمیشہ کے لئے عطا فرمائیں جیسے جان اور ایمان اور عبادت اور نیکیاں اور آخرت کی نعمتیں اور بعض نعمتیں عارضی ہیں جو چند روز کے لئے عطا فرمائی گئیں بعد میں ہمارے پاس نہ رہیں گی جیسے کہ دنیوی زندگی کی ضروریات وغیرہ پہلی نعمتوں کے لحاظ سے اس کا نام رحمان اور دوسری نعمتوں کے لحاظ سے رحیم نکتہ:- حق تعالیٰ نے بسم اللہ میں اپنے اسم ذات کے ساتھ رحمت کی دو صفتوں کو بیان فرمایا اس لئے کہ اللہ کے نام میں ہیبت تھی اور رحمان اور رحیم میں رحمت۔ اللہ کا نام سن کی نیک بندوں کو بھی کچھ عرض معروض کرنے کی جرات نہ ہوتی تھی لیکن رحمان اور رحیم سن کر ہر مجرم اور خطاکار کو بھی عرض کرنے کی ہمت پڑی اور حقیقت بھی یہی ہے کہ اس کے جلال کے مقابلے میں کون دم مار سکتا ہے اور ظہور جمال کے وقت ہر ایک ناز کر سکتا ہے۔ تفسیر کبیر شریف میں اس کے ماتحت ایک عجیب حکایت لکھی ہے کہ ایک سائل ایک بہت بڑے مالدار کے عظیم الشان دروازے پر آیا اور کچھ سوال کیا مکان میں سے معمولی سی چیز آئی۔ فقیر نے لے لی اور چلا گیا دوسرے دن ایک بہت مضبوط پھاوڑا لے کر آیا اور دروازہ کھودنے لگا مالک نے پوچھا یہ کیا کرتا ہے فقیر نے کہا یا تو عطا کو دروازے کے لائق کر یا دروازہ عطا کے لائق کر یعنی جب دروازہ اتنا بڑا بنایا ہے تو ضروری ہے کہ بڑے دروازے سے بڑی ہی بھیک ملا کرے کیونکہ عطا دروازے اور نام کے لائق ہونی چاہئے۔ ہم فقیر گنہ گار بندے بھی عرض کرتے ہیں اے مولا! ہم کو ہمارے لائق نہ دے بلکہ اپنے جودو سخا کے لائق دے۔ بیشک ہم گنہ گار ہیں لیکن تیری غفاری ہماری گنہ گاری سے بڑی ہے۔۔

گنہ رضا کا حساب کیا وہ اگرچہ لاکھوں سے ہیں سوا
مگر اے عفو تیرے عفو کا نہ حساب ہے نہ شمار ہے

حق تعالیٰ کے نام ہیں توفیقی یعنی شریعت میں جو نام ہے اسی نام سے اس کو یاد کیا جائے اپنی طرف سے حق تعالیٰ کا نام تجویز نہیں کیا جا سکتا للہٰذا خدا کو رام یا پرمیشور یا گاڈ وغیرہ نہیں کہا جا سکتا کیونکہ یہ نام شریعت سے ثابت نہیں ہاں خدا کی صفتوں

marfat.com
Marfat.com

کو اپنی زبان سے جس طرح چاہئیں بیان کریں۔ مثلاً اس کو پروردگار یا خدا یا اللہ پاک کہیں یہ الفاظ رب کے نام نہیں بلکہ اس کی صفات کے ترجمے ہیں لفظ خدا مالک کا ترجمہ ہے اور پروردگار رب کا۔

**بسم اللہ کے فضائل اور فوائد** : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے فضائل و فوائد بے شمار ہیں جن میں سے کچھ عرض کئے جاتے ہیں ایک یہ کہ پاک کی کنجی ہے بلکہ ہر دنیوی اور دینی جائز کام کی بھی کنجی ہے کہ جو کام اس کے بغیر کیا جائے ناقص رہتا ہے دوسرے یہ کہ تفسیر روح البیان شریف نے بسم اللہ کے ماتحت ایک حدیث نقل فرمائی کہ جب حضور علیہ السلام معراج میں تشریف لے گئے اور جنتوں کی سیر فرمائی تو وہاں چار نہریں ملاحظہ فرمائیں ایک پانی کی' دوسری دودھ کی' تیسری شراب کی اور چوتھی شہد کی۔ جبریل امین سے دریافت کیا کہ یہ نہریں کہاں سے آرہی ہیں حضرت جبریل امین نے عرض کیا کہ مجھے اس کی خبر نہیں دوسرے فرشتے نے عرض کیا کہ ان چاروں کا چشمہ میں دکھاتا ہوں ایک جگہ لے گیا وہاں ایک درخت تھا جس کے نیچے ایک عمارت بنی ہوئی تھی اور دروازے پر قفل پڑا تھا اور اس کے نیچے سے یہ چاروں نہریں نکل رہی تھیں ارشاد فرمایا دروازہ کھولو' عرض کیا اس کی چابی میرے پاس نہیں بلکہ آپ کے پاس ہے یعنی بسم اللہ الرحمان الرحیم حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بسم اللہ پڑھ کر قفل کو ہاتھ لگایا دروازہ کھل گیا اندر جا کر ملاحظہ فرمایا کہ اس عمارت میں چار ستون ہیں اور ہر ستون پر بسم اللہ لکھی ہے اور بسم اللہ کے میم سے پانی جاری ہے اللہ کی ہ سے دودھ جاری ہے' رحمان کی میم سے شراب اور رحیم کی میم سے شہد اندر سے آواز آئی۔ "اے محبوب علیہ السلام! آپ کی امت میں سے جو شخص بسم اللہ الرحمان الرحیم پڑھے' وہ ان چاروں کا مستحق ہو گا"۔ تیسرے یہ کہ تفسیر کبیر شریف میں اسی بسم اللہ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ فرعون نے خدائی کے دعوے سے پیشتر ایک مکان بنایا تھا اور اس کے بیرونی دروازے پر بسم اللہ لکھی تھی۔ جب دعویٰ خدائی کیا اور موسیٰ علیہ السلام نے اس کو تبلیغ اسلام کی اور اس نے قبول نہ کی تو موسیٰ علیہ السلام نے اس کے حق میں بددعا کی وحی آئی۔ اے موسیٰ (علیہ السلام) یہ ہے تو اسی قابل اس کو ہلاک کر دیا جائے لیکن اس کے دروازے پر بسم اللہ لکھی ہے۔ جس کی وجہ سے وہ عذاب سے بچا ہوا ہے"۔ اسی وجہ سے فرعون پر گھر میں عذاب نہ آیا بلکہ وہاں سے نکال کر دریا میں ڈبویا گیا سبحان اللہ! جب ایک کافر گھر بسم اللہ کی وجہ سے عذاب سے بچ گیا تو اگر کوئی مسلمان اس کو اپنے دل و زبان پر لکھ لے تو کیوں نہ عذاب الٰہی سے محفوظ رہے۔ مگر خیال رہے کہ ان الفاظ کی بے ادبی نہ ہونے پائے۔

تفسیر عزیزی میں بسم اللہ کے فوائد میں لکھا ہے کہ ایک ولی اللہ نے مرتے وقت وصیت کی تھی کہ میرے کفن میں بسم اللہ لکھ کر رکھ دینا لوگوں نے اس کی وجہ پوچھی تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ قیامت کے دن میری دستاویز ہو گی جس کے ذریعہ سے میں رحمت الٰہی کی درخواست کروں گا تفسیر کبیر وغیرہ میں ہے کہ بسم اللہ میں انیس حروف ہیں اور دوزخ پر عذاب کے فرشتے بھی انیس ہیں پس امید ہے کہ اس کے ایک ایک حرف کی برکت سے ایک ایک فرشتے کا عذاب دور ہو جائے۔ دوسری خوبی یہ ہے کہ دن رات میں چوبیس گھنٹے ہیں جن میں سے پانچ گھنٹے پانچ نمازوں نے گھیر لئے۔ اور انیس گھنٹوں کے لئے بسم اللہ کے انیس حروف عطا فرمائے گئے جو بسم اللہ کا ورد کرتا ہے انشاء اللہ اسکا ہر گھنٹہ عبادت میں شمار ہو گا اور ہر وقت کے گناہ معاف ہوں گے۔

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ کے فوائد : بسم اللہ کے بے شمار فائدے ہیں جن میں سے ہم کچھ تھوڑے "تفسیر کبیر" اور "تفسیر عزیزی" وغیرہ سے نقل کرتے ہیں۔ پہلا فائدہ: جو شخص اپنی بیوی کے پاس جاتے وقت بسم اللہ پڑھ لے تو اس میں شیطان شریک نہ ہو گا اور اگر اس صحبت سے حمل قائم ہو جائے تو اس حمل کا بچہ اپنی زندگی میں جس قدر سانس لے گا اس قدر اس کے باپ کے اعمال میں نیکیاں لکھی جائیں گی جو شخص کسی جانور پر سوار ہوتے وقت بسم اللہ اور الحمد للہ پڑھ لے تو اس جانور کے ہر قدم پر اس سوار کے حق میں ایک نیکی لکھی جائے گی جو شخص کشتی میں سوار ہوتے وقت بسم اللہ اور الحمد للہ پڑھ لے جب تک وہ اس میں سوار رہے گا اس کے واسطے نیکیاں لکھی جائیں گی جو بیمار بسم اللہ کہہ کر دوا پئے انشاء اللہ دوا فائدہ دیگی۔ حکایت: ایک بار حضرت موسیٰ علیہ وسلم کے پیٹ میں نہایت سخت درد ہوا حق تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا ارشاد ہوا کہ جنگل کی فلاں بوٹی کھاؤ چنانچہ آپ نے کھائی اور فوراً آرام ہو گیا کچھ دنوں بعد پھر وہی بیماری ہوئی موسیٰ علیہ السلام نے پھر وہی استعمال کی مگر درد میں زیادتی ہو گئی جناب باری میں عرض کیا کہ الٰہی یہ کیا بھید ہے کہ دوا ایک تاثیر دو کہ پہلی بار اس نے شفا دی اور اس دفعہ بیماری بڑھائی ارشاد الٰہی ہوا کہ اے موسیٰ اس بار تم میری طرف سے بوٹی کے پاس گئے تھے اور اس دفعہ اپنی طرف سے۔ اے موسیٰ! شفا تو میرے نام میں ہے میرے نام کے بغیر دنیا کی ہر چیز زہر قاتل ہے اور میرا نام اس کا تریاق ہے حکایت حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک قبر پر گزرے دیکھا کہ اس میت پر عذاب ہو رہا ہے یہ دیکھ کر چند قدم آگے تشریف لے گئے اور وہاں سے استنجا کر کے واپس آئے اب جو اس قبر پر گزرے تو ملاحظہ فرمایا کہ اس قبر میں نور ہی نور ہے اور وہاں رحمت الٰہی کی بارش ہو رہی ہے۔ آپ بہت حیران ہوئے اور بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ مجھے اس کا بھید بتایا جائے ارشاد ہوا کہ روح اللہ یہ سخت گنہ گار اور بدکار تھا اس وجہ سے عذاب میں گرفتار تھا لیکن اس نے اپنی بیوی حاملہ چھوڑی تھی اس کے لڑکا پیدا ہوا اور آج اس کو مکتب میں بھیجا گیا۔ استاد نے اس کو بسم اللہ پڑھائی ہمیں حیا آئی کہ میں زمین کے اندر اس شخص کو عذاب دوں کہ جس کا بچہ زمین پر میرا نام لے رہا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ بچوں کی نیکی سے ماں باپ کی نجات ہو جاتی ہے۔ تفسیر عزیزی میں ہے کہ جس شخص کو کوئی سخت مصیبت پیش آجائے تو وہ بسم اللہ بارہ ہزار دفعہ اس طرح پڑھے کہ ایک ہزار بسم اللہ پڑھ کر دو رکعت نفل پڑھے پھر ہر ہزار پر دو نفل پڑھتا جائے اس کے بعد دعا مانگے انشاء اللہ اس کی دعا قبول ہو گی جس شخص کو کوئی سخت مشکل در پیش ہو تو وہ یہ عبارت ایک پرچہ میں لکھے۔ **بسم اللہ الرحمان الرحیم - من العبد الذلیل الی الرب الجلیل رب انی مسنی الضر و انت ارحم الرحمین** پھر یہ پرچہ کسی بہتے ہوئے پانی میں ڈال دے اور ڈال کر یہ دعا پڑھے **اللھم بمحمد و الہ الطیبین الطاھرین و اصحابہ المرشد ین اقض حاجتی یا اکرم الا کرمین** جو شخص پاخانہ جاتے وقت بسم اللہ پڑھ لے اس کا جنات ستر نہ دیکھ سکیں گے حضرت نوح علیہ السلام نے کشتی میں سوار ہوتے وقت پڑھا تھا۔ **بسم اللہ مجرلھا و مرسھا ان ربی لغفور رحیم** اس وجہ سے بیڑا پار ہوا تو جو شخص کشتی میں سوار ہوتے وقت یہ دعا پڑھ لے تو خدا چاہے تو وہ ڈوبنے سے بچے گا جب آدمی بسم اللہ سے بیڑے پار لگتے ہیں تو پوری بسم اللہ میں کیا کیا برکتیں ہوں گی حضرت سلیمان علیہ السلام نے جب بلقیس کو پہلا خط لکھا تو اس میں لکھا کہ **انہ من سلیمان و انہ بسم اللہ الرحمان الرحیم** اس کی برکت سے بلقیس ان کے نکاح میں آئی اور اس کا پورا ملک یمن حضرت سلیمان علیہ السلام کے قبضے میں آیا غور تو کرو کہ سورۃ توبہ میں بسم اللہ نہیں لکھی گئی۔ اسی طرح ذبح کے وقت پوری بسم اللہ نہیں پڑھتے بلکہ یوں کہتے ہیں بسم اللہ اللہ اکبر اس میں کیا

marfat.com
Marfat.com

حکمت یہ ہے کہ سورۃ توبہ میں اول سے آخر تک جہاد اور قتال کا ذکر ہے اور یہ کافروں پر قہر ہے۔ اسی طرح ذبح میں جانور کی جان لی جاتی ہے یہ بھی جبر و قہر کا وقت ہوتا ہے۔ اس وقت رحمت کا ذکر نہ کرو۔ سبحان اللہ تو جو شخص پوری بسم اللہ کا ورد کرے تو انشاء اللہ خدا کے غضب سے محفوظ رہے گا۔

حضرت خالد ابن ولید رضی اللہ عنہ کے پاس کوئی شخص زہر لایا اور کہا کہ اگر آپ اس زہر کو پی کر صحیح سلامت رہیں تو ہم جان لیں کہ اسلام سچا ہے آپ نے بسم اللہ کہہ کر وہ زہر پی لیا اور خدا کے فضل سے کچھ اثر نہ ہوا وہ شخص یہ دیکھ کر اسلام لے آیا۔ بادشاہ روم ہرقل نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں خط لکھا کہ مجھے درد سر کی بہت شکایت ہے کچھ علاج کیجئے۔ آپ نے اس کے پاس ایک ٹوپی بھیج دی۔ جب بادشاہ وہ ٹوپی اوڑھتا تھا درد جاتا رہتا تھا اور جب اتار دیتا تھا درد شروع ہو جاتا تھا۔ اس کو سخت تعجب ہوا۔ اس نے ٹوپی کو کھلوایا۔ دیکھا تو اس میں ایک پرچہ لکھا تھا جس میں بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھا تھا۔ غرض یہ کہ بسم اللہ میں بے شمار فائدے ہیں۔

اعتراض: بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہم تو بسم اللہ ہزاروں بار پڑھتے ہیں مگر کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بسم اللہ پڑھ کر زہر پی لیا لیکن اگر ہم بسم اللہ پڑھ کر کوئی بھاری غذا بھی کھالیں تو نقصان پہنچا دیتی ہے۔ جواب: تمام دعائیں اور وظیفے مثل کارتوس کے ہیں اور پڑھنے والے کی زبان بندوق کارتوس یقیناً شیر کو مارتا ہے مگر کب' جب کہ اچھی رائفل سے استعمال کیا جائے۔ دعائیں تو وہی ہیں لیکن ہماری زبانیں صحابہ کرام کی سی نہیں ہم اس زبان سے روزانہ جھوٹ' غیبت وغیرہ بکتے رہتے ہیں پھر وہ تاثیر کہاں سے آئے۔ اگر قرآن پاک کی تاثیر دیکھنی ہے تو اچھی زبان پیدا کرو۔

**بسم اللہ کے مسائل :** بسم اللہ قرآن پاک کی پوری آیت ہے۔ مگر کسی سورت کا جزو نہیں بلکہ سورتوں میں فاصلہ کرنے کے لئے اتاری گئی ہے۔ اسی لئے نماز میں اس کو آہستہ ہی پڑھتے ہیں ہاں جو حافظ تراویح میں پورا قرآن پاک ختم کرے وہ ضرور کسی نہ کسی سورت کے ساتھ ایک بار بسم اللہ زور سے پڑھے۔ مسئلہ: سوا سورۂ توبہ کے باقی ہر سورت بسم اللہ سے شروع کرے۔ لیکن اگر کوئی شخص سورہ توبہ سے ہی تلاوت شروع کرے تو وہ تلاوت کے لئے بسم اللہ پڑھ لے۔ مسئلہ: ہر جائز کام کا بسم اللہ سے شروع کرنا مستحب ہے ناجائز کام پر بسم اللہ پڑھنا منع ہے اگر کوئی شخص بسم اللہ کہہ کر شراب پئے' چوری کرے' غیبت کرے جھوٹ بولے تو کفر کا اندیشہ ہے۔ شامی میں ہے کہ حقہ پیتے وقت اور بدبودار چیزیں (جیسے پیاز' لہسن وغیرہ) کھاتے وقت بسم اللہ نہ پڑنا بہتر ہے۔ مسئلہ: ننگے ہو کر' پاخانہ میں پہنچ کر بسم اللہ پڑھنا منع ہے۔ مسئلہ: نمازی نماز میں جب کوئی سورت پڑھے' آہستہ سے بسم اللہ پڑھنا مستحب۔ مسئلہ: جو جائز کام بھی بغیر بسم اللہ کے شروع کیا جائے گا اس میں برکت نہ ہو گی۔ مسئلہ: جب مردہ کو قبر میں اتارا جائے تو اتارنے والے یہ پڑھتے جائیں بسم اللہ وعلی ملة رسول اللہ۔ مسئلہ: جمعہ' عیدین' نکاح' وعظ وغیرہ کا خطبہ الحمد للہ سے شروع کیا جائے یعنی بسم اللہ آہستہ پڑھی جائے پھر جب قرآن پاک کی آیت آئے تب بلند آواز سے بسم اللہ پڑھی جائے۔ مسئلہ: جانور کو ذبح کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا واجب ہے کہ اگر جان بوجھ کر چھوڑ دیا تو جانور مردار ہو گا اگر بھولے سے چھوٹ گئی تو جانور حلال ہے۔ مسئلہ: اگر شکاری تیر یا بھالا وغیرہ دھار دار چیز سے شکار کرے اور یہ چیزیں پھینکتے وقت بسم اللہ پڑھ لے تو اگر جانور اس کے پاس پہنچتے پہنچتے مر بھی گیا تب بھی حلال ہو گا۔ یونہی اگر پالتو جانور قبضے سے نکل گیا۔ مثلاً گائے کنوئیں میں گر گئی یا اونٹ بھاگ گیا تو بسم اللہ کہہ کر تیر یا بھالا یا تلوار مار دی گئی تو جانور حلال ہے۔ مسئلہ:

marfat.com
Marfat.com

اگر شکاری پر شکاری کتا چھوڑتے وقت بسم اللہ پڑھی جائے اور کتے کی پکڑ سے جانور مرجائے تو وہ حلال ہے۔ شکار کے پورے مسائل انشاء اللہ شکار کی آیتوں کی تفسیر میں بیان کئے جائینگے۔

| |
|---|
| اٰیاتُھا ۷ سُوْرَۃُ الفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ ۵ رُکُوعُھَا ۱ |
| سورۃ فاتحہ مکہ والی اور وہ سات آیتیں |
| سورۃ فاتحہ مکیہ ہے اور وہ سات آیتیں ہیں۔ |

سورۃ فاتحہ کے متعلق چند باتیں عرض کرنی ہیں ایک یہ کہ اس کے نام کتنے ہیں دوسرے یہ کہ شان نزول اس کا کیا ہے تیسرے یہ کہ اس کے فضائل کیا کیا ہیں چوتھے یہ کہ اس میں مسائل کیا کیا ہیں۔

**سورۃ فاتحہ کے نام** : (اس کے کل بیس نام ہیں) 1-فاتحہ 2-فاتحۃ الکتاب 3-ام القرآن 4-سورۃ الکنز 5-سورۃ وافیہ 6-سورۃ کافیہ 7-سورۃ شافیہ 8-سورۃ شفاء 9- سبع مثانی 10-سورۃ نور 11-سورۃ رقیہ 12-سورۃ الحمد 13-سورۃ دعا 14-سورۃ تعلیم المسئلہ 15-سورۃ مناجات 16-سورۃ تفویض 17-سورۃ سوال 18-سورۃ ام الکتاب 19-سورۃ فاتحۃ الکتاب 20-سورۃ صلوۃ اس سورۃ میں سات آیتیں' ستائیں کلمے اور ایک سو چالیس حروف ہیں کوئی آیت ناسخ یا منسوخ نہیں۔ اس سورۃ کی وجہ تسمیہ (فاتحۃ الکتاب) اس لئے کہتے ہیں کہ اس سورۃ سے قرآن پاک کو شروع کیا جاتا ہے اور اس لئے کہ بعض روایات کی رو سے سب سے پہلے یہی اتری (سورۃ الحمد) اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے اول میں لفظ الحمد آتا ہے۔ (ام القرآن) اس لئے کہتے ہیں کہ ام کے معنی ہیں اصل کے اور یہ سورۃ سارے قرآن پاک کی اصل ہے اس لئے کہ جس قدر مضامین سارے قرآن شریف میں تفصیل وار ہیں وہ سب اجمالاً یہاں آگئے ہیں اس کو قرآن پاک سے وہی نسبت ہے جو بیج کو درخت سے ہوتی ہے کیونکہ بیج میں سارا درخت (یعنی پتے' شاخیں' پھل' پھول وغیرہ) ہوتا ہے۔ (ام الکتاب) اس لئے کہتے ہیں کہ ساری آسمانی کتابوں کے تقریباً سارے مضامین اس میں آگئے ہیں۔ کیونکہ عقائد و اعمال وغیرہ سب اس میں موجود ہیں نیز خدا کی ذات و صفات' اس کی معبودیت اس کی بے نیازی بندے کی عبدیت نیازمندی وغیرہ تمام اس میں موجود ہیں۔ (سبع مثانی) اس لئے کہتے ہیں کہ اس لفظ کے معنی ہیں سات مکرر آیتیں۔ چونکہ اس میں سات آیتیں ہیں اور دوبار یہ نازل ہوئی اس لئے اس کا یہ نام ہوا۔ نیز نماز میں ہر رکعت میں اس سورۃ کی تکرار ہوتی ہے نیز آدھی سورۃ میں رب کی حمد و ثنا ہے اور باقی آدھی میں بندے کی عرض و معروض تو گویا آدھی خالق کے لئے ہے اور آدھی مخلوق کے لئے لہذا اس کو سبع مثانی کہا جاتا ہے۔ نیز اس طرح کی سورۃ کسی اور آسمانی کتاب میں نہ آئی۔ نیز سورۃ فاتحہ کا ثواب قرآن کے ساتویں حصہ کے برابر ہے۔ لہذا جو شخص اسے سات بار پڑھ لے وہ پورے قرآن کا ثواب پائے گا۔ نیز اس کی آیتیں بھی سات ہیں۔ اور دوزخ کے دروازے بھی سات ہیں جو شخص کہ ان سات آیتوں کے پڑھنے کا پابند ہو گا انشاء اللہ اس پر دوزخ کے سات دروازے بند ہو جائیں گے۔ حدیث شریف میں ہے کہ ایک بار جبریل امین نے بارگاہ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم میں عرض کیا کہ میں آپ کی امت پر دوزخ کے عذاب کا خوف کرتا تھا۔ جب سورۃ فاتحہ اتری تو مجھے

marfat.com
Marfat.com

اطمینان ہو گیا کیونکہ یہ سات آیتیں جہنم کے سات طبقوں کا قفل ہیں۔ (تفسیر کبیر) سورۃ وافیہ۔ وافیہ کے معنی پوری ہونے والی اس سورت میں یہ خصوصیت ہے کہ ہر رکعت میں پوری ہی پڑھی جاتی ہے۔ دوسری سورتیں اگر دو رکعت میں آدھی آدھی یا کم و بیش پڑھ دی جائیں تو جائز ہوتا ہے۔ (سورۃ کافیہ) اس کو کافیہ اس لئے کہتے ہیں کہ یہ دوسری سورتوں کے بدلہ میں کافی ہوتی ہے۔ لیکن اور کوئی سورۃ اس کا بدل نہیں ہو سکتی (سورۃ شافیہ) اس لئے کہتے ہیں کہ یہ زہر اور صد ہا قسم کی بیماریوں کا علاج ہے۔ ایک صحابی نے دیکھا ایک آدمی مرگی کے دورہ میں گرفتار ہے تو اس کے کان میں یہ سورۃ پڑھ دی اور اس کو آرام ہو گیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ واقعہ عرض کیا تو فرمایا یہ سورۃ ہر بیماری کی دوا ہے نیز یہ سورت جسمانی اور روحانی تمام بیماریوں کا علاج ہے۔ انشاء اللہ اس کی تحقیق اس کے فوائد میں بیان کی جائے گی۔ سورۃ صلوٰۃ اس کو اس لئے کہتے ہیں کہ اس کا پڑھنا ہر نماز میں ضروری ہے سورۃ سوال اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں بندوں کو حق تعالیٰ سے دعا مانگنے کا طریقہ بتایا گیا ہے کہ جب دعا کرنی ہو تو پہلے خداوند تعالیٰ کی حمد کرے' اپنی محتاجی اور بندگی کا ذکر کرے' پھر اپنی حاجت عرض کرے اور دنیوی حاجت کے مقابلے میں آخرت کی حاجتیں زیادہ مانگے۔ سورۂ شکر اور سورۂ دعاء اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں بندوں کو رب تعالیٰ کا شکر کرنے اور دعا مانگنے کا طریقہ سکھایا گیا ہے وغیرہ وغیرہ۔

شان نزول : اس کے نزول کے بارے میں تین قول ہیں ایک یہ کہ یہ مکہ مکرمہ میں ہجرت سے پہلے نازل ہوئی بلکہ بعض علماء فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے سورۃ فاتحہ ہی نازل ہوئی۔ چنانچہ اس کا واقعہ یہ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ جب میں تنہائی میں بیٹھتا ہوں تو غیبی آواز سنتا ہوں کہ کوئی کہتا ہے پڑھو۔ اس کی خبر ورقہ بن نوفل کو دی گئی جو کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے رشتہ میں بھائی تھے۔

ورقہ نے عرض کیا کہ اب جب کبھی یہ آواز آئے تو آپ اطمینان سے سنتے رہیں۔ چنانچہ پھر یہ ہوا کہ حضرت جبریل حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا کہ پڑھیئے۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ الحمد للہ رب العلمین اس روایت سے معلوم ہوا کہ سب سے پہلے فاتحہ نازل ہوئی مگر دوسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ سب سے پہلے سورۃ اقرا نازل ہوئی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ سورت ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں اتری لیکن اس پر اعتراض یہ ہے کہ نماز مکہ مکرمہ میں شب معراج میں فرض ہو چکی تھی اور نماز میں اس کا پڑھنا ضروری ہے اگر یہ سورت مدنی ہو تو مسلمانوں نے اتنے روز تک کیا پڑھا۔ تیسرا قول یہ ہے کہ یہ سورت ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ میں اور ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ میں دوبارہ نازل ہوئی اس لئے اس کو سبع مثانی کہتے ہیں کیونکہ یہ سات آیتیں ہیں اور دو دفعہ اتری ہیں اور دوبارہ اترنے میں حکمت یہ ہے کہ مسلمانوں کو اس کی شان کا پتہ لگ جائے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ربانی تحفہ ہیں۔ نوٹ: اس سے معلوم ہوا کہ قرآن پاک کا اترنا محض حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کے لئے نہیں تھا بلکہ اس میں اور بھی حکمتیں ہیں۔ سورت' آیت' مکی' مدنی۔ آیت قرآن پاک کی اس عبارت کو کہتے ہیں جس میں بات پوری تو ہو جائے مگر اس کا کوئی علیحدہ نام نہ رکھا گیا ہو۔ جیسے ہم لوگ جملہ یا کلام بولتے ہیں اور اس کو آیت اس لئے کہتے ہیں کہ آیت کے معنی' ہیں نشانی اور قرآن پاک کا ہر جملہ قرآن پاک کی حقانیت لانے والے کی حقانیت اور بھیجنے والے کی حقانیت کی نشانی ہے سب سے چھوٹی آیت مد ھا متن ہے۔ اور سب سے بڑی آیت مدانیہ جو سورۂ بقر کے

marfat.com
Marfat.com

آخری رکوع میں ہے سورت سورے سے بنا ہے اس کے معنی ہوتے ہیں گھیرنے والی چیز۔ اسی لئے شہر کے آس پاس کی دیوار (شہر پناہ) کو سور البلد کہتے ہیں کیونکہ وہ شہر کو گھیرے ہوئے ہوتی ہے قرآن پاک کی اصطلاح میں سورۃ قرآن پاک کی وہ عبارت کہلاتی ہے جس میں مضمون پورا ہو گیا ہو اور اس کا نام بھی کچھ رکھ دیا گیا ہو جیسے سورۃ فتح' سورۃ بقرہ وغیرہ سورت اور آیات دو قسم کی ہیں مکی و مدنی مکی وہ ہیں جو ہجرت سے پہلے اتریں خواہ کہیں اتریں۔ مدنی وہ ہیں جو ہجرت کے بعد اتریں خواہ وہ کہیں اتری ہوں۔ لہذا جب ہجرت کے بعد نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ تشریف لائے اور وہیں کوئی آیت آئی تو اگرچہ وہ اتری ہے مکہ مکرمہ میں لیکن یہ مدنی کہلائے گی کیونکہ ہجرت کے بعد آئی بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ مکی وہ جو مکہ مکرمہ میں اترے اور مدنی وہ جو مدینہ پاک میں اترے لیکن یہ صحیح نہیں کیونکہ اگر مکی مدنی کے یہ معنی ہوتے تو بعض وہ آیتیں جو طائف شریف میں اتریں ان کا نام طائفی آیتیں ہونا چاہئے تھا لہذا سورۃ فاتحہ مکی بھی ہے مدنی بھی قرآن پاک میں سب سے چھوٹی سورۃ کوثر ہے اور سب سے بڑی سورۃ بقرہ خیال رہے کہ پچھلے رسول طالب تھے کلام الہی مطلوب اس لئے وہ کتاب لینے خاص جگہ جایا کرتے تھے۔ موسیٰ علیہ السلام توریت لینے طور پر تشریف لے گئے۔ مگر ہمارے حضور مطلوب ہیں اور کتاب اللہ طالب کہ جہاں حضور ہیں وہیں قرآن کی آیات آ رہی ہیں حضور مکی ہیں تو آیات مکی جب حضور مدنی ہو گئے تو آیتیں بھی مدنی ہو گئیں حضور آگے ہیں آیات پیچھے پیچھے علی العموم حضور قرآن پاک کے متبع ہیں مگر بعض اوصاف میں قرآن کریم حضور کا تابع چونکہ حضور عربی ہیں لہذا قرآن بھی عربی ساری آیات عربی ہیں مگر حضور کی مکی مدنی ہونے سے آیات مکی مدنی بن گئیں۔ بہت سی آیتیں حضور کے مرضی کے مطابق اتریں جیسے تبدیلی قبلہ وغیرہ کی آیات۔

سورتوں کے نام : قرآن پاک کی سورتوں کے نام اس کے بعض مضامین یا بعض مقاصد یا بعض الفاظ سے رکھ دیئے جاتے ہیں۔ مثلاً اس سورۃ کا نام الحمد بھی ہے اس لئے کہ اس میں لفظ الحمد آگیا ہے سورت بقرہ کا نام سورۃ بقرہ اس لئے ہے کہ اس میں ایک جگہ گائے کا ذکر آگیا ہے اور قل ھو اللہ کا نام سورۃ اخلاص ہے اس لئے اس کا مقصود ہے اپنے دین کو خالص اللہ کے لئے بنانا۔ سورۃ کے نام کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ اس میں اول سے آخر تک وہی مضمون ہو۔ سورۃ بقر میں صدہا مضامین بیان ہوئے مگر اس کا نام سورۃ بقرہ رکھا گیا۔ اس کی مثال یوں سمجھو کہ طبیب اپنی مرکب دواؤں کے نام مختلف حیثیت سے رکھتے ہیں۔ ایک دوا کا نام ہے "جوارش کمونی" یعنی زیرے کی جوارش تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس میں صرف زیرہ ہی ہے۔ دوائیں اور بھی ہیں مگر ایک جز سے اس کا نام رکھ دیا گیا ہے ایک دوا کا نام ہے شربت شفا چونکہ اس سے شفا مقصود ہے۔ اسی لئے اس کا نام شربت شفا ہوا۔ بعض دواؤں کا نام ہے "تریاق" "تریاق نزلہ اس کا مقصد یہ ہے کہ یہ دوا نزلہ میں استعمال کیجئے۔ یہ بیماری کے نام سے دوا کا نام ہوا جس طرح کہ طبیب اپنی دواؤں کے نام چند وجہوں سے رکھتے ہیں۔ ایسے ہی طبیب روحانی نے اپنے قرآن پاک کی سورتوں کے نام چند وجہوں سے رکھے یہ بات بہت خیال رہے۔ (سورۃ فاتحہ کی آیتیں) یہ سب مانتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ میں سات آیتیں ہیں اس کا نام ہی "سبع مثانی" ہے لیکن اس میں اختلاف ہے کہ سات آیتیں کون سی ہیں۔ حضرت امام شافعی کے نزدیک بسم اللہ پہلی آیت ہے اور صراط الذین سے ولا الضالین تک ایک آیت یعنی علیہم پر وقف نہیں بلکہ ان کے یہاں بسم اللہ ہر سورت کی پہلی آیت ہے اسی لئے ان کے مذہب میں امام بسم اللہ کو بلند آواز سے پڑھتا ہے اور حضرت امام اعظم ابو حنیفہ کے

marfat.com
Marfat.com

نزدیک بسم اللہ اس سورت کا جز نہیں پہلی آیت الحمد للہ ہے اور علیہم پر وقف ہے۔

**سورۃ فاتحہ کے فضائل اور فوائد** : اس سورۃ کے فضائل بے شمار ہیں کچھ تفسیر کبیر وغیرہ سے نقل کئے جاتے ہیں۔ "مسلم شریف" میں ہے کہ ایک مرتبہ ایک فرشتے نے آسمان سے نازل ہو کر بارگاہ نبوت میں عرض کی کہ یا رسول اللہ مبارک ہو آپ کو دو نور ایسے ملے کہ جو کسی نبی کو نہ ملے ایک سورۃ فاتحہ اور دوسرا سورۃ بقرہ کی آخری آیتیں۔ "ترمذی شریف میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورۃ فاتحہ کی مثل توریت وانجیل و زبور میں کوئی سورت نہ اتری۔ تفسیر کبیر میں ہے کہ رب تعالیٰ نے آسمان سے ایک سو چار کتابیں اور صحیفے اتارے۔ مگر سو کتابوں کے علوم چار میں رکھے یعنی توریت وانجیل و زبور پھر ان تین کے علوم قرآن پاک میں رکھے۔ پھر قرآن پاک کے اصول مفصل (سورۂ حجرات سے والناس تک) میں رکھے گئے۔ پھر مفصل کے علوم سورۂ فاتحہ میں رکھے گئے۔ لہٰذا جس نے سورۃ فاتحہ سیکھ لی اس نے گویا ساری آسمانی کتابیں سیکھ لیں اور جس نے سورۃ فاتحہ پڑھ لی' اس نے تمام آسمانی کتابیں پڑھ لیں نیز یہ سورۃ بالکل رحمت کی سورت ہے اس لئے اس میں رب تعالیٰ کے قہر اور جبر اور دوزخ کے عذاب وغیرہ کا ذکر نہیں بلکہ اس میں وہ حرف بھی نہیں آئے جو جہنم وغیرہ کے اول میں آتے ہیں چنانچہ اس سورت میں سات حرف نہیں ث' ج' خ' ز' ش' ظ' ف کیونکہ ث ثبور کا پہلا حرف ہے۔ جس کے معنی ہیں ہلاکت جیم جہنم کا پہلا حرف ہے۔ جس کے معنی ہیں دوزخ۔ خ خزی کا پہلا حرف ہے۔ جس کے معنی ہیں رسوائی ز' زفیر اور زقوم کا پہلا حرف ہے۔ زفیر دوزخیوں کی آواز اور زقوم تھوہر (جہنمیوں کی غذا) ش شہیق کا پہلا حرف ہے۔ جس کے معنی ہیں جہنمیوں کی آواز ظ' ظل کا جو کہ قرآن پاک میں اسطرح مذکور ہے ظل ذی ثلاث شعب اور ظلم کا پہلا حرف ہے۔ "تفسیر روح البیان" میں ہے کہ جس وقت یہ سورت اتری اس وقت حضرت جبریل علیہ السلام کے ساتھ ستر ہزار فرشتے آئے تھے۔ **فوائد**: سورۂ فاتحہ کے بے شمار فائدے ہیں جن میں سے چند بیان کئے جاتے ہیں جو شخص سورۂ فاتحہ سو بار پڑھ کر دعا مانگے حق تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائے گا۔ جو شخص مریض لا دوا ہو وہ چینی کے سفید برتن میں آب زمزم اور زعفران سے سورۂ فاتحہ لکھ کر دھو کر اکتالیس روز تک پیتا رہے تو انشاء اللہ شفا ہو گی اگر آب زمزم نہ ملے تو عرق گلاب لے لے۔ اگر یہ بھی میسر نہ ہو تو کنویں کا پانی ہی کافی ہے۔ "تفسیر کبیر" میں ہے کہ بعض گنہگار قوموں پر عذاب الٰہی آنے والا ہو گا مگر ان میں سے کوئی بچہ مکتب میں جا کر فاتحہ پڑھے گا اس کی برکت سے چالیس سال تک عذاب دور ہو جائے گا جو شخص کسی دنیوی بلا میں پھنس گیا ہو وہ بسم اللہ الرحمان الرحیم کی میم کو الحمد کے لام میں ملا کر پڑھا کرے انشاء اللہ اس سے نجات ملے گی بعض صوفیاء کے یہاں یہ عمل ہوتا ہے کہ اگر کسی شہر میں طاعون یا کوئی اور وبائی بیماری پھیلے تو ایک تاشہ یا نقارہ پر دائرہ کی شکل میں سورۂ جمعہ اور بعد میں سورۃ فاتحہ کو لکھتے ہیں اور بیچ میں پندرہ کا نقش بناتے ہیں پھر ایک دنبے کے سامنے یہ تاشہ بجاتے ہیں اور تاشہ بجاتے ہوئے اس دنبے کو گلی کوچے میں گشت کراتے ہیں اس کے بعد اس دنبے کو کنارہ شہر پر ذبح کر کے اس کا خون دفن کر دیتے ہیں اور اس کا گوشت فقیروں پر خیرات کر دیتے ہیں تو بفضلہ تعالیٰ اس وبا سے امان ملتی ہے بعض صحابہ کرام نے سانپ کے کاٹے ہوئے پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا اور اسے آرام ہوا غرض یہ کہ اس کے بے شمار فائدے ہیں۔

**سورۃ فاتحہ کے مسائل** : مسئلہ: ہر نماز میں اس سورۃ کا پڑھنا واجب ہے فرض نماز میں تو اول دو رکعتوں میں اور فرض

marfat.com
Marfat.com

کے علاوہ دیگر نمازوں میں ہر رکعت میں۔ مسئلہ: امام کے پیچھے مقتدی کو سورۃ فاتحہ پڑھنا سخت منع ہے قرآن پاک فرماتا ہے کہ جب قرآن پاک پڑھا جائے تو تم خاموش رہو اور کان لگا کر سنو لہٰذا جو شخص امام کے پیچھے فاتحہ پڑھتا ہے وہ اس آیت کریمہ کے خلاف عمل کرتا ہے مسلم شریف میں ہے کہ اذا قرء فا نصتو جب امام قرات قرآن کریم کرے تو تم خاموش رہو۔ دوسری حدیث شریف میں آتا ہے قراءۃ الامام لہ قراءۃ امام کا قرآن پاک پڑھنا مقتدی کا پڑھنا ہے نیز تقریباً اسی جلیل القدر صحابہ کرام سے منقول ہے کہ وہ حضرات امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کو پڑھنے سے منع فرماتے تھے ان میں سے حضرت علی مرتضیٰ اور عبداللہ ابن مسعود و غیرھما رضی اللہ عنہم اجمعین بھی ہیں دیکھو "شامی" جلد اول باب القرات اور اگر احادیث کی پوری تحقیق کرنی منظور ہو تو "طحاوی شریف" "صحیح البہاری شریف" اور "موطا امام محمد" وغیرہا دیکھو نیز اگر مقتدی پر سورۃ فاتحہ پڑھنا ضروری ہوتی تو جو شخص رکوع میں امام سے ملتا وہ رکعت نہ پاتا۔ کیونکہ اس کا فرض یعنی سورۃ فاتحہ پڑھنا رہ گیا۔ نیز بادشاہوں کی بارگاہ میں حاضر ہونے والے دربار کے آداب سب بجالاتے ہیں اور سلام سب عرض کرتے ہیں مگر کلام ان سب کی طرف سے ایک ہی کرتا ہے۔ نماز میں بھی بارگاہ الٰہی میں حاضری ہے لہٰذا نماز کے ارکان 'رکوع' سجدہ' قیام وغیرہ سب ادا کریں۔ کیونکہ یہ اس کے دربار کے آداب ہیں اور التحیات وغیرہ سب پڑھیں کیونکہ یہ اس دربار کا سلام وغیرہ ہیں مگر قرآن پاک کی تلاوت فقط ایک امام ہی کرے کیونکہ یہ عرض معروض ہے۔ حدیث شریف میں جو ہے کہ بغیر سورۃ فاتحہ نماز نہیں ہوتی۔ یہ ہمارے خلاف نہیں۔ کیونکہ جب امام نے سورۃ فاتحہ پڑھ لی تو یہ نماز سورۂ فاتحہ سے خالی نہ رہی۔ نیز یہ حدیث تو فرماتی ہے کہ سورۂ فاتحہ نماز میں ضرور پڑھی جائے اور قرآن کریم فرماتا ہے کہ جب قرآن پڑھا جائے تو تم سنو اور خاموش رہو۔ ان دونوں کو اس طرح جمع کر لو کہ امام اور اکیلا نمازی سورۃ فاتحہ پڑھے اور مقتدی خاموش رہے قرآن پاک پر عمل ہو گیا اور حدیث شریف پر بھی نیز حدیث فرماتی ہے کہ بغیر سورۃ فاتحہ نماز نہیں ہوتی لیکن قرآن کریم فرماتا ہے فاقرء وا ما تیسر من القران کہ جس قدر قرآن پاک میسر ہو پڑھ لو لہٰذا اس حدیث شریف اور قرآن پاک کو اس طرح جمع کیا جائے گا کہ مطلقاً قرآن پاک پڑھنا تو فرض اور سورۂ فاتحہ پڑھنا واجب نیز ایک حدیث شریف میں یہ بھی آتا ہے کہ نماز بغیر سورۂ فاتحہ اور دوسری سورت کے ملائے نہیں ہوتی حالانکہ دوسری سورت کا ملانا کسی کے نزدیک بھی مقتدی کے لئے ضروری نہیں۔ بلکہ مقتدی کے لئے منع ہے غرض کہ صحیح یہی ہے کہ امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ ہرگز نہ پڑھی جائے۔ مسئلہ: نماز جنازہ میں سورۃ فاتحہ تلاوت کی نیت سے پڑھنا منع ہے ہاں اگر دعا کی نیت سے پڑھے تو جائز ہے اس کے باقی مسائل انشاء اللہ اپنے اپنے موقع پر آئیں گے۔

| |
|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ |
| سب خوبیاں اللہ کے لیے |
| سب خوبیاں اللہ کو |

marfat.com
Marfat.com

اس آیت میں چار باتیں قابل غور ہیں۔1۔ قرآن کریم میں سب سے پہلے یہ آیت کیوں آئی۔ 2۔اس کی عالمانہ اور صوفیانہ تفسیر کیا ہے۔3۔اس سے مسلمانوں کو فائدے اور سبق کیا کیا حاصل ہوئے۔4۔ان پر سوالات کیا ہیں ان کے جوابات کیا ہیں۔

1۔چند وجہوں سے اس آیت کو سب سے پہلے رکھا گیا ہے۔ایک یہ کہ حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا ہوتے ہی چھینک آئی۔ آپ نے فرمایا۔ الحمد للہ رب العالمین اسی لئے ہم کو بھی حکم ہے کہ چھینک کر یہ پڑھیں اور سننے والا یہ جواب دے یرحمکم اللہ پھر چھینکنے والا جواب دے یھدیکم اللہ ویصلح بالکم معلوم ہوا کہ یہ پہلا کلمہ ہے جو حضرت انسان کے منہ سے نکلا۔ رب تعالیٰ نے اپنے کلام کو بھی اسی سے شروع فرمایا۔دوسرے یہ کہ الحمد للہ میں آٹھ حروف ہیں اور جنت کے دروازے بھی آٹھ ہیں۔ تو جو شخص صفائی قلب سے اسے پڑھے گا وہ انشاء اللہ جنت کے آٹھوں دروازوں کا مستحق ہو گا اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ قرآن پاک شروع کرتے ہی پڑھنے والا جنت کا مستحق ہو چکا اب آگے جس قدر پڑھے گا رب تعالیٰ کے فضل و کرم میں زیادتی ہوگی تیسرے یہ کہ عبادت کی جان اللہ کی تعریف ہے اسی کو قرآن کریم نے پہلے بیان کیا۔ چوتھے یہ کہ اس میں مسلمانوں کو سبق ہے کہ اپنا ہر کام خدا کی حمد سے شروع کیا کریں کیونکہ رب کی کتاب بھی اسی سے شروع ہوتی ہے پانچویں یہ کہ جب کسی بادشاہ سے کچھ عرض کرنا ہوتا ہے تو پہلے اس کی تعریف کی جاتی ہے اسی طرح جب کسی کو خط لکھتے ہیں تو اولاً اس کے القاب لکھتے ہیں' بعد میں اپنا مطلب چونکہ سورۂ فاتحہ میں بھی بندوں کو دعا سکھائی گئی ہے اس لئے اسے حمد سے شروع کیا گیا ہے۔

تفسیر : اس کی عالمانہ تفسیر تو یہ ہے کہ اس میں تین کلمے ہیں الف لام' حمد' للہ ہر ایک کی علیحدہ علیحدہ تحقیق کی جاتی ہے۔ الف لام میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ یہ استغراقی ہے۔دوسرے یہ کہ عہدی ہے۔(تفسیر روح البیان) اگر استغراقی ہے تو معنی یہ ہوں گے کہ ہر حمد ہر زمانے میں ہر حالت میں ہر حمد کرنے والے سے خاص ہے۔ اللہ کے لئے حمد کا عام ہونا' الف لام سے حاصل ہوا اور حامد کے عام ہونے سے حمد کا عموم حاصل ہو گیا اور جملے اسمیہ سے ہمیشگی معلوم ہوئی تو اب کلام کا مقصود یہ ہوا کہ کوئی بھی تعریف کرے کسی حالت میں کرے' سب تعریف اللہ ہی کی ہوئی وہ اس طرح کہ اگر رب کی تعریف کرو تو ظاہر ہے کہ وہ تعریف بلاواسطہ رب کی تعریف ہے۔ اور اگر اس کی کسی مخلوق کی تعریف کرو کسی ولی' چاند' سورج' موتی وغیرہ جس کی بھی تعریف کی جائے' بالواسطہ رب کی ہی تعریف ہے۔ کیونکہ چیز کی تعریف حقیقت میں بنانے والے کی تعریف ہوتی ہے۔ مکان کی تعریف حقیقت میں اس کاریگر کی تعریف ہے جس نے وہ مکان بنایا۔ خط کی تعریف میں اس کے لکھنے والے کی تعریف ہے جس نے اسے لکھا اسی طرح دنیا کی ہر چیز کی تعریف حقیقت میں اس کے بنانے والے کی تعریف ہے اسی لئے حضور علیہ السلام کی نعت حقیقت میں رب کی تعریف ہے۔ پھر زبان سے تعریف کرو تو اللہ کی تعریف ہاتھ پیر سے اپنے عاجزی کا اظہار کرو مثلاً نماز پڑھو روزہ رکھو تو رب کی تعریف اس کی اطاعت میں مال خرچ کرو مثلاً زکوۃ' صدقہ' فطرہ' قربانی ادا کرو تو یہ رب کی تعریف ہے۔ خانہ کعبہ کا طواف' حضور پاک کی عظمت ماہ رمضان کا ادب اور احترام۔ اولیاء اللہ کے تبرکات اور ان کی قبور کی تعظیم حقیقت میں رب کی عملی تعریف ہے۔ قرآن پاک فرماتا ہے ومن یعظم شعائر اللہ فانھا من تقوی القلوب

marfat.com
Marfat.com

"جو شخص رب کی نشانیوں کی تعظیم کرے تو وہ شخص متقی ہے حکومت کے دفتروں کچہریوں اور اس کے خدام کی عظمت درحقیقت حکومت کی عزت ہے۔ ان میں سے ایک کی بھی توہین حکومت کی توہین اور اس سے بغاوت ہے۔ الف لام استغراقی نے ان سب باتوں کو اپنے میں لے لیا۔ اسی طرح خدا کی نعمت ملنے پر اس کا شکر کرنا اور تکلیف آنے پر صبر کرنا یہ بھی رب تعالیٰ کی تعریف ہے بندے کو چاہئے کہ ہر حال میں خدا کی حمد کرے۔ نعمت میں اس لئے حمد کرے کہ خدا کے فضل کا شکریہ ہے۔ اور تکلیف میں اس لئے حمد کرے کہ جو تکلیف ہم پر آئی ہے وہ کسی گناہ کی وجہ سے آئی ہے۔ خدا کی حمد اس گناہ کا کفارہ بن جائے گی۔ جب گناہ مٹ جائے گا" تکلیف اپنے آپ جاتی رہے گی۔ یہ ہوئی ہر حالت کی حمد اسی طرح ہر نعمت کا شکریہ اور اس کی حمد علیحدہ علیحدہ ہے۔ تندرستی کی حمد یہ ہے کہ اس میں رب کی عبادت 'بیماروں کی تیمارداری اور بے دست و پاکی خدمت کرے۔ مال کا شکر اور حمد یہ ہے کہ اس سے غریبوں کی امداد کرے اسی طرح ہر عضو کی حمد اور شکر الگ الگ ہے۔ آنکھ کا شکر اور حمد یہ ہے کہ کعبہ معظمہ کو' قرآن پاک کو' علماء دین کے چہروں کو دیکھے۔ کان کی حمد اور شکریہ ہے کہ اس سے قرآن پاک کی تلاوت نعت شریف 'علمی مضامین' علماء دین کا وعظ سنے۔ ہاتھ پاؤں کی حمد اور شکریہ ہے کہ ان سے مرضی الٰہی کے کام لے۔ فقط الف لام نے ان سب باتوں کو گھیر لیا انسان کی پیدائش سے پہلے نامعلوم کون کون سے چیزیں دنیا میں کب کب آباد تھیں۔ اور اب بھی نامعلوم اس عالم میں کس قدر مخلوقات ہے ان کو ان کا پیدا کرنے والا ہی جانتا ہے اور ہر چیز خدا کی تعریف کرتی ہے اور ہمیشہ سے کرتی ہے کرتی رہے گی۔ غرضیکہ جب سے وقت بنا اور جب تک وقت رہے گا۔ رب کی حمد ایک آن کے لئے بند نہ ہوگی۔ **وان من شیئ الا یسبح بحمدہ** ہر چیز رب کی حمد تعریف کرتی ہے۔ یہ ہوا اس حمد کے زمانے کا عموم ان سب کو جملے اسمیے نے گھیر لیا۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ الف 'لام' عہدی ہو۔ تب اس کے معنی یہ ہوں گے کہ وہ خاص حمد اللہ کی ہے۔ یعنی رب تعالیٰ ہر حمد قبول نہیں فرماتا بلکہ کوئی خاص حمد اس کے ہاں مقبول ہوتی ہے۔ اب وہ خاص حمد کون سی ہے وہ وہ حمد ہے جو اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کی کی۔ یا ان کی بتانے سے کوئی اور کرے۔ اس لئے آپ کا اسم شریف ہے۔ "احمد" یعنی رب کی بہت حمد کرنے والے اور رب کا نام ہے "محمود" یعنی اپنے پیارے محبوب کا حمد کیا ہوا۔ حدیث شفاعت میں وارد ہے کہ رب تعالیٰ قیامت کے دن ہم کو اپنی خاص حمدیں الہام فرمائے گا۔ ہم سجدے میں ان سے رب کی حمد کرکے اپنی امت کی شفاعت کریں گے حقیقت بھی یہ ہے آج ہندو 'عیسائی' سکھ' آریے' وغیرہ تمام کفار اپنے اپنے خیال میں خدا کی تعریف کرتے ہیں۔ مگر ان میں سے کسی کی حمد قبول نہیں حمد مسلمانوں ہی کی قبول ہے کیوں؟ صرف اس لئے کہ مسلمان محبوب علیہ السلام کی بتائی ہوئی حمد کرتے ہیں اور وہ لوگ ان سے علیحدہ ہو کر' یا اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ حمد خدا کے ہاں مقبول ہے۔ جو اس کے محبوب علیہ السلام کی نعت کے ساتھ ہو۔ جو حمد الٰہی نعت مصطفیٰ علیہ السلام سے خالی ہو' مردود ہے۔ شیطان کی ساری عبادتیں بے کار ہو گئیں۔ تمام کفار کی ساری حمدیں غیر مقبول کیوں؟ اس لئے کہ اس میں نعت کی چاشنی نہیں۔ اسی لئے کلمہ نماز' خطبہ' اذان' غرض کہ مسلمانوں کی کوئی عبادت حضور علیہ السلام کی نعت سے خالی نہیں۔

ذکر خدا جو ان سے جدا چاہو نجدیو ! واللہ ذکر حق نہیں کنجی سقر کی ہے
ذکر سب پھیکے جب تک نہ مذکور ہو نمکین حسن والا ہمارا نبی (صلی اللہ علیہ وسلم)

حمد خدا روحانی غذا ہے اور نعت مصطفیٰ علیہ السلام اس کا نمک ہے۔ بغیر نمک ساری غذا بیکار بغیر نعت مصطفیٰ علیہ السلام

marfat.com
Marfat.com

ساری حمد غیر مقبول ہے۔ یعنی واقع میں تو سب حمدیں اللہ ہی کی ہیں لیکن مقبول حمد وہی ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بتائی ہوئی ہو۔ تیسرے معنی اس کے یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ وہ خاص حمد اللہ کی ہے۔ یعنی ساری مخلوق میرے محبوب علیہ السلام کی حمد و ثنا کرے۔ مگر جیسی چاہئے ویسی نہیں کر سکتی۔ محبوب علیہ السلام کی کامل حمد وہی ہے جو رب نے کی اس لئے رب کا نام ہے حامد اور حضور علیہ السلام کا نام ہے "محمد یعنی رب تعریف فرمانے والا کس کی؟ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تعریف کئے ہوئے کس کے؟ اپنے رب کے۔ پہلی تمام توجیہوں کی بنا پر اس آیت میں اللہ محمود ہے اور ساری مخلوق یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کے حامد ہوئے۔ لیکن اس آخری توجیہ کی رو سے حضور علیہ السلام محمود ہیں اور اللہ حامد تو یہ آیت جس طرح حمد خدا ہے اسی طرح نعت مصطفیٰ بھی ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیال رہے کہ ساری عبادات سنت رسول اللہ ہے۔ مگر نعت مصطفوی سنت الہیہ ہے نیز ساری عبادتیں نبوت کے تیرھویں سال سے آنا شروع ہوئیں سب سے پہلے نماز آئی جو معراج میں ملی مگر حضور کی نعت شریف اول ہی سے آئی نیز ہماری موت کے بعد تمام عبادات ختم ہو جائیں گی مگر نعت مصطفیٰ قبر و حشر ہر جگہ خصوصاً مقام محمود پر۔ تین چیزوں میں فرق کرنا چاہئے۔ حمد و مدح اور شکر حمد کے معنی ہیں کسی کی اختیاری۔ خوبی بیان کرنا خواہ وہ کوئی نعمت دے یا نہ دے شکر کے معنی ہیں کسی کی اختیاری خوبی ظاہر کرنا اس لئے کہ اس نے ہم کو کچھ دیا ہے۔ اور مدح کسی کی خوبی بیان کرنا خواہ اختیاری ہو یا غیر اختیاری موتی کی صفائی کی تعریف کی جائے تو اس کی مدح ہے۔ اور جب کوئی ہم کو کچھ دے اور ہم اس کی تعریف میں کہہ دیں کہ آپ سخی ہیں یا جھک کر اسے سلام کریں تو یہ اس کا شکر ہے۔ اور ویسے ہی کسی کی تعریف کریں کہ فلاں بڑا عالم ہے۔ یہ اس کی حمد ہے لیکن اس آیت میں لفظ حمد تینوں معنی کو شامل ہے۔ اسی لئے آگے اللہ کا نام ذاتی اور اس کی کچھ صفتوں کا ذکر کیا گیا۔ لفظ اللہ نے حمد کے حقیقی معنی کو بیان کیا اور الرحمان اور الرحیم نے شکر کے معنی اور مالک یوم الدین نے مدح کے معنی۔ اللہ کے لام میں تین احتمال ہیں خصوصیت کلام ہو یا استحقاق کا یا ملکیت کا تو معنی اس آیت کے یہ ہوں گے کہ تمام حمدیں اللہ کے ساتھ خاص ہیں یا اللہ ان کا مستحق ہے۔ یا وہ اللہ کی ملکیت ہے۔ اب جو شخص بھی غیر اللہ کو اپنا معبود جان کر اس کی تعریف کرے گا گویا خدا کی امانت میں خیانت کرتا ہے۔ کیونکہ حمد ملک تو ہے خدا کی اور اس نے صرف کی اور جگہ۔

**تفسیر صوفیانہ** : صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ حمد کے معنی ہیں محمود کے کمال کا ظاہر کرنا اور جو شخص یا جو چیز اپنے میں جو بھی کمال رکھتی ہے وہ حقیقت میں رب ہی کا کمال ہے۔ لہٰذا دنیا کی چیزوں کے کمال کا ظہور خدا کی حمد ہے۔ اس کا مطلب صاف یہ ہوا کہ کوئی شخص زبان سے خدا کی حمد کرے یا نہ کرے' رب تعالیٰ کی حمد ہے۔ ایک بت پرست بت کو سجدہ کر رہا ہے اپنی حماقت سے اپنی اختیاری تعریف کو غلط جگہ صرف کر رہا ہے لیکن اس کے جسم کی بناوٹ اور اس کے ہاتھ پاؤں کی طاقت اور اس کی قوت گویائی غرض کہ اس کا ہر عضو اس کی ہر حرکت پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ میرا خالق بے نیاز ہے اور بزبان حال اس پر لعنت کرتی ہے کہ اندھے تو کیا کر رہا ہے غرض یہ کہ اس کی بت پرستی کی حالت میں بھی اس کی غیر اختیاری حمد اللہ ہی کے لئے ہو رہی ہے۔

برگ درختاں سبز در نظر ہوشیار ہر ورقے دفترے است معرفت کردگار

اگر یہ کمبخت خود اپنے کو پہچان لیتا تو بت پرستی کبھی نہ کرتا یہی معنی اس حدیث کے ہیں **من عرف نفسه فقد عرف ربه** دوسری توجیہ صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ **لا موجود الا الله** صرف حق تعالیٰ ہی موجود ہے۔ دنیا کی سب چیزیں اس کا سایہ اور اعتبار ہیں۔ اور سائے کی تعریف حقیقت میں سائے والے کی تعریف لہٰذا جس کی تعریف کرو رب ہی کی تعریف ہے

marfat.com
Marfat.com

کیونکہ وہ اس کے وجود ہی کا ظل ہے۔ حقیقت محمدیہ اس کا اعتبار اول باقی سارا عالم اس کے اعتبارات۔ بلا تشبیہ یوں سمجھو کہ دھوپ میں ایک آئینہ رکھا ہے جس میں آفتاب کا عکس آرہا ہے۔ اس کے مقابلے میں کسی کوٹھڑی میں بہت سے رنگ برنگ آئینے رکھے ہیں اس آئینے کی وجہ سے ان تمام آئینوں میں آفتاب کے عکس پہنچ رہے ہیں۔ لیکن چونکہ ان کے رنگ الگ الگ ہیں لہٰذا مختلف رنگ سے سورج کے عکس نظر آرہے ہیں۔ دیکھو اصل تو وہ آفتاب ہے جو آسمان پر چمک رہا ہے۔ اس کا پہلا سایہ دھوپ والے آئینے میں ہے اور اس کے دیئے ہوئے عکس کوٹھڑی کے سارے آئینوں میں ہیں۔ اب ان عکسوں میں سے جس کے حسن و جمال اور نور کی تعریف کرو وہ حقیقت میں آسمان والے اصل سورج کی تعریف ہے۔ اسی طرح حقیقی نور حق تعالیٰ **اللہ نور السموات والارض** حقیقت محمدیہ پہلا آئینہ باقی سارا عالم وہ کوٹھڑی والے برنگ رنگ کے آئینے ہیں۔ اب اگر بیچ میں یہ دھوپ والا آئینہ نہ ہو تو یہ کوٹھڑی کے آئینے سب بے نور رہ جائیں اس حدیث کا یہی مطلب ہے کہ **انا نور من نور اللہ و کل الخلائق من نوری** لہٰذا ثابت ہوا کہ ساری حمد اللہ کی ہے کیونکہ وہ خود ہی حامد اور خود ہی محمود اور خود ہی حمد ہے۔ **لا موجود الا اللہ** اس مسئلہ کو صوفیائے کرام مسئلہ وحدت الوجود کہتے ہیں حقیقت میں یہ مسئلہ کسی حال والے سے سمجھنا چاہئے قال کا دائرہ بہت تنگ ہے۔

**مسائل فقہیہ** : جمعہ کے خطبہ میں حمد پڑھنا واجب ہے اور خطبہ نکاح اور دعاء اور ہر جائز کام کے اول اور آخر میں ہر کھانے پینے کے بعد حمد کرنا مستحب ہے۔ چھینک آنے کے بعد حمد کرنا سنت مؤکدہ ہے۔ **اعتراض**: آریوں نے اس پر چند اعتراض کئے ہیں ایک تو یہ کہ یہ کلام اللہ کا نہیں کسی بندے کا بنایا ہوا ہے۔ اگر خدا کا ہوتا تو اس طرح ہوتا۔ **الحمد لی** دوسرے یہ کہ آگے آرہا ہے ہم تجھی کو پوجتے ہیں۔ رب کس کو پوجتا ہے۔ تیسرے یہ کہ خدا اپنی تعریف اپنے آپ کرے یہ غرور ہے اور غرور کرنا اور شیخی مارنا بری بات ہے۔ **جواب**: یہ کلام اللہ کا ہے اور اپنے بندوں سے کہلوانے کے لئے اس لئے بولا گیا ہے۔ جیسے استاد شاگرد کو سامنے بٹھا کر کتاب خود پڑھتا ہے تاکہ شاگرد بھی اسی طرح پڑھے۔ نیز کبھی حاکم دوسرے کی زبان میں بات کرتا ہے۔ ممبری کے فارم چھپوائے جاتے ہیں۔ اس کی عبارت اس طرح ہوتی ہے کہ "میں اقرار کرتا ہوں کہ سارے قوانین کی پابندی کروں گا۔ ہمیشہ خیر خواہ رہوں گا۔ وغیرہ وغیرہ دیکھو ان فارموں کا مضمون بنانے والا کوئی اور ہے۔ چونکہ ممبروں سے یہ کہلوانا مقصود ہے اس لئے اس کی زبان میں یہ الفاظ لکھے گئے۔ تو اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ اے بندو! ہماری بارگاہ میں آکر اس طرح کہا کرو۔ رب تعالیٰ اگر اپنی ذات و صفات خود ہم سے بیان نہ فرماتا تو ہمیں اس کا پتہ کیسے چلتا یہ شیخی نہیں ہے بلکہ بندوں کو اپنی پہچان کرانی ہے۔ ایک بادشاہ اپنی رعایا سے کہتا ہے کہ مجھے تم پر فلاں فلاں اختیارات ہیں اور میری یہ شان ہے۔ اس سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ رعایا ان باتوں سے خبردار ہو کر اس کی اطاعت کرے۔ اسی طرح یہاں بھی ہے۔ غرض کہ یہ اعتراض محض حماقت ہے۔ **دیوبندی اعتراض**: دیوبندی کہتے ہیں کہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ ہر حال میں بندہ اللہ ہی کی حمد اور اسی کا ذکر کرے۔ اٹھتے بیٹھتے یارسول اللہ یا غوث کہنا اور کسی کا نام جپنا شرک ہے۔ **جواب**: اللہ والوں کی تعریف اور ان کا ذکر حقیقت میں خدا کی ہی تعریف ہے اور اسی کا ذکر ہے بلکہ کامل حمد اللہ کی وہی ہے جو اس کے خاص بندوں کے ذکر کے ساتھ ہو جیسا ہم اوپر بیان کر چکے۔ اگر اٹھتے بیٹھتے غیر اللہ کی تعریف کرنا شرک ہے تو تم بھی اٹھتے بیٹھتے اپنے مولویوں کے تعریف کرتے ہو۔ تم مشرک ہوئے کہ نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ |
| مالک یا پالنے والا سارے جہانوں کا |
| جو مالک سارے جہان والوں کا |

## تعلق

اس کا تعلق حمد سے چند طرح ہے۔ ایک یہ کہ اس میں سب بندوں کو رب کی حمد کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ اور اس میں اس کی وجہ بتائی گئی۔ یا یہ کہ وہ دعویٰ تھا کہ سب تعریفیں اللہ کی ہیں۔ اس کی دلیل بیان کی گئی۔ یعنی ساری تعریفیں اللہ کے لئے ہیں کیونکہ وہ تمام جہانوں کا پالنے والا ہے اور جو جہانوں کو پالے وہ تعریف کے لائق بھی ہے۔ دوسرے اس طرح کہ رب کی حمد کرنے والے چار قسم کے لوگ ہیں۔ ایک وہ جو محض رب کو راضی کرنے کے لئے اس کی حمد کریں اور کوئی اپنا نفع ان کے مد نظر نہ ہو جیسے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اور خواص اولیاء اللہ دوسرے وہ جو اپنے پر اس کے بے شمار احسانات دیکھ کر اس کی حمد کریں جیسے عام شکر گزار بندے۔ تیسرے وہ جو آئندہ رحمت کی امید پر اس کی حمد کریں جیسے عام گنہگار امیدوار بندے چوتھے وہ جو اس کی ہیبت و جلالت سے ڈر کر اس کی حمد کریں۔ پہلے گروہ کے لئے فرمایا گیا **الحمد للہ** دوسرے گروہ کے لئے فرمایا **رب العالمین** یعنی چونکہ وہ تم کو برابر پال رہا ہے۔ روزی دے رہا ہے اس کی حمد کرو۔ تیسرے گروہ کے فرمایا گیا۔ **الرحمان الرحیم** یعنی چونکہ وہ تم پر آئندہ بھی رحم فرمائے گا لہٰذا تم اس کی حمد کرو چوتھے گروہ کے لئے فرمایا **مالک یوم الدین** یعنی چونکہ وہ شہنشاہ ہے ہر طرح تم پر قدرت رکھتا ہے اس سے ڈرو اور اس کی حمد کرو۔ غرضیکہ چاروں جملوں میں نہایت اعلیٰ درجہ کا تعلق ہے اور ترتیب کیسی عمدہ ہے کہ حمد کرنے والوں کے مرتبوں کے مطابق ہے۔

**تفسیر** : لفظ رب کے تین معنی ہیں۔ مالک' سردار' پالنے والا اور تینوں معنی اس جگہ درست ہو سکتے ہیں مالک تو اس لئے کہ سارے جہانوں کا مالک ہونا۔ ہمیشہ سے مالک ہونا' ہمیشہ تک مالک رہنا۔ ہر طرح مالک ہونا' حقیقی مالک ہونا۔ یہ خاص حق تعالیٰ ہی کی صفت ہے۔ جس کسی کو اس نے ملکیت عطا فرمائی وہ محدود ہے کسی خاص وقت سے ہے' کسی خاص وقت تک کے لئے ہے خاص حیثیت سے ہے۔ اور رب کی عطا سے ہے آپ اپنے جانور کے مالک ہیں لیکن اس کی ہر چیز کے مالک نہیں۔ نہ ہمیشہ سے مالک تھے اور نہ ہمیشہ مالک رہیں گے اسی طرح اور چیزوں کو بھی قیاس کر لو۔ سردار کے معنی اس لئے درست ہیں کہ سردار وہ جو بلند مرتبہ رکھے اور بیشک حق تعالیٰ سب سے بلند مرتبے والا اور اعلیٰ ہے۔ جس کسی کو عزت اور عظمت ملی' اسی کی عطا سے ملی۔ اسی لئے اس کا نام اعلیٰ' عظیم اور اس کی صفت تعالیٰ ہے۔ تیسرے معنی ہیں پالنے والا۔ اس معنی میں نہایت ہی وسعت ہے۔ کس کو پالنے والا' کب سے پالنے والا۔ کب تک پالنے والا اور کس طرح پالنے والا۔ کس کو پالنے والا رب العالمین سے معلوم ہوا کہ سارے جہانوں کا پالنے والا۔ کب سے کب تک پالنے والا بھی اسی سے معلوم ہوا کہ جب سے عالم ہے اور جب تک رہے گا اس کی ربوبیت کی بارش ان پر ہوتی رہے گی۔ کس طرح پالنے والا یہ بھی اسی سے معلوم ہوا۔ یعنی ہر طرح اور ہر نوعیت سے پالنے والا۔ اب اس کو یوں سمجھو کہ دنیا کے ظاہری پالنے والوں کی تربیت اس وقت شروع ہوتی ہے۔ جب کہ وہ چیز پہلے بن کر آجائے

marfat.com
Marfat.com

اور بہت جلد ختم ہو جاتی ہے اور خاص قسم کی تربیت ہوتی ہے' عام نہیں ہوتی۔ اور خاص خاص کی تربیت ہوتی ہے۔ ہر ایک کو کوئی نہیں پالتا۔ دیکھو دنیا میں سب سے بڑے پالنے والے ماں باپ مانے گئے ہیں۔ جن کے متعلق رب قرآن پاک میں فرماتا ہے **کما ربینی صغیرا** دوسروں کی تربیت ان سے کہیں کم ہے لیکن جب بچہ باپ کی پیٹھ میں ہے اور ماں کے پیٹ میں آئے' نطفہ بن کر رہے' خون کا قطرہ بنے' گوشت کا لوتھڑا بنے' اس میں عضو وغیرہ بنیں۔ پھر اس میں روح پیدا ہو۔ ان تمام وقتوں میں ماں باپ کو اس کی پرورش سے کوئی تعلق نہیں۔ جب خیریت سے پیدا ہو گیا تو رب ہی نے ماں کے سینے سے دودھ کی دو نہریں جاری فرمائیں۔ ماں نے صرف یہ کیا کہ رب کا دیا ہوا دودھ اسی بچہ کے منہ میں دے دیا۔ اسی دودھ کے پیٹ میں پہنچنے کے بعد ماں پھر بے تعلق ہو گئی۔ معدے میں پہنچ کر اس کا ہضم ہونا اور بچے کا پلنا بڑھنا' اس میں ماں کا کوئی تعلق نہیں۔ پھر دودھ کا بہانہ بھی دو سال تک رہا بچہ بڑا ہوا۔ ماں نے یہ بھی بند کر دیا۔ غرضیکہ بچہ جس قدر بڑھتا گیا' ماں کی پرورش گھٹتی گئی۔ پھر ایک وقت وہ آیا کہ بچہ جوان اور ماں باپ بوڑھے ہو گئے تو اب معاملہ الٹ ہو گیا۔ ماں خدمت کی محتاج اور بیٹا خدمتگار۔ اور اگر اسی دوران میں بچہ مر گیا تو پھر تو کسی طرح کا ظاہری تعلق رہا ہی نہیں۔ قربان اس "رب العالمین" کے جو ہم کو باپ کی پیٹھ میں پالے۔ ماں کے پیٹ میں پالے' بچپن' جوانی' بڑھاپا' تندرستی' بیماری' جیتے ہر حال میں پالے اور سب کو پالے پھر کسی سے اس کا معاوضہ طلب نہ کرے۔ اسی لئے وہی "رب العالمین" کہلانے کا مستحق ہے پھر ہر طرح پالتا ہے جسم کے ظاہری اعضاء کو اور طریقے سے پرورش کرتا ہے۔ باطنی اعضاء کی پرورش کا اور طریقہ مقرر فرمایا۔ جان کو اور طریقے سے پالا ایمان کو اور طرح سے پرورش کیا۔ پاک ہے وہ جس نے ہڈی (کان) سے سنایا چربی (آنکھ) سے دکھایا۔ اور گوشت (زبان) سے بولنے کی طاقت دی پھر ان چیزوں کو قسم قسم کے پھلوں اور دانوں سے پرورش فرمایا جس وقت' جس طرح جس کی پرورش کی ضرورت تھی اسی طرح اس کو پالا۔ درختوں میں چلنے پھرنے کی طاقت نہ تھی تو ان کے لئے باغبان کو خدمت گار مقرر کیا۔ جس نے اس کو وہیں کھاد پہنچایا۔ بادلوں کے بہشتیوں کو حکم دیا کہ تم سمندر سے پانی لے کر ان کو پلاؤ۔ غرض کہ ان کی ہر ضرورت وہیں کھڑے کھڑے پوری کی۔ پرندوں میں حرکت کی طاقت تھی لیکن روزی کمانے کی طاقت نہ تھی۔ ان کو حکم دیا گیا کہ تمہارے گھونسلوں میں تمہارا رزق نہ پہنچے گا' یہاں سے جاؤ۔ کھیت میں کسان نے تمہارے لئے غلہ تیار کر رکھا ہے جاؤ اور چگ آؤ وہ صبح کو بھوکے نکلے اور شام کو پیٹ بھر کر لوٹے۔ حضرت انسان کو حرکت کرنے کی بھی طاقت تھی اور کمانے کی بھی۔ انہیں حکم دیا گیا کہ تم کو درختوں اور جانوروں کی طرح بغیر کمائے روزی نہ ملے گی۔ وہ مجبور ہیں اور تم مختار۔ گھر سے نکلو بھی اور روزی کماؤ بھی۔ بیج تم ڈال آنا۔ باقی بارش' دھوپ وغیرہ سے تمہاری امداد ہم کریں گے۔ حضرت انسان بھی جب تک بے دانت والے ناسمجھ بچے رہے تب تک ان کو بھی دودھ پلا کر بغیر محنت کرائے پالا۔ غرض کہ ہر طرح پالنے والا ہے۔ یہ اس کی لامتناہی تربیتوں کا ایک نمونہ ہے۔

**خالق اور مخلوق کی پرورش میں فرق :** اگرچہ بعض بندے بعض بندوں کو ظاہری طور پر اور کچھ وقت کے لئے کسی قدر پالتے ہیں اس لئے اس کو مجازاً "رب" کہا جاتا ہے۔ جس پر قرآن کریم شاہد ہے۔ لیکن پھر بھی خالق کی تربیت میں بڑا فرق ہے۔ پہلا فرق یہ ہے کہ بندہ کسی کو کسی غرض کے لئے پالتا ہے۔ خالق بغیر غرض کے۔ اگر ماں باپ بیٹے کو پالتے ہیں تو اس لئے کہ وہ بڑھاپے میں کام آئے۔ مالدار غریبوں کو پالتے ہیں یا تو اس لئے کہ ہمارا نام ہو یا اس لئے کہ ہم کو آخرت میں ثواب ملے۔ بادشاہ اپنے نوکروں کو تنخواہ دیتے اور پالتے ہیں اس لئے کہ وقت پر ہمارے کام آئیں غرض سب اپنی اپنی غرض کے لئے ہیں۔ حق تعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

ہی ہے جو بغیر غرض کے پالے۔ دوسرا فرق بندہ کسی کو پالتا ہے تو اس کے مال میں کمی ہو جاتی ہے وہ ختم ہونے کے خوف سے بڑی احتیاط سے کام کرتا ہے۔ اگر آمدنی کم ہو جائے تو بہت سے نوکر نکال دیئے جاتے ہیں۔ حق تعالیٰ کے خزانے میں کبھی کمی نہیں ہوتی اس لئے اس کی تربیت سے کوئی نکالا نہیں جاتا۔ تیسرا یہ کہ سخی بندے جب کسی کو پالتے ہیں تو اس پر احسان جتاتے ہیں اور بغیر مانگے دیتے نہیں۔ مگر حق تعالیٰ بغیر مانگے عطا کرتا ہے۔ وہ تو ایسا کریم ہے کہ جب ہم ماں کے پیٹ میں تھے ہم کو مانگنے کا شعور بھی نہ تھا۔ تب وہ دے رہا تھا۔ چوتھا یہ کہ بندہ سب کو نہیں پال سکتا۔ گھربار والا آدمی صرف اپنے بچوں کو پالتا ہے۔ بڑا آدمی صرف نوکر چاکروں کو پالتا ہے۔ لیکن رب سب کو پالتا ہے۔ پانچواں فرق یہ ہے کہ اور سخی لوگ زیادہ مانگنے والوں اور بہت سے سوالات سے گھبرا جاتے ہیں۔ لیکن رب وہ کریم ہے کہ اس کو بہت مانگنا پسند ہے۔ ہر گدا اس کے دروازے پر نئی ادا سے آتا ہے نئے ناز دکھاتا ہے مگر وہ سب کو اپنے فضل سے نوازتا ہے۔

اے کہ باہر دل ترار رازے دگر　　ہر گدارا بر درت نازے دگر

فائدہ: عیسائی حق تعالیٰ کو اب (باپ) کہتے ہیں اور ہم اس کو رب کہتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ خدا کو دنیا کا باپ کہنا اس کی بہت بڑی توہین ہے۔ ہم بتاتے ہیں کہ باپ اور رب میں کیا اور کتنے فرق ہیں۔ پہلا فرق یہ ہے کہ باپ اپنے بچے کو پالنے میں اس کی ماں کا محتاج ہے کہ اس کی امداد سے پالے۔ رب بندوں کو پالنے میں کسی کا محتاج نہیں ہے۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ باپ فقط جسم کو پالتا ہے۔ رب ہر چیز کو۔ اسی لئے باپ بیٹے کو ہوشیار ہونے کے بعد استاد اور پیر کے سپرد کرتا ہے اور عرض کرتا ہے اتنا کام میں نے کر دیا۔ آگے اس کی اصلاح آپ کے ذمے ہے۔ تیسرا فرق باپ کا درجہ دینی استاد اور مرشد سے کم ہے۔ کیونکہ باپ نے ہم کو حیوان (جاندار جسم) بنایا اور دینی استاد اور شیخ نے ہم کو ناطق یعنی سمجھ بوجھ والا بنایا۔ نیز باپ نے ہم کو اوپر (عالم ارواح) سے نیچے (عالم اجسام) میں اتارا اور استاد اور شیخ نے پھر نیچے سے اوپر پہنچایا۔ اگر ان کا کرم نہ ہوتا تو اسفل السافلین میں جاتے نیز باپ نے فقط جسم بنایا جو کہ مٹنے والا ہے۔ مگر استاد اور شیخ نے ایمان دیا جو باقی دولت ہے اسی لئے اگرچہ مالی حقوق میں ماں باپ استاد سے بڑھ جائیں لیکن اطاعت اور ادب میں استاد اور شیخ والد سے بڑھ کر ہیں۔ لیکن رب کی بارگاہ میں یہ سوال ہی نہیں۔ کیونکہ وہاں تقسیم کار نہیں۔ چوتھا فرق باپ اور بیٹے میں جنسیت اور نوعیت میں شرکت ہوتی ہے یعنی بیٹا باپ کا ہم جنس ہوتا ہے۔ انسان کا بچہ انسان، گھوڑے کا بچہ گھوڑا، گدھے کا بچہ گدھا، ہمارے پیٹ میں سے جو کیڑے خارج ہوتے ہیں، اسی طرح بالوں اور کپڑوں میں سے جوئیں وغیرہ نکلتی ہیں وہ ہماری اولاد نہیں کیونکہ وہ ہماری ہم جنس نہیں۔ لہٰذا جب مخلوق خالق کی ہم جنس نہیں بلکہ کسی صفت میں شریک نہیں تو اس رب کو باپ اور مخلوق کو اولاد کہنا حماقت ہی تو ہے۔ پانچواں فرق یہ کہ جس طرح بیٹا باپ کا محتاج ہے ایسے ہی باپ بیٹے کا محتاج ہے بیٹا ہو تو اسے باپ کہا جائے گا۔ مگر رب تعالیٰ اپنی کسی صفت میں اپنی مخلوق کا محتاج نہیں۔

**ربوبیت عامہ اور خاصہ:۔** حق تعالیٰ کی ربوبیت کا دو طرح ظہور ہو رہا ہے۔ اس کی بعض نعمتیں تو وہ ہیں جو سب کو بلا فرق مل رہی ہیں۔ جیسے دھوپ، ہوا، زمین، آسمان کا سایہ وغیرہ بعض نعمتیں وہ ہیں جو خاص خاص کو بہت فرقوں کے ساتھ عطا ہو رہی ہے۔ جیسے رزق، مال، اولاد، عزت، حکومت، آفتاب وغیرہ تو یہ سب حق تعالیٰ کی ربوبیت عامہ کے مظہر ہیں اور مال وغیرہ اس کی ربوبیت خاصہ کے۔ لیکن پھر بھی آفتاب وغیرہ کے عموم میں کچھ کمی ہے کہ یہ چیزیں بیک وقت سب کو فیض نہیں پہنچاتیں۔ فقط جسم کو فیض دیتی ہیں۔ روح سے ان کو تعلق نہیں ہوتا۔ حکمت الٰہی کا تقاضا تھا کہ کوئی نعمت اس کی ایسی بھی ہو جو اس کی ہر طرح

marfat.com
Marfat.com

کی ربوبیت کو پورے طور پر ظاہر کرے۔ ہر جگہ ' ہروقت ' ہر چیز کو یکساں فیض عام بھی پہنچائے اور خاص خاص کو خاص خاص فیض بھی اس نعت الہیہ کا نام اور مظہر اتم کا اسم شریف ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہی وہ نعمت عظمیٰ ہے۔ جس کو رب تعالیٰ نے فرمایا وما ارسلنک الا رحمۃ للعلمین ایک جگہ فرمایا لیکون للعلمین نذیرا جس قدر رب العالمین کی ربوبیت میں وسعتیں ہیں۔ اسی قدر رحمت عالم کی رحمت میں گنجائشیں۔ بلکہ یوں کہو کو حق تعالیٰ کی ربوبیت حضور علیہ السلام کی رحمت کے ذریعے سے سب کو پہنچتی ہے۔ حضور علیہ السلام کی رحمت ایک تو عام ہے۔ کلمہ 'کعبہ' قرآن 'ایمان سب کو یکساں عطا فرمایا۔ لیکن ولایت ' قطبیت 'غوثیت اور شہادت وغیرہ خاص خاص نعمتیں ہیں جو حضور علیہ السلام کے دربار در بار سے فرق کے ساتھ بٹتی ہے۔ العالمین۔ عالمین جمع عالم کی ہے۔ عالم علم سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں نشان دنیا کو عالم اس لئے کہتے ہیں کہ اس کی ہر چیز اپنے خالق کی نشانی ہے۔ اللہ کے سوا کو عالم کہتے ہیں۔ تفسیر روح البیان شریف نے اس جگہ فرمایا کہ اٹھارہ ہزار عالم ہے اور یہ دنیا یعنی زمین و آسمان وغیرہ جو ہم کو نظر آرہے ہیں۔ ان میں سے ایک ہے۔ "عالم ارواح" عالم اجسام 'عالم امکان ' پھر عالم سفلی ' عالم علوی ' عالم ملکوت ' عالم ناسوت ' عالم جنات ' عالم انسان ' عالم ملا ئکہ ' عالم برزخ وغیرہ وغیرہ یہ دنیا تو ان عالموں میں سب سے چھوٹا عالم ہے۔ ایک جنت ہی اتنی بڑی ہے کہ تمام زمین و آسمان اس میں رکھے جائیں تو ایسے معلوم ہوں جیسے میدان میں چند کوڑیاں۔ جہنم کی گہرائی کا یہ حال ہے کہ اگر ایک پتھر اس کے کنارے سے پھینکا جائے تو ستر سال میں اس کی تہ تک پہنچے۔ حالانکہ وہی پتھر آسمان سے پھینکا جائے تو بارہ گھنٹے سے پیشتر زمین پر آجائے گا پھر یہ عالم جو نظر آرہا ہے اس میں ہزاروں قسم کی وہ مخلوق ہے۔ جس سے ہم ناواقف ہیں تفسیر روح البیان شریف میں اسی جگہ ہے کہ صرف انسانوں کی ایک سو پچیس قسمیں ہیں بعض وہ بھی ہیں کہ جن کے کان ہاتھی کے کان کی طرح ہیں۔ بعض وہ ہیں جن کے پاؤں میں چلنے کی طاقت نہیں۔ بعض وہ ہیں جن کی آنکھیں ان کے سینوں پر ہیں۔ بعض وہ ہیں جن کے سر کتوں کے سے ہیں۔ فقیر نے بھی بعض مردم خور انسان کے فوٹو دیکھے ہیں جن کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے جب ہم کو ان عالموں ہی کی خبر نہیں تو اس کی ربوبیت کو کماحقہ 'کیسے جان سکیں۔

**آریوں کے اعتراضات :** اگر پروردگار واقعی عالمین (تمام جہانوں) کا پالنے والا ہے تو مسلمانوں کے ہاتھ سے قتل کیوں کراتا ہے رب کا کام ہے پالنا نہ کہ مارنا۔ **جواب:** جو ناقص مخلوق اپنے وجود سے دوسری اعلیٰ مخلوق کی پرورش میں رکاوٹ پیدا کرے۔ اس کو علیحدہ کر دینا ہی پرورش ہے۔ کسان کے کھیت میں فصل کے ساتھ کچھ خوبصورت نرم گھاس بھی اگ آتی ہے۔ دیکھنے میں بھلی معلوم ہوتی ہے مگر کسان جانتا ہے کہ اس سے کھیت برباد ہو جائیگا۔ اسے جڑ سے اکھیڑ باہر پھینکتا ہے کیونکہ اسی میں کھیت کی بھلائی ہے۔ اسی طرح کفار رب تعالیٰ کی زمین پر خوبصورت گھاس ہیں اگر زور پکڑ جائیں تو خدا کے بندوں پر دنیا تنگ ہو جائے ان کو نکلوا دینا ہی ضروری ہے گویا یہ ربوبیت کے لئے آڑ ہیں جس کا ہٹانا ضروری ہے۔ **دوسرا اعتراض:** رب کا کام پرورش کرنا اور تکلیفوں سے بچانا ہے پھر وہ اپنے خاص بندوں پر تکلیفیں کیوں اتارتا ہے۔ بیماری غریبی وغیرہ۔ **جواب:** رب تعالیٰ اپنے مخلص بندوں پر جو کوئی تکلیف بھیجتا ہے اس میں ہزار ہا حکمتیں ہوتی ہیں کبھی یہ تکلیف اس کے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے کبھی صبر کی وجہ سے ان کا درجہ بلند کرتی ہے کبھی یہ بہت بڑی راحت کا پیش خیمہ ہوتی ہے۔ مثلاً مال کی زکوۃ ظاہر میں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ مال بلاوجہ خرچ کرنا ہے لیکن اس کی برکت سے غریب پل جاتے ہیں۔ دینے والے کے مال میں برکت ہوتی

marfat.com
Marfat.com

ہے جیسے کہ پھل دار درخت کی شاخیں کاٹ دینے سے آئندہ اس میں زیادہ پھل پیدا ہوتے ہیں۔ معمولی بیماریاں، بڑی بڑی بیماریوں سے بچالیتی ہیں۔ بہت دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ ایک چیز ہم کو شروع میں ناپسند ہوتی ہے۔ مگر اس کا انجام نہایت اچھا ہوتا ہے۔ باپ اپنے عزیز بیٹے پر علم و ہنر سیکھنے کی محنت ڈالتا ہے بچہ مدرسہ کی پابندیاں، استاد کی سختیاں دیکھ کر گھبرا جاتا ہے۔ مگر جب اس کا نتیجہ نکلتا ہے تو سمجھتا ہے کہ وہ سختیاں کڑوی دوا کی طرح فائدہ مند تھیں۔ تیسرا اعتراض: اگر حق تعالیٰ "رب العالمین" ہے تو بندوں کی ہر دعا قبول کیوں نہیں فرماتا۔ بہت دفعہ دعا کرتے کرتے تھک جاتے ہیں لیکن دعا قبول نہیں ہوتی۔ جواب: بندہ اپنی ناسمجھی سے کبھی وہ دعائیں مانگ لیتا ہے جو انجام کار اس کے لئے نقصان دہ ہوتی ہیں۔ رب تعالیٰ چونکہ علیم و خبیر ہے وہ اپنے عین فضل و کرم سے ان کو قبول نہیں فرماتا۔ اس کا قبول نہ فرمانا اس کا کرم ہے نہ کہ ظلم۔ ناسمجھ بچہ اپنے عقلمند باپ سے شہد مانگتا ہے۔ باپ جانتا ہے کہ یہ شہد اس کو نقصان دیگا بیوقوف بیمار حکیم سے خوش رنگ اور مزیدار دوائیں مانگتا ہے لیکن وہ اس کو کڑوی دوائیں پلاتا ہے تو یہ اس باپ اور حکیم کا اس پر عین کرم ہے۔ چوتھا اعتراض: رب کے معنی ہیں پالنے والا جب حق تعالیٰ سب کا رب ہے تو چاہئے کہ سب کو پالا ہی کرے کسی کو موت نہ دیا کرے ہلاک کرنا بھی ربوبیت ہے؟ جواب: جو لوگ موت سے گھبراتے ہیں وہ موت کی حقیقت کو نہیں سمجھتے۔ موت تو حبیب سے ملنے کا ایک پل ہے حق تعالیٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوتی ہے۔ گویا زندگی ایک کھیتی ہے اور موت اس کی کٹائی کھیت کا کاٹنا حقیقت میں کھیت کی پرورش کی تکمیل ہے۔ ایسے ہی انسان کی زندگی اس کے کمائی کرنے کا وقت ہے اور موت اسی کا پھل پانے کا وقت ہے۔

دیوبندی اعتراض: جب حق تعالیٰ "رب العالمین" ہے تو چاہئے کہ ساری حاجتیں اسی سے مانگی جائیں۔ جو لوگ خدا کو چھوڑ کر نبیوں ولیوں سے حاجتیں مانگتے ہیں وہ خدا تعالیٰ کو "رب العالمین" نہیں مانتے۔ جواب: اللہ کے خاص بندوں سے کوئی چیز مانگنا حقیقت میں اسی اللہ ہی سے مانگنا ہے۔ کیونکہ یہ اللہ کے بندے اس کی صفت ربوبیت کے مظہر ہیں۔ بے شک اللہ "رب العالمین" رازق ہے شافی الامراض ہے۔ لیکن اس نے ان تمام کاموں کے لئے دروازے مقرر کر دیئے ہیں ان دروازوں پر جا کر مانگنا حقیقت میں رب ہی سے مانگنا ہے۔ شفا لینے حکیم کے ہاں جاتے ہیں انصاف لینے حاکم کے ہاں پہنچتے ہیں۔ خدا کا رزق لینے کے لئے مالدار کا دروازہ تلاش کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ شیخ سعدی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں۔

رزق ہر چند بیگماں برسد شرط عقل است جستن از در ہا

یوں سمجھو کہ پاور ہاؤس میں بجلی بنتی ہے لیکن اس کی روشنی وہاں ملتی ہے جہاں اس کے قمقمے لگے ہوں۔ تو جو شخص قمقموں سے روشنی حاصل کرے وہ پاور ہاؤس کا مخالف نہیں۔ اس کی بحث انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ بھی کی جائے گی۔

| الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ |
| --- |
| بخشنے والا مہربان |
| بہت مہربان رحمت والا |

marfat.com
Marfat.com

## تعلق

اس کا تعلق رب العالمین سے چند طریقے پر ہے۔ ایک یہ کہ اس جملے میں ارشاد تھا کہ وہ جہانوں کا پالنے والا ہے۔ احتمال تھا شاید وہ اس پالنے پر مجبور ہو۔ یعنی اس کو پالنا پڑتا ہے۔ جیسے کہ بادشاہ اپنے ملازمین کو پالتا ہے۔ مگر وہ اس پالنے پر مجبور ہے کہ اگر نہ پالے تو اس کی سلطنت قائم نہیں رہ سکتی۔ یا کوئی شخص اپنے گھر کے جانور وغیرہ کو مجبوراً "پالتا ہے۔ کیونکہ جانتا ہے کہ نہ پالوں گا تو میرے کام بند ہو جائیں گے تو اس جگہ فرمایا گیا کہ وہ عالمین کو پالنے پر مجبور نہیں ہے۔ محض رحمت سے پالتا ہے دوسرے اس طرح کہ پالنا کبھی رحمت کے ساتھ ہوتا ہے کبھی قہر کے ساتھ۔ جیسے کہ جیل خانے میں قیدیوں کو بھی حکومت پالتی ہے کھانے پینے کو دیتی ہے۔ مگر قہر کے ساتھ پالتی ہے۔ لیکن یہاں فرمایا کہ پالتا تو ہے مگر رحم کے ساتھ۔ تیسرے اس طرح کہ حمد کا رحمت کے ساتھ خاص تعلق ہے۔ جو خدا کی حمد کرتا ہے رحمت ضرور پاتا ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا ہوتے ہی چھینک آئی تو کہا۔ **الحمد للہ** فوراً ملائکہ کی طرف سے جواب ملا **یرحمک اللہ** وہی سنت آج بھی جاری ہے۔ رحمان اور رحیم کی تفسیر اور ان کا فرق ہم "بسم اللہ" میں پورے طور پر بیان کر چکے ہیں۔ یہاں اتنا اور بتائے دیتے ہیں کہ "رحمان" کے معنی یہ بھی کئے گئے ہیں کہ اس قسم کی رحمتیں فرمانے والا جو بندوں سے حاصل نہ ہو سکیں۔ اور رحیم کے معنی یہ ہیں کہ اس قسم کی رحمتیں فرمانے والا کہ جس کی مثل کچھ نہ کچھ بندوں سے بھی حاصل ہو سکے۔ اسی طرح رحمان بلاواسطہ بندوں پر رحم فرمانے والا اور رحیم بندوں کے واسطے سے رحم فرمانے والا۔ مثال یوں سمجھو کہ اکثر جاندار چیزیں اپنے ماں باپ کے ذریعے سے پرورش پاتی ہیں۔ لیکن کوے کا بچہ جب انڈے سے نکلتا ہے تو اس کی ماں اس سے بالکل بے تعلق ہو جاتی ہے۔ وہ گوشت کا لوتھڑا سا ہوتا ہے۔ اس کے کھانے کے لئے اس پر مچھر جمع ہو جاتے ہیں۔ وہ ان کو لقمہ بنالیتا ہے۔ اسی طرح اس کی پرورش ہوتی رہتی ہے۔ یہاں تک کہ اس کے جسم پر پر آجاتے ہیں۔ تب ماں پالتی ہے۔ (روح البیان و تفسیر کبیر) حضور ذوالنون مصری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک دن میں دریائے نیل کے کنارے جا رہا تھا میں نے دیکھا کہ ایک بچھو بھاگا ہوا دریا کی طرف آرہا ہے جب وہ دریا کے کنارے پہنچا فوراً ایک کچھوا کنارے آگیا۔ وہ بچھو اس پر سوار ہوا اور کچھوا اس کو لے کر دوسرے کنارے کی طرف چل دیا مجھے شوق ہوا کہ دیکھوں یہ بچھو کو کہاں لے جا رہا ہے میں کشتی میں بیٹھ کر اس کے پیچھے ہولیا بچھو اس طرف پہنچ کر اترا اور دوڑ کر آگے چل دیا میں بھی اس کے پیچھے پیچھے ہولیا کچھ دور جا کہ دیکھا کہ ایک نوجوان شخص ہے اور اس کے قریب ایک زہریلا سانپ ہے جو اس کو کاٹنا چاہتا ہے اس بچھو نے سانپ پر حملہ کیا اور سانپ نے بچھو پر یہ دونوں ایک دوسرے کے زہر سے مرگئے اور وہ جوان بچ گیا ہم بھی دن میں بظاہر اپنی حفاظت خود کرتے ہیں لیکن رات کو سونے کی حالت میں ہماری حفاظت خدا کے سوا کون کرتا ہے۔ بہت سے مصیبتیں وہ ہیں کہ ہماری ظاہری کوشش سے دفع ہوتی ہیں اور بہت سی وہ آفتیں ہیں کہ جن سے ہم کو حق تعالیٰ ہی بچاتا ہے وہ اس کی رحمانیت کا ظہور ہے۔ اور یہ اس کی رحیمی کی جلوہ گری مشرکین کا عقیدہ تھا کہ بڑی بڑی نعمتیں رب دیتا ہے اور چھوٹی چھوٹی بت۔ اس عقیدے کی بھی اس میں تردید ہو گئی کہ وہ رحمان بھی ہے اور رحیم بھی یعنی چھوٹی بڑی نعمتیں وہی عطا کرتا ہے۔

آریوں کے اعتراض : **پہلا اعتراض:** جب بسم اللہ میں یہ دو لفظ آچکے تھے تو یہاں دوبارہ کیوں لائے گئے۔ **جواب:** بسم اللہ میں حق تعالیٰ کی ذاتی رحمتوں کا ذکر تھا اور یہاں صفاتی کا 2- قرآن کریم میں جن چیزوں کا بار بار ذکر فرمایا ہے اس سے یہ مقصود

marfat.com
Marfat.com

ہوتا ہے کہ بندے سمجھ جائیں کہ ان کو بار بار کہنا خدا کو پسند ہے۔ دوسرا اعتراض: خدا پاک رحمان اور رحیم ہے تو دوزخ اور موذی چیزوں کو کیوں پیدا فرمایا اور شیطان کو کیوں بنایا۔ جواب: اس کا جواب "رب العالمین" میں گزر چکا ہے کہ بعض تکلیفیں رحمت کو ظاہر کرتی ہیں جو مصیبت کسی عوض رحمت کا ذریعہ بن جائے وہ حقیقت میں رحمت ہی ہے۔ اگر تکلیف دہ چیزیں پیدا نہ ہوتیں تو ہماری روح اور جسم کو پوری طہارت حاصل نہ ہوتی۔ نماز' روزہ' حج زکوۃ بظاہر تکلیف دہ معلوم ہوتی ہیں لیکن حقیقت میں یہ روح کو پاک کرنے والی چیزیں ہیں۔ جیسے کہ میلے لوہے کو لوہار بھٹی میں رکھ کے کوٹتا پیٹتا ہے تو وہ مصیبت پاکر زنگ وغیرہ سے صاف ہو جاتا ہے۔ اور اگر صاف اور قیمتی لوہے کو بھٹی میں رکھتا ہے تو اسے کوٹ پیٹ کر پرزہ بناتا ہے جس سے اس کی قدر و قیمت بڑھ جاتی ہے گھڑیوں اور مشینوں میں تھوڑی قیمت کا لوہا ہے لیکن کاریگر کے پاس پہنچ کر پرزہ بنا اور بہت قیمتی ہو گیا۔ سونا اگرچہ نہایت قیمتی دھات ہے اگر وہ سنار کی بھٹی میں نہ رکھا جائے اور سنار کے ہاتھ سے چوٹیں نہ کھائے۔ تو وہ زیور بن کر محبوب کے گلے میں نہ جائے تو یہ تکلیفیں بھی حقیقت میں اس کی قدر و قیمت بڑھانے والی ہیں۔ اسی طرح گنہگاروں پر جو تکلیفیں اور مصیبتیں آتی ہیں وہ انہیں زنگ آلود لوہے کی طرح گناہوں کے میل سے صاف کر جاتی ہیں اور نیک کاروں پر جو آتی ہیں ان کو عمدہ لوہے کی طرح قیمتی بنا جاتی ہیں۔ مقربین پر جو آتی ہیں ان کو سونے کی طرح اور زیادہ قرب الٰہی کے قابل بنا جاتی ہیں تو یہ مصیبتیں در حقیقت حق تعالیٰ کی رحمتیں ہیں۔ اسی طرح تکلیف دہ زہریلی چیزیں وغیرہ ہزاروں بڑی بڑی مصیبتوں کو دفع کر دیتی ہیں مثلاً مچھر اور مکھی جسم انسانی سے بہت سے زہریلے مادوں کو چوس لیتے ہیں۔ غلے کے کیڑے۔ گھن وغیرہ غلے کے بہت سے مضر اثرات کو مٹا دیتے ہیں۔ بے وقت بارشیں زہریلے دانوں کو تباہ کر کے اور گرم غلے کو ٹھنڈا کر کے کھانے کے قابل بنا دیتی ہیں۔ پھر یہ کیا ضروری ہے کہ پروردگار عالم صرف انسانوں پر ہی رحم فرمائے وہ بھی اس کی مخلوق اور اس کے رحم کے مستحق ہیں۔

---

| مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ |
|---|
| مالک دن بدلے کا |
| روز جزا کا مالک |

**تعلق**: اس سے پہلے اللہ کی ربوبیت اور رحمت کا ذکر ہوا۔ جس سے سننے والے کے قلب میں امید کا دریا موجیں مارنے لگا۔ اب ضرورت تھی کہ اس کے دل میں رب کا خوف پیدا کیا جائے کیونکہ ایمان امید اور خوف کے درمیان ہے۔ لہٰذا اس آیت میں رب تعالیٰ کی ملکیت' غلبے وغیرہ کا ذکر فرمایا۔ عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ دنیا میں کیسے ہی گناہ کر لو' کوئی سزا نہ ملے گی۔ کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام کی سولی (معاذ اللہ) سب کا کفارہ بن گئی۔ انہیں رحمت پر یقین ہو گیا۔ غضب سے بے خوف ہو کر گناہ پر دلیر ہو گئے۔ آریوں کا عقیدہ ہے کہ کسی گناہ کی معافی ہو سکتی نہیں اس کی سزا ضرور بھگتنی پڑے گی۔ یہ رحمت سے مایوس ہوئے گناہ پر دلیر ہوئے کیونکہ ناامیدی بھی گناہ پر دلیر کرتی ہے جب تک کہ بلی کتے سے بچنے کا موقعہ دیکھتی ہے بھاگتی ہے۔ مگر جب پھنس جاتی ہے تو کتے پر حملہ کر دیتی ہے۔ جس کو پھانسی کا حکم ہو جائے اس کی بہت احتیاط کی جاتی کہ کسی کو قتل نہ کر دے کیونکہ

marfat.com
Marfat.com

وہ اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے انسان گناہ سے اسی وقت بچ سکتا ہے جب اس کو اپنے مولیٰ کے غضب کا ڈر اور اس کی رحمت کی امید ہو۔ اس لئے رحمتوں کے ذکر کے بعد اپنی جباری کا ذکر فرمایا۔ دوسرے اس طرح کہ بعض لوگ امید پر عبادت کرتے ہیں اور بعض جوتے کے خوف سے۔ امیدوالوں کے لئے پہلی آیتیں تھیں اور دوسروں کے لئے یہ آیت۔

تفسیر: مالک۔ قاریوں کا اس لفظ میں اختلاف ہے بعض اسے مالک اور بعض ملک پڑھتے ہیں ملک کے معنی بادشاہ اور مالک کے معنی مالک۔ خواہ کچھ بھی ہو یہ بنا ہے ملک سے ملک کے لفظی معنی ہیں تعلق مضبوطی اور قوت بادشاہ کو ملک اور مالک اس لئے کہتے ہیں کہ اس کو اپنے مملوک اور رعیت سے تعلق بھی ہوتا ہے۔ اس پر قدرت بھی ہوتی ہے اور مضبوطی سے سب پر قابض بھی ہوتا ہے۔ جو لوگ ملک پڑھتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ بادشاہ کا درجہ عام مالکوں سے زیادہ ہوتا ہے۔ لہٰذا ملک پڑھنا بہتر ہے جس کے معنی ہوئے قیامت کے دن کا بادشاہ لیکن مالک پڑھنے والے فرماتے ہیں کہ مالک پڑھنا چند وجوہ سے بہتر ہے۔ اولاً یہ کہ مالک میں چار حرف ہیں اور ملک میں تین اور قرآن پاک کے ایک حرف پر دس نیکیاں ملتی ہیں لہٰذا مالک کے پڑھنے پر چالیس اور ملک کے پڑھنے پر تیس نیکیاں ملیں گی۔ دوسرے اس لئے کہ بادشاہ رعایا کا حاکم ہوتا ہے اور مالک اپنے مال یا غلام کا لیکن بمقابلہ رعیت کے زیادہ قبضہ اپنی مملوک پر ہوتا ہے کیونکہ رعیت میں بعض وہ بھی ہوتے ہیں کہ جن کی بادشاہ کو مجبوراً رعایت کرنی پڑتی ہے بلکہ رعایا کو رعایا کہتے ہی اس لئے ہیں کہ بادشاہ کو اس کی رعایت کرنی پڑتی ہے۔ لہٰذا ملک سے مالک پڑھنا بہتر ہے۔ تیسرے اس لئے کہ رعایا اپنے آپ کو بادشاہ کی حکومت سے نکال سکتی ہے یا تو اس طرح کہ اس کے ملک سے نکل کر دوسرے کے ملک میں پہنچ جائے یا بادشاہ کو سلطنت سے معزول کردے لیکن مملوک اپنے مالک کی ملکیت سے اپنی خوشی سے کبھی نہیں نکل سکتا۔ لہٰذا مالک کی ملکیت بادشاہ کی ملکیت سے قوی ہے۔ چوتھے اس لئے کہ بادشاہ اپنی رعایا کے مال وجان وغیرہ کا بالکل مالک نہیں بلکہ وہ خود ان کے مالک اور قابض ہوتے ہیں۔ لیکن مالک اپنے مملوک یا غلام کی ہر چیز کا مالک ہے۔ پانچواں اس لئے کہ رعایا ہر کام کرنے میں بادشاہ کی اجازت لینے کی محتاج نہیں لیکن مملوک (غلام) اپنے مالک کی بغیر اجازت کوئی کام نہیں کر سکتا۔ چھٹے اس لئے کہ رعایا بادشاہ سے ہر چیز نہیں مانگ سکتی بلکہ اپنا انتظام خود کرتی ہے بادشاہ کی اطاعت صرف اس لئے کرتی ہے کہ اس کے غضب سے بچ جائے لیکن مملوک (غلام) اپنا کھانا کپڑا ہر ضروریات اپنے مالک سے مانگتا ہے اور ہم بھی رب تعالیٰ سے ہر چیز مانگتے ہیں اور وہ ہمارا مربی ہے لہٰذا مالک کے معنی زیادہ مناسب ہیں۔ ساتویں اس لئے کہ بادشاہ رعایا کے مال کا امیدوار ہوتا ہے کہ یہ ٹیکس ادا کریں تو ہماری سلطنت چلے اور یہ ہماری فوج میں بھرتی ہوں تو ہمیں مدد ملے لیکن مالک اپنے غلام سے ان باتوں میں بے نیاز ہوتا ہے۔ وہ اس سے مال لیتا نہیں بلکہ اس کو مال دیتا ہے اور وہ غلام بھی اپنے کو خالی سمجھ کر اس کے کرم وفضل کا طالب ہوتا ہے۔ ہم بھی خدائے پاک کی بارگاہ میں اس کے فضل وکرم ہی کے طالب ہیں۔ آٹھویں یہ کہ بادشاہ تندرست اور جوان ہی کو اپنی فوج میں بھرتی کرتا ہے اور بیماروں اور کمزوروں کو نہیں لیتا لیکن مالک اپنے بیمار اور کمزور غلام کا علاج کراتا ہے اور بڑھاپے میں اس کی مدد کرتا ہے۔ اور اگر وہ کسی بلا میں پھنس جائے تو مالک اسے چھڑاتا ہے۔ نویں یہ کہ بادشاہت میں ہیبت ہے اور ملکیت میں رحمت اور حق تعالیٰ اپنے بندوں پر رحیم وکریم ہے (تفسیر کبیر) ان وجوہ سے مالک پڑھنا بہتر ہے۔ **یوم الدین** بدلے کا دن۔ یوم عربی میں دن کو کہتے ہیں اور دن ہوتا ہے آفتاب کی حرکت سے اور قیامت کے دن آفتاب کی حرکت نہ ہوگی اس لئے یہاں یوم سے مراد وقت یا زمانہ ہے۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ حق تعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

قیامت کے سارے وقت کا مالک ہے یا قیامت میں جو واقعات ہوں گے ان سب کا مالک ہے۔ دین کے دو معنی ہیں۔ بدلہ فیصلہ اور انصاف۔ دوسرے ملت۔ یعنی مذہبی عقیدے قیامت کے دن کو دین کا دن یا تو اس لئے کہتے ہیں کہ اس دن تمام دینوں یعنی ملتوں کے فیصلے کئے جائیں گے۔ دنیا میں دیندار اور بے دین یکساں پل رہے ہیں۔ بظاہر حق و باطل کا پتہ نہیں چلتا لیکن اس دن سب پتہ چل جائے گا یا اس لئے دین کا دن کہتے ہیں کہ ہر دین والا دین اسی لئے اختیار کرتا ہے کہ اس دن نجات ہو جائے۔ عیسائی' یہودی' پارسی اور مسلمان وغیرہ جس قدر مذاہب ہیں سب اس دن کے قائل ہیں۔ سب اسی دن کی مصیبت سے بچنے کے لئے آج دین اختیار کر رہے ہیں۔ اگرچہ ان میں سے بعض نے غلط دین اختیار کیا بعض نے صحیح۔ یا یوم دین اس لئے کہتے ہیں کہ اس دن کوئی دنیوی کام نہ ہو گا۔ اگر دین کے معنی جزا کئے جائیں تو قیامت کو یوم الدین اس لئے کہتے ہیں کہ اس دن دنیا کے تمام اعمال کی جزا دی جائے گی دنیا میں اچھے برے جیسے چاہو کام کر لو یہاں بدلہ نہیں۔ لیکن وہاں بدلہ ہے کام نہیں۔ اس کی مثال یوں سمجھو کہ ایک طالب علم تعلیم کے زمانہ میں صرف پڑھتا ہے اس زمانہ میں اس کی محنت کی کوئی بھی تحقیقات نہیں کرتا۔ محنت کرے یا کھیلے۔ لیکن جب امتحان کا دن آیا اس نے محنتی اور کھلاڑی کو الگ الگ کر دیا محنتی بڑھ آئے ان کو انعام دیا اور کھلاڑیوں کو سزا تو گویا امتحان کا دن سال بھر کے کام کے بدلے کا ہے یا یوں سمجھو کہ کھیت میں بھوسہ اور دانہ ایک ہی زمین میں رہتے ہیں۔ ایک ہی کھاد اور پانی سے پلتے ہیں۔ ایک ہی دھوپ سے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ لیکن ایک دن وہ بھی آتا ہے۔ جب کہ کھیت کا مالک اس کو گاہ کر بھوسے کو دانے سے الگ کر دیتا ہے۔ دانہ اور جگہ پہنچتا ہے اور بھوسہ اور جگہ یونہی دنیا ایک کھیتی ہے اور قیامت کا دن اس کے گاہنے کا دن ہے۔ نکتہ: حق تعالیٰ ہمیشہ تک ہر چیز کا مالک ہے پھر اپنے کو بالخصوص قیامت کا مالک فرمانا چند وجوں سے ہے۔ اولاً" یہ کہ جب مالک کی عظمت دکھانی منظور ہوتی ہے تو اس کو ملکیت کو کسی بڑے مملوک کی طرف نسبت کی جاتی ہے۔ بادشاہ کی سلطنت بہت سے ملکوں' شہروں' قصبوں اور گاؤں پر ہوتی ہے لیکن جب اس کی عظمت ظاہر کرتے ہیں تو کہتے ہیں شاہ ہند' شاہ دہلی وغیرہ اس کا منشا یہ نہیں کہ اور چیزوں کا مالک نہیں مالک تو ہے لیکن اس طرح کہنے میں اس کی بھی عظمت ظاہر ہوتی ہے اسی لئے حق تعالیٰ کو رب کعبہ اور رب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ دوسرے اس لئے کہ دنیا میں بظاہر اور بھی عارضی مالک ہیں کہا جاتا ہے کہ ہندوستان کا مالک فلاں۔ جاپان کا بادشاہ فلاں۔ یہ گھر فلاں کا۔ لیکن قیامت کا دن وہ دن ہو گا جب کہ کوئی بھی کسی چیز کا ظاہری مالک بھی نہ ہو گا۔ **لمن الملک الیوم** آج کس کا ملک ہے۔ اس وقت کوئی اس سوال کا جواب دینے والا بھی نہ ہو گا۔ تو خود ہی جواب میں ارشاد فرمائے گا۔ **للہ الواحد القھار** تیسرے اس لئے کہ بڑے مالک کی طرف نسبت کرنے سے اس چیز کی عزت ظاہر ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ بادشاہ کا محل ہے اس قاعدے سے اس نسبت سے قیامت کے دن کی عظمت اور ہیبت ظاہر ہوتی ہے کہ وہ خدا کا دن ہے۔ خداوند جل وعلا اسی دن کا مالک ہے اسی لئے سب کے دل میں اس کی ہیبت ہے۔ اسی دن کی ہیبت لوگوں سے نیک کام کراتی ہے اور برے کاموں سے بچاتی ہے۔ نکتہ: آریوں کے عقیدے میں یہ دنیا ہی عمل اور جزا کی جگہ ہے وہ کہتے ہیں کہ جو انسان برے کام کرتا ہے وہ مرنے کے بعد بری "جون" میں آتا ہے اور اچھے کام کرنے والا اچھی "جون" میں۔ جس قدر جانور وغیرہ ہیں یہ پہلے انسان ہی تھے۔ لیکن یہ اپنی بدعملی کی وجہ سے ان "جونوں" میں آئے۔ تو ان کے نزدیک دنیا عمل و جزا دونوں کی جگہ ہے۔ لیکن مسلمانوں کا عقیدہ یہ ہے کہ دنیا فقط عمل کی جگہ ہے یہاں جزا نہیں اور آخرت فقط جزا کی جگہ ہے وہاں عمل نہیں۔ اگرچہ بعض کام ایسے بھی ہیں کہ جن کا کچھ نہ کچھ نتیجہ دنیا

marfat.com
Marfat.com

میں بھی ظاہر ہو جاتا ہے۔ جیسے ماں باپ کی اطاعت کرنے والا دنیا میں خوشحال رہتا ہے۔ ان کے ساتھ بدسلوکی کرنے والا دنیا میں ذلیل و خوار ہوتا ہے۔ لیکن یہ خوشحالی یا ذلت یا رسوائی اس کی جزا نہیں ہوگی۔ یہ تو ایسا ہے جیسے سرکاری نوکر کے لئے بھتہ یا مجرم کے لئے جیل سے پیشتر حوالات بھتہ تو تنخواہ نہیں۔ اور یہ حوالات اس کے جرم کی سزا نہیں۔ سزا تو مقدمے کے بعد شروع ہو گی۔ آریوں کا یہ عقیدہ بالکل خلاف عقل ہے۔ اولاً تو اس لئے کہ جب دوسری "جون" میں پہنچ کہ پہلی "جون" کا آرام یا تکلیف یاد ہی نہ رہا تو اس کو اپنے گذشتہ اعمال کا احساس ہی کیا ہو گا۔ اور تکلیف اور غم محسوس ہی کیا ہو گا مثلاً ایک شخص آج فقیر بے نوا ہے۔ ان کے قاعدے سے پہلے وہ کسی اچھے حال میں زندگی گزار گیا تھا اپنی بدعملی کے باعث اب فقیر بنا کے بھیجا گیا۔ جب اسے یاد ہی نہ رہا کہ پہلے میں کیا تھا اور اس وقت میں نے کیا کیا تھا۔ کس عیش میں تھا۔ یہ کس عمل کی سزا ہے تو اب اس کو اس فقیری میں تکلیف ہی کیا ہو گی۔ وہ تو اپنی فقیری میں ہی خوش اور مست ہے۔ دوسرے اس لئے کہ اگر یہ عقیدہ صحیح ہو تا تو دنیا کے جانداروں کی تعداد میں وزن قائم رہتا۔ یعنی اگر انسان بڑھتے تو دوسرے جانور گھٹ جاتے اور دوسرے جانور بڑھتے تو انسان گھٹ جاتے۔ کیونکہ اول سے آخر تک روحوں کی تعداد ایک ہی ہے۔ وہی مختلف جسموں میں گھومتی پھر رہی ہیں۔ لیکن تجربہ یہ بتا رہا ہے کہ دن بدن ہر جاندار میں زیادتی ہوتی ہے تیسرے اس لئے کہ ایک بار حضرت صدر الافاضل مرشدی و استاذی مولانا محمد نعیم الدین صاحب قبلہ مراد آبادی علیہ الرحمتہ کا مناظرہ رام چند دہلوی سے ہوا۔ حضرت نے دریافت فرمایا کہ مہاشہ جی! کوئی دنیا میں ایسا بھی گزرا ہے کہ جس نے کوئی گناہ نہ کیا ہو۔ کہنے لگے۔ لاکھوں سب سے بڑے تو رشی منی گزرے ہیں جن پر وید آئے حضرت نے فرمایا ایسے بے گناہ انسان کو کس "جون" میں جانا چاہئے ان کو تو ایسی جون میں جانا چاہئے کہ جہاں ہر طرح کی راحت اور آرام ہو تو اس نے کہا بے شک فرمایا بتاؤ کہ وہ "جون" کون سی ہے۔ کہا کہ ایسے لوگ بادشاہ بن کر آتے ہیں۔ فرمایا کہ بادشاہ سے بڑھ کر تو دنیا میں کوئی مصیبت میں نہیں۔ سب کو فکر نان۔ اس کو فکر جہان۔ غریب لوگ رات کو آرام سے سوئیں اور وہ فکر سے تارے گن گن کے گزارے۔ یہ تو بڑا ظلم ہے کہ خدا تعالیٰ ان کو ایسی مصیبت میں ڈالے تو مہاشہ جی فوراً بولے کہ وہ تارک الدنیا سنیاسی بن کر آتے ہیں۔ فرمایا واہ ان کی نیکیوں کا یہ بدلہ دیا کہ سر پر ٹوپی نہ پاؤں میں جوتا۔ نہ تن پہ کپڑا نہ بدن پہ لنگوٹا سب تو جاڑوں میں عمدہ عمدہ لباس پہنیں۔ یہ مصیبت کا مارا آگ تاپ کر رات کاٹے۔ مہاشہ جی گھبرا گئے بہت سے پلٹے کھائے۔ مگر کوئی جون ایسی نہ ملی جو بالکل راحت و آرام کی ہوتی حضرت نے فرمایا کہ مہاشہ جی اگر ہماری بات مانو۔ تو ہم تمہیں بتائیں کہنے لگے بتاؤ فرمایا کہ ان کو رنڈی بن کر آنا چاہئے کہ دنیا میں یہی آرام سے رہتی ہے۔ دن رات نیا لطف اٹھائے۔ دوسرے کمائیں یہ مزے سے کھائے۔ مہاشہ جی گرم ہو گئے اور کہا دیکھئے آپ گالیاں دیتے ہیں فرمایا یہ تمہارے مذہب کی کمزوری ہے قرآن کو مان لو۔ جنت ہی جزا کی جگہ بن سکتی ہے نہ کہ دنیا چوتھے اس لئے کہ دنیا میں دیکھا جاتا ہے کہ نہایت اقبال مالدار صاحب عزت پر کبھی ایسا وقت آپڑتا ہے کہ اس کی زندگی پلٹ جاتی ہے۔ پہلے مالدار تھا اب فقیر ہو گیا پہلے عزت و عظمت اور اقبال مندی اس کے پاؤں چومتی تھی اب ادبار نے اس کو گھیر لیا۔ اسی طرح بہت سے آدمی دیکھے گئے ہیں کہ پہلے غریب تھے پھر مالدار بن گئے تو اگر یہ دنیوی آرام اور تکلیفیں پچھلی جون کی جزا اور سزا تھیں تو چاہئے تھا کہ ایک ہی حال پر رہتا یہ حال بدلے کیوں آریوں کا اعتراض۔ قرآن شریف کی اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا صرف قیامت کے دن کا مالک ہے تو کیا آج اس کے سوا کوئی اور مالک ہے۔

جواب: اس کا نہایت نفیس جواب اسی تفسیر میں اوپر گزر چکا ہے دیو بندیوں کا اعتراض۔ جب قیامت کے دن کا خدا ہی مالک

marfat.com
Marfat.com

ہے تو خدا کے سوا نبیوں کو اپنا شفیع جاننا اور ان کو اس دن حاجت روا ماننا اس آیت کے خلاف ہے۔ بدعتی لوگ اولیاء اللہ اور پیروں کی نذر نیاز اس لئے کرتے ہیں کہ یہ لوگ قیامت کے دن ان کے کام آئیں یہ عقیدہ بالکل مشرکانہ عقیدہ ہے۔ جواب: شفاعت اور بندوں کی حاجت روائی حق تعالیٰ کے مالک ہونے کے بالکل خلاف نہیں۔ انبیاء کرام اولیاء اور علماء اس لئے شفاعت نہ کریں گے کہ وہ اس دن کے حقیقی مالک ہیں بلکہ اس لئے کہ وہ مالک حقیقی کے پیارے ہیں ان کی بات وہاں سنی جاتی ہے۔ اگر وہ مالک حقیقی ہوتے تو شفاعت کے کیا معنی؟ وہ خود بخش دیتے دنیا میں بھی ہر چیز کا مالک پروردگار ہی ہے مگر یہاں بھی بڑے حاکموں کی بارگاہ میں شفاعت (سفارش) ہی سے کام چلتا ہے ان شاء اللہ شفاعت کی پوری بحث آیت الکرسی کے تحت کی جائے گی اور ہم نے اپنی کتاب "شان حبیب الرحمان" میں بھی اس پر کافی روشنی ڈال دی ہے۔

| إِيَّاكَ نَعْبُدُ | | |
|---|---|---|
| پوجیں ہم | ہی کو | تجھ |
| ہم تجھ ہی کو پوجیں | | |

تعلق: اس آیت کا تعلق گزشتہ آیتوں سے چند طرح ہے اولاً اس طرح کہ شروع سے اب تک حق تعالیٰ نے اپنے انعامات اور جباری اور ملکیت کا ذکر فرمایا۔ اس سے مقصود تھا کہ اللہ کی مخلوق اس کی اطاعت کی طرف رغبت کرے۔ کیونکہ احسان کی وجہ سے انسان اطاعت کی طرف رغبت کرتا ہے اور خوف ڈر سے طاعت سر بسجود ہوتا ہے۔ لہٰذا حکم ہوا کہ تم کہو ایاک نعبد تو گویا اب تک عبادت کی رغبت دلائی تھی۔ اب عبادت کا صریح حکم فرمایا۔ دوسرے اس طرح کہ حق تعالیٰ نے اس سے اپنے پانچ نام بیان فرمائے۔ اللہ' رب' رحمان' رحیم' اور مالک گویا یوں فرمایا۔ لہٰذا ہم تمہارے اللہ ہیں۔ پھر تم کو پالا لہٰذا ہم رب ہیں تم نے گناہ کئے ہم نے چھپائے پس ہم رحمان ہیں تم نے توبہ کی ہم نے مغفرت فرمائی لہٰذا ہم رحیم ہیں۔ تم ہمارے قبضے میں ہو اور جزا و سزا کا دن بھی آنے والا ہے۔ لہٰذا ہم مالک ہیں پس اے بندے تو ہماری عبادت کر اور عبادت کا مستحق وہی ہے جس میں یہ صفتیں ہوں۔ لہٰذا یہ کہو کہ اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ تیسرے اس طرح کہ انسان کے تین ہی حال ہیں۔ گزرے ہوئے' موجودہ اور آنے والے اور تینوں حالوں میں انسان رب کا محتاج کیونکہ جب موجود نہ تھا تو اس نے موجود کیا۔ جب کمانے کے قابل نہ تھا۔ اس نے رزق دیا۔ اس کو لفظ اللہ اور رب نے بیان کیا پھر موجودہ حالت میں ہر ہر آن ہر طرح رب کے محتاج اس کا ذکر رحمان اور رحیم میں فرمایا۔ اور پھر آئندہ قبر اور حشر میں رب ہی کے محتاج اس کو بیان کیا "مالک یوم الدین" نے تو ان آیات نے بتادیا کہ اے انسان تو ہر حالت میں رب کا محتاج ہے اب فرمایا گیا کہ جس کے کرم کی تجھ کو ہر وقت ضرورت تھی اور رہے گی۔ تو اسی کی عبادت بھی کر۔

تفسیر: علماء کرام فرماتے ہیں کہ اس آیت میں کلام کی روش چند طرح بدل گئی۔ اولاً یہ کہ اب تک خدا کا ذکر اس کے ناموں سے تھا۔ اب اس کو خطاب کیا گیا۔ دوسرے اب تک اللہ ہی کا ذکر تھا۔ اس آیت میں بندے کا بھی ذکر کیا گیا تیسرے اب تک رب تعالیٰ کی ہی صفات کا ذکر تھا۔ اب بندے کی صفات کا ذکر فرمایا۔ لیکن اس طرح کہ ایاک پہلے اور نعبد بعد میں ایاک کو اس لئے پہلے رکھا تاکہ اس میں حصر کے معنی پیدا ہو جائیں۔ یعنی ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ نیز حق تعالیٰ قدیم ہمیشہ سے

marfat.com
Marfat.com

موجود۔ ہم حادث بعد میں پیدا ہونے والے جو پہلے سے ہو اس کا ذکر پہلے۔ جو بعد میں ہوا اس کا ذکر بعد میں نیز اس میں اس بات کی تعلیم ہے کہ جب انسان اپنا بھی اور رب کا بھی ذکر کرے تو رب کا ذکر پہلے کرے نیز اس میں اشارہ اس جانب ہے کہ عبادت کرنے والے کی نیت خالص رب کو راضی کرنے کی ہو نہ کہ دنیا کے دکھانے کی کیونکہ جو شخص ریا سے عبادت کرتا ہے۔ وہ خدا کا عابد نہیں بلکہ اس کا عابد ہے جس کو دکھا رہا ہے میں نے ایک بزرگ کو دیکھا کہ جب وہ نماز میں کھڑے ہوتے تو بہت روتے تھے۔ میں نے رونے کی وجہ دریافت کی۔ فرمانے لگے مجھے خبر نہیں کہ میں نماز پڑھنے میں سچا ہوں یا جھوٹا۔ کہ زبان سے تو کہہ رہا ہوں **ایاک نعبد** اگر میرے قلب میں ذرہ بھر ریا ہوئی تو خدا کا حکم ہو گا کہ تو جھوٹا ہے۔ ارے کمبخت مسجد میں کھڑے ہو کر نماز کی حالت میں میرے سامنے ہاتھ باندھ کر مجھ سے جھوٹ بول رہا ہے کہ زبان سے کہتا ہے **ایاک نعبد** (ہم تجھ ہی کو پوجتے ہیں) اور دل میں کسی اور کی پوجا کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس قول میں سچا کرے آمین۔ خطاب کا صیغہ اس لئے لایا گیا تاکہ بندہ اس وقت اپنے رب کو حاضر ناظر جانے کہ گویا میں اس کو دیکھ رہا ہوں یا وہ مجھے دیکھ رہا ہے۔ اس لئے میں عرض کر رہا ہوں کہ **ایاک نعبد** گویا کہ نمازی نماز شروع کرتے وقت رب سے غائب تھا۔ اور اب خدا کی صفتیں بیان کرنے کی برکت سے بارگاہ میں اس طرح حاضر ہو گیا کہ اس کو دیکھ رہا ہے اور اس سے کلام کر رہا ہے نیز اب تک خدا کی صفتوں ہی کا بیان تھا۔ اور اب عرض و معروض ہے صفتوں کا بیان غائب کے صیغے سے اچھا ہوتا ہے۔ اور عرض و معروض حاضر کے صیغے سے۔ (نوٹ ضروری) نماز میں کسی کو خطاب کر کے کلام کرنا جائز نہیں۔ اگر کوئی ایسا کرے تو نماز جاتی رہے گی۔ سوا اللہ کے اور اللہ کے محبوب علیہ السلام کے اس طرح کہ یہاں کہتا ہے **ایاک نعبد** اور التحیات میں کہتا ہے **السلام علیک ایھا النبی** اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازی جس طرح اللہ کو حاضر ناظر جانے اسی طرح محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو اور جس طرح رب کو راضی کرنے کی نیت کرے ایسے ہی اس کے محبوب علیہ السلام کو اسی لئے صحابہ کرام نے عین حالت نماز میں حضور علیہ السلام کا ادب کیا ہے۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) نعبد عبد سے بنا ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں "اظہار عجز" اسی لئے عام راستے کو عربی محاورے میں طریق معبد کہتے ہیں کیونکہ وہ ہر ایک کے پیر کے نیچے آتا ہے۔ (تفسیر کبیر) اصطلاح شریعت میں یا یہ عبادۃ سے بنا ہے یا عبودۃ سے عبادت کے معنی عابد بننا اور عبودت کے معنی عبد بننا (روح البیان) یا تو یہ معنی ہوئے کہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں یا یہ کہ تیرے ہی بندے بنتے ہیں۔ قرآن شریف میں عبد چار معنی میں استعمال ہوا مخلوق جیسے **عبادا لنا اولی باس شدید** مملوک جیسے من عبادکم مطیع جیسے **انہ کان عبدا شکورا** فنافی اللہ جیسے اسری بعبدہ مخلوق کا سب سے بڑا کمال عبدیت ہی ہے اس لئے کلمہ طیبہ میں عبدہ ورسولہ ہے اللہ کا بندہ صحیح ہونے کے دو رکن ہیں اغیار سے خالی ہو کر یار کا کاشانہ ہو۔ اس کی فرماں برداری میں لذت محسوس کرے ایک شرط ہے کہ اللہ کے پیاروں سے دلی محبت رکھے عالموں سے علم کاتبوں سے کتابت شاعروں سے شعر ملتے ہیں بندوں کی صحبت سے بندگی ملتی ہے۔ عبادت کی اصطلاحی معنی یہ ہیں کہ کسی کو خالق یا خالق کا حصہ دار مان کر اس کی اطاعت کرنا جب تک یہ نیت نہ ہو تب تک اسے عبادت نہیں کہا جائے گا اب بت پرست بت کے سامنے سجدہ کرتا ہے اور مسلمان کعبہ کے سامنے وہاں بھی پتھر ہی ہیں لیکن وہ مشرک ہے اور ہم موحد، ہندو اپنے دیوتاؤں رام چندر وغیرہ کو مانتا ہے مسلمان نبیوں ولیوں کو پھر کیا وجہ کہ وہ مشرک ہو گیا اور یہ موحد رہا۔ فرق یہی ہے کہ وہ انہیں الوہیت میں حصہ دار مانتا ہے ہم ان کو اللہ کا خاص بندہ مانتے ہیں بہر حال عبادت بہت سی قسم کی ہے۔ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، بلکہ یوں سمجھو کہ جو جائز کام بھی رب کو راضی کرنے کی نیت سے

marfat.com
Marfat.com

کیا جائے وہ عبادت ہے۔ یہاں تک کہ آدمی رب کو راضی کرنے کے لئے اپنے بچوں کو پالے تو یہ بھی عبادت ہے اور ان میں ثواب ملتا ہے یہ کلمہ ان سب کو شامل ہے۔ اس طرح بندہ بننے کی بہت سی صفتیں ہیں۔ رب کی رضا میں راضی رہنا۔ اس کی نعمت پر شکر کرنا اس کی بلا پر صبر کرنا اپنے عقائد درست کرنا غرض کہ اپنے میں بندوں کے سے صفات پیدا کرنا یہ سب معانی بھی اسی کلمے میں آگئے معبد کو جمع کے صیغے سے فرمایا اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ اے اللہ میں تیری بارگاہ میں اکیلا حاضر نہیں ہوا اور نہ صرف اپنی عبادت لایا بلکہ تیرے سب بندوں کے ساتھ ہوں جن میں انبیاء اولیا صالحین سب ہیں اگر میری عبادت قبول نہ ہو تو ان کے طفیل قبول فرمالے کیونکہ جو موتی خرید تا ہے وہ ڈورے کو واپس نہیں کرتا فقہاء فرماتے ہیں کہ جو شخص خراب اور عمدہ مال ملا کر فروخت کرے تو خریدار یہ نہیں کر سکتا کہ اچھا لے لے اور برا واپس کردے۔ بلکہ وہ کل لے لے گا یا کل واپس کرے گا اور ہر ایک کی عبادت بارگاہ الٰہی سے واپس نہیں ہوتی۔ تو نیکوں کے طفیل امید ہے کہ ہم بدوں کی بھی وہاں رسائی ہو جائے مسئلہ : اگر کوئی شخص رب کی عبادت اکیلا ہی کرے جب بھی یہ سمجھ کر کرے کہ مجھ سے پہلے بہت نے مقبول بندے اس کام کو کر گئے ہیں اور اب بھی کر رہے ہوں گے میں اپنے کو ان میں شامل کرتا ہوں۔ مثلاً ایک آدمی نیت خیر سے یہ سمجھ کر اپنے بچوں کو پالتا یا نوکری کرتا ہے کہ یہ رب کا حکم ہے تو اس کا یہ کام عبادت ہے۔ اس وقت یہ نیت کرے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنے اہل و عیال کی پرورش فرمائی اور دیگر انبیاء کرام اولیاء اللہ نے بھی رزق حاصل کرنے کے لئے بہت سے ذریعے اور پیشے اختیار کئے میں بھی انہیں کی اتباع میں یہ کام کر رہا ہوں اس لئے جمع کا صیغہ یہاں بھی صادق ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیاوی کاموں کو خود کیا تاکہ یہ کام سنت بن جائیں یونہی اگر کوئی شخص تنہا نماز پڑھ رہا ہے تو وہ بھی یہی کہے گا کہ ایاک نعبد کیونکہ ہزاروں بندے اس سے پہلے یہ عبادت کر چکے ہیں اور ہزاروں اب بھی کر رہے ہوں گے۔ نیز اس کے ساتھی فرشتے بھی حق تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں۔ لہٰذا یہ دیکھنے میں اگرچہ اکیلا معلوم ہوتا ہے لیکن حقیقت میں بہت سوں کے ساتھ ہے۔ اس لئے اگر ایک آدمی کو سلام کرتے ہیں تو بھی السلام علیکم (یعنی تم سب پر سلام) ہی کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کے ساتھ فرشتے بھی ہیں مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ جماعت سے نماز پڑھنی چاہئے۔ بلکہ ہر عبادت مسلمانوں کے اجتماع کا مقام ہے کہ بغیر جماعت عبادت ناقص ہوتی ہے۔

**تفسیر صوفیانہ** : صوفیاء کرام کے نزدیک وہی عبادت کامل ہے جس میں فقط اللہ کو راضی کرنا منظور ہو اگر جنت لینے کے لئے یا دوزخ سے بچنے کے لئے عبادت کی تو وہ عبادت کیا ہوئی ایک قسم کا بیوپار ہوا۔ اس لئے فرمایا **ایاک** اے اللہ تیری ہی عبادت کرتے ہیں یعنی ہماری عبادت سے مقصود صرف تیری ذات ہے۔ اسی وجہ سے نماز کی نیت میں کہا جاتا ہے کہ واسطے اللہ کے یہ نہیں کہتے کہ واسطے جنت کے یا واسطے جہنم سے بچنے کے نیز جو شخص جنت کے حاصل کرنے یا دوزخ سے بچنے کے لئے عبادت کرتا ہے وہ اپنی عبادت کا نتیجہ قیامت سے پہلے نہیں دیکھ سکتا کیونکہ جنت دوزخ کا معاملہ قیامت کے بعد ہے لیکن جو صرف رب کی رضا کے لئے کرتا ہے اس کا مقصد آج ہی سے حاصل ہو گیا۔ لہٰذا یہ نفع میں رہا۔

**عبادت کی روح** : یہ ہے کہ انسان غرور (دھوکہ) سے سرور (خوشی) کی طرف منتقل ہو جائے۔ اور دنیا کی تاریکی سے نکل کر حق کے نور اور مشاہدہ جمال میں پہنچ جائے کیونکہ دنیا اور دنیا کی چیزیں ایک اندھیرا ہیں اور دین نور ہے دنیا میں بے چین ہے اور

marfat.com
Marfat.com

عبادت میں چینی ہے قرآن کریم فرماتا ہے کہ اے محبوب ہم جانتے ہیں کہ کفار کی باتوں سے آپ کے دل کو دکھ پہنچتا ہے اس کا علاج یہ ہے **فسبح بحمد ربک وکن من السجدین واعبد ربک حتی یاتیک الیقین** معلوم ہوا کہ عبادت دنیوی تکلیفوں کا علاج ہے لہٰذا جس عبادت میں یہ بات نہ ہو وہ بالکل بے جان ہے نیز جس چیز سے اپنا پیارا راضی ہو وہ عبادت ہے اور جس سے وہ ناراض ہو وہ کام گناہ ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے خیبر کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نیند پر نماز قربان کر دینا عین عبادت تھی اگر نماز چھوڑنے میں اس کی رضا ہے تو چھوڑنا عبادت ہے اور پڑھنے میں اس کی رضا ہے تو پڑھنا عبادت آفتاب نکلتے وقت نماز پڑھنا گناہ کیوں ہے۔ اس لئے کہ اس میں اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم راضی نہیں۔

**اعتراضات : پہلا اعتراض:** جب اللہ تعالیٰ غنی (سب سے بے پرواہ) ہے تو اسے بندوں کی عبادت کی کیا ضرورت ہے اور انہیں عبادت کا کیوں حکم دیا ہے۔ ہم بھی بلاوجہ عبادت کی مشقت میں کیوں پڑیں۔ **جواب:** رب کو ہرگز ہماری عبادت کی ضرورت نہیں۔ بلکہ ہمکو خود ضرورت ہے۔ قالین یا قیمتی بستروں پر بیٹھنے کے قابل وہی ہوگا جس کا جسم گندگی سے آلودہ نہ ہو۔ گندہ آدمی اس پر بیٹھنے کے قابل نہیں حق تعالیٰ کی جنت نہایت پاک صاف جگہ ہے اس کے قابل وہی ہے جو خود پاک صاف ہو دنیا کی مشغولیت ہمارے قلب کو گندہ بنا دیتی ہے۔ عبادت رحمت کا پانی ہے۔ عبادت اس کا صیقل ہے جس سے اس کو صاف کر دیا جاتا ہے اگر عبادت سے صفائی نہ ہوتی رہے تو آخر کار یہ آئینہ بالکل سیاہ ہو کر کسی قیمت کے قابل نہ رہے نیز دشمنوں میں گھرا ہوا انسان جب ہی محفوظ رہ سکتا ہے جب یا تو وہ خود ہی قدرت والا ہو یا کسی قدرت والے کو پکڑے ہم کمزور ہزاروں دشمنوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔ شیطان، نفس امارہ، دنیوی الجھنیں برے یار وغیرہ ضرورت ہے کہ قدرت والے حق تعالیٰ کے ساتھ اپنا تعلق قائم رکھیں اور یہ عبادت تعلق ہی ہے نیز پردیسی کو اپنے دیس کے ذکر سے چین ملتا ہے ہماری روح پردیسی ہے عبادت میں اس وطن کا ذکر ہے اس لئے اس کو اس سے چین ملتا ہے تفسیر عزیزی میں لکھا ہے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے عضو میں ایک زخم تھا کہ جس کی وجہ سے اس عضو کو کاٹنے کی ضرورت تھی مگر سخت تکلیف کی وجہ سے ہمت نہ پڑتی تھی۔ جب وہ نماز میں کھڑے ہوئے تو کاٹ دیا گیا۔ اور ان کو اس کا احساس بھی نہیں ہوا۔

**آریوں کے اعتراض :** مسلمان کہتے ہیں کہ ہم سب رب ہی کی عبادت کرتے ہیں۔ اور موحد ہیں حالانکہ وہ کعبہ کے طرف سر جھکاتے ہیں یہ تو ہندوؤں سے بڑھ کر مشرک ہوئے کیونکہ وہ تو ایک پتھر کو پوجتا ہے اور یہ ہزاروں پتھروں کی عمارت کو اگر مسلمان کہیں کہ ہم کعبہ کو خدا نہیں جانتے تو ہندو بھی مورتی کو خدا نہیں سمجھتا بلکہ اپنا دھیان یکسو رکھنے کے لئے ایک پتھر کو سامنے رکھ لیتا ہے۔ **جواب:** اس کا جواب نماز کی نیت ہی میں دے دیا گیا ہے کیونکہ نیت میں یہ کہا جاتا ہے کہ "نماز واسطے اللہ کے منہ طرف کعبہ شریف کے، معلوم ہوا کہ نماز کعبہ کے لئے نہیں نماز تو اللہ کے لئے ہے صرف جہت مقرر کرنے کے لئے کعبہ کی سمت تجویز کر دی گئی ہے اگر نماز کعبہ کے لئے ہوتی تو جس طرف کعبہ کا پتھر پہنچتا ادھر ہی مسلمان جھک جاتا مگر ایسا نہیں ہوتا۔ غلاف کعبہ ہمارے پاس پہنچتا ہے ہم اس کو سجدہ نہیں کرتے اگر وہاں کا کوئی پتھر بلکہ ساری عمارت پنجاب میں رکھ دی جائے تو کوئی بھی ادھر سجدہ نہ کرے۔ لیکن ہندو کا یہ حال ہے کہ جدھر اس کی مورتی ادھر ہی پجاری کا سر۔ معلوم ہوا کہ اس کا سر مورتی کے لئے جھکا اور مسلمان کا سر رب کے لئے بلکہ خوف اور سفر کے نفل میں جدھر منہ کر کے نماز پڑھے گا ہو جائے گی۔ **فاینما**

marfat.com
Marfat.com

تو ثمّ وجہ اللہ پھر فرق یہ ہے کہ ہندو پتھر کسی انسان کے نام پر بناتا ہے رام چندر 'کالی مائی' دیو 'مہادیو کے نام پر وغیرہ وغیرہ اور اس شخص کو خدا کا شریک اور خدائی میں حصہ دار مانتا ہے اور یہ سمجھ کر اس پتھر کی طرف سر جھکاتا ہے کہ جس کا یہ پتھر ہے میں اس کی عبادت کر رہا ہوں کعبہ شریف میں ان میں سے کوئی بات نہیں۔ یہ بھی یاد رہے کہ کعبہ عمارت کا نام نہیں ہے بلکہ اس جگہ کا نام ہے اگر وہاں کوئی عمارت بھی نہ ہو۔ تو بھی نماز میں اسی طرف ہی منہ کیا جائے گا یہ عمارت تو اس جگہ کا نشان ہے جب پہاڑ پر اور تہ خانوں میں نماز پڑھتے ہیں۔ اس حالت میں اس عمارت کا کوئی بھی حصہ سامنے نہیں ہوتا۔ اعتراض: چاہئے کہ تم آریوں کی عبادت کو صحیح مانو کیونکہ یہ کسی مورتی کی پوجا نہیں کرتے صرف رب کا نام لیتے ہیں اور تم بھی رب کا نام لیتے ہو مقصد رب کو یاد کرنا ہے جس طرح چاہو کر لو۔ جواب: عبادت ہی وہی سچی ہے کہ جس کی تعلیم حق تعالیٰ کی طرف سے نبیوں کے ذریعہ دی گئی ہو اپنی عقل کی تجویز کی ہوئی کوئی عبادت 'عبادت نہیں۔ مسلمان جو بھی عبادت کرتا ہے وہ رب تعالیٰ کی بتائی ہوئی نبیوں کی بتائی ہوئی ہے۔ لہذا صحیح ہے۔ آریہ وغیرہ کی عبادت عقل سے سوچی ہوئی۔ اپنی طرف سے بنائی ہوئی لہذا وہ کچھ بھی کرے غلطی کرتا ہے شاہی قانون کی پابندی اشد ضروری ہوتی ہے۔

**دیوبندیوں کا اعتراض**: دیوبندی فرقہ کے نزدیک عبادت وہ کام ہے جو حق تعالیٰ نے اپنے لئے خاص کئے ہوں اور ان کو بندگی کے لئے بندوں کا نشان بنایا ہوا ہے دیکھو "تقویت الایمان" لہذا ایسے کام غیر خدا کے لئے کرنا شرک و بت پرستی ہے اس لئے ان کے مذہب کی رو سے کسی کو پکارنا کسی کی دہائی دینا کسی غیر خدا سے مدد لینا۔ کسی کے گھر یا جنگل کا ادب کرنا کسی کی یادگار منانا کسی کی قبر پر جھاڑو دینا۔ کسی کی طرف اپنے کام یا اپنے نام کی نسبت کرنا یعنی علی بخش نبی بخش نام رکھنا غرضیکہ کسی کی کچھ تعظیم کرنا غیر اللہ کی عبادت ہے اور شرک ہے اور ایاک نعبد کے خلاف ہے وہ کہتے ہیں کہ جب ہم اللہ کے بندے ہیں اور اس سے وعدہ بھی کر چکے ہیں کہ ہم تیری ہی عبادت کریں گے تو اس کو چھوڑ کر کسی بندے کے ساتھ یہ معاملہ کرنا یقیناً شرک ہے۔ جواب: اگر عبادت کی یہ تعریف صحیح مان بھی لی جائے تو جن چیزوں کو ان وہابیوں نے شرک کہا وہ شرک نہیں بنتیں اور اس عقیدہ کی بناء پر دنیا میں کوئی بھی شرک سے نہیں بچ سکتا نہ خود دیوبندی وہابی اور نہ کوئی اور مسلمان اول تو اس لئے کہ قبر پر جھاڑو دینا کسی کو پکارنا کسی سے مدد مانگنا کسی کا دن منانا خدا تعالیٰ کے ساتھ خاص نہیں اور نہ یہ چیزیں بندگی کا نشان ہیں۔ مدد کی بحث تو ہم ان شاء اللہ ایاک نستعین میں کریں گے۔ لیکن اور چیزوں کو لے لو رب تعالیٰ نے اپنے نبیوں کو پکارا یا ایہا النبی مسلمانوں کو پکارا کافروں کو پکارا پہاڑوں کو پکارا اس صورت میں رب معاذ اللہ پہلا مشرک اور قرآن پڑھنا شرک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے امتیوں کو پکارا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ کو جو نہاوند میں جہاد کر رہے تھے۔ مدینہ پاک سے پکارا ہم ایک دوسرے کو دن رات پکارتے ہیں خود وہابی مولوی قاسم صاحب نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارا۔

مدد کر اے کرم احمدی کہ تیرے سوا نہیں ہے قاسم بیکس کا کوئی حامی کار

غرض کہ پکارنے کو شرک کہنا عجب حماقت ہے کسی کی یادگار منانا بھی خدا کے ساتھ خاص نہیں۔ نہ خدا کسی کی یادگار مناتا ہے اور نہ کوئی شخص خدا کی یادگار منائے حج حضرت ہاجرہ کی یادگار ہے ورنہ دوڑنا کودنا پتھر پھینکنا بذاتہ ثواب کا کام نہ تھا پانچ وقت کی

marfat.com
Marfat.com

نمازیں بھی مختلف نبیوں کی یادگار ہیں جس پیغمبر نے کسی خاص موقع پر جتنی رکعتیں پڑھ لی ہیں انہیں کو اسلام نے قائم رکھا ہے اسی لئے نمازوں کی رکعتیں مختلف ہیں کہ فجر میں دو ظہر عصر میں چار چار وغیرہ دوشنبہ کے دن کا روزہ اسی لئے سنت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت پاک کی یادگار ہے اگر یادگار منانا شرک ہو تو بولو شرک سے کون بچا۔

**قبر پر جھاڑو دینا**: یہ کام بھی خدا تعالیٰ کے ساتھ خاص نہیں نہ تو خدا تعالیٰ کسی کی قبر پر جھاڑو دیتا ہے اور نہ خدا تعالیٰ کی قبر ہے کہ جس پر جھاڑو دی جاتی ہو اور نہ جھاڑو دینا بندگی کا نشان ہے اگر جھاڑو دینا بندگی کا نشان ہو تا تو چاہئے کہ ہر دیوبندی وہابی کی بغل میں ہر وقت ایک جھاڑو رہتی۔ کیونکہ نشان بندگی بندہ کے ساتھ چاہئے۔

**دن مقرر کرنا**: بھی شرک نہیں کیونکہ حج کے لئے دن مقرر' نماز کے لئے وقت مقرر۔ روزوں کے مہینہ مقرر۔ شادی بیاہ کے لئے تاریخیں مقرر۔ مدرسہ دیوبند کے امتحان اور تعطیل اور چھٹی کے وقت نصاب تعلیم غرض کہ ہر چیز مقرر تو بتاؤ شرک سے کون بچا۔

**عبد النبی نام رکھنا**: بھی شرک نہیں کیونکہ یہاں عبد کے معنی عابد کے نہیں غلام کے ہیں۔ قرآن کریم فرماتا ہے (تمہارے بندے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا **قل یا عبادی** فرمادو اے میرے بندو مصنف در مختار کے شیخ کا نام عبد النبی تھا۔ اگر عبد النبی نام رکھنا شرک ہو تو بتاؤ شرک سے کون بچا غرض یہ عبادت کے نہایت بیہودہ معنی ہیں۔ عبادت کے معنی ہیں اپنے انتہائی عجز کا اظہار اور انتہائی عجز جب ہی ہو گا جب کہ عاجز اپنے کو ان کا بندہ اور ان کو اپنا خالق یا خالق کا حصہ دار مانے گا۔ پانچواں

**اعتراض**: مشرکین عرب اپنے معبودوں کو خدا نہیں مانتے تھے بلکہ ان کو خدا کا بندہ اور خدا تک پہنچنے کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ چنانچہ کہتے تھے کہ ہم ان کو پوجتے ہیں کہ **لیقربونا الی اللہ زلفی** تاکہ یہ ہم کو خدا سے قریب کر دیں جس سے معلوم ہوا کہ کسی کو اپنا وسیلہ جاننا اور اس کو پکارنا وغیرہ بھی عبادت ہے اسی وجہ سے وہ لوگ مشرک قرار دیئے گئے۔ **جواب**: اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ ان مشرکین مکہ کا ان چیزوں کو محض وسیلہ جاننا شرک نہ تھا بلکہ ان کو وسیلہ جان کو پوجنا شرک تھا۔ قرآن پاک کی یہ آیت ہے کہ **ما نعبدھم الا لیقربونا الی اللہ زلفی** یعنی ہم ان چیزوں کو نہیں پوجا کرتے مگر اس لئے کہ ہم کو اللہ کے قریب کر دیں ان کے عقیدہ یہ تھا کہ بت ان کے چھوٹے معبود ہیں۔ تو اللہ کے بندے مگر ان کے ذریعے سے رب کی خدائی چل رہی ہے اور رب کو ان کی بات ان سے دب کر ماننی پڑتی ہے۔ اور ان کو رب سے ایسی نسبت ہے کہ جیسے وزراء کو بادشاہ سے کہ ان کی ناراضگی سے رب کی ربوبیت میں خلل پڑ جائے گا اور ان میں الوہیت ایسے سمائی ہوئی ہے۔ جیسے کہ گلاب کے پھول میں اس کی خوشبو وہ یہ بھی سمجھتے تھے کہ دنیا کے بڑے بڑے کام رب کرتا ہے اور چھوٹے چھوٹے کام یہ کرتے ہیں یہ سمجھ کر ان کی اطاعت بندگی کرتے تھے۔ (اسی لئے ان کو **الھہ یا شرکاء** کہتے ہیں اور یہ سمجھ کر ان کی پوجا کرتے تھے جیسے کہ آج کل ہندوستان کے ہندوؤں کا گنگا اور کالی اور مہادیو اور بھوانی وغیرہ کے متعلق یہی عقیدہ ہے الحمد للہ مسلمان کسی نبی ولی کے متعلق یہ عقیدہ نہیں رکھتا اس کا عقیدہ یہ ہوتا ہے کہ جو تیرے سوا ہے وہ تیرا بندہ ہے اس کی پوری تحقیق ہماری کتاب جاء الحق میں دیکھو دوسرے یہ کہ اگر مان بھی لیا جائے کہ مشرکین کا ان بتوں کو وسیلہ جاننا ہی شرک تھا۔ تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ بے شک بتوں کو وسیلہ جاننا کفر ہے۔ لیکن پیغمبروں' اللہ کے مقبول بندوں کو وسیلہ جاننا اور اپنا شفیع ماننا ہر گز شرک نہیں اور یہ سمجھ کر

marfat.com
Marfat.com

ان کی اطاعت کرنا اسلام کے خلاف نہیں کیونکہ ان معبودوں کو حق تعالیٰ نے اپنے تک پہنچنے کا وسیلہ نہ بنایا تھا کفار فقط اپنی تجویز سے ان کو وسیلہ مانتے تھے لہٰذا یہ کفر تھا اور انبیاء اور نیک بندوں کو حق تعالیٰ نے وسیلہ بنا کر بھیجا ہے یہ انتخاب الٰہی سے منتخب ہیں۔ لہٰذا ان کو وسیلہ جاننا عین ایمان ہے جیسے کہ بادشاہ کی رعایا بادشاہ کے مقرر کئے ہوئے حکام کو اپنا وسیلہ یا مددگار جانے یہ بغاوت نہیں بلکہ بادشاہ کی مرضی کے مطابق ہے لیکن اگر رعایا کسی کو خود اپنی طرف سے حاکم مقرر کر کے اس کو اپنا مددگار جانے لب باغی ہو گئی کیونکہ شاہی انتخاب والوں کو چھوڑ کر اپنے انتخاب پر عمل کیا دیکھو کعبہ معظمہ کی طرف ہر مسلمان سجدہ کرتا ہے لیکن اگر کوئی خود اپنی طرف سے کعبہ بنا لے جیسے کہ سندھ کے ایک بے دین نے کیا اور اور اس کو سجدہ کرنا شروع کر دے تو یقیناً وہ کافر ہے فرق کیا ہوا یہ دونوں سجدے تو رب ہی کو کر رہے ہیں لیکن خود ساختہ کعبہ کی طرف سجدہ کرنا کفر کیوں ہوا۔ اسی لئے کہ کعبہ معظمہ کا رب نے انتخاب کیا تھا اور یہاں اس نے اپنے آپ۔ اس کی بہت سی مثالیں دی جا سکتی ہیں۔ بہر حال عبادت کے لئے یہ ضروری ہے کہ معبود میں خدائی شان مان کر اس کی اطاعت کی جائے اسلام سے پہلے قریب قریب سارے دینوں میں بزرگوں کو تعظیمی سجدہ کیا جاتا تھا فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کو برادران یوسف علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام کو سجدے کئے اور رب کو بھی سجدہ ہوتا تھا تو کیا فرق تھا کہ رب کو سجدہ عبادت تھا۔ اور یہ محض تعظیم فرق صرف نیت کا تھا یعنی رب کو سجدہ کرتے تھے اسے خالق مان کر اور بزرگوں کو سجدہ کرتے تھے۔ محض بزرگ جان کر۔

لطیفہ : ایک بزرگ ابن سعود نجدی کے زمانہ میں مدینہ پاک حاضر ہوئے۔ روضہ مطہرہ کے سامنے ہاتھ باندھے کھڑے ہوئے تھے کہ نجدی پولیس نے کہا کہ کیا تو نماز پڑھ رہا ہے تو مشرک ہو گیا۔ انہوں نے پوچھا کہ کیوں سپاہی کہنے لگا کہ کسی کے سامنے نماز کی طرح کھڑا ہونا یعنی ہاتھ باندھ کر یہ اس کی عبادت ہے بزرگ فرمانے لگے کہ کیسے کھڑا ہوں وہ بولا کہ ہاتھ چھوڑ کر انہوں نے کہا کہ اس طرح کھڑا ہونا بھی مالکی نماز کا قیام ہے۔ پھر بھی نماز سے مشابہت تو رہی۔ اگر ناف کے نیچے ہاتھ باندھوں تو حنفی نماز ہے اور ناف کے اوپر باندھوں تو شافعی نماز ہاتھ چھوڑ کر کھڑا ہوں تو مالکی نماز ہے اب بتا کیا کروں وہ خاموش ہو گیا بزرگ فرمانے لگے کہ کسی کام کا عبادت بننا یا نہ بننا نیت پر موقوف ہے۔

| |
|---|
| وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ؕ |
| اور تجھ ہی سے ہم مدد چاہیں۔ |
| اور تجھ سے مدد چاہیں۔ |

تعلق : اس کا تعلق گزشتہ آیت سے چند طریقے سے ہے اول یہ کہ سورۃ فاتحہ میں چند مضمون ہیں پہلا خدا کی حمد دوسرا اپنی بندگی کا اظہار تیسرے اس سے دعا مانگنا اس سے پہلے دو مضمون بیان ہو چکے ہیں اب تیسرا شروع ہوتا ہے مگر چونکہ دعا کے لئے ضروری ہے کہ کسی وسیلہ سے کی جائے اس لئے اس سے پہلے عبادت کا ذکر ہوا اور بعد میں دعا کا یعنی اے اللہ ہم تیری عبادت

marfat.com
Marfat.com

کرتے ہیں اور عبادت کے وسیلہ سے تجھ سے مدد مانگتے ہیں۔ (تفسیر عزیزی) یہی مقام اس لئے مصیبتوں کے وقت نمازیں پڑھ کر صدقات وغیرہ کر کے نیک اعمال کر کے دعائیں کی جاتی ہیں تاکہ وہ عبادات قبولیت دعا کا وسیلہ بنیں ضروری نوٹ اس سے معلوم ہوا کہ ہر دعا میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پکڑنا ضروری ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری بھی رب کی عبادت ہے اور ہر عبادت دعا کا وسیلہ ہے رب نے فرمایا **وابتغوا الیہ الوسیلۃ** دوسرے اس طرح کہ اس سے پہلے فرمایا گیا تھا کہ اے اللہ ہم تیری عبادت کرتے ہیں۔ اب عرض کیا جا رہا ہے خدایا اس عبادت کو مکمل کرنے میں تجھ سے مدد مانگتے ہیں یعنی شروع کرنا ہمارا کام ہے اور اس کو انجام پر پہنچانا تیرا کام تیسرے اس طرح کہ عبادت کی کچھ ظاہری شرطیں ہیں جن کے بغیر عبادت ادا نہیں ہوتی جیسے نماز کے لئے وضو وغیرہ۔ انہیں شرائط ادا کہتے ہیں اور کچھ باطنی شرطیں ہیں کہ جن کے بغیر نماز بارگاہ الٰہی میں قبول نہیں ہوتی جیسے دل میں خشوع خضوع کا ہونا ریاء اور فخر سے پاک ہونا وغیرہ وغیرہ کہ جن کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی پہلی قسم کی شرطیں وضو کرنا وغیرہ بظاہر انسان کے قبضے میں ہیں لیکن دوسری قسم کی شرطوں میں انسان بالکل بے بس معلوم ہوتا ہے کیونکہ دل کا حاضر ہونا اور خیالات کا پاک و صاف ہونا انسان کے قابو سے باہر ہے۔ اس لئے پہلے عرض کیا گیا **ایاک نعبد** یعنی ہم ظاہری شرطیں ادا کر کے تیری عبادت کرتے ہیں اور دوسری قسم کی شرطوں کے لحاظ سے کہا گیا **ایاک نستعین** خدایا ان شرطوں میں تیری مدد مانگتے ہیں چوتھے اس طرح کہ پہلے اپنی عبادت کرنے کا ذکر تھا اور اب عرض کیا گیا کہ اس عبادت کا رب کی بارگاہ تک۔ بخیریت پہنچ جانا اور مقبول ہونا یہ رب ہی کے کرم پر موقوف ہے کیونکہ بہت سے ایسے عارضے پیش آ جاتے ہیں کہ جن سے سارا کیا دھرا برباد ہو جاتا ہے اللہ محفوظ رکھے تو عرض کیا خدایا عبادت ہم نے کر دی اور آئندہ اس کی حفاظت میں تجھ سے مدد مانگتے ہیں پانچویں اس طرح کہ عبادت سے روکنے والی چند چیزیں ہیں۔ نفس' شیطان' دنیوی الجھنیں اور برے یار' اور عبادت کرانے والی چند چیزیں ہیں۔ روح' ایمان' قرآن وغیرہ' تو گویا عبادت کرتے وقت دو لشکروں کا مقابلہ ہے پہلے تو عرض کیا اے اللہ ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور پھر عرض کیا۔ خداوند ہمارے اس جہاد میں رحمانی لشکر کو شیطانی پر فتح دے۔ اس میں ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں۔

تفسیر عالمانہ : علماء کرام فرماتے ہیں کہ یہاں مدد سے مراد یا تو صرف عبادت میں مدد مانگنا ہے یا سارے دنیوی دینی کاموں میں۔ دوسرے معنی زیادہ مناسب ہیں تو گویا یہ کہا جا رہا ہے کہ اے اللہ جس طرح ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اسی طرح صرف تجھ سے ہی ہر کام میں مدد مانگتے ہیں ہم مشرک نہیں ہیں کہ بعض کاموں میں تجھ سے مدد لیں اور بعض میں تیرے سوا کسی اور سے ہر کام میں تجھ ہی پر اعتماد ہے اور تیری ہی مدد سچی مدد ہے۔ اس میں بندے کو تعلیم ہے کہ وہ حق تعالیٰ پر نظر رکھے اور اس کو اپنا حقیقی مددگار جانے اگر مخلوق کی طرف سے کبھی کوئی مدد کر بھی دے تو یہ سمجھے کہ یہ بھی حق تعالیٰ ہی کی مدد ہے سب چیزیں اس کے خدام اور آلات ہیں بلا تشبیہ یوں سمجھو کہ بجلی صدہا کام کر رہی ہے۔ روشنی دیتی ہے پنکھے چلاتی ہے گاڑیاں کھینچتی ہے لیکن یہ کام محض بجلی کے تار کا نہیں بلکہ یہ سارے کام پاور ہاؤس سے ہو رہے ہیں جس کسی نے ہماری مدد کی اس میں مدد کی طاقت نہ ہوتی یا اس کے دل میں رحم نہ آتا ہو تو وہ کبھی ہماری مدد نہ کرتا۔ اور یہ طاقت اور رحم دلی رب کی طرف سے ہے۔ تو حقیقی مددگار وہی ہوا۔ لہٰذا رب کو چھوڑ کر کسی اور پر اعتماد کرنا محض نادانی ہے۔

marfat.com

Marfat.com

**تفسیر صوفیانہ :** صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ ایک درجہ ہمارے یہاں وہ بھی ہے کہ وہاں پہنچ کر انسان ظاہری اسباب پر بھی نظر نہیں رکھتا بلکہ بعض موقعوں پر حق تعالیٰ سے بھی اپنی زبان سے عرض حال نہیں کرتا تاکہ یہ دعائیہ الفاظ بھی آڑ نہ ہو جائیں حضرت ابراہیم علیہ السلام جب نمرودی آگ کی طرف چلے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ کچھ آپ کو حاجت ہے فرمایا تم سے کچھ نہیں حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا رب ہی سے عرض کیجئے فرمایا **حسبی من سوالی علمه بحالی** یعنی وہ خود جانتا ہے اس کا جاننا کافی ہے پھر میری عرض کی کیا ضرورت ہے سبحان اللہ یہ وہ حالت ہے کہ جس میں دعا مانگنے سے بھی گریز ہے اس طرف اشارہ کیا جارہا ہے **و ایاک نستعین** ہم تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ خیال رہے کہ اولیاء کرام کی یہ حالت ہروقت نہیں ہوتی۔

اگر درویش بر حالے بماندے سر دست از دو عالم برفشاندے

جب وقت امتحان ہو تو دعا نہ مانگنا اور راضی برضا رہنا عبادت ہے۔ اس لئے امام حسین رضی اللہ عنہ کے لئے کسی نے دعا نہ کی کہ خدایا کربلا کی مصیبت ان سے ٹل جاوے اور جب بندگی کے اظہار کا وقت ہو تو ہر چیز رب سے مانگو یہاں تک کہ جوتے کا تسمہ بھی اس سے مانگو کیونکہ بندے کا کام مانگنا ہی ہے۔ "تفسیر کبیر" اور "روح البیان" شریف نے اسی مقام پر فرمایا کہ حضرت خلیل علیہ السلام نے جب **ایاک نستعین** پر عمل کیا تو ان پر نمرودی آگ گلزار بنادی گئی۔ تو جو مسلمان یہ عرض کرے تو ان شاء اللہ جہنم کی آگ اسے نقصان نہ پہنچا سکے گی بلکہ جب مومن صراط سے گزرے گا تو نار پکارے گی کہ تیرا نور ایمانی مجھے بجھا دیتا ہے ایک وقت جنتی مسلمان گنہگار مسلمانوں کو نکالنے کے لئے جہنم میں جائیں گے ان پر آگ اثر نہ کر سکے گی۔

**دیوبندیوں کا اعتراض :** جب تم نے تلاوت قرآن پاک میں رب سے یہ وعدہ کر لیا کہ ہم تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں تو نبیوں اور ولیوں سے کیوں مدد مانگتے ہو یہ شرک ہے۔ **جواب:** انبیاء اولیاء سے امداد لینا حقیقت میں رب ہی سے امداد ہے کیونکہ اس کی امداد دو طرح کی ہے بلا واسطہ یا بالواسطہ اللہ کے بندوں کی مدد رب کے فیضان کا واسطہ ہے۔ قرآن کریم نے غیر خدا سے امداد لینے کا خود حکم فرمایا چنانچہ ارشاد فرماتا ہے **استعینوا بالصبر والصلوٰۃ** مسلمانو مدد لو صبر و نماز سے صبر و نماز بھی غیر خدا ہیں نیز فرماتا ہے **ان تنصروا اللہ ینصرکم** اگر تم اللہ کے دین کی مدد کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کرے گا رب تعالیٰ غنی ہو کر بندوں سے مدد طلب کرتا ہے تو اگر ہم محتاج بندے کسی بندے سے مدد مانگیں تو کیا برائی ہے۔ نیز حضرت ذوالقرنین کا قول نقل فرماتا ہے **اعینونی بقوۃ** تم لوگ میری مدد کرو اپنی قوت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا **من انصاری الی اللہ** میرا مددگار کون ہے اللہ کی طرف نیز قرآن کریم نے فرمایا **و تعاونوا علی البر والتقوی** یعنی ایک دوسرے کی مدد کرو بھلائی اور پرہیزگاری پر غرض کہ قرآن کریم نے جگہ جگہ غیر خدا سے مدد لینے کا حکم فرمایا۔ صحابہ کرام کی ایک جماعت کا نام ہے انصار جس کے معنی ہیں مددگار۔ اگر غیر خدا سے مدد لینا شرک ہو تو یہ نام ہی مشرکانہ ہوا حالانکہ انہیں یہ لقب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا فرمایا۔ اور قرآن کریم نے بھی ان کو اسی لقب سے یاد فرمایا۔ عیسائیوں کو قرآن کریم نے نصاریٰ کے نام سے یاد فرمایا اس کے معنی بھی مددگار ہیں اگر وہ احادیث اور فقہی عبارتیں جمع کی جائیں کہ جن میں غیر خدا سے مدد لینے کا حکم ہے تو اس کے لئے دفتر درکار ہیں۔ اگر اس کی زیادہ تحقیق منظور ہو تو ہماری کتاب "جاء الحق" کا مطالعہ کریں نیز خود دیوبندی اپنی ہزار ہا

marfat.com
Marfat.com

مصیبتوں میں پولیس کچہری، حکومت ڈاک خانہ وغیرہ سے مدد لیتے ہیں۔ تو ان میں سے کوئی مسلمان نہ رہا۔ شعر

تیری اگلے تو وکیلوں سے کرے استمدلو یا محمد سے بگڑتی ہے طبیعت تیری

مدرسہ دیوبند مسلمانوں ہی کی مدد سے چل رہا ہے۔ نیز انسان پیدائش سے قبر تک بندوں کی مدد کا محتاج ہے دائی کی مدد سے
پیدا ہوا۔ماں باپ کی مدد سے پرورش پائی۔ طبیب کی مدد سے شفا پائی۔ مالداروں کی مدد سے زندگی گزاری استاد پیر کی مدد سے ایمان
ملا قرابت داروں کی مدد سے نزع کے وقت کلمہ نصیب ہوا مسلمان بھائیوں کی مدد سے غسل و کفن دفن نصیب ہوا۔ پھر مسلمانوں
کی مدد سے قبر میں ثواب پہنچتا رہا۔ اب کوئی کس منہ سے کہہ سکتا ہے کہ غیر خدا سے مدد لینا شرک ہے۔ جہاں مدد کو خدا کے ساتھ
خاص کیا گیا ہے۔ وہ حقیقی مدد ہے اور جہاں غیر خدا سے مدد لینے کا حکم ہے وہاں بالواسطہ ہے۔ لہٰذا تمام آیتیں اور احادیث مطابق
ہو گئیں۔ قرآن شریف سمجھنے کے لئے ایمان کا نور اور حجازی کارخانے کی عینک چاہئے۔ نجدی عینک رہی سہی بھی پھوڑ دیگی۔
دوسرا اعتراض: زندوں سے مدد مانگنا تو جائز ہے۔ مگر مرے ہوؤں سے مدد لینا شرک ہے۔ جواب: اس آیت میں زندہ اور
مردہ کا کوئی فرق نہیں کیا گیا جیسے کہ ایاک نعبد میں عبادت کو اللہ کے ساتھ خاص کیا گیا کہ خدا کے سوا نہ زندہ کی عبادت جائز
نہ مردہ کی۔ اسی طرح ایاک نستعین میں بھی ہونا چاہئے۔ جواب 2 مدد لینا دو طرح پر ہے جسم سے اور روح سے۔ کسی سے کہنا
پانی پلادو۔ روٹی پکادو وغیرہ یہ جسم کی مدد ہے اور کسی اللہ والے سے عرض کرنا کہ ہماری بگڑی بنادو۔ بارگاہ الٰہی میں عرض کر کے بچہ
دلادو ہمیں جنت دے دو (جیسے کہ صحابہ کرام حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کرتے تھے) دوزخ سے بچالو۔ حق سے ملادو یہ
سب روحانی مددیں ہیں۔ مرنے سے صرف بعض لوگوں کا جسم بیکار ہو جاتا ہے۔ روح کی طاقتیں تو بڑھ جاتی ہیں۔ میت قبر میں
سے اوپر کے سارے حالات دیکھتی ہے اور ہلکی سی آوازیں بھی سنتی ہے۔ تو جو روح اپنی زندگی میں روحانی امداد کر سکتی ہے۔ بعد
وفات بدرجہ اول مدد کر سکے گی۔ نیز دیکھو شب معراج میں حضرت موسیٰ نے مسلمانوں کی مدد کی کہ پچاس نمازوں کی پانچ کرادیں۔
یہ مدد موسیٰ علیہ السلام نے اپنی وفات سے قریباً" تین ہزار سال بعد کی اب بھی حضور کے نام کی مدد سے کافر مومن بنتے ہیں۔
موسیٰ و ہارون کے تبرکات کی مدد سے بنی اسرائیل نے جالوت پر فتح پائی۔ رب فرماتا ہے "فیہ بقیہ مما ترک ال موسیٰ وال ہارون
حضور کی وفات کے بعد صحابہ حضور کے لباس و بال دھو کر شفا کے لئے پیتے تھے۔ اور حضور کی مدد سے شفا پاتے تھے۔ دیوبندیوں
کے بزرگوں اور عام اولیاء اللہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمیشہ مددیں مانگی ہیں۔ اور مدد مانگنے کو جائز رکھا ہے۔ چنانچہ
مولوی محمود حسن صاحب دیوبندیوں کے شیخ الہند اپنے ترجمہ قرآن میں جس کے چار پاروں کا ترجمہ انہوں نے کیا ہے۔ باقی
مولوی شبیر احمد صاحب نے ایاک نستعین کے ماتحت فرماتے ہیں ہاں اگر کسی مقبول بندے کو واسطہ رحمت الٰہی اور غیر
مستقل سمجھ کر استعانت ظاہری اس سے کرے تو یہ جائز ہے کہ یہ استعانت در حقیقت حق تعالیٰ ہی سے استعانت ہے اس کی
پوری تحقیق "جاء الحق" میں دیکھو۔ بہر حال اس ایاک نستعین کے وہی معنی کرنے پڑیں گے۔ جو ہم نے عرض کر دیئے۔
آریوں کا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کریم کسی بندے کی کتاب ہے۔ کیونکہ اگر یہ رب کی کتاب
ہوتی تو بتاؤ رب تعالیٰ کس کی عبادت کرتا ہے اور کس سے مدد مانگتا ہے۔ جواب: اس کا جواب بہت تفصیل سے گزر چکا ہے۔
ایک بار بابا خلیل داس بنارسی سے ایک آریہ نے یہی اعتراض کیا تھا۔ تو انہوں نے وہی جواب دیا جو ہم پہلے عرض کر چکے ہیں اور

marfat.com
Marfat.com

پھر فرمایا کہ اگر کہیں وید سے ثابت کردو کہ یہ وید اللہ کا کلام ہے تو تم کو ایک ہزار روپیہ انعام دیا جائے گا۔ بلکہ وید میں تو اللہ کا کوئی ذاتی نام بھی نہیں آیا۔ لوم' بھگوان' پرتماتما' سروشکتی' مان وغیرہ اس کے صفتی نام رکھ لئے گئے ہیں۔ بلکہ لوم تو گانے کا سر ہے۔ جس کو آریوں نے خدا کا نام سمجھ رکھا ہے۔ قرآن کریم نے تو صاف فرمایا تنزیل من رب العلمین وغیرہ وغیرہ یعنی قرآن خدا کی طرف سے اترا۔ آؤ میں تم کو دکھاؤں کہ وید بنانے والا کون ہے۔ چنانچہ انہوں نے یجوید کا ایک منتر پڑھا۔ جس کا ترجمہ یہ بتایا کہ اے بھگوان میں اس منتر کا بنانے والا ہوں۔ میرا نام گوتم ہے اور تو مجھے توفیق دے کہ میں اس کام کو پورا کروں۔ دیکھو وید یہ صاف کہہ رہا ہے کہ یہ بندوں کا بنایا ہوا ہے اس پر وہ آریہ خاموش ہو گیا۔

| اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۙ |
| --- |
| ہدایت دے ہم کو راستہ سیدھا |
| ہم کو سیدھا راستہ چلا |

تعلق: اس آیت کا پہلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ اول یہ کہ پہلے ذکر ہوا تھا۔ کہ ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں۔ یہ نہ معلوم ہوا تھا کہ کس کام میں اب اس استمدا کی کچھ تفصیل فرمائی گئی کہ اس میں مدد مانگتے ہیں کہ تو ہم کو سیدھے راستے چلا۔ اس سے نتیجہ یہ نکلا کہ دنیوی اور دینی تمام کاموں میں اللہ ہی سے مدد مانگی جائے۔ مگر استقامت میں خاص طور پر کہ یہ تمام نیکیوں کی جڑ ہے۔ دوسرا تعلق: اس طرح کہ اس سے پہلے ذکر تھا عبادت کا اور اب ذکر ہو رہا ہے دعا کا جس میں اشارہ اس جانب ہو رہا ہے کہ عبادت کے بعد دعا مانگنی چاہئے۔ اسی لئے سنت ہے کہ نماز کے بعد دعا مانگے تیسرے اس طرح کہ اب تک عرض کیا تھا کہ خدایا ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے مدد مانگتے ہیں اب عرض کیا کہ تو ہمیں سیدھے رستے پر قائم رکھ۔ یعنی عبادت پر قائم رکھ ایسا نہ ہو کہ کچھ روز عبادت کر کے ہم چھوڑ دیں۔ بلکہ ہمیشہ تیری عبادت میں مشغول رہیں کہ یہی صراط مستقیم ہے چوتھے اس طرح کہ اب تک عبادت کا ذکر ہوا۔ اب عرض کیا کہ اے اللہ ہم کو اس عبادت میں سیدھے راستے پر قائم رکھ یعنی اس طریقہ سے عبادت کرا کہ تیری بارگاہ میں قبول ہو اور افراط و تفریط کے درمیان درمیان ہو اور جس طرح تیرے مقبول بندوں نے عبادت کی ہو۔ ایسا نہ ہو کہ دنیوی راحت کے موقعوں پر تیری عبادت سے غافل ہو جائیں اگر کبھی عبادت میں مشقتیں ہوں تو عبادت سے منہ نہ موڑلیں۔ پانچویں اس طرح کہ عبادت وغیرہ کے بعد ہدایت کی دعا مانگنا اس لئے ہے کہ بغیر ہدایت کے عبادت مقصود تک نہیں پہنچاتی۔ بڑے بڑے عابد آخر کار زندیق بن گئے جیسے کہ ابلیس اور برصیصا اور بلعم ابن باعورہ وغیرہ کہ پہلے یہ لوگ اول درجہ کے عابد تھے اور بعد میں گمراہ ہوئے تو عرض یہ کیا جا رہا ہے کہ خدایا ہم اپنی اس عبادت پر نازاں نہیں ہیں تجھ سے ہدایت اور ہدایت پر استقامت مانگتے ہیں۔

تفسیر عالمانہ: علمائے کرام کے طریقے پر چاروں میں گفتگو کرنا ہے اھدنا الصراط المستقیم۔ اھد ہدایت سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں رہبری کرنا یا منزل مقصود کا پتہ' نشان دینا۔ ہدایت دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک فقط راستہ دکھا دینا۔ دوسرے مقصود پر پہنچا دینا۔ اگر راستہ دکھا دینا مراد ہو تا تو ہدایت کے بعد الیٰ یا لام لایا جاتا ہے اور یہاں ان دونوں میں سے کوئی

marfat.com
Marfat.com

نہیں جس سے معلوم ہوا کہ بندہ عرض کر رہا ہے "اے مولا ہمیں سیدھا راستہ دکھا نہ دے بلکہ وہاں تک پہنچا دے اور اس پر چلا بھی دے کیونکہ راستے میں رہزن بہت ہیں بغیر تیری مدد اس پر چلنا ناممکن ہے نیز اس سے معلوم ہوا کہ دعا کرنے والا سب کے لئے دعا کر رہا ہے یہ نہیں کہتا کہ فقط مجھے ہدایت دے ' بلکہ ہم سب کو اس جمع میں چند فائدے ہیں ایک یہ کہ جس طرح وہ عبادت زیادہ قبول ہوتی ہے جو مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ کی جائے اسی طرح وہ دعا زیادہ مقبول ہوتی ہے جو سب کے لئے کی جائے کیونکہ اگر ایک کے لئے بھی قبول ہوئی تو امید ہے کہ سب کے لئے قبول ہو جائے گی۔ اسی لئے دعا کے اول اور آخر درود شریف پڑھا جاتا ہے۔ کیونکہ درود شریف کی برکت نے اسے بھی قبول ہوتا ہے۔ تو رحمت الٰہی سے امید قوی ہے کہ وہ درمیان کی دعا کو نہ چھوڑے گا۔ بلکہ آس پاس کے درود شریف یقیناً قبول ہوتا ہے تو رحمت الٰہی سے امید قوی ہے کہ وہ درمیان کی دعا کو نہ چھوڑے گا بلکہ آس پاس کے درود شریف کی برکت سے اسے بھی قبول فرمالے گا (تفسیر کبیر یہی مقام) دوسرے اس لئے کہ اگر ایک شخص ہدایت پر آگیا اور باقی سب لوگ گمراہ رہیں تو گمراہوں میں اس ایک کی زندگی دشوار ہو جائے گی کیونکہ اگر ایک شخص ان سب کی موافقت کرے تو خود بھی گمراہ ہوتا ہے اور مخالفت کرے تو دشمنی پیدا ہوتی ہے اور زندگی تلخ ہو جاتی ہے۔ پس یہی ضروری ہے کہ سب کو ہدایت ملے تاکہ ان سب کی دونوں زندگیاں درست ہو جائیں (تفسیر عزیزی) تیسرے اس لئے کہ حدیث پاک میں ہے کہ تم بے گناہ زبان سے دعا مانگو صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بے گناہ زبان کہاں سے لائیں۔ فرمایا کہ ہر ایک دوسرے کے حق میں دعا کرے کہ اپنی زبان اپنے لئے گناہگار ہے نہ کہ غیر کے لئے۔ (تفسیر کبیر) اس سے معلوم ہوا کہ دعا کی مقبولیت کا راز یہ ہے کہ سب کے لئے کی جائے جو چاہے کہ میری دعا بارگاہ الٰہی میں مقبول ہو۔ اپنے ساتھ سب کے لئے دعا کرے اور کہے اے اللہ ہم سب کو یہ عطا فرما۔ خیال رہے کہ کافروں کے لئے ایمان ہدایت ہے مومن کے لئے تقویٰ متقی کے لئے کمال تقویٰ اور مقبولوں کے لئے قرب الٰہی مقربین کے لئے کمال قرب ہدایت لہذا ہے اگر کافر یہ آیت پڑھے تو ایمان کی دعا ہے گناہ گار کے لئے تقویٰ کی متقی کے لئے قرب کی دعا ہے۔ لہذا اس آیت سے یہ نہیں کہا جاسکتا ہے کہ معاذ اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی گنہگار تھے۔ ورنہ وہ یہ آیت کیوں پڑھتے تھے۔ دیکھو بھٹی گندے لوہے کے لئے صفائی کا ذریعہ ہے۔ صاف لوہے کے لئے پرزہ بنا کر قیمتی کر دینے کا ذریعہ سونے کے لئے زیور بنا کر محبوب کے قرب کے ذریعہ۔ الصراط۔ صراط صرط سے بنا ہے جس کے معنی ہیں نگل لینا۔ چونکہ راستہ مسافر کو اس طرح اپنے اندر لے لیتا ہے جیسے کھانے والا لقمے کو اس لئے راستے کو صراط کہتے ہیں۔ اصطلاح میں صراط اس شارع عام یعنی اس عام اور وسیع راستے کو کہتے ہیں جس میں چند آدمی مل کر چل سکیں وہ تنگ گلی کوچے جن میں چند آدمیوں کے مل جل کر چلنے کی گنجائش نہ ہو انہیں صراط نہیں کہا جاتا چونکہ دعا سب کے لئے مانگی گئی ہے اس لئے بولا گیا اس لئے صراط فرمانا ہی بہتر تھا صراط سبیل اور طریق کے معنی قریب قریب ایک ہی ہیں لیکن اس جگہ صراط اس لئے بولا گیا کہ پل صراط یاد آجائے اور مشابہ ہو جائے کہ اے اللہ ہمیں اس راستہ پر چلا جس پر چل کر پل صراط کو آسانی سے طے کر لیں۔ المستقیم مشتق ہے استقامت سے اس کا معنی ہے سیدھا ہونا سیدھا راستہ وہ ہے جو بہت جلد مقصود تک پہنچا دے اور چلنے والے کو کسی طرف مڑنا نہ پڑے ٹیڑھا راستہ یا تو مقصود تک پہنچائے گا ہی نہیں یا بہت دیر اور بہت دشواری سے منزل نقشہ نمبر ۱ ٹیڑھے راستے مسافر کو منزل پہنچائے گا جو کہ اس مثال میں ظاہر ہو رہے ہیں۔ تک پہنچا سکتے ہی نہیں اور نقشہ نمبر 2 میں آس پاس کے راستے اگرچہ منزل تک پہنچا تو دیں گے لیکن بہت دشواری سے اور ان

marfat.com

Marfat.com

میں بھٹکے کاکمت اندیشہ ہے کفر تو وہ ٹیڑھا راستہ ہے جو کبھی منزل تک پہنچا سکتا ہی نہیں اور گمراہی یعنی اہل سنت والجماعت کے علاوہ دوسرے وہ گمراہ فرقے جو حد کفر تک نہ پہنچے ہوں جیسے تفضیلی رافضی اور وہابی جنہوں نے گستاخی نہ کی ہو۔ اگرچہ آخر کار مغفرت پاکر منزل (جنت) تک پہنچ تو جائیں گے لیکن بہت دشواریوں اور مصیبتوں کے بعد۔ یہاں ان دونوں قسموں کے راستوں سے پناہ مانگی گئی ہے دعا مانگی گئی ہے اور اے پروردگار ہم کو سیدھے راستے پر چلا۔

صراط مستقیم کون سا راستہ ہے : صراط مستقیم میں بہت گنجائش ہے یہ دینی اور مذہبی عقیدے معاملات اور عبادات اور اخلاق سب کو شامل ہے تو مطلب اس کا یہ ہوا کہ اے اللہ ہم کو عقیدے اور اعمال سب میں سیدھے راستے پر قائم رکھ اس کی تفصیل یہ ہے کہ ہر چیز میں تین حیثیتیں ہیں۔ 1 افراط زیادتی۔ 2 تفریط کمی۔ 3 میانہ روی نہ زیادتی نہ کمی تمام دینوں کے لحاظ سے دین اسلام مستقیم ہے اس لئے کہ دین موسوی میں بہت سختیاں تھیں چوتھائی حصہ زکوۃ واجب تھی ناپاک کپڑے اور ناپاک کھال کو کاٹنا جلانا پڑتا تھا۔ عبادت خانوں کے سوا کہیں عبادت نہ ہو سکتی تھی۔ سخت سزا کے بعد توبہ قبول ہوتی تھی۔ دین عیسوی میں بہت نرمی تھی کہ شراب اور سور بھی حلال تھے۔ دین اسلام میں نہ پہلی سی سختیاں ہیں نہ دوسری نرمیاں۔ زکوۃ میں چالیسواں حصہ واجب اور وہ بھی صدہا آسانیوں کے ساتھ ہر جگہ مسجد یا غیر مسجد میں نماز جائز بڑے سے بڑا گناہ توبہ سے معاف ناپاک کو پاک کرنے کے لئے تیس بتیس طریقے نہایت آسان آسان کپڑے وغیرہ کو صاف پانی بہا کر پاک کرلو تانبے اور شیشے کے برتنوں کو صرف رگڑ کر پاک کرلو۔ ناپاک دودھ اور تیل وغیرہ کو پاک جنس کے ساتھ بہا کر پاک کرلو اگر پانی میسر نہ ہو۔ تیمم کرکے نماز ادا کرلو وغیرہ وغیرہ شراب اور خنزیر جو کہ عقل کو خراب کرنے والے ہیں۔ اور قوم میں بے غیرتی اور شر پیدا کرنے والے ہیں ان کو حرام حرام کردیا گیا۔

مذہبی عقائد : مذہب اہل سنت وجماعت صراط مستقیم ہے۔ کیونکہ فرقہ جبریہ انسان کو پتھر کی طرح بالکل مجبور مانتے ہیں اور فرقہ قدریہ انسان کو بالکل مختار اہل سنت کہتے ہیں کہ انسان خلق میں مجبور اور کسب میں مختار ہے اس کی تحقیق ان شاء اللہ مسئلہ تقدیر میں آئے گی۔ رافضی صحابہ کرام کے دشمن خارجی اہل بیت کے دشمن۔ لیکن اہل سنت ان دونوں جماعتوں کے بندۂ بے زر کیونکہ اہل بیت کرام امت کے لئے جہاز اور صحابہ کرام امت کے لئے تارے قطب نما خارجیوں نے کشتی کو چھوڑا رافضیوں نے رہنما تاروں سے منہ موڑا دونوں کی کشتی ڈوب گئی۔ اہلسنت کا بیڑا پار ہے چکڑالویوں نے حدیث اور فقہ کو چھوڑا غیر مقلدوں نے فقہ سے منہ موڑا۔ دیوبندیوں نے نبیوں اور ولیوں سے رشتہ توڑا بلکہ اللہ اور رسول علیہ السلام سے مقابلے کی ٹھانی معاذ اللہ رب کو جھوٹا ٹھہرایا اس کے محبوب علیہ السلام کو بے علم اور اپنا جیسا بتایا۔ ہر کار خیر کو حرام قرار دیا۔ اور جہنم کا راستہ لیا اہل سنت نے بحمدہ تعالیٰ سب کو ان کے درجے کے موافق مانا یہی راستہ صراط مستقیم قرار پایا اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس پر قائم رکھے اعمال میں وہ اعمال صراط مستقیم ہیں۔ جو اسلام اور قرآن نے سکھائے عبادت اخلاق گھر کے اخراجات سب میں درمیانی چال چلن صراط مستقیم ایک شخص نوافل میں مشغول ہو کر تمام اہل قرابت کے حقوق سے بے پرواہ ہو جاتا ہے۔ دوسرا آدمی دنیوی جھگڑوں میں مصروفیت کی وجہ سے یاد خدا سے غافل۔ دونوں صراط مستقیم پر نہیں ہیں۔ تیسرا رب کو یاد بھی کرتا ہے سب کے حق بھی ادا کرتا ہے۔ بے شک وہی صراط مستقیم پر قائم ہے۔ اسی کو حدیث پاک میں اس طرح بیان فرمایا کہ سوؤ بھی

marfat.com
Marfat.com

اور رات کو عبادت بھی کرو۔ روزے بھی رکھو اور افطار بھی کرو۔ تمہاری آنکھ کا تم پر حق ہے۔ تمہاری بیوی کا تم پر حق ہے۔ تمہارے مہمان کا تم پر حق ہے۔ وغیرہ وغیرہ یہاں تک کہ محدثین ایک باب باندھتے ہیں۔ "باب القصد فی العمل" یعنی اعمال میں میانہ روی کا باب قرآن پاک نے فرمایا کہ **و کذلک جعلنکم امۃ وسطا** اے مسلمانوں ہم نے تم کو درمیانی امت بنایا۔ اخلاق میں وہ خلق صراط مستقیم ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا۔ کبھی کسی حال میں کسی پر غصہ نہ کرنا بے غیرتی ہے۔ اور خودداری کے خلاف ہے اور ہر وقت غصے میں رہنا بد خلقی ہے۔ اللہ کے لئے غصہ کرنا۔ دشمنان دین سے بیزاری اور دینوی معاملات میں بردباری خلق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے غرض کہ اگر صراط مستقیم کی پوری تفسیر جائے تو اس کے لئے دفتر درکار ہیں۔ بطور نمونہ یہ چند باتیں درج کر دی گئی ہیں۔ رب تعالیٰ اس پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

تفسیر صوفیانہ : ہدایت چند طرح کی ہے ایک ہدایت الہامی جو بغیر کسی کے بتائے خود بخود حاصل ہو جیسے بچہ کا پستان چوسنا اور رو رو کر ماں کو اپنی طرف مائل کرنا خود بخود جانتا ہے۔ دوسری ہدایت احساسی جو کہ حواس درست ہونے کے بعد حاصل ہو جیسے کہ بچہ ہوش سنبھالنے کے بعد اچھی بری چیزوں میں فرق کرتا ہے۔ تیسری ہدایت عقلی جو عقل کی مدد سے حاصل ہو اسے ہدایت نظری بھی کہتے ہیں۔ یہ دلائل سے حاصل ہوتی ہے۔ یعنی انسان اپنی عقل کی مدد سے دلائل قائم کرے اور پھر اس سے نتیجہ نکالے چوتھی ہدایت ایسی جو کہ پیغمبروں کی مدد اور حق تعالیٰ کے خاص کرم سے حاصل ہو یعنی جن چیزوں کو ہم عقل اور دلائل سے معلوم نہیں کر سکتے۔ اس کی رہبری کے لئے حق تعالیٰ نے انبیاء کرام کو بھیجا یہ پھر دو قسم کی ہے ایک ہدایت عامہ اور دوسری ہدایت خاصہ ہدایت عامہ شرعی احکام کی ہدایت ہے۔ جو نبی کی طرف سے عام مخلوق کو ہوتی ہے۔ جیسے عقائد اسلامیہ اور ظاہری اعمال اسلامیہ کی ہدایتیں اس ہدایت کو بنیانی یا تو تبیغی بھی کہتے ہیں۔ ہدایت خاصہ وہ جو نور نبوت یا نور ولایت سے خاص خاص لوگوں کو حاصل ہو (تفسیر عزیزی) خیال رہے کہ ہدایت ایسیہ ہم لوگوں کے لئے آخری ہدایت ہے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے یہ پہلی ہدایت ہے یعنی الہامیہ خاص بندے پیدائشی عارف باللہ ہوتے ہیں۔ عیسیٰ علیہ السلام نے پیدا ہوتے ہی فرمایا **انی عبد اللہ** یحییٰ علیہ السلام کے بارے میں قرآن فرماتا ہے **و اتیناہ الحکم صبیا** ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پیدا ہوتے ہی سجدہ کیا۔ قرآن کی پہلی آیت کے نزول کے وقت آپ اعتکاف اور ذکر الٰہی میں تھے۔ حضور غوث پاک نے رمضان کے دن ماں کا دودھ نہیں پیا دنیا میں ہر چیز مرکز سے حاصل کی جاتی ہے مگر مرکز براہ راست رب سے لیتا ہے تمام دنیا سمندر سے پانی لیتی ہے۔ مگر سمندر رب سے تمام تارے سورج سے نور لیتے ہیں مگر سورج رب سے منور ہے سمندر پانی کا مرکز سورج نور کا مرکز جناب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہدایت کے مرکز مولانا روم فرماتے ہیں۔

گر بہ استدلال کار دیں بدے | فخر رازی راز دار دیں بدے
پائے استدلالیاں چوبیں بود | پائے چوبیں سخت بے تمکین بود

مولانا روم نے فرمایا کہ اس قسم کی ہدایت حاصل کرنے کے لئے فخر الدین جیسی ہستی کی عقل بھی کافی نہیں۔ کیونکہ یہ ہدایت عقل سے وراء ہے اسی لئے صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ ظاہری عالم کی پہنچ دلیل تک ہے اور صوفی کی رسائی کشف و مکاشفہ تک ہے۔ یعنی ظاہری عالم بتا کر اور شیخ طریقت دکھا کر سمجھاتا ہے ظاہری عالم صاحب قال اور یہ صاحب حال ہے مولانا

marfat.com
Marfat.com

اس کو یوں ادا فرماتے ہیں۔

قال را بگزار مرد حال شو زیر پائے کاملے پامال شو

پھر فرماتے ہیں۔

سرمہ کن در چشم خاک اولیاء تابہ بینی زابتداء تا انتہا

اس آیت کریم میں اس آخری قسم کی ہدایت رب سے مانگی گئی ہے یعنی اے پروردگار ہم کو وہ ہدایت فرما جو حواس اور عقل وغیرہ سے وراء ہے اور صرف تیرے کرم سے حاصل ہوتی ہے۔ اس لئے کہا گیا۔ "اھد" تو ہمیں ہدایت دے اب اس کا تعلق گزشتہ آیتوں سے اس طرح ہو گیا کہ پہلے کہا گیا تھا۔ نعبد اور نستعین جس میں کہ فاعل بندہ تھا یعنی جہاں تک رسائی ہماری عقل وغیرہ کی ہے وہاں تک تیری مدد سے ہم نے کام کر لیا لیکن جو چیزیں ہماری عقل وغیرہ سے بالاتر ہیں۔ اے مولا اس کی ہدایت تو فرما یہاں رب کو فاعل قرار دیا گیا اب فا سے مراد ان حضرات کی وہ جماعت ہے جو ان کی یار طریقت اور واقف حقیقت ہو تو گویا کہا یہ جا رہا ہے کہ اے اللہ اس جنگل میں ہم نے قدم تو رکھ دیا لیکن اپنے تک پہنچنے کا راستہ یعنی وہ راستہ جس کی تو انتہا ہو اس کی رہبری تو ہی فرما دے۔

رہبر و راہ محبت تھک نہ جانا راہ میں لذت صحرا نور دی دوریٔ منزل میں ہے

**الصراط المستقیم** صوفیاء کرام کے نزدیک صراط مستقیم کی چند تفسیریں ہیں ایک یہ کہ صراط مستقیم وہ راستہ ہے جو محبت اور عقل دونوں کو جامع ہو جس کا نام ہے سلوک کیونکہ محض عقل جو عشق الٰہی سے خالی ہو بے دینی ہے اور محض عشق جس میں عقل قائم نہ رہے 'جذب' ہے۔ ان دونوں راستوں میں افراط و تفریط ہے اور رب تعالیٰ کی محبت بھی کامل ہو۔ عقل بھی باقی ہو یہ سلوک ہے وہی اس جگہ مطلوب ہے۔ سالک مجذوب سے اعلیٰ ہے موسیٰ علیہ السلام تجلی صفات دیکھ کر بے ہوش ہو گئے یہ جذب ہوا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم معراج میں عین ذات کو دیکھ کر تبسم ہی فرماتے رہے یہ سلوک ہوا۔

موسیٰ زہوش رفت بیک پر تو صفات تو عین ذات مے نگری و در تبسمی

دوسرے یہ کہ جو راستہ ذات الٰہی تک پہنچا دے وہ صراط مستقیم ہے۔ اس کے علاوہ اور راستے افراط و تفریط سے خالی نہیں یہ حضرات فقط جنت پر قناعت نہیں کرتے حور و قصور پر صبر نہیں کرتے یہ تو اس راستے کو ڈھونڈتے ہیں جس کی یہ منزلیں ہیں گویا یہ کہا جا رہا ہے اے اللہ راستے بہت سے ہیں اور ادھر بلانے والے مختلف ذوق کے لوگ ہیں شیطان اور راستے کی طرف دعوت دے رہا ہے نفس اور طرف کھینچ رہا ہے۔ دشمن کہیں اور لے جانا چاہتا ہے۔ دوست کہیں اور پہنچانے کی تمنا رکھتے ہیں۔ لیکن اے مولا ہم تو اس راستے کے طالب ہیں جو تجھ تک پہنچا دے وہ راستہ وہ ہی ہے۔ جس میں انسان راضی برضا رہے علماء کرام کے نزدیک اچھے عقیدے قلب کا سیدھا راستہ ہے اور نیک اعمال قالب کا صراط مستقیم جو مومن کو جنت تک پہنچاتے ہیں۔ صوفیاء کرام کے نزدیک سلسلہ مشائخ وہ سیدھا راستہ ہے جو مومن کو اللہ تک پہنچاتا ہے اس دعا سے چند مسئلے معلوم ہوئے ایک یہ کہ ہر شخص مرتے وقت تک راستے میں ہے منزل پر بعد موت پہنچے گا۔ جیسے مسافر راستہ میں مال و متاع کی نگرانی کرتا ہے۔ ایسے ہی ہر شخص اپنے اعمال کا نگران ہے دوسرے یہ کہ اللہ کی بڑی نعمت یہ ہے کہ انسان کو سیدھا راستہ چلنے کی توفیق مل جائے اس لئے سورۃ فاتحہ میں صرف اس کی دعا کرائی گئی ہے تیسرے یہ کہ اللہ تک بغیر وسیلہ نہیں پہنچ سکتے ورنہ پھر راستہ کی کیا

marfat.com
Marfat.com

ضرورت ہوتی رب ہم سے قریب ہے مگر ہم اس سے دور اس لئے ہم رابطے کرنے کے محتاج ہیں تفسیر کبیر میں اس جگہ ایک حکایت نقل کی گئی ہے۔

حکایت : حضرت ابراہیم بن ادھم پاپیادہ حج کو جارہے تھے ایک ناقہ سوار بدوی نے پوچھا آپ کہاں جاتے ہیں فرمایا بیت اللہ شریف اس نے کہا آپ دیوانے معلوم ہوتے ہیں۔ اتنا لمبا سفر نہ آپ کے پاس سواری نہ توشہ شاید آپ کو موت لائی ہے۔ حضرت ابراہیم رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ تیرے پاس ایک سواری ہے۔ میں بہت سی سواریاں رکھتا ہوں۔ لیکن وہ تجھ کو نظر نہیں آتیں عرض کیا وہ کون سی سواریاں ہیں فرمانے لگے جب مجھ پر کوئی بلا آتی ہے تو صبر کے گھوڑے پر سواری کرتا ہوں جب نعمت پاتا ہوں تو شکر کی سواری پر سوار ہو جاتا ہوں۔ جب کوئی رب کی قضاء آتی ہے تو رضا پر سوار ہوتا ہوں۔ جب نفس کسی طرف بلاتا ہے تو اپنی عمر پر بے اعتمادی کے گھوڑے پر سواری کرتا ہوں۔ بدوی بولا۔ بے شک آپ سوار اور میں پیادہ ہوں۔

جس طرح کہ دنیوی سفر میں مختلف سواریاں چاہئیں کہیں تانگے پر جاتے ہیں کہیں موٹر پر جہاز سے سمندر کو طے کرتے ہیں ہوائی جہاز میں سوار ہو کر فضا کی سیر کرتے ہیں اس طرح اس سفر میں بہت سواریاں درکار ہیں اور ان سواریوں کی لگام کسی اور کے قبضے میں ہے۔ تیسری یہ کہ صوفیاء کرام کے نزدیک دین پر استقامت سید ھا راستہ ہے فرماتے ہیں کہ ایک استقامت ہزار کرامتوں سے بہتر ہے استقامت کے معنی یہ ہیں کہ اگر مولا کا اشارہ ہو کہ اپنے آپ کو دریا میں ڈال دو۔ تو اس کی تعمیل میں ذرا تامل نہ کرے۔ جیسے کہ حضرت یونس علیہ السلام کا واقعہ ہوا اگر حکم ملے کہ اپنے بچے کو ذبح کر دو تو اس پر راضی ہو جائے جیسے سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے کر کے دکھا دیا۔ اگر یاد حق میں آگ سامنے آجائے تو اس کی پروانہ کرے جیسے خلیل اللہ علیہ السلام نے نار نمرود کی پروانہ فرمائی اگر کسی بڑے مرتبہ پر پہنچ کر کسی کی شاگردی کرنے کا حکم مل جائے تو اس پر عار نہ ہو جیسے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کر کے دکھایا کہ اس قدر عظمت و جلالت کے باوجود حضرت خضر علیہ السلام کے پاس حاضری میں کچھ شرم نہ فرمائی اگر آرے سے چرنے کی مصیبت سامنے آجائے تو اس کو صبر و شکر کے ساتھ برداشت کرے جیسے حضرت زکریا علیہ السلام پر گزرا وغیرہ وغیرہ صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ جب اپنی جان و مال اور اولاد ایک پردہ بن جائے تو اس کو پھاڑ دو۔ اس وقت ان کا پھاڑنا فضول خرچی نہیں بلکہ یہ محبوب سے ملنے کا ذریعہ ہے حضرت سلیمان علیہ السلام نے نماز عصر قضا ہو جانے پر ایک ہزار گھوڑے ذبح کر دیئے تو یہ فضول خرچی نہ ہوئی بلکہ آڑ کو پھاڑ ڈالا گیا اور یہ درجہ مشکل سے حاصل ہوتا ہے اس لئے عرض کیا اے اللہ تو ہدایت دے۔

اعتراض : آریہ اس آیت پر اعتراض کرتے ہیں کہ دعا بے موقع ہے کیونکہ انسان جو اسلام لا چکا ہے اور نماز کے لئے حاضر ہو گیا قرآن پاک کی تلاوت شروع کر دی تو ہدایت تو اسے مل گئی اور مانگی وہ چیز جاتی ہے جو حاصل نہ ہو پس یہ ہدایت مانگنا بالکل بے کار ہے۔ جواب: اس کا جواب اس آیت کی تفسیر سے بخوبی ظاہر ہو گیا کہ یا مراد ہے ہدایت پر قائم رکھنا یا اس میں ترقی دینا قلب کو درست رکھنا یا مصیبتوں میں ثابت قدم رکھنا وغیرہ وغیرہ جیسا انسان ہو اس کیلئے ویسی ہدایت کافر کے لئے ہدایت یہ کہ وہ ایمان لے آئے مومن کے لئے ہدایت یہ ہے کہ تقویٰ اختیار کر لے متقی کی ہدایت یہ ہے کہ اس پر قائم رہے۔ جس قسم کی تلاوت کرنے والا ہو گا اس قسم کی ہدایت مراد ہو گی خیال رہے کہ ہم بھی سیدھے راستہ پر ہیں یعنی اس پر چل رہے ہیں حضور بھی

marfat.com
Marfat.com

سیدھے راستہ پر ہیں رب تعالیٰ فرماتا ہے انک لمن المرسلین علی صراط مستقیم رب تعالیٰ بھی سیدھا راستہ ہے یعنی سیدھے راستے پر چلنے سے ملتا ہے جیسے لاہور سیدھی سڑک پر ہے۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے ان ربی علی صراط مستقیم

دوسرا اعتراض: ہم بھی نماز میں یہ دعا کرتے ہیں کہ ہمیں سیدھا راستہ چلا۔ انبیاء' اولیاء بھی یہی دعاء کرتے ہیں تو ہم میں فرق ہی کیا ہے (وہابی) جواب: راستہ سب کا ایک ہے مگر منزل مقصود سب کی جداگانہ ہمارے راستہ کی انتہا آگ سے نجات ہے مقبولوں کی انتہا جنت کا گلزار محبوبوں کے راستے کی انتہا دیدار و وصال یار جیسے برات میں براتی دولہا اور اس کے ماں باپ سب ہی جاتے ہیں ایک ہی رستہ سب طے کرتے ہیں مگر براتیوں کی انتہا کھانا یا شرکت ہے۔ اہل قرابت کی انتہا جوڑے گھوڑے مگر دولہا کی انتہا دولہن کا حصول ہے۔ راستہ ایک ہے مگر منزل مقصود جداگانہ اس آیت سے دھوکہ نہ کھاؤ۔

| |
|---|
| صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ |
| راستہ ان لوگوں کا انعام (احسان) کیا تونے پر ان لوگوں۔ |
| راستہ ان کا جن پر تونے احسان کیا۔ |

تعلق: اس آیت کا تعلق پچھلی گزشتہ آیت سے چند طرح ہے۔ اولاً" اس طرح کہ پہلے سیدھے راستہ کی ہدایت مانگی گئی تھی۔ جس میں بہت گنجائش تھی۔ اس کو بیان کرنے کے لئے عرض کیا کہ اے اللہ ہم ان کا راستہ مانگتے ہیں۔ جن پر تونے احسان فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ سیدھے راستے کی پہچان یہ ہے کہ اس کو اللہ کے نیک بندے اختیار کرلیں۔ دوسرے اس طرح کہ پروردگار ہم وہ راستہ مانگتے ہیں جس میں تیرے بندوں کے خاص نقش قدم موجود ہوں اور ان کی رہبری سے ہم منزل مقصود تک پہنچ جائیں تیسرے اس طرح کہ صراط مستقیم وہ راستہ ہے جو افراط و تفریط کے درمیان ہو۔ اس کو واضح کرنے کے لئے تین جماعتوں کا ذکر کیا درمیانی راستہ تیرے خاص بندوں کا راستہ ہے۔ افراط والا مغضوب علیھم کا راستہ اور تفریط کا راستہ ضالین کا راستہ تو گویا اس میں اس راستے کی حد بندی کی گئی۔

تفسیر عالمانہ: علماء کرام فرماتے ہیں کہ راستے دو ہیں ایک راستہ مخلوق سے خالق کی طرف اور دوسرا خالق سے مخلوق کی طرف۔ جو راستہ مخلوق سے خالق کی طرف ہے خطرناک ہے اس میں بہت سے قافلے لٹ چکے ہیں اور اس پر جگہ جگہ ڈکیتی ہوتی ہے ڈاکوؤں کا سردار ابلیس ہے اعلان کرچکا ہے کہ لا قعدن لھم صراطک المستقیم تو ضرورت تھی کہ اس قافلے کے ساتھ جائے جس قافلے میں محافظین اور سرکاری افسران موجود ہوں۔ اور جس راستے میں جگہ جگہ سرکاری حفاظتی چوکیاں ہوں۔ جس کی وجہ سے ڈاکو کی ہمت نہ پڑے کہ ہم کو لوٹے اور محافظین وہی حضرات ہیں جن کا اس میں ذکر کیا گیا۔ انعمت انعام سے مشتق ہے۔ جس کے معنی ہیں نعمت دینا نعمت لغت میں نرمی کو کہتے ہیں۔ اس لئے عرب والے نرم کپڑے کو ثوب ناعم اور نرم کھال کو جلد ناعم بولتے ہیں۔ اصطلاح میں سرور اور لذت کو نعمت کہنے لگے اور اب نعمت سے مراد وہ چیزیں ہوتی ہیں جن سے انسان کو راحت حاصل ہو اس لئے مال و دولت تندرستی وغیرہ کو نعمت کہتے ہیں نعمت تین طرح کی ہوتی ہے ایک وہ جو بلا اسباب رب کی طرف سے ایجاد ہوتی ہے جیسے زندگی اور بچپن کا رزق اور ہدایت وغیرہ اور دوسری وہ نعمت جو ہم تک بظاہر کسی بندے کے ذریعے سے پہنچی جیسے دنیوی مال وغیرہ تیسری وہ جو ہمارے اعمال کے ذریعے ہم کو ملے جیسے بعض اعمال سے رزق بڑھ جاتا ہے

marfat.com
Marfat.com

اور جنت وغیرہ (تفسیر کبیر) ان تینوں کی واضح مثال یہ ہے کہ ایک شخص نے ایمان اور عمل کے ذریعے سے جنت حاصل کی جیسے کہ مطیع بندہ دوسرے نے بغیر عمل کسی کی طفیل جنت لے لی۔ جیسے کہ مسلمانوں کے نابالغ فوت شدہ بچے تیسرے نے بغیر کسی سبب کے جنت حاصل کی جیسے حور و غلمان اور رب کی وہ مخلوق جو جنت کو پر کرنے کے لئے پیدا کی جائے گی پہلی قسم کی نعمت دو طرح کی ہے ایک دنیاوی جیسے کہ ہمارے اعضاء اور ان کی قوتیں وغیرہ دوسرے دینی جیسے کہ ایمان اور ہدایت وغیرہ اس آیت کریمہ میں نعمت سے یہ آخری قسم کی نعمت مراد ہے یعنی دینی نعمتیں۔ تو آیت کا مقصد یہ ہوا۔ "اے اللہ ہم کو ان لوگوں کے راستے پر چلا جن کو تو نے دینی نعمتوں سے نوازا ہے۔ وہ کون حضرات ہیں اس کو خود قرآن کریم نے دوسری جگہ بیان فرمایا **اولٰئک مع الذین انعم اللہ علیھم من النبین والصدیقین والشھداء والصالحین** معلوم ہوا۔ وہ حضرات چار گروہ ہیں پیغمبر صدیقین شہید لوگ اور اللہ کے نیک بندے ہم نے نعمت کی یہ تقسیم اس لئے کی کہ اگر ہر نعمت مراد ہوتی تو اس میں کفار منافقین فاسقین بھی آجاتے ہیں کہ ان کو بھی خدا نے عمر' مال' اولاد' حکومت وغیرہ کی نعمتیں عطا فرمائی ہیں۔ رب تعالیٰ کی نعمت سے کوئی خالی نہیں۔ لیکن چونکہ دنیوی نعمتیں دینی نعمتوں کے مقابلے میں حقیر ہیں کہ وہ فانی ہیں اور یہ باقی لہٰذا اس جگہ کامل نعمت مراد لی گئی۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ: یہ کہ اس سے معلوم ہوا کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت حق ہے۔ کیونکہ اس آیت میں فرمایا گیا۔

کہ ان کے راستہ اللہ سے مانگو جن پر اللہ کا انعام ہوا۔ اور دوسری آیت میں فرمایا گیا کہ وہ لوگ نبی اور صدیقین ہیں اور اسلام میں صدیقین کے سردار ابو بکر رضی اللہ عنہ ہیں کیونکہ صدیق کے معنی یا تو یہ ہیں کہ ہر کام میں سچا۔ قول میں 'عمل میں ایمان میں۔ اور ابو بکر صدیق میں یہ بات بطریق کامل موجود تھی۔ کیونکہ رب نے ان کو صحابی فرمایا۔ اور متقی کے خطاب سے نوازا کہ ارشاد فرمایا **اذ یقول لصاحبہ لا تحزن** اور دوسری جگہ فرمایا **وسیجنبھا الاتقی الذی یؤتی مالہ یتزکی** یہ دونوں نیز اور بہت سی آیتیں ان کے حق میں آئیں۔ جن کی تفسیر ان شاء اللہ تعالیٰ اپنے اپنے موقع پر کی جائے گی۔ یا صدیق کے یہ معنی ہیں کہ نبی کی بہت تصدیق کرنے والا یعنی بعض تو نبی کو اس کے معجزے سے جانتے ہیں۔ بعض کچھ دلائل دیکھ کر۔ لیکن صدیق اپنے نور قلبی سے پہنچانتے ہیں جیسے کہ طبیعت انسانی لذتوں کی خوبی اپنے ذوق سے محسوس کر لیتی ہے کہ اچھی چیزیں ہضم کر لیتی ہے اور بری چیز کو پھینکتی ہے ایسے ہی صدیق کا نفس ایمان اور ایمانیات کو بخوشی قبول کرتا ہے اور گندی چیزوں سے خود بخود نفرت کرتا ہے یہ بات بھی ابو بکر صدیق میں اعلیٰ درجے پر موجود ہے کہ انہوں نے اسلام سے پیشتر بھی نہ کبھی بت پرستی کی اور نہ زنا وغیرہ قبیح چیزیں۔ اور حضور علیہ السلام کو بغیر معجزات طلب کئے نبی مان لیا۔ اور معراج جسمانی کی بلا دلیل تصدیق کر دی۔ تو اب دونوں آیتوں سے یہ فائدہ حاصل ہوا کہ رب نے ہم کو حکم دیا کہ ہم سے اس راستے کی ہدایت مانگو جس پر ابو بکر صدیق اور تمام صدیق تھے۔ اگر ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ معاذ اللہ ظالم ہوتے تو ان کی پیروی جائز نہ ہوتی۔ دوسرا فائدہ: یہ حاصل ہوا کہ کسی امام کی تقلید کرنا سخت ضروری ہے کیونکہ اس آیت میں فقط صراط مستقیم پر کفایت نہ کی گئی بلکہ اس کے ساتھ اس راستے کے پیشواؤں کی اتباع طلب کرنے کا بھی حکم دیا گیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہمارے لئے راستہ بھی ضروری ہے اور راستے کا رہبر بھی نیز اس میں بتایا کہ سیدھا راستہ وہ ہوتا ہے کہ جس پر اللہ کے نیک بندے چلے ہوں تبع تابعین سے لے کر

marfat.com
Marfat.com

اب تک اللہ کے سارے نیک بندے مفسرین' محدثین' فقہاء اولیاء عامتہ المسلمین کسی نہ کسی امام کے مقلد ہی رہے ان میں سے کوئی بھی غیر مقلد نہ گزرا۔ معلوم ہوا کہ تقلید اللہ کے بندوں کا راستہ ہے اگر اس کی پوری تشریح دیکھنا ہو تو ہماری کتاب "جاء الحق" کا مطالعہ کرو۔ اگر تقلید کرنا شرک یا حرام ہو تو دنیا سے حدیث کا علم مٹ جائے گا۔ کیونکہ سارے محدثین مقلدین اور مقلدوں کے شاگرد ہیں اور جس حدیث کی اسناد میں ایک فاسق آجائے وہ حدیث قابل قبول نہیں ہوتی تو اس قاعدے سے چاہئے کہ جس حدیث کی اسناد میں ایک مقلد آجائے وہ بھی قابل قبول نہ رہے تو بخاری مسلم ترمذی سب ختم کیونکہ ان کی کوئی اسناد مقلد سے خالی نہیں۔ **تیسرا فائدہ:** اس سے یہ حاصل ہوا کہ اچھے لوگوں کی پیروی کرنا اچھا اور بروں کی پیروی کرنا برا کیونکہ قرآن کریم نے کفار کا ایک عیب یہ بھی بیان فرمایا کہ وہ انبیاء کی تعلیم کے مقابلہ میں اپنے جاہل باپ دادوں کی پیروی کرتے ہیں اور یہاں مسلمانوں کو یہ تعلیم دی کہ تم ہم سے یہ دعا مانگو کہ خدایا ہم کو ہمارے مومنین باپ دادوں کے راستے پر چلا وہ آیتیں کفار کی تقلید کی برائی میں ہیں اور یہ آیت مومنین کی تقلید کی خوبی بیان فرما رہی ہے۔ **چوتھا فائدہ:** یہ حاصل ہوا کہ جس راستے پر اللہ کے نیک بندے جائیں وہی سیدھا راستہ ہے اور جس کو اللہ کے نیک بندے مستحب جانیں وہ مستحب ہے اس کی تفسیر اس حدیث سے ہوتی ہے کہ **ما راہ المئومنون حسنا فھو عند اللہ حسن** جس کو مسلمان اچھا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے دوسری حدیث میں ارشاد ہوا **انتم شھداء اللہ فی الارض** اے مسلمانو تم زمین پر اللہ کے گواہ ہو جس چیز یا آدمی کو تم اچھا کہہ دو وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے کیونکہ تمہاری زبان رب کا قلم ہے لہٰذا محفل میلاد شریف' فاتحہ' عرس بزرگان اور وہ تمام چیزیں جن کو عرب و عجم کے علماء زاہدین صالحین مشائخ صوفیاء اچھا جانتے اور عمل کرتے ہیں وہ سب جائز ہیں اور مستحب ہیں اور ان کو جائز اور مستحب جاننا ہی صراط مستقیم ہے۔ کیونکہ یہ اللہ کے نیک بندوں کا راستہ ہے۔ ثابت ہوا کہ مذہب اہل سنت و جماعت حق ہے ایک دیوبندی کی بکواس کی وجہ سے تمام جہان کے علماء اور صالحین کو مشرک نہیں کہا جاسکتا اس دیوبندی کو بے دین کہنا آسان ہے جو تمام کی مخالفت کرکے اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بناتا ہے۔ **پانچواں فائدہ:** یہ ہے کہ جس دین و مذہب میں اولیاء اللہ ہوں وہ ہی سچا ہے۔ جو دین ولایت سے خالی وہ جھوٹا ہے۔ جس شاخ میں پھل پھول سبزہ وہ ہی جڑ سے وابستہ ہے اس کی خدمت کی جاتی ہے جو سوکھ گئی اس کا تعلق جڑ سے ٹوٹ گیا وہ جلانے کے لائق ہے دیکھو بنی اسرائیل کا دین جب تک منسوخ نہ ہوا تھا۔ تب تک ان میں اولیاء اللہ ہوتے رہے اصحاب کہف آصف بن برخیا حضرت مریم انہی کے دین کے اولیاء ہیں جب سے وہ دین ختم ہوا ولایت ان سے جاتی رہی۔ غرضیکہ اولیاء اللہ حقانیت دین کی جیتی جاگتی دلیلیں ہیں اولیاء اللہ اول سے آخر تک صرف مذہب اہل سنت و جماعت میں ہیں کسی وہابی' شیعہ' مرزائی فرقہ میں اولیاء نہیں۔ ولی کی تین علامتیں ہیں۔ ایمان تقوی عام مخلوق کا انہیں ولی کہنا۔ رب فرماتا ہے۔ **الذین امنوا و کانوا یتقون۔**

**تفسیر صوفیانہ:** صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ **انعمت علیھم** سے وہ حضرات مراد ہو سکتے ہیں جن پر رب کی باطنی نعمتیں نازل ہوئیں اور جن پر نور کا چھینٹا پڑا۔ کیونکہ مشکوٰۃ شریف باب الایمان بالقدر میں ہے کہ حق تعالیٰ نے سیدنا آدم علیہ السلام کی پشت سے تمام روحوں کو نکالا پھر ان پر نور کا چھینٹا دیا۔ بعض لوگوں پر وہ نور پڑا اور بعض اس سے محروم رہے جن پر نور پہنچا وہ ہدایت پر آجائیں گے اور جو اس سے محروم رہے وہ گمراہ ہی رہیں گے۔ کاملین حق بات کو اسی نور سے معلوم کرلیتے ہیں اور عامتہ

marfat.com
Marfat.com

المسلمین ان کی پیروی کر کے ہدایت پا جاتے ہیں لیکن جو ان سے الگ رہا وہ تاریکی میں رہا لہٰذا النعمت سے مراد اولیاء اور سا لکین
راہ ہیں صوفیاء کرام کے نزدیک کفار انعمت علیھم میں داخل ہی نہیں ہیں کیونکہ انہیں کسی قسم کی نعمت دی ہی نہ گئی۔ یہ
دنیاوی نعمتیں مال و اولاد وغیرہ مسلمانوں کے لئے نعمت ہے اور کفار کے واسطے زحمت کیونکہ اس سے مسلمان کے نیک اعمال میں
ترقی ہوتی ہے اور کفار کی سرکشی بڑھتی ہے قرآن پاک خود فرماتا ہے کہ ولا یحسبن الذین کفروا انما نملی لھم خیر
لا نفسھم انما نملی لھم لیزدادوا اثما اس کی یوں مثال سمجھو کہ ایک شخص نے اپنے دوست کو خالص حلوا کھلایا اور
دشمن کو زہر آلود کھلوایا دونوں کو حلوا ہی دیا ہے دوست کے واسطے وہ رحمت اور دشمن کے واسطے زحمت ہے یا یوں سمجھو کہ ایک
ہی حلوے میں سے تندرست اور بیمار نے کھایا لیکن اس سے بیمار کی بیماری بڑھ گئی تندرست کو طاقت پہنچی۔ اس طرح ایک ہی
نعمت مسلمان اور کافر کو ملتی ہے۔ لیکن کافر کو کفر کی بیماری ہے۔ جس کی وجہ سے اس کے لئے یہ زہر ہے۔ صوفیاء کرام اس آیت
کی بناء پر فرماتے ہیں کہ ہر مسافر طریقت کو پیر کی ضرورت ہے۔

مولانا فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| ہست بس پر آفت و خوف خطر | پیر راہگزیں کہ بے پیراں سفر |
| ہمچو موسیٰ زیر حکم خضر رو! | چوں گرفتی پیر ہیں تسلیم شو |

ان شاء اللہ پیر کی ضرورت ہم بیعت کی آیتوں میں بیان کریں گے۔ مسئلہ: اس آیت سے ان شاء اللہ یہ بھی معلوم ہوا
کہ مسلمانوں کا اجماع یعنی کسی مسئلہ پر اتفاق کرنا شرعی دلیل ہے۔ جو شخص کہ امت کے اجماع سے علیحدہ ہو وہ اس بکری کی طرح
خطرے میں ہے جو اپنے گلہ سے الگ ہو جائے۔ جس طرح بھیڑیا اس بکری کو کھا جاتا ہے اسی طرح شیطان ایسے مسلمان کو جلد گمراہ
کر دیتا ہے لہٰذا چاہئے کہ مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ رہیں۔

اعتراض: صراط مستقیم ایک راستہ ہے اور انبیاء اولیاء علماء الگ الگ راستے رکھتے ہیں تو ایک راستہ ان سب کا راستہ کیوں
کر ہو سکتا ہے۔ کیونکہ ہر نبی کی شریعت علیحدہ تھی۔ ہر ولی کے سلسلے طریقت جدا جدا ہیں۔ قادری، چشتی، نقشبندی وغیرہ علماء
کے مذہب علیحدہ علیحدہ حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی وغیرہ غرض کہ ایسا کوئی راستہ نہیں مل سکتا جو ان سب کا راستہ ہو۔ جواب:
تفسیر عزیزی میں نہایت نفیس مثال سے اس کا جواب دیا گیا ہے وہ یہ کہ ایک قافلہ ایک راستے کو طے کر رہا ہے لیکن اس قافلے
کے آدمی مختلف کام کر رہے ہیں کوئی بڑھئی ہے، کوئی لوہار کوئی بوجھ اٹھانے والا کوئی کرایہ دار کوئی محافظ چوکیدار۔ ان میں سے ہر
شخص ایک ہی راستہ طے کر رہا ہے ایک ہی جگہ جا رہا ہے لیکن اپنے درجے کے لائق علیحدہ علیحدہ کام کرتے ہوئے یہ سب ایک
دن منزل مقصود پر پہنچ جائیں گے۔ یا یونانی طبیبوں کا ایک طریقہ علاج ہے۔ ڈاکٹروں کا دوسرا طریقہ ان یونانی طبیبوں میں سے ہر
طبیب کا طریقہ علاج جداگانہ ہے کوئی مفرد دواؤں سے علاج کرتا ہے کوئی معجونوں وغیرہ سے کوئی عرقیات اور شربتوں سے لیکن
سارے یونانی حکیم ایک ہی قسم کے معالج مانے جاتے ہیں اسی طرح انبیاء کرام، علماء عظام، صوفیائے صافیہ اگرچہ اعمال میں کسی
قدر اختلاف رکھتے ہیں۔ لیکن اصل مقصود سب کا ایک ہی ہے یہ عملوں کا اختلاف زمانے اور مزاجوں کے اختلاف کی وجہ سے
ہے زمانہ موسوی میں دین موسوی ہی ان لوگوں کے مزاج اور زمانے کے موافق تھا۔ اور زمانہ عیسوی میں دین عیسوی ہی موافق

marfat.com
Marfat.com

ہوا۔حدیث پاک میں فرمایا گیا کہ انبیاء کرام علاتی (باپ شریکے) بھائی ہیں۔ اصل توحید میں سب کا اتفاق ہے اعمال میں اختلاف۔

**غیر مقلدوں کا اعتراض**: صحابہ کرام اللہ کے مقبول بندے تھے۔ ان کے راستہ پر چلنا ہدایت ہے اور ان کا راستہ سیدھا راستہ ہے انہوں نے کسی کی تقلید نہ کی اور نہ ان کے زمانہ میں یہ چار مذہب حنفی شافعی وغیرہ بنے' لہٰذا تقلید نہ ہی کرنا سیدھا راستہ ہے۔ **جواب**: اس اعتراض کے دو جواب ہیں ایک الزامی دوسرا تحقیقی الزامی جواب تو یہ ہے کہ نبیوں کا راستہ صراط مستقیم ہے اور کوئی نبی کسی دوسرے نبی کا امتی نہیں ہوا لہٰذا امتی نہ بننا سنت انبیاء ہے وہابیوں کو چاہئے کہ کسی کے امتی بھی نہ بنیں۔ جواب تحقیقی یہ ہے کہ صحابہ کرام میں اصلی تقلید موجود تھی غیر فقیہ صحابہ فقیہ صحابہ کرام کی اطاعت کرتے تھے۔ اور صحابہ کرام قرآن و حدیث سے قیاس فرما کے مسائل نکالتے تھے رہا یہ کہ اس زمانہ میں چند مذہب نہ بنے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے سینے صحبت نبی سے منور تھے۔ ان میں اختلاف بہت کم تھے۔ گمراہ کرنے والے فرقے نہ تھے۔ لہٰذا ان کو قانونوں کی ترتیب کی ضرورت نہ پڑی۔ بعد میں جھگڑے پڑنا شروع ہوئے مسلمانوں میں کمزوریاں آنے لگیں ضرورت تھی کہ ان کو صحیح راستے پر لگایا جائے اس کی مثال یوں سمجھو کہ ان کے زمانے میں نہ قرآن پاک پر زیر زبر لگائے گئے نہ رکوع بنائے گئے نہ اس کے تیس سیپارے کیے گئے نہ حدیث کا فن بنا نہ اسماء الرجال کی ترتیب دی گئی۔ نہ حدیثوں کی اسناد پر جرح ہوئی نہ حدیثوں کو کتاب کی شکل میں جمع کیا گیا کیونکہ اس وقت ان چیزوں کی ضرورت ہی نہ تھی۔ جس قدر ضرورت بڑھتی گئی کام بھی بڑھتے گئے تو اب جو بیوقوف کہے کہ علم حدیث پڑھنا حدیثوں پر جرح کرنا صحابہ کے طریقے کے خلاف ہے وہ محض احمق ہے۔ جس طرح کہ علم حدیث کا جمع کرنا جائز بلکہ ضروری ہے۔ ایسے ہی فقہ وغیرہ بھی ضروری ہے نیز اگر فقہ کا انکار کر دیا جائے تو جو مسائل کہ حدیث و قرآن میں صراحتہ نہیں ملتے۔ ان میں یہ لوگ کیا کریں گے مثلاً ایک سوال قائم ہوتا ہے کہ اڑتے ہوئے ہوائی جہاز میں نماز پڑھنا کیسی ہے؟ لاؤڈ سپیکر سے نماز پڑھنا جائز ہے یا ناجائز' ریڈیو یا مونوگراف کے ذریعے سے اگر سجدہ کی آیت سنی جائے تو سننے والے پر سجدہ تلاوت واجب ہو گیا نہیں؟ اگر جمعہ کی پہلی رکعت میں جماعت ہو اور دوسری رکعت میں امام کے پیچھے جماعت نہ رہے تو جمعہ پڑھے کہ ظہر؟ وغیرہ وغیرہ اس قسم کے صدہا مسائل ایسے ہیں جن کا حکم ہم کو قرآن اور حدیث سے نہیں ملتا۔ اگر فقہ کا انکار کیا جائے تو ان کا کیا حکم ہو گا۔

اس کی پوری بحث ان شاء اللہ تعالیٰ اس آیت کے ماتحت کی جائے گی اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم

| |
|---|
| غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۚ |
| نہ غضب کیے ہوئے پر ان اور نہ بہکے ہوئے |
| نہ ان کا جن پر غضب ہوا اور نہ بہکے ہوؤں کا |

marfat.com
Marfat.com

تعلق : اس کا تعلق گزری ہوئی آیتوں سے چند طرح ہے ایک یہ کہ پہلی آیت میں صراط مستقیم کا پتہ بتایا گیا تھا اور پوری چیز کا پورا پتہ جب لگتا ہے جب کہ اس کے کچھ نشان بھی معلوم ہوں اور اس کی ضد کے بھی۔ کیونکہ چیز کی پہچان اس کی ضد کی پہچان سے ہوتی ہے تو پہلی آیت میں تو صراط مستقیم کی علامت بتائی گئی اور اس میں ٹیڑھے راستہ کا پتہ دیا گیا ہے تاکہ ان میں تمیز ہو جائے دوسرے یہ کہ پہلے خدا کے انعام کا ذکر تھا جس کو سن کر بندے کے دل میں امید پیدا ہوئی تھی اب غضب کا ذکر ہوا جس سے خوف پیدا ہوا اور ایمان' خوف و امید کے درمیان ہے یا یوں کہو کہ ایمان کے دو بازو ہیں ایک خوف اور ایک امید جس طرح پرندہ دو بازوؤں کے بغیر نہیں اڑ سکتا اسی طرح مومن بغیر امید اور خوف کے راستے کو طے نہیں کر سکتا ان دونوں میں برابری چاہئے تیسرے یہ کہ پہلی آیت میں ان لوگوں کا ذکر تھا جن پر اللہ نے انعام کیا اس آیت میں انہی لوگوں کی پہچان بتائی گئی یعنی انعام والے وہ لوگ ہیں جو خدا کے غضب یعنی بدعملی اور ضلالت یعنی گمراہی اور بداعتقادی سے بچے ہوئے ہوں تو مطلب یہ ہوا کہ انعام والے کی پہچان یہ ہے کہ اس کے عقائد بھی درست ہوں اور اعمال بھی یعنی کافر بھی نہ ہو اور فاسق بھی نہ ہو۔

تفسیر عالمانہ : غیر کے تین معنی ہیں نہ' سوا' اور مگر یہاں تینوں معنی بن سکتے ہیں غضب کے لفظی معنی ہیں جوش اور بدلنا اب اصطلاح میں غضب اس حالت کا نام ہے جو دل میں بدلہ لینے کے خیال پر جوش پیدا ہوتا ہے اور جس میں کہ اس کا حال پلٹ جاتا ہے۔ رب تعالیٰ چونکہ دل سے اور دل کی حالت پلٹنے سے پاک ہے اس لئے یہاں اس کے معنی ہیں ارادہ عذاب۔ ضال ضلال سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں حیرت جو شخص حیران ہو اسے کہتے ہیں ضال عام عرف میں ضال کے معنی ہوتے ہیں گمراہ یعنی بدعقیدہ قرآن کریم میں جہاں کہیں انبیاء کرام کے متعلق ضلال فرمایا ہے وہاں لغوی معنی مراد ہیں یعنی حیرت وارفتگی جو شخص کسی نبی کو گمراہ جانے وہ کافر ہے اس میں اختلاف ہے کہ یہاں **مغضوب علیھم** سے کون لوگ مراد ہیں اور ضالین سے کون؟ ترمذی شریف کی روایت میں ہے کہ **مغضوب علیھم** سے مراد یہود اور ضالین سے نصاریٰ ہیں۔ تفسیر کبیر نے اس کے علاوہ چند معنی اور بیان فرمائے ہیں ایک یہ کہ **مغضوب علیھم** سے مراد بدعمل فاسق اور فاجر ہیں اور **ضالین** سے مراد کفار ہیں دوسرے یہ کہ **مغضوب علیھم** سے مراد کھلے کافر اور **ضالین** سے مراد منافق یعنی چھپے ہوئے کافر اس کی وجہ یہ ہے کہ سورۂ بقرہ شریف میں اولاً" مسلمانوں کا ذکر ہوا ہے۔ پھر کھلے کافروں کا۔ پھر منافقوں کا۔ اگر یہاں بھی ان لفظوں کے یہ معنی ہوں تو سورۂ فاتحہ کی ترتیب سورۂ بقر کی ترتیب کے مطابق ہو جائے گی بعض نے فرمایا کہ جو لوگ خدا کے منکر ہیں وہ **مغضوب علیھم** ہیں اور جو خدا کو مان کر دوسری ایمانی چیزوں کے منکر ہیں وہ ضالین ہیں یہ بھی ہو سکتا ہے کہ **مغضوب علیھم** وہ لوگ ہیں جن کی بدعقیدگی حد کفر تک پہنچ گئی ہو۔ جیسے ہمارے زمانے میں چکڑالوی' تبرائی شیعہ' قادیانی اور نبی علیہ السلام کی توہین کرنے والے دیوبندی اور ضالین وہ جن کی بدعقیدگی حد کفر تک نہ پہنچی ہو۔ جیسے تفضیلی شیعہ اور فقط نیاز اور فاتحہ کے منکر دیوبندی کچھ بھی مراد ہو مقصود یہ ہے کہ اے خدا ہم کو ان کے راستے سے بچا جو تیرے غضب میں آگئے اور جو گمراہ ہیں۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ: فرشتے اور نبی ایک منٹ کے لئے بھی گمراہ نہیں ہو سکتے اور نہ کبھی گناہ کریں جس سے خدا کے غضب کے مستحق ہو جائیں اس لئے کہ انبیاء کی پیروی کرنے کا حکم ہے اور گمراہوں اور بدعملوں سے بچنے کا اگر وہ کسی ساعت میں بدعقیدہ یا بدعمل ہوئے ہوتے تو اس وقت ان سے بچنا لازم ہوتا اور یہ ان کے منصب

marfat.com
Marfat.com

کے خلاف ہے لہٰذا اسی سے عصمت انبیاء کا ثبوت ملا اس کی پوری بحث ہمارے رسالے قہر کبریا بر منکرین عصمت انبیاء میں دیکھو۔ دوسرا فائدہ: اس سے معلوم ہوا کہ گمراہوں اور بدمذہبوں سے دور رہنا چاہئے اور اللہ کے نیک بندوں کی صحبت میں بیٹھنا سخت ضروری ہے بدمذہبوں کے طریقوں ان کی صورتوں ان کی سیرتوں ان کی صحبتوں سے بچو۔ جس کے پاس دولت ہو چاہئے کہ ڈاکوؤں اور چوروں سے علیحدہ رہے ورنہ ان کی دولت خطرے میں ہے اسی طرح جس کے پاس دولت ایمان ہو وہ ایمان کے چوروں سے علیحدہ رہے زہریلا سانپ جان لے گا اور برا یار ایمان برباد کرے گا مگر افسوس کہ ہمارے زمانے میں قوم کی تنظیم اور اتفاق کے یہ معنی کئے گئے ہیں کہ اللہ والوں (علماء، مشائخ، صوفیاء) سے نفرت کرو اور ہر بدمذہب کو اپنا بھائی سمجھو۔ تیسرا فائدہ: اس سورت کے شروع میں رب کی حمد و ثنا کا ذکر ہوا اور اخیر میں اس کے غضب سے پناہ کا جس سے معلوم ہوا کہ جس طرح رب تعالیٰ کی حمد و ثناء نیک بختیوں کی اصل ہے اسی طرح بد اعتقادی اور بد عملی بد نصیبیوں کی جڑ ہے۔ چوتھا فائدہ: اللہ کے مقبول بندے جہاں بھی ہوں اور جب بھی گزرے ہوں اور جیسے بھی ہوں سب ایک ہی جماعت ہیں کیونکہ ان سب کی اصل ایک ہی ہے لہٰذا آدم علیہ السلام کے زمانے سے قیامت تک کے سارے مقبول انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی زمرے میں ہیں لیکن مرد و دین بار گاہ قسم قسم کے لوگ ہیں۔ بعض وہ جن کی صورتیں بگڑی ہیں بعض وہ جن کی سیرتیں بگڑی ہیں اور یہ اگرچہ دنیا میں متفق ہو کر رہیں لیکن آخرت میں کبھی ان کا اتفاق نہ ہو گا۔ پانچواں فائدہ: دنیوی تکلیفیں اور مصیبتیں رب کا غضب نہیں جس طرح سے کہ یہاں کا محض آرام اس کی نعمت نہیں بلکہ یہ تکلیف اس بھٹی کی آگ کی طرح ہیں جو سونے کے میل کو دور کر دیتی ہے۔ یا کھوٹے کھرے سونے کو الگ کر کے دکھا دیتی ہے۔ جو دولت حق تعالیٰ سے غافل کر دے وہ رب کا غضب ہے اور جو تکلیف اس کی یاد دلائے وہ اس کی نعمت ہے۔

تفسیر صوفیانہ: صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ مغضوب اور ضال وہ ہیں جو اس ازلی نور کے چھینٹے سے محروم رہ گئے یا مغضوب وہ جو مقبول ہو کے مردود بنے یا وہاں حاضر ہو کر غائب ہو گئے یا مغفورین کے زمرے میں رہ کر مقہور بنے دارالسرور سے نکل کر دارالغرور میں آگئے جیسے ابلیس اور بلعم ابن باعوراء اور ضالین وہ لوگ ہیں جو وہاں تک پہنچتے ہی نہیں یا تو یہاں سے چلے ہی نہیں یا چلے مگر راستے میں رہ گئے تو آیت کا مقصود یہ ہو گیا کہ خداوندا ہم کو نہ تو ان لوگوں میں سے بنانا جو تجھ تک پہنچتے ہی نہیں اور نہ ان سے جو پہنچ کو لوٹے یہ مقام بہت نازک ہے انسان کو چاہئے کہ اپنے ظاہر علم اور تقویٰ پر اعتماد نہ کرے۔ بہت سی کھیتیاں پک کر برباد ہو جاتی ہیں اللھم ارزقنا حسن الخاتمۃ لو شاتو کیا انبیائے کرام نے بھی استقامت کی دعائیں مانگی ہیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے عرض کیا توفنی مسلما و الحقنی بالصلحین شرح فقہ اکبر میں ہے کہ کسی تیلن نے سلطان العارفین بایزید بسطامی رحمتہ اللہ علیہ سے پوچھا کہ آپ کی داڑھی اچھی ہے یا میرے بیل کی دم فرمایا کہ اگر میں دنیا سے ایمان سلامت لے گیا تو میری داڑھی بدرجہا بہتر ہے اور اگر یہ دولت مجھ سے چھن گئی تو تیرے بیل کی دم میری داڑھی سے کہیں اچھی ہے۔ کیونکہ پھر جہنم میرے لئے ہو گا نہ کہ جانور کے لئے۔ اے مغرور انسان ابھی تو کس بات پر فخر کرتا ہے ابھی تیرے سامنے نزع کی سختی قبر کی تنگی، قیامت کی وحشت میزان کا معاملہ پل صراط سے گزرنا باقی ہے۔ جس وقت ان شاء اللہ تعالیٰ پل سے بخیریت گزر جائیں گے تب یہ کہیں گے۔

marfat.com
Marfat.com

للہ الحمد نہ مردیم رسیدیم بدست آفرین باد بریں ہمت مردانہ ما

مگر سب کی اصل یہ ہے۔

گر محمدؐ کا ساتھ ہو جائے پھر تو سمجھو نجات ہو جائے

**اعتراض:** حق تعالیٰ نے غضب اور گمراہی کے راستے پیدا ہی کیوں کیے؟ شیطان کو بنایا ہی کیوں نفس امارہ کو کیوں پیدا فرمایا؟ کیا اچھا ہوتا کہ نہ یہ موذی چیزیں ہوتیں نہ دنیا میں خدا کی نافرمانی ہوتی۔ اگر رب تعالیٰ نافرمانیوں سے راضی تھا تو نافرمانیوں پر عذاب کیسا؟ اور اگر ناراض تھا تو انہیں پیدا کیوں فرمایا۔ **جواب:** اس کا تفصیلی جواب ہم ان شاء اللہ تعالیٰ سورۂ بقر کے شروع میں دیں گے جہاں شیطان کی تحقیق اور اس کے پیدا کرنے کے اسرار بیان کیے جائیں گے۔

| |
|---|
| **اٰمِیْنَ** |
| قبول فرما |
| قبول فرما لے۔ |

آمین اسم فعل ہے اس کے معنی یا تو ہیں ایسا ہی کر یا قبول فرما یہ قرآن پاک کی آیت نہیں ہے اس لئے نہ تو اس کو قرآن پاک میں لکھا گیا اور نہ آج تک کسی نے اس کے قرآن ہونے کا دعویٰ کیا ہاں سنت یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ کے بعد تلاوت کرنے والا اور سننے والا آمین کہہ لیا کریں اسی طرح ہر دعا کے بعد آمین کہنا سنت ہے۔

**آمین کے فضائل:** تفسیر روح البیان شریف نے اسی جگہ پر ایک حدیث نقل فرمائی کہ حضرت جبریل امین نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ فاتحہ کے لئے آمین ایسی ہے جیسے کتاب کے لئے مہر یعنی جس طرح بغیر مہر کے کتاب مکمل نہیں ہوتی اسی طرح بغیر آمین سورۂ فاتحہ مکمل نہیں ہوتی سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ آمین 'رب العالمین کی مہر ہے' جس سے اپنے بندے کی دعا پر مہر لگاتا ہے یعنی جس طرح مہر والا لفافہ سوائے مکتوب الیہ کے کوئی نہیں کھول سکتا اسی طرح آمین والی دعا ان شاء اللہ ضائع نہیں ہو سکتی یعنی یا تو قبول ہو جائے اور اگر وہ دعاء ارادۂ الٰہی کے خلاف ہے تو دعا مانگنے والے کو ثواب مل جائے گا حضرت وہب فرماتے ہیں کہ آمین میں چار حرف ہیں اور آمین کہنے والے کے لئے چار فرشتے دعا مغفرت کرتے ہیں حدیث پاک میں ہے کہ جب امام **ولا الضالین** کہے تو تم آمین کہو کیونکہ فرشتے بھی اس وقت آمین کہتے ہیں جس کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہو گئی اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے حضرت امام رازی تفسیر سورۂ فاتحہ میں فرماتے ہیں کہ شیطان اس دعا سے مایوس ہو جاتا ہے جس کے آخر میں آمین کہہ دی جائے کیونکہ وہ سمجھتا ہے کہ اس پر مہر لگ چکی ہے میں توڑ نہیں سکتا۔ (روح البیان) دعا کرنے والا اور آمین کہنے والا دونوں دعا میں شریک ہوتے ہیں اس لئے حق تعالیٰ نے حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام سے فرمایا **قد اجیبت دعوتکما** یعنی تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی حالانکہ فقط موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی تھی اور حضرت ہارون علیہ السلام نے صرف آمین فرمائی تھی مگر رب نے اس دعا کو ان دونوں صاحبان کی طرف نسبت کیا بزرگان دین فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کے مجمع میں دعا کرنا بہتر ہے کیونکہ اس صورت میں ایک شخص دعا کرے گا اور باقی سب لوگ آمین کہیں گے۔ اگر ان میں سے ایک کی بھی آمین قبول ہو گئی تو ان شاء اللہ سب کی دعا قبول ہو جائے گی۔

marfat.com
Marfat.com

**آمین کے مسائل :** 1۔ پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ آمین قرآن پاک کا کلمہ نہیں بلکہ یہ فقط دعا ہے۔ اس کا دعا ہونا قرآن پاک اور حدیث شریف اور سارے مسلمانوں کے اتفاق سے معلوم ہو چکا ہے رب تعالیٰ نے حضرت ہارون علیہ السلام کی آمین کو دعا فرمایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے قرآن ہونے کی خبر نہ دی کسی صحابی اور تابعی نے اسے قرآن نہ کہا اور اسے قرآن میں لکھا بھی نہ گیا۔ ان تمام باتوں سے ثابت ہوا کہ یہ قرآن نہیں بلکہ دعا ہے۔ **مسئلہ:** امام کے پیچھے آمین آہستہ کہنی چاہئے اور نماز کے علاوہ بھی آہستہ کہنا بہتر ہے۔ اس کا آہستہ کہنا قرآن پاک احادیث شریفہ اور عمل صحابہ کرام اور عقلی دلائل سے ثابت ہے۔ قرآن کریم فرماتا ہے **ادعوا ربکم تضرعا و خفیۃ** یعنی اپنے رب سے عاجزی کے ساتھ اور چپکے سے دعا کرو۔ جس سے معلوم ہوا دعا دل میں کرنی چاہئے اور آمین بھی ایک دعا ہے لہٰذا یہ بھی دل میں ہی چاہئے۔ قرآن کریم فرماتا ہے **واذا سالک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع اذا دعان** اور اے محبوب علیہ السلام جب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں دریافت کریں تو فرما دو میں بہت قریب ہوں قبول کرتا ہوں دعا کرنے والے کی دعا کو۔ اس آیت سے بھی مقصود یہی ہے کہ دعا کرنے والا چیخنے کی زحمت گوارا نہ کرے پکار کر اس سے کوئی چیز مانگی جاتی ہے۔ جو دور ہو وہ تو شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے لہٰذا اس سے آہستہ ہی دعا کرو۔ ان آیتوں سے معلوم ہوا کہ آمین آہستہ ہی چاہئے۔

**احادیث :** مشکوٰۃ باب القرءۃ فی الصلوۃ میں ہے کہ جب امام **ولا الضالین** کہے تو تم آمین کہو کیونکہ اس وقت ملائکہ بھی آمین کہتے ہیں۔ جس کی آمین ملائکہ کی آمین کے موافق ہو گی اس کے سارے گزرے ہوئے گناہ معاف ہو جائیں گے (رواہ البخاری والمسلم) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گناہ جب معاف ہوں گے جب کہ آمین ملائکہ کی طرح کہے گا اور ملائکہ تو آہستہ کہتے ہیں جو کہ ہمارے سننے میں نہیں آتی تو چاہئے کہ ہم بھی آہستہ ہی کہیں اگر ہم نے بلند آواز سے آمین کہی تو ملائکہ کی آمین کے مخالف ہوئی پھر مغفرت کیسی؟ یہ جو فرمایا گیا کہ جس کی آمین فرشتوں کے موافق ہو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کیفیت میں موافق ہو نہ کہ وقت میں کیونکہ وقت تو آمین کہنے کا وہی ہے جو بھی اس وقت آمین کہے گا موافق ہو جائے گا پھر اس میں یہ قید لگانا کیسی؟ کہ جن کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہو اس کی مغفرت ہو۔ مراد یہی ہے۔ جو ہم نے عرض کیا۔ حدیث 2 حضرت وائل ابن حجر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی جب حضور علیہ السلام یہاں پہنچے **غیر المغضوب علیھم ولا الضالین** تو فرمایا **امین واخفی بھا صوتہ** یعنی اپنی آواز پست کی۔ آمین آہستہ پڑھی اس کو امام احمد اور ابو داؤد طیالسی اور طبرانی اور دار قطنی نے اپنی سنن میں اور حاکم نے مستدرک میں روایت کیا اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ حدیث 3 امام محمد رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے آثار میں اور عبد الرزاق نے اپنی مصنف میں امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ چار چیزوں کو امام آہستہ کہے۔ 1 **اعوذ باللہ** 2 **بسم اللہ** 3 **سبحنک اللھم** 4 آمین حدیث 4 طبرانی نے تہذیب میں اور طحاوی نے اور ابن جریر نے اور ابو حفص ابن شاہین نے حضرت ابو وائل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ حضرت علی اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نہ تو بسم اللہ آواز سے پڑھتے تھے اور نہ آمین 5 حدیث اسی طبرانی نے کبیر میں انہی ابی وائل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ حضرت علی اور عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما نماز میں اعوذ باللہ اور بسم اللہ اور آمین کو بلند آواز سے نہ پڑھتے تھے۔ 6 حدیث عینی شرح ہدایہ نے

marfat.com

Marfat.com

حضرت ابو معمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ سیدنا عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں امام چار چیزیں آہستہ کہے اعوذ باللہ بسم اللہ آمین ربنا لک الحمد7 حدیث یہی روایت منتخب کنز العمال میں ابراہیم نخعی سے ہے۔8 حدیث ابو داؤد ترمذی اور ابن ابی شیبہ نے وائل ابن حجر رضی اللہ عنہ سے روایت کی فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سنا کہ آپ نے پڑھا غیر المغضوب علیھم ولا الضالین اور آمین کہا وخفض بھا صوتہ اپنی آواز کو اس میں پست کیا۔9 حدیث بیہقی نے انہی ابی وائل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ سیدنا عبداللہ فرماتے ہیں کہ امام چار چیزوں کو آہستہ کہے بسم اللہ آمین ربنا لک الحمد اور اعوذ باللہ۔10 حدیث داری اور بیہقی نے سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جب قاری کہتا ہے ولا الضالین تو آسمان کے فرشتے بھی آمین فرماتے ہیں جس کی آمین ان کی آمین کے موافق ہوگی اس کی مغفرت ہو جائے گی اس کی پوری تحقیق صحیح البہاری میں دیکھو۔

**عقلی دلیل** : آمین کے علاوہ جس قدر نماز میں دعائیں ہیں یعنی دعاء قنوت' دعاء ماثورہ وغیرہ تمام آہستہ ہی پڑھی جاتی ہیں۔ چونکہ آمین بھی ایک دعا ہے چاہئے کہ یہ بھی آہستہ پڑھی جائے۔ نیز نماز میں سوا تکبیروں اور تلاوت قرآن کے کوئی ذکر بلند آواز سے نہیں کیا جاتا اور آمین بھی تلاوت اور تکبیروں کے علاوہ ہی ہے لہٰذا وہ بھی آہستہ ہونی چاہیے۔

**غیر مقلدوں کا اعتراض** : غیر مقلد کہتے ہیں کہ بہت سی احادیث میں آیا ہے کہ بلند آواز سے آمین کہی جائے چنانچہ ترمذی' ابو داؤد اور ابن ماجہ نے وائل ابن حجر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا کہ آپ نے نماز میں ولا الضالین پڑھا اور آمین فرمایا مدبھا صوتہ بلند کیا اس سے اپنی آواز کو اسی طرح ابن ماجہ کی روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اتنی آواز سے آمین فرماتے تھے جو صف اول والے سن لیتے تھے پھر یہ سب لوگ اتنی بلند آواز سے آمین کہتے تھے جس سے مسجد گونج جاتی تھی لہٰذا بلند آواز سے کہنی چاہیے۔ **جواب:** اس کے چند جواب ہیں اول یہ کہ قرآن پاک نے آہستہ دعا مانگنے کا حکم دیا اور آمین بھی ایک دعا ہے اور ان احادیث سے امین بالجہر ثابت ہوئی یقیناً آیت قرآنی کو ترجیح دی جائے گی نیز حضور کی آواز پر اپنی آوازیں اونچی کرنا حرام ہے رب فرماتا ہے لا ترفعوا اصوا تکم فوق صوت النبی اگر ختم سورۂ فاتحہ پر حضور کے ساتھ تمام صحابہ اونچی آواز سے حضور کے ساتھ آمین کہتے تو ان کی آوازیں حضور کی آواز سے اونچی ہو جاتیں یہ حکم قرآنی کے خلاف ہے۔ آمین بالخفی کی پوری بحث ہماری کتاب جاء الحق حصہ دوم میں ملاحظہ کرو۔ جس میں اس جیسے 26 مسائل پر محققانہ گفتگو کی گئی ہے۔ دوسرے یہ کہ جب احادیث کی تحقیق کی جاتی ہے تو بلند آواز کی حدیثوں میں صرف سیدنا وائل رضی اللہ عنہ کی روایت صحیح ہے جس میں مدبھا صوتہ ہے اور اس کا ترجمہ یہ نہیں کہ بلند آواز سے آمین فرمائی بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ آواز کھینچ کر آمین کہا یعنی آمین کے الف اور میم کو مد کے ساتھ کھینچ کر پڑھا۔ اب لفظ صوت کے معنی فقط آواز کے ہیں خواہ چیخ کر ہو خواہ آہستہ پھر جب کہ انہی حضرت وائل رضی اللہ عنہ کی روایت میں صراحتہ "آ چکا کہ حضور علیہ السلام نے آمین فرمائی تو یقیناً اس روایت میں بھی صوت سے مراد آہستہ آواز ہوگی تاکہ دونوں روایتیں مطابق ہو جائیں تیسرے یہ کہ جن روایتوں میں جہر کے الفاظ موجود ہیں۔ اولاً "تو اسناد کے لحاظ سے وہ صحیح نہیں۔ علاوہ ازیں ان روایات کرنے والوں نے مدبھا صوتہ کا ترجمہ جہر فرما کر روایت بے معنی کر دی ہے ابن ماجہ کی روایت اس لئے بھی قرین

marfat.com
Marfat.com

قیاس نہیں کہ اس میں ہے کہ آمین کی آواز سے مسجد گونج جاتی تھی لور ظاہر ہے کہ کچی لور چھپر والی مسجد میں گونج پیدا نہیں ہو سکتی گونج تو ڈاٹ والی پختہ عمارت میں پیدا ہوتی ہے لور مسجد نبوی شریف اس وقت کچی تھی چھت میں چھپر تھا اس کی تحقیق ہمارے حاشیہ بخاری نعیم الباری میں دیکھو چوتھے یہ کہ جب حدیثوں میں تعارض ہو تو قیاس کے ذریعے سے بعض حدیثوں کو ترجیح دے دی جاتی ہے تو آہستہ آمین کہنے کی حدیثیں قیاس کے مطابق ہیں لور بلند آواز سے آمین کہنے کی حدیثیں قیاس کے خلاف جیسا کہ ہم پہلے بیان کو چکے ہیں لہٰذا آمین آہستہ ہی کہنا چاہیے پانچویں یہ کہ آہستہ آمین والی حدیثوں کی قرآن پاک تائید فرمارہا ہے لہٰذا لوہی زیادہ قابل عمل ہے چھٹے یہ کہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ بلند آواز سے آمین کہنے کی روایتیں منسوخ ہیں اور آہستہ والی ناسخ۔ لہٰذا آہستہ آمین کہنا ہی قابل عمل ہے۔ **وصلی اللہ تعالی علی حبیبہ و نور عرشہ سیدنا و مولانا محمد و الہ واصحبہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ○**

یاٰتھا ۲۸۶　(۲) سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ (۸۷)　رکوعاتھا ۴۰

سورہ بقرہ مدنی ہے اور وہ دو سو چھیاسی آئتیں اور چالیس رکوع ہیں۔

**تعلق :** اس سورۃ کا سورۃ الحمد کے ساتھ چند طرح تعلق ہے اولاً یہ کہ سورۂ الحمد میں ایسے عمدہ مضامین بیان ہوئے جن سے بیمار دل لور بیمار روح کو شفا ابدی حاصل ہوئی اسی لئے اس کا نام سورۂ شافیہ تھا۔ شفا کے بعد زندگی ضروری ہوتی ہے یا یوں سمجھو کہ دوا کے بعد غذا ضروری ہے۔ کیونکہ دوا سے بیماری دور ہوتی ہے لور غذا سے زندگی باقی رہتی ہے سورہ بقرہ کے اندر ایسے مضامین بہت زیادہ ہیں جو انسان کو روحانی زندگی عطا فرماتے ہیں کیونکہ اس میں چالیس رکوع ہیں مگر کوئی بھی رکوع ایسا نہیں جس میں زندگی کا ذکر نہ ہو کسی رکوع میں ایمان کا ذکر ہے کسی میں اعمال کا کسی میں غذائیں پیدا فرمانے کا کسی میں بنی اسرائیل پر من و سلویٰ اتارنے کا کسی میں دین ابراہیم کی پیروی کرنے کا کسی میں کعبے کے بدلنے کا کسی میں مرے ہوئے کو گائے کا گوشت مار کر زندہ کرنے کا کسی میں شراب و جوئے کی ممانعت کسی میں خانگی زندگی کے طریقے کسی رکوع میں طلاق لور عدت وغیرہ کسی میں بچوں کی پرورش۔ کسی میں سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا چار جانوروں کو مار کو زندہ دکھانا وغیرہ وغیرہ لور یہ تمام مضامین جسمانی یا روحانی حیات بخشنے والے ہیں تو یوں سمجھو کہ سورۂ فاتحہ شفا تھی اور سورۂ بقر سورۂ حیات یعنی زندگی کی سورت دوسرے یہ کہ سورۂ بقرہ الحمد شریف کی تفصیل ہے یعنی جو مضامین کہ وہاں اجمالی طور پر بیان کئے گئے تھے وہ اس سورت میں مفصل طور پر بیان ہوئے مثلاً سورۂ فاتحہ میں حق تعالیٰ کی ربوبیت لور رحمت کا ذکر فرمایا گیا اس سورت میں ذکر ہوا کہ رب تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسا کر قسم قسم کے پھل پیدا فرمائے۔ فلاں قوم کو من سلویٰ عطا فرمایا گیا۔ فلاں شخص کو بعد مرنے کے زندہ کر دیا وغیرہ وغیرہ اسی طرح سورۂ فاتحہ میں حق تعالیٰ کی شہنشاہی کا ذکر تھا کہ **مالک یوم الدین** اس سورۃ میں ذکر آئے گا کہ بنی اسرائیل نے فلاں خطا کی ان پر یہ عذاب بھیجا گیا یہ اس کی شہنشاہی کا ثبوت ہے۔ اسی طرح سورۃ فاتحہ میں عبادت کا ذکر تھا۔ تو اس سورۃ میں روزہ، نماز، حج، زکوٰۃ

marfat.com
Marfat.com

وغیرہ سب کا ذکر آئے گا۔ اسی طرح سورۂ فاتحہ میں سیدھے راستے کی دعا مانگی گئی تھی۔ انعام والوں کے راستوں پر چلنے کی توفیق اور سورۂ بقر میں حضرت ابراہیم اور حضرت یعقوب اور دیگر انبیاء کرام علیہم السلام اور ان کی پیروی کرنے والوں کا ذکر ہے۔ اسی طرح سورۂ فاتحہ میں غضب والوں اور گمراہوں سے پناہ مانگی گئی تھی اور سورۂ بقر میں فرعون اور نمرود وغیرہ کے حالات اور ان کی تباہی کا ذکر فرمایا گیا غرض کہ سورۂ بقر سورۂ فاتحہ کی تفصیل یا تفسیر ہے اس لئے اس کو سورۂ فاتحہ کے بعد بیان فرمانا نہایت بہتر ہے۔

## سورۂ بقر کا نام

ہم سورۂ فاتحہ کے اول میں یہ عرض کر چکے ہیں کہ سورۃ کا نام اس کے بعض مضامین وغیرہ سے ہوتا ہے لہٰذا سورۂ بقر کا نام بھی اس کے ایک مضمون سے رکھا گیا۔ بقرہ کے معنی ہیں گائے یا بیل چونکہ اس میں گائے کے ذبح کرنے اور اس کے ذریعے سے ایک مقتول کو زندہ کرنے کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس لئے اس کا نام سورۂ بقر رکھا گیا۔ اگرچہ اس میں اور بھی اعلیٰ مضامین موجود تھے لیکن گائے کا یہ عجیب و غریب قصہ صرف اسی سورت میں ہے اور کسی میں نہیں اور اس واقعہ میں ہزارہا فائدے ہیں جن کی کچھ تفصیل ہم اس موقع پر کریں گے لہٰذا اس کا نام سورت بقرہ ہی ہوا۔

**شان نزول** : اس کا ایک تو اجمالی شان نزول ہے ایک تفصیلی۔ تفصیلی شان نزول تو مختلف آیتوں کے ساتھ بیان کیا جائے گا شان نزول اجمالی یہ ہے کہ جب بانی اسلام علیہ السلام مکہ مکرمہ میں تشریف فرماتے تھے تو وہاں صرف بت پرستوں اور مشرکین کا مقابلہ تھا لیکن جب مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو یہاں عیسائیوں اور یہودیوں کی آبادی پائی۔ مدینہ پاک میں یہودیوں کا بہت زور تھا۔ اور عبداللہ ابن ابی یہاں کا گویا سردار مانا جاتا تھا۔ جب اسلام کا آفتاب مدینہ پر چمکا اور سب سے پہلے ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر کو چمکایا اور قرآن کی آوازیں ان کے کانوں میں پہنچیں تو سب کے دلوں نے قبول کیا لیکن سوا چند دیندار لوگوں کے باقی سب حسد اور تعصب کی وجہ سے مقابلے پر آمادہ ہو گئے۔ چونکہ یہ لوگ پہلے سے علم میں مشہور تھے اور اطراف مدینہ کے لوگ ان کی عزت بھی کرتے تھے اور اس لئے اکثر عرب کے جہلا ان کے ساتھ ہو گئے پھر یہود و نصاریٰ جو آپس میں لڑتے رہتے تھے اسلام کے مقابلے کے لئے ایک ہو گئے عبداللہ ابن ابی اور اس کے ساتھی جن کو عزت اور مال کی محبت نے اندھا کر رکھا تھا بظاہر تو مسلمان ہو گئے لیکن دل سے کافروں کے ساتھ رہے اور انہوں نے درپردہ ان دشمنوں کی امداد کرنا شروع کر دی تو یوں سمجھو کہ مدینہ پاک میں آکر مسلمانوں کو چار قوموں سے مقابلہ کرنا پڑا۔ علمائے یہود' علمائے نصاریٰ جہلا مشرکین اور منافقین یہ لوگ خفیہ ایذا' پہنچانے کے علاوہ کج بحثیاں کرتے تھے اور مسلمانوں کے دلوں میں شکوک و شبہات ڈالنے کی کوشش کرتے تھے۔ پس حکمت الٰہی کا تقاضا ہوا کہ ایک ایسی سورت اتاری جائے جس سے ان چار فرقوں کی سرکوبی ہو جائے اور ان کے شبہات دور کئے جائیں اس لئے مدینہ پاک پہنچتے ہی یہ سورۂ اترنا شروع ہوئی یہ تو اس پوری سورت کے نازل ہونے کی وجہ بیان کی گئی۔ آیتوں کا شان نزول ان شاء اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ بیان کیا جائے گا۔

**سورۂ بقر کے فضائل** : سورہ بقر کے بے شمار فضائل ہیں ان میں سے کچھ عرض کئے جاتے ہیں مسلم شریف میں سیدنا انس

marfat.com
Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ ہم میں سے جو شخص سورۂ بقرہ آل عمران جانتا تھا اس کی بڑی عزت ہوتی تھی۔ 2مسند امام احمد وغیرہ میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورۂ بقر قرآن پاک میں ایسی ہے۔ جیسے کہ اونٹ کے جسم میں کوہان یعنی اس کے پیٹھ کی ہڈی۔ یعنی جیسے کہ اونٹ کی خوبصورتی اس کے کوہان سے ہوتی ہے۔ اسی طرح قرآن پاک کی زینت سورۂ بقر سے ہے۔ اسی مسلم شریف میں ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ زہراوین (چمکدار نورانی) سورتوں کو پڑھا کرو۔ یعنی سورۂ بقرہ و آل عمران۔ کیونکہ قیامت کے دن یہ دونوں سورتیں اپنے پڑھنے والوں پر بادلوں کی طرح سایہ کریں گی اور ان کی شفاعت فرمائیں گی۔ 3تفسیر عزیزی میں ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص ہر جمعہ کی شب میں سورۂ بقرہ و آل عمران پڑھا کرے تو اس کو اتنا ثواب ملتا ہے جس سے کہ بعید اسے عروبا تک بھر جائے (بعید از مین کے آخری ساتویں طبقہ کا نام ہے اور عروبا ساتویں آسمان کا) 4سیدنا ام الدرداء سے روایت ہے کہ ایک شخص نے جو قرآن پاک کی تلاوت کرنے والا تھا ایک روز اپنے پڑوسی کو مار ڈالا صبح کو اسے گرفتار کر کے قتل کر دیا گیا۔ جب اسے دفن کیا گیا تو تمام سورتیں اس کی قبر سے نکل کر جاتے ہوئے دیکھی گئیں مگر سورۂ بقرو سورۂ آل عمران اس وقت تک نہ گئیں جب تک کہ جمعہ نہ آگیا۔ اور وہ شخص عذاب سے محفوظ ہو گیا۔ 5حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سورۂ بقرہ بارہ سال میں تمام حقائق و اسرار کے ساتھ پڑھی اور جس دن ختم کی اس دن خوشی میں ایک اونٹ ذبح کر کے صحابہ کرام کی خوشی میں دعوت کی۔ ضروری نوٹ: اس سے معلوم ہوا کہ دینی کتابیں شروع یا ختم کرتے وقت شیرینی تقسیم کرنا اور خوشی منانا سنت صحابہ کرام ہے۔ 6 قرآن پاک سے سب میں بڑی یہی سورت ہے اس سورۃ میں دو سو چھیاسی۔ (286) آیتیں ہیں چالیس رکوع اور چھ ہزار ایک سو اکیس (6121) کلمے اور پچیس ہزار پانچ سو (25500) حرف ہیں 7قرآن پاک کی سب سے بڑی آیت یعنی آیت مداینہ اسی سورہ بقر میں ہے۔ 8ابن عربی کہتے ہیں کہ سورۂ بقر میں ایک ہزار حکم اور ایک ہزار نہی اور ایک ہزار خبریں ہیں یعنی جس قدر احکام کہ اس سورۃ میں ہیں اتنے اور سورتوں میں نہیں۔ فائدہ: یہ بھی قرآن پاک کا ایک معجزہ ہے کہ اس کی سورتیں اور آیتیں چھوٹی بڑی ہیں جس سے رب تعالیٰ کی قدرت کاملہ کا ظہور ہوتا ہے کہ وہ جس طرح بڑی سورۃ میں بے شمار خوبیاں بھر سکتا ہے۔ اسی طرح چھوٹی سے چھوٹی سورۃ میں بھی۔ سورۃ چھوٹی ہو یا بڑی ہر ایک معجزہ ہے۔ غور کرو کہ ہاتھی اونٹ کے جسم بہت بڑے ہیں اور چیونٹی کا جسم نہایت معمولی لیکن جتنے عضو کہ ہاتھی اور اونٹ میں ہیں قریب قریب وہ سب عضو چیونٹی میں بھی ہیں۔ اس سے حق تعالیٰ کی قدرت کا ظہور ہوتا ہے۔

**سورۂ بقر کے فائدے** : سورۂ بقرہ کے بے شمار فائدے ہیں جن میں سے کچھ فائدے ہم تفسیر عزیزی اور تفسیر خزائن العرفان سے نقل کرتے ہیں 1جس گھر میں سورہ بقر پڑھی جائے اس گھر میں تین روز تک سرکش شیطان داخل نہیں ہوتا۔ 2جو شخص ہمیشہ سوتے وقت سورۂ بقر کی دس آیتیں پڑھ لیا کرے وہ ان شاء اللہ قرآن پاک کبھی نہ بھولے گا وہ دس آیتیں یہ ہیں۔ چار آیتیں اول کی یعنی مفلحون تک اور آیۃ الکرسی اور دو آیتیں آیۃ الکرسی کے بعد کی اور تین آیتیں اخیر سورت کی 3جس کسی کے بچے کو چیچک نکل آئے وہ ڈھائی پاؤ چاول پکائے اور اس میں بقدر ضرورت دہی اور کھانڈ ڈالے اور کسی فقیر کو بلا کہ اس سے کہے کہ تو ان چاولوں کو اس طرح آہستہ آہستہ کھا کہ میرا پڑھنا اور تیرا کھانا ایک ساتھ ختم ہوں وہ فقیر اس بچے کے سامنے کھانا

marfat.com
Marfat.com

شروع کرے اور وہ شخص اس بچے کے سامنے سورہ بقر شروع کرے آہستگی سے عمدہ طریقے سے سورہ بقر پڑھے اور جو شروع کرے اور مرتو یہ سورت ختم کرے اور وہ چاول ختم کرے ان شاء اللہ چیچک کو آرام ہو گا اور اس سال میں اس گھر میں چیچک سے امن رہے گا مگر شرط یہ ہے کہ یہ عمل صبح کے وقت کیا جائے اور عمل کرنے والا اور بیمار بچہ دونوں نہار منہ ہوں۔ 4 طبرانی اور بیہقی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میت کو دفن کرکے اس کی قبر کے سرہانے سورہ بقر کی اول آیتیں مفلحون تک اور قبر کی پائنتی سورہ بقر کا آخری رکوع پڑھنا چاہئے ان شاء اللہ اس کے بقیہ اور فائدے اس سورۃ کے آخیر میں بیان کئے جائیں گے۔

| الٓمٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ |
|---|
| یہ کتاب نہیں شک میں ہدایت ہے پرہیزگاروں |
| وہ بلند مرتبہ کتاب کوئی شک کی جگہ نہیں اس میں ہدایت ہے ڈر والوں کو |

تعلق: سورہ فاتحہ کو الحمد سے شروع فرمایا جس کے معنی اس قدر ظاہر ہیں کہ بچے بھی جانتے ہیں اور ہر شخص سنتے ہی اس کے سمجھنے اور جاننے میں کچھ تامل نہیں کرتا لیکن سورہ بقر کو آلم سے شروع فرمایا جس کے معنی میں عام تو کیا بڑے بڑے علماء اور اولیاء بھی حیران ہیں اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ قرآن پاک بعض لحاظ سے بہت آسان ہے اور بعض اعتبار سے سخت مشکل۔ اس کے بعض ظاہری معنی تو اس قدر آسان ہیں کہ سن کر ہی سمجھ میں آجاتے ہیں اور بعض اسرار و رموز اس قدر دشوار ہیں کہ جس کے لئے عقل انسانی کافی نہیں ہوتی نقل حدیث ہی کی ضرورت پڑتی ہے۔ دیکھو دنیا کی بعض چیزیں ایسی عام ہیں کہ ہر شخص کو بلا تکلف مل جاتی ہیں جیسے ہوا، پانی وغیرہ اور بعض وہ چیزیں ہیں کہ بہت دشواریوں سے خاص خاص ہی کو ملتی ہیں جیسے ہیرا اور موتی وغیرہ اگر قرآن کریم بالکل آسان ہوتا تو کوئی شخص شیخی سے کہہ سکتا تھا کہ میرا دماغ اس کے سمجھنے کے لئے کافی ہے۔ ضرورت تھی کہ کچھ راز کی باتیں اس میں ایسی بھی ہوں کہ جن کو سنتے ہی بڑے سے بڑا عالم اپنے عجز کا اقرار کرتے ہوئے پکار کر یہ کہنے لگے کہ **سبحنک لا علم لنا** کہ اے پروردگار ہمیں خبر نہیں اپنے راز تو ہی جانتا ہے۔ سورہ بقر کا اول کلمہ وہ مقرر کیا کہ جس کو سن کر انسان اپنی عاجزی کا اقرار کرے۔

تفسیر: حق تو یہ ہے کہ اس کے معنی اللہ اور اس کے رسول اور محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی نہیں جانتا ہم کو چاہئے کہ اس کے حق ہونے پر ایمان لے آئیں اور یہ کہہ دیں کہ اس کے معنی وہ ہیں جو رب تعالیٰ نے بتائے اور محبوب علیہ الصلوۃ والسلام نے جانے تفسیر روح البیان شریف میں اس جگہ فرمایا کہ یہ الم ان کلاموں میں سے ہے جن کے معنی کی خبر حضرت جبریل علیہ السلام کو بھی نہیں ہوتی تھی۔ ڈاک خانے کے ذریعے حکام کے پاس کچھ شاہی تاروں میں ایسے حروف آتے ہیں کہ جن کو خود تار کا لینے والا پوسٹ ماسٹر اور لانے والا تار بابو بھی نہیں سمجھتا لیکن جس حاکم کے پاس وہ تار آتا ہے وہ اسے خوب سمجھتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ رب نے سب کچھ بتا کر حضور کو بھیجا ورنہ حضور ان متشابہات کے معنی ہرگز نہ سمجھتے اور ان کا نزول بیکار ہوتا نیز

marfat.com
Marfat.com

رب نے صلوٰۃ و زکوٰۃ وغیرہ ساری عبادات کا حکم دیا مگر کسی عبادت کی تفصیل نہ بیان کی نہ حضور نے پوچھا کہ زکوٰۃ کتنے مال سے کتنی دیں کب دیں کیسے دیں بلکہ بلا تامل صحابہ کو ہر حکم قرآنی کی تفصیل سمجھا دی کلمہ الم نے ہی حضور کا علم اور عالم پیدا ہونا بتا دیا چنانچہ روایات سے ثابت ہے کہ جب کٓھٰیٰعٓصٓ نازل ہوئی تو حضرت جبریل علیہ السلام نے جب عرض کیا کاف تو حضور نے فرمایا میں نے جان لیا پھر عرض کیا ہا فرمایا میں نے جان لیا پھر عرض کیا یا فرمایا میں نے جان لیا پھر عرض کیا عین فرمایا میں نے جان لیا اور پھر عرض کیا صاد فرمایا میں نے جان لیا حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے کیا جان لیا؟ مجھے تو کچھ خبر نہ ہوئی۔۔

میاں طالب و محبوب رمزیست کراماً کاتبین راہم خبر نیست

لیکن بعض علمائے کرام نے بطریق تاویل ان کے کچھ معانی بیان کئے ہیں۔ لیکن وہ بھی فرماتے یہی ہیں کہ حقیقی معنی وہی ہیں جو رب جانے۔ وہ تاویلیں یہ ہیں۔ 1 الم قرآن پاک کا نام ہے 2 الم سورہ بقر کا نام ہے بلکہ جو بھی سورتیں اس قسم کے حروف سے شروع ہوتی ہیں وہ اس سورت کا نام ہی ہوتی ہیں جیسے حم یا الر وغیرہ (3) اس کا ہر حرف حق تعالیٰ کے بعض ناموں کا پہلا حرف ہے یعنی الف سے مراد ہے اللہ اور لام سے مراد لطیف میم سے مراد معین یا مجید یا منان 4 الف سے مراد انا یعنی میں لام سے مراد اللہ میم سے مراد اعلم میں جانتا ہوں 5 یہ اللہ اور دوسری ذاتوں کے ناموں کے مخفف حرف ہیں یعنی الف سے مراد اللہ لام سے جبریل اور میم سے مراد محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تو مقصود یہ ہوا کہ اس میں قرآن پاک کے بھیجنے والے اور پہنچانے والے اور وصول کرنے والے کا نام ہے یعنی یہ قرآن کریم اللہ نے بھیجا جبریل لائے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پایا 6 یہ حرفوں ہی کے نام ہیں یعنی اس سے مراد الف لام میم ہی ہیں تو منشاء یہ ہے کہ قرآن پاک بھی انہی حرفوں سے بنا ہے۔ جن سے اے انسان تیرے کلام بنتے ہیں۔ لیکن پھر اس قدر اعلیٰ کلام ہونے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کلام الٰہی ہے۔

اعتراض : 1۔ قرآن پاک تو عمل کرنے کے لئے آیا ہے۔ اگر اس کی مراد اس قدر چھپی ہوئی تھی تو اسے قرآن پاک میں رکھا ہی کیوں گیا؟ اگر یہ راز کی بات تھی تو صیغہ راز میں رکھی جاتی۔ جواب: یہ خیال محض غلط ہے کہ قرآن کریم صرف عمل کیلئے آیا ہم اس کی تحقیق مقدمہ میں کر چکے ہیں حق یہ ہے کہ بعض آیتیں جاننے کے لئے ہیں جیسے اللہ کی ذات و صفات کی آیتیں اور بعض آیتیں فقط ماننے کے لئے یعنی انہیں جانو مت صرف مان لو کہ یہ کلام اللہ کا ہے۔ بعض آیتیں ڈرنے کے لئے جیسے عذاب کی آیتیں۔ اور بعض آیتیں خوش ہونے اور امید کے لئے جیسے رحمت کی آیتیں تو یہ متشابہات صرف ماننے کے لئے ہیں۔ اب رہا یہ سوال کہ انہیں قرآن پاک میں کیوں رکھا گیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ چند حکمتوں سے 1 ان پر ایمان لانا۔ 2 ان کی تلاوت کرنا کیونکہ تلاوت میں ایک حرف پر دس نیکیاں ملتی ہیں تو اگرچہ الم کے معنی سمجھ میں نہ آئیں مگر اس کے پڑھنے سے تیس نیکیاں مل جائیں گی۔ 3 اس سے حضور علیہ السلام کی شان معلوم ہوتی ہے کہ حق تعالیٰ کے ایسے رازدار ہیں کہ ان کے رازوں تک فرشتوں کی بھی رسائی نہیں۔ 4 عالموں کی آنکھیں نیچی ہوں گی اور دل سے غرور جاتا رہے گا اور انہیں اپنی عاجزی نیازمندی کا اقرار کرنا پڑے گا کیونکہ ہر عالم ہر چیز کے جاننے اور سمجھنے کی کوشش کرتا ہے جب ان کلمات کو نہ سمجھ سکے گا تو یہی کہتے بنے گی کہ خدا کی باتیں خدا ہی جانے۔ 5 ان کے معنی کا نہ سمجھنا، قرآن کے خدائی کتاب ہونے کی دلیل ہوگی کیونکہ جہاں تک دماغ کی رسائی

marfat.com
Marfat.com

نہ ہوا سے یہی کہتے بنتا ہے کہ یہ خدا کی چیز ہے۔ دوسرا اعتراض: رب تعالیٰ فرماتا ہے **ولقد یسرنا القران** یعنی ہم نے قرآن کریم کو آسان کیا اور تم کہتے ہو کہ قرآن کریم کی بعض آیتیں بے حد مشکل ہیں تو تمہاری یہ بات کلام الٰہی کے خلاف ہوئی؟
جواب: یہ آیت آپ نے پوری نہ پڑھی۔ پوری آیت یہ ہے **ولقد یسرنا القران للذکر فھل من مدکر** یعنی ہم نے اس قرآن کو یاد کرنے یا نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان کیا ہے یعنی کوئی بھی آسمانی کتاب کسی امتی نے حفظ نہ کی قرآن پاک کی یہ خصوصیت ہے کہ بچوں کو بھی حفظ ہے تو یہ حفظ کے لئے آسان ہے نہ کہ سمجھنے کے لئے اسی طرح اس قرآن پاک کے ذریعے سے رب کو پہچاننا آسان ہے نہ یہ کہ اسرار سمجھنا کیا قرآن پاک کی وہ آیت نہ دیکھی **وما یعلم تاویلہ الا اللہ** یعنی ان متشابہ آیتوں کے معنی اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ نوٹ: ہمارے اس جواب سے وہابیوں اور چکڑالویوں کے صدہا اعتراضات اٹھ جائیں گے کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ قرآن کریم نور ہے قرآن کریم دلیل ہے قرآن کریم ہدایت دینے والا قرآن کریم تبلیغ کا ذریعہ ہے قرآن کریم کتاب مبین یعنی کھلی ہوئی کتاب ہے اگر اس کی بعض آیتیں بالکل چھپی ہوئی اور مشکل ہوتیں تو وہ نور ہوتیں نہ ہدایت نہ دلیل۔ ان سب کا جواب ہمارے مذکورہ جواب سے معلوم ہو گیا کہ قرآن کریم کی ساری آیتیں حق تعالیٰ کو پہچاننے کی دلیل دینے والی اور اپنے لانے والے کی صداقت کے لئے نور وغیرہ ہیں نہ یہ کہ ہر ایک کا راز سمجھنا بھی آسان ہے۔
تیسرا اعتراض: متشابہات قرآنیہ کا علم حضور کو بھی نہیں دیا گیا صرف رب کو ہے۔ قرآن کہتا ہے **وما یعلم تاویلہ الا اللہ** جواب: یہ غلط ہے اگر حضور کو ان کا علم نہ دیا جاتا تو ان کا نزول بیکار ہوتا رب فرماتا ہے **الرحمن علم القرآن** رب نے حضور کو سارا قرآن سکھا دیا قرآن میں متشابہات بھی ہیں اگر ان کی تعلیم نہ دی جاتی تو سارے قرآن کی تعلیم نہ ہوتی یہ اس آیت کے خلاف۔ تمہاری پیش کردہ آیت کا مقصد یہ ہے کہ بغیر تعلیم الٰہی ان کی تاویل کوئی نہیں جانتا یہاں صرف نحوی قاعدے کافی نہیں **ذالک الکتب** اس کا تعلق پہلے سے یہ ہے کہ اگر الم قرآن پاک کی سورۃ کا نام ہو تو وہ مبتداء ہو گا اور یہ اس کی خبر تو معنی یہ ہوں گے کہ الم یہ کتاب ہے اور اگر وہ متشابہات میں سے ہے تو یہ الگ جملہ بنے گا اس طرح کہ ذالک مبتدا اور الکتب خبر یعنی یہ قرآن کتاب کامل ہے۔

تفسیر: **ذالک** اسم اشارہ ہے جیسے کہ اردو میں لفظ یہ یا وہ اب اس میں گفتگو یہ ہے کہ **ذلک** سے اشارہ کس طرف ہو رہا ہے اگر اہل کتاب کو سنانا مقصود ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ چیز جس کا وعدہ توریت و انجیل وغیرہ میں کیا گیا تھا آخر زمانہ میں ایک کتاب آنے والی ہے اے عیسائیو اور یہودیو! یہ وہی کتاب ہے اس کتاب نے آکر تمہارے نبیوں اور تمہاری کتابوں کو سچا کر دیا اگر یہ کتاب نہ آتی تو تمہارے نبیوں اور کتابوں کی یہ پیش گوئی جھوٹ ہو جاتی تمہارا اس کتاب کا انکار حقیقت میں اپنے نبیوں اور کتابوں کو جھٹلانا ہے اور اگر مسلمانوں کو سنانا ہے تو **ذالک** سے اشارہ یا تو ان سورتوں کی طرف ہو رہا ہے جو سورہ بقرہ سے پہلے اتر چکی ہیں اور یا ان کی طرف جو آئندہ اترنے والی ہیں یا اس کی طرف جو لوح محفوظ میں لکھا ہوا ہے چونکہ پہلے خبر دی جا چکی ہے **وانہ فی ام الکتاب لدینا** اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو اس کی خبر دی تھی تو اب معنی یہ ہوئے کہ وہ سورتیں جو اس سے پہلے آ چکیں یا جو لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہیں وہ یہ کتاب ہے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ **ذالک الکتاب** مبتدا اور **لا ریب فیہ** اس کی خبر تو اس صورت میں اس کے معنی یہ ہوں گے کہ یہ کتاب وہ ہے جس میں کوئی شک نہیں

marfat.com
Marfat.com

**الکتاب** کتب سے بنا ہے اور اس کے چند معنی ہیں جمع ہونا اسی لئے لشکر کو کتیبہ کہتے ہیں کیونکہ اس میں بہت سے انسان جمع ہوتے ہیں۔4 معیاد یامدت **ولھا کتاب معلوم** 5 غلام کو مکاتب کرنا یعنی اس سے کہنا کہ اتنا مال دے تو آزاد ہے **والذین یبتغون الکتب** 6 لکھنا اور لکھی ہوئی چیز اس جگہ یا تو پہلے معنی مراد ہیں یا آخری۔ اگر پہلے مراد ہوں تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ یہ جمع کی ہوئی چیز ہے کیونکہ قرآن کریم میں سارے علوم جمع ہیں تو گویا کامل کتاب یہی ہے۔ خیال رہے کہ سارے علوم قرآن شریف میں ہیں رب فرماتا ہے کہ تفصیل الکتاب اور فرماتا ہے **ولا رطب ولا یابس** اور سارا قرآن حضور کے علم میں رب فرماتا ہے **الرحمان علم القران** اب جو کوئی حضور کے علم کا انکار کرے وہ یا تو قرآن میں سارے علوم نہیں مانتا یا حضور کو سارے قرآن کا عالم نہیں مانتا پہلی صورت بھی آیت کے خلاف ہے دوسری بات بھی اگر آخری معنی مراد ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ یہ لکھی ہوئی چیز ہے یعنی لکھنے میں کامل یہی کتاب ہے اس کے سوا سب ناقص اس لئے کہ سب سے پہلے یہ لوح محفوظ میں لکھی گئی پھر پہلے آسمان پر پھر مسلمانوں کے سینوں میں اور ہڈیوں پتھروں وغیرہ پر پھر کاغذ اور کاغذ پر اس قدر لکھی گئی کہ اس کی مثال کوئی دوسری کتاب ہو سکتی ہی نہیں کیونکہ انسان جو بھی کتاب لکھتا ہے وہ دو چار یا دس بیس دفعہ چھپ کر ختم ہوتی ہے توریت وانجیل وغیرہ بھی چند بار لکھی گئی اور اب ختم ہو چکیں لیکن قرآن پاک نے اس زمانہ میں بھی دنیا بھر کے پریسوں پر قبضہ کر لیا چنانچہ اس وقت صرف لاہور سے پچاس لاکھ سالانہ اس کی اشاعت ہے نہ معلوم ہندوستان پاکستان کے دیگر پریسوں میں ہر سال کتنا چھپتا ہوگا اب اندازہ لگاؤ کہ ہندوستان کے علاوہ دیگر ممالک، مصر، استنبول، بیروت، عراق، حجاز وغیرہ سے کس قدر اس کی اشاعت ہوگی ماننا پڑے گا کہ لکھنے اور چھپنے کے لحاظ سے بھی یہی کتاب مکمل ہے "روح البیان" شریف نے اس جگہ بیان فرمایا کہ توریت شریف کی ایک ہزار سورتیں تھیں۔ اور ہر سورت میں ایک ہزار آیتیں تو موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ اس کتاب کو کون پڑھ سکے گا اور کون حفظ کر سکے گا تو ارشاد باری ہوا کہ میں اس سے اعلیٰ شان والی کتاب نبی آخر الزمان پر اتاروں گا لیکن ان کی امت کے بچوں تک کو یاد کرادوں گا نیز اسی روح البیان شریف میں ہے کہ اس سے پہلے کل آسمانی کتابیں ایک سو تین اتریں پچاس صحیفے شیث علیہ السلام پر اور تیس ادریس علیہ السلام پر اور بیس ابراہیم علیہ السلام پر توریت موسیٰ علیہ السلام اور زبور داؤد علیہ السلام پر اور انجیل عیسیٰ علیہ السلام پر۔ لیکن ان تمام کتابوں کے مضامین اس قرآن پاک میں جمع ہیں۔ لہٰذا یہ کتاب ان تمام کتابوں کی جامع ہے اس لئے کہا گیا۔ **ذالک الکتاب**

**قرآن پاک کے نام :** تفسیر کبیر اور تفسیر عزیزی وغیرہ میں ہے کہ قرآن پاک کے 33 نام ہیں۔ جو کہ قرآن پاک میں مذکور ہیں۔ 1 کتاب۔ 2 قرآن۔ 3 فرقان۔ 4 ذکر و تذکرہ۔ 5 تنزیل۔ 6 الحدیث۔ 7 موعظۃ۔ 8 حکم۔ 9 حکمت، حکیم، محکم۔ 10 شفاء۔ 11 ہدیٰ۔ 12 صراط مستقیم۔ 13 حبل۔ 14۔ رحمت۔ 15 روح۔ 16 قصص۔ 17 بیان، تبیان۔ 18 بصائر۔ 19 فصل۔ 20 نجوم۔ 21 مثانی۔ 22 نعمت۔ 23 برہان۔ 24 بشیر۔ نذیر۔ 25 قیم۔ 26 مہیمن۔ 27 ہادی۔ 28 نور۔ 29 حق۔ 30 عزیز۔ 31 کریم۔ 32 عظیم۔ 33 مبارک یہ تمام نام قرآن کی مختلف آیتوں میں مذکور ہیں۔ وہ آیتیں یا تو کسی حافظ سے معلوم کرلی جائیں یا تفسیر کبیر و عزیزی میں اس مقام پر دیکھ لی جائیں۔

**ان ناموں کی وجہ :** قرآن اور فرقان کے معنی اور اس کی وجہ تسمیہ تو ہم مقدمہ میں بیان کر چکے ہیں۔ کتاب کے معنی بھی

marfat.com
Marfat.com

ابھی بیان کر دیئے باقی ناموں کی وجہ تسمیہ حسب ذیل ہے۔4 ذکر و تذکرہ کے معنی ہیں یاد دلانا چونکہ یہ قرآن کریم اللہ اور اس کی نعمتوں کی اور میثاق کے عہد کو یاد دلاتا ہے اس لئے اس ذکر و تذکرہ کہتے ہیں 5 تنزیل کے معنی ہیں اتاری ہوئی کتاب چونکہ یہ بھی رب کی طرف سے اتاری گئی ہے اس لئے تنزیل کہتے ہیں۔ 6 حدیث اس کے معنی ہیں نئی چیز یا کلام اور بات چونکہ بمقابلہ توریت و انجیل کے یہ دنیا میں زمین پر بعد میں آیا اس لئے یہ نیا ہے نیز یہ پڑھا ہوا اترا نہ کہ لکھا ہوا۔ اس لئے یہ بات ہے۔ 7 موعظہ کے معنی نصیحت کے ہیں اور یہ کتاب سب کو نصیحت کرنے والی ہے اس لئے اس کا نام موعظہ ہے۔ 8 حکمت حکم محکمہ یہ حکم سے بنے ہیں اس کے معنی مضبوط کرنا لازم کرنا اور روکنا چونکہ یہ قرآن پاک مضبوط بھی ہے کوئی اس میں تحریف نہ کر سکا اور لازم بھی ہے کہ کسی کتاب نے اس کو منسوخ نہ کیا اور بری باتوں سے روکنے والا بھی ہے اس لئے اس کے یہ نام ہوئے۔ 9 شفاء اس لئے کہتے ہیں کہ یہ ظاہری اور باطنی بیماریوں سے سب کو شفا دینے والی کتاب ہے۔ 10 ہدی ہادی اس لئے کہتے ہیں کہ یہ لوگوں کو ہدایت کرتی ہے۔ 11 صراط مستقیم اس لئے کہتے ہیں کہ اس پر عمل کرنے والا اپنی منزل پر آسانی سے پہنچ سکتا ہے۔ 12 حبل اس لئے کہتے ہیں کہ حبل کے معنی ہیں رسی اور رسی سے تین کام لئے جاتے ہیں۔ اس سے چند بکھری ہوئی چیزوں کو باندھ لیتے ہیں رسی کو پکڑ کر نیچے سے اوپر پہنچ جاتے ہیں رسی ہی کے ذریعے کشتی پار لگ جاتی ہے چونکہ قرآن کے ذریعے مختلف لوگ ایک ہو گئے اسی طرح اس کی برکت سے کفر کے دریا میں ڈوبنے سے بچ جاتے ہیں اسی کے ذریعے سے حق تعالیٰ تک پہنچتے ہیں اس لئے اس کو حبل کہتے ہیں۔ 13 رحمت اس لئے کہتے ہیں کہ یہ علم ہے اور جہالتوں اور گمراہیوں سے نکالنے والا ہے۔ اور علم حق تعالیٰ کی رحمت ہے۔ 14 روح حضرت جبریل علیہ السلام کی معرفت آئی اور یہ جانوں کی زندگی ہے اس لئے اس کو روح کہتے ہیں نیز روح کے چند کام ہیں جسم کو باقی رکھنا بے جان جسم جلد سڑ گل جاتا ہے جسم کی حفاظت کرنا کہ بے جان جسم کو جانور کھا جاتے ہیں جسم پر روح کرنا کہ جسم کی ہر جنبش روح کے ارادے سے ہوتی ہے قرآن شریف بھی مسلم قوم کی بقا کا ذریعہ ہے مسلمان کو شیاطین اور کفار سے بچاتا ہے قوم مسلم پر روح کرتا ہے کہ مسلمان کی ہر حرکت قرآن کے ماتحت ہے لہٰذا یہ روح ہے۔ 15 قصص قصے کے دو معنی ہیں حکایت اور کسی کے پیچھے چلنا۔ چونکہ قرآن پاک نے انبیاء کرام اور دوسری قوموں کے سچے قصے بیان کئے اور لوگوں کا یہ امام ہے کہ سب لوگ اس کے پیچھے چلتے ہیں اس لئے اس کا نام قصص ہے۔ 16 بیان تبیان مبین ان سب کے معنی ہیں ظاہر کرنے والا چونکہ یہ قرآن سارے شرعی احکام کو اور سارے علوم غیبیہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ظاہر فرمانے والا ہے اس لئے اس کے یہ نام ہیں۔ 17 بصائر جمع بصیرت کی ہے بصیرت کہتے ہیں دل کی روشنی کو جیسے کہ بصارت آنکھ کے نور کو کہا جاتا ہے چونکہ اس کتاب سے دلوں میں صدہا نور پیدا ہوتے ہیں اس لئے اسے بصائر بھی کہا جاتا ہے۔ 18 فصل کے معنی ہیں فیصلہ کرنے والی یا جدا کرنے والی چونکہ یہ آپس کے جھگڑوں کی فیصلہ کرنے والی بھی اور مسلمانوں اور کفار میں فاصلہ فرمانے والی اس لئے اس کا نام فصل ہے۔ 19 نجوم نجم سے بنا ہے اس کے معنی تارے کے بھی ہیں اور حصہ کے بھی چونکہ قرآن پاک کی آیتیں تاروں کی طرح لوگوں کو ہدایت کرتی ہیں اور علیحدہ علیحدہ آئیں۔ اس لئے ان کا نام نجوم ہوا۔ 20 مثانی جمع ہے مثنیٰ کی مثنیٰ کے معنی ہیں بار بار کیونکہ اس میں احکام اور قصے بار بار آئے ہیں اور یہ کتاب خود بھی بار بار اتری ہے جیسا کہ ہم مقدمہ میں بیان کر چکے ہیں اس لئے اس کو مثانی کہتے ہیں۔ 21 نعمت کے معنی ظاہر ہیں۔ 22 برہان کے معنی ہیں دلیل اور یہ بھی رب کی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

marfat.com
Marfat.com

اور تمام سابقہ انبیاء کے صدق کی دلیل ہے اس لئے اسے برہان کہتے ہیں۔ 23بشیر و نذیر ہونا ظاہر ہے کیونکہ یہ کتاب خوشخبری بھی دیتی ہے اور ڈراتی بھی ہے۔ 24قیم کے معنی ہیں قائم رہنے والی یا قائم رکھنے والی اس لئے اللہ کو قیوم کہتے ہیں قرآن پاک کو اس لئے قیم کہا جاتا ہے کہ وہ خود بھی قیامت تک قائم رہے گا اور اس کے ذریعہ سے دین بھی قائم رہے گا۔ 25 مہیمن کے معنی ہیں امانت دار یا محافظ چونکہ یہ کتاب مسلمانوں کی دنیا و آخرت میں محافظ ہے اور رب تعالیٰ کے احکام کی امانت دار اور نبی امین پر اتری۔ اور ان صحابہ کرام کے ہاتھوں میں رہی جو کہ اللہ کے امین تھے۔ اس لئے اس کو مہیمن کہا گیا۔ 26ہادی کے معنی بالکل ظاہر ہیں۔ 27نور اسے کہتے ہیں جو خود بھی ظاہر ہو اور دوسروں کو ظاہر کرے۔ جس کا ترجمہ ہے چمک یا روشنی چونکہ یہ قرآن پاک خود بھی ظاہر ہے اور اللہ کے احکام کو انبیاء کرام کو توریت و انجیل وغیرہ سب کو ظاہر فرمانے والا ہے۔ اس لئے اس کو نور کہا جن پیغمبروں کے نام قرآن نے بتا دیئے وہ سب میں ظاہر اور مشہور ہو گئے اور جن کا قرآن کریم نے ذکر نہ فرمایا وہ بالکل چھپ گئے نیز یہ قرآن کریم پل صراط پر نور بن کر مسلمانوں کے آگے آگے چلے گا۔ 28حق اس کے معنی ہیں سچی بات۔ بمقابل باطل یعنی جھوٹی بات قرآن پاک سچی بات بتاتا ہے سچے کی طرف سے آیا ہے سچا اس کو لایا ہے سچے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اترا اس لئے اسے حق کہتے ہیں۔ 29عزیز کے معنی ہیں غالب اور بے مثل قرآن پاک بھی سب پر غالب رہا اور اب بھی سب پر غالب ہے اور بے مثل بھی اس لئے اس کو عزیز کہا جاتا ہے۔ 30 کریم اس کے معنی ہیں سخی۔ چونکہ قرآن کریم علم خدا کی رحمت اور ایمان اور بے حساب ثواب دیتا ہے۔ اس لئے اس سے بڑھ کر سخی کون ہو سکتا ہے۔ 31عظیم کے معنی ہیں بڑا۔ چونکہ سب سے بڑی کتاب یہی ہے اس لئے اس کو عظیم فرمایا گیا۔ ضروری نوٹ: رب تعالیٰ نے چند چیزوں کو عظیم فرمایا ہے۔ اپنی ذات کو عرش کو قرآن کو قیامت کے دن کو قیامت کے زلزلہ کو حضور علیہ السلام کے اخلاق کریمہ کو اللہ کے اس فضل کو جو حضور علیہ السلام پر ہوا۔ عورتوں کے فریب کو۔ فرعونی جادوگروں کے جادو کو اور مسلمانوں کے ثواب کو منافقوں کے عذاب کو۔ 32مبارک کے معنی ہیں برکت والا چونکہ اس کے پڑھنے اور عمل کرنے سے ایمان میں برکت نیک عملوں میں عزت چہرے کے نور میں برکت ہے اس لئے اس کو مبارک کہتے ہیں۔

فائدہ : قرآن کریم نے چند چیزوں کو مبارک فرمایا۔ طور سینا کو جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام رب سے ہمکلام ہوئے زیتون کے درخت کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بارش کے پانی کو اور شب قدر کو قرآن کو چونکہ یہ قرآن مبارک رات میں مبارک فرشتے کے ذریعے سے مبارک ذات پر آیا اس لئے یہ صدہا برکتوں کا سرچشمہ ہے تمہ۔ رب تعالیٰ نے سات چیزوں کو کریم فرمایا۔ اپنی ذات کو۔ 2 قرآن شریف کو۔ 3 موسیٰ علیہ السلام کو۔ 4 نیک اعمال کے ثواب کو۔ 5 عرش کو۔ 6 حضرت جبریل علیہ السلام کو۔ 7حضرت سلیمان کے اس خط کو جو بلقیس کے پاس گیا تھا۔

اعتراض : **ذالک** اسم اشارہ ہے اور اس کا استعمال دور کی چیزوں میں ہوتا ہے اور اشارہ کے لئے ضروری ہے کہ جس طرف اشارہ ہو وہ نظر آتی ہے۔ جب یہ فرمایا گیا تب سارا قرآن کریم نظر نہیں آ رہا ہے نیز دور بھی نہ تھا تو یہاں **ذالک** کا استعمال کیونکر ہوا۔ جواب: اس کا جواب تفسیر کبیر شریف نے یہ دیا ہے کہ اشارہ کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ چیز نظر آ رہی ہو اگر کسی موقع پر سننے والے کے خیال میں وہ بات ہو تو بھی اس خیالی چیز کی طرف اشارہ کر دیتے ہیں۔ جیسے کہ قرآن کریم نے

marfat.com
Marfat.com

قیامت کے بارے میں فرمایا **فالک یوم الوعید** یا نزع کی سختی کے متعلق **فالک ما کنت منہ تحید** لیکن یہ ضروری ہے کہ وہ چیز ذہن میں محسوس ہو جائے تب اس کی طرف اشارہ کیا جائے گا نیز یہ ضروری نہیں کہ **فالک** دوری کے لئے آئے اور **ھذا** قریب ہی کے لئے بلکہ **فالک** بھی قریب کے لئے استعمال ہو سکتا ہے کیونکہ **فلک** اور **ھذا** دونوں لفظ **فا** سے بنے ہیں فرق اتنا ہے کہ **ھذا** میں **فا** پر ھا بڑھا دیا گیا اور **فلک** میں **لک** لہٰذا یہاں **فلک** قریب کے لئے استعمال ہوا ہے یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ چونکہ **فلک** سے اس کتاب کی طرف اشارہ ہو رہا ہے جو کہ لوح محفوظ یا توریت و انجیل میں مذکور ہے اور یہ چیزیں تو سننے والوں سے دور ہیں اس لئے بعید کا کلمہ بول دیا گیا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ عظیم الشان چیز کی طرف بعید سے اشارہ کر دیا جاتا ہے۔ گویا اس کے مرتبے کی بلندی زیادتی فاصلہ کے قائم مقام ہے اس لئے بھی یہاں **فلک** بول دیا گیا **لا ریب فیہ** کا تعلق **فالک الکتاب** سے ہے یا تو اس کا تعلق یہ ہے کہ وہ مبتداء تھا اور یہ خبر ہے تو آیت کے یہ معنی ہوئے کہ یہ کتاب وہ ہے۔ جس میں کوئی شک نہیں۔ یا **فالک الکتاب** علیحدہ جملہ تھا اور یہ دوسرا جملہ ہے۔ تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ یہی کامل کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں۔ یا اب **لا ریب فیہ** میں بھی دو احتمال ہیں ایک یہ کہ **لا ریب** پر آیت پوری ہو جائے اور فیہ کا تعلق **ھدی** سے ہو تو آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ یہی کامل کتاب ہے بے شک اس میں پرہیزگاروں کو ہدایت ہے دوسرے یہ کہ فیہ پر آیت پوری ہو اور **ھدی للمتقین** دوسری آیت ہو تو اب معنی یہ ہوں گے کہ یہی کامل کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے متقیوں کو ہدایت دینے والی ہے۔

**تفسیر:** لا نفی جنس ہے۔ "نفی جنس" اسے کہتے ہیں جو اصل چیز کا انکار کر دے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ اس میں اصل سے ہی شک نہیں ہے یعنی کسی قسم کی گنجائش نہیں ریب **ریبتہ** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں قلق اور پریشانی اور نئی بلا اس لئے کہا جاتا ہے **ریب الزمان** یعنی زمانے کی مصیبتیں اصطلاح میں اس شک کو ریب کہتے ہیں جس میں بدگمانی پائی جائے چونکہ ریب میں بھی دل کو پریشانی اور بے اطمینانی ہوتی ہے اس لئے اس کو ریب کہا جاتا ہے تو اب کلام کا مقصود ہے کہ قرآن کریم اپنے کلام الٰہی ہونے میں اس قدر ظاہر ہے کہ اس میں شک کی گنجائش نہیں یا اس کے کلام اللہ ہونے پر اس قدر دلائل قائم ہیں کہ جن کے ہوتے ہوئے شک کی گنجائش نہیں۔

ایک یہ کہ قرآن پاک اس ملک میں آیا جہاں کے باشندوں کو اپنی زبان دانی 'فصاحت و بلاغت پر ناز تھا جو کہ اپنے کو عربی اور دوسروں کو عجمی کہتے ہیں عربی کے معنی ہیں بولنے والے ظاہر ہے کہ عجمی کے معنی میں گونگا۔ اس لئے بے زبان جانور کو عجماء کہتے ہیں اور قرآن نے سب کو اپنے مقابلے کی دعوت دی مگر کوئی مقابلہ نہ کر سکا اور جس کا مقابلہ نہ ہو سکے وہ کتاب الٰہی ہے دوسرے اس لئے کہ جس ذات پر قرآن کریم آیا ان کے پاس اس قرآن کریم کی اشاعت کا کوئی ظاہری سامان نہ تھا۔ نہ مال تھا یار و مددگار نہ کوئی زیادہ قرابت دار نہ والد کا سایہ نہ ماں کی گود نہ دادا کی میٹھی میٹھی نگاہیں جو قرابت دار تھے وہ بھی جانی دشمن۔ پھر اس وقت میں آیا جب کہ اشاعت کا دنیوی انتظام نہ تھا۔ نہ ریڈیو نہ بجلی نہ پریس۔ بلکہ نہ باقاعدہ کاغذ اور نہ دوات و قلم پھر اس قدر بے سروسامانی کے باوجود اتنی تھوڑی مدت میں اس کا اس قدر پھیلنا کلام الٰہی ہونے کی قوی دلیل ہے تیسرے یہ کہ جن لوگوں میں قرآن مجید آیا وہ دنیوی تہذیب سے بالکل نا آشنا تھے گویا یوں کہو کہ علم و تہذیب ان تک پہنچے ہی نہ تھے ڈکیتی 'چوری' زنا'

marfat.com
Marfat.com

خونریزی، جنگ و جدل ان کی پیدائشی عادتیں تھیں۔ ایسی قوم میں قرآن پاک آیا۔ اور صرف تیئس سال بلکہ حق یہ ہے کہ دس سال کے عرصہ میں انہی کی نہیں بلکہ سارے عالم کی کایا پلٹ دی چوروں کو پاسبان ڈاکوؤں کو عادل و منصف اور بے تہذیبوں کی دنیا کی تہذیب کا استاد، بے علموں کو علم لدنی کا ماہر بنا دیا بلکہ یوں کہو کہ بے پڑھوں میں سے کسی کو صدیق، کسی کو فاروق، کسی کو ذوالنورین اور کسی کو حیدر بنا دیا۔ ایک بچے کو صرف بی اے پاس کرانے میں کئی سال لگ جاتے ہیں اور بہت سا مال خرچ ہو جاتا ہے یہ کون سا مکتب تھا کیسا معلم تھا اور کون سی کتاب پڑھائی کہ جس نے آنا" فانا" انہیں ہر بات میں کامل کر دیا چوتھے یہ کہ اس کی چھوٹی چھوٹی آیتیں بھی فصاحت و بلاغت اور مسائل اور حکمتوں کا سرچشمہ ہیں۔ حضرت امام فخرالدین رازی رحمتہ اللہ علیہ نے صرف اعوذ سے دس ہزار مسائل نکالے اور یہ جامعیت اس بات کی کھلی دلیل ہے۔ کہ قرآن پاک کلام الٰہی ہے پانچویں اس لئے کہ اس کی آیتوں میں ایسی کشش ہے کہ نا سمجھنے والے لوگ بھی اس کو سن کر رونے لگتے ہیں۔ اور ان کے جسم کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ جب صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قرآن پاک کی تلاوت فرمایا کرتے تھے تو مشرکین کے بچے اور عورتیں ان کے پاس جمع ہو کر گریہ و زاری کرتے تھے اب بھی دیکھا گیا ہے۔ کہ اگر کوئی شخص عمدہ طریقہ سے اس کی تلاوت کرے تو غیر مسلموں کو بھی وجد آ جاتا ہے چھٹے اس لئے کہ بڑے بڑے عرب کے نامور فصیح و بلیغ عالم جب اس کا مقابلہ کرنے کے لئے آتے تو اس کو سن کر سجدہ کر دیتے تھے۔ اگر انسان میں تھوڑی عقل ہو تو ان اوصاف کو دیکھ کر اس کے کلام الٰہی ہونے میں ہرگز شک نہ کرے تعصب اور عناد کا کوئی علاج نہیں نکتہ۔ **لا ریب فیہ** سے اس جانب اشارہ ہے کہ چونکہ یہ کلام اللہ کا ہے اور حق تعالیٰ جھوٹ سے پاک ہے۔ یعنی اس کا جھوٹ بولنا محال بالذات ہے۔ لہٰذا اس کلام کے سچے ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں بڑے سے بڑا سچا آدمی بعض دفعہ غلط بیانی یا مبالغہ سے کام لے لیتا ہے یہ کلام ان چیزوں سے پاک ہے اس سے دیوبندی مذہب کی تردید ہو گئی کیونکہ ان کے مذہب میں خدا کا جھوٹ بولنا ممکن ہے جب خدا کا جھوٹ ممکن ہو تو اس کا سچا ہونا ضروری نہ رہا۔ اس کے کلام میں جھوٹ کا امکان و احتمال پیدا ہو گیا اور یہ لاریب فیہ کے خلاف ہے ان عقلمندوں کے مذہب میں خدا کی سچائی کی تعریف جب ہی ہو سکتی ہے جب کہ خدا جھوٹ بول سکے مگر بولے نہیں وہ کہتے ہیں کہ دیکھو گونگے کے جھوٹ نہ بولنے کی تعریف نہیں۔ کیونکہ وہ بول سکتا ہی نہیں شاید لوگ اس قاعدے سے سارے عیبوں کو خداوند تعالیٰ کے لئے ممکن مان لیں۔ موت جہالت وغیرہ کہ جب خدا ان پر قادر ہو اور ان کو استعمال نہ کرے تو اس کی تعریف ہو حق تعالیٰ جب دین لیتا ہے تو عقل بھی چھین لیتا ہے اس مسئلے کی تحقیق **علی کل شئی قدیر** میں ان شاء اللہ کی جائے گی۔ فیہ کے مقدم ہونے سے حصر کا فائدہ حاصل ہوا یعنی صرف قرآن ہی میں ہدایت ہے نہ تو عقل سے حاصل ہو سکتا ہے نہ اب توریت و انجیل سے کیونکہ عقل صرف دنیاوی ہدایت میں کام آتی ہے اور توریت و انجیل منسوخ ہو چکیں۔ خیال رہے کہ حدیث کی ہدایت دراصل قرآن ہی کی ہدایت ہے کہ حدیث تو قرآن کی شرح ہے توریت و انجیل پہلے ہدایت تھیں اب نہیں جیسے بچپن میں ماں کا دودھ اور گھٹی غذا ہے جوانی میں نہیں خیال رہے کہ حواس بھی رہبری کرتے ہیں عقل بھی اور وحی الٰہی بھی مگر حواس عقل کی مدد سے راہبر ہیں بے عقل آدمی نجاست کھا لیتا ہے کنویں میں ڈوب مرتا ہے ایسے ہی عقل وحی کی مدد سے رہبر عقل بغیر وحی الٹا کام کرتی ہے۔ شعر

عقل زیر حکم دل یزدانی است ۔۔۔ چوں ز دل آزاد شد شیطانی است

marfat.com
Marfat.com

آریوں کا اعتراض : اس جگہ آریہ اعتراض کرتے ہیں کہ قرآن کریم تو فرما رہا ہے کہ قرآن میں شک نہیں لیکن کفار کو اس میں شک مسلمانوں کے بہت فرقوں کو اس کے معنی میں شک چنانچہ بعض فرقوں نے متشابہات کے ظاہری معنی ہی مراد لئے ہیں علماء اسلام کو بھی بہت موقعوں پر شک ہو جاتا ہے۔ اس لئے مفسرین میں بھی اور فقہاء میں بھی آپس میں اختلاف رہتا ہے۔ قاری بھی قراتوں میں اختلاف رکھتے ہیں اور کفار کو تو اس کے کلام الٰہی ہونے میں شک اتنے شکوک کے ہوتے ہوئے پھر شک کی نفی کیوں کی گئی اور لطف یہ ہے کہ قرآن کریم نے بھی ایک جگہ فرمایا کہ: **وان کنتم فی ریب مما نزلنا** جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں لوگوں کو شک ہوا اور اس کو دفع کرنے کی کوشش کی گئی اب یہ دونوں آیتیں مطابق کیونکر ہوں۔ نوٹ: جس عمدہ طریقہ سے ہم نے اس اعتراض کو بیان کیا ہے ان شاء اللہ معترضین بھی اس طرح بیان نہ کر سکیں گے۔ جواب اس کا سب سے بہتر جواب وہ ہے جو اس مقام پر تفسیر روح البیان میں دیا گیا وہ یہ کہ اس آیت میں شک کی نفی کتاب سے کی گئی ہے نہ کہ لوگوں سے یعنی یہ کتاب شک کی جگہ نہیں اگر لوگوں کے دلوں میں شک ہو تو اس کا یہاں انکار نہیں اس جواب کی تفصیل یہ ہے کہ شک کی دو صورتیں ہوتی ہیں ایک یہ کہ خود وہ کلام ہی مشکوک ہو دوسرے یہ کہ کلام تو سچا تھا مگر لوگ اپنی بے علمی یا ضد کی وجہ سے اس میں شک کرنے لگے جیسے کہ قرآن فی نفسہ سچا ہے لیکن کفار نے تعصب کی وجہ سے اس میں شک کیا علماء ربانی کا اختلاف ان کی کمی علم کی بنا پر ہے یعنی ان کو تحقیق نہ ہو سکی کہ فلاں آیت کے کون سے معنی یقینی ہیں **وان کنتم فی ریب** میں انسان کا شک بیان ہوا ہے نہ کتاب کا تو نفی کتاب کے شک کی ہے اور ثبوت انسانوں کے شک کا اسی لئے اس آیت میں ہے **لا ریب فیہ** یعنی اس کتاب میں شک نہیں اور وہاں فرمایا گیا **وان کنتم فی ریب** یعنی اے کفار اگر تم شک میں ہو۔

تعلق : **ھدی للمتقین** یا تو ھدی مبتدا ہے اور اس کی خبر فیہ تو یہ مصدری معنی میں ہے اب اس کے معنی یہ ہوں گے کہ اس قرآن پاک میں پرہیزگاروں کو ہدایت ہے یا یہ علیحدہ جملہ ہے۔ اور اس لاریب فیہ میں شیعہ کا بھی رد ہو گیا کیونکہ قرآن کریم شک سے اس وقت محفوظ رہ سکتا ہے جب اس کے لانے والے جبریل لینے والے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور پھیلانے والے صحابہ کرام سب خیانت وغیرہ سے محفوظ ہوں تو جیسے قرآن کی حقانیت ماننے کے لئے حضرت جبریل اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سچا ماننا ضروری ہے ایسا ہی صحابہ کا سچا ماننا بھی ضروری ہے۔ اگر وہ سچے نہ ہوں تو قرآن میں یہ تردد ہو گا کہ شاید صحابہ نے غلط جمع کیا ہو کیونکہ وہ سچے نہ تھے۔ (معاذ اللہ) اب یہ ھدی یا مصدری معنی میں ہے یا اسم فاعل کے معنی میں اس کے معنی یا تو یہ ہیں کہ یہ قرآن پاک از اول تا آخر پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے یا ہدایت دینے والا ہے۔

تفسیر : ہدایت کے معنی اور اس کے اقسام ہم سورۂ فاتحہ میں بیان کر چکے متقی وقی او وقایۃ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں حفاظت اور پردہ شریعت میں تقویٰ اسے کہتے ہیں کہ انسان ان کاموں سے بچے جو اس کے لئے آخرت میں نقصان دہ ہوں تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ قرآن کریم ان لوگوں کو ہدایت دینے والا ہے جو پرہیزگار ہیں۔ تقویٰ کے تین درجے ہیں ایک دائمی عذاب سے بچنا۔ اس لحاظ سے ہر مسلمان متقی ہے دوسرے عام گناہوں سے بچنا اور عام طور پر تقویٰ کے یہی معنی مراد ہوتے ہیں اس لحاظ سے پرہیزگار لوگ متقی ہیں تیسرے اس چیز سے بچنا جو حق تعالیٰ سے روکے اس لحاظ سے اولیاء اللہ اور انبیاء کرام متقی ہیں۔ اس آخری درجہ کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ دنیاوی چیزوں سے بے تعلقی رکھی جائے جیسا کہ تارک الدنیا فقیر اور سیدنا

marfat.com
Marfat.com

عیسیٰ علیہ السلام نے کر کے دکھایا دوسرے یہ کہ تعلق سب سے ہو مگر دل کا تعلق رب سے گویا یہ چیزیں اس کے لئے آڑ نہ رہیں دل بیار اور دست بکار کی جلوہ گری ہو۔ جیسے کہ حضور غوث پاک اور ان اولیا کرام کا طریقہ مبارک رہا جو دنیوی کاروبار سے تعلق رکھتے تھے اور جیسے کہ حضرت سلیمان و یوسف علیہما السلام نے عمل فرما کر ظاہر فرمایا یہ قرآن مجید ہر درجہ کے متقی کے لئے اسی کے لائق ہدایت ہے لہٰذا عام لوگوں کو تو اسلام اور ایمان کی ہدایت ہے اور خاص لوگوں کے لئے ایقان اور احسان کی ہدایت اور خاص الخاص حضرات کے لئے حجاب کے دور کرنے اور جمال یار کے مشاہدے کے ہدایت قرآن کریم میں تقویٰ چند معنی میں مذکور ہوا۔ ایمان' توبہ' فرمانبرداری' گناہ چھوڑنا' اخلاص خوف خدا بھی تقویٰ ہے مگر خیال رہے کہ خوف دو طرح کا ہوتا ہے ایذاء کا خوف جو موذی سے ہوتا ہے جیسے سانپ اور چور سے خوف دوسرا طاقت اور قدرت کا خوف جو سلطان سے ہوتا ہے۔ ایذا کے خوف میں نفرت اور بھاگنا ہوتا ہے اس لئے انسان سانپ سے بھاگتا ہے اور قدرت کے خوف میں اطاعت ہوتی ہے رب سے خوف دوسری قسم کا ہونا چاہئے پھر قدرت کا خوف دو طرح کا ہے ناامیدی کا خوف اور امید کا خوف ناامیدی کا خوف گناہ پر دلیر کرتا ہے جیسے مغلوب بلی کتے پر حملہ کر دیتی ہے مگر امید کے ساتھ جو خوف ہوتا ہے وہ گناہ سے بچاتا ہے رب تعالیٰ سے یہ دوسرا خوف چاہئے اس لئے کہ رب نے قرآن میں ڈرایا بھی اور امید بھی دلائی ہے۔

**تقویٰ کے فوائد :** حقیقت یہ ہے کہ تقویٰ نہایت ضروری چیز ہے۔ قرآن کریم میں فرمایا **ان اکرمکم عند اللہ اتقکم** تم میں سے اللہ کے نزدیک زیادہ عزت والا وہی ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے ایک جگہ فرماتا ہے **ان اللہ مع الذین اتقو** یعنی اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ ایک جگہ ارشاد فرماتا ہے **ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب** یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا خدا تعالیٰ اسے ہر مصیبت سے چھٹکارا عطا فرمائے گا اور اس طرح اس کو رزق دیگا کہ جو اس کے خیال میں بھی نہ آئے اس سے معلوم ہوا کہ تقویٰ اور پرہیزگاری دین دنیا میں کام آنے والی چیز ہے۔ تفسیر کبیر نے سیدنا عبداللہ ابن عباس سے روایت کی کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص چاہتا ہے کہ لوگوں میں اس کی عزت ہو وہ اللہ سے ڈرے اور پرہیزگاری اختیار کرے حضرت شیخ سعدی رحمتہ اللہ علیہ نے بوستان میں فرمایا۔

تو ہم گردن از حکم داور مپیچ      کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ

یعنی تو حق تعالیٰ کے حکم سے منہ نہ موڑ تو تیرے حکم سے کوئی چیز بھی سر نہ پھیرے گی بعض اولیاء اللہ کو دیکھا گیا کہ جانور اور کنکر وغیرہ بھی ان کی اطاعت کرتے ہیں۔ کیوں؟ اس لئے کہ وہ اللہ کے سچے فرمانبردار ہیں۔

**تقویٰ کی علامتیں :** تقویٰ کی علامتیں مختلف حضرات سے منقول ہیں۔ جو تفسیر کبیر عزیزی وغیرہ میں بیان کی گئی ہیں سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ متقی کی پہچان یہ ہے کہ وہ گناہ پر قائم نہ رہے اور اپنی عبادت پر غرور نہ کرے حسن بصری فرماتے ہیں کہ متقی وہ ہے کہ اللہ کے مقابلے میں غیر اللہ کو اختیار نہ کرے اور ساری چیزیں اللہ کے قبضے میں جانے ابراہیم بن ادہم فرماتے ہیں تقویٰ یہ ہے کہ خلق تیری زبان میں اور ملائکہ تیرے کاموں میں اور پروردگار تیرے دل میں عیب نہ پائے حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ تقویٰ اسی طرح ہے کہ جس طرح تو اپنے بدن کو خلقت کے لئے لباس وغیرہ سے آراستہ کرتا ہے ایسے ہی اپنے دل کو حق تعالیٰ کے لئے آراستہ کر حدیث شریف میں یہ آتا ہے کہ متقی وہ ہے جو شبہ کی چیزوں سے بچے جیسے ابن سیر

marfat.com
Marfat.com

ین رضی اللہ عنہ کے پاس چالیس گھڑے گھی تھا غلام نے خبر دی کہ ایک گھڑے سے مرا ہوا چوہا نکلا ہے پوچھا کون سے گھڑے سے
عرض کیا کہ یہ مجھے یاد نہ رہا فرمایا سب گھڑوں کا گھی پھینک دو چونکہ سب میں شبہ پیدا ہو گیا امام ابو حنیفہ علیہ الرحمتہ اپنے کسی
مقروض کے مکان پر قرض کے تقاضے کے لئے گئے سخت دھوپ تھی اور تیز گرمی لیکن اس کی دیوار کے سایے میں نہ کھڑے
ہوئے بلکہ دھوپ میں کھڑے رہے کسی نے عرض کیا کہ اے امام دھوپ تیز ہے سائے میں آجایئے فرمایا میں خوف کرتا ہوں کہ
یہ سایہ لینا سود نہ بن جائے (روح البیان) صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ متقی وہ ہے کہ جو اپنے یوم میثاق کے وعدہ کو پورا کرے
جس کے متعلق قرآن پاک فرماتا ہے **اوفوا بعھدی اوف بعھدکم** تم میرا وعدہ پورا کرو میں تمہارا وعدہ پورا کروں گا اور
اس کی علامت یہ ہے کہ ہر بلا پر صابر اور نعمتوں پر شاکر قضا سے راضی' قرآن پاک کے سامنے جھکا ہوا رہے۔

**اعتراض** : اس جگہ چند اعتراضات ہیں آریوں کا اعتراض یہ ہے کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کریم ان کو ہدایت دیگا
جو پہلے سے پرہیز گار بن چکے ہوں حالانکہ چاہئے کہ قرآن کریم گمراہوں کو ہدایت دے کیونکہ جو پرہیز گار بن چکا اسے ہدایت کی کیا
ضرورت رہی۔ **جواب**: اس کے چند جواب ہیں سب سے بہتر جواب تو وہ ہے جو تفسیر عزیزی نے دیا وہ یہ کہ اس کے معنی یہ
نہیں کہ جو متقی بن چکے ہیں انہیں قرآن پاک ہدایت دیگا یا دے رہا ہے بلکہ یہ معنی ہیں کہ جو متقی نظر آرہے ہیں انہیں قرآن
کریم نے ہدایت دی ہے۔ یہ اس کی ہدایت سے متقی بنے گویا یہ گزرے ہوئے زمانہ میں متقیوں کو ہدایت دے چکا فرمایا یہ جا رہا
ہے کہ مسلمانو کیا جانتے ہو قرآن کریم کی کیا شان ہے یہ جو تم صدیق و فاروق اور مہاجرین و انصار متقی و ابرار نظر آرہے ہو۔ یہ
سب اس قرآن کریم کی ہدایت کا ہی کرشمہ ہے انہیں جو کچھ ملا ہے قرآن کریم سے ہی ملا ہے گویا قرآن کریم نے ان حضرات کے
زہد و تقویٰ و پرہیز گاری کو اپنے ہادی ہونے کا مظہر قرار دیا اور یہ فرمایا کہ اگر میری ہدایت دیکھنی ہے تو میرے لانے والے صلی اللہ
علیہ وسلم کے یاروں کو دیکھو۔ اس کی مثال یوں سمجھو کہ کوئی شخص کسی عورت کی طرف اشارہ کر کے کہے کہ یہ دودھ پلانے والی
عورت اس جوان کی ماں ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ جوان اب اس کا دودھ پی رہا ہے یا آئندہ پیئے گا بلکہ اس کا مطلب یہ ہے
کہ یہ شخص اس ماں کا دودھ پی کر جوان ہوا ہے۔ یہی یہاں مراد ہے۔

**فائدہ** : اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص صحابہ کرام یا اہل بیت کے ایمان کا انکار کرتا ہے وہ حقیقت میں قرآن کریم کے ہادی
ہونے کا منکر ہے بعض مفسرین نے کہا کہ انہیں متقی آئندہ کے لحاظ سے کہا گیا ہے۔ یعنی ان کو ہدایت دینے والا ہے جو متقی بننے
والے ہیں اور جن کے نصیب میں تقویٰ لکھا ہوا ہے جیسے کہ ہم طالب علم کو مولوی صاحب کہہ دیتے ہیں تیسرا جواب یہ دیا گیا
ہے کہ یہاں متقی سے مراد ہے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا یعنی جن کے دل میں خوف الٰہی ہے وہ اس پر ایمان لے آتے ہیں اور جن
کے دل میں محض ہٹ دھرمی ہے وہ خواہ مخواہ اس کا انکار ہی کرتے ہیں چوتھا یہ کہ ہدایت سے مراد ہے منزل مقصود تک پہنچانا معنی
یہ ہوئے کہ جو پرہیز گار ہیں انہیں قرآن پاک قیامت کے دن جنت تک پہنچائے گا جیسا روایت میں آتا ہے کہ قرآن کریم نور بن
کر مومنوں کے آگے آگے چلے گا۔ پانچواں جواب یہ ہے کہ متقین سے مراد ہیں "مومنین" اور ہدایت سے مراد ہے نیک اعمال
کی رہبری تو معنی یہ ہوئے کہ جو لوگ ایمان لے آئیں ان کو قرآن پاک نیک اعمال کی ہدایت کرتا ہے۔ **نوٹ**: ایمان نبی سے
ملتا ہے اور ایمان کے بعد قرآن دل میں تشریف لاتا ہے اس لئے کافر کو کلمہ پڑھا کر مسلمان کرتے ہیں اور بعد میں اسے قرآن

marfat.com
Marfat.com

پڑھاتے ہیں ہم نے عرض کیا ہے۔

وہ جس کو ملے ایمان ملا ایمان تو کیا رحمان ملا قرآن بھی جب ہی ہاتھ آیا جب دل نے وہ نور ہدیٰ پایا

ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن کو پہچانا نہ کہ قرآن سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بلکہ حضور علیہ السلام کی پہچان ان کے معجزات سے ہوئی تو اب یہ کہا جاسکتا ہے کہ قرآن کریم معجزہ ہونے کی حیثیت سے نبی کی پہچان کراتا ہے اور نبی علیہ السلام کے ذریعہ سے قرآن کی پہچان ہوتی ہے۔ اب آیت کے معنی خوب چسپاں ہو گئے کہ جو لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے ایمان لے آئے انہیں قرآن کریم تقویٰ و طہارت کی رہبری فرماتا ہے خیال رہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت قرآن پر موقوف نہیں وہ تو رب کے پاس سے ہدایت یافتہ دنیا میں تشریف لائے عیسیٰ علیہ السلام نے پیدا ہوتے ہی قوم سے فرمایا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں مجھے اس نے کتاب دی مجھے نبی بنایا مجھے برکت والا کیا مجھے نماز روزہ کا حکم دیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اول سے عادل۔ امین عابد خلیق تھے جو احکام قرآن کریم نے سنائے ان پر سرکار پہلے ہی سے عامل تھے۔ اس لئے فرمایا گیا **ھدی للمتقین** یہ نہ فرمایا **ھدی لک** یعنی قرآن ان پرہیزگاروں کا ہادی ہے یہ نہ کہا کہ آپ کا ہادی ہے۔ **دوسرا اعتراض:** اس جگہ فرمایا گیا کہ قرآن کریم پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے دوسری جگہ ارشاد ہوا **ھدی للناس** یعنی یہ قرآن سب لوگوں کے لئے ہدایت ہے۔ ان دونوں آیتوں میں مطابقت کس طرح کی جائے؟ **جواب:** اس کے چند جواب ہیں سب سے بہتر جواب وہ ہے جو تفسیر کبیر نے دیا کہ ان دونوں آیتوں کے ملانے سے معلوم ہوا کہ صرف پرہیزگار ہی انسان ہیں اور جس کے دل میں خدا کا خوف نہ ہو وہ انسان ہی نہیں وہ انسانی لباس میں جانور ہے بلکہ جانوروں سے بدتر کیونکہ جانور تو اپنے مالک کو پہچانتا ہے اور یہ نہیں پہچانتا دوسرا جواب یہ ہے کہ قرآن کریم کا ایک کام ہے راستہ دکھانا وہ سب انسانوں کے لئے ہے کافر منافق مسلمان سب کو راستہ دکھاتا ہے اور ایک کام ہے راستہ پر لگا دینا۔ وہ صرف مومنین کے لئے ہو۔ نہ کہ کفار کے لئے یعنی اس کے ذریعہ سے مسلمان تو راستہ پر لگ گئے اور کفار علیحدہ رہے۔ **تیسرا اعتراض:** یہ ہے کہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ سارا قرآن ہدایت ہے حالانکہ قرآن کی آیتیں متشابہ ہیں جو کسی انسان کی سمجھ میں نہیں آتیں۔ جب سمجھ میں نہ آئیں تو ہدایت کیا دیں گی اور بعض وہ آیتیں ہیں جن کے معنی میں بہت سے احتمالات ہیں جن کی وجہ سے مسلمانوں میں بہت سے فرقے بن گئے تفسیر کبیر نے اس جگہ فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جب عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کو خارجیوں سے مناظرہ کرنے کے لئے بھیجا تو ان سے فرمایا کہ ان کے مقابلہ میں قرآن شریف سے دلیل نہ پکڑنا کیونکہ قرآن شریف سے ہر شخص اپنا مطلب نکال سکتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ قرآن کریم ہدایت نہیں ہدایت ہو تا تو گمراہ لوگ اس سے دلیل نہ پکڑ سکتے۔ **جواب:** بعض آیتوں کے معانی کا سمجھ میں نہ آنا بھی اس کے کلام الٰہی ہونے کی دلیل ہے کیونکہ اگر یہ کلام انسانی ہو تا تو کسی نہ کسی عقل مند کی عقل ان کی تہہ تک ضرور پہنچ جاتی سبحان اللہ کیا لطف ہے کہ قرآن پاک سمجھ میں آئے تو بھی رہبری کرے اور سمجھ میں نہ آئے تو بھی راہ دکھائے۔ بہر حال یہ ہدایت ہے نیز بد مذہبوں کے قرآنی آیات سے دلیل پکڑ لینے کی وجہ یہ ہے کہ وہ اس کی تہہ تک نہیں پہنچتے اور قرآن پاک کا نور ان کی دل کی آنکھوں کو خیرہ کر دیتا ہے جیسے کہ اگر کوئی شخص آفتاب میں نظر جمائے تو اس کو آفتاب کالا معلوم ہوتا ہے آفتاب تو سیاہ نہیں بلکہ اس کی آنکھیں خیرہ ہو گئیں بارش بہت فائدہ مند چیز ہے لیکن بعض جگہ گھاسیں اس سے جل جاتی ہیں تو یہ بارش کا قصور نہیں بلکہ ان گھاسوں کا اپنا قصور ہے عمدہ غذائیں بے شک مقوی ہیں لیکن کمزور معدے والے کو ان

marfat.com
Marfat.com

سے نقصان ہوتا ہے مگر یہ غذا کا قصور نہیں بلکہ کھانے والے کے معدہ کا فتور ہے۔ بہرحال قرآن کریم کا ایک ایک حرف ہدایت ہے کسی کو اس سے ہدایت نہ ملنا قرآن پاک کے ہدایت ہونے میں معتر نہیں۔

| الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ |
| --- |
| وہ ایمان لاتے ہیں ساتھ چھپے ہوئے |
| وہ جو بے دیکھے ایمان لائیں |

تعلق : پہلے فرمایا گیا تھا کہ قرآن پاک پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ متقی کون لوگ ہیں تو گویا یہ آیت اس اجمال کی تفصیل ہے اگر تقوی کے معنی یہ کئے جائیں کہ ناجائز باتوں سے بچنا تو مطلب یہ ہوا کہ متقی وہ ہے جو ناجائز باتوں سے بچے۔ اور اچھی اختیار کرے تو ان اچھی باتوں کا ذکر اس آیت میں ہوا چونکہ بیماری کا دفع کرنا مقویات پر مقدم ہوتا ہے اس لئے تقوی کا ذکر ان چیزوں سے پہلے کیا گیا بہرحال یہ آیت یا پہلی آیت پر مترتب ہے یا اس کی تفسیر چونکہ ایمان تمام نیکیوں کی اصل اور جڑ ہے کہ اگر ایمان قائم ہے تو نیک اعمال فائدہ دیں گے ورنہ نہیں اس لئے ایمان کو پہلے بیان کیا اور اس کے بعد نماز وغیرہ کو دل ایک تختی اور نیک اعمال اس کے اچھے نقش اور تختی پر نقش و نگار جبھی کئے جاتے ہیں جب پہلے اسے دھو کر صاف کر لیا جائے تو ایمان رحمت کا وہ پانی ہے جس سے قلب صاف ہوتا ہے جب ایمان سے دل صاف ہو گیا تو اب نیک اعمال کے ذریعہ سے اس پر عمدہ عمدہ نقش و نگار کئے جا سکتے ہیں۔

تفسیر : یومنون ایمان سے مشتق ہے ایمان کے لغوی معنی ہیں امن دینا چونکہ مومن اچھے عقیدے اختیار کر کے اپنے کو ہمیشہ کے عذاب سے امن دے لیتا ہے۔ اس لئے اچھے عقیدوں کے اختیار کرنے کا نام ایمان ہے یہ بھی خیال رہے کہ قرآن کریم میں مسلمانوں کو مومن کہا گیا ہے اور رب تعالیٰ کو بھی لیکن مسلمانوں کے مومن ہونے کے یہ معنی ہیں کہ وہ اپنے آپ کو عذاب سے امن دیتے ہیں اور رب تعالیٰ کے مومن ہونے کے یہ معنی ہیں کہ وہ اپنے کرم سے ایمان والے بندوں کو عذاب سے امن دیتا ہے ایمان کے دوسرے معنی مضبوط کرنے اور بھروسہ کرنے کے بھی ہیں چونکہ مومن کو اپنے عقیدوں پر مضبوطی اور پورا بھروسہ حاصل ہوتا ہے اس لئے اسے مومن کہا جاتا ہے اور کافروں کو ہمیشہ تردد ہی رہتا ہے اس لئے وہ مومن کہلانے کے مستحق نہیں شریعت میں ایمان کے معنی یہ ہیں کہ جن باتوں کے متعلق یقین سے معلوم ہو جائے کہ دین محمدی میں سے ہیں ان سب کو دل سے یقیناً ماننا اور زبان سے اقرار کرنا لیکن دلی تصدیق اصل ایمان ہے اور اقرار احکام اسلامی جاری کرنے کی شرط اعمال دین میں داخل نہیں یعنی اگر کوئی شخص عقیدہ درست رکھتا ہو لیکن اعمال نہ کرتا ہو یا برے اعمال کرتا ہو وہ مومن ہے اس لئے آیت کریمہ میں ایمان کے بعد نماز وغیرہ کا ذکر ہوا اگر اعمال ایمان کا جزء ہوتے تو ایمان کے بعد اعمال کے بیان کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ لہٰذا شرابی، چور، زانی اور دیگر بدکار لوگ اگر عقیدے درست رکھتے ہوں تو وہ یقیناً مومن ہیں اور اگر نمازی پرہیزگار شخص کے عقیدے بگڑے ہوئے ہوں تو وہ کافر ہیں قرآن کریم نے ارشاد فرمایا ہے **وان طائفتن من المومنین اقتتلو** یعنی اگر

marfat.com
Marfat.com

مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں جنگ کر بیٹھیں دیکھو آپس میں لڑنا جرم ہے لیکن ان لڑنے والوں کو مومنین کہا گیا اگر کوئی شخص عمر بھر نیک اعمال کرے لیکن آخر میں مرتے وقت اس کے عقیدے بگڑ جائیں تو وہ بے ایمان ہے جیسے شیطان اور بلعم بن باعورہ کا واقعہ ہے ہماری اس تحقیق سے اتنا معلوم ہوا کہ اس زمانے کے نئے نئے فرقے جیسے خاکسار وغیرہ جو کہتے ہیں کہ ایمان صرف خدمت خلق کا نام ہے عقیدوں کی ضرورت نہیں وہ سخت غلطی پر ہیں دوستو ایمان یعنی عقیدے مثل جڑ کے ہیں اور اعمال اس کے پھل پھل جبھی لگ سکتے ہیں جب جڑ قائم ہو اسی طرح حالی پانی پتی جو کہہ گئے۔

یہی ہے عقیدہ یہی دین و ایمان    کہ کام آئے دنیا میں انساں کے انساں

یہ ایک خبط ہے قرآن کریم فرماتا ہے کہ اگر تم نے ہمارے نبی کی آواز پر اپنی آوازیں اونچی کر دیں تو تمہارے اعمال برباد ہو جائیں گے۔ اگر ایمان صرف اعمال کا نام تھا تو نبی پاک کی ادنیٰ بے ادبی سے اعمال برباد کیوں ہو گئے۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ مومن کو اعمال کی ضرورت نہیں۔ نیک اعمال بھی سخت ضروری چیز ہیں۔ جو شخص عقائد درست کر کے اپنے اعمال نہ سنبھالے وہ ایسا ہے جیسا درخت لگا کر اس کے پھل نہ کھائے۔

**اسلام اور ایمان میں فرق :** اسلام کے معنی ہیں سر سجدے میں رکھنا یعنی اطاعت کرنا اسلام میں ظاہر کرنا معتبر ہے اور ایمان چھپی ہوئی چیز ہے اگر کسی کے عقائد درست نہ ہوں لیکن وہ اپنے آپ کو مومن ظاہر کرتا ہے جیسے منافقین تو وہ مسلم ہو گا مومن نہ ہو گا ایسے ہی اگر کوئی شخص ایمان لے آیا مگر اس کو اپنے ایمان ظاہر کرنے کا موقع نہ ملا تو وہ مومن ہو گا مسلم نہ ہو گا جس شخص کے عقائد بھی درست اقرار بھی کرتا ہے لیکن اعمال خراب وہ فاسق ہے۔ جس کے اعمال بھی درست وہ متقی خیال رہے کہ جاننا اور پہچاننا اور ہے ماننا کچھ اور حضور کو جاننے پہچاننے کا نام ایمان نہیں ماننے کا نام ایمان ہے قرآن کریم فرماتا ہے **یعرفونه کما یعرفون ابناء هم** کفار مکہ حضور کو پہچانتے تھے۔ مگر کافر رہے کیونکہ مانتے نہ تھے ماننا بھی تین قسم کا ہے محض ڈر سے ماننا محض لالچ سے ماننا۔ دلی محبت سے ماننا۔ پہلے دو ماننے والے ایمان والے نہیں کہ منافق بھی ڈر' لالچ سے مانتے تھے ماننا ایمان ہے وہ ہی مراد ہے۔ غیب کے معنی غائب یعنی چھپی ہوئی چیز اصطلاح میں غیب وہ چیز کہلاتی ہے جو کہ ظاہری و باطنی حواس اور عقل سے چھپی ہو یعنی نہ تو آنکھ ناک کان وغیرہ سے معلوم ہو سکے اور نہ غور و فکر سے عقل میں آسکے غیب دو طرح کا ہے۔ ایک وہ جس پر کوئی دلیل بھی قائم نہ ہو جیسے کسی کی موت کا وقت قیامت کے آنے کی تاریخ پیٹ کے بچے کی تحقیق کی یہ چیزیں دلائل سے بھی نہیں معلوم ہو سکتیں اسی کا نام ہے **مفاتیح الغیب** اسی کے متعلق قرآن کریم میں فرمایا گیا ہے عندہ مفاتح الغیب یعنی غیب کی کنجیاں اللہ ہی کے پاس ہیں اسے کوئی بھی اپنے آپ معلوم نہیں کر سکتا مگر جس کو رب بتائے۔ جیسے انبیاء کرام اور خالص اولیاء اللہ اس تک پہنچ سکتے ہیں دوسرا وہ غیب جس پر دلیل قائم ہو۔ یعنی دلائل سے اس کا پتہ لگ جائے جیسے حق تعالیٰ کی ذات اور اس کی صفات انبیاء کی نبوت اور ان کے متعلق احکام وغیرہ۔ یہ غیب وہ ہے کہ غور و فکر سے معلوم ہو جاتا ہے۔ رب کو ہم نے نہ دیکھا لیکن دنیا کا ذرہ ذرہ اس کے ہونے کا پتہ دے رہا ہے یہاں غیب سے یہی مراد ہے اب اس آیت کے معنی یہ ہوئے کہ متقی وہ ہیں جو ان غیبوں پر ایمان رکھتے ہوں جو دلائل سے معلوم ہو سکتے ہیں۔ اللہ کی ذات اس کی صفات انبیاء کرام کی نبوت قیامت' حساب' سزا و جزا' جنت و دوزخ' یہ سب اس غیب میں داخل ہیں جو شخص ان میں سے کسی چیز کا انکار کرے وہ کافر ہے۔ تفسیر

marfat.com
Marfat.com

روح البیان میں فرمایا کہ غیب دو قسم کے ہیں ایک تو وہ جو تجھ سے غائب جیسے کہ عالم ارواح کہ پہلے تو وہاں موجود تھا اور جب تو یہاں آگیا تو وہ تجھ سے غائب ہو گیا دوسرا وہ جس سے تو غائب یعنی وہ تیرے پاس اور تو اس سے دور جیسے حق تعالیٰ کہ وہ ہماری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔ لیکن ہم اس سے دور ہیں۔

یار نزدیک تر از من بمن است ویں عجب تر کہ من از وے دورم

اس آیت کے تین معنی ہیں ایک یہ کہ وہ غیب پر ایمان لاتے ہیں یعنی حق تعالیٰ کو اور جنت دوزخ وغیرہ کو بغیر دیکھے مانتے ہیں دوسرے یہ کہ وہ غیب یعنی دل سے ایمان لاتے ہیں زبان ظاہر ہے اور دل چھپا ہوا زبان سے تو منافقین بھی ایمان لے آئے تھے۔ مگر وہ قبول نہیں۔ لیکن وہ غیب یعنی دل سے ایمان نہ تھا۔ تیسرے یہ کہ غیب میں یعنی مسلمانوں کے پیچھے بھی ایمان لاتے ہیں منافقین مسلمانوں کے سامنے تو کہہ دیتے تھے کہ ہم ایمان لے آئے مگر آپس میں کافروں سے ملتے تھے تو کہتے تھے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ تو اس میں یہ فرمایا گیا کہ مومن وہ ہے جو کہ ہر حال میں یعنی مسلمانوں کے سامنے بھی اور مسلمانوں کے پیچھے بھی ایماندار رہے۔

فائدہ : اس سے معلوم ہوا کہ غائب چیز پر ایمان لانا معتبر ہے نہ کہ ظاہر پر قرآن پاک کے ظاہری حروف کو مان لینا کہ یہ ایک کتاب ہے عربی زبان کی ہے لاہور میں چھپی ہے فلاں کاغذ پر لکھی گئی ہے یہ ایمان نہیں کیونکہ یہ باتیں بالکل ظاہر ہیں بلکہ قرآن پاک کے چھپے ہوئے وصف پر ایمان لانا ضروری ہے وہ یہ کہ یہ اللہ کی طرف سے آیا ہے حضرت جبریل علیہ السلام لائے ہیں حضور علیہ السلام پر آیا ہے کیونکہ اوصاف ظاہرا" محسوس نہیں ہوتے اسی طرح حضور علیہ السلام کے ظاہری صفات کو مان لینا ایمان نہیں کہ وہ بشر تھے' مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے مدینہ منورہ میں قیام فرمایا کھاتے پیتے تھے۔ سیدنا عبداللہ کے فرزند تھے۔ آمنہ خاتون کے لخت جگر نور نظر تھے۔ کیونکہ یہ تو ان کے ظاہری اوصاف ہیں اس کے کفار بھی قائل تھے بلکہ حضور پاک علیہ السلام کے چھپے ہوئے اوصاف کو ماننے کا نام ایمان ہے یعنی کہ وہ اللہ کے رسول ہیں اس کے پیارے ہیں تخت و تاج والے ہیں۔ شفیع المذنبین ہیں صلی اللہ علیہ وسلم یہ اوصاف ظاہر میں محسوس نہیں اس لئے ان کو ماننا ہی ایمان بالغیب ہو گا وہابیہ اور دیوبندیہ کا حضور علیہ السلام کی بشریت کے پیچھے پڑ جانا محض بے دینی ہے ان کو بشر ماننا ایمان نہیں۔ بلکہ ان کو مصطفیٰ ماننا رحمتہ للعالمین ماننا ایمان ہے اسی لئے کلمہ میں پڑھا جاتا ہے۔ **محمد رسول اللہ** نہ کہ **محمد بشر** بلکہ حق تو یہ ہے کہ اللہ کو صرف خالق عالم ماننے کا نام بھی ایمان نہیں کیونکہ اس کا خالق و رزاق وغیرہ ہونا مثل ظاہر کے ہے بلکہ اس کو رب **محمد رسول اللہ** ماننا ایمان ہے اسی لئے حق تعالیٰ نے فرمایا **قل ھو اللہ احد** جس سے معلوم ہوا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ لائی ہوئی توحید ایمان ہے اور فرمایا **و اذ اخذ ربک من بنی ادم من ظھورھم** جس سے معلوم ہوا کہ رب تعالیٰ نے میثاق کے دن ساری اولاد آدم کو اپنی پہچان اس طرح کرائی کہ ہم رب محمد ہیں یہ سب باتیں ایمان بالغیب میں داخل ہیں رب نے اپنی مخلوقات میں غیب و شہادت رکھے ہیں۔ ہمارا بدن شہادت ہے۔ قلب و روح غیب درخت اور اس کی سبزی شہادت ہے جڑ اور درخت کا وہ رس جس کے سوکھ جانے سے درخت خشک ہو جاتا ہے یہ غیب ہے ایسے ہی ایمانیات کے لئے غیب و شہادت ہے۔ ابلیس نے آدم علیہ السلام کا ظاہر' شہادت کی چیز دیکھی یعنی ان کا جسم اور جسم کی ساخت مگر ان کا اندرونی وصف خلافت

marfat.com
Marfat.com

ایسے نہ دیکھی جو غیب تھی اسی لئے مارا گیا۔ اب بھی جن کی نظر حضور کی بشریت پر ہے وہ ابلیس کی طرح بد نصیب ہیں اس لئے یہاں ارشاد ہوا یومنون بالغیب قرآن کے ظاہری الفاظ شہادت ہیں۔ اس کا کلام الٰہی ہونا غیب اب جو حضور کو صرف بشر یا ابن عبداللہ یا عربی ہاشمی ہو نامان لیں وہ مومن نہیں یہ اوصاف تو ابو جہل بھی مانتا تھا۔ حضور کو نبی رسول 'شفیع' خاتم الانبیاء وغیرہ ماننا ایمان ہے یہ حضور کے غیبی اوصاف ہیں۔

**اعتراض :** غیب چیزوں پر ایمان لانا کیوں ضروری ہے۔ **جواب:** اس لئے کہ ایمان کی حقیقت ہے اللہ و رسول پر اعتماد ہونا۔ چیز کو دیکھ کر یا سن کر تو ہر شخص مان لیتا ہے۔ مگر وہ چیز جو اس سے غیب ہو اور عقل میں نہ آئے اس کو صرف اس لئے ماننا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے دل میں اطاعت ہے مرتے وقت ملائکہ موت کو دیکھ کر اسی طرح قیامت کے قریب آفتاب کو مغرب سے نکلتا ہوا دیکھ کر ایمان لانا ہرگز قبول نہیں۔ کیونکہ اسے نبیوں کی خبروں پر اعتماد نہ ہوا بلکہ اپنی آنکھ پر اعتماد ہوا کہ ان سے سن کر نہ مانا آنکھ سے دیکھ کر مانا۔ سچ پوچھو تو ایمان کی جان تو یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر پر اپنے حواس سے زیادہ اعتماد ہو اگر ہم آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں کہ اس وقت دن ہے اور نبی کریم فرماتے ہیں کہ اس وقت رات ہے تو ہماری آنکھ جھوٹی ہے اور نبی کریم سچے کیوں کہ ہماری آنکھ ہزار دفعہ غلطی کر جاتی ہے مگر ان کا فرمان کبھی غلط نہیں ہوتا۔ اس پر یہ شعر چسپاں ہوتا ہے۔

اگر شاہ روز گوید شب است ایں ۔۔۔ بباید گفت اینک ماہ و پروین

**دوسرا اعتراض:** اس آیت سے لازم آتا ہے کہ صحابہ کرام کا ایمان درست نہ ہو کیونکہ نبی کریم کو دیکھ کر ایمان لائے حالانکہ ایمان بالغیب چاہئے۔ **جواب:** صحابہ کرام نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہری جسم پاک کی زیارت کی اور اس پر ایمان نہیں ایمان تو ان کی نبوت اور چھپے ہوئے اوصاف پر ہے اور یہ چیزیں ان کی نگاہوں سے بھی غیب تھیں معجزات کو دیکھنے سے نبوت نہیں محسوس ہوتی جیسے کہ مخلوق کو دیکھنے سے خالق محسوس نہیں ہوتا۔ **تیسرا اعتراض:** پھر چاہئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مومن نہ کہا جائے اس لئے کہ ان کے لئے ایمان کی کوئی چیز غیب نہیں کیونکہ اللہ پاک کو انہوں نے دیکھا فرشتوں کو انہوں نے ملاحظہ فرمایا قرآن کریم کو انہوں نے اترتے ہوئے دیکھا جنت و دوزخ کی انہوں نے سیر فرمائی نبوت تو خود ان کا اپنا وصف ہے۔ جس کا انہیں علم حضوری ہے جب ان کے لئے ان میں سے کوئی چیز غیب نہ رہی تو ان کے ایمان کی کیا سبیل ہے۔ **جواب:** یہ سب گفتگو مومنوں کے متعلق تھیں وہ تو عین ایمان ہیں ان کے جاننے پہچاننے کا نام ہی ایمان ہے۔ سب مومن وہ ایمان 'سب عارف وہ عرفان' سب صادق وہ سراپا صدق سب عالم وہ عین علم سب قاصد وہ منزل مقصود سب طالب وہ مطلوب وہ سب کی انتہا انہیں اپنے پر کیوں قیاس کرتے ہیں ان کو مومن اس طرح کہ دیتے ہیں جس طرح اللہ کو بھی مومن کہتے ہیں کہ لفظ مومن ایک ہے مگر معنی میں بہت فرق صلی اللہ علیہ وسلم والہ واصحابہ وبارک وسلم **نکتہ:** تفسیر کبیر اور تفسیر عزیزی نے مسند امام احمد بن حنبل سے روایت نقل کی حارث ابن قیس نے سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا کہ ہمیں حسرت و افسوس ہے کہ ایک نعمت تم کو ملی اور ہم کو نہ ملی وہ یہ کہ تم دیدار یار سے مشرف ہوئے اور ہم اس سے محروم رہے سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبوت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سب پر ظاہر ہے لیکن اے حارث تمہارا ایمان بڑا کامل

marfat.com
Marfat.com

ہے کیونکہ ہم انہیں دیکھ کر ایمان لائے اور تم بغیر دیکھے اور یہی آیت پڑھی تفسیر عزیزی میں ابوداؤد طیالسی سے روایت ہے کہ ایک شخص سیدنا عبداللہ ابن عمر کے پاس حاضر ہوا اور عرض کیا کہ کیا تم نے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی ان آنکھوں سے دیکھا ہے آپ نے فرمایا کہ ہاں پھر اس شخص نے کہا کہ کیا تم نے اپنی اس زبان سے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم سے کلام بھی کیا ہے آپ نے فرمایا کہ ہاں۔ پھر اس شخص نے کہا کہ تم نے اپنے ان ہاتھوں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت بھی کی ہے' فرمایا کہ ہاں۔ پھر اس شخص پر وجد کی حالت طاری ہو گئی اور غشی کی حالت میں کہنے لگا تم لوگ کیا ہی خوش نصیب ہو سیدنا عبداللہ ابن عمر نے اس کا حال دیکھ کر فرمایا کہ میں تجھے ایک حدیث پاک سناتا ہوں وہ یہ کہ میں نے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ مبارک وہ شخص جو مجھے دیکھ کر ایمان لائے اور بڑا مبارک ہے وہ شخص جو بغیر دیکھے مجھ پر ایمان لائے ان حدیثوں سے ہمارے اس کلام کی پوری تائید ہوتی ہے۔ **چوتھا اعتراض:** روایات سے ثابت ہے کہ بعض اولیاء اللہ اور صحابہ کرام پر سارے غیب ظاہر ہو جاتے تھے جیسے حضرت زید رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ جنت و دوزخ کے سارے طبقے میرے سامنے ہیں یا کہ حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ کے سارے شہروں کو اس طرح دیکھا ہے جیسے کہ چند رائی کے دانے تو ان حضرات کو غیب پر ایمان حاصل نہ ہوا کیونکہ جب کوئی چیز ان کے لئے غیب رہی ہی نہیں تو غیب پر ایمان کیسا۔ **جواب:** ایک تو یہ ہے کہ دیکھ کر ایمان لانا اور ایک ہے ایمان لا کر دیکھنا دیکھ کر ایمان لانا معتبر نہیں۔ یہ حضرات غائب چیزوں پر ایمان لائے تھے بعد میں نور ایمانی کی زیادتی کی وجہ سے وہ غائب چیزیں ان پر ظاہر ہو گئیں لہٰذا ان کو ایمان بالغیب اعلیٰ درجہ کا حاصل ہوا اس کی تائید حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اس واقعہ سے ہوتی ہے کہ انہوں نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ مجھے دکھا دے تو مردوں کو کس طرح زندہ کرے گا ارشاد ہوا کہ **اولم تومن** کیا تم اس پر ایمان نہیں لائے ہو۔ عرض کیا کہ ہاں لیکن دل کو اطمینان (حق الیقین) چاہتا ہوں۔ تو دیکھو کہاں کو ایمان پہلے حاصل ہو چکا ہے بعد میں انکشاف ہوا تھا۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ علم غیب کے بغیر ایمان حاصل نہیں ہوتا کیونکہ ایمان یقین کا نام ہے اور یقین علم کا انتہائی درجہ ہے جب کسی کو غیب کا علم نہ ہو تو یقین کیسے ہو گا ہم قیامت دوزخ جنت رب کی ذات و صفات کو جانتے ہیں تب ہی اس پر ایمان لاتے ہیں۔ اور یہ سب چیزیں غیب ہیں اور ان کا جاننا علم غیب "تفسیر کبیر" نے اسی جگہ لکھا کہ ہر مسلمان کہہ سکتا ہے کہ میں غیب جانتا ہوں لیکن علم غیب کی دو صورتیں ہیں ایک سن کر جاننا دوسرے دیکھ کر سن کر جاننے کو علم بالغیب کہتے ہیں جیسے ہم کو قیامت وغیرہ چھپی چیزوں کا علم نبی پاک کے فرمانے سے ہے اور دیکھ کر جاننے کو علم الغیب کہتے ہیں۔ جیسے کہ انبیاء کرام اور اولیاء اللہ کا علم اسی لئے صوفیاء کرام اس آیت کریمہ کے معنی یہ فرماتے ہیں کہ متقی وہ ہیں جو ایمان لاتے ہیں اس نور غیبی سے جو رب تعالیٰ کی طرف سے ان کو ملا اور اس کی تائید یہ حدیث پاک کرتی ہے کہ مومن نور الٰہی سے دیکھتا ہے۔ (روح البیان یہی مقام)

| |
|---|
| وَيُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ |
| اور قائم رکھیں نماز کو |
| اور نماز قائم رکھیں |

marfat.com
Marfat.com

تعلق : اس جگہ متقین کا ذکر ہو رہا ہے متقی وہ ہیں جن کے ایمان و اعمال درست ہوں ایمان کا ذکر پہلے کر دیا گیا ہے اور اب اعمال کا ذکر شروع ہوا چونکہ اعمال میں نماز سب سے بہتر عمل ہے اس لئے پہلے اس کا ذکر کیا گیا۔ چند وجوں سے ایمان اعمال پر مقدم ہے پہلی وجہ یہ ہے کہ ایمان اعمال کی اصل ہے جیسے کہ پہلے ذکر کیا گیا دوسری یہ کہ ایمان قلب (دل) کا کام ہے۔ اور اعمال قالب (جسم) کا کام دل بادشاہ ہے جسم اس کی رعایا لہٰذا دل کا کام جسم کے کام سے افضل ہے تیسری یہ کہ ایمان سارے پیغمبروں کے دین میں یکساں رہا اور اعمال میں فرق ہوتا رہا اور ہمیشہ کی چیز بدلنے والی چیز سے افضل ہے چوتھی یہ کہ ایمان لانا اسلام میں اول ہی سے فرض ہوا نماز زکوۃ وغیرہ بعد میں کہ نماز معراج میں فرض ہوئی اور باقی اعمال اس کے بھی بعد پانچویں یہ کہ اعمال موت پر ختم ہو جاتے ہیں مگر ایمان موت اور قبر حشر وغیرہ میں ہر جگہ ساتھ رہتا ہے چھٹی یہ کہ ایمان لانا سب پر فرض ہے مگر اعمال سب پر فرض نہیں چنانچہ کافر پر ایمان لانا فرض بچے اور دیوانے اپنے ماں باپ کے تابع ہوئے مسلمان پر ہر حالت میں ایمان لانا فرض نہیں لیکن نماز زکوۃ وغیرہ کوئی عبادت کافروں' بچوں' دیوانوں پر فرض نہیں اس طرح نماز روزہ حیض و نفاس والی عورت پر فرض نہیں زکوۃ اور حج غریب پر فرض نہیں ان وجوں سے ایمان کو پہلے بیان کیا گیا اور نماز کو زکوۃ وغیرہ سے پہلے اس لئے بیان کیا گیا کہ نماز بدنی عبادت ہے اور زکوۃ مالی اور بدن مال سے افضل ہے لہٰذا نماز زکوۃ سے افضل دوسرے اس لئے کہ اسلام میں سب سے پہلے نماز ہی فرض ہوئی اور اس کے بعد زکوۃ وغیرہ تیسرے اس لئے کہ رب تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو عرش پر بلا کر نماز عطا فرمائی اور زکوۃ وغیرہ باقی اعمال زمین پر ہی بھیج دیئے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سارے اعمال میں نماز افضل ہے۔ چوتھے اس لئے کہ نماز دن بھر میں پانچ دفعہ پڑھی جاتی ہے اور زکوۃ اور روزہ سال کے بعد' حج عمر میں ایک مرتبہ۔ پانچویں اس لئے کہ نماز ہر غریب و امیر مسافر و مقیم مسلمان پر فرض ہے مگر زکوۃ غریب پر فرض نہیں اور روزہ رکھنا مسافر پر فرض نہیں کیونکہ مسافر روزہ قضا کر سکتا ہے چھٹے اس لئے کہ نماز آدم علیہ السلام سے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک قریباً ہر پیغمبر نے کسی قدر فرق کے ساتھ پڑھی ہے۔ لیکن زکوۃ روزے وغیرہ کا یہ حال نہیں چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام نے فجر پڑھی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ظہر پڑھی۔ حضرت یونس علیہ السلام نے عصر پڑھی عیسیٰ علیہ السلام نے مغرب موسیٰ علیہ السلام نے عشاء (تفسیر روح البیان) یہی مقام اس بارے میں اور بھی روایتیں ہیں۔

تفسیر : **یقیمون۔ اقامت** سے بنا ہے اس کے لغوی معنی ہیں سیدھا کرنا اور یہاں مراد ہے نماز کو ہمیشہ پڑھنا اس کے ظاہری اور باطنی آداب کے ساتھ پڑھنا ظاہری آداب اس کی شرطیں فرائض سنتیں مستحبات ہیں اور باطنی شرائط یہ ہیں کہ دل میں عاجزی ہو ریا نہ ہو حضور قلبی ہو دل ہمہ تن بارگاہ الٰہی کی طرف متوجہ ہو اسی لئے قرآن کریم نے جہاں بھی نماز کا ذکر فرمایا وہاں قائم کرنے کے ساتھ فرمایا جو شخص نماز تو پڑھے مگر پابندی سے نہ پڑھے وہ اس آیت پر عامل نہیں اسی طرح جو شخص مستحب وقت پر نہ پڑھے نماز میں پاکی پلیدی کا پورا خیال نہ رکھے اس کی سنتیں وغیرہ ادا نہ کرے ریاکاری کے لئے پڑھے وہ سب اس آیت سے خارج ہیں **یقیمون** میں بہت گنجائش ہے شریعت و طریقت کے سارے مسائل اس میں آ گئے حق تعالیٰ نماز قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائے صوفیاء کے نزدیک نماز قائم کرنا اور ہے اور نماز قائم رکھنا کچھ اور جیسے بغیر بنیاد کے دیوار قائم نہیں رہتی بغیر جڑ کے درخت قائم نہیں رہتا بغیر شہد یا قوام ڈالے ہوئے بعض پھل قائم نہیں رہتے ایسے ہی دیوار نماز پر اسلام کی ساری

marfat.com
Marfat.com

عمارت قائم ہے اس نماز کو مضبوط بنیاد پر قائم کرو۔ وہ بنیاد ہے عشق جناب مصطفیٰ کہ منہ ہو کعبہ کی طرف اور دل ہو مدینہ کی طرف ورنہ رکوع و سجود حجاب ہیں۔

گر بلواء نماز تو نہ شوی بے نقاب ہست رکوع م حجاب ہست سجودم حجاب

اللہ نماز قائم رکھنے کی توفیق دے بغیر عشق کی نماز ہمیشہ قائم نہ رہے گی یہاں کی ہی رہ جائے گی۔ **نکتہ:** **مضمون** جمع کے صیغہ سے ارشاد فرمایا **وارکعوا مع الراکعین** یعنی نمازیوں کے ساتھ نمازیں پڑھو اس سے معلوم ہوا کہ جماعت سے نماز پڑھنا سخت ضروری ہے۔ امام احمد ابن حنبل رضی اللہ عنہ کے نزدیک مردوں پر جماعت فرض ہے۔ یہاں واجب اور بعض نے کہا سنت موکدہ۔ مگر ہمارے یہاں بھی بعض نمازوں میں جماعت فرض ہے جیساکہ نماز جمعہ اور عیدین وغیرہ (**صلوة**) **صلی** یا **صلو** سے بنا ہے **صلی** کے معنی ہیں آگ سے گرمی حاصل کرنا جس کا ترجمہ تاپنا قرآن پاک فرماتا ہے **لعلکم تصطلون** چونکہ ٹیڑھے بانس کو آگ سے گرم کر کے سیدھا کرتے ہیں۔ اسی طرح ٹیڑھے آدمی کو نماز کی برکت سے سیدھا کیا جاتا ہے اس لئے اس کو صلوۃ کہتے ہیں **صلی** کے دوسرے معنی ہیں لازم پکڑنا قرآن کریم فرماتا ہے **تصلی نارا حامیۃ** چونکہ نماز بھی مسلمان کے واسطے لازم رہتی ہے۔ اس لئے اس کو صلوۃ کہتے ہیں **صلو** کے معنی ہیں سرین چونکہ نماز پڑھنے کی حالت میں سرین کو حرکت ہوتی ہے۔ اس لئے اس کو صلوۃ کہتے ہیں۔ قرآن پاک میں لفظ صلوۃ پانچ معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ 1دعا کے لئے **وصل علیهم** 2تعریف جیسے **یصلون علی النبی** 3قرآن پاک کی تلاوت **ولا تجهر بصلوتک** 4رحمت **صلوات من ربهم** 5نماز جیسے **اقیموا الصلوة** اور حق تو یہ ہے کہ نماز میں پہلی چار چیزیں بھی شامل ہیں اس میں رب سے دعا بھی ہے۔ اس کی تعریف بھی تلاوت قرآن بھی۔ اور اس پڑھنے والے پر رحمت بھی یہاں اس آیت میں صلوۃ کے معنی نماز ہی ہیں۔ نماز بہت قسم کی ہے 'فرض' جیسے نماز پنج وقتہ اور جمعہ واجب جیسے نماز عید' اور وتر سنت موکدہ جیسے ظہر مغرب کی سنتیں اور سنت غیر موکدہ جیسے کہ عصر و عشاء کی سنتیں نوافل جیسے نماز اوابین نماز چاشت و اشراق وغیرہ یہاں نماز سے فرض نماز مراد ہے تو معنی یہ ہوئے کہ متقی وہ لوگ ہیں جو فرض نمازوں کو پابندی سے ادا کرتے ہیں۔

**نماز کے فضائل :** کچھ فضائل تو ہم نے تعلق میں بیان کر دیئے اور کچھ یہ ہیں 1نماز تمام ملائکہ کی عبادتوں کا مجموعہ ہے۔ کیونکہ ملائکہ مقربین میں سے بعض وہ ہیں جو صرف رکوع ہی کر رہے ہیں بعض صرف سجدہ بعض قیام بعض صرف تسبیح و تہلیل رب تعالیٰ نے ہماری نماز میں یہ سب چیزیں جمع فرمائیں جو اس کی پابندی کرے گا وہ درجہ میں تمام ملائکہ کے برابر یا ان سے افضل ہو گا۔ 2نماز میں ساری مخلوقات کی عبادت جمع ہے وہ اس طرح کہ درخت ہر وقت قیام میں ہیں اور چوپائے رکوع میں سانپ بچھو وغیرہ ہر وقت سجدے میں مینڈک وغیرہ ہر وقت قعدے میں انسان چونکہ ان سب سے افضل ہے اس لئے چاہئے کہ اس کی عبادت ان سب کی عبادتوں کو شامل ہو۔ 3نماز انسان کی ہر حالت درست کرتی ہے برے کاموں سے بچاتی ہے یہ تو آزمائی ہوئی بات ہے کہ بڑے بڑے فاسق و بدکار لوگوں نے جب صدق دل نے نماز پڑھنی شروع کر دی تو رب کے فضل سے سارے گناہوں سے بچ گئے۔ 4نماز صدہا بیماریوں کا علاج ہے اس وقت کے اطباء بھی کہتے ہیں کہ وضو کرنے والا آدمی دماغی بیماریوں میں بہت کم مبتلا ہوتا ہے۔ نمازی آدمی اکثر تلی کی بیماریوں اور جنون وغیرہ سے محفوظ رہتا ہے نیز پنج وقتہ نمازی کے اعضاء وضو دھلتے رہتے

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ کپڑے پاک رہتے ہیں۔ گھر بھی اس کا پاک رہتا ہے۔ اس لئے وہ گندگی سے بچا رہتا ہے اور گندگی بہت سی بیماریوں کی جڑ ہے۔ 5 نماز ہر مصیبت کا علاج ہے اسی لئے اسلام نے ہر مصیبت کے وقت نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے بارش نہ ہو تو نماز استسقاء پڑھو سورج یا چاند کو گرہن لگے تو نماز کسوف پڑھو۔ کوئی حاجت درپیش ہو تو نماز حاجت پڑھو۔ غرضیکہ نماز ہر مصیبت میں کام آنے والی چیز ہے۔

**نماز کیسی پڑھی جائے** : اس کے متعلق روح البیان شریف نے اسی جگہ فرمایا کہ کسی شخص نے حاتم زاہد سے پوچھا کہ آپ نماز کس طرح پڑھتے ہیں۔ فرمایا کہ جب نماز کا وقت قریب آتا ہے تو اچھی طرح وضو کرتا ہوں۔ پھر مصلے پر سیدھا کھڑا ہوتا ہوں۔ اور دل میں محسوس کرتا ہوں کہ کعبہ معظمہ میرے چہرے کے سامنے ہے اور مقام ابراہیم میرے سینے کے آگے۔ اللہ میرے پاس ہے۔ جو میرے ہر حال کو دیکھ رہا ہے گویا کہ میرے قدم پل صراط پر ہیں۔ اور جنت میرے داہنی طرف اور دوزخ میرے بائیں طرف ہے اور ملک الموت میرے پیچھے کھڑے ہوئے ہیں۔ اور ہر نماز کے متعلق میں یہ خیال کرتا ہوں کہ یہ میری آخری نماز ہے۔ پھر تکبیر تحریمہ کہتا ہوں۔ پھر قرآن پاک کی تلاوت کرتا ہوں کہ ایک ایک لفظ کے معنی پر غور کرتا ہوں عاجزی کے ساتھ رکوع کرتا ہوں اور گریہ و زاری کے ساتھ سجدہ اور امید قبول پر التحیات پڑھتا ہوں اور سنت کے طریقہ پر سلام پھیرتا ہوں۔ پھر جب فارغ ہوتا ہوں تو نماز کے قبول ہونے کی امید اور مردود ہونے کے خوف میں مشغول ہوتا ہوں۔ اور فرمایا کہ میں اس طرح سے تیس سال سے نماز پڑھ رہا ہوں صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ اے اللہ کے بندو! نماز کے لئے یا تو تارے بن جاؤ۔ کہ تمام رات رب کی عبادت کرو اور یہ نہ ہو سکے تو چاند بن جاؤ یعنی رات کے بعض حصہ میں عبادت کرو اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو سورج سے تم کم نہ ہو کہ دن کو غفلت میں نہ گزارو۔

**نماز کے اسرار اور حکمتیں** : پانچ وقت کی نماز اس لئے فرض ہے کہ معراج میں اولاً" پچاس وقت کی فرض ہوئی پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عرض کرنے پر پانچ وقت کی رہ گئی حق تعالیٰ کے یہاں ہر نیکی کا ثواب دس گنا ہوتا ہے۔ لہذا یہ نمازیں پڑھنے میں تو پانچ ہیں اور ثواب میں پچاس دوسری حکمت یہ ہے اور امتوں نے یہ نمازیں متفرق طور پر پڑھی تھیں کسی نے فقط ظہر کسی نے فقط عصر وغیرہ حق تعالیٰ نے ان ساری نمازوں کو ہمارے لئے جمع فرمایا چونکہ وہ سب مل کر پانچ ہی نمازیں ہوتی تھیں اس لئے ہمارے واسطے پانچ رہیں تیسرے یہ کہ نمازوں سے مقصود یہ ہے کہ انسان کی ہر حالت اللہ کے ذکر سے شروع ہو اور دن اور رات میں پانچ ہی حالتیں ہوتی ہیں۔ اس لئے نماز بھی پانچ ہی رکھی گئیں۔ مثلاً صبح کو اٹھا تو اب بیداری کی حالت شروع ہوئی سب سے پہلے اللہ کا ذکر کرے دوپہر تک دنیوی کاروبار سے فارغ ہوا کھانا وغیرہ کھا کر دوپہر میں آرام کیا اب جو اٹھا تو دن کا دوسرا حصہ اور ہماری دوسری حالت شروع ہوئی لہذا پہلے نماز پڑھ لو عصر کے وقت تقریباً سارے لوگ اپنے کاروبار سے فارغ ہو گئے سیر و تفریح کا وقت آیا بازاروں میں تجارتوں کے چمکنے کا وقت آیا گویا ہماری تیسری حالت شروع ہوئی اب بھی پہلے نماز پڑھ لو مغرب کے وقت دن جا رہا ہے رات آ رہی ہے دنیا کی حالت نے کروٹ بدلی اب بھی پہلے نماز پڑھ لو جب سونے کے لئے چلو تو بہت ممکن ہے کہ یہ نیند تمہاری آخری ہو اس کے بعد قیامت ہی کو اٹھنا۔ اور نیند بھی ایک قسم کی موت ہے لہذا اللہ پاک کا ذکر کرو اور نماز پڑھ کر سوؤ۔ جس کام کی ابتداء اچھی ہوتی ہے۔ ان شاء اللہ وہ کام آخیر تک اچھا رہتا ہے دوکاندار لوگ کہتے ہیں کہ ہمارا پہلا گاہک

marfat.com
Marfat.com

کوئی مبارک ہو جس کی برکت سے تمام دن خوب تجارت ہو۔ مسلمان کے بھی ہر کام کی ابتداء اللہ کے ذکر سے ہو۔ لہٰذا پانچ نمازیں رکھی گئیں۔

**نمازکی رکعتیں** : مختلف اس لئے ہیں کہ یہ نمازیں گزشتہ پیغمبروں کی ایک لحاظ سے یادگار ہیں چونکہ آدم علیہ السلام نے فجر کے وقت دو ہی رکعتیں پڑھی تھیں اور حضرت خلیل اللہ نے ظہر کے وقت چار وغیرہ وغیرہ اس لئے ہم بھی اتنی ہی رکعتیں پڑھتے ہیں۔ نیز طبیب کے نسخہ میں دوائیں مختلف وزن کی ہوتی ہیں کوئی دو ماشہ تو کوئی تین تولہ اور دواؤں کے یہ وزن اس کی حکمت پر مبنی ہوتے ہیں۔ اسی طرح نماز کی رکعتیں گویا روحانی نسخہ کے اوزان ہیں نیز اس جگہ روح البیان شریف نے لکھا ہے کہ ملائکہ کے بازو مختلف ہیں کسی کے دو کسی کے تین کسی کے چار۔ رب تعالیٰ نے نمازوں کی رکعتیں بھی مختلف رکھیں کیونکہ یہ بھی روح کے بازو ہیں قبلہ کو منہ کرنے میں یہ حکمت ہے کہ کعبہ معظمہ تمام زمین کی اصل ہے۔ کیونکہ زمین وہاں ہی سے پھیلی تو چاہئے کہ نمازی کا جسم اپنے اصل کی طرف رہے۔ اس میں اس جانب اشارہ ہے کہ نمازی کا دل عالم کی اصل یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رہے کیونکہ حضور علیہ السلام روحوں کی اصل ہیں۔ اس لئے آپ کو ہر نمازی نماز میں سلام کرتا ہے **السلام علیک ایھا النبی** اور اسی لئے اگر کسی نمازی کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پکاریں تو اس پر واجب ہے کہ اپنی نماز چھوڑ کو حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو جائے اس کی تحقیق کے لئے ہماری کتاب "شان حبیب الرحمان" کا مطالعہ کرو اور ان شاء اللہ اس کے متعلق جو قرآن پاک کی آیتیں ہیں ان کے ماتحت مسئلہ کی پوری تحقیق کی جائے گی۔

**اعتراض** : پہلا اعتراض قرآن پاک کی اس آیت سے معلوم ہوا کہ متقی وہ جو نماز قائم کرے۔ تو جو صحابہ کرام کہ نماز فرض ہونے سے پہلے وفات پاگئے یا اب جو شخص اسلام لاتے ہی وفات پاجائے۔ وہ متقی نہ ہونا چاہئے کیونکہ اس نے نماز قائم ہی نہ کی۔ **جواب**: تمامی اعمال میں قدرت کی شرط ہے۔ یعنی مطابق طاقت کے واجب ہوتا ہے جو شخص کہ نماز پڑھنے کا موقع ہی نہ پائے اس پر نماز فرض ہی نہ ہوئی۔ دیکھو مالدار آدمی اسلام کے پانچوں ارکان ادا کرتا ہے۔ یعنی زکوٰۃ حج بھی غریب آدمی صرف تین یعنی کلمہ' نماز' روزہ' حائضہ عورت نماز بھی نہیں پڑھتی۔ مگر یہ سب ایک درجہ کے متقی ہیں کیونکہ ان میں ہر شخص بقدر طاقت اطاعت کر رہا ہے اسی طرح ایک شخص کی عمر سو برس کی ہوئی دوسرے کی پچیس برس کی۔ سو برس والے کی عبادتیں زیادہ ہیں لیکن دونوں ایک درجہ کے متقی ہیں دوسرا جواب یہ ہے کہ ایک تو ہے اعمال کا کرنا اور ایک ہے ماننا وہ متقی ہے کہ اگر اس کو عمل کا موقع ملے تو کرے اور اگر نہ ملے تو کم از کم اس کو مانے جو صحابہ کرام نماز فرض ہونے سے پہلے وفات پا چکے ان کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ جتنے احکام آئیں گے وہ سب حق ہوں گے خواہ ہمیں کرنے کا موقع ملے یا نہ ملے۔ آج بھی غریب آدمی یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ زکوٰۃ اسلامی فرض ہے اگر میرے پاس مال ہو تو مجھ پر زکوٰۃ دینا فرض ہو جائے۔ یہ ماننا ہی اس کے متقی ہونے کے لئے کافی ہے۔ بعض صحابہ کرام نے سارا قرآن پاک اترا ہوا نہ دیکھا کیونکہ وہ بعض سورتوں کے اترنے سے پہلے ہی وفات پا گئے۔ پہلی امتوں نے سارے انبیاء کرام کو نہ جانا۔ کیونکہ وہ بعض انبیاء ان کے بعد آنے والے تھے تو اب یہ نہیں کہا جا سکتا ہے کہ ان کا ایمان ناقص تھا۔ اور ہمارا کامل۔ کیونکہ ہم نے سارے قرآن اور سارے پیغمبروں کو پالیا۔ اس لئے کہ سب کو وہ بھی مانتے تھے۔ اور ہم بھی مانتے ہیں وہ اس طرح مانتے تھے کہ بعض انبیاء اور بعض قرآن کی آیتیں آنے والی ہیں اور وہ سب حق ہیں ہم اس

marfat.com
Marfat.com

طرح مانتے ہیں کہ سب آچکے ہیں اور سب حق ہیں۔ دوسرا اعتراض: چاہئے کہ نماز فرض ہی پڑھی جائے سنتوں کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ متقی بننے کے لئے فرض نماز کی پابندی کافی ہے جیسا کہ اس تفسیر سے معلوم ہوا۔ جواب: سنتوں کے بغیر فرض ناقص ہیں بلکہ بغیر سنت فرض ادا ہو سکتے ہی نہیں۔ سنت کو فرض سے وہ تعلق ہے جو پانی کو کھانے سے ہے۔ کہ بغیر پانی نہ تو کھانا تیار ہوتا ہے اور نہ کھایا جا سکتا ہے اسی طرح بغیر سنت نہ تو فرض ادا ہو سکتا ہے اور نہ پڑھا جا سکتا ہے۔ دیکھو مثلاً روٹی ہے یہ بغیر پانی بنتی بھی نہیں اور کھائی بھی نہیں جاتی۔ کھیت میں گیہوں پانی سے تیار ہوا۔ پھر آٹا پانی سے گوندھا گیا جب کھانے کے لئے بیٹھے تو ساتھ پانی بھی پیا گیا۔ جس ترکاری سے روٹی کھائی وہ بھی کھیت میں پانی سے تیار ہوئی پھر پانی ہی سے دھلی اور پانی ہی سے پکی اسی طرح فرض سنت سے حاصل ہوتا ہے۔ نماز پڑھنے لگو تو کانوں تک ہاتھ اٹھاؤ قیام' تلاوت' سجدہ التحیات وغیرہ کی سنتیں ادا کرو تو فرض ادا ہو پھر کوئی فرض نماز ایسی نہیں جس کی ساتھ سنتیں نہ پڑھی جائیں۔ اسی طرح روزہ رکھنے کے لئے سحری کھانا اور کھجور سے افطار کرنا وغیرہ سب سنت ہے زکوۃ کے پیسے سے اپنے اہل قرابت کی خدمت کرنا سنت۔ بلکہ فرض تو ہم پر بالغ ہونے کے بعد عائد ہوتے ہیں اور مرنے سے پہلے ہی ہمیں چھوڑ دیتے ہیں۔ لیکن سنت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوتے ہی ہمیں اپنے دامن میں لیتی ہے۔ اور مرنے پر بھی بلکہ مرنے کے بعد بھی ہمارا ساتھ نہیں چھوڑتی۔ پیدا ہوتے ہی بچے کو غسل دینا کپڑا پہنانا ختنہ اور عقیقہ کرنا وغیرہ سب سنتیں ہی تو ہیں پھر زندگی گزارنا پیٹ بھر کر کھانا کھانا جوتا پگڑی کرتہ اچکن وغیرہ پہننا یہ سب سنتیں ہیں اکثر صورتوں میں نکاح کرنا اور بیوی بچوں کی پرورش کرنا' مکان بنانا وغیرہ یہ سب سنتیں ہیں' اس طرح مرتے وقت کلمہ پڑھانا کفن کی ترتیب دینا قبر کی نوعیت وغیرہ یہ سب سنتیں ہیں۔ بعد موت ایصال ثواب کرنا وغیرہ سنتیں ہیں اسی لئے ہمارا نام اہل فرض نہیں بلکہ اہل سنت و جماعت ہے۔ جو لوگ کہ سنت نمازوں کے منکر ہیں ان کو چاہئے نہ تو مکان بنائیں نہ دو وقت پیٹ بھر کر روٹی کھائیں نہ عمدہ لباس پہنیں بلکہ مرنے لگیں تو جان بچانے کے لئے تھوڑے چنے کھا لیا کریں اور صرف ناف سے گھٹنوں تک کپڑا باندھا کریں اور سخت ضرورت کے بغیر نکاح ہرگز نہ کریں اپنا نام کچھ نہ رکھیں کیونکہ فرض صرف اس قدر ہیں جو ہم نے عرض کر دیئے۔ یہ کیا کہ نماز کی سنتوں سے انکار اور باقی تمام سنتوں پر عمل جناب سنت نے ہم کو انسان بنایا رب تعالیٰ ہم کو سنت پر قائم رکھے سنت چھوڑنے والا شفاعت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے محروم ہے خیال رہے کہ سنت اور حدیث میں دو طرح کا فرق ہے ایک یہ کہ حدیث حکایت ہے اور سنت جس کی حکایت کی جلوے۔ وہ الفاظ جن میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال کریمہ نقل کئے گئے وہ الفاظ حدیث ہیں اور خود حضور نے جو کام کیا تھا جس کی حکایت کی گئی وہ سنت دوسرے اس طرح کہ حدیث نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام وہ طریقے جو نقل میں آجاویں۔ خود ہمارے لئے وہ قابل عمل طریقے جن میں اتباع کی جا سکے لہٰذا حدیث عام ہے سنت خاص خیال رہے کہ حضور کے خصائص جیسے نو بیویاں ایک ساتھ نکاح میں رکھنا روزہ وصال۔ منبر پر کھڑے ہو کر نماز پڑھنا۔ اونٹ پر طواف کرنا۔ حدیث میں تو آگیا مگر یہ سنت نہیں کیونکہ ہم ان کی پیروی نہیں کر سکتے اس لئے حدیث شریف میں ارشاد ہے علیکم بسنتی تم پر میری سنت لازم ہے یہاں بحدیثی نہ فرمایا لہٰذا انسان اہل سنت تو ہو سکتا ہے یعنی ہر سنت پر عمل کرنے والا مگر اہل حدیث نہیں ہو سکتا۔ اپنے کو اہل حدیث کہنا کھلا جھوٹ ہے۔ ورنہ پھر تو نو بیویاں نکاح میں رکھنا ہوں گی وغیرہ وغیرہ۔

marfat.com
Marfat.com

# وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ

اور سے اس دیا ہم نے ان کو خرچ کرتے ہیں

اور ہماری دی ہوئی روزی میں سے ہماری راہ اٹھاتے ہیں

تعلق : یہاں متقین کی صفات کا ترتیب وار ذکر ہو رہا ہے پہلے ایمان کا ذکر ہوا جو سب کی اصل تھا پھر نماز کا جو تمام اعمال سے افضل تھی اور جس کا تعلق مومن کے بدن سے تھا۔ اب اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا ذکر ہوا جس کا قوی تعلق مال سے ہے چونکہ جب انسان پیدا ہوتا ہے تو اس کے پاس صرف جسم ہوتا ہے اور مال بعد میں حاصل ہوتا ہے اس لئے نماز کا ذکر پہلے اور خرچ کرنے کا بعد میں دوسرے یہ کہ زکوۃ نماز کے بعد میں فرض ہوئی اس لئے زکوۃ کا ذکر نماز کے بعد تیسرے یہ کہ ایمان میں نجات ہے اور نماز میں مناجات اور خرچ میں درجات نجات مناجات سے پیچھے ہیں اس لئے اس کو بعد میں بیان کیا گیا۔ یہ کہ ایمان بشارت ہے نماز میں کفارہ ہے اور خرچ میں طہارت یعنی پاکی ہے اور یہ ان دونوں سے پیچھے یہ کہ ایمان میں عزت اور نماز میں قربت اور خرچ میں زیادتی ہے اور زیادتی ان دونوں کے بعد میں ہے اس لئے اس کا ذکر بعد میں ہوا۔ یہ کہ اس آیت میں چار چیزوں کا ذکر ہوا' تقویٰ' ایمان بالغیب اور نماز قائم کرنا اور خرچ کرنا اور یہ چار صفتیں چاروں خلفاء (یعنی ابو بکر صدیق' عمر فاروق' عثمان غنی' مولیٰ علی کی صفتیں ہیں چنانچہ صدیق اکبر متقین کے سردار عمر فاروق مومنین کے پیشوا عثمان غنی نمازیوں کے شہنشاہ مولا علی راہ خدا میں خرچ کرنے والوں کے امام رضی اللہ عنہم اجمعین تفسیر روح البیان)

تفسیر : اس جملے میں تین الفاظ ہیں اور تینوں بہت گنجائش رکھتے ہیں جس کی وجہ سے یہ جملہ مسائل کا ایک دریا ہے بلکہ یوں سمجھو کہ فقط یہ ایک جملہ ہی انسان کی ساری زندگی کے لئے کافی ہے ایک **مما** دوسرے **رزقنھم** تیسرے **ینفقون۔ مما** میں **من بعضیت** کے لئے ہے یعنی اپنی روزی میں سے کچھ حصہ خرچ کرے اس سے دو فائدے حاصل ہوئے ایک تو یہ کہ سارا مال راہ خدا میں خرچ کر کے خود فقیر نہ بن جانا چاہئے اگر آپ نے اپنا سارا مال فقیروں کو دے دیا اور اپنے کو اور اپنی اولاد کو بھوکا رکھا تو بہت سے حقوق مار کر ایک نفلی کام کیا جو یقیناً منع ہے اور اگر بعد میں بھیک مانگتے پھرے تو نفل ادا کر کے حرام میں پھنسے کیونکہ بلا سخت ضرورت بھیک مانگنا حرام ہے اسی لئے اس جگہ **مما** فرمایا گیا ہاں اگر کوئی اللہ کا بندہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی طرح متوکل ہو اور اس کے سارے گھر والے بھی صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے گھر والوں کی طرح متوکل ہوں اور پھر وہ اپنا سارا گھر بار مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم پاک پر نثار کر دے اور گھر میں اللہ و رسول کے نام رکھے تو یہ دوسری بات ہے۔

موسیا آداب دانا دیگر اند سوختہ جان و روانا دیگر اند

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تو پروانہ شمع مصطفائی تھے۔ ان سوختہ جانوں کے احکام ہی دوسرے ہیں۔ لہٰذا جو شخص اس آیت کو پیش کر کے ان پر اعتراض کرتا ہے وہ عاشقوں کے رمز سے ناواقف ہے۔ دوسرے اس طرف اشارہ ہو رہا ہے کہ ہمارے پاس عام طور پر دو قسم کے مال ہوتے ہیں کچھ حرام اور کچھ حلال۔ راہ خدا میں وہ مال خرچ کرو جو نہایت طیب اور حلال ہو۔ کیونکہ حرام مال اس کی بارگاہ میں قبول نہیں تیسرے یہ کہ ہمارے مالوں میں سے بعض مال ردی ہوتے ہیں۔ اور بعض کھرے

marfat.com
Marfat.com

اللہ کی راہ میں کھرا مال خرچ کرو جس کی دوسری آیتوں میں تصریح فرمائی گئی ہے۔ اس لئے یہاں من ارشاد فرمایا گیا (**رزقنھم**) یہ رزق سے بنا ہے رزق کی لغت میں دو معنی ہیں عطاء یعنی دی ہوئی چیز' حصہ **وتجعلون رزقکم انکم تکذبون** اس آیت میں رزق حصہ کے معنی میں استعمال ہوا اصطلاح میں رزق وہ ہے جس سے کوئی جاندار چیز نفع حاصل کرے لہذا ہوا' پانی' لباس' غذائیں' زمین' اولاد وغیرہ غرضیکہ دنیا کی ہر نعمت رزق ہے تو اب اس آیت کے معنی یہ ہوئے کہ ہر نعمت میں سے ہماری راہ میں خرچ کریں لیکن ہر چیز کا خرچ کرنا اس کے موافق ہو گا مثلاً ہوا سے سانس لیتے ہیں تو کچھ سانسیں اللہ کے ذکر میں خرچ کرو۔ یہ سانسوں کی زکوۃ ہوئی اگر اولاد آپ کو ملی ہے تو جس طرح چند بچوں کو دنیوی کاروبار میں ماہر بناتے ہو ان میں کم از کم ایک کو حافظ قرآن یا عالم دین بھی بناؤ اور جس طرح کہ اپنی اولاد کو دنیوی کام سکھاتے ہو کوئی دینی کام بھی سکھاؤ اور ان کو یہ بھی سمجھا دو کہ تم کس درخت کی شاخ اور کس شاخ کے پھل ہو اسی طرح اگر تمہارے پاس مال ہے۔ تو مال کو بھی اللہ کی راہ میں خرچ کرو۔ لفظ **رزقنھم** ان سب کو شامل ہے۔ شریعت میں سات طرح مال خرچ کرنا عبادت ہے۔ زکوۃ اس کی بہت سے قسمیں ہیں اور ہر قسم کے ہزارہا مسائل چاندی سونے کی زکوۃ جانوروں کی زکوۃ زمینی پیداوار کی زکوۃ وغیرہ وغیرہ 2 صدقہ فطر۔ 3 نفلی صدقے اس کی بہت قسمیں ہیں مہمانوں کی دعوت کمزوروں کی مدد یتیموں کی پرورش اور قرض دار کے قرض کی ادائیگی گیارہویں شریف محفل میلاد پاک سب اس میں شامل ہیں۔ وقف اس کی بھی بہت سی صورتیں ہیں مسجدیں دینی مدرسے پل کنویں سرائے وغیرہ بنانا۔ 5 حج کے خرچ۔ 6 جہاد۔ 7 اپنے اپنے ذمہ اہل قرابت کے جو خرچ لازم ہیں ان کا ادا کرنا اس کی بھی بہت سی قسمیں ہیں بیوی کے مصارف چھوٹی اولاد کی پرورش والدین کا خرچ غریب اہل قرابت کی امداد وغیرہ سب اس میں داخل ہیں (**ینفقون**) انفاق۔ **نفق** سے بنا ہے اس کے لغوی معنی ہیں بکھیرنا الگ الگ ہونا اسی لئے جس کا دل اور زبان ایک نہ ہو اسے منافق کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کا دل زبان سے علیحدہ ہے۔ لومڑی کے سوراخ کر نافقہ کہتے ہیں کیونکہ اس کے علیحدہ علیحدہ دروازے ہوتے ہیں ایک ظاہر اور ایک چھپا ہوا اور رائج سکے کو نافقہ کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ ایک جگہ مشکل سے جمع ہوتا ہے خرچ کو بھی نفقہ اسی لئے کہتے ہیں کہ اس میں مال بکھیر دیا جاتا ہے آپ کی جیب میں پچاس روپے ہیں بازار جا کر آپ نے پانچ روپے کپڑے والے کو دیئے۔ دس غلے والے کو کچھ مٹھائی وغیرہ میں صرف کئے تو وہ پیسہ جو آپ کی جیب میں جمع تھا متفرق ہو گیا۔ خرچ چند طرح کا ہے حرام خرچ جیسے شراب نوشی' جوا وغیرہ جائز خرچ جیسے دنیوی ضروریات میں پیسہ خرچ کرنا مستحب سنت اور فرض اس جگہ وہ خرچ مراد ہے۔ جو رضا الٰہی کے لئے ہو خواہ فرض ہو یا نفل جن مفسرین نے اس کی تفسیر زکوۃ سے کی ہے انہوں نے ایک خاص قسم سے تفسیر کر دی بہر حال قرآن پاک کا یہ جملہ ہزارہا مسائل کو شامل ہے۔

**تفسیر صوفیانہ** : صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ یہ آیت کریمہ جس طرح ظاہری نعمتوں کے خرچ کو شامل ہے اسی طرح باطنی نعمتوں کا خرچ بھی اس میں داخل ہے۔ لہذا غنی اپنے مال سے خرچ کرے علماء اپنے عمل سے خرچ کریں کہ لوگوں کو سکھائیں بتائیں۔ مجاہدین اپنی جان خرچ کریں کہ حق تعالیٰ کی اطاعت میں کوتاہی نہ کریں اور عابدین اپنے دل کو خرچ کریں کہ اس دل کو دنیا کی گندگیوں کا گھورا (روڑی) نہ بنائیں بلکہ دنیوی فکروں کو قلب میں نہ آنے دیں اور گھر کو یار کے لئے صاف رکھیں گندے گھر میں بادشاہ نہیں آتا اور دنیوی مصیبتوں کو دل سے اس طرح باہر رکھیں جیسے کشتی سے دریا کا پانی کسی شاعر نے خوب کہا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

آب در کشتی ہلاک کشتی است — آب اندر زیر کشتی پشتی است

کشتی کے لئے پانی ضروری ہے لیکن اگر پانی کشتی کے اندر آجائے تو ڈوب جائے گی اسی طرح کہ دل کے لئے بھی تفکرات ضروری اگر تفکرات نہ ہوں تو دل کس چیز پر تیرے گا لیکن اگر یہ تفکرات دل میں آگئے تو دل ہلاک ہو جائے گا۔ نیز وہ فرماتے ہیں کہ غنی مال سے جیب خالی کرے اور فقیر غیر سے اپنے قلب کو صاف کرے۔ مثنوی شریف میں ہے۔

آں درم دادن سخی را لائق است — جان سپردن خود سخائے عاشق است

**زکوۃ کے اسرار اور فائدے** : یہ قدرتی بات ہے کہ خرچ کرنے سے چیز بڑھتی ہے۔ اگر علم اپنا عالم خرچ نہ کرے تو اس سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے اگر کنویں سے پانی خرچ نہ کیا جائے تو پانی گندہ ہو جائے گا۔ اگر درختوں کی کچھ شاخیں نہ کاٹی جائیں تو ان میں آئندہ پھل کم آئیں گے۔ اسی طرح اگر مال کی زکوۃ ادا نہ کی جائے تو اس مال کی ترقی رک جائے گی۔ 2۔ قدرت نے ہر چیز سے زکوۃ لی ہے۔ بیماری تندرستی کی زکوۃ ہے نیند بیداری کی زکوۃ تکلیفیں راحتوں کی زکوۃ کھیتوں میں کچھ غلے کا برباد ہو جانا اور پرندوں کا کھا جانا یہ پیداوار کی قدرتی زکوۃ ہے۔ اگر ہم اپنے مال سے زکوۃ نہیں نکالتے تو قانون قدرت کا خلاف کرتے ہیں۔ 3۔ اگر کسی کی کوئی چیز ضرورت سے زاید بچ جائے تو وہ اور جگہ بھی خرچ ہونی چاہئے کتے وغیرہ کے پستان میں اتنا ہی دودھ ہے جتنا اس کے بچے پی سکیں لیکن بھینس گائے کو اس کے بچے کی ضرورت سے زیادہ دودھ دیا گیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ اس میں اوروں کا بھی حق ہے اگر قدرت نے آپ کو آپ کی ضرورت سے زیادہ مال دیا ہے۔ تو یقیناً اس میں فقرا اور مساکین کا بھی حصہ ہے زائد چیز کو علیحدہ کرنا ہی ضروری ہے آپ کے بڑے ہوئے ناخن اور بال لبیں وغیرہ علیحدہ ہونی چاہئیں۔ اسی طرح پیٹ کا فضلہ بھی خارج ہونا چاہئے اس کا رہنا بیماری ہے اسی طرح زکوۃ کا پیسہ بھی علیحدہ ہونا چاہئے کیونکہ اس کا رہنا بیماری ہے۔ 4۔ جس طرح آپ کے مال سے حکومت ٹیکس لیتی ہے کہ اس کے بغیر ادا کئے آپ حکومت کے باغی قرار پاتے ہیں اور وہ یہ کہتی ہے کہ جب ہم تمہاری ہر طرح خدمت کرتے ہیں اور تمہارے آرام کے لئے ہر قسم کے محکمے بنا دیئے ہیں تو کیا ہمارا اتنا بھی حق نہیں کہ تمہارے مال سے ہم کچھ لیں۔ اسی طرح جب رب تعالیٰ نے ہماری ہر قسم کی پرورش فرمائی۔ ہمارے آرام کے لئے ہزاروں ملائکہ وغیرہ کے محکمے مقرر فرمائے تو کیا اس کا اتنا بھی حق نہیں کہ ہمارے مال میں سے کچھ طلب فرمائے بلکہ حق تو یہ ہے کہ یہ مال بھی اسی کا ہے اور ہم بھی اسی کے یہ اس کا کرم ہے کہ اس نے ہم کو مال دیا اور خود ہم سے لے کر ہم کو ثواب عطا فرما دیا انسان کی فطرت میں محبت ہے مگر بعض محبتیں مفید ہیں بعض بیکار بعض نقصان دہ اللہ رسول کی محبت مفید ہے۔ دنیا کی ہر چیزوں کی محبت بیکار ہے۔ شیطانی چیزوں سے محبت نقصان دہ اسلام نے پہلی محبت بڑھانے کے لئے عبادات رکھیں کہ جس کا چرچا جس کی اطاعت زیادہ ہو اس سے محبت پیدا ہوتی ہے آخری دو محبتوں کے گھٹانے کے لئے بہت ذریعے قائم کئے زیارت قبور کرو تا کہ محبت دنیا کی کم ہو وغیرہ انہی اسباب میں سے ایک سبب زکوۃ و خیرات ہے کہ انسان اپنی کمائی اپنے ہاتھ سے اللہ کے نام پر دے تا کہ محبت مال دل میں نہ آ جائے۔ زکوۃ کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس کی وجہ سے مال بربادی وغیرہ سے محفوظ رہتا ہے اور اس میں ہمیشہ برکت رہتی ہے۔ زکوۃ دینے سے بظاہر جیب خالی ہوتی ہے لیکن حقیقت میں بھرتی ہے مثنوی شریف میں فرمایا گیا۔

ہر کہ کارد گردد انبارش تہی — لیکش اندر مزرعہ باشد بہی

marfat.com
Marfat.com

و آنکہ در انبار ماندہ و صرفہ کرد اسپش و موش و حوادث ماش خورد

یعنی ایک کسان نے غلہ بویا دوسرے نے نہ بویا بظاہر بونے والے کی بوری خالی ہو گئی اور نہ بونے والی کے بورے بھرے رہے لیکن حقیقت میں نہ بونے والا خالی ہو گیا کیونکہ اس کے غلہ کو چند روز میں جانور چوہے مہمان اور بال بچے وغیرہ خرچ کر ڈالیں گے لیکن جس نے بویا اس کے بورے پہلے سے زیادہ بھر جائیں گے تفسیر روح البیان میں اسی جگہ ہے کہ کسی نبی پر وحی آئی کہ فلاں شخص کی آدھی عمر غنا میں اور آدھی فقیری میں گزرنے والی ہے اس سے پوچھو کہ پہلے کون سی چیز چاہئے اس نے عرض کیا کہ میں پہلے غنا چاہتا ہوں لہٰذا اس کو غنی کر دیا گیا لیکن اس نے تدبیر یہ کی جتنا پیسا اپنے نفس پر خرچ کرتا اتنا ہی بلکہ اس سے زیادہ فقراء اور مساکین پر۔ جب اس کی آدھی عمر گزر گئی تو ان پیغمبر پر دوبارہ وحی آئی کہ چونکہ اس نے ہماری نعمتوں کا شکر ادا کیا اور شکر سے نعمتیں بڑھتی ہیں لہٰذا اس کی ساری عمر غنا میں کٹے گی۔

اعتراض : پہلا اعتراض: زکوۃ قوم کو ترقی سے روکتی ہے زکوۃ دینے سے غربت آتی ہے اس لئے مسلمان دوسری قوموں سے زیادہ غریب ہیں۔ جواب: زکوۃ قوم کی ترقی کا اصل راز ہے اگر صحیح معنی میں زکوۃ دی اور لی جائے تو قوم میں کوئی غریب نہیں رہ سکتا مسلمان جب تک زکوۃ دیتے رہے بہت مالدار رہے جب سے زکوۃ دینے میں کمی کی خرابی آئی۔ اس وقت مسلمانوں کی غربت کی وجہ یہ ہے کہ یہ بیکاری پسند کرنے میں مقدمہ بازیوں اور شادی بیاہ کی ناجائز رسموں اور عیاشیوں میں خود کو تباہ کرتے ہیں۔ ایسی مثال کہیں نہیں مل سکتی کہ کوئی شخص زکوۃ دینے سے غریب ہو گیا ہو۔ دوسرا اعتراض: آریوں کا۔ زکوۃ کے قانون سے مسلم قوم میں بیکاری اور بھیک مانگنے کی عادت پڑ گئی کیونکہ جب انہیں معلوم ہے کہ زکوۃ کا پیسہ مالداروں سے مل جائے گا تو پھر وہ محنت کیوں کریں۔ جواب: یہ زکوۃ کی خرابی نہیں۔ بلکہ زکوۃ کے غلط استعمال کی خرابی ہے۔ اسلام نے جس طرح کہ مالداروں کی زکوۃ دینے کی ترغیب دی ہے اسی طرح فقراء مساکین کو کما کر کھانے کا اور بھیک سے بچنے کا سخت حکم دیا جس کے متعلق قرآن پاک کی آیتیں اور احادیث بکثرت موجود ہیں۔ زکوۃ لینا تو سخت مجبوری کے وقت ہے اگر کوئی شخص کسی اچھی چیز کو غلط استعمال کرے تو یہ اس کے استعمال کی خرابی ہے نہ کہ اس چیز کی کوئی شخص ریل سے خودکشی کرے تو اس سے ریل بری نہیں ہو گی بلکہ اس کی یہ حرکت بری ہوئی۔ اگر زکوۃ سے بیکاری بڑھتی ہے تو ہندوؤں میں سادھو اور بھکاریوں کی جماعتیں کیوں موجود ہیں۔ تیسرا اعتراض: رب کو راضی کرنے کے لئے صرف ایک نیک عمل کی ضرورت ہے۔ صدہا قسم کے اعمال شریعت نے کیوں بتائے۔ نوٹ: یہ اعتراض خاکساریت کی جڑ ہے کہ ان کے نزدیک صرف جھوٹی خدمت خلق اور نام کا غلط جہاد نجات کا مدار ہے نماز روزے کو مولویوں کی شکم پروری بتایا۔ جواب: جس طرح کہ زندہ رہنے کے لئے ہزار ہا چیزوں کی ضرورت ہے۔ غذا' پانی' لباس' مکان' دوا وغیرہ کہ ان کے بغیر زندگی ناممکن ہے۔ اگر کوئی شخص کہے کہ زندگی کے لئے صرف ہوا کافی ہے۔ غذا وغیرہ کی کیا ضرورت ہے وہ دیوانہ ہی تو ہے تو جس طرح جسمانی زندگی کے لئے بہت سے اعمال ضروری۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ دنیا میں انسان کا تعلق بہت سی چیزوں سے ہے اور ہر تعلق میں انسان صدہا گناہ کر لیتا ہے تو ضرورت تھی کہ ہر تعلق میں کوئی نہ کوئی عبادت بھی رکھی جائے تاکہ اس سے یہ چیزیں پاک ہوتی رہیں۔ چونکہ انسان کو تعلق مال سے بھی ہے اور اس مال میں بہت سے بے احتیاطیاں ہوتی رہتی ہے۔ اس لئے ضرورت تھی کہ اس میں ایک مالی عبادت رکھی جائے۔ اسی کا نام زکوۃ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں ساتھ اس اتارا گیا طرف آپ اور وہ اتارا گیا

اور وہ کہ ایمان لائیں اسپر جو اے محبوب تمہاری طرف اترا اور جو تم

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ؕ

سے پہلے آپ کے اور ساتھ آخرت وہ یقین کرتے ہیں

سے پہلے اترا اور آخرت پر یقین رکھیں

تعلق : اس آیت کو پہلی آیت سے چند طرح سے تعلق ہے۔ بعض تعلقات عبارت کے لحاظ سے ہیں اور بعض مضمون کے لحاظ سے۔ عبارت کے لحاظ سے یہ ہے کہ یا تو یہ علیحدہ جملہ ہے اور یہ مبتداء اور اولٰئک سے آخیر تک اس کی خبر ہے۔ تو اس صورت میں آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ جن لوگوں میں یہ تین صفتیں ہوں وہ ہدایت پر ہیں اور کامیاب ہیں اور یہ الذین پہلے الذین پر معطوف ہے۔ تو اس صورت میں یہ معنی ہوں گے کہ یہ قرآن پاک ان پرہیز گاروں کے لئے ہدایت ہے جن میں وہ پہلی تین صفتیں بھی ہوں۔ اور یہ تینوں صفتیں بھی ہوں جو کہ اب بیان ہو رہی ہے تو گویا یہ آیت بھی متقین کی تفسیر ہے اور یا یہ الذین متقین پر معطوف ہے تو آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ یہ قرآن کریم پرہیز گاروں کے لئے ہدایت ہے اور ان لوگوں کے لئے بھی جن میں یہ تین صفتیں ہوں۔ ان صورتوں میں او لئک سے علیحدہ جملہ شروع ہوگا۔ مضمون کے لحاظ سے بھی چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ پہلی آیت میں متقین کی صفت یہ بیان کی گئی کہ جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں اور بظاہر غیب سے مراد اللہ کی ذات و صفات تھیں اور فقط اللہ کی ذات و صفات کو ماننا متقی ہونے کے لئے کافی نہیں جب تک انبیاء کرام اور آسمانی کتابوں اور قیامت پر بھی یقین نہ ہو ان چیزوں کو اس آیت میں بیان کیا گیا (تفسیر فتح المنان) دوسرے اس طرح کہ پہلی آیت میں ان پرہیز گاروں کا ذکر ہوا تھا کہ جو بے پڑھوں اور مشرکین عرب میں سے ایمان لا کر پرہیز گار بنے کیونکہ ان کے لئے نبوت اور آسمانی کتابیں اور قیامت وغیرہ سب ہی چیزیں بالکل غیب تھیں۔ کیونکہ وہ ان سب سے ناواقف و بے خبر تھے اور اب اہل کتاب کا ذکر ہو رہا ہے کہ جو پہلے سے نبوت اور آسمانی کتابوں اور قیامت کو جانتے اور مانتے تھے اور جن کے لئے یہ چیزیں کسی قدر ظاہر تھی تو یوں سمجھو کہ پہلے ان مسلمانوں کا ذکر ہوا جو شرک سے نکل کر اسلام میں داخل ہوں اور اب ان مسلمانوں کا ذکر ہو رہا ہے کہ جو یہودیت اور عیسائیت سے توبہ کر کے مسلمان ہوں جس سے معلوم ہوا کہ یہ کتاب دونوں قسم کے لوگوں کے لئے پوری ہدایت ہے تیسرے اس طرح کہ یہ آیت پہلی آیت کی تفصیل ہے۔ وہ اس طرح کہ پہلے فرمایا گیا تھا کہ پرہیز گار وہ ہیں۔ جو غیب پر ایمان لائیں اور اب اس کی تفصیل اس طرح فرمائی گئی کہ اس سے وہ مراد ہیں جو ساری آسمانی کتابوں پر ایمان لائیں۔ مگر ان دونوں تعلقات میں غیب سے مراد ساری چھپی ہوئی چیزیں ہیں۔

تفسیر : ایمان کے معنی اور اس کے اقسام اس سے پہلے بیان کئے جا چکے ما انزل میں دو کلمے بہت غور کے قابل ہیں اولاً " ما " اور دوسرے انزل ' ما کے معنی ہیں ہر وہ چیز اور انزل کے معنی جو اتاری گئی آپ کی طرف جس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ

marfat.com
Marfat.com

صرف قرآن پاک کو ماننا مومن و متقی بننے کے لئے کافی نہیں بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری احادیث پاک کو ماننا ازبس ضروری ہے۔ ورنہ یہاں بالقرآن فرمایا جاتا تو آیت کا مقصود یہ ہوا کہ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم متقی وہ ہیں جو ان ساری چیزوں پر ایمان لائیں جو آپ پر اتریں۔ خواہ بذریعہ ظاہر وحی کے جیسے قرآن کریم یا بذریعہ چھپی ہوئی وحی کے یعنی الہام وغیرہ جیسے احادیث۔ لہٰذا حضور صلی اللہ علیہ وسلم جو کچھ خواب میں دیکھ کر فرمائیں اس کا ماننا اور جو کچھ کہ آپ کے قلب پاک پر الہام ہو اس کا ماننا اور جو کچھ ظاہر وحی سے آئے اس کا ماننا غرضکہ جو اب پاک مصطفیٰ صلی اللہ سے ارشاد ہو ان سب کا ماننا ایمان کے لئے ضروری ہے کیونکہ یہ سب رب کی طرف سے ہوتا ہے قرآن کریم فرماتا ہے **وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی** ہمارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم تو اپنی خواہش سے بولتے ہی نہیں بلکہ وہ سب وحی ہوتی ہے جو ان کی طرف کی جاتی ہے۔ لہٰذا جو شخص ان میں سے کسی چیز کا منکر ہو وہ کافر ہے۔ ہم قرآن و حدیث کا فرق مقدمہ میں بیان کر چکے ہیں جن احادیث شریف کو قرآن پاک کی آیتوں نے منسوخ فرمایا جیسے کہ بدر کے قیدیوں سے فدیہ لینا وغیرہ جس کو بے ادب کہہ دیتے ہیں وہ معاذ اللہ نبی کی غلطی تھی ان کا ماننا بھی اس وقت فرض تھا۔ جب وہ کلام ارشاد ہوا تھا اور اس منسوخ ہونے میں بھی عجیب راز ہے۔ جن کو ہم نے اپنی کتاب سلطنت مصطفیٰ میں بیان کیا ہے البتہ بطور مشورہ جو باتیں حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمائیں ان کا یہ درجہ نہیں اسی لئے یہاں ارشاد ہوا **بما انزل** اور یہ نہ فرمایا گیا کہ **بما قلت** یعنی جو کچھ آپ کہیں۔ انزال کے معنی ایک دم اتارنے کے ہیں۔ چونکہ ہر آیت ایک ہی دم اترتی تھی اس لئے یہاں **انزل** فرمایا گیا یعنی ہر اس آیت اور حدیث پر ایمان لائیں جو ایک دم آپ پر اتری اتارنے کے معنی اور اس کی پوری تحقیق مقدمہ میں کر چکے ہیں الہک میں بہت گنجائش ہے۔ جو چیزیں حضور علیہ السلام کے قلب پاک پر بطور الہام اتریں وہ بھی اس میں شامل ہیں اور جو کہ حضرت جبریل علیہ السلام نے آکر عرض کیں۔ اور حضور علیہ السلام نے کان مبارک سے سنیں وہ بھی اس میں داخل اور جن چیزوں کو آنکھوں سے ملاحظہ فرمالیا خواہ فرش پر رہ کر یا عرش پر جا کر وہ سب اس میں شامل ہیں۔ لہٰذا نماز روزہ' زکوٰۃ اور نماز کی رکعتیں اور زکوٰۃ کے نصاب وغیرہ سب اس میں شامل ہیں۔ اگرچہ ان میں سے بعض چیزیں وہ ہیں جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قلب پاک سے معلوم فرمائیں اور بعض وہ جو سن کر یا دیکھ کر معلوم کیں۔

**وما انزل من قبلک** سے معلوم ہوا کہ جس طرح قرآن پاک کا ماننا ایمان کے لئے ضروری ہے۔ اسی طرح ساری آسمانی کتابوں پر ایمان لانا بھی ہے۔ لیکن ان دونوں کتابوں کے ایمان میں دو طرح فرق ہے۔ ایک یہ کہ سارے قرآن پاک کا ماننا بھی ضروری۔ اور اس کی محکم آیتوں پر عمل کرنا بھی ضروری۔ لیکن پچھلی کتابوں کا فقط اس طرح ماننا ہی ضروری ہے کہ وہ آسمانی کتابیں تھیں۔ جو ان پیغمبروں پر آئی تھیں۔ وہ سب حق تھیں۔ لیکن ان پر عمل کرنا ہمارے ذمہ لازم نہیں اور قرآن کریم نے پہلے آسمانی کتابوں کے جو احکام نقل فرمادیئے (جیسے کہ قصاص۔ اور سزاؤں کے احکام) ان پر عمل کرنا ہمیں بھی ضروری ہے۔ لیکن اس لئے نہیں کہ وہ ان کتابوں کے حکم تھے بلکہ اس وجہ سے ان کا ذکر بغیر تردید کے ہمارے قرآن پاک میں آگیا۔ دوسرے اس طرح کہ ان کتابوں کا تفصیل سے جاننا ضروری نہیں صرف اتنا ماننا کافی ہے کہ کچھ کتابیں آئیں تھیں اور حق تھیں لیکن قرآن پاک کے بقدر ضرورت احکام کی تفصیل جاننا ہر مسلمان پر فرض عین ہے اور پورے قرآن کی تفصیل جاننا فرض کفایہ۔ جس فریضہ کو علماء کرام ادا کرتے ہیں۔ ان فرقوں کی وجہ سے **ما انزل** کو دوبارہ فرمایا گیا قرآن پاک کے لئے علیحدہ اور باقی

marfat.com
Marfat.com

ساری آسمانی کتابوں کے لئے علیحدہ۔ نکتہ: منسوخ احکام کا ماننا ضروری ہوتا ہے اور ان پر عمل کرنا کفر منع۔ دیکھو یہ ماننا ضروری ہے کہ پہلے بیت المقدس قبلہ تھا۔ لیکن اس کی طرف نماز پڑھنا منع۔ اس لئے قرآن کریم نے یہاں ایمان کا ذکر فرمایا نہ کہ عمل کا و بالا خرۃ ہمیں تین جگہ رہنا ہے کچھ روز تو دنیا میں کچھ روز قبر میں یعنی عالم برزخ میں اور ہمیشہ آخرت میں دنیا کی ابتداء ہماری پیدائش سے ہے اور اس کی انتہا ہماری موت اور برزخی زندگی کی ابتداء مرنے سے اور اس کی انتہا قیامت اور اخروی زندگی کی ابتداء قیامت سے اور انتہا کبھی نہیں بلکہ اس کی بقاء ہمیشہ دنیا کو دنیا اس لئے کہتے ہیں کہ یا تو یہ دنو سے بنا ہے یا دناءت سے اگر دنو سے بنا ہے تو اس کے معنی ہوئے قریب کی چیز کیونکہ اس کی فنا قریب ہے اور اگر دناءت سے بنا ہے تو اس کے معنی ہیں ادنی یا حقیر چیز برزخ کے معنی ہیں پردے کے چونکہ برزخی زندگی دنیوی اور اخروی زندگی کے درمیان ایک پردہ ہے کہ نہ وہاں عمل ہیں اور نہ کئے ہوئے اعمال کی جزاء لہٰذا اسے برزخ کہتے ہیں۔ آخرت کے معنی دوسری چیز چونکہ وہ دوسری زندگی ہے اس لئے اس کو آخرت کہا جاتا ہے۔ یہاں آخرت سے مراد یا لغوی آخرت ہے یا اصطلاحی لغوی آخرت میں برزخ بھی داخل ہے تو معنی یہ ہوں گے کہ دنیا کے علاوہ دوسری ہر حالت پر وہ یقین رکھتے ہیں۔ کچھ بھی ہو۔ ان سب کا ماننا ایمان کے لئے ضروری ہے چونکہ دنیا کی زندگی اور اس کے سارے حالات محسوس ہیں۔ اور وہ دونوں حالتیں غیب ہیں۔ لہٰذا دنیا پر ایمان لانا ضروری نہیں بلکہ ان دونوں پر ایمان ضروری ہے۔ **ھم یوقنون** کا مقدم کرنا حصر کے لئے ہے یعنی ان ہی لوگوں کو آخرت پر یقین ہے آریے یا سناتنی ہندو وغیرہ چونکہ نہ قیامت کو مانیں اور نہ قیامت کے بعد کے حالات کو اس لئے یہ حصر صحیح ہوا۔ اسی طرح عیسائی اور یہودی اگرچہ قیامت وغیرہ کو مانتے ہیں لیکن غلط طریقہ سے چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ جنت میں صرف یہودی یا عیسائی ہی جائیں گے اور نیز یہ کہ یہودیوں کو صرف چند دن ہی آگ کا عذاب ہو گا اور یہ کہ جنت کی نعمتیں دنیا کی نعمتوں کی طرح نہیں ہیں۔ یعنی وہاں غذائیں اور بیویاں نہیں کیونکہ یہ چیزیں جسم کی پرورش اور نسل کے بڑھانے کے لئے ہوتی ہیں اور ان کی وہاں ضرورت نہیں بلکہ وہاں صرف روحانی خوشی اور سرور ہو گا اور ان سے بعض کہتے ہیں کہ یہ سب چیزیں تو ہوں گی لیکن ہمیشہ نہ رہیں گی بلکہ دنیا کی طرح وہ مٹ جائیں گی اس لئے ان لوگوں نے حقیقتاً صحیح معنی میں آخرت کو نہ مانا۔ (تفسیر روح البیان) ثابت ہوا کہ مسلمانوں کے علاوہ کسی نے بھی آخرت کو صحیح طور پر نہ مانا بعض نے بالکل نہ مانا جیسے آریہ اور بعض نے غلط طریقہ سے مانا لہٰذا یہ انحصار بالکل صحیح ہوا۔ تنبیہہ: جو شخص مسلمانی کا دعویٰ کر کے جنت دوزخ وغیرہ کا انکار کرے یا وہاں کی نعمتوں میں عیسائیوں کی طرح تاویل کرے جیسے کہ سرسید علی گڑھی اور اس کے ہوا خواہ کافر و مرتد ہے اور اس آیت سے خارج از اسلام ہے **یوقنون** یقین سے بنا ہے اور یقین کے دو معنی ہیں ایک کسی چیز کو بلاشبہ جاننا یعنی پہلے شبہ ہو اور بعد میں نہ رہے (تفسیر کبیر یہی مقام) یا دلائل سے بلاشبہ جاننا اس لئے حق تعالیٰ کے علم کو یقین نہیں کہتے۔ "تفسیر روح البیان یہی مقام" کیونکہ خداوند کریم کا علم نہ تو دلائل سے ہے اور نہ شک وشبہ کے بعد اسی طرح حضور علیہ السلام کو جو اپنی نبوت کا علم ہے اس کو یقین نہ کہا جائے گا کیونکہ ان کو نہ تو اس سے پہلے شک تھا اور نہ ان کو یہ علم دلائل سے حاصل ہوا۔ ابو اللیث رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یقین تین طرح کا ہے۔ یقین عیاں، یقین خبر، یقین دلالت، یقین عیاں تو یہ ہے کہ خود چیز دیکھ کر اس کا یقین حاصل ہو۔ یقین خبر وہ ہے کہ جو کسی سے خبر پا کر اس چیز کا یقین حاصل ہو۔ جیسے کہ دھوئیں کو دیکھ کر آگ کا اور دھوپ کو دیکھ کر آفتاب کا یقین یہاں یقین سے آخری دو قسمیں مراد ہیں۔ بلکہ شریعت میں یقین خبر ہی معتبر ہے۔ کیونکہ جو شخص نبی کا انکار کرے اور ان ساری چیزوں کو

marfat.com
Marfat.com

اپنی عقل سے معلوم کرے وہ شریعت میں مومن نہیں اسی لئے اس آیت میں آخرت کے یقین کو کتابوں کے ایمان کے بعد بیان کیا۔

تفسیر صوفیانہ : صوفیاء کرام فرماتے ہیں۔ یقین کے بھی تین درجے ہیں اور ایمان کے بھی علم الیقین' عین الیقین' حق الیقین علم الیقین سن کر جاننا' عین الیقین دیکھ کر جاننا اور حق الیقین اس میں فنا ہو کر جاننا اس کی مثال یوں سمجھو کہ ایک شخص سن کر جانتا ہے کہ آگ گرم ہے دوسرا آگ کے پاس بیٹھا ہوا اس کی گرمی محسوس کر کے جان رہا ہے کہ آگ گرم ہے تیسرے نے اپنے آپ کو آگ میں ڈال دیا اور آگ نے اس کی رگ رگ میں سرایت کی اور وہ زبان حال سے کہنے لگا۔

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جان شدی  تا کس نہ گوید بعد ازاں من دیگرم تو دیگری

اس فنا کے بعد اس کو جاننا تو پہلا علم الیقین ہوا۔ دوسرا عین الیقین اور تیسرا حق الیقین حق الیقین والا جس پر نظر فرمادے۔ اس کو بھی رنگ دے کوئلہ جب آگ بن جاتا ہے تو جسم تو کوئلہ سا رہتا ہے لیکن وہ کام آگ کا سا کرتا ہے نیز صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ جو شخص ان درجات میں ترقی چاہتا ہے وہ حسب ذیل کام کرے 'باوضو رہنا' کم کھانا' اکثر خاموش رہنا' اکثر خدا کا ذکر کرنا' عالم کی چیزوں میں غور کرنا' فرائض اور سنتوں کی پابندی کرنا' دنیا والوں سے بے غرض رہنا' کم سونا' حلال کھانا' سچ بولنا' یہ چیزیں قفلوں کی چابیاں ہیں۔ یقین کا نتیجہ یہ ہونا چاہئے کہ انسان دنیا میں آخرت کی تیاری کرے تفسیر روح البیان شریف میں اس جگہ ہے کہ چند لوگ بہت دھوکے میں ہیں ایک وہ جو اللہ کو خالق جان کر اس کی عبادت نہیں کرتا۔ 2 وہ جو اللہ کو رازق جان کر اس پر بھروسہ نہیں رکھتا۔ 3 وہ جو دنیا کو فانی جان کر بھروسہ کرتا ہے۔ 4 وہ جو کہ اپنے وارثوں کو اپنا دشمن سمجھ کر دین کھو کر ان کے لئے مال جمع کرتا ہے۔ 5 وہ جو کہ موت کو مان کر اس کی تیاری نہیں کرتا۔ 6 وہ جو کہ جانتا ہے کہ قبر میری جگہ ہے اور پھر اس کو آباد نہیں کرتا۔ 7 وہ جو کہ جانتا ہے کہ اللہ پاک حساب لے گا۔ اور پھر اپنا حساب صاف نہیں رکھتا۔ 8 وہ جو کہ جانتا ہے کہ پل صراط پر چلنا پڑے گا۔ اور اپنا بوجھ ہلکا نہیں کرتا۔ 9 وہ جو کہ جانتا ہے کہ جہنم بدکاروں کی جگہ ہے۔ مگر اس سے نہیں بھاگتا۔ 10 اور وہ جو کہ جانتا ہے کہ جنت ابرار کی جگہ ہے مگر اس کی طرف نہیں آتا۔ حق تعالیٰ ہم سب کو عمل کی توفیق دے۔

اعتراض : پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ سارے قرآن پاک پر ایمان لانے سے تقویٰ حاصل ہوتا ہے تو جو صحابہ کرام سارے قرآن شریف کے اترنے سے پہلے وفات پا گئے تھے۔ وہ متقی نہ ہوئے۔ جواب: اس کا جواب پہلے دیا جا چکا ہے کہ ان سب کا ایمان سارے قرآن پاک پر تھا۔ جو آگیا تھا اس پر اور جو آنے والا تھا اس پر بھی ایمان لانے کے لئے اس چیز کا آ جانا ضروری نہیں۔ دیکھو ہمارا قیامت پر ایمان ہے۔ مگر وہ ابھی آئی نہیں دوسرا اعتراض: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور علیہ السلام کے زمانہ میں انجیل و توریت وغیرہ ساری کتابیں صحیح موجود تھیں۔ کیونکہ اگر صحیح نہ ہوتیں تو ان پر ایمان کیسے لایا جاتا۔ اور ان پر بغیر ایمان لائے تقویٰ حاصل نہیں ہو سکتا۔ اگر مسلمان موجودہ انجیلوں وغیرہ کو غلط مانتے ہیں تو وہ اپنے ایمان کو بھی خیر منائیں۔ جواب: انجیلیں حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے زمانہ سے پہلے ہی خلط ملط ہو چکیں تھیں چنانچہ پولوس مقدس نے جو خط گلیتوں کو لکھا ہے اس کے پہلے باب میں ہے کہ لوگوں نے انجیل کو الٹ پلٹ کر دیا اور اے لوگوں تم اور جعلی انجیلوں کی طرف کیوں مائل ہو گئے۔ اصل انجیل بلا توسط کسی انسان کے حضرت مسیح سے مجھ کو ملی ہے اس کے سوا جو کوئی اور انجیل تم کو

marfat.com
Marfat.com

سنائے اس پر لعنت (تفسیر حقانی یہی آیت) بلکہ موجودہ انجیلوں کو دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ یہ کچھ تاریخی کتابیں ہیں جن میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیدائش سے لے کر نقلی موت تک کے حالات جمع کردئے گئے ہیں اس میں یہی ملتا ہے کہ حضرت عیسیٰ نے فلاں موقع پر یہ کہا اور فلاں سے یہ کہا وغیرہ اب آپ کا یہ کہنا کہ اگر اصلی انجیل نہ تھی تو مسلمان ایمان کس پر لائے اور اس آیت کے مضمون کو کس طرح بجالائے اس کا جواب بالکل آسان ہے کہ مسلمان اس پر ایمان لائے تھے کہ جو کتابیں ان پیغمبروں پر آئی تھیں وہ حق تھیں نہ اس پر کہ وہ اب بجنسہ موجود ہیں کس چیز پر ایمان لانے کے لئے اس کا موجود ہونا ضروری نہیں۔ مسلمان تو عیسیٰ علیہ السلام پر بھی ایمان لائے حالانکہ وہ اس وقت موجود نہ تھے۔ تیسرا اعتراض: قرآن پاک کی اس آیت میں بے ترتیبی ہے کیونکہ قرآن کریم ان کتابوں سے بعد میں آیا اور وہ کتابیں اس سے پہلے مگر یہاں قرآن کریم کا ذکر پہلے ہے۔ اور ان کتابوں کا ذکر بعد میں۔ چاہئے تھا کہ ان کا ذکر پہلے کیا جاتا۔ جواب: اگرچہ قرآن کریم دنیا میں آنے کے اعتبار سے ان کتابوں سے پیچھے ہے لیکن اب ایمان لانے اور جاننے میں ان پر مقدم کیونکہ ہمیں ان کتابوں کا علم قرآن کریم کے ذریعہ سے ہوا۔ مسلمان ان کتابوں کو اس لئے مانتے ہیں کہ قرآن کریم نے ان کو منوایا لہذا قرآن کریم کا ذکر پہلے ہی ہونا چاہئے۔ کیونکہ حق اس کا مقدم ہے بلا تشبیہ یوں سمجھو کہ باپ کا حق اولاد پر دادا سے زیادہ ہے۔ اگرچہ دادا دنیا میں آنے میں باپ سے پہلے ہے لیکن اولاد کا رشتہ دادا سے باپ کے ذریعہ سے ہی قائم ہوا۔

| |
|---|
| أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ |
| یہ لوگ اوپر ہدایت سے پالنے والا اپنے اور یہ لوگ وہ |
| وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں |
| الْمُفْلِحُونَ * |
| کامیاب |
| اور وہی مراد کو پہنچنے والے |

تعلق: اس آیت کو پہلے سے چند طرح تعلق ہے عبارت کے لحاظ سے تو اس طرح کہ یا تو یہ الذین کی خبر ہے اور یا یہ علیحدہ جملہ کہ اولئک مبتداء علی ھدی اخیر تک اس کی خبر مضمون کے لحاظ سے چند طرح تعلق ہے۔ اول": یہ کہ یہ آیت گزشتہ کا نتیجہ ہے۔ اس طرح کہ پہلے اعمال کا ذکر ہوا۔ اب اس کے انجام کا۔ یعنی جن لوگوں میں پہلی بیان کی ہوئی صفتیں ہوں۔ ان کا انجام یہ ہے کہ وہ ہدایت پر بھی ہیں اور کامیاب دوسرے یہ کہ یہ پہلی آیتوں کی علت ہے یعنی قرآن کریم ان لوگوں کے لئے ہدایت ہے جن میں وہ پہلی بیان کی ہوئی صفتیں ہوں ان کے لئے ہدایت کیوں ہے۔ اس لئے کہ وہ رب تعالیٰ کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور کامیاب ہیں۔ خیال رہے کہ اس ہدایت میں اور ھدی للمتقین کی ہدایت میں فرق کرنا ضروری ہوگا تاکہ

marfat.com
Marfat.com

علت اور معلول میں یا عمل اور اس کے انجام میں فرق ہو جائے اس کو ہم **ھدی للمتقین** کے ماتحت تفصیل سے بیان کر چکے ہیں۔ اور اس جگہ بھی تفسیر میں کچھ عرض کر دیں گے۔

تفسیر : **اولٰئک** اسم اشارہ ہے اشارہ کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ سننے والے کو محسوس ہو یا تو اس طرح کہ وہ اس کو دیکھ رہا ہو یا اس طرح کہ اس کے اوصاف ایسے بیان کر دیئے جائیں کہ وہ مثل محسوس کے بن جائے لہٰذا اگر **المتقین** سے جماعت صحابہ مراد تھی تو یہ **اولٰئک** پہلی قسم کا اشارہ ہو گا یعنی یہ صدیق و فاروق اور مہاجرین و انصار وغیرہم ہدایت پر ہیں۔ اور اگر عام جماعت متقین مراد تھے تو یہ اشارہ ذہنی ہو گا یعنی قیامت تک کے وہ لوگ جن کی یہ صفتیں ہیں وہ ہدایت پر ہیں۔ لیکن چونکہ ہماری نگاہوں سے جماعت صحابہ کرام بھی غائب ہے۔ اس لئے ہمارے لئے ذہنی ہی ہو گا۔ اس اشارہ میں سارے گزرے ہوئے اور موجودہ اور آئندہ پرہیزگار شامل ہیں۔ **علی ھدی** میں علی اس لئے بڑھایا گیا کہ علی غلبہ کے لئے آتا ہے جیسے کہتے ہیں کہ زید سواری پر ہے۔ یعنی زید سواری پر ہے اور وہ سواری زید کے قبضے میں ہے اسی طرح اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ وہ لوگ ہدایت پر غالب ہیں اور یہ ہدایت ان کے قبضے میں آچکی ہے کہ ان شاء اللہ وہ ان سے چھوٹ نہیں سکتی۔ کیونکہ وہ ان کے رب کا عطیہ ہے اور وہ ہمیشہ اس کو مضبوطی سے پکڑے رہے ہیں نفس اور شیطان اور دنیوی تفکرات اور دیگر راحتیں مصیبتیں ان کو اس ہدایت سے ہٹا نہیں سکتیں۔ اور وہ ان تمام سے اس طرح گزر جاتے ہیں جیسے کہ کشتی دریا سے **ھدی** کے نکرہ ہونے سے معلوم ہوا کہ وہ تمامی قسم کی ہدایتوں پر ہیں وہ اس راستہ پر چل رہے ہیں کہ جو جہنم سے بچاتا ہوا جنت میں ہوتا ہوا اللہ کے محبوبوں اور مقربین سے ملاتا ہوا رب تک پہنچا دیتا ہے **من ربھم** میں نہایت نفیس اشارہ ہوا کہ جو کچھ ان کو ملا ہے یہ ان کے رب کے کرم سے کیونکہ سارے اعمال اسباب ہیں۔ حق تعالیٰ مسبب الاسباب ان کو یہ اعمال ملے وہ بھی اس کے کرم سے ان اعمال پر قائم رہے وہ بھی اس کے کرم سے ان اعمال پر قائم رہیں گے۔ وہ بھی اس کے کرم سے اور اعمال کے باطل کرنے والی چیزوں سے محفوظ رہے یہ بھی اس کے کرم سے اور انہیں جو مقبولیت حاصل ہوئی وہ بھی اس کے کرم سے ( **واولٰئک** ) دوبارہ اس لئے لایا گیا کہ پہلے متقیوں کی دو قسم کی صفتیں بیان ہوئی تھیں۔ ایک تو ایمان بالغیب نماز کا قائم کرنا راہ الٰہی میں خرچ کرنا دوسرے تمام آسمانی کتابوں پر ایمان لانا اور آخرت کا یقین کرنا پہلی صفتوں کے لحاظ سے وہ ہدایت پر ہوئے اور دوسری صفتوں کے لحاظ سے کامیاب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ پہلی صفتیں عام مسلمانوں کی تھیں اور دوسری صفتیں علماء کرام وغیرہم کی تو اب یہ کہا گیا کہ عام مسلمان ہدایت پر ہیں۔ اور خاص علماء کرام وغیرہم کامیاب جیسے قرآن کریم نے اس طرح ارشاد فرمایا کہ **قد افلح من تزکی** کامیاب وہ ہوا جس نے تزکیہ نفس (قلب کی صفائی) کیا دوسری جگہ ارشاد فرمایا **ان الذین امنوا وعملوا الصلحت یھدیھم ربھم** ان آیتوں میں ایمان و عمل کے ساتھ ہدایت کا ذکر ہوا۔ اور صفائی قلب کے ساتھ فلاح یعنی کامیابی کا ( **ھم** ) سے معلوم ہوتا ہے کہ کامیابی انہی لوگوں کے ساتھ خاص ہے۔ یہود و نصاریٰ جو اپنی کامیابی کے خواب دیکھ رہے ہیں اس خواب کی تعبیر کبھی ظہور میں نہ آئے گی۔ ان کی حالت اس پیاسے کی طرح ہے جو دوپہری میں ریت کو دریا سمجھ کر اس طرف محبت اور محنت سے جائے لیکن وہاں پہنچ کر سخت مایوس ہو۔ کفار اور مشرکین کے سارے اچھے اعمال کا یہی حال ہے ( **المفلحون** ) یہ فلاح سے بنا ہے۔ فلاح کے لغوی معنی ہیں چیرنا اور کھلنا اور قطع کرنا اسی لئے کسان کو فلاح کہتے ہیں کیونکہ زمین کو چیرتا ہے

marfat.com
Marfat.com

اصطلاح میں فلاح کے معنی ہیں کامیابی کیونکہ وہ بھی آڑوں اور پردوں کو چیر کر مشکلات کو دفع کر کے حاصل کی جاتی ہے معنی یہ ہوئے کہ اس قسم کے لوگ دنیا اور برزخ اور آخرت ہر جگہ کامیاب ہیں۔ خیال رہے کہ ہدایت و کامیابی سے مراد دنیا کی ہدایت و کامیابی ہے تو معنی یہ ہیں کہ یہ لوگ دنیا میں اچھے عقیدوں پر ہیں اور اچھے اعمال کی توفیق والے ہیں امیری فقیری سلطنت وغیرہ ہر حال میں کامیاب ہیں۔ اگر برزخ کی ہدایت و فلاح مراد ہے تو معنی یہ ہیں کہ مرتے وقت حسن خاتمہ اور قبر میں سوالات کے جوابات کی ہدایت پر ہیں پھر برزخی نعمتوں سے کامیاب ہیں۔ اگر قیامت کی ہدایت و فلاح مراد ہے تو مطلب یہ ہے کہ قیامت میں سوالات ملائکہ کے جوابات کی ہدایت پالیں گے۔ پھر رب کی مغفرت سے کامیاب ہوں گے۔

تفسیر صوفیانہ : صوفیا کرام فرماتے ہیں کہ متقی کی مثال اس شخص کی طرح ہے جو ایک میدان میں جارہا ہے۔ جس میں جگہ جگہ کانٹے اور انگارے غار پھسلنیں ہیں۔ وہ عقلمند بہت احتیاط سے اپنے کو کانٹوں اور غاروں وغیرہ سے بچاتا ہوا اور صاف جگہ پر قدم رکھتا ہوا۔ لالٹین سے کام لیتا ہوا چلا جارہا ہے یہ شخص ان شاء اللہ ہدایت پر بھی رہے گا اور منزل مقصود کو بھی جلد پالے گا۔ دوسرا وہ شخص ہے کہ جس کے پاس کوئی روشنی نہیں جس سے وہ ان مصیبتوں کو دیکھ سکے اور اس کٹھن راستہ کو طے کر سکے۔ یہ شخص کبھی منزل مقصود کو نہیں پاسکتا یا تو کسی غار میں گر کر ہلاک ہو گا۔ اگر آگ میں پڑ گیا تو جل گیا۔ تیسرا وہ شخص ہے۔ جس کے پاس روشنی تو ہے لیکن وہ چلنے میں بے احتیاطی کرتا ہے اس طرح کہ آگ اور غار سے تو بچتا ہے لیکن کانٹوں کا خیال نہیں رکھتا۔ یہ شخص اگرچہ منزل مقصود تک پہنچ جائے گا لیکن زخمی ہو کر اور بہت دیر کے بعد یہ دنیا ایک خار' غار اور آگ والا میدان ہے۔ سینما اور شراب خانے وغیرہ کانٹے ہیں جو اس جگہ بکھرے ہوئے ہیں۔ کفر پھیلے ہوئے انگارے ہیں اور شرک یہاں کے غار تمام لوگ اس میدان کو طے کر رہے ہیں لیکن متقی مسلمان کے پاس قرآن پاک کا گیس ہے اور اپنے تقویٰ کی وجہ سے نہایت احتیاط سے اس کو طے کر رہا ہے۔ نیکی کی جگہ قدم رکھتا ہے۔ برے مقامات سے بچتا ہے گنہگار مسلمان کے پاس بھی یہ روشنی تو ہے اور وہ کفر شرک کی باتوں سے بچتا ہے۔ لیکن بے احتیاطی کی وجہ سے خود کو گناہوں کے کانٹوں میں پھنسا دیتا ہے اور کافر چونکہ قرآن پاک کی روشنی سے علیحدہ ہے اس لئے وہ یا تو شرک کے غار میں گر کر ہلاک ہوتا ہے یا کفر کی آگ سے جل کر تو متقی ہدایت پر بھی ہے اور اعلیٰ درجہ کا کامیاب بھی۔ اور گنہگار مسلمان ہدایت پر تو ہے لیکن اول نمبر کامیاب نہیں۔ اور کافر نہ ہدایت پر نہ کامیاب۔ صوفیاء کرام یہ بھی فرماتے ہیں کہ کامیابی کے تین انجام ہیں۔ اولاً" نفس اور دنیا اور شیطان اور برے ساتھیوں پر غالب رہنا دوسرے کفر و گمراہی اور جہالت اور نفس کے دھوکے اور شیطان کے وسوسوں اور قبر کی وحشتوں' قیامت کی دہشتوں اور پل صراط کی پھسلنوں اور جنت کی محرومی اور عذاب کی سختیوں سے نجات پاجانا۔ تیسرے ابدی ملک اور سرمدی نعمتوں اور لازوال رحمتوں اور دائمی سرور اور بے گرد و غبار کی تندرستی اور بے حجاب محبوب کو پالینا حق تعالیٰ ہم کو نصیب فرمائے۔ نیز صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ ایک ہی راستہ کو کوئی شخص پیدل طے کرتا ہے۔ دوسرا گھوڑے پر تیسرا برق رفتار موٹر کار پر جتنی تیز سواری ہو گی اسی قدر جلد راستہ طے ہو گا طریقت نہایت تیز سواری ہے۔ اور شریعت نہایت مضبوط اور احتیاط کی سواری شریعت میں پھسلن کم مگر رفتار آہستہ اور طریقت میں رفتار تیز خطرات بہت زیادہ اس کو مثنوی شریف میں یوں بیان فرمایا۔

یک زمانہ صحبت با اولیاء بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

marfat.com
Marfat.com

یعنی اللہ والوں کی ایک آن صحبت سو برس کی خالص عبادت سے بہت زیادہ نافع ہے نیز شریعت میں اپنے آپ جانا ہوتا ہے اور طریقت میں کسی اور کی طرف سے کشش ہوتی ہے۔ تو ھدی سے مراد شریعت پر چلنا ہے اور فلاح سے مراد رب کا اپنی طرف کھینچنا ہے۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ جو شخص نیک اعمال کی نار (آگ) سے اپنے وجود کے حجاب کو جلا دیتا ہے اور دنیا سے نگاہ پھیر کر آخرت کا مشاہدہ کرتا ہے تو اس کو رحمت ربانی اپنی طرف اس طرف جذب کر لیتی ہے کہ وہ رحمت جاذب اور یہ مجذوب بلکہ یوں کہو کہ وہ طالب اور یہ مطلوب ہوتا ہے۔ اس کلام کی کوئی انتہا نہیں یہ حال ہے اس کو قال سے بیان نہیں کیا جاسکتا۔

اعتراض : پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ جن لوگوں میں پرہیزگاروں کی سی چھ صفتیں ہوں وہ ہدایت بھی پائیں اور کامیاب بھی ہوں۔ لہٰذا گنہگار مسلمان چونکہ نماز اور زکوۃ کے پابند نہیں ہوتے اور وہ ان دو صفتوں سے محروم ہیں چاہئے کہ وہ ہدایت اور کامیابی دونوں سے محروم ہوں جواب: متقیوں کی جو چھ صفتیں بیان کی گئیں ہیں ان میں سے بعض اصل ہیں کہ جن کے نہ ہونے سے انسان ہدایت اور کامیابی سے بالکل محروم رہے گا اور بعض صفتیں فرعی ہیں کہ جن کے نہ ہونے سے انسان کامل ہدایت اور کامل کامیابی نہیں حاصل کر سکتا عقائد یعنی غیب پر ایمان وغیرہ یہ اصل صفتیں تھیں۔ اور اعمال و نماز و زکوۃ کا ادا کرنا کامل کامیابی کے حاصل کرنے کے لئے ہے ان آیتوں کا مطلب یہ ہے کہ جن میں یہ عقائد اور یہ اعمال پائے جائیں وہ کامل ہدایت پر ہیں اور کامل کامیاب اور جن میں یہ اوصاف نہ ہوں وہ کامل کامیاب نہ ہوں گے اگر عقائد درست نہ ہیں۔ تو کامیابی سے یکسر محروم اور اگر صرف اعمال بگڑے ہوئے ہیں تو ناقص کامیاب۔

آریوں کا اعتراض : خدا تعالیٰ کی یہ بے جا طرفداری ہے۔ کہ مسلمانوں کے اعمال تو قبول کرے اور غیر مسلموں کے اعمال رد کر دے جب دونوں ایک ہی اعمال کر رہے ہیں تو یہ فرق کیوں ایک ہندو کنواں کھدواتا ہے پل بنواتا ہے اور صدقہ خیرات کرتا ہے تو وہ بالکل قبول نہ ہوں۔ اور ایک مسلمان ان میں سے دسواں حصہ بھی کرے تو خدا کا پیارا بن جائے۔ جواب: ایک شخص نہایت عمدہ حلوا بناتا ہے۔ جس میں کہ سوجی' بادام' گھی' شکر وغیرہ خوب اچھی طرح ڈالتا ہے۔ لیکن اس میں چھٹانک بھر سنکھیا بھی حل کر کے ملا دیتا ہے دوسرے آدمی نے حلوا تو معمولی بنایا لیکن اسے زہر سے محفوظ رکھا۔ یقیناً اس بے وقوف مالدار کا قیمتی حلوا ہلاک کر دے گا اور اس عقلمند غریب کا معمولی حلوہ فائدہ مند ہو گا یہ نیک اعمال حلوے کے اجزاء ہیں اور کفر زہر کافر جو نیک کام بھی کرتا ہے۔ اس میں کفر کا زہر موجود ہوتا ہے لہٰذا اس کے اعمال بے کار ہیں اور مسلمان اگرچہ معمولی نیک کام کرے لیکن اس کے اعمال کفر کے زہر سے محفوظ ہیں۔ لہٰذا کار آمد۔

| |
|---|
| اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ |
| تحقیق وہ لوگ کافر ہوئے برابر ہے ان پر خواہ ڈرائیں آپ انہیں یا نہ |
| بے شک وہ جن کی قسمت میں کفر ہے انہیں برابر ہے چاہے تم انہیں ڈراؤ یا نہ |

marfat.com

Marfat.com

# لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۞

ڈرائیں وہ نہیں ایمان لائیں گے۔

وہ ایمان لانے کے نہیں

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح کا تعلق ہے۔ اولا یہ کہ ان آیتوں میں حق تعالیٰ کے مقبول بندوں کا ذکر تھا۔ اب ان کے مقابلے میں مردودوں کا ذکر فرمایا گیا کیونکہ ہر چیز اپنے مقابل کے ذریعہ پورے طور پر پہچانی جاتی ہے۔ دن رات کے ذریعے سے اور نور ظلمت کے ذریعہ سے خوب ظاہر ہوتا ہے دوسرے یہ کہ مقبولوں کی ان صفتوں کا ذکر تھا۔ جن سے انہوں نے ہدایت اور کامیابی پائی۔ اور مردودوں کی ان صفتوں کا ذکر فرمایا گیا جن کی وجہ سے وہ ہدایت و کامیابی سے محروم رہے اور ہدایت کی حکمت یہ ہے کہ دونوں قسم کی صفتوں کا ذکر کر دیا جائے تاکہ سننے والے بہتری کے اسباب کو حاصل کریں اور برائیوں کے اسباب سے بچیں۔ تیسرے یہ کہ پہلے فرمایا گیا تھا کہ قرآن کریم ان پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے۔ جن میں پہلی ذکر کی ہوئی چھ صفتیں ہوں۔ اب ارشاد ہوا کہ قرآن کریم ان کے لئے ہدایت نہیں۔ جن میں یہ آنے والی صفات ہوں۔ جس سے معلوم ہو جائے کہ وہ چیزیں ہدایت کی ملتیں تھیں اور یہ محرومی کی۔ ایک قابل طبیب مریض کو علاج کو تدبیریں بھی بتاتا ہے اور پرہیزکی چیزیں بھی کہ فلاں فلاں چیزیں مضر ہیں۔ تاکہ مریض وہ تدبیر کرے اور ان نقصان دہ چیزوں سے بچے۔

**شان نزول** : یہ آیت کریمہ ابوجہل و ابولہب وغیرہ ان کفار کے حق میں نازل ہوئی جو علم الٰہی میں ایمان سے محروم تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ایمان نہ لانے سے غمگین ہوتے تھے۔ تب یہ آیت اتری اور حق تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی کہ نہ تو آپ کی تبلیغ میں کوتاہی ہے اور نہ ہمارے کلام میں کچھ نقصان۔ ان کا ایمان نہ لانا خود ان کی بدنصیبی ہے اور محرومی کی وجہ سے ہے آپ اس پر غمگین نہ ہوں۔

**تفسیر** : **ان** اس کے معنی ہیں تحقیق یا بے شک یہ اس مقام پر بولا جاتا ہے۔ جہاں کوئی شخص کلام کا انکار کار ہا ہو یا خود کلام ایسا اہم ہو کہ جس کے انکار کا اندیشہ ہو۔ چونکہ یہ مضمون بہت اہم تھا۔ اور ناسمجھ لوگ یقیناً اس کا انکار کرنے والے تھے اس لئے کلام کی اہمیت سمجھانے کے لئے اس جگہ **ان** فرمایا گیا الذین سے یا تو خاص لوگ مراد ہیں جیسے ابوجہل' ابولہب اور ولید ابن مغیرہ وغیرہم اور یا عام وہ کفار مراد ہیں جن کی ضد اور ہٹ دھرمی ان کی طرح ہو۔ خیال رہے کہ قرآن پاک کی عبارت کے عموم کا لحاظ ہوتا ہے۔ نہ کہ واقعہ نزول کے خصوص کا یعنی اگرچہ یہ آیت خاص چند لوگوں کے حق میں اتری۔ لیکن چونکہ اس کے الفاظ عام ہیں اس لئے اس آیت سے وہ سب مراد ہو سکتے ہیں جو ازلی کافر ہوں **کفروا** کفر سے بنا ہے۔ کفر کے لغوی معنی ہیں چھپانا اور ڈھکنا اس لئے چھلکے کو کفور کہتے ہیں کیونکہ وہ مغز کو ڈھانپے ہوتا ہے کافور کو بھی کافور اس لئے کہتے ہیں کہ اس کی بو تمام بوؤں کو ڈھک لیتی ہے شریعت میں کفر کے معنی یہ ہیں کہ اللہ کے وجود یا اس کی توحید یا کسی نبی کی نبوت یا دینی ضروریات میں سے کسی چیز کا انکار کر دینا دینی ضروریات وہ چیزیں ہیں جن کو عام مسلمان جانتے ہیں کہ وہ دینی چیزیں ہیں۔ یا وہ کہ جن کا جاننا دین میں داخل ہونے کے لئے ضروری ہو تو سمجھو کہ جس چیز کو مان کر انسان مسلمان ہوتا ہے۔ اس کا انکار کر کے کافر بن جاتا ہے۔ **تتمہ**: بعض

marfat.com

Marfat.com

کام وہ ہیں جن کو شریعت نے دین کے انکار کا نشان قرار دیا۔ جیسے زنار باندھنا اور سر پر ہندوانی چوٹی رکھنا وغیرہ یہ کام بھی کفر ہیں کیونکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا کرنے والا بے دین ہو چکا ہے یوں سمجھو کہ جو کام کفار کے دینی نشان بن چکے ہوں یعنی جن کو دیکھ کر لوگ یہ سمجھتے ہوں کہ یہ کوئی کافر ہے ان کا کرنا مسلمانوں کے لئے کفر ہے۔ جیسے قشقہ لگانا۔ چوٹی رکھنا۔ اور جو کام کفار کے نشان ہوں وہ مسلمان کے لئے حرام جیسے کہ ہیٹ لگانا اور ہندوانی دھوتی باندھنا" قرآن کریم میں کفر چار معنی میں استعمال ہوا ہے۔ ایک ایمان کا مقابل دوسرے انکار کرنا تیسرے شکر کا مقابل یعنی ناشکری جیسے **واشکرولی ولا تکفرون** چوتھے بیزاری جیسے **یکفر بعضکم ببعض** یہاں پہلے معنی مراد ہیں۔ کیونکہ اس سے پہلے ایمان کا ذکر ہو چکا ہے کفر چار طرح کا ہے۔ کفر انکار وہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کو جانے ہی نہیں۔ جیسے کہ رب سے بے خبر کفار دوسرے کفر جحود وہ یہ کہ رب کو دل سے جانے مگر زبان سے اقرار و اعتراف نہ کرے جیسے کہ ابلیس اور ضدی کافروں کا کفر' تیسرے کفر عناد' وہ یہ کہ دل سے جانے بھی زبان سے بول دے۔ لیکن کسی وجہ سے اس کی اطاعت نہ کرے۔ جیسے ابو طالب کا کفر کہ وہ فرماتے ہیں۔ شعر

**ولقد علمت بان دین محمد — من خیر ادیان البریۃ دینا**
**لو لا ملامتہ او حذار مسبتہ — لوجدتنی سمحا بذالک مبینا**

اور جیسے کہ آج کل کے وہ ہندو وغیرہ جو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نعتیں لکھتے ہیں اور ان میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حقانیت کا اقرار کر جاتے ہیں لیکن مسلمان نہیں ہوتے۔ چوتھے کفر نفاق وہ یہ ہے کہ زبان سے اقرار کرے اور دل میں اعتقاد نہ ہو۔ (تفسیر روح البیان) یہاں دوسری قسم کا کفر مراد ہے ابو طالب کے ایمان اور کفر کی بحث انشاء اللہ کسی اور جگہ کی جائے گی اس میں بہت گفتگو کی گئی ہے کہ یہاں کون سا کفر اور کون سے کفار کی طرف اشارہ ہے کیونکہ تمام کافر تو ایسے نہ تھے جن کے ایمان سے ناامیدی ہو۔ صدہا کافر مسلمان ہوئے اور یہاں مایوسی کا اظہار فرمایا جا رہا ہے اس لئے بعض علماء کرام فرماتے ہیں کہ اس سے مراد وہ کافر ہیں جو ضد کی وجہ سے کافر ہوئے بعض تو بے علمی کی وجہ سے کافر رہے اور بعض شبہات کی وجہ سے ان دونوں کے ایمان کی امید ہوتی ہے کہ اگر ان کو اسلام کا صحیح علم ہو جائے یا ان کے شبہات دور ہو جائیں تو وہ ایمان لے آئیں لیکن بعض ایسے ہوتے ہیں کہ ہر بات کو جان کو سمجھ کر محض ضد اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے اسلام قبول نہیں کرتے ان کے ایمان کی کوئی امید نہیں کیونکہ ضد کا علاج کسی عالم کے پاس اور وہم کی دوا کسی طبیب کے پاس نہیں ضد کی چند وجہیں ہوتی ہیں ایک یہ کہ رہبر کی ذات سے عناد ہو تو وہ اس کی ہر بات کا انکار ہی کرتا ہے۔ دیکھو ابلیس حضرت آدم علیہ السلام کے حسد و عناد کی وجہ سے کافر ہوا تو رب کا حکم سجدہ سن کر فرشتوں کو سجدے کرتے دیکھ کر بھی ایمان نہ لایا کیونکہ کلام کا اثر متکلم کی عظمت سے ہوتا ہے عشق مصطفیٰ دل میں کفر آنے نہیں دیتا۔ عداوت مصطفیٰ دل میں ایمان آنے نہیں دیتی۔ دوسرے اپنے کافر باپ داداؤں کی بے جا حمایت کہ ان کی ہر بات مانیں گے خواہ وہ غلط ہو یا صحیح تیسرے خود اس فرمان سے ضد جو رہبر فرما رہا ہے یہ تینوں قسم کے ضدی لوگ ایمان سے یکسر محروم ہیں بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس عالم کے علاوہ ایک اور عالم بھی ہے جسے امثال یا عالم غیب کہتے ہیں۔ جو کچھ یہاں ہو رہا ہے یا ہونے والا ہے وہ سب کچھ پہلے ہو چکا ہے گویا کہ عالم ظہور یا عالم شہادت اس عالم غیب کا سایہ ہے تو ان سے مراد وہ لوگ ہیں جو عالم امثال میں کافر ہو چکے ہیں یعنی ازلی کافر اسی کی طرف وہ حدیث شریف اشارہ کرتی ہے جس میں فرمایا گیا ہے کہ تمام روحیں مثل چیونٹیوں کے حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے نکالی گئیں جن میں سے بعض سفید اور بعض کالی

marfat.com
Marfat.com

تھیں نیز حدیث معراج میں آتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت آدم علیہ السلام کو اس حال میں دیکھا کہ ان کے دائیں بائیں روحیں تھیں داہنی طرف دیکھ کر خوش اور بائیں طرف دیکھ کر غمگین ہوتے تھے۔ حضرت جبریل نے عرض کیا کہ یہ ان کی اولاد کی روحیں ہیں داہنی طرف مومنین اور بائیں طرف کفار ہیں غرضیکہ دوسرے عالم میں دو قسم کے لوگ تھے بعض کافر اور بعض مومن یہاں وہ ہی کفار مراد بعض علماء کرام فرماتے ہیں اس سے وہ کفار مراد ہیں جن کے متعلق علم الٰہی میں آچکا ہے کہ کافر مریں گے اس کے متعلق بھی مختلف احادیث وارد ہیں بہت سے وہ لوگ جو اس وقت مومن ہیں مگر حق تعالیٰ کے علم میں وہ کافر ہیں اور بہت سے وہ لوگ ہیں کہ جو بظاہر یہاں کافر ہیں اور حق تعالیٰ کے علم میں مومن ہیں ان کا اخیر حق تعالیٰ کے علم کے مطابق ہی ہوگا وہی لوگ یہاں مراد ہیں تو آیت کا مقصود یہ ہوا کہ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم قرآن اور آپ کا کام ہدایت دینا اور راہ بتانا ہے نہ کہ کسی چیز کی حقیقت کو بدل دینا جس طرح کہ ہادی کی تعلیم سے جانور انسان نہیں بن سکتا اسی طرح ازلی بد بخت نیک بخت نہیں ہو سکتا جو وہاں نور سے محروم رہا ہے انہیں یہاں کون منور کرے؟ **سواء** اور **استواء** ایک ہی معنی میں آتے ہیں یعنی برابر ہونا مگر یہاں یہ مصدر اسم فاعل کے معنی میں ہے یعنی برابر **علیھم** سے اس جانب اشارہ ہے کہ آپ کا ان کو ڈرانا اور نہ ڈرانا ان کے لئے برابر ہے کہ وہ بہر حال ایمان نہ لائیں گے مگر اے محبوب آپ کے لئے برابر نہیں کیونکہ آپ تبلیغ کا ثواب پائیں گے یہ تبلیغ آپ کے لئے بہت مفید اور ان کے لئے بیکار اسی لئے حضور نے آخر تک ان کفار کو بھی تبلیغ فرمائی جن کا کفر پر مرنا یقینی تھا۔ عبداللہ بن ابی منافق کا جنازہ پڑھا دینا بھی تبلیغ کے لئے تھا جس سے بہت سے منافق مخلص بن گئے اور نماز اس میت کے لئے بیکار تھی مگر حضور کے لئے ثواب کا باعث کہ تبلیغ عملی تھی۔ ڈاکٹر مایوس مریض کو آخر دم تک دوا دیتا ہے جس پر فیس اور دوا کی قیمت ملتی ہے اگرچہ بیمار نہ بچے بادل ہر زمین پر برستا ہے۔ جس کے لئے دنیا میں وعظ بیکار ہے اس کے لئے آخرت میں جہنم کی آگ پر صبر اور بے صبری برابر ہوگی اور جس کے لئے جوانی اور بڑھاپا تندرستی اور بیماری آرام اور تکلیف ظاہر اور چھپا ہوا گناہ برابر ہو یعنی ہر حال میں گناہ کرے۔ اس کے لئے خوف ہے کہ موت کے وقت توبہ کرنا اور نہ کرنا برابر ہو ایسے ہی اللہ والوں سے ملنا اور نہ ملنا برابر ہو۔ شفاعت ہونا نہ ہونا برابر ہو (تفسیر تیسیر) **ءانذرتھم** انذار سے بنا ہے جس کے لغوی معنی ہیں خطرناک چیز کی اطلاع دینا یعنی ڈرانا۔ اور شریعت میں عذاب الٰہی سے ڈرانے کو انذار کہتے ہیں جو شخص دنیوی مصیبتوں سے کسی کو ڈرائے اس کو شرعاً "منذر" کہا جاتا ہے۔ نکتہ: نبی ڈراتے بھی ہیں اور خوشخبریاں بھی دیتے ہیں اس لئے ان کو نذیر اور بشیر کہا جاتا ہے اس آیت میں فقط ڈرانے کا ذکر فرمایا گیا مگر بشارت کا ذکر نہ ہوا اس لئے انسان ڈر سے زیادہ اطاعت کرتا ہے بڑے سے بڑا مجرم جیل خانہ کے خوف سے جرم سے باز آتا ہے مثل مشہور ہے کہ حجت وہاں کام آتی ہے جہاں بات کام نہیں آتی۔ جب ان بے دینوں کے لئے ڈرانا ہی مفید نہ ہوا تو بشارت کیا فائدہ دیگی اس لئے ڈرانے کے ساتھ بشارت کا ذکر نہ فرمایا گیا نیز ڈرانا مقدم اور بشارت بعد میں جب وہ اس درجہ سے نکلے ہی نہیں۔ اور بشارت کی حد میں ہی نہ آئے تو انہیں بشارت کس طرح دی جاسکتی تھی۔ **لا یومنون** میں غیب کی خبر ہے۔ اور یہ خبر بالکل سچی ثابت ہوئی کہ آخر کار وہ لوگ ایمان نہیں لائے۔ اس جگہ یہ فرمایا گیا کہ وہ ایمان نہ لائیں گے اور یہ نہ کہا گیا کہ وہ ایمان لانے پر قدرت نہیں رکھتے تاکہ یہ معلوم ہو کہ ان کا یہ کفر اختیاری ہے وہ اس میں مجبور نہیں ہیں۔ کیونکہ علم الٰہی میں یہ آیا ہے کہ وہ اپنی خوشی اور اپنے اختیار سے کافر رہیں گے تو جس طرح ان کا کافر رہنا یقینی ہے۔ اسی طرح ان کا مختار بننا بھی یقینی ہے۔ مجبور و معذور کو حق تعالیٰ عذاب نہیں دیتا۔ ہماری اس مختصر تقریر سے تقدیر کا بڑا

marfat.com
Marfat.com

مسئلہ بھی حل ہو گیا اس کی پوری بحث ان شاء اللہ کسی اور مقام پر کی جائے گی۔

**تفسیر صوفیانہ** : اس آیت میں یہ فرمایا جا رہا ہے کہ جنھوں نے میثاق کے دن بلٰی کہہ کہ ہماری ربوبیت کا اقرار کیا اور بعد میں اپنے دل کے صاف آئینے کو اعمال بد سے اس قدر خراب کر لیا کہ وہ صیقل کے قابل نہ رہا اور جنھوں نے کہ اپنی نفیس ارواح کے پرندوں کو قالب کے پنجرے میں ہونے کے بعد پانچوں حواس کے روزنوں کے ذریعہ اس دنیا کو اس طرح دکھایا کہ وہ اپنے اصلی وطن کو بھول گئے۔ اور نفس اور شیطان کی صحبت میں روح کو ایسا مانوس کیا۔ کہ وہ اپنے اس پرانے وطن کے دوستوں سے منہ موڑ بیٹھی وہ لوگ اب اس قابل نہ رہے کہ وطن کو یاد کریں صوفیاء کرام یہ بھی فرماتے ہیں کہ لفظ انسان انس سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں محبت چونکہ انسان ہر انیس یعنی ساتھی کا اثر بہت جلد لیتا ہے اس لئے اسے انسان کہتے ہیں۔ لہٰذا اگر انسان کے ساتھی اچھے ہوں گے تو انسان بھی اچھا رہے گا اور برے ساتھیوں سے خود برا ہو جائے گا انسانوں کو ناس بھی کہتے ہیں ناس کے معنی ہیں بھولنے والا یہ بھی شیطان کی صحبت اور دنیا کے میدان میں آکر اللہ کو بھول جاتے ہیں اس لئے ان کو ناس کہا جاتا ہے۔ نیز صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ روح دو چیزوں کو دیکھتی ہے ایک تو دنیا کو دوسرے آخرت کو دنیا کو دیکھنا' آنکھ' ناک' کان وغیرہ روزنوں کے ذریعے سے اور آخرت کا دیکھنا خفیہ روزنوں سے ہے۔ جو انسان ہر وقت دنیا میں مشغول رہے گا۔ آخر کار آخرت کے روزن سب بند ہو جائیں گے۔ جس کو قرآن کریم فرما رہا ہے۔ **ام علی قلوب اقفالها**

**اعتراض : پہلا اعتراض:** جب حق تعالیٰ کے علم میں یہ بات آچکی کہ وہ ایمان نہ لائیں گے۔ تو ان کی تبلیغ سے کیا۔ فائدہ : چاہئے تھا کہ ان کو تبلیغ بھی نہ کی جاتی **جواب:** تبلیغ سے دو فائدے ہوئے ایک تبلیغ کرنے والے کو دوسرے اس کو جس کو تبلیغ کی جائے۔ یہاں ایک فائدہ فوت ہو چکا۔ مگر دوسرا فائدہ یعنی مبلغ کا ثواب باقی ہے۔ اس لئے تبلیغ بے کار نہ ہوئی نیز اس تبلیغ کی وجہ سے قیامت کے دن ان کفار کا منہ بند ہو جائے گا اور وہ اپنی بے علمی کا عذر نہ کر سکیں گے۔ **دوسرا اعتراض** جب رب کو خبر تھی کہ وہ ایمان نہ لائیں گے تو ان کو ہلاک کیوں نہ کر دیا جیسے کہ قوم نوح علیہ السلام کو ان کے ایمان نہ لانے کی خبر دے کر ہلاک کر دیا گیا۔ **جواب:** اس لئے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم رحمتہ للعالمین ہیں آپ کے ہوتے ہوئے عام عذاب الٰہی نہیں آتا پہلے حق تعالیٰ کے جلال کا ظہور تھا۔ اور اب دنیا میں امن و امان کا دور دورہ ہے۔ جس پر قرآن کریم شاہد ہے **وما كان الله ليعذبهم و انت فيهم** **تیسرا اعتراض:** جب کہ ان کی تقدیر میں یہ آچکا کہ وہ ایمان نہ لائیں گے۔ تو اب چاہئے کہ انہیں کفر کی سزا نہ ملے۔ کیونکہ وہ اپنے اس کفر میں مجبور ہیں۔ **جواب** اس سوال سے معلوم ہوتا ہے کہ معترض تقدیر کی حقیقت نہیں سمجھا۔ تقدیر علم الٰہی کا نام ہے۔ اس علم میں جس طرح مجرم کا جرم داخل ہے ایسے ہی اس کا اختیار بھی یعنی حق تعالیٰ کو اس کے متعلق یہ علم ہوا کہ اس شخص کو ایمان لانے یا نہ لانے کا اختیار تو ہو گا۔ مگر یہ اپنی خوشی سے ایمان نہ لائے گا جب یہ کفر اختیاری ہوا۔ تو اس کی سزا ضرور ملنی چاہئے۔ **چوتھا اعتراض:** جب حق تعالیٰ نے ان کے کافر رہنے کی خبر دے دی۔ تو ان کا مسلمان ہونا ناممکن ہو گیا کیونکہ خدا کی خبر جھوٹی نہیں ہو سکتی تو ضروری ہوا کہ وہ اس کفر پر عذاب نہ پائیں۔ **جواب:** جس طرح کہ خداوند کریم کے جان لینے سے وہ کفر میں مجبور نہ ہوئے اسی طرح حق تعالیٰ کی خبر دینے سے بھی وہ کفر پر مجبور نہ ہوں گے کیونکہ خبر یہ دی گئی کہ وہ بخوشی کافر رہیں گے۔ اس خبر سے ان کا ارادہ سے کافر رہنا ضروری ہوا۔ اور اس ارادہ کی وجہ سے وہ مختار

marfat.com
Marfat.com

رہے نیز یہ خبر ایسی ہے جیسے ایک طبیب کسی غافل مریض سے کہہ دے کہ تمہاری بیماری چوتھے درجے تک پہنچ چکی ہے۔ جس کا
علاج ناممکن ہے اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ تو نے اپنی بیماری سے بے پرواہی کر کے اور بد پرہیزی کر کے اسے اتنا بڑھالیا کہ وہ
علاج کے قابل نہ رہی۔ اس میں قصور بیمار کا ہی ہوگا۔ نہ کہ طبیب کا اسی طرح سمل فرمایا جارہا ہے کہ ان کفار نے اپنے کفر کو اس
حد تک پہنچادیا ہے اور وہ ان کے دل میں اس قدر مضبوط ہو چکا کہ اس کا نکلنا ناممکن تو کفر کا اتنا قوی ہونا بھی ان کی اپنی ہی بے
احتیاطیوں سے ہے۔ لہٰذا وہ ہی مجرم ہیں اور یہ دیکھا بھی گیا ہے کہ کسی کی مخالفت معمولی درجہ کی ہوتی ہے لیکن بڑھتے بڑھتے
عناد ذاتی بن جاتی ہے۔ پانچواں اعتراض: جن کے متعلق قرآن کریم میں یہ خبر دی جا چکی ہے کہ وہ ایمان نہ لائیں گے۔
اب ان کا ایمان لانا کس طرح بھی ممکن نہ رہا کیونکہ اب اگر وہ ایمان لائیں بھی تو اس آیت کو مانیں گے یا نہیں۔ اگر انکار کریں
تو کافر کیونکہ آیت کا انکار کفر ہے اور اگر مانیں تو کافر کیونکہ اس میں اپنے کو بے ایمان ماننا ہے اس لئے کہ اس آیت کا مضمون
یہی ہے اور اپنے کو بے ایمان ماننا بھی کفر ہے اب بتاؤ ان کے لئے ذریعہ ایمان کیا رہا اوروں کے لئے قرآن کریم کو ماننا ایمان ہے
اور ان کے لئے کفر جواب: اس قسم کے لوگ اگر ایمان لائیں تو اس آیت کو اس طرح مانیں گے کہ بعض لوگ ازلی کافر ہیں
نہ یہ کہ ہم کیونکہ اس آیت کریمہ میں کسی کا نام لے کر یہ حکم نہیں لگایا گیا اور اس آیت کے مضمون کو اس طرح مان لینا یقیناً کفر
نہیں۔ لہٰذا ان کے لئے اس آیت کا ماننا کفر نہ ہوا۔ اس کی پوری بحث ان شاء اللہ مسئلہ تقدیر میں کی جائے گی۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَعَلٰٓى

مہر کر دی خدا اوپر دلوں ان کے اور اوپر کانوں ان کے اور اوپر آنکھوں ان کے

اللہ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر مہر کر دی اور ان کی آنکھوں پر

اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ز وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ع

پردہ اور لیے ان کے سزا بڑی

گھٹا ٹوپ اور ان کے لئے بڑا عذاب

تعلق: اس آیت کا پہلی آیت سے یہ تعلق ہے کہ پہلے ان کفار کی صفات و حالات کا ذکر ہوا تھا اور اب اس کی وجہ بیان
ہوئی کہ ان میں یہ صفات کیوں پیدا ہوئے۔ یا پہلی آیت میں ان کفار کی صفات کا ذکر تھا۔ اور اس میں ان کے انجام کا یا پہلی
آیت میں ان کی بیماری کا ذکر ہوا۔ اور اس میں اس بیماری کا وجہ کا تذکرہ اور یا پہلے بیماری کا ذکر تھا۔ اور اب اس کے نتیجے کا۔ لہٰذا
یہ آیت پہلی آیت کی یا تو وجہ ہے یا اس کا انجام۔

تفسیر: ختم اللہ ختم کے معنی ہی چھپانا۔ اور مضبوط کرنا اور انتہا کو پہنچنا مہر لگانے کو ختم اس واسطے کہتے ہیں کہ اس کی وجہ
سے اندر کی چیز لوگوں کی نگاہوں سے چھپادی جاتی ہے۔ مثلاً کسی شخص نے کسی چیز کا پارسل کیا۔ تو اس کو تھیلے میں بھر کر اس پر

marfat.com
Marfat.com

لاکھ وغیرہ کی مہر لگادی جس سے کہ کوئی اس کو راستہ میں کھول نہ سکے۔ یہاں ختم سے مراد مہر لگانا ہے اور دل پر مہر لگانے سے یہ مطلب ہے کہ ان کی سرکشی اس حد تک پہنچ گئی کہ وہ کفر اور گناہوں کو اچھا سمجھنے لگے ایمان و اطاعت کو برا اور کافر سرداروں کی طرف رغبت اور انبیاء اور اولیاء سے بے رغبتی کرنے لگے اب ان کے دلوں کا حال ایسا ہو گیا کہ نہ ان سے کفر نکل سکتا ہے اور نہ ان تک حق جا سکتا ہے۔ جیسے کہ مہروالا پارسل کہ نہ تو اس میں سے کوئی چیز نکل سکے اور نہ کوئی چیز باہر سے جا سکے۔ قرآن کریم نے اس حالت کو یہاں ختم سے بیان فرمایا۔ اسی حالت کو دوسری جگہ طبع سے بیان فرمایا۔ **طبع اللہ علی قلوبھم** جس کے معنی ہیں چھاپنا تیسری جگہ اس حالت کو اغفال فرمایا **اغفلنا قلبہ** جس کے معنی ہیں غافل کرنا چوتھی جگہ اقساء فرمایا **قلسیتہ** جس کے معنی ہیں سخت کرنا پانچویں جگہ اسے رین فرمایا **ران علی قلوبھم** ان سب الفاظ کے معنی قریب قریب ایک ہی ہیں دل پر کفر کی مہر لگ جانا حقیقت میں عذاب الٰہی ہے **علی قلوبھم** قلوب جمع قلب کی ہے قلب کی معنی ہیں الٹا ہونا اور بدلنا کھوٹے روپے کو اسی لئے قلب کہتے ہیں کہ ہر شخص اسے الٹا واپس کرتا ہے اور بدلتا ہے' دل کو بھی قلب اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ بائیں پہلو میں اوندھا لٹکا ہوا ہے اور اس کا حال ہر وقت بدلتا رہتا ہے۔ ذرہ میں متقی بنتا ہے ذرہ میں بدکار کبھی خوش تو کبھی غمگین (وغیرہ وغیرہ) ہماری زبان میں تو قلب اس گوشت کے لوتھڑے کا نام ہے۔ جو غنچہ (یعنی کلی) کی شکل ہے اور سینے کے بائیں طرف لٹکا ہوا ہے روح اسی گوشت میں پیدا ہوتی ہے۔ اسی سے شریانیں رگوں کے ذریعہ ہر عضو میں پہنچ جاتی ہے۔ یہی ہر جاندار کی زندگی کی اصل ہے لیکن شریعت میں اس ربانی لطیفہ کا نام ہے۔ جس کا تعلق اس گوشت سے ہے اسی لطیفہ پر انسانیت موقوف ہے اور اسی سے رب کی فرمان برداری اور شریعت کی پابندی ہوتی ہے۔ قرآن کریم میں قلب کے اکثر معنی مراد ہوتے ہیں۔ جس طرح کہ اس گوشت کے ساتھ جان قائم ہے اسی طرح اس لطیفہ کے ساتھ ایمان قائم' اس پر الہام الٰہی ہوتا ہے اور یہی لطیفہ دلیلوں سے نتیجہ معلوم کرتا ہے۔ اس کو قرآن کریم نے کہیں قلب کہا ہے۔ جیسے **لمن کان لہ قلب** اور کہیں نفس فرمایا ہے جیسے **ونفس وما سوھا** اور کہیں روح جیسے **قل الروح من امر ربی** (تفسیر عزیزی) اس کو مولانا جامی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔۔

نیست ایں پیکر مخروطیء دل     بلکہ ہست ایں قفس طوطی دل
گر تو طوطی ز قفس نہ شناسی     بخدا ناس تہ نہ شناسی

یعنی یہ غنچہ کی شکل والا دل نہیں ہے بلکہ یہ طوطی دل کا پنجرہ ہے۔ اگر تو اس پنجرہ اور طوطی میں فرق نہ کر سکے تو قسم خدا کی انسان نہیں۔ اردو میں بھی کبھی بولا کرتے ہیں۔ فلاں بڑا دل والا آدمی ہے۔ وہاں دل سے یہی مراد ہے اور یہی معنی اس آیت میں مراد ہیں تو آیت کا مطلب یہ ہوا کہ وہ دل اللہ کا فضل تھا اور جو کہ ہر انسان کو ہدایت پر رہنے اور رب کو پہچاننے کے لئے عطا فرمایا گیا تھا اور جو ذوق شوق اور کشف کا سرچشمہ تھا۔ اور جو کہ ایمان کے رہنے کی جگہ اور اس کا برتن تھا جب اس پر ہی کفر کی مہر لگ گئی۔ اور کفر سے وہ اس قدر بھر گیا کہ اس میں ایمان کی جگہ ہی نہ رہی تو اب ان کے ایمان کی کیا امید **وعلی سمعھم** بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس کا تعلق قلب سے ہے۔ تو اس کے معنی یہ ہوئے کہ ان کے دلوں پر بھی مہر ہے اور ان کے کانوں پر بھی اور ان کی آنکھوں پر پردہ ہے اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس کا تعلق آگے یعنی ابصار سے ہے تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ ان کے دلوں پر تو اللہ نے مہر لگادی اور ان کے کانوں پر اور آنکھوں پر پردے ہیں۔ لیکن پہلا قول صحیح ہے اس لئے کہ دوسری آیت میں اسے صاف طریقہ سے بیان فرمایا گیا **وختم علی سمعہ و قلبہ وجعل علی بصرہ غشاوۃ** اس آیت میں صاف صاف فرمادیا

marfat.com
Marfat.com

کہ دو چیزوں پر مہر ہے۔ دل اور کان اور پردہ فقط آنکھوں پر۔ یہی معنی اسی جگہ مناسب ہیں نیز کان کے واسطے مہر ہی مناسب ہے اور آنکھ کے لئے پردہ کیونکہ کان ہر طرف کی آواز سنتا ہے اور آنکھ فقط سامنے کی چیز دیکھتی ہے اور مہر ہر راستہ کو بند کرتی ہے اور پردہ سامنے کے راستے کو۔ اس لئے کان اور دل پر مہر لائق اور آنکھ پر پردہ مناسب نیز مہر سے اصل مقصود یہ ہوتا ہے کہ بیرونی چیز اندر نہ آسکے اور پردہ سے اصل مقصود یہ ہوتا ہے کہ اندرونی باہر نہ جاسکے۔ اس لئے عورت پردہ کرتی ہے نہ کہ مرد اور چونکہ دل میں باہر سے خیالات آتے ہیں۔ اور کان میں باہر کی آوازیں۔ لہٰذا ان کو روکنے کے لئے مہر ہی مناسب ہے اور آنکھ میں کوئی بیرونی چیز نہیں آتی بلکہ خود آنکھ سے نوری شعاعیں نکل کر باہر والی چیزوں پر پڑتی ہیں تو ان کا احساس ہوتا ہے۔ اس لئے اس کے لئے پردہ مناسب ہے اس جگہ علی کو دوبارہ اس لئے لایا گیا تاکہ معلوم ہو کہ کانوں پر دل کے علاوہ مستقل مہر لگی ہے یہ نہیں ہوا کہ فقط دل پر تو مہر ہو اور اس کے سبب کان بیکار ہوں سمع کے معنی سننے کے ہیں لیکن اس جگہ اس عضو کو کہا گیا ہے۔ کہ جس میں یہ طاقت محفوظ ہے اور وہ عضو دونوں کانوں کے درمیان میں ایک پٹھا ہے۔ جب آواز کانوں کے راستے سے پٹھے تک پہنچتی ہے تب اس کا احساس ہو جاتا ہے اور چونکہ وہ پٹھہ ایک ہی ہے اس لئے اس کو یہاں صیغہ مفرد سے بولا گیا سبحان اللہ کیا نفیس ترتیب ہے کہ دل ایمان و کفر کا ظرف تھا۔ اس کا ذکر پہلے ہوا اور کان اور آنکھیں ایمان کا راستہ کیونکہ کان کے ذریعہ قرآن کریم کی آیتیں نصیحتیں اور ہدایتیں دل تک پہنچتی ہیں۔ اور دل انہیں قبول کر کے ایمان لاتا ہے۔ اسی طرح آنکھوں سے قرآن کریم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ پاک اور معجزات حق تعالیٰ کی قدرت کے نمونے دیکھے جاتے ہیں۔ دل ان کو مان کر ایمان لاتا ہے۔ تو گویا دل بادشاہ ہوا اور یہ اعضا اس کے خادم بادشاہ کا ذکر پہلے ہوا۔ اور خادموں کا بعد میں پھر کان آنکھوں سے چند وجوہ سے افضل ہے ایک یہ کہ کوئی پیغمبر سننے کی قوت سے محروم نہ ہوا لیکن بعض پیغمبر آنکھوں کی مرض میں مبتلا ہوئے جیسے حضرت یعقوب اور شعیب علیہما السلام تو سننا نبوت کی شرط ہے دوسرے یہ کہ ہر بہرہ گونگا ضروری ہوتا ہے لیکن ہر نابینا گونگا نہیں۔ بہرے سے ہماری مراد وہ ہے جو بالکل نہ سن سکے نہ کہ جو اونچا سنتا ہو تیسرے یہ کہ سننے سے عقل کامل ہوتی ہے۔ چوتھے یہ کہ آنکھ اپنے دیکھنے میں درمیانی روشنی کی محتاج ہے کہ نہ تو یہ تاریکی میں کام کر سکے اور نہ بہت تیز روشنی کو برداشت کر سکے مگر کان کے سننے میں یہ کوئی شرط نہیں چھٹے یہ کہ تبلیغ اکثر و بیشتر کان اور زبان کے ذریعہ ہوتی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمان سنے اور لوگوں سے بیان کئے جاتے ہیں اس لئے کان کو آنکھ سے پہلے بیان کیا گیا۔ (تفسیر عزیزی و کبیر و روح البیان وغیرہ) **وعلی ابصارھم** یہ جملہ علیحدہ ہے اور اس کے معنی یہ ہیں کہ ان کی آنکھوں پر پردے ہیں ابصار جمع بصر کی ہے۔ جس کے معنی ہیں دیکھنا۔ لیکن یہاں مراد ہیں "آنکھیں" جن میں کہ دیکھنے کی طاقت ہے۔ **غشاوۃ** سے مراد وہ پردہ ہے کہ جو لوگوں کو نظر نہ آئے مگر خود دیکھنے والے کے لئے آڑ بن جائے جس کی وجہ سے کہ وہ آیات الٰہیہ کو صحیح طور پر نہ دیکھ سکے۔ **ولھم عذاب عظیم** عذاب عذب سے بنا ہے عذب کے معنی ہیں روکنا۔ میٹھے پانی کو اسی لئے عذب کہتے ہیں کہ وہ پیاس کو روکتا ہے۔ سزا کو اس لئے کہتے ہیں کہ وہ جرم سے روکتی ہے۔ قرآن کریم میں عذاب سزا کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **عظیم** عظیم حقیر کے مقابل میں ہے اور کبیر صغیر کی ضد۔ حقیر کے معنی ہیں ہر طرح چھوٹا تو عظیم کے معنی ہوئے ہر طرح بڑا۔ صغیر کے معنی ہیں ایک لحاظ سے چھوٹا تو کبیر کے معنی ہوں گے ایک لحاظ سے بڑا لہٰذا عظیم کبیر سے بڑھ کر ہے۔ اب اس آیت کے یہ معنی ہوئے کہ ان کے لئے وہ عذاب ہے۔ جو ہر طرح بڑا ہے۔ وہ اس طرح دنیا

marfat.com
Marfat.com

میں مسلمانوں کے ہاتھوں قتل کئے جائیں۔ یا قیدی بنائے جائیں۔ آخرت میں تیز آگ۔ گرم پانی اور زہریلے جانوروں میں مبتلا کئے جائیں اور اس پر سب سے بڑی مصیبت یہ کہ وہ دائمی ہو۔ جس کی انتہا نہ ہو۔

**خلاصہ مضمون :** اس آیت کریمہ کا مضمون یہ ہے کہ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان کفار کی ہٹ دھرمی سے رنجیدہ نہ ہوں۔ اور نہ ان کے ایمان لانے کی امید رکھیں۔ کیونکہ ایمان لانے کی دو ہی صورتیں ہوتی ہیں ایک یہ کہ اس کا دل صحیح ہو۔ اور وہ خود بخود حق تعالیٰ کی قدرت کی نشانیوں اور نبی کے معجزات کو دیکھ کر ایمان لے آئے۔ دوسرے یہ کہ اس کو خود تو عقل نہ ہو۔ لیکن دوسرے کے سمجھانے اور بتانے سے ایمان قبول کرے۔ یہ کفار ان دونوں چیزوں سے محروم ہیں۔ کیونکہ ان کی ضد اور ہٹ نے ان کے دل کو اس قابل نہ رکھا کہ اس سے کوئی صحیح بات سوچ سمجھ سکیں اور کان اور آنکھوں کو ایسا معطل کر دیا کہ جن سے وہ حق کی آواز سنتے نہیں اور حق کی آیات دیکھتے نہیں چونکہ ایمان لانے کے سارے اسباب ان کے لئے ختم ہو چکے اس لئے آپ ان کے ایمان کی امید نہ فرمائیں اور یہ بھی ہے کہ دل ایمان کا مکان اور آنکھ کان ایمان کے راستے جب راستے بھی بند ہو چکے اور مکان بھی ایمان کے آنے کے لائق نہ رہا تو اب انہیں ایمان کیونکر میسر ہو۔ علماء کرام فرماتے ہیں کہ گناہوں کی اصل تین چیزیں ہیں۔ حرص 'حسد اور تکبر' غفلت پیدا کرنے والی چند چیزیں ہیں۔ زیادہ کھانا' زیادہ سونا' ہر طرح آرام سے رہنے کی خواہش کرنا۔ مال کی محبت۔ عزت کی رغبت' حکومت کی خواہش' بسا اوقات مال و حکومت کی طلب میں انسان کافر بن جاتا ہے اور وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ گناہ دل میں سیاہی پیدا کرتا ہے۔ اور قرآن پاک کی تلاوت' درود شریف' اللہ پاک کا ذکر' موت کا یاد کرنا' یہ سب چیزیں دل کی صیقل ہیں۔ جن سے کہ وہ سیاہی دور ہوتی ہے۔ اسی طرح زیادہ ہنسنا دل کو بیمار کر دیتا ہے اور خوف الٰہی سے رونا اس کا علاج ہے جو شخص گناہوں کے ساتھ نیکیاں بھی کرتا رہے تو اس کا قلب میلا ہو کر دھلتا رہے گا۔ لیکن جو گناہوں میں مشغول رہے نیکی کی طرف متوجہ نہ ہو اس کے قلب کی سیاہی بڑھتے بڑھتے ایک دن سارے قلب کو سیاہ کر دیگی۔ جس کے متعلق حدیث شریف میں آتا ہے کہ ان دلوں پر لوہے کی طرح زنگ آ جاتا ہے۔ اور اس کی صفائی تلاوت قرآن ہے۔ اس سیاہ قلب کو صاف کرنے کے لئے ایک عرصہ اور کافی محنت چاہئے ہاں اگر کسی اللہ والے کی اس پر نگاہ کرم پڑ جائے تو وہ آنا "فانا" اس قلب کو صاف کر دیتی ہے۔ اس کے متعلق اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں۔۔

تو جو چاہے تو ابھی میل مرے دل کی دھلے  کہ خدا دل نہیں کرتا کبھی میلا تیرا

مگر جس دل کی سیاہی اللہ والے کی نگاہ سے بھی دور نہ ہو۔ تو یقیناً اس پر مہر لگ چکی۔ اس طرف اس شعر میں اشارہ ہے۔

شعر

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر  جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

خیال رہے کہ گناہوں سے آہستگی سے دل میلا ہوتا ہے اور میلا دل عبادات کے ذریعہ آہستہ آہستہ صاف ہوتا ہے مگر نبی کی عداوت سے کبھی ایک دم مہر لگ جاتی ہے شیطان کے دل پر حضرت آدم کے بغض سے اچانک مہر لگ گئی اور موسیٰ علیہ السلام کے جادوگروں کا میلا دل نگاہ کلیمی سے اچانک اجلا ہو گیا۔ معلوم ہوا کہ عداوت نبی بد ترین کفر ہے اور نگاہ ولی بہترین نعمت ہے۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ : صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے میثاق کے دن انسانوں کو ذروں کی شکل میں ظاہر فرما کر ان سے اپنی ربوبیت کا عہد لیا پھر ان ذروں کو دلوں میں دلوں کو جسموں میں جسموں کو دنیا میں امانت کے طور پر رکھا۔ یہ ذرے تا وقت ولادت دلوں کے روزن ہیں۔ جن کے ذریعے دل کو عالم غیب نظر آتا رہا۔ اور وہاں کی آوازیں محسوس ہوتی رہیں۔ اس لئے روایت میں آتا ہے کہ ہر بچہ اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔ اس کے ماں باپ اس کو یہودی عیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں جب ہوش سنبھال کر انسان بری صحبتوں میں بیٹھا آہستہ آہستہ روزن بند ہوتے گئے۔ یہاں تک کہ اب کھلنے کے قابل نہ رہے اسی حالت کا اس آیت میں بیان ہے۔ اب اس شخص کے پاس بصارت رہ گئی۔ بصیرت نہ رہی ایک بزرگ نے فرمایا کہ جو مجھے دیکھ لے وہ جنتی ہو جائے۔ معترض نے اعتراض کیا کہ ابو جہل تو رسول اللہ کو دیکھ کر جنتی نہ بنا۔ لوگ آپ کو دیکھ کر جنتی بن جائیں۔ انہوں نے جواب دیا قسم رب کی ابو جہل نے محمد رسول اللہ کو نہ دیکھا۔ بلکہ محمد ابن عبد اللہ کو دیکھا اگر محمد رسول اللہ کو دیکھ لیتا تو ممکن نہ تھا کہ جہنم میں جاتا۔ کیونکہ رسول اللہ کو دیکھنے والی آنکھ جہنم میں جا سکتی ہی نہیں حقیقت یہ ہے کہ حسن لیلیٰ کے لئے دیدۂ مجنوں چاہئے اور جمال مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے صدیق نگاہ درکار ہے۔ قرآن پاک فرماتا ہے۔ **وتراھم ینظرون الیک وھم لا یبصرون** اے محبوب وہ آپ کو دیکھتے تو ہیں۔ مگر دیکھتے نہیں نیز فرماتے ہیں۔ بیج زمین میں چھپایا جاتا ہے پھر وہ درخت کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔ اور درخت سے شاخ پھر شاخ سے پھل غرض کہ پھل اس کے بیج کے سارے ظاہری و باطنی اوصاف کو بیان کر دیتا ہے اور پکار کر زبان حال سے کہتا ہے کہ اے دیکھنے والو۔ اگر تم میرے بیج کا اندرونی اور بیرونی حال معلوم کرنا چاہتے ہو تو مجھ کو دیکھ لو۔ تو گویا یہ پھل بیج کے ظہور کا خاتمہ ہے۔ اسی طرح تقدیر الٰہی کا راز نیک بختی اور بد بختی کا تخم ہے کہ جو اللہ کے علم میں محفوظ ہے۔ پھر انسان کا وجود وہ درخت جس میں یہ نیک بختی اور بد بختی محفوظ۔ اس سے اخلاق کی شاخیں نکلیں۔ اور ان شاخوں میں نیک و بد اعمال اور اقرار و انکار کے پھل لگے۔ ان پھلوں نے ان اسرار الٰہیہ کو جو اب تک چھپے ہوئے تھے۔ ظاہر فرمایا تو یہ دل اور کانوں کی مہر اور آنکھوں کے پردے ان بھیدوں کا مظہر ہیں۔

فائدہ : بزرگان دین فرماتے ہیں کہ اللہ والوں کی عداوت سے دل میں سختی پیدا ہوتی ہے۔ اور ان سے دشمنی رکھنے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دل میں مہر لگ جاتی ہے کہ پھر اس کو ایمان میسر نہیں ہوتا۔ اسی لئے حدیث قدسی میں ارشاد ہے کہ جو کوئی میرے ولی سے عداوت رکھے۔ میں اسکو اعلان جنگ دیتا ہوں۔ اسی لئے کہا جاتا ہے کہ محبت کے کفر سے عداوت کا کفر سخت ہے۔ یعنی ایک شخص کسی نبی کی محبت میں حد سے بڑھ کر کافر ہو گیا۔ جیسے کہ عیسائی اور دوسرا نبی کی عداوت کی وجہ سے کافر ہوا جیسے یہودی اگرچہ یہ دونوں فرقے اسلام سے خارج ہیں۔ لیکن یہودی بمقابلہ عیسائیوں کے سخت کافر ہیں۔ اسی لئے یہودی حق تعالیٰ کے نعمتوں سے یکسر محروم ہیں کہ ان کے لئے فرمایا گیا **ضربت علیھم الذلتہ والمسکنتہ** اور آج دنیا میں کہیں بھی یہودی کی سلطنت نہیں۔ اسی طرح روافض سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی محبت میں حد سے بڑھ کر ایمان سے نکل گئے اور انبیاء کرام کی گستاخی کرنے والے دیوبندی اسلام سے خارج ہو گئے۔ مگر ان روافض سے یہ دیوبندی سخت کافر ہیں۔ کیونکہ دشمنی انبیاء کی وجہ سے کافر ہوئے۔

اعتراض : اس آیت سے معلوم ہوا کہ ان کافروں کے لئے ایمان کے سارے راستے بند ہو چکے لہٰذا یہ لوگ کافر رہنے میں

marfat.com
Marfat.com

بے قصور ہوئے۔ اور بے قصور کو سزا کیسی (ستیارتھ پرکاش) جواب: یہ لوگ اس لئے مجرم ہیں کہ انہوں نے اپنے ایمان کے راستے خود بند کرائے۔ کیونکہ اس کے اسباب انہوں نے جمع کئے اور حق تعالیٰ نے راستے بند کر دیئے۔ جیسے کہ کوئی شخص کسی کو ظلماً قتل کر دے۔ تو اگرچہ مقتول کی جان حق تعالیٰ نے ہی نکالی لیکن جان نکلنے کے سارے اسباب (یعنی قتل وغیرہ) اس نے جمع کئے۔ لہٰذا قاتل یقیناً مجرم ہے۔

| |
|---|
| وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ |
| اور سے لوگوں وہ وہ کہتے ہیں کہ ایمان لائے ہم ساتھ اللہ اور ساتھ دن پچھلے |
| اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائے |
| وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۘ |
| اور نہیں ہیں وہ ایمان دار |
| وہ ایمان والے نہیں |

**تعلق:** اس سے پہلے کی آیتوں میں خالص مومنوں اور خالص کافروں کا ذکر ہوا۔ اب ان منافقوں کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ جو دل سے کافر تھے اور زبان سے مومن بنتے تھے چونکہ ان کی حالت مومنین اور کافرین کے درمیان تھی لہٰذا ان کا ذکر ان دونوں کے بعد میں کیا گیا۔ اس لئے درمیانی چیز جب ہی سمجھ میں آسکتی ہے۔ جب اس کے دونوں کنارے معلوم ہوں۔ **دوسرا تعلق:** اسی طرح ہو سکتا ہے کہ اس سے پہلے کھلے ہوئے کافروں کو ذکر تھا اور اب چھپے ہوؤں کا چھپا ہوا کافر ظاہر کافر کے مقابلہ میں زیادہ خطرناک ہے۔ لہٰذا اس کا ذکر بعد میں کیا۔

**شان نزول:** مدینہ منورہ میں ایک شخص عبداللہ بن ابی تھا۔ جس کو وہاں اچھی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ اور قریب تھا کہ اس کو وہاں کا سردار بنا دیا جائے لیکن جب آفتاب اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں جلوہ گری فرمائی۔ اور مدینہ والوں کے دل نور ایمان سے جگمگائے تو اس کی عزت و آبرو میں فرق آگیا اس کی طرف مدینہ والوں کا وہ رجحان نہ رہا جو پہلے تھا اس لئے اس کے دل میں بغض و عناد کی آگ بھڑک اٹھی۔ مگر یہ بہت چالاک تھا۔ اس نے خیال کیا کہ اگر میں ظاہر طور پر مسلمانوں کا مخالف رہوں تو میری خیر نہیں۔ اس لئے بظاہر تو یہ مسلمان ہو گیا مگر دل سے سخت دشمن رہا اور اس نے یہ روش اختیار کی کہ مسلمانوں کے سامنے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف بیان کرتا اور کہتا کہ یہ وہی نبی آخر الزمان ہیں جن کی خبر توریت میں دی گئی اور جب کفار سے ملتا تو مسلمانوں کے خلاف باتیں کرتا اور دل میں خوش ہوتا تھا کہ ہم دونوں جماعتوں کے پیارے ہیں۔ اس کے ساتھ بہت سے لوگ مل گئے جس سے کہ اس کی پوری جماعت ہو گئی۔ جن کا نام منافقین ہے۔ ان لوگوں کے بارے میں یہ آیات کریمہ

marfat.com
Marfat.com

اترین۔

تفسیر : رب تعالٰی نے مسلمانوں کی صفات میں اس جگہ چار آیتیں نازل فرمائیں۔ اور کھلے کافروں کے متعلق دو آیتیں لیکن منافقوں کے عیوب تیرہ آیتوں میں بیان فرمائے یا تو اس لئے کہ یہ زیادہ خطرناک تھے اور یا اس لئے کہ مسلمان ان کو پہچان نہ سکتے۔ ان کی بہت سی نشانیاں بتا دینے سے ان کا پہچاننا آسان ہو گیا۔ اور یا اس لئے کہ یہ مسلمانوں سے تعلق رکھتے تھے ان کی صحبت میں آکر بیٹھتے تھے۔ نمازوں میں شریک ہوتے تھے۔ لہٰذا ان کے ایمان کی کسی قدر امید تھی۔ اس لئے ان کے عیوب زیادہ بیان کئے تاکہ وہ شرمندہ ہو کر خالص مومن بن جائیں **الناس** یہ انسان کا اسم جمع ہے۔ اور اس کو ناس اس واسطے کہتے ہیں کہ یہ نسی سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں بھولنا چونکہ یہ بھی اپنے پہلے عہد میثاق کو بھول گیا۔ اسی لئے اس کو انسان اور ناس کہا گیا۔ نیز یہ حق تعالٰی کی نعمتوں کو جلد بھول جاتا ہے اور مصیبتوں کو یاد رکھتا ہے اس لئے اس کو ناس کہا گیا۔ یا یہ انس سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں دیکھنا اور ظاہر ہونا۔ چونکہ یہ بھی دیکھنے میں آتا ہے۔ اور ظاہری زمین پر رہتا ہے۔ اس لئے اس کو انسان کہتے ہیں۔ اور جن چونکہ زمین کے چھپے ہوئے حصے میں آباد ہیں۔ اس لئے انہیں جن کہتے ہیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ انسان بھی اپنے ہم جنس سے بہت زیادہ محبت رکھتا ہے۔ اس لئے اسے انسان کہتے ہیں **من** واحد تثنیہ جمع سب کے لئے بولا جاتا ہے کیونکہ یہ لفظاً واحد ہے اور معناً جمع اسی لئے اس کی طرف واحد اور جمع دونوں قسم کی ضمیریں لوٹ سکتی ہیں۔ اس آیت میں **یقول** بصیغہ واحد فرمایا گیا اور **امنا** اور **ھم** اور **مومنین** یہ سب جمع کے طریقے پر کیونکہ **من** میں دونوں کی گنجائش ہے اس آیت میں دو چیزوں پر ایمان لانے کا ذکر ہوا ایک اللہ اور دوسرے یوم آخر اس لئے کہ دونوں ایمانیات کے گویا کنارے ہیں منافقین سارے ایمانیات کے ماننے کا دعویٰ کر رہے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہم رب تعالٰی سے یوم آخر تک کی تمام چیزوں پر ایمان لے آئے۔ کتاب۔ نبی سب اس میں آ گئے اور یا اس لئے کہ ان کے کلام میں فریب تھا۔ کیونکہ یہ لوگ یہودی تھے وہ اللہ اور قیامت کو تو پہلے ہی سے مانتے تھے۔ انہوں نے یہاں ایسا لفظ بولا کہ جس سے دو پہلو نکلیں۔ مسلمان تو سمجھیں کہ یہ ایمان لے آئے اور اپنے ہم جنس کفار سے یہ کہہ سکیں کہ ہم مسلمان نہیں ہوئے۔ ہم نے تو اپنے اصلی عقیدے کو بیان کیا (تفسیر روح البیان) **وما ھم بمومنین** میں اس کی نہایت عمدہ طریقہ سے تردید فرما دی گئی۔ کیونکہ یہاں یہ فرمایا گیا کہ وہ مومنین کی جماعت ہی سے نہیں۔ یا یہ کہ وہ اصل سے مومن ہی نہیں۔

خلاصہ تفسیر : اس آیت کریمہ میں منافقین کا کلام نقل فرمایا گیا ہے کہ وہ بظاہر کہتے تھے کہ ہم ایمان لے آئے اور مسلمان ہو گئے تاکہ مسلمانوں میں مل کر دنیاوی فائدہ حاصل کریں اور اپنے ظاہری اسلام کو آڑ بنا کر ہر قسم کی سختی سے بچے رہیں مگر چونکہ یہ ایمان حقیقی نہ تھا اور خلوص دل سے انہیں میسر نہ تھا فقط زبان سے دعوئ اسلام کرنا حق تعالٰی کے نزدیک کچھ وقعت نہیں رکھتا۔ لہٰذا مسلمانوں کی تنبیہ کے لئے فرمایا گیا کہ یہ لوگ فریبی ہیں۔ مسلمان نہیں۔ ان کے عیوب قرآن کریم نے مختلف جگہ بیان فرمائے ہیں۔ اور جو کچھ انہوں نے غزوات میں فتور برپا کئے وہ بھی قرآن پاک میں مذکور ہیں۔ ان آیات سے حق تعالٰی نے نفاق کی جڑ کاٹ دی۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ اول: یہ کہ انسانوں میں چند گروہ ہوئے ایک وہ جو دل و زبان سے

marfat.com
Marfat.com

مومن ہوں۔ ان کو مخلصین کہا جاتا ہے۔ دوسرے وہ کہ جو ظاہر باطن کافر ان کو مجاہر کہتے ہیں تیسرے وہ کہ جو دل میں کافر اور زبان سے مومن ان کو منافق کہا جاتا ہے۔ جو شخص دل سے مومن اور بظاہر کافر ہو اس کی دو صورتیں ہیں۔ اگر کسی سخت مجبوری کی وجہ سے ایسا کر رہا ہے تو مخلصین میں داخل ہے۔ قرآن کریم فرماتا ہے **الا من اکرہ و قلبہ مطمئن بالا یمان** مگر اس صورت میں ضروری ہے کہ مجبوری کے دور ہوتے ہی اپنے ایمان کو ظاہر کر دے اور اگر بلا سخت مجبوری کے کفر ظاہر کرتا ہے تو وہ شرعاً مسلمان نہیں۔ اور نہ اس پر اسلامی احکام (جیسے کہ تجہیز و تکفین و نماز جنازہ وغیرہ وغیرہ) جاری ہوں۔ بہت ممکن ہے کہ کبھی نہ کبھی اس کی نجات ہو جائے حدیث شفاعت میں ہے کہ جنتیوں کو حکم ہو گا کہ جہنم میں سے ان لوگوں کو بھی نکال لاؤ جن کے دل میں رائی کے برابر بھی ایمان ہو چنانچہ جنتی اس حکم پر عمل کریں گے حق تعالیٰ ارشاد فرمائے گا کہ **شفعاء** اپنی شفاعت سے بخشوا لئے گئے۔ اب رب کی باری ہے حق تعالیٰ اپنا ایک لپ بھر کر جہنمیوں کو جہنم سے نکالے گا۔ "تفسیر روح البیان شریف" نے لکھا ہے کہ یہ لوگ وہ ہوں گے جو شرعاً" کافر تھے دل میں مومن۔ بہت ممکن ہے کہ ابو طالب بھی ان میں سے ہوں۔ کیونکہ شرعی ایمان والے تو **شفعاء** کے ذریعہ نکل گئے اس لپ میں وہی آئے جن کا ایمان شرعی نہ تھا۔ **منافق**۔ یہ لفظ نفاق سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں علیحدہ ہونا چونکہ ان کا دل و زبان علیحدہ علیحدہ ہیں اس لئے انہیں منافق کہا جاتا ہے نفاق کی چند قسمیں ہیں۔ 1۔ یہ کہ زبان سے ایمان ظاہر کرے مگر دل میں صاف منکر ہوں۔ 2۔ یہ کہ زبان سے ایمان ظاہر کرے مگر دل صاف منکر نہ ہو بلکہ مذبذب ہو۔ 3۔ یہ کہ زبان سے اسلام کا اقرار کرے اور دل میں تصدیق بھی ہو مگر دنیا کی محبت اس پر ایسی غالب ہو کہ دنیوی نفع کو ایمان پر مقدم سمجھتا ہو۔ دنیا کے لئے لشکر اسلام کا مقابلہ اور اہل اسلام کی بربادی اور دین کی مذمت اس کے نزدیک کچھ مشکل نہ ہو جو کافر چاہے چند پیسے دیکر اس سے ہر برا بھلا کام کرائے۔ یہ تینوں قسم کے لوگ سخت قسم کے کافر ہیں اور جہنم کے سب سے نیچے کے طبقے میں رہیں گے۔ 4۔ یہ کہ جو ایسا بے حیا تو نہ ہو۔ مگر اس کا قال حال کے مطابق نہ ہو زبان سے کچھ کہے اور دل میں کچھ رکھے اور اس کو تقیہ کہتے جو کہ شیعہ مذہب کا بڑا اصولی مسئلہ ہے۔ اس قسم کا نفاق بھی منافقین کا طریقہ تھا جو صداقت ایمان سے بالکل خالی ہے کیونکہ کوئی معمولی سمجھدار بھی اس کو اچھا نہیں جانتا۔ حدیث پاک میں بعض گناہوں کو بھی نفاق کہا گیا ہے جیسے کہ روایات میں آتا ہے کہ منافق کے علامتیں چند ہیں جب بات کرے تو جھوٹ بولے۔ کسی سے لڑے تو گالیاں بکے۔ وعدہ کرے تو پورا نہ کرے۔ کسی کی امانت رکھے تو خیانت کرے یہ عملی نفاق ہے نہ کہ اعتقادی۔ یہ منافقوں کے کام ہیں دوسرا فائدہ: اس آیت سے معلوم ہوا کہ جتنے فرقے ایمان کا دعویٰ کریں اور کفر کا اعتقاد رکھیں وہ سب اسلام سے خارج ہیں۔ کیونکہ محض دعویٰ کرنے سے ایمان حاصل نہیں ہوتا۔ تیسرا فائدہ: منافقوں کو من الناس کہا گیا۔ جس میں اس طرف اشارہ ہے کہ یہ لوگ فقط صورت میں مسلمان ہیں انسانی کمالات اور صفات سے ایسے خالی ہیں کہ ان کا ذکر کسی خوبی سے نہیں کیا جاتا ہاں یہ کہا جاتا ہے کہ وہ بھی آدمی ہیں جس سے معلوم ہوا کہ کسی کو صرف بشر کہنے میں اس کے فضائل و کمالات کے انکار کا پہلو نکلتا ہے۔ اسی لئے قرآن پاک میں جا بجا انبیاء کرام کے بشر کہنے والوں کو کافر فرمایا گیا۔ کیونکہ دراصل یہ لفظ انبیاء کرام کی شان میں ادب سے دور اور کفار کا دستور ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان) چوتھا فائدہ: ان آیات سے معلوم ہوا کہ کھلے کافر سے منافق کافر بدتر ہے۔ اس کی چند وجوہ۔ 1۔ یہ کافر تو فقط کافر ہے۔ مگر منافق کافر بھی ہے اور دھوکے باز بھی۔ 2۔ یہ کہ کافر گویا مرد ہے مگر منافق خنثیٰ۔ 3۔ یہ کہ کافر تو فقط کافر ہے مگر منافق کافر بھی ہے اور جھوٹا بھی۔ 4۔ یہ کہ کافر تو محض کافر ہے۔ مگر منافق کافر بھی

marfat.com
Marfat.com

ہے اور اسلام کا مذاق اڑانے والا بھی۔

اعتراض : پہلا اعتراض: منافقین اللہ اور قیامت کو دل سے مانتے تھے۔ پھر قرآن کریم نے ان کے اس ماننے کا کیوں انکار کیا جواب: اس لئے کہ وہ غلط طریقہ سے مانتے تھے۔ خدا تعالیٰ کو اولاد والا اور قیامت کو اپنی نجات کا دن مانتے تھے۔ اور یہ دونوں باتیں غلط ہیں۔ نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بغیر مانے ہوئے کسی چیز کا ماننا معتبر نہیں وہ ہی توحید اللہ کے نزدیک معتبر ہے جو نبوت کے اقرار کے ساتھ ہو۔ چونکہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کرتے ہوئے رب کا اقرار کرتے تھے۔ اس لئے فرمایا گیا کہ وہ رب کو بھی نہیں مانتے۔ دوسرا اعتراض: قیامت کو یوم یعنی دن کیوں کہتے ہیں دن تو سورج سے بنتا ہے اور اس دن تو سورج ہی فنا ہو چکا ہو گا۔ جواب: عربی میں وقت کو بھی یوم کہتے ہیں یہاں یہی معنی مراد ہیں تیسرا اعتراض: قیامت کو یوم آخر کیوں کہتے ہیں اور اس کی حد کیا ہے جواب: قیامت سے پہلے محدود دن تھے اور وہ قیامت کے آنے سے ختم ہو گئے اب غیر محدود وقت ہے اس لئے اس کو یوم آخر کہتے ہیں قیامت کی حد کے متعلق دو قول ہے بعض علماء کرام فرماتے ہیں کہ وہ مردوں سے اٹھنے سے شروع ہو کر فیصلہ الٰہی پر ختم ہو گا یعنی جب سارے جنتی جنت میں پہنچ جائیں گے اور محض کفار دوزخ میں رہ جائیں تب اس دن کی انتہاء ہو گی بعض فرماتے ہیں اس کی انتہا نہیں۔ (تفسیر کبیر)

| |
|---|
| يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْاۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ |
| وہ فریب دیتے ہیں اللہ اور ان کو جو ایمان لائے اور نہیں فریب دیتے |
| فریب دینا چاہتے ہیں وہ اللہ اور ایمان والوں کو اور حقیقت میں فریب نہیں دیتے |
| اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَؕ ۝۹ |
| مگر جانوں اپنی کو اور نہیں سمجھتے |
| مگر اپنی جانوں کو اور نہیں شعور انہیں |

تعلق : اس آیت کا پہلی آیت سے دو طرح کا تعلق ہے ایک یہ کہ پہلی آیت میں منافقین کی بے ایمانی کا ذکر تھا۔ اور اب ان کے برے اعمال کا۔ چونکہ کفر دیگر اعمال سے مقدم ہے۔ اس لئے اس کا ذکر پہلے ہوا اور اعمال کا بعد میں دوسرے یہ کہ پہلی آیت میں یہ فرمایا گیا تھا کہ اگرچہ وہ ایمان ظاہر کرتے ہیں لیکن وہ مومن نہیں اور اس آیت میں اس کے مقبول نہ ہونے کی وجہ بیان ہو رہی ہے یعنی چونکہ ان کا اظہار ایمان خلوص سے نہیں بلکہ فریب دینے کے لئے ہے اس لئے قبول نہیں۔ لطف یہ ہے کہ مخلص یہی کلمہ بول کر مومن بنتا ہے اور وہ لوگ ان ہی کلموں سے زیادہ بے دین ہو گئے کیونکہ لفظوں میں نیت کا بڑا دخل ہے۔ مکھن نکلا ہوا دودھ اگرچہ شکل و شباہت میں دودھ ہی کی طرح ہے لیکن بازار میں اس کی کوئی قیمت نہیں خلوص نیت مانند مکھن کے

marfat.com
Marfat.com

ہے اور محض اچھے اچھے الفاظ جو اس سے خالی ہوں رب کی بارگاہ میں ان کی کوئی قدر و قیمت نہیں۔

تفسیر : **یخدعون** خدع سے بنا ہے۔ اس کے لغوی معنی ہیں چھپانا۔ اسی لئے خزانہ کو **مخدع** کہتے ہیں کیونکہ اس میں روپیہ چھپا رہتا ہے اور گردن کی چھپی ہوئی رگوں کو **اخدعین** کہتے ہیں۔ اصطلاح میں **خدع** کے معنی دھوکہ ہیں یعنی برائی کو دل میں چھپا کر اچھائی ظاہر کرنا اللہ اس سے مراد تو اللہ کی ذات ہے تو **یخدعون** کے معنی ہوں گے دھوکہ دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ کیونکہ رب تعالیٰ کو کوئی دھوکہ نہیں دے سکتا۔ یا اللہ سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں کیونکہ بہت سے جگہ اللہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہوتے ہیں تاکہ لوگوں کو آپ کی عظمت کا پتہ چل جائے کہ حضور علیہ السلام کا بارگاہ الٰہی میں وہ درجہ ہے کہ ان کی اطاعت رب کی اطاعت ان کی مخالفت رب تعالیٰ کی مخالفت ہے ان کو دھوکہ دینا رب تعالیٰ کو دھوکہ دینا قرآن کریم ایک جگہ ارشاد فرماتا ہے کہ اے محبوب جو آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے۔ ایک جگہ ارشاد فرمایا کہ کنکر آپ نے نہیں پھینکے۔ اسی قاعدہ سے یہاں فرمایا جارہا ہے کہ منافقین اللہ کو یعنی رسول اللہ کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ (تفسیر روح البیان۔ تفسیر عزیزی وغیرہ) **انفسھم انفس** نفس کی جمع ہے نفس کی چند معنی ہیں ذات' روح' دل' دل کے متعلقات خون' پانی' یہاں پہلے مراد معنی مراد ہیں۔ یعنی یہ منافقین در حقیقت اپنے کو دھوکہ دے رہے ہیں کیونکہ جو شخص اعلیٰ چیز کو چھوڑ کر ادنیٰ اختیار کرے اور پھر اپنے کو کامیاب جانے وہ بڑا بے وقوف ہے اور سخت دھوکے میں ہے۔ منافقین نے دین چھوڑ کر دنیا اختیار کی اور اس پر خوش ہوئے۔ لیکن دنیا بھی ہاتھ نہ آئی۔ بلکہ رسوائی' ذلت نصیب ہوئی۔ تو اپنے کو دھوکہ ہی دیا۔ صحابہ کرام نے فانی دنیا اور اس کی نعمتوں پر لات ماری اور اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار کیا تو دنیا بھی لونڈی بن کر ان کے قدموں میں آگری۔ در حقیقت یہی لوگ بہت کامیاب رہے۔ **وما یشعرون' یشعرون** شعور سے بنا ہے' شعور کہتے ہیں حواس سے جاننے کو اس لئے حواس کو مشاعرہ کہتے ہیں اور شعر بال کو کہتے ہیں اور جو لباس جسم سے مس کئے ہوئے ہو۔ اسے شعار کہتے ہیں منظوم کلام کو بھی اسی لئے شعر کہتے ہیں کہ اس کی برائی بھلائی وزن کا درست اور نا درست ہونا حواس سے معلوم ہوتا ہے۔ اس کا مقصود یہ ہے کہ ان کم بختوں کو حواس بھی ایسے بگڑ گئے کہ یہ اس قدر ظاہر چیز کو بھی محسوس نہیں کر سکتے۔ اس لئے کہ یہ دن رات دیکھ رہے ہیں کہ ہماری خفیہ مخالفتوں سے اسلام کی اشاعت میں کچھ فرق نہیں آیا۔ بلکہ دن بدن ترقی ہو رہی ہے۔ اور مسلمانوں کو ہم پر بالکل اعتماد نہیں مگر اس پر بھی اپنی بری روش کو نہیں چھوڑتے۔ تو گویا یہ جانوروں سے بدتر ہیں اور جمادات (اینٹ پتھر وغیرہ) کی طرح ہیں۔ کیونکہ محسوسات کو جانور بھی معلوم کر لیتے ہیں۔

خلاصہ تفسیر : اس آیت کا خلاصہ یہ ہوا کہ منافقین جو کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائے۔ اپنے گمان میں وہ خدا تعالیٰ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کو فریب دے رہے ہیں۔ حالانکہ در حقیقت وہ خود کو فریب دے رہے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ علام الغیوب ہے۔ اس پر کوئی بات چھپی ہوئی نہیں۔ اور فریب اسی کو دیا جا سکتا ہے کہ جو حقیقت سے ناواقف ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے خلیفہ اعظم ہیں کہ اس نے اپنے حبیب کو سارے علوم غیبیہ عطا فرمائے ہیں وہ تو ابتداء ہی سے ہر ایک کی حقیقت اور انجام سے خبردار ہیں کیونکہ معراج میں سب کفار اور مومنین کو دیکھ کر آئے ہیں۔ صحابہ کرام کو بھی مومنین اور کفار کے ناموں کے رجسٹر دکھا دئیے ہیں جیسا کہ احادیث میں آتا ہے انہوں نے بڑے بڑے بدکاروں کے

marfat.com

Marfat.com

ایمان کی خبر دے دی تو وہ آخر کار مومن ہی ہو گئے اور بڑے بڑے ظاہر متقیوں کے جنمی ہونے کی خبر دے دی تو وہ آخر کار جنمی ہو کر ہی مرے۔ انہوں نے تو یہ بھی بتا دیا کہ حسین و حسن جوانان جنت کے سردار ہیں۔ میری لخت جگر فاطمہ جنتی بیبیوں کی سردار ہیں۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ ابو طالب دوزخ میں نہیں بلکہ اس کے جھیرے میں رہیں گے۔ اور ان کے تلوے میں آگ کی محض ایک چنگاری ہو گی وغیرہ وغیرہ جس سے معلوم ہوا کہ وہ جنتیوں اور جنمیوں کو پہچانتے ہیں اور ان کے درجات اور درکات سے بھی واقف ہیں لہٰذا یہ منافق ان کو دھوکہ نہیں دے سکتے اسی طرح مسلمان بھی اپنے نور ایمانی سے مومن اور کافر کو پہچان لیتے ہیں۔ جیساکہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ مسلمان کی ذہانت سے ڈرو۔ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے بلکہ اللہ والوں کے پاس بیٹھنے والے جانور بھی کافر و مومن کی تمیز کر لیتے ہیں۔ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کے سامنے ایک شیر آگیا آپ نے فرمایا کہ اے شیر میں رسول اللہ کا غلام ہوں وہ یہ سن کر کتے کی طرح دم ہلانے لگا۔ (دیکھو مشکوۃ شریف باب الکرامات) ابولہب کے بیٹے عتبہ کو جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کی تھی شیر نے اس کامنہ سونگھ کر پھاڑ دیا لہٰذا وہ مسلمانوں کو بھی دھوکا نہیں دے سکتے لیکن چونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں نے ان کے عیب نفاق کو ظاہر نہ فرمایا اس لئے منافق سمجھے کہ ہم دھوکا دہی میں کامیاب ہو گئے حقیقتاً نہ تو خدا تعالیٰ کو دھوکا ہوا اور نہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اور نہ ہی مسلمانوں کو بلکہ خود منافقوں کو ہوا لیکن وہ اس راز کو نہ سمجھ سکے کہ ان کی بکواس پر مسلمانوں کا خاموش ہو جانا اور حقیقت عیب پوشی ہے جس میں ہزار ہا راز ہیں لہٰذا اس فریب کا اثر الٹا انہیں پر پڑا کہ آخر کار دنیا میں ان کی رسوائی ہوئی۔ اور آخرت میں سخت عذاب کے مستحق ہوئے مگر چونکہ ان کے حواس میں فرق آگیا ہے اس لئے وہ اس کو سمجھ نہ سکے۔ صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ انسان کے پاس بھی یہ تینوں جماعتیں موجود ہیں۔ روح انسانی خالص مومن اور شیطان کھلا ہوا کافر۔ لیکن نفس امارہ منافق کہ دل سے مل کر اپنے کو اس کا دوست ظاہر کرتا ہے۔ ادھر شیطان سے ملتا ہے تو اس کا دوست بنتا ہے لیکن جس دل پر اللہ کا کرم ہو جائے اس پر نفس امارہ غالب نہیں آتا۔ بلکہ آخر کار خود ہی مجبور ہو کر تابع ہو جاتا ہے۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** **یخدعون** **مخادعت** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں۔ ایک دوسرے سے دھوکے بازی کرنا۔ لہٰذا آیت کے معنی یہ ہوئے کہ یہ منافقین رب تعالیٰ کو اور مسلمانوں کو دھوکہ دیتے ہیں اور حق تعالیٰ اور مسلمان ان کو دھوکہ دیتے ہیں۔ اور کسی کو دھوکہ دینا حق تعالیٰ کی شان کے بھی خلاف ہے اور مسلمانوں کے بھی **جواب** اس کا پہلا جواب تو یہ ہے کہ کئی جگہ باب **مفاعلت** شرکت سے خالی بھی ہو جاتا ہے جیسے **مسافرت** میں نے سفر کیا **عاقبت اللص** یعنی میں نے چور کو سزا دی۔ اس کے معنی یہ نہیں کہ چور نے بھی مجھ کو سزا دی یہاں بھی یہی معنی مراد ہے **دوسرا جواب:** یہ ہے کہ یہاں شرکت ہی کے لئے ہے اور آیت کے معنی یہ ہیں کہ منافقین تو اپنا ایمان ظاہر کر کے مسلمانوں کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں اور مسلمان بھی ان کے ایمان کو معلوم کر کے ان سے بے تعلق ہو جاتے ہیں کہ نہ ان سے جہاد کرتے ہیں اور نہ ان پر جزیہ لگاتے ہیں۔ جس سے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ ہمارا داؤ چل گیا لیکن مرنے کے بعد پتہ چلے گا۔ کہ ہم تو بڑے دھوکے میں رہے۔ نیز تفسیر روح البیان میں اس جگہ بیان فرمایا گیا کہ جب منافقین جہنم میں ایک زمانے تک رہ لیں گے تو اچانک جہنم کے دروازے کھل جائیں گے۔ جس سے وہ یہ سمجھیں گے کہ گنہگار مسلمانوں کی طرح ہمارے بھی نکلنے کی باری آگئی۔ اور دروازہ کی طرف بھاگیں گے لیکن جب

marfat.com
Marfat.com

وہاں پہنچیں گے تو دروازے بند کر دیئے جائیں گے اور انہیں دھکیل کر ان کی جگہ پہنچا دیا جائے گا جس کے متعلق قرآن پاک فرماتا ہے یخدعون اللہ و ھو خادعھم یہ ان کے فریب کی سزا ہوگی اور جرم کی سزا دینا عیب نہیں۔ دوسرا اعتراض: اس جگہ فرمایا گیا کہ منافقین جانتے نہیں۔ دوسری جگہ ارشاد ہوا تکتمون الحق و انتم تعلمون یعنی تم جان بوجھ کر حق چھپاتے ہو۔ جس سے معلوم ہوا کہ یہ سب کچھ جانتے ہیں اب ان دونوں آیتوں میں مطابقت کس طرح کی جائے۔ جواب: منافقین سب کچھ جانتے تو تھے۔ لیکن اس پر عمل نہ کرتے تھے۔ اس لحاظ سے گویا جاہل تھے۔ ان کے عمل نہ کرنے کی وجہ سے انہیں یہاں جاہل کہا گیا۔ جیسے کہ کفار کو اندھا۔ بہرا گونگا کہا گیا ہے۔ بے عمل عالم مثل جاہل کے ہے اور کنجوس مالدار مثل فقیر کے۔ لہٰذا انہیں جاہل کہنا عمل کے لحاظ سے ہے اور انہیں عالم کہنا حقیقت علم کے لحاظ سے۔

فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

میں دلوں ان کے بیماری پس بڑھائی ان کی اللہ نے بیماری اور واسطے ان کے عذاب

ان کے دلوں میں بیماری ہے تو اللہ نے ان کی بیماری اور بڑھا دی اور ان کے لئے دردناک

اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۞

ہے دردناک بوجہ اس کے تھے وہ جھوٹ بولتے

عذاب ہے بدلہ ان کے جھوٹ کا

تعلق : گزشتہ آیتوں میں منافقین کی بدعملی کا ذکر ہوا۔ اب اس بدعملی کی وجہ بیان ہو رہی ہے۔ یعنی دھوکے بازیاں وغیرہ اس لئے کرتے ہیں کہ ان کے دل میں نفاق کی بیماری ہے اور برابر بڑھ رہی ہے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ پہلی آیت میں ان کی بدعملی کا ذکر ہوا اور اس آیت میں اس کے نتیجہ کا۔ یعنی چونکہ وہ اس قسم کی حرکتیں کر رہے ہیں اس لئے بجائے شفاء ہونے کے مرض بڑھ رہا ہے جیسے کوئی طبیب کہے کہ فلاں مریض بدپرہیزی کر رہا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کا مرض ترقی پر ہے کہ یا تو پہلی آیت سبب ہوئی اور یہ اس کا نتیجہ یا اس کا برعکس نیز اس سے پہلے ان کے اقوال و اعمال کا ذکر ہوا۔ اور اب ان کی دلی حالت کا تذکرہ یعنی منافقین کہتے یہ ہیں۔ اور کرتے یہ ہیں۔ اور ان کے دل کی یہ حالت ہے۔ کبھی تو دل کا اثر ظاہر پر پڑتا ہے اور کبھی ظاہر کا دل پر۔ چونکہ یہاں ان کے قول و فعل کا اثر ان کے دلوں پر پڑ رہا ہے کہ مرض بڑھ رہا ہے۔ اس لئے قلبی حالت کو ان دونوں کے بعد بیان کیا۔

تفسیر : مرض لغت میں بدن کی اس عارضی حالت کو کہتے ہیں جس کے وجہ سے اس کے طبعی کاموں میں خلل پڑ جائے جیسے کہ بخار جسم انسانی کو طبعی کاموں سے روک دیتا ہے۔ لیکن مجازاً" ان نفسانی عوارضات کو بھی کہہ دیتے ہیں کہ جو نفس کے کمالات کو ختم کر دیں جیسے جہالت' بدعقیدگی' حسد' بغض' دنیا کی محبت جھوٹ اور ظلم وغیرہ کہ ان کی وجہ سے نفس کے کمالات زائل ہو جاتے ہیں۔ اور کبھی یہ عیوب کفر تک بھی پہنچا دیتے ہیں جو کہ روحانی موت ہے۔ دل کی بیماریاں چند قسم کی ہیں ایک وہ کہ جن کا تعلق اخلاق سے ہے۔ جیسے کہ حسد کینہ وغیرہ دوسرے وہ کہ جن کا تعلق افعال سے ہے۔ جیسے کہ برے ارادے یہاں

marfat.com
Marfat.com

پہلی قسم کی بیماری مراد ہے۔ یعنی ان کے دلوں میں بد عقیدگی اور کفر تو پہلے ہی سے موجود ہے۔ اب دن بدن اس میں زیادتی ہو رہی ہے۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس سے تینوں قسم کی بیماریاں مراد ہوں۔ یعنی منافقین کے دلوں میں بد عقیدگی۔ بد خلقی' بد عملی موجود ہے۔ اور اس میں زیادتی ہو رہی ہے۔ **فزادھم اللہ** زاد لازم بھی آتا ہے اور متعدی بھی یعنی زیادہ ہوا اور زیادہ کیا۔ یہاں متعدی معنی میں استعمال ہوا۔ یعنی اللہ نے ان کی بیماری بڑھادی۔ اس کے بڑھانے کی چند صورتیں۔ ایک یہ کہ انہیں اسلام کو دیکھ کر غم ہوتا تھا۔ اور اللہ نے اس کی اشاعت فرماکر ان کے غم کو بڑھادیا۔ اور اس طرح ان کے دل میں بد عقیدگی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دشمنی تھی۔ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر اس طرح لگادی کہ ان میں وعظ و نصیحت اثر نہ کرے کفر کو بڑھادیا۔ یا اس طرح کہ جس قدر شرعی احکام بڑھے۔ ان کا انکار بھی بڑھا مثلاً جب تک دس احکام آئے تو وہ دس کے منکر رہے اب پانچ اور آنے جانے پر پندرہ کے منکر ہو گئے۔ یا اس طرح کہ پہلے فقط عبادات آئی تھیں۔ وہی ان پر بھاری تھیں۔ جب سزائیں اور جہاد آگئے تو ان پر اور مصیبت ٹوٹ پڑی۔ اللہ کی شان ہے کہ شرعی احکام اور قرآنی آیتیں مسلمانوں کے ایمان کو قوی کریں لیکن ان سے کفار کا کفر بڑھے جیسے کہ بارش کا پانی گندگی پر پڑ کر اس کو زیادہ پھیلادیتا ہے۔ مگر پاک چیزوں پر پڑ کر ان کو اور بھی صاف پاک کر دیتا ہے۔ یہی بات یہاں پر ہے کہ یا اس طرح کہ جب وہ کھلے کافر تھے۔ تو ان میں بہادری تھی۔ مگر اسلام کے دبدبے اور شوکت کو دیکھ کر ان میں بزدلی پیدا ہو گئی۔ جس کی وجہ سے منافق بننے پر مجبور ہو گئے۔ جس طرح کی دنیا میں ان کی بیماریاں بڑھتی جارہی ہیں اسی طرح آخرت میں ان کا عذاب اور مسلمانوں کا ثواب بڑھتا رہے گا۔ **عذاب الیم۔ الیم** الم سے بنا ہے جس کے معنی ہیں درد اور تکلیف۔ الیم کے معنی ہوئے دردناک اور تکلیف دہ کفار کے عذاب کو عظیم فرمایا گیا تھا اور منافقوں کے عذاب کو **الیم** کہا گیا ہے۔ اس لئے کہ بمقابلہ کفار کے ان کو عذاب کی زیادہ تکلیف ہو گی کیونکہ کافروں نے ایمان کی لذت بالکل نہ چکھی تھی اور نور ایمانی ان کے ظاہری حواس تک بھی نہ پہنچا تھا انہیں خبر ہی نہ تھی کہ نماز میں کیا لطف ہے اور ایمان میں کیا بہار لیکن منافقین ایمان کے دروازے تک پہنچ چکے تھے اور اس کی شیرینی ان کے تالو اور زبان میں لگ چکی تھی۔ پھر اس کے پھل نہ کھا سکیں گے تو ان کو اپنی محرومی پر بہت صدمہ ہو گا جیسے کہ ایک شخص نے عمدہ میووں کا مزہ چکھا ہی نہیں۔ دوسرے نے چکھا تھا مگر اب اس کو میسر نہیں تو یقیناً نہ ملنے کی حسرت زیادہ انہی کو ہو گی جو چکھ کر محروم ہو گئے (تفسیر عزیزی) نیز کھلے کافروں کو تو صرف دوزخ کا عذاب ہو گا اور منافقوں کو عذاب بھی اور طعنے بھی اس لئے ان کو تکلیف زیادہ ہو گی نیز چونکہ انہوں نے جھوٹ بھی بولا تھا اس لئے ان کو جہنم کے سب سے نیچے طبقے میں رکھا جائے گا جہاں کہ اور طبقات سے دوزخیوں کی پیپ وغیرہ بہہ کر آئے گی اور وہ ہی ان کو پلائی جائے گی تو کفر کی وجہ سے ان کو یہ عذاب ہوا اور فریب کی وجہ سے یہ درد پہنچا **یکذبون** میں اس اس طرف اشارہ ہے کہ ان پر مصیبتیں جھوٹ کی وجہ سے آئیں **یکذبون** کذب سے بنا ہے۔ اس کے معنی ہیں جھوٹ' جھوٹ کئی قسم کا ہوتا ہے۔ 1 قول میں جھوٹ وہ اس طرح کہ خلاف واقع خبر دے۔ 2 فعل میں جھوٹ۔ وہ اس طرح کہ عمل قول کے خلاف ہوں یعنی کہے کچھ اور کرے کچھ۔ 3 عقیدے میں جھوٹ وہ اس طرح کہ غلط عقائد اختیار کرے۔ مثلاً خالق تو ایک ہے لیکن کسی کا عقیدہ یہ ہو کہ خالق چند ہیں تو یہ عقیدے کا جھوٹ ہوا۔ ہر جھوٹ برا ہے لیکن عقیدے کا جھوٹ سخت برا اور یہ منافق ہر طرح جھوٹے تھے۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ جھوٹ بد ترین گناہ اور فحش عیب ہے۔ بلکہ ہزارہا گناہوں کی

marfat.com
Marfat.com

جڑ ہے اگر کوئی شخص جھوٹ نہ بولنے کا عہد کرے تو ان شاء اللہ بہت سے گناہوں سے بچ جائے گا۔ انبیاء کرام سارے گناہوں سے اور خصوصاً جھوٹ سے بالکل محفوظ و معصوم ہوتے ہیں جو شخص انہیں جھوٹا مانیں وہ بے دین حضرت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق جو آیا ہے کہ انہوں نے معاذ اللہ تین جھوٹ بولے یہاں جھوٹ سے مراد تعریض ہے۔ یعنی دو معنی والا کلام بولنا۔ اور اس سے خلاف ظاہر معنی مراد لینا اور یہ تعریض ضرورتاً جائز ہوتی ہے۔ جیسے کہ آپ کی بیوی حضرت سارہ کے متعلق ایک ظالم بادشاہ نے پوچھا کہ یہ آپ کی کون ہے آپ نے خیال فرمایا اگر میں نے کہہ دیا کہ میری بیوی ہے تو یہ ظالم مجھ سے جبراً چھین لے گا۔ اس لئے آپ نے کہہ دیا کہ یہ میری بہن ہے۔ وہ نسبتی بہن سمجھا اور آپ نے دینی بہن مراد لی اسی طرح حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہجرت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہے ہیں۔ کسی کافر نے پوچھا کہ اے ابو بکر تمہارے ساتھ یہ کون ہیں۔ آپ نے راز چھپانے کے لئے فرمایا مجھے راستہ بتانے والے ہیں۔ وہ یہ سمجھا کہ اس سے دنیوی راستہ مراد ہے اور آپ کے مراد تھی راہ الٰہی یہ تعریض ہے۔ اور ضرورتاً جائز۔ تتمہ: جھوٹ بہرحال منع ہے سواء چند موقعوں کے سخت مجبوری کی حالت میں دو مسلمانوں میں صلح کرانے کے لئے اپنی بیوی کو راضی کرنے کے لئے جہاد کے موقع پر ضرورتاً (تفسیر روح البیان و شامی وغیرہ) جھوٹ سے جس طرح اخروی عذاب آتا ہے۔ ایسے ہی دنیا میں بھی مصیبتیں نازل ہوتی ہیں۔ مثنوی شریف میں ہے۔

صبح کاذب کارواں ہارا زدہ است     کہ ببوئے روز بیرون آمدہ است

صبح کاذب خلق را رہبر مباد     کہ دہد بس کارواں ہارا بباد

صبح کاذب بھی صدہا قافلوں کو برباد کر چکی ہے خدا کرے جھوٹا کسی کا رہبر نہ بنے۔

خلاصہ تفسیر: اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ان کی فطرت میں ہی تندرستی نہیں اور ان کے دلوں پر جھوٹ کی بیماری سوار ہے جوں جوں صحت بخش باتیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوتی گئیں ان کی مخالفت سے ان کا مرض بڑھتا گیا اور جس طرح کہ جسمانی مرض کا انجام موت ہے۔ اسی طرح روحانی بیماریوں کا نتیجہ دردناک عذاب ہے بارش ہر درخت کو بڑھاتی ہے مگر جس درخت کا تخم خراب ہو اس میں کانٹے اور کڑوے پھل آتے ہیں۔ اور جس کا تخم اچھا ہو اس میں عمدہ پھل پھول لگتے ہیں اسی طرح قرآن کریم کی آیتیں رحمت کی بارش ہیں۔ جس سے مومنوں کو شفاء ہوتی ہے اور جن کی اصل میں کجی ہے ان کی بیماری بڑھتی ہے اس میں ان کا اپنا قصور ہے نہ کہ قرآن کریم کا۔

تفسیر صوفیانہ: عام طور پر دل میں اچھے خیالات بھی آتے ہیں اور برے بھی اچھے خیالات رحمانی الہام ہوتے ہیں۔ جس کے لئے ایک فرشتہ مقرر ہے۔ اور برے خیالات شیطانی وسوسے۔ جن دلوں پر اللہ کا کرم ہے۔ ان کو الہام زیادہ اور وسوسے کم ہوتے ہیں۔ بلکہ بعض مقبولان خدا ایسے بھی ہیں کہ جو ان وسوسوں سے بالکل محفوظ ہو جاتے ہیں اور جن کے دلوں میں بیماری ہے انہیں الہام کم اور وسوسے زیادہ ہوتے ہیں۔ اگر اس مرض کا علاج کسی قابل طبیب روحانی سے کرا لیا جائے تو صحت ہو جاتی ہے ورنہ یہ مرض بڑھتا بڑھتا اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ دل میں اچھے خیالات کا آنا ہی بند ہو جاتا ہے اور کبھی یہاں تک ترقی ہو جاتی ہے برے کاموں کو اچھا اور اچھے کاموں کو برا سمجھنے لگتا ہے اور بدکاروں کو عزیز رکھنے اور نیکو کاروں سے نفرت کرنے لگ جاتا ہے۔ یہی دل کی موت ہے اسی طرح بعض اوقات دل سے غیبی آواز آتی ہے جو انسان کو برائی سے روکتی ہے اور برے کام کرنے

marfat.com
Marfat.com

پر ملامت کرتی ہے اللہ کے مقبول بندوں کی یہ آواز نہایت قوی ہوتی ہے کہ وہ برے راستہ پر آتے ہی نہیں اور گناہوں کی زیادتی کی وجہ سے یہ آواز کمزور پڑ جاتی ہے یہاں تک کہ رفتہ رفتہ بند ہو جاتی ہے۔ پھر غلط آوازیں آنی شروع ہو جاتی ہیں کہ گناہ کرنے پر خوشی کی آواز نکلتی ہے۔ یہ قلب کی موت ہے اور اس آیت میں انہی بیماریوں کا ذکر ہو رہا ہے۔ جس طرح سے کہ بعض دوائیں اور بعض جگہ کی آب و ہوا تندرستی بخشتی ہے۔ اسی طرح بعض اعمال اور کسی جگہ کی آب و ہوا روحانی تندرستی دیتی ہے۔ اولیاء اللہ کی زیارت ان کی قبور پر حاضری دینے کا اس لئے حکم ہے کہ وہاں کی آب و ہوا ایمان کے لئے زیادہ مفید ہے۔ جس طرح کہ بیمار سفر کرکے طبیبوں کے پاس جاتے ہیں۔ اسی طرح گناہوں کا بیمار اگر سفر کرکے روحانی اطباء کے پاس حاضری دے تو کیا حرج ہے سفر عرس اور سفر زیارت قبور میں یہی حکمتیں ہیں ان کی زیادہ تحقیق کے لئے شامی جلد اول بحث زیارت قبور اور اشعۃ اللمعات اور کتب تصوف اور ہماری کتاب جاء الحق کا مطالعہ کرو۔ اور جس طرح بعض بیماریاں اڑ کر لگتی ہیں اسی طرح روحانی بیماری بھی اڑ کر لگنے والی ہیں۔ اسی لئے بدمذہبوں اور بے دینوں کی صحبت سے دور رہنا ضروری ہے۔

**حکایت:** ایک شخص کسی حکیم کے پاس جا کر کہنے لگا کہ حکیم صاحب مجھے گناہوں کی دوا درکار ہے حکیم صاحب حیران ہو گئے ان کا کمپوڈر کوئی مرد خدا تھا کہنے لگا کہ توبہ کے پتے۔ شکر کے پھول' عبادت کے بیج' ریاضت کی جڑیں ہم وزن لے کر مجاہدے کے ہاون دستے میں کوٹ لے۔ اپنے آنسوؤں میں تر کرکے صبر کی آگ پر پکا لے اخلاص کی کھانڈ سے میٹھا کرکے دل کی آہوں سے ٹھنڈا کرکے پی جا۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی کہنے لگا کہ اس کا پرہیز کیا جواب دیا کہ اپنے دل کو اغیار کے کوڑے سے صاف رکھ تاکہ یار وہاں تجلی فرمائے۔ اور اس کی گزرگاہ اور دروازے کو عبادات کی جھنڈیوں سے آراستہ رکھ۔ گناہوں کے گرد و غبار سے صاف کر دے تاکہ یہ راستہ یار کے آنے جانے کے قابل بن جائے نیز اپنے نفس امارہ کے گلے میں کسی شیخ کی غلامی کا پٹہ ڈال۔ تاکہ وہ مارا نہ جائے۔ اللہ پاک ہمیں یہی علاج نصیب فرمائے۔

**اعتراض:** اس جگہ فی قلوبھم کیوں بولا گیا مختصر عبارت یہ تھی کہ قلوبھم مرضی یعنی ان کے دل بیمار ہیں **جواب:** اس میں اس جانب اشارہ ہے کہ ان کی یہ بیماری عارضی ہے اصلی نہیں۔ نیز یہ مرض ابھی راسخ نہیں ہوا بلکہ قابل علاج ہے اسی لئے ان کو ایمان کی طرف بلایا جا رہا ہے۔

| |
|---|
| وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا |
| اور جب کہا جاتا ہے ان کے نہ فساد کرو بیچ زمین کہتے ہیں اسکے |
| اور جو ان سے کہا جائے زمین میں فساد نہ کرو تو کہتے ہیں |
| نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱﴾ |
| سوا نہیں ہم اصلاح کرنے والے ہیں |
| ہم تو سنوارنے والے ہیں |

marfat.com
Marfat.com

تعلق : اس سے پہلے بتایا گیا ان منافقوں کی دلی بیماری انتہا کو پہنچ چکی ہے۔ اب اس کی نشانی بتائی گئی ہے وہ نیک وبد میں تمیز نہیں کرسکتے۔ بلکہ ہر ایک کو غلط سمجھتے ہیں جیسے کہ بیماریوں کے ساتھ ان کی علامات بھی بتاتے ہیں اسی طرح اس مرض کی یہاں یہ پہچان بتائی گئی تو گویا یہ آیت کا نتیجہ ہے اس کا عکس بھی ہو سکتا ہے یعنی چونکہ ان کے حواس ایسے بگڑ گئے کہ نیک کو بد اور بد کو نیک سمجھنے لگے تولامحالہ ان کے لئے دردناک عذاب ہے یہ بھی تعلق ہے کہ اس سے پہلے منافقین کی بدعقیدگیوں اور بکواس اور برے اعمال کا ذکر تھا۔ اب ان کی بدمعاملگی کا ذکر ہو رہا ہے۔ یعنی دل ان کے بیمار۔ زبانیں ان کی جھوٹی۔ عبادتیں ان کی غلط اور ان کے معاملات بھی خراب ہیں چونکہ عبادات معاملات سے پہلے ہوتی ہیں اس لئے ان کا ذکر پہلے ہوا اور معاملات کا بعد میں۔ تتمہ: جن اعمال کا تعلق رب سے ہو۔ ان کو عبادات کہتے ہیں۔ جیسے 'نماز' روزہ 'حج' زکوۃ وغیرہ اور جن کا تعلق بندوں سے ہو انہیں معاملات کہتے ہیں۔ جیسے تجارت آپس کے لین دین ودیگر برتاوے منافقین کے دونوں قسم کے اعمال خراب تھے۔ ان میں سے آخری قسم کا ذکر یہاں ہو رہا ہے۔

تفسیر : **واذا قیل۔** قیل قول سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں۔ 1بات۔ 2بولنا یا کہنا۔ 3دل کے خیالات۔ 4رائے۔ 5مذہب یہاں یا تو کہنا مراد یا رائے دنیاں کہنے والا کون ہے اس میں چند احتمال ہیں۔ رب تعالیٰ کہ اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ ان سے یہ فرمایا دوسرے خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تیسرے عام مومنین چوتھے وہ مسلمان جن سے وہ فتنے کی باتیں کرتے تھے **لا تفسدوا** فساد سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں بگڑنا یعنی کسی چیز کا اعتدال سے نکل جانا اور نفع کے قابل نہ رہنا اس کا مقابل ہے صلاح جس کے معنی ہیں سنورنا اور نفع کے قابل ہونا اس فساد وصلاح میں بہت گنجائش ہے نفس کا فساد دو شخصوں کا فساد ہر شہر کا فساد کسی خاص ملک کا فساد اور زمین کا فساد **فی الارض** نے یہ بتایا کہ یہاں آخری فساد مراد ہے تو منافقین سے کہا جارہا ہے۔ کہ اگر تم خود بگڑے ہوئے ہو تو اوروں پر تو مہربانی کرو اور اللہ کی زمین میں فساد نہ پھیلاؤ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ منافقین کی بیماری متعدی یعنی پھیلنے والی تھی۔ اب یہاں فساد سے کیا مراد ہے؟ اس میں چند قول ہیں سیدنا عبداللہ بن عباس' حسن' قتادہ' سدی رضی اللہ عنہم کا یہ قول ہے کہ یہاں فساد سے مراد ہے علانیہ گناہ کرنا کیونکہ علانیہ گناہ سے خدا کی رحمتیں بند ہو جاتی ہیں۔ عذاب نازل ہوتے ہیں۔ قتل وخون وغارت گری وغیرہ شروع ہو جاتی ہے چونکہ وہ لوگ موقع پا کر علانیہ گناہ بھی کرتے تھے اس سے ان کو روکا گیا۔ خیال رہے کہ صحابہ حضور کی فیض صحبت سے ایسے منجھ گئے تھے کہ اولا" تو وہ گناہ کرتے نہ تھے اگر کبھی کوئی گناہ سرزد ہو جاتا تو چھپانے کی کوشش نہ کرتے بلکہ بارگاہ نبوی میں آکر اقرار کر کے سزا لیتے تھے منافق وہ مردود ازلی ٹولہ تھا جو اس آستانہ میں آکر بھی درست نہ ہوئے فرمایا جارہا ہے تم اپنے کام سے حضور کے نام کو بٹہ نہ لگاؤ۔ فساد نہ کرو دوسرا قول یہ ہے کہ فساد سے مراد کفار سے ملنا ان کی تواضع وخاطر اور خوشامد کرنا ہے۔ تو گویا یہاں یہ کہا جارہا ہے کہ تم ایک طرف کے ہو کے رہو۔ تمہاری یہ منافقانہ حرکتیں فساد پھیلا دیں گی۔ تیسرا قول: یہ ہے کہ فساد سے مراد ہے مسلمانوں کے راز کفار تک پہنچانا چونکہ منافقین مسلمانوں کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے تھے۔ اس لئے ان کو کچھ مسلمانوں کی جنگی تدبیریں معلوم ہو جاتی تھیں اور وہ کفار کو ان کی خبر کر دیتے تھے اس حرکت سے انہیں روکا گیا۔ چوتھا قول یہ ہے کہ منافقین نو مسلموں سے خفیہ مل کر ان کے دلوں میں اسلام کے خلاف شکوک وشبہات ڈالتے ہیں وہ لوگ یہ سمجھتے تھے کہ جب پرانے مسلمان اسلام پر مطمئن نہیں تو ضرور

marfat.com
Marfat.com

اسلام میں کچھ خرابی ہو گی۔ یہاں فساد سے ان کی یہی حرکت مراد ہے اور اسی سے ان کو روکا جا رہا ہے **قالو** ظاہر یہ ہے کہ یہ انہیں منافقین کا قول ہے جن کو فساد سے روکا گیا اس قول کا خلاصہ یہ ہے کہ ہم فساد نہیں پھیلاتے بلکہ اصلاح کرتے ہیں یعنی اے مسلمانو! جس چیز کو تم فساد کہتے ہو اس کو ہم اصلاح سمجھتے ہیں کیونکہ تمہارا اسلام فساد ہے اور اس کو ہم مٹانا چاہتے ہیں یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ **مصلحون** سے مراد ہو صلح کرانا یعنی منافقین کہتے تھے کہ ہم کافروں سے اس لئے ملتے اور ان کی خاطر و مدارات کرتے ہیں۔ تاکہ تم میں اور ان میں صلح قائم رہے اور مدینہ پاک کی زمین خون سے رنگین نہ ہو۔ اور اے مسلمانو تمہاری کوشش یہ ہے کہ یہاں کشت و خون ہو جائے لہٰذا ہم ہی مصلح ہیں۔ نہ کہ تم اسی لئے انہوں نے **انما** بولا جو کہ حصر کے لئے آتا ہے قرآن کریم نے دوسرے مقام پر ان منافقین کا قول اس طرح نقل فرمایا **قالوا ان اردنا الا احسانا و توفیقا**

**خلاصہ تفسیر :** اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ان منافقین پر دلی بیماری اس قدر غالب آگئی کہ برے بھلے کی تمیز نہ رہی کیونکہ جب ان سے کہا جاتا ہے کہ چغل خوری، غمازی اور گناہوں سے ملک میں فساد برپا نہ کرو تو وہ جواب دیتے ہیں کہ ہم تو بھلائی کرتے ہیں وہ ان گناہوں کو بھلائی سمجھ بیٹھے، جیسے کہ بعض بیمار میٹھی چیز کو کڑوی اور کڑوی کو میٹھی محسوس کرتے ہیں یہی ان کا حال ہے۔ جب انسان اپنے عیب کو ہنر سمجھنے لگے۔ تو اس کی ہدایت بہت مشکل ہے۔ کیونکہ وہ جاہل مرکب ہے۔ **نوٹ:** یہ سمجھنا کہ اس قسم کے لوگ پہلے تھے اب نہیں ہیں۔ سخت غلطی ہے۔ اب بھی بکثرت موجود ہیں۔ بت پرستی گنگا اشنان کرنا وغیرہ سب اس غلط فہمی کا نتیجہ ہیں مبارک وہ شخص ہے، جس کو دنیا میں حقیقت حال کی خبر ہو جائے۔ اور برے بھلے کی تمیز کرلے ورنہ مرنے کے بعد تو ہو ہی جائے گی۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ کفر در حقیقت فساد ہے کیونکہ یہ حق تعالیٰ کی بغاوت ہے اور بغاوت سے بڑھ کر کوئی فساد نہیں ہو سکتا۔ دوسرے یہ کہ اسلام اور شریعت مطہرہ کی اطاعت زمین کی اصلاح ہے کیونکہ یہ وفاداری ہے اگر کوئی شخص کفر کر کے کشت و خون بند کر دے۔ تو وہ بھی مفسد ہے دوسرا شخص اسلام پھیلانے اور راہ ہدایت دینے کے لئے جہاد و قتال بھی کرے تو وہ مصلح ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ کسی مریض کا کوئی عضو گل گیا۔ اگر اسے نہ کاٹا جائے تو دوسرے اعضا کے گلنے کا بھی اندیشہ ہے۔ طبیب حاذق اس کو کاٹنا چاہے اور وہ بے وقوف اس سے بچے اور کہے کہ عضو کا کاٹنا جسم کو فاسد کرتا ہے میں تو اصلاح چاہتا ہوں ہر عضو کو اپنے حال پر ہی رہنے دوں گا۔ اگرچہ بظاہر طبیب جسم کو بگاڑ رہا ہے۔ اور وہ بیمار اس فساد سے بچنا چاہتا ہے لیکن در حقیقت طبیب مصلح ہے اور مریض مفسد۔ اسی لئے کہتے ہیں کہ بیمار کی رائے بھی بیمار ہوتی ہے منافقین جسم کی اصلاح چاہتے تھے۔ وہ دونوں جہاں میں خرابی کا باعث تھی۔ ضرورت کے وقت جہاد نہ کرنا فساد ہے اور کرنا اصلاح۔ تیسرے یہ کہ کفار سے میل جول رکھنا۔ اور ان کے دینی معاملات میں خاطر تواضع کرنا ان کے ساتھ چاپلوسی اور خوشامدیں کرنا۔ ان کی خوشی کے لئے صلح کل بن جانا۔ اور حق گوئی سے باز رہنا منافقوں کی شان ہے۔ منافق دو قسم کا ہے۔ منافق عملی اور منافق اعتقادی نفاق عملی حرام ہے۔ نفاق اعتقادی کفر اور حرام۔ جیسا کہ اس زمانہ میں بہت لوگوں نے یہ طریقہ اختیار کر لیا ہے سمجھ لو کہ مسلمانوں کی ترقی محض تعداد بڑھانے سے نہ ہو گی بلکہ حق کے ذریعہ ہو گی۔ آپ تولہ بھر عطر کو بڑھانے کے لئے

marfat.com
Marfat.com

ایک مٹکا پیشاب میں ملا دیں تو اس سے عطر بڑھا نہیں فنا ہو گیا۔ وہ تولہ بھر تھا تو عطر اور اب مٹکا بھر گیا مگر عطر نہ رہا۔ اتفاق بے شک اچھی چیز ہے مگر کس سے! مسلمانوں سے اور تنظیم بڑی ضروری چیز ہے مگر کس کی؟ مسلمانوں کی۔ غلط تنظیم کو مٹانا اسلام کا اولین فرض ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جلوہ گری فرما کر غلط تنظیم کو ہی مٹایا اور سید الشہداء شہید کربلا امام حسین رضی اللہ عنہ نے یزیدی تنظیم کی دھجیاں اڑا دیں اپنی قلت اور مخالفین کی کثرت کی بالکل پرواہ نہ کی اس وقت تنظیم کی رٹ لگانے والے اور اتفاق اتفاق کا گیت گانے والے اسلامی تنظیم سے منہ موڑ کر غلط سیاسی تنظیم کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ جس کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان اور دیوبندی' وہابی' قادیانی' بلکہ ہندو اور عیسائی وغیرہ سب مل کر ایک ہو جائیں۔ نہ ایسا ہو سکا ہے اور نہ ہو سکے گا۔ روشنی اور تاریکی کفر و ایمان میں کبھی اتفاق ہوا ہی نہیں۔ اگرچہ خود ساختہ تنظیم کی بجائے مسلم قوم کی صحیح معنی میں تنظیم کرتے تو یقیناً بہت کامیاب ہوتے اور چھوٹی چھوٹی جماعتیں دیوبندی' قادیانی وغیرہ کبھی کی فنا ہو کر اسلام میں داخل ہو چکی ہوتیں ان تمام جماعتوں کا پھیلنا اس بے ہودہ تنظیم کے شور کا نتیجہ ہے۔ میرا مقصد یہ نہیں ہے کہ مسلمان ہر ایک سے لڑتے پھریں بلکہ یہ ہے کہ ان سب سے علیحدہ رہیں اور ان میں سے کسی کو دوست نہ بنائیں قرآن کریم فرماتا ہے۔ **لا یتخذ المومنون الکفرین اولیاء** مسلمان کفار کو دوست نہ بنائیں۔ حق تعالیٰ عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

**تفسیر صوفیانہ :** جس طرح سے عمدہ زمین میں جس قسم کا بیج ڈالا جائے گا۔ اسی قسم کا درخت اگے گا جو شخص بار آور درختوں کی بجائے خاردار (کانٹے والے) درخت بوئے وہ اس زمین کو بگاڑتا ہے اور اپنے کو ان فوائد سے محروم کرتا ہے۔ اسی طرح انسانی دل میں ہر قسم کی استعداد ہے۔ اگر اس میں ایمان کا بیج بویا تو اس سے عمدہ پھل حاصل ہوں گے اور کفر کے بیج سے کانٹے ہاتھ لگیں گے۔ یہاں یہ کہا جا رہا ہے کہ اے منافقو! اپنے اس قلب کی کھیتی میں کفر و نفاق کا بیج ڈال کر اس کو فاسد نہ کرو۔ بلکہ ایمان بو کر اور عبادات کا پانی دے کر نیک صحبتوں کی ہوا لگا کر پھل دار درخت پیدا کرو۔ لیکن وہ اپنی بے وقوفی سے کانٹے بو کے پھل کر امیدوار ہیں۔

**اعتراض :** اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ منافقین اپنی بے ایمانیاں ظاہر کرتے ہیں اور مسلمانوں کے سمجھانے پر ایسے بے ہودہ جواب بھی دیتے تھے۔ تو اس صورت میں وہ منافق کہاں رہے بلکہ کھلے کافر ہو گئے۔ **جواب:** یہ لوگ خفیہ طور پر ایسی بدکاریاں کرتے تھے۔ اور جب کبھی کسی مسلمان کو پتہ لگ جاتا تھا تو ان کو سمجھاتا تھا تو وہ خاموش ہو جاتے تھے مگر اپنے دل میں یہ سوچتے تھے کہ ہماری یہ روش ٹھیک ہے حق تعالیٰ نے اس آیت میں ان کے دلی راز کو ظاہر فرمایا خیال رہے کہ عہد نبوی میں منافقین پر تلوار کا جہاد نہ تھا۔ اگرچہ ان سے علامات کفر ظاہر ہوتی تھیں حضور کے بعد ایمان ہے یا کفر نفاق کوئی چیز نہیں۔ اب جس کلمہ گو سے علامات کفر میں سے کوئی علامت ظاہر ہو گی مرتد واجب القتل ہو گا جیسا کہ مشکوٰۃ آخر باب علامات النفاق میں حضرت عائشہ کا ارشاد ہے اور اس کی شرح لمعات میں یہ ہی توجیہ مذکور ہے جو اپنے نفاق کو اصلاح کہے وہ مرتد ہے۔

| |
|---|
| اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ ۱۲ |
| خبردار تحقیق وہ ہی فسادی ہیں اور لیکن نہیں شعور رکھتے |
| سنا ہے وہ ہی فسادی ہیں مگر انہیں شعور نہیں |

marfat.com
Marfat.com

تعلق : اس سے پہلے منافقین کی بکواس کا ذکر ہوا۔ اب اس کی تردید ہو رہی ہے۔ مگر جس شدومد سے انہوں نے اپنی تعریف کی تھی اس سے بڑھ کر ان کی برائی بیان ہوئی۔

تفسیر : الا حرف تنبیہہ ہے۔ کبھی تو یہ لفظ غافل کو آگاہ کرنے کے لئے بولا جاتا ہے اور کبھی مضمون کی اہمیت بتانے کے لئے جس کا ترجمہ ہے۔ خبردار اگر کلام کی توجہ منافقین کی طرف ہے تب تو یہ غافلوں کو بیدار کرنے کے لئے ہے۔ اور اگر مسلمانوں سے خطاب ہے تو چونکہ وہ تو پہلے ہی سے خبردار ہیں اس لئے محض مضمون کی اہمیت کے لئے ہے انهم' ان اس جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔ جہاں کہ اس کلام کا کوئی منکر ہو یا اس کے انکار کا احتمال ہو۔ چونکہ اس مضمون کے منافقین و کفار منکر تھے اور ضعیف الاعتقاد مسلمانوں کے انکار کا اندیشہ تھا۔ کیونکہ بظاہر معلوم ہوتا تھا کہ منافقین امن پسند اور صلح کل ہیں۔ اور مسلمان جنگجو اور شورش پسند ہیں۔ اس لئے اس جگہ ان لایا گیا فرمایا گیا کہ یقیناً یہ صلح پسندی عین فساد ہے هم' المفسدون دوبارہ هم لانے سے حصر کے معنی پیدا ہو گئے یعنی منافقین ہی مفسد ہیں نہ کہ مسلمان۔ منافقین نے اپنے کلام میں انما بول کر بتایا تھا کہ اصلاح کرنا ہمارا ہی کام ہے نہ کہ مسلمانوں کا۔ حق تعالیٰ نے هم فرما کر بتا دیا کہ فساد پھیلانا منافقوں ہی کا کام ہے نہ کہ مسلمانوں کا المفسدون میں بہت گنجائش ہے۔ کیونکہ اس کے معنی ہیں بگاڑنے والے تو یہ منافقین اپنی زبان' خیال اور سارے اعضاء کو کفر سے بگاڑنے والے ہیں اور لوگوں کو بھی ایمان سے روک کو بگاڑتے ہیں۔ کافروں کو کفر میں مضبوط کر کے بگاڑتے ہیں۔ زمین کو اللہ کا ذکر روک کر بگاڑتے ہیں اس لئے ہر طرح مفسد ہی ہوئے ولکن لا یشعرون شعور حواس کے جاننے کو کہتے ہیں تو اس میں اس جانب اشارہ سے ظاہر ہو رہا ہے کہ منافقوں کا مفسد ہونا ایسا ظاہر ہے کہ گویا آنکھوں سے نظر آ رہا ہے۔ مگر ان کی آنکھیں ہی پھوٹی ہوئی ہیں جس کی وجہ سے ایسی کھلی ہوئی چیز بھی محسوس نہیں کر سکتے۔ کیونکہ تقیہ کا برا ہونا تمام دینوں میں مسلم ہے۔ دوغلے آدمی کو سب ہی برا کہتے ہیں۔ یہ ایسے اندھے ہیں کہ اچھا سمجھتے ہیں مجبوری کے وقت منہ سے کفر نکالنا ایسا درست ہے جیسے جان کے خطرے پر سور شراب کھانا نیز صحابہ کو رب نے حضور کی صحبت' جمع قرآن' اشاعت اسلام کے لئے منتخب کیا۔ مہربان باپ اپنے بیٹے کو بروں کی صحبت سے بچاتا ہے۔ مہربان رب نے اپنے محبوب کو صحبت اصحاب کے لئے منتخب کیا کہ فرمایا
اصبر نفسک مع الذین الخ اور فرمایا ولا تعد عینک عنهم اور فرمایا ولا تطرد الذین

خلاصہ تفسیر : یہاں یہ فرمایا جا رہا ہے کہ دیکھو یہی لوگ اول درجہ کے مفسد ہیں۔ مگر ساتھ ہی ساتھ اول درجہ کے بے شعور بھی ہیں کہ ان کو فساد و اصلاح کی تمیز نہ رہی۔ دل کے اندھے ہونے سے ظاہری اعضاء بھی بیکار ہو جاتے ہیں۔

تفسیر صوفیانہ : انسان کا تعلق دنیا سے بھی ہے اور دین سے بھی۔ لیکن دنیا اور دین آپس میں ضد ہیں۔ دنیا کا سنبھالنا دین کو بگاڑنا ہے اور دین کی اصلاح دنیا کو فاسد کرتی ہے۔ حقیقت پر نظر رکھنے والے دین کی زیادہ فکر رکھتے ہیں۔ اور بہت دفعہ دین کے مقابلے میں دنیا کو بگاڑ لیتے ہیں۔ لیکن ظاہر بین لوگ دنیا کو دین پر مقدم سمجھتے ہیں کہ دنیا کے لئے دین کو برباد کر ڈالتے ہیں۔ منافقین ان ہی لوگوں میں سے تھے کہ جن کی نگاہ میں فقط دنیا کا حاصل کر لینا انتہائی کمال تھا۔ اس لئے وہ اپنے اس کام کو اصلاح کہتے تھے۔ اور رب تعالیٰ نے اس کو فساد قرار دیا کیونکہ یہ اپنی دنیا سنبھال کر دین بگاڑ رہے تھے۔ باقی کو چھوڑ کر فانی چیز اختیار کرنا یقیناً فساد ہی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

تتمہ: خیال رہے کہ صوفیائے کرام کے نزدیک دنیا وہ ہے جو حق سے غافل کردے۔ خوراک و پوشاک زن و فرزند اور دیگر جائز کاروبار اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کے لئے ہوں تو وہ سب عین دین ہیں۔

چیست دنیا از خدا غافل بودن　　نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

فائدے: اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو کوئی اللہ والوں کا مقابلہ کرتا ہے وہ حق تعالیٰ کا مقابل قرار پاتا ہے۔ اور مقبول بندوں پر اعتراض کرنا در پردہ حق تعالیٰ پر اعتراض ہے۔ کیونکہ منافقین نے مسلمانوں پر اعتراض کیا تھا نہ کہ رب پر۔ مگر جواب رب نے دیا۔ جس سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ نے اس اعتراض کو اپنی طرف منسوب فرمالیا۔ جیسے کہ بارہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراضات ہوئے اور رب تعالیٰ نے ان کے جواب دیئے۔ دوسرا فائدہ: اس سے معلوم ہوا کہ جو کوئی اللہ کا ہو جاتا ہے اللہ اس کا ہو جاتا ہے یعنی جو دنیا میں اللہ کا وکیل بن جائے کہ اس کے احکام اپنی کوشش سے پھیلائے تو رب تعالیٰ بھی اس کا وکیل ہو جاتا ہے۔ کہ جو اس پر مصیبت پڑے اس خود دفع فرمائے۔ اسی لئے فرمایا گیا فاتخذہ وکیلا (المزمل) حقیقت یہ ہے کہ جو شخص اطاعت رب کی فکر میں رہتا ہے۔ رب تعالیٰ اس کو دنیوی فکروں سے بچالیتا ہے۔ تیسرے: یہ کہ صحابہ کرام کو فسادی کہنا منافقوں کا کام ہے۔ منافقوں نے کہا تھا کہ ہم ہی مصلح ہیں۔ یعنی فسادی تم ہو تو رب نے فرمایا کہ منافق ہی فسادی ہیں کوئی صحابی فسادی نہیں۔ ان حضرات کی آپس کی جنگیں بھی فساد نہ تھیں وہ نفسانی نہ تھیں۔ منافقوں کی نمازیں بھی فساد ہیں کہ یہ نمازیں نفسانی ہیں رحمانی نہیں۔ دیکھو رب نے یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کو کافر یا فسادی نہ قرار دیا بلکہ انہیں ہدایت کے تارے بتایا انی رایت احد عشر کوکبا الخ اعتراض: اس آیت کے حصر سے معلوم ہوا کہ صرف منافقین ہی مفسد ہیں تو کیا دوسرے کفار اور بے دین مفسد نہیں۔ جواب: اس کے دو جواب ہیں۔ ایک یہ کہ یہ حصر مسلمانوں کے مقابلہ میں ہے۔ یعنی مسلمان مفسد نہیں وہ ہی مفسد ہیں لہٰذا یہ حصر اضافی ہوا نہ کہ حصر مطلق۔ دوسرے یہ کہ جس فساد کا یہاں ذکر ہو رہا ہے وہ صرف منافقین ہی پھیلاتے ہیں۔ اس قسم کا فساد اور کوئی نہیں پھیلاتا تو یہ حصر خاص اس فساد کے لحاظ سے ہے۔

| |
|---|
| وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا |
| اور جب کہا جاوے لئے ان کے ایمان لاؤ جس طرح ایمان لائے لوگ کیا ایمان لائیں جس طرح |
| اور جب ان سے کہا جاوے ایمان لاؤ جیسے اور لوگ ایمان لائے تو کہیں |
| اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ |
| ایمان لائے بے وقوف لوگ خبردار تحقیق وہ ہی بے وقوف ہیں |
| کیا ہم احمقوں کی طرح ایمان لائیں سنتا ہے وہی احمق ہیں |
| وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۳ |
| اور لیکن نہیں جانتے |
| مگر جانتے نہیں |

marfat.com
Marfat.com

تعلق : اس آیت کا گزشتہ آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے منافقین کی دو قسم کی برائیاں بیان کی گئیں اب تیسری قسم کی برائی بیان ہو رہی ہے۔ دوسرے اس طرح کہ پہلی آیت میں بتایا گیا تھا کہ مسلمان منافقین کو فساد سے منع کرتے ہیں اور وہ نہیں مانتے۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ مسلمان ان کو حقیقی ایمان کی طرف بلاتے ہیں وہ یہ بھی نہیں مانتے چوں کہ مکمل تبلیغ یہی ہے کہ گمراہ کو برائی سے روکا جائے اور بھلائی کی طرف بلایا جائے تو گویا کہ مسلمانوں کی تبلیغ کا ایک حصہ یعنی برائی سے روکنا پہلے ذکر ہوا اور دوسرے حصہ یعنی حقیقی ایمان کی دعوت دینا اب مذکور ہوا۔ اس میں مسلمانوں کو تبلیغ کا طریقہ بھی سکھایا جا رہا ہے اور یہ بھی بتایا جا رہا ہے کہ برائی سے بچانا بھلائی کرانے پر مقدم ہے۔ چونکہ فساد سے باز رہنا حقیقی ایمان کی شرط ہے اس لئے پہلے اسے بیان کیا گیا اور بعد میں ایمان کو۔

تفسیر : قیل میں یہاں بھی وہی احتمالات ہیں جو پہلے بیان ہوئے۔ کہ یا تو یہ قول رب کا ہے یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یا محض مسلمانوں کا امنوا میں ایمان کا حکم ہے۔ حالانکہ وہ تو پہلے ہی سے بظاہر مومن تھے جس سے معلوم ہوا کہ محض زبانی ایمان بالکل معتبر نہیں یہاں ایمان کا تو حکم ہے لیکن اس کا ذکر نہیں کہ کس پر ایمان لاؤ۔ کیونکہ آئندہ عبارت اس کو ظاہر کر رہی ہے کہ جس پر سب لوگ ایمان لائے اس پر تم بھی لاؤ۔ الناس سے مراد یا تو جنس انسان ہیں تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ تم آدمیوں کی طرح ایمان لاؤ۔ جس سے معلوم ہوا کہ جو صحیح مومن نہ ہو۔ وہ حقیقت میں آدمی ہی نہیں۔ بلکہ جانور سے بھی بدتر ہے کہ وہ تو اپنے مالک کو پہچانے اور یہ نہ پہچانے یا اس سے خاص لوگ مراد ہیں۔ ان خاص میں چند احتمال ہیں یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے سارے جاں نثار صحابہ یا ان منافقین کے دوسرے اہل وطن مخلصین یا ان کے اہل قرابت مومنین جیسے عبد اللہ ابن سلام رضی اللہ عنہم تفسیر عزیزی نے سیدنا عبد اللہ ابن عباس سے روایت کیا کہ یہاں الناس سے مراد ابو بکر، عمر، عثمان، و علی ہیں رضی اللہ عنہم اجمعین چونکہ اس زمانہ میں یہ حضرات خلوص ایمان میں بہت مشہور ہو چکے تھے اس لئے ان کا ایمان اوروں کے ایمان کے لئے ایک معیار بن چکا تھا کہ جس کا ایمان ان حضرات کی طرح ہو وہ تو مومن ہے ورنہ نہیں گویا یہ کہا جا رہا ہے کہ اے منافقو! تم ظاہری ایمان تو لے آئے مگر یہ بیکار ہے۔ اگر اپنی بھلائی چاہتے ہو تو صدیق و فاروق والا ایمان لاؤ۔ بازار میں اس چیز کی قدر و منزلت ہوتی ہے جس پر کارخانے کی مہر ہو۔ ایسے ہی بازار محبت میں اسی ایمان کی قیمت ہے جس پر مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر ہو اور وہ صدیقی اور فاروقی ایمان ہے۔ السفہاء۔ سفہ سے بنا ہے اس کے لغوی معنی ہیں ہلکا پن اہل عرب بولتے ہیں سفھتہ الریح یعنی اس کو ہوا اڑا لے گئی۔ اصطلاح میں اس کے معنی ہیں بے وقوفی اور حماقت۔ کیونکہ اس میں بھی عقل کا ہلکا پن ہوتا ہے اس کا مقابل علم اور اناۃ جس کے معنی میں بردباری اور دور اندیشی منافقین نے مخلص مسلمانوں کو چند وجوہ سے بے وقوف کہا۔ ایک یہ کہ اس وقت اکثر مسلمان فقراء و مساکین تھے اور منافقین مال دار۔ ان کی حقارت بیان کرتے ہوئے ان کے لئے یہ لفظ بولا دوسرے اس لئے کہ منافقین اسلام کو باطل دین اور کفر کو سچا دین سمجھتے تھے اور جو باطل دین اختیار کرے وہ بے وقوف ہوتا ہے۔ اس لئے ان مسلمانوں کو اس لفظ سے یاد کیا تیسرے اس لئے کہ مسلمانوں نے دین کے مقابلہ میں دنیا پر لات مار دی تھی منافقین سمجھے کہ دنیوی نفع نقد ہیں اور دینی نفع ادھار۔ اور ادھار بھی ایسے کہ موت یا قیامت سے پہلے وصول نہ ہو سکیں۔ تو نقد کو چھوڑ کر ادھار لینے والا ان کے نزدیک بے وقوف تھا۔ چوتھے اس لئے کہ منافقین کے خیال میں دنیوی راحتیں

marfat.com
Marfat.com

یقینی تھیں اور دینی فائدے (جنت اور وہاں کی نعمتیں وغیرہ) محض خیالی اور وہمی کہ اولاً تو یہی نہیں معلوم کہ ان کی کچھ حقیقت بھی ہے یا نہیں اور اگر کچھ ہے تو ہمیں ملیں یا نہ ملیں اور اگر ملیں تو نہ معلوم کب اور کس طرح۔ تو محض وہمی اور خیالی چیزوں کی امید پر ان یقینی نفعوں کو چھوڑنا بے وقوفی ہے پانچویں: اس لئے کہ کفار مکہ سے ہمیشہ تعلقات رہے ہیں اور رہیں گے اسلام ایک پردیسی مذہب ہے اور مسلمان مسافر لوگ نہ معلوم کہ یہ دین باقی رہے یا نہ رہے۔ ان پردیسی لوگوں اور عارضی دین کی محبت میں اپنے اصل اور حقیقی دوستوں سے بگاڑ لینا بے وقوفی ہے۔ ہم نے ایسی عقل مندی کی ہے کہ اس پر شیطان بھی قربان ہو جائے۔ وہ یہ کہ دونوں کو راضی رکھا اگر مسلمان غالب رہے تو ہم ان سے نفع حاصل کریں گے۔ اور اگر کفار غالب آ گئے تو پانچوں گھی میں ہیں۔ دو طرفہ رہنا نہایت عقل مندی ہے۔ رب تعالیٰ نے ان کے اس جھوٹے خیال کی نہایت نفیس تردید فرمائی کہ الا انھم ھم السفھاء الا۔ انا اور ھم کے فوائد ہم پہلے بیان کر چکے ہیں حق تعالیٰ نے ان منافقین کو چند وجوں سے بے وقوف فرمایا۔ اولاً اس لئے کہ انہوں نے مٹنے والے نفع کی خاطر باقی رہنے والی نعمتوں کو چھوڑ دیا اور جو باقی کے مقابل فانی اختیار کرے وہ نہایت بے وقوف ہے۔ دوسرے اس لئے کہ انہوں نے قوی دلائل کے مقابلہ میں اپنے فاسد خیالات پر اعتماد کیا۔ اور ایسا شخص بڑا احمق ہے۔ تیسرے اس لئے کہ یہ دو گھر کے مہمان بنے اور دو گھر کا مہمان ہمیشہ بھوکا رہتا ہے۔ یعنی ان کی ان حرکتوں سے نہ تو مسلمانوں میں ان کا اعتبار رہے گا اور نہ ہی کفار میں۔ چوتھے اس لئے کہ ان کا یہ مکر اس وقت چل سکتا تھا جب مسلمان ان کی حقیقت سے بے خبر رہتے۔ حالانکہ رب نے ان کی قلعی کھول دی۔ اور مسلمانوں کو ان کے دلی ارادوں سے خبردار کر دیا۔ پانچویں اس لئے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کی جو کہ در حقیقت رب کی مخالفت ہے اور رب کی مخالفت کر کے کوئی بھی عزت نہیں پا سکتا۔ ان کی مثال تو بالکل ایسی ہے کہ کوئی شفا حاصل کرنے کے لئے سانپ سے کٹوا لے لا یعلمون پہلی آیت میں لا یشعرون فرما کر احساس کی نفی فرمائی گئی تھی اور یہاں لا یعلمون فرما کر علم اور سمجھ کی نفی فرمائی گئی۔ اس میں چند حکمتیں ہیں ایک یہ کہ وہاں فساد کا ذکر تھا جو حواس سے محسوس ہوتا ہے۔ اور یہاں بے وقوفی کا ذکر ہوا جو عقل سے معلوم ہوتی ہے دوسرے یہ کہ منافقین نے مسلمانوں کو بے وقوف کہا تو رب تعالیٰ نے ان کو جاہل فرمایا۔ تیسرے یہ کہ رب تعالیٰ نے انہیں یہاں بے وقوف فرمایا۔ اور پھر فرمایا کہ انہیں اپنی بے وقوفی کی بھی خبر نہیں۔ کیونکہ علم تو عقل سے حاصل ہوتا ہے۔ جب یہ عقل ہی سے محروم ہیں تو علم کیسے پا سکتے ہیں۔ روح البیان شریف نے اس جگہ بیان فرمایا کہ جب آدم علیہ السلام پیدا ہوئے تو ان کی خدمت میں جبریل امین تین تحفے لے کر حاضر ہوئے۔ علم، حیا اور عقل اور عرض کیا کہ آپ ان میں سے ایک کو اختیار فرمالیں حضرت آدم علیہ السلام نے عقل اختیار فرمائی۔ جبریل امین نے علم اور حیا سے کہا کہ تم واپس جاؤ۔ ان دونوں عرض کیا کہ ہم عالم ارواح میں بھی عقل کے ساتھ ہی رہے اور اب بھی ساتھ ہی رہیں گے۔ عقل دماغ اور علم دل اور حیاء آنکھوں میں قائم ہو گئے۔ مثنوی شریف میں فرمایا۔

جملہ حیواں را پئے انساں بکش　　جملہ انسان را بکش از بہرہش
لطف نو عاقل کند مرنیل را　　قہر اوابلہ کند قابیل را

خلاصہ تفسیر: اس آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ جب کوئی خیر خواہ ان سے کہتا ہے کہ تم اللہ والوں کی طرح حقیقی ایمان لے آؤ

marfat.com
Marfat.com

جس سے فتنہ فساد بند ہو جائے اور دنیا سے نفرت اور آخرت سے الفت حاصل ہو اور تمہارا شمار بھی آخرت کے ان لوگوں میں ہو جائے جو حقیقتاً انسان ہیں تو منافقین جواب دیتے ہیں کہ کیا ہم بھی ان بے وقوفوں کی طرح ایمان لے آئیں جنہوں نے خیالی جنت کے لئے دنیوی راحت کو ٹھکرادیا۔ بھائی دنیا دین سے مقدم ہے۔ آخرت کس نے دیکھی ہے اور وہاں کی نعمتیں کیا خبر کیسی ہیں۔ اس جگہ آرام کر لینے دو۔ اس ادھار کی امید پر یہ نقد پر کیوں چھوڑیں۔ اور کیا ہم ان کی طرح ہو جائیں کہ جو دنیا کے عیش و آرام کو چھوڑ کر دن کو روزے اور رات کو عبادت الٰہی میں مشغول رہتے ہیں۔ انہیں دنیا سازی آتی ہی نہیں۔ بھائی یہ مسلمان نا عاقبت اندیش ہیں۔ اندھا دھند ایک طرف چل پڑے۔ ہم عقل مند اور نہایت پولیٹیکل آدمی ہیں۔ دنیا سازی کوئی ہم سے سیکھے۔ ہم نے وہ تدبیر کی ہے اور ایسی چال چلی ہے کہ جس سے ہمارا کبھی نقصان ہو سکتا نہیں۔ اگر مسلمانوں کا دور رہا تو ہم ان کے یار بنیں رہیں گے اور در پردہ کفار سے بھی ساز باز رکھیں گے۔ تاکہ اگر ان کا غلبہ ہو جائے تو بھی ہمارا دعا ہاتھ سے نہ جائے۔ چند غریبوں کی وجہ سے سب بڑے بڑے آدمیوں کو ناراض کر لینا عقل مندوں کا کام نہیں۔ حق تعالیٰ نے جواب دیا کہ یہ بڑے ہی احمق اور بے وقوف ہیں کیونکہ ان کی یہ دورنگی چال ہر طرح خطرناک ہے۔ کبھی ایسا وقت آجائے گا کہ دنیا میں انہیں کوئی نہ پوچھے گا۔ اور قیامت تک ان پر لعن وطعن ہوتی رہے گی۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ ایک یہ کہ دینی باتوں میں اللہ کے مقبول بندوں کی پیروی کرنی ضروری ہے۔ کیونکہ یہاں حکم دیا گیا ہے کہ مقبولوں کی طرح ایمان لاؤ۔ دوسرے یہ: کہ اس سے معلوم ہوا کہ مذہب اہل سنت و جماعت حق ہے۔ اس لئے کہ اس میں سنت رسول اللہ اور صالحین کی پیروی ہے۔ تیسرے یہ کہ وہابی، دیوبندی وغیرہ تمام باطل فرقے گمراہ ہیں۔ کیونکہ غیر مقلدوں کے نزدیک تقلید کرنا یعنی اللہ والوں کے راستے پر چلنا برا ہے۔ اور دیوبندی ان سارے امور خیر کو شرک کہتے ہیں۔ جن پر عرب و عجم کے مسلمانوں کا عمل ہے۔ چوتھے یہ کہ صالحین کو برا کہنا منافقوں کا طریقہ ہے۔ آج کل بھی رافضی خلفاء راشدین کو اور خارجی علی مرتضیٰ کو برا کہتے ہیں۔ بلکہ تبرا روافض کا رکن ایمان ہے۔ حالانکہ یہ منافقوں کا کام ہے کہ صحابہ کو سفہاء کہہ کر تبرا کرتے تھے غیر مقلد اماموں خاص کر امام اعظم رحمتہ اللہ علیہ کو گالیاں دیتے ہیں۔ دیوبندی تمام زمانے کے اولیاء اللہ مقبولین بارگاہ علماء کرام کو مشرک اور کافر جانتے ہیں کیونکہ میلاد شریف کرنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریفیں کرنا ہی شرک ٹھہرا۔ تو اس صورت میں کوئی عالم اور ولی شرک سے نہ بچا۔ اگر تقویتہ الایمان کے شرکیات پر غور کیا جائے تو خود اسلام کا ماننا شرک ہے مرزائی گزشتہ انبیاء کو چکڑالوی صحابہ کرام اور محدثین کو نیچری تمام اکابرین کو برا کہتے ہیں۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہ سب گمراہ ہیں۔ (تفسیر خزائن العرفان) پانچویں یہ کہ اس میں دین دار عالموں کو تسلی ہے کہ وہ بے دینوں کی بد زبانی سے رنجیدہ نہ ہوں بلکہ یہ سمجھ لیں کہ اہل باطل کا ہمیشہ یہ دستور رہا ہے کہ (تفسیر مدارک) حق یہ ہے کہ علماء کرام دین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے محافظ اور چوکیدار ہیں۔ چور پہلے چوکیدار پر حملہ کرتا ہے کیونکہ اس کے ہوتے ہوئے وہ چوری نہیں کر سکتا اس لئے آج جو بھی بے دین اٹھتا ہے وہ علماء پر لعن طعن کرتا ہی اٹھتا ہے کیونکہ وہ سمجھتا ہے کہ ان کی موجودگی میں ہم دین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں چوری نہیں کر سکتے۔ مگر یاد رہے کہ چوکیدار پر شہنشاہ کا ہاتھ اور اس کی پشت پر سارا سلطانی عملہ ہوتا ہے۔ اسی طرح علماء دین پر مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا دست کرم ہے اور ملائکہ ان کی حمایت پر ہیں۔ اسی

marfat.com
Marfat.com

لئے بڑی بڑی طاقتیں جیسے خاکساری 'نیچری' وغیرہ علماء سے ٹکرائیں مگر پاش پاش ہو گئیں۔ علماء کے اقبال و وقار میں۔ بفضلہ تعالیٰ کوئی فرق نہ آیا۔ علماء کو بھی لازم ہے کہ دین حق کی خدمت کو اپنا مقصد قرار دیں اگر یہ خادم دین بن کر رہیں گے تو انشاء اللہ دنیا خود ان کے پیر چومے گی۔ چھٹے یہ کہ مقبولان خدا کا دشمن در حقیقت حق تعالیٰ کا دشمن ہے۔ دیکھو ان منافقین نے مسلمانوں کو بے وقوف کہا تھا۔ حق تعالیٰ نے خود ان کو بدلہ دیا۔ اور ان کو بے وقوف فرمایا۔ ساتویں یہ کہ صحابہ پر تبرا کرنا منافقوں کا کام ہے۔ وہ ان حضرات کو سفہاء کہہ کر تبرا کرتے تھے۔

تفسیر صوفیانہ : صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ انسان دنیا میں مسافر کی حیثیت سے ہے۔ اپنے وطن یعنی عالم ارواح سے اپنے مالک سے کچھ عہد و پیمان کر کے کمائی کرنے یہاں پردیس میں آیا ہے۔ لیکن یہاں کے باغ و بہار میں پھنس کر اپنے اصلی وطن اور حقیقی مقصد کو بھول گیا۔ وطن سے برابر چٹھیاں تار اور قاصد آرہے ہیں کہ اے پردیسیو! پردیس سے کما کر اپنے دیس کو بھیجتے رہو۔ تمہیں یہ موقعہ پھر ہاتھ نہ آئے گا۔ عقل مند تو ان پیغاموں کو سن کر فوراً ہوش میں آجاتے ہیں۔ اور اپنے وطن کی تیاری میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ مگر غافل لوگ اس جھوٹی زیب و زینت میں کچھ ایسے مست ہیں کہ ان پیغاموں سے بھی ان کی آنکھ نہیں کھلتی۔ جب کوئی خیر خواہ ان سے کہتا ہے کہ دیکھو فلاں شخص کی طرح تم بھی سفر کی تیاری کر لو تو بجائے اس کے کہ اس کا احسان مانتے الٹے اس کا مذاق اڑاتے ہیں۔ اور دل والوں کو مجنوں اور دیوانہ کہتے ہیں۔ پردیس کے ساز و سامان پر ایسے قناعت کر چکے ہیں کہ انہیں اپنے پردیس کا کچھ ہوش ہی نہ رہا۔ وہ ان اللہ والوں کے پھٹے پرانے کپڑوں اور زرد چہروں کو دیکھتے ہیں۔ ان کے دل کی نورانیت اور سینوں کے خزینوں سے بے خبر ہیں۔ یہ اللہ والے اس چاند سورج کی طرح ہیں جو گرد و غبار کی آڑ میں اغیار کی نگاہوں سے چھپے ہوں۔ مثنوی شریف میں فرمایا۔

گر تو سنگ صخرہ مر مر شوی ۔۔۔ چوں بصاحب دل رسی جوہر شوی

انہم تحت قبائی کامنوں ۔۔۔ جز کہ بر دانش ندار ندز آزموں

صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ علم دو قسم کا ہے۔ ایک علم ظاہری اور دوسرا علم لدنی۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ قلب کے دو دروازے ہیں۔ ایک بیرونی اور ایک اندرونی 'بیرونی دروازہ تو ظاہری حواس ہیں۔ کہ ان کے ذریعہ سے قلب علم ظاہری حاصل کرتا ہے۔ اور اندرونی دروازہ الہام ہے کہ جس سے علم باطنی حاصل ہوتا ہے۔ جو شخص کہ فقط ظاہری علم پر اعتماد کر کے باطنی دروازہ بند کرے۔ وہ اگرچہ کتنا ہی پڑھا لکھا ہو مگر جاہل ہے۔ یہ منافقین بڑے چالاک اور دنیوی سمجھ رکھنے والے تھے مگر چونکہ علم لدنی سے بے بہرہ تھے۔ اس لئے انہیں فرمایا گیا۔ **لا یعلمون** جو شخص کہ ظاہری علم کی اصطلاحیں یاد کرے اور اس کا دروازہ قلب نہ کھلے وہ علم کے انوار سے محروم رہتا ہے۔ بلکہ اکثر یہ علم اس کے لئے حجاب بن جاتا ہے۔ **العلم حجاب اکبر**۔

چند خوانی حکمت یونانیاں ۔۔۔ حکمت ایمانیاں راہم بخواں

اعتراض : اس زمانہ پاک میں منافقین کو اتنی جرات کیسی ہوتی تھی کہ وہ صحابہ کرام کی بدگوئی کر لیتے۔ اس پر مسلمان خاموش رہتے تھے۔ اس گئے گزرے زمانے میں بھی کسی بے دین کی یہ جرات نہیں کہ علی الاعلان صحابہ کرام کی شان میں گستاخی

marfat.com
Marfat.com

کر سکے۔ جواب: ان کی یہ بد زبانی مسلمانوں کے سامنے نہ تھی۔ یہ تبرا بازیاں خاص مجلسوں میں کرتے تھے رب تعالیٰ نے ان کا پردہ فاش کر دیا آج کل کے گمراہ فرقے بھی اپنے برے عقیدے مسلمانوں سے چھپاتے پھرتے ہیں۔ مگر حق تعالیٰ ان کی تحریروں اور کتابوں سے ان کے راز فاش فرماتا ہے۔ اس آیت میں مسلمانوں کو ہوشیار کیا گیا ہے کہ وہ گمراہوں کے اچھے الفاظ سے دھوکہ نہ کھائیں۔ (تفسیر خزائن العرفان) دوسرا اعتراض: عقائد میں تقلید کرنا منع ہے۔ اور تقلیدی ایمان کا اعتبار نہیں لیکن اس آیت سے معلوم ہو رہا ہے کہ دین میں تقلید چاہئے کیونکہ یہاں یہ کہا گیا ہے کہ مسلمانوں کی طرح تم بھی ایمان لے آؤ۔ جواب: یہ تقلیدی ایمان نہیں۔ اس آیت کا منشاء کچھ اور ہے۔ تقلیدی ایمان اسے کہتے ہیں کہ انسان خود تو ایمان سے بے خبر رہے۔ اور محض یہ کہہ کر ایمان لے آئے کہ جو فلاں کا ایمان ہے وہ میرا یا یہ کہ خود اسلام کی خوبیوں سے بالکل ناواقف رہے اور کہے کہ مجھے نہیں خبر کہ اسلام حق ہے یا باطل میں تو محض فلاں کی دیکھا دیکھی مسلمان ہو گیا یہ دونوں قسم کے ایمان مقبول نہیں اس آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ ایمان تو سوچ سمجھ کر اختیار کیا جائے مگر اللہ والوں کی رہبری میں۔ تیسرا اعتراض: جب رب نے منافقوں کا کفر ظاہر کر دیا تو ان پر مرتدین کے احکام جاری کیوں نہ ہوئے۔ بہت دفعہ ان کے منہ سے کفریات نکل جاتے تھے جیسے اعذل یا محمد وغیرہ۔ آج ان باتوں پر قائل قتل ہو جاتا ہے۔ جواب: اس زمانہ میں مسلمان بہت تھوڑے تھے۔ لہٰذا نرم احکام رہے۔ تاکہ شاید یہ منافقین کچھ دن بعد مخلصین بن جائیں۔ اس لئے مؤلفۃ القلوب بھی زکوٰۃ کا مصرف ہے۔ جب اسلام قوی ہو گیا مسلمان بہت ہو گئے تو مؤلفۃ القلوب زکوٰۃ کا مصرف نہ رہے۔ اور اسلام سے نفاق ختم ہو گیا۔ اب یا مومن ہے یا کافر۔ اگر ایک کلمہ گستاخی کا کسی کے منہ سے سنا جائے گا قتل کیا جائے گا۔ جیسا کہ حضرت خدیجہ کی حدیث میں ہے۔

| |
|---|
| وَاِذَا لَقُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰی |
| اور جب ملیں ان سے جو ایمان لائے بولے ایمان لائے ہم اور جب تنہا ہوں |
| اور جب ایمان والوں سے ملیں تو کہیں ہم ایمان لائے اور جب شیطانوں کے پاس اکیلے |
| شَیٰطِیْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۴ |
| طرف شیطانوں اپنے کے کہیں تحقیق ہم ساتھ تمہارے ہیں اس کے سوا نہیں کہ ہم ہنسی کرنے والے ہیں |
| ہوں تو کہیں تمہارے ساتھ ہیں ہم تو یوں ہی ہنسی کرتے ہیں۔ |

**تعلق**: اس آیت کا پہلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے منافقوں کے تین عیب بیان ہو چکے۔ اب یہ چوتھا عیب بتایا جا رہا ہے۔ دوسرے یہ کہ پہلے منافقین کی دینی حالت اور صرف مسلمانوں کے ساتھ برتاوے وغیرہ کا بیان ہوا اب یہ بتایا جا رہا ہے کہ ان کا معاملہ مومنین اور کفار دونوں سے کیسا ہے۔ تیسرے یہ کہ یہ پہلی آیت کی تفصیل ہے۔ کیونکہ وہاں

marfat.com
Marfat.com

فرمایا گیا تھا کہ منافقین اپنے کو عقل مند اور مسلمانوں کو بے وقوف کہتے ہیں۔ اب ان کے اس فریب کا ذکر کیا گیا جس کو وہ عقل مندی سمجھتے تھے۔ **ہدایت:** بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ آیت مکرر ہے۔ کیونکہ منافقین کے ایمان ظاہر کرنے کا پہلے ہی ذکر ہو چکا۔ **ومن الناس من یقول امنا** اور اب بھی اسی کا ذکر ہے۔ لیکن یہ خیال محض غلط ہے تکرار وہ ہے کہ جو فائدے سے خالی ہو۔ اس جگہ پہلے ان کی دینی حالت کا ذکر ہوا تھا۔ اور اب ان کے معاملہ کا یعنی پہلے ان کا عقیدہ بتانا مقصود تھا اور اب ان کا فریب **شان نزول:** یہ آیت عبداللہ بن ابی منافق وغیرہ منافقین کے حق میں نازل ہوئی ایک بار انہوں نے صحابہ کرام کی ایک جماعت کو آتے دیکھا تو عبداللہ نے پہلے حضرت صدیق اکبر کا دست مبارک پکڑا اور بولا کہ مبارک ہیں آپ کہ جناب صدیق ہیں بنی تیم کے سردار شیخ الاسلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غار کے ساتھی اپنی جان و مال کے حضور علیہ السلام پر قربان فرمانے والے۔ پھر حضرت فاروق رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر بولا کہ سبحان اللہ! آپ بنی عدی کے سردار ہیں۔ فاروق آپ کا لقب ہے۔ اپنی جان و مال حضور علیہ السلام پر قربان فرمانے والے۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ اے عبداللہ! رب سے ڈر نفاق چھوڑ منافقین سب سے بدتر ہیں وہ بولا کہ اے علی آپ یہ کیوں فرماتے ہیں ہمارا ایمان بھی آپ حضرات کی طرح ہے۔ پھر یہ حضرت وہاں سے روانہ ہو گئے عبداللہ اپنی جماعت والوں سے کہنے لگا کہ دیکھا میں نے کیا چال چلی۔ ان لوگوں نے اس کی تعریف کی تب یہ آیت کریمہ اتری۔ (تفسیر روح البیان و تفسیر خزائن العرفان)

**تفسیر:** **لقوا** یہ لفظ لقو سے بنا ہے جس کے معنی ہیں ملاقات کرنا اور سامنے آنا یہاں دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں۔ **الذین امنو** میں مخلص مسلمان مراد ہیں۔ زبانی مسلمان تو منافقین بھی تھے۔ مگر ان کو ایسی چالیں مخلصین کے سامنے چلنی پڑتی تھیں **امنا** میں حقیقی ایمان مراد ہے۔ ان کے زبانی ایمان میں کسی کو شک نہ تھا۔ حقیقی ایمان مشکوک تھا۔ یہ لوگ بار بار قسمیں کھا کھا کر اپنے اخلاص کا لوگوں کو یقین دلایا کرتے تھے۔ ولایتی گھی کا نام ہے اصلی گھی۔ آج بھی بیدین لوگوں کا یہی طریقہ ہے کہ قسمیں کھا کھا کر اپنے ایمان ظاہر کرتے پھرتے ہیں۔ مگر لوگوں کو ان کا اعتبار نہیں ہوتا۔ خالص مشک تعریف کا محتاج نہیں۔ اسی طرح مخلص مسلمان کو قسموں کی ضرورت نہیں پڑتی۔ ان کا نور ایمانی خود بخود اپنی جلوہ گری کرتا ہے **خلوا۔** خلو سے بنا ہے اس کے معنی ہیں اکیلا ہونا اور گزرنا۔ **قد خلت** اور تمسخر کرنا۔ اس جگہ پہلے ہی معنی مراد ہیں۔ یعنی جب منافقین اپنے شیطانوں کے پاس تنہائی میں جاتے ہیں کہ جہاں کوئی مسلمان نہیں ہوتا تو یہ گفتگو کرتے ہیں۔ **شیطینهم** شیاطین شیطان کی جمع ہے۔ لفظ شیطان کی تحقیق **اعوذ باللہ** میں ہو چکی اور اس کی حقیقت انشاء اللہ آگے بیان کی جائیگی لیکن یہاں تو ان کے دوست مراد ہیں یا منافقین کے سردار جو کہ شیطان کی طرح سرکش اور گمراہ کن ہیں۔ اہل عرب ہر سرکش کو شیطان کہہ دیتے ہیں۔ ضحاک نے فرمایا کہ اس جگہ شیاطین سے کفار کے کاہن (نجومی، پنڈت) مراد ہیں کیونکہ ان کے پاس شیطان آیا کرتے تھے اور یہ چند لوگ تھے بنی قریظہ میں کعب ابن اشرف اور بنی اسلم میں ابو بردہ اور جہینہ میں عبدالدار اور بنی اسد میں عوف ابن عامر اور ملک شام میں عبداللہ ابن اسود جن کے متعلق اہل عرب کا یہ خیال تھا کہ یہ لوگ غیب کی خبر رکھتے ہیں اور اسرار الٰہی جانتے ہیں اور بیماروں کا علاج کرتے ہیں۔ **انکم معکم** سے مراد یہ ہے کہ ہم تمہارے ساتھی ہیں۔ یعنی منافقین ان سرداروں کے پاس آکر کہتے تھے کہ ہم دینی عقائد میں ہر طرح تمہارے ہی ساتھی ہیں۔ خیال رہے کہ منافقین نے مسلمانوں سے صرف **امنا** کہا۔ یعنی ہم

marfat.com

Marfat.com

ایمان لے آئے۔ جملہ فعلیہ استعمال کیا اور اس کے ساتھ کسی قسم کی تاکید کا ذکر نہ کیا۔ کیونکہ وہ یہ سمجھتے تھے کہ مسلمان سیدھے سادھے ہیں۔ صرف ہمارے کہنے سے ہی مان جائیں گے۔ اور ہماری بات میں کچھ شک نہ کریں گے اس لئے بغیر تاکید کلام کیا اور یہ بھی کہتے تھے کہ ہم مسلمان ہو گئے ہیں۔ یعنی پہلے کافر تھے اب مومن بن گئے۔ مگر کفار کے متعلق ان کا خیال تھا۔ یہ لوگ بہت چالاک ہیں ہماری ہر بات بلا تحقیق ہرگز نہ مانیں گے اس لئے انا وغیرہ سے کلام کی تاکید کرتے تھے۔ اور جملہ اسمیہ بول کر یہ بتاتے تھے کہ ہم پہلے بھی تمہارے ساتھی تھے اور اب بھی ہیں۔ لیکن پھر بھی چوں کہ ان کو شک و شبہ ہوتا تھا کہ یہ تو مسلمانوں کے ساتھ نمازیں پڑھتے ہیں۔ ان کے وعظوں میں جاتے ہیں ان کے ساتھ جہادوں میں شریک ہوتے ہیں پھر یہ ہمارے ساتھی کیوں کر ہوئے۔ اس شبہ کو مٹانے کے لئے کہتے تھے انما نحن مستهزء ون یعنی اے دوستو ہمارے ظاہری برتاوے سے تم دھوکا نہ کھانا، ہم تو مسلمانوں کو بے وقوف بنانے کے لئے یہ حرکتیں کرتے ہیں۔ ہمارے دل تمہارے ساتھ ہیں۔ یہ ظاہری برتاوے محض اس لئے ہیں کہ ان کے ساتھ رہ کر اپنے جان مال و اولاد کی حفاظت کرلیں اور ان کے ساتھ غنیمتیں حاصل کریں۔ ان کے خفیہ راز معلوم کر کے تم تک پہنچا دیں۔ مستهزء ون هزو سے بنا ہے کہ جس کے لفظی معنی ہیں ہلکا پن۔ جو شخص اچانک مر جائے اسے ھازی کہتے ہیں اسی طرح تیز رفتار جانور پر بھی یہ لفظ بولا جاتا ہے۔ استهزاء کے معنی ہیں کسی کو جاہل بنانا یا اس سے ہنسی ٹھٹھا کرنا اور خفیف و ذلیل کرنا یہاں تینوں معنی بن سکتے ہیں۔

**خلاصہ تفسیر :** جب وہ منافقین مسلمانوں سے ملتے تھے تو ان کو خوش کرنے کے لئے کہہ دیتے تھے۔ کہ میاں ہم تو مسلمان ہو چکے ہیں۔ اور جب اپنے سرداروں اور دوستوں کے پاس جاتے تو نہایت تاکید سے قسمیں کھا کھا کر کہتے تھے کہ ہم تو ہر طرح تمہارے ساتھ ہیں۔ ہم مسلمانوں سے دل لگی کرنے کے لئے ان کے سامنے کلمہ پڑھ دیتے ہیں۔ اور وہ نرے بے وقوف ہیں۔ ہماری باتوں کو سچا سمجھ کر اپنی خاص مجلسوں میں ہم کو شریک کر لیتے ہیں۔ جس سے کہ ہم انکے دلی ارادوں اور خاص مشوروں سے خبردار ہو کر تمہیں بھی آگاہ کر دیتے ہیں۔ اے کافرو! ہمارا یہ طریقہ تمہارے لئے بھی مفید ہے تمہیں ہمارا احسان ماننا چاہئے۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ ایک یہ کہ دل لگی اور مذاق کے لئے کلمہ پڑھنا کفر ہے۔ کیونکہ قرآن پاک نے ان کے اس اظہار ایمان کو کفر قرار دیا۔ **دوسرے:** یہ کہ انبیاء علیہم السلام اور دین کے ساتھ تمسخر کرنا کفر ہے۔ **تیسرے:** یہ کہ صحابہ کرام اور دینی پیشواؤں کا مذاق اڑانا بھی کفر ہے۔ (خزائن العرفان) بلکہ ہر دینی چیز قرآن شریف مسجد، علماء کرام، رمضان شریف اولیاء اللہ کے مزارات وغیرہ کی توہین بھی کفر ہے۔ اور ان کی تعظیم ایمان و تقویٰ کی علامت قرآن کریم نے فرمایا کہ جو کوئی شعائر اللہ (اللہ کی نشانیوں) کی تعظیم کرے وہ دلی پرہیز گار ہے۔ **چوتھے:** یہ کہ ہر ایک کی مجلس میں بیٹھنا اور بدمذہبوں کو اپنا دوست بنانا منافقوں کا طریقہ ہے۔ آج کل یہ مرض عام مسلمانوں میں ہے۔ **پانچویں:** یہ کہ لوگوں کا مذاق اڑانا سخت برا۔ قرآن کریم نے فرمایا لا یسخر قوم من قوم کوئی قوم دوسری قوم سے مذاق نہ کرے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بنی اسرائیل نے عرض کیا تھا کہ آپ ہم سے دل لگی کرتے ہیں تو فرمایا کہ خدا مجھے اس سے بچائے کہ میں جہلاء میں سے ہو جاؤں۔ اس سے معلوم ہوا کہ کسی کا مذاق اڑانا جہالت ہے۔ خیال رہے کہ مذاق اڑانا اور بات ہے اور خوش طبعی کرنا اور چیز خوش طبعی کو مزاح کہتے ہیں۔ ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ مذاق اڑانے میں کسی کو ذلیل کرنا مقصود ہوتا ہے۔ اور خوش طبعی میں صرف

marfat.com
Marfat.com

دل خوش کرنے اور غم دور کرنے والی باتیں ہوتی ہیں۔ کبھی کبھی خوش طبعی کرنا جائز بلکہ سنت سے ثابت ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس میں جھوٹ نہ ہو یہ بھی واضح رہے کہ مذاق کی ابتداء منع ہے۔ اگر کوئی شخص ہمارا مذاق اڑائے اور ہم جواب میں اس کا مذاق اڑاویں تو ہم کو جائز ہے۔ یہاں مسلمان سے درگزر کرنا اور کافر کی رعایت نہ کرنا سنت صحابہ ہے۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ جو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نعت گو اور نعت خواں ہیں وہ جوابا" کفار کا مذاق اڑایا کرتے تھے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کو دعائیں دیتے تھے۔ اعتراض: اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں منافقوں کی چغلی مسلمانوں کے سامنے کی اور ان کی غیبت بھی یہ دونوں چیزیں عیب ہیں رب کی شان کے خلاف۔ جواب: اس کے چند جواب ہیں ایک یہ کہ یہ چیزیں بندوں کو ممنوع ہیں رب پر یہ احکام جاری نہیں وہ بندوں کا مالک ہے جیسے چاہے اپنے بندوں کو یاد کرے۔ برائی سے یا بھلائی سے۔ ہم کسی کو ماردیں تو مجرم ہیں رب رات دن موت دیتا ہے۔ دوسرے یہ کہ مسلمان کی غیبت بھی بری ہے چغلی بھی بری۔ کفار کی غیبت وغیرہ بری نہیں۔ دیکھو آج کل ابو جہل ابو لہب ابلیس کو برا کہا جارہا ہے تیسرے یہ کہ عداوت یا فساد کی بنا پر غیبت و چغلی بری چیز ہے کسی کو شر سے بچانے یا اصلاح کے لئے پس پشت برا کہنا غیبت یا چغلی نہیں بلکہ اصلاح ہے۔ یہاں مسلمانوں کو منافقوں کے شر سے بچانا مقصود ہے اور منافقوں کی اصلاح مطلوب۔ آج بھی حدیث کے راویوں کے عیوب بیان ہوتے ہیں۔ فسادیوں سے شریفوں کو بچانے کے لئے ان کے عیوب بیان کئے جاتے ہیں کہ اس سے معاملہ نہ کرنا۔ شاگرد کی شکایت استاد سے کی جاتی ہے۔

تفسیر صوفیانہ: دنیا اور آخرت ان دو سوکنوں کی طرح ہیں جن کا اجتماع ناممکن ہے منافقین نے چاہا تھا کہ ہم زبان سے دیندار اور دل سے کافر رہ کر دونوں کو جمع کرلیں انجام یہ ہوا کہ کہیں کے نہ رہے۔ اسی طرح جو شخص چاہے کہ میں اپنے دل میں دین و دنیا دونوں کو جمع کرلوں وہ غلطی کرتا ہے۔ دنیا کے معنی ہم پہلے بتا چکے ہیں۔ صوفیاء کرام کا عمل یہ ہے۔

دنیا میں تو ایسا ہو رہ جوں مرغابی ساگر میں    نام خدا کا ایسے جپنا جوں چت ناری گاگر میں

مرغابی دریا میں پہنچ کر مچھلی کی طرح تیرتی ہے۔ مگر ہوا میں پرندہ بن کر اڑتی ہے۔ پانی بھرنے والی عورتیں تین چار گھڑے لیکر راستہ طے کرتی ہیں۔ مگر ان کی حالت یہ ہوتی ہے کہ نگاہ راستہ پر ہے دھیان گھڑوں کی طرف اور کان اور زبان اپنی سہیلیوں کی طرف متوجہ اپنی کہہ رہی ہیں دوسری کی سن رہی ہیں۔ اسی طرح مرد میدان وہ ہے کہ گھر میں دنیادار معلوم ہو۔ مسجد میں دینداروں کا سردار دنیا کا ہر کام کرے۔ مگر دین کا ہر وقت دھیان رکھے۔ تارک دنیا کمزور ہے اور تارک دین بے ایمان۔

| |
|---|
| اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ |
| اللہ استہزاء فرماتا ہے ساتھ ان کے اور ڈھیل دیتا ہے ان کو میں سرکشی اپنی کہ بھٹکتے ہیں |
| اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے اور انہیں ڈھیل دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں۔ |

تعلق: اس سے پہلے منافقین کا چوتھا فریب بیان ہوا تھا۔ اب اس کی سزا ذکر ہو رہا ہے تاکہ سننے والا اس سے عبرت پکڑے اور اس حرکت سے باز آئے۔ تفسیر: اللہ اس آیت کو اللہ کے نام سے شروع کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ مسلمانوں کو ان کے مذاق کا جواب دینے کی کوئی ضرورت نہیں۔ بلکہ ان کی طرف سے خود رب تعالیٰ ان کو جواب دے رہا ہے۔ نیز اس سے

marfat.com
Marfat.com

معلوم ہوا کہ رب تعالیٰ کے استہزاء کے مقابلہ میں منافقین کا مذاق بالکل بیکار ہے۔ جیسے کوئی قوی کسی کمزور سے کہے کہ تو ایک دھیلا لے گا بدلہ تو میں لوں گا **یستهزئ** ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ استہزاء کے تین معنی ہیں۔ جاہل بنانا ذلیل کرنا دل لگی کرنا یہاں پہلے دو معنی بن سکتے ہیں نہ کہ تیسرے کیوں کہ حق تعالیٰ دل لگی کرنے سے پاک ہے۔ تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ خداوند تعالیٰ انہیں جاہل قرار دیتا ہے یا ذلیل کرتا ہے۔ اس جگہ **یستهزئ** میں تین احتمال ہیں ایک یہ کہ معنی حال ہو یعنی انہیں دنیا میں ذلیل کرتا ہے کہ کسی جگہ ان کی عزت نہیں ہوتی۔ دوسرے یہ کہ معنی استقبال ہو یعنی انہیں قیامت یا دوزخ میں ذلیل فرمائے گا۔ وہ اس طرح کہ یہ منافقین مسلمانوں کے ساتھ رہیں گے کفار جہنم میں ڈال دیئے جائیں گے حق تعالیٰ ان سب پر تجلی فرمائے گا۔ مومنین تو سجدے میں گر جائیں گے۔ مگر منافقین کی پشت ایسی سخت ہو جائے گی کہ بجائے سجدہ کرنے کے اوندھے گر پڑیں گے تب انہیں کتوں کی طرح جہنم میں پھینکا جائے گا اور یا یہ دوام تجددی کے معنی میں ہے۔ یعنی منافقین تو ایک بار ہی مسلمانوں سے مذاق کر چکے مگر رب تعالیٰ ان کے ساتھ ہمیشہ اور ہر جگہ طرح طرح سے استہزاء فرماتا رہے گا۔ دنیا میں موت کے وقت قبر قیامت غرض ہر جگہ ان کے ساتھ استہزاء ہوتا رہے گا **ویمدھم** **یمد** یا تو **مد** سے بنا ہے یا مدد سے مد کے معنی ہیں مہلت دینا اور مدد کے معنی ہیں بڑھانا قوت دینا اور اصلاح کرنا اگر یہ مد سے بنا ہو تو آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ ان کی سرکشی گمراہی کو زیادہ فرماتا ہے اور اس کو قوی اور مضبوط کرتا ہے۔ کیونکہ انہیں مال دیتا ہے اور اولاد وغیرہ سے بھی بڑھاتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر رب تعالیٰ ہم سے ناراض ہوتا تو ہمیں یہ انعامات کیوں دیتا لیکن صحیح یہی ہے کہ یہ مد سے بنا ہے۔ کیونکہ اگر یہ **مدد** سے بنتا تو اس کے بعد لام ہوتا یعنی **یمدلھم** ہوتا۔ تفسیر کبیر میں ہے کہ قرآن کریم میں مد شر کے لئے اور امداد خیر کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ چنانچہ ایک جگہ ارشاد ہے۔ **ویمدلہ من العذاب مدا** دوسری جگہ ارشاد **و امددنا کم باموال و بنین** چونکہ یہاں سرکشی اور گمراہی کا ذکر ہے اس لئے مد فرمایا گیا **فی طغیانھم** **طغیان** کے لغوی معنی ہیں حد سے بڑھ جانا۔ اس لئے پانی کے سیلاب کو طغیانی بولتے ہیں۔ کیونکہ وہ بھی اپنی حد سے بڑھ جاتا ہے۔ لیکن اب اس کا استعمال کفر و سرکشی سے حد سے بڑھ جانے پر ہوتا ہے اور یہاں بھی یہی معنی ہیں کہ منافقین اپنی سرکشی میں حد سے آگے بڑھ چکے ہیں **یعمھون** عمہ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں دل کا اندھا ہو جانا۔ جسے ہندی میں کہتے ہیں ہئے کی پھوٹ جانا عمی آنکھ کے اندھے ہونے کو کہتے ہیں اور عمہ دل کے اندھے ہونے کو۔ یہاں اس سے مراد ہے حیران و پریشان ہونا۔ کیونکہ اگر اندھے کو میدان میں اکیلا چھوڑ دیا جائے تو وہ بھی حیران ہو کر ادھر ادھر بھٹکتا پھرے گا۔ منزل مقصود کو نہ پہنچے گا اسی طرح دنیا کے میدان میں ان منافقین نے قرآن پاک اور صاحب لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کو صحیح معنی میں نہ پکڑا اس لئے انہیں کچھ نہیں سوجھتا کہ کدھر جائیں کبھی کافروں کی طرف اور کبھی مسلمانوں کی طرف بھٹکتے پھرتے ہیں۔

**خلاصہ تفسیر:** منافقین خود کو عقل مند اور مسلمانوں کو بے وقوف سمجھتے ہوئے کہا کرتے تھے کہ ہم تو ان سے دل لگی کیا کرتے ہیں۔ حق تعالیٰ نے ان کی بکواس کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ وہ بے چارے تو مسلمانوں سے کیا دل لگی کریں گے خود مسلمانوں کا رب ان کو ذلیل و خوار کر رہا ہے اور کرتا رہے گا وہ اس طرح کہ جیسے ان کا ظاہر کچھ ہے اور باطن کچھ۔ اسی طرح ان کے ساتھ رب کا معاملہ بھی دنیا میں کچھ اور ہے اور آخرت میں کچھ اور۔ دنیا میں تو ان پر سارے احکام بظاہر جاری کر دیئے گئے کہ

marfat.com
Marfat.com

نہ ان سے جہاد پر نہ ان پر جزیہ نہ ان کو مسجدوں میں آنے سے کوئی روک ٹوک اور نہ اسلامی کاموں میں شرکت کرنے سے ممانعت مرنے کے بعد کفن دفن وغیرہ سارے احکام ان پر جاری جس سے کہ وہ سمجھے کہ مسلمانوں پر ہمارا داؤ خوب چلا۔ مگر جب قبر میں پہنچیں گے تو پتہ چلے گا کہ خود غلط بود آں چہ ما پنداشتیم تب رو رو کر کہیں گے کہ ہمیں بڑا دھوکا ہوا ہم کچھ سمجھتے تھے اور ظاہر کچھ ہوا۔ پھر ان کی حالت یہ ہے کہ جب اسلام کے دلائل سنتے ہیں تو سمجھتے ہیں شاید اسلام سچا دین ہو۔ مگر جب کفار کی مالداری ان کا عیش اور مسلمانوں کی غربت و افلاس پر نظر کرتے ہیں تو سوچتے ہیں کہ اگر رب تعالیٰ کفار سے ناراض تھا تو ان کو اتنا مال کیوں دیا۔ اور اگر مسلمانوں سے راضی تھا تو ان کو اس حال میں کیوں رکھا لہٰذا کفر سچا ہے اور معاذ اللہ اسلام جھوٹا۔ غرضیکہ وہ ایسے حیران و پریشان ہیں کہ اس کے متعلق کچھ فیصلہ ہی نہ کر سکے۔ بخلاف مسلمانوں کے کہ وہ جب مصیبت میں گرفتار ہوتے ہیں تو صابر بن کر درجات حاصل کر لیتے ہیں۔ اور جب نعمتیں پاتے ہیں تو شاکر بن کر خدا کے پیارے اور مقبول بن جاتے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ دنیاوی مصیبتیں اور راحتیں مسلمانوں کے لئے حق تعالیٰ کی نعمتیں ہی ہیں۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ ایک: یہ کہ ایمان سے دل کا اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ اور کفر میں بے اطمینانی رہتی ہے۔ مومن اس مضبوط درخت کی طرح ہے جو کہ تیز آندھیوں کا مقابلہ نہایت اطمینان سے کر لیتا ہے۔ نہ تو مصیبت میں گھبراتا ہے اور نہ راحتوں پر اتراتا ہے۔ کافر اس کچی کھیتی کی طرح ہے جو ہر ہوا کا اثر لے لیتی ہے مصیبت آئے تو گھبرا جائے اور راحتیں پا کر غرور کرے دوسرے: یہ کہ بندے کو چاہئے کہ درازی عمر اور زیادتی مال و اولاد پر فخر نہ کرے اور اس سے دھوکا نہ کھائے۔ بہت دفعہ یہ چیزیں حق تعالیٰ کی طرف سے عذاب ہوتی ہیں۔ کفار کے لئے ان چیزوں کی زیادتی عذاب کی زیادتی کا باعث بن جاتی ہے کہ ان کو دنیا میں مال محدود اور آخرت میں وبال محدود ملتا ہے۔ اور مخلصین کے لئے یہ چیزیں زیادتی ثواب کا باعث ہیں۔ یعنی اس کے لئے دنیا میں مال محدود اور آخرت میں ظل ممدود ہیں (دراز سایہ) بعض بزرگان دین زیادہ دنیاوی راحتوں سے گھبراتے تھے کہ ایسا نہ ہو کہ یہ راحتیں ہمارے نیک اعمال کا بدلہ ہو گئی ہوں تیسرے: یہ کہ دنیوی ترقیاں قابل اعتماد نہیں۔ اس کی مثال پتنگ کی سی ہے کہ وہ اس قدر اونچی اڑتی ہے کہ دیکھنے والوں کو حیرت ہوتی ہے۔ مگر اس کی ڈور پتنگ والے کے ہاتھ میں ہے کہ ایک جھٹکے میں اس کو زمین پر لے آتا ہے انسان دنیوی ترقی کرتے کرتے بادشاہ بن جائے۔ مگر ایک جھٹکے میں قصر (محل) سے نکل کر قبر میں پہنچ جاتا ہے۔ چوتھے: یہ کہ حق تعالیٰ مسلمانوں کا ایسا والی ہے کہ جو انہیں تکلیف پہنچائے خود رب تعالیٰ اس سے بدلہ لیتا ہے۔ پانچویں: یہ کہ جو کوئی اپنے ذاتی معاملے میں کسی سے بدلہ نہ لے تو حق تعالیٰ اس کی طرف سے بدلہ لیتا ہے اور جو خود بدلہ لینے کے درپے ہو جائے وہ یہ درجہ نہیں پاتا۔ لہٰذا مسلمانوں کو چاہئے کہ اپنے ذاتی معاملات میں درگزر کیا کریں اور دینی معاملات میں ہرگز کسی کی رعایت نہ کیا کریں۔ مگر افسوس کہ آج ہمارا طریقہ اس کے برعکس ہو گیا کہ جس شخص سے ہمیں کوئی ذاتی نقصان پہنچ جائے۔ ہم اس کے پکے دشمن ہیں لیکن جن بدمذہبوں سے کہ دین کو نقصان پہنچ رہا ہو انکو اپنا بھائی بنانے کیلئے تیار۔

تفسیر صوفیانہ : تصوف کا آخری درجہ ہے فنافی اللہ جس میں پہنچ کر بندہ اپنے کو رب کی بارگاہ میں ایسا فنا کر دیتا ہے کہ صرف قالب تو بندہ کا رہ جاتا ہے۔ مگر اس کے سارے کام رب کی طرف سے ہوتے ہیں۔ اس سے دوستی رب سے دوستی۔ اس سے

marfat.com
Marfat.com

جنگ رب سے جنگ۔ اس کا کہنا رب کا کہنا اس کی بات رب کی بات۔ جیسے کہ کوئلہ آگ میں پہنچ کر ایسا فنا ہوا کہ قالب تو کوئلے کا رہا۔ مگر شکل اور نام اور کام آگ کا سا ہو گیا۔ چونکہ صحابہ فنا فی اللہ کے درجہ پر فائز تھے اس لئے ان کو دھوکہ دینا اور ان کا مذاق اڑانا در حقیقت رب کو دھوکا دینا اور اس سے مذاق کرنا ہے۔ اس لئے رب نے گویا منافقین سے اپنا بدلہ لیا اور فرمایا اللہ یستھزیء بھم نیز جس قدر رسی لمبی ہوتی ہے۔ اس قدر جھٹکا سخت لگتا ہے۔ اور جس قدر چکی دیر میں پیستی ہے اسی قدر باریک پستی ہے۔ لہٰذا ان لوگوں کے لئے یہ مہلتیں خطرناک ہیں۔

تو مشو مغرور بر حلم خدا دیر گیرد سخت گیرد مرترا

نیز: زیادہ چالاک حق تعالیٰ کے یہاں بڑا بے وقوف ہوتا ہے۔ اور سیدھا سادا مسلمان بڑا عقل مند ان سیدھے سادوں کی مخالفت بڑی خطرناک ہے۔ شعر

خاکساران جہاں را بحقارت منگر توچہ دانی کہ دریں گرد سوارے باشد

ہر سری کو پاگل نہ سمجھو۔ کیونکہ ان میں سے بعض بڑے بھیدی ہیں۔

اعتراض: ستیارتھ پرکاش میں دیانند نے اعتراض کیا۔ کہ قرآن کریم نے خدا تعالیٰ کو عیب لگائے۔ کیونکہ قرآن سے ثابت ہے کہ اللہ منافقوں سے دل لگی اور مذاق کرتا ہے۔ اور قرآن سے یہ بھی ثابت ہے کہ مذاق کرنا جہالت ہے نتیجہ جو نکلا وہ خود سمجھ لو۔ اسی طرح رب تعالیٰ کے لئے قرآن کریم نے بڑے بڑے عیب ثابت کئے ہیں۔ جواب: ایسے اعتراضات کے چند جوابات ہیں ایک: یہ کہ فعل کے معنی فاعل کے لحاظ سے ہوتے ہیں۔ جیسا فاعل ویسے فعل کے معنی دیکھو اردو میں بولتے ہیں۔ "میں بیٹھ گیا" یعنی کھڑے سے بیٹھ گیا۔ فلاں سیٹھ بیٹھ گیا یعنی اس کا دیوالیہ ہو گیا فلاں دیوار بیٹھ گئی۔ یعنی زمین میں دھنس گئی۔ فلاں کا دل بیٹھ گیا۔ یعنی اس کی حرکت بند ہو گئی۔ فلاں کی دکان بیٹھ گئی یعنی اب چلتی نہیں۔ فلاں کی آنکھ بیٹھ گئی یعنی دماغ میں گھس گئی۔ فلاں مشین کا پرزہ ٹھیک بیٹھ گیا یعنی اپنی جگہ میں فٹ یعنی ٹھیک آ گیا۔ تمہاری بات میرے دل میں بیٹھ گئی۔ یعنی دل نے اسے قبول کر لیا۔ شکر نیچے بیٹھ گئی۔ یعنی تہ میں جم گئی۔ نشانہ صحیح بیٹھ گیا یعنی نشانہ پر لگا وغیرہ وغیرہ۔ خیال تو کرو کہ ان باتوں میں بیٹھنا ایک ہی لفظ ہے۔ مگر فاعلوں کے لحاظ سے کتنے معنی بن گئے۔ اسی طرح قرآن پاک میں ایک لفظ جب بندوں کے لئے آئے گا تو اس کے معنی کچھ اور ہوں گے۔ اور جب رب کے لئے بولا جائے تو کچھ اور بندوں کے لئے استہزاء کے معنی ہیں۔ مذاق کرنا۔ مگر رب تعالیٰ کے لئے اس کے معنی ہوں گے ذلیل کرنا۔ یعنی اللہ ان کو ذلیل کرتا ہے۔ دوسرے: یہ کہ بہت دفعہ جرم اور اس کی سزا کو ایک ہی لفظ سے بیان کر دیتے ہیں جیسے کہ کہتے ہیں کہ جتنا کوئی تم پر ظلم کرے اتنا ہی تم بھی اس پر ظلم کرو۔ عربی زبان میں بولتے ہیں **جزاء سیئتہ سیئتہ** یعنی برائی کا بدلہ برائی ہے۔ دیکھو ظلم کی سزا دینا ظلم نہیں بلکہ عین انصاف ہے لیکن اس کو بھی ظلم کہہ دیا گیا۔ اسی طرح اس آیت میں مذاق کی سزا کو بھی استہزاء یعنی مذاق کہہ دیا گیا۔ تیسرے: یہ کہ کسی سے ابتداء "مذاق کرنا جہالت ہے۔ لیکن مذاق کے بدلہ میں مذاق کرنا عین حکمت اور کمال انصاف ہے۔ خاص کر جب کوئی اپنے محبوبوں سے دل لگی کرے تو محب کو بدلہ میں استہزاء فرمانا دنیائے محبت میں ضروری ہے۔ (تفسیر عزیزی) چونکہ اللہ کے پیاروں کا منافقین نے ابتداء "مذاق اڑایا یہ عین جہالت تھی۔ اور رب تعالیٰ کا ان سے بدلہ لینا عین

marfat.com
Marfat.com

حکمت کسی کو مار ڈالنا ظلم ہے۔ مگر قاتل کو پھانسی دینا عین انصاف چوتھے: یہ کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ ان کے ساتھ استہزاء کرنے والوں کی طرح دنیا و آخرت میں معاملہ فرمائے گا۔ جس کو یہاں استہزاء فرمایا گیا ان معاملات کی پوری تفصیل ہم پہلے کر چکے ہیں۔ نکتہ: چونکہ منافقین اور رب تعالیٰ کے استہزاء میں چند طرح فرق تھا۔ اس لئے ان دونوں استہزاؤں کو نہ تو ایک جملہ میں بیان کیا گیا اور نہ اس جملہ کا پہلے جملہ پر عطف کیا گیا۔ بلکہ دونوں جملوں کو بالکل مستقل طور پر علیحدہ علیحدہ بیان کیا گیا۔ جس سے معلوم ہو جائے کہ یہ دونوں استہزاء علیحدہ علیحدہ نوعیت اور حقیقت رکھتے ہیں۔ تتمہ: آریوں نے لفظ استہزاء سے ایسے ہی دھوکا دیا جیسے دیوبندی وغیرہ لفظ بشر سے دھوکا دیتے ہیں۔ فافہم۔

| |
|---|
| أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَتْ |
| یہ لوگ وہ ہیں کہ خریدا گمراہی کو بعوض ہدایت پس نہ نفع دیا |
| یہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی تو ان کا |
| تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿۱۶﴾ |
| بیوپار نے ان کے اور نہ تھے وہ ہدایت پانے والے |
| سودا نفع نہ لایا اور سودے کی راہ نہ جانتے تھے |

تعلق: اس سے پہلے منافقین کی کچھ حرکتیں بیان فرما کر یہ بتایا گیا تھا کہ یہ نادان اپنی ان حماقتوں کو دانائی سمجھتے ہیں۔ اب اس کو ایک نہایت بہترین تمثیل سے سمجھایا جا رہا ہے جس سے کہ ان کی حالت اچھی طرح سب کے ذہن نشین ہو جائے۔ یا یوں کہو کہ اس سے پہلے کی آیتوں میں منافقین کے چند عیوب بیان کئے گئے اور یہاں ان عیبوں کا نتیجہ بیان ہو رہا ہے جیسے کہ کوئی شخص کسی بیوپاری کی تجارتی غلطیوں کو بیان کر کے آخر میں کہے کہ انجام کار اس کا دیوالیہ ہو گیا اور وہ اپنی اصل پونجی بھی کھو بیٹھا۔ شان نزول: یہ آیت یا تو ان لوگوں کے حق میں نازل ہوئی جو کہ مخلص مومن بننے کے بعد کافر ہو گئے یا ان یہود کے حق میں آئی۔ جو پہلے سے نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتے تھے۔ مگر جب حضور کی تشریف آوری ہوئی تو منکر ہو کر بعض تو مجاہر کافر اور بعض منافق بن گئے یا ان تمام کفار کے حق میں آئی جنہیں اللہ نے عقل سلیم عطا فرمائی تھی۔ اور جن کے سامنے دلائل قائم فرما کر ہدایت کا راستہ ظاہر فرما دیا۔ مگر انہوں نے عقل و انصاف سے کام نہ لیا۔ ضد سے گمراہ ہو گئے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

تفسیر: اولئک اسم اشارہ ہے۔ چونکہ منافقین کی صفتیں اس طرح بیان کر دی گئیں کہ وہ دوسروں سے بالکل چھٹ گئے۔ اور ہر شخص کو ان کی پہچان ہو گئی۔ اور جو چیز کہ خیال میں موجود ہو اس کی طرف بھی اشارہ کر دیا جاتا ہے۔ لہٰذا یہاں ان کی طرف اشارہ کیا گیا۔ لیکن چونکہ مسلمانوں سے درجہ میں بہت دور تھے۔ اس لئے اشارہ بعید استعمال ہوا۔ اشتروا۔ اشترا" سے بنا ہے کہ جس کے معنی ہیں خریدنا۔ یعنی قیمت خرچ کر کے مال مقصود حاصل کرنا لیکن یہاں اس معنی میں استعمال

marfat.com
Marfat.com

ہوا کہ اپنی چیز کے بدلے میں غیر کی چیز لینا اور اشتراء ایک چیز سے بے رغبتی اور دوسری چیز کے لالچ کرنے کو بھی کہہ دیتے ہیں چونکہ راہ راست پر چلنا اور ایمان اختیار کرنا یہ ہر مسلمان کا اصلی فرض ہے۔ پھر جب کہ کفار اور منافقین شیطان سے گمراہی سیکھ کر اس فرض کو کھو بیٹھے۔ اس لئے ان لوگوں کے ہدایت چھوڑنے اور گمراہی اختیار کرنے کو خرید و فروخت سے بیان کیا گیا الضلالۃ اس کے چند معنی ہیں ظلم کرنا، درمیانی حالت سے ہٹ کر افراط و تفریط میں پڑ جانا۔ ہدایت کا گم ہو جانا۔ یہاں دین سے بھٹک کر بے دینی اختیار کرنا مراد ہے۔ جس کے معنی ہیں گمراہی۔ لیکن یہی لفظ ضلالت جہاں کہیں انبیاء کرام کے لئے بولا گیا ہے۔ وہ وارفتگی یا جذب وغیرہ کے معنی میں ہے۔ جو انبیاء کرام کو گمراہ جانے وہ سخت بے دین ہے۔ اس مسئلہ میں ہم نے ایک مستقل کتاب لکھی جس کا نام ہے قہر کبریا بر منکر عصمت انبیاء اس کی پوری تحقیق کے لئے اس کا مطالعہ کرو۔ فما ربحت۔ ربح سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں نفع اپنی اصل پونجی کے علاوہ جو کچھ حاصل ہو وہ منافع یا ربح کہلاتا ہے تجارتھم۔ تجارت خرید و فروخت کے کاروبار کو کہتے ہیں اسی طرح جو شخص یہ کاروبار کرتا ہو اسے تاجر یعنی بیوپاری کہا جاتا ہے۔ جو شخص کہ کبھی کوئی چیز فروخت کرے اسے بائع کہتے ہیں نہ کہ تاجر وما کانوا مھتدین کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک: یہ کہ وہ پہلے ہی سے اس تجارت سے ناواقف تھے۔ اس لئے وہ نفع تو کیا کماتے اصل پونجی بھی ہاتھ سے کھو بیٹھے دوسرے: یہ کہ وہ اس تجارت میں ہدایت پانے والے نہ ہوئے یعنی اور تجارتوں میں تو خوب ہوشیاری سے کام کرتے ہیں۔ مگر اس تجارت میں ایسے بے وقوف بنے کہ بجائے کمال حاصل ہونے کے اصلی مال کو بھی زوال آگیا۔

خلاصہ ء تفسیر: حق تعالیٰ کی طرف سے انسان کو عقل ملتی ہے۔ اور پھر نیک و بد راستے اس کے سامنے ہوتے ہیں۔ تاکہ وہ اپنی عقل سے کام لے کر اچھے راستے کو اختیار کرے اور برے سے بچے۔ ان منافقوں نے اپنے اندر برے اخلاق پیدا کر کے اس نور حق کو بجھا دیا اور ہمیشہ کی مصیبتوں کو مول لے لیا۔ انہوں نے کلمہ توحید کی صرف یہ قیمت جانی کہ اس کے ذریعہ دنیاوی نفع حاصل کر لئے۔ حالانکہ آخرت کی نعمتوں کے مقابلہ میں ان نفعوں کی کوئی حقیقت نہیں تو ان لوگوں نے عقل اور کلمہ توحید کو دنیا کے لئے خرچ کیا اور پھر اس پر خوش بھی ہوئے۔ ان کی مثال بالکل ایسی ہوئی کہ کوئی احمق قیمتی موتی دیکر مٹی کا کھلونا خریدے۔ یا اصلی سونا دے کر ولایتی نقلی سونا لے لے۔ تجارت کے اصول سے یہ لوگ بہت گھاٹے میں رہے۔ عقل مند لوگ اپنی عقل، مال و جان، اولاد صرف کر کے سچا ایمان لیتے ہیں اور وہ واقعی عقل مند بیوپاری ہیں۔ کیونکہ فانی کے عوض باقی حاصل کرتے ہیں۔

فائدے: اس آیت سے معلوم ہوا کہ بیع تعاطی جائز ہے۔ یعنی بغیر منہ سے بولے محض لین دین سے کوئی چیز خرید لینا کیونکہ منافقین نے اپنے منہ سے خرید و فروخت کے الفاظ نہ کہے تھے۔ محض ہدایت چھوڑ کر گمراہی اختیار کی تھی اسکو قرآن کریم نے خریدنا فرمایا تو معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص قیمت دیکر چیز لے لے اور بیچنے والا بھی اس پر راضی ہو جائے تو بیع ہو جائے گی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جو شخص بڑے سے بڑے دنیوی نفع کو چھوڑ کر دینی معمولی نفع حاصل کرے وہ کامیاب تاجر ہے اور اس کا برعکس کرنے والا محض بے وقوف ہے کیونکہ دنیا بھر کے نفع آخرت کے معمولی نفع کے مقابل ہیچ ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ جو شخص دینی کام ریاکاری کے لئے کرتا ہو وہ نہایت ہی بے وقوف ہے۔ کیونکہ وہ بھی انہیں منافقین کی طرح ہے جنہوں نے محض

marfat.com
Marfat.com

مسلمانوں کو راضی کرنے کے لئے کلمہ پڑھا تھا۔ دینی کاموں کی قیمت اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رضامندی ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ جو شخص نوافل ادا کرے اور واجبات و فرائض میں غفلت کرے وہ بے وقوف ہے۔ بعض لوگ کثرت سے وظیفے پڑھتے ہیں لیکن فرض نماز' زکوۃ اور روزوں وغیرہ کی پرواہ نہیں کرتے وہ سخت غلطی پر ہیں۔ فرض نماز اصل پونجی ہے اور نوافل اس کا نفع اصل پونجی کھو کر نفع کے چند پیسے حاصل کرنا کون سی عقلمندی ہے۔ (تفسیر روح البیان یہی مقام) یہ بھی معلوم ہوا کہ مجبوری نیکی کرنے کا کوئی ثواب نہیں۔ ثواب اسی نیک عمل کا ملے گا جو انسان دلی رغبت اور خوشی سے کرے۔ کیونکہ منافقین کلمہ اور نماز وغیرہ مجبوراً پڑھتے تھے اس لئے انہیں کچھ فائدہ حاصل نہ ہوا مثنوی شریف میں ہے۔

اختیار آمد عبادت ملک ورنہ میگردد بنا خواہ ایں فلک

اتیا کرھا مہار عاقلاں اتیا طوعا" مہار بے دلاں

یعنی رغبت عبادت کا نمک ہے۔ مجبوراً تو چاند سورج وغیرہ سب حرکت کر رہے ہیں۔ مگر انہیں اس پر کوئی ثواب نہیں۔

تفسیر صوفیانہ : انسان کے لئے دو ہدایتیں ضروری ہیں۔ ایک فطری ہدایت جو کہ عالم ارواح میں مل چکی ہے اور جس پر ہر بچہ پیدا ہوتا ہے۔ دوسری کسبی جو دنیا میں اللہ والوں کی صحبت سے حاصل ہوتی ہے۔ جو شخص ان دونوں ہدایتوں کو پالے وہ نور علی نور ہے۔ جو اس دوسری ہدایت سے محروم رہا اس کی پہلی ہدایت بیکار ہے جیسے کہ آفتاب اور آنکھ کا نور مل کر فائدہ مند ہوتے ہیں۔ اگر آفتاب نور دے رہا ہے۔ کسی کی آنکھ میں نور نہ ہو تو وہ کچھ نہیں دیکھ سکتا۔ یا آنکھ میں نور موجود ہے اور دوسرا نور اسے حاصل نہیں یعنی وہ اندھیرے میں ہے وہ بھی دیکھنے سے محروم۔ ان منافقوں کو پہلا نور یعنی ہدایت فطری حاصل تھی۔ لیکن نور مصفائی سے علیحدہ رہے۔ اس کسبی کو چھوڑ کر گمراہی حاصل کی لہذا اس تجارت میں کامیاب نہ ہوئے۔ حکایت: مثنوی شریف میں اسی کے مطابق ایک نہایت بہتر حکایت بیان فرمائی۔ وہ یہ کہ ایک شکاری ترکش میں تیر لے کر باز کے شکار کے لئے نکلا۔ باز ہوا میں اڑتا ہوا ملا جس کا سایہ زمین پر پڑ رہا تھا۔ اس نے تاک تاک کر اس سایہ پر تیر چلائے۔ یہاں تک کہ سارا ترکش خالی ہو گیا۔ مگر باز ہاتھ نہ آیا۔ محروم واپس ہوا۔ اپنے کسی دوست سے کہنے لگا کہ میں نے صحیح نشانے پر تیر لگائے۔ مگر باز نہ مرا کیا وجہ ہوئی۔ اس نے کہا۔ اے بیوقوف! جس کو تو نے نشانہ بنایا وہ باز نہ تھا۔ اصل باز اوپر تھا جہاں تیری نگاہ نہ پہنچ سکی۔ ان منافقین نے بھی اسی طرح اپنے ترکش کے سارے تیر دنیا کے لئے استعمال کئے۔ لہذا دین ان کے ہاتھ نہ آیا۔ قیمتی تیر بھی برباد ہو گئے۔

اعتراض : جب ان منافقین کے پاس ہدایت تھی ہی نہیں۔ تو اس کے بدلے میں گمراہی کیوں کر خریدی۔ جواب: اس کا جواب عالمانہ اور صوفیانہ تفسیروں سے معلوم ہو چکا وہ یہ کہ انہوں نے فطری ہدایت کے بدلے میں گمراہی خریدی یا کسبی ہدیت حاصل کرنے کا ان کو موقع تو ملا لیکن اسکو چھوڑ کر گمراہی حاصل کی یا انہوں نے کلمہ طیبہ زبان سے پڑھا۔ نماز روزے ادا کئے۔ اگر وہ چاہتے تو اپنے ان اعمال سے جنت حاصل کر لیتے۔ لیکن انہوں نے دنیا حاصل کی۔ لہذا خرید و فروخت کے معنی ان پر بخوبی چسپاں ہو گئے۔

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ |
| کہاوت ان کی مثل اس کے لئے ہے کہ روشن کی آگ پس جبکہ روشن ہو گئی وہ جگہ اردگرد اس |
| ان کی کہاوت اس طرح کی ہے جس نے آگ روشن کی تو جب اس سے آس پاس جگمگا |
| مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا |
| کے لے گیا اللہ نور ان کا اور چھوڑ دیا ان کو میں اندھیروں |
| اٹھا اللہ ان کا نور لے گیا اور انہیں اندھیروں میں |
| يُبْصِرُوْنَ * |
| نہیں دیکھتے |
| چھوڑ دیا کہ کچھ نہیں سوجھتا |

تعلق : اس سے پہلے منافقین کے عیوب بیان کئے۔ اب ان کو اور زیادہ ظاہر کرنے کے لئے ایک مثال دیکر سمجھایا۔ مثال سے مشکل بات سمجھ میں آجاتی ہے۔ مثال دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک مفرد کی مفرد سے جیسے کہ زید کو شیر سے تشبیہ دینا اور ایک قصے کی قصے سے پہلی قسم کو تشبیہ اور دوسری کو مثال کہا جاتا ہے۔

تفسیر : مثلهم مثل کے لغوی معنی ہیں مثل اور مانند۔ لیکن اصطلاح میں اس مشہور کہاوت کو کہتے ہیں جو عجیب چیز کے لئے بیان نہ کی جائے۔ جیسے اردو میں بے درد آدمی کے لئے بولتے ہیں کہ جس کے نہ پھٹی ہو بیائی وہ کیا جانے پیر پرائی۔ یعنی جو کبھی مصیبت میں گرفتار نہ ہوا وہ مصیبت زدوں کے درد کو کیا جانے۔ یہاں یہی معنی مراد ہیں چونکہ دلائل سے فقط عقلمند بات سمجھتے ہیں مگر مثالوں سے بے وقوف بھی سمجھ جاتے ہیں۔ اس لئے قرآن کریم اور احادیث شریفہ میں بیشمار مثالیں بیان فرمائیں گئیں توریت و انجیل میں تو مثالوں کی پوری سورتیں تھیں جن کا نام سورۃ الامثال تھا۔ کمثل اس میں کاف زیادہ ہے کیونکہ کاف کے معنی بھی مثل ہی ہیں جب مثل پر داخل ہو تو اس نے کچھ معنی نہ دیئے جیسے لیس کمثلہ شیء میں۔ یا اس جگہ مثل بمعنی حالت کے ہے تو کاف اپنے معنی میں ہے آیت کریمہ کے یہ معنی ہوئے کہ منافقین کی عجیب حالت ان لوگوں کی حالت کی طرح ہے الخ الذی یہ لفظ صورۃ" واحد ہے اور معنا" جمع کیونکہ اس سے پہلے مثلهم آچکا اور اس کے بعد بھی بنورهم آرہا ہے یعنی اس جماعت کی طرح ہے جیسے قرآن پاک میں آتا ہے وخضتم کالذی خاضوا۔ ستوقد وقود سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں آگ کا بھڑکنا اور اس سے شعلے نکلنا ایندھن کو بھی اس لئے وقود کہتے ہیں کہ اس سے آگ بھڑکتی ہے تو مطلب یہ ہوا کہ ان لوگوں نے خوب تیز آگ جلائی اور اسے خوف بھڑکایا نارا" ۔ نور سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں تڑپنا اور حرکت کرنا چونکہ آگ میں بھی تڑپ اور حرکت ہے اس لئے اسے نار کہتے ہیں پھر چونکہ آگ میں روشنی بھی ہے اسی لئے روشنی کو نور کہہ دیا گیا ہے اور مینارے کو بھی اس لئے منارہ کہتے ہیں کہ اس پر اذان دی جاتی ہے اور اس کو دور سے دیکھ کر لوگ منزل کر پتہ لگا لیتے ہیں۔ چونے کو نورہ کہتے ہیں۔ اس لئے وہ بال اڑا کر بدن کو چمکا دیتا ہے۔ غرضیکہ نور کا استعمال دو معنی میں

marfat.com
Marfat.com

ہو گیا ایک حرکت اور تڑپ دوسرے روشنی چمک یا ظہور **فلما اضاءت۔ اضاءت۔ ضوء** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں تیز روشنی نور اور ضوء میں یہ فرق ہے کہ نور ہلکی روشنی کو بھی کہہ دیتے ہیں۔ مگر ضوء تیزی پر بولا جاتا ہے۔ اس لئے قرآن کریم نے آفتاب کو ضیاء اور چاند کو نور فرمایا۔ نیز: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کریم کو بھی اسی لئے نور فرمایا گیا ان سے ہر ایک فیض حاصل کر سکتا ہے وہ مثل سورج کے جلالی نہیں جو کہ آنکھوں کو خیرہ کر دے۔ یہاں **اضاءت** لازم بھی ہو سکتا ہے اور متعدی بھی۔ اگر لازم ہو تو یہ معنی ہوں گے کہ پس جب کہ چمک گئی آس پاس کی جگہ اگر متعدی ہو تو یہ معنی ہوں گے کہ پس جب خوب چمکا دیا اس آگ نے آس پاس کی جگہ کو **ما حوله** لفظ حول کے معنی ہیں گھومنا اس لئے برس کو بھی حول کہتے ہیں کہ وہ گردش کرتا رہتا ہے اصطلاح میں حول ملی ہوئی چیز کو کہتے ہیں۔ نیز: اس کے معنی بدلنے کے بھی ہیں اسی لئے قرض منتقل کرنے کو حوالہ کہتے ہیں۔ اور کسی چیز کی جستجو کرنے کو محاولہ کہتے ہیں۔ یہاں دوسرے معنی مراد ہیں۔ یعنی قریب کی جگہ **ذھب الله** عربی زبان میں **ذھب به** اور اذ ھبہ کے ایک ہی معنی ہیں یعنی اس کو لے گیا۔ لیکن **ذھب به** وہاں بولا جاتا ہے کہ جہاں بالکل لے گیا ہو اور واپسی کی امید نہ ہو اور **اذھب** میں یہ دونوں باتیں نہیں۔ کہتے ہیں **ذھب السلطان بماله** بادشاہ نے اس کا سارا مال بالکل ضبط کر لیا یعنی کچھ نہ چھوڑا اور اس کی واپسی کی بھی امید نہیں۔ قرآن کریم نے یہی لفظ یہاں اس لئے استعمال فرمایا تاکہ معلوم ہو کہ رب نے ان کا نور بالکل بجھا دیا۔ اب ان کے منور ہونے کی کوئی امید نہیں۔ اس **ذھب** کو اللہ کی طرف اس لئے نسبت کیا گیا تھا کہ معلوم ہو کہ منافقین کی آگ کسی عارضے سے نہیں بجھی۔ کہ وہ دوبارہ جلا سکیں۔ بلکہ خود اللہ نے بجھائی ہے۔ جسے اللہ بجھادے اسے کون روشن کرے۔ **بنورھم** نور کے معنی ہیں روشنی یعنی جو خود ظاہر ہو اور دوسرے کو ظاہر کرے۔ اس کا مقابل ہے۔ ظلمت جس کے معنی ہیں تاریکی نور کی نسبت منافقوں کی طرف اس لئے کی گئی کہ وہ اس سے فائدہ حاصل کر رہے تھے۔ **وتركهم** اس لئے فرمایا گیا تاکہ معلوم ہو کہ ان کی آگ بالکل ہی بجھادی گئی جس سے کہ وہ پورے طور پر اندھیرے میں رہ گئے۔ **فی ظلمت۔ ظلمت** ظلمۃ کی جمع ہے اس کے لغوی معنی ہیں کم ہونا برف کو اس لئے ظلم کہتے ہیں کہ وہ بہت کم ہو جاتا ہے۔ ستانے کو بھی ظلم اس لئے کہتے ہیں کہ اس کی وجہ سے ظالم کے نیک اعمال برباد ہو کر کم ہو جاتے ہیں نیز ظلم دانت کے پانی اور اس کی تری اور اس کی سفیدی کو بھی کہتے ہیں۔ (تفسیر کبیر) مگر یہاں اس سے مراد ہے تاریکی۔ ظلمات جمع اس لئے بولا گیا کہ منافقین صرف ایک تاریکی میں نہ تھے۔ بہت سی تاریکیوں سے گھرے ہوئے تھے۔ ایک تو کفر کی تاریکی۔ دوسرے مکر و فریب کی تیسرے جھوٹ بولنے کی چوتھے مسلمانوں پر طعنہ زنی کی۔ پانچویں جہل مرکب کی۔ چھٹے گناہوں اور شہوتوں کی وغیرہ وغیرہ **لا یبصرون** میں تاریکی ہی کا بیان ہے۔ یعنی انہیں اندھیرے میں اس طرح چھوڑ دیا کہ کچھ سوجھتا ہی نہیں۔

**خلاصہ تفسیر:** مدینہ منورہ کے لوگ اول تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری پر خوش ہوئے اور بہت سے لوگوں نے کلمہ پڑھ لیا۔ لیکن ان میں سے بعض نے دنیاوی اغراض و مقاصد کی بنا پر بعد میں منافقت شروع کر دی تو ان کی اس حالت کو اس جماعت کے ساتھ تشبیہ دی گئی۔ کہ جو اندھیرے جنگل میں گھر گئی ہو پھر انہوں نے روشنی اور گرمی حاصل کرنے اور درندوں سے بچنے کے لئے خوب آگ بھڑکائی جب آگ بھڑکنے لگی اور انہوں نے گرمی اور نور بھی حاصل کر لیا تب وہ اس پر مطمئن ہو گئے کہ اب یہ آگ نہ بجھے گی اور ہم اس کے فوائد سے محروم نہ ہوں گے وہ اسی خیال میں تھے کہ اچانک آگ بالکل بجھ

marfat.com
Marfat.com

گئی اور ایسی بجھی کہ اس کا کوئی شعلہ اور چنگاری بھی باقی نہ رہی کہ جس سے دوبارہ آگ جلا لیں اور نہ ہی ایندھن آگ قبول کرنے کے قابل رہا اب یہ حیران و پریشان ہیں کہ کیا کریں اور کدھر جائیں۔ اسی طرح ان منافقین نے مسلمانوں کے خوف اور ان کے نفع کی امید سے بظاہر اسلام قبول کر لیا جو مثل آگ جلانے کے ہوا۔ حق تعالیٰ کی طرف سے بھی ان پر ظاہری اسلامی احکام جاری کر دیئے گئے۔ یہ اس آگ کی روشنی ہوئی۔ منافقین مطمئن ہو گئے کہ جس طرح ہم نے اس زبانی کلمے اور ظاہری اسلام سے دنیا میں کام نکال لیا آخرت میں بھی کام نکال لیں گے۔ یہ ان کا اس ظاہری روشنی پر اعتماد ہوا۔ وہ اسی خیال میں تھے کہ ناگہاں ان کو موت نے آ دبایا یہ اس آگ کا گل ہونا ہوا۔ مرتے ہی آنکھ کھل گئی اور بزبان حال یوں کہنے لگے۔ خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا خیال رہے کہ ہر انسان تاجر ہے زندگی دوکان، سانسیں اور زندگی کی گھڑیاں اصل رقم جن کو خرچ کر کے وہ اعمال کے سودے خریدتا ہے نیک اعمال کرنے والا نفع میں، گناہ کرنے والا نقصان میں، کفر کرنے والا پورے خسارہ میں ہے جیسے بعض دوکانیں دن رات کھلی رہتی ہیں۔ ایسے ہی بعض لوگ سوتے جاگتے پھرتے نیکیاں کرتے ہیں بلکہ بعد وفات بھی ان کی دوکان بند نہیں ہوتی بل احیاء و لکن لا تشعرون۔ جب قبر میں پہنچے تو معلوم ہوا کہ ان کا ظاہری اسلام کا چراغ بالکل کچھ کام نہ آیا۔ اب ان کو نہ تو نیک اعمال کرنے کا موقع رہا اور نہ وہاں سے لوٹنے کی کوئی صورت رہی کہ دنیا میں آ کر نیکیاں کر جائیں یہ اس کی مثال ہوئی کہ دوبارہ آگ جلنے کے قابل نہ رہی۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ جو چیز کہ نام و نمود کے لئے ہو وہ دنیا ہے اور اس کا فائدہ عارضی اور جو حق تعالیٰ کے لئے ہو وہ عین دین ہے اور اس کا فائدہ لازوال جو نماز روزہ دکھلاوے کے لئے ہو وہ بالکل دنیا ہے اور جو دنیوی کاروبار بھی سنت پر عمل کی نیت سے کئے جائیں وہ دین دیکھو منافقین کے سارے اعمال دنیا بن کر رہ گئے۔ دوسرے: یہ کہ کوئی شخص اپنے ان اعمال پر بھروسہ نہ کر بیٹھے جب تک کہ اس کو خاتمہ بالخیر میسر نہ ہو جائے اس جگہ اعمال کی بہت ڈکیتیاں ہوتی ہیں۔ ہندی میں ایک مثال ہے ہری ہری کھیتی اور گابھن گائے جب جانو جب منہ تک جائے۔ تیسرے: یہ کہ ظاہری اعمال قالب ہیں اور نیت اخلاص مثل قلب کے۔ قالب بغیر قلب کے بیکار ہے۔ اور اعمال بغیر صحیح نیت کے بے فائدہ۔

**تفسیر صوفیانہ :** خالص آگ پائیدار، اس کی گرمی قابل اعتبار اور اس کا نور برقرار۔ جیسے کہ کرہ نار۔ اور انسانی مزاج کے خلط کی آگ کہ نہ تو اس کے لئے ایندھن کی ضرورت اور نہ اس کے بجھنے کا۔ فضلہ تعالیٰ اندیشہ۔ لیکن غیر خالص آگ نہ تو خود پائیدار نہ اس کی گرمی کا اعتبار اور نہ ہی اس کے نور کو قرار جیسے دنیا کی عام آگ کہ یہ ایندھن کی محتاج اور ہوا پانی مٹی سے اس کے بجھنے کا ہر وقت اندیشہ کیونکہ یہ خالص نہیں۔ اس میں مٹی کے اجزاء ہیں اس طرح خالص ایمان انشاء اللہ پائیدار ہے۔ اس کی عمارت رہنے والی جیسا کہ قرآن کریم فرما رہا ہے۔ یثبت اللہ الذین امنوا بالقول الثابت فی الحیوۃ الدنیا و فی الاخرۃ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اس کلمہ طیبہ پر زندگی موت، قبر و حشر میں ثابت رکھے گا۔ اسی طرح اس کا نور زندگی و قبر اور حشر میں برقرار۔ قرآن شریف فرماتا ہے۔ یسعی نورھم بین ایدیھم یعنی قیامت میں مسلمانوں کا نور ان کے آگے آگے چلے گا۔ انشاء اللہ حقیقی و خالص ایمان کی آگ کے بجھنے کا اندیشہ نہیں۔ منافقین کا ایمان چونکہ خالص نہ تھا بلکہ ریاکاری اور دنیوی اغراض سے مخلوط تھا۔ لہٰذا بجھ گیا۔ نیز یہ مخالفین ایمان پر تو کیا ثابت رہتے کم بخت اپنے کفر پر بھی پورے طور پر قائم نہ رہے۔

marfat.com
Marfat.com

نکتہ: صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ آفتاب کی شعاعوں سے کپڑا نہیں جل سکتا۔ لیکن آتشی شیشے کے ذریعہ سے جل جاتا ہے۔ اسی طرح توحید کی شعائیں کفر و فسق کے خرمن کو نہیں جلاتیں جب تک کہ نبوت کے آتشی شیشے میں سے چھن کر نہ آئیں پھر نبوت کی شعاعیں بھی دل کی خواہشوں اور سامان گناہ کو نہیں جلاتیں جب تک کہ کسی ولی کے شیشے میں سے چھن کر نہ آئیں۔ توحید کی تاثیر کے لئے نبوت کی آڑ ضروری ہے۔ اور نبوت کی تاثیر کے لئے ولی کا دامن درکار یہ منافقین توحید کے قائل تھے۔ مگر نبوت اور ولایت سے علیحدہ لہٰذا ان کا نور بجھ گیا۔ اس آیت سے شیطانی توحید کے حامی دیوبندیوں اور وہابیوں کو عبرت پکڑنی چاہئے۔

الروح فداک فزدحرقا یک شعلہ دگر برزن عشقا

میرا تن من دھن سب پھونک دیا یہ جان بھی پیارے جلا جانا

عشق کی آگ وہ آگ ہے۔ جو محبوب کے سوا کو جلا ڈالتی ہے اللہ وہ آگ نصیب کرے۔ آمین

اعتراض: یہ مثال اس جگہ بظاہر چسپاں نہیں ہوتی۔ کیونکہ منافقین کا دھوکے کے لئے کلمہ پڑھنا عین بے ایمانی تھا۔ ان کو اول ہی سے ایمان کا عارضی نور حاصل نہ ہوا پھر بجھانے کے کیا معنی اور مثال میں ان لوگوں کا ذکر ہے کہ جنہوں نے آگ جلا تو لی مگر بعد میں بجھ گئی۔ جواب: چونکہ منافقین نے اس ظاہری کلمے سے مسلمانوں کی تلوار اور جزیہ سے امن پایا۔ اور ان کے ساتھ غنیمتوں، جہادوں اور نمازوں میں شریک ہو گئے یہ اس کلمے کا عارضی نور تھا جو ان کو حاصل ہو گیا لیکن چونکہ مرنے کے بعد ان کی یہ کلمہ گوئی کام نہ آئی۔ اس لئے نور کا بجھنا ان پر خوب چسپاں ہو گیا۔ اس مثال میں چند جماعتیں شامل ہیں۔ ایک تو منافق جنہوں نے دل میں کفر رکھ کر اظہار ایمان کیا دوسرے وہ جو مخلص مومن ہونے کے بعد مرتد ہو گئے تیسرے وہ جنہیں قدرت نے صحیح فطرت عطا فرمائی اور دلائل نے ان پر حق واضح کر دیا۔ مگر انہوں نے اس سے فائدہ نہ اٹھایا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

| |
|---|
| صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَۙ |
| بہرے گونگے اندھے پس وہ نہیں لوٹیں گے |
| بہرے گونگے اندھے تو وہ پھر آنے والے نہیں |

تعلق: اس میں اعلیٰ کی ترقی ہے۔ یعنی پہلی آیت میں فرمایا گیا کہ منافقین ان کی طرح ہیں۔ کہ جو آگ جلائیں اور ان کی آگ بجھ جائے۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ دنیوی آگ بجھنے پر فقط آنکھ بیکار ہو جاتی ہے۔ کان زبان پر اس کا کچھ اثر نہیں ہوتا لیکن منافقین کی آگ تو ایسی بجھی کہ جس سے ان کے کان، زبان، آنکھ، دل سب ہی بیکار ہو گئے۔

تفسیر: صم صمم سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں کان کا بوجھ اور یہ دو طرح کا ہوتا ہے۔ ایک تو وہ کہ جس سے سننے کی طاقت ہی جاتی رہے دوسرے وہ کہ جس سے اونچا سنائی دینے لگے۔ بکم زبان کی اس بیماری کا نام ہے۔ جس سے حروف ادا نہ کئے جا سکیں اس کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جس سے حروف بگڑ کر ادا ہوں۔ جس کو اردو میں تو تلا پن کہتے ہیں اور عربی میں عقدہ لسان

marfat.com

Marfat.com

دوسرے وہ جس سے بولنا ہی ناممکن ہو جس کو اردو میں گونگا پن کہتے ہیں اور عربی میں خرس اور یہ دوسرے معنی ہی یہاں مراد ہیں عمی آنکھ کی وہ بیماری ہے جس میں بینائی بالکل جاتی رہتی ہے جسے اردو میں اندھا پن کہتے ہیں۔ پھر اس کی دو قسمیں ہیں ایک پیدائشی اندھا پن جس کو عربی میں عمی کہتے ہیں کمہ اور اس عارضے والے کو اکمہ۔ دوسرے یہ کہ پہلے انکھیارا ہو۔ بعد میں اندھا ہوا ہو۔ یہ آخری معنی یہاں مراد ہیں پھر اس کی بھی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ سرے سے آنکھ ہی نہ ہو۔ جسے عربی میں طمس کہتے ہیں دوسرے یہ کہ آنکھ تو قائم ہو مگر اس میں روشنی نہ ہو۔ آخری معنی اس جگہ مراد ہیں۔ خیال رہے کہ اس بیماری کی کل چار قسمیں ہیں۔ عمی" "طمس" "کمہ" "عمہ" جس کے معنی ہیں دل کا اندھا ہونا یعمھون اسی سے بنا ہے۔ اس جگہ عمی سے مراد آنکھ اور دل دونوں کا اندھا پن ہے فھم لا یرجعون یعنی انسان کے راہ راست پر آنے کی تین ہی صورتیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ اس کی بینائی قائم ہو جس سے وہ راستہ دیکھ لے۔ دوسرے: یہ کہ اس میں بولنے کی طاقت ہو کسی کو پکار کر اس کی مدد سے راہ راست پر آجائے تیسرے: یہ کہ اس کے کان درست ہوں کہ کسی ہادی کی آواز سن کر درست ہو جائے جب ان منافقین کی یہ تینوں قوتیں ختم ہو چکیں تو اب ان کے کفر سے لوٹنے کی کوئی امید نہیں۔

**خلاصہ تفسیر**: مسلمانوں کو یہ امید ہو گی کہ شاید منافقین کبھی تو ہدایت پر آجائیں اس لئے وہ ان کو ہدایت پر لانے کی کوشش بھی کرتے ہوں گے اور پھر اپنی ناکامی پر رنجیدہ ہوں گے۔ حق تعالیٰ نے مسلمانوں کے اس رنج و غم کے دور فرمانے کے لئے ان کے ایمان سے مایوس فرما دیا اور فرما دیا کہ اے مسلمانو! یہ تو بہرے گونگے، اندھے ہو چکے ہیں اب تم ان کے ایمان لانے کی بالکل امید نہ رکھو وہ اپنی ان حرکتوں سے باز نہ آئیں گے۔ چونکہ ناامیدی بھی ایک راحت ہوتی ہے اس لئے مسلمان ان کے ایمان سے ناامید ہو کر انتظار کی تکلیف سے بچ گئے۔

**فائدے**: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک: یہ کہ اللہ کے نزدیک وہ ہی عضو کام کا ہے۔ جو اپنے مقصود کو پورا کرے اور جس میں یہ صفت نہیں وہ محض بیکار ہے۔ چونکہ زبان حق بولنے، کان حق سننے اور آنکھیں حق دیکھنے کے لے عطا فرمائی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ جو بھی دنیاوی کام اس سے لئے جاتے ہیں وہ سب تابع ہیں جب ان اعضاء نے اپنا اصلی کام نہ کیا تو ان کو بیکار کہا گیا۔ اولیاء اور شہداء اگرچہ بظاہر وفات پا جاتے ہیں لیکن قرآن کریم فرماتا ہے کہ وہ زندہ ہیں۔ کیونکہ انہوں نے اپنی زندگی کے مقصود کو پورا کر دیا جیسے کہ سرکاری ملازم سرکاری کام کے لئے مقرر کئے جاتے ہیں۔ اور ان کے آرام و آرائش کے لئے بڑی تنخواہ، عمدہ مکان، سواریاں وغیرہ کا انتظام حکومت کی طرف سے ہوتا ہے اصل مقصود تو خدمت سرکار ہے۔ یہ موٹر اور کوٹھی وغیرہ اس کے لئے ہے۔ جو نوکر آرام کرے اور کام نہ کرے وہ شاہی نوکر ہی نہیں ہے۔ اور نہ تنخواہ پانے کا مستحق لیکن جس نے اپنی خدمت کے زمانہ میں بخوبی خدمت کی بعد میں اس کی پنشن ہو گئی اگرچہ وہ اب کوئی خدمت نہیں کر رہا ہے مگر ملازم سرکار ہے یہ کفار اور منافقین کام چور نوکر ہیں اور یہ وفات شدہ اولیاء اللہ پنشن یافتہ سرکاری عہدہ دار **دوسرے** یہ کہ جو حق تعالیٰ کی طرف بخوشی رجوع کرتا ہے وہ اس کی بارگاہ میں عزت و کرامت سے بلایا جاتا ہے کہ مرتے وقت اس کو کہا جاتا ہے۔ **ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ** یعنی اے مبارک روح اپنے رب کی طرف چل کہ تو اس سے راضی اور وہ تجھ سے راضی۔ اور جو کہ بخوشی اس طرف رجوع نہیں کرتے۔ انجام کار ان کو بھی وہیں جانا پڑے گا۔ ہتھکڑی اور بیڑی کے ساتھ اور ان

marfat.com
Marfat.com

کے لئے فرمایا گیا۔ ونحشرهم يوم القيمة على وجوههم عميا و بكما و صما یعنی ہم ان کو قیامت کے دن ان کے چہروں کے بل اندھا گونگا، بہرا اٹھائیں گے۔ صوفیاء کرام فرماتے ہیں۔ کہ تین چیزیں دل کی آنکھ کو اندھا کر دیتی ہیں۔ 1 اعضاء کو گناہوں میں مشغول رکھنا۔ 2 ریا سے عبادت کرنا۔ خالق کو چھوڑ کر خلق سے امید رکھنا۔ یہ بیماری تپ دق کی طرح اولا تو ہلکی معلوم ہوتی ہے۔ لیکن آخر میں مہلک ثابت ہوتی ہے۔

آباد وہی دل ہے کہ جس میں تمہاری یاد ہے ۔۔۔ جو یاد سے غافل ہوا ویران ہے برباد ہے

| |
|---|
| اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيهِ ظُلُمٰتٌ وَّ رَعْدٌ وَّ بَرْقٌ ۚ |
| یا مثل تیز بارش سے آسمان میں اس اندھیریاں اور گرج اور چمک ہے |
| یا جیسے آسمان سے اترتا پانی کہ اس میں اندھیریاں ہیں اور گرج اور |
| يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِىْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ |
| کرتے ہیں انگلیاں اپنی میں کانوں اپنے سے کڑک خوف موت |
| چمک ہے اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس رہے ہیں کڑک کے سبب موت |
| الْمَوْتِ ؕ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌ بِالْكٰفِرِيْنَ ۱۹ |
| کے اور اللہ گھیرنے والا ہے کو کافروں |
| کے ڈر سے اور اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے |

تعلق: پہلی آیت میں منافقوں کی ایک کہاوت بیان کی گئی تھی یہ انہی کی دوسری کہاوت ہے اس میں اور اس میں یہ فرق ہے کہ وہاں تو آگ جلا کر روشنی حاصل کرنے کا ذکر تھا اور یہاں بجلی سے ملنے کا تذکرہ وہاں تو معمولی وحشت اور خوف کا ذکر ہوا تھا اور یہاں سخت گھبراہٹ پریشانی کا بیان ہوا۔ لہٰذا یہ کہاوت پہلی سے اعلیٰ ہے۔ چند کہاوتوں سے فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اصلی چیز ہر ایک کی سمجھ میں بخوبی آجاتی ہے۔ شان نزول: منافقوں میں سے دو شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے مشرکین کی طرف بھاگے۔ راستے میں یہی بارش آگئی جس کا اس آیت میں ذکر ہو رہا ہے اس میں سخت گرج اور چمک تھی ان کا یہ حال ہوا کہ جب گرج ہوتی تو کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیتے کہ کہیں اس سے ہمارے کان نہ پھٹ جائیں۔ اور جب چمک ہوتی تو چلنے لگتے۔ جب اندھیری ہو جاتی تو ٹھہر جاتے۔ آپس میں کہنے لگے کہ شاید اس گناہ سے ہم پر مصیبت آئی ہے۔ خدا خیر سے سویرا کر دے تو ہم حضور کی خدمت میں واپس جا کر ان کے ہاتھ میں ہاتھ دے دیں گے۔ رب نے ان پر فضل فرمایا اس مصیبت سے نجات دی انہوں نے ایسا ہی کیا کہ سچے مسلمان بن گئے۔ اور پھر اسلام پر صحیح معنی میں قائم رہے اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ اتری حق تعالیٰ نے ان کے اس واقعہ کو باقی منافقین کے لئے کہاوت بنایا۔ اور اس قصے کو ان کی روش پر منطبق فرمایا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

marfat.com
Marfat.com

بعض منافق نفاق میں پختہ تھے جن کے ایمان میں آنے کی کوئی امید نہ تھی ان کے لئے پہلی مثال تھی۔ اس لئے وہاں فرمایا گیا کہ بہرے گونگے اندھے ہیں اب نہ لوٹیں گے۔ بعض منافق نفاق میں کمزور تھے۔ جن کے ایمان کی امید تھی ان کے لئے یہ دوسری مثال ہے اس لئے اس آیت میں ارشاد ہوا کہ قریب ہے کہ بجلی انکی آنکھیں اچک لے یعنی اچکی نہیں۔

تفسیر: او عربی زبان میں شک کی جگہ استعمال کرتے ہیں جیسے اردو میں "یا" مثلاً کہا جائے کہ زید آیا تھا یا عمر۔ لیکن حق تعالیٰ شک سے پاک ہے اس لئے اس او میں چند احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ اختیار کے لئے ہو جیسے کہا جاتا ہے کہ لاری میں یا ریل میں یعنی تمہیں اختیار ہے جس میں چاہو آؤ۔ ایسے ہی یہاں فرمایا جا رہا ہے کہ اے مسلمان تجھے اختیار ہے کہ خواہ تو منافقوں کیلئے پہلی کہاوت بیان کرے یا دوسری۔ دوسرے یہ کہ منافق دو قسم کے تھے۔ بعض ان آگ والوں کی طرح اور بعض ان بارش والوں کے مثل۔ لہٰذا یہ دو کہاوتیں دو جماعتوں کے لئے ہیں۔ تیسرے یہ کہ یہ او بلکہ کے معنی میں ہے۔ یعنی منافقین ان آگ والوں کی طرح بلکہ ان بارش والوں کی طرح ہیں۔ چوتھے یہ کہ یہ او واؤ کے معنی میں ہے۔ یعنی منافقین ان کی طرح ہے۔ قرآن پاک میں او ان سب معنی میں استعمال ہوا۔ (تفسیر کبیر کصیب' صیب' صوب سے بنا ہے جس کے معنی ہیں اترنا جھکنا اور ارادہ کرنا۔ سر جھکانے کو تصویب الراس کہتے ہیں لیکن یہاں پہلے معنی کا لحاظ ہے۔ اور یہاں صیب سے مراد یا تو تیز بارش ہے۔ کیونکہ یہ اوپر سے گرتی ہے۔ اور یا بادل کیونکہ یہ بھی نیچے جھک کر برستا ہے من السماء سماء سمو سے بنا ہے جسکے معنی ہیں اونچائی بلندی آسمان کو سماء اسی واسطے کہتے ہیں کہ وہ اونچا ہے اور بادل کو بھی سماء کہتے ہیں۔ یہاں یا تو آسمان مراد ہے یا بادل اگرچہ بارش اوپر ہی سے برستی ہے۔ لیکن پھر بھی من السماء فرمادینے میں چند فائدے ہیں۔

تفسیر: ایک: یہ کہ فلاسفہ کہتے ہیں بارش دریاؤں کا پانی ہے۔ جو گرم ہو کر بھاپ بن کر اوپر گیا۔ اس میں اسکی تردید کر دی گئی کہ بارش زمین سے نہیں آتی ہے۔ کیونکہ بہت دفعہ گرمی ہوتی ہے مگر بارش نہیں ہوتی۔ اور بارہا سخت سردی میں تیز بارش ہو جاتی ہے۔ اور اگر یہ مان بھی لیا جائے تو اس کی کیا وجہ ہے کہ کبھی چھوٹے قطرے گرتے ہیں اور کبھی بڑے کبھی برف اور کبھی اولہ اور اگر سب باتوں سے چشم پوشی کر کے مان بھی لیا جائے کہ بارش سمندر سے ہوتی ہے تو بتاؤ سمندر میں پانی کہاں سے آیا یقیناً آسمان ہی سے آیا ہم کو خزانے سے روپیہ ملتا ہے لیکن خزانہ میں ٹکسال سے روپیہ آتا ہے۔ تو آیت میں بارش کی ٹکسال کا ذکر فرمایا گیا تفسیر روح البیان میں سیدنا عبداللہ ابن عباس سے روایت کیا کہ عرش کے نیچے ایک دریا ہے جس سے تمام حیوانات پر رزق اترتے ہیں۔ رب تعالیٰ کی مرضی کے مطابق تمام رزق آسمانوں سے گزرتے ہوئے دنیاوی آسمان کی طرف پہنچتے ہیں بادل مثل چھلنی کے ہے کہ پانی آسمان سے آتا ہے۔ اور اس سے چھن کر زمین پر گرتا ہے۔ ہر قطرہ ایک فرشتہ لے کر آتا ہے۔ جو زمین پر آہستہ سے رکھ جاتا ہے۔ دوسرا فائدہ: من السماء فرمانے میں یہ ہے کہ اس میں اس جانب اشارہ ہو رہا ہے کہ یہ بارش عالم گیر بارش تھی۔ یہ نہ تھا کہ بعض جگہ نہ ہو۔ تیسرا فائدہ: یہ کہ فلاسفہ کے قول کے مطابق اگرچہ بارش زمین کے پانی سے ہوتی ہے مگر اس کے اسباب آسمان سے بنتے ہیں۔ کیونکہ آفتاب کی گرمی سے پانی بخار بن کر اوپر چڑھتا ہے۔ اور وہاں کی ٹھنڈک سے جم کر بادل بن جاتا ہے۔ لہٰذا بارش آسمان ہی کے ذریعہ سے ہوتی ہے۔ تتمہ: فلاسفہ کہتے ہیں کہ گرمی سے پانی بخار بن جاتا ہے۔ اور زمین کے اجزاء دھواں۔ جیسے لکڑی سے دھواں اور دیگچی سے گرم پانی بھاپ بن کر اڑتا ہے۔ یہ زمین کا دھواں جب ہوا

marfat.com
Marfat.com

کی حرکت سے آگے بڑھ کر کرۂ آگ تک پہنچ جاتا ہے اور وہاں جاکر روشن ہو جاتا ہے تو کبھی توچند روز تک روشن رہتا ہے اور دم دار ستارے اور نیزے کی شکل میں نمودار ہوتا ہے اور کبھی روشن ہو کر جلد بجھ جاتا ہے۔ جس کو شہاب کہتے ہیں (تارا ٹوٹنا) اور کبھی روشن نہیں ہوتا بلکہ جل جاتا ہے اور آسمان کی سرخی اور سیاہی بن کر نظر آنے لگتا ہے۔ اسی طرح بخار زمین سے اٹھ کر چند صورتیں اختیار کرلیتا ہے۔ ایک یہ کہ زیادہ اونچا ہو کر جم جاتا ہے۔ اور قطرہ قطرہ ہو کر زمین پر گر پڑتا ہے۔ اس جمے ہوئے بخار کو بادل اور ان قطروں کو بارش کہتے ہیں۔ اور کبھی یہ بخار زیادہ اونچا نہیں جاتا۔ بلکہ زمین کے قریب ہی سردی سے جم کر گر جاتا ہے اس کو شبنم یا اوس کہتے ہیں۔ اور کبھی سخت سردی کی وجہ سے یہ بخار راستہ ہی سے جم کر زمین پر گر پڑتا ہے اس کو اولہ کہتے ہیں۔ تو یہ بخار اور دھوئیں کے علیحدہ علیحدہ حالات تھے۔ لیکن کبھی ایسا ہوتا ہے کہ آفتاب کی گرمی پاکر بخار دھواں اور غبار مخلوط ہو کر زمین سے اوپر اٹھتے ہیں اور وہاں پہنچ کر علیحدہ علیحدہ ہو جاتے ہیں۔ غبار الٹا واپس ہوتا ہے اسی کا نام آندھی ہے اور بخار اور دھواں ٹھنڈک کی حد کو پہنچتے ہیں۔ جہاں بخار ٹھنڈا ہو کر بادل بن جاتا ہے۔ اور دھواں اس کو چیر کر اوپر جانا چاہتا ہے کہ جس سے سخت آواز پیدا ہوتی ہے۔ اسی آواز کا نام اردو میں گرج اور عربی میں رعد ہے اور کبھی یہ دھواں تیز حرکت کی وجہ سے بھڑک کر روشن ہو جاتا ہے۔ اسی کو اردو میں بجلی اور عربی میں برق کہتے ہیں۔ اور کبھی بہت سردی کی وجہ سے یہ دھواں بھی جم کر زمین کی طرف لوٹتا ہے۔ یہ جما ہوا دھواں جب بادل کو چیرتا ہے تو اس سے سخت آواز پیدا ہوتی ہے۔ اور زمین پر گر کر بہت سی چیزوں کو فنا کردیتا ہے۔ اسی کو عربی میں صاعقہ اور اردو میں بجلی گرنا کہتے ہیں۔ اس کی قوت اس قدر ہے کہ دریا میں گر کر مچھلیوں کو بھی جلا ڈالتا ہے۔ بعض جگہ یہ بجھی ہوئی بجلی لوہے کی شکل میں ملی ہے۔ یہ وہی پکا اور جما ہوا دھواں ہے۔ مگر۔

دل کے بہلانے کو لیکن یہ خیال اچھا ہے

یہ سب عقلی ڈھکوسلے ہیں۔ مگر حقیقت میں یہ تمام قدرت کے کرشمے ہیں۔ چونکہ فلاسفہ کے قول پر بھی ان سب چیزوں میں آفتاب کی گرمی کو پورا دخل ہے اور وہ آسمان پر ہے۔ لہٰذا ان سب میں آسمانی اسباب کو دخل ہوا۔ اس لئے **من السماء** ان کے قول پر بھی خوب چسپاں ہو گیا **فیہ ظلمات** فیہ کی ضمیر **صیب** کی طرف لوٹتی ہے۔ اگر اس کے معنی بادل کے ہوں تو آیت کا ترجمہ یہ ہو گا کہ اس بادل میں بہت تاریکیاں ہیں اور اگر اس کے معنی بارش ہوں تو یہ مطلب ہو گا کہ اس بارش میں بہت تاریکیاں ہیں اور دونوں صحیح ہیں وہ چند تاریکیاں یہ ہیں۔ بادل کی تاریکی' تیز بارش کی تاریکی' رات کی تاریکی' چاندنی نہ ہونے کی تاریکی **ورعد و برق** رعد بادل کی آواز اور برق اس کی چمک کو کہتے ہیں۔ اگر کہا جائے کہ یہ چیزیں بارش میں ہیں تو بھی صحیح ہے۔ کیونکہ ان دونوں کا اور بارش کا تعلق بادل سے ہے۔ اور اگر کہا جائے کہ یہ دونوں بادل میں ہیں تو بالکل ظاہر ہے۔ ترمذی شریف میں ہے کہ ایک دفعہ یہودیوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ رعد اور برق کیا چیز ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رعد اس فرشتے کا نام ہے جو بادلوں کو ہانکتا ہے تفسیر روح البیان نے لکھا کہ وہ فرشتہ شہد کی مکھی کے مشابہ ہے۔ مگر اس کی قوت کا یہ حال ہے بعض روایات میں آتا ہے کہ یہ آواز اس فرشتے کی تسبیح کی ہے اسی لئے اس آواز کو سن کر تسبیح پڑھنی چاہئے سیدنا عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ جو شخص بادل کی کڑک اور گرج سن کر یہ پڑھے **سبحان الذی یسبح الرعد بحمدہ والملئکۃ من خیفتہ و ھو علی کل شیء قدیر** تو وہ شخص بجلی گرنے سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا اور فرماتے ہیں کہ اگر اس پر بجلی گر جائے تو اس کی دیت (خون بہا) دینے کو تیار ہوں یہ یہ عمل نہایت مجرب ہے: **اصابعھم**

marfat.com
Marfat.com

انسان کڑک سن کر اپنے پورے کانوں میں لگاتا ہے نہ کہ پوری انگلیاں۔ لیکن یہاں فرمایا جارہا ہے کہ وہ اپنی پوری انگلیاں کانوں میں ڈالتے ہیں یا یہ کہ انگلیوں سے پورے ہی مراد ہیں اور یا یہ مطلب ہے کہ وہ خوف کے مارے ساری انگلیاں کانوں میں ٹھونسنے کی کوشش کرتے ہیں **من الصواعق**۔ صواعق صاعقہ کی جمع ہے صاعقہ اس گرنے والی بجلی کو کہتے ہیں جو کسی چیز پر گر کر اس کو جلا ڈالتی ہے یعنی وہ لوگ بجلی گرنے کے اندیشہ سے اپنے کام بند کرتے ہیں **حذر الموت** حذر کے معنی ہیں ڈر اور پرہیز یعنی بچنا۔ یہاں دونوں معنی بن سکتے ہیں یعنی موت کے ڈر کی وجہ سے یا موت سے بچنے کے لئے **واللہ محیط** اس کے لفظی معنی یہ ہیں کہ اللہ (کافروں کو) گھیرے ہوئے ہے کیونکہ محیط احاطہ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں کہ کسی چیز کے آس پاس اس طرح گھیرا ڈال لینا کہ وہ بالکل درمیان میں آئے اور یہ بات حق تعالیٰ کے لئے ناممکن ہے کیونکہ وہ جگہ وغیرہ میں ہونے سے پاک ہے اس لئے محیط وغیرہ کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ حق تعالیٰ کا علم اور قدرت انکو گھیرے ہوئے ہے یعنی کوئی چیز اس کے علم اور قدرت سے باہر نہیں۔ دیوبندیوں نے اس قسم کی آیات سے ثابت کیا کہ حق تعالیٰ کی ذات ہر جگہ میں موجود ہے۔ لہٰذا نبی علیہ السلام کو ہر جگہ میں حاضر ماننا شرک ہے یہ عقل مند اتنا نہ سمجھے کہ ہر جگہ میں تو وہ ہو جس کا جسم ہو اور جگہ میں آسکے۔ حق تعالیٰ ان دونوں چیزوں سے پاک ہے۔ ہر جگہ بعض مخلوق ہی ہو سکتی ہے خالق نہیں ہو سکتا ہے جیسے کہ ملک الموت۔ منکر نکیر۔ فرشتہ کاتب تقدیر۔ چاند سورج اور سب کا نور نگاہ کہ یہ چیزیں بیک وقت ہر جگہ موجود ہیں۔ اس مسئلہ حاضر ناظر کی تحقیق کے لئے ہماری کتاب جاء الحق کا مطالعہ کرو۔ **بالکفرین** سے یہ مقصود نہیں کہ اللہ تعالیٰ کا علم صرف کافروں کو گھیرے ہوئے ہے نہ کہ مسلمانوں کو وہ تو سب کو محیط ہے۔ لیکن چونکہ یہاں کافروں کا ہی تذکرہ ہو رہا ہے۔ اس لئے انہی کا ذکر فرمایا۔

**خلاصہ تفسیر**: منافقین کی حالت کو دوسری نہایت نفیس کہاوت سے سمجھایا جارہا ہے کہ ان کی حالت ان لوگوں کی طرح ہے جو اندھیری رات میں سنسان جنگل طے کر رہے ہوں۔ کہ اچانک ان کو نہایت کالا بادل آگھیرے۔ یہ لوگ سخت اندھیرے میں پھنس جائیں۔ پھر اس سے بارش تیز بجلیاں اور گرج ظاہر ہو۔ گرج کو سن کر تو ان لوگوں کو اپنی موت کا اندیشہ ہو جائے۔ جس سے وہ اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونسنے لگیں کہ کہیں اس آواز سے ہمارے کان کے پردے نہ پھٹ جائیں اور بجلی کی روشنی پاکر چلنے لگیں۔ اور اندھیرا ہو جانے پر کھڑے رہ جائیں غرض کہ عجب کش مکش میں پھنس جائیں اور وہ اس حالت میں نہایت حیران و پریشان ہوں کچھ سمجھ میں نہ آتا ہو کہ کیا کریں اور کدھر جائیں یہی حال ان منافقین کا ہے کہ یہ اپنی زندگی کی اندھیری رات میں دنیا کا جنگل طے کر رہے تھے کہ اچانک ان کے شہر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے جو کہ رحمت الٰہی کا گہرا بادل ہیں اور آپ پر قرآن کریم اترنے لگا جو مثل تیز بارش کے ہے۔ جس طرح بارش تمام زمین کو سرسبز و شاداب بنادیتی۔ اور اس میں باغ کھیت اور ان میں پھل پھول لگادیتی ہے۔ اسی طرح قرآن کریم کی بارش نے دلوں کی زمین میں ایمان کے باغ لگادیئے۔ اور ان باغوں میں تقویٰ اور پرہیزگاری کے پھول کھلادیئے۔ مگر اس قرآن میں شرعی احکام اور جرموں کی سخت سزائیں۔ اور دنیا سے بے رغبتی کرنے کا حکم بھی ہے۔ جو کہ مثل گرج اور کڑک کے ہے یہ منافقین کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیتے ہیں کہ کہیں یہ کلام ہمارے دلوں پر اثر نہ کر جائے جس سے کہ ہمارے دنیاوی عیش و آرام میں فرق آجائے مال کی زکوٰۃ دینی پڑ جائے جہاد میں اسلام پر جان نثاری کرنی پڑے کیونکہ یہ چیزیں ان کے نزدیک موت ہیں مگر جب کبھی انکے مال یا اولاد میں برکت ہوتی یا غنیمت

marfat.com
Marfat.com

اور زکوۃ کا مال ان کے ہاتھ آتا۔ تو بجلی کی چمک والوں کی طرح کچھ چل پڑتے اور کہتے کہ اسلام سچا دین ہے جب سے ہم نے ظاہری کلمہ پڑھا ہے ہمارے گھر میں اللہ کا فضل ہے۔ اور اگر کوئی مصیبت آپڑے۔ مثلاً اولاد یا مال میں کمی ہو جائے وغیرہ وغیرہ تو بارش اور اندھیریوں میں ٹھٹک رہنے والوں کی طرح کہنے لگتے ہیں۔ کہ جب سے ہم نے ظاہری کلمہ پڑھا ہے تب ہی سے ان مصیبتوں میں گرفتار ہوئے ہیں یہ دین سچا دین نہیں یہ کہہ کہ اسلام سے پلٹ جاتے ہیں مگر حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ کفر کر کے ہمارے قبضے سے باہر نہیں ہو سکتے کیونکہ سب مخلوق اور خاص کر کفار پر ہماری قدرت کا پورا احاطہ ہے کوئی بھاگ کر کہاں جا سکتا ہے اور کسی کی کیا مجال کہ اپنے تدبیری قلعے کے ذریعہ ہم سے بچ جائے۔ طبیب کی تلخ دوا سے بچ کر یعنی شریعت کی پابندی چھوڑ کر اپنی غلط تدبیروں سے شفا چاہنا حماقت ہے۔ (نوٹ) اس آیت کے فوائد وغیرہ دوسری آیت کے بعد بیان کئے جائیں گے۔ کیونکہ ابھی اس کہاوت کا مضمون پورا نہیں ہوا۔

| |
|---|
| يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ اَضَاۤءَ لَهُمْ |
| قریب ہے بجلی اچک لے آنکھیں ان کی جب کبھی چمکتی ہے لئے |
| بجلی یوں معلوم ہوتی ہے کہ ان کی نگاہیں اچک لی جائیں گی جب چمک ہوئی |
| مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ |
| ان کے چلتے ہیں بیچ اس اور جب تاریک ہو جاتی ہے اوپر ان کے کھڑے ہو گئے اور |
| اس میں چلنے لگے اور جب اندھیرا ہوا کھڑے ہو گئے اور اللہ |
| اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ |
| اگر چاہتا اللہ البتہ لے جاتا کان ان کے اور آنکھیں ان کی |
| چاہتا تو ان کے کان اور آنکھیں ان کی لے جاتا |
| شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۞ |
| تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے۔ |
| بے شک اللہ سب کچھ کر سکتا ہے۔ |

تعلق : اس آیت کا مضمون پہلے مضمون کا بقیہ ہے کیونکہ اس میں بارش میں پھنسنے والوں کا حال ذکر ہوا یعنی کانوں میں انگلیاں دینا ان کے باقی حالات کا ذکر اب ہو رہا ہے۔ لیکن چونکہ ہیبت کے وقت وہ حرکتیں انسان پہلے کرتا ہے۔ اور چلنا پھرنا اس کے بعد اس لئے پہلے کان بند کرنے کا ذکر ہوا اب ان کے چلنے پھرنے کا۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر : یکاد کود سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں قریب ہونا۔ اور یہ وہاں استعمال ہوتا ہے جہاں کام ہوا تو نہ ہو مگر اس کے ہونے کا قوی اندیشہ یا امید ہو۔ یہاں بھی یہی فرمایا جا رہا ہے کہ بجلی نے ان کو اندھا تو نہیں بنایا مگر ان کو سخت خطرہ پیدا ہو چکا یخطف۔ خطف سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں اچانک چھین لینا (یعنی اچک لینا)۔ ابصارھم ابصار بصر کی جمع ہے۔ اس لئے ان کی آنکھوں میں روشنیاں بھی بہت سی ہیں۔ قاعدہ یہ ہے کہ تیز روشنی پر نگاہ جمانے سے آنکھ بیکار ہو جاتی ہے سورج اور تیز گیس پر اس کا تجربہ کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ بجلی کی روشنی بھی بہت تیز ہوتی ہے۔ اس لئے ان کو اپنے اندھے ہونے کا اندیشہ ہے کلما اور اذا دونوں وقت کے لئے آتے ہیں۔ مگر کلما میں زیادہ گنجائش ہے کیونکہ اس کے معنی ہیں جب کبھی اور اذا کے معنی ہیں جب اگر اس بجلی کا چمکنا اور بجھنا بار بار ہو رہے ہیں مگر چونکہ وہ لوگ چمکنے سے راضی ہیں اور بجھنے سے ناخوش۔ اس لئے چمکنے کو کلما سے اور بجھنے کو اذا سے ارشاد فرمایا گیا۔ اضاء یہ لازم بھی ہو سکتا ہے کہ اور متعدی بھی یعنی یا تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ جب کبھی ان کے سامنے بجلی چمکتی ہے اور یا یہ کہ جب کبھی راستے کو چمکاتی ہے مشوا فیہ مشوا مشی سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں آہستہ آہستہ چلنا۔ لپک کر چلنے کو عربی میں خبت کہتے ہیں اور دوڑنے کو ھرولۃ مطلب یہ ہوا کہ وہ لوگ روشنی میں آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ہیں۔ اور پھونک پھونک کر رکھتے ہیں۔ کیونکہ دہشت نے ان میں بھاگنے کی طاقت ہی نہ چھوڑی فیہ کی ضمیر یا تو اضاء کی طرف لوٹتی ہے یا راستہ کی طرف یعنی وہ اس روشنی میں چلتے ہیں یا راستہ میں اظلم میں بھی لازم متعدی ہونے کا احتمال ہے۔ یعنی جب بجلی تاریک ہو جاتی ہے یا راستے کو تاریک کر دیتی ہے۔ قاموا قیام سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں کھڑا ہو جانا اور کھڑا رہ جانا۔ بیٹھے سے اٹھنے کو کھڑا ہونا بولتے ہیں۔ اور چلتے چلتے رک جانے کو کھڑا رہ جانا اور یہاں یہ دوسرے معنی ہی مراد ہیں یعنی ان بے وقوفوں میں اتنی عقل نہیں ہے۔ اندھیرے میں پہلے چمکے ہوئے راستے پر کچھ قدم چل لیں بلکہ بجلی کے بجھتے ہی ٹھٹک رہتے ہیں ولو شاء اللہ سے یہ فرمایا جا رہا ہے کہ ان کی یہ تدبیریں بالکل بے سود ہیں حق تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ جو ان کی آنکھیں اور کان محفوظ رہے وہ اس پر قادر ہے کہ کڑک اور چمک سے ان کی آنکھ کان کو بہرحال بیکار کر دے خواہ وہ اپنے کانوں میں انگلیوں کی بجائے کہنیاں ہی ٹھونس دیں بسمعھم و ابصارھم سمع سننے کی قوت کو بھی کہہ سکتے ہیں اور کان کے اس پردے کو بھی۔ جس میں یہ قوت محفوظ ہے۔ یہاں دونوں معنی بن سکتے ہیں۔ اسی طرح ابصار بصر کی جمع ہے۔ اس میں بھی یہی دونوں احتمال ہیں کہ یا تو ان کے دیکھنے کی قوت مراد ہو یا آنکھوں کے وہ تل جن میں یہ قوت ہے۔ چونکہ دونوں کانوں کے درمیان پٹھا ایک ہے۔ اور دونوں آنکھوں کے تل جدا جدا اس لئے سمع کو واحد اور ابصار کو جمع لایا گیا۔ تو آیت کے معنی یہ ہوئے۔ اگر اللہ چاہتا تو ان کے دیکھنے اور سننے کی طاقت زائل فرما دیتا ان کے کان کے پردے ہی پھاڑ دیتا اور آنکھوں کے تل ہی ضائع فرما دیتا ان اللہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ ان یا تو وہاں بولتے ہیں جہاں کلام کا منکر موجود ہو یا وہاں جہاں انکار کا احتمال ہو چونکہ عرب کے مشرکین اور کفار حق تعالیٰ کی قدرت کاملہ کے منکر تھے۔ اور آئندہ اسلام میں بھی اس کے منکرین پیدا ہونے والے تھے۔ اس لئے یہاں ان ارشاد فرمایا گیا چونکہ مشرکین چند معبود مانتے تھے اس لئے انہوں نے خدا کو ہر شے پر قادر نہ مانا۔ کیونکہ مجبور ہی اپنے کاموں میں کسی مددگار کو اپنا شریک بناتا ہے اور جو خود ہر چیز پر قادر ہو اسے مددگار کی کیا ضرورت۔ اسی طرح عیسائیوں اور یہودیوں نے حق تعالیٰ کے لئے اولاد ثابت کی اور مجبور ہی اولاد کا محتاج ہوتا ہے۔ نہ کہ ہر شے

marfat.com
Marfat.com

پر قادر اسی طرح آریوں نے حق تعالیٰ کو روح مادے کا محتاج مانا معتزلہ نے خود بندوں کو اپنے کا خالق مانا غرضیکہ بہت سے فرقے قدرت الٰہیہ کے منکر ہوئے اس لئے یہاں ان فرمایا گیا علی کل شیء ۔ شیء کے لغوی معنی ہیں چاہنا اور اصطلاح میں سے اسے بولتے ہیں جس کا تعلق چاہنے سے ہو جس کا اردو ترجمہ ہے چیز آیت کے معنی یہ ہوئے کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ قرآن شریف میں شئی چار معنی میں استعمال ہوا بمعنی ممکن موجود جیسے خالق کل شیء کیونکہ مخلوق موجود ہی ہے نہ کہ غیر موجود ہے ممکن خواہ موجود ہو یا نہ ہو جیسے کہ اس آیت میں کیونکہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے جو اس کے چاہنے اور ارادے میں آسکے اور وہ ممکنات ہی ہیں اس لئے کہ واجب اور محال خدا کے ارادے میں آسکتے ہی نہیں۔ لہٰذا وہ قدرت میں داخل بھی نہیں پروردگار نہ تو اپنا شریک بنا سکتا ہے کیونکہ وہ محال ہے اور نہ خود عیوب سے موصوف ہو سکتا ہے کیونکہ یہ بھی محال ہے اور نہ خود اپنی ذات و صفات پر قادر ہے کیونکہ وہ واجب ہے لہٰذا اس شیء سے محال اور واجب دونوں خارج ہیں بمعنی معلوم جیسے کہ وکان اللہ بکل شیء علیما" یہاں شیء میں واجب محال ممکن سب داخل ہیں کیونکہ خدا ان سب ہی کو جانتا ہے۔ بمعنی موجود خواہ واجب ہو یا ممکن جیسے قل ای شیء اکبر شہادۃ قل اللہ اسی طرح رب کا فرمانا کل شیء ھالک الا وجھہ ان دونوں آیتوں میں شیئی بمعنی موجود ہے۔ حق تعالیٰ بھی اس میں داخل ہے۔ اگر شئی کے ان معنی میں فرق نہ کیا جائے تو بہت دشواری ہوگی۔

دیوبندیوں نے اس آیت سے سمجھا کہ اللہ جھوٹ بھی بول سکتا ہے۔ کیونکہ جھوٹ بھی شے ہے۔ اور ہر شے پر خدا قادر اس کی بحث انشاء اللہ ہم اسی آیت کے اخیر میں عرض کریں گے قدیر' قدر سے بنا ہے جس کے معنی ہیں اندازہ لگانا اور قادر ہونا یہاں دونوں معنی بن سکتے ہیں۔ اس لئے کہ حق تعالیٰ ہر چیز کو اندازے سے پیدا فرماتا ہے۔ نہ اس سے کم نہ زیادہ۔ لہٰذا اندازہ فرمانے والا ہے اور کسی چیز سے وہ مجبور نہیں۔ لہٰذا وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا بھی ہے۔ دوسرے معنی یہاں زیادہ چسپاں ہیں۔ اگرچہ روح البیان نے پہلے معنی بھی کئے ہیں قدیر اور قادر کا فرق قادر اسم فاعل ہے۔ اور قدیر صفت مشبہ ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ صیغہ اسم فاعل اس پر بولتے ہیں جس سے فعل صادر ہو رہا ہے اور صفت مشبہ اس کے لئے بولا جاتا ہے جس میں فعل کرنے کی صفت موجود ہو خواہ فی الحال کر رہا ہو یا نہ جیسے کہ سامع اسے کہا جائے گا جو فی الحال کچھ سن رہا ہو مگر سمیع وہ ہے جس میں سننے کی قوت موجود ہے خواہ فی الحال سنے یا نہ سنے۔ سمیع کا مقابل ہے بہرا۔ ایسے ہی متکلم وہ جو فی الحال بول رہا ہے اس کا مقابل ساکت یعنی خاموش مگر کلیم وہ ہے جس میں بولنے کی طاقت ہو جس کا مقابل ہے گونگا۔ لہٰذا حق تعالیٰ ہمیشہ سے قدیر ہے۔ خواہ مقدورات یعنی عالم موجود ہوں یا نہ ہوں۔

خلاصہ تفسیر : اس آیت میں منافقین کے حال کو اور زیادہ واضح فرمایا گیا کہ جس طرح بارش میں بجلی کی چمک سے آنکھیں چندھیاتی اور بند ہو جاتی ہیں اور اس کی روشنی سے مسافر کچھ چلنے لگتا ہے اور اندھیرا ہونے پر ٹھہر جاتا ہے اس حال میں وہ حیران ہوتا ہے نہ منزل مقصود تک پہنچ سکتا ہے اور نہ لوٹ سکے۔ اسی طرح یہ منافقین جب حضور علیٰ اللہ علیہ وسلم کے کھلے ہوئے معجزے اور قرآن پاک کی آیات دیکھتے ہیں جو مثل چمکتی ہوئی بجلی کے ہیں تو مجبوراً" دل سے تصدیق کر لیتے ہیں جیسے کہ مسافر اس روشنی میں کچھ چل لیتے تھے اور پھر شکوک اور شبہات کی تاریکی میں آکر رک جاتے تھے جیسے کہ وہ مسافر اندھیرا ہو جانے پر ٹھہر

marfat.com
Marfat.com

جاتے ہیں لہٰذا ان کے دل کو سکون و قرار نہیں بلکہ حیران ہیں کہ اسلام کو مانیں یا نہ مانیں۔ نیز برق قرآن کی روشنی سے آنکھ بند کرنا اور اس کا انکار کئے جانا بیکار ہے کیونکہ اول تو اس سے بصیرت دور نہیں ہوتی اور پھر بھی رب تعالیٰ ان کو اندھا بہرا کر سکتا ہے۔ اب بھی بہت لوگ دیکھے جاتے ہیں جو دل سے اسلام کی حقانیت کا اقرار کرتے ہیں پھر ان کے دلوں میں ایسے شبہات آ جاتے ہیں کہ جس سے وہ حیران رہ جاتے ہیں اس کی دوسری تفسیر وہ بھی ہو سکتی ہے جو پہلے عرض کی گئی یعنی عیش و آرام پا کر اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جاتے ہیں۔ اور اگر کوئی مصیبت پڑ جائے تو منکر خیال رہے کہ بادل سے جنگل کا مسافر گھبراتا ہے اور گھر والے خوش ہوتے ہیں یعنی سایہ والوں کے لئے بادل رحمت و خوشی کا سبب ہے بے سایہ لوگوں کے لئے عذاب۔ زمین مدینہ میں صحابہ دامن محبوب کے ساتھ تھے منافق بے سایہ والے حضور نبوت کے آسمان۔ قرآن اس آسمان کا بادل احکام قرآن بارش' عذاب کی آیتیں گرج سزا دنیاوی کی آیات گویا برق جن سے صحابہ خوش تھے۔ منافق گھبرائے ہوئے یہ اختلاف حال تا قیامت رہے گا انسان کو جسمانی و روحانی سایہ کی ہر وقت حاجت ہے گرمی سردی بارش سے بچنے کے لئے سایہ کا محتاج ہے۔ بچہ ماں باپ کے رعایا بادشاہ کے شاگرد استاد کے سایہ کے حاجت مند ایسے ہی امتی حضور کے سایہ کے قبر و حشر میں محتاج ہیں اس آیت کے

فائدے: اس آیت میں چند فائدے حاصل ہوئے **ایک:** یہ کہ اسباب کی تاثیر اللہ کے ارادے پر موقوف ہے اگر وہ نہ چاہے تو کسی سبب سے کچھ اثر نہیں ہو سکتا **دوسرے:** یہ کہ حق تعالیٰ کسی سبب کا محتاج نہیں وہ جو چاہے بغیر سبب بھی کر سکتا ہے کیونکہ یہاں فرمایا جا رہا ہے کہ بجلی اور گرج نہایت تیز تھیں مگر ان کی آنکھیں اور کان سلامت رہے کیونکہ حق تعالیٰ نے ان کو اندھا اور بہرہ کرنا نہ چاہا اور اگر وہ چاہتا تو بغیر ان اسباب کے بھی کر سکتا تھا۔ **تیسرے:** یہ کہ آج بھی جو لوگ اللہ کی عبادت دنیوی آرام کے لئے کرتے ہیں وہ سخت غلطی پر ہیں ہم نے بعض ایسے لوگ دیکھے کہ اگر ان کا کوئی نقصان ہو گیا تو نماز چھوڑ دی اور کہنے لگی کہ نماز تو پھلتی نہیں۔ اگر ہم کو پھلتی تو ہمارا یہ نقصان نہ ہوتا۔ یہ لوگ اس آیت سے عبرت حاصل کریں اگرچہ نیک کاموں سے بلائیں ٹل جاتی ہیں لیکن اس کا مطلب یہ بھی نہیں ہے کہ نیکوکار پر کبھی کوئی دنیاوی مصیبت آئے ہی نہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو صحابہ کرام خصوصاً" حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پر کوئی تکلیف نہ آتی بلکہ صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ اپنے ذاتی فائدے کو مد نظر رکھ کر عبادت کرنا ٹھیک نہیں۔ لہٰذا محض جنت کے لئے نماز نہ پڑھو وہ تو اللہ کے فضل سے ملے گی نماز وغیرہ تو رب کو راضی کرنے کے لئے ہیں بارگاہ الٰہی میں تاجر بن کر نہ آؤ یعنی یہ نہ کہو کہ خدایا ہمارے اعمال کے بدلے جنت دے بلکہ یہ کہو کہ اپنے فضل سے ہمارے گناہ معاف کر دے۔ شیخ سعدی علیہ الرحمتہ نے خوب فرمایا ہے۔

من نہ گویم کہ طاعتم بپذیر قلم عفو بر گناہ ہم کش

ع ماگدایم نہ بازرگانیم۔ **چوتھے:** یہ کہ ایمان اطمینان سے حاصل ہوتا ہے۔ **نیز:** ایمان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ماننے کا نام ہے نہ کہ محض جاننے کا مشرکین بھی جانتے تھے کہ قرآن کریم فرماتا ہے **یعرفونہ کما یعرفون ابناء ھم انشاء اللہ** ہم جاننے اور ماننے کا فرق اسی آیت کے ماتحت بیان کریں گے۔

تفسیر صوفیانہ: صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ طریقت کے مسافر کو بھی یہ مصیبتیں پیش آتی ہیں جو کہ یہاں بیان ہوئیں کیونکہ جو شخص اس راستہ میں قدم رکھتا ہے۔ اور کچھ محنت کے بعد اس میں کچھ تجلی انوار ہوتی ہے تو وہ خوش ہو کر خوب آگے بڑھنے کی

marfat.com
Marfat.com

کوشش کرتا ہے۔ مگر پھر اچانک وہ تجلیات کچھ دنوں کے لئے بند ہو جاتی ہیں تو یہ گھبرا جاتا ہے اور اس کی ہمت ٹوٹنے لگتی ہے اگر مستقل مزاج ہے تو ان حالتوں کی پرواہ نہ کرتا ہوا کوشش کئے جاتا ہے ورنہ تھک کر بیٹھ رہتا ہے اور تھک کر بیٹھنا ہی بڑی محرومی ہے۔ طالب مولیٰ کو لازم ہے کہ ان حالات کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اپنا کام کئے جائے اور یہ بھی خیال رکھے کہ یہ دشوار گزار راستہ ہے اور سخت کٹھن منزل اس بھنور میں ہزاروں کشتیاں ڈوب چکی ہیں اور ہزاروں مسافر اس جنگل میں شیطانی ڈاکوؤں کے ہاتھ لٹ چکے ہیں۔ دنیوی زیب و زینت شیطانی خیالات اور غرور وغیرہ اس سفر کی مصیبتیں ہیں۔ یہ بھی خیال رہے کہ صوفی اور ولی ہمیشہ ایک حال پر نہیں رہتا۔ کبھی دنیا کی خبر رکھتا ہے اور کبھی اپنے سے بھی غافل ہو جاتا ہے۔ شیخ سعدی فرماتے ہیں۔

گہے بر طارم اعلیٰ نشینم ؎ گہے برپشت پائے خود نہ بینم

ولی پر فیض کبھی زیادہ کبھی کم کچھ روز کے لئے بند بھی ہو جاتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی وحی یکساں نہ آتی تھی کبھی کبھی چند روز کے لئے بند بھی ہو جاتی تھی۔ لہٰذا اس راستے کی ان مصیبتوں کی پرواہ نہ کرے۔ **مسئلہ: امکان کذب** چونکہ اس آیت سے موجودہ زمانہ کے دیوبندیوں نے حق تعالیٰ میں جھوٹ جیسے عیب کا امکان مانا ہے۔ اس لئے کچھ اس کے متعلق بھی روشنی ڈالنی ضروری ہے۔ ہم اس کے متعلق ایک مقدمہ اور دو فصلیں پیش کرتے ہیں ناظرین سے توقع انصاف اور اپنے رب سے امید قبول رکھتے ہیں۔ **مقدمہ:** جھوٹ تمام عیبوں سے بدتر عیب ہے چند وجہ سے ایک یہ کہ انسان بغیر جھوٹ کی مدد کے کوئی گناہ کر سکتا ہی نہیں اگر کوئی سچ بولنے کا عہد کرے تو انشاء اللہ تمام گناہوں سے خود بخود توبہ کرے گا دیکھو چور' شرابی زانی یہ حرکتیں جب ہی کر سکتے ہیں جب کہ وہ پہلے سے جھوٹ بولنے کے لئے آمادہ ہو جائیں اور یہ خیال کر لیں کہ اگر ہم پکڑے گئے تو صاف انکار کر جائیں گے۔ اگر پہلے سے سچ بولنے کا ان لوگوں نے عہد کر لیا ہو تو وہ یہ حرکتیں کر سکتے ہی نہیں۔ **دوسرے:** یہ کہ کوئی بھی گناہ کفر نہیں مگر جھوٹ کفر اور شرک کی حد تک بھی پہنچ جاتا ہے۔ مشرک کہتا ہے کہ رب دو ہیں۔ یہ جھوٹ ہے اور کفر ہے۔ عیسائی کہتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام رب کے بیٹے ہیں۔ جھوٹا اور کافر ہے۔ ایک شرابی جواری ان جرموں کو حرام کہتے ہوئے کرتا ہے تو وہ گنہگار ہے مگر کافر نہیں کیونکہ جھوٹ نہیں بول رہا ہے۔ لیکن جب اس نے کہہ دیا کہ یہ چیزیں حلال ہیں اب جھوٹ بولا کافر ہو گیا۔ ماننا پڑے گا کہ بڑے سے بڑا گناہ بھی کفر نہیں اور جھوٹ اکثر کفر ہے۔ شریعت نے جن اعمال کو کفر قرار دیا جیسے کہ زنار باندھنا۔ چوٹی رکھنا وہ بھی اسی لئے کہ یہ تکذیب دین کی علامات ہیں وہاں بھی جھوٹ ہی کفر ہوا **تیسرے:** یہ کہ قرآن کریم میں کسی گنہگار پر لعنت نہیں فرمائی گئی سوائے جھوٹے کے کہ فرمایا گیا **لعنۃ اللہ علی الکذبین** ○ خیال رہے کہ ظالم اور کافر پر جو لعنتیں آتی ہیں وہ جھوٹ کی ہی وجہ سے ہیں کیونکہ کفر و شرک میں جھوٹ ضرور ہو گا اور ظالمین سے بھی کفار ہی مراد ہیں۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ جھوٹے کے سوا کوئی لعنت کا مستحق نہیں **چوتھے** یہ کہ جھوٹا آدمی چھچھورا ہوتا ہے اور چھچھورا حکومت کے قابل نہیں۔ بہرحال جھوٹ تمام عیبوں سے بدتر عیب ہے یہ بات اپنے ذہن میں رکھو انشاء اللہ آئندہ کام آئے گی۔ **پہلی فصل:** خدائے تعالیٰ کے جھوٹ سے پاک ہونے کے دلائل۔ **پہلی دلیل:** چونکہ جھوٹ عیب ہے بلکہ تمام عیبوں سے بدتر عیب اور رب تعالیٰ تمام عیبوں سے پاک لہٰذا جھوٹ سے بھی پاک خیال رہے کہ جس طرح دوسرے عیبوں کا حق تعالیٰ کے لئے امکان نہیں یعنی چوری اور زنا وغیرہ اس کے لئے محال بالذات ہیں اسی طرح اس کا جھوٹ بولنا بھی محال بالذات **دوسری دلیل:** جب کسی کلی کی دو ہی فردیں ہوں تو ہر ایک کا حکم دوسری فرد کے لحاظ سے ہو گا خبر کی دو ہی قسمیں ہیں سچی یا

marfat.com
Marfat.com

جھوٹی۔ لہٰذا اگر خدا کی خبروں میں جھوٹ کی گنجائش ہو تو ان کا سچا ہونا واجب نہ رہا جھوٹ کے امکان سے سچ کی ضرورت جاتی رہی۔ **تیسری دلیل:** خدا کی تمام صفتیں واجب ہیں اگر جھوٹ کا احتمال ہو تو سوال یہ پیدا ہو گا کہ وہ جھوٹ خدا کی صفت بنے گا یا نہیں اگر صفت ہے تو اس کو واجب ہونا چاہئے تھا۔ اور اگر صفت نہیں ہے تو اس کے امکان کے کیا معنی۔
**چوتھی دلیل:** کلام صادق خدا کی صفت ہے۔ جب خدا کا جھوٹ ممکن ہوا تو سچ بھی واجب نہیں رہا جس سے لازم یہ آیا کہ خدا کی صفت ممکن ہوئی۔ **پانچویں دلیل:** جھوٹ بولنے کی صرف تین وجہیں ہوتی ہیں۔ بے علمی' عاجزی اور خباثت اگر کسی شخص کو خبر ملی اس نے وہی لوگوں سے بیان کر دی یہ تو شخص اپنی بے خبری کی وجہ سے جھوٹ بات کہہ گیا زید نے وعدہ کیا کہ میں ایک ماہ کے بعد قرض ادا کر دوں گا مگر اس مدت میں روپیہ اس کے ہاتھ نہ آیا اور اس وعدہ میں جھوٹا ہو گیا یہ جھوٹ اس کی مجبوری کی وجہ سے ہوا۔ اسی طرح کسی شخص کو جھوٹ بولنے کی عادت ہو گئی کہ بلاوجہ جھوٹ بولا کرتا ہے۔ یہ جھوٹ خباثت نفس کی وجہ سے ہوا لیکن خدائے تعالیٰ ان تینوں عیوب سے پاک لہٰذا جھوٹ سے پاک **چھٹی دلیل:** کوئی چیز خدا کی مثل نہیں ہو سکتی خدا کی شان سب سے ارفع و اعلیٰ ہے۔ انبیاء کرام کا جھوٹ بولنا ممکن بالذات اور محال بالغیر ہے۔ اگر رب تعالیٰ کا جھوٹ بھی ایسا ہی ہو تو معاذ اللہ اس وصف میں انبیاء اس کی مثل ہو گئے۔ **ساتویں دلیل:** جس کلام میں جھوٹ کا احتمال ہو۔ سننے والے کو اعتبار نہیں ہوتا۔ اگر خدا کی خبروں میں جھوٹ کا امکان ہو تو اس کی کوئی خبر یقینی نہ رہی۔ اور بغیر یقین ایمان حاصل نہیں ہوتا۔ لہٰذا کوئی دیوبندی امکان کذب کا مسئلہ مان کر مومن نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اسے خدا کی ہر خبر میں جھوٹ کا امکان نظر آئے گا۔ اور وہ یقین جو ایمان کے لئے ضروری ہے اس کو حاصل نہ ہو گا۔ **آٹھویں دلیل:** جس طرح کہ دوسرے عیوب الوہیت کے خلاف ہیں۔ اسی طرح جھوٹ بھی اس کے خلاف ہے۔ دیکھو تفسیر کبیر و تفسیر روح البیان اور دیگر کتب علم کلام **نویں دلیل:** بعض چیزیں بندوں کے لئے کمال ہیں اور رب کے لئے عیب جیسے کھانا پینا اور عبادت کرنا۔ یہ بھی حق تعالیٰ کے لئے محال بالذات ہیں تو جھوٹ کہ بندوں کے لئے بھی اول نمبر کا عیب ہو وہ رب کے لئے ممکن کیوں کر ہو گا۔ **دسویں دلیل:** دیوبندیوں میں بھی منطق دان لوگ ہیں وہ اس مسئلہ کے قائل نہ ہوئے اور تمام علماء منطق نے اس مسئلہ کی تردید ہی کی۔ چنانچہ مولانا عبد اللہ ٹونکی اور شاہ فضل الحق خیر آبادی نے اس کی تردید میں رسالے لکھے۔ دیوبندیوں کے مایہ ناز منطقی مولانا عبد الوحید صاحب سنبھلی یہی کہا کرتے تھے کہ ہمارے بڑوں سے اس مسئلہ میں سخت غلطی ہو گئی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مسئلہ نہایت بے ہودہ ہے۔

## دوسری فصل اعتراض و جواب

**اعتراض:** اگر خدائے تعالیٰ جھوٹ پر قادر نہ ہو تو مجبور ہو گا۔ اور مجبوری اس کی الوہیت کے خلاف ہے۔ **جواب:** مجبوری اسے کہتے ہیں کہ جہاں مفعول میں اثر قبول کرنے کی قابلیت ہو۔ مگر فاعل میں اثر کی طاقت نہ ہو۔ اور اگر خود مفعول ہی اثر نہیں لے سکتا تو یہ قصور مفعول کا ہے نہ کہ فاعل کا۔ اگر کوئی روشنی میں قریب کی چیز نہ دیکھے تو اندھا ہے۔ لیکن اگر اندھیرے میں یا بہت دور کی چیز نہ دیکھ سکے تو اندھا نہیں۔ کیونکہ یہاں اس کی آنکھ کا قصور نہیں۔ بلکہ اس چیز کا قصور ہے کہ جو اس کے دیکھنے کے قابل نہ رہی۔ اسی طرح خود عیوب اس قابل نہیں کہ خدا کی قدرت میں داخل ہوں۔ لہٰذا یہ قصور ان عیوب کا ہے نہ کہ قدرت کا۔ اگر اسی کا نام مجبوری ہو تا تو تمہارے نزدیک بھی خدائے تعالیٰ بہت سے عیوب پر قادر نہیں جیسے کہ موت وغیرہ دوسرا

marfat.com
Marfat.com

اعتراض: جھوٹ بھی ایک شے ہے اور ہر شے خدا کی قدرت میں داخل جواب: خدا کا جھوٹ شے نہیں کیونکہ وہ محال ہے اور بندوں کا جھوٹ بولنا بے شک شے ہے۔ خدائے تعالیٰ اس کے پیدا کرنے پر واقعی قادر ہے نہ کہ خود اس سے موصوف ہونے پر۔ کیونکہ سارے عیب بھی خدا کی مخلوق ہیں مگر خدا ان سب سے پاک ہے عیب کو پیدا کرنا اور جاننا عیب نہیں ہاں عیب کرنا عیب ہے تیسرا اعتراض: خدا کی خبریں بھی خبر ہی ہیں اور خبر اسی کو کہتے ہیں جس میں جھوٹ سچ کا احتمال ہو۔ اگر جھوٹ کا احتمال نہ ہو گا تو سچ کا بھی امکان نہ رہے گا لہٰذا اس کی خبروں کو خبر ماننے کے لئے ان میں جھوٹ کا امکان مانو مگر چونکہ وہ خدا کی خبریں ہیں اس لئے جھوٹی ہوں گی نہیں۔ لہٰذا ان خبروں کا جھوٹا ہونا ممکن بالذات اور محال بالغیر ہے۔ جواب: مطلق خبر جنس ہے اور حق تعالیٰ کی خبر اس کی نوع۔ اس نوع میں حق تعالیٰ کی نسبت مثل فصل کے ہے۔ فصل کے ذریعہ سے نوع پر جو احکام جاری ہوتے ہیں وہ سب ذاتی ہوتے ہیں ہاں جنس کے لئے عارضی جیسے کہ ناطق کے احکام انسان کے لئے ذاتی ہیں اور حیوان کے لئے عارضی۔ لہٰذا جب نسبت الٰہی نے جھوٹ ہونے کو محال کیا تو محال ہو نا رب کی خبر کے لئے بالذات اور مطلق خبر کے لئے بالعرض ہوا۔ ہماری اس تقریر سے بفضلہ دونوں اعتراض کافور ہو گئے۔ چوتھا اعتراض: حق تعالیٰ کے سچے ہونے کی تعریف جب ہی کی جاسکتی ہے جب کہ وہ جھوٹ پر قادر ہو۔ مگر نہ بولے۔ اگر اس کو جھوٹ پر قدرت ہی نہ ہو تو پھر سچے ہونے میں کیا کمال جیسے کہ دیوار کے جھوٹ نہ بولنے کی تعریف نہیں کی جاسکتی کیونکہ اس میں بولنے کی طاقت ہی کہاں ہے۔ (یہ اعتراض اسمٰعیل دہلوی کی ذہانت کا نتیجہ ہے) جواب: ماشاء اللہ کیا اچھا قاعدہ ایجاد کیا۔ خدا تعالیٰ کے فانہ ہونے کی تعریف چوری نہ کرنے کی تعریف سارے عیبوں سے پاک ہونے کی تعریف کی جاتی ہے۔ اس قاعدے سے لازم آتا ہے کہ یہ سارے عیب خدا کے لئے ممکن ہوں۔ کیونکہ بغیر امکان خدا کی تعریف کرنا ناممکن ہے۔ جناب حق تعالیٰ کی تعریف اس طرح کی جائے گی کہ اس بارگاہ تک کسی عیب کی رسائی ہی نہیں یاد رہے کہ دیوار کا جھوٹ محال بالغیر نہیں۔ بلکہ محال عادی ہے۔ انبیاء کرام اولیاء عظام سے پتھروں نے کلام کیا اور آئندہ بھی کریں گے۔ تو مولوی اسمٰعیل صاحب کے اس قاعدے سے لازم آتا ہے کہ حق تعالیٰ کا جھوٹ بالغیر تو کیا محال عادی بھی نہ ہو تاکہ اس کی تعریف کی جاسکے۔ پانچواں اعتراض: یہ سب مانتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ کی وعیدوں کا خلاف ہو سکتا ہے۔ مثلاً اس نے خبر دی کہ مسلمان کو ظلماً" قتل کرنے والے کی سزا جہنم ہے۔ لیکن سب مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ وہ اگر چاہے تو قاتل کو جہنم نہ بھیجے اور یہی جھوٹ ہے جواب: معاذ اللہ اس کو جھوٹ سے کیا تعلق اولاً تو خدا کی ساری وعیدیں اس کے ارادے پر موقوف ہیں کہ وہ اگر چاہے تو سزا دے اور چاہے تو معاف فرمادے۔ قرآن کریم نے فرمایا **ویغفر ما دون ذلک لمن یشاء** اس آیت نے شرک کے سوا ساری وعیدوں کو رب کے چاہنے پر موقوف کر دیا لہٰذا جس گنہگار کی بخشش ہو گی وہ اسی مضمون کا ظہور ہو گا دوسرے: یہ کہ قصور معاف کرنا کرم نہ کہ جھوٹ لہٰذا جھوٹ عیب ہے تیسرے: یہ کہ یہ اعتراض تو تم پر بھی پڑتا ہے۔ کیونکہ رب کے جھوٹ کو تم محال بالغیر مانتے ہو۔ اور وعید کی مخالفت واقع ہے۔ اگر یہ کذب ہے تو تم خدا کے کذب کو واقع مانو نہ کہ محال بالغیر۔ چھٹا اعتراض: رب تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ **وما کان اللہ لیعذبھم و انت فیھم** یعنی اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے ہوتے ہوئے کفار مکہ پر عذاب نہ بھیجیں گے اور پھر خود ہی فرمایا **قل ھو القادر علی ان یبعث علیکم عذابا من فوقکم او من تحت ارجلکم** یعنی اے کفار مکہ اللہ قادر ہے کہ تم پر اوپر یا نیچے سے

marfat.com
Marfat.com

عذاب بھیجے۔ دیکھو ان کفار مکہ سے عذاب نہ بھیجنے کا وعدہ فرمایا گیا لیکن دوسری آیت میں عذاب بھیجنے پر قدرت ثابت فرمادی گئی جس سے معلوم ہوا کہ خدا تعالیٰ اپنا وعدہ توڑنے پر بھی قادر ہے اور یہی جھوٹ یہ اعتراض دیو بندی مذہب کا انتہائی ہے جس کو مولوی خلیل احمد اور رشید احمد ہر جگہ بیان کرتے ہیں۔ جواب: عالم کی ہر چیز کا ہونا حق تعالیٰ کے ارادے پر موقوف ہے فرماتا ہے **فعال لما یرید** اور فرماتا ہے کہ **علی ما یشاء قدیر** کفار مکہ پر عذاب آنا چونکہ یہ بھی عالم کی ایک چیز ہے لہٰذا ممکن اور رب اس پر قادر اسی امکان و قدرت کا ذکر تمہاری پیش کردہ دوسری آیت میں ہوا لیکن جب عالم کی کسی چیز سے حق تعالیٰ کے ارادے کا تعلق ہو جائے تو اب اس کے خلاف ہونا محال بالذات اس کا ذکر پہلی آیت میں ہوا تو خلاصہ یہ ہوا کہ کفار مکہ پر عذاب کا آنا اور نہ آنا خود اپنے لحاظ سے دونوں ممکن ہیں۔ مگر اس لحاظ سے کہ عذاب نہ آنے کا حق تعالیٰ نے وعدہ فرمالیا۔ اور اس کے ارادے کے خلاف ہونا محال بالذات لہٰذا اس حال میں عذاب کا آنا محال بالذات۔ مثال سمجھو۔ زید کھڑے ہونے اور بیٹھنے دونوں پر قادر ہے مگر جب کھڑا ہو گیا تو کھڑے ہونے کی حالت ہونے کی حالت میں بیٹھنا محال بالذات ہے۔ کیونکہ وہ اجتماع ضدین کی مثال ہے۔ اسی طرح حق تعالیٰ ہر چیز کے پیدا کرنے اور فنا کرنے پر قادر۔ لیکن جب کسی کو پیدا فرمادیا تو پیدا ہو چکنے کی حالت میں فنا ہونا محال بالذات اس طرح کہ ہستی اور نیستی دونوں جمع ہو جائیں۔ ہاں جب نیستی کی جائے گی تو ہستی فنا ہو جائے گی۔ ہر دو نقیضوں کا یہی حال ہے کہ ان میں سے ہر ایک ممکن لیکن ایک کے ہوتے ہوئے دوسرے کا ہونا محال بالذات اور موٹی مثال سمجھو کنواری لڑکی جس مسلمان سے چاہے نکاح کرے یعنی بطریق بدلیت ہر مسلمان کے نکاح میں آسکتی ہے۔ مگر جب ایک سے نکاح کر لیا تو دوسرے سے نکاح کرنا اسی حال میں شرعاً محال بالذات ہو گیا اور سمجھو کہ زید کے پیدا ہونے سے پیشتر ہر شخص بطریق بدلیت اس کا باپ بن سکتا تھا لیکن جب وہ بکر کے نطفے سے پیدا ہو چکا اور بکر اس کا باپ بن چکا تو اس حالت میں کسی اور کا باپ بننا محال بالذات ہے۔ حق تعالیٰ قادر نہیں کہ کسی اور کو بھی زید کا باپ بناوے کذب جب ہوتا ہے جب کہ تعلق ارادے کے باوجود حق تعالیٰ ان کے عذاب پر قادر ہو تا جناب تعدد امکان اور چیز ہے اور امکان تعدد دوسری چیز اس عذاب بھیجنے میں امکان کا تعدد ہے نہ کہ تعدد کا امکان قرآن پاک سمجھنے کے لئے عقل و علم بھی ضروری ہے۔ اور دین بھی مگر دیو بندیوں کے ہاں ان تینوں کا دیوالہ ہے۔ یہ دیو بندیوں کا انتہائی اعتراض تھا جو بفضلہ تعالیٰ پاش پاش ہو گیا اور ہم تو اس سے یہ بھی سمجھے کہ وہ ابھی تک امکان کذب کے معنی سمجھے ہی نہیں۔ یہ کون کہتا ہے کہ عالم کی بعض چیزیں ممکن ہیں اور بعض ناممکن۔ نقیضین ضدیں ہر ایک ممکن لیکن ان کا جمع ہونا محال بالذات اسی کا نام امکان کذب ہے۔ اس سوال کا آسان جواب یہ ہے کہ آیت **ما کان لیعذبھم** میں میں عام عذاب ظاہری مراد ہے مسخ اور پتھر برسنا وغیرہ اور دوسری آیت یعنی **قل ھو القادر** میں عذاب باطنی مراد ہے۔ یعنی جنگوں میں شکست قحط سالی۔ سخت بیماریاں وغیرہ یا عذاب ظاہری خاص جیسے حدیث شریف میں فرمایا گیا کہ قرب قیامت بعض قوموں کی صورتیں مسخ ہوں گی زمین دھنسنے لگے گی۔ حضور کی تشریف آوری سے عام عذاب ظاہری آنا منع ہو گیا دوسرا عذاب منع نہیں آیت وما کان اللہ لیعذبھم سے پہلے کفار مکہ کی یہ دعا مذکور ہے کہ **امطر علینا حجارۃ من السماء او ائتنا**۔ جس سے پتہ لگا کہ وہاں یہ ہی عذاب مراد ہے خیال رہے کہ کذب صدق خبر کی صفت ہے نہ کہ مخبر عنہ کی لہٰذا یہ محال بالذات ہے کہ رب تعالیٰ خلاف واقع کی خبر دے یہ ہی امتناع کذب کے معنی ہیں جن کے جنتی ہونے کی خبر دے دی گئی اگر وہ دوزخ میں جا سکتے ہیں تو یہ خبر بالذات ہوتی۔ ساتواں اعتراض: عام متکلمین فرماتے ہیں **مقدور**

marfat.com
Marfat.com

العبد مقدور اللہ یعنی جس پر بندہ قادر ہے اور اس پر خدا بھی قادر ہے اور جھوٹ پر تو بندہ قادر تو چاہئے کہ خدا بھی قادر ہو جواب: اس قول کا مطلب یہ ہے کہ جس کے کسب یعنی کرنے پر بندہ قادر ہے۔ اس کے خلق' پیدا کرنے پر خدا بھی قادر کیونکہ وہ ممکن ہی ہوگا نہ یہ کہ خدا بھی اس کے کرنے پر قادر ہو جائے۔ اگر یہ مطلب ہو تا تو بندہ زنا چوری وغیرہ سب پر قادر ہے کیا رب کو ان پر قادر مانو گے آٹھواں اعتراض: خدا پاک قادر ہے کہ ہزاروں محمد بنا دے۔ اہل سنت جو کہتے ہیں کہ اب نئے نبی کا آنا محال بالذات ہے غلط ہے۔ اسی طرح یہ کہتے ہیں کہ حضور کا مثل ناممکن ہے غلط ہے۔ جس نے ایک محمد کو پیدا کیا کیا وہ لاکھوں محمد نہیں بنا سکتا۔ (ماخوذ از تقویت الایمان) جواب: دیوبندی فوج میں تھمنا کہاں۔ گنگا کی موج میں جمنا کہاں۔ یہ مسئلہ امکان نظیر ہے کہ جو امکان کذب کی شاخ ہے۔ اس میں دو گفتگو ہیں۔ ایک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نئے پیغمبر کا آسکنا ہے دوسرے آپ کا مثل ہو سکنا پہلے مسئلہ کی تحقیق تو بفضلہ تعالیٰ سوال نمبر 6 کے جواب میں پوری پوری ہو چکی یعنی حق تعالیٰ اس پر قادر تھا کہ لاکھوں میں جس کو چاہتا خاتم النبین بنا کر بھیج دیتا یعنی بطریق بدلیت لاکھوں خاتم النبین بنانا ممکن تھا مگر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا انتخاب ہو گیا اور آپ خاتم النبین بن گئے تو اب کسی کا نبی بننا محال بالذات ہے۔ جس کی نہایت نفیس مثالیں ہم پہلے دے چکے ہیں کہ ہر شخص ہندہ کا شوہر اور زید کا باپ بن سکتا ہے مگر جب ایک بن گیا تو دوسرے کا بننا محال جب زید کا دوسرا باپ نہیں بن سکتا تو دوسرا خاتم النبین کیسے ہو سکتا ہے۔ رہا دوسرا مسئلہ اس کی تفصیل کے لئے رسالہ مبارکہ امتناع النظیر مصنفہ حضرت شاہ فضل حق صاحب کا مطالعہ کرو میں مختصراً" عرض کرتا ہوں یہ سب کو معلوم ہے کہ دو نقیضوں اور دو ضدوں کا جمع ہونا محال بالذات ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مثل ماننے میں یہ دونوں باتیں لازم وہ اس طرح کہ حضور علیہ السلام آخری نبی ہیں۔ آپ کا دین آخری دین ہے۔ آپ کی کتاب آخری کتاب ہے۔ اب اگر کوئی شخص حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی مثل فرض کیا جائے تو اگر ان باتوں میں وہ آخری ہو تو حضور آخر نہ رہے اور اگر حضور علیہ السلام آخری ہوں تو وہ دوسرا آخر نہیں۔ اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے شفاعت فرمانے والے سب سے پہلے رب سے کلام فرمانے والے سب سے پہلے صراط سے گزرنے والے سب سے پہلے جنت میں جانے والے سب سے پہلے آپ کی قبر انور کھلے گی۔ سب سے پہلے آپ ہی کا نور پیدا ہوا۔ میثاق کے دن سب سے پہلے آپ ہی نے بلیٰ (ہاں) فرمایا اتنی باتوں میں حضور سب سے پہلے ہیں۔ اگر کوئی آپ کی مثل ہو تو اس میں یہ اولیتیں جمع ہوں گی یا نہیں اگر ہوں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں نہ رہیں گی ورنہ دو نقیضیں جمع ہوں اور اگر نہ ہوں تو وہ آپ کا مثل کیسے۔ تیسرے یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ساری اولاد آدم کے سردار ہیں سارے انسان قیامت میں آپ کے جھنڈے کے نیچے ہوں گے سارے انسانوں کے آپ خطیب ہوں گے۔ سارے روتوں کو آپ ہنسائیں گے۔ سارے ہاتھ آپ کے دامن کی طرف بڑھیں گے سارے لوگوں میں سے آپ کو مقام محمود ملے گا۔ سارے لوگوں میں آپ کو وسیلہ (جنت کا اعلیٰ مقام) ملے گا۔ سارے لوگوں کے آپ نبی ہیں رسول اللہ الیکم جمیعا اگر کوئی آپ کا مثل ہو تو بتاؤ اس میں یہ صفتیں ہوں گی یا نہیں۔ اگر ہوں گی تو اجتماع نقیضین ہے۔ اور اگر نہ ہوں تو وہ مثل کیسا۔ حق یہ ہے کہ حق تعالیٰ خالقیت میں وحدہ لا شریک ہے۔ اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان اوصاف میں وحدہ لا شریک۔ جس طرح دو خدا کا ہونا محال۔ ایسے ہی دو مصطفیٰ ہونا محال۔ ہمارا ایک شعر یاد کر لو۔

marfat.com
Marfat.com

کوئی مثل ان کا ہو کس طرح وہ ہیں سب کے مبدا و منتہا
نہیں دوسرے کی یہاں جگہ کہ یہ وصف دو کو ملا نہیں

ڈاکٹر اقبال نے کیا خوب فرمایا ہے۔

رخ مصطفیٰ ہے وہ آئینہ کہ اب ایسا دوسرا آئینہ
نہ کسی کے وہم و گمان میں نہ دکان آئینہ ساز میں

**نواں اعتراض :** خدا تعالیٰ قادر ہے کہ اس جیسا دوسرا عالم بنادے اور اس عالم میں اس عالم کی سی تمام چیزیں ہونا ضروری ہیں ورنہ وہ اس عالم کی طرح نہ ہو گا۔ لہٰذا اس عالم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم جیسی ہستی بھی ضرور ہو گی ورنہ وہ عالم اس عالم جیسا نہ ہو گا۔ **جواب:** اس کے دو جواب ہیں۔ ایک یہ کہ رب تعالیٰ اس عالم جیسا دوسرا عالم پیدا فرمانے پر قادر ہے اور عالم ماسوی اللہ ہر ممکن کو کہتے ہیں چونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نظیر ناممکن ہے اس لئے وہ عالم سے خارج ہے۔ دوسرے یہ کہ عالم جمیع ماسوی اللہ کو کہتے ہیں جب سارے ماسویٰ اللہ عالم میں داخل ہو چکے تو دوسرا عالم ناممکن ہوا کیونکہ اس فرضی عالم میں جو شامل جائے گی وہ اس سے پہلے فرضی عالم کا جز ہو گی۔

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَ الَّذِیْنَ

اے لوگو عبادت کرو رب اپنے کی وہ رب جس نے پیدا کیا

اے لوگو اپنے رب کو پوجو جس نے تمہیں اور تم سے اگلوں کو پیدا کیا

مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۲۱ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ

تم کو سے پہلے تمہارے شاید کہ تم متقی بن جاؤ وہ بنایا واسطے تمہارے

یہ امید کرتے ہوئے کہ تمہیں پرہیزگاری ملے وہ جس نے تمہارے

الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً ۪ وَّ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

زمین کو بچھونا اور آسمان کو عمارت اور اتارا ہے آسمان

لئے زمین کو بچھونا اور آسمان کو عمارت بنایا اور آسمان سے پانی اتارا

مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا

پانی پس نکالا سے اس بعض پھلوں کو کھانے کے لئے تمہارے پس نہ

تو اس سے کچھ پھل نکالے تمہارے کھانے کو تو

لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۲۲

بناؤ واسطے اللہ کے برابر والے حالانکہ تم جانتے ہو۔

اللہ کے لئے جان بوجھ کر برابر والے نہ ٹھہراؤ۔

marfat.com
Marfat.com

**تعلق :** نبی کے لئے ضروری ہے کہ سب سے اپنی کتاب کا کتاب الٰہی ہونا بیان کرے۔ اس کے بعد اس مقصد کو دنیا کے سامنے پیش کرے جس کے لئے وہ دنیا میں بھیجا گیا ہے۔ چنانچہ یہاں بھی پہلے قرآن کریم کا کتاب الٰہی ہونا بیان فرمایا۔ اور اس کی یہ صفت بیان فرمائی کہ وہ ازلی نیک بختوں یعنی متقیوں کے لئے ہدایت ہے اور متقیوں کی پہچان کے لئے کھلے اور چھپے دونوں قسم کے کافروں کا ذکر فرمایا۔ اسی سبب سے قرآن پاک کی پہچان کرانا مقصود تھا۔ جب یہ مرحلہ طے ہو چکا اور بندوں کو ہدایت حاصل کرنے اور بدبختی سے بچنے کا مشاق بنا دیا تو اب اس مقصود کو بیان فرمایا جس کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا میں بھیجا گیا تھا۔ یعنی باغیوں کو وفادار بنانا اور سب کو حق تعالیٰ کا عبادت گزار بنانا۔ لہٰذا ان سب آیتوں کے بعد عبادت کا ذکر فرمایا دوسرے: اس طرح بھی تعلق ہو سکتا ہے کہ اس سے پہلے ایمان اور کفر و نفاق کا ذکر فرمایا گیا۔ تاکہ سننے والا ایمان اختیار کرے اور کفر و نفاق سے بچے۔ اب اس کے بعد عبادت کا ذکر ہو رہا ہے۔ کیونکہ ایمان لانا اور کفر سے بچنا عبادت سے پہلے ہے تیسرے: اس طرح کہ اس سے پہلے قرآن کی صفت بیان ہوئی۔ اب خدا کی ذات و صفات کا ذکر ہے۔ چونکہ قرآن سے خدائے پاک کو صحیح طرح پہچانا جاتا ہے۔ اس لئے کتاب کا ذکر پہلے فرمایا گیا۔

**تفسیر :** **یا** پکارنے کا حرف ہے۔ پکارنے سے چند مقصود ہوتے ہیں۔ اغافل کو اپنی طرف متوجہ کرنا **یا یھا الناس** 2 غائب کو حاضر کرنا۔ عتاب ظاہر کرنا۔ جیسے **یا خبیث۔ یا ابلیس** اظہار کرامت جیسے **یا یھا النبی** اظہار محبت جیسے **یا یھا المزمل** اظہار عجز **یا اللہ** تکوین' تاثیر جیسے **یجبا اوبی** وغیرہ وغیرہ رب تعالیٰ ہم کو پکارتا ہے۔ ہماری غفلت دور کرنے کے لئے' اپنے نبی کو پکارتا ہے کرامت محبت ظاہر فرمانے کے لئے۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کبھی خدا سے غافل نہیں رہتے۔ آسمان و زمین کو پکار االطاعت کرانے کے لئے وغیرہ وغیرہ ایسے ہی ہم رب کو پکارتے ہیں اپنی عاجزی کے اظہار کے لئے کیونکہ رب تعالیٰ ہم سے کبھی بھی غافل نہیں غرض کہ ایک ہی ندا سے بہت سے معنی حاصل ہوتے ہیں۔ یہاں یہ ندا غافلوں کو تنبیہہ کے لئے بھی ہو سکتی ہے اور غائبوں کو حاضر کرنے کے لئے بھی۔ اور عتاب کے لئے بھی۔ کیونکہ ناس کے لغوی معنی ہیں بھولنے والے تو مطلب یہ ہوا کہ اے ہم کو بھول جانے والو ہماری طرف آجاؤ **ایھا** جب معرف باللام پر **یا** لگاتے ہیں تو ان میں فاصلہ کرنے کے لئے **ایھا** داخل کر دیا جاتا ہے۔ چونکہ اس **ایھا** میں تنبیہہ کی بو ہے اس لئے اللہ پر نہیں آتا یعنی **یا یھا اللہ** اور **یا یھا الرحمان** نہیں کہا جاتا۔ **الناس** مفسرین کرام فرماتے ہیں کہ اکثر **الناس** سے مکے والوں کو اور **الذین امنو** سے مدینے والوں کو پکارا جاتا ہے مگر یہاں **الناس** میں تمام انسانوں سے خطاب ہے۔ یعنی کافر مومن' منافق وغیرہ۔ (تفسیر خزائن العرفان و روح البیان) اور حق یہ ہے کہ قیامت تک آنے والے انسان اس خطاب میں داخل ہیں **اعبدوا۔ اعبدوا** عبادت سے بنا ہے۔ اور عبادت کے معنی ہم سورہ فاتحہ کی تفسیر میں بیان کر چکے ہیں کیونکہ یہاں **الناس** میں سارے کفار' مومنین' منافقین داخل ہیں اسی لئے ضروری ہے کہ **اعبدوا** کے معنی بھی ایسے وسیع کئے جائیں جو ان سب کے لئے مناسب ہوں لہٰذا اس کے معنی یہ ہوں گے۔ کہ اے کافرو عبادت کرو یعنی ایمان لے آؤ اور اے منافقو عبادت کرو یعنی مخلص بن جاؤ اے گنہگارو عبادت کرو یعنی نمازی بن جاؤ۔ اے بخیلو عبادت کرو یعنی زکوٰۃ دو۔ اے بے روزو عبادت کرو یعنی روزے رکھو وغیرہ وغیرہ **ربکم**۔ حق تعالیٰ کے تمام ناموں میں سے رب اس لئے فرمایا گیا کہ سننے والوں کو عبادت کا شوق پیدا ہو

marfat.com
Marfat.com

اور حکم مع وجہ کے ہو جائے۔ یعنی تم خدا کی عبادت کرو۔ کیونکہ وہ تمہارا پالنے والا ہے اور پالنے والے کا حق ہوتا ہے کہ اس کی اطاعت کی جائے **الذی خلقکم** میں حق تعالیٰ کی ربوبیت ہی کا ذکر ہے۔ چونکہ پالنا پیدا کرنے کے بعد ہوتا ہے۔ اس لئے پیدا کرنے کا ذکر پہلے فرمایا گیا اور رزق کا بعد میں **خلق** خلق سے بنا ہے۔ خلق کے معنی ہیں نیستی سے ہستی میں لانا۔ جو صرف خدا ہی کا کام ہے اور اسباب جمع کرنے کو کسب کہتے ہیں بندہ کاسب ہے خالق نہیں۔ کسب کے معنی ہیں اسباب جمع کرنا' عورت مرد کا ملنا بچے کی پیدائش کا سبب ہے۔ لیکن اس کا پیدا ہونا حق تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے **والذین من قبلکم** سے بتایا گیا کہ وہ تمہارا ابھی پیدا کرنے والا ہے اور تم سے پہلی امتوں کا بھی یا تمہارے باپ داداؤں کا بھی۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ تمہارا قدیمی محسن اور تم اس کے قدیمی غلام ہو۔ لہٰذا تم پر دو طرح حق ہے۔ کہ تم اس کی عبادت کرو۔ **لعلکم** عربی زبان میں **لعل** شک کے لئے آتا ہے اور رب تعالیٰ شک سے پاک ہے۔ اس لئے یہاں اس کے تین معنی کئے جاتے ہیں ایک یہ کہ اس کا استعمال عربی زبان کے محاورے کے مطابق ہے۔ یعنی چونکہ عربی میں **لعل** بولا جاتا ہے اور یہ قرآن بھی عربی ہے محض اس لئے **لعل** فرمایا گیا۔ دوسرے یہ کہ بندوں کے حق میں **لعل** شک کے لئے ہے۔ لیکن حق تعالیٰ کی طرف سے یقین کے لئے کیونکہ کریم اسی کی امید دلاتا ہے۔ جو کہ یقینی ہونے والی ہو۔ اب اس کے معنی ہوں گے تاکہ تم متقی بن جاؤ۔ تیسرے یہ کہ یہ لعل بندوں کے لحاظ سے ہے نہ کہ رب کے لحاظ سے تو مطلب یہ ہوا کہ اے لوگو تم رب کی عبادت اس امید پر کرو کہ شاید تمہیں تقویٰ حاصل ہو جائے یعنی نہ تو دنیاوی لالچ سے کرو۔ نہ خدا سے ناامید ہو کر اور نہ اس سے بے خوف ہو کر کیونکہ مرنے سے پہلے اپنی کامیابی کا یقین نہیں ہو سکتا۔ بڑے بڑے پرہیزگار مرتے وقت بے ایمان ہو گئے۔ لہٰذا تم عبادت کرے جاؤ اور رب سے ڈرے جاؤ **تتقون** یہ لفظ تقویٰ سے بنا ہے اور یہاں تقویٰ کے تین معنی ہو سکتے ہیں۔ عذاب الٰہی سے بچ جانا پرہیزگار ہو جانا دل میں پرہیزگاری کا نور پیدا ہو جانا تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ اے لوگو اپنے رب کی عبادت کرو۔ شاید کہ تم اس کے عذاب سے بچ جاؤ یا شاید کہ تم پرہیزگار بن جاؤ یا شاید کہ تمہارے قلب میں پرہیزگاری کا نور جلوہ گر ہو جائے۔ عبادت تقویٰ کی ابتداء ہے۔ اور تقویٰ اصل مقصود یا عبادت ایک راستہ اور پرہیزگاری منزل مطلوب اس راستے کو طے کئے جاؤ۔ شاید تم منزل مقصود پر پہنچ جاؤ یا اپنے ظاہر جسم کو عبادت کے زیور سے آراستہ کئے جاؤ شاید تمہیں نور قلبی میسر ہو جائے یا اپنی گندگی کو درست کئے رہو تاکہ تمہاری روح کو قوت حاصل ہو **الذی جعل** رب تعالیٰ نے اپنی پہچان یوں کرائی تھی کہ اللہ وہ ہے۔ جس نے تم کو پیدا کیا اور یہ ایک چھپی ہوئی بات تھی۔ اس لئے کہ جب انسان کو اپنا ہونا اور ابتدائی پرورش ہی یاد نہیں تو یہ کیسے جانے کہ میرا خالق کون ہے اس لئے رب تعالیٰ کی اور کھلی ہوئی نشانیاں بتائی گئیں کہ میاں تمہارا خالق وہی تو ہے۔ جس نے تمہارے لئے زمین کا بچھونا اور آسمان کو چھت بنایا ہے۔ اور زمین پر قسم قسم کے رزق پیدا فرما کر تمہاری دعوت کا سامان کر دیا **لکم الارض۔ لکم** سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کا سارا انتظام صرف انسانوں کے لئے کیا گیا ہے جانور وغیرہ انسان کے تابع ہیں اسی لئے حضرت آدم علیہ السلام کو **ملائکہ** کا مسجود بنایا۔ کیونکہ فرشتے تابع تھے۔ اور حضرت آدم اصل مقصود تو فرمایا جا رہا ہے کہ تم پر اتنا بڑا کرم ہے کہ تمہارے لئے ساری چیزیں بنائیں اور پھر ہر چیز خدا کی عبادت کرے اور تم بت پرستی کتنے افسوس کی بات ہے۔ ارض کے معنی یا تو ہیں کھا جانا اور کچل دینا۔ چونکہ زمین بھی ہر چیز کو کھا جاتی ہے۔ یعنی گلا ڈالتی ہے اور قدموں سے کچلی جاتی ہے۔ اس لئے اسے ارض کہتے ہیں **فراشا** اس کے معنی ہیں بستر زمین کو بستر بنانے کا یہ مطلب ہے کہ اس کی اصل جگہ سمندر کے نیچے ہے۔ لیکن

marfat.com
Marfat.com

انسانوں کی خاطر کچھ حصہ پانی کے اوپر کر دیا گیا پھر زمین گول بھی ہے لیکن اس کی گولائی ایسی نہیں کہ جس پر سے آدمی لڑھک جائیں۔ بلکہ اس کا ایسا پھیلاوا ہے جس کی وجہ سے وہ بستر کا کام دیتی ہے۔ پھر نہ تو گارے کی طرح اس کو نرم کیا گیا اور نہ پتھروں لوہے اور روڑوں کی طرح سخت کہ اس پر چلنا پھرنا دشوار ہو جائے۔ بلکہ درمیانی حالت میں رکھا گیا کہ جس پر چلنا پھرنا عمارتیں بنانا آسان ہوں **والسماء بناء۔ سماء** کے معنی ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ بناء سے مراد یا تو چھت ہے یا عمارت یعنی یہاں تو فرمایا جا رہا ہے کہ ہم نے تمہاری خاطر زمین پر آسمان کو قبے کی طرح بنایا۔ جس میں رنگ برنگی تیز و ہلکی قندیلیں یعنی چاند، سورج تارے وغیرہ جڑ دیئے **وانزل من السماء ماء** اس میں بتایا جا رہا ہے کہ تمہارے مکانات کی چھتیں صرف سایہ دینے اور بارش سے بچنے کا کام دیتی ہیں۔ لیکن آسمان ایسی انوکھی چھت ہے کہ جس سے تمہارا رزق بھی آتا ہے۔ **فاخرج بہ** میں یہ بتایا گیا کہ پھلوں کے پیدا کرنے والے ہم ہی ہیں بارش تو صرف اس کا ظاہری سبب ہے اور اس سے مقصود یہ ہے کہ تم اپنی حقیقت کو معلوم کر لو کیونکہ زمین مثل ماں کے ہے اور آسمان مثل والد کے اور پانی کے قطرے نطفے کی طرح اور پھل وغیرہ اولاد کی طرح گویا تمہارے اور ان چیزوں کے پیدا کرنے کا طریقہ ایک ہی ہے۔ (تفسیر روح البیان) **من الثمرت** یہ **من** یا تو بیانیہ ہے تو معنی یہ ہوئے کہ نکالا اس بارش کے ذریعے پھلوں کو اور یا تبعیضیہ ہے۔ جس کے معنی یہ ہوئے کہ نکالا اس بارش سے بعض پھلوں کو بعض فرمانے کی تین وجہ ہیں۔ ایک یہ کہ ہر پھل بارش سے نہیں پیدا ہوتا بلکہ بعضے بغیر بارش بھی پیدا ہو جاتے ہیں جیسے کھجوریں وغیرہ بلکہ بعض پھل بارش سے خراب بھی ہو جاتے ہیں دوسرا یہ کہ ہر جگہ سارے پھل نہیں پیدا ہوتے کشمیر میں اور قسم کے پھل پیدا ہوتے ہیں اور بنگال میں دوسری قسم کے عرب میں اور طرح کے تو مطلب یہ ہوا کہ اس پانی میں سے ہر جگہ بعضے پھل پیدا فرمائے۔ تیسرا یہ کہ اس کا تعلق آئندہ عبارت سے ہے تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ بارش سے بعض پھل تمہارے کھانے کے لئے پیدا فرمائے۔ اور بعض جانوروں کے لئے کیونکہ انسان ہر پھل نہیں کھاتا کسی درخت کا پھل کھاتا ہے۔ کسی کے پتے کسی کی صرف جڑیں **رزقا لکم** میں یہ فرمایا گیا کہ ہر چیز تمہارے لئے بنی۔ اگر کوئی چیز جانور بھی کھالیں وہ بھی تمہاری برکت سے جنات کیڑے مکوڑے وغیرہ سب تمہارے طفیل پل رہے ہیں۔ بادشاہ اپنے کسی حاکم کی دعوت کرے اور اس حاکم کے نوکروں چاکروں کو بھی شریک فرمائے۔ بلکہ اس کے گھوڑوں وغیرہ کے لئے چارے کا انتظام فرمائے تو یہ سب اس حاکم پر احسان ہے **فلا تجعلوا للہ اندادا** یہ اس پوری آیت کا مقصود ہے یعنی جب تم ان ساری باتوں کو جان چکے تو تم رب کی بغاوت نہ کرو اور کوئی اس کا ہمسر نہ مانو **اندادا** جمع ہے **ند** کی جس کے معنی ہیں مثل۔ لوگ چند طرح شرک کرتے تھے۔ بعض تو خالق ہی چند مانتے تھے۔ یعنی یہ کہتے تھے کہ بڑی چیزوں کا بنانے والا ایک رب ہے اور چھوٹی چھوٹی چیزوں کا دوسرا اور بعض کہتے تھے کہ عالم کا بنانے والا تو ایک ہے۔ مگر اس کا انتظام کرنے والے چند اکیلا رب اتنے بڑے عالم کا انتظام نہیں کر سکتا۔ بعض کہتے تھے کہ رب تو ایک ہی ہے مگر صاحب اولاد ہے اور بعض کہتے تھے کہ رب ایک ہی ہے۔ مگر یہ ہمارے بت اس کی بارگاہ میں دھونس کے ساتھ ہماری شفاعت کر سکتے ہیں۔ بعض کہتے تھے کہ رب تو ایک ہی ہے اور سب اس کے بندے ہیں۔ مگر بعض بندے اس کی طرح قدیم ہیں۔ اور اس سے بے پرواہ وغیرہ وغیرہ۔ اس مختصر سے جملے میں ان سب کی تردید فرما دی گئی اور فرما دیا گیا کہ تم کسی کو کسی طرح بھی رب کا ہمسر نہ جانو نہ ذات میں نہ الوہیت کے دخیل ہونے میں اور نہ وجود میں **وانتم تعلمون** میں یہ بتایا گیا کہ عقلاً و نقلاً ہر طرح تم جان چکے کہ خالق ایک ہی ہے اور اب اگر تم شرک کرو گے تو تمہارا کوئی عذر

marfat.com
Marfat.com

قابل قبول نہیں ہوگی۔

خلاصہ تفسیر : اس آیت کا اصل مضمون یہ ہے کہ اے لوگو تم اپنے اسی رب کی عبادت کرو جو عبادت کے لائق ہو۔ اور عبادت کے لائق وہی ذات ہو سکتی ہے جو بڑی عظمت اور قدرت والی ہو نہ کہ تمہارے وہمی اور خیالی معبود۔ وہ عظمت والی ذات وہ ہے جس نے تم کو اور تمہارے باپ دادوں کو پیدا فرمایا۔ عبادت بھی اس امید پر کرو کہ تم کو حق تعالیٰ کی طرف سے تقویٰ کا انعام مل جائے کیونکہ جب آئینہ آفتاب کے سامنے آجاتا ہے یا کوئلہ اور لوہا کچھ دیر آگ میں رہ لیتا ہے تو ضرور اس میں آفتاب اور آگ کا اثر آجاتا ہے۔ جس سے کہ وہ آفتاب اور آگ کا کام کرتا ہے۔ اسی طرح اگر تم بھی عبادت کے ذریعے سے اپنے رب سے تعلق قائم کرلو گے تو ضرور رب کی رحمت تمہاری دست گیری کرے گی اور تم کو تقویٰ حاصل ہو جائے گا جس سے تم سے خلاف عادت کام یعنی (کرامتیں) صادر ہونے لگیں گی۔ اس خالق حقیقی کی پہچان یہ ہے کہ اس نے تمہارے آرام کے لئے زمین کے ایک ٹکڑے کو پانی سے باہر نکالا اور پھر اس کو گارے کی طرح نرم اور لوہے کی طرح سخت نہ کیا اور نہ اس کی گولائی ایسی رکھی جس سے تم اس پر ٹھہر نہ سکو غرضیکہ ہر طرح اس کو تمہارے لئے بستر کی طرح آرام دہ بنایا پھر یہ کرم فرمایا کہ زمین پر آسمان کا خیمہ لگایا۔ جس سے کہ یہ جہان ایک گھر کی طرح ہو گیا۔ اور تم کو اس میں رکھ کر تمہاری روزانہ تین وقت دعوت کا انتظام فرمایا اور پانی برسا کر رنگ برنگ پھول پھل پیدا فرمائے اب تم خود ہی غور کرلو کہ اگر کوئی دولت مند تم کو معمولی تنخواہ پر نوکر رکھے تو تم ہر طرح اس کی خدمت 'اطاعت کرتے ہو۔ جو رب کہ تم پر اتنے احسانات فرمائے اس کو چھوڑ کر اوروں کی عبادت کرنا یا اوروں کو اس کا شریک جاننا بالکل خلاف انسانیت ہے یا کہ نہیں اس آیت کے فائدے: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ جو شخص رب کی عبادت نہ کرے وہ انسان نہیں۔ کیونکہ **یا یھا الناس** < فرمایا گیا دوسرے یہ کہ کافروں پر بھی عبادت کرنا فرض ہے۔ جس کے نہ کرنے پر ان کو عذاب ہو گا کیونکہ یہاں سارے انسانوں سے فرمایا گیا۔ کہ عبادت کرو جیسے کہ بے وضو پر فرض ہے کہ وضو کرے اور نماز پڑھے۔ ایسے ہی کافر پر فرض ہے کہ ایمان لائے اور نماز پڑھے۔ (تفسیر خزائن العرفان) لیکن فرق اس قدر ہے کہ کافر پر نماز وغیرہ کی فرضیت شرعی نہیں۔ اسی لئے جو کافر مسلمان ہو اس کو زمانہ کفر کی نمازیں قضا کرنی لازم نہیں بلکہ فرض ہونے کے یہ معنی ہیں کہ دوزخ میں ان کو کفر کرنے اور عبادت نہ کرنے کا عذاب ہو گا۔ چنانچہ جب دوزخیوں سے مسلمان پوچھیں گے تم دوزخ میں کیوں آئے۔ تو وہ جواب میں اپنے کفر کے ساتھ بد عملیوں کا ذکر بھی کریں گے اور کہیں گے کہ **لم نک من المصلین ولم نک نطعم المسکین** کہ ہم نمازی نہ تھے اور نہ مسکینوں کو صدقات دیتے تھے وغیرہ وغیرہ تیسرا: یہ کہ عبادت کا فائدہ عابد ہی کو ملتا ہے خدا تعالیٰ اس سے پاک ہے کہ کسی کی عبادت سے فائدہ خود حاصل کرے۔ اس لئے ارشاد ہوا **لعلکم تتقون** چوتھا: یہ کہ باپ دادوں پر احسان اولاد پر احسان ہے۔ اسی لئے فرمایا گیا **والذین من قبلکم**.

تفسیر صوفیانہ : چونکہ عبادت میں تکلیف بھی ہوتی ہے۔ اس لئے حق تعالیٰ نے بندوں کو براہ راست پکارا۔ تاکہ اس پکارنے کی لذت سے عبادت کی مشقت بھول جائیں اور سمجھیں کہ عبادت ایسی پیاری چیز ہے کہ جس کی برکت سے ہمارے پیارے نے ہم کو پکار لیا۔ اگر ہم جان بھی قربان کردیں تو اس پکارنے کی نعمت کا شکریہ ادا نہیں ہو سکتا۔ اور کیسے پکارا کہ اے بھولنے والو انسانو! تم دنیا میں آکر ہمیں بھول گئے مگر ہم تمہیں نہ بھولے۔ آؤ اب بھی وقت ہے اپنے اس رب کو پوج لو۔ جس

marfat.com

Marfat.com

نے ہر وقت تمہارا خیال رکھا۔ اپنی بندگی کو یہاں تک ظاہر کرو کہ تم فنا فی اللہ ہو کر ماسوی اللہ سے علیحدہ ہو جاؤ۔ جس سے تم کو متقی کا خطاب مل جائے وہ اللہ وہ ہے جس نے تمہارے قلب کو زمین بنایا۔ اور اس کی طرف اپنے محبوب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمان کی طرح سایہ دینے والا مقرر کیا اس آسمان نبوت سے تمہارے قلب کی زمین پر قرآن کا پانی برسایا۔ جس سے ہدایت اور تقویٰ اور نور اور رحمت اور شفا اور برکت' نیک بختی' نجات' قرب الٰہی' صلاح اور کامیابی اور حکمت اور علم اور آداب اور اخلاق اور عزت اور غناء کے پھل پیدا ہوئے لہٰذا تم ان دلوں سے ماسوی اللہ کی محبت نکال ڈالو۔ اپنے دلوں کو صرف رب کی تجلی گاہ بناؤ۔ جب ہم تمہارے ہیں تو تم بھی ہمارے ہو جاؤ۔ خیال رہے کہ آسمان ساری زمین کو گھیرے ہوئے ہے۔ حضور کی نبوت اور رحمت عالمین کو محیط ہے۔ آسمان دینے کے لئے ہے زمین لینے کے لئے حضور دینے والے داتا ہے۔ ہم لینے والے بھکاری بغیر آسمانی مدد کے زمین سے تخم نہیں اگتا۔ حضور کی نگاہ کرم کے بغیر کوئی نیکی قبول نہیں ہوتی آسمان تک نہیں پہنچ سکتی کوئی مخلوق حضور کی شان تک نہیں پہنچ سکتی۔ آسمان دور رہ کر زمین کو ہر طرح کا فیض دے رہا ہے حضور مدینہ میں جلوہ گر رہ کر کونین کو فیض دے رہے ہیں۔ **حکایت:** حضرت شبلی رحمتہ اللہ علیہ نے ایک دن حساب و کتاب کا وعظ فرمایا جس سے کہ لوگ چیخیں مار کر رونے لگے۔ اسی حال میں حضرت ابوالحسن نوری وہاں سے گزرے اور فرمایا کہ اے شبلی اللہ کے بندوں کو اتنا پریشان کرتا ہے۔ قیامت کا حساب بہت دراز ہو گا۔ اس کا لب لباب صرف یہ دو باتیں ہیں کہ فرمایا جائے گا کہ من ترا بودم تو کرا بودی۔ یعنی اے بندو ہم تو تمہارے تھے تم کس کے تھے۔ خداوند تو اپنے فضل سے ہم کو اپنا بنا لے۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** دیوبندیوں کا۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ خالق کے سوا دوسرے سے مدد لینا اور مصیبت کے وقت پکارنا شرک ہے۔ اس ہی کی یہاں تردید کی جاتی ہے۔ مشرکین عرب یہ ہی سمجھتے تھے کہ دنیا کے انتظام میں ہمارے معبودوں کو دخل ہے۔ اسی لئے وہ ان سے مرادیں مانگتے تھے اس زمانے کے مسلمان بھی سمجھتے ہیں کہ نبیوں اور ولیوں کو عالم کے کاروبار میں دخل ہے اور ان سے بھی وہ مرادیں مانگتے ہیں لہٰذا یہ بھی مشرک **جواب:** بزرگان دین سے مدد مانگنے کی پوری بحث ہم نے اپنی کتاب جاء الحق میں کی ہے اور بقدر ضرورت **وایاک نستعین** کی تفسیر میں کر چکے ہیں۔ اس جگہ صرف اتنا بتاتے ہیں کہ شاہ عبدالعزیز صاحب نے تفسیر عزیزی میں اسی آیت کے ماتحت اطاعت اور عبادت میں بڑا اچھا فرق بیان فرمایا ہے۔ وہ یہ کہ حاکم کا حکم بجالانے کو اطاعت کہتے ہیں اور اپنی بندگی کے اظہار کرنے کو عبادت کہتے ہیں۔ اور غیر اللہ کی اطاعت تمام دینوں میں جائز ہے پیغمبر اور مرشد عالم دین اور حاکم وقت کی اطاعت ہر شخص کرتا ہے لیکن ان میں سے کسی کی عبادت کوئی مسلمان نہیں کرتا۔ کیونکہ معبود ہونے کے لئے ذاتی عظمت ضروری ہے اور اطاعت میں یہ لازم نہیں اس کا خلاصہ یہ ہوا کہ کسی کو اپنا مستقل اور ذاتی حاکم مان کر اور اپنے کو اس کا بندہ سمجھ کر اس کی فرماں برداری کرنا عبادت ہے۔ اور کسی کو غیر مستقل اور مجازی عطائی حاکم مان کر اور اپنے کو اس کا ماتحت اور غلام سمجھ کر اس کی فرماں برداری کرنا عبادت نہیں اس سے مشرکین اور مسلمانوں میں بڑا فرق ہو گیا **دوسرے سوال کا جواب:** یہ ہے کہ بے شک حق تعالیٰ نے فرشتوں انبیاء کرام اور اولیاء کو اپنی خلقت کا انتظام سپرد فرما دیا ہے جس کا ثبوت قرآن کریم اور حدیث پاک سے ہے۔ بچہ بنانے جان نکالنے وغیرہ وغیرہ کاموں کے لئے فرشتے مقرر ہیں۔ لیکن اس بارے میں مشرکین اور مسلمین کے عقیدے میں یہ فرق ہے کہ مشرکین یہ سمجھتے تھے کہ حق تعالیٰ یہ سارے کام خود

marfat.com
Marfat.com

بخود نہیں کر سکتا مجبورا" ہمارے بتوں کو مقرر کیا گیا۔ جیسے کہ دنیوی بادشاہ مجبورا" افسروں کو مقرر کرتے ہیں مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہرگز نہیں بلکہ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ سب حق تعالیٰ کے بندے اور خدام بارگاہ ہیں خدائی میں دخیل نہیں حق تعالیٰ نے محض اپنے کرم سے ان کو یہ مرتبہ عطا فرمایا۔ **دوسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ تقویٰ عبادت کا نتیجہ ہے۔ حالانکہ عبادت خود تقویٰ ہے۔ **جواب:** اس کا جواب اسی آیت کی تفسیر میں گزر گیا کہ تقویٰ قلب کی ایک صفت ہے اور اکثر عبادت ظاہری بدن سے ہوتی ہے۔ اور چونکہ ظاہری جسم کا اثر دل پر پڑتا ہے۔ اس لئے ظاہری عبادت سے دل پرہیزگار بنے گا جیسے قرآن کریم نے فرمایا **ان الصلوة تنهى عن الفحشاء والمنكر** صلوۃ عبادت ہے اور برائیوں سے بچنا تقوی۔

| |
|---|
| وَاِنْ كُنْتُمْ فِىْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا |
| اور اگر ہو تم بیچ شک کے سے اس جو اتارا ہم نے اوپر بندے ہمارے کے |
| اور اگر تمہیں کوئی شک ہو اس میں جو ہم نے اپنے خاص بندے پر اتارا تو اس |
| بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ |
| بس لاؤ ایک سورت کرے مثل اس کے اور بلاو مددگاروں اپنے کو سے |
| جیسی ایک سورت تو لے آؤ اور اللہ کے سوا اپنے سب |
| اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۞ |
| سوا اللہ کے اگر ہو تم سچے۔ |
| حمائتیوں کو بلا لو اگر تم سچے ہو۔ |

**تعلق:** اس آیت کو پہلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک یہ کہ پہلے حق تعالیٰ کی ذات و صفات کا ذکر فرمایا گیا جس سے ان لوگوں کی تردید ہو گئی جو حق تعالیٰ کی ذات اور اس کی صفات کے منکر تھے۔ اب نبوت کا ذکر فرمایا جا رہا ہے تاکہ نبوت کے منکرین کی تردید ہو جائے لیکن جس طرح کہ حق تعالیٰ نے اپنی پہچان اپنی مخلوق کے ذریعہ سے کرائی۔ اسی طرح نبی کی پہچان بذریعہ کتاب۔ **دوسرے** یہ کہ اس سے پہلے بندوں کو عبادت کا حکم دیا گیا۔ اور عقل انسانی مقبول اور غیر مقبول عبادت میں فرق نہیں کر سکتی بہت سے عقل مند لوگ بت پرستی کو مقبول عبادت سمجھے ہوئے کرتے ہیں۔ اس لئے بندوں کو ضرورت تھی کہ حق تعالیٰ خود اپنی مقبول عبادت کا طریقہ بتائے۔ اور یہ تعلیم صرف اسی طرح ہو سکتی ہے کہ اس کی طرف سے کوئی قانون کتاب بندوں کو ملے جس کا کتاب اللہ ہونا کھلی ہوئی دلیل سے ثابت ہو۔ **تیسرا:** یہ کہ پہلے بندوں کو تو خدا تک پہنچنے کا حکم دیا گیا اب یہ بتایا جا رہا ہے کہ اے بندو تم ادنیٰ ہم اعلیٰ۔ تمہاری پہنچ ہم تک کیسے ہو سکتی ہے۔ اس لئے درمیان میں ایک راستہ رکھا جاتا ہے جس کا نام نبی ہے تم اس تک پہنچو اور اس تک پہنچنا گویا ہم تک پہنچنا ہو گا۔ اس ذات کی نبوت ثابت کرنے کے لئے عربوں کے مذاق کے مطابق دلیل قائم فرمائی گئی بہرحال یہ آیت کتاب اور نبوت دونوں کے متعلق ہے **چوتھے:** یہ کہ پچھلی آیت میں بارش آسمانی

marfat.com
Marfat.com

کا ذکر تھا۔ جس سے رزق جسمانی پیدا ہو کر ربوبیت جسمانی ظاہر ہوتی ہے۔ اب بارش رحمانی یعنی قرآن کا ذکر ہے۔ جس سے رزق ایمانی، تقویٰ، طہارت پیدا ہوتے ہیں جس سے اللہ کی ربوبیت باطنی عیاں ہے۔ تفسیر **وان کنتم۔ ان** شک کے موقعہ پر بولا جاتا ہے اور کفار کا شک کرنا یقین تھا لہٰذا اس جگہ **ان** لانا حکیمانہ طریقہء تعلیم کی بنا پر ہے۔ عقل مند واعظ اپنے مخالفین کی جماعت میں کھڑے ہو کر یہ نہیں کہتا کہ تم میرے مخالف ہو۔ بلکہ یہ کہتا ہے کہ اگر تم کو میری بات میں شک ہو تو فلاں فلاں دلائل پر غور کرو۔ تمہیں میری بات کا یقین ہو جائے گا۔ جس سے سننے والے ہٹ دھرمی سے باز آجاتے ہیں **فی ریب** ریب کے معنی ہم بیان کر چکے ہیں یہاں یہ نہ فرمایا گیا کہ اگر تمہارے دل میں شک ہو بلکہ فرمایا گیا کہ اگر تم شک میں ہو جس سے معلوم ہوا یہ شک ایک عارضی چیز ہے۔ جس میں تم مبتلا کر دیئے گئے ہو۔ اس عارضی بیماری کا علاج وہ ہے۔ جو ہم بتا رہے ہیں **مما نزلنا** تنزیل سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں آہستہ آہستہ اترنا چونکہ کفار عرب یہ بھی اعتراض کرتے تھے کہ خدائی کتاب کو ایک دم آجانا چاہئے۔ شعراء کا یہ کام ہے کہ دو دو چار چار شعر بنا کر دیوان تیار کر لیتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ حضور علیہ السلام بھی دو دو چار چار آیتیں سوچ سوچ کر بناتے ہیں اور جمع کرتے ہیں ان کے اسی شبہ کا ذکر کر کے فرمایا گیا کہ تم کو اس قرآن کے آہستہ آہستہ اترنے پر شک ہو تو آئندہ دلیل پر غور کرو ہم آہستہ اترنے کے فوائد مقدمہ میں بیان کر چکے ہیں۔ **علی عبدنا** اس میں بھی کفار عرب کے دوسرے شبہ کا ذکر ہے وہ کہتے تھے کہ کلام الٰہی کسی بندے خاص کر انسان اور خاص کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیسی ذات پر نہ آنا چاہئے جن کے پاس نہ مال نہ دولت نہ کسی سے علم حاصل کیا نہ علماء کی صحبت میں رہے تو فرمایا گیا اگر تمہیں اس ذات کریم پر قرآن کے اترنے میں شبہ ہے تو مذکورہ علاج کرو گویا یہ آیت صدہا بیماریوں کی دوا اور بہت سے شبہات کا دفعیہ ہے۔ خیال رہے کہ یہاں رب کی عطا اور حضور کا ذکر ہے لہٰذا یہاں حضور کو عبد فرمایا کہ بندے کا کام مولیٰ سے لینا ہے۔ جہاں حضور کی عطا کا ذکر ہے وہاں حضور کو رسول فرمایا۔ **اتکم الرسول یا اغنھم اللہ و رسولہ** خیال رہے کہ حضور خالص اللہ کے بندے ہیں جن سے اللہ کی شان ظاہر ہے ہم کبھی نفس کے بندے (مطیع) ہوتے ہیں کبھی شیطان کے کبھی درہم و دینار کے نیز حضور کی ہر ادا اللہ کی ربوبیت کا پتہ ہے۔ لہٰذا عبد اللہ ہونا حضور کی بڑی صفت ہے۔ **فاتوا بسورۃ** سورۃ یا تو سور سے بنا ہے یا سور سے یعنی یا تو اس کا واؤ اصلی ہے یا ہمزہ سے بدلا ہوا اگر واؤ اصلی ہو تو اس کے معنی ہیں شہر پناہ اور منزل درجہ اور قوت عرب والے بولتے ہیں سورۃ الاسد یعنی شیر کی قوت چونکہ قرآن کی سورۃ بھی ایک مضمون کو گھیرے ہوتی ہے یا پڑھنے والا اس کو اس طرح طے کرتا ہے کہ جیسے مسافر منزلوں کو یا بمقابلے آیت کے سورۃ زیادہ قوی۔ ان وجہوں سے اس کو سورۃ کہتے ہیں۔ اور اگر یہ ہمزہ والے سور سے بنا ہے تو اس کے معنی ہوتے ہیں ٹکڑا اور بچی ہوئی چیز۔ چونکہ سورۃ بھی قرآن پاک کا ایک جز ہے اور ہر ایک دوسرے سے علیحدہ ہیں اس لئے اس کو سورت کہتے ہیں اصطلاح میں سورت قرآن کے اس حصے کو کہتے ہیں جس میں پورا مضمون بیان ہو اور اس کا نام بھی ہو۔ اور اس میں کم از کم تین آیتیں ہونی چاہئیں **من مثلہ۔ من** یا بیانیہ ہے تو اس کے معنی ہوں گے کہ ایسی سورت لاؤ جو قرآن کے مثل ہو یا تبعیضیہ ہے۔ چونکہ کفار کہتے تھے **ولو نشاء لقلنا مثل ھذا** یعنی اگر چاہیں تو ایسا قرآن ہم بھی کہہ لیں یا یہ فرمایا جا رہا ہے اے لوگو! اگر تم ایسا قرآن کہو تو اس میں سے ایک سورت بارگاہ نبوی میں بھی پیش کرنا کہ تم کو اس کی حقیقت معلوم ہو جائے۔ یا یہ من ابتدائیہ ہے تب بھی اس کا مطلب وہی ہو گا یعنی ایسی سورت لے آؤ جو تمہارے بنائے ہوئے قرآن میں سے نکل کر آئے۔ مثل سے مراد لفظاً اور معنیً قرآن کی طرح ہونا ہے۔ یعنی وہ سورت لاؤ جس کی عبارت اور

marfat.com
Marfat.com

مضمون فصاحت و بلاغت اور غیبی خبریں دینے وغیرہ میں قرآن کی مثل ہو۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کریم ہر طرح بے مثل **مثلہ** کی ضمیر میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ **ما** کی طرف لوٹے تو آیت کے معنی یہ بنیں گے کہ قرآن کی طرح ایک سورت لاؤ۔ اور اس سے قرآن پاک کا بے مثل ہونا ثابت ہو گا دوسرا یہ کہ عبد کی جانب لوٹے تب معنی یہ ہوں گے کہ ایک سورت ایسی لاؤ۔ جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم جیسی ہستی کی طرف سے ہو۔ (تفسیر کبیر' خازن' مدارک) یعنی پہلے تو آسمان کے نیچے ایسی ہستی تلاش کرو جو میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح ہو پھر اس سے ایک سورۃ بنوا کر لاؤ نہ ان جیسا آج تک پیدا ہوا نہ ہو لہٰذا تمہیں نہ کوئی ایسا ملے گا نہ ایسا قرآن سنائے گا۔ اس آیت سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بے مثل اور بے نظیر ہونا معلوم ہوا حضور کی بے مثلی کی تحقیق ہماری کتاب شان حبیب الرحمان میں دیکھو۔ اور کچھ ہم اس تفسیر میں امکان کذب کے مسئلے میں بیان کر چکے ہیں اور زائد تحقیق انشاء اللہ **قل انما انا بشر مثلکم** کے ماتحت کی جائے گی یہاں اتنا سمجھ لو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایمان اعمال دنیوی احکام ظاہر و باطن غرض کسی وصف میں ہماری مثل نہیں **وادعوا شهداء کم** شہداء جمع شہید کی ہے جس کے معنی ہیں حاضر۔ مگر گواہ اور مددگار اور حاکم کو اس لئے شہید کہتے ہیں کہ گواہ اور مددگار تو موقعہ پر حاضر ہوتا ہے اور حاکم مقدمہ کے فیصلہ کے وقت' جو راہ الٰہی میں مارا جائے اس کو بھی شہید اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ مرتے ہی حق تعالیٰ کی بارگاہ یا جنت میں حاضر ہو جاتا ہے۔ یعنی دوسرے مسلمان تو قیامت کے بعد جنت میں پہنچیں گے مگر یہ مرتے ہی وہاں پہنچ گیا یہاں سب معنی بن سکتے ہیں۔ یعنی اے کافرو تم اپنی مدد کے لئے اپنے فرضی حاکم بتوں کو بلا لو یا اپنے ان عالموں کو بلاؤ جو تمہاری ہر بات کی گواہی دیتے ہیں یا عرب کے ان فصیح اور بلیغ لوگوں کو بلاؤ جو کہ تمہارے دل میں حاضر رہتے ہیں **من دون اللہ** دون کے معنی ہیں پاس اور قریب کتاب لکھنے کو تدوین اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں مضامین ایک دوسرے کے پاس رکھے جاتے ہیں دنیا کو دنیا اس لئے کہتے ہیں کہ وہ آخرت کے قریب ہے۔ پھر بطور مجاز کم رتبہ کے معنی میں بھی یہ لفظ استعمال ہونے لگا۔ پھر اس کے بعد حد سے بڑھنے کو بھی دون کہنے لگے۔ تو معنی یہ ہوئے کہ اے کافرو تم خدا کو چھوڑ کر جس کسی کو اپنا معبود یا مددگار سمجھ بیٹھے ہو ان سب کو جمع کر لو تاکہ وہ تمہاری اس کام میں مدد کریں **ان کنتم صدقین** اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کفار کے سچے ہونے کا احتمال ہے۔ بلکہ چیلنج کے موقعہ پر اسی قسم کے الفاظ بولے جاتے ہیں کہ اگر تجھ میں کچھ بل کس ہے تو مقابلہ میں آجا۔

**خلاصہ تفسیر :** کفار عرب قرآن پاک کے متعلق چند قسم کی بدگمانیاں کرتے تھے۔ اور کہا کرتے تھے کہ یہ کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بنا کر رب کی طرف منسوب کر دیا ہے۔ اس آیت کریمہ میں آسمانی اور انسانی کتاب کی ایسی اچھی پہچان بتائی گئی ہے کہ سبحان اللہ وہ یہ کہ دنیا میں ہر شخص قدرتی اور مصنوعی چیزوں کو پہچان لیتا ہے۔ دیکھو جگنو اور چیونٹی کو ہر شخص جانتا ہے کہ یہ کسی انسان کی بنائی ہوئی نہیں۔ اور ریل کے انجن اور گیس کے متعلق ہر ایک کو یقین ہے کہ یہ انسان کی بنائی ہوئی چیزیں ہیں۔ حالانکہ انجن کی رفتار زیادہ چیونٹی کی کم۔ گیس کی روشنی بہت تیز اور جگنو کی بالکل ہلکی۔ پھر کیا وجہ ہے کہ آپ نے ان کو پہچانا۔ پہچان صرف ایک ہے۔ وہ یہ کہ انسانی چیز وہ جس کا مثل انسان سے بن سکے اور قدرتی چیز وہ جو انسان کی طاقت سے بالا ہو انجن اور گیس اگرچہ بہت طاقت ور چیزیں ہیں مگر دن رات کارخانوں سے بن کر نکلتے رہتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ یہ انسانی چیزیں ہیں۔ چیونٹی اور جگنو اگرچہ کمزور ہیں لیکن آج تک کسی کارخانے سے نہ بنے معلوم ہوا کہ قدرتی ہیں اسی قاعدے سے یہاں

marfat.com
Marfat.com

ارشاد ہو رہا ہے کہ کافرو اگر تم کو ہمارے قرآن کے کتاب الٰہی ہونے میں اور نبی کے پیغمبر ہونے میں کچھ شک ہے تو اور معجزات تو کیا صرف اس کلام ہی کا مقابلہ کرلو کیونکہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی انسان ہی ہیں۔ تمہارے ملک میں پیدا ہوئے۔ تم بظاہر بڑے زبان دان علم والے شاعر فصیح و بلیغ ہو تم نے ہر قسم کے مجمع اور میلے دیکھے ہیں۔ علماء اور شعراء کے کلام سنے ہیں۔ اہل علم اور تاریخ والوں کی صحبتیں اٹھائی ہیں۔ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ تو علماء کی صحبت میں رہے اور نہ انہوں نے مورخین کی کتابیں دیکھیں۔ بلکہ ان کی ابتدائی پرورش تو ایک معمولی سے گاؤں میں حلیمہ دائی کے گھر میں ہوئی۔ جہاں کہ علم کی روشنی بالکل نہ پہنچتی تھی۔ پھر شروع عمر سے ہی وہ عبادت ریاضت گوشہ نشینی میں مشغول رہے۔ تم میں اور ان میں اس قدر فرق ہوتے ہوئے تم کو اعلان عام دیا جاتا ہے کہ وہ تو اکیلے سارا قرآن پڑھ کے سناتے ہیں۔ تم سارے ملک عرب کے علماء فضلاء شعراء فصحاء بلغاء جمع ہو کر اس کے مقابلے کی صرف چھوٹی سی ایک سورت ہی بنالاؤ۔ اگر تم سب کی کوشش سے ایک سورت بھی اس جیسی بن سکے تو سمجھنا قرآن خدائی کتاب نہیں۔ اور اگر تم سب مجبور ہو جاؤ تو اس چیونٹی اور انجن والے قاعدے سے یہاں بھی سمجھ لینا کہ قرآن بشر کا نہیں بلکہ خالق بشر کا ہے۔ **قرآن پاک کی خوبیاں:** قرآن پاک میں لاکھوں وہ خوبیاں ہیں جن کی وجہ سے عرب کے لوگ مقابلے سے عاجز رہے۔ ہم ان میں کچھ بطور نمونہ پیش کرتے ہیں **ایک:** یہ کہ اس شاعر کا کلام اعلیٰ ہوتا ہے۔ جو کہ جھوٹ اور مبالغہ سے کام لے۔ سچی اور سیدھی سادھی باتیں معمولی معلوم ہوتی ہیں مگر قرآن پاک کی یہ خوبی ہے کہ جھوٹ اور مبالغہ سے بالکل پاک لیکن پھر بھی اس میں وہ کشش ہے کہ سننے والے تڑپ جاتے ہیں۔ اس قرآن نے صحابہ کرام میں وہ جوش پیدا کر دیا کہ وہ گھر بار مال و دولت بال بچے عیش و آرام حتیٰ کہ وطن تک چھوڑ کر حضور کے ساتھ ہو لئے سچی اور سیدھی بات کہتا ہے۔ مگر تڑپا دیتا ہے۔ **دوسرا** یہ کہ دیکھی ہوئی چیز کی خوبیاں بیان کی جاسکتی ہیں شعراء معشوق اور شراب گھوڑا بادشاہ وغیرہ دیکھی ہوئی چیز کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملادیتے ہیں۔ مگر بے دیکھی چیز کی تعریف کر کے اس کے اوصاف دلوں میں اتار دینا قرآن شریف کی خصوصیت ہے۔ دیکھو رب تعالیٰ قیامت جنت دوزخ یہ تمام چیزیں بے دیکھی ہوئی ہیں۔ قرآن نے انہیں بے دیکھی چیزوں کو ایسا منوایا کہ عرب کے بڑے بڑے فاسق متقی پرہیزگار بن گئے **تیسرا** یہ کہ بڑے بڑے شعراء کے کلام میں ایک یا دو شعر اعلیٰ درجے کے ہوتے ہیں اور باقی معمولی۔ لیکن قرآن پاک اول سے آخر تک ایسا فصیح ہے کہ اس کے مقابلے سے خلقت عاجز ہے۔ اسی لئے اس آیت میں بسورۃ فرمایا گیا **چوتھے:** یہ کہ اگر عمدہ سے عمدہ کلام چند بار بولا جائے تو اس میں پہلی سی لذت نہیں رہتی۔ قرآن پاک کی یہ خصوصیت ہے کہ ایک مضمون کو مکرر بیان فرماتا ہے لیکن ہر جگہ نیا ہی لطف آتا ہے۔ **پانچویں:** یہ کہ بڑے بڑے خطیب و شعراء کہتے ہیں کہ عشقیہ مضامین پر لطف ہوتے ہیں۔ لیکن حرام حلال کے مسئلے خشک جن کے بیان سے مجمع کو وجد نہیں آتا۔ قرآن کریم کی یہ خصوصیت ہے کہ یہ خشک مضامین بھی اس طریقے سے بیان فرماتا ہے کہ سننے والوں کو وجد آجاتا ہے **چھٹے:** یہ کہ اچھے سے اچھا کلام ہر موقعہ پر لطف نہیں دیتا خوشی کے موقعہ پر مرثیہ اور غم کے موقعہ پر دل خوش کن قصیدے نہیں پڑھے جاتے۔ قرآن پاک کی یہ خصوصیت ہے کہ ہر وقت اس کا پڑھنا لطف دیتا ہے خوشی و غم راحت و مصیبت جس وقت بھی پڑھا جائے دل کو تسکین اور سرور حاصل ہوتا ہے۔ **ساتویں:** یہ کہ قرآن کریم سارے علموں کی اصل ہے۔ علم کلام، علم فقہ، علم اصول، علم نحو، علم لغت، علم زہد، غیب کی خبریں، علم اخلاق غرضیکہ ہر علم پورا پورا اس

marfat.com
Marfat.com

میں موجود ہے اور کتابیں ایک ہی فن بیان کرتی ہیں۔ آٹھویں: یہ کہ اعلیٰ کلام چند بار پڑھنے سے پرانا ہو جاتا ہے قرآن کریم کی یہ خصوصیت ہے کہ اس کو پڑھے جاؤ لطف بڑھتا جائے گا۔ نویں: یہ کہ بہتر سے بہتر دوا اپنے میں ایک یا دو وصف رکھتی ہے۔ قرآن پاک کی یہ خصوصیت ہے کہ یہ ہر جسمانی روحانی بیماری کا مکمل علاج ہے۔ اس کی عبارت تعویذ بنے۔ اس کا پڑھ کر دم کرنا مصیبتوں کو ٹالے اس پر عمل کرنے سے دونوں جہان کی بھلائیاں حاصل ہوں۔ دسویں: یہ کہ سارے علوم اس کے خادم اور یہ سب کا اصلی مقصود ہے۔ صرف نحو منطق فلسفہ وغیرہ اسی کے لئے پڑھا جاتا ہے۔ پھر چند استاد اس کو سکھاتے ہیں تب یہ آتا ہے۔ ابتدائی استاد اس کے حروف کی پہچان کراتا ہے۔ قاری اس کے پڑھنے کا طریقہ بتاتا ہے۔ عالم اس کے مضامین ذہن نشین کراتا ہے۔ صوفی اس کے اسرار بیان فرماتا ہے۔ اتنے استادوں سے پڑھ کر پھر بھی کوئی نہیں کہہ سکتا ہے کہ میں نے قرآن پورے طور پر جان لیا۔ یہ وہ وجوہ تھیں جن کی بناء پر تمام عرب کے فصحاء بلغاء مقابلے سے عاجز رہ گئے۔

تفسیر صوفیانہ: معترضین کے اعتراضات دل کے پردے ہیں۔ جن کی وجہ سے وہ کمال قرآن اور جمال صاحب قرآن نہ دیکھ سکے معترضین اغیار جمال یار اور اسرار کے قابل نہیں ہوتے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

انداز حسینوں کو سکھائے نہیں جاتے اک نقش ہوں وہ پڑھائے نہیں جاتے
ہر ایک کا حصہ نہیں دیدار کسی کا بوجہل کو محبوب دکھائے نہیں جاتے

اس آیت میں یہ فرمایا جا رہا ہے کہ اے ابو جہلی آنکھ والو تم اگر مکر کے چکر میں ہو۔ اس بھنور سے نکلو۔ قرآن اور قرآن لانے والے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو صرف بصارت سے نہیں۔ بلکہ بصیرت سے دیکھو تو تم پر ان کے اسرار ظاہر ہو جائیں گے۔ مثنوی میں ہے۔

توز قرآن اے پسر ظاہر مبیں دیو آدم را نہ بیند جز کہ طیں
ظاہر قرآں چو شخصے او نیست کہ نقوشش ظاہر و جانش خفی است

یہ قرآنی دلائل اور علماء و صوفیاء کی صحبتیں ان پردوں کو پھاڑنے والی قینچیاں ہیں کہ عالم اصل حقیقت بتا کر اور صوفی دکھا کر ان پردوں کو چاک کر دیتے ہیں۔ چونکہ اس آیت کا مضمون ابھی مکمل نہیں ہوا۔ اس لئے اس کے فوائد اور اعتراض و جواب آئندہ آیت کے ساتھ بیان کئے جائیں گے۔

| |
|---|
| فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُھَا |
| پس اگر نہ کر سکو تم اور ہرگز نہ کر سکو گے پس ڈرو آگ سے وہ جو |
| پھر اگر نہ لاسکو اور ہم فرمائے دیتے ہیں کہ ہرگز نہ لاسکو گے تو ڈرو اس آگ سے |
| النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِیْنَ ۲۴ |
| کہ ایندھن اس کا آدمی اور پتھر ہیں تیار کی گئی ہے واسطے کافروں کے |
| جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں تیار کی گئی ہے کافروں کے لئے |

marfat.com
Marfat.com

تعلق : یہ آیت پہلی آیت کا مقصود بیان کر رہی ہے۔ پہلے کفار کو مقابلے کا چیلنج دیا گیا تھا۔ اب یہ فرمایا جا رہا ہے کہ اس چیلنج سے مقصود صرف یہ ہے کہ تم اپنی مجبوری معلوم کر کے قرآن پر ایمان لے آؤ۔ نیز اس طرح بھی تعلق ہو سکتا ہے کہ یہ آیت پہلی آیت کی دلیل ہو۔ کیونکہ اس میں غیب کی خبر دی گئی ہے کہ تم سے قیامت تک کبھی مقابلہ ہو سکے گا ہی نہیں۔ لہٰذا یہ قرآن اس لئے بھی بے مثل ہے کہ اس میں غیبی خبریں ہیں۔

تفسیر : **فان** شک کے لئے آتا ہے۔ یہاں مخاطبین کے لحاظ سے فرمایا گیا کہ اے کافرو اگر تم یہ کام نہ کر سکو۔ **لم تفعلوا** ماضی کے معنی دیتا ہے۔ مگر یہاں **ان** کی وجہ سے مستقبل کے معنی میں ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کفار کی کوشش مقابلہ سے پہلے یہ فرمایا جا رہا ہے۔ یعنی تم کوشش کر دیکھو۔ پھر اگر ناکام رہو تو ایمان لے آنا **ولن تفعلوا** یہ غیب کی خبر ہے۔ جس میں بلا تردد فرمایا گیا کہ سن لو تم یہ ہرگز نہ کر سکو گے۔ اور الحمد للہ یہ خبر بالکل سچی ہوئی کہ اس چیلنج سے کفار کے دلوں میں آگ سی بھڑک گئی۔ بہت کچھ مقابلے کی کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہو سکے۔ اگر ایک سورت بھی ان سے بن جاتی۔ تو آج تک کفار اس کی اشاعت کرتے۔ مگر اللہ کے فضل سے اب تک سب سرنگوں رہے۔

تیرے آگے یوں ہیں دبے لچے فصحاء عرب کے بڑے بڑے
کہ کوئی منہ میں زبان نہیں نہیں بلکہ جسم میں جان نہیں

**فاتقوا** یہ **وقی** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں ڈرنا اور بچنا۔ یہاں یہ دونوں معنی بن سکتے ہیں۔ مقصود یہ ہے کہ ان اعمال سے بچو جو جہنم کا ذریعہ ہیں۔ **النار التی** جہنم میں ٹھنڈے طبقے بھی ہوں گے اور آگ کے ساتھ دوسری تکلیفیں بھی ہوں گی۔ لیکن صرف آگ کا اس لئے ذکر فرمایا گیا کہ وہاں اکثر طبقوں میں آگ ہی ہے اور آگ اصل ہے اور باقی تکلیفیں اس کے تابع۔ **التی** سے معلوم ہوتا ہے کہ جہنم کی ہر آگ کا ایندھن آدمی اور پتھر نہیں ہیں۔ بلکہ اس آگ کا جو کفار انسانوں کے لئے بنی ہے۔ کیونکہ جس طبقے میں کفار جنات رہیں گے اس کا ایندھن جن ہیں اور جس طبقے میں کچھ روز کے لئے گنہگار مسلمان رہیں گے اس کا ایندھن بد اعمال ہوں گے نہ کہ وہ خود تفسیر روح البیان و تفسیر کبیر **وقود** اس کے لفظی معنی ہیں۔ روشن کرنا اور بھڑکانا یہاں مراد روشن کرنے کا آلہ یعنی ایندھن۔ **الناس** میں مراد کافر انسان ہیں۔ **والحجارۃ** اس میں تین قول ہیں۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے گندھک مراد ہے۔ کیونکہ اس کی آگ بہت تیز ہوتی ہے اور دیر میں بجھتی ہے۔ اور اس میں گرمی کے ساتھ سخت بدبو بھی پیدا ہوتی ہے۔ بعض نے فرمایا کہ اس سے مراد بت ہیں۔ کیونکہ کفار ان بتوں کو خدا مانتے تھے۔ وہاں ان کی ذلت کے لئے یہ پتھر بھی آگ میں ڈال دیئے جائیں گے۔ بعض نے فرمایا کہ اس سے مراد عام پتھر ہیں تو آیت کا مقصود یہ ہوا کہ دنیوی آگ پتھر سے بجھ جاتی ہے لیکن اس آگ کی تیزی کا یہ عالم ہے کہ وہ پتھروں سے اور بھڑکے گی۔ لیکن اس سے سنگ اسود' مقام ابراہیم' صفا و مروہ کے پتھر۔ منبر و روضہ مطہرہ کی درمیانی جگہ علیحدہ ہیں کہ یہ چیزیں جنتی ہیں۔ جیسا کہ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے۔ جیسے حضور کا استن حنانہ اور ناقہ شریف حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی وغیرہ کہ جنتی ہیں۔ **اعدت** اس سے معلوم ہوا کہ وہ آگ کافروں کے لئے بنی ہے۔ پتھروں وغیرہ کا اس میں جانا۔ ان کافروں کے طفیل ہے۔ اسی طرح گنہگار مسلمان بھی اگرچہ دوزخ میں جائیں گے' لیکن کافروں کے تابع ہو کر جیسے لوہار کی بھٹی ٹیڑھے لوہے کو سیدھے کرنے کے لئے بنی ہے۔ مگر اس میں

marfat.com
Marfat.com

کوئلے بھی جلتے ہیں اور کبھی میلے لوہے کو اس کے ذریعہ صاف بھی کر دیا جاتا ہے۔

خلاصہ تفسیر : جب کفار کو قرآن کریم کے مقابلے کا اعلان دیا جا چکا تو ان کو بتایا گیا کہ اگر تم ان کے مقابلہ میں کامیاب نہ ہو سکو تو ہم تم سے کہہ دیتے ہیں کہ کبھی نہ ہو سکو گے تو سمجھ لینا کہ اس کا انکار حقیقت میں خدائے قادر کا مقابلہ ہے۔ اور اس کا مقابلہ کرنا جہنم میں ٹھکانا بنانا ہے۔ جہنم کی آگ کی تیزی کا یہ حال ہے اور دوسری آگ تو نرم اور پتلی لکڑیوں سے سلگتی ہے۔ لیکن وہ پتھروں اور آدمیوں سے سلگتی ہے یا دوسری آگ میں لکڑیاں جلتی ہیں لیکن اس میں انسان اور پتھر جلتے ہیں۔ لہٰذا تم کو لازم ہے کہ آگ سے بچنے کا سامان کرو۔ یعنی اس قرآن پر ایمان لے آؤ اور اس کو اپنا دستور العمل بناؤ۔

فائدے : ان آیتوں سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ ایک یہ کہ قرآن کریم معجزہ ہے۔ اگلے انبیاء کرام کے معجزے سے قصے بن کر رہ گئے ہیں۔ لیکن ہمارے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کا یہ معجزہ یعنی قرآن شریف قیامت تک لوگوں کے سامنے رہے گا۔ نوٹ ضروری: جو عجیب بات مدعی نبوت کے ہاتھ پر ظاہر ہو تاکہ اس سے اس نبی کی سچائی معلوم ہو اسے معجزہ کہتے ہیں۔ اور پیغمبروں کو ایک ایک یا دو دو معجزے ملتے تھے۔ سب سے زیادہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عطا ہوئے یعنی نو۔ لیکن ہمارے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے چھ ہزار معجزے تو روایتوں میں آتے ہیں۔ ان میں سب سے بڑا معجزہ قرآن کریم ہے اور حق یہ ہے کہ خود حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم از سر مبارک تا قدم پاک معجزہ ہیں۔ یعنی آپ کا ہر عضو شریف معجزہ بلکہ ہر وصف ہر حال معجزہ ہے۔ اس کی پوری تحقیق ہماری کتاب شان حبیب الرحمٰن میں دیکھو۔ اور انشاء اللہ اس آیت کے ماتحت بھی عرض کی جائے گی **قد جاء کم برھان من ربکم** جو عجیب باتیں انبیاء کرام سے بچپن شریف میں ظاہر ہوتی ہیں ان کو ارہاص کہتے ہیں۔ جیسے کہ عیسیٰ علیہ السلام کا پیدا ہوتے ہی کلام فرمانا یا ہمارے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم سے ان کے بچپن شریف میں پتھر کا کلام کرنا و سلام کرنا اور جو عجیب باتیں اولیاء اللہ کے ہاتھ پر ہوتی ہیں انہیں کرامت کہتے ہیں۔ بت پرست، جوگیوں اور دیگر کفار سے جو عجیب باتیں ظاہر ہوتی ہیں ان کو استدراج کہتے ہیں۔ جیسے دجال کے ہاتھ سے عجائبات کا ظاہر ہونا۔ معجزے تین طرح کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ جو ہر وقت نبی کے ساتھ رہتے ہیں۔ جیسے کہ حضور کے جسم اطہر کا بے سایہ ہونا یا دندان مبارک سے نورانی شعاع کا نکلنا۔ دوسرے وہ جو ہر وقت ان کے قبضہ میں رہتے ہیں کہ جب چاہیں تب ظاہر فرماویں۔ جیسے موسیٰ علیہ السلام کا ید بیضا اور لاٹھی کا سانپ بن جانا۔ تیسرے وہ جن کا ظاہر ہونا صرف رب کے کرم پر موقوف ہوتا ہے۔ پیغمبر کا اس پر قبضہ نہیں ہوتا جیسے قرآن پاک کی آیتوں کا اترنا۔ دوسرا فائدہ: ہر زمانے کے پیغمبر کو اسی قسم کا معجزہ عطا ہوا جس کا اس زمانے میں بہت زور تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں جادو کا زور تھا تو آپ کی لاٹھی کو سانپ بنانے کا معجزہ دیا گیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں علم طب کا بہت شور تھا تو آپ کو مردہ زندہ کرنے اور اندھوں کو اچھا کرنے کا معجزہ دیا گیا جس کا تعلق طب سے ہے۔ ہمارے حضور کے زمانہ میں فصاحت و بلاغت بہت زوروں پر تھی اس لئے آپ کو قرآن کا معجزہ عطا فرمایا گیا۔ لہٰذا اگر مرزا جی بھی نبی ہوتے تو ان کو سائنسی ایجادات کا معجزہ ملتا۔ کیونکہ آج کل اسی کا زور ہے۔ مگر انہوں نے خطبہ الہامیہ بطور معجزہ پیش کیا۔ جس سے دو سو غلطیاں حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے نکالیں۔ سچ ہے کہ غلط نبی کے لئے غلط معجزے چاہئیں۔ تیسرا فائدہ: اس سے معلوم ہوا کہ ہر امر وجوب کے لئے نہیں ہوتا۔ قرآن کریم اس امر پر سولہ معنی میں استعمال ہوا ہے۔ یہ امر

marfat.com
Marfat.com

لانا اظہار عجز کے لئے ہے۔ چوتھا فائدہ: اس سے معلوم ہوا کہ جہنم پیدا ہو چکا کیونکہ اعدت فرمایا گیا جو کہ ماضی ہے۔ پانچواں فائدہ: اس سے اشارۃً معلوم ہوا کہ مسلمان جہنم میں ہمیشہ نہ رہیں گے کیونکہ جہنم صرف کفار کے لئے بنی ہے۔ مسلمان عارضی طور پر وہاں رہیں گے۔ چھٹا فائدہ: اس آیت سے معلوم ہوا کہ فقط حرفوں کے یکساں ہونے سے کوئی کلام قرآن کے مثل نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ کفار نہ کہہ سکے کہ ہمارا عربی کلام بھی انہی 32 حرفوں سے بنا ہے۔ جس سے قرآن کی عبارت بنی ہے۔ لہٰذا ہمارے قصیدے قرآن کی مثل ہیں۔ اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ظاہری اعضاء اور ظاہری حالات کی بناء پر ہماری مثل نہیں۔ جو شخص ان ظاہری اوصاف کو دیکھ کر اپنے کو ان کی مثل سمجھے وہ حماقت میں کفار مکہ سے بڑھ کر ہے۔ انشاء اللہ اس کی پوری تحقیق اور موقع پر کی جائے گی۔

اعتراض: پہلا اعتراض آریوں کا۔ جس طرح قرآن کریم کا مثل کسی سے نہ بن سکا۔ اسی طرح ہمارے وید کا مثل بھی آج تک کوئی نہ بنا سکا۔ چاہئے کہ اس کو بھی کلام الٰہی مان لو۔ جواب: وید نے کبھی کسی کو اپنے مقابلے کا چیلنج دیا ہی نہیں تو اس کا مقابلہ کون کرتا۔ رستم پہلوان تو کہہ سکتا ہے کہ میں نے اخباروں میں اپنے مقابلے کے لئے چیلنج دیئے مگر کوئی سامنے نہ آیا۔ مگر بدھوا چھدوا کمزور لوگ یہ نہیں کہہ سکتے کہ میرے مقابلے میں بھی آج تک کوئی نہیں آیا۔ کیونکہ انہوں نے اپنے مقابلے کے لئے کسی کو بلایا ہی کب تھا۔ دوسرا جواب: یہ ہے کہ وید سنسکرت زبان میں آیا اور یہ زبان کسی کی مادری زبان نہیں۔ نہ اس کا کوئی ماہر۔ مقابلے کا چیلنج اس فن کے ماہروں کو دیا جاتا ہے۔ کوئی عربی خواں انگریزی خواں کی جماعت کو چیلنج دے تو غلط ہے۔ اس کو چاہئے کہ عربی علماء کے مجمع میں اعلان کرے۔ قرآن کریم عربی زبان میں آیا۔ اور ملک عرب میں آیا۔ اس زمانے میں آیا جبکہ فصاحت و بلاغت پر ناز کرنے والے لوگ وہاں موجود تھے۔ پھر اس نے سب کو للکارا اگر کچھ بل بوتا ہے تو آؤ ہمارا مقابلہ بھی کرلو۔ بیچارہ وید کس کو پکارتا۔ وہ تو بقول تمہارے ایسی بے ڈھنگی زبان میں آیا جس کا ماہر دنیا میں موجود نہیں۔ دوسرا اعتراض عیسائیوں کا۔ اگر یہ بات صحیح ہے کہ خدائی کتاب کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا تو چاہئے توریت و انجیل کو صحیح مانا جائے۔ مگر تم کہتے ہو کہ لوگوں نے ان میں اپنی طرف سے آیتیں بڑھا بھی دیں اور گھٹا بھی دیں بلکہ بدل بھی دیں۔ انسانی بنائی ہوئی آیتیں خدا کی بھیجی ہوئی آیتوں کے ساتھ کیسے مل گئیں ان میں فرق کیوں نہ ہو سکا۔ جواب: ان کتابوں کی عبارتیں معجزہ بنا کر نہ بھیجی گئیں تھیں۔ کیونکہ اس زمانہ میں عبرانی زبان دان اپنی فصاحت پر نازاں نہ تھے۔ اور پھر بھی جو بناوٹی آیتیں ان میں بڑھائی گئیں وہ بھی کسی طرح اصلی آیتوں سے حقیقتاً مل جل نہ سکیں۔ زمین و آسمان کا ان میں فرق رہا۔ لیکن لوگ اپنی بے علمی سے اس فرق کو محسوس نہ کر سکے۔ کلام کا فرق اس کا جاننے والا کر سکتا ہے۔ آج اگر کوئی شخص جاہل دیہاتیوں کو کوئی عربی سنا کر کہہ دے کہ یہ قرآن شریف ہے وہ یقیناً محض عبارت سے نہ پہچان سکیں گے یہی معاملہ وہاں ہو گیا۔ لطیفہ پنڈت دیانند سرسوتی نے کتاب اللہ کی تین پہچانیں بتائی ہیں۔ ایک یہ کہ وہ دنیا میں ہمیشہ سے ہو ویدچوں کہ ہمیشہ سے ہے۔ اور قرآن کچھ دنوں سے آیا ہے۔ لہٰذا وید ہی خدائی کتاب ہے۔ دوسرے یہ کہ اس میں (نسخ) یعنی تبدیلی نہ ہو' تیسرے یہ کہ وہ کسی قوم کی زبان میں نہ ہو۔ بلکہ ایسی زبان میں ہو جو سب کے لئے اجنبی ہو۔ ورنہ خدا طرف دار ٹھہرے گا۔ کہ اپنا کلام ایک قوم کے لئے آسان کر دیا۔ دوسری کے لئے مشکل یہ دونوں وصف بھی وید میں ہیں۔ لہٰذا وید ہی خدائی کتاب ہے۔ چوتھے یہ کہ اس میں ایک مضمون کو بار بار بیان نہ کیا گیا ہو۔ یہ

marfat.com
Marfat.com

خوبی وید میں ہی ہے۔ قرآن تو ایک ہی مضمون بار بار بیان کرتا ہے۔ لہٰذا یہ خدائی کتاب نہیں ہو سکتی مگر یہ چاروں اصول بالکل غلط اور عقل کے خلاف ہیں۔ خدائی چیز کی پہچان ایسی ہونی چاہئے جو ہر جگہ کام دے۔ اگر پہلی پہچان صحیح ہو تو چاہئے کہ دنیا کی کوئی چیز بھی خدا کی بنائی ہوئی نہ ہو۔ کیونکہ ان میں سے کوئی بھی ہمیشہ سے نہیں۔ دن رات' آسمان' زمین' چاند' سورج سب ہی کچھ عرصہ سے بنے ہیں۔ بولو پنڈت جی تم بھی خدا کے بنائے ہوئے ہو کہ نہیں۔ تم بھی کچھ عرصہ پہلے ہی بنے ہو۔ اگر دوسری پہچان صحیح ہو تو بھی دنیا کی کوئی چیز خدا کی نہ ہو گی۔ کیونکہ ہر چیز میں تبدیلی ہے۔ دن جاتا ہے رات آتی ہے۔ اسی طرح ہمارا بچپن' جوانی' بڑھاپا' تندرستی بیماری سب بدلتے رہتے ہیں۔ چاہئے کہ ان میں سے کوئی بھی خدا کی نہ ہو۔ اسی طرح اگر تیسری پہچان صحیح ہو تو بھی دنیا کی کوئی چیز خدائی نہ رہے۔ کیونکہ حق تعالیٰ کی ساری نعمتیں خاص مخلوق کے ذریعے عام کو ملتی ہیں۔ آفتاب کے ذریعے سے روشنی بادل کے ذریعے سے بارش' تالاب اور دریا کے ذریعے سے پانی' عالموں کے ذریعے سے علم' مالداروں کے ذریعہ سے مال۔ بادشاہ کے ذریعے سے انصاف عام مخلوق کو ملتا ہے۔ تو اگر اہل عرب کے ذریعے قرآن ساری دنیا کو ملے تو کون سی بڑی بات ہے۔ چوتھی پہچان بھی غلط ہے۔ اگر یہ صحیح ہو تو بھی دنیا کی کوئی چیز خدا کی نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ دن رات بار بار آتے ہیں۔ موسم' فصلیں اور پھل وغیرہ سب بار بار ہی آتے رہے ہیں۔ اگر قرآن پاک میں ایک مضمون بار بار آئے تو کیا خرابی ہے۔ جس مضمون کو خوب یاد کرانا منظور ہوتا ہے وہ بار بار بیان کیا جاتا ہے۔ نیز قرآن کریم جس مضمون کو چند جگہ بیان فرماتا ہے۔ اس میں ہر جگہ نیا لطف اور نئی حکمتیں ہوتی ہیں۔ قرآن کی حقانیت کی دلیل ہے کہ ایک چیز کئی جگہ بیان ہو۔ مگر نئے انداز سے اور نرالے طریقے سے۔ بہر حال یہ پہچانیں سب غلط ہیں۔ صحیح پہچان وہی ہے جو قرآن پاک نے فرمائی۔

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ

اور خوشخبری دو تم ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور کام کیے انہوں نے اچھے تحقیق

اور خوشخبری دیں انہیں جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے ان کے لئے باغات ہیں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ

واسطے ان کے باغات ہیں بہتی ہیں سے نیچے ان کے نہریں جب کبھی دیئے جائیں

جن کے نیچے نہریں رواں جب ان کو باغوں سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا

رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ

گے وہ اس سے پھل کھانے کے لئے تو کہیں گے وہ یہ وہ ہے جو دیے گئے ہم پہلے اس سے

صورت دیکھ کر کہیں گے یہ تو وہی رزق انہیں پہلے سے ملا تھا اور

مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙۗ وَّهُمْ فِيْهَا

اور دیے جاویں گے ملتے جلتے ہم شکل اور واسطے ان کے اس میں بیویاں پاک وصاف

وہ صورت میں ملتا جلتا انہیں دیا جاوے گا اور ان کے لئے ان باغوں میں

marfat.com
Marfat.com

خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾

اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

ستھری بیبیاں ہیں اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔

تعلق : اس آیت کا گزری آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے جہنم کا ذکر تھا۔ اب جنت اور اس کے مستحقین کا ذکر فرمایا گیا۔ کیونکہ ہر چیز اپنے مقابل سے خوب پہچانی جاتی ہے۔ دوسرے یہ کہ حکم کو تین طرح قبول کرایا جاتا ہے۔ دلیلوں سے۔ ڈرا کر۔ لالچ دے کر۔ اس سے پہلے قرآن پاک کی حقانیت دلائل سے بیان فرمائی گئی۔ پھر اس کے نہ ماننے پر عذاب سے ڈرایا دھمکایا گیا۔ اب اس کے ماننے پر ثواب کی امید دلائی گئی۔ کیونکہ دنیا میں تین قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ بعض تو دلائل سے بات مان لیتے ہیں اور بعض خوف سے۔ بعضے لالچ سے۔ یا یوں کہو کہ انسان کی عقل دلیل سے بات مانتی ہے اور دل ڈر سے اور نفس لالچ سے۔ انہی تین چیزوں کا یہاں ذکر ہوا۔ خیال رہے کہ یہ تینوں ذریعے عاقلوں کے لئے ہیں۔ عشق ان تمام اسباب و ذرائع سے بے نیاز ہے۔ اپنا بد صورت بچہ' اپنا معمولی دیسی جھونپڑا پیارا ہے دلیل سے نہیں۔ بلکہ عشق سے۔ عقل کہتی ہے' کشمیر و پیرس اچھا۔ عشق کہتا ہے۔ مدینہ اعلیٰ۔ تیسرا یہ کہ انسان کو ضروری ہے کہ تین چیزیں معلوم کرے ایک اپنی ابتدا کہ میں کہاں سے آیا' دوسرے اپنی غذا کہ میں کہاں سے کھاتا پیتا ہوں۔ تیسرے اپنی انتہا کہ مجھے کہاں جانا ہے۔ اس سے پہلے دو چیزوں کا ذکر ہو گیا تھا کہ **الذی خلقکم** میں انسان کی ابتداء اور **الذی جعل لکم** میں اس کی غذا کا ذکر فرمایا رہی انتہا وہ کفار کی کچھ اور تھی مسلمانوں کی اور لہٰذا پہلے کفار کی انتہاء بیان فرما کر اب مسلمانوں کی انتہا کا ذکر ہو رہا ہے۔

تفسیر : **و بشر** یہ لفظ بشارت سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں خوشخبری۔ اور خوشخبری کو بشارت اس لئے کہتے ہیں کہ وہ بشرہ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں ظاہری کھال۔ چونکہ اچھی خبر کا اثر چہرے وغیرہ پر ظاہر ہو جاتا ہے کہ سن کر ہنسی آجاتی ہے۔ چہرے کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ اس لئے اس کو بشارت کہا جاتا ہے۔ یہاں تو صرف حضور سے خطاب ہے۔ یعنی اے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مسلمانوں کو آپ خوش خبری دیجئے۔ خیال رہے کہ ایک بشارت ہے آئندہ نبیوں کی آمد کی اس کے ساتھ تصدیق ہوتی ہے۔ گذشتہ نبیوں کی طرح حضور اس بشارت سے پاک ہیں' کیونکہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں۔ اس لئے حضور کو صرف مصدق فرمایا جاتا ہے۔ آدم علیہ السلام صرف بشیر ہیں کسی نبی کے مصدق نہیں۔ کیونکہ آپ سے پہلے کوئی نبی نہ ہوا تھا۔ دوسری بشارت ہے اللہ کی رحمتوں کی جس کے ساتھ نذارت ہے۔ اسی معنی سے حضور بشیر ہیں۔ آپ کا لقب بشیر و نذیر ہے۔ یہاں دوسری بشارت مراد ہے۔ یا عام علماء اور رواعظین سے۔ یعنی اے علماء اور رواعظو! تم مسلمانوں کو خوشخبری دیتے رہو۔ بشر کو باب تفعیل سے لایا گیا ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ ہمیشہ تھوڑی تھوڑی خوشخبریاں دیتے رہنا چاہئے کہ واعظ کا کوئی وعظ خوشخبری سے خالی نہ ہو۔ مگر خیال رہے کہ خوشخبری کے ساتھ ڈرانا بھی ضروری ہے۔ تاکہ مسلمانوں کو امید اور خوف رہے۔ **الذین امنوا** اس سے یا تو قرآن پر ایمان لانا مراد ہے کیونکہ پہلے اسی کا ذکر ہوا ہے یا ساری ایمانی باتوں پر۔ اور یہی زیادہ صحیح ہے۔ اس ایک کلمے سے ساری ایمانیات کا ذکر ہو گیا۔ یہاں تا قیامت ہر جگہ کے مومن مراد ہیں۔ کیونکہ جنت صرف انسان مومنوں کے

marfat.com
Marfat.com

لئے جیساکہ سورۂ احقاف میں مذکور ہے۔ تمام ایمانیات توحید' فرشتوں وغیرہ کا ماننا ایمان کا قالب یاڈھانچہ حضور کو ماننا ایمان کا قلب و روح ہے۔ شیطان توحید و تمام غیب کی چیزوں کو مانتا تھا۔ صرف نبی کا منکر تھا مومن نہ ہوا فلا و ربک لا یومنون ایمان کو عمل سے اسی لئے مقدم کیا گیا کہ ایمان سارے نیک اعمال کی اصل ہے۔ کافر کا کوئی نیک عمل قابل ثواب نہیں۔ نیز جنت میں داخل ہونے کے ایمان شرط ہے۔ رہے نیک اعمال وہ بسا اوقات ضروری نہیں رہتے۔ جو شخص ایمان لاتے ہی مر جائے وہ یقیناً جنتی ہے۔ حالانکہ اس نے نیک کام کوئی بھی نہ کیا۔ بدکار مسلمان بھی آخر کار جنت میں ضرور پہنچیں گے۔ مگر بے ایمان جنت سے بالکل محروم ہیں۔ **و عملوا الصلحت** ایمان کے بعد نیک عمل کا اسی لئے ذکر فرمایا گیا کہ کوئی شخص ایمان پر بھروسہ نہ کر بیٹھے۔ کیونکہ ایمان بنیاد ہے۔ اور اعمال عمارت فقط بنیاد سے مکان نہیں بن جاتا۔ بغیر عمل جنت کی طلب حماقت ہے۔ نیز ایمان نور ہے اور عمل اس کی زیادتی۔ جس کی برکت سے مسلمان کا ظاہر و باطن چمک جاتا ہے۔ نیز جنت کے راستے میں صدہا خندقیں ہیں۔ یہ اعمال وہ سواری ہیں۔ جس سے یہ خندقیں آسانی سے طے ہو جاتی ہیں۔ بلکہ یوں کہو کہ خود ایمان کے جاتے رہنے کا ہر وقت اندیشہ ہے۔ یہ اعمال ایمان کی روک تھام ہیں۔ **الصلحت** جمع **صلحتہ** کی ہے۔ جس کے معنی ہیں نیک کام اور جو جائز کام بھی رضائے الٰہی کے لئے کیا جائے وہ صالح ہے۔ اس میں عبادات معاملات وغیرہ سب ہی داخل ہو گئے' چونکہ ہر شخص سارے نیک کام نہیں کر سکتا۔ فقیر سے زکوٰۃ اور کمزور سے حج ناممکن ہے۔ اس لئے یہاں طاقت کے مطابق اعمال مراد ہیں **ان لهم جنت۔ لهم** کے مقدم کرنے سے معلوم ہوا کہ جنت صرف مومن کے لئے ہے۔ جنت جمع جنت کی ہے۔ جس کے معنی ہیں گھنا باغ۔ چونکہ گھنے باغ کی زمین درختوں سے چھپ جاتی ہے اس لئے اس کو جنت کہا جاتا ہے۔ جنت میں اگرچہ اور بھی صدہا نعمتیں ہوں گی لیکن جنت ان سب میں اصل ہے۔ اس لئے اس کا ذکر ہر جگہ فرمایا جاتا ہے۔ جنت کے آٹھ طبقے ہیں۔ جنت الفردوس' جنت عدن' جنت ماویٰ' دار الخلد' دار السلام' دار القامہ' **علیین**' جنت نعیم (تفسیر عزیزی) ان کے ناموں میں کچھ اختلاف بھی ہے۔ مسلمانوں کو ان کے اعمال کے مطابق ان طبقوں میں رکھا جاوے گا۔ چونکہ سارے مسلمانوں کے لئے یہ ساری جنتیں ہیں اس لئے آیت کا مطلب یہ ہوا کہ جنتیں مسلمانوں میں تقسیم ہو جائیں گی۔ جیسے کہ ریل میں تھرڈ سیکنڈ وغیرہ کئی درجے ہوتے ہیں۔ اور وہ سب مسافروں کے لئے ہی ہیں۔ لیکن جتنا روپیہ خرچ کیا جائے گا اتنا ہی درجہ ملے گا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اعلیٰ درجے والے ادنیٰ درجہ کے بھی مالک ہوں لیکن وہ اعلیٰ میں ہی رہیں گے۔ جیسے کہ فسٹ کلاس کا مسافر تھرڈ میں سفر کر سکتا ہے۔ مگر کرتا نہیں۔ **تجری من تحتها الا نهر** یہ ان باغوں کی صفت ہے۔ چونکہ باغوں کی سرسبزی پانی سے ہی ہوتی ہے اور جس باغ میں نہریں جاری ہوں وہ بڑا خوبصورت معلوم ہوتا ہے۔ اس لئے وہاں نہریں جاری ہوں گی۔ **انهار** نہر کی جمع ہے۔ جس کے معنی ہیں چیرنا۔ چونکہ زمین چیر کر دریا میں سے پانی لایا جاتا ہے اس لئے اسے نہر کہتے ہیں۔ جنت میں بھی حوض کوثر وغیرہ سے پانی آئے گا۔ اور ان باغوں میں ہوتا ہوا نکل جائے گا۔ اور یہ نہ تو بالکل نالی کی طرح تنگ ہوں گی اور نہ دریا کی طرح فراخ اور ٹیڑھی بل کھائی ہوئی۔ بلکہ نہایت سیدھی اور درمیانی فراخ۔ اس لئے ان کو نہر کہا گیا۔ بعضوں نے کہا ہے کہ یہاں انہار سے صرف پانی ہی کی نہریں مراد ہیں۔ کیونکہ باغ کی سرسبزی صرف پانی سے ہوتی ہے۔ اور چونکہ یہ نہریں ہر طبقے میں ہوں گی۔ اس لئے ان کو جمع لایا گیا۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ وہ چار قسم کی نہریں ہوں گی۔ پانی کی' شہد کی' دودھ کی اور شراباً طہوراً کی۔ کیونکہ یہ مومنین کے پینے کے لئے ہوں گی۔ اور وہاں کی سرسبزی قدرتی ہو گی۔ اگر جنت کے باغوں کی سبزی اس پانی

marfat.com
Marfat.com

سے ہوتی تو وہاں ہر وقت پانی نہ رہتا۔ کیونکہ اس سے درخت گل جاتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ نہ اس پانی سے وہ درخت گلیں گے نہ اس کے بغیر سوکھیں گے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان پھلوں میں دودھ اور شہد وغیرہ کا مزہ ہو۔ کیونکہ دنیا میں بھی اگر کسی درخت کی دودھ اور شہد سے پرورش کی جائے تو اس کے پھلوں میں لذت اور شیرینی بڑھ جاتی ہے۔ (تفسیر عزیزی) **کلما رزقوا** اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جنتیوں کے پاس رزق ہر وقت نہ ہو گا اور کبھی کبھی دیا جائے گا۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ وہاں کا پھل ہر وقت موجود ہو گا۔ لیکن ان کا کھانا وقتاً فوقتاً خواہش کے مطابق ہو گا۔ خیال رہے کہ جنت میں پھل ہوں گے غلہ نہ ہو گا۔ اس لئے وہاں باغات ہیں کھیت نہیں۔ کیونکہ غذا بقائے زندگی کے لئے ہوتی ہے اور پھل صرف لذت کے لئے۔ وہاں بھوک پیاس نہیں۔ وہاں کی زندگی غذا کی محتاج نہیں۔ صرف لذت کے لئے پھل کھائے جائیں گے۔ **رزقنا من قبل** اس میں دو احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ قبل سے مراد دنیوی پھل ہوں یعنی جب جنتی کوئی پھل پایا کریں گے تو کہا کریں گے کہ یہ ویسا ہی پھل ہے جیسے ہم کو دنیا میں ملتے تھے۔ کیونکہ یہ ان کے ہم شکل اور ہم رنگ ہوں گے۔ مگر جب کھائیں گے تو مزا نرالا پائیں گے اور یا اس سے خود جنت کے پہلے پھل مراد ہیں۔ یعنی جنت کا ہر پھل شکل و صورت میں پہلے پھلوں کی طرح ہو گا۔ مگر ہر بار وہ لذت اور ہی قسم کی ہو گی۔ مثلاً جب بھی سیب کھائیں گے علیحدہ مزا پائیں گے **و اتوا بہ متشابھا** اس کا مقصود یہ ہے کہ جنت کے پھل یا تو دنیاوی پھلوں کے ہم شکل ہوں گے یا وہاں کے ہی پھلوں کے۔ اس لئے کہ اجنبی چیز کی طرف دل راغب نہیں ہوتا۔ ان کے دلوں کو راغب کرنے کے لئے پھلوں کی شکل تو دنیاوی پھلوں کی طرح ہو گی۔ مگر لذت جدا تاکہ ان کو ہر بار نیا لطف آئے۔ تفسیر روح البیان میں فرمایا گیا کہ ہر جنتی کو کھانے پینے اور جماع میں سو آدمی کی قوت دی جائے گی۔ اور وہاں پیشاب اور پاخانہ کی بالکل ضرورت نہ ہو گی۔ بلکہ ان کی غذا خوشبودار پسینہ بن کر جسم سے نکل جائے گی۔ **ازواج** جمع زوج کی ہے۔ جس کے معنی ہیں جوڑا۔ یہ لفظ شوہر اور بیوی دونوں پر بولا جا سکتا ہے۔ مگر یہاں بیویاں ہی مراد ہیں۔ کیونکہ **لھم** کی ضمیر مذکر تھی اور آگے **مطھرۃ** جو کہ ازواج کی صفت ہے وہ مونث ہے۔ چونکہ شوہر بیوی کا گویا مالک ہوتا ہے اور بیوی شوہر کے لئے نعمت الٰہی ہے اس لئے جنت کی عورتوں کی خواہ وہ حوریں ہوں یا دنیاوی بیویاں وہاں کی نعمتوں میں سے شمار کیا گیا۔ خیال رہے کہ جو عورت جس مسلمان کے نکاح میں مرے گی وہ جنت میں اسی کے ساتھ رہے گی۔ اسی لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی بیویوں کا نکاح نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ وہ جنت میں حضور کے لئے خاص ہیں۔ اور جس عورت کا شوہر کافر ہو کر مرا یا جو کہ کنواری ہی مر گئی ان کا نکاح ان جنتیوں میں سے کسی سے کرا دیا جائے گا جو جنت کے بھرنے کے لئے پیدا کئے جائیں گے۔ اور جس کی بیوی کافر ہو کر مری یا کنوارا ہی مر گیا اس کے نکاح میں صرف حوریں ہوں گی۔ اور جس کی بیوی بھی مسلمان مرے وہ جنت میں اپنی اس بیوی کو بھی پائے گا اور حوروں کو بھی۔ لیکن وہاں یہ دنیاوی بیویاں حسن و جمال میں حوروں سے کسی طرح کم نہ ہوں گی۔ روایات میں آیا ہے کہ حضرت مریم عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ اور حضرت آسیہ فرعون کی بیوی جنت میں حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے نکاح میں آئیں گی۔ اس کی پوری تحقیق انشاء اللہ سورت مریم میں کی جائے گی۔ جنت میں ایک مرد کو چند بیویاں دی جائیں گی مگر ایک عورت کو چند مرد نہیں کہ یہ بے حیائی ہے۔ ایک مخدوم کے چند خادم ٹھیک ہیں مگر ایک خادم کے چند مخدوم ٹھیک نہیں۔ ہاتھ میں انگوٹھا جو نر ہے ایک ہے۔ انگلیاں جو مادہ ہیں وہ چند اسی لئے **لھم ازواج** ارشاد ہوا۔ نیز حور جو انسان نہیں ان کا نکاح انسانوں سے ہو سکے گا۔ دنیا میں نکاح کے لئے ہم جنس ہونا شرط ہے کہ انسان کا نکاح غیر انسان سے نہیں۔ خیال رہے کہ وہاں کی بیویاں قیامت کے بعد

marfat.com

Marfat.com

جنت میں پہنچ کر ہی ملیں گے۔ حضرت آدم و ادریس علیہما السلام اگرچہ جنت میں رہے۔ وہاں سب کچھ کھایا پیا۔ مگر حوروں سے بے تعلق رہے۔ شہداء کی روحیں جنت کے میوے کھاتی ہیں مگر حوروں سے بے تعلق۔ حضرت مریم نے دنیا میں جنتی میوے کھائے۔ اس لئے ازواج کے لئے **لهما** فرمایا اور ثمرة کے لئے **لهما** ارشاد نہ ہوا۔ **مطهرة** اس سے معلوم ہوا کہ عورتیں خواہ حور ہوں خواہ دنیا کی عورتیں تمام ظاہری اور باطنی عیبوں اور گندگیوں سے بالکل پاک ہوں گی۔ یعنی حیض نفاس 'پیشاب' پاخانہ ' منی' تھوک' میل ہر قسم کی بیماری وغیرہ سے بھی پاک ہوں گی۔ اور بد خلقی 'سخت زبانی' نافرمانی وغیرہ سے بھی ایک دم دور۔ ان کے چہرے کا نور آفتاب کی روشنی کو شرمادے گا **هم فيها خلدون** اس سے دو باتیں معلوم ہوئیں۔ ایک یہ کہ وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے اور کبھی نہ مریں گے۔ کیونکہ ان کے جسم پر روحانیت غالب ہو گی نہ کہ عنصریت۔ اور فنا عنصریت کے لئے ہے نہ کہ روح کے لئے۔ حضرت عکرمہ فرماتے ہیں کہ جنتی مرد عورتیں ہمیشہ پینتیس سال کے جوان رہیں گے ان کا قد حضرت آدم علیہ السلام کی طرح ساٹھ ہاتھ کا ہو گا۔ بے داڑھی ہوں گے۔ سب کی آنکھیں قدرتی سرگیں ہوں گی۔ ہر ایک کے جسم پر ستر جوڑے ہوں گے۔ ہر جوڑے کا علیحدہ رنگ ہو گا۔ اور وہ جوڑے ایسے شفاف ہوں گے کہ ان سب کا رنگ اوپر سے نظر آئے گا۔ روزانہ ان کا حسن و جمال بڑھے گا' نہ کبھی بوڑھے ہوں گے' نہ دبلے' نہ کمزور اور نہ ان کے کپڑے کبھی میلے ہوں گے۔ (تفسیر روح البیان)

**خلاصہ تفسیر** : قرآن پاک کے نہ ماننے پر سزا کا ذکر ہو چکا ہے۔ اب اس کے ماننے کی جزا کا ذکر ہو رہا ہے کہ اے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم جو صحیح مسلمان ہوئے اور ایمان پر ان کا خاتمہ ہوا۔ اور انہوں نے عبادت' سخاوت' خوش اخلاقی وغیرہ نیک اعمال کئے۔ انہیں یہ خوشخبری سنادو کہ ان کے مرنے کے بعد اس عالم میں ایسے عمدہ اور گھنے خوبصورت باغ دیئے جائیں گے کہ جن میں دودھ شہد وغیرہ کی نہریں بہتی ہوں گی اور ان باغوں کے میووں میں عجیب لطف یہ ہو گا کہ سب کی شکل و صورت رنگت و خوشبو تو یکساں مگر ذائقے الگ الگ۔ اس مشابہت کی وجہ سے جنتی کھاتے وقت سمجھیں گے کہ یہ وہی میوہ ہے مگر جب کھائیں گے تو ہر بار نیا ہی لطف پائیں گے۔ اور ان کو صرف کھانا اور مکان ہی نہ ملے گا بلکہ ان کے دل لگنے کے لئے اور گھروں کی آبادی کے لئے نہایت پاکیزہ بیویاں بھی دی جائیں گی جو کہ ساری نفرت کی چیزوں سے پاک ہوں گی۔ صورت نہایت زیبا اور سیرت نہایت اعلیٰ ہو گی۔ ان نعمتوں پر طرہ یہ کہ ان کو بڑھاپا وغیرہ کی تکلیفیں نہیں اور موت کا کھٹکا نہیں۔ دنیا کے سارے عیش موت کی وجہ سے تلخ ہیں۔ وہاں یہ تلخی بھی نہ ہو گی۔ بلکہ وہ اپنی عیش و آرام کے ساتھ ہمیشہ ہمیشہ وہاں رہیں گے۔

**فائدے** : اس آیت سے اتنے فائدے حاصل ہوئے' ایک یہ کہ جنت پیدا ہو چکی ہے۔ کیونکہ آدم علیہ السلام وہاں رہ چکے ہیں۔ حضور معراج میں وہاں کی سیر فرما چکے ہیں۔ اور اس آیت سے معلوم ہوا کہ جنت جنتیوں کے لئے نامزد ہو چکی ہے۔ نیز حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کو کوثر دیا جا چکا ہے۔ اور دی وہی چیز جاتی ہے جو موجود ہو۔
دوسرے یہ کہ جنت اور جنت والوں کے لئے فنا نہیں وہ ہمیشہ باقی رہیں گے۔ تیسرے یہ کہ اعمال ایمان میں داخل نہیں بلکہ ایمان کے علاوہ ہیں۔ کیونکہ یہاں اعمال کا ایمان پر عطف کیا گیا اور عطف غیریت چاہتا ہے۔ نیز بہت سے مومنین کو عمل کا موقع نہیں ملتا اگر اعمال ایمان کے جز ہوتے تو یہ لوگ مومن کیونکر ہوتے۔ چوتھے یہ کہ دنیا میں حائضہ عورت سے جماع کرنا منع

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ اس لئے کہ وہ گندی ہے اور مرد پاک‘ جنتی عورتیں ہر طرح پاک ہیں۔ لہٰذا جو مرد گناہوں کی ناپاکی میں لتھڑا ہو گا وہ ان کے پاس نہ جاسکے گا۔ پانچواں یہ کہ دنیا میں جو شخص حلال جماع سے جنبی ہو اس کو مسجد میں آنا حرام ہے۔ تو جو حرام شہوتیں پوری کرے اس کو جنت میں جانا بھی حرام ہو گا۔ کیونکہ وہ جگہ پاکوں کی ہے۔ چھٹے یہ کہ نیک پاک بیوی اللہ کی بڑی رحمت ہے۔ کیونکہ اس سے محبت زیادہ رہتی ہے۔ اچھوں کی صحبت تمام نعمتوں سے بڑھ کر ہے۔ حضور کے صحابہ صرف صحبت نبوی کی وجہ سے تمام مسلمانوں سے افضل ہیں۔

**تفسیر صوفیانہ** : جن لوگوں نے اپنے دلوں میں ایمان حقیقی (ایمان مقبول) کا بیج بویا۔ اور اس کو نیک اعمال کا پانی دیا تو ان کو ایسے باغات ملیں گے جن میں توکل‘ یقین‘ زہد‘ تقویٰ‘ صدق‘ اخلاق‘ ہدایت‘ قناعت‘ پاک دامنی‘ مجاہدہ‘ شوق ذوق‘ رغبت‘ خوف امید‘ صفائی قلب‘ وفا طلب‘ محبت‘ حیا‘ کرم‘ سخاوت‘ شجاعت‘ علم‘ حلم‘ معرفت‘ عزت رفعت‘ رحمت‘ ہمت کے گھنے درخت ہوں گے‘ جن کے نیچے اللہ کی رحمت اس کے کرم‘ اس کی عنایت‘ اس کے فضل اور توفیق کی نہریں ہوں گی۔ جب کبھی وہ ان درختوں سے مشاہدہ‘ کشف تجلی نور کے پھل پائیں گے تو کہیں گے کہ یہ تو ہم اس سے پہلے بھی پاچکے ہیں۔ مگر ہر کشف میں علیحدہ لذت اور ہر تجلی میں نیا نور ہو گا۔ اس لئے کہ اس راہ میں نئے آنے والے لوگ مشکل سے فرق کرتے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے طور کے نور کو نار یعنی آگ سمجھا اور فرمایا کہ **انی انست نارا**“ مگر جب سالک واصل ہو جاتا ہے تو ہر نار میں علیحدہ ذوق پاتا ہے۔ ان حضرات کے لئے اس قلبی باغ میں ان پھلوں کے علاوہ عالم غیب سے اور بھی رحمتوں کے جوڑے ملیں گے جو کہ اغیار کی نظر سے پاک ہوں گے اور وہ ان سے واپس نہ لئے جائیں گے۔ بلکہ ہمیشہ ان کے پاس ہی رہیں گے۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ جیسے جنت کے پھل دنیا کے پھلوں کی طرح ہوں گے نام اور شکل میں مگر لذت میں دنیوی پھلوں سے کوئی نسبت نہیں ایسے ہی انبیاء اولیاء کی عبادات اگرچہ نام و شکل میں ہماری عبادت کی طرح معلوم ہوتی ہیں کہ ہم بھی نماز پڑھتے ہیں وہ بھی۔ ارکان نماز دونوں جگہ یکساں معلوم ہوتے ہیں۔ مگر لذت و قبولیت میں کوئی نسبت نہیں۔ اسی لئے ہمارا پہاڑ بھر سونا خیرات کرنا صحابہ کے ایک سیر جو کو نہیں پہنچ سکتا۔

**اعتراض** : اس آیت سے معلوم ہوا کہ جنتی لوگ ہر پھل کو دیکھ کر یہی کہیں گے کہ یہ وہی پھل ہے جو کہ ہم کو پہلے مل چکا ہے۔ اس پہلے سے کیا مراد ہے۔ آیا دنیا میں پہلے مل چکا ہے یا جنت ہی میں؟ اگر کہا جائے کہ دنیا میں پہلے مل چکا ہے تو لازم آتا ہے کہ جنت میں دنیوی نعمتوں کے علاوہ کوئی نعمت نہ ہو تاکہ وہ ہر نعمت پر یہ کہہ سکیں کہ یہ تو ہم دنیا میں ہی پاچکے۔ حالانکہ قرآن کریم فرمارہا ہے کہ **فلا تعلم نفس ما اخفی لھم من قرۃ اعین** اور حدیث پاک میں آیا ہے کہ رب تعالیٰ نے جنت میں نیک بندوں کے لئے وہ نعمتیں مہیا فرمائی ہیں جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی نہ کان نے سنی نہ کسی کے خیال میں آئیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جنتی نعمتیں گمان و وہم سے بھی بالاتر ہیں۔ اور یہاں فرمایا ہے کہ **و اتو بہ متشابھا** ان آیات میں مطابقت کیونکر ہو سکتی ہے۔ نیز بعض جنتی فقراء اور مساکین ہوں گے۔ جن کو دنیوی نعمتیں دنیا میں بہت کم میسر آئی تھیں۔ نیز دنیا میں ہر ملک میں علیحدہ قسم کے پھل پائے جاتے ہیں پھر بھی جنتی وہاں ہر پھل کو دیکھ کر یہ کیونکر کہہ سکیں گے کہ **رزقنا من قبل**۔ اور اگر اس **قبل** سے مراد خود جنت ہی کی پہلی نعمتیں ہیں تو بھی درست نہیں ہوتا کیونکہ اس آیت سے معلوم ہو رہا ہے کہ جنتی ہر

marfat.com
Marfat.com

پھل کو دیکھ کر یہی کہیں گے تو جب بالکل پہلی بار وہ پھل کھائیں گے تو کیا کہیں گے۔ **جواب:** یہ اعتراض نہایت قوی ہے علماء نے اس کے دو جواب دیئے ہیں۔ ایک یہ کہ **من قبل** دونوں قسم کے پھلوں کو شامل ہے۔ یعنی جنتی پھلوں کو دیکھ کر تو دنیا کے پھل یاد کریں گے اور بعض کو دیکھ کر جنت کے اگلے پھل دوسرے یہ کہ **ھذا الذی** میں لفظ جزا پوشیدہ ہے۔ یعنی جنتی ہر پھل کو دیکھ کر یہ کہیں گے کہ ان اعمال کا بدلہ ہے۔ جن کی ہم کو دنیا میں توفیق ملی تھی اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جنت کی نعمتیں در حقیقت نیک اعمال ہوں جو کہ ان نعمتوں کی شکل میں ظاہر ہوئے (تفسیر عزیزی) اس کی تائید ان احادیث صحیحہ سے بھی ہوتی ہے۔ جن میں فرمایا گیا کہ دنیوی نیک و بد اعمال آخرت میں اچھی بری شکلوں میں ظاہر ہوں گے۔ دوسرا اعتراض اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ بغیر اعمال جنت نہیں مل سکتی۔ کیونکہ یہاں جنت کی خوشخبری کو ایمان اور عمل دونوں سے متعلق کیا گیا۔ حالانکہ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ جنت بغیر اعمال بھی مل سکتی ہے۔ **جواب:** یہ خوشخبری صالحین کے لئے بلاقید ہے اور گنہگار مسلمانوں کے لئے ارادہ الٰہی کی قید سے کہ اگر وہ چاہے تو ان کے گناہ معاف فرمادے اور چاہے تو سزا دے کر جنت دے۔ (تفسیر خزائن العرفان)۔ تیسرا اعتراض آریوں کا۔ جنتی مرد اور عورت پینتیس سال کے نوجوان ہوں گے۔ خوبصورت اور قوی ہوں گے۔ حالانکہ یہ لوگ دنیا میں کمزور، بوڑھے وغیرہ تھے۔ اسی کا نام "آواگون" ہے۔ آریہ مانتے ہیں کہ دنیا ہی میں ایک روح مختلف جسموں میں آتی ہے اور مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ یہ معاملہ آخرت میں ہوگا۔ نیز قرآن پاک سے ثابت ہے کہ بعض امتیں سور بندر وغیرہ بنادی گئیں۔ موسیٰ علیہ السلام کا عصا کبھی سانپ بن جاتا تھا، کبھی لاٹھی، یہی ہمارا عقیدہ ہے۔ **جواب:** اس مسئلہ کی تحقیق انشاء اللہ عصا موسوی کے ذکر کے موقع پر کی جائے گی۔ یہاں صرف اتنا سمجھ لو کہ جسم کا بدلنا ممکن بلکہ واقع ہے۔ لیکن روح کی تبدیلی ناممکن ہے۔ دن رات جسموں میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔ آگ ہوا بن جاتی ہے اور ہوا آگ۔ جسم انسانی مرنے کے بعد مٹی ہو جاتا ہے۔ زندگی میں بھی بچپن، جوانی، بڑھاپا، بیماری، تندرستی کی حالت میں جسم کی حالتیں بدلتی رہتی ہیں۔ یہ ہرگز آواگون نہیں۔ آواگون یہ ہے کہ روح انسانی اس جسم انسانی سے نکل کر گدھے کے جسم میں پہنچے اور روح ہماری بن جائے۔ یہ ناممکن ہے۔ چوتھا اعتراض اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو بھی ایمان دار ہو کر نیک اعمال کرے وہ جنت کا مستحق ہے۔ شیطان نے بھی مومن رہ کر بہت نیک کام کئے تھے۔ چاہئے کہ وہ جنتی ہو۔ کیونکہ اس آیت میں بقاء ایمان کی قید نہیں۔ **جواب:** یہاں ایمان سے مراد حقیقی ایمان ہے۔ اور وہی اللہ کے نزدیک مقبول ہے۔ اور ایمان حقیقی وہی ایمان ہے۔ جو دنیا سے مومن کے ساتھ جائے۔ شیطان کے متعلق فرمایا گیا کہ **و کان من الکفرین** یعنی وہ ایمان کی حالت میں ہی اللہ کے علم میں کافر تھا۔ جو ایمان ساتھ نہ جائے وہ حقیقت میں ایمان ہی نہیں۔ پانچواں اعتراض۔ نیچریوں کا۔ شعر۔

ایسی جنت کا کیا کرے کوئی     جس میں لاکھوں برس کی حوریں ہوں

جب جنت قیامت کے بعد دی جائے گی تو اتنے پہلے اس کو پیدا کرنے کی کیا ضرورت۔ زیادہ عمر سے چیزیں خراب ہو جاتی ہیں۔ **جواب:** حقیقت میں یہ دو اعتراض ہیں۔ ایک یہ کہ جنت قیامت سے پہلے کیوں پیدا ہوئی۔ دوسرے یہ کہ پرانی چیز کمزور اور خراب ہو جاتی ہے۔ پہلے سوال کا جواب یہ ہے کہ قیامت سے پہلے بھی جنت میں صدہا کام ہو رہے ہیں۔ جنت میں آدم علیہ السلام کو اولاً رکھا گیا۔ اب بھی وہاں ادریس علیہ السلام موجود ہیں۔ اب بھی وہاں بعض صالحین کی روحیں پرندوں کی شکل میں

marfat.com
Marfat.com

رہتی ہیں۔ اب بھی وہاں حور و غلمان وغیرہ رب کی تسبیح و تہلیل کر رہے ہیں۔ وہاں کی سیر حضور علیہ السلام کو کرائی گئی۔ مسلمان اس پر ایمان لاتے ہیں کہ جنت حق ہے۔ اور وہاں کا پانی حضور علیہ السلام نے صحابہ کرام کو پلایا۔ یعنی اپنی پاک انگلیوں سے پانی جاری فرمادیا۔ یہ وہی پانی تھا۔ (روح البیان وغیرہ)۔ حضور نے وہاں کی بعض نعمتیں صحابہ کرام کو کھلادیں۔ کہ حضرت جابر کے گھر تھوڑے گوشت و آٹے سے صدہا آدمیوں کی دعوت فرمادی۔ یہ آٹا وغیرہ وہاں سے آرہا تھا۔ اب بھی وہاں کا پتھر سنگ اسود خانہ کعبہ میں نصب ہے۔ اب بھی وہاں کا لباس یعنی ناخن ہر انسان کے پاس موجود ہیں۔ اور اگر یہ نفعے فی الحال حاصل نہ بھی ہوتے تب بھی اس کا ہونا بیکار نہ ہوتا۔ ہر حکومت اپنے سارے محکمے پہلے ہی سے قائم کرلیتی ہے۔ کچہری' جیل خانہ' شفاخانہ پہلے ہی سے بنالئے جاتے ہیں۔ اس کا انتظار نہیں ہوتا کہ کوئی جرم کرے تب جیل بنے۔ کوئی بیمار ہو تب شفاخانہ بنے۔ نہیں پہلے ان سب چیزوں کا ہونا سلطنت کی شان اور سلطان کا رعب ہے۔ دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ پرانا ہونا خراب یا کمزور ہونا ان عنصری جسموں کی خصوصیت ہے۔ غیر عنصری جسم نہ پرانے ہوتے ہیں نہ خراب۔ بتاؤ تو چاند' سورج' ستارے' زمین و آسمان وغیرہ کب کے بنے ہوئے ہیں؟ کیا یہ پرانے ہوکر خراب ہوگئے؟ آپ کی روح کتنی پرانی ہے؟ کیا کمزور ہوگئی یا خراب ہوگئی؟ ہرگز نہیں۔ تو جنت کی نعمتیں کیوں خراب ہوں گی۔ چھٹا اعتراض جنت میں انہار کیوں ہیں؟ دریا کیوں نہیں؟ پانی دریا میں زیادہ ہوتا ہے۔ **جواب:** چند وجہ سے ایک یہ کہ باغوں میں نہر ہی کی ضرورت ہے۔ دریا کی ضرورت نہیں دوسرے یہ کہ نہر مکانوں کے اندر بھی جاسکتی ہے۔ جیسے دہلی کے لال قلعہ میں مگر دریا نہیں جاسکتا۔ تیسرے یہ کہ نہر سیدھی اور خوبصورت ہے۔ دریا ٹیڑھا اور بدنما ہوتا ہے۔ بلکہ ہیبت ناک ہوتا ہے۔ چوتھے یہ کہ نہر ہمیشہ فائدہ مند ہوتی ہے مگر دریا کبھی طغیانی سے تباہی مچادیتا ہے۔ پانچویں یہ کہ نہر کا پانی قبضہ میں ہوتا ہے جب چاہو جتنا چاہو چھوڑو مگر دریا کا پانی قبضہ سے باہر ہوتا ہے۔ چھٹے یہ کہ دریا اکثر چشموں سے نکلتا ہے۔ اور نہر دریا سے۔ جنت کی نہریں بھی حوض کوثر وغیرہ سے نکلیں گی۔ ساتویں یہ کہ دریا سے براہ راست کھیتوں باغوں کو پانی نہیں دیا جاسکتا۔ نہر سے بلاواسطہ دیا جاتا ہے۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحْيِي أَنْ يَضْرِبَ مَثَلًا مَا بَعُوضَةً فَمَا

تحقیق اللہ نہیں حیا فرماتا یہ کہ بیان فرمادے کہاوت کوئی سی مچھر پس وہ جو اوپر ہے

بے شک اللہ اس سے حیا نہیں فرماتا کہ مثال سمجھانے کو کیسی ہی چیز کا ذکر فرمادے مچھر ہو یا اس سے

فَوْقَهَا ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ

اس کے پس لیکن وہ جو ایمان لائے پس جانتے ہیں تحقیق وہ سچی ہے طرف سے

بڑھ کر تو وہ جو ایمان لائے وہ تو جانتے ہیں کہ یہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے اور کافر

رَبِّهِمْ ۖ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ

رب ان کے اور لیکن وہ جو کہ کافر ہوئے پس کہتے ہیں کیا وہ جو ارادہ کیا

کہتے ہیں ایسی کہاوت میں خدا کا کیا مقصود ہے اللہ بہتیروں کو اس سے گمراہ

marfat.com
Marfat.com

بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ

| |
|---|
| اللہ نے ساتھ اس کہاوت کے گمراہ فرماتا ہے ساتھ اس کے بہت کو اور ہدایت دیتا ہے ساتھ اس کے بہت کو |
| کرتا ہے اور بہتیروں کو ہدایت دیتا ہے۔ |

**تعلق** : اس سے پہلے قرآن پاک کی حقانیت دلائل سے ثابت فرمائی گئی اور اس کے ماننے کی جزا اور نہ ماننے کی سزا کا ذکر فرما کر اس پر ایمان لانے کی رغبت دی گئی۔ اب ان شبہات کو دور فرمایا جارہا ہے۔ جو کہ کفار قرآن پاک پر کرتے تھے جن کی وجہ سے وہ قرآن کو کتاب اللہ نہ مانتے تھے۔ کیونکہ کسی شے کے ثبوت کے لئے جس طرح دلائل کی ضرورت ہے اسی طرح مخالفین کے شبہات کے جوابات کی بھی۔ **دوسرا تعلق:** پچھلی آیت میں ارشاد ہوا تھا کہ جنت نیک مومنوں کے لئے ہے۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ مومن وہ ہے جو قرآن کریم کی ہر بات کو بلا چون وچرا تسلیم کرلے۔ **شان نزول:** سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب قرآن کریم میں بتوں کو مکڑی کے جالے سے تشبیہ دی گئی تو یہود نے کہا کہ اگر قرآن کریم خدائی کتاب ہوتا تو اس میں ان حقیر چیزوں کا ذکر نہ ہوتا۔ کیونکہ ایسی چیزوں کا ذکر خدا کی شان کے خلاف ہے۔ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ جب منافقین کی حالت کو آگ اور تاریکیوں اور گرج اور بجلی سے تشبیہ دی گئی تو منافقین نے طعنہ دیا کہ اتنی بڑی عظمت والے رب تعالیٰ کو ان مثالوں کی کیا ضرورت پڑی تھی۔ یہ خدائی کتاب نہیں ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ طعنہ مشرکین دیا کرتے تھے۔ اس موقعہ پر یہ آیت آئی۔ شان نزول کی یہ سب صورتیں اس طرح جمع ہوسکتی ہیں کہ یہ تینوں جماعتیں جب ایسے واہیات شبہات کرچکیں تب ان سب کی تردید میں یہ آیت کریمہ اتری۔ کیونکہ یہ تینوں جماعتیں بلکہ سارے کفار حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو ایذا دینے میں متفق تھے۔ اور سورت بقر کے شروع سے اب تک ان تینوں جماعتوں کا ذکر بھی ہوچکا ہے۔ (تفسیر کبیر)

**تفسیر** : **ان اللہ لا یستحی۔ لا یستحی**۔ حیا سے بنا ہے جس کے معنی ہیں شرم وغیرت۔ جب بدنامی اور برائی کے خوف سے دل میں کسی کام سے رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہے۔ اس رکاوٹ کا نام حیا ہے۔ یہ ایک درمیانی حالت ہے۔ اس کے نیچے ہے 'خجالت یعنی شرمندگی اور اس کے اوپر ہے وقاحت۔ جس کے معنی بے غیرتی' بے شرمی۔ ان تینوں میں فرق یہ ہے کہ حیاء کی وجہ سے انسان وہ کام کرتا ہی نہیں۔ خجالت میں کام کرکے شرمندہ ہوتا ہے۔ وقاحت میں بے غیرتی کے کام پر دلیری اور جرات کرتا ہے۔ حیاء اور غضب اور رحمت وغیرہ کے حقیقی معنی سے رب تعالیٰ پاک ہے۔ کیونکہ یہ دل کی صفتیں ہیں اور دل جسموں میں ہوتا ہے۔ لہٰذا حق تعالیٰ پر جہاں کہیں یہ الفاظ استعمال کئے جائیں گے وہاں ان کا نتیجہ مراد ہوگا مثلاً حیا کا نتیجہ ہے کام چھوڑ دینا' غضب کا نتیجہ ہے بدلہ لینا' رحمت کا نتیجہ ہے نفع پہنچانا۔ حق تعالیٰ کے لئے ان الفاظ کے یہی معنی مراد ہیں۔ حیا نہ فرمانے کے معنی ہے ان مثالوں کو نہ چھوڑنا **ان یضرب**۔ ضرب سے بنا ہے جس کے معنی ہیں مارنا' چلنا' مثال بیان کرنا۔ یہاں تیسرے معنی مراد ہیں **مثلا**" اس کی تحقیق ہم پہلے کرچکے ہیں کہ مثل اس کہاوت کو کہتے ہیں جو عجیب وغریب موقع پر بولی جائے۔ **ما** یہ لفظ تنکیر یہ ہے جس کی وجہ سے **مثلا**" کا ابہام اور بھی زیادہ ہوگیا۔ **مثلا**" کے معنی کہاوت اور **مثلا**" **ما** کے معنی

marfat.com
Marfat.com

ہیں کوئی سی کہاوت۔ تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ اللہ تعالیٰ کسی بھی کہاوت سے حیا نہیں فرماتا **بعوضتہ** "بعض سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں ٹکڑا۔ چیز کے حصے کو اسی لئے بعض کہتے ہیں کہ وہ کل کا ایک ٹکڑا ہے۔ چونکہ ٹکڑا کل سے چھوٹا اور حقیر ہوتا ہے۔ اس حقارت کے لحاظ سے مچھر کو بعوضہ کہا گیا چونکہ یہ بہت چھوٹا جانور ہے۔ یا اس لئے کہ مچھر گویا مکھی کا ٹکڑا ہے۔ **فما فوقھا** اس کے معنی ہیں مچھر سے اوپر کی چیزیں۔ اس اوپر میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ اس لفظ سے مچھر سے بڑی چیزیں مراد ہوں جیسے مکھی مکڑی وغیرہ تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ حق تعالیٰ مچھر اور اس سے بڑی چیزوں (جیسے مکھی و مکڑی وغیرہ) کی کہاوت سے شرم نہیں فرماتا۔ دوسرے یہ کہ مچھر سے بھی بڑھ کر حقیر چیزیں مراد ہوں یعنی جو چیزیں کہ مچھر سے بھی زیادہ چھوٹی اور حقیر ہوں تب آیت کے معنی یہ ہوئے کہ حق تعالیٰ مچھر اور اس سے بھی کم تر چیزوں کی کہاوت سے حیا نہیں فرماتا۔ نکتہ: مچھر وغیرہ میں چند عجیب خصوصیتیں ہیں ایک یہ کہ بھوکا رہ کر زندہ رہتا ہے۔ پیٹ بھر کر مرجاتا ہے۔ اسی طرح دنیادار مصیبت میں رب کی یاد کرتا ہے۔ عیش میں رب کو بھول جاتا ہے۔ دوسرے یہ کہ چھوٹی چیزیں حق تعالیٰ کی قدرت کو بڑی چیزوں سے زیادہ ظاہر کرتی ہیں۔ کیونکہ چھوٹی چیزوں میں بھی وہی سارے اعضاء موجود ہوتے ہیں جو بڑی میں ہیں۔ چنانچہ مچھر میں ہاتھی کے سارے عضو موجود ہیں۔ حتیٰ کہ اس کی سونڈ بھی ہے۔ بلکہ دو پر اور زیادہ ہیں۔ نیز انسان بڑی چیز کا اچھی طرح فوٹو کھینچ سکتا ہے۔ مگر مچھر وغیرہ کا صحیح فوٹو جس میں کہ اس کے سارے اعضاء موجود ہو جائیں۔ ناممکن ہے تیسرے: یہ کہ مچھر ہاتھی کو مار ڈالتا ہے۔ لیکن ہاتھی مچھر کو نہیں مار سکتا۔ چوتھے: یہ کہ مچھر بہادر اور دلیر ہے کہ شیر' ہاتھی اور سانپ وغیرہ قوی جانور انسان سے ڈر کر جنگل میں رہتے ہیں۔ لیکن یہ بہادر انسان کے گھروں میں رہے اور آواز دے کر انسان کو کاٹے۔ جس سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ چاہے تو چھوٹے سے بڑا کام لے لے۔ اگر مچھر کی سی بہادری شیر اور سانپ میں ہوتی تو کوئی بھی انسان زندہ نہ رہتا۔ پانچویں: یہ کہ بڑے بڑے بادشاہ مچھر سے عاجز ہوئے کہ اس کے دفع کرنے کی صدہا تدبیریں کرتے ہیں۔ مگر اس سے امن نہیں ملتی۔ نمرود جیسے جابر بادشاہ کو ایک مچھر نے اتنے جوتے لگوائے کہ اس کا خدائی کا نشہ دور ہو گیا اور آخر کار مچھر ہی نے اس کو ہلاک کیا۔ جس سے معلوم ہوا کہ جب بڑے سے بڑا انسان ایک مچھر کی برداشت نہیں کر سکتا تو جہنم کے سانپ بچھو کیسے برداشت کرے گا۔ حکایت: سلطان مامون الرشید خطبہ پڑھ رہا تھا کہ ایک مچھر اس کی آنکھ پر آبیٹھا۔ بار بار اڑایا مگر وہ دفع نہ ہوا۔ آخر کار سلطان کو خطبہ چھوڑنا پڑا اور کہنے لگا کہ خدا نے مچھر کو کیوں پیدا کیا ہے۔ حضرت مولانا ابو ہذیل بصری نے فرمایا کہ مچھر اس لئے پیدا ہوا تاکہ اس سے بڑے جابر بادشاہ مجبور ہو کر رب کی قہاری معلوم کریں۔ چھٹے: یہ کہ بڑی چیزوں کے راز و اسرار معلوم کرنا آسان لیکن چھوٹی چیزوں کے مشکل **فاما الذین امنوا۔ اما** میں شرط کے معنی ہیں۔ اسی لئے اس کے جواب میں "ف" آتی ہے اور اس سے کلام کی تاکید ہو جاتی ہے۔ **زید۔ ذاھب** اور **اما زید فذاھب** میں دوسرا جملہ زائد تاکید والا ہے۔ **امنوا** سے یا وہ لوگ مراد ہیں جو اس وقت ایمان لا چکے یا وہ جو علم الٰہی میں مومن ہیں اگرچہ بظاہر ابھی کافر ہوں تو آیت کے معنی یہ ہوئے جو ایمان لا چکے ہیں وہ ان مثالوں کو حق جانتے ہیں اور یا یہ کہ جو علم الٰہی میں مومن ہیں وہ عنقریب جان لیں گے کہ یہ حق ہے۔

**فیعلمون انه الحق** حق کے چند معنی ہیں۔ صحیح۔ ثابت۔ واجب۔ یہاں پہلے دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں۔ یعنی یہ مثالیں بالکل صحیح ہیں یا یہ مثالیں ایسی مضبوط ہیں کہ جن کے انکار کی گنجائش نہیں۔ حق اور صدق میں یہ فرق ہے کہ صدق یعنی (سچ) وہ

marfat.com
Marfat.com

ہے جو واقع کے مطابق ہو اور حق (صحیح) وہ ہے کہ واقعہ اس کے مطابق ہو۔ **من ربھم** اس سے معلوم ہوا کہ مومنین ان جیسی مثالوں کی وجہ سے قرآن کے کلام الٰہی ہونے کا انکار نہیں کرتے۔ وہ جانتے ہیں کہ جب مچھر وغیرہ کو پیدا کرنا عیب نہیں تو ان کی مثال دینا کیوں عیب ہو گا۔ بلکہ یہ تو عین حکمت ہے۔ کیونکہ چھوٹی چیز کی مثال چھوٹی سے اور بڑی کی بڑی سے ہی دی جاسکتی ہے۔ چونکہ مومن افضل ہیں کافر ادنیٰ و ارذل۔ لہٰذا یہاں مومنوں کی صفات کا ذکر پہلے ہوا کفار کے عیب کا ذکر بعد میں۔ آگے چونکہ صرف گمراہوں کی تفصیل مذکور ہے۔ **وما یضل بہ الخ** مومنوں کو ان کے تقابل سے جانا گیا۔ اس لئے وہاں گمراہوں کا ذکر پہلے ہے ہدایت والوں کا بعد میں کہ فرمایا **یضل بہ کثیرا** " **و یھدی بہ کثیرا** " ترتیب کی تبدیلی میں یہ حکمت ہے۔ گمراہی ہماری اصلی حالت ہے۔ ہدایت محض عارضی بہ عطاء رب۔ لہٰذا گمراہی کا ذکر پہلے جیسے تاریکی اصل ہے نور عارضی موت اصل ہے زندگی عارضی۔ اسی لئے رب نے ظلمت کو نور سے پہلے موت کو حیات سے پہلے ذکر کیا کہ فرمایا **الظلمات والنور** اور فرمایا **خلق الموت والحیوۃ** نیز دنیا میں گمراہ زیادہ ہیں ہدایت پر کم۔ لہٰذا گمراہی کا ذکر پہلے ہوا۔ **و اما الذین کفروا** صحیح یہ ہے کہ **کفروا** سے یہود، مشرکین منافقین سب مراد ہیں۔ کیونکہ سب ہی کا یہ اعتراض تھا **فیقولون** یہ لفظ یا تو حال کے معنی میں ہے یا استقبال کے یا دونوں کے بطریق عموم مشترک تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ کفار یہ اعتراض کرتے بھی ہیں اور کریں گے بھی لہٰذا یہ غیب کی خبر ہے۔ اس کی سچائی اب بھی ظاہر ہو رہی ہے کہ عیسائی وغیرہ اب بھی یہ اعتراض کر رہے ہیں۔ **ماذا** یہ ما استفہامیہ اور **ذا الذی** کے معنی میں ہے یعنی وہ کون سی حکمت ہے۔ **اراد اللہ بھذا مثلا** " یہ **ھذا** حقارت کے لئے ہے۔ یعنی ان جیسی حقیر مثالوں سے خدا نے کیا ارادہ کیا۔ **یضل بہ** یہ کفار کے سوال کا جواب ہے۔ کیونکہ وہ کہتے تھے کہ اللہ ان حقیر مثالوں سے کیا چاہتا ہے تو جواب دیا گیا کہ یہ مثال کفر و ایمان کی کسوٹی ہے۔ جس سے مومن اور کافر کی پہچان ہو گئی۔ کافروں کو اس کے ذریعے سے گمراہ کر دیا گیا اس طرح کہ ان کی گمراہی کو اور زیادہ کر دیا۔ ورنہ وہ گمراہ تو پہلے ہی تھے۔ جیسے بارش گندے نالے پر پڑے تو اس کی گندگی اور زیادہ پھیل جاتی ہے۔ کیونکہ ان مثالوں پر بفضلہ تعالیٰ کسی مسلمان نے اعتراض نہیں کیا اور نہ کوئی ان کی بناء پر مرتد ہوا۔ یا ان مثالوں کے ذریعہ منافق و مخلص، ضعیف الاعتقاد، پختہ مومنوں میں فرق ہو گیا کہ منافقوں نے ان پر اعتراض کئے۔ ضعفاء ان اعتراض کی وجہ سے تذبذب میں پڑ گئے۔ مگر مخلصوں نے نہ اعتراض کئے نہ اعتراضات سنے اور مومنوں کو ہدایت دی۔ گمراہ کرنے کے معنی وہی ہیں جو ہم ختم اللہ کی آیت میں بیان کر چکے۔ **کثیرا** " یہاں کثیر (بہت) تھوڑوں کے مقابلے میں نہیں ہے۔ بلکہ یہ معنی ہیں کہ اس کے ذریعے بہتیرے گمراہ ہو جاتے ہیں اور بہتیرے ہدایت پا جاتے ہیں۔ **و یھدی بہ کثیرا** " ھدی سے مراد یا تو ہدایت دینا ہے یا ہدایت پر قائم رکھنا اور یا ہدایت کو کامل بنانا یعنی ان مثالوں سے بہتوں کو ہدایت مل جاتی ہے اور بہت ہدایت پر قائم رہتے ہیں اور بہتوں کو ہدایت کامل ہو جاتی ہے۔

خلاصہ ء تفسیر : جب قرآن کریم نے اہل عرب کو اپنے مقابلے میں دعوت دی۔ اور کفار نے مقابلے کے لئے ایڑی چوٹی کے زور لگا دیئے پھر بھی ان سے مقابلہ نہ ہو سکا۔ بڑے بڑے نامور علماء و فضلاء کی کمیٹیاں ہوئیں مگر کوئی بھی ایک آیت قرآن جیسی نہ بنا سکا۔ ہاں مسیلمہ کذاب نے کچھ سورتیں بنائیں۔ مگر جب وہ خود کفار کے سامنے پیش کی گئیں تو انہوں نے ہی ان کا قہقہہ اڑایا اور حضور علیہ السلام کے سامنے پیش ہونے کا موقعہ ہی نہ آیا۔ جیسے کہ اس زمانے میں بعض شیعہ علماء نے سورۃ

marfat.com
Marfat.com

حسنین اور سورۂ فاطمہ بنائیں۔ مگر مارے غیرت کے ان کے ظاہر کرنے کی ہمت نہ کی اور سنا گیا ہے کہ سید احمد خان علی گڑھی نے قرآن پاک میں اپنی طرف سے کچھ ترمیم کی۔ مگر یہ سب چیزیں دنیا کے سامنے آنے سے پہلے ہی گم ہو گئیں۔ تو کفار کو تو اور کچھ بن نہ پڑا۔ یہ کہنے لگے کہ اگر یہ قرآن شریف خدائی کلام ہوتا تو اس میں ایسی چھوٹی چھوٹی اور حقیر چیزوں سے مثل کیوں دی جاتی اتنی بڑی ذات اور ایسی چھوٹی چیزوں کا ذکر کرے۔ خدا تعالیٰ ان کا جواب دیتے ہوئے فرماتا ہے کہ حق تعالیٰ چھوٹی چیزوں کی مثال سے کچھ شرم نہیں فرماتا۔ کیونکہ مثال سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ معقول چیز محسوس بن کر ہر ایک کی سمجھ میں آجائے اور اس کے ذریعے مضمون کو دل قبول کرے۔ کسی چیز کا جیسا حال ہو گا اسی قسم کی چیز سے اس کی مثال دی جائے گی۔ بڑی چیز کی مثال بڑی اور حقیر چیز کی مثال حقیر اس پر اعتراض کرنا محض غلط اور بیجا ہے بلکہ یہ تو کمال حکمت ہے کہ مثل اصل کے مطابق ہو حقیر چیزوں کی مثال چھوڑ دینی اور ان کو بغیر مثال لانا ان کے سمجھانے کے لئے کافی نہ ہو گا۔ مثل مشہور ہے کہ مثال اقوال کا چراغ ہے۔ چراغ خواہ سونے کا ہو خواہ مٹی کا روشنی میں فرق نہیں رکھتا۔ ہاں فحش و گندی باتیں جھوٹی خبریں اللہ تعالیٰ کی شان کے خلاف ہیں۔ اسی لئے قرآن کریم ان دونوں سے پاک ہے۔ اے کافرو! تم جو کہتے ہو کہ ان معمولی مثالوں سے مقصد کیا ہے تو اصلی مقصد جو تھا وہ بتا دیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ ان سے یہ فائدہ بھی حاصل ہوا بے ایمانوں کی بے ایمانی اور ایمان داروں کے ایمان ان مثالوں کو سن کر اور بڑھ گئے۔ یہ مثالیں اس پانی کی طرح ہیں جو کھاری زمین میں پہنچ کر کانٹے وغیرہ عمدہ زمین میں گلاب و چنبیلی وغیرہ لگاتا ہے۔ بارش تو ایک ہی ہے مگر مختلف زمینوں میں مختلف اثر کرتی ہے۔ اسی طرح مثالیں ایک ہیں مگر مسلمانوں کے دلوں میں پہنچ کر اور اثر کرتی ہیں اور کفار کے قلوب میں اور۔

**فائدے:** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ ایک یہ کہ جب ضدی انسان دلائل سے عاجز ہوتا ہے تو وہم اور بے جا شکوک کی دلدل میں پھنس جاتا ہے۔ اسی لئے بزرگان دین فرماتے ہیں کہ ہدایت دلیلوں سے نہیں ملتی بلکہ حق تعالیٰ کے فضل سے دوسرے یہ کہ بری چیز کا جاننا اور اس کا ذکر کرنا برا نہیں ہاں فحش طریقے سے بیان کرنا برا ہے۔ اس سے دیوبندیوں کا یہ اعتراض بھی اٹھ گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے علم سے شیطان کا علم زیادہ ہے۔ کیونکہ شیطان بری چیزوں کو بھی جانتا ہے اور حضور کے لئے ان کا جاننا عیب ہے۔ **تیسرے:** یہ کہ بدکاروں کے لئے اچھا وعظ بجائے فائدے کے نقصان پہنچاتا ہے۔ یہ وعظ کی خرابی نہیں بلکہ اس کے دل کی خرابی ہے۔ **چوتھے:** یہ کہ قرآن ایک ہے۔ مگر اس کے دیکھنے والی نظریں دو قسم کی۔ قبول کی نظر۔ اعتراض کی نظر۔ پہلوں کو ہدایت اور دوسروں کو اس سے گمراہی ملتی ہے۔ یہ قرآن کا قصور نہیں بلکہ نظر کا فتور ہے۔ یہی حال صاحب قرآن علیہ السلام کے جمال پاک میں ہے۔ صدیقی نگاہ سے دیکھنے والے صحابی بن گئے اور ابو جہلی نظر سے مشاہدہ کرنے والے طاغی و عذابی ہو گئے۔ ماں اپنے بچے کو اور نظر سے دیکھتی ہے۔ ڈائن دوسری نظر سے۔

**اعتراض:** قرآن کریم میں کہیں بھی مچھر سے تشبیہ نہیں دی گئی۔ ہاں لکڑی اور مکھی کا ذکر ضرور آیا ہے۔ تو یہاں یہ فرمانا کہ رب تعالیٰ مچھر کی مثال سے شرم نہیں فرماتا کیونکر صحیح ہو گا۔ **جواب:** یہ کفار کے اعتراض کا کامل طور پر جواب ہے یعنی اے کافرو تم تو مکھی اور مکڑی کے ذکر سے مرے جا رہے ہو حق تعالیٰ تو مچھر بلکہ اس سے بھی حقیر چیز کے ذکر سے نہیں شرماتا۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کہیں مچھر کا ذکر آیا ہے۔ **دوسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ مومنین بہت ہیں۔ کیونکہ

marfat.com
Marfat.com

ارشاد ہوا و یھدی بہ کثیرا" مگر دوسری جگہ فرمایا گیا و قلیل من عبادی الشکور جس سے معلوم ہوتا ہے کہ شکر گزار بندے تھوڑے ہیں۔ جواب: مومنین تعداد میں لاکھوں کروڑوں ہیں۔ لہٰذا بہت ہیں۔ لیکن کفار کے مقابلے میں کم۔ اس آیت میں ان کی تعداد کی زیادتی مراد ہے۔ اور وہاں کفار کے مقابلے میں کمی۔ نیز مومن اگرچہ کافروں سے بظاہر کم ہیں لیکن حقیقت میں ان سے زیادہ کیونکہ یہ سچے ہیں اور وہ جھوٹے اور تھوڑے سچے بہت جھوٹوں سے زیادہ ہیں۔ اسی لئے حدیث پاک میں ارشاد ہوا کہ بڑے گروہ کے ساتھ رہو اگر ایک آدمی بھی حق پر ہے تو وہی بڑا گروہ ہے کیونکہ حق اعظم (بڑا) ہے۔ (تفسیر روح البیان شرح فقہ اکبر ملا قاری) اس لئے کہ اس ایک کے ساتھ پچھلا سارا بڑا گروہ ہے۔ لہٰذا اس آیت میں مسلمانوں کی حقیقی زیادتی بیان ہوئی اور کفار کی تعداد کی زیادتی اور وہاں مسلمانوں کی تعداد کی کمی۔ تیسرا اعتراض: اس آیت میں یہ تو بتایا گیا ہے کہ اللہ چھوٹی چیزوں کے ذکر سے حیا نہیں فرماتا۔ مگر اس کی وجہ نہیں بتائی گئی کہ کیوں حیا نہیں کرتا۔ لہٰذا کفار کا اعتراض ویسا ہی باقی رہا۔ کیونکہ وہ کہہ سکتے ہیں کہ جو اس سے حیا نہ کرے وہ خدا نہیں۔ جواب: یہ مسئلہ بالکل ظاہر تھا۔ اس لئے اس کی وجہ بتانے کی کوئی ضرورت نہ تھی کیونکہ قرآن کریم عربی زبان میں آیا اور اہل عرب عام چھوٹی بڑی مثالیں دیا کرتے ہیں۔ قرآن نے بھی مثالیں دیں تو کیا خرابی ہوئی۔ مشرکین تو اس سے خاموش ہو گئے۔ رہے یہودی وغیرہ ان سے کہا جا سکتا ہے کہ توریت و انجیل میں صدہا اس قسم کی مثالیں موجود ہیں۔ بتاؤ تم انہیں خدائی کتاب مانتے ہو یا نہیں۔ چنانچہ انجیل میں مثال دی گئی کہ کسی نے اپنے کھیت میں گیہوں بوئے۔ جب یہ سو گیا تو اس کے دشمن نے اس میں منمنے (گیہوں کی طرح زہریلے دانے) بکھیر دیئے۔ اس کے غلاموں نے عرض کیا کہ مولیٰ تیرے کھیت میں گیہوں کے ساتھ منمنے بھی پیدا ہو گئے۔ اس نے جواب دیا کہ ابھی (ان کو نہ اکھیڑو ورنہ گیہوں بھی اکھڑ جائیں گے) غرضیکہ یہ دونوں قسم کے درخت پرورش پاتے رہے۔ جب کھیت کاٹا گیا تب گیہوں کو علیحدہ اور منمنوں کو علیحدہ کر دیا گیا۔ منمنے جلا دیئے گئے اور گیہوں مکان میں بھیج دیئے گئے۔ اسی طرح حضرت آدم علیہ السلام نے زمین پر اپنی نیک اولاد پیدا کی۔ شیطان نے اس میں برائیوں کے بیج بھی ڈال دیئے۔ یہ دونوں قسم کے لوگ دنیا میں رہتے سہتے رہے۔ مگر پھر بوقت موت مالک نے ان دونوں قسم کے لوگوں کو علیحدہ کر دیا۔ دیکھو اس میں گیہوں اور منمنوں کی مثال بیان فرمائی (روح البیان تفسیر کبیر و عزیزی) اسی طرح انجیل میں ارشاد ہوا کہ "اے لوگو! تم چھلنی نہ بنو جس میں آٹا نکل جاتا ہے اور بھوسی رہ جاتی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ تمہارے منہ سے حکمت کی باتیں نکل جائیں اور سینوں میں حسد رہے۔ غرضیکہ اس قسم کی مثالیں بہت ہیں۔ اب بتاؤ کہ انجیل خدائی کتاب ہے یا نہیں اگر ہے اور ضرور ہے تو اس میں بھی تو ایسی مثالیں موجود ہیں۔ لہٰذا اگر قرآن کریم میں بھی ایسی مثالیں ہوں تو کیا حرج ہے۔ چوتھا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ گمراہ کرتا ہے۔ مگر دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ شیطان یا سرداران کفار لوگوں کو گمراہ کرتے چنانچہ فرمایا گیا و اضل فرعون قومہ اور ارشاد ہوا کہ و اضلھم السامری نیز فرمایا گیا کہ شیطان نے عرض کیا تھا ولا ضلنھم تو ان آیات میں مطابقت کس طرح ہوگی۔ نیز جو گمراہ کرے اس سے بچنا چاہئے۔ تو کیا حق تعالیٰ سے بچنا چاہئے۔ جواب: اس کا تفصیلی جواب تو آیت ختم اللہ کی تفسیر میں گزر گیا۔ اس جگہ تفسیر کبیر میں اس کے بہت سے جواب دیئے گئے ہیں۔ سب میں بہتر یہ ہے کہ یہاں تین صورتیں ہیں۔ گمراہی پیدا فرمانا۔ یا گمراہی کے اسباب جمع کر دینا یا گمراہی کی رغبت دینا۔ گمراہی اختیار کرنا۔ شیطان انسان کو گمراہی کی رغبت دیتا ہے اور اس کے اسباب جمع کرتا ہے۔ انسان ان اسباب کو اختیار کرتا ہے۔ اس کے بعد حق تعالیٰ اس میں گمراہی پیدا فرماتا

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ لہٰذا ایک ہی گمراہی کی نسبت شیطان کی طرف تو اور معنی سے ہے۔ اور اس گمراہ کرنے کی نسبت حق تعالیٰ کی طرف دوسرے معنی سے دیکھو۔ کسی نے چھری سے بکری ذبح کی تو یہ بھی کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص نے بکری کی جان لے لی اور یہ بھی کہ چھری نے جان لے لی۔ اور یہ بھی کہ حق تعالیٰ نے جان لے لی یہ تین نسبتیں تین معنی سے ہیں۔ انسان اور چھری جان نکلنے کا سبب بعید یا سبب قریب ہیں اور حق تعالیٰ حقیقتہً اس کی موت کا خالق۔ لہٰذا یہ تمام آیات مطابق ہیں۔ پھر گمراہی کی رغبت دینے والے سے بچنا ضروری ہے نہ کہ خالق سے بلکہ شیطان سے بھاگ کر خالق کی امن میں آنا چاہئے۔ **پانچواں اعتراض:** اللہ تعالیٰ نے انسان کو گمراہ ہونے کا اختیار بھی کیوں دیا گمراہی کا اختیار دینا بھی برا ہے۔ **جواب:** بندے میں اختیار پیدا کرنا برا نہیں بلکہ اس کا غلط استعمال کرنا برا ہے۔ سپاہی کو حکومت ہتھیار دیتی ہے۔ دشمن کو مارنے کے لئے۔ جو سپاہی اپنے ہی آدمی کو اس ہتھیار سے مارے تو سپاہی مجرم ہے۔ نہ کہ حکومت۔ رب نے ہم کو تمام قوتیں 'اختیارات نیکیاں کرنے کو دیئے فرمایا۔ **وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون** ہم اگر ان قوتوں کو حرام میں خرچ کریں تو ہم مجرم ہیں۔ چونکہ ابھی آیت کا مضمون مکمل نہیں ہوا۔ لہٰذا اس کی تفسیر صوفیانہ آئندہ بیان ہوگی۔

وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ

اور نہیں گمراہ کرتا ساتھ اس کے مگر ان بدکاروں کو جو کہ توڑتے ہیں

اور اس سے انہیں گمراہ کرتا ہے جو بے حکم ہیں اور جو اللہ کے عہد کو توڑ دیتے ہیں

عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۪ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ

وعدہ اللہ کا پیچھے مضبوطی اس کی کے اور کاٹتے ہیں اس کو کہ حکم دیا اللہ نے

پکا ہونے کے بعد اور کاٹتے ہیں اس چیز کو جس کے

بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

جس کا یہ کہ جوڑا جائے اور فساد پھیلاتے ہیں بیچ زمین کے یہ لوگ ہی

جوڑنے کا خدا نے حکم دیا اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۲۷﴾

نقصان والے ہیں۔

وہ ہی نقصان میں ہیں

**تعلق:** اس آیت سے پہلے فرمایا گیا تھا کہ رب ان مثالوں سے بہت سے لوگوں کو گمراہ فرماتا ہے۔ مگر ان لوگوں کی تفصیل نہ فرمائی تھی کہ کن کو اب گمراہ ہونے والوں کی تفصیل فرمائی جارہی ہے۔ مگر چونکہ گمراہوں کی تفصیل سے ہدایت والوں کی تفصیل خود بخود حاصل ہو جائے گی اس لئے ان کی تفصیل نہ فرمائی گئی۔ یعنی جن لوگوں میں یہ مذکورہ عیب ہیں وہ تو اس سے گمراہ

marfat.com
Marfat.com

ہوتے ہیں جس سے معلوم ہوا کہ جن میں یہ عیوب نہ ہوں وہ ہدایت پاتے ہیں۔

تفسیر : **وما یضل بہ الا الفسقین۔ فاسقین** فسق سے بنا ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں نکلنا۔ اہل عرب کہتے ہیں **فسقت الرطبۃ عن قشرھا** یعنی چھوہارا اپنے پوست سے باہر آگیا۔ شریعت میں اس کے معنی ہیں۔ حق تعالیٰ کی اطاعت سے نکلنا۔ فاسق وہ نافرمان بندہ ہے جو گناہ کبیرہ کرے۔ فسق کے تین درجے ہیں۔ تغابی‘ انہماک‘ جحود‘ تغابی یہ کہ آدمی اتفاقی طور پر کسی گناہ کبیرہ کا مرتکب ہو جائے مگر اس کو براہی جانتا رہے۔ انہماک یہ کہ گناہ کبیرہ کا عادی ہو گیا اس سے بچنے کی پروا نہ کرے مگر اس کو گناہ جانے۔ جحود یہ کہ حرام کو اچھا جاننے لگا یعنی اس کی حرمت کا انکار کر دیا یہ درجہ کفر ہے۔ پہلے دو درجے کفر نہیں۔ اس انکار کی بہت سی صورتیں ہیں۔ رب کا انکار‘ نبی کا انکار‘ کتابوں کا انکار وغیرہ۔ ان سب کی اصل نبوت کا انکار ہے۔ جس سے سارے انکار پیدا ہو جاتے ہیں۔ ابلیس نے اولاً نبوت کا انکار کیا اب رب کے سارے احکام کا انکاری ہے۔ اسی لئے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے پہلی تبلیغ میں اپنا اقرار کرایا۔ پھر توحید وغیرہ کا جو شخص کفر و شرک کے علاوہ کیسے ہی گناہ کرے مگر عقیدہ نہ بگڑا ہو تو اگرچہ گنہگار ہو گا مگر کافر نہ ہو گا۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔ **و ان طائفتن من المومنین اقتتلوا** اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں قتال کریں۔ مسلمان کا قتل سخت جرم ہے۔ مگر قاتل کو قرآن نے مومن فرمایا۔ یہاں فاسقین سے یہ تیسرے درجے والا فاسق ہی مراد ہے۔ قرآن کریم فرماتا ہے **ان المنفقین ھم الفسقون** یہاں منافق کو جو کافر ہے فاسق فرمایا **الذین ینقضون** یہ لفظ نقض سے بنا ہے جس کے معنی ہیں کھولنا۔ چونکہ وعدہ اور عہد اس رسی سے مشابہ ہے جس سے کسی کو مضبوط باندھا جاتا ہے۔ اس لئے وعدہ خلافی کرنے اور عہد توڑنے کو نقض فرمایا گیا **عہد اللہ** عہد کے معنی ہیں حفاظت۔ جس کا خیال رکھا جاوے۔ اسے بھی عہد کہتے ہیں۔ گھر اور زمانے کو بھی اس لئے عہد کہا جاتا ہے کہ اس کا بھی خیال رکھا جاتا ہے۔ اب عہد اس وعدے کو کہنے لگے جس کے پورا کرنے کا بہت خیال رکھا جاوے تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ قرآن کریم سے وہ فاسق گمراہ ہوتے ہیں جو اللہ سے وعدہ خلافی کرتے ہیں۔ اس میں اختلاف ہے کہ اس عہد سے کون سا عہد مراد ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد وہ عہد ہے جو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے پہلی کتابوں میں لیا تھا کہ جو کوئی زمانہ خاتم النبیین کا پائے وہ ان پر ایمان لائے۔ اس سے مراد وہ بنی اسرائیل مراد ہوں گے۔ جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا زمانہ پا کر ایمان قبول نہ کیا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے وہ عہد مراد ہے جو منافقین اسلام لاتے وقت کرتے تھے۔ اس صورت میں منافقین ان میں داخل ہوں گے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس عہد سے مراد میثاق کا عہد ہے۔ اس دن تین عہد لئے گئے تھے۔ ایک سارے انسانوں سے **الست بربکم قالوا بلی** یعنی یہ کہ حق تعالیٰ کی ربوبیت کا اقرار کریں۔ دوسرے انبیاء سے کہ رسالت کی تبلیغ کریں اور دین کو قائم رکھیں جس کا ذکر اس آیت میں ہے **و اذا اخذنا من النبیین میثاقھم** تیسرا علماء سے کہ حق کو نہ چھپائیں۔ اس کا بیان اس آیت میں ہے کہ **و اذا اخذ اللہ میثاق الذین** اس صورت میں اس آیت سے سارے ہی کفار مراد ہیں۔ **من بعد میثاقہ** میثاق وثق سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں مضبوطی۔ یہ مصدر ہے جیسے میلاد اور میعاد۔ اس کے معنی ہیں مضبوط کرنا آیت کا مطلب یہ ہوا کہ وہ کافر گمراہ ہوتے ہیں۔ جو اپنے عہد کو مضبوط کر کے توڑ دیتے ہیں۔ اس میں بہت گفتگو ہے کہ اس جگہ عہد کی مضبوطی سے کیا مراد ہے۔ بعضوں نے فرمایا کہ دنیا میں توحید و رسالت کے جو دلائل قائم فرمائے

marfat.com
Marfat.com

گئے ہیں وہ اس وعدے کی مضبوطی ہے۔ بعض نے فرمایا کہ بنی اسرائیل حضور کی تشریف آوری سے پیشتر قسمیں کھا کر کہتے تھے کہ ہم نبی آخر الزمان پر ایمان لائیں گے۔ یہ اس عہد کی مضبوطی تھی۔ پھر آپ کا زمانہ پا کر کفر کرنا اس کا توڑنا ہوا۔ بعض نے فرمایا کہ کفار جب مصیبت میں پھنستے ہیں تو عہد کر لیتے ہیں۔ کہ اگر خدا ہم کو اس سے نجات دے تو ہم نیک بن جائیں گے۔ مگر نجات پا کر پھر اسی گمراہی پر قائم رہتے ہیں۔ **و یقطعون۔ قطع** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں کاٹنا توڑنا **نقض و قطع** میں یہ فرق ہے کہ نقض رسی کے کھولنے کو کہتے ہیں۔ جس سے اس کی بناوٹ بگڑ جائے اور قطع کاٹنے کو کہ جس سے بناوٹ تو قائم رہے لیکن بیچ سے ٹوٹ جائے۔ جو شخص رشتہ داروں کے حقوق ادا نہیں کرتا تو اس کا رشتہ تو قائم رہتا ہے مگر محبت ٹوٹ جاتی ہے۔ مگر جو وعدے پر قائم نہیں رہتا اس کا وعدہ ہی ختم ہو جاتا ہے۔ اس لئے وہاں نقض فرمایا گیا تھا کہ اور یہاں **قطع ما امر اللہ بہی ان یوصل** یہ کفار کا دوسرا عیب ہے۔ یعنی وہ ان رشتوں کو توڑ دیتے ہیں جن کے جوڑنے کا حکم دیا تھا۔ اس آیت میں بہت گنجائش ہے۔ اس میں دنیا و دین کے سارے تعلق آ گئے۔ اس کی تفصیل کے لئے دفتر چاہئیں۔ ہم ایسا مختصر سا قاعدہ عرض کرتے ہیں جس سے تمام رشتوں کا حال معلوم ہو جائے' انسان کے رشتے اور تعلق کل دو قسم کے ہیں۔ ایک روحانی دوسرا جسمانی۔ روحانی پانچ ہیں۔ ایک حق تعالیٰ سے دوسرا انبیاء کرام سے' تیسرا آسمانی کتابوں سے' چوتھا علماء اور مشائخ سے۔ پانچواں عام مسلمانوں سے۔ اسی طرح جسمانی رشتے بھی چند ہیں۔ ماں باپ سے' اولاد سے' بھائی بہن سے' بیوی سے۔ عام قرابت داروں سے۔ اپنے گھر کے پالے ہوئے جانوروں سے جس جگہ رہتے ہیں اس جگہ سے۔ کامل وہ شخص ہے جو ان تمام حقوق کو پورا کر کے دنیا سے جائے۔ اللہ کی عبادت کرے۔ انبیاء پر ایمان لائے۔ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی اطاعت کرے۔ ساری آسمانی کتابوں کی عزت کرے۔ علماء و مشائخ کی خدمت کرے۔ مسلمانوں پر مہربان رہے۔ ماں باپ کو راضی رکھے۔ بیوی بچوں کمائی کر کے کھلائے۔ اہل قرابت کی مصیبت میں کام آئے وغیرہ وغیرہ۔ پھر جس کا احسان زیادہ اس کا حق مقدم۔ اسی لئے سارے حقوق سے اللہ و رسول کے حق زیادہ قوی ہیں کہ رب سے جان ملی۔ ان سے ایمان۔ پھر جسمانی حقوق والوں کے مقابلے میں روحانی حقوق اعلیٰ ہیں۔ اسی لئے عالم اور شیخ کا حکم ماں باپ کے حکم پر مقدم۔ کیونکہ ماں باپ ہم کو اوپر یعنی عالم ارواح سے نیچے لائے۔ اور علماء مشائخ نے ہم کو نیچے سے اوپر پہنچایا۔ پھر جسمانی رشتہ داروں میں بھی یہ ترتیب ہے کہ حق بقدر احسان سب سے مقدم۔ ماں کا حق پھر باپ کا پھر دیگر اہل قرابت کا۔ حقوق کی پوری تحقیق انشاء اللہ تیرھویں سیپارہ میں کی جائے گی۔ خیال رہے کہ جس نے اپنا رشتہ غلامی حضور سے توڑ لیا اس نے سارے رشتے توڑ دیئے۔ حضور کے رشتے میں سارے رشتے آ جاتے ہیں۔ اس لئے کافر اگر عمر بھر اللہ کی عبادت اور والدین کی اطاعت کرے۔ تمام حق داروں کے حقوق ادا کرتا رہے' اس آیت میں داخل رہے گا۔ سچا مومن کبھی ان رشتوں کو توڑ سکتا ہی نہیں۔ دیکھو اہل عرب اسلام سے پہلے رشتے توڑ چکے تھے۔ بت پرستی' بچیوں کو زندہ دفن کرنا' زندہ جانوروں کے اعضاء کھا جانا ان کا عام طریقہ تھا۔ مسلمان ہو کر ان کے سارے رشتے جڑ گئے۔ **و یفسدون فی الارض** یہ کفار کا تیسرا عیب ہے۔ کہ زمین میں فساد پھیلاتے ہیں یا اس طرح کہ ایمان قبول نہیں کرتے یا اس طرح کہ لوگوں کو ایمان سے روکتے ہیں یا اس طرح کہ مال اور عزت کے طمع میں بری رسمیں پھیلاتے ہیں یا اس طرح کہ شہوت اور غصے میں پھنس کر قتل اور خون اور مار پیٹ گالی گلوچ کرتے ہیں۔ چونکہ ان کو زمین میں رب تعالیٰ کی اطاعت کے لئے بھیجا گیا تھا اور وہ کافر رہے۔ لہٰذا کافر رہ کر جو کام بھی کریں وہ فساد ہی ہے۔ **اولئک ھم الخسرون** یہ کفار کے عیوب کا انجام ہے۔ یعنی

marfat.com
Marfat.com

جنہوں نے وہ ذکر کئے ہوئے عیب اختیار کئے وہ سخت نقصان میں رہے۔ تاجر کو نقصان تین قسم کا ہوتا ہے ایک یہ کہ اصل رقم لوٹ آئے نفع حاصل نہ ہو۔ دوسرے یہ کہ اصل رقم بھی پوری وصول نہ ہو۔ تیسرے یہ کہ اصل رقم کے علاوہ بھی نقصان ہو۔ یہ کفار تیسری قسم کا خسارہ پانے والے ہیں۔ کیونکہ ان کو ہاتھ پاؤں آنکھ ناک' زبان عقل و ہوش کی رقم عطا فرمائی گئی تھی کہ اس سے تجارت کر کے نیک اعمال کا نفع حاصل کریں۔ انہوں نے کفر کر کے اعمال تو کیا۔ اصل پونجی بھی برباد کر دی۔

خلاصہ ء تفسیر : اس سے پہلے معلوم ہوا تھا کہ قرآن کریم سے بعض لوگ گمراہ بھی ہو جاتے ہیں۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ وہ گمراہ ہونے والے کون ہیں۔ اس آیت کو دیکھ کر ہر شخص اپنے گریبان میں منہ ڈالے اور سوچے کہ میں کس زمرے میں ہوں۔ فرمایا گیا کہ جس میں یہ چار عیب ہیں وہ کبھی بھی قرآن پاک سے ہدایت حاصل نہیں کر سکتے ایک یہ کہ اللہ کی اطاعت سے باہر رہے اور اس کی ذات و صفات کا انکار کرے۔ دوسرے یہ کہ اللہ سے جو عہد کیا تھا اس کو مضبوط کر کے توڑ دے۔ خواہ میثاق والا عہد توڑے یا اسلام لاتے وقت جو عہد کیا تھا اس کو توڑے یا مرشد کے ہاتھ پر بیعت ہوتے وقت جو استقامت کا عہد کیا تھا اس کو توڑ دے۔ تیسرے یہ کہ جن حقوق کی ادائیگی کا حکم تھا اور جن رشتوں کے جوڑنے کا فرمان تھا ان کے پورا کرنے میں کوتاہی کرے۔ یعنی رب کی توحید انبیاء کی نبوت آسمانی کتابوں کی حقانیت کا قائل نہ ہو علماء مشائخ کی بات نہ مانے۔ قرابت داروں کے حقوق ادا نہ کرے۔ ان کی مصیبت میں کام نہ آئے۔ چوتھے یہ کہ حرام کام کر کے زمین میں فساد پھیلائے۔ ایسا شخص قرآن کریم سے ہرگز نفع حاصل نہیں کر سکتا بلکہ وہ پورا نقصان و خسارے میں ہے۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ ایک یہ کہ اصل ایمان محض قرآن کے پڑھنے سے نہیں ملتا۔ کیونکہ ایمان تخم ہے اور قرآن پاک بارش کا پانی۔ بارش کا پانی ہر جگہ پہنچتا ہے۔ لیکن جہاں جیسا بیج ہو گا ویسا ہی درخت اگے گا۔ یہ تخم در حقیقت محبت خدا و رسول ہے۔ جو کہ محض فضل الٰہی سے حاصل ہوتی ہے۔ دوسرا فائدہ: یہ کہ وعدہ عہد اور میثاق میں کچھ تھوڑا فرق ہے۔ وعدہ تو یہ ہے کہ کسی کو بھلائی کا امیدوار بنایا جائے۔ اس کی حفاظت کی ذمہ داری ہو یا نہ ہو۔ میں نے آپ سے زبانی کہہ دیا کہ تم کو فلاں چیز دوں گا۔ کوئی ایسا ظاہری انتظام نہ کیا جس سے کہ مجھے پورا کرنا پڑ جائے۔ عہد وہ وعدہ ہے جس کے پورا کرنے کی ذمہ داری بھی ہو اور اس کے علاوہ کوئی اور پختگی بھی جیسے میں آپ سے کوئی وعدہ کروں اس پر گواہ بھی بنا لوں۔ تحریر بھی کر دوں اور اس تحریر کی رجسٹری بھی کرا دوں۔ جیسا وعدہ ویسی ہی اس کی ذمہ داری۔ عام وعدہ کے خلاف کرنا بھی جرم عہد کی مخالفت کرنا اس سے زیادہ جرم میثاق توڑنا سب سے بڑھ کر جرم حق تعالیٰ نے بندوں سے نہایت مضبوط عہد و بیان لئے تھے۔ اب جو اس کو توڑے وہ یقیناً حکومت الٰہیہ کا مجرم ہے۔ تیسرا فائدہ: یہ کہ بادشاہ کی فرماں برداری کے لئے جو بھی کشت و خون وغیرہ کیا جائے وہ فساد نہیں۔ بلکہ عین اصلاح ہے۔ مگر اس کی مخالفت کرنا بغاوت اور فساد' ڈاکوؤں اور پولیس میں گولی چلی بہت کشت و خون ہوا۔ ان دونوں نے ایک ہی سا کام کیا مگر ڈاکو فسادی ہیں اور پولیس مصلح ہیں۔ اسی طرح کفار اور مسلمانوں میں فی سبیل اللہ جنگ ہو تو کفار مفسد ہیں اور مسلمان مصلح۔ اسی طرح عالم دین کوئی ضروری مسئلہ بیان کرے اور بدمذہب اس پر شور مچائیں۔ فتنہ برپا کریں۔ اگرچہ لوگ تو اس کو فساد کہتے ہیں لیکن اللہ کے نزدیک وہ عالم دین مصلح ہے۔ یزیدی اور حسینی لشکروں میں جنگ ہوئی۔ یقیناً حضرت حسین رضی اللہ عنہ مصلح تھے اور یزید مفسد۔ چوتھے: یہ کہ اگر انسان اپنے جسم کو دنیوی کاموں

marfat.com
Marfat.com

میں مشغول رکھے اور آخرت کو بھول جائے وہ چاہے امیر کبیر بن جائے نقصان میں ہے۔ اور جو شخص رب کو راضی رکھے خواہ وہ غریب ہی رہے فائدے میں ہے کیونکہ زندگانی کا مقصود رضائے الٰہی ہے۔ پانچویں: یہ کہ قرآن شریف سے ہدایت وہی حاصل کر سکتا ہے جس کا رشتہ غلامی حضور سے قائم ہو اگر ان سے کٹا تو قرآن سے گمراہی ملے گی جیسا کہ **و یقطعون ما امر اللہ** سے معلوم ہوا۔ اس لئے کافر کو پہلے قرآن نہیں پڑھاتے۔ کلمہ پڑھا کر حضور سے رشتہ غلامی قائم کرتے ہیں پھر قرآن پڑھاتے ہیں۔ حضور نے پہلی تبلیغ میں پہلے اپنی پہچان کرائی پھر اور کچھ فرمایا غرضیکہ قرآن کتاب اللہ ہے۔ حضور نور اللہ ہیں۔ نور کے بغیر کتاب نہیں فائدہ دیتی۔

**تفسیر صوفیانہ** : الفاظ لباس ہیں اور حقیقت معنے اس کی اصل بصارت (آنکھوں) سے تو لباس اور بصیرت (دل کی روشنی) سے حقیقت معلوم ہوتی ہے۔ کفار چونکہ دل کے اندھے تھے اس لئے ان کے کانوں میں ان مثالوں کے فقط الفاظ پہنچے۔ جیسے جانور کے کان میں مالک کی فقط آواز پہنچی ہے۔ اس لئے وہ کہنے لگے کہ یہ الفاظ بے معنی ہیں۔ لیکن مومنین نور ایمانی سے حقیقت کو دیکھ کر کہتے تھے کہ نہیں' یہ رب کا کلام ہے چونکہ نور ایمان سے نور قرآن اور نور قرآنی سے رضائے رحمان اور حور و قصور جناں (جنت کی حوریں اور محل) حاصل ہوتے ہیں جو اس نور سے محروم وہ ہر نعمت سے محروم **و من کان فی ھذہ اعمی فھو فی الاخرۃ اعمی** جو یہاں اندھا وہ وہاں بھی اندھا۔ چونکہ رحمان غفار بھی ہے اور قہار بھی اس لئے اس کا قرآن شفا بھی ہے اور شقاء (بد نصیبی) بھی۔ شقاء ان لوگوں کے لئے ہے جو پیدائش کے دن نور کے چھینٹے سے بچ کر فاسق ہو گئے۔ اور توحید' عبادت اور اخلاص کے وعدے کو توڑ بیٹھے۔ اور جنہوں نے اس راستے کو کاٹ دیا جو حق سے ملانے والا تھا اور جس پر چلنے کا حکم تھا۔ یعنی خالق کو چھوڑ کر مخلوق سے ملے اور دل کی زمین کو بگاڑ دیا وہ اس طرح کہ نہ تو اس میں توحید کا بیج بویا اور نہ اس کو انبیاء کرام کی اطاعت کے پانی سے سیراب کیا۔ بلکہ شرک کا تخم بو کر اغیار کی صحبت سے اس کو خراب پانی دیا۔ لہٰذا وہ اس میں سخت نقصان میں رہے۔ کیونکہ ان کے فطری ایمان کی کھیتی اس پانی کے نہ ملنے کی وجہ سے خشک ہو گئی۔ اب جبکہ مومنین اپنا کھیت کاٹیں گے تو یہ حسرت سے ہاتھ کاٹیں گے اور جب مومنین پھل کھائیں گے تو یہ غم کھائیں گے۔

**اعتراض** : اس آیت سے معلوم ہوا کہ قرآن کریم کافروں کو گمراہ کرتا ہے۔ کافر تو پہلے ہی گمراہ ہیں انہیں گمراہ کرنے کے کیا معنی۔ **جواب**: گمراہی کے بہت درجے ہیں۔ کفار نے ایمان قبول نہ کر کے اس کا پہلا درجہ حاصل کیا۔ پھر جس قدر قرآن پاک کا انکار کرتے گئے۔ گمراہی میں ترقی کرتے گئے یا یہ کہ قرآن سے پہلے بھی ان میں گمراہی موجود تھی مگر ظاہر نہ تھی۔ قرآن پاک سے اس کا ظہور ہوا۔ **دوسرا اعتراض**: اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو کافر رشتوں کو توڑے وہ گمراہ ہے اور صدہا کافر اپنے ماں باپ کی خدمت کرتے ہیں۔ خیرات صدقات کرتے ہیں۔ اللہ کے بندوں کو اپنے پیسے سے نفع پہنچاتے ہیں چاہئے کہ وہ گمراہ نہ ہوں۔ **جواب**: رشتہ جوڑنا اور حقوق کا ادا کرنا جب ہی معتبر ہے۔ جبکہ اللہ و رسول کی رضامندی کے لئے ہو۔ جو شخص ماں باپ کی خدمت' بہن بھائی کے حقوق کی ادائیگی۔ بلکہ نماز و روزہ اس لئے کرتا ہے کہ دنیا میں اس کا نام ہو اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ چونکہ کفار یہ سارے کام اپنے نام کے لئے یا بتوں کے راضی کرنے کے لئے یا رب کو راضی کرنے کے لئے ہی 'مگر بغیر واسطہ مصطفیٰ کرتے ہیں اس لئے ان کے کسی کام کا اعتبار نہیں۔ جیسے کہ ہمارے جاہل مسلمان شادی بیاہ کے موقع پر بہت کچھ خرچ کرتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

مگر رب کے لئے نہیں۔ رسموں کی پابندی اور دنیا کے دکھلاوے کے لئے لہذا یہ سب برباد نہ دنیا میں نام ہو نہ آخرت میں کام۔
تیسرا اعتراض: میثاق کے دن کا وعدہ جب کسی کو یاد ہی نہ رہا تو بیکار ہے۔ جواب۔ بیکار جب ہوتا جب یاد دلایا بھی نہ جاتا۔ حق تعالیٰ نے نبیوں کتابوں اور علماء مشائخ کے ذریعے یاد دلایا پھر بیکار کیوں رہا۔ گورنمنٹ کے یہاں آپ نے بیع نامہ تحریر کرکے رجسٹری کرا دیا۔ اب آپ کو وہ بیع (بیچنا) یاد رہے یا نہ رہے۔ آپ کو بہر حال پابندی کرنا پڑے گی۔ اگرچہ یہاں کفار سے خطاب ہے۔ مگر مسلمانوں کو بھی عبرت پکڑنی چاہیے۔ جب کتا اپنے مالک کی نافرمانی نہیں کرتا تو مومن اللہ و رسول کی نافرمانی کیوں کرے۔ اگر یہ خیال رہے تو انسان گناہ نہیں کر سکتا۔

| |
|---|
| كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ |
| کیسے انکار کرتے ہو تم خدا کا حالانکہ تھے تم مُردے پس زندہ کیا تم کو پھر |
| بھلا تم کیونکر خدا کے منکر ہو گئے حالانکہ تم مردے تھے اس نے تم کو جلایا |
| ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۲۸ |
| موت دے گا تم کو پھر زندہ کریگا تم کو پھر طرف اس کے لوٹائے جاؤ گے |
| پھر تمہیں مارے گا پھر تمہیں جلائے گا پھر اس طرف لوٹ کر جاؤ گے۔ |

تعلق: اس آیت کا پہلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے توحید اور رسالت اور کتاب اللہ کی حقانیت کو دلائل سے ثابت فرمایا گیا۔ اب حق تعالیٰ کی خاص نعمتوں اور عجیب عجیب قدرتوں کا ذکر فرما کر سب کو ایمان کی رغبت دی جا رہی ہے۔ کیونکہ محسن کا احسان ماننا شرافت انسانی کا تقاضا ہے۔ دوسرے اس طرح کہ اب تک توحید و رسالت اور قرآن کی حقانیت کے قوی دلائل ارشاد ہوئے تھے۔ اور چونکہ قیامت پر ایمان لانا بھی مسلمان بننے کے لئے ضروری ہے۔ اس لئے نہایت نفیس طریقے سے اب قیامت کو عقلی دلائل سے بیان فرمایا جا رہا ہے۔ مگر سبحان اللہ طریقہ بیان ایسا نرالا اور دل کش ہے کہ اس کو سن کر ہر طبقے کا انسان ماننے پر مجبور ہو گا اور اس کے ضمن میں خالق کی ہستی کا ثبوت بھی اچھی طرح سے فرما دیا گیا۔

تفسیر: کیف تعجب دلانے کا سوال ہے۔ یعنی ان دلائل کے ہوتے ہوئے اے مشرکو! تمہارا کفر کرنا بہت ہی عجیب بات ہے۔ کیونکہ جب کم درجے کے محسن کی ناشکری سخت عیب ہے۔ ماں باپ کی نافرمانی ہر دین میں بری ہے تو وہ رب تعالیٰ جس کا احسان ان تمام احسانوں سے اعلیٰ ہے۔ اس کی نافرمانی یقیناً خلاف عقل ہے **تکفرون** کفر سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں چھپانا اور انکار کرنا۔ مگر یہاں انکار مراد ہے۔ **باللہ** کفار چند قسم کے تھے۔ بعض دہریے یعنی حق تعالیٰ کے منکر۔ بعض خدا کی صفات اور قیامت وغیرہ کے منکر۔ بعض نبوت انبیاء کے منکر ان تمام سے یہ خطاب ہے کیونکہ ان میں سے کسی چیز کا انکار حقیقت میں اللہ تعالیٰ کا انکار ہے۔ حکومت کے مقرر کئے ہوئے کسی حاکم کی بغاوت حکومت کی بغاوت ہے۔ اور اس کے ایک فرمان کا انکار بھی سلطنت کا انکار ہے۔ **و کنتم امواتا** " اموات یا تو میت کی جمع ہے یا میت کی۔ جیسے قول یا قیل کی جمع اقوال ہے یہ دونوں لفظ موت

marfat.com
Marfat.com

سے بنے ہیں جس کے معنی یا تو بے جان ہونا یا زندہ ہو کر مردہ ہو جانا فرمایا جا رہا ہے کہ اے لوگو! تم پہلے بے جان تھے۔ پھر رب نے تم کو جان بخشی۔ اگر موت کے معنی زندہ ہو کر فنا ہونا ہے تو اس حالت کو موت فرمانا مجازاً" ہے۔ اور اگر اس سے مراد بے جان ہونا ہے تو یہ حقیقت ہے۔ اردو اور عربی دونوں زبانوں میں بے جان جسم کو مردہ بول دیتے ہیں۔ خشک زمین کو کہہ دیتے ہیں کہ زمین مردہ ہو گئی۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوا **یحی الارض بعد موتھا** دوسری جگہ ارشاد ہوا **بلدة میتا**" اس آیت کا مطلب یہ ہوا کہ تم بہت سے بے جان جسموں سے گھومتے ہوئے آئے ہو۔ وہ اس طرح کہ اول تم مٹی تھے پھر دانہ بنے' پھر آٹا' پھر خون' پھر نطفہ' پھر گوشت کا لو تھڑا اتنے بے جان جسموں میں چکر لگا کر اس موجودہ شکل میں نمودار ہوئے۔ کسی نے کیا خوب شعر کہا ہے۔

ہفت صد ہفتا و قالب دیدہ ام ہم چو سبزہ بار ہا روئیدہ ام

اس شعر سے یہی مراد ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اب تک تم کو ہر اگلا جسم پہلے سے اعلیٰ ملا' دانہ مٹی سے اعلیٰ' آٹا دانہ سے بہتر وغیرہ اب تم کو جسم عمل کے مطابق ملے گا تو ایسے پاکیزہ عمل کرو کہ آئندہ اچھی شکل و صورت پاؤ۔ جنتی لوگ خوبصورت انسانی شکل میں ہوں گے' دوزخی لوگ کتے گدھے کی صورت میں دل کا حال چیزوں پر نمودار ہو گا۔ **فا حیاکم** احیاء حیات سے بنا ہے جس کے معنی ہیں زندگی اور اس زندگی سے مراد وہ زندگی ہے جو ماں کے پیٹ میں بچے کو مل جاتی ہے۔ چونکہ یہ زندگی پہلی موت سے ملی ہوئی ہے۔ اس لئے یہاں "ف" ارشاد فرمایا گیا **ثم یمیتکم** اس موت سے مراد وہ موت ہے جو عمر ختم ہونے پر آئے گی۔ چونکہ یہ موت دنیاوی مصیبتوں سے نجات دیتی ہے اور دوسری ابدی زندگی کا وسیلہ ہے۔ حق تعالیٰ کی ساری اخروی نعمتوں کے حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اس لئے اس کو نعمتوں میں شمار فرمایا۔ نیز جاندار کو بے جان کرنا حق تعالیٰ کی قدرت کی بڑی دلیل ہے۔ اس لئے ان دلائل میں موت کو بھی شمار فرمایا۔ چونکہ زندگی کے ملنے اور موت کے آنے میں بڑا فاصلہ ہوتا ہے۔ اس لئے یہاں ارشاد ہوا **ثم یحییکم** یہ اس دوسری زندگی کا ذکر ہے۔ جو موت کے بعد ملنے والی ہے۔ جس کے کفار منکر ہیں۔ پہلی تین حالتوں پر (یعنی پہلے بے جان پھر زندہ ہونا پھر مرجانا) تمام لوگ متفق تھے۔ لیکن اس زندگی کے منکر۔ اس لئے پہلے ان باتوں کو بیان کر کے اب اس کا ذکر ہوا تاکہ معلوم ہو کہ جو ذات اولاً زندہ کرنے اور موت دینے پر قادر ہے۔ وہ دوبارہ زندگی دینے پر قادر ہے اس زندگی سے یا قبر کی زندگی مراد ہے۔ جو سوال و جواب کے لئے ہر شخص کو دی جائے گی یا حشر کی جو حساب کتاب کے لئے عطا ہو گی۔ مگر ظاہر یہی ہے کہ اس سے زندگی قبر مراد ہے۔ جیسا کہ احادیث میں وارد ہوا کہ مردہ دفن ہونے کے بعد لوگوں کے پیروں کی آہٹ کو سنتا ہے۔ اس سے تین سوال ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ رب تیرا کون' دوسرا یہ کہ دین تیرا کیا۔ تیسرے یہ کہ تو اس سبز گنبد والے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو جو تیرے سامنے جلوہ گر ہیں کیا کہتا تھا چونکہ یہ دوسری زندگی موت کے کچھ دیر کے بعد ہوتی ہے۔ کفن دفن وغیرہ میں دیر لگتی ہے اس لئے یہاں بھی ثم ہی فرمایا گیا ہے اگر اس سے مراد حشر کی زندگی ہوتی تو اس کے بعد ثم نہ فرمایا جاتا کیونکہ وہ زندگی رب کی طرف لوٹنے سے ملی ہوئی ہے اور اس آیت سے معلوم ہو رہا ہے کہ پھر تم زندہ ہو گے اور پھر کچھ عرصہ بعد رب کی طرف لوٹو گے۔ چونکہ زندگی اور حشر کے درمیان میں برزخ کا زمانہ ہے اس لئے آگے ثم لانا صحیح ہوا۔ لہٰذا یہ آیت برزخی زندگی اور وہاں کی راحت و تکلیف کو بتا رہی ہے۔ اس لئے کہ جس طرح دنیوی زندگی میں بعض آرام سے ہیں بعض تکلیف میں اسی طرح برزخی زندگی میں ہو گا۔ خیال رہے کہ ہم کو زندگیاں تین ملی ہیں۔ دنیاوی' برزخی' اخروی مگر موت صرف

marfat.com
Marfat.com

ایک ہے۔ اسی لئے برزخی زندگی کے بعد موت کا ذکر نہ فرمایا پہلے نفخہ صور پر زندوں کی موت ہوگی جو پہلے مرچکے ہیں ان کو غشی طاری ہوگی ثم الیہ ترجعون یہ انسان کی پانچویں حالت ہے اور اس میں بتایا جارہا ہے کہ اے لوگو! تم ایک حالت گزار کر اب دوسری حالت میں آئے ہو۔ تمہارے سامنے تین میدان اور ہیں جن کو طے کرنا ہے۔ ایک موت پھر قبر کی زندگی' پھر حشر میں رب کی طرف لوٹنا اس کے بعد تم کو قرار ہوگا۔ لہٰذا تم کو چاہئے کہ تم ان منزلوں میں نہ پھنس جاؤ بلکہ اپنے اصلی مقصود کا خیال رکھو اور وہاں کا انتظام رکھو۔

خلاصہ تفسیر : جب توحید و رسالت اور قرآن کی حقانیت کے مسائل سلسلہ وار ثابت ہو چکے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ کفار کے شبہات کے جواب بھی دیئے گئے جس سے منصفین ماننے پر مجبور ہوگئے تو اب ان ہٹ دھرم کافروں کے سمجھانے کے لئے جو ضد کی وجہ سے دلائل پر نظر نہیں کرتے تھے ایک نئی دلیل بیان فرمائی گئی۔ کیونکہ جیسی بیماری ویسا اس کا علاج ایک ہی بخار مختلف سببوں سے ہوتا ہے۔ دانا طبیب سب کا خیال فرما کر علاج فرماتا ہے۔ لہٰذا پہلے دلائل سے سمجھایا گیا اور اب دوسرے طریقے سے۔ اس دلیل میں رب تعالیٰ کی نعمتوں کا بھی ذکر ہے اور اس کی رحمتوں کا بھی اور پھر انسان کی بے کسی و بے بسی کا بھی تذکرہ ہے اور اس کے ایک حال میں نہ ٹھہرنے کا بھی۔ تاکہ یہ چاروں باتیں انسان کو ایمان لانے پر مجبور کردیں۔ کیونکہ کفار کی نظر محسوسات تک تھی اور وہ نہ دیکھی ہوئی چیز کو قبول نہ کرتے تھے۔ اس لئے وہ حشر اور جنت دوزخ وغیرہ کے منکر تھے۔ بلکہ ان میں بعض رب کے بھی قائل نہ تھے۔ اس لئے پہلے ترتیب وار ان محسوس حالتوں کا ذکر فرمایا گیا۔ جن کا کوئی انکار نہ کرسکتا تھا۔ اور پھر ان کے ذریعہ ان چیزوں کو ثابت فرمایا گیا جن کے وہ منکر تھے۔ فرمایا گیا یہ تو تم جانتے ہی ہو کہ تم پہلے بے جان تھے اور تمہیں یہ معلوم ہی ہے کہ تم اس حالت میں کہاں کہاں کی سیر کرچکے' کبھی سبزہ بن کر اگے کبھی دانہ بن کر پسے۔ کبھی روٹی بن کر اپنے باپ کے معدے میں پہنچے اور پھر وہاں سے چل کر خون بن کر نطفہ بنے' پھر رحم مادر میں آکر بہت سے انقلاب دیکھے' پھر زندہ ہو کر نہ معلوم کتنی حالتیں تم پر گزریں۔ بچپن' جوانی' بڑھاپا' ناوانی' دانائی' کمزوری' قوت' بیماری' تندرستی' علم' جہالت' ہوش مندی' بیہوشی۔ غرضیکہ صدہا حالتوں میں تم بدلتے رہے۔ پھر جب تمہیں موت آئی تو تم سب کچھ ہو کر کچھ نہ رہے۔ اتنی باتوں کو دیکھ کر تم کس طرح اللہ کا انکار کرسکتے ہو۔ اگر تم خود اپنی حالت ہی پر غور کرلو تو رب کا انکار نہیں کرسکتے۔ کیونکہ معلوم ہوتا ہے کہ تمہاری حالتوں کا بدلنے والا کوئی اور ہی ہے۔ پھر جب تم پر موت و زندگی گزر چکی تو آئندہ بھی زندگی اور موت آئے تو کون سی تعجب کی بات ہے۔ ایجاد کرنا مشکل ہوتا ہے۔ دوبارہ بنانا آسان۔ جب خالق عالم کو ایجاد فرماچکا تو دوبارہ بنانا کون سا مشکل ہے۔ نیز تم کو یہ معلوم ہوا کہ تم اپنے ان حالات میں بالکل مجبور ہو نہ تم لڑکپن اور جوانی کو جانے سے روک سکتے ہو نہ بڑھاپے کو آنے سے۔ بڑے بڑے قدرت والے شہنشاہ جن کے نام کے دنیا میں ڈنکے بجتے تھے وہ نہایت بے بسی کی حالت میں یہاں سے ایسے گئے کہ ان کا نام بھی باقی نہ رہا۔ تو ایسے مجبور مسافر کو چاہئے کہ اپنے قدرت والے رب کو راضی رکھے۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ ایک یہ کہ عالم کی ہر چیز بلکہ خود ہم اپنے خالق کی ذات و صفات کی کھلی ہوئی دلیل ہیں۔ اسی لئے فرمایا گیا ہے کہ جو اپنے کو پہچان لے گا وہ رب کو پہچان لے گا۔ دوسرے یہ کہ دنیا عمل کی جگہ ہے۔ نہ کہ سزا و جزا کی۔ اسی لئے اس کو قرار نہیں۔ تیسرے یہ کہ حیات برزخ اور قبر کے سوال و جواب حق اور قرآن سے ثابت ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

چکڑالوی وغیرہ اس کے منکر ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ قرآن سے ثابت نہیں ان کا یہ قول محض جہالت پر مبنی ہے۔ ایک تو یہی آیت قبر کی زندگی بتا رہی ہے۔ جیسا کہ ہم تفسیر میں عرض کر چکے۔ دوسری جگہ ارشاد ہوا کہ قیامت میں کفار عرض کریں گے۔ ربنا امتنا اثنتین و احییتنا اثنتین اے پروردگار تو نے ہم کو دو موتیں دیں اور تو نے ہم کو دو نئی زندگیاں بخشیں۔ دو موتیں کل ظاہر ہیں۔ ایک زندگی کے بعد بتاؤ دو زندگیاں کون سی ہیں؟ خیال رہے کہ یہ دونوں زندگیاں حشر کی زندگی سے پہلے ہو چکیں۔ کیونکہ انہیں ماضی سے بیان فرمایا جا رہا ہے۔ ماننا پڑھے گا کہ یہ دونوں زندگیاں ایک دنیا کی ہے اور ایک قبر کی۔ نیز قرآن پاک میں ارشاد ہوا کہ یثبت اللہ الذین امنوا بالقول الثابت فی الحیوۃ الدنیا و فی الاخرۃ یعنی اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو دنیوی زندگی اور آخرت میں کلمہ طیبہ پر ثابت قدم رکھتا ہے۔ یہاں آخرت سے مراد قبر کی زندگی ہے۔ یعنی مسلمان دنیا میں مصیبت اور آرام ہر حال میں اور قبر میں نکیرین کے سوال کے وقت کلمہ طیبہ پر ثابت قدم رہتے ہیں۔ یہاں آخرت سے حشر مراد نہیں کیونکہ وہاں ایمان و کفر کا سوال نہیں ہے بلکہ اعمال کا حساب۔ نیز رب فرماتا ہے۔ النار یعرضون علیھا غدوا" وعشیا" و یوم تقوم الساعتہ۔ ادخلوا ال فرعون اشد العذاب یہاں یعرضون میں فرعونیوں کے عذاب قبر کا ذکر ہے اور ادخلوا الخ میں قیامت کے بعد دوزخ کے عذاب کا۔ چونکہ برزخ میں کافر دوزخ میں نہیں پہنچے گا بلکہ دوزخ کی گرمی قبر میں آوے گی۔ اس لئے یہاں یعرضون اور یہاں ادخلوا فرمایا گیا۔ اس کے علاوہ زندگی قبر کے متعلق بے شمار احادیث صحیحہ اور امت رسول اللہ کا اجماع ہے۔ اس کی زائد تحقیق ہمارے فتاویٰ میں دیکھو اور انشاء اللہ اس تفسیر میں بھی مختلف آیتوں کے ضمن میں کچھ عرض کیا جاتا رہے گا۔

**تفسیر صوفیانہ :** اس جگہ مسلمانوں سے خطاب ہو رہا ہے کہ اے مسلمانو! تم آئندہ کیسے کافر بن سکتے ہو۔ حالانکہ تم آدم علیہ السلام کی پشت میں بے جان ذرے تھے پھر تم کو رب نے اس طرح زندہ فرمایا کہ ان کی پشت سے تم کو نکالا اور الست بربکم کا پر لطف کلام سنایا اور تمہیں اپنے خطاب کی عزت بخشی اور تم کو جواب باصواب کی توفیق بخشی کہ تم نے خوشی سے بلی کہا کفار کی طرح بے مروتی اور خوف سے نہ کہا۔ پھر تم کو اس طرح موت دیتا ہے۔ کہ عالم ارواح سے عالم اجسام کی طرف منتقل فرماتا ہے۔ پھر تم کو انبیاء کرام اور آسمانی کتابیں بھیج کر دوبارہ زندگی بخشتا ہے۔ اور پھر تم اسی کی طرف بے اختیار لوٹ کر جاؤ گے یا یہ خطاب انبیاء کرام سے ہے کہ اے پیغمبرو! تم معصوم ہونے کی وجہ سے کبھی خدا کی نعمتوں کا انکار نہیں کر سکتے ہو۔ اس لئے کہ تم پہلے عدم کے پردے میں تھے۔ پھر رب نے تم کو نور عنایت کے پانی اور دست محبت سے خمیر فرمایا۔ پھر اس کو نور سے منور فرما کر زندگی بخشی۔ پھر جمال کے مشاہدے سے جدا کر کے تم کو موت عطا فرمائی۔ پھر وحی کے نور سے منور فرما کر زندگی بخشی۔ پھر جذبات حق کی کشش سے تم رب کی طرف ہی لوٹو گے یا اے انسان تم پہلے بے علمی کی بناء پر مردہ تھے پھر تمہیں عقل و ہوش و علم دے کر زندہ کیا۔ پھر بڑھاپے میں بے عقل ہو کر علم بھول کر گویا مردہ ہو جاؤ گے۔ پھر قبر میں تم کو علم و عقل دے کر زندہ فرما دے گا۔ پھر تم رب کی بارگاہ میں حاضر ہو گے۔ علم روح کی زندگی ہے جہالت روح کی موت، مرنے کے بعد روح کا علم بلکہ ہر قوت بڑھ جاتی ہے۔ اس لئے بزرگوں کی ارواح بعد موت مدد کرتی ہیں۔

**اعتراض :** نحوی قاعدے سے فعل اور حال کا زمانہ ایک چاہئے مگر یہاں ایسا نہیں کیونکہ یہاں تکفرون فعل ہے۔ اور کفار

marfat.com
Marfat.com

کی موت اور حیات رب کی طرف لوٹنا حال اور ان سب کا زمانہ علیحدہ علیحدہ۔ کیونکہ کفر تو آج ہو رہا ہے اور یہ حالات یا تو پہلے ہو چکے ہیں یا آئندہ ہوں گے لہٰذا یہ ترکیب کیونکر صحیح ہوگی"۔ جواب: چونکہ یہ سارے گذشتہ اور آئندہ واقعات حق تعالیٰ کے نزدیک بہت قریب قریب ہوئے ہیں۔ اس لئے گویا ان کا زمانہ ایک ہی ہے قیامت اگرچہ ہم کو دور معلوم ہوتی ہے۔ مگر اللہ و رسول کے نزدیک بہت قریب قرآن کریم فرماتا ہے کہ اقتربت الساعۃ اور حضور فرماتے ہیں کہ ہم اور قیامت دو ملی ہوئی انگلیوں کی طرح ہیں۔ دوسرا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ ہر شخص کے لئے دو موتیں ہیں۔ ایک دنیا کی زندگی سے پہلے دوسری اس کے بعد مگر قرآن سے ہی ثابت ہو رہا ہے کہ بعض لوگوں کو تین موتیں آئیں۔ چنانچہ حضرت عزیر علیہ السلام کو سو برس تک مردہ رکھ کر زندہ فرمایا گیا۔ حضرت حزقیل علیہ السلام کی دعا سے وہ بنی اسرائیل دوبارہ زندہ کئے گئے۔ جو کہ وبا کے خوف سے شہر چھوڑ کر بھاگ گئے تھے۔ اور جنگل میں ان کو مار دیا گیا تھا' موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں جو بنی اسرائیل ان کے ساتھ کوہ طور پر گئے تھے اور بجلی سے مر گئے تھے انہیں زندہ کیا گیا۔ عیسیٰ علیہ السلام نے بہت سے مردوں کو زندہ فرمایا۔ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنے والدین کریمین کو زندہ کر کے ایمان دیا اور حضرت جابر کے مرے ہوئے بچوں کو زندہ فرمایا جیسا کہ احادیث میں آتا ہے ان سب کو یقیناً تین موتیں آئیں پھر ان آیتوں کو کس طرح جمع کیا جائے۔ جواب اس جگہ انسان کی عام حالت کا ذکر ہو رہا ہے۔ کیونکہ عام طور پر دو ہی موتیں آتی ہیں۔ یعنی یہ قانون ہے اور وہ خصوصی واقعات قدرت کے قانون کے پابند ہم ہیں نہ کہ رب۔ ہمارا قانون پر بھی اعتماد ہے۔ اور قدرت پر بھی خیال رہے کہ دوبارہ زندگی پانے والوں کو دوبارہ موت و سکرات نہ ہوئی۔ پھر ان کی روح ایسے قبض کی گئی جیسے نیند یا غشی کی طاری ہونا بغیر تکلیف کے یہ واقعات اتفاقیہ ہیں نیز اس آیت میں کفار و مشرکین سے خطاب ہے۔ اور ان میں بہت سے لوگ ان واقعات کے قائل نہ تھے۔ تیسرا اعتراض: آریوں کا۔ اگر انسان نے اس زندگی سے پہلے اتنے جسموں کو سیر کی ہے چاہئے کہ آواگون درست ہو۔ جواب اس کا جواب پہلے گزر چکا کہ یہ جسموں کی تبدیلی ہے نہ کہ روحوں کی اور آواگون روح کی تبدیلی کا نام ہے یہ بھی خیال رہے کہ جسم کے اصلی اجزاء اور وہ نہایت چھوٹے چھوٹے ذرے ہیں جو کہ خوردبین سے بھی نظر نہیں آسکتے جن کو عربی میں عجب الذنب کہتے ہیں' یہ ریڑھ کی ہڈی میں محفوظ ہیں یہ کسی حال میں نہیں بدلتے۔ اگر کسی انسان کو شیر نے کھالیا اور وہ پاخانہ بن کر نکل گیا۔ پھر اس کے اصلی اجزاء پاخانے میں باقی رہے۔ یہی اجزاء گیہوں' روٹی' خون اور منی میں برابر محفوظ رہتے ہیں۔ جب انسان مرنے کے بعد مٹی بن جاتا ہے تو مٹی میں بھی وہ اجزاء سلامت رہتے ہیں۔ انہی اجزاء پر قیامت کے دن اجسام بنائے جائیں گے۔ اس ہی وجہ سے ہر حال میں کہا جاتا ہے کہ یہ وہی انسان ہے جو کہ پہلے منی یا گوشت کا لوتھڑا یا بچہ وغیرہ تھا۔ وہی کہنا اس لئے ہے کہ اس کے اصلی اجزاء محفوظ ہیں آواگون والوں کے نزدیک دوسرا جسم پہلے جسم کا بالکل غیر ہوتا ہے اور اسلام میں وہ پہلا ہی جسم ہوتا ہے صرف صورت بدل جاتی ہے۔ لہٰذا اس مسئلے کو آواگون سے کوئی تعلق نہیں۔ چوتھا اعتراض چکڑالویوں کا: جو لوگ قبر میں دفن نہیں ہوتے۔ مثلاً جلا دیئے جاتے ہیں یا ان کو شیر وغیرہ کھا جاتا ہے اس سے حساب قبر کیونکر ہوگا۔ جواب قبر خاص اس گڑھے کا نام نہیں جس میں مردے دفن کئے جاتے ہیں بلکہ اس برزخی حالت کا نام ہے جو مرنے اور قیامت میں اٹھنے کے درمیان ہے۔ اس حالت میں انسان کہیں بھی ہو اس کی روح کو جسم کے اصلی اجزاء سے متعلق کر کے اس سے سوال جواب ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا اگر جسم انسانی شیر یا مچھلیوں کے پیٹ میں ہے یا جل کر اور راکھ ہو کر میدان میں اڑ رہا ہے یا دریا میں بہہ رہا ہے۔ کہیں بھی ہے اس کی روح کو

marfat.com
Marfat.com

اس سے متعلق کرکے وہاں ہی سوال جواب کر لئے جاتے ہیں۔ جب ماں کے پیٹ میں بچہ بنتا ہے تو فرشتہ وہیں آکر تمام نقش و نگار بھی کر جاتا ہے۔ اور اس کی تقدیر بھی لکھ جاتا ہے۔ مگر ماں کو خبر نہیں ہوتی۔ اسی طرح شیر وغیرہ کے پیٹ میں ہی حساب ہوتا ہے اور اس کو خبر نہیں ہوتی۔

| |
|---|
| هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ثُمَّ اسْتَوٰۤى اِلَى |
| وہ وہ ہے کہ پیدا فرمایا اس نے واسطے تمہارے جو کچھ زمین کے ہے سارا پھر قصد |
| وہ وہی ہے جس نے تمہارے لئے بنایا جو کچھ زمین میں ہے پھر آسمان کی طرف |
| السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۠ ۲۹ |
| کیا طرف آسمان کے پس برابر کیا ان کو سات آسمان اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ |
| استوا (قصد) فرمایا تو ٹھیک سات آسمان بنائے اور وہ سب کچھ جانتا ہے۔ |

تعلق : اس آیت کا پہلے سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک یہ کہ حق تعالیٰ نے پہلی آیت میں انسان کی داخلی نعمتوں کا ذکر فرمایا تھا اب خارجی نعمتوں کا ذکر فرمایا۔ جو کہ زمین وغیرہ سے ہم کو حاصل ہوتی ہیں۔ دوسرے یہ کہ پہلے ہم کو زندگی بخشنے کا ذکر فرمایا گیا تھا اور اب زندہ رہنے کے اسباب کا کیونکہ زمین کی نعمتوں کے بغیر ہماری زندگی ناممکن ہے مگر چونکہ زندگی اصل ہے اور نعمتوں سے نفع حاصل کرنا اس کی فرع اس لئے زندگی کا ذکر پہلے فرمایا ان کا بعد میں۔ تیسرے یہ کہ کفار کہہ سکتے تھے ہمیں رب نے پیدا نہیں فرمایا بلکہ اتفاقیہ اسباب جمع ہو گئے اور ہم پیدا ہو گئے۔ لہٰذا ہم پر رب کا کوئی احسان نہیں سورج سے دانہ پکا اس سے آٹا بنا جو ہمارے والد کے پیٹ میں جا کر خون بنا اور خون نطفہ بن کر ماں کے رحم میں آ گیا اور ہم پیدا ہو گئے اس میں رب کا کون سا احسان ہے اس وہم کی تردید کے لئے اب فرمایا گیا کہ یہ تو سوچو کہ یہ اسباب کس نے پیدا فرمائے اور ان میں یہ تاثیریں کس نے بخشیں؟ کہنا پڑے گا کہ رب نے لہٰذا احسان رب ہی کا ثابت ہوا۔

تفسیر : **ھو الذی خلق** قرآن کریم میں **ھو الذی** کبھی تو اللہ کی رحمت ظاہر کرنے کے لئے ہوتا ہے کبھی اظہار قدرت کے لئے یہاں دونوں مقصد ہو سکتے ہیں۔ یعنی اللہ تعالیٰ وہ قدرت والا ہے یا وہ رحمت والا ہے کبھی کسی خاص بندے کی عظمت ظاہر کرنے کے لئے بھی **ھو الذی** آتا ہے۔ جیسے **ھو الذی ارسل رسولہ** اللہ وہ شان والا ہے جس نے ایسے شان والے محمد رسول اللہ کو پیدا فرمایا۔ یہاں حضور کی شان کا اظہار مقصود ہے کہ اگر میری شان دیکھنا ہے تو میرے اس محبوب کی شان دیکھو بے دیکھی چیز کو ان مظاہر سے جانا جاتا ہے' جان کو اعضا کی حرکات سے معلوم کرتے ہیں ایسے ہی رب کو عالم کے حالات سے معلوم کرو۔ مفسرین فرماتے ہیں کہ یہاں خلق قدر کے معنی میں ہے۔ یعنی اس رب نے تمہارے لئے زمین کی ساری نعمتوں کو مقرر فرمایا کیونکہ اس آیت کے نازل ہونے کے وقت نہ تو ساری چیزیں پیدا ہوئی تھیں۔ نہ سارے انسان' اب آیت کا مقصد یہ ہوا کہ جو کچھ پیدا فرما چکا وہ تمہارے لئے تھا اور جو کچھ پیدا کیا ہے اور جو کرے گا وہ سب تمہاری ہی خاطر لکم اس میں لام نفع کا ہے یعنی تمہارے نفع کے لئے چیزیں پیدا ہوئیں کہ جس سے تم دینی یا دنیوی نفع حاصل کرو یعنی چیزوں کو کھانا' بعض کو پہننا' بعض کو

marfat.com
Marfat.com

پیناوغیرہ۔ یہ دنیوی نفع ہیں‘ بعض چیزوں سے بچ کر ثواب حاصل کرنا‘ ان سب چیزوں کو دیکھ کر خالق کو پہچاننا وغیرہ دینی نفع ہیں
**ما فی الارض جمیعا** ” اس سے معلوم ہوا کہ زمین کی ساری چیزیں خواہ وہ زمین پر ہوں یا زمین میں ہوں۔ سب ہمارے نفع
کے لئے پیدا کی گئیں کہ بلاوسیلہ یا وسیلے سے یہ سب ہمارے کام میں آتے ہیں۔ عمدہ غذائیں پاکیزہ خوشبوئیں‘ دل پسند آوازیں‘
حسین صورتیں‘ وہ لذیذ چیزیں بلاواسطہ ہمارے لئے ہیں اور لکڑی‘ لوہا‘ تیر کمان‘ رسی وغیرہ اسی لئے بنی کہ ان کے ذریعے ہم
غذائیں حاصل کریں اور بیماری اور مشقت ہماری عبرت کے لئے پیدا فرمائی گئیں‘ موت اس لئے بنی تاکہ دنیاوی نعمتوں سے
سارے اگلے اور پچھلے لوگ نفع حاصل کریں اگر سب پیدا ہوتے اور کوئی نہ مرتا تو زمین بھی تنگ ہو جاتی اور روزی بھی اور
بے شمار لڑائی جھگڑے واقع ہوتے اور پہلے لوگ حکومت پر قائم رہتے اور پچھلے اس سے محروم اور مشقتیں اور مصیبتیں بھی
ہمارے ہی فائدے کے لئے ہی بنی اگر یہ نہ ہوتیں‘ تو دنیا میں کوئی کارخانہ ہی نہ ہوتا اگر چور نہ ہوتا تو پولیس کا محکمہ نہ بنتا اور
لاکھوں آدمی بیکار رہتے‘ اگر جرم نہ ہوتے‘ کچہریاں ویران ہوتیں‘ اگر دشمن نہ ہوتا تو فوج کا محکمہ بیکار تھا۔ اگر سردی گرمی کی
مصیبت نہ ہوتی تو اونی کپڑے کے کارخانے اور خسخانے‘ پنکھے وغیرہ کچھ نہ ہوتے‘ اگر بھوک نہ ہوتی تو سارے باورچی بیکار تھے‘
اگر بیماری نہ ہوتی تو دوا اور شفاخانے بیکار اور حکیم عطار‘ اور جراح سب رائگاں جاتے۔ غرضیکہ ان مصیبتوں نے ہی دنیا کو آباد
کیا۔ حتیٰ کہ زہر قاتل اور سانپ وغیرہ بھی بہت دواؤں میں کام آتے ہیں‘ بہرحال سب چیزیں ہمارے ہی نفع کے لئے ہیں۔
(تفسیر عزیزی) **ثم استوی الی السماء** استویٰ سوی سے بنا ہے جس کے معنی ہیں برابری اور مساوات‘ اس لئے سیدھی
چیز کو مستوی کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کے اجزاء آپس میں برابر ہوتے ہیں‘ نہ تو اونچے‘ نیچے اور نہ ٹیڑھے‘ پھر اس کا استعمال قصد
اور ارادے کے لئے ہونے لگا۔ عرب والے بولتے ہیں **استوی کالسھم المرسل** یعنی اس کا چھوٹے ہوئے تیر کی طرح
قصد کیا‘ چونکہ پہلے معنی یعنی برابری سے رب تعالیٰ پاک ہے۔ اس لئے دوسرے ہی معنی مراد ہیں چونکہ زمین کی ساری نعمتیں
ہمارے لئے ہی پیدا فرمائی گئی تھیں اور زمین کی ساری چیزیں آسمانی مدد (بارش اور چاند سورج ستارے وغیرہ) کے بغیر حاصل
نہیں ہو سکتیں‘ اس لئے آسمان کو بھی پیدا فرمایا گیا‘ اس سے معلوم ہوا کہ اصل مقصود زمین ہے کیونکہ ہم اسی پر ہی رہتے ہیں اور
زمین کے لئے آسمان بنایا گیا۔ اس لئے یہاں **ثم** ارشاد فرمایا گیا۔ خواہ آسمان زمین سے پہلے بنا ہو یا بعد میں لیکن ہے زمین کے تابع‘
اس لئے درجے اور رتبے میں زمین سے پیچھے ہی ہے اس لئے ثم صحیح ہے‘ ہماری اس تقریر سے بہت بڑا اعتراض اٹھ گیا جس کو ہم
اعتراض و جواب کے موقع پر عرض کریں گے۔ **سماء** اونچی چیز کو بھی سماء کہتے ہیں اور آسمان کو بھی‘ مگر یہاں آسمان مراد ہے‘ جیسے
کہ آئندہ عبارت سے معلوم ہو رہا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ آسمان بھی ہمارے لئے ہی بنا ہے کیونکہ ہمارے لئے زمین بنی اور
زمین کے لئے آسمان تو ہمارے لئے آسمان **فسوٰھن**‘ یہاں سوی برابر کرنے اور ٹھیک کرنے کے معنے میں ہے۔ یعنی آسمانوں
کو ایسا ٹھیک بنایا کہ اس میں کہیں بھی سوراخ یا شگاف یا ٹیڑھا پن نہ رہا۔ **سبع سموٰت** اس سے معلوم ہوا کہ آسمان سات ہیں۔
بعض علماء فرماتے ہیں کہ مع عرش کرسی کے سات ہیں اور بعض فرماتے ہیں کہ ان کے علاوہ لہٰذا مع عرش کرسی کے نو ہوئے‘
پرانے فلاسفہ نو مانتے ہیں اور اس آیت کے یہی معنی کرتے ہیں آسمانوں کے سات ہونے میں عجیب حکمت ہے کیونکہ ہر آسمان پر
ایک سیارہ ہے اگر آسمان ایک ہی ہوتا اور سب سیارے تارے ایک پر ہوتے تو زمین کا انتظام درہم برہم ہو جاتا۔ وہ اس طرح کہ

marfat.com
Marfat.com

پہلے آسمان پر چاند ہے اور چوتھے پر سورج' سورج سے غلہ وغیرہ پکتا ہے اور چاند اور دیگر سیاروں سے اس میں رنگت و لذت پیدا ہوتی ہے' پھر سورج کبھی قریب آجاتا ہے اور کبھی دور جس کی وجہ سے موسم بدلتے ہیں اور ہر موسم کے پھل پیدا ہوتے ہیں' اگر سورج پہلے آسمان پر ہوتا تو سخت گرمی کی وجہ سے جاندار فنا ہو جاتے اور کھیت باغ جل جاتے اور اگر چاند چوتھے آسمان پر ہوتا۔ تو اتنی ہلکی شعاعیں زمین تک پہنچتیں جو کہ پھلوں میں رنگت و لذت پیدا کرنے کے لئے کافی نہ ہوتیں۔ لہٰذا جس کے تارے کا زمین سے جس قدر دور رہنا مناسب تھا اس کو اسی قدر دور رکھا گیا۔ انہی فاصلوں کے فرق کے لئے سات آسمان بنائے گئے اور ان میں صدہا حکمتیں ہیں جن کے بیان کی یہاں گنجائش نہیں۔ جس کو دیکھ کر بے اختیار کہنا پڑتا ہے کہ **ربنا ما خلقت هذا باطلا**' **وهو بكل شي عليم** اس میں یہ بتایا گیا کہ رب نے جو کچھ بھی فرمایا بہت علم کے ساتھ پیدا فرمایا یونہی بے فائدہ نہ بنایا جس چیز کو جہاں رکھا اور جس کو جیسا بنایا اس کو ویسا ہی ہونا چاہئے تھا اور اس میں یہ بھی بتایا جارہا ہے کہ جس طرح عالم کا ذرہ ذرہ ہمارے علم میں ہے ایسے ہی تمہارے جسم کے سارے اجزاء ہمارے علم میں ہیں خواہ وہ اجزاء تمہارے مرنے کے بعد ہوا میں اڑ جائیں یا پانی میں بہہ جائیں یا ذروں سے مل جائیں اور پھر ان پراگندہ اجزاء کو جمع کر کے ان میں دوبارہ روح ڈال دینا ہمارے واسطے کوئی مشکل نہیں۔ مشکل تو اسے ہو جس کے علم میں کچھ کمی ہو یا قدرت میں' لہٰذا تم قیامت کا انکار نہ کرو' غرضکہ سارا عالم اجسام انسان کے لئے بنا' اس لئے آدم علیہ السلام تمام مخلوق سے پیچھے ہوئے' اور جب انسان فنا ہوں گے تو قیامت آجائے گی اور جن بستیوں پر انسانوں کے گناہ کی وجہ سے عذاب آئے اور وہاں ساری مخلوق فنا کر دی گئی کہ جب اصل مقصود نہ رہا تو تابع چیزوں کا رہنا بیکار۔

**خلاصہ تفسیر** : حق تعالیٰ نے جب اپنی پہلی نعمت یعنی انسان کو زندہ کرنا یاد دلایا۔ تو اب ان نعمتوں کا ذکر فرمایا جارہا ہے جس پر زندہ رہنا موقوف ہے۔ یعنی تم اس رب سے کیوں منہ موڑتے ہو جس نے تم کو نیست سے ہست کیا اور پھر موجود کر کے تم کو یونہی بے سروسامان نہ چھوڑا بلکہ اس نے محض تمہاری خاطر زمین اور اس کی ساری نعمتیں پیدا فرمائیں اور چونکہ زمین کی نعمتیں آسمانی اثرات کے بغیر نہیں حاصل ہو سکتیں' اس لئے آسمان کو بھی تمہاری ہی خاطر بنایا اور چونکہ ایک یا دو آسمانوں سے زمین کا انتظام مکمل نہیں ہوتا اس لئے تمہاری ہی خاطر آسمان سات بنائے اور چونکہ زمین و آسمان میں تعلق کے بغیر بھی زمین کی نعمتیں نہیں بن سکتیں' اس لئے تمہاری خاطر ان دونوں میں ایسا تعلق پیدا فرمایا کہ کہا جاسکتا ہے کہ تمہارا رزق آسمان سے آتا ہے اور زمین سے ملتا ہے اور یہ اس لئے ہے کہ خدا تعالیٰ ہر چیز کا علم رکھتا ہے اور ہر چیز کے اسرار' اور مصلحتیں اس کو معلوم ہیں' غرضکہ اے انسانو! یہ ساری کائنات تمہاری خاطر بنی ہے۔ پھر بھی اگر تم ہمارا احسان نہ مانو تو بہت تعجب ہے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے' ایک یہ کہ زمین اور آسمان کی ساری چیزیں انسان کے نفع کے لئے بنائی گئیں۔ اس لئے انسان کو ساری مخلوقات سے پیچھے پیدا فرمایا کیونکہ سامان پہلے جمع کیا جاتا ہے اور جس کی خاطر یہ سامان ہو وہ بعد میں آتا ہے' اگر کہیں جلسہ وعظ ہو تو فرش و تخت' روشنی صفائی وغیرہ کا انتظام پہلے ہو جائے گا' سننے والوں کا اجتماع بھی پہلے ہو جائے گا اور مولوی صاحب کی تشریف آوری بعد میں ہوگی۔ وہ جو حدیث قدسی میں آتا ہے اے محبوب **لولاک لما خلقت الافلاک** اس کی پوری تائید ہوتی ہے۔ اگر حدیث ضعیف کی تائید قرآن سے ہو جاوے تو قوی ہو جاتی ہے۔ لہٰذا یہ حدیث

marfat.com
Marfat.com

اگر ضعیف بھی ہو تو اب قوی ہے برات کا کھانا دانہ براتیوں کے لئے اور براتی دولہا کے طفیل' عالم کا بنانا انسان کے لئے اور انسان حضور کے لئے اس لئے حضور تمام نبیوں سے پیچھے آئے کہ اصلی مقصود پیچھے ہوتا ہے۔ حضور کی تشریف آوری سارے پیغمبروں کے بعد اسی لئے ہوئی کہ مقصود ذات اوست دیگر ہمگی طفیل نیز انسان تمام چیزوں کے بغیر زندگی نہیں گزار سکتا لیکن وہ تمام چیزیں انسان کے بغیر رہ سکتی ہیں۔ جس سے معلوم ہوا کہ انسان بادشاہ ہے۔ باقی سب خدام کیونکہ خدام بغیر آقا کے اکثر گزر کر لیتا ہے' لیکن آقا بغیر خدام نہیں رہ سکتا۔ سبحان اللہ آناں کہ غنی تراند محتاج تراند۔ نیز انسان ہر چیز سے نفع حاصل کرتا ہے دیگر چیزوں میں یہ وصف نہیں' فرشتے کھانے پینے سے دور' جنات مکانات وغیرہ سے بے پرواہ جانور لباس وغیرہ کے غیر محتاج اور غذائیں بھی ان کے لئے معمولی اور خاص خاص' مگر حضرت انسان کو ان سب چیزوں کی حاجت' پھر ان میں سے ہر ایک کی ہزارہا قسمیں چاول ہزار ہا ترکیب سے استعمال کئے جائیں' کپڑوں میں سینکڑوں وضع قطع مکان کی صدہا قسمیں پتہ لگا کہ سب چیزیں انہی حضرات کے لئے بنی ہیں۔ دوسرے یہ کہ جو چیزیں ہمارے لئے بنی ہیں تو ان کا حلال ہونا بھی ہمارے لئے ضروری ہے' وہابیوں اور دیوبندیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ جو چیز حضور پاک کے زمانہ اقدس میں نہ ہو وہ سب بدعت اور حرام ہے۔ جس سے لازم آیا کہ اعراب والا قرآن شریف اور بخاری شریف وغیرہ پڑھنا' پلاؤ' بریانی کھانا' ریل کی سواری وغیرہ سب حرام' کیا کوئی دیوبندی ہے جو اپنے اس اصول پر عمل کر کے دکھاوے۔ تیسرے یہ کہ آسمان کا وجود بھی ہے۔ اور وہ مجسم ہیں اور سات ہیں۔ قرآن مجید نے یہ بھی بتایا اور توریت اول کے پہلے باب میں ارشاد ہوا کہ ابتداء میں خدا نے زمین و آسمان کو پیدا کیا۔ اسی توریت شریف کے ساتویں باب میں طوفان نوح کے بیان میں ذکر ہوا کہ آسمان کی کھڑکیاں کھل گئیں۔ آٹھویں باب میں فرمایا گیا کہ آسمان کی کھڑکیاں بند ہو گئیں وغیرہ وغیرہ۔ انجیل متی کے تیسرے باب میں ہے کہ جب عیسیٰ علیہ السلام یحییٰ علیہ السلام کے ہاتھ سے دریا میں غوطہ لگا کر باہر آئے تو ان کے لئے آسمان کھل گیا۔ انجیل لوقا کے اٹھارویں باب میں ہے کہ اتنا بھی نہ چاہا کہ آسمان کی طرف آنکھ اٹھاوے' اسی طرح مکاشفات یوحنا کے آٹھویں باب سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ آسمانوں پر تارے ہیں۔ ہندوؤں کے وید اور پارسیوں کے وساطیر سے بھی آسمانوں کے متعلق اس قسم کے مضامین ثابت ہیں۔ غرضیکہ ہر مذہب کی الہامی اور غیر الہامی کتابوں سے آسمانوں کا ثبوت ملتا ہے' پرانے فلاسفہ بھی اس کے قائل رہے۔ مگر ایک دیوانہ فلسفی جس کا نام فیثاغورث ہے اس نے آسمانوں کا انکار کیا اس کی اس بات پر کسی عقل مند نے دھیان نہ دیا۔ اس زمانہ کو فلاسفہ نے اس قول کو دیوانوں کی بڑسے زیادہ وقعت نہ دی۔ مگر اب کچھ عرصہ سے یورپ میں یہ عقیدہ بہت پھیلا اور ان کی تقلید میں بعض ہندوستان کے فیشنی مسلمان بھی آسمان کا انکار کرنے لگے۔ اور سید احمد خان علی گڑھی کے مقلدین نے جہاں جنت دوزخ کی آیتوں میں تاویلیں کیں' ویسے ہی یہ بھی کہا کہ آسمان سے مراد انتہائے نظر ہے اور یہ تارے وغیرہ بغیر آسمان کے موجود ہیں اور آسمان کی کوئی حقیقت نہیں' ان کا کلام محض لغو اور باطل ہے کہ اس میں ساری آسمانی کتابوں کا انکار ہے۔ اور محسوسات کی مخالفت ان کے پاس آسمان کے نہ ہونے کی کوئی دلیل نہیں۔ چوتھے یہ کہ آسمان دور رہ کر بھی زمین کو فیض برابر دے رہا ہے تو اگر حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مدینہ میں جلوہ گر ہو کر تمام عالم کو فیض دیں تو ہو سکتا ہے' زمین آسمان سے کبھی بے پرواہ نہیں۔ امتی حضور سے کبھی بے نیاز نہیں ہو سکتا' آسمان دیتا ہے زمین لیتی ہے ایسے ہی حضور دینے آئے ہم لینے کے لئے۔

marfat.com
Marfat.com

**تفسیر صوفیانہ :** وہ اللہ ایسی قدرت والا ہے جس نے تمام جسمانی اور روحانی چیزوں کو تمہارے لئے پیدا فرمایا کہ وہ سب تمہارے کام آئیں اور تم کو ان کے لئے نہ بنایا کہ تم ان میں پھنس کر رب کو بھول جاؤ بلکہ تم کو اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا **وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون**۔ بلکہ خاص اپنے لئے جیسے خود فرمایا کہ **واصطنعتک لنفسی** اے بندے میں نے کوئی کام تیرے غیر کی خاطر نہ کیا۔ تو بھی اپنا کوئی کام میرے غیر کے لئے نہ کر' جس قدر تو میرے لئے ہو گا اسی قدر میں تیرا ہوں گا جیسا کہ روایت میں ہے کہ اللہ کا جو ہو رہتا ہے اللہ اس کا ہو جاتا ہے اور سوا انسان کے کسی میں استعداد نہیں کہ وہ اللہ کا ہو رہے اور اللہ اس کا ہو جائے۔ **حکایت:** تفسیر روح البیان سورت رعد شریف میں فرمایا گیا کہ ایک بزرگ سے رب نے ارشاد فرمایا کہ میں نے عالم کی ساری چیزیں تیرے لئے بنائیں تو نے میرے لئے کیا کیا۔ انہوں نے اپنی عبادات پیش کیں۔ ارشاد الٰہی ہوا کہ یہ عبادتیں بھی تو نے اپنے لئے ہی کی تھیں تاکہ دوزخ سے بچ جائے اور جنت حاصل کرے بتا میرے لئے کیا کیا عرض کیا مولا پھر تیرے لئے کون سا کام ہوتا ہے' فرمایا کہ میرے پیاروں سے محبت اور میرے دشمنوں سے عداوت۔ لہٰذا نماز و حج وغیرہ ادا کرنا عبادت ہے اور ان عبادات سے محبت کرنا رب کی محبت ہے' عبادت اپنے لئے ہے' عبادت سے محبت رب کے لئے۔ عبادت کرنا شریعت ہے' عبادت سے محبت کرنا طریقت۔ رب فرماتا ہے **فویل للمصلین الذین هم عن صلوتهم ساهون**۔ جو عبادت تو کرے مگر بوجھ جان کر رب اس سے ناراض ہے۔ اسی لئے صوفیاء کرام کے نزدیک جنت کے لئے عبادت کرنا کمال نہیں محض رضائے الٰہی کے لئے چاہیے اور جس طرح آسمان و زمین کو تیری خاطر بنایا اسی طرح تو بھی اپنے دنیوی کاروبار بھی میری ہی رضا کے لئے کر خود اس لئے کھا پی کہ تو اس سے عبادت کرے۔ بچوں کی اس لئے پرورش کر کہ یہ میرا حکم ہے اور وہ رب تعالیٰ اپنی ہر مخلوق کے ہر حال کو بخوبی جانتا ہے۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** جب رب تعالیٰ نے سب چیزیں ہمارے لئے ہی پیدا کیں ہیں تو پھر ہم کو بعض چیزیں کیوں دیں اور بعضے انسان غریب و فقیر کیوں رہے۔ ملکوں اور انسانوں کے حالات مختلف کیوں ہوئے۔ **جواب:** رب نے ساری چیزیں سارے انسانوں کے لئے پیدا کیں نہ فقط تمہارے ایک کے لئے دنیا کی تمام چیزیں تمام انسانوں کو تقسیم ہو کر بقدر حصہ مل گئیں' انگلستان والوں کو ایک قسم کے پھل اور غذائیں وغیرہ۔ ہندوستانیوں کو دوسری طرح کے بعض کو کم بعض کو زیادہ تاکہ دنیا کا نظام قائم رہے۔ **دوسرا اعتراض:** جب ہر چیز ہمارے لئے ہی بنی تو شریعت میں بعض چیزیں حرام کیوں فرمائیں۔ چاہئے تھا کہ ہم ہر چیز کو ہر طرح استعمال کر سکتے۔ **جواب:** ہر چیز تمہارے ہی نفع کے لئے بنی نہ کہ تمہارے کھانے کے لئے' ہر چیز کا نفع علیحدہ علیحدہ ہے کسی کو کھاؤ' کسی کو پہنو' کسی کو سونگھو' کسی سے بچو۔ تمہارے گھر میں تمہاری بیوی' ماں' بہن' بیٹی یہ سب تمہارے نفع کے لئے ہی ہیں۔ لیکن ان سب کا نفع یکساں نہیں۔ بیوی سے وطی کی جاتی ہے اور ماں' بہن سے امداد اور شفقت حاصل کی جاتی ہے' پانی اور آگ سب تمہارے نفع کے لئے' مگر پانی پیا جاتا ہے اور آگ کھائی پی نہیں جاتی' اور جس طرح ہر چیز کا طریقہء استعمال سکھانے والے کی مدد کے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔ اسی طرح انبیاء کرام کی تعلیم کے بغیر کسی چیز کو استعمال کرنا فائدہ مند نہ ہو گا۔ انبیاء کرام نے فرمایا کہ بکری کو استعمال کرو اور نفع لو اور خنزیر سے بچ کر۔ **تیسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ زمین پہلے پیدا ہوئی اور آسمان بعد میں' مگر دوسری آیتوں سے ثابت ہے کہ آسمان پہلے بنا اور زمین بعد میں' اب ان آیتوں میں

marfat.com
Marfat.com

مطابقت کس طرح کی جائے۔ جواب: اس کے چند جواب ہیں ایک یہ کہ زمین کی پیدائش آسمانوں سے پہلے مگر اس کا پھیلاؤ آسمانوں کے بعد' وہ اس طرح سب سے پہلے پانی پیدا ہوا۔ اس پانی میں کچھ جھاگ نمودار ہوئے وہ جھاگ اس جگہ محفوظ رکھے گئے جہاں اب خانہ کعبہ ہے۔ یہ جھاگ ہی اصل زمین ہیں' پھر پانی سے بخار اٹھا وہ بخار آسمان بنا پھر جھاگوں کو پھیلا دیا گیا' چنانچہ دوسری آیت میں ارشاد ہوا کہ **والارض بعد ذلک دحھا** یعنی اس کے بعد زمین کو پھیلایا۔ مگر یہ جواب ضعیف ہے کیونکہ یہاں کی آیت سے معلوم ہو رہا ہے کہ زمین کی ساری چیزیں پیدا کر کے آسمان پیدا کیا اور زمین کی ساری چیزیں زمین کے پھیلنے کے بعد ہی ہو سکتی ہیں۔ بعض لوگوں نے فرمایا کہ اصلی آسمان زمین سے پہلے بنا لیکن اس کا ہموار ہونا اور ان کا سات بننا زمین کے بعد ہوا۔ لہٰذا اصلی آسمان پیدائش میں زمین سے پہلے ہے اور تسویت (ہموار اور یکساں ہونا بعد میں) مگر یہ جواب یہ بھی کمزور ہے کیونکہ دوسری آیتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ آسمان کی تکمیل کے بعد زمین بنی ہے۔ چنانچہ قرآن فرماتا ہے۔ **رفع سمکھا فسولھا و اغطش لیلھا و اخرج ضحھا والارض بعد ذلک دحھا** لہٰذا صحیح جواب یہی ہے کہ آسمان پہلے بنا بعد میں زمین' لیکن جہاں کہیں آسمان کو زمین کے بعد بیان فرمایا گیا ہے وہ اس لئے ہے کہ زمین کی پیدائش اصل مقصود ہے اور آسمان اس کے تابع۔ لہٰذا یہاں لفظ ثم فقط ذکر اور درجے کی ترتیب کے لئے ہے۔ (تفسیر کبیر) **چوتھا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ آسمان و زمین کی پیدائش میں بہت وقت صرف ہوا بلکہ بعض جگہ فرمایا گیا کہ ان کی پیدائش چھ دن میں ہوئی' مگر دوسری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان سب کی پیدائش فقط کن فرما دینے سے ہوئی۔ نیز جب اس وقت سورج بنا ہی نہ تھا۔ تو چھ دن کیسے معلوم ہوئے' دن رات تو سورج سے ہوتے ہیں۔ **جواب:** اس کا مکمل جواب انشاء اللہ آیت **فی ستۃ ایام** میں دیا جائے گا۔ یہاں صرف اتنا سمجھ لو کہ ایک تو ہے بنانے کا طریقہ' دوسرے اس کی مدت کن والی آیت میں طریقہ پیدائش بیان فرمایا گیا کہ رب تعالیٰ نے ان سب چیزوں کو کن فرما کر بنا دیا۔ آریوں کے پرمیشور کی طرح روح اور مادے کا محتاج نہ تھا۔ اور ستۃ ایام والی آیت میں مدت پیدائش ذکر ہوئی کہ چھ دن میں چھ بار کن فرما کر یہ تمام چیزیں پیدا فرمائیں۔ نیز چھ دن سے اتنا وقت مراد ہے کہ اگر اس وقت سورج ہوتا تو اس کے چھ دن بن جاتے یا دن سے مراد دفعہ ہے۔ یعنی چھ دفعہ کن کی توجہ ہوئی' اور یہ تمام چیزیں بن گئیں۔ اب رہی یہ بات کہ کن فرمانے سے کیا مراد ہے۔ اور جبکہ اس وقت کوئی چیز موجود تھی ہی نہیں تو کن کس سے کہا گیا اور کس نے سنا اور چھ دن میں کیوں فرمایا یہ تمام باتیں انشاء اللہ انہی آیتوں کی تفسیر میں بیان ہوں گی اس قسم کے اعتراضات پنڈت دیانند کے اوہام ہیں۔ نیز آسمانوں کی حقیقت اور ان کی پیدائش کا پورا واقعہ اور ترتیب انشاء اللہ اسی جگہ بیان ہو گی۔ یہاں اس کا موقع نہیں۔ **پانچواں اعتراض:** آج سائنس کہتی ہے کہ آسمان کچھ نہیں کیونکہ دوربینوں اور تمام آلات رسد میں نظر نہیں آتا۔ اور روسی سیارہ چاند وغیرہ سے گزرتا ہوا سورج کے مدار میں پہنچ گیا۔ اگر آسمان تھا تو یہ راکٹ کیسے گزر گیا۔ **جواب:** آسمان ہیں اور ضرور ہیں۔ آلات سے نظر اپنی شفافی کی وجہ سے نہیں آتے جیسے ہوا آج تک کسی سے نہ دیکھی گئی' ہمیں کیا خبر کہ روسی راکٹ سورج تک پہنچا یا نہیں۔ اگر پہنچ بھی گیا ہو تو اس کی وجہ یہ ہے آسمان کا قوام پانی یا ہوا کی طرح رقیق ہے رب فرماتا ہے **کل فی فلک یسبحون** ہر تارا اپنے آسمان میں تیر رہا ہے' تیرنا رقیق چیز میں ہی ہو سکتا ہے بلکہ اس راکٹ سے تو حضور کی معراج کا مسئلہ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر جانے کے عقیدے کی تائید ہوتی ہے جو فلاسفہ آسمان کا چیرنا غیر ممکن مانتے ہیں ان کے مقابل واقعہ معراج وغیرہ کا ثبوت ہے۔

marfat.com
Marfat.com

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ؕ

اور جبکہ فرمایا رب نے آپ کے واسطے فرشتوں کے تحقیق میں بنانے والا ہوں بیچ زمین کے

اور یاد کرو جب تمہارے رب نے فرشتوں سے فرمایا میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں

قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا وَ یَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ

نائب کہا انہوں نے کیا بنائے گا تو بیچ اس کے اس کو جو فساد پھیلائے گا بیچ اس کے اور

بولے کیا ایسے کو نائب کرے گا جو ان میں فساد پھیلائے گا اور خون ریزیاں کرے گا

وَ نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَ نُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا

بہائے گا خون اور ہم تسبیح کرتے ہیں ساتھ تیری تعریف کے اور پاکی بولتے ہیں واسطے تیرے

اور ہم تجھے سراہتے ہوئے تیری تسبیح کرتے ہیں اور تیری پاکی بولتے ہیں۔ فرمایا مجھے

تَعْلَمُوْنَ ۝۳۰

فرمایا رب نے تحقیق میں جانتا ہوں وہ جو تم نہیں جانتے

معلوم ہے تم نہیں جانتے۔

**تعلق:** اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **ایک:** یہ کہ پچھلی آیتوں میں ان نعمتوں کا ذکر فرمایا گیا جو بلاواسطہ ہر انسان کو ملتی ہیں زندگی اور موت اور زمین و آسمان کی نعمتیں' اب اس خاص نعمت کا ذکر ہے جو انسانوں کے والد حضرت آدم علیہ السلام کے ذریعہ سے ان کو ملی' یعنی آدم علیہ السلام کی عزت افزائی اور ان پر خاص کرم خداوندی' کیونکہ باپ کی عزت سے اولاد کی عزت ہے۔ **دوسرے:** یہ کہ پچھلی آیتوں میں قیامت تک ملنے والی دائمی نعمتوں کا ذکر فرمایا گیا۔ یعنی زندگی اور موت اور زمین و آسمان کی ظاہری نعمتیں' اور اب اس نعمت کا ذکر ہو رہا ہے جو شروع پیدائش کے وقت صرف ایک بار دی جا چکی اور جس کی وجہ سے نسل انسانی قیامت تک فخر کرے گی مگر چونکہ وہ پچھلی نعمتیں ہر شخص کو محسوس ہوتی تھیں اور کوئی بھی اس کا انکار نہ کر سکتا تھا اور یہ نعمت انبیاء کرام سے سن کر ہی معلوم ہوئی اس لئے ان کا ذکر پہلے ہوا۔ اور اس کا ذکر بعد میں۔ **تیسرے:** یہ کہ پہلی آیت سے معلوم ہوا تھا کہ عالم کی ساری چیزیں انسان کے لئے پیدا ہوئیں۔ اس پر سوال پڑ سکتا ہے کہ انسان تو ہزار ہا مخلوق سے کمزور ہے' فرشتے' جنات' ہاتھی اور شیر وغیرہ سب اس سے بڑھ کر طاقتور ہیں' پھر سب کا یہ حاکم کیونکر ہو سکتا ہے' اس آیت میں اس کا جواب دیا جا رہا ہے کہ اے معترض انسان کی محض جسمانی کمزوری کو مت دیکھ' بلکہ اس کی لیاقت اور قابلیت پر بھی نظر کر جو قدرت نے اس کو عطا فرمائی ہے' ہم تجھ کو تیری ابتداء پیش کا قصہ سناتے ہیں۔ جس سے تجھ کو معلوم ہو گا کہ بہترین مخلوقات یعنی ملائکہ نے تیرے پدر بزرگوار آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا اور ان کو اپنا خلیفہ مانا' حالانکہ فرشتے تمام مخلوق سے زیادہ طاقتور ہیں۔ جسمانی طاقت اور چیز ہے اور روحانی کمالات دوسری چیز۔ **چوتھے:** یہ کہ پچھلی آیت میں فرمایا گیا کہ انسان عالم کا مقصود ہے۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ انسان عالم کا مسجود' کیونکہ فرشتوں کا مسجود ہوا تو ان کے ماتحتوں کا بھی۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر: **واذ قال ربک** لفظ **اذ** ظرف ہے جو فعل کو چاہتا ہے۔ عام مفسرین اس جگہ ذکر نکالتے ہیں یعنی اے محبوب ذکر کرو۔ قرآن کریم نے بھی بعض جگہ **اذ** کے ساتھ **اذکر** ارشاد فرمایا ہے۔ **واذکر اخا عاد اذ انذر قومہ** اور فرمایا **واذکر عبدنا ایوب اذ نادی ربہ** یہ اس آیت کی تفسیر ہیں۔ پچھلی آیتوں میں محسوس نعمتوں کا ذکر تھا اس لئے وہاں ضرورت نہ تھی۔ مگر یہاں **اذکر** ضروری ہے۔ اس اذکر کے دو معنی ہو سکتے ہیں یاد کرو۔ ان لوگوں سے ذکر کرو۔ خیال رہے کہ وہ چیز یاد دلائی جاتی ہے جو پہلے سے علم میں ہو' یا تو بتادی گئی ہو یا دکھادی گئی ہو۔ معلوم ہوتا ہے کہ سارے واقعات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم میں ہیں اور ظاہر ہے کہ اس سے پہلے بتائے نہیں گئے تھے کیونکہ قرآن کریم تو اب اتر رہا ہے۔ اور حضور نے تاریخ بھی نہ پڑھی تھی ثابت ہوا کہ وہ سب حضور کو دکھائے گئے تھے' اس لئے فرمایا جاتا ہے کہ اے محبوب ذرا اس واقعہ کو تو یاد کرو۔ بعض جگہ ارشاد ہوا ہے۔ **الم تر** یعنی اے محبوب کیا تم نے وہ واقعہ نہ دیکھا یعنی دیکھا ہے' اس سے حضور کا علم غیب بھی ثابت ہوا۔ اور حاضر و ناظر ہونا بھی **قال ربک** یہ خبر سیدنا آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے فرشتوں کو دے دی گئی تھی۔ اس میں چند حکمتیں تھیں' ایک یہ کہ بندوں کو مشورہ کرنے کی ہدایت ہے اور اس سے معلوم ہوا کہ مشورہ سنت الٰہیہ ہے دوسرے یہ کہ حضرت آدم علیہ السلام کی عظمت ظاہر کہ ان کی تشریف آوری سے پہلے ہی ان کا اعلان کیا جارہا ہے۔ سلطنت کے معمولی حکام دن رات آتے جاتے رہتے ہیں لیکن جب بادشاہ دار السلطنت سے چلتا ہے تو سارے ملک میں اس کا اشتہار ہو جاتا ہے کہ فلاں بادشاہ آنے والا ہے کیونکہ وہ سلطنت کا بردار کن ہے' آدم علیہ السلام بھی عالم کے اصل مقصود تھے۔ اس لئے ان کی آمد کا اس طرح اعلان فرمایا گیا۔ تیسرے یہ کہ ان کی تشریف آوری سے پہلے ہی ملائکہ کے سارے شبہات دور کردیئے جائیں' تاکہ ان کی آمد کے بعد سوال و جواب کا موقع نہ رہے۔ **ربک** اس میں حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی شان کا اظہار ہے اس لئے کہ یہاں یہ نہ فرمایا گیا کہ میں نے کہا یا اللہ نے فرمایا! بلکہ یوں فرمایا کہ اے محبوب تمہارے رب نے فرمایا یعنی رب نے اپنا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کے ساتھ کیا اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ یہ سب کچھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے ہو رہا تھا۔ چونکہ آپ کو پیدا کرنا منظور تھا اس لئے یہ سارے انتظامات ہوئے جیسے کہ پھول کے لئے سارا باغ لگایا جاتا ہے بلاشبہ جیسے باپ اپنے بیٹے سے کہے کہ تیرے باپ نے مکان بنایا۔ باغ لگایا' کوٹھیاں تعمیر کرائیں' یعنی تیرے لئے **للملئکۃ** ملائکہ ملک کی جمع ہے اس کے معنی ہیں فرشتہ یہ لفظ ملوکہ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں پیغام' اہل عرب کہتے ہیں **ملکنی الیہ** یعنی مجھ کو اس کی طرف بھیجا۔ اس سے **مالک** بنا اس کو بدل کر ملئک ہوا۔ پھر ہمزہ گر کر ملک رہا۔ اس کی جمع ملائک ہوئی جیسے شمائل' پھر جمع کو مونث کرنے کے لئے تا لگادی گئی۔ اب اس کے معنی ہوئے قاصد' چونکہ فرشتے حق تعالیٰ اور اس کے پیغمبروں کے درمیان وحی لانے والے قاصد ہوتے ہیں۔ نیز اس دنیا میں رحمتیں اور عذاب لے کر آتے ہیں اس لئے انہیں ملک کہتے ہیں۔ **فرشتے کی حقیقت:** یہ نوری جسم ہیں۔ مختلف شکل بدل سکتے ہیں بہت طاقتور ہیں' عالم ملکوت میں سے ہیں۔ ان کی کثرت کا یہ حال ہے کہ تفسیر روح البیان وغیرہ نے فرمایا کہ انسان جنات کا دسواں حصہ اور جن و انس خشکی کے جانوروں کے دسواں حصہ اور یہ سب مل کر پرندوں کا دسواں حصہ اور یہ سب مل کر دریائی جانوروں کا دسواں حصہ' اور یہ سب مل کر زمین کے فرشتوں کا دسواں حصہ اور یہ سب مل کر پہلے آسمان کے فرشتوں کا دسواں حصہ اور وہ سب مل کر دوسرے آسمان کے فرشتوں کا

marfat.com
Marfat.com

دسواں حصہ' ساتویں آسمان تک یہ ترتیب ہے۔ پھر یہ تمام مخلوقات کرسی کے فرشتوں کے مقابلے میں بہت کم ہیں' وہ سب مل کر عرش اعظم کے ایک پردے کے فرشتوں کے مقابلے میں' خیال رہے کہ عرش اعظم کے چھ لاکھ پردے ہیں اور ہر پردے پر اسی قدر ملائکہ ہیں' پھر یہ تمام مخلوق ان فرشتوں کے مقابلے میں جو عرش اعظم کے آس پاس گھومتے رہتے ہیں ایسے ہیں جیسے دریا کے مقابلے میں قطرہ' ان کی تعداد رب ہی جانتا ہے' یہ تمام فرشتے رب کے مطیع بندے اور ہر دم اس کی عبادت میں مشغول رہنے والے ہیں۔ جس سے معلوم ہوا کہ سب سے بڑی مخلوق فرشتے ہی ہیں۔ قرآن کریم بھی فرما رہا ہے۔ **وما یعلم جنود ربک الا ھو** یعنی رب کے لشکروں کو وہی جانتا ہے' اس جگہ تفسیر کبیر اور روح البیان نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے معراج میں ایک جگہ فرشتوں کی قطاریں جاتی ہوئی دیکھیں۔ جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا کہ یہ کہاں جا رہے ہیں' جبرائیل نے عرض کیا کہ میں تو جب سے پیدا ہوا ہوں اس قطار کو ایسے ہی دیکھا مجھ کو خبر نہیں کہ کہاں سے آ رہے ہیں؟ کہاں جا رہے ہیں' ہاں جو فرشتہ ایک بار گزر جاتا ہے دوبارہ لوٹ کر نہیں آتا۔ فرمایا چلو ان سے پوچھیں چنانچہ ان میں سے ایک سے سوال کیا گیا کہ تیری عمر کتنی ہے اس نے جواب دیا مجھے خبر نہیں ہاں اتنا جانتا ہوں کہ رب تعالیٰ ہر چار لاکھ سال کے بعد ایک تارا پیدا فرماتا ہے اور میں نے چار لاکھ تارے پیدا ہوتے ہوئے دیکھے۔ **ملائکہ کی قسمیں:** فرشتے چند قسم پر ہیں۔ جن کا ذکر قرآن میں آ رہا ہے' ایک عرش کے اٹھانے والے' دوسرے عرش اعظم کے گرد گھومنے والے' تیسرے جلیل القدر ملائکہ جیسے جبرائیل و میکائیل' چوتھے جنت کے فرشتے' پانچویں جہنم کے جن کے سردار کا نام مالک ہے دیگر فرشتوں کا نام زبانیہ ہے' چھٹے وہ فرشتے جو انسانوں کی حفاظت کے لئے مقرر کئے گئے۔ ساتویں اعمالنامہ لکھنے والے فرشتے جنہیں کراما" کاتبین کہتے ہیں۔ آٹھویں وہ فرشتے جن کے سپرد دنیا کے انتظامات ہیں' پھر ان کی بہت سی قسمیں ہیں بعض پانی برسانے والے' بعض رحم میں بچہ بنانے والے بعض مصیبت کے وقت انسانوں کی مدد کرنے والے وغیرہ وغیرہ' اسی جگہ تفسیر کبیر نے سیدنا عبداللہ ابن عباس سے روایت کی ہے کہ جو شخص کسی جنگل میں پھنس جائے تو اس طرح آواز دے **اعینو نی عباد اللہ یرحمکم اللہ** یعنی اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔ اسی طرح حصن حصین میں بھی ہے اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کے بندوں کو مصیبت کے وقت پکارنا سنت صحابہ کرام ہے۔ **فرشتوں کی صفات:** (1) فرشتے اللہ اور رسول کے درمیان واسطہ ہیں۔ (2) وہ ہمیشہ عبادت گزار اور ساجد ہیں۔ (3) حق تعالیٰ سے ان کو بہت قرب حاصل ہے۔ (4) وہ معصوم ہیں کہ کبھی حق تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کر سکتے۔ (5) وہ حق تعالیٰ سے نہایت ڈرنے والے ہیں۔ (6) وہ خدا تعالیٰ کے دوستوں کی مدد کرتے ہیں۔ بلکہ ان کے ساتھ ہو کر کفار سے لڑتے ہیں' جیسا کہ جنگ بدر میں ہوا۔ (7) ان کے بازو اور پر ہیں۔ یہ ساری قسمیں اور ان کی ساری صفات قرآن پاک میں صراحتہ" آئی ہیں۔ اگر ان تمام آیتوں کو جمع کرنا ہے تو تفسیر کبیر یہی مقام اور تفسیر حقانی کا مقدمہ دیکھو۔ خیال رہے کہ اولا" حق تعالیٰ نے فرشتوں کو آسمان میں اور جنات کو زمین میں بسایا تھا۔ یہ واقعہ آدم علیہ السلام کی پیدائش سے ساٹھ ہزار سال پہلے ہوا۔ یہ جنات زمین میں سات ہزار سال تک آباد رہے' پھر ان کا آپس میں بغض حسد شروع ہوا۔ چنانچہ انہوں نے آپس میں خوب جنگ و خون ریزی کی اس وقت تک ابلیس جس کا نام عزازیل تھا بہت مقبول بارگاہ الٰہی تھا اور تمام ملائکہ میں بڑا عالم اور عابد' اس کو حکم ہوا کہ اپنے ساتھ فرشتوں کی ایک جماعت لے جا اور جنات کو زمین سے نکال کر ان کو جزیروں اور پہاڑوں میں آباد کر دے۔ چنانچہ ابلیس نے ایسا ہی کیا جو فرشتے کہ ابلیس کے ساتھ آئے تھے وہ اس زمین پر آباد کر دیئے گئے۔ لہٰذا اب فرشتوں کے دو حصے

marfat.com
Marfat.com

ہو گئے۔ ایک زمین والے اور ایک آسمان والے' حق تعالیٰ نے اس خدمت کے انعام میں ابلیس کو زمین اور پہلے آسمان کی بادشاہت اور جنت کے خزانے عطا فرمائے لہذا یہ کبھی زمین میں عبادت کرتا کبھی آسمان میں کبھی جنت میں اس کے عروج و ترقی نے اس کے دل میں فخر پیدا کیا اور وہ سوچنے لگا کہ میں تمام ملائکہ سے افضل ہوں۔ اتنا واقعہ خیال رہے یہ آئندہ تفسیر میں کام آئے گا۔ اس میں اختلاف ہے کہ حضرت آدم کی آمد کی خبر کن فرشتوں کو دی گئی تھی آیا سب کو یا بعض کو بعض فرماتے ہیں کہ صرف زمین کے رہنے والوں کو ہی خبر دی گئی تھی۔

مگر صحیح یہ ہے کہ سارے فرشتوں کو ہی بتایا گیا تھا کیونکہ آیت میں کوئی قید نہیں۔ **نکتہ:** صرف فرشتوں کو ہی خبر دی گئی نہ کہ دیگر مخلوقات کو۔ اس لئے کہ فرشتے دنیا کے انتظام کرنے والے ہیں اور باقی مخلوقات ان کے تابع۔ چونکہ اب فرشتوں کو سیدنا آدم کا ماتحت ہونا ہو گا' اس لئے ان کو بتانا سخت ضروری تھا۔ وائسرائے کی آمد کی خبر سلطنت کے نوکروں کو خاص طور پر دی جاتی ہے' نیز اس وقت فرشتے ہی ساری مخلوقات سے افضل اور طاقتور تھے جب یہی مطیع بنا دیئے گئے تو دوسرے خود بخود مطیع ہو جائیں گے اسی لئے فرشتوں ہی سے سجدہ بھی کرایا گیا۔ نیز جب فرشتوں کو اطلاع دیدی گئی تو باقی مخلوقات کو خود بخود ہو گئی۔ کیونکہ ان کا سب میں دور دورہ تھا حکومت کی خبریں پہلے خاص محکمے کی طرف آتی ہیں۔ نیز فرشتوں کو ہی اپنے خلیفہ ہونے کی امید ہو سکتی تھی۔ کیونکہ وہ طاقتور' عبادت گزار اور معصوم بندے تھے۔ انہی کو خبر دی گئی تاکہ اپنے سارے سوال و جواب کر لیں۔ **انی جاعل** اس جگہ **جاعل** فرمایا گیا نہ کہ **خالق** اس لئے کہ خلق کے معنی ہیں پیدا کرنا اور جعل کے معنی ہیں بنانا۔ محسوس چیزوں کے پیدا کرنے کو خلق کہتے ہیں۔ اور اس کے باطنی صفات کے پیدا کرنے کو جعل' اسی لئے قرآن کریم نے فرمایا۔ **خلق السموات والارض و جعل الظلمت والنور** آسمان زمین محسوس جسم تھے ان کے لئے خلق فرمایا گیا۔ اور تاریکی اور روشنی ملکوتی چیزیں ہیں اس لئے **جعل** فرمایا گیا۔ چونکہ اس جگہ صرف حضرت آدم علیہ السلام کے جسم شریف کے بنانے کی خبر دینا منظور نہیں۔ جسم تو بہت سی مخلوقات کے پیدا ہو چکے تھے' بلکہ ان کی خلافت کی خبر دینا منظور تھی۔ اس لئے جاعل فرمایا گیا۔ ایک جگہ فرمایا گیا ہے **انی خالق بشرا من طین** اس میں صرف ان کی پیدائش کا ذکر ہوا۔ **فی الارض** سیدنا آدم علیہ السلام کی خلافت زمین میں اس لئے مقرر فرمائی گئی کہ آسمان میں تو جھگڑے فساد' جنگ و جدال' خونریزیاں کبھی ہوں گی ہی نہیں۔ اس لئے وہاں کسی منتظم خلیفہ کی ضرورت بھی نہیں۔ یہ ساری بیماریاں زمین میں ہی ہونے والی تھیں۔ اس لئے یہاں ہی خلیفہ کی ضرورت تھی' رہی یہ بات کہ ساری زمین کا خلیفہ بنایا گیا یا بعض کا' ظاہر یہی ہے کہ ساری کا کیونکہ یہاں کوئی قید نہیں۔ خلیفتہ خلف سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں پیچھے۔ خلیفہ بروزن فعیلتہ صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔ جس کے معنی ہیں پیچھے آنے والا یا نائب جو کسی کے پیچھے یا غیر موجودگی میں اس کا کام کرے۔ ظاہر ہے کہ یہاں اللہ کا خلیفہ مراد ہے۔ اگرچہ خدا تعالیٰ ہر وقت موجود ہے اس کو خلیفہ بنانے کی ضرورت نہیں مگر بندوں کو ضرورت ہے کیونکہ حق تعالیٰ تک ان کی رسائی نہیں۔ درمیان میں ایسے واسطے کی ضرورت پڑی جو رب سے فیض لے اور بندوں تک پہنچائے وہی رب کا خلیفہ ہے' خلیفہ تین قسم کا ہوتا ہے۔ پس وفات سلطان اس کا کام چلانے والا جیسے حضور کے خلفاء راشدین' پس پشت سلطان کار فرما۔ جیسے موسیٰ علیہ السلام کی غیر موجودگی میں حضرت ہارون یا حضور کی غیبوبت میں' حضرت ابن ام مکتوم۔ پس پردہ نیابت کرنے والا۔ یہاں تیسری خلافت مراد ہے کیونکہ رب نہ میت ہے نہ غائب بلکہ محجوب ہے۔ اسی لئے قیامت میں کوئی اس کا خلیفہ نہ ہو گا کہ رب ظاہر ہو

marfat.com
Marfat.com

عیاں ہو گا۔ اس لحاظ سے سارے پیغمبر اور حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بعد قیامت تک ہر زمانے کے قطب خلیفتہ اللہ ہیں' چنانچہ قرآن کریم نے فرمایا **یا داود انا جعلنک خلیفتہ فی الارض** پہلے خلیفہ حضرت آدم علیہ السلام ہوئے اور آخری خلیفہ عیسیٰ علیہ السلام ہوں گے کیونکہ وہ امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے خاتم الاولیاء یعنی آخری ولی ہیں۔ مگر اس آیت میں خلیفہ سے آدم علیہ السلام ہی مراد ہیں۔ کیونکہ یہاں سارے واقعات انہی کے بیان ہو رہے ہیں۔ حضرات انبیاء کرام چند وجوں سے خلیفتہ اللہ ہوئے' ایک یہ کہ یہ آسمانی اور زمینی چیز کے مجموعہ ہیں کہ ان کا جسم فرشی اور روح عرشی ہے' دوسرے یہ کہ یہ حق تعالیٰ کی ساری صفات کے مظہر ہیں' تیسرے یہ کہ ان کو رب نے اپنا علم عطا فرمایا جس سے انہوں نے قوانین اور قاعدے بنا ڈالے۔ چوتھے یہ کہ ان کو اپنا کلام دیا کہ رب کے کلام کو اپنی زبان سے مخلوق تک پہنچایا۔ پانچویں یہ کہ ان کو ایسی قدرت کاملہ عطا فرمائی جو رب کی قدرت کا نمونہ ہے اگرچہ بظاہر فرشتے بڑے قوی ہیں لیکن نبی کی قوت و قدرت ان سے کہیں بڑھ کر ہے۔ حضرت ملک الموت موسیٰ علیہ السلام کے ایک تھپڑ کی تاب نہ لا سکے جیسا کہ احادیث میں آیا ہے۔ چھٹے یہ کہ دنیا کی ہر چیز کو ان کے قبضے میں دیا گیا کہ حیوانات جمادات بلکہ آسمان و زمین پر ان کی حکومت قائم ہوئی' خیال رہے کہ سلطان کی نیابت و خلافت دو جزوں پر موقوف ہے۔ سلطان کا سا علم اور سلطان کی سی قدرت اسے عطا ہو۔ ورنہ وہ سلطان کا کام نہیں سنبھال سکتا۔ اس لئے رب نے حضرت آدم کی خلافت ثابت کرنے کے لئے انہیں علم اسماء دیا۔ اس علم کی عطا ظاہر فرمائی۔ اور مسجود ملائکہ بنایا اس میں قدرت خلیفہ ظاہر کی۔ بڑی قدرت والے فرشتوں کے مسجود ہیں۔ ساتویں یہ کہ جسمانیات کے علاوہ روحانیات میں بھی ان کا بہت دور دورہ ہے کہ جنات فرشتے ان کے قبضہ میں' خیال تو کرو کہ عرب کا ایک ناقہ نشین شہنشاہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم آن کی آن میں زمین و آسمان کو طے فرماتا ہوا وہاں تشریف فرما ہو کر آ گیا' جہاں فرشتوں کا خیال بھی نہیں پہنچ سکتا۔ یہ تو قوت انبیاء کا کچھ ذکر ہوا شاید اس کا کفار انکار کر جائیں' لیکن اب سائنس کے کرشمے اور مسمریزم کی طاقتیں تو سب پر ظاہر ہو گئیں کہ جس نے انسان کی طاقت و قوت کو بالکل ظاہر کر دیا۔ بھلا خیال کرو کہ انسان نے زمین پر بیٹھے بیٹھے آسمانوں کی پیمائش کر ڈالی۔ چاند تاروں کی حرکتیں معلوم کر کے ان کی تقسیم کر ڈالی۔ جس سے گھنٹے منٹ اور سیکنڈ بنا لئے۔ آوازوں کو فوٹوگراف میں قید کر لیا۔ ٹیلی فون اور تار برقی کے ذریعہ تین سیکنڈ میں آواز کو ساری زمین میں گھما دیا۔ غرضیکہ اس نے وہ کام کر کے دکھائے۔ جن کی مثال نہیں۔ معلوم ہوا کہ یہی حق تعالیٰ کی صفات کا مظہر ہے اور یہی خلافت کے لائق' بعض نے فرمایا کہ یہاں خلیفہ سے مراد جنات اور فرشتوں کا خلیفہ ہے۔ کیونکہ یہ انسان ان دونوں کے بعد زمین میں آباد ہوئے۔ اس معنی سے سارے انسان خلیفہ ہیں۔ قرآن کریم نے فرمایا **جعلکم خلفاء الارض**۔ شیخ ابن عربی فتوحات مکیہ کے دسویں باب میں فرماتے ہیں کہ آدم علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پہلے خلیفہ اور نائب ہوئے امام ابو صیری قصیدہ بردہ شریف میں فرماتے ہیں:۔

**فانہ شمس فضل ہم کواکبھا یظہرن انوارھا للناس فی الظلم**

"یعنی اے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم آپ بزرگی کے سورج ہیں اور سارے پیغمبر آپ کے تارے۔" اسی قسم کا مضمون مولوی صاحب بانی مدرسہ دیوبند نے بھی تحذیر الناس میں لکھا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آدم علیہ السلام بلکہ سارے پیغمبر نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے خلیفہ ہیں' **قالوا اتجعل فیھا** یہ وہ عرض ہے جو فرشتوں نے خلیفہ کی خبر سن کر بارگاہ

marfat.com
Marfat.com

الٰہی میں پیش کی' یا تو یہ کلام سارے فرشتوں کا ہے یا زمین والوں کا' بعض علماء فرماتے ہیں کہ صرف ہاروت و ماروت کا۔ علماء فرماتے ہیں کہ جن فرشتوں نے یہ عرض کر کے خون ریزی اور فساد کو انسان کی طرف نسبت دی ان کو حق تعالیٰ نے اس لئے مقرر کیا ہے کہ جہاد میں شرکت کر کے مسلمانوں کی امداد کیا کریں۔ (تفسیر روح البیان)۔ **من یفسد فیھا و یسفک الدماء** فرشتوں نے سمجھا کہ انسان کی خلافت سے زمین میں دو زبردست خرابیاں پیدا ہوں گی' ایک فساد دوسرے خونریزی یا تو اس لئے سمجھا کہ وہ لوح محفوظ میں دیکھ چکے تھے رب نے انہیں علم غیب بخشا کہ سعادت و شقاوت سے خبردار تھے' خیال رہے کہ یہاں حضرت آدم کی اولا کا فساد پھیلانا اور خونریزی کرنا مراد ہے نہ کہ خود حضرت آدم علیہ السلام کا' آپ تو معصوم ہیں یا اس لئے کہ جنات نے بھی خرابیاں کی تھیں اور جو شہوت اور غصہ ان میں تھا وہ انسان میں بھی ہے۔ لہٰذا ان دونوں کے کام بھی یکساں ہی ہوں گے۔ خیال رہے کہ ان کی مراد فساد سے گناہ' اور بدکاریاں ہیں' چونکہ انسان میں شہوت ہے اس لئے وہ اپنے سارے اعضاء کو گناہوں میں صرف کرے گا اپنے کان اور آنکھوں کو غیبت' چغلی سننے اور نامحرم عورتوں اور لڑکوں کو دیکھنے میں صرف کرے گا اور زبان کفریات بکنے جھوٹ بولنے بروں کو بھلا کہنے اور بھلوں کو گالیاں دینے میں استعمال کرے گا اور چونکہ اس کو بھوک و غصہ بھی ہے۔ اس لئے گوشت کھانے اور پوست لینے کے واسطے خشکی اور دریائی جانوروں کو قتل کرے گا۔ بلکہ ملک اور مال' حکومت' عزت حاصل کرنے کے لئے خود انسانوں کو قتل کر کے زمین کو خون سے رنگین کرے گا۔ **و نحن نسبح بحمدک۔** نسبح تسبیح سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں عیوب سے پاک کرنا اور پاک جاننا' یہاں دوسرے معنی مراد ہیں۔ یعنی ہم سب فرشتوں کا یہی کام ہے کہ ہمیشہ تیری پاکی بولا کریں اور تیری تعریف کیا کریں' یا تیرا شکر بجالایا کریں۔ **و نقدس لک۔ نقدس** تقدیس سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں کسی کی صفات کمالیہ بیان کرنا تسبیح میں عیبوں کی نفی اور تقدیس میں صفات کا اثبات ہے تو ان کا مطلب یہ ہوا کہ مولیٰ ہم فرشتوں میں گناہ کرنے کا مادہ ہی نہیں کیونکہ ہم میں نہ غضب ہے' نہ غصہ ہے' نہ شہوت' نہ غرور' حسد وغیرہ ہمارے کام صرف تین ہی ہیں۔ تیری پاکی بولنا' تیرا شکر کرنا اور تیری عظمت بیان کرنا۔ لہٰذا اگر ہم کو اس خلافت سے' سرفراز فرمایا جائے تو تیرا عین کرم ہے۔ کیونکہ ہماری وجہ سے تیری زمین گندی نہ ہو گی۔ جواب ملا **قال انی اعلم ما لا تعلمون** یعنی اے فرشتو ہم کو تمہاری عبادت اور انسان کی نافرمانی کا پورا پورا علم ہے۔ مگر پھر بھی اس کو خلیفہ بنانے میں جو راز ہیں۔ وہ تم نہیں جانتے' تم میں اور اس میں چند فرق ہیں' اسی وجہ سے وہ خلافت کا زیادہ حقدار ہے۔ ایک یہ کہ تم کامل عابد اور وہ کامل عالم ہو گا اور عابد کے لئے مسجد کا محراب اور عالم کے لئے خلافت کا تخت و تاج ہے۔ دوسرے یہ کہ تمہارا تعلق فقط عالم ارواح سے ہے اس کا تعلق اجسام و ارواح دونوں سے ہو گا کیونکہ اسے جسم اور روح دونوں ملیں گے۔ تیسرے یہ کہ تمہاری عبادت جبری ہے وہ تمہاری غذاء ہے ان کی عبادت اختیاری ہو گی' چوتھے یہ کہ تمہیں عبادت سے کوئی چیز روکنے والی نہیں۔ اس کے لئے ہزاروں چیزیں درپیش ہوں گی پھر وہ ان سب پر لات مار کر ہماری اطاعت کرے گا۔ اس لئے اس کا ایک سچا سجدہ تمہاری ہزارہا عبادتوں سے افضل ہو گا۔ پانچویں یہ کہ تم میں کوئی گنہگار نہیں' اس لئے تم سے ہماری شان ستاری غفاری ظاہر نہیں ہو سکتی ان میں گنہگار بھی ہوں گے جن کے گناہوں کو میں چھپاؤں گا۔ اور جب وہ روتے ہوئے توبہ کریں گے تو میں مغفرت کروں گا۔ بے شک ان میں شہوت اور غصہ ہو گا۔ مگر جب وہ میرے لئے صرف ہو گا تو اس سے بڑے بڑے عمدہ نتیجے نکلیں گے اس کے دل میں میرے عشق اور محبت کا جوش اور اس کے خیال میں میرا جذبہ ہو گا۔ اور جب وہ اپنا غصہ میری رضا کے لئے استعمال

marfat.com
Marfat.com

کرے گا۔ تو میدان جہاد میں جانباز غازی بن کر آئے گا اور ان سے وعدے وعید کئے جائیں گے۔ اے ملائکہ اور اے فرشتو! جس طرح ان میں فاسق و فاجر و بدکار ہوں گے ایسے ہی ان میں عابد و زاہد متقی و پرہیزگار بھی ہوں گے میرے وفادار رازدار بھی ہوں گے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ ان میں احمد مختار ہوں گے اور ان کے صحابہ کبار اور اہل بیت اطہار چھٹے یہ کہ تم صرف رکوع و سجدہ کی عبادتیں کر سکتے ہو۔ انسان ہزارہا ایسی عبادتیں کرے گا جو تم نہیں کر سکتے۔ وہ بھوکا رہ کر روزہ دار' مسافر بن کر حاجی' میری راہ میں لڑ کر غازی' میرا قرآن پڑھ کر قاری' دشمنوں میں فیصلہ کر کے قاضی' چہرہ پاک مصطفیٰ کو دیکھ کر صحابی بنے گا۔ غرضیکہ ہر عضو سے صدہا عبادتیں انجام دے گا۔ ساتویں یہ کہ اے فرشتو اس انسان کے طفیل تم کو ہزارہا عبادتیں نصیب ہو جائیں گی جواب تم نہیں کر سکتے پھر تم میں کوئی حامل وحی بن کر فرشتوں کا سردار بنے گا۔ کوئی بدر کے میدان میں صحابہ کے ساتھ شرکت کر کے ہم سے تمغہ پائے گا۔ کوئی کاتب اعمال بنے گا۔ آٹھویں یہ کہ اسے درد دل اور عشق ملے گا۔

**خلاصہ ء تفسیر** : انسانوں کو دو نعمتیں بتا کر تیسری نعمت یاد دلائی جا رہی ہے اور فرمایا جا رہا ہے کہ رب تعالیٰ نے تم پر اتنا بڑا فضل فرمایا جو کسی مخلوق پر نہ فرمایا تھا۔ کہ تمہارے دادا حضرت آدم علیہ السلام کو وہ عزت بخشی کہ فرشتوں کو ان کی پیدائش کی خبر دی کہ ہم زمین پر اپنا نائب پیدا فرمانا چاہتے ہیں اس کے اور اس کی اولاد انبیاء کرام کی معرفت اپنے احکام جاری کریں گے جب ملائکہ نے سنا تو وہ سمجھے کہ آدم علیہ السلام خدا کے برگزیدہ بندے ہوں گے کیونکہ ان کی پیدائش سے پہلے ان کی خلافت اور حکومت کی منادی ہو رہی ہے مگر جب انہیں یہ معلوم ہوا کہ ان کے خمیر میں آگ' پانی' ہوا اور مٹی موجود ہیں جس سے کہ ان میں شہوت اور غصہ یقیناً ہو گا جو کہ فساد کی جڑ ہے تو نہایت تعجب سے کہنے لگے کہ اے مولا! ایسے کو خلیفہ بنانے میں کیا حکمت ہے جس میں ایسے فسادات کا اندیشہ ہو' رہی تیری تسبیح و حمد' اس کے لئے ہم فرشتے موجود ہیں۔ جن میں نہ غصہ ہے' نہ شہوت' رب تعالیٰ نے مجملاً" یہ جواب ہی دے دیا کہ اس میں جو حکمت ہے وہ تم کو نہیں معلوم۔ تم میں شہوت و غصہ کا نہ ہونا ہی اس بات کا باعث ہے کہ تمہارے سوا ان کو خلیفہ بنایا جائے۔

**آدم علیہ السلام کی پیدائش** : تفسیر عزیزی وغیرہ میں آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ اس طرح نقل فرمایا کہ حق تعالیٰ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو حکم دیا کہ تمام روئے زمین سے ہر قسم کی سیاہ' سفید' سرخ' کھاری' میٹھی' نرم خشک ایک مٹھی خاک اٹھا لاؤ۔ حضرت جبرئیل نے زمین پر تشریف لا کر خاک اٹھانی چاہی' زمین نے سبب پوچھا' حضرت جبرائیل نے سارا واقعہ بیان کیا۔ زمین نے عرض کیا کہ میں اس سے خدا کی پناہ پکڑتی ہوں کہ تو مجھ سے خاک اٹھا کر انسان بنائے جس کی وجہ سے میرا کچھ حصہ جہنم میں پہنچے۔ حضرت جبرئیل خالی واپس گئے اور عرض کیا کہ خدایا زمین نے تیری عزت کی پناہ پکڑی میں تیرے نام اور عزت کے ادب سے اس سے خاک نہ اٹھا سکا۔ حق تعالیٰ نے پھر حضرت اسرافیل و میکائیل کو باری باری بھیجا مگر وہ بھی اسی طرح واپس آ گئے۔ آخر میں حضرت ملک الموت بھیجے گئے انہوں نے زمین کی ایک نہ سنی بلکہ فرمایا کہ میں تو اللہ کے حکم کا تابعدار ہوں۔ تیری عاجزی اور زاری کی وجہ سے رب کی اطاعت نہیں چھوڑ سکتا۔ اسی لئے ان کو جان نکالنے کا کام سپرد کر دیا گیا کہ تم نے ہی اس خاک کو زمین سے الگ کیا ہے' تم ہی اس کو ملانا۔ اب انہیں حکم ہوا کہ اس خاک کو وہاں رکھو جہاں آج خانہ کعبہ ہے۔ فرشتوں کو حکم ہوا کہ اس خاک کا مختلف پانیوں سے گارا بنائیں۔ چنانچہ اس پر چالیس روز بارش ہوئی۔ انتالیس دن تو غم و رنج کا

marfat.com
Marfat.com

پانی برسا اور ایک دن خوشی کا۔ اسی لئے انسان کو رنج و غم زیادہ رہتے ہیں اور خوشی کم ہوتی ہے۔ پھر اس گارے کو مختلف ہواؤں سے اتنا خشک کیا کہ کھنکھنانے لگا۔ جیسے قرآن کریم ارشاد فرمارہا ہے **صلصال کالفخار** ۔ پھر فرشتوں کو حکم ہوا کہ اس گارے کو مکے اور طائف کے درمیان وادیء نعمان میں عرفات پہاڑ کے نزدیک رکھیں' پھر حق تعالیٰ نے خاص اپنے دست قدرت سے اس گارے کو حضرت آدم کا قالب بنایا اور ان کی صورت تیار کی فرشتوں نے کبھی ایسی صورت نہ دیکھی تھی۔ تعجب سے اس کے آس پاس پھرتے تھے۔ اس کی خوبصورتی سے حیران تھے۔ ابلیس کو بھی اس سارے اعلان وغیرہ کی خبر ہو چکی تھی وہ بھی اس قالب کو دیکھنے آیا اور اس کے گرد پھر کر بولا کہ اے فرشتو! تم اسی کا تعجب کرتے ہو۔ یہ تو ایک اندر سے خالی جسم ہے۔ جس میں جگہ جگہ سوراخ ہیں اور اس کی کمزوری کا یہ حال ہے کہ اگر بھوکا ہو تو گر پڑے اور اگر خوب سیر ہو جائے تو چل پھر نہ سکے۔ اس قالب سے کچھ نہ ہو سکے گا' پھر بولا ہاں اس کے سینے کی بائیں طرف ایک بند کوٹھڑی ہے (دل) یہ خبر نہیں کہ اس میں کیا ہے۔ شاید کہ یہی لطیفہء ربانی کی جگہ ہو' جس کی وجہ سے یہ خلافت کا حقدار رہا۔ پھر روح کو حکم ہوا کہ اس قالب میں اور اس کے گڑھوں میں بھر جائے۔ جب روح قالب کے پاس پہنچی تو جسم کو تنگ و تاریک پایا اندر جانے سے ٹھہر گئی۔ بعض روایت میں آتا ہے کہ تب نور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے وہ قالب جگمگا دیا گیا۔ یعنی وہ نور پیشانیء آدم علیہ السلام میں امانت رکھا گیا۔ اب روح آہستہ آہستہ داخل ہونے لگی ابھی سر میں تھی کہ آدم علیہ السلام کو چھینک آئی اور زبان سے نکلا **الحمد للہ** حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا **یرحمک اللہ** یہی اب بھی سنت ہے۔ جب روح کمر تک پہنچی' حضرت آدم نے اٹھنا چاہا مگر گر پڑے کیونکہ نیچے کے دھڑ میں روح پہنچی ہی نہیں تھی۔ حق تعالیٰ نے فرمایا **خلق الانسان من عجل** جب تمام بدن میں روح پھیل گئی تو حکم ہوا کہ فرشتوں کے پاس جا کر ان کو سلام کرو۔ اور سنو وہ تمہیں کیا جواب دیتے ہیں تب آدم علیہ السلام ادھر تشریف لے گئے اور فرمایا **السلام علیکم** انہوں نے جواب دیا **و علیکم السلام و رحمتہ اللہ** ارشاد الٰہی ہوا کہ یہی الفاظ تمہارے اور تمہاری اولاد کے لئے مقرر کیے گئے۔ حضرت آدم نے عرض کیا کہ مولیٰ میری اولاد کون تب ان کی پشت پر دست قدرت پھیر کر اس سے ساری انسانی روحیں نکالی گئیں اور آدم علیہ السلام کو سب دکھائی گئیں اور انہیں کافر و مومن' منافق' اولیاء' قطب' انبیاء دکھائے گئے جس کا ذکر آگے کی آیتوں میں آتا ہے۔

**آیت کے فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **ایک:** یہ کہ کوئی اہم کام بغیر مشورہ نہ کیا جائے کیونکہ مشورہ کرنا سنت الٰہی بھی ہے اور ہم کو اس کا حکم بھی ہے۔ **دوسرے:** یہ کہ کام میں جلد بازی ہرگز نہ کرنی چاہیے۔ حق تعالیٰ نے جو کہ قادر مطلق ہے سیدنا آدم کا خمیر چالیس دن میں تیار فرمایا۔ **تیسرے:** یہ کہ چالیس کا عدد بڑا مبارک ہے کہ خمیر حضرت آدم چالیس دن میں ہوا۔ اب بھی ماں کے پیٹ میں نطفہ کا حال چالیس دن میں بدلتا ہے' پھر عورت کو چالیس ہی دن تک نفاس کا خون آسکتا ہے' چالیس سال میں ہی انسان کی عقل کامل ہوتی ہے اسی لئے اکثر انبیاء کرام کو نبوت اسی عمر میں ملی **چوتھے:** یہ کہ آدم علیہ السلام کا دبدبہ زمین و آسمان ہر جگہ ہے' ہاں ان کا پایہء تخت زمین ہے کیونکہ اس آیت میں خلیفہ کو بغیر قید کے رکھا زمین ان کی قیام گاہ بنائی۔ **پانچویں:** یہ کہ خلیفہ کے لئے معصوم ہونا ضروری نہیں جیسا کہ شیعہ کہتے ہیں ہاں نبوت کے لئے عصمت ضروری اگر خلیفہ کا معصوم ہونا ضروری ہو تا تو فرشتے ہی بنائے جاتے' یہی وہ عرض بھی کر رہے تھے' حق تعالیٰ نے انسان

marfat.com
Marfat.com

کے گنہگار ہونے کا انکار نہ فرمایا بلکہ صرف یہ فرمایا کہ گنہگاروں کو ہی خلافت دینی مصلحت ہے۔ چھٹا یہ کہ خلیفہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے غائب خلافت نہیں کر سکتا۔ کیونکہ لوگوں کی نگاہ سے حق تعالیٰ کی ذات بھی غائب ہے۔ اسی وجہ سے تو اس نے اپنا خلیفہ بنایا تاکہ لوگ ظاہر خلیفہ سے فیض لے سکیں اور اگر خلیفہ بھی غائب ہو جائے تو خلافت کا مقصد ہی پورا نہ ہو' نیز اگر غائب کی خلافت صحیح ہو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہی قیامت تک خلیفہ رہنے چاہئیں۔ حضرت علی اور امام مہدی کے خلافت کی کوئی ضرورت نہیں۔ **ساتویں:** یہ کہ چھوٹوں کو یہ حق حاصل ہے کہ بڑوں کے کام کی حکمت پوچھ لیں' جیسے کہ فرشتوں نے حق تعالیٰ سے دریافت کی۔ **آٹھویں:** یہ کہ بڑوں کو یہ حق ہے کہ راز کی بات چھوٹوں پر ظاہر نہ کریں۔ بلکہ ان کو خاموش رہنے کا حکم دیں جیسے کہ اس واقعہ میں ہوا۔ نویں یہ کہ علم عبادت سے افضل ہے کیونکہ فرشتے عابد تھے اور آدم علیہ السلام عالم' مگر آدم علیہ السلام افضل ہوئے۔ **دسویں:** یہ کہ اللہ کا کرم اعمال پر موقوف نہیں' دیکھو لاکھوں سال کے عابدوں کو ان آدم علیہ السلام کے سامنے جھکایا گیا۔ جنہوں نے ابھی تک ایک سجدہ بھی نہ کیا تھا چونکہ ابھی مضمون پورا نہیں ہوا۔ اس لئے تفسیر صوفیانہ آئندہ کی جائے گی۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** تم فرشتوں کو گناہوں سے معصوم مانتے ہو مگر اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ فرشتوں نے بہت سے گناہ کئے۔ **ایک:** یہ کہ انہوں نے حق تعالیٰ پر اعتراض کیا اور یہ بڑا گناہ ہے۔ **جواب:** یہ اعتراض نہ تھا بلکہ حکمت دریافت کرنا تھی اور یہ بالکل جائز' **دوسرے:** یہ کہ فرشتوں نے آدم علیہ السلام کی غیبت کی کہ ان کی غیر موجودگی میں ان کو برا کہا۔ **جواب:** اگر مسئلہ پوچھنے میں کسی کی برائی کا ذکر آجائے تو غیبت نہیں بلکہ جائز ہے ابو سفیان کی بیوی ہندہ نے حضور کی خدمت میں عرض کیا کہ یا حبیب اللہ میرے شوہر بخیل آدمی ہیں مجھ کو بقدر ضرورت مال نہیں دیتے' کیا میں ان کے پوچھے بغیر کچھ ان کا مال لے لیا کروں؟ حضور نے فرمایا کہ ہاں بقدر ضرورت لے سکتی ہو اور یہ نہ فرمایا کہ تم نے ان کی غیبت کی۔ ایسے ہی یہاں ہے۔ **تیسرے:** یہ کہ فرشتوں نے اپنی بڑائی ظاہر کی اور یہ غرور ہے کہ جو حرام ہے۔ **جواب:** یہ بڑائی نہ تھی بلکہ حق تعالیٰ کی نعمت کا اقرار کہ خدایا تو نے ہم کو اپنی تسبیح اور تقدیس کی توفیق عطا فرمائی ہے اور رب تعالیٰ کی نعمت کا ظاہر کرنا عبادت ہے۔ **و اما بنعمتہ ربک فحدث** **چوتھے:** یہ کہ فرشتوں نے رب کا جواب سن کر بارگاہ الٰہی میں معذرت کی کہ عرض کیا **لاعلم لنا** تو اگر یہ باتیں گناہ نہیں ہوتیں تو معذرت کی کیا ضرورت تھی۔ **جواب:** زاہد لوگ گناہ سے توبہ کرتے ہیں اور عارفین عبادت کر کے بھی ان کا یہ توبہ کرنا ترک اولیٰ کی بناء پر تھا۔ شعر۔

زاہداں از گناہ توبہ کنند عارفاں از عبادت استغفار

**پانچویں:** یہ کہ ملائکہ سے رب نے فرمایا! **ان کنتم صدقین** معلوم ہوا کہ وہ جھوٹے تھے اور جھوٹ بولنا گناہ ہے۔ **جواب :** فرشتوں نے اپنے کو عبادت کی وجہ سے خلافت کے لائق سمجھا تھا جو ایک غلط فہمی تھی۔ حق تعالیٰ کی طرف سے اس کو دور کر دیا گیا اور غلط فہمی گناہ نہیں اگر کوئی شخص غلط فہمی کی بناء پر قسم بھی کھائے تو گنہگار نہیں ہو گا اگر یہ امور گناہ ہوتے تو رب تعالیٰ ان پر عتاب فرماتا جیسے کہ حضرت آدم پر ہوا۔ **چھٹے:** یہ کہ ہاروت و ماروت فرشتے تھے اور ان سے گناہ کبیرہ سرزد ہوئے۔ جیسے کہ آگے آنے والا ہے **ساتویں:** یہ کہ شیطان کو بھی بعض علماء نے فرشتہ مانا ہے حالانکہ وہ تمام گنہگاروں کا سردار ہے۔ پھر ملائکہ

marfat.com
Marfat.com

کی عصمت کے کیا معنی۔ جواب: ان دونوں سوالوں کے جواب انشاء اللہ وہاں ہی دیئے جائیں گے' جہاں ان کا ذکر آئے گا۔ دوسرا اعتراض: شیعوں کا۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ خلیفہ کا انتخاب رب تعالیٰ کی طرف سے ہونا ضروری ہے نہ کہ لوگوں کی رائے سے دیکھو ملائکہ بظاہر خلافت آدم علیہ السلام کے مخالف ہوتے ہیں مگر حق تعالیٰ کے فیصلے کے مقابل باطل ہیں۔ جواب: اس سوال کے دو جواب ہیں' ایک تحقیقی' دوسرا الزامی۔ جواب: تحقیقی تو یہ ہے کہ خلافت دو قسم کی ہے' ایک نبوت کے ساتھ' ایک نبوت کے بغیر' پہلی قسم کی خلافت محض حق تعالیٰ کے انتخاب سے ہی ہوگی۔ کسی کی رائے کا اس میں کچھ دخل نہ ہوگا۔ کیونکہ نبوت انتخاب الٰہی ہے نہ تو اس میں عمل کو دخل ہے نہ کسی کی رائے کو **اللہ یعلم حیث یجعل رسلتہ** ہاں یہ ثابت ہے کہ بعض انبیاء کرام کی دعا سے کسی کو نبوت عطا ہوئی۔ جیسے حضرت ہارون کی نبوت موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے کہ انہوں نے عرض کیا تھا کہ **واجعل لی وزیرا" من اھلی** مگر یہ نبوت ملی رب ہی کی طرف سے۔ آدم علیہ السلام کی خلافت اسی قسم کی تھی' اس لئے انتخاب رب تعالیٰ کی طرف سے ہوا۔ دوسری قسم کی خلافت یعنی بغیر نبوت والی' اس کے لئے قاعدہ تو حق تعالیٰ کی طرف سے بنایا جائے گا۔ مگر اس قاعدے کے مطابق مقرر کرنا مسلمانوں کی طرف سے ہوگا۔ قرآن کریم فرماتا ہے کہ **وعد اللہ الذین امنوا منکم و عملوا الصلحت لیستخلفنھم فی الارض** یعنی اللہ نے پرہیزگار مسلمانوں سے وعدہ کرلیا کہ انہیں زمین پر خلافت دے گا۔ جس سے معلوم ہوا کہ اس خلافت کے لئے ایمان اور پرہیزگاری درکار ہے نہ کہ انتخاب ربانی بھی۔ موسیٰ علیہ السلام نے سفر میں جاتے وقت حضرت ہارون سے فرمایا **اخلفنی فی قومی** کہ تم میری قوم میں میرے خلیفہ بن جاؤ۔ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے بعض سفر کے موقعہ پر عبداللہ بن ام مکتوم کو اپنا خلیفہ بنایا وغیرہ وغیرہ۔ مسلمانوں کے انتخاب کی چند صورتیں ہیں' ایک یہ کہ خود بادشاہ اپنی زندگی میں کسی کو اپنا خلیفہ اور ولی عہد مقرر کر دے۔ جیسے کہ حضرت عمر کی خلافت۔ دوسرے: یہ کہ عام مسلمان اس کو اپنا خلیفہ مان لیں۔ جیسے حضرت ابوبکر صدیق کی خلافت۔ تیسرے: یہ کہ خاص رائے والے لوگ جن پر عام مسلمانوں کو اعتماد ہو' وہ کسی کو اپنا خلیفہ مان کر مقرر کرلیں۔ جیسے کہ حضرت عثمان غنی اور حضرت مولیٰ علی کی خلافتیں **جواب الزامی:** یہ ہے کہ اگر خلافت کے لئے انتخاب الٰہی ضروری ہے تو نبوت و خلافت میں کیا فرق رہا۔ وائسرائے بادشاہ کی طرف سے مقرر ہوتا ہے' لیکن چیئرمین اور اسمبلی کا ممبر رعایا کے انتخاب سے' نیز بارہ اماموں کی خلافت کی شیعہ کون سی آیت یا نص پیش کریں گے۔ شاید ستر (70) گز والے چھپے ہوئے قرآن میں ہو تو ہو۔ اس قرآن میں تو نہیں ہے۔ **لہذا** اگر ہماری تین خلافتیں ختم تو تمہاری پوری بارہ ہی ختم' نیز جس طرح نبی اپنی نبوت کو نہیں چھپا سکتا اور جھوٹے نبی کو نبی نہیں مان سکتا ورنہ خود کافر ہو جائے گا' اسی طرح مولیٰ علی پر لازم تھا کہ صدیق اور فاروق کے زمانے میں اپنی خلافت کا اعلان کرتے اور ان کو خلیفہ نہ مانتے' کیا شیعہ حضرات صدیق و فاروق کی خلافت کا انکار کر کے اہل بیت اطہار کا ایمان بھی ثابت کر سکیں گے۔ (خدا کی پناہ) **تیسرا اعتراض:** فرشتوں نے حضرت آدم کے متعلق فرمایا تھا کہ وہ فساد و خونریزی کریں گے' انہوں نے کچھ نہ کیا بلکہ وہ تو معصوم نبی تھے۔ جواب: فرشتوں کو یہ علم تھا کہ خلافت سارے انسانوں میں رہے گی اور ان میں فساد و خونریزی بھی ہوگی یہ تو عرض و معروض نوع انسان کے متعلق ہے۔

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ |
| اور سکھایا آدم کو نام سب کے سب پھر پیش کیا ان کو اوپر فرشتوں کے |
| اور اللہ تعالیٰ نے آدم کو تمام اشیاء کے نام سکھائے پھر سب اشیاء ملائکہ پر پیش کر کے |
| اَنْۢبِـُٔوْنِىْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ * ۳۱ |
| پس فرمایا خبر دو تم سب مجھ کو ناموں کی ان کے اگر ہو تم سچے۔ |
| فرمایا تم سچے ہو تو ان کے نام بتاؤ۔ |

**تعلق** : اس آیت کا پہلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **ایک**: یہ کہ پہلے فرمایا گیا تھا کہ ہم آدم علیہ السلام کو خلیفہ بنانے والے ہیں مگر خلافت پورے علم کے بغیر نہیں ہو سکتی' کیونکہ بادشاہ کو اپنی رعایا کے سارے حالات کا جاننا ضروری ہے' اس لئے اب ان کو علم عطا فرمانے کا ذکر فرمایا گیا۔ **دوسرے**: یہ کہ فرشتوں نے حضرت آدم کو خلیفہ بنانے کی حکمت پوچھی تھی۔ اس کا اجمالی جواب رب تعالیٰ کی طرف سے یہ دیا گیا کہ اس کو ہم جانتے ہیں تم نہیں جانتے' اس سے فرشتے خاموش تو ہو گئے مگر ان کو تسکین نہ ہوئی تھی' اب عملی طور پر اس کا تفصیلی جواب دیا جا رہا ہے۔ جس سے فرشتوں کو پوری تسکین حاصل ہو۔

**تفسیر** : **و علم** علم تعلیم سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں آہستہ آہستہ علم دینا اور سکھانا' چونکہ آدم علیہ السلام کو حق تعالیٰ کی ذات و صفات اور سارے ایمانیات کا علم ان کی پیدائش سے پہلے ہی دے دیا گیا تھا۔ اسی لئے انہوں نے چھینک آتے ہی **الحمد للہ** کہا جس میں خدا کی ذات و صفات کا ذکر ہے اور پھر جیسا کہ روایات میں آتا ہے کہ پیدا ہوتے ہی ساق عرش پر لکھا ہوا پڑھ لیا کہ **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** جس سے معلوم ہوا کہ نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی جانتے ہیں اور ان کی نبوت رسالت کو بھی پہچانتے ہیں' اور لکھے ہوئے حروف پڑھ لیتے ہیں مگر ساری چیزوں کا علم پیدائش کے بعد عطا ہوا۔ اس لئے **علم** باب تفعیل سے فرمایا گیا۔ خیال رہے کہ آدم علیہ السلام کو نہ تو کسی مدرسے میں جانا پڑا تھا اور نہ کسی استاد کی شاگردی کرنی پڑی' بلکہ بطور الہام خود بخود سب علوم ان کو آ گئے۔ جیسے بعد مرنے کے ہر شخص کو زبان عربی خود بخود آ جاتی ہے کہ قبر کے سوال و جواب اور محشر کا حساب کتاب اور جنت والوں کی بول چال سب عربی زبان میں ہیں۔ **ادم** یا تو **ادومت** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں گندمی رنگ ہونا اور یا **ادیم** جس کے معنی ہیں ظاہری زمین چونکہ آپ کا رنگ شریف گندمی تھا' آپ کا جسم مبارک ظاہری زمین کی مختلف مٹیوں سے تھا۔ اس لئے آپ کا نام آدم ہوا۔ اور آپ کی اولاد کو آدمی یعنی آدم والا کہا جاتا ہے اگرچہ اس جسم میں پانی ہوا کا بھی دخل تھا' مگر وہ سب مٹی کو خمیر کرنے کے لئے تھا جیسے کہ آٹے کو گوندھنے کے لئے اس میں پانی ملا دیا جاتا ہے اسی لئے انسان زمین پر رہتا ہے نہ ہوا اور نہ پانی میں۔ نیز زمین میں عجز و انکساری ہے۔ جس کی وجہ سے کھیت و باغ اسی میں لگتے ہیں۔ حضرت آدم میں عجز و انکساری کو رکھا اور ایمانی کھیت عرفانی باغ آپ میں اور آپ کی اولاد کے سینے میں لگائے گئے۔ اسی عجز کا ظہور خطا پر' ندامت و توبہ سے ہوا۔ ابلیس نادم نہ ہوا کہ ناری تھا۔ آپ نہایت خوبصورت تھے اور جسم شریف آپ کا ساٹھ (60) ہاتھ تھا۔ جنتی لوگوں کا بھی اتنا ہی قد ہو گا۔ رہے جہنمی ان میں سے بعض اتنے بڑے ہوں گے کہ ان کی ایک داڑھ بقدر پہاڑ

marfat.com

Marfat.com

ہوگی جیساکہ روایات میں آیا ہے۔ الاسماء اسماء۔ وسم یا سمو سے بنا ہے جس کے معنی ہیں علامت یا پہچان یا بلندی اور لب نام کو بھی کہتے ہیں۔ تفسیر کبیر وغیرہ نے فرمایا کہ یہاں پہلے ہی معنی مراد ہیں کیونکہ آدم علیہ السلام کو فقط چیزوں کے نام ہی نہ بتائے گئے بلکہ ان کی حقیقتیں اور خاصیتیں اور نفع و نقصان اور ان کا طریقہ استعمال اور ان کے بنانے کے طریقے۔ غرضکہ ہر چیز کے سارے حالات بتائے گئے تھے اور ہر حال اس چیز کی علامت تھی۔ اس لئے وہ سب اسماء میں ہی داخل ہیں کیونکہ فقط نام بتانے سے علم کامل نہیں ہوتا اور اس سے خلافت کا مقصود بھی حاصل نہیں۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ یہاں اسم کے معنی نام ہی ہیں مگر چونکہ ہر چیز کے حالات بھی چیزیں ہیں اور ان کے بھی کچھ نام ہیں' ان سب کی بھی تعلیم فرمائی گئی تھی۔ غرضکہ یہ تو سب مانتے ہیں کہ حضرت آدم کا علم ہر چیز کو شامل تھا۔ لیکن اس وسعت علمی کو بعض تو الاسماء سے ثابت کرتے ہیں بعض کلھا سے۔ دعویٰ سب کا ایک، دلیلیں علیحدہ۔ کلھا اس میں بہت گنجائش ہے کیونکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی نام بھی آدم علیہ السلام کے علم سے باقی نہ بچا۔ جیسے خالق کل شی سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا ہر چیز کا خالق ہے' ایسے ہی یہاں کلھا سے معلوم ہوتا ہے کہ آدم علیہ السلام ہر نام والی چیز کے عالم ہیں۔ خیال رہے کہ آدم علیہ السلام کا علم اس قدر وسعت کے باوجود ہمارے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے دریا کا قطرہ ہے کیونکہ ان کا علم ہر ان چیزوں کو بھی گھیرے ہوئے ہے کہ جہاں تک الفاظ و نام بلکہ کسی کا خیال بھی نہیں پہنچتا۔ اسی لئے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے متعلق فرمایا گیا **و علمک ما لم تکن تعلم** یہاں نہ اسم کی قید ہے نہ الفاظ و حروف کی پابندی۔ اب ہم کلھا کی کسی قدر گنجائش دکھاتے ہیں۔ یہ سب جانتے ہیں کہ دنیا میں اول سے آخر تک لاکھوں زبانیں بولی گئیں اور ہر زبان کے حروف نقش اور ان کے الفاظ علیحدہ علیحدہ پھر ہر زبان میں کروڑوں لغات جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ دنیا میں کروڑوں چیزیں اور ہر چیز کے لاکھوں صفات اور ہر صفت کے لاکھوں نام اور نام کے لکھنے اور بولنے کے لاکھوں طریقے مثلاً الف لکھنے کا انگریزی میں اور طریقہ ہے اور اردو میں اور' عربی میں اور' پھر مثلاً پانی کو اردو میں پانی۔ فارسی میں آب۔ عربی میں ماء۔ ہندی میں جل انگریزی میں واٹر اور نہ معلوم کس کس زبان میں کیا کیا کہتے ہوں گے۔ پھر اگر لفظ پانی لکھا جائے تو ہر زبان کی عبارت میں علیحدہ طریقے سے مثلاً انگریزی (PANI) اور ہندی میں (         ) اور گجراتی میں (         ) اردو میں (پانی)' عربی میں (ماء) وغیرہ وغیرہ طریقوں سے پھر اس پانی کے ہزاروں حالات اور ہزاروں قسمیں ہیں۔ ٹھنڈا' گرم' صاف' میلا' کھاری' میٹھا' بھاری' ہلکا' گاڑھا' پتلا' سفید' کالا وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب علوم سیدنا آدم علیہ السلام کو دیئے گئے۔ بھلا خیال تو کرو اس علم کی کوئی حد ہے۔ تفسیر روح البیان میں اس جگہ فرمایا گیا کہ آدم علیہ السلام کو سات لاکھ زبانوں کا علم تھا اور ایک ہزار پیشوں میں خوب ماہر تھے' مگر آپ نے کھیتی باڑی کا کام کیا۔ لطیفہ: آدم علیہ السلام کا پیشہ کھیتی باڑی' نوح علیہ السلام کا نجاری' (لکڑی بنانا یعنی بڑھئی کا پیشہ) ادریس علیہ السلام کا درزی گری' صالح علیہ السلام تجارت' داؤد علیہ السلام کا زرہ سازہ (زرہ بنانا یعنی لوہار کا کام) سلیمان علیہ السلام کا زنبیل سازی اور موسیٰ علیہ السلام' شعیب علیہ السلام اور حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کا عمل مبارک بکری چرانا تھا۔ (روح البیان)۔ نیز کلھا سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ نے اپنی ذات و صفات کے سارے نام بھی ان کو تعلیم فرمائے تھے۔ اب تو آدم علیہ السلام کے علم کی کوئی انتہا نہ رہی روح البیان وغیرہ نے اس جگہ لکھا کہ آدم علیہ السلام کو تمام فرشتوں اور اپنی اولاد کے سارے نام اور حیوانات' جمادات' پرندے چرندے اور ہر وہ جاندار جو قیامت تک پیدا ہونے والے ہیں تمام شہروں اور گاؤں ہر کھاتی پیتی چیز اور جنت کی ہر نعمت بلکہ یوں کہو کہ ہر چھوٹی بڑی چیز کے نام بتا دیئے گئے۔

marfat.com
Marfat.com

یہاں تک کہ پیالہ اور ڈھال اور دودھ نکالنے کا برتن بلکہ آہستہ اور زور سے گوز مارنا کے نام بھی بتا دیئے گئے۔ ثم عرضھم اس سے معلوم ہوا کہ فقط غائبانہ نام ہی نہ بتائے گئے تھے بلکہ دیکھنے والی چیزیں دکھائی گئی تھیں۔ یعنی جو چیزیں قیامت تک کبھی بھی پیدا ہونے والی تھیں مثلاً ریلوے' موٹر کار' ٹیلی فون' ریڈیو' ہوائی جہاز' ٹی وی وغیرہ یہ سب چیزیں ان کو دکھا کر ان کے نام اور بنانے کی ترکیبیں اور ان کے سارے حالات بتائے گئے اور پھر ان سب چیزوں کو فرشتوں کے سامنے پیش کیا گیا۔ ظاہر ہے کہ تمام فرشتوں پر ہی یہ ساری چیزیں پیش کی گئی تھیں کیونکہ اس جگہ ملائکہ میں کوئی قید نہیں ہے۔ نیز حکمت پوچھنے والے سارے ہی فرشتے تھے اور چونکہ ان چیزوں میں بعض عقل والی اور بعض بے عقل تھیں اس لئے بطریق تغلیب عرضھم فرمایا گیا۔ فقال انبئونی۔ یہ امر ملائکہ کی عاجزی کے اظہار کے لئے ہے کیونکہ جب انہیں ناموں کی خود ہی خبر نہ تھی تو حق تعالیٰ سے کیا عرض کرتے۔ خیال رہے کہ یہاں انبئونی فرمایا گیا یعنی صرف خبر ہی دے دو جو کہ علم سے ادنیٰ ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تمہیں ان چیزوں کا پورا علم تو کیا ہوتا معمولی خبر بھی نہیں ہے۔ باسماء ھولا لفظ اسماء پہلے آ چکا تھا اور اب یہاں دوبارہ اس لئے کہا گیا کہ وہاں اس سے سب چیزوں کی حقیقت اور ان کے سارے حالات اور نام مراد ہیں۔ اس لئے وہاں علم و کلھا فرمایا گیا تھا لیکن یہاں صرف نام ہی مراد ہیں کہ اے فرشتو تم دوسرے حالات تو کیا بیان کرو گے' فقط ان کے نام ہی بتا دو' ورنہ یہاں ضمیر ہی کافی تھی۔ یعنی یہاں ان کنتم صدقین فرشتوں نے جو کچھ عرض کیا تھا وہ بظاہر بالکل سچ تھا۔ کیونکہ واقعی انسانوں میں فساد بھی ہوگا' اور واقعی فرشتے رب کی تسبیح و تقدیس بھی کرتے تھے لیکن ان دو باتوں سے جو انہوں نے نتیجہ نکالا تھا جس کو صاف بیان نہ کیا' اس میں غلطی کی تھی' اس آیت میں ان کی اسی غلط فہمی کو دور کرنا منظور ہے وہ یہ سمجھے تھے کہ خلافت عابد اور معصوم کا حق ہونا چاہئے نہ کہ اس جماعت کا کہ جس میں گناہ و جرم بھی ہوتے ہوں' یہاں ان کو فرمایا گیا کہ انتظام سلطنت صرف عبادت سے نہیں ہو سکتا' اس لئے کہ رعایا کے سارے حالات کی خبر ہونا ضروری ہے تم کو نام بھی نہیں معلوم اور حالات کیا معلوم ہوں گے۔ تفسیر عزیزی میں اس کے دوسرے نہایت نفیس معنے کئے گئے وہ یہ کہ ملائکہ سمجھے تھے کہ ہم حق تعالیٰ کی کامل حمد و تسبیح کرتے ہیں۔ لہٰذا ہم ہی کامل عابد ہیں۔ اس آیت میں فرمایا گیا کہ کامل حمد وہ کر سکتا ہے جو حق تعالیٰ کے سارے نام اور صفات سے واقف ہو۔ اور پورا شکر وہی بجا لا سکتا ہے جو اس کی ساری نعمتوں کی خبر رکھتا ہو' اے فرشتو! جب تم کو ساری نعمتوں کا نام تک معلوم نہیں اور رب کی صفات اور سارے ناموں کا پورا پتہ نہیں تو تم اس کی پوری حمد اور شکر کیسے کر سکتے ہو۔ اے فرشتو! پوری حمد بھی وہی کرے گا جس کا علم کامل ہوگا۔ غرضکہ اس میں فرشتوں کو جھوٹا کہنا منظور نہیں' بلکہ ان کی غلط فہمی کو دور کرنا۔

خلاصہ ء تفسیر : جب آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور فرشتوں نے ان کے چھینک آنے پر الحمد للہ کہنے۔ اور فرشتوں کو السلام علیکم کہنے سے ہی معلوم کر لیا تھا کہ یہ ہونہار ہستی ہے لیکن ابھی تک ان کے خلافت کے حقدار ہونے کی کوئی خاص وجہ معلوم نہ ہوئی تھی۔ اس لئے حق تعالیٰ نے تمام چیزوں کے نام ان کی صفات ان کا طریقہ استعمال بلکہ سب کی حقیقتیں آدم علیہ السلام کے دل میں القاء کر دیں۔ اس کے بعد ان تمام چیزوں کو فرشتوں کے سامنے کر کے دربار عام میں سوال کیا کہ تم مجھ کو ان چیزوں کے نام تو بتا دو اگر تم اپنے اس خیال میں سچے ہو کہ ہم کامل عابد ہیں اور عابد خلافت کا کام انجام دے سکتا ہے۔ جب وہ چیزوں کے نام ہی نہ بتا سکے تو ان پر اپنی عاجزی اور آدم علیہ السلام کی افضلیت اور حق تعالیٰ کی حکمت ظاہر ہو گئی۔

marfat.com
Marfat.com

فائدے: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ ایک یہ کہ علم خلوتوں اور تنہائیوں کی عبادت اور چلہ کشی سے افضل ہے۔ کیونکہ رب نے آدم علیہ السلام کی افضلیت علم ہی سے ظاہر فرمائی۔ دوسرے: یہ کہ انبیاء علیہم السلام فرشتوں سے افضل ہیں۔ تیسرے: یہ کہ بری چیزوں کا جاننا برا نہیں کیونکہ آدم علیہ السلام کو ہر بری بھلی چیز کا علم دیا گیا اور اس سے ان کی افضلیت ظاہر فرمائی گئی۔ نیز سب سے بری چیز کفر ہے لیکن اس کا بچنے کے لئے سیکھنا فرض ہے۔ نیز حق تعالیٰ کو بھی بری بھلی باتوں کا علم ہے۔ اگر بری بات جاننا بری ہو تا تو حق تعالیٰ اس سے پاک ہو تا للہٰذا وہابیوں' دیوبندیوں کا یہ کہنا کہ بری چیز کا علم حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی شان کے خلاف ہے محض غلط ہے۔ رہی یہ آیت **وما علمنہ الشعر** اس کی تحقیق ہم انشاء اللہ اسی آیت میں کریں گے۔ نیز اس کے لئے ہماری کتاب جاء الحق کا مطالعہ کرو۔ چوتھے: یہ کہ اللہ تعالیٰ نبیوں کو علم لدنی بخشتا ہے جیسا کہ علم سے معلوم ہوا کہیں ثابت نہیں کہ کوئی نبی کسی کا شاگرد ہوا ہو' سوائے موسیٰ علیہ السلام کے کہ آپ علم شریعت بلکہ علم اسرار و طریقت حاصل کرنے خضر علیہ السلام کے پاس گئے۔ **خاتمہ**: **علم کے فضائل**: اس کے بے شمار عقلی اور نقلی دلائل ہیں۔ ہم تفسیر کبیر اور تفسیر عزیزی سے کچھ پر لطف چیزیں بیان کرتے ہیں۔ فقیہ ابو لیث سمرقندی نے فرمایا کہ عالم کی صحبت میں حاضر ہونے میں سات فائدے ہیں خواہ اس سے علم حاصل کرے یا نہ کرے ایک یہ کہ وہ شخص طالب علموں کے زمرے میں شمار کیا جاتا ہے اور ان کا سا ثواب پاتا ہے' دوسرے یہ کہ جب تک اس مجلس میں بیٹھا رہے گا گناہوں سے بچا رہے گا۔ تیسرے یہ کہ جس وقت یہ اپنے گھر سے طلب علم کی نیت سے نکلتا ہے' ہر قدم پر نیکی پاتا ہے۔ چوتھے یہ کہ علم کے حلقہ میں رحمت الٰہی نازل ہوتی ہے۔ جس میں یہ بھی شریک ہو جاتا ہے۔ پانچویں یہ کہ یہ علم کا ذکر سنتا ہے۔ جو کہ عبادت ہے۔ چھٹے یہ کہ وہاں جب کوئی مشکل مسئلہ سنتا ہے جو اس کی سمجھ میں نہیں آتا اور اس کا دل تنگ ہوتا ہے تو حق تعالیٰ کے نزدیک منکسر القلوب میں شمار کیا جاتا ہے۔ ساتویں یہ کہ اس کے دل میں علم کی عزت اور جہالت سے نفرت پیدا ہوتی ہے۔ **دوسری فضیلت**: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ علم دین مال پر سات وجہ سے افضل ہے۔ اول یہ کہ علم پیغمبروں کی میراث اور مال فرعون' ہامان' شداد اور نمرود کی۔ دوسرے: یہ کہ مال خرچ کرنے سے گھٹتا ہے مگر علم بڑھتا ہے۔ تیسرے: یہ کہ مال کی انسان حفاظت کرتا ہے مگر علم انسان کی حفاظت کرتا ہے۔ چوتھے: یہ کہ مرنے کے بعد مال تو دنیا میں رہ جاتا ہے اور علم قبر میں ساتھ جاتا ہے۔ پانچویں: یہ کہ مال مومن و کافر سب کو مل جاتا ہے مگر علم دین کا نفع ایماندار ہی کو حاصل ہوتا ہے۔ چھٹے: یہ کہ کوئی بھی عالم سے بے پرواہ نہیں۔ لیکن بہت سے لوگوں کو مالداروں کی ضرورت نہیں۔ ساتویں: یہ کہ علم سے پل صراط پر گزرنے کی قوت حاصل ہوگی اور مال سے کمزوری۔ **تیسری فضیلت**: قرآن مجید میں سات چیزوں کے بارے میں فرمایا گیا کہ وہ آپس میں برابر نہیں۔ (1) عالم جاہل کے برابر نہیں۔ (2) خبیث اور طیب برابر نہیں۔ (3) دوزخی اور جنتی برابر نہیں۔ (4) اندھا اور آنکھ والا (5) اسی طرح اندھیری اور روشنی۔ (6) سردی اور گرمی (7) زندے اور مردے آپس میں برابر نہیں۔ **چوتھی فضیلت**: سات پیغمبروں کو علم کی وجہ سے بڑے بڑے فائدے حاصل ہوئے۔ (1) آدم علیہ السلام کو ان کے علم نے فرشتوں سے سجدہ کرا دیا۔ (2) خضر علیہ السلام کو علم نے' موسیٰ علیہ السلام کی ملاقات عطا کی۔ (3) یوسف علیہ السلام کو علم نے قید سے نکال کر تخت و تاج شاہی عطا کیا۔ (4) حضرت سلیمان علیہ السلام کو علم نے بلقیس جیسی صاحب جمال اور صاحب تخت و تاج بیوی عطا کی۔ (5) داؤد علیہ السلام کو علم نے بادشاہی دی۔ (6) عیسیٰ علیہ السلام کے علم نے ان کی ماں سے تہمت دور کرائی۔ (7) حضرت محمد صلی اللہ

marfat.com
Marfat.com

علیہ و آلہ وسلم کے سر مبارک پر خلافت الہیہ اور شفاعت کبریٰ کا سہرا بندھا۔ **پانچویں فضیلت:** تعلیم یافتہ کتے کا شکار بھی حلال ہے یہ علم کی برکت ہی ہے۔ **چھٹی فضیلت:** حضرت سلیمان علیہ السلام کی چیونٹی کو علم کی بدولت یہ مرتبہ عطا فرمایا کہ اس کا ذکر قرآن کریم میں فرمایا بلکہ اس کے نام کی ایک سورت قرآنی مقرر فرمائی یعنی (سورہ نمل) اور رب نے اس کا کلام پسند فرماتے ہوئے قرآن کریم میں نقل فرمایا کہ اس نے اور چیونٹیوں سے کہا تھا کہ تم اپنے سوراخوں میں گھس جاؤ کہیں تم کو حضرت سلیمان علیہ السلام اور ان کا لشکر بے خبری میں کچل نہ ڈالے۔ جس سے معلوم ہوا کہ وہ نبی کو معصوم اور نبی کے ساتھیوں کو ظلم وغیرہ سے محفوظ سمجھتی تھی کیونکہ اس نے کہا کہ بے خبری میں۔ جس سے معلوم ہوا کہ پیغمبر اور ان کے ساتھی جان بوجھ کر چیونٹی پر ظلم نہیں کرتے۔ مگر افسوس چیونٹی کا تو یہ عقیدہ مگر شیعوں کا یہ عقیدہ کہ صدیق اکبر اور فاروق اعظم نے اہل بیت پر ظلم کیا اور وہ ظالم تھے۔ یہ تو عقل میں چیونٹی سے بھی کم ہیں۔ **ساتویں فضیلت:** حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ سارے بندوں میں رب سے علماء ڈرتے ہیں اور دوسری جگہ ارشاد فرمایا کہ جنت ڈرنے والوں کے لئے ہے جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ جنت علماء ہی کے لئے ہے اور دوسروں کو بھی ان ہی کے طفیل ملے گی۔ اور یہ بات بالکل ظاہر ہے کیونکہ رب کو بغیر جانے پہچانے اس سے خوف کیونکر ہو گا۔ علماء ربانی ہی اس کو خوب جانتے ہیں اور وہی اس سے خوف بھی کرتے ہیں۔ **آٹھویں فضیلت:** حدیث پاک میں ارشاد ہوا کہ عالم کی بزرگی عابد پر ایسی ہے جیسے چودہویں رات کے چاند کی تاروں پر **نویں فضیلت:** تمام پر بادشاہ حکومت کرتا ہے مگر بادشاہ پر علم والا۔ دیکھو طبیب بادشاہ کو صدہا کھانوں سے روک سکتا ہے اور کڑوی دوائیں پلا سکتا ہے۔ **دسویں فضیلت:** حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ دنیا چار شخصیتوں سے قائم ہے۔ عالم باعمل سے علماء سے محبت رکھنے والے جاہلوں سے۔ سخی مالداروں سے اور صابر فقیروں سے۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ آدم علیہ السلام کو ساری چیزوں کا علم عطا ہوا۔ پھر انہوں نے گندم کیوں کھا لیا اگر جان بوجھ کر کھایا تو یہ سخت گناہ ہوا۔ جس سے انبیاء معصوم ہیں اگر بے علمی سے کھایا تو ان کا علم مکمل نہ ہوا۔ **جواب:** ان کو ہر چیز کا علم تھا' مگر کھاتے وقت اس کو بھول گئے' بھولنا اور خطا انبیاء سے سرزد ہو سکتا ہے۔ قرآن کریم فرماتا ہے۔ **فنسی و لم نجد لہ عزما** " یعنی وہ بھول گئے ہم نے ان کا ارادہ نہ پایا۔ بڑے سے بڑا حافظ بعض وقت قرآن پاک میں ایسا لقمہ کھاتا ہے کہ بغیر بتائے ہوئے اس کو حل نہیں کر سکتا۔ **دوسرا اعتراض:** جب اس وقت ساری چیزیں پیدا ہی نہیں ہوئی تھیں تو دکھائی کیسے گئیں۔ **جواب:** ہماری کمزور آنکھیں دیکھنے کے لئے بہت سی چیزوں کی محتاج ہیں کہ وہ چیز موجود ہو نہ بہت دور ہو نہ بہت قریب روشنی میں ہو۔ تیز روشنی بھی نہ ہو' جیسے کہ آفتاب۔ زیادہ شفاف بھی نہ ہو جیسے کہ ہوا وغیرہ لیکن مقبول بندوں کی نگاہ ہر موجود و غیر موجود' دور اور قریب شفاف اور غیر شفاف چیز کو دیکھ لیتی ہے' ہماری عقل اور خیال بھی ان چیزوں کو محسوس کر لیتے ہیں۔ چنانچہ مرے ہوئے لوگ گذشتہ چیزیں خیال میں ایسی آجاتی ہیں جیسے ابھی سامنے ہیں' اور وہ لوگ باتیں کر رہے ہیں مکان بنانے سے پہلے اس کا خیالی نقشہ ایسا قائم کر لیا جاتا ہے جیسے سامنے مکان بنا کھڑا ہے پھر بالکل ویسا ہی مکان بنتا ہے۔ خواب میں آنے والی اور گزری ہوئی چیزیں دیکھ لی جاتی ہیں' دور کی چیزیں اور بالکل نہ دیکھی ہوئی چیزیں جیسے کہ جنت و دوزخ وغیرہ معلوم ہو جاتی ہیں۔ ان حضرات کی آنکھیں ہمارے عقل و خیال سے زیادہ قوی ہیں۔ قیامت میں سب لوگ اپنے

marfat.com
Marfat.com

گزرے ہوئے اعمال مختلف شکلوں میں دیکھیں گے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صدہا برس بعد آنے والے واقعات کے متعلق فرمایا کہ میں ان کو دیکھ رہا ہوں۔ **تیسرا اعتراض:** حق تعالیٰ نے فرشتوں کو بھی اتنا وسیع علم کیوں نہ عطا فرمایا۔ **جواب:** اس لئے کہ ان کی طبیعت اتنے علم کے لئے موزوں نہ تھی اور نہ ان میں اس کی قابلیت تھی۔ **چوتھا اعتراض** ان میں قابلیت کیوں نہ پیدا فرمائی۔ **جواب:** وہ استعداد و قابلیت انسان کی خصوصیت ہے۔ اگر ان میں پیدا کردی جاتی تو وہ فرشتے نہ رہتے بلکہ انسان بن جاتے' اس سوال کا مطلب تو یہ ہوا کہ فرشتوں کو انسان کیوں نہ کردیا گیا۔ **پانچواں اعتراض:** جب فرشتے انسان کی اصلاح نہیں کرسکتے تو وحی کا لانا ان کے ذمے کیوں کیا گیا۔ وحی سے ہی اصلاح ہوتی ہے' **جواب:** فرشتے فقط حق تعالیٰ کے سفیر ہیں انسانوں کے مصلح نہیں اتنا وسیع علم مصلح کے لئے ضروری ہے۔ نہ کہ فقط قاصد کے لئے' کلکٹر کے یہاں سارے احکام ڈاک خانہ کے ذریعے آتے ہیں مگر ان کے مرتبوں میں فرق ہے اسی لئے فرشتے نبیوں کے استاد نہیں بلکہ ان کے خدمتگار اور پیغام رساں ہیں اسی لئے بارہا حضرت جبرئیل نے شکل انسانی میں آکر حضور سے سوالات کئے۔ **چھٹا اعتراض:** اگلی آیت سے معلوم ہو رہا ہے کہ آدم علیہ السلام نے اپنے سارے علوم فرشتوں کو سکھادیئے اگر فرشتوں میں اس کی قابلیت نہ تھی تو پھر انہیں اتنا علم کیسے آگیا۔ **جواب:** اس کا جواب انشاء اللہ اگلی آیت میں آئے گا۔ **ساتواں اعتراض:** جب فرشتے انسانوں پر خلافت نہیں کرسکتے کیونکہ وہ ان کے ہم جنس نہیں تو چاہئے کہ انسان بھی جنوں فرشتوں وغیرہ پر خلافت نہ کرے حالانکہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ساری مخلوق کے نبی ہیں۔ **جواب:** ان کو خلافت نہ ملنے کی وجہ ان کے علم کی کمی ہے' نہ کہ محض جنسی اختلاف' چونکہ انسان ساری مخلوقات میں افضل و اکمل ہے اور بڑا اپنے چھوٹے پر حکومت کرسکتا ہے۔

| |
|---|
| قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ |
| انہوں نے کہا پاکی ہے تجھے نہیں ہے علم واسطے ہمارے مگر وہ جو سکھایا تونے ہم کو۔ |
| بولے پاکی ہے تجھے ہمیں کچھ علم نہیں مگر جتنا تو نے ہمیں سکھایا بے شک |
| الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ |
| تحقیق تو ہی جاننے والا حکمت والا ہے۔ |
| تو ہی علم و حکمت والا ہے۔ |

**تعلق:** اس سے پہلے رب تعالیٰ کے جواب کا ذکر ہوا سننے والے کو انتظار تھا کہ پھر فرشتوں نے کیا عرض کیا اس آیت میں ذکر ہے یا یوں کہو کہ پہلے معلوم ہوا تھا کہ حق تعالیٰ نے فرشتوں سے ان چیزوں کے نام دریافت فرمائے اب فرشتوں کے جواب کا ذکر فرمایا گیا۔

**تفسیر:** **قالوا** ظاہر یہ ہے کہ تمام ملائکہ نے یک زبان ہو کر یہ عرض کیا یا ہر ایک نے براہ راست یا بعض مقربین نے سب کی طرف سے **سبحنک** یہ لفظ **سبح** سے بنا ہے جس کے معنی ہیں تیرنا۔ **کل فی فلک یسبحون** چونکہ تیرنے والا کنارے سے دور نکل جاتا ہے۔ اس لئے دور ہونے کے معنی میں استعمال ہونے لگا اور چونکہ جو ذات عیوب سے پاک ہو وہ تمام برائیوں سے

marfat.com
Marfat.com

دوز ہوتی ہے۔ اس لئے پاکی کے معنی میں اس کا استعمال ہوا۔ اصل میں عبارت یوں تھی **نسبحک سبحنا**" یعنی ہم تجھ کو پاک جانتے ہیں پاک جاننا۔ پھر سبحان کو کاف کی طرف مضاف کیا گیا اور فعل گرا دیا گیا۔ فرشتوں نے یہ الفاظ یا تو اس لئے بولے کہ بارگاہ الٰہی کا ادب یہ ہے کہ اگر کچھ عرض کرنی ہو تو پہلے رب کی حمد کی جائے۔ اسی لئے نمازی سب سے پہلے سبحان پڑھتا ہے اور بعد میں کچھ عرض کرتا ہے یا اس لئے کہ تعجب کے موقع پر بھی سبحان بولا جاتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا تھا۔ **سبحنک تبت الیک** یونس علیہ السلام نے عرض کیا تھا۔ **سبحنک انی کنت من الظلمین** چونکہ فرشتے بھی اپنے گذشتہ سوال سے معذرت کر رہے ہیں۔ اس لئے انہوں نے بھی کہا یا اس لئے کہ وہ اس لفظ سے اپنا مقصود عرض کر رہے ہیں کہ خداوندا ہم تجھ کو ہر عیب سے پاک جانتے ہیں کہ تو نے آدم علیہ السلام کو بلا وجہ زیادہ علم دے دیا اور ہم کو کم۔ بلکہ ہم سمجھتے ہیں کہ تو نے ہر ایک کو بقدر قابلیت عطا فرمایا' بے شک ہم میں اس قدر علم کی استعداد ہی ہے' کمی ہمارے لینے میں ہے نہ کہ تیری عطا میں **لا علم لنا الا ما علمتنا** اس میں فرشتوں نے اپنی عاجزی کا نہایت عمدہ طریقے سے اقرار کیا کہ مولیٰ ہم بذات خود تو تمام کمالات سے خالی ہیں اور علم بھی ایک کمال ہے۔ ہم میں جو کچھ کمال ہے وہ تیرا دیا ہوا ہے چونکہ اس علم کی طرف سے عطا نہیں ہوئی اس لئے ہماری کیا مجال کہ ہم تیرے حضور محض اپنی اٹکل اور قیاس سے کچھ کہہ دیں۔ مولیٰ ہم کو اپنی کم علمی کا اقرار رہے علم صدہا قسم کے ہیں جن میں سے بعض عقلی ہیں۔ بعض نقلی مگر یہ سارے علوم ملتے ہیں رب کی عطا سے اس لئے لاعلم میں جنس علم کی نفی ہے جیسے لاالٰہ الا اللہ میں اور لانبی بعدی میں۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ خدایا کوئی چیز سکھا کر امتحان لیا جاتا ہے جب تو نے ہمیں ان کے نام سکھائے ہی نہیں تو ہمارا امتحان کیوں لے رہا ہے اس لئے کہ **انک انت العلیم الحکیم** تو ہر چیز کا جاننے والا ہے اور کامل حکمت والا۔ تو ہر ایک کی قابلیت اور لیاقت بھی جانتا ہے اور یہ بھی کہ کون کس نعمت کے لائق ہے۔ جس قدر علم کے لائق ہم تھے وہ ہم کو دیا اور جس کے لائق آدم علیہ السلام تھے وہ ان کو چیونٹی کو کن اور ہاتھی کو من دیتا ہے۔

**خلاصہ تفسیر :** جب فرشتوں کو حکم ہوا کہ تم ان چیزوں کو نام بتاؤ تو وہ سمجھ گئے کہ اس سے ہمارا امتحان مقصود نہیں ہے کیونکہ امتحان تو بتائی ہوئی چیز کا لیا جاتا ہے انہوں نے بے دغدغہ اور بلا تامل اپنی عاجزی کا اقرار کر لیا۔ مگر اس نفیس طریقے سے کہ سبحان اللہ بظاہر تو رب کی حمد کی' لیکن اس حمد میں حق تعالیٰ کی صفات کمالیہ اور اپنے قصور کا اقرار کیا اور یہی توبہ کی حقیقت ہے اور ساتھ ہی ساتھ اپنی عاجزی کو خود اپنی طرف نسبت دی نہ کہ رب کی طرف' یعنی یہ نہ کہا کہ مولیٰ تو نے ہمیں بہت کم علم دیا۔ آدم علیہ السلام کو زیادہ' بلکہ یہ عرض کیا کہ ہم میں اتنے ہی علم کی طاقت تھی جتنا تو نے عطا فرمایا۔ تیرا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں۔ شیطان نے یہ کہا کہ **بما اغویتنی** مولیٰ تو نے مجھے گمراہ کر دیا۔ اس لئے وہ تو مردود ہوا اور یہ سب محبوب رہے۔ خیال رہے کہ یہ عاجزانہ کلام صرف فرشتوں کا ہے' شیطان اس میں شامل نہیں وہ تو اس وقت حاسد ہو چکا تھا۔ سجدہ نہ کرکے اس کا حسد ظاہر ہوا۔ یہ بھی خیال رہے کہ شیطان بھی اشیاء کے نام نہ بتا سکا' اس لئے سجدہ نہ کرنے کی وجہ اپنا ناز سے پیدا ہونا بیان کیا' نام بتانے کی جرات نہ کی' اب جو شخص کہے کہ شیطان کا علم حضور سے زیادہ وہ اس آیت کا منکر ہے۔ اس کا علم تو حضرت آدم کے علم کا کروڑواں حصہ بھی نہیں۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ دعا سے پہلے رب کی حمد ضروری ہے کیونکہ ملائکہ نے پہلے

marfat.com
Marfat.com

سبحنک کہا۔ بعد میں کچھ عرض کیا۔ دوسرے: یہ کہ جس قسم کی دعا ہو اسی قسم کی حمد کریں۔ مثلاً اگر دعائے مغفرت کرنا ہے تو عرض کرے کہ مولیٰ ہم سب گنہگار ہیں اور تو غفار۔ اگر رزق مانگنا ہے تو عرض کرے مولا ہم سب فقراء ہیں اور تو غنی رزاق۔ تیسرے: یہ کہ بندے کو چاہئے کہ اپنے قصور کے ماننے میں حجت اور مولیٰ کے فضل و کرم کا انکار نہ کرے۔ چوتھے: یہ کہ بڑے سے بڑا عالم اگر کسی مسئلے سے ناواقف ہو تو اپنی عزت رکھنے کے لئے غلط جواب نہ دے۔ بلکہ اپنی کم علمی کا اقرار کرے کیونکہ اسی میں عزت ہے۔ حکایت: ایک عالم سے برسر منبر کوئی مسئلہ پوچھا گیا۔ انہوں نے فرمایا کہ مجھے اس کی خبر نہیں۔ سائل نے کہا۔ جب آپ جاہل ہیں تو منبر پر کیوں بیٹھ گئے۔ انہوں نے فرمایا کہ اس قدر علم سے منبر پر بیٹھا۔ اگر میں جہالت سے کام لیتا تو آسمان پر پہنچ جاتا۔ پانچویں: یہ کہ کسی شخص کو بغیر فضل مولیٰ علم غیب نہیں مل سکتا۔ جو شخص کہ علم نجوم یا کہانت وغیرہ سے علم غیب حاصل کرنا چاہے وہ جاہل ہے۔ کیونکہ ملائکہ نے عرض **الا ما علمتنا** (تفسیر کبیر) لہٰذا جو شخص کسی مخلوق کو بغیر عطائے الٰہی ایک چیز کا بھی علم غیب مانے وہ بے دین ہے۔ بلکہ حق یہ ہے کہ کوئی علم بھی حق تعالیٰ کے فضل کے بغیر نہیں مل سکتا۔ کتابیں پڑھنا' وعظ سننا' علماء کے پاس حاضر رہنا۔ یہ سب محض اسباب ہیں۔ اصل چیز مسبب اسباب کے قبضے میں ہے۔ چھٹے: یہ کہ حکمت کو کبھی علم کے معنی میں بولا جاتا ہے اور کبھی دوسرے معنی میں بھی' یہاں دوسرے ہی معنی میں استعمال ہوا۔ ورنہ علیم کے بعد حکیم فرمانے سے کچھ فائدہ نہ ہوتا۔

| |
|---|
| قَالَ يٰۤاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآىِٕهِمْۚ فَلَمَّاۤ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآىِٕهِمْۙ |
| کہا رب نے اے آدم خبر دو ان کو نامو ں کی ان کے پس جبکہ خبر دی ان سب کو ناموں |
| فرمایا اے آدم بتا دے انہیں سب اشیاء کے نام جب آدم نے انہیں سب نام بتا دیئے |
| قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّیْۤ اَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِۙ |
| کی ان چیزوں کے فرمایا رب نے کیا نہ کہا میں نے واسطے تمہارے تحقیق میں جانتا ہوں چھپی |
| فرمایا میں نہ کہتا تھا کہ میں جانتا ہوں آسمانوں اور زمین کی چھپی چیزیں |
| وَ اَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَ مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۳۳ |
| چیز آسمانوں کی اور زمین کی اور جانتا ہوں میں وہ جو ظاہر کرتے ہیں اور جو تھے تم چھپاتے |
| اور میں جانتا ہوں جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم چھپاتے ہو۔ |

تعلق: اس آیت کو پہلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک: یہ کہ پہلے واقعہ سے فرشتوں کو اپنا عجز تو معلوم ہو گیا۔ لیکن آدم علیہ السلام کے کمال کا پتہ نہ لگا اور ان کی خلافت ان کے کمال ہی کی وجہ سے تو تھی اس لئے حق تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کا علم فرشتوں پر اس طرح ظاہر فرمایا تو گویا کہ آدم علیہ اسلام کے خلافت کے مستحق ہونے کی دو دو جہیں تھیں۔ فرشتوں کا

marfat.com
Marfat.com

عاجز ہونا اور ان کا کامل ہونا جن میں ایک کا ذکر پہلے کر دیا گیا اور دوسری کا اب دوسرے: یہ کہ پچھلی آیت میں فرشتوں کے معذرت کرنے کے کا ذکر تھا۔ اور اب اس کی قبولیت کا تذکرہ۔ یعنی جب انہوں نے اپنے قصور کا اقرار کر لیا تو ہم نے ان کو یہ انعام عطا فرمایا۔ تیسرے: یہ کہ پہلی آیت میں فرشتوں کی کمی علم کا ذکر تھا۔ اور اب ان کی تکمیل کا۔

تفسیر: **قال یا دم**۔ اب رب نے آدم علیہ السلام سے خطاب فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اے آدم خیال رہے کہ قرآن کریم میں سارے پیغمبروں کو نام لے کر پکارا ہے مگر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر جگہ ان کے پیارے صفات کے ساتھ۔ **یا ایھا النبی' یا ایھا الرسول' یا ایھا المزمل** وغیرہ۔ خیال رہے کہ پکارنے سے چند مقصود ہوتے ہیں۔ (1) غافل کو بیدار کرنا۔ (2) کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا۔ (3) محبت کا ظاہر کرنا جیسے کہ اے میرے پیارے۔ (4) غضب اور قہر کا ظاہر فرمانا جیسے کہ اے خبیث' انبیاء کرام کو اکثر محبت کے اظہار کے لئے پکارا جاتا ہے کیونکہ وہ حضرات رب سے غافل نہیں ہوتے۔ ہم جو دعا میں رب کو پکارتے ہیں اس کو غافل سمجھ کر نہیں پکارتے بلکہ یا تو محبت کی وجہ سے یا اس کا کرم حاصل کرنے کے لئے۔ ظاہر یہ ہے کہ آدم علیہ السلام سے رب کا یہ کلام بلاواسطہ ہے بطور الہام یا خواب بھی نہیں بلکہ صراحۃً" ہے اس کے باوجود آپ کا لقب کلیم اللہ نہیں' کلیم اللہ وہ جو زمین پر رہتے ہوئے بلاواسطہ رب سے ہم کلام ہو کہ رب کہے وہ سنے وہ عرض کریں رب سنے۔ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خصوصیت ہے۔ آدم علیہ السلام سے یہ کلام جنت میں ہوا۔ اور اگر زمین پر ہے تو بھی دو طرفہ ہم کلامی نہیں۔ معراج میں ہمارے حضور سے ہم کلامی ہوئی' مگر زمین پر نہیں عرش سے دور۔ **انبئھم** اس جگہ **انبہ** فرمایا گیا جس کے معنی ہیں خبر دے دو اور آدم علیہ السلام کے لئے **علم** ارشاد ہوا تھا۔ جس کے معنی ہیں سکھا دیا۔ اس لئے کہ آدم علیہ السلام کو ہر چیز کا پورا پورا علم دیا گیا اور انہوں نے حاصل کر لیا۔ جس سے کہ وہ عالم کل کہلانے کے مستحق ہوئے۔ مگر آدم علیہ السلام نے ان چیزوں کی فقط خبر دے دی۔ خواہ فرشتوں کو اس سے علم حاصل ہوا ہو یا نہ ہو۔ ایک مدرس اپنے شاگرد کو باقاعدہ پڑھاتا ہے۔ جس سے وہ شاگرد بھی عالم بن جاتا ہے پھر کبھی منبر پر بیٹھ کر بطریق وعظ کچھ مسائل بیان کر دیتا ہے۔ جس سے سننے والے پورے عالم نہیں بن جاتے بلکہ ان کے کانوں میں علم کی آواز پہنچ جاتی ہے۔ **باسمائھم** اس سے پہلے اسماء کا ذکر ہو چکا ہے۔ چاہئے تھا کہ یہاں ضمیر لائی جاتی۔ مگر وہاں چونکہ اسماء سے مراد سارے صفات و حالات تھے اور یہاں فقط چیزوں کے نام اس لئے اسماء ہی فرمایا گیا جس سے معلوم ہوا کہ آدم علیہ السلام کے برابر عالم نہ ہوئے۔ (ماخوذ از تفسیر عزیزی) **فلما انبا ھم با سما نھم**۔ آدم علیہ السلام نے فوراً" حکم کی تعمیل کی۔ روح البیان نے اس جگہ فرمایا کہ آدم علیہ السلام کے لئے منبر بچھایا گیا اور تمام ملائکہ ان کے سامنے بیٹھے آپ نے اس پر کھڑے ہو کر تمام چیزوں کے نام بیان فرمائے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مجلس وعظ تھی نہ کہ حضرت آدم علیہ السلام کا مدرسہ' اس سے ہماری پہلی تقریر کی تائید ہوتی ہے' اس آیت سے یہی معلوم ہو رہا ہے کہ آپ نے یہ سارے نام آن کی آن میں بتا دیئے کچھ دیر نہ لگی کیونکہ انباء باب انفعال سے ہے' یہ بھی ایک معجزہ ہے کہ تھوڑے وقت میں بڑے سے بڑا کام کر لیا جائے' ورنہ بیشمار چیزوں کا نام بتانے کے لئے بڑا وقت درکار تھا۔ آج سب فرشتوں کی عبادت حضرت آدم علیہ السلام کا وعظ سننا تھا۔ سب کی تمام ڈیوٹیاں ختم کر کے یہاں حاضری کا حکم دیا گیا۔ صحبت نبی ساری عبادات سے افضل ہے۔ آج نمازی' حاجی' غازی' قاری بن سکتے ہیں مگر صحابی کوئی نہیں بن سکتا۔ سبحان اللہ آدم علیہ السلام نے تو اپنے زمانہ میں فرشتوں

marfat.com
Marfat.com

کو یہ سب کچھ بتا دیا۔ لیکن ہمارے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے بھی ایک مرتبہ منبر پر قیام فرما کر ابتدائے پیدائش سے قیامت تک کے سارے حالات پورے بیان کر دیئے جیسا کہ بخاری شریف میں ہے بلکہ مسند امام احمد میں ہے کہ قیامت تک اگر کوئی پرندہ پر بھی ہلائے گا اس کی بھی خبر دے دی۔ وہ پہلے نبی کی مجلس تھی اور یہ خاتم النبیین کی آخری مجلس وہاں سننے والے فرشتے تھے اور یہاں صحابہ کرام' یہاں بھی اسماء اسی لئے فرمایا گیا صرف نام ہی بتایا گیا۔ **قال الم اقل لکم** جب آدم علیہ السلام کا کمال علمی فرشتوں کو معلوم ہو چکا تب رب نے فرمایا کہ کیا میں نے تم سے نہ کہا تھا یہ استفہام انکاری ہے یعنی کہا تھا کہ **انی اعلم غیب السموات والارض** کہ میں آسمان اور زمین کی چھپی ہوئی چیزیں جانتا ہوں بہت پر لطف بات یہ ہے کہ اس واقعہ سے فرشتوں کو آدم علیہ السلام کا علم غیب معلوم ہوا تھا۔ مگر رب نے فرمایا کہ اس سے تم کو میرا علم معلوم ہو گیا جس سے معلوم ہوا کہ انبیاء کا کمال رب کے کمال کا آئینہ ہے۔ انہی کی عظمت سے رب کی عظمت ظاہر ہوتی ہے کیونکہ شاگرد کی قابلیت سے استاد کے علم کا پتہ چلتا ہے۔ دیوبندیوں کے یہاں خدا کی تعظیم نبیوں کی توہین سے ہوتی ہے ان کی شیطانی توحید کے معنی ہیں پیغمبروں کو گالی دینا "معاذ اللہ" لیکن مسلمانوں کے نزدیک نبیوں کی عزت میں رب کی اور اسلام کی عزت ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ فرشتے بھی بغیر انبیاء کے وسیلہ سے خدا تعالیٰ کی ذات و صفات کو نہیں جان سکتے تو ہم تم کس شمار میں ہیں۔ کیونکہ اس آیت میں رب نے آدم علیہ السلام کے علم کو اپنے علم کی دلیل بنایا اور فرمایا کہ اے فرشتو! اب تک تم نے ہم کو بغیر دلیل جانا تھا تو آج دلیل سے پہچان لو کہ آدم کے علم کو دیکھ کر ہمارے علم کا پتہ لگا لو کہ اگرچہ تمہاری پیدائش ان سے بہت پہلے ہے۔ تمام جہاں کی تم نے سیر کر ڈالی اور تم عالم بالا کے رہنے والے اور یہ ذات عالم سفلی کی مخلوقات میں سے ایک ہے اور ابھی ابھی پیدا ہوئے۔ انہوں نے کہیں کی بھی سیر نہ فرمائی لیکن ان کو زمین و آسمان کے ایسے راز معلوم ہیں جو تم کو نہیں معلوم اور جو چیزیں کہ ان سے ہزاروں برس پہلے پیدا ہو چکیں یہ ان تمام کے پورے واقف ہیں۔ **و اعلم ما تبدون وما کنتم تکتمون** تمام مفسرین فرماتے ہیں کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ اے فرشتو میں تمہاری ہر ظاہری بات اور چھپے ہوئے خیال کو جانتا ہوں یعنی بظاہر تم نے یہ کہا تھا کہ انسان فساد و خون ریزی کرے گا اور ہم تیری تسبیح و تہلیل کرتے ہیں۔ مگر تمہارے دل میں یہ تھا کہ ہم ہی خلافت کے مستحق ہیں۔ بھلا اس سے افضل اور زیادہ علم والی کون سی مخلوق پیدا ہو سکتی ہے۔ اس میں رب کی قدرت کا انکار نہیں تھا۔ بلکہ یہ ان کی سمجھ میں نہ آسکتا تھا کہ ہم سے بڑھ کر بھی کوئی پیدا ہو گا۔ کیونکہ ہم نوری ہیں اور نور سب سے اعلیٰ ہم بہت پہلے پیدا ہو چکے ہیں اور ساری دنیا کا تجربہ کر چکے ہیں اب جو کوئی نیا پیدا ہو گا وہ یقیناً ہم سے علم میں کم ہو گا۔ رب نے فرمایا کہ اے فرشتو ہم تمہاری کہی ہوئی بات اور چھپا ہوا خیال جانتے ہیں۔ مگر تفسیر کبیر نے اس جگہ ایک نئی بات فرمائی وہ یہ کہ عبداللہ بن مسعود اور عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ فرشتوں کی ظاہری بات سے ان کا یہ قول مراد ہے جو انہوں نے بارگاہ الٰہی میں پیش کیا اور چھپی ہوئی بات سے ابلیس کا دلی ارادہ مراد ہے کہ اس نے آدم علیہ السلام کی خبر پاتے ہی دل میں سوچ لیا تھا کہ میں ان سے بڑا ہوں اور کبھی بھی ان کی اطاعت نہ کروں گا۔ چونکہ ابلیس بھی فرشتوں کے ساتھ رہتا تھا۔ اور انہی میں اس کا بھی شمار تھا۔ لہٰذا اس کے اس خیال کو سب کی طرف نسبت کر دیا گیا قوم میں سے بعض کا کام سب کی طرف نسبت پا جاتا ہے تو مطلب یہ ہوا کہ اے فرشتو جو بات تم نے ظاہر طور پر کی وہ بھی ہم جانتے ہیں اور جو کچھ تم میں سے بعض نے ارادہ کر لیا ہے اس کی بھی ہمیں خبر ہے۔ تفسیر عزیزی نے اس کا مطلب یہ بیان فرمایا کہ فرشتوں کی بعض صفتیں بالکل ظاہر تھیں جیسے رب کی عبادت کرنا اور ان گناہوں سے

marfat.com

Marfat.com

معصوم ہونا وغیرہ وغیرہ اور بعض صفتیں ایسی چھپی ہوئی تھیں جن کی خود ان کو بھی خبر نہ تھی کہ ہم کو رب نے یہ قوتیں بھی عطا فرمائی ہیں جیسے کہ عورت کے رحم میں بچہ بنانا مسجدوں کی خدمت کرنا لوگوں کی جانیں نکالنا۔ قبر کے سوالات اللہ والوں سے محبت رکھنا غازیوں حاجیوں کی مدد کرنا، زندوں کی نذر و نیاز مردوں تک پہنچانا۔ مسلمانوں کے درود سبز گنبد کے اندر لے جاکر شہنشاہ کونین کی خدمت میں حاضر کرنا وحی اتار لینا انبیاء کرام تک کتابوں کا پہنچانا وغیرہ وغیرہ کہ خود ان کو ان صفتوں کا پتہ نہ تھا۔ اگر آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد پیدا نہ ہوتی تو ہرگز فرشتوں کی یہ صفتیں ظاہر نہ ہوتیں۔ اس لئے رب نے فرمایا کہ اے فرشتو ہم تمہاری ظاہری صفتوں کو بھی جانتے ہیں اور تمہارے باطنی کمالات کو بھی اسی لئے ہم نے اس خلیفہ کو پیدا کیا لہٰذا تم پر اس خلیفہ کا بڑا حق ہے اس کی بدولت تم اپنی حقیقت سے آگاہ ہو گئے۔ انہی کے سبب سے تمہارا درجہ بارگاہ الٰہی میں بڑھا زمین کی قوت اور اس میں بویا ہوا تخم لوگوں پر ظاہر نہیں ہوتا۔ بارش ان سب چیزوں کو ظاہر کرتی ہے۔ فرشتوں کے قلوب مختلف استعداد کی زمین تھے۔ ان کی چھپی ہوئی قوتیں تو بویا ہوا تخم تھا خلیفۃ اللہ آدم علیہ السلام رحمت الٰہی کی بارش تھے جن کی تشریف آوری سے سب کے مختلف کمالات ظاہر ہو گئے۔ جیسے ہمارے حضور کے وسیلہ سے صدیق و زندیق علیحدہ علیحدہ ہو کر لکھے گئے۔

**خلاصہ تفسیر :** جب فرشتوں نے اپنی معذوری اور کم علمی کا اقرار کر لیا اور بارگاہ الٰہی میں اپنی عرض معروض کی معذرت کی تب خدا تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو حکم دیا کہ آپ ان کو سب چیزوں کے نام بتادیں، آدم علیہ السلام نے حکم پاتے ہی آناً "فاناً" بلا تامل سب کچھ ان کو بتادیا جب اس واقعہ سے فرشتوں کو اپنی عاجزی اور آدم علیہ السلام کے کمال علمی کا ثبوت ہو گیا۔ تب رب تعالیٰ نے ان کو متنبہ کرنے کو فرمایا کہ تم اپنے دل میں کیا سمجھتے تھے اور ظاہر کیا ہوا میں ہی ہر چیز کی حکمت اور مصلحت زمین و آسمان کی پوشیدہ باتیں تمہارے ظاہری اور باطنی حالات جانتا ہوں لہٰذا اس آیت میں **انی اعلم ما لا تعلمون** کی شرح ہو گئی یہ تمہارا تعجب کرنا بے جا تھا ہم جو کچھ کرتے ہیں اس میں ہزارہا حکمتیں ہوتی ہیں۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوتے ہیں ایک یہ کہ علم عبادات سے افضل ہے اور عالم عابد سے بہتر، دوسرے یہ کہ تعلیم کو حق کی طرف نسبت کر سکتے ہیں کہ رب نے ہی سکھایا مگر اس کو معلم کہنا جائز نہیں کیونکہ معلم پیشہ ور تعلیم دینے والے کو کہتے ہیں۔ **تیسرے:** یہ کہ نعمتیں اور ساری زبانیں حق تعالیٰ کی طرف سے ہیں کیونکہ انسانوں کی پیدائش سے پہلے وہ سب آدم علیہ السلام کو سکھائی گئیں (تفسیر خزائن العرفان)۔ **چوتھے:** یہ کہ فرشتوں کے کمالات اور علم میں زیادتی ہوتی ہے کیونکہ آدم علیہ السلام کے ذریعے فرشتوں کا علم بھی بڑھا اور ان کے کمالات بھی ظاہر ہوئے۔ اگر وہ پیدا نہ ہوتے تو فرشتوں کے وہ درجات کیونکر ہوتے جو اب حاصل ہوئے۔ **پانچویں:** یہ کہ عارف کامل وہ ہے جو حق تعالیٰ کے صفات انبیاء کرام کے ذریعے جانے کیونکہ فرشتے اس سے پہلے عارف باللہ تو تھے۔ مگر بواسطہ رسول اللہ نہ تھے آج حق کے صفات آئینہ نبوت سے دیکھے جس سے ان کا عرفان اور کامل ہو گیا اسی لئے رب نے فرمایا **ھو الذی ارسل رسولہ** یعنی رب کو اس طرح پہچانو کہ اس نے اپنے رسول کو بھیجا۔ **چھٹے:** یہ کہ بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ فرشتوں کے ذریعے انبیاء کو علم ملتا ہے کیونکہ وحی اور کتاب فرشتے ہی لے کر آتے ہیں مگر حقیقت میں نبی کے ذریعے فرشتوں کو علم ملا جیسا کہ اس آیت سے معلوم ہوا اب نبی کے پاس جو وحی آئے گی وہ ان کے علم میں پہلے سے ہوگی اس وحی سے یا تو ان کا علم ظاہر ہو گیا یا ان کا ذہول اور نسیان دور ہو گا۔ ہمارا یہ دعویٰ

marfat.com
Marfat.com

حضرت آدم علیہ السلام اور نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے متعلق ہے۔ ہم نے اس کی پوری تحقیق اپنی کتاب "جاء الحق" میں کر دی ہے۔ ساتویں: یہ کہ حضرات انبیاء کرام رب کی طرف سے مالک و مختار ہوتے ہیں کہ خدا تعالیٰ جو بھی جس کو دیتا ہے وہ ان کے ذریعہ سے دیکھو رب نے آدم علیہ السلام کو علم بلاواسطہ عطا فرمایا۔ لیکن فرشتوں کو آدم علیہ السلام کے ذریعے حالانکہ وہ اس پر بھی قادر تھا کہ فرشتوں کو سب کچھ خود ہی بتا دے مگر نہ بتایا۔ اس کی بہت نفیس بحث ہماری کتاب "شان حبیب الرحمٰن" میں دیکھو۔ آٹھویں یہ کہ جو بغیر وسیلہ انبیاء خدا تک پہنچتا ہے وہ محض بے وقوف ہے۔ فرشتوں کو جو کہ نوری ہیں رب کا قرب خاص آدم علیہ السلام کے ذریعے عطا ہوا' شیطان نے براہ راست خدا تک پہنچنا چاہا' مردود کر کے نکال دیا گیا آج بھی شیاطین جب آسمان پر جانا چاہتے ہیں تو ان کو شہاب (ٹوٹا ہوا تارا) سے مار دیا جاتا ہے کیونکہ وہ مدینے والے راستے کو چھوڑ کر براہ راست جانا چاہتے ہیں اور بعض صحابہ کرام کی نعشیں آسمان پر اٹھائی گئیں کیونکہ وہ نبی کے ذریعے سے گئے تھے۔ نویں: یہ کہ حق تعالیٰ نبیوں کو پیدا فرمانے والا ہے اور یہ حضرات اس کی ذات و صفات کے ظاہر کرنے والے لہٰذا رب خالق انبیاء اور پیغمبر مظہر خدا کیونکہ رب تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے علوم دکھا کر اپنی شان علمی کا خطبہ ارشاد فرمایا۔ شعر

جب وہ ہوئے رسول اللہ ۔۔۔ تب کھلا لا الٰہ الا اللہ

اعتراض: پہلا اعتراض: پہلی آیت سے معلوم ہوا تھا کہ فرشتوں میں اس قدر وسیع علم کی استعداد ہی نہ تھی اس لئے خلافت آدم علیہ السلام کو دی گئی تو آدم علیہ السلام کے ذریعہ ان کو یہ سارے علوم کیوں حاصل ہو گئے۔ جواب ان کو صرف ناموں کی خبر لگی نہ کہ سارے حالات کا پورا علم اس لئے اس کو انبئھم سے بیان کیا لطیفہ۔ مولوی اشرف علی صاحب نے اس جگہ کمال ہی کر دیا وہ تفسیر بیان القرآن میں لکھتے ہیں کہ آدم علیہ السلام کے اس نام بتانے سے فرشتے چیزوں کے نام بھی نہ سمجھ سکے۔ بلکہ اس تمام تقریر سے ان کو صرف آدم علیہ السلام کے علم کا پتہ لگا یعنی انہوں نے صرف اتنا سمجھا کہ آدم علیہ السلام واقعی بڑے عالم ہیں۔ پھر مثال دے کر سمجھاتے ہیں کہ جیسے ناسمجھ کے سامنے کوئی سمجھ دار آدمی کسی باریک مسئلے کی تقریر کرے تو وہ ناسمجھ اس تقریر سے وہ مسئلہ نہ سمجھے گا مگر اس عالم کے زور علمی کا قائل ہو جائے گا۔ سبحان اللہ یہاں تو آدم علیہ السلام کے ایسے خیر خواہ بنے کہ فرشتوں سے کہیں بڑھ چڑھ کر انہیں عالم مان لیا۔ لیکن یہی صاحب سید الانبیاء صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا علم جانوروں اور پاگلوں کی طرح بتا رہے ہیں۔ اور انہی کے قوت بازو مولوی خلیل احمد صاحب شیطان اور ملک الموت کا علم حضور سے زیادہ مان رہے ہیں اور ان کے پیشوا مولوی قاسم حضور کا علم آدم علیہ السلام سے زیادہ مانتے ہیں ان صاحبوں کے کلام سے یہ ثابت ہوا کہ آدم علیہ السلام کا علم سارے فرشتوں اور شیطانوں سے زیادہ کیونکہ اس موقع پر شیطان بھی چیزوں کا نام نہ بتا سکا اور حضور علیہ السلام کا علم آدم علیہ السلام سے زیادہ تو نتیجہ یہ نکلنا چاہئے تھا کہ حضور کا علم سارے فرشتوں اور شیطان سے کہیں زیادہ مگر ان صاحبوں نے نتیجہ نکالا کہ حضور کا علم ملک الموت اور شیطان سے کم۔ واللہ یہ الٹی منطق ہماری سمجھ میں نہیں آئی کیا کوئی دیوبندی یا وہابی اس معمہ کو سمجھا سکتا ہے اور کے اجتماع کو ہمیں سمجھا سکتے ہیں۔ ہم ان کے نہایت مشکور ہوں گے۔ دوسرا اعتراض: حق تعالیٰ نے یہ سارے نام فرشتوں کو خود ہی کیوں نہ بتا دیئے۔ جواب: اس کا جواب پہلے گزر چکا کہ اس میں آدم کی فضیلت کا اظہار منظور تھا اور سارے انسانوں کو بتانا مقصود تھا۔ کہ خدا تعالیٰ کی ہر

marfat.com
Marfat.com

نعمت انبیاء کرام سے حاصل کریں۔ **تیسرا اعتراض:** جب آدم علیہ السلام کو سارے علم پہلے ہی حاصل ہو گئے تو ان پر وحی کیوں آئی تھی۔ **جواب:** اس کا جواب بھی پہلے گزر چکا کہ یا تو وحی لوگوں پر اظہار کرنے کے لئے ہوتی ہے یعنی وحی سے پہلے اس مسئلے کا اظہار نہیں ہوتا اور بعد وحی ہوتا ہے یا اس لئے کہ بعض مسائل کا خود ان کو خیال نہیں رہتا وحی سے وہ ظاہر ہو جاتے ہیں۔

**تفسیر صوفیانہ:** حق تعالیٰ کے سارے ملک علیحدہ علیحدہ تھے۔ عالم اجسام عالم ارواح سے بے تعلق اور عالم امر عالم خلق سے علیحدہ نور ظلمت سے دور اور ظلمت نور سے کافور ایسی کوئی ہستی موجود نہ تھی جو ان سارے عالموں میں تعلق پیدا کر دے کیونکہ فرشتے اس دنیا سے بے نیاز تھے اور یہاں کے جانور جنات وغیرہ اس طرف سے بے خبر نیز حق تعالیٰ کے بہت سے صفات اب تک ظاہر نہ ہوئے تھے۔ کیونکہ کوئی ایسا کامل مظہر نہ آیا تھا جو ان سب کو ظاہر کرے اس لئے منشا الٰہی یہ ہوا کہ اپنا خلیفہ ایسا بناؤں جو ملک کو ملکوت سے خلق کو امر سے ظلمت کو نور سے غم کو سرور سے ملا دے۔ نیچوں کو اوپر پہنچا دے اور اوپر کی رحمتیں نیچے والوں تک لا دے اور جو اپنے ظاہری اور باطنی صفات سے میرے تمام اوصاف ظاہر کر دے اس میں روح و روحانیت جسم و جسمانیت سما اور سماویات ارض اور ارضیات دنیا اور دین جمادات اور نباتات اور حیوانات ملکوت اور ملکوتیات سب جمع ہوں جو اپنے وجود سے رب کا وجود اپنی وحدانیت سے رب کی وحدانیت اپنی زندگی سے رب کی حیات اپنی قدرت اور ارادہ، سمع، بصر اور کلام اور علم سے رب کی قدرت اور ارادے اور سمع بصر علم وغیرہ کو ظاہر کر دے اور اپنے روح کی لامکانیت اور جہتیت سے رب کی ان صفات کو ظاہر فرمائے اور اس لئے وہ خلیفۃ اللہ الاعظم کا لقب پائے لہٰذا رب نے ایسے خلیفہ کی پیدائش کا نوری فرشتوں میں اعلان فرمایا فرشتے اس کی تہ تک نہ پہنچ سکے، انہوں نے اس کے ظاہر سے دھوکا کھایا، انہیں کیا خبر تھی کہ اس مٹی کے چراغ میں روحانیت کا روغن ہوگا۔ اور وہ چراغ قلب کے فانوس میں رکھا جائے گا اور وہ فانوس اس کے جسم کے طاق میں محفوظ ہوگا جس میں اسرار الٰہی کی بتی ہوگی اور نور الٰہی کے تار سے روشن ہوگا پھر اس کو عقل کا نور دے کر نور علی نور بنایا جائے گا جس سے حق تعالیٰ کے سارے صفات عدل اور احسان محبت اور رحمت عزت اور غلبہ اور غضب اور انتقام عالم میں ظاہر ہوں گے اس لئے انہوں سوال کر دیا کہ مولیٰ اس میں وہ کمال کیا ہوگا جو ہم میں نہیں ہے اس وقت تو ان فرشتوں کو یہ فرما کر خاموش کر دیا گیا کہ **انی اعلم ما لا تعلمون** لیکن پھر اس خلیفہ کو پیدا فرما کر اس کے علم کی کچھ تجلی فرشتوں پر ڈالی۔ وہ اس طرح کہ اس خلیفہ کو تین قسم کے علم دیئے۔ روحانیت اور ملکوتیات کا جس کی کسی قدر فرشتوں کو بھی خبر تھی۔ دوسرے جسمانیات کا جس سے فرشتے ناواقف تھے۔ تیسرے الٰہیات کا جو کہ فرشتوں کے وہم سے بھی بالاتر تھا۔ کیونکہ فرشتے ملکوت میں سے تھے اور یہ باتیں عالم غیب عالم جبروت کی سیدنا آدم کا علم وہاں تک پہنچایا کہ جہاں فرشتے بھی کہنے لگے کہ **سبحنک لا علم لنا** لیکن باغ خلیل کے گل زیبا اور چمن آدم کے تخم مقصود حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو معراج میں وہاں پہنچایا کہ فرشتے تو کیا حضرت جبرئیل کو یہ عرض کرنی پڑی۔ شعر

اگر یک سر موئے برتر پرم فروغ تجلی بسوزد پرم

غرضکہ حضرت آدم کے سامنے فرشتوں کو اپنی کم علمی کا اقرار اور حضور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اپنی

marfat.com
Marfat.com

کم قدرتی کا اقرار کرنا پڑا۔ چونکہ آدم علیہ السلام درخت عالم کے پھل تھے۔ پھل سارے درخت کے اوپر رہتا ہے اور تمام درخت کا خلاصہ ہوتا ہے اس لئے آدم علیہ السلام بھی خلاصہ موجودات تھے۔ فرشتوں نے حضرت آدم کے علم کی جھلک دیکھی ان پر ایک حالت وجد طاری ہوئی ان سے کہا گیا کہ اگر جاؤ آدم کے سامنے۔

| |
|---|
| وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ |
| اور جبکہ کہا ہم نے واسطے فرشتوں کے سجدہ کرو تم واسطے آدم کے پس سجدہ کیا سب نے |
| اور یاد کرو جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوا ابلیس کے |
| اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ |
| سوا شیطان کے انکار کیا اور غرور کیا اور ہو گیا سے کافروں میں |
| منکر ہوا اور غرور کیا اور کافر ہو گیا۔ |

تعلق: اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک: یہ کہ اس سے پہلے حق تعالیٰ نے اپنی نعمتوں کا ذکر فرمایا اولاً ہمارے جد امجد آدم علیہ السلام کا خلیفۃ اللہ ہونا دوسرے ان کو بہت سا علم ملنا۔ تیسرے فرشتوں کا عاجز ہو کر ان کی شاگردی کرنا اب چوتھی نعمت کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ یعنی فرشتوں کا ان کو سجدہ کرنا جس ترتیب سے واقعات ہوئے اسی ترتیب سے ان کا ذکر بھی ہوا۔ دوسرے: یہ کہ اس سے پہلے آدم علیہ السلام کی خلافت کا ذکر ہوا تھا اور خلافت کے لئے دو وصف ضروری ہیں ایک خلیفہ کا عالم ہونا دوسرے اس کا قدرت والا ہونا کہ سب رعایا اس کے سامنے جھک جائے' پہلے ان کے علم کا ذکر ہو چکا اب ان کی قدرت کا ذکر ہو رہا ہے۔ تیسرے: یہ کہ اس سے پہلے آدم علیہ السلام کی استاذی کا ذکر تھا اب اس کے نتیجہ کا کہ جب وہ فرشتوں کے استاذ ہوئے تو فرشتوں نے ان کی اس طرح تعظیم کی۔ تفسیر: **و اذ قلنا** ظاہر یہ ہے کہ سجدے کا حکم آدم علیہ السلام کے کمال علمی کے ظاہر کرنے کے بعد ہوا کہ جب فرشتے ان کی قابلیت اور لیاقت دیکھ چکے تب ان سے فرمایا گیا کہ آدم کو سجدہ کرو لیکن بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ حکم آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے ہی چکا تھا کیونکہ دوسری جگہ قرآن کریم فرما رہا ہے **فاذا سویتہ و نفخت فیہ من روحی فقعوا لہ سجدین** لیکن ان دونوں باتوں کو اس طرح جمع کیا جا سکتا ہے کہ فرشتوں کو آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے ہی سجدے کا حکم دے کر ان کو اس کے لئے تیار کر دیا گیا تھا اب اس علم کے ظہور کے بعد سجدہ کرایا گیا۔ یعنی سجدہ کرانا بعد میں جیسے کہ مال آتے ہی زکوٰۃ واجب ہو جاتی ہے لیکن سال گزرنے پر ادا کرائی جاتی ہے' خیال رہے کہ **قلنا** جمع کا صیغہ ہے رب تعالیٰ نے اپنے لئے واحد کا صیغہ بھی فرمایا ہے بیان توحید کے لئے۔ جمع کا بھی اظہار عظمت کے لئے مگر بندہ ہمیشہ رب کے لئے واحد کا صیغہ استعمال کرے جمع کبھی نہ بولے کہ اس میں شرک کی بو ہے اس لئے کسی نبی کسی ولی نے کسی دعا یا عرض معروض میں رب کے لئے جمع کا صیغہ کبھی نہ بولا یہ جمع بدعت سیئہ سنت کے خلاف شرک کی موہم ہے یہ نہ کہو کہ رب فرماتے ہیں کہو فرماتا ہے **للملئکۃ** بعض لوگوں نے یہاں زمین کے فرشتے مراد لئے ہیں یعنی یہ سجدہ اور تعظیم وغیرہ صرف زمین کے فرشتوں نے ادا کیا لیکن صحیح یہی ہے کہ یہاں سارے فرشتے مراد ہیں کیونکہ آدم علیہ

marfat.com
Marfat.com

السلام کی فضیلت سارے ہی فرشتوں پر ظاہر ہوئی اور سب ہی نے ان کی شاگردی کی تو چاہئے کہ سجدہ اور تعظیم بھی سب ہی کریں نیز اس جگہ ملائکہ میں کوئی قید نہیں ہے تو بلا وجہ قید لگانا معتبر نہیں ہوگی۔ نیز آئندہ ارشاد ہو رہا ہے **کلھم اجمعون** یعنی سب نے مل کر سجدہ کیا پھر اتنی تاکیدوں کے ہوتے ہوئے خاص کرنے کا اعتبار نہیں **اسجدوا** یہ لفظ سجدہ سے بنا ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں عاجزی اور فرمانبرداری کرنا قرآن کریم فرماتا ہے۔ **والنجم والشجر یسجدن** اور عربی شعراء نے بھی اس معنی میں اس کو استعمال کیا ہے مگر شریعت میں زمین پر پیشانی رکھنے کو سجدہ کہا جاتا ہے بشرطیکہ اس میں سجدہ کی نیت بھی ہو بلکہ سجدے میں سات عضو زمین پر لگنے چاہئیں 'پاؤں کے دونوں انگوٹھے' دونوں گھٹنے' دونوں ہتھیلیاں اور ایک ناک' پیشانی۔ سجدہ دو قسم کا ہے۔ سجدہ تعبدی اور سجدۂ تعظیمی۔ سجدہ تعبدی یہ ہے کہ کسی کو اپنا خالق مان کر اس کے لئے جھکے سجدۂ تعظیمی یا سجدہ تحیت یہ کہ کسی کو فقط بزرگ جان کر اس کے سامنے سر زمین پر رکھے' سجدہ تعبدی خدا کے سوا کسی دوسرے کو کرنا شرک ہے' کسی بھی دین میں جائز نہ ہوا سجدہ تعظیمی پہلی امتوں میں جائز تھا' چنانچہ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے ان کو سجدہ کیا اس جگہ سجدے میں چار قول ہیں ایک یہ کہ یہاں فقط تعظیم مراد ہے یعنی لغوی سجدہ لیکن یہ قول نہایت ہی ضعیف ہے بلکہ قرآنی آیات کے خلاف اس لئے کہ قرآن کریم نے کہیں تو فرمایا ہے **فقعوا لہ سجدین** اور کہیں فرمایا **خروا** دونوں کے معنی ہیں۔ گر جانا فقط' تعظیم میں گرنا نہیں ہوتا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے فقط جھکنا مراد ہے۔ جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ یہی فرماتے ہیں لیکن یہ قول بھی قابل قبول نہیں کیونکہ اس میں بھی گرنا نہیں ہوتا اور قرآن کریم سے گرنا ثابت ہے نیز قرآن کریم کی عبارتوں میں شرعی معنی چھوڑ کر لغوی معنی مراد لینا بڑے فتنے کا دروازہ کھولنا ہے۔ کیونکہ اگر آپ سجدے سے جھکنا یا تعظیم کرنا مراد لیتے ہیں تو بعض لوگ **اقیموا الصلوۃ** میں صلوٰۃ کے لغوی یعنی فقط دعا بھی مراد لے سکیں گے۔ تیسرا قول یہ ہے کہ یہاں سجدے سے مراد زمین پر پیشانی لگانا ہی ہے اور فرشتوں کو اسی کا حکم ہوا تھا لیکن اس میں پھر دو قول ہیں۔ بعض فرماتے ہیں کہ سجدہ عبادت تھا۔ یعنی سجدہ اللہ کو تھا اور آدم علیہ السلام مثل قبلہ کے جیسے کہ ہم کعبہ کے سامنے جھک کر اللہ کو کرتے ہیں ایسے ہی فرشتوں نے آدم علیہ السلام کے سامنے جھک کر اللہ کو سجدہ کیا۔ یہی قول شاہ عبدالعزیز صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا بھی ہے لیکن یہ بھی ضعیف ہے تفسیر کبیر نے اس کی بہت تردید فرمائی ہے اس لئے کہ اگر آدم علیہ السلام محض قبلہ ہوتے تو **الی ادم** فرمایا جاتا نہ کہ **لادم** جس کے معنی ہوتے کہ آدم کی طرف سجدہ کرو مگر فرمایا گیا **لادم** جس کے معنی ہیں کہ صرف آدم کے لئے سجدہ کرو اور یہاں لام کو الیٰ کے معنی میں لینا بلا وجہ حقیقی معنی کو چھوڑنا ہے۔ نیز آدم علیہ السلام فقط قبلہ ہوتے تو اس سے ان کی فضیلت اور عزت ثابت نہ ہوتی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کعبے کی طرف سجدہ کرتے تھے حالانکہ آپ کعبہ سے افضل تھے (تفسیر کبیر)۔ نیز اگر آدم علیہ السلام فقط قبلہ ہوتے تو ابلیس انکار نہ کرتا کیونکہ اس نے اب تک بیت المعمور کے سامنے رب کے لئے لاکھوں سجدے کئے تھے وہ یہ سمجھتا تھا کہ میرے پہلے سجدے بھی رب کے لئے تھے اور یہ بھی۔ پہلے بیت المعمور (آسمان والوں کا کعبہ) کی طرف تھے اور اب آدم علیہ السلام کی طرف اس کے انکار سے معلوم ہو رہا ہے کہ یہ سجدہ آدم علیہ السلام کو ہی تھا۔ چوتھا قول یہ ہے یہ سجدہ تعظیمی تھا اور آدم علیہ السلام کے لئے ہی تھا۔ پہلی شریعتوں میں جائز تھا ہمارے اسلام میں منسوخ ہو گیا اب رب کے سوا کسی کو کسی قسم کا سجدہ کرنا جائز نہیں یہی قول صحیح ہے اور اسی کی قرآنی آیت اور اور احادیث صحیحہ سے تائید ہوتی ہے۔ تتمہ: اسلام میں جس طرح سجدہ حرام کیا گیا اسی طرح جھک کر تعظیم کرنا بھی لہٰذا بقدر رکوع جھک کر سلام کرنا یا کسی بڑے آدمی کے سامنے کی زمین چومنا سب منع

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ ہاں اگر کسی اور کام کے لئے جھکا اور وہ کام تعظیم کے لئے ہے تو جائز ہے جیسے کہ کسی بزرگ کے پاؤں چومنے اور جوتے سیدھے کرنے کے لئے جھکنا اس کی پوری تحقیق کے لئے ہماری کتاب جاء الحق کا مطالعہ کرو۔ نیز اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہ نے اس بارے میں ایک مستقل رسالہ لکھا۔ **ابر المقال۔ لا دم** لام سے وہ فائدے حاصل ہوئے جو اوپر بیان کیے گئے۔ اس سجدہ کرانے میں چند مصلحتیں تھیں ایک یہ کہ جب دنیوی بادشاہ کسی کو وزیر اعظم بناتا ہے تو دوسرے امیروں اور وزیروں کو حکم دیتا ہے کہ اس کی سلامی کرو اور اس کو نذرانے اور ہدیئے پیش کرو اسی طرح یہاں ملائکہ سے سجدہ کا نذرانہ پیش کرایا گیا جو حقیقت میں وفاداری کا حلف ہے۔ دوسرے یہ کہ کسی علاقہ کے حاکم کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں ایک اس علاقہ کا پورا پورا علم دوسرے سب پر حکومت اور قدرت جب آدم علیہ السلام تمام جہان کے حاکم بنائے گئے تو ان کو سارے جہاں کا علم بھی دیا اور سب پر قدرت بھی علم تو پہلے ظاہر فرمادیا گیا اور قدرت اور تصرف کا اب اظہار ہوا کیونکہ جب فرشتے ہی ان کے سامنے جھک گئے اور ان کی زیر فرمان ہو گئے تو باقی چیزیں خود بخود قبضے میں آگئیں۔ **فسجدوا** یہ حکم سنتے ہی سارے فرشتے بلا تامل آدم علیہ السلام کے سامنے سجدہ میں گر گئے مفسرین کرام فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت جبرئیل سجدے میں جھکے پھر میکائیل، پھر اسرافیل پھر عزرائیل، پھر سارے فرشتے۔ اسی لئے حضرت جبرئیل کو سب سے بڑا درجہ عطا فرمایا گیا۔ یعنی خدمت انبیاء (تفسیر خزائن العرفان) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت اسرافیل نے سجدہ کیا اسی لئے ان کی پیشانی پر سارا قرآن لکھ دیا گیا (تفسیر روح البیان)۔ خیال رہے کہ آدم علیہ السلام کی پیدائش بھی جمعہ کے دن ہوئی تھی اور یہ سجدہ بھی اور ان کا جنت سے باہر تشریف لانا بھی جمعہ کے دن ہوا اور توبہ کی قبولیت بھی اور بڑے بڑے اہم کام بھی جمعہ ہی کے دن ہوئے قیامت بھی جمعے ہی کے دن قائم ہوگی انشاء اللہ پورے فضائل سورۃ جمعہ کی تفسیر میں اور کچھ اس سے پہلے بھی بیان کیے جائیں گے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ سجدہ ظہر کے وقت سے عصر تک رہا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ ملائکہ سو برس سجدہ کرتے رہے اور تیسرا قول یہ ہے کہ پانچ سو سال تک سجدہ میں رہے (تفسیر خزائن العرفان اور روح البیان) ان باتوں کو اس طرح جمع کیا جا سکتا ہے۔ کہ اولاً" فرشتوں نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا جس کا شیطان نے انکار کیا یہ سجدہ تھوڑی دیر تک رہا۔ پھر انہوں نے سر اٹھا کر دیکھا کہ شیطان آدم علیہ السلام کی طرف پیٹھ پھیرے کھڑا ہے تب انہوں نے دوسرا سجدہ اس سجدے کی توفیق کے شکریئے میں ادا کیا۔ یہ سجدہ رب کے لئے تھا اور سجدہ شکر تھا پھر جب سر اٹھایا تو انہوں نے دیکھا کہ شیطان پہلے بہت خوبصورت تھا لیکن اب اس کی شکل مسخ ہو کر جسم خنزیر کا سا اور چہرہ بندر کا سا ہو گیا۔ تب انہوں نے ہیبت الٰہی سے ایک اور سجدہ کیا یہ تینوں سجدے آدم علیہ السلام ہی کی طرف تھے مگر تین قسم کے اور ان کی مدتیں علیحدہ علیحدہ (ماخوذ از تفسیر روح البیان) خیال رہے کہ اس عالم کی ابتدا بھی تعظیم نبی سے ہوئی کہ پہلے حضرت آدم کو سجدہ کرایا اور اس عالم آخرت کی ابتدا بھی تعظیم نبی سے ہوگی کہ محشر میں اولاً" تلاش شفیع کے لئے حضور کے دروازے پر حاضری ہوگی پھر کوئی اور کام تمام عبادات سے بڑی عبادت تعظیم پیغمبر ہے۔ **الا ابلیس۔** تمام فرشتوں نے سجدہ کرلیا لیکن ابلیس اپنی عبادت اور شیطانی توحید کے نشہ میں مست رہ کر اس سجدہ کا انکاری ہو گیا۔ خیال رہے کہ مردود ہونے سے پہلے اس کا نام عزازیل تھا مگر پھر اس کا نام ابلیس و شیطان منکر ہو گیا لفظ ابلیس بلس سے بنا ہے جس کے معنی ناامید یا مکار چونکہ شیطان بھی رحمت الٰہی سے ناامید ہو چکا اور اس نے مکر و فریب کو اپنا پیشہ بنالیا اسے ابلیس کہا جانے لگا۔ لفظ شیطان شطن سے بنا ہے شطن کے معنی ہیں دور ہونا چونکہ یہ بھی ہر رحمت سے دور ہے اس لئے اس کو شیطان کہا جاتا ہے۔ لہٰذا یہ بروزن فیعال ہے اور اس کا

marfat.com
Marfat.com

نون اصلی ہے اور یا شیط سے بنا ہے جس کے معنی ہیں باطل اور جھوٹا ہونا۔ اس صورت میں اس کے الف اور نون زیادہ ہوں گے اب ہر مکار فریبی کو بھی شیطان یا ابلیس کہا جانے لگا قرآن کریم فرماتا ہے **واذا خلوا الی شیاطینھم** تحقیق شیطان۔ اس زمانے کے مغربی آفت کے مارے ہوئے علی گڑھی اور نیچری عقیدے میں ڈوبے ہوئے لوگ جس طرح جنت دوزخ قیامت وغیرہ کے منکر ہوئے اسی طرح وہ شیطان کا بھی انکار کر بیٹھے اور قرآن پاک کو اپنی رائے کے موافق کرنے کے لئے اس میں طرح طرح کی تحریفیں شروع کر دیں اور کہہ دیا کہ اس سے مراد انسان کے برے صفات ہیں ان کا یہ قول اہل اسلام عیسائیوں یہودیوں مجوسیوں وغیرہ سب کے ہی خلاف ہے کیونکہ شیطان کا ثبوت توریت و انجیل اور و ساطیر وغیرہ سب ہی سے ہے اگر شیطان انسانی صفت کا نام ہوتا تو اس کو آگ سے پیدا ہونے اور آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے اور فرشتوں کی جماعت سے نکالے جانے قیامت تک اسے مہلت ملنے اور اس کی اولاد ہونے کے کیا معنی ان کا یہ کلام توجہ کے قابل نہیں ہے ہاں اس میں محققین کا اختلاف ہے کہ شیطان کی حقیقت کیا ہے بعض فرماتے ہیں کہ وہ فرشتہ نہ تھا تو سجدے کے حکم میں کیونکر داخل ہو تا رہا قرآن کریم میں اس کو جن فرمانا کہ **کان من الجن** اس کے معنی ہیں چھپا ہوا یا تو وہ انسانوں کی نگاہ سے چھپا رہتا ہے اور فرشتے بھی اس کو نہیں دیکھ سکتے تھے۔ اس لئے اسے جن فرمایا گیا بعض حضرات فرماتے ہیں کہ جن بھی فرشتے ہی ہیں۔ یعنی اطاعت کرنے والوں کو ملک کہا گیا۔ نافرمانوں کو جن لیکن یہ دونوں قول ضعیف ہیں۔ حق یہی ہے کہ شیطان جنات میں سے ہی ہے اور جنات کی حقیقت اور ہے فرشتوں کی اور اس لئے کہ جنات کی پیدائش نار سے ہے وہ خود کہتا ہے **خلقتنی من نار** اور دوسری جگہ فرمایا گیا ہے **والجان خلقنٰہ من قبل من نار السموم** نیز فرمایا گیا **و خلق الجان من مارج من نار** اور فرشتے نوری ہیں جیسا کہ احادیث صحیحہ میں وارد ہے نیز شیطان کی ذریت اور اولاد ہے فرشتے اس سے پاک ہیں کیونکہ ان میں کوئی نر و مادہ ہے ہی نہیں ہے یہ دونوں باتیں قرآن کریم سے ثابت ہیں۔ نیز فرشتے معصوم ہیں اور شیطان نابکار بدکاروں کا سردار۔ قرآن کریم فرشتوں کے بارے میں فرماتا ہے **لا یعصون اللہ ما امرھم** نیز فرشتے اللہ کے رسول ہیں اور شیطان اور جنات میں یہ بات نہیں ان تمام باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جن اور فرشتوں کی علیحدہ علیحدہ حقیقتیں ہیں اور شیطان جنات میں سے ہے مگر اپنی عبادت اور تقویٰ کی وجہ سے چونکہ فرشتوں میں رہتا تھا اس لئے سجدے کے حکم میں وہ بھی شامل ہو گیا جیسے بادشاہ اپنے سپاہیوں کو کچھ حکم کرے تو ان کے ساتھ رہنے والے سائیس دربان اور فراش بھی اس حکم میں داخل ہو جاتے ہیں مفسرین فرماتے ہیں کہ جب فرشتے سجدے میں گرے تو شیطان آدم علیہ السلام کی طرف پیٹھ کر کے کھڑا ہو گیا اسی وقت سے اس کی صورت مسخ کر دی اور نکال دیا گیا۔ تفسیر عزیزی میں اس جگہ ہے کہ ایک بار شیطان نے موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ تو اللہ کی بارگاہ میں بڑے مقبول ہیں میری شفاعت فرما دیجئے کہ حق تعالیٰ میری توبہ قبول فرمائے موسیٰ علیہ السلام نے دعا فرمائی حکم الٰہی ہوا کہ آپ کی شفاعت قبول اور شیطان کی توبہ قبول ہے مگر شرط وہی پہلی ہے کہ آدم علیہ السلام کی قبر کو سجدہ کرے موسیٰ علیہ السلام نے شیطان کو خبر دی اس نے جواب دیا کہ جب میں نے زندہ آدم کو سجدہ نہ کیا تو مردے کو کیا سجدوں کروں۔ مگر اے موسیٰ تمہاری شفاعت کا مجھ پر احسان ہے اس لئے میں آپ کو ایک فائدے کی بات بتاتا ہوں کہ میں تین وقتوں میں آدمی کو بہت خراب کرتا ہوں ایک غصے کی حالت میں کہ اس وقت میں بجائے خون کے اس کے جسم میں دوڑتا ہوں اور جو چاہتا ہوں اس سے

marfat.com
Marfat.com

کرالیتا ہوں دوسرا جہاد کی حالت میں کہ غازی کو گھر یار یاد دلا کر جہاد سے روکتا ہوں تیسرے غیر عورت کے ساتھ خلوت کی حالت میں کہ زنا کرادیتا ہوں۔ روح البیان نے اس جگہ فرمایا کہ حق تعالیٰ شیطان کو ایک لاکھ برس جہنم میں رکھ کر وہاں سے نکالے گا اور فرمائے گا کہ تو اب بھی حضرت آدم کو سجدہ کرلے وہ انکار کرے گا اور وہ دوزخ میں واپس کردیا جائے گا۔ **ابی و استکبر۔ ابی اباء** سے بنا ہے جس کے معنی ہیں دیدہ دانستہ بلاوجہ انکار کردینا یعنی شیطان نے بلاعذر جان بوجھ کر سجدے سے انکار کردیا انکار کیوں کیا تکبر کی وجہ سے **استکبر۔ استکبار** سے بنا ہے جس کے معنی ہیں اپنے کو بڑا سمجھنا شیطان نے تین وجہوں سے اپنے کو آدم علیہ السلام سے بڑا سمجھا ایک یہ کہ میں آگ سے پیدا ہوا وہ خاک سے آگ خاک سے افضل ہے اور جو افضل سے پیدا ہو وہ بھی افضل لہذا میں آدم علیہ السلام سے افضل دوسرے یہ کہ میں ہزاروں سال عبادت میں مشغول رہا آدم علیہ السلام نے ابھی کوئی عبادت نہیں کی لہذا میں ان سے افضل تیسرے یہ کہ میں نے دنیا میں بڑے بڑے کام انجام دیئے جیسے زمین کو جنات سے خالی کرانا وغیرہ انہوں نے اب تک کوئی مشقت نہ اٹھائی لہذا میں ان سے افضل حق تعالیٰ نے میری ناقدری کی اور سالہا سال کا حق خدمت برباد کردیا۔ اس لئے سجدے سے انکاری ہو گیا۔ انکار کی وجہ دوسری آیت میں مذکور ہے۔ **لم اکن لا سجد لبشر** حضرت آدم کو حقیر اور اپنے کو عزت والا جاننا معلوم ہوا کہ تمام کفروں کی جڑ توہین نبی ہے جو شیطان سے سرزد ہوا خیال رہے کہ کفار کے مقابل تکبر عبادت ہے نبی کے مقابل تکبر کفر ہے۔ شیطان کا تکبر آخری قسم کا تھا۔ اس لئے کافر ہوا **و کان من الکفرین** مفسرین نے اس کے دو معنی کئے ہیں ایک یہ کہ **کان۔ صار** کے معنی میں ہے یعنی شیطان انکار کرکے کافروں میں سے ہوگیا۔ یعنی اب تک مومن تھا آج سے اس انکار سے کافر ہوا دوسرے یہ کہ **کان** اپنے ہی معنی میں ہے یعنی وہ پہلے ہی سے کافروں میں سے تھا یا تو اسے مایوسی ہوئی سجدے کا انکار کر گیا اس لئے کہ وہ اللہ کے علم میں پہلے ہی کافر تھا۔ اس کی عبادت وغیرہ اللہ کے ہاں قبول نہ تھی کافرین سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت کافروں کی اور بھی جماعت موجود تھی جن میں آج شیطان بھی داخل ہو گیا سب سرکش جن کافر ہی تو تھے۔

**خلاصہ تفسیر**: جب آدم علیہ السلام کا علم تمام پر ظاہر ہو گیا تو تمام فرشتوں کو جن میں شیطان بھی رہتا تھا حکم ہوا کہ تم سب کے سب آدم علیہ السلام کو تعظیمی سجدہ کرو وہ سب سجدے میں گر گئے لیکن ابلیس سجدے سے انکاری ہوا اپنے کو بڑا جان کر دل میں سوچنے لگا کہ حق تعالیٰ کا یہ حکم غلط ہے میں بہت بڑا آدم علیہ السلام بہت چھوٹے چھوٹا بڑے کے سامنے جھک سکتا ہے۔ نہ کہ بڑا چھوٹے کے سامنے رب نے میری ہزار ہا برس کی عبادت کی کوئی قدر نہ فرمائی اور میرا حق نہ پہچانا۔ اس لئے وہ کافروں سے ہو گیا' کفر' گناہ کرنے والا نفس امارہ ہے شیطان اس کا مشیر و وزیر ہے۔ جیسے خود شیطان کو اس کے نفس نے کافر بنایا۔ ایسے ہی ان جنات کو ان کے نفوس نے کافر کیا۔ لہذا آیت پر یہ اعتراض نہیں کہ جب شیطان نے گمراہ کرنے کا کام اب تک شروع ہی نہ کیا تھا تو جنات کافر کیونکر ہوئے آخر ان جنات نے جنگ و خون ریزی بھی کی تھی نفس کے اغواء سے آج رمضان میں شیطان قید ہوتا ہے مگر جب بھی ہم لوگ گناہ کرتے ہیں صرف نفس کے اغواء سے **حضرت حوا کی پیدائش**: اس واقعہ کے بعد آدم علیہ السلام تنہا زمین میں پھرتے تھے اور ہر جانور کو اپنا غیر جنس دیکھ کر گھبراتے تھے اور تمنا کرتے تھے کہ کاش کوئی میرا ہم جنس ہوتا جس سے مجھے انس حاصل ہوتا دوسرے جمعہ کو آدم علیہ السلام سو رہے تھے کہ فرشتوں نے ان کی بائیں پسلی چاک کی جس سے انہیں

marfat.com

Marfat.com

کچھ تکلیف نہ ہوئی اور اس سے "آنا" "فانا" ایک نہایت خوبصورت عورت بنائی آدم علیہ السلام کی چاک کی ہوئی پسلی کو ملا دیا گیا جب وہ جاگے تو اپنا ہم جنس اپنے پاس بیٹھا ہوا دیکھا پوچھا تم کون ہو ندا آئی یہ ہماری بندی ہے 'تمہاری وحشت دور کرنے کے لئے پیدا کی گئی ہے۔ آدم علیہ السلام نے چاہا کہ ان کو ہاتھ لگائیں حکم ہوا کہ اے آدم پہلے ان کا مہر ادا کرو پھر ہاتھ لگانا عرض کیا کہ مولیٰ مہر کیا ہے فرمایا کہ میرے نبی آخر الزمان محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر دس بار درود شریف پڑھو اور فرشتوں کی گواہی سے ان کا نکاح ہوا (تفسیر عزیزی)۔ ان کا نام حوا اس لئے ہے کہ یہ لفظ حی سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں زندہ چونکہ یہ زندہ انسان آدم علیہ السلام سے پیدا ہوئیں) یا ہر زندہ انسان کی والدہ ہیں۔ اس لئے انہیں حوا کہا گیا یا یہ لفظ حوت سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں سرخی مائل بہ سیاہی چونکہ ان کے ہونٹ کا رنگ ایسا ہی تھا۔ اس لئے انہیں حوا کہا گیا عربی میں عورت کو امرءۃ کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ امرء (یعنی مرد) سے بنی ہیں۔ اس کو عورت اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے لئے بے پردہ ہونے میں عار یعنی شرم ہوتی ہے۔ اس لئے شرمگاہ کو بھی عورت کہا جاتا ہے۔ حضرت حوا کا قد بھی ساٹھ ہاتھ کا تھا ان کی عمر شریف نو سو ستانوے (997) سال ہوئی۔ آدم علیہ السلام کے بعد ساڑھے ساٹھ سال زندہ رہیں۔ تفسیر روح البیان)۔ ان کی پیدائش کہاں ہوئی انشاء اللہ اگلی آیت میں بیان کیا جائے گا اس آیت کے فائدے۔ **ایک:** یہ حضرت آدم علیہ السلام فرشتوں سے افضل ہیں کیونکہ انہیں سجدہ کرایا گیا۔ **دوسرے:** یہ کہ استاد کا ادب شاگرد پر بہت ضروری ہے کیونکہ فرشتوں نے آدم علیہ السلام کا ادب کیا۔ **تیسرے:** یہ کہ تکبر اور غرور نہایت بری چیز ہے کیونکہ سب سے پہلے شیطان تکبر ہی سے گمراہ ہوا۔ **چوتھے:** یہ کہ خدا کا حکم وجوب کے لئے ہوتا ہے اسی لئے تو شیطان اس مخالفت سے گمراہ ہوا۔ **پانچویں:** یہ کہ کسی شخص کو اپنی عبادت پر ناز نہ کرنا چاہئے کیونکہ شیطان جب عابد تھا تو اگرچہ خدا کے علم میں وہ کافر تھا مگر اس وقت کی حالت کے لحاظ سے اس کو فرشتوں میں عزت دی گئی اور جب اس کا کفر ظاہر ہوا تب نکالا گیا۔ اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا منافقوں کی رعایت فرمانا بے علمی کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ اسی طرح تھا۔ **ساتویں:** یہ کہ بغیر عظمت انبیاء توحید لعنت کا سبب ہے۔ شیطان نے توحید الٰہی کا انکار نہ کیا بلکہ حضرت آدم علیہ السلام کی تعظیم کا اس واقعہ سے دیوبندیوں اور وہابیوں کو سخت عبرت پکڑنی چاہئے خیال رہے کہ کفر کی صدہا قسمیں ہیں رب کا انکار کفر اس کی صفات کا انکار کفر فرشتوں یا قیامت یا جنت دوزخ کا انکار کفر وغیرہ پھر ان کفروں کی بہت سی قسمیں کوئی ہلکی ہے کوئی بھاری۔ مگر ان سب میں سب سے بدتر کفر اہانت پیغمبر ہے کہ شیطان کا کفر اسی قسم کا تھا۔ وہ رب کی ذات و صفات وغیرہ کسی چیز کا انکاری نہ تھا۔ **آٹھویں:** یہ کہ گناہ کرنا کفر نہیں ہاں گناہ کو اچھا سمجھنا کفر ہے۔ کیونکہ شیطان ایک سجدے کے چھوڑنے سے مردود ہوا اور ہم گنہگار صدہا سجدے چھوڑ کر بھی مسلمان رہتے ہیں۔ کیونکہ وہ انکار سے تھا اور یہ شرمساری کے ساتھ۔ **نویں:** یہ کہ اللہ والوں کو حقیر جاننا اتنا بڑا جرم ہے کہ پھر توبہ کی توفیق بھی نہیں ہوتی فقہا فرماتے ہیں کہ سنت غیر موکدہ کا مذاق اڑانا بھی کفر ہے۔ **دسویں:** یہ کہ توہین پیغمبر کے ہوتے ہوئے علم اور عبادت سب بیکار ہیں۔ **گیارہویں:** یہ کہ حکم الٰہی کے مقابلہ میں قیاس کرنا کفر ہے کیونکہ شیطان نے یہی تو کیا تھا۔

**اعتراض:** **پہلا اعتراض:** سب کو شیطان گمراہ کرتا ہے۔ مگر بتاؤ شیطان کو کس نے گمراہ کیا اسی طرح شیطان کے گمراہ ہونے سے پیشتر جو جنات نے فتنہ فساد کیا وہ کس کے بہکانے سے **جواب:** ان سب کو ان کے نفس نے گمراہ کیا اصل گمراہ کرنے

marfat.com
Marfat.com

والی چیز نفس ہی ہے شیطان تو اس کی رہبری کرتا ہے قرآن کریم فرماتا ہے۔ **ان النفس لامارۃ ما لسوء دیکھو ماہ رمضان** میں شیطان قید ہو جاتا ہے مگر پھر بھی لوگ گناہ کرتے ہیں نفس کی وجہ سے **دوسرا اعتراض: حق تعالیٰ نے شیطان کو پیدا ہی کیوں** کیا جو تمام گناہوں کی اصل ہے۔ **جواب: اگر شیطان نہ ہوتا تو دنیا اور دین میں کچھ بھی نہ ہوتا کیونکہ پھر نہ بادشاہ کی ضرورت** ہوتی اور نہ پولیس اور نہ کچہری اور نہ فوج وغیرہ کے محکمے کی اسی طرح نہ پیغمبروں کی' نہ ولیوں اور پیروں کی دوزخ اور عذاب کے فرشتے بیکار رہتے۔ نیز خدا کی صفتیں غفاری' ستاری' قہاری' جباری وغیرہ کا ظہور نہ ہوتا۔ کیونکہ یہ صفات بندوں کے گناہوں سے ظاہر ہوتے ہیں بلکہ یوں کہو کہ پھر تو نہ آدم علیہ السلام دانہ کھاتے نہ زمین پر آتے نہ دنیا آباد ہوتی بلکہ غور سے معلوم ہوتا ہے کہ گرم و سرد پاک و ناپاک اچھی بری چیزوں سے ہی دنیا کا نظام قائم ہے ان میں سے اگر ایک بھی نہ ہو تو دنیا کا خاتمہ ہو جائے دیکھو پانی اور گندے کھاد سے دانہ اگتا ہے۔ سریلی اور بھدی آوازیں مل کر باجا بجتا ہے۔ گرم اور ٹھنڈی طاقت سے بجلی بنتی ہے وغیرہ وغیرہ اسی لئے جب دنیا میں اہل ایمان نہ رہیں گے تو قیامت آجائے گی۔ **تیسرا اعتراض: جب شیطان مردود ہونے والا تھا** تو پہلے اس کو اتنی عزت کیوں دی گئی؟ **جواب۔** تاکہ قیامت تک لوگوں کو اس سے عبرت حاصل ہو جائے کوئی شخص اپنے علم تقویٰ اور پرہیزگاری کے نشہ میں کسی پیغمبر کی توہین نہ کرے سمجھ لے کہ وہ نازک بارگاہ ہے کہ اس کی بے ادبی کرنے پر سارے علم و عمل برباد ہو جاتے ہیں۔ شیطان کو مولوی بنا کے مارا' صوفی بنا کے مارا' عابد و زاہد بنا کے مردود کیا تاکہ سب مولویوں اور صوفیوں اور پیروں کو عبرت حاصل ہو جائے بہت سے لوگوں کو یہ کہتے سنا گیا ہے کہ دیوبندی علماء نے واقعی حضور کی توہین تو کی ہے مگر وہ ہیں۔ بڑے عالم و عامل وہ اس واقعہ سے عبرت پکڑیں۔ دیوبندی مولوی شیطان سے بڑھ کر عالم و عابد نہیں۔ **چوتھا اعتراض:** انبیاء کرام کی نعلین پاک کی توہین کرنا کفر کیوں ہے اور پیروں کی توہین کفر کیوں نہیں؟ (نئے دیوبندی) **جواب:** اس لئے ان کی ہر چیز رب کی تجویز سے ہے اور ان کی ہر ادا رب کی رضا سے ہے جب کفار نے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے حضرت زینب کے نکاح کرنے پر اعتراض کیا تو رب نے فرمایا **زوجنکھا** یعنی اے کافرو محبوب کا نکاح میں نے کرایا ہے تم ان پر کیوں اعتراض کرتے ہو سبحان اللہ رب نے نکاح کرانے کو اپنی طرف نسبت دی لہذا ان کی کسی چیز پر اعتراض در پردہ رب پر اعتراض ہے اگر کوئی شخص فوج کی وردی یا غذاء پر اعتراض کرے تو حقیقتاً بادشاہ پر اعتراض کر رہا ہے کیونکہ یہ سب شاہی تجویز ہے۔ **پانچواں اعتراض:** سجدے تعظیمی کا جواز تو قرآن سے ثابت ہے کیونکہ پچھلی شریعتیں جب قرآن یا حدیث میں بیان ہو جاویں وہ ہم پر لازم ہوتی ہیں اور سجدہ تعظیمی کا حرام ہونا صرف بعض حدیثوں سے ثابت ہے۔ اور حدیث غیر متواتر سے قرآنی حکم کو نہیں چھوڑا جاتا لہذا اب بھی سجدہ تعظیمی جائز ہے۔ (بعض نئے پیر پرست) **جواب: فرشتوں کا یہ سجدہ حضرت** آدم کی شریعت کا حکم نہ تھا کیونکہ شرعی حکم نبی کے ذریعے انسان یا جنات پر جاری ہوتا ہے فرشتوں پر حکم شرعی جاری نہیں ہوتا یہاں یہ حکم خصوصی طور پر صرف فرشتوں کو دیا گیا لہذا یہ شریعت آدم علیہ السلام کا حکم نہ تھا نیز یہ سجدہ صرف ایک ہی بار حضرت آدم کو ہوا ہمیشہ سجدہ کرنے کا حکم نہ تھا۔ یعقوب علیہ السلام کے دین میں بھی سجدے کا جائز ہونا قرآن سے ثابت نہیں ہوتا۔ یعقوب علیہ السلام کا یوسف علیہ السلام کو سجدہ کرنا نہ تعظیمی تھا نہ حکم شرعی اگر تعظیمی ہوتا تو حضرت یوسف والد کو سجدہ کرتے بلکہ یہ صرف خواب کی تعبیر پوری کرنے کے لئے تھا جیسے ابراہیم علیہ السلام کا فرزند کے ذبح کے لئے تیار ہو جانا خواب کی تعبیر کے لئے تھا اسی طرح ان کا اپنے زن و فرزند کو بیابان جنگل میں چھوڑ آنا یہ تمام چیزیں دین ابراہیمی کے شرعی احکام نہ تھے ایسے ہی یہ

marfat.com
Marfat.com

سجدہ یعقوبی ہوا۔ اسی لئے یوسف علیہ السلام نے فرمایا **یا ابت هذا تاویل رویای** جیسے رب تعالیٰ نے حضرت ابراہیم سے فرمایا **یا ابراهیم قد صدقت الرویا** غرضکہ تعظیمی سجدے کا گزشتہ شریعتوں میں جائز ہونا اور ہمارے ہاں حرام ہونا دونوں حدیث سے ثابت ہیں۔

**تفسیر صوفیانہ** : فرشتے اب تک رب کے لئے سجدے کرتے رہے جو ان کی ملکی اور روحانی طبیعتوں کا تقاضا تھا ان سجدوں میں براہ راست رب ہی کی تعظیم تھی۔ ماسوا اللہ کی تعظیم کو دخل نہ تھا۔ آج اس سجدہ کا حکم دیا جا رہا ہے۔ جس میں بواسطہ حضرت آدم رب کی تعظیم ہوگی۔ کیونکہ آج حضرت آدم نور الٰہی کی تجلی گاہ ہیں جو ان کے سامنے جھکے گا وہ حقیقت میں رب ہی کو سجدہ کرے گا جیسے اپنے حبیب سے فرمایا کہ جو آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں لہٰذا سچا سلوک وہ ہے۔ جو پیغمبر کے ذریعے سے حاصل ہو۔ نیز فرشتوں کی عبادت سے نہ تو ان کو ثواب ملتا ہے اور نہ ان کو ترقی درجات حاصل ہوتی ہے آج فرمایا گیا کہ اے فرشتو آج تم وہ سجدہ کرو جو فائدہ مند ہو تم کو پورا فائدہ اس سے نہ ہو گا ہاں آدم علیہ السلام کو فائدہ ضرور پہنچے گا کیونکہ ان کی اولاد تمہارے سجدہ کو دیکھ کر اور سن کر بزرگوں کے ادب کرنے کا طریقہ سیکھے گی۔ جس سے وہ میری بارگاہ تک پہنچنے کے قابل ہوگی اور آج کا یہ سجدہ تمہارے صدہا سال کے سجدوں کا خلاصہ ہے کیونکہ یہ حق و باطل کو علیحدہ کرنے والا ہے اب تک کے سارے سجدے اس شان کے نہ تھے فرشتے چونکہ نوری تھے اور نور کی شان ہے اطاعت کرنا۔ شیطان ناری تھا۔ نار کی طبیعت ہے اوپر کو چڑھنا' اس لئے آج اس نار نے بغیر وسیلہء پیغمبر اوپر چڑھنا چاہا نیچے گرا دیا گیا یہ ایک وہ سجدہ تھا جس نے لاکھوں کے سجدے مقبول بنا دیئے اور ابلیس کے لاکھوں سجدے مردود کر دیئے کسی نے کیا خوب کہا ہے۔ شعر

گر وقت اجل سر تیری چوکھٹ پہ جھکا ہو      جتنی ہو قضا ایک ہی سجدے میں ادا ہو
ریاضت نام ہے تیری گلی میں آنے جانے کا      تصور میں تیرے رہنا عبادت اس کو کہتے ہیں

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کی پیشانی میں نور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ گر تھا۔ یہ سب برکتیں اور عظمتیں اسی کی وجہ سے تھیں اور درحقیقت یہ سجدہ اس نور ہی کو تھا۔ اس نور سے ہر جگہ رحمت کا ظہور ہوا سب سے پہلے اس نور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے والد ماجد کو فرشتوں کا مسجود بنایا۔ شعر

زبان حال سے کہتے تھے آدم      جسے سجدہ ہوا ہے وہ میں نہیں ہوں

پھر اسی نور نے اپنے انہی پدر والا کی توبہ کرائی اسی کی برکت سے حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کنارے لگی اسی نے خلیل رب جلیل پر نار کو رنور بنایا اسی نے اسمٰعیل ذبیح اللہ کو ذبح سے بچایا' اسی نے اپنے باپ عبد اللہ کو عبد المطلب کی چھری سے ذبح ہونے کو بچایا' خود فرماتے ہیں **انا ابن ذبیحین** میں دو ذبیحوں کا فرزند ہوں مولانا جامی فرماتے ہیں۔ شعر

اگر نام محمد را نیاور دے شفیع آدم      نہ آدم یافتے توبہ نہ نوح از غرق نجینا

**وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا**

اور ہم نے فرمایا اے آدم رہیئے آپ اور بی بی آپ کی اسی جنت میں اور تم دونوں کھاؤ اس سے

اور ہم نے فرمایا اے آدم تو اور تیری بی بی اس جنت میں رہو اور کھاؤ اس میں سے

marfat.com
Marfat.com

رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا

سیر ہوکر جہاں چاہو تم دونوں اور نہ قریب جانا اس درخت کے بس ہو جاؤ گے

بے روک ٹوک جہاں تمہارا جی چاہے مگر اس پیڑ کے پاس نہ جانا

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۳۵

سے ظالموں۔

کہ حد سے بڑھنے والوں سے ہو جاؤ گے۔

تعلق: اس آیت کو پہلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک: یہ کہ اس سے پہلے حق تعالیٰ کے چند احسانات کا ذکر کیا گیا تھا کہ ہم نے تمہارے والد کو فلاں فلاں درجے عطا فرمائے اس سلسلے میں اب ایک اور احسان کا ذکر ہو رہا ہے کہ ہم نے تمہارے والد حضرت آدم کو جنت جیسی آرام دہ اور پاکیزہ جگہ میں رکھا۔ دوسرے: یہ کہ اس سے پہلے خلافت کے متعلق آدم علیہ السلام کی دو صفتوں کا ذکر فرمایا گیا ایک ان کا بہت بڑا علم دوسرے ان کی قدرت اور عزت اس آیت میں ان کی تیسری صفت کا ذکر ہے جو خلافت کے لئے ضروری ہے یعنی حکومت کرنے اور زمین آباد کرنے کا طریقہ اور اس کا تجربہ چونکہ ان کو اور ان کی اولاد کو زمین میں رہنے کے لئے مکان بنانا اور باغات کھیتیاں لگانا اور اللہ کی اطاعت کرنا دوسروں پر حکومت کرنا وغیرہ ضروری تھے۔ اس لئے ان کو گویا سکھانے کے لئے جنت میں رکھا گیا تاکہ وہ ان تمام چیزوں کا تجربہ فرما کر پھر زمین میں تشریف لائیں پہلے انہیں علم دیا گیا تھا اور اب تجربہ کے لئے عارضی طور پر جنت میں رکھا گیا۔

تفسیر: **و قلنا** جب شیطان مردود ہو چکا تو اس کو فرشتوں کی جماعت سے بھی نکال دیا گیا اور جنت وغیرہ اعلیٰ مقامات سے بھی اور اس کے بعد آدم علیہ السلام کو حکم دیا گیا کہ **یا دم اسکن انت** اگرچہ جنت میں حضرت آدم اور حوا دونوں ہی کو رکھا گیا تھا لیکن اصل مقصود صرف آدم علیہ السلام کا رکھنا تھا اور حضرت حوا ان کی دل بستگی کے لئے تھیں کیونکہ جنت میں رکھ کر خلافت کرنے کا طریقہ صرف آدم علیہ السلام کو سکھانا منظور تھا۔ اس لئے اس جگہ خطاب صرف آدم علیہ السلام کو فرمایا گیا اور ان کی بیوی کا ذکر بطریق عطف ہوا **زوجک** عربی میں زوج کے معنی ہیں جوڑا شوہر اور بیوی دونوں کے لئے بولا جاتا ہے۔ یہاں بیوی کے معنی میں استعمال ہوا کبھی فرق کے لئے بیوی کو زوجہ کہہ دیتے ہیں مگر یہاں اس فرق کی ضرورت نہ تھی کیونکہ جب ان کی نسبت آدم علیہ السلام کی طرف ہو رہی ہے تو خود بخود سمجھ میں آجائے گا کہ یہاں بیوی مراد ہے۔ حضرت حوا کو جنت میں رکھنے کی تین حکمتیں تھیں ایک یہ کہ ان کے ذریعے آدم علیہ السلام کو اطمینان رہے دوسرے یہ کہ وہ جنتی مکانوں کی زیب و زینت اور صفائی دیکھ کر دنیاوی گھروں کو سجانا اور صاف رکھنا سیکھ لیں۔ تیسرے: یہ کہ جنتی زیور اور پوشاکیں استعمال کر کے دنیا میں بھی عمل کریں گویا بیرونی زندگی تو آدم علیہ السلام سیکھیں اور خانگی زندگی حضرت حوا اسی لئے اس وقت آپ کی زوجہ صرف حوا تھیں وہاں کی حوریں نہ تھیں کیونکہ دنیا میں آکر گھر بار انہیں کو سنبھالنا تھا نہ کہ حوروں کو لہذا حوروں کو تربیت کی ضرورت ہی نہ تھی۔

حضرت حوا کی پیدائش: ہم بیان کر چکے ہیں۔ اب یہ خیال رہے کہ یہ تو سب مانتے ہیں کہ آدم علیہ السلام وہاں پیدا ہوئے

marfat.com
Marfat.com

جہاں آج مکہ معظمہ آباد ہے لیکن حضرت حوا کی پیدائش میں اختلاف ہے کہ کہاں ہوئی عبد اللہ ابن عباس اور ابن مسعود فرماتے ہیں کہ جنت میں ہوئی۔ سیدنا آدم علیہ السلام ایک دن سو رہے تھے ان کی پسلی سے ان کو پیدا فرمایا گیا۔ تو آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ اے آدم علیہ السلام آپ اور آپ کی بیوی جنت میں ٹھہرے رہو لیکن حضرت عمر اور دیگر صحابہ کرام نے روایت فرمائی کہ فرشتوں نے آدم اور حوا علیہم السلام کو نوری لباس پہنایا' ان کے سر پر تاج رکھے' سونے کے تخت پر بٹھایا۔ حضرت حوا کو مختلف قسم کے زیوروں سے آراستہ کیا اور پھر ان دونوں کو جنت میں پہنچا دیا گیا۔ (تفسیر کبیر روح البیان)۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت حوا کی پیدائش بھی زمین میں ہوئی۔ اب آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ آپ اور آپ کی بیوی جنت میں جا کر رہو **الجنتہ** تمام مفسرین کا اتفاق ہے کہ اس سے وہی جنت مراد ہے۔ جس میں نیکوکار ثواب کے لئے جائیں گے یعنی بہشت ہاں بعض بے دینوں نے کہا ہے کہ یہ فلسطین یا فارس کرمان میں کوئی باغ تھا جس میں آدم علیہ السلام کو کچھ دن کے لئے رکھا گیا پھر ایک خطا کی وجہ سے ہندوستان کی طرف بھیج دیا گیا لیکن یہ بات محض غلط ہے اس لئے کہ آدم علیہ السلام سے فرمایا گیا ہے **اهبطوا منها** یعنی جنت سے اتر جاؤ' اترنا اونچی جگہ سے ہوتا ہے۔ اگر یہ کوئی زمین کا باغ ہوتا تو فرمایا جاتا کہ **اخرجوا** نیز دوسری جگہ قرآن کریم ارشاد فرماتا ہے **و لكم في الا رض مستقر** یعنی تمہارا ٹھکانہ زمین میں ہے اگر وہ باغ بھی زمین میں ہی ہوتا تو یہ کیوں کہا جاتا کہ تم جنت سے اتر کر زمین میں جا کر رہو کیونکہ پھر تو وہ زمین میں پہلے ہی سے تھے۔ **اهبطوا** کو **اخرجوا** کے معنی میں لینا بلا وجہ حقیقی معنے کو چھوڑنا ہے نیز روایات میں بھی صراحتاً" یہی آیا ہے کہ آدم علیہ السلام بہشت میں رہے اپنے وہم کی وجہ سے احادیث کو نہیں چھوڑا جا سکتا ہے دوسرے فریق کے دلائل بھی انشاء اللہ اسی آیت کے اعتراضات کے جوابات میں بیان کئے جائیں گے **و كلا منها** چونکہ فقط جنت کی چیزیں دیکھنے سے پورا تجربہ نہیں ہو سکتا تھا۔ اس لئے ان کو عام نعمتیں کھانے کی عام اجازت دی گئی تاکہ یہاں کھا کر دنیوی نعمتوں کا کھانا سیکھ جائیں اور چونکہ اس کھانے کی ان دونوں حضرات آدم و حوا کو یکساں اجازت تھی۔ اس میں کوئی کسی کے تابع نہیں۔ اس لئے یہاں تثنیہ کا صیغہ ارشاد ہوا آپ کو وہاں مشروبات پینے کی بھی کھلی اجازت تھی مگر کیونکہ پانی کھانے میں خود ہی آجاتا تھا اس وجہ سے اس کا ذکر علیحدہ نہ فرمایا آج کہا جاتا ہے کہ کھانے کی دعوت ہے لیکن وہاں پانی' شربت' سوڈا وغیرہ سب کچھ ہوتا ہے۔ **رغدا**" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو جنتی نعمتوں کے کھانے میں کوئی روک ٹوک نہ تھی جب چاہیں اور جو کچھ چاہیں اور جتنا چاہیں کھائیں نہ تو وہاں نعمتوں کے ختم ہونے کا خطرہ ہے اور نہ بد ہضمی ہونے کا دغدغہ نیز کسی چیز کے فقط چکھ لینے سے اس کی خاصیتیں اور نفع نقصان پورے پورے معلوم نہیں ہوتے یہاں سیری بھوک کے مقابل نہیں یعنی جب بھوکے ہو تو پیٹ بھر کر کھالو آپ کو وہاں بھوک اور پیاس نہ تھی بلکہ وسعت کے معنی ہیں **حیث شئتما** یہ فرما کر ان کو جنت میں ہر جگہ جانے کی اجازت دی گئی چونکہ بہشت کے ہر طبقے کی آب و ہوا مختلف تھی اور ہر جگہ کے مکانات اور حویلیاں اور محل رنگ برنگے اس لئے ان کو ہر جگہ کی چیزیں دیکھنے کا موقع دیا گیا تاکہ اس کی مثل وہ اور ان کی اولاد دنیا کو آباد کریں اور وہ وہاں کا نمونہ ان کے خیال میں بیٹھا ہوا ہو وہ دنیا میں ظاہر کریں تاکہ دنیا آخرت کا نمونہ بن جائے۔
**ولا تقربا** چونکہ دنیا میں آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد پر احکام خداوندی جاری ہونے والے تھے اور دنیا کی بعض چیزوں سے ان کو روکا جانے والا تھا لہٰذا ان کے نفس کو اس پابندی کا عادی بنانے کے لئے یہاں بھی انہیں بعض چیزوں سے روک دیا گیا اور فرما دیا گیا کہ اے آدم و حوا تم جنت میں جو چاہو کھاؤ اور جہاں چاہو جاؤ لیکن اس درخت کے قریب نہ جانا یعنی نہ اسے کھانا' نہ ادھر جانا

marfat.com
Marfat.com

خیال رہے کہ اس قرب میں مکانی یعنی فقط پاس جانے کی ممانعت نہیں ہے ورنہ **لا تقربا** رے کے پیش سے ہوتا ہے کیونکہ قرب کے پاس جانے کے معنی میں ہے وہ مطرد کے پانچویں باب سے ہے۔ (تفسیر روح البیان)۔ بلکہ اس سے قرب استعمال مراد ہے۔ یعنی اس درخت کو کھانا تو کیا کھانے کے قریب بھی نہ ہونا (یعنی کھانے کے خیال اور اس کے اسباب سے بچنا) جیسے قرآن کریم ارشاد فرماتا ہے **ولا تقربوهن** یعنی حائضہ عورتوں کے پاس نہ جاؤ فرماتا ہے۔ **ولا تقربوا مال اليتيم** یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ یہاں بھی **تقربوا** کی رے کو زبر ہی ہے نہ کہ پیش۔ جس سے معلوم ہوا کہ حائضہ عورت اور یتیم کے مال کے پاس جانے سے ممانعت نہیں ہے بلکہ ان کے غلط استعمال کرنے سے روکا گیا ہے۔ **هذه الشجرة** اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی خاص درخت دکھا کر ان سے یہ فرمایا گیا تھا اس میں چار روایتیں ملتی ہیں ایک یہ کہ گیہوں تھا۔ اور جنت کا گیہوں بیل کے گردے کے برابر تھا اور شہد سے زیادہ میٹھا اور مکھن سے زیادہ نرم ولذیذ تھا۔ (تفسیر روح البیان، تفسیر عزیزی)۔ چونکہ اس گیہوں کی وجہ سے آدم علیہ السلام جنت سے باہر تشریف لائے اسی لئے ان کی اکثر اولاد کا رزق گیہوں قرار دیا گیا اور یہ گیہوں ہی تمام مصیبتوں کی جڑ ہے چونکہ حضرت آدم کی آزمائش مقصود تھی اسی لئے جنت میں اسی وقت یہ درخت تھا آئندہ وہاں صرف پھل فروٹ کے درخت ملیں گے۔ گندم وغیرہ دانہ کے پودے نہ ہوں گے کیونکہ یہ غذا ہی ہے وہاں غذا کی ضرورت نہیں لذت کے لئے میوے ہوں گے دوسری روایت میں ہے کہ وہ درخت انگور تھا۔ اسی لئے دنیا میں انگور کی شراب وغیرہ حرام کی گئی۔ تیسری روایت میں ہے کہ وہ درخت انجیر تھا اسی لئے آدم علیہ السلام اپنے جسم پاک پر انجیر کے پتے لپیٹ کر جنت سے باہر تشریف لائے چوتھی روایت یہ ہے کہ وہ کوئی ایسا درخت تھا کہ جس کے کھانے سے پاخانہ کی حاجت ہوتی تھی۔ اور جنت ان گندگیوں سے پاک ہے وہاں تو سارے کھانے ڈکار سے ہضم ہوتے ہیں۔ تو فرمایا گیا کہ اب تم وہاں جاؤ جہاں تمہاری ضرورت (رفع حاجت) پوری ہو سکے مگر ان سب میں ترجیح پہلی روایت یعنی گیہوں والی کو ہے یہی سیدنا عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں۔ **فتكونا من الظلمين** یہ بھی فرمادیا گیا کہ اگر تم نے اس حکم کے خلاف کیا تو تم ظالموں یعنی خطاکاروں میں سے ہو جاؤ گے۔ کیونکہ مالک کی بغیر اجازت اس کی چیز استعمال کرنا ظلم ہی تو ہے۔ اس طرح کرنا اپنی ذات پر ظلم کرنا ہے۔

**خلاصہ تفسیر** : یہ تو پہلے معلوم ہو چکا کہ آدم علیہ السلام کو زمین میں رہنے اور وہاں حکومت کرنے کے لئے پیدا کیا گیا تھا۔ یہ جو کچھ اب تک ہوا تھا ان کی خلافت ہی کا پیش خیمہ تھا۔ لہٰذا جبکہ آدم علیہ السلام کے سر پر دستار خلافت بندھ چکی اور سارے فرشتوں نے نذرانہ سجود پیش کر کے وفاداری کا حلف دے دیا تب رب نے ان سے فرمایا کہ اے آدم تم اور تمہاری بیوی بہشت میں رہو وہاں تمہیں کوئی روک ٹوک نہیں جو جی چاہے خوب کھاؤ اور جہاں چاہو سیر و تفریح کرو۔ تمہیں ہر چیز کی اجازت تو ہے مگر اس درخت (گیہوں، یا انجیر، یا انگور، یا کوئی اور خاص درخت) کے پاس تک نہ جانا، یعنی کھانا تو کیا اس کا خیال تک نہ کرنا اور جو ایسا کرو گے تو یاد رکھنا کہ خرابی میں پڑ جاؤ گے۔ اور اس سے تمہارے اوپر آفت آجائے گی خیال رہے کہ آدم علیہ السلام کو کچھ روز کے لئے جنت میں رکھنے کی چند حکمتیں ہیں۔ ایک تو وہی جو ہم تفسیر میں عرض کر چکے کہ بادشاہ جس کو بڑا عہدہ دینا چاہتے ہیں اس کو بی اے وغیرہ یا اعلیٰ قابلیت کی ڈگری دینے کے بعد بھی ٹریننگ دیتے ہیں۔ جس سے اس کو حکومت کرنے کا تجربہ ہو جائے علم اور چیز ہے اور تجربہ دوسری چیز آدم علیہ السلام نے جنت میں رہ کر وہاں کے فرشتوں پر بھی حکومت کی۔ وہاں کے مکانات اور

marfat.com
Marfat.com

باغات کی بناوٹ بھی دیکھی وہاں کی نعمتوں کو استعمال بھی کیا پھر بعض چیزوں کی ممانعت بھی سن لی' پھر خطا ہو جانے پر عتاب الٰہی کا لطف بھی حاصل کر لیا۔ ایک محبوب اور پیاری چیز پا کر اس کے چھوٹ جانے کا غم بھی محسوس کر لیا۔ دنیا میں ان کو اور ان کی اولاد کو انہی تمام باتوں سے واسطہ پڑنا تھا۔ اس لئے اب جب دنیا میں تشریف لائے تو بالکل تجربہ کار اور پختہ ہو آئے دوسرے یہ کہ رب تعالیٰ نے ان کے اور ان کی اولاد کے لئے جنت بنائی جو کہ ان کی اصل قیام گاہ ہے۔ دنیا تو ایک عارضی جگہ اور اس کے حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ لہٰذا ان کو جنت پہلے دکھا دی گئی۔ تاکہ وہ اور ان کی اولاد ان نعمتوں کو دیکھ کر یا سن کر ان کے حاصل کرنے کی کوشش اور ان کی طلب سے ایک دم بھی غافل نہ رہیں۔ تیسرے یہ کہ دنیا میں ان پر احکام ربانی بھیجے جانے والے تھے۔ جن کی مخالفت کی وجہ سے تکلیفیں آنے والی تھیں اس لئے یہاں ہی یہ کام کر کے ان کو دکھا دیا گیا۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **ایک**: یہ کہ نکاح حق تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے کہ اس میں صدہا دینی اور دنیاوی فائدے ہیں۔ ایسی کوئی عبادت نہیں جو آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک ہر دین و ملت میں جاری رہی ہو۔ سوائے ایمان اور نکاح کے رب تعالیٰ نے قرآن کریم میں انہی پیغمبروں کا ذکر فرمایا جو نکاح والے ہیں عیسیٰ علیہ السلام بھی دوبارہ دنیا میں تشریف لا کر نکاح کریں گے اور یحییٰ علیہ السلام نے بھی نکاح کیا تھا۔ لیکن اس کی لذتوں میں زیادہ مشغول نہ ہوئے۔ اسی لئے رب نے ان کو حصور فرمایا **دوسرے**: یہ کہ جنت کی نعمتوں میں سے بیویاں اعلیٰ نعمت ہیں کیونکہ رب نے آدم علیہ السلام کی دلبستگی کے لئے ان کی بیوی کو بھی وہاں رکھا لہٰذا جن لوگوں نے جنت کی حوروں کا انکار کیا ہے انہوں نے سخت غلطی کی **تیسرے**: یہ کہ جنت پیدا ہو چکی ہے **چوتھے**: یہ کہ وہاں کی ساری نعمتیں بھی پیدا ہو چکیں ورنہ آدم علیہ السلام کے وہاں رہنے اور وہاں کی نعمتیں استعمال کرنے کے کیا معنی **پانچویں**: یہ کہ انسان کی پیدائش چار طریقوں سے ہوئی ماں باپ سے جیسے کہ عام انسان بغیر ماں باپ کے جیسے کہ حضرت آدم علیہ السلام بغیر ماں کے جیسے حضرت حوا بغیر باپ کے جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام **چھٹے**: یہ کہ حضرت آدم کو جنتی پھل فروٹ کھانے کی اجازت دی گئی مگر وہاں کی حوروں کے قرب کی اجازت نہ تھی کہ حوریں اس وقت ہی ملیں گی جب وہاں ثواب کے لئے جانا ہو گا ہمارے حضور بھی معراج میں تشریف لے گئے شہداء کی روحیں وہاں رہتی ہیں وہاں کے میوے کھاتی ہیں مگر حوروں سے قرب نہیں ہوتا حوروں کے متعلق رب فرماتا ہے **لم یطمثھن انس قبلھم** کیونکہ حوروں سے انسان کا نکاح بعد قیامت ہو سکے گا اب کسی دین میں جائز نہ ہوا۔

**اعتراض** : **پہلا اعتراض**: حضرت حوا آدم علیہ السلام کی بیٹی تھیں کیونکہ ان کے جسم پاک سے پیدا ہوئیں تو ان کے ساتھ زوجیت کا برتاؤ کیسے جائز ہوا **جواب**: اولاد وہ کہلاتی ہے جو کہ اپنے نطفے سے پیدا ہو یہاں ایسا نہ ہوا لہٰذا وہ ان کی بیٹی نہ ہوئیں۔ ہمارے جسم سے بہت سی جاندار چیزیں بن جاتی ہیں سر میں پیٹ میں بہت سے جانور پیدا ہو جاتے ہیں۔ وہ ہماری اولاد نہیں کہلاتے۔ کیونکہ ہمارے نطفے سے نہیں ہیں اسی لئے بعض علماء فرماتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام کو ابن مریم کہنا مجاز ہے اس لئے کہ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام حضرت جبریل کی پھونک سے پیدا ہوئے اور حضرت مریم کا شکم شریف ان کی امانت کی جگہ تھی وہاں مریم کا بھی نطفہ نہ تھا اس کی پوری بحث انشاء اللہ سورت مریم میں کی جائے گی اور اگر مان بھی لیا جائے کہ حضرت حوا آدم علیہ السلام کی بیٹی ہی تھیں تو بھی جس طرح ان کی شریعت میں بہن سے نکاح جائز تھا اس طرح مجبوراً "اس بیٹی سے نکاح کرنا جائز قرار

marfat.com
Marfat.com

دیا گیا کیونکہ دوسری عورت کا ملنا ناممکن تھا اگر آدم علیہ السلام کی طرح حضرت حوا کو بھی بنا دیا جاتا تو یقیناً عورت مرد میں اتنی محبت نہ ہوتی جواب ہے کیونکہ اب تو اس سے محبت ہے کہ عورت مرد کا جزو ہے اور نہ عورت کا مرد کے تابع ہونا معلوم ہوتا نہ عورت مرد کے ہم جنس ہوتی جیسے دوسری جاندار چیزیں انسان کی غیر جنس تھیں ویسے یہ بھی ہوتیں اس زمانہ کے بعض بد عقل اور بے دین عالم کہتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کا نکاح کسی جناتنی سے ہوا اور حضرت حوا کے اس نکاح سے انکار کرتے ہیں اس اعتراض کی بنا پر مگر یہ نقلاً" بھی غلط ہے اور عقلاً" بھی نقلاً" تو اس لئے کہ رب فرماتا ہے **وجعل منها زوجها** معلوم ہوا کہ حضرت آدم علیہ السلام کی زوجہ انہیں کے جسم سے بنیں انسان تھیں غیر انسان نہ تھیں عقلاً" اس لئے کہ انسان کا نکاح غیر جنس سے نہیں ہو سکتا صرف انسان سے ہو سکتا ہے گائے بھینس بکری جن سب ہی انسان کے غیر جنس ہیں کس سے نکاح جائز نہیں نیز دو جنسوں کے اختلاط سے جو اولاد ہو گی وہ انسان نہ ہو گی بلکہ کوئی اور چیز ہو گی گھوڑی گدھے سے خچر ہوتا ہے بکرے ہرنی سے ایسا بچہ ہوتا ہے جو نہ بکری ہی ہو نہ ہرن ہو اگر حضرت آدم کی بیوی جناتنی ہوتی تو ان کی اولاد نہ انسان ہوتی نہ جن کوئی تیسری چیز ہوتی **دوسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ جس جنت میں آدم علیہ السلام کو رکھا گیا تھا وہ بہشت بریں نہ تھا بلکہ کوئی اور باغ تھا چند وجہ سے ایک یہ کہ اگر یہ بہشت بریں ہوتا تو آدم علیہ السلام وہاں سے باہر نہ آتے کیونکہ وہاں ہیشگی ہے **خلدین فیھا جواب:** جب ثواب کے لئے بہشت میں داخلہ ہو گا تو وہاں ہیشگی ہو گی اس وقت آدم علیہ السلام کا وہاں رہنا ثواب کے لئے نہ تھا فرشتے بھی وہاں آتے جاتے رہتے تھے اور لیس علیہ السلام بھی وہاں گئے ہوئے ہیں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم معراج کی رات وہاں تشریف لے گئے شہیدوں کی ارواح بھی وہاں جنت میں رہتی ہیں مگر اس رہنے میں ہیشگی نہیں ہے اسی لئے حضور علیہ السلام جنت سے واپس تشریف لائے ادریس علیہ السلام اور شہیدوں کی روحیں بھی قیامت میں وہاں سے باہر آئیں گی پھر فیصلہ ہونے کے بعد ثواب کے لئے جائیں گی **دوسری وجہ:** یہ کہ شیطان کو سجدے سے انکار کرتے ہی جنت سے نکال دیا گیا تھا پھر وہ آدم علیہ السلام کو دھوکہ دینے وہاں کس طرح پہنچ سکا نیز جنت شیطان کی جگہ ہی نہیں ہے وہ تو نیک کاروں کی جگہ ہے **جواب:** اس کا تفصیلی جواب تو انشاء اللہ اگلی آیت میں آئے گا۔ یہاں اتنا سمجھ لو کہ اگر اس وقت شیطان جنت میں گیا بھی ہو تو وہاں ثواب کے لئے نہ گیا بلکہ اور مقصد کے لئے بیشک مسجد نمازیوں کی جگہ ہے مگر بعض لوگ جوتے چرانے کے لئے وہاں آجاتے ہیں وہاں شیطان چوری کرنے کے لئے گیا نیز جنت وغیرہ اعلیٰ مقامات سے شیطان چند بار نکالا گیا ہے ایک تو سجدے کا انکار کرتے ہی۔ اس نکالنے کا مقصد یہ تھا کہ وہاں اس کا مقام نہ رہا چھپ چھپا کر آنا جانا باقی رہا جیسے نکالا ہوا مجسٹریٹ بھی کچہری میں عام لوگوں کی طرح جا سکتا ہے۔ لیکن دوسری نوعیت سے پھر جب آدم علیہ السلام وہاں سے اتارے گئے تو شیطان کا داخلہ جنت میں تو بند ہو گیا لیکن پھر بھی آسمانوں پر جاتا آتا رہا اور فرشتوں کی گفتگو سنتا رہا اور کاہنوں کو جھوٹ سچ ملا کر اس کی خبر دیتا رہا۔ پھر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے وہاں سے بھی روک دیا گیا اب جانے کی کوشش کرتا ہے مگر پلٹ کر واپس آتا ہے اس کی پوری تحقیق انشاء اللہ سورت جن میں کی جائے گی **تیسری وجہ:** یہ کہ بہشت میں شرعی احکام جاری نہیں اور نہ وہاں کسی چیز کی روک ٹوک ہے اور آدم علیہ السلام کو ایک درخت سے روکا گیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کوئی اور باغ تھا نہ کہ بہشت بریں۔ **جواب** جنت کی یہ صفت بھی جب ہی ہو گی جب لوگ ثواب کے لئے وہاں داخل ہوں گے **چوتھی وجہ:** یہ کہ

marfat.com
Marfat.com

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جنت میں آدم علیہ السلام سوئے تب ان کی پسلی سے حضرت حوا پیدا ہوئیں اور بہشت بریں میں کسی کو نیند نہیں کیونکہ نیند ایک قسم کی موت ہے اور وہ جگہ موت سے پاک جواب: جنت کا یہ وصف بھی تب ہی ہو گا جب ثواب کے لئے وہاں داخلہ ہو گا۔ **تیسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ ممنوعہ درخت سے کھانا ظلم تھا آدم علیہ السلام نے بھی اپنے ظلم کا اقرار کیا کہ عرض کیا **ربنا ظلمنا انفسنا** دوسری جگہ قرآن کریم ارشاد فرماتا ہے **لا ینال عهدی الظلمین** یعنی میری نبوت ظالموں کو نہ پہنچے گی ان دونوں آیتوں سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ آدم علیہ السلام نبی نہ تھے کیونکہ ان سے ظلم سرزد ہوا اور ظالم نبی نہیں ہو سکتا **جواب:** اس کے نہایت مفصل مکمل جواب ہماری کتاب "قہر کبریا بر منکرین عصمت انبیاء" میں دیکھو جس میں اس جیسے بہت سے سوالوں کا جواب دیا گیا ہے اور کچھ تفصیل اگلی آیت میں بھی کی جائے گی یہاں اس قدر سمجھ لو کہ قرآن کریم میں ظلم چند معنی میں استعمال ہوا بمعنی کفرو شرک بمعنی ستانا بمعنی فسق و فجور بمعنی حد سے آگے بڑھنا وغیرہ وغیرہ اس آیت میں ظلم کے معنی حد سے نکلنا یا کسی چیز کو بے موقع استعمال کرنا ہے آیت **ربنا ظلمنا** میں ظلم سے مراد خطاء لغزش ہو جانا اور **لا ینال عهدی الظلمین** میں ظلم سے مراد بدکاری فسق و فجور ہے یعنی بدکاروں فاسقوں کو نبوت نہیں ملے گی قرآن کریم نے سیدنا آدم علیہ السلام کی پاک دامنی کا ہر جگہ اعلان فرمایا کہ وہ بھول گئے کہیں فرمایا کہ ان کو شیطان نے بہکا دیا وغیرہ وغیرہ یہ اعتراض تو ایسا ہوا جیسے کوئی کہہ دے کہ اللہ مومن ہے قرآن سے ثابت ہے اور ہر مومن ہمارا بھائی ہے یہ بھی قرآن سے ثابت ہے لہٰذا اللہ ہمارا بھائی ہے جیسے یہاں مومن کے چند معنی میں فرق نہ کیا گیا ایسے ہی یہاں بھی۔

**تفسیر صوفیانہ :** اس خطاب سے اشارۃً معلوم ہو رہا تھا کہ آدم علیہ السلام کا یہ قیام دائمی نہ ہو گا کیونکہ جس کو ہمیشہ رکھنا ہو اس کو کسی چیز سے روکا نہیں جاتا یہ بھی سمجھ میں آ رہا تھا کہ ان سے یہ خطا ضرور ہو گی یہ بھی معلوم ہو رہا تھا کہ ان کو زمین میں جانا ہو گا کیونکہ وہ زمین ہی کی خلافت کیلئے پیدا فرمائے گئے تھے اس لئے رب نے ان کو امتحان کا خطاب فرمایا اور ان کی عزت افزائی کے لئے اس درخت سے روکا کیونکہ فرمایا کہ اے آدم تمہارے لئے ساری جنت اور وہاں کی نعمتیں مباح ہیں مگر اس درخت کے پاس نہ جانا کیونکہ یہ درخت محبت اور معرفت کا ہے جس کے لئے محنت لازم ہے اور یہ معنی کرنا ہی ان کے کھانے کا سبب بنا کیونکہ انسان ممنوع چیز کی طرف زیادہ رغبت کرتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوا آدم علیہ السلام نے وہ درخت کھالیا جس کے کھاتے ہی خلافت اور محبت اور محنت کے اسرار کھل گئے اور جمال و جلال کا اظہار شروع ہو گیا خدا کی صفات توابی ستاری' غفاری' قہاری وغیرہ جو کہ اب تک درمکنون کی طرح راز میں تھیں۔ ظاہر ہونے لگیں کیونکہ اس درخت کے کھانے سے وہ خطاکار قرار دیئے گئے جس سے کہ انہیں توبہ کرنی پڑی اور اس توبہ سے ان کو حق تعالیٰ کی طرف سے محبت اور طہارت قلبی کے انعام عطا فرمائے گئے اس پر قرآن گواہ ہے اور فرماتا ہے **ان اللہ یحب التوابین ویحب المتطهرین** اس ممانعت سے یہ سبب نسیان عصیان ہوا۔ عصیان سے توبہ 'توبہ محبت الٰہی اور محبت سے طہارت غرضیکہ اس ممانعت میں ہزار ہا راز اور اس ربانی عتاب اور سیدنا آدم علیہ السلام کی ندامت و توبہ میں ہزاروں ناز و انداز (تفسیر روح البیان) اور سچ تو یہ ہے کہ سارے عالم کا ظہور ان کی برکت ہے ان حضرات کی خطائیں ہماری عبادتوں سے افضل ہیں کیونکہ ان کی خطا سے رب کی عطا ہوتی ہے حضرت فاروق اعظم کی خطا سے قیامت تک کے مسلمانوں کو رمضان کی راتوں میں اپنی بیویوں سے جماع کرنے کی اجازت ملی حضرت ابوائیسہ رضی

marfat.com

Marfat.com

اللہ عنہ کے منہ سے مجبوراً "کلمہ کفر نکال دینے کی برکت سے ہمیشہ کے لئے مسلمانوں کو ایسی مجبوری میں اس کی اجازت ملی اس لئے مولینا فرماتے ہیں:۔

ہر چہ گیرد علتی علت شود | کفر گیرد کاملے ملت شود

| |
|---|
| فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ص |
| پس پھسلا دیا ان دونوں کو ابلیس نے اس سے پس علیحدہ کر دیا ان کو اس سے کہ تھے وہ بیچ |
| تو شیطان نے جنت سے انہیں لغزش دی اور جہاں رہتے تھے وہاں سے انہیں الگ کر دیا |
| وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ |
| اس کے اور کہا ہم نے اتر جاؤ بعض تمہارے واسطے بعض کے دشمن ہیں اور واسطے تمہارے |
| اور ہم نے فرمایا نیچے اترو آپس میں ایک تمہارا دوسرے کا دشمن اور تمہیں ایک وقت تک |
| مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۝٣٦ |
| بیچ زمین کے ٹھہرنا اور نفع پانا ہے طرف ایک وقت کے |
| زمین میں ٹھہرنا اور برتنا ہے |

تعلق: اس آیت کا پہلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے ایک: یہ کہ اس میں بھی حق تعالیٰ کی ایک خاص اس نعمت کا ذکر ہے جو ہم کو حضرت آدم علیہ السلام کے ذریعہ عطا ہوئی یعنی ان کا جنت سے باہر تشریف لانا کیونکہ یہ تشریف آوری ہزاروں نعمتوں کی اصل ہے البتہ اتنا فرق ہے کہ پچھلی آیتوں میں ان نعمتوں کا ذکر ہے جو ظاہر و باطن ہر طرح نعمت تھیں یعنی ان کا خلیفہ ہونا اور مسجود ملائکہ بننا وغیرہ وغیرہ اس آیت میں اس نعمت کا ذکر ہے جو بظاہر زحمت ہے اور حقیقتہً "رحمت دوسرے: یہ کہ پہلی آیتوں میں دائمی نعمتوں کا ذکر تھا یعنی خلافت وغیرہ اور جنت کا داخلہ عارضی اور منقطع ہونے والی نعمت تھی جس کا اس سے پہلے ذکر ہوا اب آیت میں اس عارضی نعمت کے ختم ہونے کے اسباب کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔

تفسیر: فازلھما الشیطن۔ ازل۔ زلتہ سے بنا ہے اس کے چند معنی ہیں۔ دور ہو جانا' لے جانا' پھسل جانا' اسی لئے مزل پھسلتی زمین کو کہتے ہیں کہ جس پر قدم نہ ٹھہرے یہاں تینوں معنی بن سکتے ہیں یعنی شیطان نے آدم و حوا کو لغزش دے دی یا جنت سے دور کر دیا یا وہ ان کو جنت سے لے گیا بہر حال یہ لفظ بتا رہا ہے کہ حضرت آدم و حوا کو جو کچھ ہوا وہ خطا" ہوا نہ کہ جان بوجھ کر اگرچہ فاعل حقیقی تو رب تعالیٰ ہے لیکن چونکہ ان واقعات کا شیطان سبب بنا۔ اس لئے اس کی طرف نسبت کر دی گئی اس بہکانے کا واقعہ یہ ہوا: کہ شیطان کے دل میں آدم علیہ السلام کی طرف سے سخت حسد پیدا ہو چکا تھا۔ اس لئے وہ ان کی فکر میں رہتا تھا ایک دفعہ موقعہ پا کر یا تو جنت میں خود پہنچا اس لئے کہ اگرچہ وہ جنت سے نکالا جا چکا تھا مگر اب تک اس کا وہاں آنا جانا بند نہ ہوا تھا۔ اور یا اس طرح گیا کہ جنت میں مور اور سانپ نہایت خوبصورت جانور تھے اور یہ دونوں آدم علیہ السلام کی خدمت کیا

marfat.com
Marfat.com

کرتے تھے شیطان جنت کے دروازے کے باہر پہنچا ادھر مور بھی دروازہ جنت پر آیا تھا شیطان اور مور نے آپس میں مشورہ کیا کہ کسی صورت سے آدم و حوا علیہم السلام کو دروازہ جنت تک لے آنا چاہئے۔ ادھر شیطان نے سانپ سے مشورہ کیا کہ تو مجھ کو منہ میں لے کر جنت کی دیوار پر اس وقت پہنچا دینا۔ جب کہ آدم علیہ السلام دروازے پر آئے ہوئے ہوں یہ تجویز طے ہونے کے بعد مور نے حضرت آدم و حوا کے سامنے ناچنا شروع کیا یہ دونوں حضرات رقص کے دیکھنے میں مشغول ہوئے مور ناچتے ناچتے پیچھے ہٹنے لگا یہ دونوں صاحب اس کی طرف آگے بڑھنے لگے یہاں تک کہ مور ناچتا ہوا دروازہ جنت پر آگیا جس کے ساتھ ہی ساتھ یہ دونوں صاحب بھی وہاں پہنچ گئے ادھر سانپ بھی تیار کھڑا تھا شیطان کو فوراً اپنے منہ میں لے کر جنت کی دیوار تک پہنچ گیا۔ اس ترکیب سے شیطان آدم علیہ السلام کے سامنے آگیا اور اس کو کچھ ان سے گفتگو کرنے کا موقع مل گیا لہٰذا شیطان تو جنت سے باہر رہا آدم علیہ السلام اندر رہے اور پھر ان کی گفتگو ہو گئی تفسیر کبیر میں اس قصے پر کچھ جرح فرمائی ہے۔ مگر تفسیر عزیزی نے بلا جرح اس کو نقل فرمایا کچھ بھی ہو بہر حال شیطان ان کے روبرو پہنچ گیا اور جا کر عرض کیا کہ مجھ سے آپ کے حضور میں بڑی بے ادبی ہوئی کہ میں نے آپ کو سجدہ نہ کیا جس کے سبب میں ملعون ہو گیا۔ اب میں چاہتا ہوں کہ اس گناہ کا کفارہ ادا کروں اور آپ کو ایسے مرتبے پر پہنچاؤں جس سے آپ مجھ پر راضی ہو جائیں اور آپ کو مجھ پر جو غصہ ہے۔ وہ جاتا رہے یہ کہہ کر بولا کہ آپ اپنی اس تعظیم و تکریم پر فریفتہ نہ ہو جائیں کیونکہ آپ کو آخر کار موت آنے والی ہے۔ جس سے کہ تمام عیش و آرام ختم ہو جائیں گے حضرت آدم نے پوچھا کہ موت کیا چیز ہے شیطان مردہ جانور کی طرح ان کے سامنے پڑ گیا اور جان کنی کے وقت جو حالت ہوتی ہے۔ ہاتھ پاؤں پٹکنا' روح کا نکلنا' تڑپنا وغیرہ ان کو دکھلا دیا یہ دونوں حضرات اس حالت کو دیکھ کر ڈر گئے اور اس سے پوچھنے لگے کہ کیا اس موت سے بچنے کی کوئی تدبیر ہے۔ اس نے کہا کہ ہاں قرآن کریم نے خود اس کا کلام نقل فرمایا کہ **ھل ادلکم علی شجرۃ الخلد و ملک لا یبلی** یعنی میں تم کو ایسے درخت کا پتہ بتاتا ہوں کہ جو اسے کھالے ہر گز نہ مرے اور اس کی بادشاہت بھی فنا نہ ہو انہوں نے پوچھا وہ کون سا درخت ہے اس نے وہی درخت بتایا جس سے ان صاحبوں کو منع فرمایا گیا تھا فرمایا کہ یہ درخت تو سلطنت جانے کا سبب ہے ہم کو حق تعالیٰ نے اس سے منع فرمایا اگر ہم یہ درخت کھالیں تو اس کے عتاب میں آجائیں گے اگر یہ فائدے مند ہوتا تو ہم کو اس کے پاس سے کیوں منع فرمایا جاتا شیطان نے کہا **ما نھکما ربکما عن ھذہ الشجرۃ الا ان تکونا ملکین او تکونا من الخلدین** یعنی رب تعالیٰ نے تم کو اس درخت سے اس لئے منع نہیں کیا ہے کہ اس سے تمہیں کچھ نقصان پہنچے گا بلکہ اس لئے کہ تمہیں خلافت کے لئے پیدا کیا گیا اور خلافت وہی کر سکتا ہے جو حق تعالیٰ کے ذکر کے علاوہ دوسری فکروں میں بھی مشغول رہے اور حق تعالیٰ سے کچھ دور بھی رہے فرشتوں کی طرح صرف عابد اور رب سے بالکل قریب نہ ہو۔ اس درخت میں یہ تاثیر ہے کہ جو کوئی کھالیتا ہے وہ فرشتہ بن جاتا ہے پھر اس سے خلافت کا بوجھ نہیں اٹھ سکتا۔ دیکھو بادشاہ بھی اس شخص کو کہیں کا حاکم بنا کے بھیجتا ہے۔ جو بادشاہ کی دوری گوارہ کر سکے۔ نیز اس درخت کا کھانے والا بھی بہشت سے نہیں نکل سکتا۔ اور یہاں موت نہیں چونکہ تمہیں خلیفہ کرنا منظور ہے اور خلیفہ وہی ہو سکتا ہے جس کو موت بھی آسکے تا کہ خلافت اس کی نسل میں جاری ہو غرضیکہ حق تعالیٰ کی یہ ممانعت نہی تنزیہی ہے نہ کہ تحریمی اور نہی تنزیہی کی پہچان ہی یہی ہے کہ جو انسان کے دنیوی فائدے کی خاطر کی جائے جیسے قرآن شریف میں ہے **ولا تسئموا ان تکتبوہ صغیرا او کبیرا** قرض کم ہو یا زیادہ اس کے لکھنے میں کوتاہی نہ کرنا نیز تمہارے رب نے اس کے کھانے سے منع نہیں کیا بلکہ درخت کے پاس

marfat.com

Marfat.com

جانے سے روکا ہے۔ آپ پاس نہ جائیں۔ لائیں میں دیتا ہوں کھا آپ لیں اور اگر رب نے کھانے سے ہی منع فرمایا ہو تو یہ ممانعت آپ کی شروع پیدائش کے وقت تھی۔ اس وقت اس کو ہضم کرنے کی آپ میں طاقت نہ تھی اب بفضلہ تعالیٰ آپ قوی ہو چکے ہیں اب اس کا کھانا پینا معز نہیں غرضیکہ ہر پہلو پر گفتگو کر گیا یہ کہہ کر قسمیں کھا گیا کہ میں تمہارا ابدی خیر خواہ ہوں **و قاسمھما انی لکما لمن النصحین** حضرت آدم علیہ السلام کو اس کی قسموں پر اعتبار آگیا وہ یہ سمجھے کہ کسی میں یہ ہمت ہی نہیں کہ رب تعالیٰ کی جھوٹی قسم کھائے آدم علیہ السلام کو یہ خیال نہ رہا کہ رب سے پوچھ لیں۔ پوچھنا بھول گئے کیونکہ نہ بھولتے دنیا میں آکر رنگ لگانا تھا۔ دیکھو یعقوب علیہ السلام یوسف علیہ السلام کو بھائیوں کے ساتھ بھیجتے وقت اللہ کو سونپنا بھول گئے چالیس یا اسی سال کی جدائی ہو گئی۔ اس جدائی کی برکت سے آپ کو سلطنت ملی اور بنی اسرائیل مصر میں آباد ہوئے۔ حضور بدر کے قیدیوں کے متعلق انتظار وحی فرمانا بھولے اس بھول کی برکت سے ان تمام قیدیوں کو بعد میں ایمان نصیب ہوا اگر اس وقت قتل ہو جاتے تو ایمان کیسے ملتا۔ غرضکہ ہماری بھول شیطانی' نفسانی ہوتی ہے۔ پیغمبر کی بھول رحمانی جس کے شاندار نتیجے نکلتے ہیں خیال رہے کہ شیطان نے حضرت آدم و حوا کو ایک دم نہیں بہکایا بلکہ حضرت حوا کو پہلے اور بعد میں آدم علیہ السلام کو اسی طرح پہلے وہ درخت حضرت حوا نے کھایا پھر آدم علیہ السلام نے (تفسیر عزیزی)۔ **عنھا** اس ضمیر کا مرجع یا جنت ہے یا درخت یعنی شیطان نے ان آدم و حوا کو جنت سے لغزش دے دی۔ یا اس درخت کے متعلق **فاخرجھما** اس سے معلوم ہو رہا ہے کہ شیطان اپنی کوشش میں ناکام رہا۔ کیونکہ اس کا مقصود یہ نہ تھا کہ آدم علیہ السلام صرف جنت سے باہر ہو جائیں بلکہ وہ چاہتا تھا کہ وہ اپنے درجے سے گر جائیں۔ اس میں کامیاب نہ ہوا کیونکہ آدم علیہ السلام جنت سے باہر تو آگئے مگر ان کا درجہ اور زیادہ ہو گیا۔ پھر قرآن کریم نے فرمایا **فتاب علیہ۔ مما کانا فیہ** اس میں بھی بہت پر لطف نکتہ ہے۔ وہ یہ کہ یہاں **من الجنۃ** نہ فرمایا گیا بلکہ اتنی بڑی عبارت ارشاد ہوئی تاکہ معلوم ہو جائے کہ آدم علیہ السلام جنت سے بالکل محروم نہ ہوئے بلکہ ان کا وہ عارضی قیام جاتا رہا اور وہاں بھیجا گیا جہاں کی خلافت کے لئے انہیں پیدا کیا گیا تھا۔ لہٰذا یہ شر ان کے لئے سب خیر بنی **و قلنا اھبطوا۔ اھبطوا** صیغہ جمع ہے۔ جس کے معنی ہیں تم سب نیچے اتر جاؤ۔ یا تو اس میں خطاب آدم علیہ السلام کو اور ان کی اولاد کو ہے جو اس وقت ان کی پیٹھ میں تھے یعنی اے سارے انسانو تم سب نیچے اتر جاؤ۔ یا پانچ چیزوں سے حضرت آدم' حضرت حوا اور شیطان اور مور اور سانپ خیال رہے کہ ان سب کو اترنے کا یکساں حکم دیا گیا ہے لیکن ان کی نوعیتوں میں بڑا فرق ہے آدم علیہ السلام اتر کر اپنے دار السلطنت یعنی زمین پر تشریف لائے۔ یا اپنے جسمانی وطن میں آئے کیونکہ ان کا جسم پاک زمین سے ہی بنا تھا۔ شیطان وغیرہ فساد برپا کرنے کے لئے پردیس میں آیا یوں سمجھو کہ مسلمان کمانے کے لئے زمین میں بھیجے گئے اور کفار اپنی کمائی فنا کرنے کے لئے یہ بھی خیال رہے کہ شیطان کا یہ نکلنا دوبارہ ہے کہ جس کے بعد جنت میں داخلہ ہی بند ہو گیا۔ **بعضکم لبعض عدوا۔** اس میں یا انسانوں سے خطاب ہے کہ بعض انسان بعض کے دشمن ہیں۔ کافر مومنوں کے بد بخت نیک بختوں کے' جاہل عالموں کے فاسق و فاجر لوگ دین داروں کے ہمیشہ دشمن رہیں گے اور یا ان پانچوں سے خطاب ہے جو جنت سے باہر آئے یعنی شیطان انسان کا دشمن اور انسان شیطان کا' اسی طرح سانپ انسان کا اور مور کا دشمن۔ انسان اور مور سانپ کا **بعضکم** اس لئے فرمایا کہ ان میں سے سب ایک دوسرے کے دشمن نہ ہوں گے چنانچہ مرد و عورت آپس میں دشمن نہیں۔ اسی طرح مور اور سانپ اور شیطان آپس میں دشمن نہیں نیز بعضے انسان اپنی حماقت اور بیوقوفی سے سانپ یا شیطان سے محبت کر لیتے ہیں۔ نیز

marfat.com
Marfat.com

مومنین آپس میں دوست ہیں اور کفار آپس میں۔ لہٰذا نہ تو تمام افراد ایک دوسرے کے دشمن نہ تمام نوعیں۔ **و لکم فی الارض مستقر** اس سے معلوم ہوا کہ سب کا ٹھہرنا زمین ہی میں ہے بعض زمین کے اوپر جیسے زندہ انسان اور بعض زمین کے اندر جیسے جنات اور سانپ اور اگر کچھ دیر کے لئے انسان یا مور' درخت' یا ہوا میں بھی رہے' تب بھی وہ زمین پر ہی ہے کیونکہ یہ چیزیں زمین پر ہیں۔ غور کیا جائے تو سب چیزیں زمین پر چند طریقے سے رہتی ہیں۔ کبھی باپ کی پیٹھ میں' کبھی ماں کے رحم میں' زندگی میں زمین کے اوپر اور بعد موت زمین کے اندر **و متاع الی حین** اس میں یہ بتایا گیا کہ ہمارے سارے زندگی کے سامان غذا لباس وغیرہ زمین ہی سے پیدا ہوں گے اور تم ان سے نفع حاصل کرو مگر ہمیشہ نہیں بلکہ خاص وقت تک' یا موت تک' یا قیامت تک۔ اس سے معلوم ہوا کہ زمین میں ہمیشہ کوئی نہ رہے گا۔ سب یہاں سے منتقل کر کے مختلف مقامات میں بھیج دیئے جائیں گے اس میں آدم علیہ السلام کو خوشخبری دی گئی کہ جس طرح آپ کا جنت میں یہ قیام عارضی تھا۔ اسی طرح زمین میں رہنا بھی عارضی ہو گا۔ پھر آپ کو یہاں ہی بلایا جائے گا۔ آپ مستقل یہاں رہیں گے۔

**خلاصہ تفسیر :** اس سے پہلے آدم علیہ السلام کے جنت میں جانے اور شیطان کے وہاں سے نکل جانے کا واقعہ بیان کیا جا چکا اب فرمایا کہ اس جانی دشمن یعنی شیطان نے کسی صورت سے حضرت آدم و حوا کے پاس جا کر ان کو سبز باغ دکھائے اور بہت دلیلوں سے سمجھایا کہ یہ درخت تمہارے لئے فائدہ مند ہے اور قسمیں کھا کر انہیں اطمینان دلایا کہ میں تمہارا خیر خواہ ہوں جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آدم علیہ السلام اس کے دھوکے میں آ گئے۔ ممانعات الٰہی کے اصل مقصد کو بھول گئے اس درخت کو کھا لیا۔ آخر شیطان نے ان کو علیحدہ ہی کر دیا۔ ہم نے بھی انہیں حکم دیا کہ اب تم سب کے سب زمین پر اتر جاؤ۔ اور وہاں آپس کی عداوت کی تکلیف اٹھاؤ اور موت تک وہیں رہو اور وہاں ہی کما کر کھاؤ۔

**آدم علیہ السلام کا جنت سے باہر تشریف لانا :** آدم علیہ السلام کے جنت سے تشریف لانے کا واقعہ جو قرآن کریم اور احادیث شریفہ اور محدثین و مورخین سے ثابت ہے وہ یہ ہے کہ حضرت حوا نے پہلے خود وہ دانہ کھایا پھر آدم علیہ السلام کو کھلا دیا اس کھانے کا یہ اثر ہوا کہ ان کے جسموں سے جنتی لباس جاتا رہا اور وہ حضرات برہنہ رہ گئے۔ مارے شرم کے انجیر کے درخت کے پتوں سے اپنے جسموں کو چھپانے لگے اسی حالت میں رب کی طرف سے نداء آئی کہ آدم و حوا کیا ہم نے تم کو اس درخت سے منع نہ کیا تھا اور کیا تم سے نہ کہا تھا کہ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے اس کے فریب میں نہ آنا یہ حضرات عذر کے سوا اور کیا عرض کر سکتے تھے پھر فرشتوں کو حکم ہوا کہ ان سب کو زمین پر اتار دو چنانچہ آدم علیہ السلام کو ہندوستان میں شہر سراندیپ کے اس پہاڑ پر اتار آگیا جس کو نود کہتے ہیں اور حضرت حوا کو ساحل عرب پر جدے میں اور مور کو مرج الہند میں اور شیطان کو جنگل میسان میں جو کہ بصرے سے کچھ فاصلے پر ہے یا جہاں آج یاجوج ماجوج کی دیوار قائم ہے' سانپ کو سجستان یا اصفہان میں اسی لئے وہاں اب بھی سانپ زیادہ ہوتے ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کو کھیتی باڑی کرنے اور معاش حاصل کرنے کی تکلیف دی گئی۔ حضرت حوا کو حیض و حمل اور کمی عقل اور نقصان میراث ملی۔ سانپ کے پاؤں غائب کر دیئے گئے اور اس کو پیٹ کے بل چلایا گیا اس کی غذا مٹی قرار دی گئی۔ مور کے پاؤں بدشکل کر دیئے گئے۔ ابلیس کی صورت مسخ کر دی گئی اور نہایت رسوا کر کے دنیا میں رکھا گیا سید نا مولیٰ علی فرماتے ہیں کہ ہندوستان کی زمین اس لئے ہری بھری ہے اور عود اور قرنفل وغیرہ خوشبوئیں اس لئے وہاں

marfat.com
Marfat.com

پر پیدا ہوتی ہیں کہ آدم علیہ السلام جب اس زمین پر آئے تو ان کے جسم میں جنتی درخت کے پتے تھے اور پتے ہوا سے اڑ کر جس درخت پر پہنچے وہ ہمیشہ کے لئے خوشبودار ہو گیا آدم علیہ السلام جنت سے مختلف قسم کے بیج اور تین قسم کے پھل اور حجر اسود' سیاہ پتھر جو اب خانہ کعبہ میں لگا ہوا ہے اور وہ عصا جو بعد میں موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ آیا جس کی لمبائی دس گز تھی اپنے ساتھ لے کر آئے تھے۔ اور کچھ سونا چاندی' اور کچھ کھیتی باڑی وغیرہ کے اوزار بھی ساتھ لائے' آدم علیہ السلام اس قدر گریہ و زاری میں مشغول ہوئے کہ ان تخموں سے بے خبر ہو گئے۔ شیطان نے موقع پا کر ان کو اپنا ہاتھ لگایا۔ جس جس تخم پر اس کا ہاتھ لگا وہ زہریلا ہو گیا۔ اور جو اس کے ہاتھ سے محفوظ رہا اس کا نفع برقرار رہا۔ سیدنا آدم علیہ السلام کے ساتھ تین قسم کے جنتی میوے آئے۔ ایک وہ جو پورے کھا لئے جاتے ہیں دوسرے وہ جن کا اوپری حصہ کھا لیا جاتا ہے اور گٹھلی پھینک دی جاتی ہے جیسے خرما وغیرہ' تیسرے وہ جن کا اوپری چھلکا پھینک دیا جاتا ہے اور اندرونی حصہ کھا لیا جاتا ہے۔ صحیح روایت میں ہے کہ ان کے ساتھ لوہے کے اوزار بھی تھے۔ ایک سنڈاسی جس سے لوہا پکڑتے ہیں' دوسرے ہتھوڑا' تیسرے ایرن نیز حجر اسود جب جنت سے آیا تو اس کی روشنی کئی میل تک جاتی تھی۔ جہاں اس کی شعائیں پہنچتی تھیں اسی حد تک حرم کر حدیں قائم ہوئی۔ نیز آدم علیہ السلام کو دنیا میں آکر بہت وحشت اور گھبراہٹ ہوئی۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام بحکم الٰہی زمین پر آئے اور بلند آواز سے اذان کہی جب آدم علیہ السلام نے اذان میں حضور علیہ السلام کا نام سنا تب ان کی وہ وحشت دور ہوئی یہ تمام واقعات صحیح احادیث سے ثابت ہیں جن کو شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے تفسیر عزیزی میں اسی مقام پر جمع فرمایا۔ **ذریعہ معاش:** اسی تفسیر عزیزی میں ہے کہ سب سے اول کپڑا بننے کا کام آدم علیہ السلام نے کیا اور بعد میں کھیتی باڑی کے کام میں مشغول رہے۔ نوح علیہ السلام کا ذریعہ معاش لکڑی کا تھا۔ (بڑھئی پیشہ)' ادریس علیہ السلام درزی گری۔ حضرت ہود اور صالح تجارت حضرت ابراہیم علیہ السلام کھیتی باڑی کرتے تھے موسیٰ علیہ السلام نے کچھ مدت بکریاں چرائیں' داؤد علیہ السلام زرہ بناتے تھے۔ سلیمان علیہ السلام اتنے بڑے بادشاہ ہو کر درختوں کے پتوں سے پنکھے اور زنبیلیں وغیرہ بنا کر گزر کرتے تھے۔ عیسیٰ علیہ السلام نے کوئی پیشہ اختیار نہ فرمایا بلکہ ہمیشہ سیر فرماتے تھے اور فرماتے تھے کہ جس نے مجھے ناشتہ دیا ہے وہی شام کا کھانا بھی دے گا۔ اسی تفسیر عزیزی میں ہے کہ آدم علیہ السلام نے ہمیشہ بارش کا پانی پیا کنوئیں کا پانی کبھی نہ پیا سب سے پہلے آدم علیہ السلام نے ہی چاندی سے روپیہ اور سونے سے اشرفیاں بنائیں۔

**آدم علیہ السلام کی وفات:** جب آدم علیہ السلام کا وقت آخر آیا' آپ کو جنتی میوے کھانے کی خواہش ہوئی اپنے فرزندوں سے کہا کہ کعبہ معظمہ میں جاؤ اور وہاں دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ میری یہ تمنا پوری کرے۔ فرزندان آدم حکم پا کر وہاں پہنچے انہیں حضرت جبرئیل و دیگر فرشتے ملے جن سے انہوں نے آدم علیہ السلام کی فرمائش کا حال بیان کیا۔ فرشتوں نے کہا ہمارے ساتھ آؤ ہم جنت کے میوے اپنے ساتھ لائے ہیں۔ چنانچہ یہ سب آدم علیہ السلام کے پاس پہنچے حضرت حوا ان فرشتوں کو دیکھ کر ڈرنے لگیں اور چاہا کہ آدم علیہ السلام کے دامن میں چھپ جائیں انہوں نے فرمایا کہ حوا اب تم مجھ سے الگ رہو' میرے اور رب کے قاصدوں کے درمیان آڑ نہ بنو فرشتوں نے آدم علیہ السلام کی روح قبض کی اور ان کے بیٹوں سے کہا کہ جس طرح ہم آپ کے والد کا کفن دفن کریں ویسے ہی تم بھی کیا کرنا جبرئیل علیہ السلام جنت کی مرکب خوشبو اور جنتی حلے کا کفن اور بہشتی بیری

marfat.com
Marfat.com

کے کچھ پتے اپنے ساتھ لائے تھے۔ ان کو خود غسل دیا اور کفن پہنایا اور خوشبو ملی اور ملائکہ ان کا لاشہ مبارک کعبہ میں لائے اور ان پر سارے فرشتوں نے نماز جنازہ ادا کی جس میں حضرت جبرئیل امام تھے اور باقی فرشتے مقتدی اور اس نماز میں چار تکبیریں کہیں۔ جیسے کہ آج ہوتی ہیں پھر مکہ معظمہ سے تین میل فاصلہ پر مقام منیٰ میں لے گئے جہاں کہ حاجی قربانی کرتے ہیں اور اسی جگہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سیدنا اسمٰعیل کی قربانی کی وہاں مسجد خیف کے قریب بغلی قبر کھودی گئی اور ان کو دفن کر کے ان کی قبر کو اونٹ کی پیٹھ کی طرح ڈھلوان بنایا بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ ان کے لاشہ مبارک کو ان کی اولاد میں سے ڈیڑھ سو آدمی خانہ کعبہ میں لائے لہٰذا آدم علیہ السلام کی قبر منیٰ میں مسجد خیف کے پاس ہے اور حضرت حوا کی قبر جدے شریف میں اسی طرح تفسیر عزیزی میں حضرت مجاہد سے روایت ہے ان کے کچھ اور واقعات انشاء اللہ اگلی آیت میں بھی آئیں گے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ کوئی شخص اپنے سے شیطان کو دور نہ جانے اور نہ اپنے تقویٰ اور پرہیزگاری کا بھروسہ کرے دیکھو اس نے ایک پیغمبر کو جنت میں پہنچ کر فریب دیا حالانکہ جگہ محفوظ تھی اور آدم علیہ السلام معصوم ہر طرح حفاظت تھی ہم معصوم بھی نہیں دنیا جگہ محفوظ بھی نہیں پھر شیطان سے امن میں کیسے رہ سکتے ہیں اس سے ہمیشہ کھٹکتے رہنا چاہیے۔ دوسرے یہ کہ بڑے بڑوں کو عورتوں کے ذریعہ پھانستا ہے۔ روایت میں ہے کہ عورتیں شیطان کی رسیاں ہیں۔ دیکھو سیدنا آدم کو حضرت حوا کے ذریعہ درخت کھلایا۔ تیسرے یہ کہ خطا کی وجہ سے اللہ کی نعمتیں چھین لی جاتی ہیں۔ سیدنا آدم کی ایک خطا سے جنت کی ساری نعمتیں دور ہو گئیں۔ چوتھے یہ کہ اگرچہ ساری چیزیں رب ہی کی طرف سے ہیں لیکن ادب یہ ہے کہ برائیوں کو اپنی یا شیطان کی طرف نسبت کرے اور بھلائیوں کو رب کی طرف دیکھو آدم علیہ السلام کے جنت سے علیحدہ ہونے کو شیطان کی طرف نسبت دی گئی اور خود آدم علیہ السلام نے اپنی خطا کو اپنی طرف نسبت دی کہ عرض کیا **ربنا ظلمنا انفسنا** ہاں شیطان نے کہا **اغویتنی** یعنی خدایا تو نے مجھے گمراہ کر دیا۔ اس لئے وہ تو مردود ہوا۔ اور آدم علیہ السلام محبوب رہے۔ پانچویں یہ کہ دشمن سے غافل نہیں رہنا چاہیئے وہ ہمیشہ تاک میں رہتا ہے۔ جیسے شیطان آدم علیہ السلام کے پیچھے پڑا رہا۔ چھٹے یہ کہ ہر ایک کی عمدہ باتیں سن کر دھوکہ نہ کھانا چاہیے۔ کیونکہ بہت دفعہ زبان دل کے خلاف ہوتی ہے شیطان نے کتنی اچھی باتیں کیں۔ مگر دل میں حسد تھا۔ ساتویں یہ کہ سب سے پہلے تقیہ شیطان نے کیا۔ تقیہ شیطانی کام ہے کہ دل میں عداوت چھپا کر زبانی دوست بن کر حضرت آدم کے پاس پہنچا۔

**اعتراض** : **پہلا اعتراض** حضرت آدم نے ہم کو جنت سے نکالا' خطا انہوں نے کی اور اسے بھگت ہم رہے ہیں عام بے دین) حافظ شیرازی کہتے ہیں۔

من ملک بودم و فردوس بریں جائم بود — آدم او دوریں دیر خراب آبادم

**جواب** یہ بالکل غلط ہے بلکہ تم جیسے بے دینوں نے آدم علیہ السلام کو جنت سے باہر نکالا کیونکہ تم ان کی پشت میں تھے اور جنت بے دینوں کی جگہ نہیں ہے۔ اس لئے مرضی الٰہی یہ ہوئی کہ آدم ان بے دینوں کو زمین پر پھینک آئیں پھر ہمیشہ کے لئے جنت میں تشریف لائیں انسان کو پلیدی پاخانہ میں لے جاتی ہے نہ کہ پلیدی کو انسان یعنی جب حاجت ہوتی ہے تب اس کے نکالنے کے لئے پاخانہ جانا پڑتا ہے۔ حافظ شیرازی کا مطلب غلط سمجھا وہ یہ فرما رہے ہیں کہ میں اس سے پہلے عالم ارواح میں نہایت بے

marfat.com
Marfat.com

فکری میں تھا، میرے ماں و باپ مجھ کو دنیا میں لے آئے آدم سے مراد انسان ہے۔ جس کا مطلب یہ ہوا۔ شعر

میں خود آیا نہیں لایا گیا ہوں — نہ اس کا بھید سمجھایا گیا ہوں

یا یہ کہ حافظ صاحب یہ مضمون آدم علیہ السلام کی طرف سے فرمارہے ہیں یعنی آدم علیہ السلام کہتے ہیں کہ میں بہشت بریں میں رہتا تھا لیکن میری بعض اولاد مجھ کو اتار لائی۔ آدم بمعنی انسان کیونکہ ظاہر ہے کہ جنت میں آدم علیہ السلام رہتے تھے نہ کہ حافظ صاحب۔ **دوسرا اعتراض** پہلی آیت سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو ساری چیزوں کے نام ان کے خواص اور سارے حالات کی تعلیم فرمادی تھی۔ تعجب یہ ہے کہ شیطان نے اس درخت کے متعلق غلط خبر دے دی اور آدم علیہ السلام نے قبول کرلی آدم علیہ السلام کو خبر ہونی چاہئے تھی کہ اس درخت کے وہ خواص نہیں جو شیطان بیان کررہا ہے۔ پھر تعجب ہے کہ شیطان کو اپنا دوست کیسے سمجھ گئے انہیں اوروں کے کفر و ایمان کا بھی پتہ ہونا چاہئے تھا کیونکہ وہ سب کے سارے حالات سے واقف تھے۔ **جواب** اس کے دو جواب ہیں ایک یہ شعر ہے۔

ہونے والا ہوتا ہے جب کوئی کار — غیب سے ہوتے ہیں اسباب آشکار

یہ سب باتیں آدم علیہ السلام کے علم میں تھیں مگر ہونے والی ہو کے رہتی ہے جب یہ موقع آیا سب کچھ بھول گئے جیسے قرآن کریم فرمارہا **فنسی** آدم علیہ السلام بھول گئے۔ جاننا اور چیز ہے اور علم حضور دوسری چیز انہیں اس وقت علم تھا۔ حضور نہ رہا جیسے کہ دنیا میں سب جانتے ہیں کہ حضور علیہ السلام شفیع المذنبین ہیں مگر قیامت کے دن عیسیٰ علیہ السلام کے سوا کسی ولی نبی قطب غوث کو یہ خیال نہ رہے گا اور ادھر ادھر کسی شفاعت کرنے والے کو ڈھونڈتے پھریں گے اور سوا عیسیٰ علیہ السلام کے کوئی پیغمبر شفیع المذنبین کا صحیح پتہ نہ دیں گے۔ **دوسرا جواب** یہ ہے کہ آدم علیہ السلام کو جس طرح اور سب باتیں معلوم تھیں ایسے ہی اپنا یہ سارا واقعہ بھی معلوم تھا کہ ایسا ہو کر رہے گا اس لئے شیطان سے بہت جرح نہ کی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ جب کربلا کی طرف روانہ ہوئے تو لوگوں نے ڈر کر روکنا چاہا تو فرمایا کہ میں خود نہیں جارہا ہوں مجھے کوئی لئے جارہا ہے۔ صاحب اسرار حضرات مرضی الٰہی پا کر دانستہ بنا دیتے ہیں۔ اس کی بہت سی مثالیں مل سکتی ہیں۔ **تیسرا اعتراض:** آدم علیہ السلام سے یہ گناہ سرزد ہوا پھر انہیں معصوم کیونکر کہا جاسکتا ہے حق تعالیٰ نے بھی فرمایا ہے۔ **فعصی ادم ربہ فغوی** یعنی آدم علیہ السلام نے اپنے رب کی نافرمانی کی خود انہوں نے بھی عرض کیا کہ **ربنا ظلمنا انفسنا** جس سے معلوم ہوا کہ انبیاء کو معصوم ماننا غلط ہے۔ **جواب:** اس کا تفصیلی جواب ہماری کتاب "قہر کبریا" میں دیکھو یہاں اتنا عرض کئے دیتے ہیں کہ اہلسنت و جماعت کے نزدیک انبیاء کرام کفر و شرک اور عمداً گناہ کبیرہ اور ایسے ہی گناہ صغیرہ سے ہمیشہ معصوم رہتے ہیں۔ جو نبوت کی شان کے خلاف ہیں۔ ہاں خطا یا بھول کر ایسا صغیرہ گناہ سرزد ہو سکتا ہے۔ جس سے کہ شان نبوت میں فرق نہ آئے حضرت آدم علیہ السلام سے جو کچھ ہوا یا خطائے اجتہادی کی وجہ سے تھا مگر چونکہ نیکوں کی بھلائیاں بھی مقربین کے درجے کے لحاظ سے برائیاں ہوتی ہیں اس لئے ان خطاؤں کو بھی وہ حضرات گناہ فرمادیتے ہیں اور ہم جیسے گنہگاروں سے ان جیسی خطاؤں کی پرسش نہیں ہوتی لیکن ان کے بلند درجے کے لحاظ سے ان لغزشوں پر بھی عتاب آجاتا ہے یہاں بھی ایسا ہی ہوا عصمت انبیاء کی بے شمار دلیلیں ہیں جن سے صرف چند دلیلیں یہاں عرض کرتا ہوں۔ **پہلی دلیل:** گنہگار فاسق ہوتا ہے اور فاسق کی مخالفت کرنا ضروری اور نبی کی اطاعت کرنا فرض اگر نبی گنہگار یا فاسق ہوں تو ان کی اطاعت بھی ضروری ہو جائے اور مخالفت بھی یہ اجتماع ضدین ہے۔ **دوسری دلیل:**

marfat.com
Marfat.com

فاسق کی بات بلا تحقیق نہ ماننی چاہئے قرآنی حکم ہے اور پیغمبر کی بات بلا تحقیق ہی ماننا ضروری ہے اگر نبی بھی فاسق ہوں تو ان کی بات کا ماننا اور نہ ماننا دونوں ضروری ہوں گے۔ اور یہ اجتماع نقیضین ہے۔ **تیسری دلیل:** گنہگار سے شیطان راضی ہوتا ہے۔ اس لئے وہ حزب الشیطان میں داخل ہے اور نیک کار سے رحمان راضی اور وہ حزب اللہ میں داخل اگر پیغمبر ایک آن کے لئے بھی گنہگار رہوں تو معاذ اللہ وہ حزب الشیطان (شیطانی گروہ) میں داخل ہوں گے۔ نیز پیغمبر کے گناہ کرتے وقت اگر کوئی امتی نیکی کر رہا ہو تو اس وقت اور اس آن میں وہ امتی نبی سے افضل ہو گا۔ اور یہ بات بالکل باطل ہے۔ **چوتھی دلیل:** رسول فرشتوں سے افضل ہیں' قرآن فرمارہا ہے۔ **ان اللہ اصطفی ادم و نوحا" و ال ابرھیم و ال عمرن علی العلمین** جس سے معلوم ہوا کہ سارے پیغمبر تمام جہان سے افضل اور جہان میں فرشتے بھی داخل ہیں۔ لہذا نبی فرشتوں سے افضل اور فرشتے یقیناً گناہوں سے معصوم ان کی شان میں رب فرمارہا ہے۔ **لا یعصون اللہ** یعنی فرشتے کبھی گناہ نہیں کرتے۔ اب اگر نبی گناہ کریں تو درجے میں فرشتوں سے کم ہو جائیں گے کیونکہ قرآن فرمارہا ہے۔ **ام نجعل المتقین کالفجار** جس سے معلوم ہوا کہ متقی گنہگار کے برابر نہیں ملائکہ تو متقی ہیں۔ اگر نبی ایک آن کے لئے فاسق بن جائیں تو ملائکہ کے برابر نہ رہیں گے۔ **پانچویں دلیل:** قرآن کریم سے ثابت ہے کہ رب نے شیطان سے فرمایا تھا کہ میرے خاص بندوں پر تیرا داؤ نہ چلے گا۔ شیطان نے بھی کہا تھا کہ خداوندا میں تیرے سارے بندوں کو گمراہ کردوں گا۔ سوائے تیرے خاص بندوں کے۔ صالح علیہ السلام نے بھی فرمایا کہ اے لوگو! جس سے میں تم کو روکوں اس کو خود کرنے کا کبھی خیال بھی نہ کرنا فرماتے ہیں **وما ارید ان اخالفکم الی ما انھکم عنہ** جب رب کہے کہ میرے نبیوں پر شیطان غالب نہیں آسکتا۔ انبیاء بھی فرمائیں کہ ہم گناہ کا ارادہ بھی نہیں فرماتے' شیطان بھی کہے کہ پیغمبروں پر میرا داؤ نہیں چلتا۔ اب جو شخص ان کو گنہگار مانے وہ شیطان سے بھی بدتر ہے۔ لہذا جو حدیثیں ایسی ملیں جن سے پیغمبروں کے گناہ ثابت ہوں وہ قابل قبول نہیں۔ اور جن آیات سے ان کے گناہ کرنے کا دھوکہ پڑتا ہے ان کی توجیہ یا تاویل ضروری ہے تاکہ قرآنی آیتوں میں تعارض نہ ہو مجھ سے ایک شخص نے یہی اعتراض کیا تھا اور کہنے لگا کہ نبیوں کا کفرو شرک اور گنہگار ہونا قرآن سے ثابت ہے' میں نے اس کو یہی جواب دیا وہ نہ مانا' میں نے کہا کہ پھر تم رب کو بھی گنہگار مانو۔ کیونکہ قرآن کریم میں آتا ہے۔ **و مکر اللہ** نیز فرمایا گیا۔ **وھو خادعھم** جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ دھوکہ اور مکر فرماتا ہے اور یہ باتیں گناہ ہیں۔ تب وہ کہنے لگا کہ ان آیتوں کا یہ مطلب نہیں' بلکہ یہ ہے۔ ہم نے کہا کہ جیسے یہاں اور مطلب نکالتے ہو ایسے ہی وہاں انبیاء کے لئے بھی اور مطلب نکالو تب وہ لاجواب ہوا۔

**تفسیر صوفیانہ :** فرشتے محض عابد تھے اور انسان عبادت مع محبت کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ محبت کے لئے محبت ضروری ہے۔ جنت محبت سے پاک ہے' اس لئے ضروری تھا کہ آدم علیہ السلام امتحان محبت کے لئے زمین کی امتحان گاہ (یونیورسٹی) میں آئیں۔ نیز یہ زمین حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے پیدائش تھی اور جنت وغیرہ ان کے معراج کا مقام اس لئے ضروری تھا کہ آدم علیہ السلام وہ جگہ خالی کرکے زمین میں تشریف لائیں۔ لہذا ان کی تشریف آوری کی یہ صورت ہوئی کہ دست قدرت نے اچھی تدبیر سے شیطان کی آڑ میں آدم علیہ السلام کو وہاں سے اتارا جیسے کہ یوسف علیہ السلام کو ان کے بھائیوں کی آڑ میں کنعان سے مصر پہنچایا تاکہ وہاں عنا کے بعد غنا عطاء فرمائی جائے۔ آدم علیہ السلام کو بھی سلامت سے ملامت کی طرف فرح سے طرح کی

marfat.com
Marfat.com

طرف نعمت سے نقمت کی طرف محبت سے محنت کی طرف قربت سے غربت کی طرف الفت سے کلفت کی طرف وصلت سے فرقت کی طرف منتقل کیا گیا۔ ان کو جنت میں ہر چیز سے انس تھا۔ محبوب یہ کب چاہتا ہے کہ میرا حبیب کسی اور کو بھی چاہے محبت میں شرکت اسرار والوں کے مذہب میں شرک ہے۔ لہٰذا ان سب سے علیحدہ کر کے اور سب کو حضرت آدم کا دشمن بنا کر پیاروں سے چھڑا کر چلہ کشی کے لئے گوشہ ء زمین میں بھیجا گیا اور فرمایا گیا کہ اپنے اس چلے کو پورا کر کے پھر ہمارے پاس تشریف لاؤ۔ آدم علیہ السلام کا زمین میں آنا ایسا تھا جیسا کہ دانے کا زمین میں جانا کہ دانہ مالک کے گھر سے نکل کر غربت کے جنگل میں جاتا ہے وہاں بارش دھوپ کی سختیاں برداشت کر کے ہرا بھرا کھیت بنتا ہے۔ پھر پھل بن کر اور بھوسہ پتے دور کر کے مالک کے گھر لوٹ آتا ہے۔ آدم علیہ السلام کو زمین کی کھیتی میں بھیجا گیا۔ اطاعت کے پانی سے سیراب کیا گیا۔ جس سے کہ عبادت کی شاخیں نکلیں اور اسی میں شریعت، حقیقت، طریقت، معرفت کے پھل لگے کفار جو بھوسہ کے مثل تھے۔ علیحدہ چھانٹ دیئے گئے اور وہ دانہ اپنے ساتھ بہت سے دانوں کو لے کر جہاں سے آیا تھا وہیں گیا۔

| |
|---|
| فَتَلَقّٰۤی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِؕ اِنَّهٗ هُوَ |
| پس پا لیے آدم نے سے رب اپنے کچھ کلمے پس توبہ قبول کی اوپر ان کے |
| پھر سیکھ لیے آدم نے اپنے رب سے کچھ کلمے تو اللہ نے اس کی توبہ قبول کی بے شک وہی |
| التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۳۷﴾ |
| تحقیق وہ ہے توبہ قبول کرنے والا مہربان |
| بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ |

تعلق : اس آیت کا گزری ہوئی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک یہ کہ اس میں بھی خدا کی اس ایک نعمت کا ذکر ہے جو آدم علیہ السلام کے ذریعہ سب انسانوں پر کی گئی یعنی توبہ کی قبولیت خیال رہے کہ عیسائیوں و آریوں وغیرہ کفار کے ہاں توبہ کا مسئلہ نہیں۔ عیسائی تو کہتے ہیں کہ ہم کو کوئی گناہ مضر نہیں ہمارا کفارہ مسیح کو سولی ہو چکی۔ آریہ وغیرہ کہتے ہیں کہ کسی گناہ کی معافی نہیں سزا ضرور بھگتنی پڑے گی۔ ان دونوں مسئلوں میں انسان گناہ پر دلیر ہوتا ہے۔ معافی کا یقین اور معافی سے مایوسی جرم کراتی ہے۔ خوف و امید گناہ سے روکتی ہے یہ توبہ میں ہے اگر قبول ہو جائے تو چھٹکارا ہے قبول نہ ہو تو جوتا خواری ہے۔ غرضیکہ مسئلہ توبہ تقویٰ کی اصل ہے۔ دوسرے یہ کہ اس سے پہلی آیت میں خطا کا ذکر تھا۔ اور اب عطا کا یا پہلے عتاب کا ذکر ہوا تھا۔ اور اب اس کی انتہا کا۔

تفسیر : فتلقی ادم عربی زبان میں "ف" "فوراً" کے معنی میں آتی ہے جس سے بلا تاخیر بعد میں ہونا سمجھا جاتا ہے۔ یعنی پہلے آدم علیہ السلام سے وہ خطا ہوئی اور پھر فوراً" ان کو کچھ کلمات کی عطا ہوئی ظاہر تو یہی ہے کہ آدم علیہ السلام کے زمین پر تشریف لانے اور بہت عرصے تک معافی کے لئے بے قرار رہنے اور بہت گریہ زاری کرنے کے بعد یہ توبہ کی قبولیت کا واقعہ ہوا۔ روایتوں

marfat.com
Marfat.com

سے بھی یہی ثابت ہے چنانچہ روایت میں آتا ہے کہ آدم علیہ السلام نے زمین پر آکر تین سو برس تک شرم کی وجہ سے آسمان کی طرف سر نہ اٹھایا۔ اور اس قدر روئے کہ آپ کے آنسو تمام زمین والوں کے آنسوؤں سے زیادہ ہیں تب کچھ دعائیہ کلمے انہیں یاد آئے اس صورت میں یا تو یہ "ف" ثم کے معنی میں ہے تو معنی آیت کے یہ ہوں گے کہ پھر بہت عرصہ بعد توبہ قبول ہونے کا واقعہ ہوا۔ اور یا اس آیت سے پہلے ایک پورا مضمون محذوف ماننا پڑے گا۔ یعنی آدم علیہ السلام کو نیچے آنے کا حکم ملا۔ پس وہ نیچے آئے اور کئی سو سال تک پریشان رہے جب یہ سب گریہ زاری کر چکے تب فوراً" ان کی توبہ قبول ہوئی بعض نے فرمایا کہ فوراً" رب تعالیٰ کے نزدیک تھا نہ کہ دنیا کے لحاظ سے یہاں تین سو سال گزر چکے تھے۔ مگر رب کے نزدیک ایک آن تھی۔ یہاں کے ہزار سال وہاں کا ایک دن ہے بلکہ دنیا میں ہر ایک کا فوراً" مختلف ہوتا ہے۔ آرام سے سونے والا رات کو آن محسوس کرتا ہے۔ بے چینی میں گزارنے والا اسی رات کو ایک سال سمجھتا ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ قبول توبہ کا واقعہ جنت ہی میں ہو چکا تھا اور آدم علیہ السلام قبول توبہ کے بعد زمین پر تشریف لائے۔ (تفسیر روح البیان)۔ اور دنیا میں آکر ان کا گریہ وزاری فرمانا جنت اور حضرت حوا کے فراق میں ہوا مگر یہ قول ضعیف ہے جب توبہ قبول ہو چکنے کے بعد زمین پر تشریف لائے تو پھر بیوی سے علیحدگی کیسی اور پریشانیاں کہاں۔ یعنی رب تعالیٰ معافی دے کر کسی کو بلاوجہ پریشانی میں نہیں ڈالتا۔ صوفیائے کرام اس رونے کے کچھ اور اسرار بیان کرتے ہیں۔ جس کو ہم تفسیر صوفیانہ میں بیان کریں گے۔ تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ جب انہیں جنت سے نیچے آنے کا حکم ہوا تب ان کی توبہ قبول ہونے کا واقعہ بھی ہو گیا۔ پھر اس کے بعد زمین پر تشریف لائے اس صورت میں "ف" اپنے معنی میں رہی اور آئندہ جو دوسرا **اهبطوا** آرہا ہے اس نے علیحدہ معنی دیئے اور اس صورت میں آدم علیہ السلام کا زمین پر آنا خطا کی بناء پر نہ رہا بلکہ عطائے خلافت کے لئے **فتلقی**۔ **تلقی** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں ملنا۔ کسی چیز کا پانا' حاصل کرنا۔ یہاں تینوں معنی بن سکتے ہیں **ادم**۔ دعائیہ کلمے حضرت آدم اور حضرت حوا دونوں کو عطا ہوئے تھے لیکن صرف آدم علیہ السلام کا ذکر ہوا۔ کیونکہ عورتیں مردوں کی تابع ہوتی ہیں۔ اسی لئے قرآن کریم کے اکثر احکام مردوں کے خطاب سے ہیں۔ عورتیں اس میں تبعاً" داخل ہیں۔ **من ربه**۔ اس سے معلوم ہو رہا ہے کہ باتیں رب کی طرف سے سکھائی گئی تھیں۔ یا تو بطور الہام یا بطریق وحی۔ اگر الہام تھا تو حضرت آدم و حوا دونوں کو ہوا اور اگر بطریق وحی تھا۔ تو آدم علیہ السلام پر وحی آئی اور انہوں نے وہ وحی حضرت حوا کو سنائی اس صورت میں آدم علیہ السلام نے پہلے توبہ کی حضرت حوا نے بعد میں **کلمت**۔ اس میں دو قرائتیں ہیں۔ کلمات "ت" کو پیش اور زیر یعنی آدم علیہ السلام نے کلمے پالئے یا ان کلموں نے آدم علیہ السلام کو پالیا وہ کلمے کیا تھے۔ اسے قرآن کریم نے دوسری جگہ خود بیان فرمایا ہے۔ **ربنا ظلمنا انفسنا الخ** مگر تفسیر عزیزی اور تفسیر خزائن العرفان اور تفسیر روح البیان نے طبرانی حاکم ابو نعیم اور بیہقی کی روایت نقل کی کہ سیدنا عمر فاروقؓ اور علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما نے ارشاد فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جب آدم علیہ السلام کی پریشانی انتہا کو پہنچ چکی تو ان کو ایک دن یاد آیا کہ میں نے اپنی پیدائش کے وقت عرش اعظم پر لکھا دیکھا تھا کہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ جس سے معلوم ہوا کہ محمد رسول اللہ کا وہ درجہ ہے کہ ان کا نام عرش اعظم پر رب کے نام کے ساتھ لکھا ہوا ہے۔ تدبیر یہی ہے کہ انہیں کے وسیلہ سے دعائے مغفرت کروں۔ چنانچہ اس دعا کے ساتھ یہ بھی عرض کیا۔ **اسئلک بحق محمد ان تغفرلی** ابن منذر کی روایت میں یہ کلمات ہیں۔ **اللهم انی اسئلک بجاه محمد عبدک و کرامته علیک ان تغفرلی خطیئتی** یعنی یا رب میں تجھ سے تیرے بندۂ خاص محمد

marfat.com
Marfat.com

مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی عزت اور مرتبے کے طفیل اور اس بزرگی کے صدقے میں جو انہیں تیرے دربار میں حاصل ہے۔ مغفرت چاہتا ہوں تب فوراً" جواب الٰہی آیا کہ اے آدم تم نے اس شہنشاہ کو کہاں سے جانا۔ حضرت آدم نے سارا ماجرا عرض کیا۔ حکم الٰہی آیا کہ اے آدم وہ محبوب سب پیغمبروں سے پچھلے پیغمبر ہیں تمہاری اولاد سے ہیں۔ اگر وہ نہ ہوتے تو تم کو بھی پیدا نہ کیا جاتا۔ **فتاب علیہ تاب توب** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں لوٹنا اور رجوع کرنا۔ بندے کی توبہ ہے گناہ سے اطاعت کی طرف رجوع کرنا اور حق تعالیٰ کی توبہ ہے سزا سے مغفرت کی طرف رجوع فرمانا اللہ التوبہ رب کی بھی صفت ہے۔ اور بندے کی بھی مگر علیحدہ علیحدہ معنی سے بندے کی مکمل توبہ یہ ہے کہ گذشتہ گناہوں سے شرمندہ ہو اور فی الحال وہ گناہ چھوڑے اور آئندہ اس گناہ سے بچنے کا عہد کرے اگر حقوق سے توبہ کرتا ہے تو ان کو ادا بھی کرے۔ مثلاً نمازیں رہ گئیں ہیں تو ان کی قضا کر ڈالے۔ اگر کسی کا قرض ہے تو ادا کردے خیال رہے کہ توبہ کے کچھ ارکان ہیں۔ کچھ شرطیں' کچھ مستحبات۔ اور نماز روزے کی طرح' توبہ کا بھی ایک وقت ہے اس کی تفصیل انشاء اللہ کسی اور مقام پر بیان کریں گے۔ **انہ ھو التواب الرحیم**' اس میں اللہ کی دو صفتوں کا ذکر ہے۔ ایک تواب' دوسری رحیم۔ تواب کے معنی ہیں بہت توبہ قبول فرمانے والا کہ اگر انسان ہزاروں بار توبہ کرے اور پھر غلطی سے گناہ صادر ہوتا رہے تب بھی اس کی توبہ قبول ہوتی رہتی ہے۔ نیز وہ خود ہی توبہ کی توفیق دیتا ہے اور اس کے اسباب جمع فرماتا ہے۔ رحیم کے معنی بسم اللہ کی تفسیر میں بیان ہو چکے ہیں۔

**خلاصہ تفسیر** : جب آدم علیہ السلام جنت سے باہر زمین پر تشریف لائے تو ایک دم بہت سی مصیبتوں میں گرفتار ہو گئے۔ جنت سے چھوٹنے کا غم اپنی بیوی حوا کی جدائی' اپنی وحشت اور تنہائی۔ پھر رب تعالیٰ کا عتاب۔ اس عتاب کی وجہ سے سخت پریشانی تھی۔ اس پریشانی میں تین سو سال تک اس قدر روئے کہ ان کی مثال دنیا میں نہیں ملتی۔ پانچ آدمی بہت روئے ہیں۔ (1) آدم علیہ السلام اپنی خطا پر۔ (2) یعقوب علیہ السلام فراق فرزند میں۔ (3) یحییٰ علیہ السلام خوف الٰہی سے۔ (4) حضرت فاطمہ زہرا حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی وفات کے بعد۔ (5) امام زین العابدین واقعہ کربلا کے بعد۔ مگر ان تمام حضرات میں آدم علیہ السلام کی گریہ و زاری سب سے بڑھ کر ہے۔ کیونکہ تین سو سال تک متواتر روئے ہیں۔ تفسیر عزیزی میں ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کو بھی ان کی گریہ و زاری پر رونا آ گیا۔ انہوں نے بھی بارگاہ الٰہی میں آدم علیہ السلام کی سفارش اور شفاعت کی تب رحمت الٰہی نے ان کی دستگیری فرمائی اور ان کو رحمت للعالمین علیہ السلام کا نام یاد دلایا اور اس کے ذریعہ توبہ قبول ہوئی۔

**آدم علیہ السلام کی توبہ** : یہ تو معلوم ہو چکا کہ آدم علیہ السلام کئی سو برس تک اپنی خطاء پر نادم رہے جب توبہ کا وقت آیا اور آدم علیہ السلام کے دل میں ان دعاؤں کا القاء ہوا۔ وہ عاشورہ یعنی دسویں محرم اور غالباً" جمعہ کا دن تھا۔ عاشورہ جمعہ کو بڑے اہم واقعات ہوئے' آدم علیہ السلام کی توبہ' نوح علیہ السلام کی کشتی کا زمین پر آنا۔ یونس علیہ السلام کا مچھلی کے پیٹ سے باہر آنا۔ ایوب علیہ السلام کی شفاء۔ موسیٰ علیہ السلام کا فرعون سے نجات پانا اور فرعون کا غرق ہونا۔ یعقوب علیہ السلام کا یوسف علیہ السلام سے ملنا۔ امام حسین کا کربلا میں شہید ہونا' سب دسویں محرم کو ہوا۔ ان بزرگوں نے گیارہویں شب راحت کی گزاری اس لئے اہلسنت گیارہویں شریف کرتے ہیں۔ بظاہر حضور غوث پاک کی فاتحہ ہوتی ہے در حقیقت ان تمام بزرگوں پر انعام الٰہی ملنے کی خوشی آپ کو ان کلمات کے ملنے سے بہت خوشی ہوئی آپ نے وضو فرمایا اور خانہ کعبہ کے سامنے کھڑے ہوئے۔ دو رکعت

marfat.com
Marfat.com

نماز ادا کی اور پھر ان کلمات سے دعا مانگی۔ جب آدم علیہ السلام جنت سے تشریف لائے تھے تب ان کے چہرے مبارک کا رنگ سیاہ ہو گیا تھا اور توبہ قبول ہونے کے بعد ان کو حکم ہوا کہ چاند کی تیرہویں اور چودھویں اور پندرہویں کا روزہ رکھو چنانچہ آپ نے یہ روزے رکھے اور ہر دن میں جسم کا تہائی حصہ اصلی رنگ پر آتا رہا۔ پندرہویں تاریخ کو تمام جسم پاک اصلی رنگ پر آ گیا۔ یہ تینوں روزے نوح علیہ السلام کے زمانہ تک فرض رہے۔ اسلام میں بھی کچھ زمانے ہر مہینے کے یہ تین روزے فرض رہے اب فرض تو نہیں۔ مگر سنت ہیں توبہ قبول ہونے کے بعد عرفات کے مقام میں حضرت حوا سے ملاقات ہوئی اور ایک نے دوسرے کو پہچانا۔ اسی لئے اس میدان کو عرفات کہتے ہیں۔ یعنی پہچاننے کی جگہ جب آدم علیہ السلام جنت سے آئے تھے۔ تو ان سے عربی زبان بھی سلب کر لی تھی یعنی بھلا دی گئی تھی۔ اتنے روز تک سریانی زبان میں کلام فرمایا۔ توبہ قبول ہونے کے بعد عربی زبان پھر عطا ہوئی۔ پھر حضرت جبرئیل نے تمام عالم کے جانوروں کو آواز دی کہ اے جانورو حق تعالیٰ نے تم پر اپنا خلیفہ بھیجا ہے۔ اس کی اطاعت اور فرمانبرداری کرو۔ دریائی جانوروں نے اپنا سر اٹھا کر اطاعت ظاہر کی۔ اور خشکی کے جانور آپ کے آس پاس جمع ہو گئے آدم علیہ السلام ان پر ہاتھ پھیرنے لگے جن پر ان کا ہاتھ پہنچ گیا وہ اہلی اور خانگی رہا۔ جیسے گھوڑا، اونٹ، بکری، کتا، بلی وغیرہ اور جس پر آپ کا ہاتھ نہ پہنچا وہ جنگلی و حشی رہا۔ جیسے ہرن وغیرہ اس واقعہ کے بعد آدم علیہ السلام نے عرض کیا مولیٰ اولاد بہت کمزور ہے اور ابلیس کا فریب بہت سخت اگر تو ان کی امداد نہ کرے تو وہ ابلیس سے کیونکر بچ سکیں گے۔ حکم الٰہی آیا کہ اے آدم تمہارے اور احکام تھے ان کے لئے دوسرے احکام ہوں گے۔ ہم ہر انسان کے ساتھ ایک فرشتہ رکھیں گے جو اس کو شیطان کے وسوسے سے بچائے گا اور ہر ایک کے لئے اس کے مرنے کے وقت تک توبہ کا دروازہ کھلا رکھیں گے۔ تب آپ نے خوش ہو کر شکر کیا۔ اسی تفسیر عزیزی میں ہے کہ آپ کی اولاد بیٹے پوتے وغیرہ آپ کی موجودگی میں چالیس ہزار تک پہنچ چکے تھے۔ اور آپ نے آخر عمر میں خاموشی اختیار فرمالی تھی کہ بجز ذکر الٰہی دیگر کلام بہت کم فرماتے تھے۔ آپ کی وفات کا پورا واقعہ ہم اس سے پہلے بیان کر چکے ہیں۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** یہ کہ مقبولان بارگاہ کے وسیلے سے دعا مانگنی جائز اور سنت آدم علیہ السلام ہے۔ **دوسرے:** یہ کہ کوئی عبادت بغیر وسیلہ نبی قبول نہیں۔ دیکھو آدم علیہ السلام کئی سو برس تک گریہ وزاری میں مشغول رہے۔ مگر بغیر حضور کے نام کے مقصود پورا نہ ہوا۔ **تیسرے:** یہ کہ دعا میں بحق فلاں کہنا جائز ہے۔ **چوتھے** : یہ کہ توبہ کے لئے گریہ وزاری کرنا بہت فائدہ مند ہے۔ (مثنوی شریف میں ہے)۔

طفل یک روزہ ہمیں داند طریق — کہ بگریم تا شود دایہ شفیق
تو نمی دانی کہ دایگاں — چوں دہد بے گریہ شیر اندر دہاں
چوں خدا خواہد کہ مایا ری کند — میل مارا جانب زاری کند
باش چوں ولاب نالاں چشم تر — تاز صحن جان بر روید خضر
آخرے ہر گریہ آخر خندہ ایست — مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست

**پانچویں:** یہ کہ انسان نے زمین پر آ کر سب سے پہلی عبادت توبہ کی ہے اس لئے انسان کو چاہئے کہ ہر وقت توبہ کرتا رہے۔

marfat.com
Marfat.com

چھٹے: یہ کہ دنیاوی بادشاہوں کا یہ حال ہے کہ ان کے قریب رہنے والوں کو ان کا خوف کم ہوتا ہے۔ مگر بارگاہ الٰہی میں جس قدر زیادہ قرب اسی قدر زیادہ خوف ساتویں: یہ کہ دعا وظیفے وہ زیادہ مقبول ہیں جو کسی مقبول کے ذریعے ہیں۔ آدم علیہ السلام اس عرصہ میں ہر طرح کی دعائیں کرتے رہے مگر قبولیت اس دعا کو ہوئی جو رب کی طرف سے ملی کلمات کے فیض کے ساتھ زبان کا بھی فیض چاہئے۔ کلام ربانی کے لئے زبان بھی فریدانی چاہئے۔ کارتوس کے لئے رائفل بھی ضروری ہے مریدین اپنے پیر سے دعاؤں وظیفوں کی اجازت لیتے ہیں ان کی دلیل یہ آیت ہے۔ آٹھویں: یہ کہ خطا ہم کر لیتے ہیں بخشش کے لئے رب کرم فرماتا ہے دیکھو خطاء کی نسبت حضرت آدم علیہ السلام کی طرف کی گئی اور بخشش کی نسبت رب تعالیٰ کی طرف۔

اعتراض: پہلا اعتراض: جب آدم کی توبہ قبول ہی کرنی تھی تو ان کو اتنے روز تک پریشان کیوں رکھا گیا۔ جواب: جو چیز مشکل سے حاصل ہوتی ہے اس کی قدر بھی ہوتی ہے۔ دوسروں کو اس سے عبرت حاصل ہوتی ہے۔ نیز حضرات انبیاء کرام کی یہ پریشانیاں ان کے درجے بڑھانے کا ذریعہ بنتی ہیں۔ دوسرا اعتراض: فقہاء فرماتے ہیں کہ دعا میں بحق فلاں کہنا منع ہے اور اس واقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جائز ہے۔ جواب: یہ دونوں کلام صحیح ہیں حق تعالیٰ پر کسی کا اپنا ذاتی حق نہیں اس معنی سے حق فلاں کہنا منع ہے۔ لیکن اس نے اپنے مقبول بندوں کو اپنے فضل و کرم سے کچھ حقوق عطا فرمائے جیسا کہ حدیث سے ثابت ہے اس معنی سے کہنا جائز ہے۔

تفسیر صوفیانہ: فرشتے ہمیشہ عبادت کرتے تھے لیکن اب تک انہوں نے توبہ و گریہ و زاری کی عبادت نہ کی تھی۔ سیدنا آدم علیہ السلام نے زمین پر آتے ہی یہی عبادت کی جنت کا فراق حضرت حوا کی جدائی تو رونے کا بہانہ تھا۔ در حقیقت اپنی محبت میں ان کو رلانا تھا۔ مجاز حقیقت کا پل ہے۔ حکایت: مثنوی شریف میں فرمایا کہ ایک بار مجنوں نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا مولا تو نے مجھے عشق لیلیٰ دے کر اس مصیبت میں کیوں ڈال دیا کہ تمام دنیا میں رسوا ہو گیا اور یہاں کی لذتیں اور عیش سب بھول گیا۔ جواب ملا۔

عشق لیلیٰ نیست ایں کار من است — حسن لیلیٰ عکس رخسارے من است
خوش بیاید نالہء شب ہائے تو — ذوق ہا دارم بیار بہائے تو

اے دیوانے یہ لیلیٰ کا عشق نہیں ہے۔ وہ تو فقط ایک پردہ ہے۔ لیلیٰ کا رخسار آئینہ جمال یار ہے۔ جس کے ذریعہ تجھ کو اس کا دیدار حاصل ہوتا ہے۔ روح البیان شریف نے ایک مقام پر فرمایا کہ بظاہر یعقوب علیہ السلام فراق یوسف میں رو رہے تھے مگر در حقیقت خالق یوسف کی محبت ان کی رلا رہی تھی کیونکہ وہ کنعان میں بیٹھے ہوئے یوسف علیہ السلام کا ہر حال دیکھ رہے تھے۔ پھر ان کے لئے فراق کیسا اس پر لطف مضمون کو انشاء اللہ ہم سورہ یوسف کی تفسیر میں بیان کریں گے اور اپنی کتاب "جاء الحق" میں بھی بیان کر چکے ہیں۔ روایات میں ملتا ہے کہ ایک بار لیلیٰ مجنوں کے پاس گئی اور کہا کہ میں ہی وہ لیلیٰ ہوں جس کے فراق میں تو تڑپ رہا ہے۔ اس نے جواب دیا تو میری لیلیٰ کہاں سے آئی تو ایک انسان ہے۔ غرضیکہ نام لیلیٰ کا رہ گیا اور کام کسی اور کا غرضیکہ قلب آدم علیہ السلام کو جب توبہ کے صابن سے صاف کر دیا گیا اور آنکھوں کے پانی سے اس کو خوب دھویا تب رحمت الٰہی کی بارش ان پر ہوئی اور ان کو اپنا قرب عطا فرمایا۔ تفسیر روح البیان نے اس جگہ فرمایا کہ حضرت آدم علیہ السلام کے قلب

marfat.com
Marfat.com

میں محبت الٰہی کا تخم بویا گیا۔ اور چشمہء چشم کے پانی (آنسوؤں) سے اس کو سیراب کیا گیا۔ تو اس تخم کی پہلی شاخ ربنا ظلمنا انفسنا ظاہر ہوئی اور اس شاخ پر توبہ کی کلیاں نمودار ہوئیں۔ جس سے ہدایت کا پھول کھلا۔ اجتباء معرفت کا پھل حاصل ہوا۔ جسے قرآن کریم نے فرمایا ثم اجتبہ ربہ فتاب علیہ و ھدی

| |
|---|
| قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى |
| کہا ہم نے اترو تم اس سے سب کے سب پس اگر آئے تمہارے پاس طرف سے میری ہدایت |
| ہم نے فرمایا تم سب جنت سے اتر جاؤ پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت آئے |
| فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۞ |
| پس جس نے پیروی میری ہدایت کی کی پس نہیں کوئی ڈر اوپر ان کے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ |
| تو جو میری ہدایت کا پیرو ہو اسے نہ کوئی اندیشہ اور نہ کوئی غم |

**تعلق**: اس آیت کا پہلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے **ایک**: یہ کہ اس میں بھی اس ایک نعمت کا ذکر ہے جو آدم علیہ السلام کے ذریعے انسانوں کو ملی۔ یعنی ان کا زمین پر تشریف لانا۔ پھر زمین میں احکام الٰہی کا آنا۔ ان کی وجہ سے مومن و کافر میں فرق ہونا۔ **دوسرے**: یہ کہ اس سے پہلے کی آیت میں اس خطا کا ذکر ہوا۔ جو آدم علیہ السلام کو بہشت سے زمین پر لائی۔ اب ان نیک عملوں کا ذکر ہو رہا ہے۔ جو کہ پھر ان کو اور ان کی اولاد کو زمین سے جنت میں پہنچائیں گے۔ **تیسرے**: یہ کہ اس سے پہلے آدم علیہ السلام کی توبہ قبول ہونے کا تذکرہ ہوا۔ اب یہ بتایا جا رہا ہے کہ فقط اس سے ہی جنت میں واپسی نہ ہو گی بلکہ اس کے لئے نیک اعمال کرنا ہوں گے۔

**تفسیر**: **قلنا اھبطوا منھا** یہ بھلا اس سے پہلے بھی آ چکا ہے لیکن اس میں چند طرح فرق ہے ایک یہ کہ وہ قبول توبہ سے پہلے فرمایا گیا تھا اور یہ اس کے بعد اگر جنت ہی میں توبہ ہوئی تھی جیسا کہ بعض علماء فرماتے ہیں تو جنت ہی میں دوبارہ اتر جانے کا حکم دیا گیا۔ بعد میں توبہ قبول ہوئی پھر فرمایا گیا کہ اگرچہ توبہ تو قبول ہوئی مگر اترنا ضرور پڑے گا۔ لہٰذا اھبطوا آدم علیہ السلام کے علم کے لئے تھا۔ اور دوسرا عمل کے لئے اور اگر زمین پر توبہ قبول ہوئی جیسا کہ روایت سے ثابت ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ تم زمین میں ہی رہو جہاں تم کو اتار آگیا۔ کیونکہ اب تمہاری بعض اولاد جنت میں آئے گی۔ اور بعض نہ آئے گی کیونکہ اگر بغیر عمل ہی جنتیوں کو جنت میں بلایا جائے تو دوزخیوں کو اعتراض کرنے کا موقع ملے گا۔ لہٰذا عمل کر کے آؤ۔ **دوسرا فرق**: یہ ہے کہ پہلے اھبطوا میں سارے اترنے والوں کو خطاب تھا۔ لیکن یہاں صرف اولاد آدم علیہ السلام کو کیونکہ آگے احکام کا ذکر ہے۔ جس سے سانپ اور مور وغیرہ علیحدہ ہیں۔ **تیسرا فرق**: یہ ہے کہ اھبطوا کے ساتھ عداوت کی تکلیف وغیرہ کا ذکر تھا۔ جس سے معلوم ہوا تھا کہ زمین تکلیف کی جگہ ہے اس اھبطوا کے ساتھ رب کے احکام کا ذکر ہے اور یہ بتایا جا رہا ہے کہ جو کوئی دنیا میں رہ کر ہماری فرمانبرداری کرے گا۔ وہ وہاں کے خوف و غم سے محفوظ رہے گا۔ **چوتھا فرق**: یہ ہے کہ اس اھبطوا میں حق تعالیٰ سے دور ہونے کا ذکر تھا اور یہاں اس سے قرب کا۔ یعنی دنی میں رہو۔ لیکن اگر ہماری اطاعت کرو گے تو وہاں یعنی ہم سے قریب ہی

marfat.com
Marfat.com

رہو گے۔ بہرحال دوبارہ اس کاذکر بیکار نہیں ہے۔ **جمیعا** اس سے معلوم ہوتا ہے حضرت آدم و حوا سانپ مور وغیرہ سب ہی کو جنت سے نکلنے کا حکم ہوا۔ کوئی وہاں باقی نہ رکھا گیا۔ لیکن اس سے یہ لازم نہیں کہ سب ایک دم ہی نکلے ہوں۔ ممکن ہے کہ ساتھ ہی نکلے ہوں یا آگے پیچھے۔ نیز اگر یہ خطاب صرف آدم و اولاد آدم کو ہو اور مطلب یہ ہو کہ تم سب نیچے رہو تو لازم یہ نہیں کہ سب کا نیچے رہنا یکساں اور ایک ہی مدت تک ہو گا۔ بلکہ بعض اللہ کے بندے قیامت سے پہلے جنت پہنچ جائیں گے جیسے شہداء کی روحیں حضرت ادریس علیہ السلام بعض قیامت کے بعد جیسے تمام مسلمان **فاما یاتینکم** لفظا ما ان شرطیہ اور ما زائدہ سے بنا ہے۔ اس کا استعمال ایک کے موقع پر ہوتا ہے۔ اور **یاتین** میں نون سے تاکید پیدا ہوئی تو آیت کے معنی یہ ہوئے کہ اگر ضرور آئے تمہارے پاس چونکہ رب کی طرف سے انبیائے کرام اور کتابوں کا آنا یقینی تھا۔ اس لئے نون استعمال فرمایا گیا لیکن بندوں کو اس ہدایت کے پانے میں شک تھا۔ کیونکہ بعض ماں کے پیٹ میں بعض بچپن ہی میں مرجاتے ہیں اور بعض دیوانگی میں عمر گزارتے ہیں اور بعضے وہ ہیں جن تک نبوت کی روشنی نہیں پہنچتی جیسے زمانہ جاہلیت کے لوگ ان کے لحاظ سے بطریق شک **اما** ارشاد ہوا۔ یعنی رب کی طرف سے ہدایت تو ضرور آئے گی لیکن اگر تم اس کو پاؤ تو تم اطاعت کرنا۔ یہاں کم سے خطاب صرف انسانوں کو ہے کیونکہ شیطان اور سانپ اور مور کے پاس نہ کوئی کتاب آئی نہ رسول۔ اور بہت ممکن ہے کہ اس خطاب سے حضرت آدم و حوا بھی خارج ہوں کیونکہ آدم علیہ السلام لوگوں کے لئے خود ہدایت تھے اور حضرت حوا اس ہدایت کو پاچکی تھیں۔ اب ان کے پاس ہدایت آنے کے کیا معنی۔ لیکن اس کی ایک تفسیر ایسی بھی ہو سکتی ہے۔ جس میں انسان و جن جانور وغیرہ سب داخل ہو جائیں وہ انشاء اللہ تفسیر صوفیانہ میں عرض کی جائے گی۔ **منی** سے معلوم ہوا کہ ہدایت رب کی طرف سے ہی آتی ہے۔ خواہ کسی ذریعہ سے ملے۔ فرشتے بلاواسطہ پاتے ہیں انبیاء کرام کبھی فرشتوں کے ذریعہ سے کبھی بلاواسطہ صحابہ کرام انبیاء کے ذریعے سے اور ان کے بعد کے لوگ علماء مشائخ کے ذریعہ غرضیکہ ابتداء ایک مگر انتہا میں فرق اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جو باتیں شیطان کی طرف سے آئیں وہ نہ ہدایت ہیں اور نہ ان کی اطاعت فائدہ مند۔ **ھدی** یہ مصدر رہا تو اپنے ہی معنی میں ہے یا اسم فاعل کے معنی میں یعنی اگر تمہارے پاس ہدایت آئے یا ہدایت دینے والی چیزیں آئیں جیسے کہ انبیاء کرام آسمانی کتابیں اور پیغمبروں کی شریعتیں **فمن تبع ھدی** اس جگہ بجائے ضمیر کے لفظ ہدایت ارشاد ہوا۔ یعنی **تبعہ** نہ فرمایا کیونکہ پہلی ہدایت میں اور اس میں بہت فرق ہے پہلی ہدایت سے ہدایت دینے والی چیزیں مراد تھیں اور اس ہدایت سے اعمال وغیرہ مراد ہیں۔ نیز ہر ایک کی ہدایتیں علیحدہ ہیں اور اس کی اتباع میں فرق جیسے سورج ایک ہے مگر اس کا فیض زمینوں اور زمانوں میں مختلف بنگال میں اور پھل پیدا کرتا ہے۔ کشمیر میں اور سردی میں فیضان کسی قسم کا ہے گرمی میں دوسری قسم کا۔ **فلا خوف علیھم** خوف کے معنی ہیں ڈر یعنی آئندہ مصیبت پر خطرہ اور اندیشہ اس سے معلوم ہوا کہ جو ہدایت پر قائم رہے اسے یا تو موت کے وقت یا قیامت کے دن یا قبر میں کوئی خوف نہ ہو گا۔ اور یا دنیا اور آخرت میں ان کے لئے کوئی حقیقتہ "خوف کی بات نہ ہو گی۔ خیال رہے کہ خوف دو قسم کا ہوتا ہے ایک فائدہ مند اور دوسرا نقصان دہ۔ رب کی اطاعت نہ کر سکے نقصان دہ ہے۔ سردی کے خوف سے نماز چھوڑ دی جائے۔ بے دینوں کے ڈر سے تبلیغ بند کر دی جائے۔ یہ نقصان دہ۔ رب کا' پیغمبر کا' قیامت کا' جہنم کا خوف فائدہ مند ہے۔ جس سے کہ ایمان اور تقویٰ حاصل ہوتا ہے۔ مگر رب کے مقابلہ میں مخلوق کا خوف جس کی وجہ سے انسان رب کی اطاعت

marfat.com
Marfat.com

نہ کر سکے نقصان وہ ہے سردی کے خوف سے نماز چھوڑ دی جائے بے دینوں کے ڈر سے تبلیغ بند کر دی جائے یہ نقصان وہ خوف ہے اور یہاں اسی ہی خوف کی نفی ہے۔ کیونکہ علے نقصان کے لئے آتا ہے یعنی ان کے لئے وہ خوف نہیں جو ان پر وبال بن جائے۔ رہا خوف الٰہی جس کو خشیتہ کہتے ہیں یہ تو ان کو اعلیٰ درجے کا حاصل ہوتا ہے۔ نیز سانپ بچھو وغیرہ موذی جانوروں سے ڈرنا بھی اس میں داخل نہیں کیونکہ یہ خوف بھی مضر نہیں ہے موذی چیزوں سے خوف ایذا ہوتا ہے۔ جس کا نتیجہ نفرت ہے رب تعالیٰ اور اس کے رسول سے خوف ہیبت ہے۔ جس کا نتیجہ اطاعت ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کو فرعون اور اس کی قوم سے ڈر ہوا جب پہلی بار عصا سانپ بنا تو ڈر ہوا یہ خوف ایذا تھا۔ جس کی بناء پر آپ کو ان سے نفرت ہو گئی۔ وہ خوف اس آیت کے خلاف نہیں۔ یا مطلب اس کا یہ ہے کہ ان کے لئے حقیقتاً کوئی خوف کی چیز نہیں ہے۔ یعنی اگرچہ وہ دل میں ڈریں لیکن ڈر کی کوئی چیز نہیں ہے۔ جیسے کہ وکیل مدعی سے کہتا ہے کہ تمہیں اس مقدمے میں کوئی خوف نہیں۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ تم پر کوئی ایسی آفت آنے والی ہی نہیں۔ جس کا کوئی اندیشہ ہو۔ نہ یہ کہ تمہارے دل میں خوف نہیں۔ اسی لئے **لا خوف** فرمایا نہ کہ **لا یخافون۔ ولا هم یحزنون۔ یحزنون۔ حزن** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں غم اور افسوس یعنی یہ اللہ والے یا موت کے وقت یا قبر و حشر میں غم نہ کریں گے۔ کیونکہ دنیا سے کامیاب آئے ہیں۔ کما کر لائے ہیں۔ یا یہ مطلب ہے کہ وہ دنیا و آخرت میں دنیاوی نفعوں کے حاصل نہ ہونے پر غم نہیں کرتے کیونکہ ان کی نگاہ میں دین ہوتا ہے۔ یا یہ مطلب ہے کہ ان کو وہ غم نہ ہو گا جو کفار اور فاسقوں کو ہو گا۔

**خلاصہ تفسیر :** آدم و حوا علیہما السلام جب جنت سے چلے تو اب انہیں یہ خبر نہ تھی کہ آیا ہم ہمیشہ کے لئے جا رہے ہیں یا پھر کبھی بھی یہاں آنا میسر ہو گا اور اس جگہ رہ کر بھی تعلق رب سے رہے گا یا نہیں۔ ان کے اطمینان کے لئے فرمایا کہ اب تو تم سب جنت سے اتر کر زمین پر جاؤ لیکن وہاں تم پر ہماری نظر عنایت رہے گی۔ اور ہم تمہارے پاس اپنی ہدایت یعنی عقل سلیم عجائبات قدرت انبیاء کتابیں اور پھر انبیاء کے نائب علماء و مشائخ بھیجیں گے۔ دیکھو اس بار تم چوک گئے آئندہ ایسا نہ کرنا اسی غلطی سے سبق حاصل کرنا جو ہماری ہدایت کے موافق عمل کرے گا۔ تو اس کو نہ آئندہ کا خوف ہو گا اور نہ کبھی گزری عمر سے غم۔ بلکہ دونوں عالم میں شاد و خرم رہے گا۔ اسی لئے روایت میں ہے کہ قیامت کا دن بے دینوں کو پہاڑ سا معلوم ہو گا۔ یعنی بہت سخت او دراز لیکن نیک کاروں کو ایسا محسوس ہو گا جیسے چار رکعت پڑھنے کے بقدر وقت۔ کیونکہ یہ راحت میں ہوں گے اور وہ تکلیف میں اگرچہ روایات میں آتا ہے کہ قیامت میں ہر شخص کو افسوس ہو گا بدکاروں کو نیکی نہ کرنے کا اور نیکو کاروں کی زیادہ نیکی نہ کرنے کا مگر بدکاروں کا غم تکلیف دہ ہو گا۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **ایک:** یہ کہ دنیا میں نیک اعمال کرنے کے لئے انسان کو بھیجا گیا ہے۔ نہ کہ فقط کھانے پینے کے لئے کھانا پینا تو اعمال کے لئے ہے **دوسرے:** یہ کہ جو چیز رب کی طرف سے ملے وہ ہدایت ہے خواہ کسی ذریعے سے آئے اور جو شیطان کی طرف سے ملے وہ گمراہی۔ **تیسرے:** یہ کہ نیک اعمال سے دل مضبوط اور قوی ہو جاتا ہے کہ اس کی وجہ سے دنیوی رنج و خوشی کا اثر نہیں لیتا بلکہ ہر حالت اسے خدا کی طرف مائل کرتی ہے وہ مثل اس پہاڑ کے ہوتا ہے جو آندھیوں سے جنبش نہیں کرتا۔ **چوتھے** یہ کہ رب کی طرف سے انسان کو ہدایت فطری ہدایت عقلی اور ہدایت شرعی

marfat.com
Marfat.com

ملیں۔ مگر نجات کا مدار ہدایت شرعی پر ہے جیسا کہ فمن تبع سے معلوم ہوا خیال رہے کہ جیسے سورج کا ایک فیض عام ہے۔ یعنی روشنی' ہزارہا فیوض خاص ہیں۔ باغ' کھیت' دریاؤں کانوں میں مختلف فیوض دیتا ہے۔ ایسے ہی انبیاء کرام خصوصاً سید الانبیاء کی ایک ہدایت عام ہے جسے شریعت کہتے دوسرے ہدایت یہی خاص ہیں جنہیں طریقت حقیقت معرفت کہا جاتا ہے۔ حضور کے جسم کے احوال کا نام شریعت دل کے احوال کا نام طریقت روح کے احوال کا نام حقیقت سر کے احوال کا نام معرفت ہے۔

اعتراض : پہلا اعتراض ایک اهبطوا فرمانے کے بعد دوبارہ اهبطوا فرمانا بیکار ہے۔ اس لئے کہ پہلے آچکا ہے۔ جواب اس کا جواب گزر چکا کہ اس تکرار میں چار فائدے ہیں۔ دوسرا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ والوں کو خوف و غم نہیں ہوتا۔ اور حدیث پاک میں آتا ہے کہ جس قدر انسان کا درجہ اعلیٰ اسی قدر رنج و غم وبلا مصیبت اس کے لئے زیادہ نیز ہر مسلمان کو عبادت قبول نہ ہونے خاتمہ خراب ہونے یا اعمال برباد ہونے کا خطرہ لگا ہوا ہے۔ جواب: اس کا جواب بھی گزر گیا کہ یا تو اس سے قیامت کا خوف و غم مراد ہے یا جنت میں پہنچ جانے کے بعد یا دنیا میں نقصان و خوف و غم کی بھی نفی مقصود ہے۔

تفسیر صوفیانہ : جب رب نے آدم علیہ السلام کو زمین پر بھیجنے کی آزمائش میں مبتلا فرمایا تو ان کو تسلی دی کہ یہ امتحان اگرچہ بہت سخت ہے مگر اس میں ممتحن کی طرف سے چند طرح تمہاری اور تمہاری اولاد کی مدد فرمائی جائے گی۔ اور تم کو کامیاب ہونے اور اچھے نمبر لینے میں بہت مدد بھیجی جاوے گی۔ تم سے اور تمہاری اولاد سے ہمارا تعلق نہ ٹوٹے گا۔ بلکہ کسی کو بلاواسطہ کسی کو ایک واسطے سے اور کسی کو چند واسطوں سے وحی' کتاب' احکام وغیرہ پہنچائے جائیں گے جس نے اپنے قلب میں آدم علیہ السلام کی طرح ہماری محبت کا تخم بویا اور اس کو توبہ و گریہ زاری اور استغفار وغیرہ کے پانی سے پرورش کیا۔ یہاں تک کہ اس میں عبادت' اطاعت' معرفت وغیرہ کا پھل لگ گیا تو ان کو کھیتی بگڑنے' اجڑنے کا خوف اور اس تخم کے خراب ہو جانے کا غم نہ ہوگا۔ یعنی نہ تو ان کا تخم فاسد ہوگا اور نہ ان کی کھیتی برباد اور دنیا کی کوئی مصیبت ان کے لئے نقصان دہ نہ ہوگی بلکہ ہر مصیبت ان کو زیادہ راغب الی اللہ کرے گی۔

آب در کشتی ہلاک کشتی است آب اندر زیر کشتی پشتی است

کیونکہ ان کا دل ہماری محبت سے بھرا ہوگا۔ اس میں کسی بھی رنج و غم کی گنجائش نہ ہوگی۔ ہر مصیبت دل سے دبی ہوئی رہے گی۔ نیز دنیا کی خوفناک چیزیں خود ان سے خوف کریں گی۔ وہ کسی سے خوف نہ کریں گے جیسا کہ ثابت ہے کہ سانپ' بچھو وغیرہ بعض اولیاء اللہ کے تابعدار ہوئے اور بڑے بڑے سرکش جن و انسان ان کے مطیع فرمان رہے دوزخ کی آگ بھی ان سے خوف کرے دنیا کی آگ زہر وغیرہ ان کو نقصان نہ پہنچا سکیں۔ اب وہ بجز پروردگار کس سے خوف کریں۔ خیال رہے کہ ہر ایک کے لئے ہدایت علیحدہ اور اس کی اتباع جداگانہ۔ اسی طرح ان کا خوف و غم سے نجات پانا مختلف نوعیت کا ہے۔ غریب کے اور احکام مالدار کے اور عورت کے علیحدہ اہل طریقت و حقیقت و معرفت کی دوسری نوعیت جس قسم کی ہدایت اسی قسم کی اتباع پھر اسی طرح کی جزاء جیسا تخم ویسا ہی درخت اور اس ہی طرح کا پھل جانوروں کی بھی علیحدہ علیحدہ ہدایتیں ہیں یعنی دشمن انبیاء جیسے چھپکلی اور جو باد غیرہ اور بعض جانور خدام جیسے ہدہد اور کبوتر وغیرہ ان کی ہدایت ان کی طبعی حالت ہے۔

موسیا آداب دانا دیگر اند سوختہ جاں درد آناں دیگر اند

marfat.com
Marfat.com

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وہ جنہوں نے کفر کیا | اور جھٹلایا | آیتوں کو ہماری | یہ لوگ ساتھی ہیں آگ کے | | | | | | |
| اور جو کفر کریں | اور میری آیتیں | جھٹلائیں | تو وہ دوزخ والے | | | | | | |

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

| |
|---|
| وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں |
| ہیں ان کو ہمیشہ اس میں رہنا |

تعلق : اس آیت کا پہلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک: یہ کہ پہلے مومنین کا ذکر ہوا تھا۔ اب کفار کا اور ہر چیز کا پورا علم اس کی ضد سے ہوتا ہے۔ دوسرے: یہ کہ پہلے اس جماعت کا ذکر ہوا جو کہ جنت میں واپس آنے والی ہے۔ اب اس کا ذکر ہوا جو کہ وہاں پھر نہ جائے گی۔ تیسرے: یہ کہ اس سے پہلے جنت کے پہنچانے والے اعمال کا ذکر ہوا تاکہ ان کو اختیار کیا جائے اب جنت سے محروم کرنے والی چیزوں کا تذکرہ ہوا تاکہ اس سے پرہیز کیا جائے۔ یعنی وہ علاج تھا یہ اس کا پرہیز۔

تفسیر : والذین کفروا' کفروا۔ کفر سے بنا ہے جس کے معنی ہیں انکار کرنا یہاں دل کا انکار مراد ہے۔ کیونکہ زبانی انکار کا ذکر تو آئندہ آرہا ہے چونکہ دل کا انکار زبانی انکار سے پہلے ہوتا ہے اس لئے اس کا ذکر بھی پہلے ہوا اور تکذیب کا بعد میں۔ نیز جہنمی بن جانے کے لئے صرف دل کا انکار کافی ہے۔ خواہ زبانی انکار ہو یا نہ ہو۔ اس لئے بھی اس کو پہلے ہی فرمایا گیا۔ و کذبوا اس سے مراد ہے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھوٹا کہنا خواہ زبان سے ہو یا قلم سے یا فعل سے یا کسی اور علامت سے۔ مثلاً کسی کافر نے ساری عمر اپنے منہ سے کسی آیت کو جھوٹا نہ کہا بلکہ وہ اپنی پوجاپاٹ میں مشغول رہا وہ بھی اس میں داخل ہے کیونکہ اس کا ہندوانی کام کرنا اور کفری نشانیاں زنار استعمال کرنا ہی اس کی علامت ہے کہ وہ اسلامی احکام کو جھوٹا جان رہا ہے۔ خیال رہے کہ اس آیت کے معنی یہ نہیں ہیں کہ کفر اور تکذیب اور ان کاموں کے کرنے سے ہی صرف جہنمی ہو بلکہ ان دونوں میں سے کوئی بھی کام کرے۔ یقیناً جہنمی ہو جائے گا۔ لہٰذا منافقین جو دل سے کافر اور زبان سے مصدق تھے وہ جہنمی اور مشرکین و کفار جو دل سے حق جانیں مگر زبان سے تکذیب وہ بھی جہنمی جیسے ابو جہل وغیرہ لہٰذا نعت گو ہندو سب اس میں داخل ہیں۔ ہاں جو کہ دل سے اسلام کو مان چکا مگر زبان سے تصدیق کا موقعہ نہ ملا وہ انشاء اللہ جنتی ہے نیز اگرچہ خطاب کے وقت کفر اور تکذیب آئندہ ہونے والی تھی مگر چونکہ یہ یقینی چیز تھی لہٰذا ان دونوں کو بصیغہ ماضی فرمایا گیا چونکہ وہ علم الٰہی میں کافر و مکذب ہیں اس لئے ماضی ارشاد ہوا۔ یعنی جو میرے علم میں کافر و مکذب ہو چکے اور جن کا نام کافروں کی فہرست میں آچکا۔ یہ فہرست بعض انبیاء کرام کو بھی دکھائی گئی ہے آدم علیہ السلام نے تمام روحوں کو سیاہ سفید رنگ میں ملاحظہ فرمایا سیاہ کفار کی روحیں تھیں۔ سفید مومنوں کی ہمارے حضور نے دو کتابیں صحابہ کو دکھائیں۔ ایک مومنوں کی دوسری کافروں کی فہرست تھی بایتنا۔ آیات سے اللہ کی یقینی نشانیاں مراد ہیں۔ جو بھی اللہ کی نشانیوں کو جھٹلا دے یعنی یا تو آسمانی کتاب کا انکار کرے یا کسی پیغمبر کا یا قیامت' دوزخ و جنت کا یا کسی بھی اسلامی حکم قطعی کا وہ سب جہنمی ہیں۔ نیز اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ کم سے کم تین آیتوں کا انکار کرے وہ دوزخی ہو

marfat.com

Marfat.com

اگر ایک آیت کا یا کسی بھی اسلامی حکم قطعی کا وہ سب جہنمی ہیں۔ نیز اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ کم سے کم تین آیتوں کا انکار کرے وہ دوزخی ہو اگر ایک آیت کا انکار کر دیا۔ جہنمی ہو گیا کیونکہ ایک آیت کا انکار کل کا انکار ہے بادشاہ کے ایک قانون کو توڑنا تمام کا توڑنا ہے۔ دیکھو جال کا ایک پھندا کھل جانے سے تمام پھندے کھل جاتے ہیں۔ اولئک اگرچہ یہ کفار سننے والے کی نگاہ سے غائب تھے مگر چونکہ ان کے ایسے اوصاف بتا دیئے گئے جس سے وہ مثل محسوس کے ہو گئے۔ لہٰذا ان کی طرف اولئک سے اشارہ فرمادیا گیا۔ اصحب النار اصحاب جمع صاحب کی ہے جس کے معنی ہیں ساتھی یعنی کافر آگ کے ساتھی ہیں اور اس میں ہمیشہ رہنے والے یا اس کے معنی ہی والے اور مالک جیسے کہا جاتا ہے صاحب علم۔ صاحب مال۔ آیت کا مطلب یہ ہوا کہ یہ لوگ آگ والے ہیں اور آگ انہی کی خاطر بنائی گئی ہے۔ بعض گنہگار مسلمان بھی اگرچہ عارضی طریقے پر آگ میں رہیں گے لیکن آگ ان کی خاطر نہیں بنی ہے وہ کافروں کے طفیلی ہوں گے۔ النار اگرچہ دوزخ میں ٹھنڈے طبقے بھی ہیں۔ لیکن تھوڑے اور اس کے مستحقین بھی تھوڑے۔ اس لئے جہنم کو آگ ہی سے تعبیر کرتے ہیں یا یوں کہو کہ ان کی ٹھنڈک بھی آگ ہی کی وجہ ہے۔ دوزخ میں آگ ایک ہی جگہ جل رہی ہے۔ لیکن اس کے قریب اور دور رہونے کی وجہ سے ہر طبقے کی گرمی مختلف جیسے حمام میں آگ ایک جگہ مگر گرمی مختلف' یا آسمان پر سورج ایک جگہ مگر زمین کی ہر ولایت میں گرمی سردی جدا گانہ تو دوزخی کسی طبقے میں رہے اس کا تعلق آگ سے ہی ہے۔ کوئی آگ سے قریب رہ کر گرمی میں ہے۔ کوئی دور رہ کر سردی میں هم فيها خلدون' هم سے معلوم ہوتا ہے کہ آگ میں ہمیشہ رہنا صرف کافروں کے لئے ہے۔ مومن کتنا ہی گنہگار ہو کبھی نہ کبھی دوزخ سے ضرور نکل جائے گا۔ گنہگار مومن اور کافر کے عذاب میں چند طرح فرق ہوگا۔ ایک: یہ کافر کے لئے دوزخ میں ہیشگی ہے۔ مومن کے لئے نہیں جیسا کہ یہاں معلوم ہوا ہے۔ دوسرے: یہ کافر کو رسوا بھی کیا جائے گا۔ گنہگار مومن کو رب وہاں رسوا نہ کرے گا۔ رب فرماتا ہے و لهم عذاب الخزی تیسرے: یہ کہ دوزخ کی آگ کافر کے قالب و قلب ظاہر و باطن کو جلا دے گی رب فرماتا ہے۔ تطلع على الافئدة مومن کا دل زبان اعضاء سجدہ کو آگ نہ جلائے گی جیسا کہ حدیث شفاعت میں وارد ہے۔ پھر کفار کے عذاب بھی مختلف ہیں ابولہب اور ابو طالب کا عذاب یکساں نہیں خیال رہے کہ مومن و کافر ہونے میں خاتمے کا اعتبار ہے یعنی جس کا خاتمہ ایمان پر ہو وہ مومن ہے اور جس کا کفر پر ہو وہ کافر ہے۔ اگرچہ زندگی میں کیسے ہی ہوں وہی اس جگہ مراد ہیں۔

خلاصہ ء تفسیر : جب کہ مومنوں کا انعام بیان فرمادیا گیا تو اب کافروں کے عذاب کا ذکر ہوا اور فرمایا گیا کہ جو ہماری ہدایت کو دل سے نہ مانے گا اور ہماری کسی نشانی کتاب یا پیغمبر یا دینی چیز کا زبان سے انکار کرے گا یا ان میں غور تامل نہ کرے گا بلکہ جانوروں کی طرح کھانے پینے اور دنیا کے مزے اڑانے ہی کو اپنا مقصود اصلی سمجھے گا۔ وہ ہمیشہ دوزخ کی آگ میں جلے گا اور کبھی بھی وہاں سے نہ نکل سکے گا۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا: یہ کہ کفر و ایمان کے درمیان کوئی اور درجہ نہیں یعنی انسان مومن ہو گا یا کافر یہ ناممکن ہے کہ نہ مومن ہو نہ کافر کیونکہ اس آیت میں انسانوں کی دو ہی قسمیں بیان کی گئی ہیں۔ لہٰذا منافقین تو کافر ہیں اور مسلمانوں کے بچے مومن کفار کے بچے شرعاً" کافر' عند اللہ رب جانے' دوسرے: یہ کہ دوزخ اور جنت کے

marfat.com
Marfat.com

علاوہ کوئی مستقل جگہ نہیں اعراف ایک عارضی مقام ہو گا۔ جیسے راستے میں منزل اس کی تحقیق انشاء اللہ سورہ اعراف میں ہی کی جائے گی۔ کیونکہ قرآن پاک میں ہر جگہ ان دو ہی مقابلات کا ذکر آتا ہے۔ **تیسرے:** یہ کہ دل کا کفر اور زبان کا انکار دونوں کا ایک ہی حکم ہے کیونکہ یہاں **کفروا** اور **کذبوا** کی ایک ہی سزا بیان فرمائی۔ **چوتھے:** یہ کہ دین کی کسی یقینی بات کا انکار در حقیقت اس کی ساری باتوں کا انکار ہے کیونکہ یہاں فرمایا گیا **ایتنا پانچویں:** یہ کہ ایمان کی طرح کفر میں بھی زیادتی کمی ہونا ممکن ہے یعنی سارے قرآن پاک کا منکر اور ایک آیت کا منکر یا صرف قیامت کا منکر پورے کافر ہیں۔ ان میں کوئی آدھا یا چوتھائی کافر نہیں کیونکہ اس آیت میں ہر کافر کی ایک ہی سزا بیان ہوئی ہاں ایمان کی طرح کفر کے بھی چند عارضی مرتبے ہیں۔ بعض سخت کافر' بعض ہلکا کافر مگر اس لحاظ سے دوزخ کے طبقے اور ان کے عذاب علیحدہ علیحدہ ہیں۔ **چھٹے:** یہ کہ جس شخص تک اسلامی احکام نہ پہنچے ہوں اس کے لئے صرف اللہ کو ایک ماننا کافی ہے۔ اگر وہ موحد ہو جائے تو مومن ہو گا نہ کہ کافر کیونکہ کفر کے معنی ہیں انکار اور انکار بغیر خبر نہیں ہو سکتا اور نہ بے خبر کو منکر کہا جا سکے۔ لہٰذا حضور کے والدین کریمین کو کافر نہیں کہہ سکتے۔ کیونکہ وہ موحد تھے اور اسلام کے تشریف لانے سے پہلے انتقال فرما گئے اس آیت میں فرمایا گیا جو ہماری آیتوں کو جھٹلائے وہ جہنمی۔ بتاؤ انہوں نے کون سی آیات الٰہی کا انکار کیا تھا بلکہ حق تو یہ ہے کہ آدم علیہ السلام تا حضرت عبداللہ حضور کے نسب میں کوئی کافر نہ گزرا۔ انشاء اللہ اس کی تحقیق **لقد جاء کم رسول** اور **تقلبک فی السجدین** میں کی جائے گی اور بفضلہ تعالیٰ حضور کے والدین کریمین کے ایمان کی مکمل و مفصل بحث اس پارے میں زیر آیت **ولا تسئل عن اصحب الجحیم** میں کر دی گئی ہے ملاحظہ فرماؤ۔ ہماری کتاب "شان حبیب الرحمٰن" میں بھی دیکھو۔

**اعتراض: پہلا اعتراض:** جس کے دل میں ایمان ہو اور زبان سے ظاہر کرنے کا موقع نہ ملے وہ کس زمرے میں شمار ہے۔ **جواب:** وہ اللہ کے نزدیک مومن ہے مگر شرعاً" اس کا اسلام ظاہر نہ ہونے کی وجہ سے اس کی نماز جنازہ وغیرہ نہیں پڑھ سکتے۔ **دوسرا اعتراض:** ایسا شخص جنت میں ہو گا یا دوزخ میں ہے۔ **جواب:** وہ آخر کار بغیر شفاعت جنت میں جائے گا حدیث شریف میں ہے کہ شفاعت کرنے والے رائی بھر ایمان والوں کو بھی جہنم سے نکال لے جائیں گے۔ تب رب تعالیٰ اپنا دست قدرت بھر کر جہنمیوں کو جنت میں پہنچائے گا اس دست قدرت میں اسی قسم کے لوگ ہوں گے جن کا ایمان شرعی نہ تھا۔ **تیسرا اعتراض:** مشرکین کے بچے کس زمرے میں ہیں کیونکہ ان پر اس آیت کا کوئی جزء صادق نہیں آتا۔ **جواب:** بہت ممکن ہے کہ وہ جنت میں مومنوں کے خادم بنا کر رکھے جائیں۔ مگر بہتر یہ ہے کہ ان کے متعلق خاموشی اختیار کی جائے۔ کیونکہ اس میں روایتیں مختلف ہیں۔ **چوتھا اعتراض:** ابو طالب اس آیت کے دونوں مضمونوں سے خارج معلوم ہوتے ہیں۔ کیونکہ انہوں نے نہ تو ہدایت اختیار کی اور نہ انکار کیا۔ ان کے اشعار سے حضور کی تعریف ثابت ہے۔ **جواب:** ان کا ایمان شرعاً" ثابت نہیں ہوا صرف نعت گوئی یا حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی اس لئے خدمت کرنا کہ وہ میرے بھائی کے فرزند ہیں۔ اس سے شرعاً" ایمان ثابت نہیں ہو سکتا۔ ایمان نام تصدیق کا ہے۔ یعنی سچا ماننا نہ کہ محض جاننا۔ ہاں بہت کم ممکن ہے کہ یہ اللہ کے نزدیک مومن ہوں۔ انشاء اللہ اس کی تحقیق بھی کسی مقام پر کر دی جائے گی۔

**تفسیر صوفیانہ:** ہر انسان فطرت (پیدائشی ایمان) پر پیدا ہوتا ہے۔ جو اس کے قلب میں تخم کی طرح ہے جنہوں نے اس تخم

marfat.com
Marfat.com

محبت کو نفسانی شہوات میں میں چھپادیا اور انکار کی گرم ہواؤں سے اس کو جلادیا۔ وحی اور الہام کے خوشگوار پانی اور ہوائیں اس تک نہ پہنچنے دیں اور اس میں معرفت قربت کے پھل نہ لگنے دیئے یہاں تک کہ اس کو فاسد کردیا۔ وہ ہمیشہ نار فراق میں رہیں گے اور کبھی اس سے نجات نہ پائیں گے۔

**حضرت آدم کے قصے کے فائدے :** اس پورے واقعہ سے چند عجیب عجیب فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ سب کا بہکانے والا شیطان اور شیطان کو بہکانے والا نفس لہٰذا نفس شیطان سے زیادہ خطرناک ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔

نفس ماہم کمتر از فرعون نیست　　لیک اور اعون مارا عون نیست

**دوسرے:** یہ کہ دنیا میں سب سے پہلا گناہ (شیطان کی نافرمانی) حسد سے ہوا۔ معلوم ہوا کہ حسد تمام گناہوں کی جڑ ہے۔ حسد کی وجہ سے نفس عقل کو ڈھک لیتا ہے۔ دیکھو حسد' حرص ہوس' طمع' سب نقطوں سے خالی ہیں۔ ایسے ہی حاسد وغیرہ بھی دنیا کی ہر نعمت سے محروم۔ **تیسرے:** یہ کہ جہاں تک شیطان براہ راست نہ پہنچ سکے وہاں عورت کے ذریعے سے پہنچتا ہے۔ جیسے کہ آدم علیہ السلام پر بذریعہ حضرت حوا اس نے حملہ کیا۔ **چوتھے:** یہ کہ نبوت اعمال سے نہیں حاصل ہوتی۔ بلکہ محض رب کے فضل سے ورنہ شیطان یا کسی فرشتے کو ملنی چاہئے تھی۔ **پانچویں:** یہ کہ پیغمبر کی توہین کرنے والے کو ہدایت نصیب نہیں ہوتی۔ رب نہیں چاہتا کہ میری جنت میں کوئی میرے دوست کا دشمن آجائے۔ **چھٹے:** یہ کہ نبی کی توہین کے ساتھ خدا کی توہین ہے۔ جو شیطان کی توحید مردود بنادیتی ہے۔ **ساتویں:** یہ کہ انسان نے دنیا میں آکر سب سے پہلی عبادت گریہ وزاری کی اور استغفار کی۔

| |
|---|
| يٰبَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ |
| اے اولاد یعقوب کی یاد کرو احسان میرا وہ جو احسان کیا میں نے اوپر تمہارے |
| اے یعقوب کی اولاد یاد کرو میرا وہ احسان جو میں نے تم پر کیا اور |
| اَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ۴۰ |
| اور پورا کرو عہد میرا پورا کروں گا میں عہد تمہارا اور مجھ سے ہی پس ڈرو تم لوگ |
| میرا عہد پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا اور خاص میرا ہی ڈر رکھو۔ |

**تعلق :** اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ پہلے عام انسانوں کو رب کی عام نعمتیں یاد دلا کر ایمان کی رغبت دی گئی اب خاص بنی اسرائیل کو ان سے خاص احسان الٰہی یاد دلا کر ایمان کی طرف راغب کیا گیا۔ کیونکہ سورہ بقر مدنی ہے اور مدینہ منورہ میں بنی اسرائیلی بکثرت آباد تھے۔ یہ لوگ اہل علم بھی تھے اور اہل کتاب بھی۔ ان کی وہاں عزت بھی تھی ان کے ایمان لانے سے دوسرے بہت سے لوگ ایمان لے آتے اور یہ ہی لوگ نبی آخر الزمان کی خوشخبریاں بھی دیا کرتے تھے۔ دوسرے یہ کہ اس سے پہلے عام لوگوں کو وہ عہد و پیمان یاد دلائے گئے تھے جو انہوں نے میثاق کے دن رب سے کئے تھے۔ اب بنی اسرائیل کو وہ خاص عہد و پیمان یاد دلائے جارہے ہیں جو کہ ان سے خاص طور لئے تھے۔ تیسرے یہ کہ بنی اسرائیل کا قصہ حضرت آدم کے قصے کے مطابق تھا کہ آدم علیہ السلام سے بھی ایک خطا کی وجہ سے جنت کا عیش و آرام چھوٹا۔ دنیا کی مشقتیں پڑ

marfat.com
Marfat.com

گئیں بنی اسرائیل سے بھی ایک خطا کی وجہ سے من و سلویٰ چھوٹا اور ان پر دنیاوی مصیبتیں نازل ہوئیں۔ چوتھے یہ کہ پہلے معلوم ہو چکا کہ شیطان کو حسد نے تباہ کر دیا کہ وہ آدم علیہ السلام سے پہلے اپنے کو خلافت کا حقدار سمجھتا تھا۔ آدم علیہ السلام کی قدر و منزلت اس سے دیکھی نہ گئی اور ان کا انکار کر کے ملعون ہوا۔ کفار بنی اسرائیل بھی حضور علیہ السلام کی تشریف آوری سے پہلے سمجھتے تھے کہ پہلے پیغمبروں کی طرح نبی آخر الزمان بھی بنی اسرائیل ہی میں سے ہوں گے۔ مگر جب بنی اسمٰعیل میں سے حضور تشریف فرما ہوئے تو یہ لوگ حسد سے منکر ہو گئے۔ نیز حضور سے پہلے مدینہ منورہ میں علماء بنی اسرائیل کی بہت عزت اور ان کو کافی آمدنی تھی مگر حضور علیہ السلام کی تشریف آوری سے ان کی قدر و منزلت نہ رہی جس کی وجہ سے بعض تو کھلے دشمن بن گئے اور بعض منافق لہٰذا اب ان کو خطاب ہو رہا ہے کہ اے بنی اسرائیل تم شیطان کے واقعہ سے عبرت حاصل کرو۔ وہ بھی حسد ہی کا شکار ہوا تھا کہیں تم بھی حسد سے اس کی طرح نہ ہو جاؤ۔ یہاں سے "سیقول" تک ان سے ہی کلام جاری ہے۔ پانچویں اس طرح کہ اس سے پہلے آدم علیہ السلام کے واقعات بیان فرما کر حضور علیہ السلام کی نبوت ثابت فرمائی گئی کہ اگر ہمارے محبوب علیہ السلام سچے پیغمبر نہ ہوتے تو بغیر پڑھے ہوئے گذشتہ واقعات اس طرح سچے اور صحیح کیسے بیان فرما دیتے۔ اب بنی اسرائیل کے گزرے ہوئے سارے واقعات بلا کم و کاست بیان ہو رہے ہیں۔ تاکہ یہ لوگ ان واقعات کو اپنی کتابوں کے موافق پا کر حضور علیہ السلام کی نبوت کے قائل ہوں۔ اس کے سوا اور بھی وجوہ تعلق نکل سکتے ہیں مگر اتنے ہی میں کفایت ہے یہ قصے کا قصے سے تعلق تھا۔ آیات کا تعلق ہر آیت کے ساتھ انشاء اللہ بیان ہو گا۔

تفسیر : **یبنی اسرائیل** ہم پہلے بتا چکے ہیں ندا چار طرح کی ہوتی ہے یہاں غافلوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کی ندا ہے۔ بنی ابن کی جمع ہے ۔ بنین سے بھی آتی ہے اور بنوں سے بھی یہاں پہلی سے ہے اگرچہ ابن لغۃً بیٹے کو کہتے ہیں مگر اصطلاح میں اولاد کے معنی میں بولا جاتا ہے خواہ بیٹی ہو یا بیٹا اور خواہ قریبی ہوں یا دور کے جیسے بنی آدم اس معنی میں یہ بنی بھی ہے۔ اسرائیل حضرت یعقوب کا لقب ہے۔ آپ کا نام یعقوب تھا۔ یعقوب عقب سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں۔ پیچھے چونکہ حضرت یعقوب اور ان کے بھائی عیص ایک ساتھ (جڑواں) پیدا ہوئے تھے مگر حضرت عیص کسی قدر پہلے اور یعقوب پیچھے۔ اس لئے ان کا نام یعقوب ہوا' یہ اپنے والد اسحٰق علیہ السلام کے بہت خدمت گزار فرزند تھے' ایک دفعہ حضرت اسحٰق عبادت کے لئے گوشہ نشین ہوئے اور ان کو دروازہ حجرہ پر بٹھا دیا کہ کسی کو اندر نہ آنے دینا' اچانک ایک مقرب فرشتہ انسانی شکل میں آیا اور حضرت اسحٰق کی ملاقات کا اشتیاق ظاہر کیا' آپ نے منع کیا مگر وہ نہ مانا' انہوں نے اس کو جبراً" روکا حضرت اسحٰق علیہ السلام دروازے کا شور سن کر باہر آئے دیکھا تو حضرت یعقوب فرشتہ سے جھگڑ رہے ہیں انہوں نے فرمایا کہ برخوردار یہ فرشتہ مقرب ہے اور فرشتہ سے معذرت فرمائی کہ انہوں نے آپ کو پہچانا نہیں۔ اس نے یعقوب علیہ السلام کی بہت تعریف کی اور فرمایا کہ اسی طرح حق خدمت ادا کرنا چاہئے اور فرمایا کہ ہماری طرف سے ان کا نام اسرائیل رکھو "تفسیر عزیزی" اسرائیل دو لفظوں سے بنا ہے اسرا کے معنی یا تو بندہ ہیں اور یا برگزیدہ اور ایل زبان عبرانی میں حق تعالیٰ کا نام ہے لہٰذا اسرائیل کے معنی یا تو ہیں اللہ کا بندہ یعنی عبد اللہ اور یا اللہ کا مقبول بندہ۔ چونکہ یہ نام فرشتے نے تجویز کیا اس لئے فرشتوں کا سا ہی نام ہے جیسے جبرائیل' میکائیل' اسرافیل وغیرہ خیال رہے کہ ان کی اولاد کا نام بنی اسرائیل ہوا نہ کہ بنی یعقوب کیونکہ یہ نام حضرت یعقوب کو خدمت کے صلہ میں ملا تھا۔ ان کی اولاد کو بنی اسرائیل

marfat.com
Marfat.com

فرمانے میں ان کو اطاعت الٰہی کی رغبت دینا ہے کہ تم اس کے فرزند ہو جس نے اطاعت کر کے ہماری طرف سے اعلیٰ خطاب پایا تم بھی اپنے خطاب یافتہ والد کے نقش قدم پر چل کر اچھے خطاب حاصل کرو۔ بنی اسرائیل کے باقی واقعات اور یعقوب علیہ السلام کے کچھ حالات انشاء اللہ اسی آیت کے خلاصہ تفسیر میں بیان ہوں گے **اذکروا** یہ لفظ یا توذکر ذال کے پیش سے بنا ہے جس کے معنی ہیں یاد رکھنا یعنی بھول نہ جانا۔ یا ذکر ذال کے زیر سے۔ جس کے معنی ہیں بیان کرنا جس کا مقابل ہے خاموشی۔ لہٰذا اس کے معنی ہوئے کہ اللہ کی نعمتوں کو یاد رکھو۔ ان کا چرچا کرو۔ (تفسیر روح البیان) ہم کو بھی حکم ہے **واما بنعمتہ ربک فحدث** رب کی نعمت 'اپنے گناہ' دوسروں کے اچھے سلوک یاد رکھنا۔ یاد کرنا عبادت ہے حضور نے آخر تک ابو بکر صدیق اور انصار کے سلوک کی تعریف فرمائی۔ رب کے امتحانات 'اپنی نیکیاں دوسروں کی بد سلوکی بھول جانا عبادت ہے فتح مکہ کے بعد حضور نے اہل مکہ کی ایذاؤں کا تذکرہ بھی نہ کیا۔ یوسف علیہ السلام نے بھائیوں کی ایذاؤں کی شکایت والد سے نہ کی۔ **نعمتی** نعمت اس نفع کو کہتے ہیں جو بطریق احسان کسی کو پہنچایا جائے یہاں اس سے جنس نعمت مراد ہے نہ کہ خاص ایک نعمت یعنی اس نعمت و کرم کو یاد کرو جو کہ خاص تم پر کئے گئے جیسے فرعون کو ہلاک کرنا تمہیں مصر کا ملک دینا تمہارے لئے دریا کو خشک کرنا تم پر من و سلویٰ برسانا تم کو توریت شریف عطا فرمانا تمہارے لئے پتھر سے پانی کے چشمے نکالنا تمہارے گروہ میں پیغمبروں کا بھیجنا وغیرہ وغیرہ یہ نعمتیں اگرچہ تمہارے باپ دادا کو ملیں مگر باپ دادوں پر احسان اولاد پر احسان ہے اس لئے تم اس احسان کو یاد رکھو اور شکریہ ادا کرو۔ **التی انعمت علیکم** یعنی وہ نعمتیں جو ہم نے خاص تم کو عطا فرمائیں یعنی تم کو ایک تو عام لوگوں کے ساتھ نعمتوں سے حصہ دیا۔ اور ان کے علاوہ خاص وہ نعمتیں دیں جو تمہارے سوا دوسرے قبیلوں کو نہ ملیں چونکہ زیادہ نعمتیں زیادہ شکر کا باعث ہیں لہٰذا بمقابلہ دوسروں کے تم کو بہت جلد ایمان لانا چاہئے بلکہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری تمہارے واسطے خصوصاً بڑی نعمت ہے کیونکہ ان کی تشریف آوری سے تمہاری کتابوں تمہارے پیغمبروں کا دنیا بھر میں قیامت تک کے لئے پرچار ہو گا۔ خیال رہے کہ ایک لحاظ سے حضور سارے جہان کے لئے نعمت الٰہی ہیں۔ **وما ارسلنک الا رحمتہ للعلمین** کہ حضور کی برکت سے دنیا کو عذاب سے امن ملی انہیں ہر قسم کی نعمتیں مل رہی ہیں۔ دوسرے لحاظ سے حضور صرف مومنوں کے لئے رحمت ہیں۔ **وبالمومنین رؤف رحیم۔ ولقد من اللہ علی المومنین۔** حضور کی طفیل انہیں ایمان قرآن رحمٰن وغیرہ ملے تیسرے لحاظ سے حضور گزشتہ نبیوں کے لئے نعمت کہ ان سب کی تصدیق حضور کے طفیل ہوئی ان کے نام کے ڈنکے بجائے گئے خصوصاً" حضرت عیسیٰ و مریم و سلیمان علیہ السلام پر کہ ان کو یہود نے تہمتیں لگائیں حضور کے طفیل وہ دور ہوئیں چوتھے اعتبار سے حضور بنی اسرائیل کے لئے رحمت کہ یہ لوگ دنیا بھر میں حضور کی آمد کا اعلان کرتے پھرتے تھے۔ حضور کی آمد سے وہ سب سچے ہو گئے جو انتیس کے چاند کا اعلان کرے پھر چاند ہو جائے تو یہ سچا ہو جاتا ہے۔ پانچویں اعتبار سے حضور اگلی کتابوں کے لئے نعمت کہ ان کی تصدیق حضور نے کی **واوفوا بعھدی۔ اوفوا'** وفاء سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں پورا کرنا۔ عہد باہمی قرارداد اور آپس کے معاہدے کو کہتے ہیں مطلب یہ ہوا کہ اے بنی اسرائیل تم نے جو کچھ ہم سے عہد و پیمان کر لیا ہے اب وہ پورا کرو اس عہد میں چند احتمالات ہیں ایک یہ کہ حق تعالیٰ نے سارے بندوں سے اپنی ذات و صفات اور تمام پیغمبروں پر ایمان لانے کا عہد لیا تھا جس میں بنی اسرائیل بھی شامل تھے تو مطلب یہ ہوا کہ سب ہی کو عہد پورا کرنا ضروری ہے۔ مگر تم کو خاص طور پر زیادہ ضروری کیونکہ تم پر سرکاری انعام زیادہ ہوئے دوسرے یہ کہ اس سے خاص وہ عہد مراد ہے جو بنی

marfat.com
Marfat.com

اسرائیل سے لیا گیا جس کا ذکر اس آیت میں ہے **ولقد اخذ اللہ میثاق بنی اسرائیل و بعثنا منھم اثنی عشر نقیبا۔** تیسرے یہ کہ اس سے نبی آخر الزمان پر ایمان کا عہد مراد ہے **الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندھم فی التورٰۃ والانجیل** چوتھے یہ کہ اس سے وہ عہد مراد ہے جو حضرت آدم کے جنت سے اترتے وقت لیا گیا تھا کہ جب ہماری طرف سے ہدایت پہنچے تو اس کی پیروی کریں پانچویں یہ کہ اس سے وہ عہد مراد ہے جو تمام پیغمبروں سے نبی آخر الزمان کی اطاعت کرنے کا لیا گیا تھا۔ چونکہ نبی کا عہد ساری امت کا عہد ہوتا ہے اس لئے فرمایا جا رہا ہے کہ اے بنی اسرائیلیو اگر تمہارے پیغمبران عظام ہی بظاہر دنیا میں جلوہ گر ہوتے تو اس نبی پر ایمان لاتے خوش قسمتی سے تم کو یہ موقع ملا ہے تم فوراً" وہ عہد پورا کر دو۔ چھٹے یہ کہ اس سے یہ عہد مراد ہے جو اہل کتاب سے لیا گیا کہ ہمارے نبی آخر الزمان کے اوصاف جو تورات و انجیل میں ہوں ان کو نہ چھپائیں اور نہ مٹائیں فرمایا جا رہا ہے کہ اے بنی اسرائیل اس عہد کے پورا کرنے کا وقت اب آیا ہے۔ اٹھو ہاتھ میں تورات و انجیل لو اس محبوب کے اوصاف لوگوں کو سناؤ اور سب کو ان کی طرف بلاؤ اور رب جانتا ہے کہ اگر علماء اہل کتاب حضور کے اوصاف جو پچھلی کتابوں میں تھے نہ چھپاتے تو میرے خیال میں کوئی عیسائی اور یہودی کافر نہ رہتا سب اسلام لے آتے انشاء اللہ حضور کے اس قسم کے اوصاف ہم اس تفسیر میں آئندہ بیان کریں گے۔ اور اپنی کتاب شان حبیب الرحمٰن میں بھی بیان کر چکے ہیں۔ **اوف بعھدکم** سبحان اللہ کیا پیارا اور امید افزا ارشاد ہے۔ رب فرما رہا ہے تم میرا عہد پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا۔ خیال رہے کہ پہلے جملہ میں عہد کی اضافت فاعل کی طرف ہے اور دوسرے میں مفعول کی طرف تو معنی یہ ہوئے کہ تم وہ عہد پورا کرو جو میں نے تم سے لیا میں وہ عہد پورا کروں گا جو میں نے اپنے کرم سے تم سے کر لیا ہے۔ رب نے بھی ہم سے اپنے فضل سے بہت سے وعدے فرمائے ہیں۔ (1) تمہارے اعمال قبول فرمائے جائیں گے۔ (2) تم کو جنت میں واپس بلایا جائے گا۔ (3) تمہارے گناہ معاف کئے جائیں گے۔ (4) تم کو دین و دنیا کے غم سے نجات دی جائے گی۔ (5) تم کو عزت و عظمت بلکہ سلطنت دی جائے گی۔ (6) تم کو اپنا دیدار دیا جائے گا مگر یہ تمام عہد اس صورت میں ہیں کہ تم اس محبوب کے وفادار رہو۔

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں ‏ ‏ ‏ یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

خلاصہ یہ ہوا کہ اول تو یوں بھی مرد کو اپنی زبان کا پاس چاہئے جو کہے وہ کر کے دکھائے تم بھی میرا عہد پورا کر کے دکھاؤ دوسرے یہ عہد تو رب کے ساتھ نفع بخش تجارت بھی ہے کہ ایک عہد پورا کرو ہزار گنا نفع لو پھر عہد توڑنا سراسر نافرمانی اور نامردی کی بات ہے۔

علماء بنی اسرائیل کو خطرہ تھا کہ اگر ہم اسلام قبول کر لیں تو ہماری وہ آمدنیاں بند ہو جائیں گی اور نذریں نیازیں اور تحفے ہدیے وغیرہ ختم ہو جائیں گے جو ہم کو اپنے جہلاء سے حاصل ہوتے ہیں نیز وہ ہماری سرداری بھی جاتی رہے گی جو ہم کو اب حاصل ہے ان کو فرمایا گیا کہ دنیا والوں اور یہاں کی مصیبتوں وغیرہ سے نہ ڈرو بلکہ ہم سے خوف کرو یعنی ایمان میں تم کو دنیوی نقصان ہے اور ایمان نہ لانے میں ہماری ناراضی جو دنیا اور آخرت کا وبال ہے اور اس سے یہ زیادہ سخت ہے لہٰذا ہم سے خوف کر کے ایمان لے آؤ خیال رہے کہ ڈر دو قسم کا ہوتا ہے عذاب سے اور جلال سے۔ پہلا ڈر تو دور ہو سکتا ہے۔ دوسرا نہیں یعنی خوف جلال ہر وقت رہتا ہے اسی لئے یہاں **ایای** فرمایا گیا یعنی میری کبریائی اور جلالت ذات سے ڈرو یہ نہ کہا **وعقابی**

marfat.com
Marfat.com

فارھبون یہ بھی خیال رہے کہ خوف اور رہب میں فرق ہے۔ خوف تو محض ڈر جاتا ہے اور رہب ڈر کر برائیوں سے رک جانا کہ جب اللہ کا عذاب سنا دل کانپ گیا۔ چار آنسو بہہ گئے یہ خوف ہوا اور اللہ کی پکڑ سے ڈر کر گناہوں سے توبہ کرلی اور پھر ان کے قریب نہ گئے۔ یہ رہب ہوا۔ یہاں فرمایا گیا کہ مجھ سے ڈر کر میرے محبوب صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی مخالفت سے باز آجاؤ۔

**خلاصہ تفسیر:** بنی اسرائیل خوف اور حسد کی وجہ سے اسلام قبول نہ کرتے تھے کیونکہ ان کا خیال تھا کہ نبی آخر الزمان بھی ہمارے ہی خاندان سے ہوں گے۔ جب اولاد اسمٰعیل میں یہ آفتاب چمکا۔ یعنی حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی جلوہ گری ہوئی تو یہ لوگ جل کر سیاہ خاک ہو گئے۔ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے بے وقوفو تم اپنے انعامات کو بھی یاد کرو کہ تم میں انبیاء علیہ السلام بھیجے۔ کتابیں نازل فرمائیں۔ تمہیں غلبہ دیا حکومت اور عزت عنایت کی دولت اور سلطنت عطا فرمائی۔ جلالت و حشمت تمہارے حصہ میں آئی۔ علم و فضل تمہیں دیا گیا جاہ و جلال تمہیں بخشا گیا اب اگر آخری نبی بنی اسمٰعیل میں تشریف لے آئے تو اس میں تمہارا کیا بگڑ گیا۔ کیا رب کی ساری نعمتوں کے تم ہی ٹھیکیدار ہو۔ اس حسد سے باز آجاؤ اور اپنی تمام نعمتوں کو یاد کر کے اپنا وہ وعدہ پورا کرو جو تم نے ہم سے کیا تھا کہ جب نبی آخر الزمان تشریف لائیں گے تو ہم ان پر ایمان لائیں گے ہم نے جو تم سے وعدہ کیا ہے پورا کر دیں گے یعنی تم کو غلبہ دیں گے اور دنیوی نعمتوں سے مالا مال کر دیں گے اور تم کو جو اپنی آمدنی وغیرہ بند ہونے کا ڈر لگا ہے اس کو دل سے نکال دو صرف ہم سے خوف کرو اگر تم ایمان لے آئے تو دیکھنا کہ تمہاری عزت و آبرو مال و دولت وغیرہ میں ترقی ہوگی۔ رب تعالیٰ نے بندوں سے دو قسم کے وعدے کئے ہیں ایک غیر مشروط جیسے رزق اور دنیاوی نعمتیں کہ فرمایا **نوفھم** **وایاکم** دوسرا مشروط اگر تم مومن و پرہیز گار بنو گے تو تم کو جنت مغفرت دنیا میں عظمت و سلطنت معرفت وغیرہ بخشیں گے فرمایا **انتم الاعلون ان کنتم مومنین**۔ یہاں دوسرا وعدہ مراد ہے دنیا کی نعمتیں دولھا کی نچھاور ہیں جسے دوست دشمن سب پاتے ہیں مگر آخرت کی نعمتیں برات کا کھانا یا جوڑے ہیں جو اپنوں کو دیئے جاتے ہیں غیروں کو نہیں مگر افسوس کہ ہم کو دنیا کی فکر ہردم ہے آخرت کی فکر بالکل نہیں رب کرم فرمائے۔ بنی اسرائیل حضرت ابراہیم بابل کے شہر کسدیون میں رہتے تھے جس کا دوسرا نام ارتھا وہاں سے آپ کے باپ تارخ اپنے بیٹے ابراہیم اور پوتے لوط اور حضرت ابراہیم کی بیوی سارہ کو لے کر وہاں سے جنوب کی طرف سے مقام حران میں آبسے وہاں ہی تارخ نے وفات پائی پھر وہاں سے ابراہیم اپنی بیوی سارہ اور لوط کو لے کر کنعان میں آئے اور جتیون کے علاقے میں مقام خبروں میں قیام فرمایا آپ کی دو بیبیاں تھیں بڑی بیوی حضرت سارہ اور چھوٹی حضرت ہاجرہ اور آپ کے آٹھ بیٹے تھے حضرت سارہ سے ایک بیٹا حضرت ہاجرہ سے سات حضرت اسماعیل جو سب سے بڑے تھے زمران، یسقان، مادان، مدیان، اسباق، سوخ (تفسیر حقانی) ان میں سے اسمٰعیل عرب میں آن بسے تھے۔ ان کی اولاد کو بنی اسمٰعیل کہتے ہیں اور انہیں میں سے حضرت محمد مصطفیٰ علیہ السلام، مگر اسحاق کنعان میں ہی رہے اسحاق نے حضرت لوط کی لڑکی سے نکاح کیا جن سے دو بیٹے ایک ہی حمل سے پیدا ہوئے ایک عیص اور دوسرے یعقوب اسحاق نے اپنی آخر عمر میں ان دونوں کو اپنا سجادہ نشین بنایا اور یعقوب کو دعا دی کہ حق تعالیٰ تمہاری اولاد میں نبوت جاری رکھے اور عیص سے فرمایا کہ تمہاری نسل میں بادشاہت رہے پھر حضرت یعقوب علیہ السلام کو اپنا جانشین بنا کر وصال فرما گئے۔ عیص بہت مالدار ہو گئے اور یعقوب علیہ السلام بہت مسکین۔ ان کی والدہ نے مشورہ دیا کہ اے یعقوب تمہارا یہاں رہنا مناسب نہیں۔ تم اپنے ماموں لایان کے پاس چلے جاؤ وہ مالدار

marfat.com
Marfat.com

آدمی ہیں تمہاری پرورش کریں گے اور ممکن ہے کہ اپنی بیٹی سے تمہارا نکاح بھی کردیں۔ یعقوب علیہ السلام اپنے ماموں کے گھر آگئے وہ ان کے آنے سے بہت خوش ہوئے اور کچھ روز کے بعد اپنی بڑی بیٹی سے نکاح بھی کردیا۔ جس سے چار بیٹے پیدا ہوئے۔ روبیل، شمعون، لاوا، یہودا اس کے بعد یعقوب علیہ السلام کی بیوی انتقال کر گئیں' لایان نے اپنی دوسری بیٹی ان کے نکاح میں دے دی جس سے دو بیٹے پیدا ہوئے اور یہ بھی انتقال کر گئیں پھر لایان نے تیسری بیٹی ان کے نکاح میں دے دی جس سے چند بیٹے پیدا ہوئے اور یہ بھی انتقال کر گئیں پھر لایان کی چوتھی بیٹی آپ کے نکاح میں آئیں جن کا نام راحیل تھا انہی سے یوسف علیہ السلام اور بنیامین پیدا ہوئے اب یعقوب علیہ السلام کی عمر چالیس سال ہو چکی تھی ان کو نبوت ملی اور حکم ملا کہ کنعان جاکر تبلیغ کرو۔ لایان اپنے داماد کی نبوت پر بہت خوش ہوئے اور یعقوب علیہ السلام کو مع ان کی بیوی راحیل اور ان کی ساری اولاد کے رخصت کیا اور رخصت کے وقت پانچسو بکریاں اور پانچ سو بیل اور پانچ سو اونٹ اور پانچ سو خچر جہیز دیا۔ بہت سے غلام بہت سے جوڑے اور بہت سا روپیہ ان کو دیا۔ جب آپ اس ساز و سامان سے کنعان پہنچے تو عیص نے ان کا استقبال کیا اور ان کی آمد کی بڑی خوشی منائی اور عرض کیا کہ میرے لئے بھی دعا کرو کہ میری نسل میں بھی کوئی پیغمبر ہو۔ آپ نے فرمایا کہ تمہاری اولاد میں ایوب اور سکندر ذوالقرنین ہوں گے یوسف علیہ السلام دو برس کے تھے کہ ان کے بھائی بنیامین پیدا ہوئے اور ان کی پیدائش میں ان کی والدہ راحیل کا انتقال ہو گیا۔ جب لایان نے یہ واقعہ سنا تو انہوں نے اپنی سب سے چھوٹی بیٹی کا نکاح بھی یعقوب علیہ السلام سے کر دیا اور اس بیٹی نے یوسف علیہ السلام اور بنیامین کی پرورش کی (تفسیر عزیزی) یعقوب علیہ السلام کے کل بارہ بیٹے تھے۔ روئیل' شمعون' لاوی' یہودا' اسکار' زبلون' دان' تعتالی' جد' اشر' یوسف' بنیامین۔ ان بارہ بیٹوں کی اولاد بہت ہوئی اور ان کے نام سے بارہ قبیلے مشہور ہوئے ہر ایک قبیلے کو سبط کہتے ہیں جس کی جمع ہے اسباط ان قبیلوں میں بڑے بڑے اولوالعزم پیغمبر پیدا ہوتے رہے جیسے حضرت موسیٰ' داؤد' سلیمان و عیسیٰ علیہم السلام انہی قبیلوں کو بنی اسرائیل کہتے ہیں۔ یہ لوگ روئے زمین پر بڑے متبرک مانے جاتے ہیں حضور علیہ السلام کے زمانہ میں مدینہ منورہ اور خیبر وغیرہ میں بکثرت آباد تھے۔ اب بھی کہیں کہیں پائے جاتے ہیں۔ **فائدے:** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ اللہ کی نعمتوں کا ذکر کرنا حکم قرآنی ہے کیونکہ بنی اسرائیل کو اس کا حکم دیا گیا۔ لہٰذا محفل میلاد شریف بہت مبارک ہے کیونکہ اس میں حضور علیہ السلام کی تشریف آوری کا ذکر ہوتا ہے جو کہ سب سے بڑی نعمت ہے۔ دوسری جگہ قرآن پاک فرماتا ہے **قل بفضل اللہ و برحمتہ فبذلک فلیفرحوا** یعنی اللہ کی رحمت پر خوب خوش رہو اسی طرح گیارہویں شریف' عرس بزرگان وغیرہ کہ یہ تمام محفلیں ان بزرگوں کی یادگاریں قائم کرنے اور ان کی سوانح حیات لوگوں کو سنا کر انہیں عبادتوں کی رغبت دینے کے لئے کی جاتی ہیں۔ حج' قربانی' روزے رمضان وغیرہ سب میں اللہ کی نعمتوں کی یاد ہی ہے ان یادگاروں کی اصل یہ آیت اور اس جیسی دوسری آیات ہیں اگرچہ بعض لوگوں نے ان امور خیر میں بدعات ناچ گانا وغیرہ شامل کر دیا۔ مگر اس شمول سے اصل عرس حرام نہ ہو گا۔ جیسے شادیوں میں باجہ گانا بجانا شامل ہونے سے نکاح حرام نہیں یا جیسے کعبہ معظمہ میں بت رکھ دیئے گئے تھے تو کعبہ کو نہیں ڈھایا گیا بلکہ بت نکال دیئے گئے ایسے ہی خدا موقع دے تو ان برائیوں کو دور کر دیا جائے۔ یادگاریں نہ مٹاؤ مسجد میں کتا گھس جائے تو کتا نکالو مسجد نہ گراؤ دوسرا یہ کہ نعمت کا شکر اور وعدہ پورا کرنا بہت ضروری ہے۔ تیسرا یہ کہ مسلمانوں کو چاہئے کہ اللہ کے سوا کسی سے خوف نہ کریں چوتھا یہ کہ امت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بنی اسرائیل سے افضل ہیں کیونکہ ان سے تو کہا گیا ہے کہ تم میری نعمتوں کو یاد کرو اور ہم سے

marfat.com
Marfat.com

ارشاد ہوا فاذکرونی اذکرکم تاکہ ان کی نظر نعمت سے منعم کی طرف جائے اور ہماری نظر منعم سے نعمت کی طرف پانچواں یہ کہ جس قدر زیادہ نعمت ہو گی اسی قدر نافرمانی کرنا زیادہ وبال۔ اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ خدا کے سوا کسی سے خوف نہ کرنا چاہئے پھر تم ولیوں' نبیوں' ولیوں سے کیوں خوف کرتے ہو (دیو بندی وہابی) جواب: اس کا جواب لا خوف کی تفسیر میں ہو چکا ہے انبیاء اولیاء سے خوف حقیقت میں رب سے خوف ہے۔ خدا کے مقابلہ میں کسی سے خوف کرنا جرم ہے تم بھی بادشاہوں اور حاکموں سے خوف کرتے ہو۔

تفسیر صوفیانہ: رب تعالیٰ نے ایمان فطری اور عقل سلیم دلائل قوی سب کو عطا فرما کر بڑا احسان فرمایا پھر پیغمبروں کو بھیج کر کتابیں اتار کر علماء مشائخ کو قائم فرما کر ہم سے ایمان اور نیک اعمال کا عہد لیا اور اپنے فضل و کرم سے اپنے دیدار کا وعدہ فرمایا۔ ہماری طرف سے پہلا وفائے عہد کلمہ شہادت پڑھنا ہے اور رب کی طرف سے ہمارے جان و مال کا محفوظ فرمانا ہے ہماری آخری وفاء عہد دریائے توحید میں اس طرح غرق ہو جانا ہے کہ اپنی بھی خبر نہ رہے لاالہ کی تلوار سے غیر اللہ کو قتل کر دینا اور الا اللہ میں فنا ہو کر باقی باللہ بن جانا رب تعالیٰ کی طرف سے دائمی دیدار کا عطا ہونا اس کے درمیان وفائے عہد کے صدہا درجات اور اس طرف سے عطا کے ہزارہا درکات ہیں۔ امام قشیری فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ اے بندو تم دار الحجاب یعنی دنیا میں میرا عہد پورا کرو میں دار قربت یعنی جنت میں تمہارا عہد پورا کروں گا۔ تم ہمیشہ ربی ربی کہہ کر میرا عہد پورا کرو۔ میں اس کے جواب میں عبدی عبدی کہہ کر اپنا عہد پورا کروں گا۔ تم دار الفراق میں میرا عہد پورا کرو کہ میرے سوا کسی کو مت ڈھونڈو۔ میں دار الوصال میں اپنا عہد پورا کروں گا کہ اپنے سوا اور کسی کی طرف نہ بھیجوں گا تم میرے ہو جاؤ میں تمہارا ہو جاؤں گا۔

آں را کہ بخواند بدر کس نہ دواند      ہر سو دود آں کس زدر خویش براند

| |
|---|
| وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ |
| اور ایمان لاؤ ساتھ اس کے جو اتاری میں نے سچا کرنے والی واسطے اس کے جو ساتھ تمہارے اور نہ ہو تم |
| اور ایمان لاؤ اس پر جو میں نے اتارا اس کی تصدیق کرتا ہوا جو تمہارے ساتھ ہے اور سب سے پہلے |
| كَافِرٍۢ بِهٖ ۠ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِىْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ز وَّاِيَّاىَ فَاتَّقُوْنِ * |
| پہلے منکر ساتھ اس کے اور نہ خریدو بدلے آیتوں میری کے قیمت تھوڑی اور مجھ سے ہی بس ڈرو تم |
| اس سے منکر نہ بنو اور میری آیتوں کے بدلے تھوڑے دام نہ لو اور مجھ سے ڈرو |

تعلق: اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک یہ کہ پہلے عہد پورا کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ اب اس کی تفصیل فرمائی جا رہی ہے چونکہ عہد بہت تھے۔ اور ان سب میں ایمان مقدم اس لئے پہلے اسی کا ذکر ہوا دوسرے یہ کہ پہلے اجمالاً "نعمت الٰہی کے یاد کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ اب اس کی تفصیل فرمائی گئی کہ اے بنی اسرائیل قرآن کریم اور نبی آخر الزمان تمہارے حق

marfat.com
Marfat.com

میں خاص طور پر بڑی نعمت ہیں کیونکہ ان سے تمہاری کتابوں وغیرہ کی تصدیق ہوتی ہے۔ لہٰذا فوراً مان جاؤ۔

**شان نزول** : یہ آیت کعب ابن اشرف اور دوسرے رؤسا اور علماء یہود کے حق میں نازل ہوئی جو اپنی قوم کے جاہلوں سے روپیہ وصول کرتے تھے اور ان کی پیداوار میں اپنے حصے مقرر کر رکھے تھے انہیں فکر ہوئی کہ توریت میں جو حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی نعت موجود ہے اگر ہم اس کو ظاہر کر دیں یا خود حضور پر ایمان لے آئیں تو ہماری قوم بھی ان پر ایمان لے آئے گی۔ اور ہماری یہ آمدنی جاتی رہے گی۔ اس لئے انہوں نے توریت کو بدل ڈالا اور جب لوگ ان سے پوچھتے کہ توریت میں نبی آخر الزمان کے کیا اوصاف مذکور ہیں تو وہ چھپا لیتے اور ہرگز نہ بتاتے (تفسیر خزائن العرفان و تفسیر خازن) روح البیان نے اس جگہ فرمایا کہ ایک بار کعب ابن اشرف نے علماء یہود سے کہا کہ تم حضور علیہ السلام کے بارے میں کیا کہتے ہو انہوں نے کہا کہ وہ سچے نبی ہیں۔ کعب بولا اگر تم کچھ اس کے خلاف جواب دیتے تو میں تم کو انعام دیتا وہ کہنے لگے کہ ہم نے بغیر سوچ سمجھے کہہ دیا کہ سوچنے کا موقع دو۔ کعب نے کہا اچھا سوچ لو۔ یہ لوگ اس مجلس سے اٹھے اور حضور کی نعت توریت سے نکال دی اور نبی آخر الزمان کی وہ نعتیں بیان کیں جو دجال کی ہیں۔ پھر کعب سے آکر کہا تب اس نے ہر ایک عالم کو چار چار سیر جو اور چار چادریں دیں۔ اس موقع پر یہ آیت کریمہ اتری۔ مثنوی شریف میں ہے۔

بود در انجیل نام مصطفیٰ　　آں سر پیغمبراں بحر صفا
بود ذکر حلیہاؤ شکل او　　بود ذکر غز و صوم و اکل او

نیز علماء یہود اپنے جہلاء سے کچھ رشوت لے کر توریت کے سخت احکام بدل کر نرم کر دیتے تھے بلکہ امراء یہود کی طرف سے ان علماء کی تنخواہیں اس لئے مقرر تھیں کہ جب کبھی ہم کو ضرورت پڑے تو دین کے احکام بدل دیا کرو۔ **تفسیر۔ امنوا بما انزلت۔** یہ خطاب ان بنی اسرائیل سے ہے جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کے زمانے میں موجود تھے۔ جیسے کہ **اذکروا** اور **اوفوا** میں خطاب ان سے تھا پھر قیامت تک کے بنی اسرائیل کو یہ حکم شامل ہو گیا **ما انزلت** میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ اس سے صرف قرآن کریم مراد ہو دوسرے یہ کہ اس سے قرآن پاک اور صاحب قرآن علیہ السلام اور ان کے تمام فرمان مراد ہوں (تفسیر کبیر) اس لئے بالقرآن نہ فرمایا۔ بلکہ اتنی دراز عبارت ارشاد ہوئی خیال رہے کہ حدیث و قرآن سب ہی اللہ کا اتارا ہوا ہے قرآن کے الفاظ اور معنی سب' حدیث کے صرف معنی' اور الفاظ حضور کے ہیں۔ بلکہ قرآن کا قرآن ہونا بھی حدیث سے ہی معلوم ہوا حضور کی زبان پر خدا ہی بولتا ہے اور یہ فرق کہ یہ الفاظ خدا کے ہیں اور یہ الفاظ حضور کے حضور ہی کے بتانے سے معلوم ہو گا۔ یہ بتانا حدیث ہے صوفیائے کے نزدیک **انزلت** حضور ہیں قرآن کی طرح حضور بھی منزل من اللہ ہیں آپ پر ایمان لانے کے معنی یہ ہیں کہ آپ کی ہر ادا پر ایمان لائے خیال رہے کہ اس جگہ بالقرآن نہ فرمایا بلکہ **ما انزلت** فرمایا اس میں اشارہ اس جانب ہے کہ اے بنی اسرائیل تم ان تورات و زبور و انجیل وغیرہ پر اس ہی لئے تو ایمان لائے ہو کہ وہ ہماری اتاری ہوئی ہیں۔ لہٰذا قرآن بھی ہمارا اتارا ہوا ہے تمہارا فرض ہے کہ اس پر ایمان لاؤ جیسے کہ ایک آسمانی کتاب کے بعض حصے کا انکار کفر ہے۔ ایسے ہی کسی پوری کتاب آسمانی کا انکار کرنا بھی کفر ہے اور جیسے کہ تم نے موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام کو اس لئے مانا کہ ہمارے پیغمبر ہیں اسی طرح نبی آخر الزمان کو بھی مان لو تم کو معلوم ہے کہ یہ قرآن میرا اتارا ہوا ہے کیونکہ یہ معجزہ ہے اور سراسر

marfat.com
Marfat.com

ہدایت اور پھر لطف یہ کہ **مصدقا لما معکم** تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمانے والا بھی ہے خیال رہے کہ اس مع میں بھی چند احتمال ہیں یا یہ کہ اس سے پہلی آسمانی کتابیں مراد ہوں یا پچھلے پیغمبر بھی اور کتابیں بھی اور یا ان کتابوں کے سارے اصلی عقیدے اور احکام یعنی مصدقا" کے تین معنی ہو سکتے ہیں سچا کرنے والا سچا کہنے والا سچا کروانے والا ان تینوں معنی سے قرآن اور حضور مصدق ہیں یعنی پچھلے پیغمبروں اور ان کی کتابوں اور ان کے سارے احکام و فرمانوں کی تصدیق کرتے ہیں ایک یہ کہ ان سب کتابوں میں آخری نبی اور آخری کتاب کے آنے کی خبر تھی۔ اس کے آنے سے وہ سب خبریں سچی ہو گئیں اگر یہ نہ آتے تو جھوٹی ہو جاتیں کسی سے کہوں کہ کل بارش ہو گی اگر ہو جائے تو میں سچا ورنہ جھوٹا دوسرے یہ کہ دنیا میں ہزارہا پیغمبر تشریف لائے اور بہت سی کتابیں اور صحیفے آئے لیکن جن کا قرآن نے ذکر فرما دیا وہ تو دنیا میں مشہور ہو گئے باقی ایسے گم ہوئے کہ دنیا ان کے نام سے بھی بے خبر ہو گئی یعنی جس کا قرآن نے ذکر کر دیا اس کا قیامت تک سارے جہاں میں چرچا ہو گیا اور جس کا ذکر نہ کیا گیا وہ گم ہو گیا۔ تیسرے یہ کہ توریت اور انجیل کو ماننے والے صرف بنی اسرائیل ہی تھے اور قرآن پاک کا ماننے والا سارا جہان اور ظاہر ہے کہ جو بھی قرآن کو مانے گا وہ ان کتابوں کو ضرور مانے گا تو گویا قرآن و حضور نے تمام دنیا سے یہ کتابیں منوالیں اور وہ کام کر کے دکھایا جو نہ تو خود ان کتابوں نے کیا اور نہ ان کے ماننے والے بنی اسرائیل سے ہو سکا۔ دیکھو بتول کنواری مریم صدیقہ کو لوگوں نے تہمت لگائی قرآن نے ان کو پاک دامن فرما کر سارے جہان میں ان کی عصمت کے خطبے پڑھا دیئے سارے بے ادب گستاخ شرمندہ ہو کر چپ ہو گئے حقیقت میں قرآن پاک کا ان ساری کتابوں پر بڑا بھاری احسان ہے بلکہ جن پچھلے احکام کو منسوخ کیا گیا اس سے بھی ان کتابوں کی تصدیق ہوئی کیونکہ ان کتابوں ہی نے خبر دی تھی کہ نبی آخر الزمان سخت احکام کو نرم فرمانے والا اور گندگیوں کو دور فرمانے والا ہو گا۔ تو اگر یہ نسخ نہ ہوتا تو وہ خبر سچی نہ رہتی گویا حضور اور قرآن تمہارے نبیوں اور کتابوں کے گواہ ہیں مدعی گواہ کی تصدیق کرتا ہے اسے جھٹلاتا نہیں ورنہ اس کا مقدمہ ناکام ہے تم بڑے بیوقوف ہو کہ اپنے گواہوں کو جھوٹا کہہ کر اپنا مقدمہ برباد و ناکام کر رہے ہو خیال رہے کہ مدعی گواہ کے سچے ہونے کا بھی قائل ہوتا ہے اور باخبر ہونے کا بھی کہ ان دونوں کے بغیر گواہی درست نہیں آج جو لوگ حضور کو سچا تو مانتے ہیں مگر عالم کل نہیں مانتے وہ اپنا قیامت والا مقدمہ کمزور کر رہے ہیں حضور رب کے سامنے ہمارے ایمان و اعمال کے بھی گواہ ہیں۔ **ویکون الرسول علیکم شھیدا**۔ غرضیکہ اہل کتاب نے حضور کو بے خبر مان کر اور ان بیوقوفوں نے حضور کو بے علم مان کر مقدمہ بگاڑ دیا۔ **ولا تکونوا اول کافر بہ** بہ کی ضمیر یا تو **ما انزلت** کی طرف لوٹ رہی ہے یا **معکم** کی طرف یعنی تم اس قرآن کے پہلے منکر نہ بنو قرآن کا انکار کر کے خود اپنی کتابوں کا انکار نہ کرو۔ کیونکہ قرآن کریم کا انکار ان سب کا انکار ہے۔ **اول کافر** کے چند معنی ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ تم قرآن سنتے ہی بے سوچے سمجھے بیدھڑک شروع ہی سے انکار نہ کرو بلکہ اپنی کتابوں کو دیکھو پھر اس قرآن کریم اور ان پیغمبر کے حالات کو ان کے حالات کو ان کے مطابق کرو اور ایمان لے آؤ۔ دوسرے یہ کہ بنی اسرائیل تم جان بوجھ کر قرآن کے پہلے منکر نہ بنو کیونکہ تم سے پہلے جن مشرکین نے انکار کیا ہے۔ وہ جہالت اور نادانی کی وجہ سے تھا تمہارا انکار جان بوجھ کر ہے لہذا تم اس قسم کے انکار اور کفر میں سب سے پہلے ہو تیسرے یہ کہ اے مدینہ کے اسرائیلیو! اپنی جماعت میں سب سے پہلے تم ہی نے قرآن کریم سنا ہے کیونکہ صاحب قرآن مدینہ میں ہی تشریف لائے ہیں اگر تم نے اس کا انکار کیا تو تمہاری دیکھا دیکھی خیبر وغیرہ کے اسرائیلی بھی انکار کر دیں گے اور تم ان کے لحاظ سے پہلے کافر بنو گے چوتھے یہ کہ اے علماء بنی اسرائیل تمہارے معتقدین و متبعین، تمہاری پیروی کرتے

marfat.com
Marfat.com

ہیں اگر تم نے انکار کیا تو وہ بھی انکار کریں گے لہٰذا تم پہلے کافرنہ بنو پانچویں یہ کہ تم اپنی آئندہ نسل کے لحاظ سے پہلے کافرنہ بنو کیونکہ اولاد اکثر اپنے باپ داداؤں کے دین پر ہوتی ہے۔ **ولا تشتروا بایتی ثمنا قلیلا** یا تو یہاں آیات قرآنی کے مقابلے میں دنیا کو نہ لو جو کہ تھوڑی سی قیمت ہے یا چونکہ علماء یہود دنیوی نفع کی وجہ سے توریت کی آیتیں بدل ڈالتے تھے لہٰذا فرمایا کہ میری آیتیں اس معمولی قیمت پر بیچ نہ ڈالو خیال رہے کہ دنیا اور دنیوی چیزیں کیسی بھی ہوں آخرت کے مقابلے میں تھوڑی ہیں ساری دنیا جنت کے ایک موتی کے برابر نہیں ہو سکتی۔ پھر اس کے باوجود یہ سب فانی اور آخرت باقی اس آیت میں دنیا کے دو عیب بیان کئے گئے ایک اس کا ثمن یعنی قیمت ہونا دوسرے اس کا تھوڑا ہونا قیمت وہ چیز کہلاتی ہے جو کہ بذات خود فائدہ نہ دے بلکہ اس سے فائدے مند چیزیں حاصل کی جاویں۔ روپیہ پیسہ نہ کھایا جا سکتا ہے نہ پہننے میں آسکتا ہے ہاں اس سے غذا اور لباس خرید سکتے ہیں اسی طرح دنیا بذات خود بالکل بے فائدہ ہاں اس کے ذریعے آخرت حاصل کر سکتے ہیں تو دنیا قیمت اور آخرت اصل مقصود ہے بیوقوف اسرائیلیوں نے آیات الٰہی کے عوض دنیا کو لیا تو گویا اصل کے بدلے قیمت کو خریدا۔ ارے بیوقوفو! قیمت سے اصل چیز خریدو **وایای فاتقون** یعنی تم مجھ سے ڈرو اور لوگوں سے پہلی آیت میں **فارھبون** فرمایا تھا اور یہاں فاتقون اس کی چند وجہیں ہیں ایک یہ کہ پہلے عوام بنی اسرائیل سے خطاب تھا۔ یہاں ان کے علماء سے اور رہبت سلوک کی ابتدائی منزل ہے اور تقویٰ انتہائی لہٰذا ابتدائی لوگوں کو ابتدائی چیز کا حکم دیا اور انتہائی علماء کو انتہائی درجہ کا (تفسیر روح البیان) دوسرے یہ کہ رہبت خطرناک چیز کے اندیشے سے ہوتی ہے اور تقویٰ اس کے یقین پر کسی کو سانپ کا شبہ پڑ گیا وہ ڈر گیا یہ رہبت ہے دوسرے نے سانپ بالیقین دیکھ لیا اور وہ اس سے بھاگا یہ تقویٰ ہے۔ جہلاء کو رب کی حقانیت کا یقین نہ تھا اس لئے ان کو عذاب الٰہی کا صرف وہم تھا۔ اور ان کے علماء کو دونوں چیزوں کا یقین لہٰذا علماء کے لئے اتقون فرمایا گیا۔ (تفسیر کبیر) تیسرے یہ کہ رہبت بنی اسرائیل کا اپنا لفظ تھا۔ اسی لئے خدا پرستوں کو راہب کہتے تھے اور تقویٰ اسلامی کلمہ جو آدمی اپنا پرانا دین چھوڑ کر مسلمان ہو اس کو چاہئے کہ اس دین کے خاص الفاظ کو چھوڑ دے (تفسیر عزیزی) لہٰذا مسلمان ہو کر رب کو بھگوان مت کہو اور اپنے شرکیہ نام بھی بدل ڈالو۔

**خلاصہ تفسیر** : بنی اسرائیل سے فرمایا جا رہا ہے کہ تم میری نعمتوں کو اس طرح یاد کرو اور میرے وعدوں کو ایسے پورا کرو کہ اس قرآن والے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن اور ان کے سارے معجزات پر ایمان لے آؤ ایک تو اس لئے کہ پچھلی کتابوں اور رسولوں کی طرح یہ بھی ہمارے بھیجے ہوئے ہیں تو بعض کو ماننا اور بعض کو نہ ماننا اس کے کیا معنی دوسرے اس لئے کہ یہ کتاب و رسول تمہارے محسن ہیں کہ انہوں نے آکر ان سب کتابوں اور نبیوں کو سچا کر دیا کہ ان میں فرمایا گیا تھا کہ اس شکل و شباہت والا اور ان اخلاق و صفات والا ایسی خوبیوں کا مالک مکہ میں پیدا ہو کر مدینہ میں رہنے والا اس قسم کی تعلیم دینے والا اچھے کام سکھانے والا سیدھا رستہ دکھانے والا۔ سچی بات بتانے والا۔ توحید کا سبق پڑھانے والا۔ کفر و ضلالت مٹانے والا۔ شمع ایمان جلانے والا۔ رحمٰن کی طرف سے قرآن کریم لانے والا۔ مرجھائی ہوئی کلیاں کھلانے والا۔ ڈوبتی کشتیاں ترانے والا۔ چھوٹی نبضیں چلانے والا۔ روتوں کو ہنسانے والا۔ جلتوں کو بجھانے والا رازداروں کو **کنت کنزا مخفیا** کا راز سمجھانے والا بیگانوں کو **انما انا بشر مثلکم** سنا کر اپنی طرف بلانے والا خود غریبی میں گزار کر غریبوں کو تخت و تاج دلوانے والا فرش پر رہ کر عرش پر

marfat.com
Marfat.com

حکومت کرنے والا۔ صحرائے عرب میں بیٹھ کر سارے جہاں کو دیکھنے والا محبوب صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لانے والا ہے ان کے آنے کا سارے پیغمبروں کو انتظار تھا خلیل ان کی دعائیں مانگ کر گئے حضرت مسیح گویا یہ کہہ کر بشارت دے گئے کہ میں اس صبح کے تارے کی طرح ہوں جو آسمان پر چمک کر آفتاب کے آنے کی خبر دیتا ہے اور خبر دے کر آفتاب ہی کے دامن نور میں چھپ جاتا ہے۔ حضرت مسیح یہ بھی فرما گئے کہ میں اس آخری نبی کے تسمے کھولنے کے لائق نہیں۔ (دیکھو انجیل برناباس فصل ستانوے) اس نبی کے آنے سے سارے پیغمبر سچے ہو گئے تم بھی ان کے انکار سے حیا کرو اور اس کے پہلے منکر نہ بنو اور اپنے پچھلوں کا بیڑا غرق نہ کرو اگلوں پر پچھلوں کا بوجھ ہوتا ہے اور عالم کے بگڑنے سے عالم بگڑ جاتا ہے اور تھوڑے پیسوں اور آمدنی کے لالچ سے اپنا اصل ایمان فروخت نہ کرو سامان سے قیمت نہ خریدو بلکہ قیمت سے سامان خریدو اور ہم سے ڈرتے رہو خیال رہے کہ حضور اور قرآن نے گذشتہ نبیوں ہی کی تصدیق نہ کی بلکہ ان کتابوں ان کے عقائد ان کی ملت کے اولیاء اللہ ان کے شہروں کی عظمت کی بھی تصدیق فرما دی اس لئے یہاں ارشاد ہوا **مصدقا لما معکم** یعنی وہ تمہارے سارے سچے معقولات کی تصدیق کرتے ہیں چنانچہ قرآن نے بیت المقدس کی حرمت میں فرمایا **ادخلوا الباب سجدا** اصحاب کہف کے بارے میں جو نصرانیت کے اولیاء اللہ ہیں ان کا پورا واقعہ بلکہ ان کے کتے کو احترام کے ساتھ بیان کیا۔ آصف بن برخیا جو یہودیت کے ولی اللہ ہیں ان کی کرامات کا ذکر کیا تمام دنیا کے مسلمانوں کے دلوں میں ان کی عظمت قائم فرما دی یہ ان سب پر احسان عظیم ہے۔

**فائدے:** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ عالم گمراہ جاہل گمراہ سے بدتر ہے کیونکہ جاہل اس کی پیروی کر کے گمراہ ہوتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ دین کو دنیا حاصل کرنے کا ذریعہ نہ بنائے کہ دنیا کی خاطر دین چھوڑ دے تیسرے یہ کہ یہ آیت اگرچہ بنی اسرائیل کے لئے آئی ہے۔ مگر اس میں مسلمانوں کے بھی چند فرقے داخل ہیں۔ پہلا فرقہ وہ علماء جو نفسانی خواہش کے لئے حکام سے ملیں اور ان کے ناجائز افعال کو جائز ثابت کرنے کے لئے قرآن و حدیث میں تاویلیں کریں۔ دوسرا فرقہ وہ واعظین و مدرسین جو اپنے عوام کا میلان خاطر دیکھ کر مسائل بیان کریں اور ضروری احکام کو اس لئے چھپالیں کہ اس سے ہماری آمدنی میں فرق پڑے گا۔ تیسرا فرقہ وہ علماء جو غلطی کر کے اپنی آبرو کے خیال سے توبہ نہ کریں جیسے علماء دیوبند ان بد نصیبوں کو اپنے کفر کا یقین ہو چکا ہے مگر عار کے مقابلے میں نار قبول کرتے ہیں۔ چوتھا فرقہ وہ قاضی اور مفتی جو کہ رقم لے کر حکم شرع بدل دیتے ہیں۔ جیسے آج کل پنجاب کے دیوبندی جو روپیہ لے کر کچہری کے تنسیخ نکاح پر دوسرا نکاح پڑھا دیتے ہیں۔ پانچواں فرقہ وہ حکام جو کہ ظالم سے رشوت لے کر انصاف نہیں کرتے۔ چھٹا فرقہ وہ مدرسین و مبلغین جو محض دنیا کے لئے یہ کام کریں یعنی جہاں دنیوی فائدے کی امید ہو صرف وہاں تبلیغ کریں اور جس شخص سے دنیوی نفع ہو صرف اس کو علم دین سکھائیں (تفسیر عزیزی) **تیسرا فائدہ:** تنخواہ لے کر علم دین پڑھانا اجرت پر تعویذ لکھنا اور دم قرآن پاک چھاپ کر فروخت کرنا۔ اس آیت سے خارج ہیں کیونکہ بیچنے کے یہ معنی ہیں کہ پیسہ لے کر شرعی احکام بدل دیئے جائیں پریس والا در حقیقت کاغذ اور لکھائی اور چھپائی کی قیمت لے رہا ہے اسی طرح تعویذ لکھنے والا اور دم کرنے والا ایک طرح کے علاج کی اجرت لے رہا ہے کیونکہ اس نے قرآن سے علاج کیا ہے۔ صحابہ کرام نے ایک سانپ کاٹے ہوئے پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر دی اور اس پر تیس بکریاں اجرت لیں خود بھی کھائیں اور ان میں سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ملاحظہ فرمایا اس طرح قرآن پڑھانے والا قرآن پاک کو فروخت نہیں کرتا بلکہ اپنا وقت گھرنے اور اپنا کاروبار چھوڑنے اور بچوں کی نگرانی کرنے وغیرہ کی اجرت لیتا ہے حضرت ابو بکر

marfat.com
Marfat.com

صدیق رضی اللہ عنہ نے خلافت پر تنخواہ لی حالانکہ خلافت دینی کام تھا۔ مسئلہ: خالص عبادت اور حرام کاموں پر اجرت لینا منع ہے۔ جیسے نماز روزہ اور تلاوت قرآن کہ یہ خالص عبادتیں ہیں اور گانا بجانا وغیرہ کہ یہ حرام ہیں اسی لئے کہ اس کی حدیث میں ممانعت آئی۔ لیکن علماء متاخرین نے امامت اور اذان وغیرہ کی اجرت جائز رکھی کیونکہ اگر یہ جائز نہ ہو تو مسجدیں ویران ہو جائیں گی۔ تفسیر عزیزی میں اس جگہ نہایت عمدہ فائدہ بیان فرمایا وہ یہ کہ جائز کام پر اجرت لینی جائز ہے اسی طرح جس فرض یا واجب میں جائز کام مل جائے اس پر بھی اجرت لینی جائز ہے اور یہ اجرت اس جائز کی ہوگی نہ کہ واجب و فرض کی لہذا امامت میں دو چیزیں ہیں ایک ادائے نماز جو کہ فرض اور ایک خاص جگہ اور وقت کی پابندی یعنی فلاں وقت حاضری دینا یہ جائز فعل ہے تنخواہ اس کی پابندی کی ہے نہ کہ نماز کی۔ پانچواں فائدہ: کسی بزرگ کے معتقدین اسے حد سے بڑھادیں خدا سے ملادیں تو ان کے جواب میں اس بزرگ کی توہین نہ کرو بلکہ ان کو رد کرو دیکھو عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ و مریم کو رب کا بیٹا اور بیوی کہا قرآن نے ان کی تردید کی مگر ان دونوں بزرگوں کی عزت و تکریم کی جیساکہ مصدقا" سے معلوم ہوا اس سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو بد مذہبوں کی تردید کے لئے بزرگوں کو گالیاں دیتے ہیں روافض کی تردید میں حضرت حسین کی اہانت کرتے ہیں۔ چھٹا فائدہ: حضور آخری نبی ہیں کیونکہ حضور صرف مصدق ہیں کسی نبی کے مبشر نہیں خیال رہے کہ بشارت اگر نذیر کے ساتھ جمع ہو کر آئے تو اس کے معنی ہیں رب کی رحمت کی خوشخبری جیسے بشیرا" ونذیرا" اس معنی سے ہمارے رسول بشیر اور اگر تصدیق کے ساتھ جمع ہو تو معنی ہیں کسی آئندہ نبی کی خوشخبری۔ اس معنی سے حضور ہرگز بشیر نہیں اس لئے یہاں صرف **مصدقا** ارشاد ہوا۔

**اعتراض**: پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ قرآن بنی اسرائیل کی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے حالانکہ ان کے پاس بدلی ہوئی اور مخلوط کتابیں تھیں۔ جس کو قرآن نے جھٹلایا ہے۔ جواب: اس جگہ فرمایا گیا ہے کہ **مصدقا لما معکم** یعنی قرآن اس کی تصدیق فرمانے والا ہے جو تمہارے ساتھ ہے نہ اس کی جو تم نے بنائی ہے ساتھ ہونے کے یہ معنی ہیں کہ جو رب کی طرف سے آئی اور تمہارے پاس موجود ہو یعنی انہی بدلی ہوئی کتابوں میں جو اصلی آیتیں ہیں۔ ان کی تصدیق فرماتا ہے اسی لئے یہاں **بکتبکم** نہ فرمایا۔ دوسرا اعتراض: قرآن کریم نے ان کی اصلی کتابوں کی بھی تصدیق نہ فرمائی بلکہ ان کو منسوخ فرمایا جواب منسوخ فرمانا تصدیق کے خلاف نہیں قرآن کریم نے یہ کہیں نہ فرمایا کہ یہ کتابیں جھوٹی تھیں بلکہ یہ بتایا کہ وہ کتابیں سچی مگر اب ان کا حکم جاری نہیں ایک طبیب اپنا نسخہ بدلتا ہے تو اس میں پہلے نسخے کی تکذیب (جھوٹا کرنا) نہیں بلکہ مریض کی حالت کے لحاظ سے اب اس کا استعمال بند کر دیا گیا ہے بلکہ یہ نسخ بھی ان کی تصدیق ہے کیونکہ ان کتابوں نے خبر دی تھی کہ نبی آخر الزمان سختیاں دور فرمائے گا اگر وہ سخت احکام باقی رہتے تو یہ خبر سچی کیسے ہوتی۔ تیسرا اعتراض: اس جگہ فرمایا گیا کہ تم قرآن کریم کے پہلے منکر نہ بنو بنی اسرائیل سے پیشتر اور بہت سی قومیں انکار کر چکیں تھیں تو یہ لوگ پہلے منکر کیونکر بن سکتے تھے۔ جواب: اس کا جواب تفسیر میں گزر چکا ہے کہ اپنی جماعت یا اپنی نسل میں یا جان بوجھ کر پہلے منکر نہ ہو۔ چوتھا اعتراض: کیا پہلا منکر بننا منع ہے اور پچھلا منکر بننا جائز۔ جواب: پہلا منکر بننا زیادہ عذاب کا باعث ہے کیونکہ جو بھی اس کی دیکھا دیکھی منکر بنے گا ان سب کا عذاب بھی اس کے لئے ہوگا کیونکہ یہ برائی کا موجد ہے پچھلے منکر کو صرف اپنے انکار کا عذاب ہوگا نیز ہر منکر اپنی نسل کے لحاظ سے پہلا منکر ہے آج بھی ہر کافر اپنی اولاد کے لحاظ سے پہلا کافر ہے کہ اس کی وجہ سب اولاد وغیرہ کافر ہوئی

marfat.com
Marfat.com

پانچواں اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ آیتوں کو تھوڑی قیمت سے نہ بیچو تو کیا بہت سی قیمت سے بیچ دیں یعنی دو چار روپے میں نہ بیچیں سو پچاس میں بیچ دیں (آریہ) جواب: آیات کے لحاظ سے تھوڑی قیمت ہے قل متاع الدنیا قلیل تو آیت کا مطلب یہ ہوا کہ دنیا کے عوض نہ بیچو جو تھوڑی اور حقیر ہے یا یوں کہو کہ یہ اس واقعہ کی حکایت ہے علمائے بنی اسرائیل تھوڑے ہی پیسوں میں فروخت کیا کرتے تھے جیسے کہ قرآن پاک میں آتا ہے کہ دگنا تگنا سود نہ کھاؤ اس کا مطلب یہ نہیں کہ سوایا ڈیوڑھا کھالو بلکہ اس زمانے میں جو کچھ تھا اس کا بیان ہے۔ چھٹا اعتراض: اس جگہ فرمایا گیا کہ میری آیتوں کے تھوڑی قیمت نہ خریدو حالانکہ یوں کہنا چاہئے تھا کہ میری آیتیں قیمت کے عوض نہ بیچو یا میری آیتوں کے عوض تھوڑے سامان کو نہ خریدو کیونکہ قیمت سے چیز خریدتے ہیں کہ چیز سے قیمت۔ جواب: اس کا جواب تفسیر ہی میں گزر چکا کہ دنیا بذات خود آخرت کی قیمت ہے جس کے ذریعے آخرت حاصل کی جائے اور آیات الٰہی اصل مقصود ان بیوقوفوں نے دنیا کو اصل مقصود سمجھ کر دین کے عوض اس کو حاصل کیا۔ لہٰذا دنیا کو ثمن (قیمت) فرمانا اصل واقعہ کے لحاظ سے ہے اور لا تشتروا فرمانا ان کے عمل کے لحاظ سے۔ ساتواں اعتراض: اس سے معلوم ہوا کہ آیتیں بدل کر پیسہ لینا حرام ہے لیکن آیتیں بدلوا کر پیسہ دینا بھی حرام ہے کہ نہیں۔ جواب: جب لینا حرام ہوا تو دینا پہلے ہی حرام ہوا۔ کیونکہ لینا دینے سے ہوتا ہے قرآن کریم میں ہے کہ سود نہ کھاؤ جس طرح سود کھانا حرام ہوا ایسے کھلانا اور دینا بھی۔

| |
|---|
| وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ |
| اور نہ ملاؤ حق کو ساتھ باطل کے اور نہ چھپاؤ حق کو حالانکہ تم |
| اور حق سے باطل کو نہ ملاؤ اور نہ دیدہ دانستہ حق |
| تَعْلَمُوْنَ ۝۴۲ |
| جانتے ہو |
| کو چھپاؤ |

تعلق: اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ پہلے علماء بنی اسرائیل کو خود ایمان لانے کا حکم دیا گیا اور کفر سے روکا گیا اور اب ان کو اوروں کو گمراہ کرنے سے منع فرمایا جا رہا ہے۔ یعنی پہلے کہا گیا تھا کہ تم خود کافر نہ بنو اب فرمایا ہے کہ اوروں کو کافر نہ بناؤ مگر چونکہ اپنا ایمان و کفر دوسروں کو مومن و کافر بنانے سے پہلے ہوتا ہے اسی ترتیب سے اس کا ذکر ہوا ہے دوسرے یہ کہ پہلے فرمایا گیا تھا کہ میری آیتوں کے عوض مال نہ لو۔ اس آیت میں اس کا مطلب بتایا کہ مال لے کر حق کو نہ چھپاؤ۔ تیسرے یہ کہ علمائے یہود تین حرکتیں کرتے تھے ایک تو روپیہ لے کر آیتیں بدل ڈالنا دوسرے آیات میں اپنی طرف سے کچھ زیادتی کر دینا۔ تیسرے اپنی مخالف آیات کو چھپا لینا۔ ایک فعل سے پہلے روکا گیا تھا اور دو حرکتوں سے اب منع فرمایا جا رہا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

**تفسیر : ولا تلبسوا۔ تلبسوا۔** لبس سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں غلط۔ یعنی ملاوٹ کرنا جیسا کہ دودھ میں پانی اور اصلی گھی میں ولایتی گھی کو اسی طرح ملا دینا جس سے اصل و نقل کی پہچان نہ رہے علما یہود بھی کتاب کی آیتوں یا اس کے معانی میں اپنی طرف سے ایسی زیادتی کر دیتے تھے جس سے اصل و نقل کی پہچان نہ رہتی تھی اس سے ان کو منع فرمایا جا رہا ہے **الحق بالباطل** حق واقعی چیز کو کہتے ہیں اور باطل غیر واقعی کو صدق 'سچ' اور حق میں اسی طرح کذب (جھوٹ) اور باطل میں فرق ہے کہ سچ جھوٹ صرف کلام کی صفت ہے اور حق و باطل عام ہے غلط عقیدے اور غلط خیالات کو باطل کہا جاتا ہے۔ کاذب نہیں کہا جاتا۔ اسی طرح صحیح عقائد کو حق کہا جائے گا۔ نہ کہ صادق (سچا) نیز حق و باطل میں مطابقت واقع کی طرف سے معتبر ہے اور صادق و کاذب میں کلام کی طرف سے۔ یعنی صادق وہ کہ واقع کے مطابق ہو اور حق وہ کہ واقع اس کے مطابق ہو۔ لہذا حق صادق سے اعلیٰ ہے چونکہ علمائے یہود آیتوں اور ان کے معانی اور ان کے مطالب میں ہر طرح خلط ملط کرتے رہتے تھے۔ اس لئے یہاں حق فرمایا گیا۔ تاکہ سب کو شامل ہو جائے یعنی نہ آیتوں کے الفاظ میں خلط ملط کرو اور نہ اس کے معانی اور مطلب میں۔ **وتکتموا الحق** یہاں **لا** پوشیدہ ہے اس لئے نون گر گیا۔ یعنی حق نہ چھپاؤ خیال رہے کہ خلط اور چھپانے میں یہ فرق ہے کہ خلط کے معنی ہیں ملا کر ظاہر کرنا اور کتم (چھپانا) کے معنی ہیں ظاہر نہ کرنا ان کے علماء یا تو احکام ظاہر ہی نہ کرتے تھے اور یا ملاوٹ کر کے ظاہر کرتے تھے ان دونوں کاموں سے ان کو روک دیا گیا۔ **وانتم تعلمون** یعنی علماء بنی اسرائیل تم جان بوجھ کر یہ حرکتیں کرتے ہو نہ کہ بے علمی اور بھول سے اس میں اس جانب اشارہ ہو رہا ہے کہ جان بوجھ کر یہ دونوں کام کفر ہیں بلا ارادہ یا نادانی یا بھول کر کفر نہیں ایک حافظ قرآن پاک غلط پڑھ گیا کسی کاتب نے نادانی سے آیت غلط لکھ دی کسی شخص نے بے علمی سے آیت کا کوئی مطلب سمجھ لیا کسی مجتہد سے آیت سے مسئلہ نکالنے میں غلطی ہو گئی یہ سب اس حکم سے خارج ہیں خدا کا شکر ہے کہ قرآن مجید میں تحریف تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ نیز قرآن وہ سورج ہے جو چھپایا نہیں جا سکتا رب نے الفاظ قرآن کی حفاظت کے لئے حافظ اور الفاظ کی حفاظت کے لئے قاری احکام قرآن کی حفاظت کے لئے محدثین و مفسرین و فقہاء پیدا کئے اسرار قرآن کی حفاظت کے لئے صوفیا' مشائخ' اولیاء پیدا فرمائے اور انہیں تاقیامت باقی رکھا قرآن کی حفاظت کے لئے حدیث شریف باقی رکھی۔

**خلاصہ تفسیر :** علماء یہود دو طرح لوگوں کو ایمان سے روکتے تھے بیخبروں کو تو سچی بات سناتے ہی نہ تھے اور باخبر اور ہوشیار لوگوں کو شبہ میں ڈال دیتے تھے یا تو کتاب کی آیتوں میں ہی خلط ملط کر دیتے تھے اور یا اس کے مطالب اس طرح بیان کرتے تھے جس سے وہ شبہ میں پڑ کر حق تک نہ پہنچ سکے۔ مثلاً "جاہلوں سے کہتے تھے کہ ہماری کتابوں میں نبی آخر الزمان کی خبر ہی نہیں ہے اور جاننے والوں سے کہتے تھے کہ ان کی خبر تو دی گئی ہے۔ مگر وہ صفتیں حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں نہیں پائی جاتیں۔ اس لئے ارشاد ہو رہا ہے کہ اے بنی اسرائیل یہ دونوں حرکتیں چھوڑ دو نہ تو حق و باطل کو ملاؤ نہ حق کو چھپاؤ اور تمہارا جان بوجھ کر یہ دو حرکتیں کرنا اور بھی زیادہ خطرناک ہے! خیال رہے کہ اس زمانے میں نہ تو کوئی ان کتابوں کا حافظ تھا اور نہ کوئی خاص کتب خانہ اور لکھنے کا زیادہ رواج نہ کتابوں کی عام اشاعت بلکہ آسمانی کتابیں خاص خاص راہبوں کاہنوں کے پاس ہی ہوتی تھیں۔ اس لئے ان کو بدلنا کچھ مشکل نہ تھا الحمد للہ کہ قرآن کریم میں اس قسم کی تحریف کبھی نہیں ہو سکتی کیونکہ اس کی اشاعت بہت ہو چکی اور حافظوں کے سینوں میں بھی آگیا۔

marfat.com
Marfat.com

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ اگرچہ یہ آیت علماء بنی اسرائیل کے لئے آئی ہے لیکن اس میں وہ موجودہ علماء بھی داخل ہیں جو قرآن پاک کے معانی یا مطالب میں تبدیلی کرتے ہیں۔ جیسے خاتم النبیین کے معنی ہیں آخری نبی مگر دیو بندیوں اور قادیانیوں نے اس کے معنی کئے اصلی نبی اور حضور علیہ السلام کے بعد بھی نئے پیغمبروں کا آنا جائز مانا نیز وہ علماء بھی اس میں داخل ہیں جو قرآن کریم اور احادیث صحیحہ کو کانگریس یا دیگر کفار کے مطابق کرنے کی کوشش کرتے ہیں جیسے ابو الکلام آزاد اور دیگر کانگریسی احراری اور خاکساری علماء ہم کو خوب یاد ہے کہ جب کانگریس نے نمک کو مطالبہ بنا کر سول نافرمانی کرنے کا اعلان کیا تو دیو بند سے وہ حدیثیں نکلیں کہ نمک لکڑی گھاس آزاد چیزیں ہیں جو ان کو پائے وہ ہی ان کا مالک اور جب کانگریس نے چرخہ کاتنے کا حکم دیا تو مدرسہ دیو بند سے چرخے کی حدیث بھی نکل آئی جب وہ تحریکیں ختم ہو گئیں تب یہ احادیث بھی چھپ گئیں دوسرے یہ کہ جان بوجھ کر قرآن کے الفاظ یا معانی یا مطالب کا بگاڑنا کفر ہے۔ جو قراتیں اور معنی کہ متواتر طور پر منقول ہیں اس کی پیروی کی جائے گی۔ بغیر قصد غلطی کا یہ حکم نہیں ہے بے علم اگر نادانی سے غلطی کرتا ہے تو گنہگار ہے اس پر فرض تھا کہ علم حاصل کر کے صحیح پڑھے عالم اگر سستی کر جائے تو بھی گنہگار ہے اس کو چاہئے تھا کہ محنت سے صحیح مسائل معلوم کرے ایک مجتہد کوشش کے باوجود غلطی کر جائے تو وہ گنہگار بھی نہیں بلکہ اس کوشش کا ثواب پائے گا۔

اعتراض : پہلا اعتراض: اس سے معلوم ہوا کہ جان بوجھ کر گناہ کرنا برا ہے نادان بن کر جو چاہو سو کر لو۔ جواب: اس کا جواب گزر گیا کہ دونوں چیزیں گناہ ہیں لیکن جان بوجھ کر کرنا کفر۔ دوسرا اعتراض: اس سے معلوم ہوا کہ علم سے جہالت بہتر ہے کیونکہ جاہل کا گناہ گناہ ہے عالم کا گناہ کبھی کفر بن جاتا ہے امام احمد نے کتاب الزہد میں فرمایا کہ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جاہل بے علم پر ایک وبال ہے اور عالم بے عمل پر سات۔ جواب: جہالت کا وبال علم کے وبال سے زیادہ ہے اس لئے کہ عالم بے عمل فقط بے عملی کا گنہگار ہے اور جاہل بے عمل ڈبل گنہگار ہے ایک تو بے علمی کی وجہ سے دوسرا بدعملی سے علم سیکھنا فرض تھا۔ جاہل اس فرض کا تارک ہے گنہگار ہے ایک شخص اپنے باپ کو نہ پہچان کر اس کو مارے پیٹے عقل کہتی ہے کہ یہ شخص بڑا بد نصیب ہے جاہل کا ایک وبال عالم کے سات وبالوں سے سخت ہو گا گنہگار مومن کو صدہا بد عملیوں کی سزا ملے گی اور کافر کو صرف کفر کی مگر ایک کفر کی سزا دیگر صدہا جرموں کی سزا سے سخت ہو گی حدیث صحیح سمجھو (تفسیر عزیزی) خیال رہے کہ کفریات وغیرہ میں بے عملی عذر نہیں اگر کوئی جاہل بھی کلمہ کفر وغیرہ منہ سے نکال دے شراب وغیرہ پی لے تو وہ ضرور مجرم ہے کوئی شخص قانون سے واقف ہو کر چوری کرے یا بے ٹکٹ ریل میں سفر کرے اور گرفتار ہونے پر کہے کہ مجھے خبر نہ تھی کہ یہ کام جرم ہے وہ بھی ضرور سزا کا مستحق ہو گا۔

تفسیر صوفیانہ : دین حق ہے دنیا باطل قلب سورج نفس امارہ بادل فرمایا جا رہا ہے کہ اے بنی اسرائیل تم دین کو دنیا سے اس طرح مخلوط نہ کرو کہ ان کا آپس میں امتیاز نہ رہے بلکہ دین کو دنیا سے خالص رکھو دنیا پر دین کا لباس نہ پہناؤ۔ خالص سونے خالص دودھ کی قدر ہے ایسے ہی بارگاہ الٰہی میں خالص دین کی قدر و منزلت ہے اور تم قلب کے سورج کو نفس امارہ کے بادلوں سے نہ چھپاؤ تاکہ دونوں جہاں میں اس کا نور پاؤ۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو قلبی نور سے اپنے آپ کو منور رکھیں۔

marfat.com
Marfat.com

وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ ارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِیْنَ ۝۴۳

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قائم رکھو | نماز کو | اور دو تم زکوٰۃ | اور رکوع کرو | ساتھ | رکوع کرنے والوں کے |
| اور نماز قائم رکھو | اور زکوٰۃ دو | اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو |

**تعلق :** اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ پہلے بنی اسرائیل کو ایمان لانے کی رغبت دی گئی اور اب نیک اعمال کرنے کا حکم دیا جارہا ہے چونکہ ایمان اعمال پر مقدم ہے اس لئے ایمان کا حکم پہلے دیا گیا اور اعمال کا بعد میں خیال رہے کہ خود کفر کرنا بھی کفر ہے اور دوسروں کو ایمان سے روکنا بھی کفر اور کسی کو کفر کی رغبت دینا بھی کفر۔ ان تینوں قسم کے کفر سے منع فرما کر اب انہیں نماز وغیرہ کا حکم دیا گیا یعنی خود کفر نہ کرو اور دل کو ایمان سے روک کر کافر نہ بنو پھر نیک اعمال بھی کرنا دوسرے یہ کہ اب تک انہیں ایمان کا حکم دیا گیا تھا اب فرمایا جارہا ہے کہ صرف ایمان ہی پر قناعت نہ کرنا بلکہ اس کے بعد نیک اعمال بھی کرنا تیسرے یہ کہ پہلے فرمایا گیا کہ تم لوگوں کو ایمان سے روک کر اپنی علیحدہ جماعت نہ بناؤ اب فرمایا جارہا ہے کہ خود ایمان لاکر مسلمانوں کی جماعت میں آجاؤ چوتھے یہ کہ علماء بنی اسرائیل تین بیماریوں میں گرفتار تھے۔ خود پسندی' مال کی حرص' حسد وغیرہ ان کے لئے تین علاج فرمائے گئے۔ نماز' زکوۃ' جماعت نماز میں شرکت' نماز کی وجہ سے نمازی سے خود پسندی دور ہوگی زکوۃ سے مال کی محبت میں کمی آجائے گی۔ شرکت جماعت سے حسد دور ہوگا گویا ایمان لاکر وہ شفاخانہء مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں داخل ہوں گے اور یہ تین نسخے استعمال کر کے بیماریوں سے آرام پائیں گے۔

**تفسیر : واقیموا الصلوۃ** ۔ چونکہ ایمان کے بعد نماز پڑھنے اور نماز قائم کرنے کا فرق ہم سورہ بقر کے شروع میں بیان کر چکے ہیں کہ نماز صحیح پڑھنا۔ ہمیشہ پڑھنا۔ صحیح وقت پر پڑھنا۔ نماز کی فکر رکھنا اور سفر و حضر' تندرستی و بیماری ہر حال میں نماز پڑھنا نماز قائم کرنا ہے نماز قائم کرنا ہی انسان کو برائیوں و فحش سے بچاتا ہے نماز قائم کرنے والا مرنے کے بعد قبر میں بھی نماز پڑھتا ہے یا نماز کی فکر میں رہتا ہے جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے الصلوۃ میں الف لام عہد خارجی ہے یعنی وہ مسلمانوں والی نماز قائم کرو یہود اور عیسائی بھی نماز پڑھتے تھے' لیکن اب اسلامی نماز قبول ہے نہ کہ دوسری خیال رہے کہ یہ حکم ایمان لانے کے بعد دیا جارہا ہے۔ یعنی پہلے ایمان لاؤ۔ پھر نماز پڑھو یہ نہیں کہ بے ایمان رہ کر نماز پڑھو۔ جیسے بے وضو شخص سے کہا جائے کہ نماز پڑھ تو یہ مطلب نہیں کہ اسی حالت میں پڑھ لے بلکہ وضو کر کے نماز پڑھ یا یہ مطلب ہے کہ اے بنی اسرائیلیو! نماز کی فرضیت کے قائل ہو جاؤ گویا یہ آیت **بما انزلت** کی تفصیل ہے۔ **واتوا الزکوۃ** نماز کے بعد ادائے زکوۃ کا حکم دیا گیا کیونکہ نماز بدنی عبادت تھی اور زکوۃ مالی عبادت اور بدن مال سے افضل ہے اس لئے نماز زکوۃ سے افضل خیال رہے کہ دونوں جگہ حکم بظاہر یکساں ہے یعنی نماز پڑھو اور زکوۃ دو لیکن نماز کا حکم مثل زکوۃ کے نہیں ہے کیونکہ نماز ہر غریب و امیر پر فرض ہے اور زکوۃ صرف مالداروں پر زکوۃ کے لفظی معنی ہیں بڑھنا اور پاک ہونا عرب والے کہتے ہیں کہ **ذکا الذرع** یعنی کھیتی بڑھ گئی اور قرآن پاک فرماتا ہے **غلما زکیا** یعنی پاک لڑکا اور فرماتا ہے **قد افلح من تزکی** یعنی کامیاب ہو گیا وہ جو پاک ہوا چونکہ زکوۃ نکالنے سے باقی مال پاک و صاف ہو جاتا ہے جیسے ختنہ کرنے اور ناخن و بال کٹوانے سے جسم پاک و صاف ہو جاتا ہے اس لئے اس کو زکوۃ کہتے ہیں۔ نیز اگرچہ زکوۃ سے بظاہر مال گھٹتا ہے لیکن حقیقت میں اس سے مال اور عمر میں برکت ہوتی ہے بلائیں دور رہتی ہیں مصیبتوں

marfat.com
Marfat.com

سے امن ملتی ہے اس لئے اس کو زکوۃ کہتے ہیں تفسیر کبیر نے اس جگہ فرمایا کہ صدقہ وخیرات میں چھ فائدے ہیں تین دنیا میں اور تین آخرت میں۔ دنیا میں تو رزق میں برکت مال میں زیادتی گھر میں آبادی ہوتی ہے اور آخرت میں صدقہ عیبوں کو چھپائے گا۔ قیامت کی دھوپ سے بچائے گا آگ سے آڑ بنے گا یہاں بھی زکوۃ میں الف لام عہد خارجی ہے یعنی اسلامی زکوۃ دیا کرو۔ بنی اسرائیل پر چوتھائی مال زکوۃ فرض تھی اور اس کے قوانین کچھ اور تھے مگر اب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ ہے اس لئے اب انہی کے قوانین پر عمل کرنا پڑے گا۔ **واركعوا مع الركعين** یہ تیسرا حکم ہے یعنی اے بنی اسرائیل رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو۔ رکوع کے لغوی معنی ہیں جھکنا اور پست ہونا اور اصطلاح شریعت میں نماز کے ایک رکن کا نام ہے یہاں یا تو لغوی معنی مراد ہیں یعنی جس طرح مسلمان اللہ تعالیٰ اور رسول علیہ السلام کے احکام پر سر خم کر دیتے ہیں تم بھی سرکشی چھوڑ کر ان کے ساتھ اطاعت کیا کرو یا اصطلاحی معنی یعنی تم ان نمازیوں کے ساتھ رکوع والی نماز پڑھا کرو کیونکہ یہودیوں کی نماز میں رکوع نہ تھا تو گویا یہ جملہ **اقيموا الصلوة** کی تفسیر ہے۔ یعنی کون سی نماز قائم کرو رکوع والی یا اس کا مطلب یہ ہے کہ جماعت سے نماز پڑھا کرو کیونکہ جماعت کی نماز تنہا نماز پر ستائیس درجہ افضل ہے۔ تفسیر روح البیان نے اس جگہ عجیب نکتہ بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ جماعت جمع سے بنا ہے اور جمع کم از کم تین پر بولی جاتی ہے اور ایک نماز میں دس نیکیاں تو تین آدمیوں کی تیس نیکیاں ہوئیں ہر ایک کی ایک اصل نماز اور نو رب کا عطیہ لہٰذا نماز میں تین اصل نمازیں اور ستائیس عطیے۔ نیز سلطانی بارگاہ میں وفد کی عرض و معروض بمقابلہ اکیلے کی عرض سے زیادہ سنی جاتی ہے جماعت کی نماز میں مسلمان وفد کی شکل میں اپنے رب کے حضور حاضر ہوتے ہیں امید ہے کہ بہت جلد کامیاب ہوں گے امام ان کا نمائندہ ہوتا ہے۔ نمائندہ جتنا اعلیٰ ہوگا اتنی ہی اعلیٰ نمائندگی ہوگی۔ خیال رہے کہ یہ تیسرا حکم پہلے دو حکموں سے زیادہ خاص ہے اس لئے کہ ہر نماز جماعت سے نہیں پڑھی جاتی جمعہ اور عیدین کے لئے جماعت فرض ہے اور پنجگانہ فرض نمازوں کے لئے واجب نماز کسوف (سورج کے گرہن کی نماز) نماز استسقاء نماز تراویح کے لئے جماعت سنت باقی نفلوں کے لئے اہتمام سے جماعت کرنا منع ہے۔ پھر ہر شخص کے لئے جماعت ضروری نہیں مسافر اور سخت بیمار پر جماعت معاف ایسے ہی بارش اور آندھی میں جماعت معاف عورتوں، بچوں، بعض اندھوں اور لنگڑوں وغیرہ پر جماعت معاف اس لئے جماعت کا حکم ان نماز و زکوۃ کے حکموں کے بعد ہوا۔

**خلاصہ تفسیر :** جب بنی اسرائیل کو ایمان اور ایمانیات کا حکم دیا جا چکا تو اس کے بعد تقویٰ اور طہارت کا حکم دیا کہ نماز کو اچھی طرح قائم کرو تاکہ تمہارے دل نرم ہوں اور دلوں کی سیاہی دور ہو اور پھر خدا سے ڈر کر اپنے مال میں کچھ مقرر حصہ بھی فقراء و غرباء کو دیا کرو جس سے تمہارا مال پاک ہو اور خوب بڑھے اور نماز اپنے گھروں میں اکیلے ہی نہ پڑھ لیا کرو بلکہ پنجگانہ جماعت میں شامل ہو کر نمازیوں کے ساتھ ادا کیا کرو تاکہ تم کو دین کی برکتیں اور انوار حاصل ہوں۔ **فائدے:** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ ایمان سارے اعمال سے افضل ہے اور نماز باقی اعمال سے بہتر اس لئے کہ ایمان قلب کا فعل ہے اور نماز قالب کا اور زکوۃ مال کا نیز تمام اعمال عرش سے فرش پر بھیجے گئے لیکن نماز حضور کو عرش پر بلا کر دی گئی۔ نیز نماز کا فائدہ براہ راست اپنی ذات کو حاصل ہوتا ہے اور زکوۃ کا فائدہ دوسرے کو یعنی فقیر کو اور اپنا فائدہ دوسرے کے فائدے پر مقدم ہے **رب اغفرلی ولوالدی** پہلے اپنے لئے دعا ہے پھر دوسروں کے لئے نیز نماز میں بدن سے کام کرنا پڑتا ہے اور زکوۃ میں مال سے اور بدن مال سے

marfat.com
Marfat.com

افضل ہے۔ نیز نماز ہر مخلوق ادا کرتی ہے فرشتے اور جنات' درخت وغیرہ لیکن زکوۃ سوائے انسان کے کوئی ادا نہیں کرتا دوسرے یہ کہ نماز کے بعد درجہ زکوۃ کا ہے کیونکہ نماز بھی ایک فعل ہے اور زکوۃ بھی۔ رہا روزہ یہ فعل نہیں بلکہ ترک فعل ہے یعنی روزہ کسی کرنے کا نام نہیں بلکہ کھانے پینے کے چھوڑنے کا نام ہے' تیسرے یہ کہ نماز جماعت سے پڑھنا افضل ہے اس لئے کہ تنہا نماز ہوئی۔ نہ معلوم قبول ہو کہ نہ ہو لیکن جماعت میں اگر ایک کی قبول ہو گئی تو اس کی طفیل سب کی قبول ہے۔ نیز جو دعا مل کر مانگی جائے وہ بھی زیادہ قابل قبول ہوتی ہے چوتھے جس نے رکوع پالیا اس نے رکعت پالی اس لئے کہ یہاں فرمایا گیا کہ رکوع والوں کے ساتھ رکوع کرو جس سے معلوم ہوا کہ تم اگر رکوع میں مل جاؤ گے تو تم اس رکعت میں سب کے ساتھ مانے جاؤ گے ورنہ نہیں۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** حنفیوں کے نزدیک کافروں کو روزے نماز کا حکم نہیں ہوتا اور یہاں کافرِ بنی اسرائیل کو یہ حکم دیا جا رہا ہے معلوم ہوتا ہے کہ مذہب شافعی حق ہے۔ **جواب:** ظاہر میں تو یہ آیت شافعیوں کے بھی خلاف ہے کیونکہ ان کے نزدیک بھی کفار کو اداءِ نماز وغیرہ کا حکم نہیں اسی لئے نو مسلم سے وہ بھی گذشتہ نمازیں قضا نہیں کراتے صرف اختلاف اس میں ہے کہ آخرت میں کفار کو صرف کفر کا عذاب ہو گا یا دیگر گناہوں کا بھی شافعیوں کے نزدیک اعمال کا بھی عذاب ہو گا حنفیوں کے نزدیک صرف کفر کا اس جگہ نماز و زکوۃ کا حکم ایمان کے حکم کے ساتھ ہے۔ جس کے معنی یہ ہوئے کہ تم ایمان لا کر نماز پڑھو فی الحال ان کو نماز کا حکم نہیں دیا جا رہا لہذا یہ ہمارے خلاف نہ ہوا کیونکہ کفار کو بحالت کفر اعمال کا حکم نہ دیا گیا۔ **دوسرا اعتراض:** پھر بھی مذہب شافعی قوی معلوم ہوتا ہے کیونکہ دوسری جگہ قرآن کریم فرما رہا ہے کہ جب مسلمان دوزخی کفار سے پوچھیں گے کہ **ما سلکم فی سقر** یعنی تم کو جہنم میں کون چیز لائی تو وہ جواب دیں گے کہ **لم نک من المصلین** کہ ہم نمازی نہ تھے مسکینوں کو کھانا نہ کھلاتے تھے معلوم ہوا کہ ان کو اعمال کا بھی عذاب ہو گا۔ **جواب:** اس آیت سے یہ ہرگز معلوم نہیں ہوتا کہ ان کو نماز نہ پڑھنے کا عذاب ہو گا بلکہ ثابت یہ ہو رہا ہے کہ مسلمان نہ ہونے کا عذاب ہو گا کیونکہ وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم نمازیوں میں سے نہ تھے۔ یعنی مسلمانوں کی جماعت سے خارج تھے ورنہ کہتے **ما کنا نصلی** بہرحال ان کو اعمال کے نہ ماننے کا عذاب ہو گا نہ کہ نہ کرنے کا۔ **تیسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ جماعت بھی مثل نماز و زکوۃ کے فرض ہے کیونکہ ان سب کے لئے یکساں حکم آرہا ہے اور حکم فرضیت کے لئے آتا ہے پھر تم جماعت کو واجب یا سنت موکدہ کیوں مانتے ہو۔ **جواب :** اس کے چند جواب ہیں ایک یہ کہ شریعت میں فرض وہ کہلاتا ہے کہ جس کی طلب ضروری ہو اور اس کا ثبوت بھی قطعی ہو اور دلالت بھی۔ **ارکعوا** کا ثبوت تو یقینی ہے مگر دلالت یقینی نہیں یعنی یہ یقین سے نہیں کہا جا سکتا کہ اس سے مراد جماعت ہی ہے بلکہ اس کے اور معنی بھی ہو سکتے ہیں جو ہم تفسیر میں عرض کر چکے لہذا جب اس کا یقین نہ رہا تو فرضیت ثابت نہ ہو سکی۔ دوسرے یہ کہ اگر ایک نماز کے لئے بھی جماعت فرض ہو جاوے تب بھی آیت کا مقصود حاصل ہو گیا اور جمعہ و عیدین کے لئے جماعت فرض ہے لہذا آیت پر عمل ہو گیا تیسرے یہ کہ ہر حکم وجوب کے لئے نہیں یہاں پہلے دو حکم تو وجوب کے تھے مگر یہ نہیں کیونکہ فرض کرنے میں طاقت سے زیادہ انسان پر بوجھ پڑے گا ہر شخص اپنے کام کا مختار ہے۔ نہ کہ دوسروں کا اور جماعت کرنا دوسروں کا فعل ہے پھر اس پر کیوں فرض ہو اس قرینہ سے معلوم ہوا کہ یہ حکم وجوب کے لئے نہیں (تفسیر عزیزی) **چوتھا اعتراض:** تو چاہئے کہ جمعہ اور عیدین کے لئے بھی جماعت فرض نہ ہو کیونکہ اس جماعت میں بھی طاقت سے زیادہ تکلیف ہے۔ **جواب:**

marfat.com
Marfat.com

جمعہ اور عیدین میں اگر جماعت میسر نہ ہو تو یہ نمازیں بھی معاف ہو جاتی ہیں اور پنجگانہ نمازیں بہرحال فرض ہیں لہٰذا طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں۔

**تفسیر صوفیانہ :** مقام عشق میں حق کو باطل سے نہ ملاؤ اور تم پر جو کچھ انوار اور تجلیات نازل ہوں جو شریعت کی تصدیق کرتی ہوں اس کو فوراً قبول کرنا اور اس کے منکر نہ بنو اور منزل عشق کی تکلیفوں کو برداشت کرو کیونکہ یہ راستہ خاردار ہے اور تھوڑے آرام اور دنیوی راحتوں کے عوض میرے ان فیوض و برکات کو فروخت نہ کر ڈالو اور نماز عشق شروع کرنے سے پیشتر ہر حالت سے اپنی بندگی ظاہر کرو نفی اور اثبات کے شغل میں عملاً مشغول رہو اہل شریعت پڑھتے ہیں۔ **لا معبود الا اللہ** اہل طریقت کے ہاں **لا موجود الا اللہ** یعنی ماسوا اللہ کے نفی کر کے بحر توحید میں غوطہ لگاتے ہیں جب نماز عشق شروع کرو تو سب سے پہلے اس پر عمل کرو کہ **لا تقربوا الصلوۃ وانتم سکری** جب تم کو محبت دنیا کثرت رنج و غم ماسوا اللہ پر نظر کا نشہ چڑھا ہو تو نماز عشق کے قریب مت آؤ اور یہ سب نشے عشق کی ترشی سے اتار دو اور پھر نماز شروع کرو تو **اقیموا الصلوۃ** پر عمل کرو یعنی نماز سیدھی ہو ٹیڑھی نہ ہو قلب و قالب ایک ہی طرف متوجہ ہوں یہ نہ ہو کہ قالب اور جگہ اور قلب اور جگہ۔ قالب کے ٹیڑھا ہونے سے ہر چیز ٹیڑھی ہوگی۔ شعر۔

خشت اول چوں نہد معمار کج | تاثریا مے رود دیوار کج

نماز کی پہلی اینٹ سیدھی رکھو **واتوا الزکوۃ** نفس کو حرص و ہوس برے اخلاق سے پاک کرو دل کو ماسوا اللہ کے حساب سے یاد رکھو کیونکہ ماسوا اللہ حق پر زیادتی ہے اور کمال پر زیادتی نقصان ہے لہٰذا یہ زیادتی دور کرو اور **واتوا الزکوۃ** پر اس طرح عمل کرو اور انکساری اور اپنی ہستی کو مٹانے میں اس جماعت اولیاء کے ساتھ ہو جنہوں نے موجود حقیقی کی طلب میں اپنے وجود کو فانی کر دیا اس راستے میں اکیلے مت جاؤ ورنہ مارے جاؤ گے مولانا فرماتے ہیں۔

پیر را بگزیں کہ بے پیر ایں سفر | ہست بس پر آفت و خوف و خطر

**حکایت :** امام محمد غزالی کے چھوٹے بھائی حامد غزالی رحمتہ اللہ علیہ بڑے ولی کامل تھے۔ یہ امام محمد رحمتہ اللہ علیہ کے پیچھے نماز نہ پڑھتے تھے انہوں نے والدہ سے شکایت کی کہ حامد بھائی مجھ میں کیا خرابی دیکھتے ہیں کہ میرے پیچھے نماز نہیں پڑھتے امام حامد نے عرض کیا کہ ان کا قالب نماز میں رہتا ہے اور قلب کتابوں میں یعنی نماز میں قرات کے وقت فقہی الجھنوں میں الجھے رہتے ہیں والدہ نے فرمایا بیٹا یہ مرض تو تم میں بھی ہے کہ وہ تو نماز میں مسائل ڈھونڈتا ہے اور تم اس کی عیب جوئی کرتے ہو تو تم سے وہ بہتر ہے کہ ان کا قلب کتابوں میں رہتا ہے اور تمہارا قلب عیب جوئی میں نماز کامل وہ تھی کہ تم کو ماسوا اللہ کی خبر نہ رہتی اللہ پاک ایسی نماز نصیب فرمائے۔ (آمین)

**دوسری تفسیر صوفیانہ :** **اقیموا الصلوۃ** کے معنی ہیں نماز قائم کرو اگر پہلے معنی ہوں تو مقصد یہ ہے کہ جیسے دریا کے اریئے میں پل یا عمارات بہت مضبوط بنائی جاتی ہیں تاکہ پانی کے ریلے میں بہہ نہ جائیں مضبوط مسالہ قابل انجینئر کی رائے اور لائق مستریوں سے چنائی کرائی جاتی ہے دنیا گویا دریا کا اریا ہے جہاں نفسانی شیطانی طغیانیاں آتی رہتی ہیں خطرہ ہے کہ عبادات بلکہ ایمانیات کو بہالے جائیں لہٰذا اسے قائم و مضبوط رکھو کہ مرتے وقت تک کوئی ایسی حرکت نہ کرو جس سے اعمال اکارت ہو

marfat.com
Marfat.com

جائیں یہ تب ہی ہو گا جبکہ نماز کے ارکان اعلیٰ ہوں اور شیخ کامل کی نگاہ سے تیار ہوں اگر دوسرے معنی ہوں تو منشا یہ ہے کہ نماز کی بنیاد دل پر رکھو اس کی چنائی زبان اور دیگر ظاہری اعضاء پر کرو کہ سر کعبہ کی طرف ہو اور دل کا مدینہ کے ہرے گنبد کی طرف جھکاؤ زبان سے قرآن پڑھو دل سے قرآن لانے والے محبوب کے گن گاؤ تاکہ نماز بے بنیاد نہ رہے۔ زکوۃ صرف مال کی نہ دو بلکہ مال حال اعمال سب میں سے زکوۃ نکالو نیز رب کی بارگاہ میں اکیلے نمازی بن کر نہ جاؤ نمازیوں کے ساتھ جاؤ تاکہ راستہ کے خطرات سے محفوظ رہو رب کی بارگاہ میں مقبول ہو گلدستہ کی گھاس پھول کے ساتھ رہ کر بادشاہ کی میز پر پہنچ جاتی ہے خیال رہے کہ محبت کی ہمراہی و معیت زمان و مکان کی معیت سے بے نیاز ہے ابو جہل حضور کے ساتھ نہ ہوا۔ حضور غوث پاک حضور کے ساتھ ہیں اب پڑھو **وارکعوا مع الرکعین** اچھوں کے ساتھ رہ کر رکوع و سجود کرو۔

**اَتَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ**

کیا حکم دیتے ہو تم لوگوں کو ساتھ بھلائی کے اور بھولتے ہو تم جانوں کو اپنی

کیا لوگوں کو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور اپنی جانوں کو بھولتے ہو حالانکہ تم

**الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝**

حالانکہ تم لوگ تلاوت کرتے ہو کیا پس نہیں عقل رکھتے تم

کتاب پڑھتے ہو تو کیا تمہیں عقل نہیں

**تعلق:** اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ اس سے پہلے علماء بنی اسرائیل کے ان عیبوں کی اصلاح کی گئی تھی جو سراسر عیب تھے اور ان برائیوں سے روکا گیا جو ایک لحاظ سے برائیاں تھیں اور دوسرے لحاظ سے بھلائیاں یعنی دوسروں کو اچھی باتوں کا حکم کرنا اور خود اس پر عمل نہ کرنا دوسرے یہ کہ گذشتہ آیتوں سے ایک شبہ پیدا ہوتا تھا اس آیت میں اس کو دور کیا گیا شبہ یہ تھا کہ علمائے بنی اسرائیل بعض لوگوں کو در پردہ اسلام قبول کرنے کا مشورہ دیتے تھے اور ان سے نیک کام بھی کرواتے تھے اور راستہ بتانے والے کو کرنے والے کی طرح ثواب ملتا ہے وہ کہہ سکتے تھے کہ اگرچہ ہم خود ایمان نہ لائیں مگر جن لوگوں نے ہمارے مشورے سے ایمان قبول کیا ان کا ثواب ہم کو مل گیا اب ہم کو ایمان اور اعمال کی ضرورت نہیں اس آیت میں جواب دیا گیا کہ شریعت کے احکام ایسے نہیں یہاں تو جو غذا کھائے گا اسی کا پیٹ بھرے گا اور جو دوا پئے گا وہی صحت پائے گا۔ اپنی بھرنی ہے اگر نجات حاصل کرنا ہے تو اپنے اعمال اپنے ساتھ لاؤ۔ **شان نزول:** علمائے یہود سے ان کے مسلمان رشتہ داروں نے پوچھا کہ دین اسلام سچا ہے کہ نہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ تم اس پر قائم رہو یہ دین سچا ہے اور قرآن حق ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک روایت یہ مشہور ہے کہ عرب کے یہودی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے مشرکین عرب کو نبی آخر الزمان کی تشریف آوری کی خبر دیتے تھے اور ان کی اطاعت کرنے کی ہدایت کرتے تھے پھر جب حضور تشریف لائے تو یہ ہدایت کرنے والے حسد سے خود کافر ہو گئے تب یہ آیت کریمہ اتری (تفسیر خزائن العرفان) تفسیر روح البیان نے اس جگہ فرمایا کہ علماء یہود ان غریب یہودیوں سے جن سے کچھ دنیاوی لالچ نہ تھا چپکے سے کہہ دیتے تھے کہ تم ان نبی آخر الزمان پر ایمان لے آؤ یہ سچے ہیں۔ اور مالدار یہودیوں سے جن سے ان کو آمدنی تھی کہتے تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں

marfat.com
Marfat.com

نبی آخر الزمان کی بعض علامتیں تو ہیں بعض نہیں لہٰذا ایمان لانے میں جلدی نہ کرو ذرا غور کر لینے دو کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ اگر یہ لوگ ہاتھ سے نکل گئے تو ہماری آمدنی جاتی رہے گی ان کے متعلق یہ آیت کریمہ آئی۔

تفسیر : یہ ہمزہ استفہام کا ہے اور یہ استفہام یا اظہار تعجب کے لئے ہے یا جھڑکنے کے لئے یعنی تعجب یا سخت افسوس ہے کہ تم لوگوں کو تو اچھی باتیں بتاتے ہو اور اپنے کو بھول جاتے ہو **تامرون۔ امر** سے بنا ہے جس کے معنی ہیں اپنے چھوٹے کو کسی چیز کا حکم کرنا۔ چونکہ کہنے والے علماء تھے اور سننے والے ان کے ماتحت جہلاء اس لئے **تامرون** فرمایا گیا خیال رہے کہ چھوٹے سے کچھ طلب کرنا امر کہلاتا ہے برابر والے سے التماس بڑے سے طلب کرنے کو دعا یا استدعا کہتے ہیں اور کبھی امر مشورے کے معنی میں بھی استعمال ہو جاتا ہے۔ **الناس** اس سے مراد یا تو علماء یہود کے وہ قرابت دار ہیں جو مسلمان ہو چکے تھے یا غریب یہودی یا مشرکین عرب جیسا کہ شان نزول میں بیان کیا جا چکا ہے **بالبر۔** لفظ بر کے معنی وسعت اور فراخی کے ہیں اس لئے وسیع میدان کو بر کہا جاتا ہے اصطلاح میں نیک کام اور سچائی اور سچے کو بر کہا جاتا ہے۔ کہتے ہیں **بر الوالدین** اور حج مبرور یعنی مقبول حج جو اپنی قسم کو پورا کرے تو بولتے ہیں **بر فی یمینہ** یعنی اپنی قسم میں سچا نکلا قرآن پاک فرماتا ہے **ولکن البر من اتقی** یعنی سچا وہ ہے جو پرہیزگار ہے اس جگہ بر سے یا تو ہر اچھی بات مراد ہے یا لوگوں کو ایمان کی رغبت دینا یا ایمان پر قائم رہنے کا مشورہ دینا یا ان کو نماز اور زکوٰۃ وغیرہ کا حکم دینا یا توریت کی پیروی کرنے کا حکم دینا۔ یعنی اے علماء یہود تم دوسروں کو تو ایمان لانے پر قائم رہنے توریت پر عمل کرنے اور صدقہ و خیرات کا حکم دیتے ہو لیکن خود ان سب سے ایک دم دور رہو **وتنسون انفسکم تنسون۔** نسیان سے بنا ہے جس کے معنی ہیں بھول جانا خیال رہے کہ علم کے بعد بھولنے کو نسیان کہتے ہیں اور مطلق بھولنے کو سہو۔ یہاں نسیان ترک (چھوڑنے) کے معنی میں ہے یعنی تم اپنے کو عمل سے ایسے دور رکھتے ہو جیسے کہ بھول ہی گئے یا گویا تمہارے حق میں یہ آیتیں آئی ہی نہیں **وانتم تتلون الکتب۔ تتلون۔ تلاوت** سے بنا ہے جس کے معنی ہیں متبرک چیز کو پڑھنا تلاوت بھی "تول" سے بنا ہے جس کے معنی ہیں پیچھے ہونا اس لئے پیچھے آنے والے کو "تالی" کہتے ہیں کیونکہ پڑھنے والا بھی کتاب کا مضمون پڑھ کر پیچھے چھوڑتا ہے اور خود آگے بڑھتا ہے اس لئے اس کو تلاوت کہتے ہیں **الکتب** سے توریت مراد ہے یعنی تم دن رات توریت شریف میں جا بجا یہ پڑھتے ہو کہ جس کا قول اس کے عمل کا مخالف ہو وہ عذاب اور وبال کا مستحق ہے اور پھر تم وہی حرکت کرتے ہو **افلا تعقلون۔** یہ استفہام بھی تعجب یا رغبت دینے کے لئے ہے یعنی تعجب ہے کہ تم اتنی موٹی بات سمجھتے کیوں نہیں یا کیا تم میں اتنی عقل بھی نہیں جو ایسی ظاہر بات کو سمجھ لو **تعقلون**' عقل سے بنا ہے جس کے لغوی معنی ہیں منع کرنا باز رکھنا اسی لئے جس رسی سے جانور کو باندھا جائے اسے عقال کہتے ہیں اصطلاح میں عقل اس نور روحانی کو کہتے ہیں جس سے باریک باتیں معلوم کی جائیں عقل کا خزانہ دماغ یا دل ہے اسی لئے دماغ خراب ہو جانے پر اور دل کے سخت غمگین ہونے پر انسان بے عقل ہو جاتا ہے چونکہ یہ نور بھی انسان کو بری باتوں سے روکتا ہے اور نیکی پر قائم رکھتا ہے اس کو عقل کہا جاتا ہے۔

خلاصہ تفسیر : اے علماء بنی اسرائیل تم دوسروں کو تو اچھے اعمال کا حکم دیتے ہو اور خود عمل نہیں کرتے حالانکہ تم توریت میں جگہ جگہ پڑھ چکے ہو کہ جو شخص لوگوں کو وعظ و نصیحت کرے اور خود اس پر عامل نہ ہو وہ بہت برا اور مستحق عذاب شخص ہے اور یہ بات تو عقل سے بھی معلوم ہو سکتی ہے کہ دوسرے کو کچھ کہنا اور خود اس کے خلاف عمل کرنا بدتر گناہ ہے کیونکہ اس

marfat.com
Marfat.com

حرکت سے وعظ کا اثر جاتا رہے گا لولا" تو اس لئے کہ واعظ بے عمل کی آواز صرف لوگوں تک پہنچتی ہے اور عالم با عمل کا کلام دلوں میں اثر کرتا ہے دوسرے اس لئے کہ واعظ بے عمل کو دیکھ کر لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ سب کچھ جھوٹ ہے اگر سچ ہوتا تو واعظ صاحب کے دل میں خوف ہوتا اور وہ اس کے عامل ہوتے اس وجہ سے واعظ کا وعظ بے تاثیر رہ جاتا ہے اور اس وعظ کی ساری محنت رائیگاں جاتی ہے کیونکہ وعظ سے مقصود عمل ہے جب وہ ہی حاصل نہیں ہوا تو وعظ کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک: یہ کہ واعظ کو چاہئے کہ پہلے خود اپنے وعظ پر عامل ہو۔ ورنہ اس کا وعظ بے تاثیر ہوگا اور خود اس کو دنیا و آخرت میں رسوائی حاصل ہوگی روایت 'حدیث معراج میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ایک جماعت کو دیکھا کہ ان کے ہونٹ آگ کی مقراض (قینچی) سے کاٹے جا رہے ہیں حضرت جبریل علیہ السلام سے پوچھا کہ یہ کون لوگ ہیں عرض کیا **واعظین** بے عمل ہیں۔ مسلم اور بخاری شریف میں اسامہ ابن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ قیامت کے دن ایک شخص کو دوزخ میں ڈالا جائے گا اس کی انتڑیاں باہر نکل پڑیں گی جس کو کھینچتا ہوا وہ اس طرح چکر لگائے گا جیسے چکی کے ارد گرد گدھا دوسرے دوزخی پوچھیں گے کہ تو بڑا واعظ تھا تو اس بلا میں کیوں گرفتار ہوا وہ کہے گا کہ میں واعظ تو تھا لیکن بے عمل تھا روایت 'حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فرماتے ہیں کہ عالم بے عمل چراغ کی بتی کی طرح ہے کہ خود جلتی ہے اوروں کو روشنی پہنچاتی ہے (تفسیر کبیر) روایت جنتیوں کا ایک گروہ دوزخیوں کی ایک جماعت کو آواز دے گا کہ ہم تمہاری تعلیم سے جنت میں آگئے تم خود جہنم میں کیوں پہنچے افسوس ہے کہ شاگرد جنت میں استاد دوزخ میں وہ جواب دیں گے کہ تمہارے پاس عمل تھا ہمارے پاس نہ تھا (تفسیر کبیر) **دوسرا فائدہ**: جو فقط قول سے وعظ کرتا ہے اس کا کلام برباد ہے اور جو اپنے عمل سے وعظ کرے اس کا وعظ دلوں کو شکار کر لیتا ہے دیکھو صحابہ کرام کے زمانے میں نہ بڑے بڑے جلسوں کا رواج تھا اور نہ اس زمانے کی طرح ان میں تیز طرار مقرر تھے ان کی سیدھی سادھی باتیں ہوتی تھیں اور بے تکلف تقریریں مگر ان سیدھی باتوں نے دنیا کو پلٹ دیا۔ عالم میں انقلاب برپا کر دیا کیونکہ ان کے پاس دل کی آواز تھی اور عمل والا وعظ 'حق تعالیٰ انہیں کی طفیل سے ہم لوگوں کو بھی وہی آواز عطا فرمائے۔ **تیسرا فائدہ**: یہ کہ جس طرح واعظ بے عمل قابل ملامت ہے اسی طرح واعظ با عمل لائق ہزار کرامت اس کا درجہ دنیا میں بھی بڑا آخرت میں بھی **حکایت**: تفسیر کبیر نے اس جگہ فرمایا کہ یزید ابن ہارون واعظ با عمل اور زاہد بے ریا تھے ان کے انتقال کے بعد کسی نے ان کو خواب میں دیکھا پوچھا کہ قبر میں کیسی گزری انہوں نے جواب دیا کہ نکیرین نے مجھ سے پوچھا کہ رب تیرا کون میں نے کہا کہ جس نے ہزاروں کو رب کی طرف بلایا وہ خود رب کو بھول جائے **حکایت**: حضرت شیخ شبلی سے نزع کے وقت کہا گیا کہ کہو لا الٰہ الا اللہ آپ نے جواب میں یہ شعر پڑھا (فرمایا)

**ان بیتا انت ساکنہ غیر محتاج الی السرج**

یعنی جس گھر میں اے پیارے تو ہو وہاں چراغ کی ضرورت نہیں جس دل میں ان کا دھیان ہو اسے زبان ہلانے کی ضرورت نہیں۔

**اعتراض** : **پہلا اعتراض**: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عالم بے عمل کو وعظ کہنا جائز نہیں لہٰذا کوئی مسئلہ معلوم ہو جس پر ہم عامل نہ ہوں تو چاہئے کہ کسی کو غلطی کرتے ہوئے دیکھ کر بھی نہ بتائیں۔ **جواب**: اس میں وعظ کی برائی علماء

marfat.com

Marfat.com

نہ ہوئی بلکہ عمل نہ کرنے کی واعظ کو چاہئے کہ وعظ بند نہ کرے بلکہ عمل کرنا شروع کردے اگر خود عامل نہ بھی ہو تب بھی دین کی تبلیغ کئے جائے کیونکہ ابھی تو ایک گناہ کر رہا ہے اور وعظ بند کر دینے پر دو گنا ایک بد عملی اور دوسرے دین کو چھپانا ہے۔ عالم بے عمل کی مثال چراغ والے اندھے کی سی ہے کیونکہ وہ تو اس سے فائدہ حاصل نہیں کرتا مگر دوسروں کو فائدہ پہنچاتا ہے اور یہ بھی ایک نیکی ہے۔ دوسرا اعتراض: غریب مولوی کو چاہئے کہ زکوۃ اور حج کے احکام کو نہ بیان کرے کیونکہ وہ اپنی غریبی کی وجہ سے خود ان کا عامل نہیں لہٰذا وہ بے عمل ہے جواب: بے عمل وہ کہلاتا ہے جس پر عمل کرنا ضروری ہو اور نہ کرے جس کو شریعت نے معافی دی ہو وہ بے عمل نہیں ایک طبیب بیمار کو دوا پلاتا ہے اگر بیمار کہے کہ حکیم صاحب پہلے دوا آپ پیو پھر مجھے پلاؤ تو وہ بیوقوف ہے کیونکہ اس کو دوا کی ضرورت ہی نہیں ہے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر زکوۃ فرض نہ تھی لیکن آپ نے اوروں کو اس کا حکم دیا۔

تفسیر صوفیانہ : انسان پر اپنے نفس کا بھی حق ہے اپنے عزیزوں کا بھی اور دوسرے اجنبیوں کا بھی پہلے نفس کا حق ادا کرے پھر اہل قرابت کے حقوق پھر دوسروں کے بے عمل واعظ اپنے نفس کا حق ادا نہیں کرتا دوسروں کے حقوق کی فکر میں ہے وہ یقیناً ظالم ہے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اول ہی سے عارف و عابد تھے۔ پھر اپنے اہل قرابت کو تبلیغ کی پھر اپنے ملک والوں کو پھر دوسروں کو صوفیاء فرماتے ہیں کہ اپنے نفس کو بھول جانا بدترین جرم ہے نفس کی معرفت رب کی معرفت کا ذریعہ ہے نفس کی بھول رب کو بھول جانے کا ذریعہ **من عرف نفسہ فقد عرف ربہ** رب فرماتا ہے **ولا تکونوا کالذین نسوا اللہ فانسھم انفسھم اولئک ھم الفسقون۔** معلوم ہوا کہ رب کا بڑا عذاب یہ ہے کہ بندے کو اس کے نفس کی طرف سے غافل فرما دے خیال رہے کہ چہرہ دیکھنے کے لئے دنیاوی آئنے بنائے گئے مگر آئینہ دل نفس ایمان دیکھنے کے لئے رب نے حضور کو بھیجا کہ ہر شخص حضور کے ذریعے اپنے کو پہچان سکتا ہے کہ کتنے پانی میں ہوں۔ آئینہ کے ایک طرف مصالحہ ہوتا ہے دوسری جانب شفاف حضور کا ایک رخ بشریت دوسرا رخ نور ہے۔

| |
|---|
| وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى |
| اور مدد حاصل کرو ساتھ صبر اور نماز کے اور تحقیق وہ البتہ بھاری ہے مگر اوپر |
| اور صبر سے اور نماز سے مدد چاہو اور بے شک نماز ضرور بھاری ہے مگر ان پر جو میری |
| الْخٰشِعِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ |
| دل سے رجوع کرنیوالوں کے جو کہ یقین کرتے ہیں کہ تحقیق وہ ملنے والے ہیں رب اپنے سے |
| طرف جھکتے ہیں جنہیں یقین ہے کہ انہیں اپنے رب سے ملنا ہے |
| اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۚ |
| اور تحقیق وہ طرف اس کی لوٹنے والے ہیں |
| اور اسکی طرف پھرنا ہے۔ |

marfat.com
Marfat.com

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ پہلے بنی اسرائیل کو اپنے پرانے دین چھوڑنے اور نئے اختیار کرنے کا حکم دیا گیا۔ نیز نماز مع جماعت ادا کرنے اور زکوۃ دینے کی ہدایت کی گئی اور یہ کام ان پر بہت شاق اور بھاری تھے لہٰذا اب اس آیت میں وہ ترکیب بتائی گئی جس سے ان کی مشکل آسان ہو جائے جیسے طبیب بیمار کو بد مزہ دوا دیتا ہے اور ہدایت کرتا ہے کہ اس میں شکر ملا کر پینا دوسرے یہ کہ اس سے پہلے بنی اسرائیل کو علاج بتایا گیا تھا اور اب وہ ترکیب بتائی جس سے وہ علاج آسان ہو قابل ڈاکٹر جب کسی کمزور بیمار کا آپریشن کرتا ہے تو اس کو کلوروفارم' بیہوشی کی دوا سونگھا دیتا ہے تاکہ اسے محسوس نہ ہو رب نے بھی ان کمزوروں کو صبر و نماز کے لئے کلوروفارم تجویز فرمایا جس سے ان کو اعمال کی مشقت محسوس نہ ہو۔

**تفسیر** : **استعنوا۔ استعانت** کے معنی مدد مانگنا اور مدد حاصل کرنا ہے یعنی اللہ سے بذریعہ صبر و نماز کے مدد مانگو یا نماز اور صبر سے مدد حاصل کرو یعنی علماء فرماتے ہیں کہ یہ مومنین کو حکم ہو رہا ہے کیونکہ علماء بنی اسرائیل اب تک ایمان لائے ہی نہ تھے ان کو یہ احکام دینا کیا معنی مگر صحیح یہی ہے کہ یہ علمائے بنی اسرائیل سے خطاب ہے ورنہ اس آیت کا تعلق گزشتہ سے نہ رہے گا اور آیت بے جوڑ ہو جائے گی۔ کفار کو شرعی احکام سنانے کی پوری بحث ہم اس سے پہلے کر چکے ہیں **بالصبر** ب یا استعانت کی ہے یا صلہ کی یعنی صبر و نماز کے ذریعے رب سے مدد مانگو یا اس صبر و نماز سے مدد حاصل کرو۔ صبر کے معنی ہیں روکنا اصطلاح میں کامیابی کی امید سے مصیبت پر بیقرار نہ ہونے کو صبر کہتے ہیں۔ صبر کی تین قسمیں ہیں۔ مصیبت میں صبر کرنا' عبادت اور اطاعت کی مشقتوں پر صبر کرنا اور ان پر قائم رہنا نفس کو گناہ کی طرف مائل ہونے سے روکنا اس کو یوں سمجھو کہ مصیبت میں دل چاہتا ہے کہ بیقراری اور بے چینی کا اظہار کرے اب دل کو قابو میں رکھنا اور راضی برضا رہنا پہلی قسم کا صبر ہے سردی کے موسم میں ٹھنڈے پانی سے وضو کرنے کی ہمت نہیں پڑتی اسی طرح زکوۃ نکالنے کو جی نہیں چاہتا اب دل پر جبر کر کے ان کاموں کو کر گزرنا دوسری قسم کا صبر ہے گانے بجانے کی طرف دل مائل ہے ہم دیکھتے ہیں کہ سود خوار بڑے مزے سے پیسے کما رہے ہیں ہمارا دل بھی چاہتا ہے کہ یہ حرکت کریں اب دل کو روکنا اور ادھر نہ جانے دینا تیسری قسم کا صبر ہے اس جگہ تینوں قسم کے صبر مراد ہو سکتے ہیں۔ بعض علماء کرام فرماتے ہیں کہ یہاں صبر سے روزہ مراد ہے کیونکہ اس میں بھی نفس کو خواہشات سے روکنا ہوتا ہے اگرچہ نماز روزے پر مقدم ہے لیکن اس جگہ روزہ مقدم نماز پر بعض نے فرمایا ہے کہ صبر ہر مقام کا علیحدہ ہے جہاد میں نہ بھاگنا صبر ہے۔ نماز کو ہمیشہ پڑھنا صبر ہے گناہ سے استغفار کرنا اس کا صبر ہے غرضیکہ اس میں بہت گنجائش ہے صبر ایک قسم کی ورزش ہے جس طرح ورزش کرنے والا پہلوان بھاری بوجھ اٹھا سکتا ہے اور دشمن کا مقابلہ کر سکتا ہے اسی طرح صابر بندہ بڑی بلاؤں کا مقابلہ کر سکتا ہے اور بے صبر دل چھوڑ جاتا ہے **والصلوة** چونکہ نماز بھی صبر ہے ظاہری و باطنی اعضاء کو پابند کرنا پڑتا ہے نیز بعض وقت اس کی وجہ سے کچھ تکلیف بھی برداشت کرنی پڑتی ہے اس لئے صبر کے بعد اس کا ذکر ہوا یہاں صلوۃ سے یا تو پنجگانہ نماز مراد یا خاص نماز یعنی پنجگانہ نمازوں کے ذریعہ مدد حاصل کرنا ہر مصیبت کے وقت خاص نمازوں سے قحط سالی میں نماز استسقاء سے اور خاص مصیبت کے وقت نماز حاجت وغیرہ سے چونکہ نماز انسان کو دنیا سے بے خبر کر کے اللہ کی طرف متوجہ کر دیتی ہے اس لئے اس کی

marfat.com

Marfat.com

برکت سے دنیا کی مشکلیں دل سے فراموش ہو جاتی ہیں۔ تفسیر عزیزی نے اس جگہ بیان فرمایا کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے گھر میں فاقہ ہوتا تھا اور رات میں کچھ ملاحظہ نہ فرماتے تھے اور بھوک غلبہ کرتی تھی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم دربار مسجد میں تشریف لا کر نماز میں مشغول ہوتے تھے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرزند کی وفات کی خبر سن کر نماز میں مشغول ہو گئے اور اس کو اتنا دراز کیا کہ جب لوگ دفن کر کے لوٹے تب آپ فارغ ہوئے لوگوں نے اس کی وجہ پوچھی تو آپ نے فرمایا کہ مجھے اس فرزند سے بہت محبت تھی میں اس کی جدائی کا صدمہ برداشت نہ کر سکتا تھا چار نماز میں مشغول ہو کر اس صدمے سے بے خبر ہو گیا اور آپ نے یہی آیت پڑھی اس کے معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ اولاً تو صبر سے مدد لو اور جب صبر سے کام نہ چلے تو نماز میں مشغول ہو جاؤ چونکہ نماز میں کمال مشغولیت ہوتی ہے اور روح حضور الٰہی کی لذتوں میں اس قدر مشغول ہو جاتی ہے کہ پھر اس تک کوئی خطرہ نہیں پہنچ سکتا لہٰذا دنیوی تکلیفوں سے راحت دیتی ہے۔ خیال رہے کہ تفسیر کی بنا پر معنی یہ تھے کہ صبر و نماز کے ذریعے' وسیلہ سے رب سے مدد مانگو یعنی عرض کرو کہ مولا ہماری نمازوں و صبر وغیرہ نیک اعمال کی برکت سے فلاں کام میں ہماری مدد فرما جیسا کہ غار میں پھنس جانے والے تین اسرائیلیوں کا قصہ حضور نے بیان فرمایا کہ انہوں نے اپنے اعمال کے توسل سے دعا کی اور رہائی پائی جب ہمارے مشکوک اعمال جن کی مقبولیت یقینی نہیں وہ وسیلہ قبول دعا بن سکتے ہیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم جو یقیناً "مقبول ان کی ہر ادا رب کو پیاری ان کا توسل بھی ضرور درست اس توسل کی پوری بحث ہماری کتاب جاء الحق حصہ اول میں ملاحظہ کرو **وانہا** یہ ضمیر یا تو صرف نماز کی طرف لوٹتی ہے یا صبر و نماز دونوں کی طرف یا استعانت کی طرف یعنی وہ نماز یا صبر و نماز دونوں یا ان سے مدد لینا بڑا بھاری ہے۔ **لکبیرۃ** یہاں کبیرہ کے معنی شاق و دشوار اور ثقیل یعنی بھاری کے ہیں جیسے کہ قرآن پاک میں ہے **کبر علی المشرکین** مشرکین پر بھاری پڑ گیا۔ یعنی وہ نماز وغیرہ کفار منافقین وغیرہ پر بہت بھاری ہے **الا علی الخشعین۔** خاشعین خشوع سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں عاجزی یا رب کی طرف مائل ہونا یا سکون قلب۔ قرآن کریم فرماتا ہے **تری الارض خاشعۃ** یعنی ساکنہ لراہبۃ' **خاشعا**" یعنی مائل یا عاجز یہاں تینوں معنی بن سکتے ہیں۔ یعنی نماز سب پر بھاری ہے۔ سوا ان کے جن کے دل میں سکون ہے یا رب کے سامنے عاجز ہیں یا اس کی طرف میلان جس سے معلوم ہوا کہ وہ نماز کار آمد ہے۔ جس میں قلب اور قالب دونوں اللہ کی طرف مائل ہوں۔ اگر جسم مسجد میں رہا اور دل بازار میں تو اس سے یہ فائدہ نہ ہو گا **الذین یظنون۔ یظنون۔** ظن سے بنا ہے۔ جس کے حقیقی معنی گمان ہیں اور مجازی معنی ہیں یقین۔ قرآن کریم فرماتا ہے **الا یظن اولئک انہم مبعوثون** یہاں ظن بمعنی یقین ہے کیونکہ قیامت وغیرہ پر یقین رکھنا ہی ایمان ہے شک کفر ہے اور ہو سکتا ہے کہ یہ ظن گمان کے معنی میں ہو تو اب **ملقوا** کے دوسرے معنی ہوں گے **انہم ملقوا ربہم ملقوا ملاقات** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں ملنا۔ یہاں یا تو قیامت میں رب سے ملنا مراد ہے۔ یا حالت نماز میں یا موت کے وقت وغیرہ یعنی نماز ان لوگوں پر بھاری نہیں جن کو قیامت میں رب سے ملنے کا یقین ہے یا ان پر جو ہر لحظہ اپنی موت کا اندیشہ رکھتے ہیں۔ یعنی ہر نماز کو اپنی آخری نماز سمجھ کر پڑھتے ہیں۔ یا ان پر جو اپنے رب سے ثواب پانے کی امید رکھتے ہیں۔ یا ان پر کہ جو نماز کے وقت یہ سمجھتے ہیں کہ ہم رب سے ملاقات کر رہے ہیں اور رب ہم کو دیکھ رہا ہے **وانہم الیہ رجعون** راجعون رجوع سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں واپس ہونا اور لوٹنا جتنے ملاقات میں احتمال

marfat.com
Marfat.com

تھے اتنے ہی یہاں لوٹنے میں ہیں۔ یعنی ان پر نماز بھاری نہیں جنہیں یقین ہے کہ وہ قیامت میں رب کی طرف رکوع کریں گے یا موت اور رجوع قریب ہے اور یا ہم بحالت نماز رب کی طرف متوجہ ہیں اور اس سے کلام کر رہے ہیں۔ لہٰذا یہاں ظن سے مراد یقین بھی ہو سکتا ہے اور گمان بھی جو کفار کہ قیامت وغیرہ کے قائل ہی نہیں اسی طرح جو مسلمان دراز زندگی کا یقین رکھ رہے ہیں یا جو کہ نماز بے پرواہی سے ادا کرتے ہیں۔ ان پر نماز یقیناً" بھاری ہے اور ان کو اس نماز سے پورا پورا فائدہ حاصل نہیں ہوتا (تفسیر عزیزی اور تفسیر کبیر)

خلاصہ تفسیر : بنی اسرائیل کو حضور علیہ السلام پر ایمان لانے اور مسلمانوں کی جماعت سے مل جانے کا حکم دیا گیا اور یہ ان پر بہت بھاری تھا۔ لہٰذا انہیں وہ تدبیر بتائی جس سے یہ سارے کام آسان ہو جائیں فرمایا گیا کہ اگر تم پر یہ بات گراں ہو تو صبر اور نماز سے مدد لینا پھر صبر میں تو اتنی مشقت نہ تھی البتہ نماز ضرور دشوار تھی یعنی نماز دیگر دشواریوں کا علاج ہے لیکن یہ خود بھی دشوار ہے اس کو آسان کرنے کی نہایت بہتر تدبیر بتائی گئی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ نماز میں دشواری کی وجہ یہ ہے کہ انسان کا دل میدان خیال میں آزاد پھرنے کا عادی ہے اور ظاہری اعضاء دل کے تابع نماز میں ظاہری اعضا کو تو پورا پورا بند کر لیا گیا ہے کہ ہنسنا بولنا' کھانا پینا' چلنا سب حرام کر دیے اس ظاہری پابندی کا اثر دل پر پڑتا ہے جس سے کہ وہ گھبرانے لگتا ہے اس گھبراہٹ کی وجہ یہ ہے کہ دل ہر وقت حرکت چاہتا ہے اس کو سکون اور چین کی عادت نہیں۔ لہٰذا سب سے پہلے حکم ہوا کہ دل میں خشوع یعنی سکون اور قرار پیدا کرو یہ سکون نماز کو آسان کر دے گا۔ چونکہ نفس ایک وقت میں دو طرف توجہ نہیں کر سکتا اس کو اگر ایک خیال میں لگا دیا جائے تو دوسرے خیالات خود بخود جاتے رہتے ہیں۔ اس لئے خشوع کے بعد وہ خیال بتا دیا گیا جس میں دل کو لگا دینا چاہئے۔ یعنی اپنے رب سے ملاقات کا خیال اور اسی طرف رجوع ہونے کا دھیان۔ جب دل میں یہ خیال پیدا ہو گا تو دنیوی خیالات خود بخود جاتے رہیں گے۔ جس سے اس کو قرار حاصل ہو گا اور قرار سے نماز آسان ہو گی۔ بلکہ اسی میں لذت حاصل ہو گی اور دل لذیذ چیز کا حریص ہوتا ہے لہٰذا وہ نماز پر حریص ہو کر اس کا پابند ہو گا اور پابندی سے انشاء اللہ سب مشکلیں آسان ہو جائیں گی۔ سبحان اللہ کیسا باقاعدہ اور بہتر علاج تجویز فرمایا گیا۔ اب خواہ دل میں یہ خیال پیدا ہو کہ ہمیں قیامت میں رب کے سامنے پیش ہونا ہے اور اپنا حساب زندگی دینا ہے جس سے کہ خوف اور امید پیدا ہو اور نماز کا شوق ہو یا یہ خیال ہو کہ ممکن ہے کہ یہ نماز ہماری آخری نماز ہو اور پھر ہم کو موقعہ نہ ملے۔ یا یہ کہ ہم رب کو دیکھ رہے ہیں اور اس سے کلام کر رہے ہیں اور یا یہ کہ رب ہم کو دیکھ رہا ہے۔ ہمارا کلام سن رہا ہے حدیث پاک میں ارشاد ہوا کہ یہ سمجھ کر عبادت کرو کہ تم رب کو دیکھ رہے ہو اگر یہ نہ سمجھ سکو تم کم از کم یہ ہی سمجھ لو کہ وہ ہم کو دیکھ رہا ہے۔ حق تعالیٰ ایسی نماز اور یہ خیالات ہم سب کو نصیب فرمائے۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک: یہ کہ صبر و نماز سے بڑی بڑی مشکلیں حل ہو جاتی ہیں تفسیر عزیزی نے اس جگہ فرمایا کہ حدیث شریف میں ہے کہ علم مسلمان کا دوست ہے اور حلم یعنی بردباری اس کا وزیر اور عقل اس کی رہبر اور تواضع اور نرمی اس کا بھائی اور صبر اس کے لشکر کا جرنیل جس طرح بغیر جرنیل کوئی ملک فتح نہیں ہو سکتا اسی طرح بغیر صبر کوئی مشکل حل نہیں ہو سکتی۔ دوسرے: یہ کہ دنیوی کاموں میں بھی بغیر صبر کامیابی نہیں ہو سکتی۔ اگر تاجر استقلال

marfat.com
Marfat.com

سے تجارت نہ کرے اور تجارت کی مشکلات اور اس کے نقصانات پر صبر نہ کرے تو کبھی اس میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔ اسی لئے یہاں استعینوا مطلق فرمایا گیا۔ جس سے معلوم ہوا کہ ہر دینی و دنیوی مشکلات میں صبر و نماز سے مدد لینی چاہئے۔ **تیسرے:** یہ کہ عابد گوشہ نشین سے عالم دین افضل ہے۔ کیونکہ وہ نہ لوگوں سے میل جول رکھتا ہے نہ ان سے تکلیفیں اٹھاتا ہے۔ نہ صبر کرتا ہے۔ عالم دین لوگوں میں رہ کر تبلیغ دین کرتا ہے۔ جس کی وجہ سے صدہا اس کے دشمن بن جاتے ہیں۔ سب کی اذیتیں برداشت کرتا ہوا صبر سے اپنا کام کئے جاتا ہے وہ یقیناً بڑے درجے والا ہے۔ حضرات صحابہ کرام نے کسی کا باپ نہیں مارا تھا۔ لیکن آج صدہا سال کے بعد بھی ان پر تبرا ہو رہا ہے تفسیر عزیزی نے اس جگہ ایک حدیث نقل فرمائی کہ ایک صحابی نے حضور علیہ السلام کے زمانہ میں ایک پہاڑ کے غار میں گوشہ نشینی اختیار کرلی۔ حضور علیہ السلام نے چند روز بعد صحابہ کرام سے دریافت کیا کہ وہ غیر حاضر کیوں ہیں۔ لوگوں نے یہ واقعہ عرض کیا۔ فرمایا کہ ان کو بلاؤ جب وہ حاضر ہوئے تو ان سے اس کی وجہ دریافت کی انہوں نے عرض کیا۔ کہ لوگوں کی صحبت عبادت میں خلل ڈالتی ہے۔ حضور نے فرمایا کہ مسلمانوں کی صحبت میں رہ کر مشقتیں برداشت کرنا ساٹھ سالہ تنہائی کی عبادت سے افضل ہے۔ **چوتھے:** یہ کہ رب سے بذریعہ اعمال دعا کرنا زیادہ قابل قبول ہے اس لئے کہ اس آیت کے معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں۔ کہ بذریعہ صبر و نماز رب سے مدد مانگو۔ **پانچویں:** یہ کہ مسلمانوں کو انشاء اللہ آخرت میں دیدار الٰہی ہوگا کیونکہ یہاں فرمایا گیا ہے **ملقوا ربھم** اور بغیر دیدار ملاقات ناقص ہے۔ **چھٹے:** یہ کہ نماز کا بھاری معلوم ہونا نفاق کی علامت ہے' حدیث پاک میں فرمایا گیا کہ عشاء و فجر کی نمازیں منافقین پر بہت دشوار ہیں۔ کیونکہ منافق نماز کو بے وقار جانتا ہے اور مسلمان اس سے ہزارہا امیدیں رکھتا ہے۔ امید کی وجہ سے بھاری کام بھی ہلکے معلوم ہوتے ہیں۔ کسان غلے کی امید میں کڑی دھوپ میں سخت محنت کرلیتا ہے طالب علم کامیابی کی امید میں بہت کوشش کر جاتا ہے۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ نماز مسلمانوں کے لئے آسان اور منافقین کے لئے مشکل ہے تو چاہئے کہ منافقین کو اس کا ثواب زیادہ ملے اور مسلمانوں کو کم کیونکہ جو مشکل کام کرے اس کا ثواب زیادہ ہونا چاہئے۔ **جواب:** اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں کو نماز آسان معلوم ہوتی ہے اور منافقین کو بھاری۔ نماز ایک ہی فعل ہے مسلمانوں کے لئے زیادہ سخت کیونکہ وہ قلب و قالب دونوں سے ادا کرتا ہے لیکن رضائے الٰہی کی خوشی میں اس کو یہ دشواری محسوس نہیں ہوتی۔ جیسے بیمار تندرستی کے لالچ میں کڑوی دوائیں پی لیتا ہے۔ دوا تو کڑوی ہی ہے۔ لیکن شفا کی امید نے اس کا پینا آسان بنا دیا کیا تم نے نہیں سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے قدم پاک پر نماز سے ورم آجاتا تھا۔ لیکن پھر فرماتے ہیں۔ کہ نماز میں میری آنکھ کی ٹھنڈک ہے۔ **دوسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کسی خاص جگہ میں رہتا ہے جہاں کہ ہم مرنے کے بعد جائیں گے۔ کیونکہ فرمایا گیا ہے **والیہ رجعون۔** **جواب:** اس کا تفصیلی جواب **ملک یوم الدین** کی تفسیر میں دیا گیا ہے۔ یعنی اس جگہ جانا مراد ہے جہاں سوائے خدا تعالیٰ کے کسی کی ظاہری حکومت وغیرہ بھی نہ ہو۔ یعنی میدان محشر۔ کیونکہ دنیا میں بظاہر اوروں کی بھی حکومت ہے۔ **تیسرا اعتراض:** الیہ انتہا کے لئے آتا ہے اور انتہا کسی جسم کی طرف ہونی چاہئے۔ معلوم ہوا کہ رب تعالیٰ جسم ہے۔ **جواب۔** انتہا کے لئے جسم ضروری نہیں کہا جاتا ہے کہ فلاں اپنی اصلی حالت کی طرف لوٹ گیا۔ دیکھو حالت جسم نہیں مگر رجوع کی انتہا ہے۔ یہاں مطلب یہ ہے کہ بلا واسطہ رب کی حکومت کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

**چوتھا اعتراض:** رجوع کے معنی ہیں پہلی حالت کی طرف لوٹ جانا۔ جس سے معلوم ہوا کہ روحیں قدیم میں ہمیشہ سے ایک عالم میں تھیں۔ عارضی طور پر دنیا میں آکر پھر وہیں لوٹ جائیں گی۔ **جواب:** اس کا جواب وہی دوسرے اعتراض کا جواب ہے۔ بیشک اس سے پہلے عالم ارواح میں روحیں تھیں لیکن یہ کیسے معلوم ہوا کہ ہمیشہ سے تھیں۔

**تفسیر صوفیانہ:** اس سے پہلے لوگوں کو راہ عشق طے کرنے کا حکم دیا گیا تھا اور محبوب حقیقی نے سب کو اپنی طرف دعوت دی تھی اب فرمایا گیا کہ چونکہ میرا راستہ خاردار ہے اور اس کا طے کرنا دشوار ہے اس لئے ہم تم کو دو سواریاں یا دو بازو عطا فرماتے ہیں جن پر سوار ہو کر یا جن سے اڑ کر ہم تک پہنچو۔ ایک صبر یعنی شہوات نفسانیہ اور خواہشات حیوانیہ سے پرہیز۔ دوسرے نماز یعنی دروازہ غیب پر معتکف رہنا اور رب کی بارگاہ میں دائم و قائم رہنا۔ مگر یہ بھی خیال رہے کہ ان سواریوں پر سوار ہونا بھی آسان نہیں ہے۔ یہ ہر ایک کے قبضے میں نہیں آتیں سوا اس کے جن پر حق تعالیٰ اپنی تجلی فرمائے اور جس سے ان میں سکون پیدا ہو جائے اور یہ تجلی حق سے الفت پیدا کر دے اور خلق کی کلفت دور کرے اور پھر ان کو یقین ہو جائے کہ ہم انشاء اللہ اس راستے کو ضرور طے کریں گے اور ایک دن جمال یار کا ضرور مشاہدہ کریں گے۔ پھر یہ بھی انہیں یقین ہو کہ ہم خود اپنی کوشش سے یہ وادی طے نہیں کر رہے ہیں۔ بلکہ جذبات حق ہم کو اپنی طرف کھینچ رہے ہیں اور اس بحر کی لہریں ہم کو اوھر بہائے لئے جا رہی ہیں۔ پھر یہ خیال رہے کہ جس طرح پل صراط پر گزرنے والے مختلف ہوں گے بعض تیز رو اور بعض سست رفتار اسی طرح اس راستے کو طے کرنے والے مختلف ہیں۔ بعض وہ جن کے لئے یہ نماز اور صبر تیز رفتار سواری ہیں اور بعض وہ جن کے لئے یہ دونوں چیزیں اڑنے والے بازو ہیں۔ بعض کا چلنا ہلکا بعض کا قوی۔ مولانا فرماتے ہیں۔

یک زمانہ صحبت با اولیاء — بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ لوہے کو نرم کر کے اسے ڈھالتے ہیں یا اس کے کل پرزے بناتے ہیں موم کو پگھلا کر سانچوں میں ڈھالتے ہیں۔ نفس امارہ لوہا ہے اگر اس میں خشوع 'عجز' نرمی پیدا ہو جائے تو اس کو ہر طرح ڈھالا جا سکتا ہے نماز و صبر سانچے ہیں۔ خشوع نفس کو نرم کرنے والی آگ ہے پہلے خشوع ہے' پھر عبادات اور خشوع و نرمی پیدا کرنے والی چیز موت کی یاد قیامت کی فکر ہے یا اللہ کی محبت یہاں انہی چیزوں کا ذکر ہوا اور اسی ترتیب سے ذکر ہوا۔ عاجز خاک میں باغ لگتے ہیں۔ نہ کہ متکبر آگ میں مشکلات حل کرنے والی چیز نماز و صبر ہے انہیں آسان کرنے والا خشوع اور خشوع موت کی یاد ہے۔

| |
|---|
| يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ |
| اے اولاد یعقوب کی یاد کرو میری نعمت وہ جو انعام کیا میں نے |
| اے اولاد یعقوب یاد کرو میرا احسان جو میں نے تم پر کیا |
| وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۞ |
| اوپر تمہارے اور تحقیق میں نے بزرگی دی تم کو اوپر ان جہان والوں کے |
| اور یہ کہ سارے زمانہ پر تمہیں بڑائی دی |

marfat.com
Marfat.com

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے ایک: یہ کہ پہلے فرمایا گیا تھا کہ نماز لوگوں پر بہت بھاری ہے بجز ان کے جو اپنے رب سے ملنے کا یقین رکھتے ہوں ان کے لئے ہلکی۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ اے بنی اسرائیل تم دوسری جماعت میں رہو کیونکہ تم پر ہمارے خاص انعامات ہیں اور جس پر خاص انعامات ہوں اس کو چاہئے کہ مشقتیں برداشت کرے۔ دوسرے: یہ کہ اس سے پہلے بنی اسرائیل کو فرمایا گیا تھا کہ ایمان اور تقویٰ کے حاصل کرنے کا طریقہ صبر اور نماز ہے اور یہ بہت مشکل اور بھاری ہے۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ اگر تم یہ راستہ نہ چل سکو تو اس سے آسان تر دوسرا راستہ بتایا جاتا ہے اور وہ راہ شکر ہے۔ اس لئے اپنی خاص نعمتوں کا ذکر فرما کر ان کو شکر کی طرف مائل کیا جا رہا ہے یوں سمجھو کہ پہلے گرم علاج بتا کر اب نرم بتایا جا رہا ہے کہ یا تو صبر سے تقویٰ حاصل کرو اور اگر یہ نہ کر سکو تو شکر سے تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں خشوع حاصل کرنے کے لئے آئندہ پیش آنے والے واقعات کا ذکر فرمایا گیا کہ دھیان رکھو تمہیں رب کے سامنے کھڑا ہونا ہے اس کی طرف رجوع کرنا ہے۔ لہٰذا خشوع و عاجزی اختیار کرو۔ اب اس خشوع کو حاصل کرنے کے لئے گذشتہ نعمتیں یاد دلائی جا رہی ہیں کہ ہم نے تم پر یہ احسانات کئے تھے۔ لہٰذا خشوع و عاجزی کرو۔ کوئی ڈر سے مانتا ہے کوئی احسانات یاد کر کے۔ پچھلی آیت پہلے لوگوں کے لئے تھی یہ آیت دوسروں کے لئے۔

تفسیر : یبنی اسرائیل اس سے پہلے بھی یہ خطاب ہو چکا ہے اور اسرائیلیوں کو رب کی نعمتیں یاد دلائی جا چکی ہیں۔ لیکن وہ خطاب اور قسم کے احکام کی تمہید تھی اور یہاں دوسرے قسم کے احکام کی وہاں ان کو وفائے عہد (وعدہ پورا کرنا) کا حکم دیا گیا تھا۔ اور یہاں تقویٰ وغیرہ کا۔ ان لوگوں کو بنی اسرائیل کہہ کر پکارنے میں اس جانب اشارہ ہے کہ تم بڑے باپ کے بیٹے ہو۔ تم کو چاہئے کہ ان کے قدم بقدم چلو تاکہ تمہاری عزت برقرار رہے۔ اذکروا اس سے یہ مطلب نہیں کہ تم صرف زبان سے ان نعمتوں کو یاد کر لیا کرو یا اپنی بڑائی کے لئے لوگوں کو جتاتے پھرو بلکہ عملی طور پر شکریے کے ساتھ یاد کرو کیونکہ یہی حقیقی یاد ہے۔ فخریہ یاد کرنا حرام اور بلا فائدہ ذکر کرنا بیکار۔ اسی لئے تفسیر روح البیان نے اذکروا کے معنی اشکروا کئے ہیں۔ نعمتی۔ نعمت (نون کے کسرہ کے ساتھ) کے معنی ہیں۔ احسان خواہ ظاہری ہو یا باطنی اور خواہ بالواسطہ ہو یا بلاواسطہ قرآن کریم فرماتا ہے وتلک نعمۃ تمنھا علی نعمت (نون کے فتح سے) کے معنی ہیں عیش و آرام کا سامان قرآن کریم میں ہے۔ ونعمۃ کانوا فیھا فکھین۔ (تفسیر کبیر) چونکہ بنی اسرائیل پر ہر قسم کے ظاہری و باطنی دنیوی اور دینی احسانات کئے گئے تھے۔ اس لئے نعمت نون کے کسرہ سے فرمایا گیا التی انعمت علیکم بظاہر اس سے بنیادی نعمتیں مراد ہیں جیسے من و سلویٰ اتارنا لق و دق بیابانوں میں بادلوں سے ان پر سایہ کرنا۔ ان کے لئے پتھر سے پانی نکالنا بحر قلزم کو خشک کرنا وغیرہ یا اس سے بالواسطہ نعمتیں مراد ہیں۔ یعنی ان نعمتوں کو یاد کرو جو تمہارے باپ دادوں پر کی گئی تھیں جس سے تم ہمیشہ فخر کرتے رہو گے۔ وانی فضلتکم بظاہر اس سے دینی نعمتیں مراد ہیں یعنی یہ بھی یاد کرو کہ ہم نے تم کو بڑی بزرگی دی کہ تمہارے گروہ میں چار ہزار پیغمبر پیدا فرمائے اور توریت 'زبور و انجیل اور دوسرے صحیفے تمہاری زبان میں تمہاری جماعت پر اتارے اور تم میں بڑے بڑے عادل بادشاہ اور باعمل عالم اور اولیاء' اللہ اور مشائخ پیدا فرمائے جس کی وجہ سے تم سارے فرقوں پر اعلیٰ ہوئے۔ تم ہی وحی الٰہی کا جائے نزول رہے۔ تم ہی آسمانی کتابوں کے خزانے 'تم ہی احکام شرعیہ کے واقف کار اور عامل کے سردار رہے۔ لہٰذا تم کو چاہئے کہ اب اس نبی آخر الزماں پر

marfat.com
Marfat.com

ایمان لے آؤ تاکہ تمہاری عزت اور عظمت باقی رہے اور تم اس عہدے سے معزول نہ کردیئے جاؤ۔ اب تک تم اولاد انبیاء ہونے کی وجہ سے تمام پر سردار رہے۔ اور اب سید الانبیاء کی امت بن کر کنتم خیرا متة کا اعلیٰ خطاب حاصل کرو علی العلمین یہ عالم کی جمع ہے جس کے حقیقی معنی ہیں ماسوا اللہ اور مجازاً" بڑے گروہ کو بھی عالم بول دیتے ہیں۔ کہہ دیتے ہیں کہ ہمارے جلسے میں ایک عالم جمع ہو گیا۔ اگر یہاں حقیقی معنی مراد ہوں تو اس آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ ہم نے تمہارے باپ دادوں کو ان کے زمانہ میں سارے عالم پر بزرگی دی تھی یا بعض وجوں سے تم کو اب بھی سارے عالم پر بزرگی حاصل ہے۔ جیسے اولاد انبیاء ہونا وغیرہ وغیرہ اور اگر عالم کے معنی مجازی مراد ہوں تو معنی یہ ہوں گے کہ تم کو ہم نے بہت سے لوگوں (مشرکین وغیرہ پر بزرگی دی) ہماری اس تقریر سے واضح ہو گیا کہ بنی اسرائیل کا مسلمانوں سے افضل ہونا لازم نہیں۔ مسلمانوں کے لئے رب نے فرمایا کنتم خیرا متہ یہ آیت اس کے خلاف نہیں کیونکہ ایک زمانہ میں وہ افضل تھے اب بھی بعض افضل یا بعض جزوی حیثیتوں سے بنی اسرائیل افضل اور کلی طور پر مسلمان جیسے حضرت مریم سے فرمایا گیا وا صطفک علی نسا ءا لعلمین اے مریم تم کو تمام جہان کی عورتوں پر بزرگی دی۔ اس سے لازم یہ نہیں کہ حضرت مریم' حضرت خدیجہ' عائشہ و حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہن سے افضل ہوں۔ حضور کی ازواج کے بارے میں فرمایا گیا کہ اے نبی کی بیویو تم کسی بیوی کی طرح نہیں یعنی سب سے افضل ہو۔ ایک زمانہ میں حضرت مریم افضل تھیں اور دوسرے زمانے میں یہ بیویاں۔

**خلاصہ تفسیر** : اے بنی اسرائیل صبر و نماز کے ذریعے ایمان اور تقویٰ اختیار کرو اور بیشک یہ چیزیں بہت دشوار ہیں۔ مگر چونکہ تم پر ہماری نعمتیں بہت زیادہ ہیں اس لئے تم ان کو برداشت کرو یا اے بنی اسرائیل اگر تم سے صبر و صلوٰۃ کا راستہ طے نہ ہو سکے تو تم شکر کے راستے سے ہم تک آجاؤ۔ کیونکہ تم پر زیادہ نعمتیں ہیں۔ لہٰذا زیادہ شکر واجب بھلا ہماری نعمتوں کو یاد تو کرو۔ کہ ہم نے تم پر کتنی نعمتیں فرمائیں۔ ان نعمتوں کی خود قرآن کریم نے کچھ تفصیل فرمائی ہے اذ جعل فیکم انبیا ء و جعلکم ملو کا وا تکم ما لم یوت ا حدا من ا لعلمین۔ تم میں نبی بھیجے اور تم کو بادشاہ بنایا اور تم کو وہ نعمتیں دیں کو اس وقت دنیا میں کسی کو نہ دیں۔ اور سب سے بڑی نعمت یہ دی کہ تم کو تمام جہان سے افضل کر دیا۔ ان باتوں کو یاد کرو اور اس کا شکریہ اس طرح ادا کرو کہ آج دین اسلام کی خدمت میں سب سے آگے آگے رہو۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک: یہ کہ نسبی بزرگی بھی اللہ کی نعمت ہے کیونکہ بنی اسرائیل کو ان کے اولاد انبیا ہونے پر احسان جتایا گیا۔ یقیناً" سید متقی یا سید عالم دوسرے متقی اور عالموں سے افضل ہوگا کیونکہ وہ پیغمبر کی اولاد ہیں۔ اسی طرح گنہگار سید دوسرے گنہگاروں سے اس لحاظ سے بہتر ہوگا کہ وہ نبی کی اولاد ہے بلکہ حق تو یہ ہے کہ سید گنہگار بھی دوسرے پرہیزگاروں سے نسبی لحاظ سے افضل ہے شامی جلد اول میں صلوۃ جنازہ کی بحث میں ایک حدیث نقل فرمائی کہ حضور فرماتے ہیں کہ موت سے سارے نسب ٹوٹ جاتے ہیں سوا میرے نسب کے اور فرماتے ہیں کہ قرآن پاک کی یہ آیت فلا انساب بینھم یعنی قیامت میں نسب کام نہ آئیں گے۔ اس سے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا نسب علیحدہ ہے اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا یہ فرمانا کہ اے میرے اہل قرابت لا اغنی عنکم من اللہ شیئا اس سے مطلب یہ ہے کہ بغیر اذن الٰہی میں تم سے عذاب دفع نہیں کر سکتا پھر علامہ شامی فرماتے ہیں کہ یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

marfat.com
Marfat.com

اپنی اولاد سے عذاب دور نہ کریں حالانکہ آپ تو اجنبی گنہگاروں کی شفاعت فرما کر عذاب سے بچالیں گے۔ یا نکال لیں گے۔ شاہ نے سادات کرام کے فضائل کے بارے میں ایک مستقل رسالہ لکھا العلما لعطا ہو لفی نفس نسبہا لعطا ہو بلکہ میرا ایمان تو کہتا ہے کہ گنہگار سید کیچڑ میں آلودہ موتی ہے کہ اگرچہ گناہوں کے کیچڑ میں ہے مگر سید ہے دوسرے: یہ کہ تمام عظمتیں اور عزتیں ایمان سے قائم رہتی ہیں۔ بے ایمان کی رب کے یہاں کوئی عزت نہیں کیونکہ بنی اسرائیل کو صرف اولاد انبیاء ہونے پر نہ رہنے دیا بلکہ انہیں دعوت ایمان دی گئی کہ کنعان نبی کا بیٹا تھا۔ مگر بے ایمانی کی وجہ سے تباہ ہوگیا۔ اسی طرح شیعہ اور مرزائی دیو بندی وغیرہ مرتد' سید تو کیا مسلمان بھی نہیں۔ انہیں سید کہنا بھی غلطی ہے۔ سید ہونے کے لئے ایمان شرط ہے۔ دیکھو بے ایمان بنی اسرائیل کی کوئی عزت نہ ہوئی۔ تیسرے: یہ کہ علم تاریخ کا جاننا اور اس کا یاد کرنا ضروری ہے کیونکہ اس سے خدا کی نعمتیں معلوم ہوتی ہیں۔ چوتھے: یہ کہ اگر نعمت الٰہی ظاہر کرنے کے لئے اپنے بزرگوں کے دینی فضائل بیان کئے جائیں تو جائز ہے۔ کیونکہ یہاں بنی اسرائیل کو یہی حکم ہو رہا ہے لہٰذا حضور کے فضائل' اولیاء اللہ کے مراتب کا چرچا کرنا بہت بہتر ہے کہ یہ حق تعالیٰ کی اعلیٰ نعمت کا چرچا اس کا شکریہ ہے رب فرماتا ہے واما بنعمۃ ربک فحدث پانچویں: یہ کہ کسی کی یادگاریں منانا جائز بلکہ بہتر ہے کیونکہ یہ بھی نعمت الٰہی کے ذکر کا ذریعہ ہے اور یہاں اذکروا مطلق ہے۔ لہٰذا عرس بزرگان اولاد کی سالگرہ یا تخت و تاج ملنے کی خوشی میں جشن وغیرہ کرنا سب جائز ہے۔ بشرطیکہ اس نیت سے ہوں۔

اعتراض: پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام بنی اسرائیل سارے عالم سے افضل ہیں تو کیا قارون اور سامری اور وہ بنی اسرائیل جن کی سورتیں مسخ کی گئیں کیا وہ بھی افضل تھے۔ کیونکہ وہ بھی بنی اسرائیل تھے۔ جواب: قوم اسرائیل دوسری قوموں سے افضل ہے اس سے لازم نہیں آتا کہ ان کا ہر شخص افضل ہو قرآن حکیم میں آتا ہے کہ مرد عورتوں کے سردار ہیں۔ اس سے لازم یہ نہیں کہ کافر مرد مومن عورتوں سے افضل ہوں۔ دوسرا اعتراض: اگر اسرائیلی مسلمان ہو جائیں تو کیا سارے عالم سے افضل ہوں گے۔ اگر ان کو افضل نہ مانا جائے تو اس آیت کے خلاف ہے اور اگر مانا جائے تو عالم میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہیں یا جس وقت بنی اسرائیل افضل تھے تو کیا انبیاء سے بھی افضل تھے۔ جواب: اس کا جواب تفسیر میں گزر چکا ہے کہ یہاں عالمین کا استغراق حقیقی نہیں ہے۔

تفسیر صوفیانہ: اس آیت میں بظاہر بنی اسرائیل سے خطاب ہے۔ لیکن در پردہ سارے مومنین کے لئے عام ہے ارواح مومنین کو خطاب کر کے فرمایا گیا ہے کہ اے لوگو اللہ کی اس نعمت کو یاد کرو جو تم پر ہوئی اور وہ یہ کہ تم کو فیضان نبوت حاصل کرنے کے قابل بنایا اور پھر فقط قابل بنا کر ہی نہ چھوڑا بلکہ نبوت کی ظاہری اور باطنی انوار کی شعاعیں تم پر ڈالیں۔ جس وجہ سے تمہارا قالب شریعت کے راستے پر اور قلب راہ طریقت کو عبور کر سکے۔ لہٰذا نبی آخر الزمان پر ایمان لاؤ کیونکہ یہ ان شعاعوں کا خاصہ ہے اور میں نے تمہاری جماعت کو جن میں انبیاء اور صدیقین اور شہدا اور صالحین سب داخل ہیں یہ نعمت دے کر باقی سارے عالم پر بزرگی دے دی۔ دوسری تفسیر: تمام بزرگوں سے تعلق ہے۔ اسرائیلی اس لئے عالمین پر افضل ہوئے کہ انہیں نسبی طور پر انبیاء اولیاء سے تعلق تھا جن اسرائیلیوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رشتہ غلامی جوڑا انہیں بزرگیوں پر بزرگی ملی۔ جنہوں نے حضور سے رشتہ نہ جوڑا وہ بدترین مخلوق بن گئے۔ ان کی خاندانی شرافتیں ختم ہو گئیں۔ فسٹ کلاس کا ڈبہ اگر

marfat.com
Marfat.com

انجن سے کٹ جائے تو اس کی کوئی وقعت نہیں۔ صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ اس شاخ میں پھل پھول لگتے ہیں۔ جس کا تعلق جڑ سے ہو۔ اس جماعت میں اولیا ہوتے ہیں۔ جس کا تعلق حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے ہو۔ دیکھو بنی اسرائیلیوں میں صدہا اولیاء ہوئے مگر جب ان کا دین منسوخ ہوا اور انہوں نے حضور کی غلامی سے انکار کیا تو وہاں ولایت بند ہو گئی۔ ان میں حضرت آصف بن برخیا اصحاب کہف بی بی مریم جیسے لوگ نہیں پیدا ہوتے ایسے ہی اسلام کے تہتر فرقوں میں صرف جماعت اہل سنت برحق ہے اسی میں اولیاء ہیں۔

| |
|---|
| وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ |
| اور ڈرو تم اس دن سے کہ نہ بدلہ دے گا کوئی نفس طرف سے کسی نفس کے کچھ بھی اور نہ |
| اور ڈرو اس دن سے جس دن کوئی جان دوسرے کا بدلہ نہ ہو سکے گی اور نہ کافروں کے لئے |
| مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ |
| قبول کی جائے گی طرف سے اسکی کوئی سفارش اور نہ لیا جائیگا طرف سے اسکی فدیہ اور نہ وہ لوگ مدد کیے جائیں گے |
| کوئی سفارش نہ مانی جائے گی اور نہ کچھ لے کر اس کی جان چھوڑی جائے گی اور نہ اس کی مدد ہو گی |

**تعلق**: اس آیت کا پہلی آیت سے کئی طرح تعلق ہے ایک: یہ کہ بنی اسرائیل کو اس سے پہلے ان کے فضائل سنا کر خوش کیا تھا اب قیامت کی کچھ مصیبتیں سنا کر ڈرایا جا رہا ہے تاکہ وہ خوشی میں پھول کر رب کو نہ بھول جائیں اور امید و خوف کے درمیان رہیں جس پر ایمان کا دارومدار ہے اور دوسرے: یہ کہ شاید بنی اسرائیل اپنے اپنے گزشتہ فضائل سن کر یہ کہہ دیتے ہیں کہ ہمارے بزرگوں نے رب کا شکر بخوبی ادا کر لیا ہے۔ اب وہ اس مرتبہ پر ہیں کہ جو کوئی ان کا وسیلہ پکڑے اس کو قیامت کے دن حساب کا ڈر نہیں اور خاص ہمارے لئے ان کی شفاعت کافی ہے اور ان کی بزرگیاں ہی ہم کو نجات دلا دیں گی کیونکہ ہم ان کی اولاد میں ہیں۔ لہٰذا ان سے فرمایا گیا کہ تم اس خیال میں مت رہنا اور آخرت کو دنیا پر قیاس مت کر لینا۔ وہاں کے حالات ہی کچھ اور ہیں۔

**تفسیر**: **واتقوا** یہ لفظ تقی سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں بچنا اور ڈرنا اور یہاں دونوں معنی بن سکتے ہیں۔ یعنی اس دن سے ڈر کر ایمان لے آؤ ایمان لا کر اس دن کی مصیبتوں سے بچ جاؤ۔ کیونکہ وہاں گنہگار پریشان اور نیک کار انشاء اللہ راحت میں ہوں گے **یوما** یوم لغت میں دن کو کہتے ہیں اور کبھی وقت کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ یہاں یا دن ہی کے معنی میں ہے کیونکہ قیامت میں آفتاب سامنے ہو گا۔ بلکہ سروں سے قریب ہو گا اور آفتاب کے سامنے ہونے کے وقت کا نام دن ہے اور یا اس سے مطلقاً وقت مراد ہے کیونکہ وہاں آفتاب کو طلوع غروب نہ ہو گا جس سے دن رات مقرر ہوں بلکہ ایک جگہ پر ہی قائم رہے گا اور حساب ختم ہونے پر اس کو دوزخ میں بھیج دیا جائے گا۔ یہ بھی خیال رہے کہ یا تو خود قیامت کے دن سے ڈرنا مراد ہے اور یا وہاں

marfat.com
Marfat.com

کے حساب وکتاب اور عذاب سے یعنی اس دن سے ڈرو یا اس دن کے حساب وکتاب سے ڈرو **لا تجزی** قیامت میں صدہا مصیبتیں ہوں گی۔ لیکن سب سے بڑی مصیبت یہ ہوگی کفار کا کوئی غمخوار و مددگار نہ ہوگا۔ اسی کا یہاں ذکر کیا گیا کیونکہ بنی اسرائیل کو یہی دھوکا تھا کہ اگر ہم کافر ہی رہیں تو ہمارے بزرگ ہم کو بچالیں گے۔ خیال رہے کہ مدد کی چار صورتیں ہوتی ہیں یا تو مددگار اپنے ساتھی کو اپنی قوت بازو اور زور سے بچالے اسے نصرت کہتے ہیں۔ یا بغیر زور کے کسی اور طرح بچالے یا تو سفارش کر کے اس کو شفاعت کہتے ہیں۔ یا کچھ دے کر اب جو چیز ملزم کے ذمے تھی وہی دے کر بچایا گیا تو اسے جزا کہتے ہیں اور اگر جرمانہ وغیرہ دے کر چھڑایا گیا تو اس کا نام فدیہ ہے اس آیت میں ان چاروں باتوں کی ترتیب وار نفی فرمائی گئی۔ **تجزی** جزاء سے بنا ہے جس کے معنی ہیں ادا کرنا یا بدلہ دینا یعنی قیامت کے دن نہ تو کسی کی طرف سے اعمال کر سکے گا اور نہ اپنے اعمال دے کر اس کو چھڑا سکے اور نہ کسی کے بدلے میں کوئی عذاب بھگت سکے گا۔ مثلاً" کسی مشرک کے چار بیٹے مومن متقی ہیں اور وہ چاہیں کہ ہم اپنے باپ کو کچھ نیک اعمال دے دیں یا اس کی طرف سے کوئی نیک کام کرلیں یا اس کی سزا خود بھگت لیں تو یہ سب ناممکن ہے دنیا میں مومن دوسرے مومن کو نیک اعمال کا ثواب بخش سکتا ہے مگر کوئی کسی کو بد اعمال کا عذاب نہیں بخش سکتا۔ یعنی ایصال ثواب درست ہے مگر ایصال عذاب نادرست۔ ایصال ثواب میں ثواب بخشنے والا محروم نہیں ہوتا بلکہ دوسرے کو اس میں شریک کرلیتا ہے مگر کافر کے لئے نہ تو دنیا میں ایصال ثواب ہو سکے اور نہ آخرت میں کسی کی نیکی مل سکے مرد کافر کو دعا بیکار ہے لہٰذا اس آیت سے ایصال ثواب کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ مومن گنہگار دنیا میں مسلمانوں کے ایصال ثواب سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور آخرت میں ہم جیسے گنہگار نیکوں کے طفیل بخشے جائیں گے انشاء اللہ ع بداں را بہ نیکاں بہ بخشد کریم۔ **نفس عن نفس** یہاں پہلے نفس سے نفس مومن اور دوسرے سے نفس کافر مراد ہے (تفسیر خزائن العرفان روح البیان ومدارک) معنی یہ کہ کوئی مومن متقی پرہیزگار نفس بھی کسی کافر کی حاجت روائی نہ کر سکے گا۔ یہ معنی ضرور خیال میں رہنے چاہئیں اسی جگہ دھوکہ ہوتا ہے **شیئا** یا یہ **لا تجزی** کا مفعول بہ ہے یعنی کسی قدر تکلیف کو دور نہ کر سکے گا۔ یا مفعول مطلق کی صفت یعنی نہیں دفع کرے گا اس کافر سے تھوڑا دفع کرنا بھی (تفسیر کبیر) یعنی عبادات معاملات عقائد اور عام اعمال غرض کسی شے میں کچھ بھی حاجت روائی نہ کر سکے گا۔ **ولا یقبل** اس کے لفظی معنی ہیں کہ اس کی شفاعت قبول نہ کی جائے گی اور قبول نہ ہونے کی دو صورتیں ہیں یا شفاعت بالکل نہ ہو یا ہو مگر قبول نہ کی جائے یہاں پہلے ہی معنی مراد ہیں کفار بنی اسرائیل کا خیال تھا کہ ہمارے باپ دادے ہمیں بخشوالیں گے۔ یہاں فرمایا گیا کہ وہ تمہاری سفارش رد کردیں گے یا یہ معنی کہ اگر شفاعت ہو بھی تو قبول نہ کی جائے گی۔ کیونکہ اس کے لئے ایمان شرط ہے اور تم بے ایمان ہو **منھا** یہ ضمیر یا تو پہلے نفس کی طرف لوٹتی ہے یا دوسرے کی طرف "لہذا یا تو اس کے معنی یہ ہیں کہ مومن کی سفارش کافر کے حق میں قبول نہ ہوگی یا یہ کہ نفس کافر کی طرف سے پیش کی ہوئی سفارش قبول نہ ہوگی یعنی اگر کافر اپنا کوئی سفارشی پیش کرے تو قبول نہ ہو اس دوسرے معنی کو بھی تفسیر کبیر وغیرہ نے اختیار کیا ہے **شفاعتہ** یہ لفظ شفع سے بنا ہے جس کے معنی ہیں ساتھی ہونا اور ہمراہی بننا دو رکعت نماز کو شفعہ کہتے ہیں اور ہر جوڑ کو شفع اور طاق عدد کو وتر کہتے ہیں۔ قرآن کریم میں ہے **والشفع والوتر** پڑوسی شفیع اور اس کے حق پڑوسیت کو شفعہ کہتے ہیں کیونکہ وہ اس کے ساتھ رہتا ہے۔ اب یہ سفارش کے معنی میں استعمال ہونے لگا کیونکہ سفارشی بھی حاجت مند کو اکیلا نہیں چھوڑتا بلکہ اس کا ساتھی بن کر اسی کی حمایت کرتا ہے شفاعت کی بحث انشاء اللہ اسی آیت کے خلاصہ تفسیر میں کی جائے گی۔ **ولا ھو خذ** یہ تیسری قسم کی مدد کی نفی ہے یعنی نفس کافر

marfat.com
Marfat.com

سے کوئی معاوضہ و فدیہ بھی نہ کیا جائے گا۔ خیال رہے کہ یہاں بھی لینے کی نفی فرمائی گئی ہے اس کی بھی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ وہ فدیہ دے ہی نہ سکے دوسرے یہ کہ دینا چاہے مگر قبول نہ ہو۔ یہاں پہلے معنی ظاہر ہیں یعنی کافر کے پاس کچھ دینے کو ہو گا ہی نہیں تاکہ اس سے قبول کیا جائے اور دوسرے معنی کا بھی احتمال ہے کہ اگر اس کے پاس سارے خزانے ہوں اور وہ دے کر عذاب سے چھوٹنا چاہے تو بھی منظور نہ ہو **منہا** ظاہر یہ ہے کہ یہ ضمیر دوسرے نفس کی طرف لوٹ رہی ہے۔ یعنی کافر نفس سے فدیہ نہ لیا جائے گا اور یہ بھی احتمال ہے کہ نفس اول کی طرف لوٹے یعنی اگر مومن شخص کافر کی طرف سے اعمال یا مال کا کوئی فدیہ پیش کرے تو منظور نہ ہو (تفسیر عزیزی) **عدل** لفظ عدل کے معنی برابری اور مساوات کے ہیں قرآن کریم فرماتا ہے **بربھم یعدلون** اس ہی لئے نظیر اور مثل کو عدیل کہتے ہیں کیونکہ وہ اس کے برابر ہوتا ہے۔ نیز انصاف کو عدل اور انصاف کی جگہ کو عدالت کہتے ہیں۔ اس لئے کہ وہاں ظالم سے بدلہ لے کر مظلوم کے برابر کیا جاتا ہے۔ اب اس مال کو عدل کہتے ہیں جو جان وغیرہ کے عوض میں دیا جائے یعنی خون بہا اور فدیہ آیت کے معنی یہ ہوئے کہ کافر کو رشوت یا نذرانہ یا خون بہا لے کر بھی نہیں چھوڑا جائے گا۔ خیال رہے کہ پہلے جملے میں جزا کی نفی تھی اور یہاں عدل کی ہماری تقریر سے ان دونوں میں فرق ظاہر ہو گیا **ولا ھم ینصرون** یہ چوتھی قسم کی مدد کی نفی ہے نصر کے معنی بالجبر مدد کے بھی ہیں اور بدلہ لینے کے بھی (تفسیر کبیر) قرآن کریم فرماتا ہے **ونصرنٰہ من القوم الذین کذبوا** یہاں نصرنا کے معنی انتقمنا ہیں۔ لہٰذا اس جملہ کے دو معنی ہو سکتے ہیں۔ یعنی نہ تو دھونس سے ان کی مدد ہو سکے گی اور کس میں یہ طاقت ہے کہ اللہ سے یا عذاب کے فرشتوں سے بدلہ لے سکے۔ خلاصہ یہ ہے کہ کفار سے کسی طرح بھی مصیبت دور نہ ہو سکے گی۔

**خلاصہ تفسیر**: اے بنی اسرائیل تم کو چاہئے کہ ہماری نعمتوں کو یاد کر کے شکر گزاری کرو اور سرکشی سے باز آجاؤ ہماری اطاعت کرو نہ کہ غرور اور سرکشی۔ اگر تم اس سے باز نہیں آتے تو خیال رکھو کہ تم کو ایک دن ہمارے سامنے آ کر حساب دینا ہے اس دن سے خوف کرو۔ وہاں کسی صورت سے بھی تم عذاب سے نہیں بچ سکتے۔ نہ تو یہ ممکن ہے کہ دوسرا شخص تمہارا ذمے دار بن جائے کہ تمہارے حقوق اور حساب و کتاب کو اپنے پر لے کر تمہیں چھڑا دے اس دن کی سختی ایسی ہوگی کہ ہر شخص نفسی نفسی پکارے گا۔ کوئی کسی کے کام نہ آئے گا۔ **یوم یفر المرء من اخیہ وامہ وابیہ**۔ الخ۔ نہ یہ ممکن ہے کہ کوئی بھی کسی کافر کی سفارش کر کے چھڑا لے رب کی مرضی کے بغیر کوئی نبی یا بزرگ کسی کے حق میں سفارش نہ فرمائیں گے اور نہ یہ ممکن ہے کہ تم یا تمہاری طرف سے کوئی دوسرا جرمانہ بھگت کر معاوضہ دے کر مال وغیرہ خرچ کر کے تم کو آزادی دلا دے۔ کیونکہ رب تعالیٰ کو مال و دولت کی پرواہ نہیں نہ یہ ممکن ہے کہ تمہارے یار و مددگار اہل برادری اور قرابت دار خدا کا مقابلہ کر کے تم کو زور سے چھڑا لیں۔ کیونکہ رب سے مقابلہ کرنے کی کسی میں طاقت نہیں۔

**شفاعت**: قریبا" ساری امت مسلمہ کا اس پر اتفاق ہے کہ باذن پروردگار جناب احمد مختار صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کی شفاعت فرمائیں گے۔ اور ان کے طفیل علماء و مشائخ بھی شفاعت کریں گے لیکن اس سے پہلے معتزلہ فرقے نے اس کا انکار کیا۔ اسی لئے تفسیر کبیر وغیرہ نے ان کی بہت تردید فرمائی۔ اب وہ فرقہ مٹ بھی گیا اور اس کا نام و نشان بھی جاتا رہا اس زمانہ میں دیوبندیوں اور وہابیوں نے شفاعت کا پرزور انکار کیا چنانچہ ان کے امام الطائفہ مولوی اسمٰعیل دہلوی نے 'تقویۃ الایمان' میں صاف

marfat.com

Marfat.com

صاف لکھ دیا کہ کوئی کسی کا سفارشی اور حمایتی نہیں اسی تقویۃ الایمان میں ص 16 پر شفاعت بالاذن کا اقرار تو کیا مگر اس کے معنی ایسے بگاڑے جس سے شفاعت کی کوئی حقیقت باقی نہیں رہتی یہ لکھ دیا کہ شفاعت کی صورت صرف یہ ہے کہ ایک بادشاہ کسی مجرم کو خود چھوڑنا چاہتا ہے لیکن اپنے قانون ٹوٹنے کے ڈر سے بظاہر کسی سے سفارش کرا لیتا ہے اور وہ سفارش کرنے والا بھی شاہی اشارہ پا کر (مفت کرم داشتن) کے طریقے سے کچھ ظاہری سفارش کر دیتا ہے خدا کے ہاں کسی کی عزت نہیں جو عزت سفارش کرے نہ رب کو کسی سے محبت کہ اس کی بات محبت کی وجہ سے مان لے اس میں در پردہ شفاعت کا انکار کر دیا اب وہابی اور دیوبندی خدا کے خوف سے نہیں بلکہ مسلمانوں کے ڈر سے شفاعت کا اقرار تو کر لیتے ہیں اور حضور کو شفیع المذنبین بھی مان لیتے ہیں لیکن اسی بگڑے ہوئے معنی سے جیسے قادیانی حضور کو خاتم النبیین دیگر معنی سے مان لیتے ہیں یہاں تک کہ اس موجودہ زمانے میں مولوی ابو الاعلیٰ مودودی نے شفاعت کے معنی یہ کئے کہ محض وہ ایک التجا اور درخواست جو انبیاء ملائکہ صحابہ اہل ایمان اور سب بندے دوسرے بندوں کے حق میں کر سکتے ہیں۔ دیکھو مولوی مودودی صاحب کی کتاب قرآن کی چار بنیادی اصطلاحیں غور کرو کہ اگر شفاعت کے معنی صرف دعاء خیر ہے تو پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم شفیع المذنبین نہ رہے بلکہ ہر مسلمان شفیع المذنبین ہے بلکہ ہم سب حضور کے لئے بڑے شفیع (معاذ اللہ) ہوئے کیونکہ ہم ہر وقت درود شریف پڑھتے ہیں درود حضور کے لئے دعا خیر ہی تو ہے کیونکہ انکار شفاعت کی وباء لوگوں میں در پردہ پھیلائی جا رہی ہے اس لئے ہم اس کے متعلق تھوڑی بحث کرتے ہیں اس بحث کے کچھ مضامین تو تفسیر کبیر سے لئے ہیں اور کچھ مضامین وہ ہیں جو رب نے ظاہر فرمائے اس بحث کے دو باب کئے جائیں گے پہلے باب میں شفاعت کا ثبوت قرآنی آیات اور احادیث صحیحہ اور عقلی دلائل سے ہو گا اس میں یہ بھی بتایا جائے گا کہ حضور کی شفاعت فقط رب کا بہانہ نہ ہو گی بلکہ بالمحبت بھی ہو گی اور شفاعت بالعزت بھی اور یہ دونوں قسم کی شفاعتیں بالاذن میں ہی داخل ہیں اور دوسرے باب میں اس پر اعتراض و جواب۔

**پہلا باب شفاعت کے ثبوت میں :** حق تعالیٰ فرماتا ہے **عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا** اس سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو رب نے مقام محمود عطا فرمایا اور مقام محمود ہی مقام ہو گا جہاں تشریف فرما کر حضور شفاعت کا دروازہ کھولیں گے اور آپ کی شان عالی کو دیکھ کر سارے دشمن و دوست آپ کی تعریف کریں گے۔ (2) **ولسوف یعطیک ربک فترضی** اس سے معلوم ہوا کہ رب تعالیٰ حضور کو راضی فرمائے گا۔ مسلم شریف میں ہے کہ ایک دن نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہاتھ اٹھا کر رو رو کر امت کے حق میں دعا فرما رہے تھے کہ جبریل امین نے حاضر ہو کر رونے کا سبب پوچھا۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ ہم کو امت کا غم رلا رہا ہے۔ جبرئیل امین نے بارگاہ الٰہی میں جا کر یہی عرض کیا۔ ارشاد الٰہی ہوا کہ میرے محبوب سے کہہ دو کہ ہم آپ کو آپ کی امت کے بارے میں راضی کر لیں گے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضور نے فرمایا کہ جب تک میرا ایک امتی دوزخ میں رہا میں راضی نہ ہوں گا (تفسیر خزائن العرفان سورۃ الضحیٰ) اس سے معلوم ہوا کہ حضور علیہ السلام شفاعت فرمائیں گے اور وہ شفاعت بالمحبت یا بالوجاہت ہو گی کیونکہ حضور کو راضی کرنے کے لئے ہو گی۔ سبحان اللہ کیا ناز محبوبانہ ہے کہ رب فرما رہا ہے کہ ہم راضی کر لیں گے اور محبوب فرماتے ہیں کہ ہم راضی نہ ہوں گے اگر ہم یہ بات کہیں تو کافر ہو جائیں (3) **ولو انہم اذ ظلموا انفسہم جاؤک فاستغفروا اللہ واستغفر لہم الرسول** الایۃ۔ اس سے معلوم

marfat.com
Marfat.com

ہوا کہ جو مجرم بھی اپنی معافی چاہے وہ بارگاہ مصطفیٰ علیہ السلام میں حاضر ہو اور حضور علیہ السلام اس کے لئے سفارش فرمائیں تو رب معافی فرماتا ہے یہی شفاعت ہے۔ (4) **وصل علیھم ان صلوتک سکن لھم** یہاں حضور کو حکم دیا جارہا ہے کہ آپ مسلمانوں کے صدقے لے کر ان کو پاک فرمادو اور ان کے لئے دعا بھی کرو۔ آپ کی دعا سے ان کو چین حاصل ہوتا ہے اس سے دو باتیں معلوم ہوئیں۔ ایک یہ کہ کوئی عمل حضور کی سفارش کے بغیر قبول نہیں ہوتا اور مسلمانوں کی طہارت پاکیزگی حضور کے کرم سے حاصل ہوتی ہے نہ کہ محض اپنے اعمال سے دوسرے: یہ کہ صحابہ کرام کو فقط اپنے اعمال پر چین نہ آتا تھا بلکہ حضور کی سفارش اور دعا سے ان تمام آیتوں کی نہایت عمدہ تفسیر ہماری کتاب "شان حبیب الرحمٰن" میں دیکھو (5) **واستغفر لذنبک وللمومنین والمومنت** اس میں حضور علیہ السلام سے فرمایا جارہا ہے کہ اپنی خطاؤں کی اور مسلمانوں کے گناہوں کی مغفرت مانگو اس میں سارے ہی مجرم مسلمان داخل ہوگئے اور یہی شفاعت ہے۔ حق تعالیٰ ملائکہ حاملین عرش کی تعریف میں فرماتا ہے۔ (6) **ولیستغفرون لمن فی الارض** معلوم ہوا کہ فرشتے مسلمانوں کے لئے دعا کرتے ہیں۔ (7) عیسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا **وان تغفر لھم فانک انت العزیز الحکیم۔** (8) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا تھا کہ **فمن تبعنی فانہ منی ومن عصانی فانک غفور رحیم۔** ان دو آیتوں سے معلوم ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام گنہگاروں کی شفاعت فرمائیں گے۔ اسی جگہ تفسیر کبیر نے فرمایا کہ حضور علیہ السلام نے یہ آیتیں پڑھ کر اپنی امت کے حق میں دعا کی اور بہت گریہ وزاری فرمائی اور پھر وہ حدیث نقل کی جو ہم نے آیت والضحیٰ میں بیان کردی۔ (9) رب تعالیٰ نے سورۂ مریم میں متقین کی صفات بیان فرماتے ہوئے فرمایا **لا یملکون الشفاعۃ الا من اتخذ عند الرحمن عھدا** اس سے معلوم ہوا کہ متقی اس کی شفاعت کریں گے جس نے رب سے عہد کرلیا ہے اور ہر مسلمان رب سے عہد کرنے والا ہے۔ (10) حق تعالیٰ صفات ملائکہ میں فرماتا ہے **ولا یشفعون الا لمن ارتضی** اس سے معلوم ہوا کہ جس سے خدا راضی ہو اس کے لئے فرشتے شفاعت کریں گے اور ہر مسلمان سے اسلام کی وجہ سے خدا راضی ہے۔ (11) رب نے فرمایا **اذا حییتم بتحیۃ فحیوا باحسن منھا الایۃ۔** جس سے معلوم ہوا کہ جب کوئی سلام کرے تو اس کا اچھا جواب دینا چاہئے اور سارے مسلمانوں کو حکم ہے کہ ہمارے نبی پر صلوۃ وسلام پڑھو **صلوا علیہ وسلموا تسلیما** یہ سوال ہے کہ جب ہم حضور پر صلوۃ وسلام پڑھتے ہیں تو حضور ہم کو جواب میں دعا دیتے ہیں یا نہیں۔ اگر نہیں دیتے تو پہلی آیت کے خلاف ہے اور اگر دیتے ہیں تو یقیناً ہمارے سلام سے بہتر ہی جواب دیں گے کیونکہ یہی حکم ہے لہٰذا آپ یقیناً ہمارے جواب میں اعلیٰ درجہ کی شفاعت فرماتے ہیں (تفسیر کبیر) (12) مشرکین کی برائی میں فرمایا گیا **فما تنفعھم شفاعۃ الشفعین۔** جس سے معلوم ہوا کہ کفار پر یہ قہر الٰہی ہوگا کہ انہیں شفاعت نفع نہ دے گی اگر مسلمانوں کا بھی یہی حال ہو تو ان میں اور کفار میں کیا فرق رہا۔ (13) **یوم لا ینفع مال ولا بنون الا من اتی اللہ بقلب سلیم** جس سے معلوم ہوا کہ مشرکین کا مال اور اولاد انہیں کچھ فائدہ نہ دے گی لیکن مسلمانوں کے لئے مال بھی کار آمد اور اولاد بھی اور فرماتا ہے **ما من حمیم ولا شفیع یطاع** یعنی کافروں کا نہ کوئی دوست نہ کوئی سفارشی جس کا کہا مانا جائے۔ اگر مسلمانوں کا بھی کوئی دوست وشفیع نہ ہو تو مومن وکافر میں فرق کیا ہوا۔ نیز للظلمین کی تقدیم حصر کا فائدہ دیتی ہے۔ یعنی صرف کافروں کا دوست وشفیع کوئی نہیں جو کہے کہ میرا شفیع کوئی نہیں وہ درپردہ اپنے کفر کا اقرار کرتا ہے احادیث شفاعت کے متعلق بے شمار احادیث

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ یہاں کچھ بطور نمونہ عرض کی جاتی ہیں۔ (1) تفسیر کبیر نے اس جگہ بحوالہ مسلم فرمایا کہ حضور فرماتے ہیں کہ ہر نبی کو حق تعالیٰ کی طرف سے ایک دعا ملتی ہے۔ سب نے اپنی دعائیں یہاں استعمال کر لیں۔ مگر میں نے اپنی دعا محفوظ رکھی ہے اس سے قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کروں گا اور یہ شفاعت میرے ہر اس امتی کو پہنچے گی جو مومن ہو کر مرے (2) مشکوۃ میں بحوالہ مسلم، بخاری ہے کہ لوگ قیامت کی گرمی سے گھبرا کر شفیع کی تلاش میں نکلیں گے آدم علیہ السلام کے پاس پہنچ کر شفاعت چاہیں گے وہ فرمائیں گے کہ مجھ سے خود ایک خطا ہو گئی ہے۔ لب کشائی کرنے کی میری ہمت نہیں پڑتی۔ نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ شاید وہاں شفاعت ہو جائے۔ وہ بھی یہی جواب دے کر حضرت ابراہیم کے پاس بھیجیں گے وہ بھی یہی جواب دے کر موسیٰ علیہ السلام کے پاس اور وہ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجیں گے عیسیٰ علیہ السلام فرمادیں گے کہ آج سوائے محمد رسول اللہ کے تمہاری شفاعت کوئی نہیں کر سکتا۔ تب سب لوگ ہمارے پاس آئیں گے ہم کہیں گے کہ بیشک شفاعت کرنا ہمارا کام ہے پھر ہم سجدے میں سر رکھ کر شفاعت فرمائیں گے۔ حکم الٰہی ہو گا کہ اے محمد اپنا سر مبارک اٹھاؤ بات کرو سنی جائے گی۔ شفاعت کرو قبول کی جائے گی۔ جو کچھ مانگو دیا جائے گا۔ تب ہم سر اٹھائیں گے اور شفاعت فرمائیں گے۔ الخ۔

خلیل و نجی مسیح و صفی سبھی سے کہی کہیں نہ بنی — یہ بے خبری کہ خلق پھری کہاں سے کہاں تمہارے لئے
فقط اتنا سبب ہے انعقاد بزم محشر میں — کہ ان کی شان محبوبی دکھائی جانے والی ہے

خلاصہ: یہ ہے کہ قیامت میں پہلے وہ ہی کام ہو گا جسے وہابی شرک کہتے ہیں۔ یعنی اللہ کے بندوں سے مدد مانگنا اور ان کے دروازوں پر مدد کے لئے حاضر ہونا۔ اس مجمع میں وہابی بھی ہوں گے جو میرے اور آپ کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر ہاتھ پھیلانے جائیں گے۔ ہم بھی محشر میں خیر دیکھیں گے۔ نجدی آج ان سے التجا نہ کرے! جب کل ان سے مانگنا ہے تو آج ان سے کیوں اکڑتے ہو۔ لطیفہ: دنیا میں سب جانتے ہیں کہ حضور ہی شفیع المذنبین ہیں۔ مگر قیامت میں سب بھول جائیں گے محدثین مفسرین علماء مشائخ سب ہی اس مجمع میں موجود ہیں مگر کسی کو یہ یاد نہیں آتا۔ انبیاء کرام کو بھی خیال نہ رہا۔ صحیح پتہ نہ بتا سکے اس میں کیا راز ہے بات یہ ہے کہ اگر اول ہی سے حضور علیہ السلام تک پہنچ جاتے تو شاید کوئی بدگو کہتا کہ اس شفاعت میں حضور کی کیا تخصیص ہے ایسی شفاعت تو ہر جگہ ہو سکتی تھی اس لئے پہلے ان سب کو تمام جگہ پھرالیا گیا تاکہ شان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا پتہ چل جائے اور سب معلوم کر لیں کہ آج سارے انبیاء نفسی نفسی فرما رہے ہیں امتی امتی کہنے والی صرف مصطفیٰ علیہ السلام کی زبان پاک ہے۔ سب **اذھبوا الی غیری** فرمائیں گے (کسی اور کے پاس جاؤ) لیکن آج **انا لھا** فرمانے والے صرف حضور ہی ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی فرما رہے ہیں کہ میں تو باہر کا دوست ہوں۔ اندرون سرا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں۔ (3) مشکوۃ شریف باب الشفاعت میں ہے کہ تین جماعتیں قیامت کے دن شفاعت فرمائیں گی اول انبیاء پھر علماء پھر شہداء (4) اسی جگہ ہے کہ حضرت انس نے حضور سے عرض کیا کہ قیامت میں آپ میری شفاعت فرمائیں۔ فرمایا ضرور کریں گے عرض کیا کہ میں آپ کو وہاں کس جگہ ڈھونڈوں فرمایا صراط پر۔ عرض کیا اگر وہاں نہ پاؤں فرمایا۔ میزان پر عرض کیا اگر وہاں بھی نہ پاؤں۔ فرمایا حوض کے پاس (5) اسی مشکوۃ باب البکاء علی المیت میں ہے کہ حضور نے فرمایا کہ جس کے دو چھوٹے بچے مر جائیں وہ اسے جنت میں لے جائیں گے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ اگر ایک مر جائے۔ فرمایا ایک بھی عرض کیا کہ اگر کوئی نہ مرا ہو فرمایا اس کو میں جنت میں لے جاؤں گا۔ (6) اسی میں اسی جگہ ہے کہ کچا بچہ

marfat.com
Marfat.com

اپنے رب سے اپنے والدین کے بارے میں جھگڑا کرے گا تو اس سے فرمایا جائے گا کہ اے اپنے رب سے جھگڑنے والے بچے جا اپنے ماں باپ کو جنت میں لے جا پس وہ ان دونوں کو اپنی نال سے کھینچ کر جنت میں لے جائے گا۔(7) اسی مشکوۃ باب الوصایا میں ہے کہ حضور فرماتے ہیں کہ اگر مسلمان میت کی طرف سے صدقہ کیا جائے یا غلام آزاد کئے جائیں یا حج کیا جائے تو وہ اس کو پہنچتا ہے۔اس کے علاوہ اور بیشمار احادیث پیش کی جاسکتی ہیں مگر یہاں اتنی ہی کفایت ہے۔

**شفاعت کے عقلی دلائل** : (1) دنیا آخرت کا نمونہ ہے اور دنیا میں تو بادشاہوں کے ہاں حکام اور مقربین مجرم کی سفارش کر کے چھڑا لیتے ہیں ایسے ہی آخرت میں بھی مقبولان الٰہی شفاعت سے مجرموں کو عذاب سے بچالیں گے مگر باغی کی سفارش کوئی نہیں کر سکتا۔ ایسے ہی کفار کی شفاعت نہیں ہوگی (2) کبھی بادشاہ اپنے پیارے کی عزت افزائی کے لئے کسی کو اس کے ذریعے کچھ دیتا ہے تاکہ لوگوں میں اس کی عزت ہو۔ اسی طرح رب تعالیٰ اپنے محبوبوں کے ذریعے لوگوں پر رحم فرماتا ہے تاکہ ان کی عزت ظاہر ہو (3) حق تعالیٰ تقریباً" ساری نعمتیں وسیلے اور ذریعے سے عطا فرماتا ہے وہ رزاق شافی خالق ہے لیکن مالداروں کے ذریعے رزق اور شفاء طبیبوں کے ذریعے عطا فرماتا ہے۔ اسی طرح بیشک وہ غفار ہے لیکن بذریعہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم گنہگاروں کی مغفرت کرے گا۔ چنانچہ مشکوۃ شریف باب ذکر الیمن میں ہے کہ شام میں چالیس ابدال رہیں گے جن کی برکت سے بارشیں ہوں گی۔ دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی اور اہل شام سے عذاب دفع ہوگا۔(4) اگر شفاعت کوئی چیز نہ تھی تو نماز جنازہ بھی نہ ہونی چاہئے کیونکہ وہ بھی شفاعت ہی ہے۔ جو اس میت کو مسلمان سامنے رکھ کر اس کے لئے دعا کرتے ہیں اور بچے کو اپنا شفیع بناتے ہیں۔ چنانچہ بچے کے جنازے پر پڑھتے ہیں **اللھم اجعلہ لنا فرطا** پھر آخر میں کہتے ہیں **واجعلہ لنا شافعا ومشفعا** یعنی اے اللہ اس بچے کو ہمارا شفیع بنا غرضکہ نماز جنازہ مسئلہ شفاعت پر مبنی ہے خیال رہے کہ یہ شفاعت محض حیلے کے طور پر نہ ہوگی جیسا کہ مولوی اسمٰعیل نے تقویۃ الایمان میں لکھا بلکہ شفاعت بالوجاہت اور شفاعت بالمحبت اور شفاعت بالاذن ہر طرح کی ہوگی رب تعالیٰ فرماتا ہے **وللہ العزۃ ولرسولہ وللمومنین** موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں فرماتا ہے **وکان عند اللہ وجیھا** عیسیٰ علیہ السلام کے لئے فرماتا ہے **وجیھا فی الدنیا والاخرۃ** اس سے معلوم ہوا کہ اللہ والوں کو رب نے اپنی بارگاہ میں بڑی عزت دی ہے رب فرماتا ہے **یحبھم ویحبونہ** نیز فرماتا ہے **رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ** معلوم ہوا کہ یہ لوگ اللہ کے پیارے ہیں اس لئے ان کی بات وہاں مانی جاتی ہے۔ مشکوۃ باب فضل الفقراء میں ہے کہ حضور فرماتے ہیں کہ میری امت کے بہت سے پریشان حال اور پراگندہ بال ایسے ہوں گے کہ اگر وہ اللہ پر قسم کھا جائیں تو رب ان کی قسم پوری فرمائے۔ یعنی اگر وہ قسم کھالیں کہ فلاں کو جنت میں لے جاؤں گا تو رب تعالیٰ ضرور اس کو جنت میں بھیجے گا ابھی آپ پڑھ چکے کہ چھوٹے بچے اپنے والدین کے لئے رب سے جھگڑا کریں گے معلوم ہوا کہ یہ حضرات بارگاہ الٰہی میں ناز کرتے ہیں اور ان کے ناز قبول فرمائے جاتے ہیں۔ نیز شفاعت بالاذن کے معنی یہ نہیں۔ کہ ہر مجرم کے لئے خاص اذن حاصل کر کے شفاعت کی جائے یا رب کو خود بخشنا منظور ہو اور بہانے کے لئے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی جانب اشارہ کردے بلکہ معنی یہی ہیں کہ بارگاہ الٰہی میں کسی کو بغیر اجازت بولنے کی جرات نہیں۔ ان حضرات کو اجازت عام ہوگی کہ ہر مسلمان کی شفاعت کریں اور بخشالیں اور جس کو عذاب دینا منظور ہوگا اس کی طرف شفیع المذنبین کا خیال ہی نہ جائے گا۔ یہ سب باتیں خدا کی عطا سے ہیں کہ اس پر دھونس نہیں واضح رہے کہ

marfat.com
Marfat.com

اس آیت میں جو فرمایا گیا کہ کوئی نفس کسی نفس کا بدلہ نہ بنے نہ کوئی شفاعت قبول کی جائے نہ اسے فدیہ لے کر چھوڑا جائے اور نہ کسی کی مدد کی جائے یہ سب کفار کے لئے ہیں مسلمانوں کو انشاء اللہ یہ چاروں نعمتیں حاصل ہوں گی۔ روایات میں آتا ہے کہ کفار مسلمانوں کا فدیہ بن کر جہنم میں جائیں گے اور مسلمان جنت میں اپنی جگہ بھی لیں گے نور کفار کی بھی۔ نیز مسلمانوں کی ملی عبادتیں یعنی صدقات و خیرات ان کے کام آئیں گی۔ ان کی برکت سے غضب الٰہی کی آگ بجھ جائے گی۔ مسلمانوں کی شفاعت بھی ہوگی جیسا کہ گزر چکا۔ مسلمانوں کے بچے' علماء' مشائخ ان کی باذن الٰہی مدد بھی کریں گے یہ آیت مسلمانوں پر چسپاں کرنا جہالت ہے۔ مشرکین تو اپنے بتوں کو شفیع مان کر ان کی پوجا کرتے تھے۔ قرآن نے ان سے فرمایا کہ وہ شفاعت کرنے کے لائق نہیں۔ انہیں شفاعت کی اجازت نہ ملی۔ من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ بغیر اجازت شفاعت کیسی۔ کفار اہل کتاب کہتے تھے کہ ہم اگرچہ کفر کریں ہمارے باپ دادے' جو انبیاء اولیاء تھے۔ ہمیں بخشوالیں گے۔ انہیں فرمایا گیا کہ وہ حضرات واقعی شفاعت کے لائق ہیں مگر تم لوگ شفاعت حاصل کرنے کے اہل نہیں کہ تم کافر ہو۔ شفاعت کے لئے ضروری ہے کہ کرنے والا کرنے کا اور حاصل کرنے والا شفاعت پانے کا اہل ہو۔ فعل شفاعت کے متعلق چند باتیں یاد رکھو ایک یہ کہ قیامت کے دو وقت ہیں پہلا عدل کا دوسرا فضل کا پہلے وقت میں دیگر انبیاء کرام میں کچھ بولنے کی ہمت نہ کریں گے اس وقت صرف حضور ہی شفاعت فرمائیں گے اور دروازہ شفاعت آپ ہی کھولیں گے۔ اسی لئے آپ کو شفیع المذنبین کہا جاتا ہے یعنی بے کسی کے وقت میں گنہگاروں کی شفاعت فرمائیں گے۔ اسی کا نام شفاعت کبریٰ ہے اور یہ حضور کی خصوصیت ہے۔ دروازہ کھلنے کے بعد ہر نیک کار بدکار کی شفاعت کرے گا دوسرے: یہ کہ شفاعت چار قسم ہوگی۔ (1) میدان محشر سے نجات دلانے کے لئے۔ (2) عذاب الٰہی کم کرانے کے لئے۔ (3) گناہ معاف کرانے اور جہنم سے بچانے کے لئے (4) درجے بڑھانے کے لئے۔ پہلی شفاعت سے سارا عالم فائدہ اٹھائے گا۔ کفار بھی اور مومنین بھی۔ دوسری قسم کی شفاعت کفار کے لئے ہے۔ احادیث میں آیا ہے کہ حضور کی برکت سے بعض کفار کا عذاب ہلکا ہوتا ہے۔ جیسے ابو طالب اور ابو لہب کا۔ ابو طالب تو حضور کی خدمت کی وجہ سے اور ابو لہب حضور کی ولادت پاک کی خوشی منانے سے عذاب میں ہلکے ہیں۔ روح البیان نے فرمایا ہے کہ حاتم طائی کو بھی ہلکا عذاب ہوگا۔ تیسری شفاعت مومن گنہگاروں کے لئے اور چوتھی شفاعت نیک کاروں کے لئے ہوگی۔ وہ جو حدیث میں آتا ہے کہ سنت کو چھوڑنے والا شفاعت سے محروم ہے اس سے چوتھی شفاعت مراد ہے یعنی بلندی درجات کی ورنہ دوسری روایت میں ہے کہ میری شفاعت گناہ کبیرہ والوں کے لئے بھی ہوگی نیز یہ جو عقیدہ ہے کہ کافر شفاعت سے محروم ہیں اس سے اخیر کی شفاعتیں مراد ہیں ہماری اس تقریر سے معلوم ہوا کہ ہر نیک و بد حضور کی شفاعت کا محتاج ہے۔ چوتھے: یہ کہ شفاعت صغریٰ اتنے حضرات کریں گے انبیا' اولیا' علما' مشائخ' حجر اسود' قرآن کریم' خانہ کعبہ' اور رمضان اور چھوٹے بچے بلکہ مشکوٰۃ باب اذان میں بحوالہ بخاری واحمد وغیرہ ہے کہ جہاں تک موذن کی آواز پہنچتی ہے وہاں تک کی ہر چیز قیامت کے دن اس کے ایمان کی گواہی دے گی۔ مولوی عبدالحی صاحب نے مقدمہ ہدایہ میں لکھا یہ حدیث میں بھی موجود ہے کہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن حجر اسود کی آنکھیں اور منہ ہوں گے اور حاجیوں کی شفاعت کرے گا۔ بعض جنتی بغیر شفاعت بھی جنت میں جائیں گے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ رب تعالیٰ اپنا لپ (بک) بھر کر جنمیوں کو جنت میں ڈالے گا۔ اور ان لوگوں کو نام عتقاء الرحمان ہوگا۔ مشکوٰۃ باب الشفاعت بحوالہ مسلم' بخاری' تفسیر روح البیان نے آیۃ الکرسی کی تفسیر میں لکھا کہ یہ لوگ وہ

marfat.com
Marfat.com

ہوں گے جو عند اللہ مومن تھے۔ نہ کہ عند الشریعت۔

**دوسرا باب مسئلہ شفاعت پر اعتراضات و جوابات** : مسئلہ شفاعت پر آریوں' نیچریوں اور دیو بندیوں کے کچھ اعتراضات ہیں جن کو ہم مع جواب عرض کرتے ہیں۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** بہت سی آیتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا کے ہاں کسی کی شفاعت نہیں حضور علیہ السلام نے اپنی اول تبلیغ میں حضرت فاطمہ زہرہ سے فرمایا کہ میں تم سے خدا کا عذاب دفع نہیں کر سکتا (نیچری اور دیو بندی) جواب: اس قسم کی ساری آیتوں اور احادیث میں کفار مراد ہیں۔ سیدہ فاطمہ الزہرہ سے بھی یہی فرمایا جارہا ہے کہ اگر تم نے ایمان قبول نہ کیا تو تمہاری شفاعت نہ ہوگی۔ اسی لئے بہت سی آیات قرآنیہ میں **الا** فرما کر مستثنیٰ فرمایا گیا۔ **دوسرا اعتراض:** اگر خدا پیغمبر کی سفارش سے جنت دے دے تو خدا طرفدار ہے استیار تھ پر کاش باب 14' جواب اس کا جواب شروع سورۂ بقر میں گزر چکا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت بعض کے ذریعے بعض کو پہنچی ہے۔ اور بیشک خدا تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کا طرفدار ہے۔ اچھوں کی طرفداری کرنا اچھا ہے۔ پنڈت جی کو سورج سے روشنی اور مالداروں سے بھیک ملتی ہے۔ **تیسرا اعتراض:** کفار عرب بتوں کو اپنا شفیع جانتے تھے۔ قرآن کریم نے اس عقیدہ کو کفر قرار دیا ہے بہت آیتیں اس پر گواہ ہیں۔ مسلمان پیغمبروں ولیوں کو شفیع مان کر کافر ہو رہے ہیں۔ **جواب:** کفار غیر ماذون اللہ رب کے دشمنوں کو شفیع مان کر کافر ہوتے ہیں (بتوں کو) ہم ان محبوبوں کو شفیع مانتے ہیں جن کو رب نے شفیع بنایا۔ نیز کفار دھونس کی شفاعت مانتے تھے وہ سمجھتے تھے کہ رب تعالیٰ کو بتوں کی شفاعت مجبوراً" ماننی پڑے گی کیونکہ وہ اس کی خدائی میں دخیل ہیں۔ لہٰذا وہ کافر تھے۔ ہم مقبولان خدا کی شفاعت بالاذن اور شفاعت بالعزت اور بالوجاہت عطائی مانتے ہیں۔ **چوتھا اعتراض:** شفاعت کے عقیدے سے مسلمان بد عمل بن جائیں گے۔ کیونکہ وہ شفاعت پر اعتماد کر کے اعمال سے غافل ہو جائیں گے (دیو بندی اور وہابی) **جواب:** یہ اعتراض تو ایسا ہی ہے جیسے آریہ کہتے ہیں کہ توبہ کا مسئلہ بد عمل بناتا ہے۔ جناب شفاعت سے امید بڑھے گی اور امید سے شوق عمل زیادہ ہوگا۔ **پانچواں اعتراض:** ہم بھی حضور کے واسطے رحمت مانگتے ہیں اور ان پر درود پڑھتے ہیں۔ اور حضور بھی ہمارے لئے دعا ہی کرتے ہیں اور کریں گے تو چاہئے کہ حضور ہمارے شفیع ہوں اور ہم حضور کے۔ **جواب:** ان دونوں دعاؤں میں بڑا فرق ہے اور حضور کی دعا سے ہمارے بیڑے پار ہوں گے ان کی دعاؤں کے بغیر ہمارا کام چل سکتا ہی نہیں۔ ہمارا دعا کرنا ان سے بھیک مانگنے کے لئے ہے۔ جیسے بھکاری سخی کو دعائیں دے کر بھیک مانگتا ہے اس لئے قرآن کریم نے جہاں درود کا حکم دیا وہاں پہلے ہی فرمادیا کہ ہم نبی پر رحمتیں بھیج رہے ہیں۔ تم بھی ان کے لئے دعا کیا کرو یعنی تمہاری دعا پر ہماری رحمت موقوف نہیں۔ پہلی قسم کی دعا شفاعت ہے اور دوسری دعا بھیک مانگنا۔ لہٰذا حضور ہمارے شفیع ہیں اور ہم ان کے بھکاری۔ **چھٹا اعتراض:** حضور نے فرمایا کہ زکوۃ نہ دینے والے قیامت میں ہمارے پاس اپنا مال لادے ہوئے شفاعت کے لئے آئیں گے۔ ہم فرمائیں گے کہ ہم نے تمہیں تبلیغ احکام کر دی تھی اب ہم مالک نہیں۔ معلوم ہوا کہ شفاعت نہ ہوگی۔ **جواب:** اس حدیث سے تو یہ ثابت ہو رہا ہے کہ حضور شفاعت پر مجبور نہیں بلکہ مختار ہیں جس کی چاہیں اس کی شفاعت کریں۔ جس کی چاہیں نہ کریں۔ جیسے رب تعالیٰ غفور ہے مگر لاکھوں گنہگاروں کو نہ بخشے گا اور دنیا میں یہ اعلان فرمانا بھی قانون کا وقار قائم کرنے کے لئے ہے ورنہ اظہار رحمت کے لئے فرماتے ہیں'

marfat.com
Marfat.com

شفاعتی لاہل الکبائر من امتی یہ ہے رحمت یا خطاب منکرین زکوۃ سے ہوگا۔ کیونکہ وہ انکار زکوۃ سے کافر ہوچکے اور کافر کے لئے شفاعت نہیں۔

| |
|---|
| وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ |
| اور جب نجات دی ہم نے تم کو فرعون کی ذرّیت سے چکھاتے تھے وہ تم کو سختی عذاب کی |
| اور یاد کرو جب ہم نے تم کو فرعون والوں سے نجات بخشی کہ تم پر بڑا عذاب کرتے تھے |
| يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ |
| ذبح کرتے ہیں وہ بیٹوں کو تمہارے اور زندہ چھوڑتے تھے لڑکیوں کو تمہاری اور اس میں |
| تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ رکھتے تھے اور اس میں |
| بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝۴۹ |
| آزمائش طرف سے رب تمہارے کے بڑی |
| تمہارے رب کی طرف سے بڑی بلا تھی یا بڑا انعام |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ پہلے اجمالاً بنی اسرائیل کی نعمتوں کا ذکر ہوا تھا۔ اب اس کی تفصیل فرمائی جارہی ہے۔ چونکہ ان پر دو قسم کے احسانات ہوئے تھے ایک تو مصیبت دور کرنا دوسرے رحمتیں عطا فرمانا اور ظاہر ہے کہ مصیبت سے نجات ملنا حصول نعمت پر مقدم ہے اس لئے پہلے اسی کا ذکر ہوا۔ دوسرے یہ کہ اس سے پہلے ارشاد ہوا تھا کہ قیامت میں کوئی کسی کے کام نہ آئے گا۔ اب یہ سمجھانے کے لئے فرعون کے ظلم کا واقعہ بیان ہو رہا ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ جب دنیوی مصیبت میں کوئی کسی کے کام نہیں آتا تو قیامت میں کون آسکتا ہے اور اے اسرائیلیو! دنیوی بادشاہ کے غضب سے تم سخت مصیبت میں گرفتار ہوگئے تو اگر کفر کر کے تم غضب الٰہی میں آگئے تو تمہارا کیا حال ہوگا۔ تیسرے یہ کہ بنی اسرائیل دنیوی عزت کی خاطر اور اپنی حکومت باقی رکھنے کے لئے اسلام قبول نہ کرتے تھے۔ جیسا کہ پہلے معلوم ہوا۔

اب انہیں فرعون کا واقعہ یاد دلا کر بتایا جارہا ہے کہ ملک اللہ کا ہے جس کو چاہے دے جیسے فرعون سے چھین کر تم کو ملک مصر دیا اسی طرح ہو سکتا ہے کہ تم سے چھین کر مسلمانوں کو دے دیا جائے۔ لہٰذا آخرت کی عزت طلب کرو نہ کہ محض دنیا کی چوتھے یہ کہ بنی اسرائیل مسلمانوں کو غریب اور حقیر سمجھ کر ان سے علیحدہ رہتے تھے اور کفار کی عظمت و عزت پر نظر کر کے ان سے تعلق رکھتے تھے۔ لہٰذا ان کو فرعون کا قصہ یاد دلا کر بتایا جارہا ہے کہ دیکھو پہلے تم حقیر و غریب تھے مگر حق پر تھے اور فرعونی لوگ عزت والے تھے مگر جھوٹے آخر کار تمہاری فتح ہوئی وہ ہلاک ہوئے اب تم جھوٹے ہو۔ اور غریب مسلمان سچے۔ لہٰذا یقین کر لو تم ہلاک ہو اور وہ غالب رہیں گے مسلمانوں کی غریبی سے دھوکہ مت کھاؤ۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر: واذ یہ اذکروا فعل کا مفعول ہے یعنی وہ وقت یاد کرو۔ چونکہ بنی اسرائیل تاریخ سے واقف تھے اس لئے ان کو یہ واقعہ یاد دلایا جا رہا ہے نجینکم یہ لفظ نجو سے بنا ہے جس کے معنی ہیں علیحدہ یا اونچی جگہ چونکہ جو کوئی فتنے سے علیحدہ بھاگ جائے وہ اس سے بچ جاتا ہے اس لئے اس بچنے کو نجات کہتے ہیں۔ اس نجو سے بہت سے لفظ بنتے ہیں۔ مگر سب میں علیحدگی کے معنی ملحوظ ہیں۔ اس سے استنجا بنا ہے۔ کیونکہ یہ علیحدگی میں کیا جاتا ہے اسی سے مناجات بنا جس کے معنی ہیں تنہائی میں دعا کرنا۔ اسی سے نجویٰ بنا جس کے معنی مشورہ کرنا کیونکہ وہ بھی علیحدگی میں کیا جاتا ہے اس کے معنی ہوئے کہ ہم نے تم کو فرعون والوں سے علیحدہ کر لیا اور نجات دیدی اگرچہ یہ واقعہ موجودہ بنی اسرائیل کے باپ دادوں کو پیش آیا تھا۔ مگر چونکہ ان کا بچنا ان کا بچنا تھا اگر وہ نہ بچتے تو یہ کیسے پیدا ہوتے۔ اس لئے ان سے فرمایا گیا کہ تم کو نجات دی من ال فرعون۔ ال اہل سے بنا ہے مگر ان میں فرق یہ ہو گیا کہ اہل کو ہر طرف نسبت کر دیتے ہیں اہل بیت اہل علم مگر ال صرف بڑے آدمی کی طرف نسبت ہوتا ہے۔ خواہ دنیوی لحاظ سے بڑا ہو۔ خواہ دینی۔ کہا جاتا ہے آل عمران۔ آل نبی۔ آل فرعون وغیرہ۔ آل گھر میں رہنے والوں کو بھی کہتے ہیں۔ جیسے بیوی بچے خدام وغیرہ اور گھر میں پیدا ہونے والوں کو بھی یعنی اولاد اور تابعداروں کو بھی یہاں تیسرے معنی مراد ہیں۔ یعنی فرعون کے نوکر چاکر پولیس والے وغیرہ کیونکہ فرعون کی کوئی اولاد نہ تھی اور اس کی بیوی سے بنی اسرائیل کو کوئی تکلیف نہ پہنچی۔ فرعون بادشاہ مصر کا لقب تھا۔ کیونکہ مصری زبان میں اس کے معنی تھے بادشاہ جیسے عربی میں سلطان فارسی میں بادشاہ ہندی میں راجہ اور انگریزی میں کنگ۔ ہر بادشاہ مصر کو فرعون کہا کرتے تھے اس فرعون کا نام ولید ابن مصعب تھا اور چونکہ یہ بہت خوبصورت تھا اس لئے لوگ اسے قابوس کہتے تھے جس کے معنی ہیں روشن چنگاری۔ بادشاہ ہونے کی وجہ سے فرعون کہا جاتا ہے۔ یہ بہت سخت مزاج اور ظالم شخص تھا۔ اس کے باقی حالات خلاصہ تفسیر میں آئیں گے۔ خیال رہے کہ بعض لوگوں نے سمجھا ہے کہ یہی یوسف علیہ السلام کا فرعون بھی تھا۔ مگر یہ غلط ہے۔ اس کا نام ریان ابن ولید تھا۔ موسیٰ علیہ السلام اور یوسف علیہ السلام میں چار سو سال کا فاصلہ ہے لہٰذا یہ وہی فرعون کیسے ہو سکتا ہے یسومونکم یہ لفظ سوم سے بنا ہے جس کے معنی ہیں ڈھونڈنا اور تلاش کرنا اسی لئے نرخ (بھاؤ) کو بھی سوم کہتے ہیں کہ اس سے چیز تلاش کی جاتی ہے۔ یہاں پہنچانے یا چکھانے کے معنی میں استعمال ہوا چونکہ وہ بھی بنی اسرائیل کو تلاش کر کے تکلیف دیتے تھے سوء العذاب۔ سوء کے معنی برائی و سختی بھی ہیں اور برا و سخت بھی یہاں ہر دو معنی بن سکتے ہیں۔ یعنی تم کو عذاب کی سختی یا سخت عذاب پہنچاتے تھے۔ فرعون کی سختیاں بنی اسرائیل پر بے پناہ تھیں۔ ان کے بچوں کو اپنی قوم کا غلام بنا لیا تھا۔ ان کی عورتیں فرعونیوں کی خادمائیں تھیں۔ ان کے جوانوں کے ذمے سخت اور دشوار کام تھے وہ پتھر ڈھوتے تھے جس سے ان کی کمر اور گردنیں زخمی ہو گئیں تھیں۔ غریبوں پر ٹیکس مقرر تھے جو روزانہ شام سے پہلے وصول کر لئے جاتے تھے اگر کسی سے ایک دن کا ٹیکس بھی ادا نہ ہوتا تو اس کے ہاتھ گردن کے ساتھ باندھ دیے جاتے تھے اور مہینے بھر تک اس کو اس مصیبت میں رکھا جاتا تھا۔ کمزور بڈھے اسرائیلی نہایت ذلیل کام پر مقرر کئے گئے تھے۔ چنانچہ فرعونیوں کے لئے اینٹیں بنا کر پکاتے تھے ان کے مکانات تیار کرتے تھے ان کے پاخانوں اور گلیوں میں جھاڑو دیا کرتے تھے۔ ان کی بڈھی عورتیں فرعونیوں کے لئے سوت کات کر کپڑے بناتی تھیں وغیرہ وغیرہ تفسیر کبیر و روح البیان و عزیزی و خزائن العرفان' یذبحون ابناء کم یا تو یہ اس سخت عذاب کی کچھ تفصیل ہے یا علیحدہ چیز یعنی اس کا ظلم تم پر یہاں تک بڑھ گیا

marfat.com
Marfat.com

تھا کہ تمہارے بچوں کو ذبح کراتا تھا اور یہ سخت مصیبت تھی کیونکہ لڑکوں کے ذبح ہونے سے اس نسل کے ختم ہونے کا اندیشہ تھا۔ نیز بغیر مردوں کے عورتوں کی زندگی دشوار ان کی عزت و عصمت خطرے میں ہوتی ہے۔ نیز چھوٹے بچوں کے ذبح کرنے میں اس کی ماں کو سخت تکلیف ہوتی ہے کیونکہ بڑی مشقت سے اس کو حاصل کرتی ہے اس سے بہت سی امیدیں رکھتی ہیں۔ نیز قدرتی طور پر بمقابلہ بیٹی کے بیٹا زیادہ پیارا ہوتا ہے۔ لہٰذا بیٹوں کا ماں باپ کے سامنے ذبح ہونا بڑی ہی مصیبت تھی۔ پھر اگر فرعونی ان کی ساری اولاد قتل کر دیتے تو غنیمت تھا۔ مگر وہ یہ نہ کرتے تھے۔ بلکہ **ویستحیون نساء کم** تمہاری لڑکیوں کو زندہ چھوڑتے تھے۔ خیال رہے کہ قرآن کریم نے لڑکوں کے لئے **ابناء** فرمایا نہ کہ رجال لڑکیوں کے لئے **نساء** فرمایا نہ کہ بنات چھوٹی لڑکیوں کو بنات اور جوانوں کو نساء کہا جاتا ہے اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ وہ ان بچیوں کو زندہ چھوڑتے تھے کہ جو جوان ہو کر تمہارے لئے وبال بن جاتی تھیں۔ کیونکہ لڑکی جوان ہو کر ماں باپ کے لئے بوجھ بن جاتی ہے اور خاص کر جب کہ قوم کے بچے ذبح کئے جا رہے ہوں کہ لڑکیاں جوان ہو کر کہاں جائیں گی جب ان کے نکاح کے لئے قوم میں مرد نہ ملیں تو نہ معلوم ان کا انجام کیا ہو **وفی ذلکم** یہ تمام تکلیفوں کی طرف اشارہ ہے یعنی اس ذبح کرنے سے چھوڑنے اور سخت عذاب میں **بلاء من ربکم عظیم** یہ بلا آفت کے معنی میں ہے یا امتحان کے یعنی تم پر بڑی مصیبتیں تھیں۔ یا سخت امتحان کیونکہ امتحان نعمت سے بھی ہوتا ہے اور محنت سے بھی بلا سے مراد نعمت بھی ہو سکتی ہے تو معنی یہ ہوں گے کہ اس نجات دینے میں اور احسانات کرنے میں تمہارا امتحان بھی تھا۔ کہ اب تم خدا کا شکر کرتے ہو یا نہیں۔

**خلاصہ تفسیر** : بنی اسرائیل کو یہ دوسرا انعام یاد دلایا جا رہا ہے کہ اے اسرائیلیو تم فرعون والی مصیبت کو یاد کرو کہ تم کو ہر روز اس کی قوم کی طرف سے ایک نئی مصیبت کا سامنا ہوتا تھا۔ اس نے تم کو طرح طرح کے عذابوں میں جکڑ رکھا تھا۔ یہاں تک کہ تمہارے لڑکوں کو قتل کراتا اور لڑکیاں باقی چھوڑتا تھا۔ اس میں تم پر سخت مصیبت تھی۔ نسل و قوم کا کم ہونا۔ لڑکیوں کا دوسروں کے استعمال میں آنے کا اندیشہ پھر زندہ اولاد کا قتل دیکھنا اور اپنی گود میں بچوں کے ذبح ہونے کا نظارہ رب نے تم کو سب مصیبتوں سے موسیٰ علیہ السلام کے ذریعے نجات دی۔ یہ کتنا بڑا احسان ہے اور کیسی نعمت ہے تم اس احسان کو یاد کرو اور اس نبی آخر الزمان پر ایمان لاؤ۔ خیال رہے کہ بنی اسرائیل موسیٰ علیہ السلام کی نجات اور فرعون کے غرق کی یادگار قائم کئے ہوئے تھے کہ عاشورہ کے دن روزہ رکھتے خیراتیں کرتے خوشیاں مناتے تھے شروع اسلام میں مسلمانوں پر بھی یہ روزہ فرض تھا مگر قرآن نے ان کی یہ یادگاریں منانا کالعدم قرار دیا فرمایا یاد کرو معلوم ہوا کہ حضور سے منہ موڑ کر کوئی عبادت یا یادگار منانا معتبر نہیں۔

**بنی اسرائیل، فرعون، موسیٰ علیہ السلام** : حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد یعقوب علیہ السلام تک ان کی اولاد کنعان میں ہی آباد رہی پھر یوسف علیہ السلام اپنے بھائیوں کے حسد کی وجہ سے بظاہر غلام بن کر مصر میں تشریف لائے یہاں حق تعالیٰ نے ان کو بڑا عروج عطا فرمایا۔ جب کنعان میں سخت قحط پڑا تب یعقوب علیہ السلام اور ان کی ساری اولاد مصر میں آ گئے۔ ان سب کو خدا نے بڑھایا اور چند صدیوں میں مصر میں ان کے لاکھوں آدمی ہو گئے اور اس عرصہ میں وہاں اسرائیلیوں کا بہت دبدبہ رہا یوسف علیہ السلام والا فرعون اور اس کے ساتھی مر کھپ گئے اور ملک مصر میں بدنظمی پیدا ہوئی ولید ابن مصعب جو سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا فرعون ہے۔ یہ شہر اصفہان کا ایک غریب عطار تھا۔ جب اس پر بہت قرض ہو گیا تو اصفہان سے بھاگ کر شام پہنچا

marfat.com
Marfat.com

لیکن وہاں کوئی ذریعہ معاش ہاتھ نہ آیا تب وہ تلاش روزی کے لئے مصر میں آیا۔ یہاں اس نے دیکھا کہ گاؤں میں تربوز بہت سستے بکتے ہیں اور شہر میں مہنگے۔ دل میں سوچا کہ نفع بخش تجارت ہے۔ چنانچہ اس نے گاؤں سے بہت سارے تربوز خریدے مگر جب شہر کی طرف چلا تو راستے میں محصول لینے والوں نے کئی جگہ اس سے محصول لیا۔ بازار آتے آتے صرف اس کے پاس ایک تربوز بچا۔ باقی سب محصول میں چلے گئے یہ سمجھ گیا کہ اس ملک میں کوئی شاہی انتظام نہیں جو چاہے حاکم بن کر مال حاصل کرے۔ اس وقت مصر میں کوئی وبائی بیماری تھی لوگ بہت مر رہے تھے۔ یہ قبرستان میں بیٹھ گیا اور کہا کہ میں شاہی افسر ہوں مردوں پر ٹیکس لگا ہے فی مردہ مجھے پانچ درہم دو اور دفن کرو اس بہانے سے چند روز میں اس نے بہت مال جمع کر لیا اتفاقاً ایک روز کوئی بڑا آدمی دفن کے واسطے لایا گیا اس نے اس کے وارثوں سے بھی روپے مانگے انہوں نے اسے گرفتار کر کے بادشاہ تک پہنچا دیا اور سارا واقعہ بادشاہ کو بتایا۔ بادشاہ نے اس سے پوچھا کہ تجھے کس نے اس جگہ مقرر کیا ہے۔ ولید بولا کہ میں نے آپ تک پہنچنے کا یہ بہانہ بنایا تھا۔ میں آپ کو خبر کئے دیتا ہوں کہ آپ کے ملک میں بڑی بد نظمی ہے۔ میں نے تین مہینے کے عرصہ میں ظلماً اتنا مال جمع کر لیا۔ آپ خیال کر سکتے ہیں کہ دوسرے حکام کیا کچھ نہ کرتے ہوں گے یہ کہہ کر وہ سارا مال بادشاہ کے سامنے ڈال دیا اور کہا کہ اگر آپ انتظام میرے سپرد کر دیں تو میں آپ کا ملک درست کر دوں گا بادشاہ کو یہ بات پسند آئی اور اسے کوئی معمولی عہدہ دے دیا۔ ولید نے وہ طریقہ اختیار کیا جس سے بادشاہ بھی خوش رہا اور رعایا بھی۔ رفتہ رفتہ یہ تمام لشکر کا افسر بنا دیا گیا اور ملک کا انتظام اچھا ہو گیا۔ جب بادشاہ مصر مرا تو رعایا نے ولید کو تخت پر بٹھا دیا۔ (تفسیر روح البیان) اس نے تخت پر بیٹھتے ہی اعلان عام کیا کہ لوگ مجھے سجدہ کیا کریں۔ سب سے پہلے اس کے وزیر ہامان نے اس کو سجدہ کیا اور پھر دوسرے امیروں اور سرداروں کے ذریعے مصر کے لوگوں سے خود اپنے کو سجدہ کراتا تھا اور دور دور والوں کے لئے اس نے اپنے نام کے بت بنا کر بھیج دیئے تھے کہ وہ ان بتوں کو سجدہ کیا کریں تمام اہل مصر فرعون کی پرستش میں گرفتار ہو گئے مگر بنی اسرائیل نے اس سے انکار کیا فرعون نے ان کے سرداروں کو بلا کر بہت ڈرایا دھمکایا۔ مگر انہوں نے کہا ہم تیری عبادت نہیں کر سکتے صرف رب کی عبادت کریں گے تو جو چاہے سو کر۔ فرعون غصے میں آ گیا اور دیگوں میں زیتون کا تیل اور گندھک کھولا کر بنی اسرائیل کو ڈالنا شروع کیا بنی اسرائیل نے یہ سب کچھ برداشت کیا۔ مگر رب کی اطاعت سے منہ نہ موڑا اور فرعون کو سجدہ نہ کیا۔ جب بہت سے بنی اسرائیل جلا دیئے گئے تب ہامان نے فرعون سے کہا کہ ان کو مہلت دے اور ان کو دنیا میں ذلیل کر کے رکھ۔ تب اس نے جلانے سے ہاتھ کھینچا اور اسرائیلیوں پر بہت سختیاں شروع کر دیں (تفسیر عزیزی) اس زمانے میں فرعون نے خواب دیکھا کہ بیت المقدس کی طرف سے ایک آگ آئی جس نے تمام قبطیوں (فرعونیوں) کو جلا ڈالا مگر اسرائیلیوں کو کوئی نقصان نہ پہنچا اور پھر دیکھا کہ بنی اسرائیل کے محلے سے ایک بڑا اژدہا نکلا۔ جس نے اس کو تخت سے نیچے ڈال دیا اس نے تعبیر دینے والوں سے اپنا خواب بیان کیا انہوں نے کہا اے فرعون بنی اسرائیل میں ایک لڑکا پیدا ہو گا جو تیری حکومت کے ٹکڑے اڑا دے گا اس نے فوراً کوتوال شہر کو بلا کر حکم دیا کہ ایک ہزار سپاہی ہتھیار بند اور ایک ہزار دائیاں بنی اسرائیل کے محلے میں مقرر کرو کہ جس گھر میں لڑکا پیدا ہو اسے قتل کر دیا جائے چند سال میں بنی اسرائیل کے بارہ ہزار بچے اور ایک روایت میں ہے کہ ستر ہزار قتل کرا دیئے اور نوے ہزار حمل گرائے گئے خدا کی شان بنی اسرائیل کے بوڑھے بھی جلد جلد مرنے لگے۔ تب قبطیوں نے فرعون سے درخواست کی کہ بنی اسرائیل میں موت کا بازار گرم ہے اور ادھر ان کے بچے قتل کئے جا رہے ہیں اگر یہ حال رہا تو یہ قوم فنا ہو جائے گی پھر ہمیں خدمتگار کہاں سے ملیں گے تب

marfat.com
Marfat.com

فرعون نے حکم دیا کہ اچھا ایک سال بچے قتل کئے جایا کریں اور ایک سال چھوڑے جائیں۔ رب کی شان چھوڑنے کے سال میں حضرت ہارون علیہ السلام پیدا ہوئے (موسیٰ علیہ السلام کے بڑے بھائی) اور قتل کے سال موسیٰ علیہ السلام کی پیدائش ہوئی (تفسیر عزیزی و خزائن العرفان)

**موسیٰ علیہ السلام کی پیدائش** : لاوی بن یعقوب علیہ السلام کی اولاد میں حضرت عمران اس وقت اپنی قوم کے سردار تھے۔ ان کی بیوی کا نام حضرت عایذ تھا۔ موسیٰ علیہ السلام انہیں کے فرزند ہیں۔ جب حضرت عایذ حاملہ ہوئیں تو فرعون کی دائیاں ان کے گھر میں اور سپاہی دروازے پر آنے لگے۔ جب زمانہ ولادت قریب آیا تو ایک دائی ان کے گھر میں رہنے لگی موسیٰ علیہ السلام رات کے وقت پیدا ہوئے فرعون کی دائی ان کو دیکھ کر بے اختیار ان پر عاشق ہو گئی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو محبوبیت عامہ بخشی تھی جو انہیں دیکھتا عاشق ہو جاتا۔ رب فرماتا ہے **والقیت علیک محبتہ منی یوسف علیہ السلام** کو مصری عورتوں نے دیکھ کر اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے تھے۔ ہمارے حضور کی محبوبیت کا یہ عالم ہے کہ آج بغیر دیکھے لاکھوں عاشق ہیں۔ نیز حضور تمام مخلوق کے محبوب ہیں کہ لکڑیاں پتھر تک آپ کے فراق میں روتی تھیں۔ دائی نے ان کی والدہ سے کہا کہ کسی صورت سے ان کو قتل ہونے سے بچاؤ۔ یہ کہہ کر ایک بکری کا بچہ ذبح کیا ہوا ایک ہانڈی میں ڈال کر سپاہیوں سے کہا کہ اس گھر میں لڑکا پیدا ہوا تھا میں نے ذبح کر دیا ہے اور دیکھو میں اس کو دفن کرنے کے لئے جنگل میں جا رہی ہوں۔ سپاہیوں نے اس پر اعتبار کیا اور کوئی زائد تحقیقات نہ کی۔ موسیٰ علیہ السلام اپنے گھر پرورش پاتے رہے مگر نجومیوں نے فرعون کو خبر دی کہ بنی اسرائیل میں وہ بچہ پیدا ہو چکا ہے۔ فرعون اس خبر سے پریشان ہو گیا۔ اور کوتوال کو سخت تنبیہہ کی کوتوال نے سپاہیوں پر سختی کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بہت کوشش سے ان کے بچے قتل کئے مگر عمران کے لڑکے کو اپنے ہاتھ سے نہ مارا صرف دائی کے کہنے پر اعتماد کر لیا۔ کوتوال نے کہا کہ فوراً اس گھر کی تلاشی لو اور بلا تامل گھس جاؤ۔ سپاہی بے پردہ حضرت عمران کے گھر میں گھس آئے۔ اس وقت موسیٰ علیہ السلام اپنی بڑی بہن مریم کی گود میں تھے۔ مریم نے یہ ماجرا دیکھ کر فوراً ان کو بھڑکتے ہوئے تنور میں اس طرح ڈال دیا کہ سپاہیوں کو خبر نہ ہوئی مریم نے خیال کیا کہ اگر پولیس نے بچہ کو دیکھ لیا تو یہ فرزند اور ہم قتل کر دیئے جائیں گے پولیس نے گھر کی تلاشی لی۔ کچھ نہ پا کر واپس لوٹ گئی۔ والدہ نے مریم سے پوچھا کہ موسیٰ علیہ السلام کہاں ہیں اس نے سب ماجرا کہا۔ ماں غم سے تڑپ گئی تنور پر جا کر دیکھا کہ آگ کے شعلے نکل رہے مگر موسیٰ علیہ السلام بدستور امن و امان سے ہیں۔ یہ موسیٰ علیہ السلام کا ارہاص ہوا یعنی دعویٰ نبوت سے پہلے معجزہ کا ظہور جیسے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو بچپن شریف میں پتھروں کا سلام کرنا وغیرہ۔ عیسیٰ علیہ السلام نے پیدا ہوتے ہی کلام فرمایا۔ حضرت مریم نے بچپن میں جنتی غیبی پھل کھائے یہ قرآن سے ثابت ہے آج ان کی عمر چالیس دن کی تھی۔ والدہ کے دل میں خیال آیا کہ اس فرزند کی زندگی مشکل ہے اس کو کشتی میں رکھ کر دریائے نیل میں بہا دینا بہتر ہے۔ شاید کوئی دوسرا شخص ان کو اٹھا لے اور وہاں پرورش کریں۔

**موسیٰ علیہ السلام کا فرعون کے گھر پہنچنا** : گھر کے سب لوگوں نے مشورہ کر کے محلہ کے ایک بڑھئی سے۔ جس کا نام سانوم تھا ایک صندوقچہ لکڑی کا بنوا کر اس سے عہد لیا کہ کسی سے اس کا ذکر نہ کرنا سانوم نے صندوقچہ بنایا۔ ادھر فرعون کی طرف سے اعلان ہوا کہ جو شخص ہم کو اس لڑکے کا پتہ دے جو کہ بنی اسرائیل کے گھر پیدا ہوا ہے تو اس کو بہت انعام دیا جائے گا۔ سانوم کو طمع

marfat.com
Marfat.com

ہوئی خبر دینے کے لئے نکلا اور دروازے پر پہنچا کہ زمین میں ٹخنوں تک دھنس گیا اور غیبی آواز کان میں آئی کہ اگر یہ راز تو نے ظاہر کیا تو تجھ کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ سانوم گھبرا گیا اور صندوقچہ عمران کے مکان پر پہنچایا اور عرض کیا کہ مجھے اس پاکیزہ فرزند کی صورت دکھا دو والدہ نے اس کو حضرت موسیٰ کی زیارت کرائی سانوم نے ان کے قدم پاک پر آنکھیں ملیں اور ان پر ایمان لایا چنانچہ سب سے پہلا مومن یہی ہے اور اس صندوقچہ کی اجرت بھی نہ لی۔ والدہ ماجدہ نے موسیٰ علیہ السلام کو غسل دیا عمدہ کپڑے پہنائے خوشبو لگائی اور صندوقچہ میں رکھ کر دریائے نیل پر روتی ہوئی لے گئیں۔ اور خدا کے حوالے کر کے دریا میں بہا دیا۔ دل بہت بے چین ہوا مگر قدرتی طور پر تسکین ہوئی کہ یہ بچہ پھر مجھ کو ہی ملے گا۔ دریا سے ایک نہر نکال کر فرعون کے باغ میں پہنچائی گئی تھی جس کا نام عین الشمس تھا۔ یہ صندوقچہ اس نہر میں داخل ہو کر فرعون کے باغ میں پہنچا اس وقت فرعون باغ کی سیر کر رہا تھا اور اس کی بی بی حضرت آسیہ اور دیگر خاص لوگ ساتھ تھے یہ لوگ اس صندوقچہ کو اٹھا کر فرعون کے پاس لے آئے۔ فرعون نے جو اس کو کھولا تو اس میں نہایت حسین و جمیل لڑکا پایا۔ بولا کہ یہ وہی لڑکا ہے جس کی نجومیوں نے خبر دی تھی۔ یہ میرا اقبال ہے کہ وہ خود بخود میرے پاس آ گیا۔ اس کو بھی فوراً قتل کر دیا جائے۔ حضرت آسیہ فرعون کی بی بی آپ کا حسن و جمال دیکھ کر آپ پر عاشق ہو گئیں اور فرعون سے بولیں کہ تو نے محض گمان سے ہزارہا بچے قتل کرا دیے اس کو قتل نہ کرا یہ بچہ شاید کسی اور جگہ سے آ رہا ہے بنی اسرائیل کا نہیں ہے میرے کوئی بیٹا نہیں ہے۔ میں اس کو بیٹا بناؤں گی خدا نے میرے گود بھر دی فرعون نے یہ بات مان لی اودھر مریم (موسیٰ علیہ السلام کی بہن) نے ماں کو خبر دی کہ بھائی تو فرعون کے پاس پہنچ گیا۔ ماں بے قرار ہو گئی مگر رب کی طرف سے القاء ہوا کہ گھبراؤ نہیں تمہارا بچہ تم کو ہی ملے گا۔ اب حضرت آسیہ نے شہر کی دائیاں (دودھ پلانے والیاں) بلوائیں جو کہ ان کو دودھ پلائے۔ موسیٰ علیہ السلام نے کسی کا دودھ نہ پیا۔ مریم بھی وہاں موجود تھیں کہنے لگیں کہ ایک بہت قابل دائی ہے جس کا دودھ بہت اچھا ہے اس شہر میں رہتی ہے۔ فرماؤ تو اس کو بھی بلا لاؤں۔ فرعون بولا فوراً لاؤ۔ وہ اپنی والدہ کو لے گئیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے دودھ پیا اور ان کی گود میں سو گئے۔ فرعون نے ان کی ایک اشرفی روزانہ اجرت مقرر کر دی۔ اور کہا تم اس بچہ کی پرورش کرو۔ قدرت کے قربان فرعون نے جس کے ڈر سے بارہ ہزار بچے ذبح کرائے اس کو خود پرورش کر رہا ہے آسیہ نے موسیٰ علیہ السلام کے لئے سونے کا گہوارہ تیار کرایا۔ اور بہت ناز و نعمت سے ان کی پرورش کی۔ دو برس تک موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے ان کی پرورش کی۔ اس مدت کے گزرنے پر ایک خچر بھرا ہوا سونا اور کئی اونٹ لدے ہوئے دیگر نفیس تحفے دے کر عایذ (موسیٰ علیہ السلام کی والدہ) کو رخصت کیا۔ مسئلہ ماں اپنے بچہ کی پرورش پر اجرت نہیں لے سکتی کیونکہ اس پر واجب ہے اور واجب کی اجرت لینا منع مگر موذی کافر کا مال جس طرح ہاتھ لگے لینا جائز ہے۔ اسی لئے عایذ نے فرعون سے یہ مال لیا۔ نیز اگر وہ فرما دیتیں کہ میں اس کی ماں ہوں تو قتل کر دی جاتیں۔ اس عذر کی وجہ سے بھی اجرت لینی جائز ہوئی۔

**موسیٰ علیہ السلام کی پرورش :** پھر حضرت آسیہ نے خود ان کی پرورش شروع کر دی اور فرعون بھی ان سے محبت کرنے لگا۔ جب آپ تین برس کے ہوئے تو ایک دن فرعون آپ کو گود میں کھلا رہا تھا کہ اچانک آپ نے اس کی داڑھی پکڑ کر ایک طمانچہ مارا۔ فرعون غصہ میں بھر کر آسیہ سے بولا کہ یہ وہی بچہ معلوم ہوتا ہے۔ دیکھو اس نے میری یہ بے حرمتی کی آسیہ فرمانے لگیں کہ بچے ناسمجھ ہوتے ہیں ان کے فعل کا اعتبار نہ کرنا چاہئے۔ یہ تو آگ میں بھی ہاتھ ڈال دیتے ہیں۔ فرعون نے کہا کہ اچھا

marfat.com
Marfat.com

امتحان کرو ایک طشت میں سونا رکھ دو دوسرے میں آگ اگر یہ آگ میں ہاتھ ڈال دے تو واقعی تم ٹھیک کہتی ہو۔ ایسا ہی کیا گیا۔ قریب تھا کہ آپ سونے کی طرف دوڑتے۔ مگر حضرت جبرئیل نے آپ کا رخ آگ کی طرف کر دیا۔ آپ نے آگ میں ہاتھ ڈال کر ایک بڑا سا انگارہ منہ میں رکھ لیا جس سے آپ کی زبان جل گئی اور آپ کو لکنت ہو گئی۔ تب فرعون کو آسیہ کی بات پر پورا یقین ہوا۔ آپ کے زمانہ پرورش میں فرعون نے آپ کے بہت سے معجزے دیکھے ایک بار آپ نے مرغ سے تسبیح پڑھوائی۔ ایک دفعہ پکے ہوئے مرغ کو زندہ فرمایا جس سے کہ فرعون کے دل میں آپ کا رعب بیٹھ گیا۔ مگر غلبہ محبت اور اپنی بیوی کی وجہ سے قتل نہ کرا سکا۔ جب موسیٰ علیہ السلام تقریباً جوان ہوئے۔ تب آپ کا میلان قلبی بنی اسرائیل کی طرف ہوا۔ آپ ان سے ہی میل جول زیادہ رکھتے تھے۔ فرعونیوں کو ناگوار گزرتا تھا مگر کچھ دم نہ مار سکتے تھے۔ جب آپ 22 سال کے ہوئے تب ایک دن سرداران بنی اسرائیل کو علیحدہ کر کے ان سے پوچھا کہ تم فرعون کی مصیبت میں کب سے مبتلا ہو۔ انہوں نے جواب دیا کہ بہت عرصے سے آپ نے فرمایا کہ یہ تمہارے گناہوں کی شامت ہے۔ تم نذر مانو کہ جب رب تعالیٰ تم کو اس سے نجات دے تو تم وہ پوری کرو۔ ان سب نے کہا کہ کیا نذر مانیں۔ آپ نے فرمایا کہ رب تعالیٰ کی اطاعت فرمانبرداری۔ سب نے نذر مان لی۔

**موسیٰ علیہ السلام کی مصر سے روانگی :** جب آپ تیس سال کے ہوئے تو ایک دن ایک قبطی اور اسرائیلی میں جھگڑا ہو رہا تھا۔ قبطی اسرائیلی کو لکڑیوں کا بوجھ اٹھانے پر مجبور کر رہا تھا۔ وہ انکار کرتا تھا' اسرائیلی نے آپ کو پکارا کہ اے موسیٰ مجھے اس ظالم سے نجات دلواؤ آپ نے قبطی کو ظلم سے منع کیا وہ باز نہ آیا آپ نے اس کے مکا مارا جس سے قبطی مر گیا اتفاقیہ پر قصاص نہیں ہوتا نیز وہ کافر حربی تھا جس کا قتل گناہ بھی نہیں کچھ روز بعد تو سارے ہی قبطی ہلاک کئے گئے الغرض فرعون کو خبر پہنچی اس نے کہا کہ موسیٰ علیہ السلام نہیں کر سکتے دوسرے دن وہ بنی اسرائیلی دوسرے قبطی سے الجھا ہوا تھا۔ آپ کو دیکھ کر آپ سے فریاد کی آپ نے اسرائیلی کو جھڑکا اور چاہا کہ اس قبطی سے چھڑا دیں اسرائیلی سمجھا کہ آج مجھے مار رہے ہیں۔ وہ چیخا کہ اے موسیٰ کل تو نے قبطی کو مارا تھا کیا آج مجھے ہلاک کرنا ہے یہ بات لوگوں نے سنی اور فرعون کے پاس گواہی دی قبطی سرداروں نے فرعون سے مطالبہ کیا کہ ہمارے حوالہ کرو تاکہ ہم قبطی کا ان سے قصاص لیں فرعون نے ایسا کرنے میں تامل کیا اس مجلس میں ایک شخص موجود تھا جس کا نام حزقیل تھا اور وہ در پردہ ایمان لا چکا تھا۔ اس نے موسیٰ کو خبر دی کہ آپ کے قتل کا مشورہ ہو رہا ہے۔ بہتر ہے کہ آپ کسی اور جگہ چلے جائیں موسیٰ بے سر و سامان مدین کی طرف روانہ ہو گئے اور وہاں حضرت شعیب علیہ السلام کے گھر ٹھہر گئے اور ان کی لڑکی سے جن کا نام صفورا تھا۔ نکاح کیا دس سال وہاں رہے پھر مصر کی طرف تشریف لائے راستہ میں آپ کو نبوت عطا ہوئی اور پھر چالیس سال تک مصر میں فرعون کے مقابلے میں مشغول رہے اور تبلیغ احکام فرماتے رہے یہ واقعہ خیال میں رکھنا چاہئے آئندہ اس سے فائدہ ہو گا۔ (تفسیر عزیزی)

**اعتراض :** بنی اسرائیل پر فرعون کی سختی ان کی سرکشیوں کا عذاب تھا۔ لیکن ان کے بچوں نے کیا گناہ کیا تھا۔ جو وہ بچے ذبح کئے گئے۔ **جواب:** دنیا میں مصیبتیں آفتیں صرف گناہوں سے ہی نہیں آتیں۔ بلکہ بہت وجوہ سے آتی ہیں انبیاء کرام اولیاء اللہ جو بالکل بے گناہ ہوتے ہیں۔ سب پر تکالیف آ جاتی ہیں امام حسین اور ان کے شیر خوار بچے علی اصغر کس گناہ پر کربلا کی مصیبت میں مبتلا ہوئے جن قوموں پر آسمانی غیبی عذاب آئے ان کے بچے جانور سب ہی ہلاک ہوئے حالانکہ بچے مجرم نہ تھے۔

marfat.com

Marfat.com

بنی اسرائیل کے بچوں کا ذبح بنی اسرائیل کے نیک کاروں کا امتحان تھا' بد کاروں کی سزا کہ بچوں کے ذبح سے انہیں تکلیف ہو۔ ہاں آخرت کے عذاب بغیر جرم نہ ہوں گے۔

تفسیر صوفیانہ : نفس لمارہ فرعون ہے اور اس کے عیوب آل فرعون۔ روح انسانی گویا بنی اسرائیل ہے اور اس کے عمدہ صفات بنی اسرائیل کے بچے اور بعض قلبی صفات اس کی لڑکیاں۔ نفس لمارہ اور اس کے عیوب صفات حمیدہ کو ذبح کر کے دور کرتے ہیں۔ اور قلبی صفات کو باقی رکھ کر ان سے اپنی خدمت لیتے ہیں تاکہ ان سے حیوانی کام لئے جاویں اس فرعون نفس سے نجات بغیر رحمت کردگار ممکن نہیں۔ اس میں انسان کا سخت امتحان ہے۔ جس کو رب ہدایت دیتا ہے اس کے نفس اور نفسانی عیوب کو بحر قہر میں فنا کر کے روح و قلب کو اس سے نجات دیتا ہے اور رہبر طریقت کے ذریعہ اس کو ترقیاں نصیب فرماتا ہے۔ یہ رہبر طریقت اس کے لئے مثل حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہادی مطلق ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔ شعر

نفس ماہم کمتر از فرعون نیست لیک اورا عون مارا عون نیست

| |
|---|
| وَ اِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَ اَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ |
| اور جب کہ پھاڑ دیا ہم نے بوجہ تمہاری دریا کو پس نجات دی ہم نے تم کو اور ڈبو یا ہم نے |
| اور جب ہم نے تمہارے لئے دریا پھاڑ دیا تو تمہیں بچا لیا اور فرعون |
| وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ؁ |
| ذریت فرعون کو حالانکہ تم لوگ دیکھتے تھے |
| والوں کو تمہاری آنکھوں کے سامنے ڈبو یا |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک یہ کہ پہلے فرعونی طاقت سے بنی اسرائیل کو نجات دینے کا اجمالاً ذکر ہوا تھا۔ اب اس کی تفصیل ارشاد ہو رہی ہے۔ یعنی اس طرح نجات دی کہ اس کو ڈبو دیا اور تم کو دریا سے صحیح و سالم پار کر دیا۔ دوسرے یہ کہ یہ تیسرا انعام ہے جو کہ بنی اسرائیل پر ہوا تھا۔ یعنی اولاً تم کو سب پر فضیلت دی۔ دوسرے موسیٰ علیہ السلام کے ذریعے تمہیں فرعونی قوم کی غلامی سے چھڑایا۔ تیسرے اس کو ہلاک کر کے تم کو تخت و تاج کا مالک بنایا۔

تفسیر : و اذ یہاں بھی اذکرو فعل چھپا ہوا ہے یعنی اے اسرائیلیو وہ وقت بھی یاد کرو۔ اگر یہ آیت گذشتہ آیت ہی کی تفصیل ہے۔ تو واذ فرما کر اس کو اس لئے علیحدہ فرمایا کہ یہ ان تمام نعمتوں سے اعلیٰ ہے اور ایک ہی واقعہ میں بعض اہم باتوں کو علیحدہ طور پر بھی بیان کر دیتے ہیں اور اگر یہ تیسرا انعام ہے تو و اذ فرمانا بالکل ظاہر ہے۔ فرقنا فرق سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں علیحدہ علیحدہ کرنا۔ اور چیر دینا۔ چونکہ اس وقت دریائے قلزم کا پانی پھٹ کر اس میں راستہ بن گیا تھا اور اس راستے کے بھی بارہ حصے ہوئے تھے۔ جن کے درمیان پانی کی دیواریں بنیں۔ اس لئے فرقنا فرمایا گیا۔ اگر کوئی شخص پانی میں گھس جاوے جب بھی اگرچہ پانی چر جاتا ہے مگر یہ چرنا نہ تو محسوس ہوتا ہے نہ عجیب بات ہے مگر اس موقعہ پر چرنے کی عجیب ہی نوعیت تھی اس لئے

marfat.com
Marfat.com

اہتمام سے اس کا ذکر ہوا **بکم** پر **با** سببیہ ہے یعنی تمہاری وجہ سے دریا چیر اگیا۔ اگرچہ اس چرے ہوئے دریا میں گھس کر فرعون بھی غرق ہوا۔ مگر یہ چرنا ہوا اسرائیلیوں کے لئے۔ یا یوں کہو کہ غرق فرعون بھی اسرائیلیوں کے لئے ہی ہوا تھا۔ لہٰذا یہ سب کچھ ان ہی کے لئے ہوا۔ **البحر** عربی میں۔ بحر کھاری دریا کو کہتے ہیں میٹھے دریا کو۔ بحر کہنا مجازاً" ہوتا ہے یہاں۔ بحر سے دریا قلزم مراد ہے قلزم ایک شہر کا نام ہے جہاں یہ دریا ختم ہوتا ہے۔ اس لئے اس کو بھی قلزم کہا جاتا ہے۔ یہ دریا سمندر کی ایک شاخ ہے جبش اور دیگر بلاد عرب کے درمیان سے گزرتی ہے اور اسے۔ بحر احمر بھی کہا جاتا ہے اس کا طول 460 فرسخ جنوباً" شمالاً" ہے اور عرض صرف 60 فرسخ ہے یہ مصر سے تین دن کے فاصلہ پر واقع ہے اور دریائے نیل مصر کے مغربی جانب ہے۔ یہ جو مشہور ہے کہ دریائے نیل میں غرق ہوا محض غلط ہے۔ (تفسیر عزیزی) **فانجینکم** اس دریا سے تم کو نجات دے دی کہ تم کو وہاں سے بخیرو خوبی نکال دیا اور تمہارے لئے دریا کا پانی پہاڑ بھی دیا اور زمین بھی خشک کر دی تاکہ تم کو چلنے میں آسانی ہو اور صرف اس پر کفایت نہ کی بلکہ تمہاری خاطر **واغرقنا ال فرعون** تمام فرعونی ذریت کو ڈبو دیا۔ یہاں آل فرعون سے خود فرعون اور اس کی ساری قوم مراد ہے یعنی قبطی مرد۔ اس میں لطیف اشارہ اس طرف بھی ہے کہ صرف فرعونی قوم ہی کو ڈبویا ان کے سارے مال زمین باغات کھیتیاں وغیرہ باقی رکھیں بلکہ ان کے جسم پر جو زیور وغیرہ تھا وہ بھی دریا نے باہر پھینک دیا۔ اگر ان پر اور قسم کا عذاب آتا تو ان کے مکان وغیرہ گر جاتے اور زمین مصر خراب ہو جاتی اور نیز تم کو مصر میں رہنا جائز نہ ہوتا۔ کیونکہ عذاب کی جگہ مسلمانوں کو نہ رہنا چاہئے۔ **وانتم تنظرون** یعنی یہ سارا واقعہ تمہاری آنکھوں کے سامنے ہوا دریا کا پھٹنا پھر تمہارا اس سے گزر جانا اور سارے فرعونیوں کا اس میں ڈوب جانا۔ تم نے (تمہارے باپ داووں نے) اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ یا یہ مطلب ہے کہ بنی اسرائیل کو فرعون کے ڈوبنے میں کچھ شک تھا۔ ان کے یقین کے لئے دریا نے اس کی لاش باہر پھینک دی۔ جس کو دیکھ کر انہیں یقین آیا ان دونوں صورتوں میں موجودہ بنی اسرائیل کے باپ دادا مراد ہیں اور **تنظرون** ماضی ناتمام کے معنی میں یعنی تمہارے باپ دادے اس کو دیکھتے تھے یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ اے اسرائیلیو اب بھی تم اس واقعہ کو دیکھ رہے ہو کیونکہ فرعون اور ہامان کی لاشیں اب تک موجود ہیں آج چودہ سو برس بعد بھی لوگوں نے دیکھی ہیں۔

**خلاصہ تفسیر** : یہ تیسرا انعام ہے جو مصر سے نکلنے کے بعد بنی اسرائیل پر ہوا جب موسیٰ علیہ السلام ان کو فرعون کی قید سے چھڑا کر کنعان کی طرف روانہ ہوئے تو فرعون اور اس کے لشکر نے ان کا پیچھا کیا۔ اور بحر قلزم کے پاس ان کو آلیا۔ اب پیچھے فرعون تھا اور آگے سمندر جس سے ان کے حواس باختہ ہو گئے۔ ایسی مصیبت کے وقت میں تم پر رب نے فضل کیا اور تمہارے لئے سمندر خشک کر کے اس میں بارہ راستے بنا دیے۔ جب تم سوکھے پار اتر گئے اور تمہارے پیچھے لشکر فرعونی نکلنے لگا تو ان پر پانی ہموار ہو گیا۔ جس سے وہ سب ڈوب گئے تم یہ سارا تماشا پر لے کنارے پر کھڑے دیکھ رہے تھے خون خوار دشمن سے نجات پانا ایسی خوفناک حالت سے بچ جانا اپنے ایسے سخت دشمن کو مع ساز و سامان ڈوبتا ہوا دیکھنا۔ کیسی خوشی اور کیسا انعام ہے تم کو چاہئے کہ ان انعامات کو خیال میں رکھو اور اس نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر ایمان لاؤ۔

**غرق فرعون** : جب موسیٰ علیہ السلام مدین سے مصر تشریف لائے اور راستے میں نبوت اور رسالت سے مشرف ہوئے۔ تو چالیس سال تک یہاں قیام فرما کر فرعون اور فرعونیوں سے مقابلہ کرتے رہے اور ان کو بڑے بڑے معجزے دکھاتے رہے تاکہ وہ

marfat.com
Marfat.com

ایمان لے آئیں مگر وہ نہ لائے۔ تب آپ نے مایوس ہو کر بارگاہ الٰہی میں عرض کی کہ خدایا کسی صورت سے بنی اسرائیل کو قبطیوں کے ہاتھ سے چھڑا تاکہ بے خوف و خطر یہ تیری عبادت کریں حکم الٰہی آیا کہ آپ بنی اسرائیل کو جمع کر کے راتوں رات یہاں سے کوچ کر جاؤ۔ اگر فرعون تمہارے پیچھے آئے گا تو ہلاک کر دیا جائے گا۔ تب آپ نے خفیتہ "سب اسرائیلیوں کو خبر کر دی سارے اسرائیلیوں نے ایک جگہ جمع ہونے کا ارادہ کیا۔ فرعون کو کچھ وہم ہوا پوچھا کہ یہ مجمع کیوں ہو رہا ہے اسرائیلیوں نے کہا کہ ہمارے عاشورہ کا دن قریب ہے آدم علیہ السلام اسی دن پیدا ہوئے تھے۔ یہی ہماری عید کا دن ہے ہم چاہتے ہیں کہ سب شہر سے باہر جمع ہو کر رب کی عبادت کریں۔ اور وہاں عید منائیں۔ فرعون خاموش ہو گیا اور عام بنی اسرائیلیوں نے قبطیوں سے بیش قیمت زیور اور عمدہ پوشاکیں عاریتہ" مانگ لیں اور عید کے بہانے سے خیمے اور ڈیرے شہر سے باہر لگا دیئے یہ واقعہ نویں محرم جمعرات کے دن ہوا اس وقت موسیٰ علیہ السلام کی عمر شریف اسی برس اور ان کے بھائی ہارون کی تراسی برس تھی پچھلی رات کو یعنی محرم کی دسویں شب جمعہ میں ان سب نے معہ ساز و سامان کوچ کر دیا۔ ہارون علیہ السلام ان کے آگے تھے موسیٰ علیہ السلام پیچھے بنی اسرائیل چھ لاکھ ستر ہزار تھے آگے چل کر راستہ بھول گئے۔

**یوسف علیہ السلام کی لاش مبارک کا ساتھ میں لینا** : موسیٰ علیہ السلام نے بڈھے لوگوں سے کہا کہ یہ راستہ تمہارا دیکھا ہوا ہے تم کو ملتا کیوں نہیں انہوں نے عرض کیا کہ یوسف علیہ السلام نے وصیت فرمائی تھی کہ جب میری قوم بنی اسرائیل مصر سے جائے تو میرا تابوت قبر سے نکال کر ساتھ لے جائے اور میرے بزرگوں کے ساتھ مجھے دفن کریں۔ ہم نے وہ وصیت پوری نہیں کی اس لئے راستہ بھول گئے۔ آپ نے پوچھا کہ ان کی قبر مبارک کہاں ہے سب نے کہا کہ ہمیں پتہ نہیں آپ نے سارے لشکر میں منادی کرائی کہ جس کو یوسف علیہ السلام کی قبر معلوم ہو وہ مجھے بتادے۔ ایک بڑھیا عورت نے کہا کہ مجھے معلوم ہے لیکن اگر آپ مجھ سے عہد کر لیں کہ میں جو مانگوں سو پاؤں گی۔ تب میں پتہ دوں گی آپ نے کچھ تامل کیا وحی آئی کہ اے موسیٰ ان سے عہد کر لو اور جو چاہے سو اس کو دو۔ آپ نے عہد فرمالیا۔ بڑھیا بولی کہ میں چاہتی ہوں کہ بہشت میں میں آپ کے ساتھ رہوں۔ آپ نے قبول فرمالیا۔ تب اس بڑھیا نے کہا کہ ان کی قبر شریف دریائے نیل میں غرق ہو چکی ہے۔ اگر فلاں جگہ سے پانی ہٹا کر زمین کھودی جائے تو اس سے آپ کا صندوق نکل سکتا ہے آپ نے حکم دیا بنی اسرائیل نے فورا" اس جگہ سے ان کا تابوت نکالا یہ تابوت سنگ مرمر کا ایک صندوق تھا۔ جس میں یوسف علیہ السلام کی لاش مبارک تھی آپ نے یہ تابوت سب کے آگے رکھا اور اس تابوت کی برکت سے راستہ ظاہر ہوا رب کے فضل سے رات کے تھوڑے حصے میں بہت راستہ طے کر لیا۔ اگر آپ سیدھا فلسطین کا راستہ اختیار کرتے جو مصر سے شمال مشرق میں تھا۔ تو آپ کو یہ دشواریاں پیش نہ آتیں۔ لیکن مرضی الٰہی یہی تھی لہٰذا آپ مشرقی جانب قلزم کی طرف روانہ ہو گئے اور منزل سقاعط میں ہوتے ہوئے مقام ایسام میں پہنچے اور وہاں سے کوچ کر کے فی الحمرات میں جو کہ بعل سفون کے مقابل دریائے قلزم پر واقع تھا مقام کیا اور وہاں اپنے ڈیرے ڈال دیئے صبح کے وقت فرعون کو جاسوسوں نے خبر دی کہ کل جہاں بنی اسرائیل جمع ہوئے تھے وہاں سے راتوں رات کوچ کر گئے ہیں فرعون کے دل میں غصے کی آگ بھڑک گئی اس نے فورا" حکم دیا کہ تیز گھوڑے اور عمدہ سوار جمع ہوں روایت میں ہے کہ ستر ہزار گھوڑ سوار فوج اس کے لشکر کے آگے آگے تھی اور باقی فوج کے متعلق کچھ صحیح پتہ نہیں لگتا۔ تفسیر روح البیان نے فرمایا کہ ستر

marfat.com
Marfat.com

لاکھ گھوڑ سوار فوج تھی تفسیر عزیزی میں فرمایا کہ ایک لاکھ تیرانداز ایک لاکھ نیزے باز اور ایک لاکھ گرز مارنے والے ان میں تھے فرعون نے مع اس لشکر کے یہ راستہ بہت جلد طے کر کے دوپہر کے قریب بنی اسرائیل کو جالیا۔ بنی اسرائیل فرعونی لشکر دیکھ کر گھبرا گئے اور موسیٰ علیہ السلام سے عرض کرنے لگے کہ بتاؤ ہم کہاں جائیں! اتنا واقعہ سننے سے مسلمانوں کو دو باتیں معلوم ہونی چاہئیں ایک یہ کہ انبیاء کرام کے بعض معجزات ان کی وفات کے بعد بھی دیکھے جاتے ہیں۔ دیکھو یوسف علیہ السلام کی نعش مبارک کے کتنے کرشمے بنی اسرائیل نے دیکھے دوسرے یہ کہ نبی سے عہد و پیمان رب تعالیٰ سے عہد ہے کہ بوھیا نے موسیٰ علیہ السلام سے اپنے جنتی مقام کا عہد لے لیا۔ جو رب نے منظور فرمایا۔

**فرعون کی غرقابی** : آپ نے فرمایا مایوس نہ ہو میرے ساتھ میرا رب ہے جو مجھے ہدایت کرے گا۔ وحی آئی کہ اے موسیٰ دریا پر اپنا عصا مار کر کہو کہ تو پھٹ جا اور ہم کو راستہ دے آپ نے ایسا ہی کیا۔ حکم الٰہی سے تیز ہوا چلی جس نے پانی کو پھاڑ کر اس میں راستہ بنا دیا۔ دریا میں بارہ راستے پیدا ہو گئے جن کے درمیان پانی دیواروں کی طرح کھڑا ہو گیا۔ آناً "فاناً" آفتاب نے زمین کو خشک کر دیا اور آپ نے بنی اسرائیل کو حکم دیا کہ ان راستوں میں داخل ہو جاؤ۔ یہ لوگ ہمت نہ کرتے تھے کہ کہیں ہم ڈوب نہ جائیں سب سے پہلے یوشع علیہ السلام نے اپنا گھوڑا ڈالا ان کے پیچھے حضرت ہارون نے جب اسرائیلیوں نے ان کو گزرتے دیکھا تو مجبوراً" یہ بھی دریا میں چل دیے ان کے بارہ قبیلے تھے ہر قبیلہ ایک راستے میں داخل ہوا۔ ان سب کے پیچھے موسیٰ علیہ السلام داخل ہوئے ان کے گروہ نے کہا کہ اے موسیٰ ہمیں خبر نہیں کہ ہمارے دوسرے گروہ زندہ ہیں یا ڈوب گئے موسیٰ علیہ السلام نے ان پانی کی دیواروں پر لاٹھی ماری جس سے کہ ان میں جالے کی مثل روشندان بن گئے اور ہر جماعت ان راستوں میں ایک دوسرے کو دیکھتے اور باتیں کرتے گزر گئے اتنے میں فرعونی لشکر بھی دریا کے اس کنارے آپہنچا فرعون نے دیکھا کہ دریا میں راستے بنے ہوئے ہیں جن میں جابجا آبی دیواریں کھڑی ہیں دل میں حیران ہوا مگر لشکر والوں سے کہا میرے اقبال سے دریا خشک ہو گیا تاکہ میں اپنے بھاگے ہوئے غلاموں کو زندہ پکڑ سکوں۔ اگر یہ اسرائیلی ڈوب جاتے تو مجھے غلام کہاں سے ملتے ہامان نے چپکے سے فرعون کو کہا کہ دریا میں قدم نہ رکھنا ورنہ تجھ کو اپنی خدائی کا بھاؤ معلوم ہو جائے گا۔ بہت جلد کشتیاں جمع کر اور ان کے ذریعہ دریا کو پار کر فرعون نے اپنے گھوڑے کو روک لیا۔ اسی حالت میں جبرئیل علیہ السلام شکل انسانی میں گھوڑی پر سوار فرعون کے گھوڑے کے آگے نمودار ہوئے اور اپنی گھوڑی دریا میں ڈال دی۔ فرعون کا گھوڑا گھوڑی کی بو پا کر اس کے پیچھے ہو لیا۔ فرعون نے لاکھ روکا مگر نہ رکا اور اس خشک راستے میں داخل ہو گیا۔ جب لشکریوں نے فرعون کو دریا میں داخل ہوتے دیکھا وہ بھی ہر طرف سے داخل ہونے لگے۔ اس جگہ اتنی بات اور یاد رکھنی چاہئے کہ بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا سامری۔ اس نے دیکھا کہ جس جگہ حضرت جبرائیل کی گھوڑی کی ٹاپ پڑتی ہے وہاں سبزہ اگ آتا ہے۔ وہ سمجھا کہ اس ٹاپ کے نیچے والی مٹی میں تاثیر زندگی ہے اس نے تھوڑی مٹی اپنے ہاتھ لے لی غرضیکہ سارا فرعونی لشکر بیچ دریا میں آگیا۔ ادھر بنی اسرائیل نکل کر یہ تماشہ دیکھنے لگے۔ خیال رہے کہ جہاں یہ واقعہ ہوا وہاں قلزم کا عرض بہت تھوڑی یعنی صرف چار فرسخ کوس تھا۔ اس لئے دوسرے کنارے سے یہاں کے حالات بخوبی نظر آتے تھے جب سارا لشکر دریا میں داخل ہو چکا تو اس کو حکم الٰہی پہنچا کہ تو آپس میں مل جا۔ دریا آپس میں مل گیا اور سب غرق ہو گئے یہ واقعہ دسویں محرم جمعہ کے دن بوقت دوپہر ہوا موسیٰ علیہ السلام نے اس خوشی میں

marfat.com
Marfat.com

روزہ رکھا حضور علیہ السلام کے زمانہ پاک تک یہودی عاشورے کے دن روزہ رکھتے تھے۔ حضور علیہ السلام جب مدینہ منورہ تشریف لائے اور بنی اسرائیل کو روزہ رکھتے ہوئے دیکھا تو فرمایا کہ ہم اس خوشی منانے کے زیادہ حقدار ہیں۔ چنانچہ اسلام میں بھی عاشورے کا روزہ فرض ہو گیا۔ اب اگرچہ اس کی فرضیت منسوخ ہو چکی لیکن اب بھی مستحب ہے بنی اسرائیلیوں کے دل میں فرعون کی ایسی ہیبت بیٹھی ہوئی تھی کہ انہیں اس کے ڈوبنے کا یقین نہ آتا تھا۔ تب دریا نے اس کی اور چند لوگوں کی لاشیں باہر پھینک دیں تب ان کو یقین ہوا۔ خیال رہے کہ فرعون تمام کفار سے بدتر ظالم تھا جس نے ہزاروں بے گناہ اسرائیلی بچوں کو ذبح کیا عذاب ہلکا آیا کہ مصر سے نکال کر دریا میں ڈبو یا گیا۔ مکانات' باغات' عورتیں بچے سب محفوظ رہے عاد و ثمود کی طرح خود بستی میں رہ کر عذاب نہ آیا مصر اب تک آباد ہے' عاد و ثمود کی بستیاں اجاڑ دی گئیں۔ دو وجہ سے ایک یہ کہ مصر میں انبیاء اولیاء کی قبور ہیں کہ یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائی وہاں مدفون ہوئے ان قبروں کی برکت سے شہر برباد نہ کیا گیا دوسرے یہ کہ اکثر اللہ کا عذاب جرم کی طرح آتا ہے فرعونیوں نے اسرائیلیوں کے مردوں کا خاتمہ کرنا چاہا عورتوں کو باقی رکھا رب نے ان کے مردوں کو ہلاک کیا عورتوں کو باقی رکھا کہ ٹھوکریں کھاتی پھریں۔ امیہ ابن خلف کو رب نے وہ عذاب دیا جو وہ حضرت بلال کو ایذا دیتا تھا یعنی برچھوں سے جسم چھلنی کرنا۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ رب تعالیٰ اپنے بندوں کو تکلیف و آرام سے آزماتا ہے ہر حال میں راضی رہنا ابرار کا کام ہے اور کسی وقت اس کا بھول جانا اغیار کا کام دوسرے یہ کہ رب کے یہاں دیر ہے مگر اندھیر نہیں ظالم کو ضرور سزا ملتی ہے مگر مظلوم کو چاہئے کہ جلدی نہ کرے۔ تیسرے یہ کہ عاشورے کا روزہ سنت ہے۔ مگر بہتر یہ ہے کہ دو روزے رکھے نویں اور دسویں۔ تفسیر روح البیان نے اس جگہ فرمایا کہ شیخ عبدالقادر قدس سرہ نے عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک روایت نقل فرمائی کہ جو شخص عاشورے کے دن چار رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں ایک بار سورہ فاتحہ اور پچاس بار قل ہو اللہ پڑھے تو رب تعالیٰ اس کے پچاس سال کے گناہ معاف فرمادے گا۔ اور اس کو جنت میں نور کے ہزار منبر عطا فرمائے جائیں گے نیز عاشورے کی رات کو جاگنا بھی بہتر ہے۔ (تفسیر روح البیان نے اس جگہ فرمایا کہ اس رات جاگنے والے کو ملائکہ مقربین کا ثواب ملتا ہے مشائخ عظام فرماتے ہیں کہ اس دن غسل کرنے سے سال بھر تک بیماری سے محفوظ رہتا ہے شامی نے کتاب صوم میں فرمایا جو شخص عاشورے کے دن اپنے گھر میں خوب عمدہ اور اچھے کھانے پکائے تو انشاء اللہ سال بھر تک اس گھر میں برکت رہے گی اور اس دن سرمہ لگانے سے سال بھر تک آنکھیں نہیں دکھتیں اس حدیث کی بنا پر ہمارے ملک میں عاشورے کے دن حلیم (کھچڑا) پکایا جاتا ہے کیونکہ اس میں ہر قسم کے غلے اور گوشت ہوتا ہے جس سے امید ہے کہ سال بھر تک ہر غلے میں برکت رہے۔ بعض روایت میں ہے کہ نوح علیہ السلام کی کشتی عاشورے کے دن زمین پر لگی کشتی والوں نے نیچے اتر کر ہر قسم کے دانے ملا کر پکائے۔ جس سے حلیم بن گیا اس کا پورا واقعہ انشاء اللہ بارہویں پارہ میں بیان ہو گا۔ اس دن ماتم کرنا' بال نوچنا سخت حرام۔ چوتھے یہ کہ انبیاء کرام پر جو نعمت الٰہی ہو اس کی یادگار منانا اور شکر بجالانا سنت ہے کیونکہ حضور علیہ السلام نے اسی دن موسیٰ علیہ السلام کی نجات کی خوشی منائی لہٰذا ہم کو بھی عید میلاد اور عید معراج وغیرہ منانا بہت بہتر ہے۔ خیال رہے کہ خوشی کی یادگار منانا مسنون اور غم کی یادگار منانا منع۔ پانچویں یہ کہ یادگاروں کے لئے دن مقرر کرنا سنت ہے کیونکہ حضور علیہ

marfat.com
Marfat.com

السلام نے روزے کے لئے عاشورے کا دن مقرر فرمایا۔ چھٹے یہ کہ اگر کفار بھی انبیاء علیہ السلام کی یادگاریں مناتے ہوں تو ان کی مشابہت کے خوف سے مسلمان نہ چھوڑیں ہاں کسی صورت سے کچھ فرق کر دیں۔ کیونکہ حضور علیہ السلام نے یہود کی وجہ سے عاشورے کا روزہ نہ چھوڑا بلکہ اس میں کچھ اضافہ فرمادیا کہ نویں محرم کا بھی روزہ ملادیا۔ بلکہ اگر عوام نے یادگاروں میں ناجائز چیزیں شامل کر دی ہوں تو اصلی یادگار نہ مٹاؤ بلکہ وہ زیادتیاں مٹادو کفار عرب نے حج میں جو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کے خاندان شریف کی یادگاروں کا مجموعہ ہے بہت سی مشرکانہ رسوم شامل کر دی تھیں حضور علیہ السلام نے ان رسوم پر حج بند نہ کیا بلکہ قدرت پاتے ہی ان رسوم کو بند کر دیا۔ اس سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو آج بزرگوں کی یادگاروں عرس و میلاد وغیرہ کو اس بہانے سے بند کراتے ہیں کہ اس میں مشرکوں سے مشابہت ہے یا اس میں فلاں فلاں ناجائز رسوم شامل ہو گئی ہیں اللہ سمجھ دے کتا مسجد میں گھس جائے تو کتے کو نکالو۔ مسجد کو نہ گراؤ۔ ساتویں یہ کہ بزرگان دین سے بعد وفات بھی فیض لینا سنت انبیاء ہے کیونکہ موسیٰ علیہ السلام نے تابوت یوسف علیہ السلام سے راستے کی ہدایت حاصل کی اس کی پوری بحث ہماری کتاب "جاء الحق" میں دیکھو اور کچھ دوسرے سیپارے کے اخیر میں آئے گی۔

**اعتراض**: پہلا اعتراض موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے ان کی پرورش پر اجرت کیوں لی! یہ اجرت ناجائز ہونی چاہئے۔
**جواب**: اس کا جواب تفسیر میں گزر چکا کہ ان کو مجبوری بھی تھی اور کافر حربی کا مال جب کسی صورت سے اپنے پاس آجائے جس میں غدر یا عہد شکنی نہ ہو جائز ہے۔ **دوسرا اعتراض**: بنی اسرائیل نے قبطیوں کے سونے اور پوشاک پر قبضہ کر لیا۔
**جواب**: ان کو خبر تھی کہ یہ مال آخر کار ہمارے پاس ہی آنے والا ہے اور یا ڈوب جائے گا۔ اس لئے ابھی آجائے تو بہتر ہے۔ نیز دشمن کے مال پر قبضہ کرنا جائز ہے۔ **تیسرا اعتراض**: بنی اسرائیل نے فرعون سے جھوٹ کیوں بولا؟ کہ ہمارے ہاں عید ہے۔ جھوٹ بولنا حرام ہے۔ **جواب**: یہ جھوٹ نہ تھا بلکہ توریہ تھا۔ ان کی مراد تھی کہ ہماری نجات کی اور تمہارے غرق ہونے کی عید ہے وہ سمجھا کہ دوسری قسم کی عید ہے اور مجبوری کے وقت توریہ جائز ہے۔

**تفسیر صوفیانہ**: دنیا گویا بحر قلزم ہے اور دنیوی لذتیں اس بحر کا پانی اور قلب مومن گویا موسیٰ ہے اور صفات قلبیہ بنی اسرائیل نفس امارہ فرعون اور اس کے عیوب قبطی قوم جو موسیٰ قلب اور اس کی صفات کے دشمن ہیں قلب ہر وقت رب کی طرف متوجہ ہے اور نفس امارہ اس کا جانی دشمن اس کے پیچھے ہے دنیا کی فانی لذتوں اور اس کی شہوتوں کا دریا سامنے جس کا عبور کرنا ازبس ضروری ہے کہ موسیٰ قلب اس دریا میں لا الہ الا اللہ کا عصا مار کر اس کو ایسا خشک کرے کہ تمام عالم کی لذتیں ہر چہار طرف کھڑی رہیں اور یہ اس کے درمیان سے نکل جائے جب موسیٰ قلب الا اللہ کے عصا سے اس دریا کو خشک کرے گا۔ تو رب تعالیٰ اس پر عنایت کی ہوا اور ہدایت کا سورج بھیج کر اس راستے کو قابل عبور بنا دے گا۔ جس سے قلب اور اس کے صفات ساحل تک پہنچ جائیں گے اس کا حاصل کون ہے **وان الی ربک المنتھی** فرعون نفس اور اس کی قوم کو اس میں غرق کیا جائے گا۔ مگر ثابت قدمی ضرور ہے۔

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ |
| اور جبکہ وعدہ فرمایا ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا پھر بنا لیا تم نے بچھڑا بعد |
| اور جب ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا وعدہ فرمایا پھر اس کے پیچھے تم نے بچھڑے کی |
| مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝۵۱ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ |
| اس کے حالانکہ تم لوگ ظالم تھے پھر معاف فرمایا ہم نے تم سے بعد |
| پوجا شروع کر دی اور تم ظالم تھے پھر اس کے بعد ہم نے تمہیں معافی دی |
| بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۵۲ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى |
| اس کے تاکہ تم شکر کرو اور جبکہ دے دی ہم نے موسیٰ کو |
| کہیں تم احسان مانو اور جب ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا کی |
| الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝۵۳ |
| کتاب اور فرق کرنے والی چیز تاکہ تم لوگ ہدایت پا جاؤ |
| اور کتاب اور حق باطل میں تمیز کر دینا کہ کہیں تم راہ پر آ جاؤ |

**تعلق** : ان آیتوں کا گزری ہوئی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ اس سے پہلے بنی اسرائیل کی چار نعمتوں کا ذکر ہو چکا اب پانچویں نعمت کا ذکر ہو رہا ہے دوسرے یہ کہ اس سے پہلے بنی اسرائیل کو جسمانی نجات دینے کا ذکر تھا۔ اب روحانی نجات کا ذکر ہو رہا ہے کہ ہم نے ان کو ایسی کتاب عطا فرمائی۔ جس پر وہ عمل کر کے اخروی مصیبتوں سے بچ جائیں۔ تیسرے یہ کہ اس سے پہلے فرعون اور فرعونیوں کے شرک کا ذکر ہوا۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ اے اسرائیلیو تم نے ان سے بھی بڑھ کر جرم کیا کہ انہوں نے تو فرعون بادشاہ کو خدا مانا تھا اور تم نے بے عقل بچھڑے کو۔ انہوں نے پہلے ہی سے اور تم نے ایمان کے بعد۔ انہوں نے نادانی سے تم نے جان بوجھ کر انہوں نے بے نور ہونے کی وجہ سے تم نے نور نبوت پانے اور موسیٰ علیہ السلام کے صحبت حاصل کرنے کے بعد چاہیے تھا کہ تم بھی ان کی طرح ہلاک کر دیے جاتے۔ لیکن ہمارا فضل ہوا کہ انہیں توبہ کی توفیق عطا فرمائی۔

**تفسیر** : **واذ** یہاں یا تو **اذکروا** فعل پوشیدہ ہے **یا اذکر** یا تو بنی اسرائیل سے خطاب ہے یا نبی کریم علیہ السلام سے۔ یعنی اے اسرائیلیو اس قصے کو بھی یاد کرو اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم انہیں وہ قصہ بھی یاد دلا دو **وعدنا** اس کے معنی ہیں آپس میں ایک دوسرے سے وعدہ کیا معنی یہ کہ ہم نے موسیٰ علیہ اسلام سے توریت دینے کا وعدہ فرمایا۔ اور انہوں نے طور سینا پر حاضر ہونے کا۔ یا یہ **وعدنا** (ضرب) کے معنی میں ہے۔ موسیٰ۔ یہ موسیٰ علیہ السلام کا ذاتی اسم شریف ہے بعض علماء نے کہا کہ یہ لفظ عربی ہے بروزن فعلی ہے اور ماس میس سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں اکڑ کر چلنا چونکہ آپ کی رفتار بہت قوت سے ہوتی تھی۔ اس لئے آپ کا نام موسیٰ رکھا گیا۔ اور بعض نے کہا کہ یہ بروزن مفعل ہے یعنی باب افعال کا اسم مفعول وسی سے بنا ہے

marfat.com
Marfat.com

جس کے معنی ہیں درخت سے پتے جھاڑلینا مگر صحیح یہ ہے کہ یہ لفظ عبرانی ہے اور مو اور شی سے بنا ہے عبرانی زبان میں مو پانی کو اور شی درخت کو کہتے ہیں۔ چونکہ آپ کو فرعون کی بی بی آسیہ کی لونڈیوں نے اس نہر سے پایا تھا جو ان کے باغ میں بہتی تھی اور ایک صندوقچے میں پایا تھا اس لئے حضرت آسیہ نے آپ کا نام موسیٰ رکھا۔ یعنی درخت و پانی سے پایا ہوا فرزند پھر عربی میں آکر شین سین بن گیا اور موسیٰ رہ گیا آپ کا نسب شریف یہ ہے موسیٰ ابن عمران ابن یصہر ابن قاہت ابن لاوی ابن یعقوب ابن اسحاق ابن ابراہیم علیہم السلام اربعین لیلۃ یہاں پوری مدت بیان فرمائی گئی ہے اولاً تیس رات طور سینا میں قیام کرنے کا حکم تھا۔ لیکن جب آپ یہ میعاد پوری کر چکے اور تیس دن روزے رکھ چکے بارگاہ الٰہی میں توریت لینے کے لئے حاضر ہونے لگے تو اس خیال سے کہ میں نے بہت روزے سے مسواک نہیں کی ہے شاید منہ میں بو ہو مسواک کر لی حکم الٰہی آیا کہ اے موسیٰ تم نے وہ منہ سے خوشبو دور کر دی جو ہم کو مشک سے زیادہ پیاری تھی۔ لہٰذا دس روزے اور رکھو تاکہ تمہارے منہ میں پھر وہی خوشبو پیدا ہو یہ دونوں مدتیں مل کر چالیس ہی اسی لئے قرآن کریم نے یہاں چالیس فرمایا اور دوسری جگہ تیس راتیں اور اس کے بعد میں دس کا ذکر ہوا یعنی یہاں اجمال ہے وہاں تفصیل 'لیلۃ' یہاں چالیس دن نہ فرمایا بلکہ چالیس راتیں۔ کیونکہ عربی تاریخیں چاند سے ہیں جس میں رات پہلے ہوتی ہے اور دن بعد میں نیز اس لئے کہ رات میں تاریکی اور دن میں روشنی ہے تاریکی روشنی پر مقدم یا اس لئے کہ سیدنا موسیٰ علیہ السلام سے اعتکاف کرانا اور اپنا وصال عطا فرمانا مقصود تھا۔ رات وصال کا وقت ہے اور دن فراق کا اسی لئے اہل اللہ رات کا آخیری حصہ جاگ کر گزارتے ہیں۔ تہجد وغیرہ پڑھتے ہیں۔ اور روزانہ رات میں میں رحمت الٰہی خلق کی طرف متوجہ ہوتی ہے نہ کہ دن میں جیسا کہ حدیث شریف میں ہے یا اس لئے کہ چالیس راتیں مقرر ہوئی تھیں نہ کہ چالیس دن۔ کیونکہ پہلی ذی قعدہ سے موسیٰ علیہ السلام کا اعتکاف شروع ہوا اور دسویں ذوالحجہ دوپہر کے وقت انہیں توریت مل گئی لہٰذا راتیں چالیس اور دن 39 کیونکہ دسویں ذوالحجہ کو اعتکاف نہ فرمایا۔ **ثم اتخذتم** یہاں ثم مہلت کے لئے نہیں بلکہ اظہار تعجب کے لئے ہے کیونکہ بنی اسرائیل نے چالیس دن کے اندر ہی سونے کا بچھڑا بنا لیا تھا نہ کہ اس مدت کے بعد یعنی ہم نے تم پر اپنی نعمتیں کیں مگر تعجب ہے کہ تم نے پھر بھی گائے کا بچہ بنا لیا **اتخذتم** سے یا تو مراد ہے گائے کو معبود ماننا اس صورت میں اس کا دوسرا مفعول پوشیدہ ہے۔ یعنی تم سب نے بچھڑے کو معبود بنا لیا۔ یا مراد ہے ڈھالنا اور تیار کرنا یعنی تم سب نے بچھڑا تیار کر لیا اگرچہ صرف سامری نے ہی بچھڑا بنایا تھا۔ لیکن چونکہ سب اسرائیلیوں نے اس کی مدد کی تھی کہ اس کو سونا اور جواہرات دیئے تھے۔ نیز آگ وغیرہ دھونک کر اس کا ہاتھ بٹایا تھا۔ اس لئے فرمایا گیا کہ تم سب نے بنایا۔ یہ پورا واقعہ انشاء اللہ خلاصہ تفسیر میں آئے گا۔ **العجل** عربی میں عجل گائے کے نر بچے کو کہتے ہیں۔ یعنی بچھڑا۔ اس میں بھی ان کی حماقت کا اظہار ہے کیونکہ بیل بے وقوفی میں مشہور ہے۔ بے وقوف کو کہتے ہیں تو نرا بیل ہے۔ تو فرمایا گیا کہ تم نے بیل جیسی بے وقوف چیز کو خدا مان لیا۔ تم تو فرعونیوں سے بدتر ہو گئے اور کب مانا **من بعدہ** موسیٰ علیہ السلام کے بعد یا اس وعدہ کے بعد یا ان کے کوہ طور جانے کے بعد **و انتم ظلمون** یعنی تم نے یہ کام بے خبری سے نہ کیا۔ بلکہ جان بوجھ کر اور موسیٰ علیہ السلام کی صحبت کا فیض پا کر۔ لہٰذا تم بڑے ظالم ہوئے خیال رہے کہ ظلم کے معنی ہیں کسی چیز کو بے موقع استعمال کرنا یا کسی کی چیز بغیر اس کی اجازت استعمال کر لینا بت پرست غیر خالق کے لئے اپنی عبادت استعمال کرتا ہے۔ نیز رب تعالیٰ کے دیئے ہوئے اعضاء کو اس کی اجازت کے بغیر دوسرے کی عبادت میں استعمال کرتا ہے۔ لہٰذا ظالم ہے۔ بلکہ کفر و شرک بہت بڑا ظلم ہے اسی لئے ارشاد ہوا **ان الشرک لظلم عظیم** یہ بھی ہو

marfat.com
Marfat.com

سکتا ہے کہ مشرک شرک کر کے اپنی روح کو ستاتا ہے کہ اسے جہنم میں لے جاتا ہے۔ لہٰذا وہ اپنے اوپر ظالم ہے۔ **ثم** یا تاخیر زمانی کے لئے ہے یا اظہار تعجب کے لئے یعنی کچھ دنوں بعد ہم نے تمہارا گناہ معاف کر دیا۔ یا ہمارا کرم تو دیکھو کہ تمہاری اس قدر سرکشی کے بعد ہم نے معافی دے دی **عفونا عنکم** عفو کے معنی ہیں مٹانا۔ چونکہ بخش دینے سے گناہ مٹ جاتا ہے اس لئے اسے عفو کہتے ہیں۔ گویا تمہارا دامن عفت اس گناہ کے داغ سے داغدار ہو گیا تھا۔ ہم نے رحمت کے پانی سے داغ دور کر دیا۔ خیال رہے کہ عفو سے یہ مراد ہے کہ تم کو فرعونیوں کی طرح بالکل ہلاک نہ کر دیا بلکہ تمہاری توبہ قبول کر کے آخرت کے عذاب سے بچالیا۔ یہ مطلب نہیں کہ تمہاری پکڑ نہ کی کیونکہ ستر ہزار مجرموں کو قتل کرا کر توبہ قبول ہوئی تھی **من بعد ذلک** یعنی بچھڑے بنانے اور اس کی پرستش کرنے وغیرہ کے بعد بھی تمہاری معافی ہو گئی۔ کیونکہ **لعلکم تشکرون** کہ تم اس واقعہ کو یاد رکھ کر آئندہ گناہ سے بچے رہو۔ اس احسان کا شکر کرو۔ اس میں ادھر بھی اشارہ ہے کہ تم میں اور فرعونیوں میں یہ فرق تھا۔ کہ ان سے شکر کی اہلیت جاتی رہی تھی ان کے ایمان کی امید نہ رہی تھی۔ لہٰذا وہ ہلاک کر دیئے گئے تم نے اگرچہ ان سے بڑھ کر جرم کیا لیکن تم میں اہلیت موجود تھی اگر اب تم بھی اپنی اہلیت فنا کر دو گے تم کو بھی عذاب دیا جائے گا۔ پھر یہی نہ کیا بلکہ یہ بھی یاد کر لو **واذا تینا موسی الکتب** جب کہ ہم نے تمہارے پیغمبر موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا فرمائی کتاب سے مراد توریت شریف ہے چونکہ یہ زبرجد کی تختیوں پر لکھی ہوئی ملی تھی۔ اس لئے اس کو کتاب فرمایا گیا۔ **والفرقان** اس کے معنی ہیں فرق کرنے والی چیز یا تو اس سے توریت ہی مراد ہے اور یہ عطف تفسیری ہے یعنی وہ کتاب دی جو حق و باطل میں فرق کرنے والی ہے یا دین کے شعائر مراد ہیں جیسے کہ ان کے لئے شنبہ (سنیچر) کی تعظیم کرنا۔ اس دن کاروبار نہ کرنا۔ اور اونٹ کا دودھ اور گھی استعمال نہ کرنا اور ختنہ اور قربانی وغیرہ (تفسیر عزیزی) **لعلکم تھتدون** یہ توریت عطا فرمانے کی حکمت ہے نہ کہ علت کیونکہ رب کے کام علت سے پاک ہیں مطلب یہ ہے کہ موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کو اس کتاب کی چنداں ضرورت نہ تھی کہ وہ تو پہلے ہی سے ہدایت پر تھے نبی کفر و گمراہی سے محفوظ رہتے ہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ گناہوں نے اخلاق سے بھی انہیں پاک و صاف رکھتا ہے بلکہ اصل ضرورت تم کو تھی تاکہ تم اس کے ذریعے ہدایت پا جاؤ یا ہدایت پر قائم رہو ایمان تو لا چکے تھے اب اس سے اعمال سیکھ لو لہٰذا اگر تم اس نبی آخر الزمان پر ایمان نہ لائے تو سمجھ لو کہ تم نے توریت کا مقصد پورا نہ کیا۔

**خلاصہ تفسیر** : پچھلی آیتوں کی تفسیر میں آپ معلوم کر چکے ہیں کہ بنی اسرائیل نے نذر مانی تھی کہ اگر ہم کو رب تعالیٰ فرعون سے نجات دے گا تو ہم اس کی اطاعت کریں گے جب انہیں نجات مل گئی اور بنی اسرائیل فرعونیوں کی ہلاکت کے بعد مصر کی طرف لوٹے (تفسیر خزائن العرفان) تب موسیٰ علیہ السلام نے ان کو وہ نذر یاد دلائی تب انہوں نے عرض کیا کہ ہم کو دل و جان سے یہ بات منظور ہے لیکن ہمیں رب کے احکام کی خبر نہیں ہم اطاعت کیسے کریں۔ موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں عرض کی تب ان سے فرمایا گیا کہ تم کوہ طور پر آنا اور وہاں چالیس دن اعتکاف اور عبادت کرنا تاکہ جسمانی تعلقات کم ہو کر ملکیت کا ظہور ہو تب تم سے بلاواسطہ کلام بھی کیا جائے گا اور تمہیں توریت بھی دی جائے گی موسیٰ علیہ السلام توریت لینے کوہ طور پر تشریف لے گئے اور اے اسرائیلیو! تم نے ان کے پیچھے یہ غضب ڈھایا کہ سونے کا بچھڑا بنا کر اس کی پرستش شروع کر دی ہم نے اس پر بھی درگزر کر کے تمہیں ایک دم ہلاک نہ کیا بلکہ موسیٰ علیہ السلام کی واپسی تک تم کو باقی رکھا اور ان کے تشریف لانے پر تمہیں توبہ کا طریقہ بتایا تم کو اس پر عمل کی توفیق دی پھر جب تم نے توبہ کر لی تو معاف بھی کر دیا کہ ٹھوکر کھا کر آئندہ کے لئے ہوشیار ہو جاؤ اور ہمیشہ

marfat.com
Marfat.com

اس کے شکر گزار رہو اور یہ بھی یاد رکھو کہ تمہاری نذر پوری کرنے کے لئے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب بھی عطا فرمادی اور قانون شریعت بھی دیا تاکہ تم ہدایت پر رہو۔ خیال رہے کہ موسیٰ علیہ السلام کتاب اللہ کے طالب تھے اور ہمارے حضور علیہ السلام کتاب کے مطلوب اس لئے آپ کتاب لینے طور پر گئے اور ہمارے حضور علیہ السلام کے پاس آیات قرآنیہ آئیں سفر و حضر دشت و جبل بلکہ کوچہ و گھر جہاں حضور ہوتے آیات آجاتیں حتیٰ کہ جب حضور مکی تھے تو وہاں آنے والی آیات بھی مکیہ تھیں اور جب حضور مدنی ہوئے تو آیات مدنیہ۔

موسیٰ علیہ السلام کو توریت ملنا اور بنی اسرائیل کی گوسالہ پرستی : اس واقعہ کے معلوم کرنے سے پیشتر چند باتیں دھیان میں رکھنی چاہئیں ایک یہ کہ بنی اسرائیل مصر سے چلتے وقت قبطیوں سے قیمتی اور جڑاؤ زیور مانگ لائے تھے اور ان کو اس کا استعمال جائز نہ تھا کیونکہ بنی اسرائیل کے ہاں غنیمت کا مال مسلمان استعمال نہ کرسکتے تھے بلکہ آگ اس کو جلا جاتی تھی۔ دوسرے یہ کہ بنی اسرائیل میں ایک سنار تھا جس کا نام یحییٰ یا موسیٰ ابن ظفر تھا۔ قبیلہ بنی سامرہ کا شخص تھا۔ اس لئے اس کو سامری کہتے تھے یہ فن زرگری میں بڑا ماہر تھا۔ اور منافقت سے ایمان لایا تھا۔ اس کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام کی گھوڑی کے پاؤں کے نیچے کی مٹی موجود تھی جو کہ فرعونیوں کے غرق کے وقت بحر قلزم سے اٹھالایا تھا۔ تیسرے یہ کہ جب بنی اسرائیل بحر قلزم سے نجات پاکر نکلے تھے تو راستے میں آتے ہوئے انہوں نے ایک قوم کو گائے پوجتے دیکھا تھا اور موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا تھا کہ ہمارے لئے بھی پروردگار کی صورت بنادو تاکہ اس کو سامنے رکھ کر ہم عبادت کیا کریں۔ جس سے ہمارا دھیان نہ بٹے۔ موسیٰ علیہ السلام نے ان کو ڈانٹ دیا تھا۔ مگر سامری نے پتہ لگالیا تھا کہ بنی اسرائیل میں فرعونیوں کی محبت سے مخلوق پرستی کا مادہ موجود ہے اگر ان کو بہکایا جائے تو آسانی سے گمراہ ہو جائیں گے اب اصل واقعہ سنو۔ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل سے تیس دن کا وعدہ فرما کر جانب کوہ طور روانہ ہوئے اور وہاں پہنچ کر یکم ذیقعد سے روزہ اعتکاف عبادت شروع کردی۔ تیس ذیقعد کو مسواک کرکے توریت لینے کے لئے خاص پہاڑ پر حاضر ہوئے جس کی وجہ سے ان کو دس دن اور ٹھہرنا پڑ گیا۔ ادھر تیس دن گزرتے ہی اسرائیلیوں میں کھلبلی مچ گئی اولا" تو انہوں نے حضرت ہارون سے پوچھا کہ ہم اس زیور کو کیا کریں آپ نے فرمایا کہ اس کو ایک گڑھے میں ڈال کر جلا کر رکھ کردو اور اس کی راکھ زمین میں دفن کردو۔ خیال رہے کہ ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کے نائب ہو کر یہاں ہی موجود تھے۔ ادھر سامری نے ان لوگوں سے کہا کہ موسیٰ علیہ السلام تمہاری ہی طرح بشر ہیں صرف طلسماتی عصا کی وجہ سے یہ معجزے دکھاتے ہیں اور تم سے بڑھ گئے ہیں۔ تم وہ سارا سونا ہمارے حوالے کردو۔ میں تمہارے لئے اس سے بھی عجیب تر طلسم بنادوں۔ جس سے تم کو موسیٰ علیہ السلام کی ضرورت باقی نہ رہے یہ بھی کہا کہ موسیٰ علیہ السلام وفات پا گئے ہیں کیونکہ ان کے آنے کی میعاد گزر گئی۔ ان لوگوں نے وہ سارا سونا اس کے حوالے کردیا سامری نے اس سے جواہرات و یاقوت علیحدہ نکال لئے اور سونا گلا کر نہایت خوبصورت بچھڑا بنایا اور جواہرات و یاقوت کو اس کے کان آنکھ زانوں اور قدم پر نہایت قرینے سے جڑ دیا۔ جس سے وہ بہت خوبصورت معلوم ہونے لگا۔ اور جبرائیلی خاک اس کے منہ میں ڈالی۔ جس سے اس میں آواز جنبش پیدا ہو گئی۔ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ اس کی ناک میں کچھ سوراخ رکھے تھے جس میں ہوا گزر کر آواز پیدا کرتی تھی جیسے آج کل بانسری اور سیٹی وغیرہ لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ آواز خاک کی تاثیر سے پیدا ہوئی تھی کیونکہ روایت میں آتا ہے کہ وہ

marfat.com
Marfat.com

بچھڑا حرکت بھی کرتا تھا۔ نیز قرآن فرماتا ہے کہ خود سامری بولا فقبضت قبضتہ من اثر الرسول فنبذتھا یعنی میں نے حضرت جبرئیل کے آثار سے مٹھی بھر کر خاک لے لی وہ بچھڑے میں ڈال دی نیز قرآن فرماتا ہے عجلا جسدا لہ خوار عربی میں خوار بچھڑے کی آواز کو کہتے ہیں۔ نہ کہ بانسری کی آواز کو۔ اسرائیلیوں سے کہا کہ دیکھو کہ خدا نے اس میں حلول کیا ہے موسیٰ اس کو وہاں ڈھونڈ رہے ہیں اور یہ ہمارے پاس آگیا اسرائیلی اس کے بہکانے میں آگئے اس لئے ایک بڑے خیمے میں یہ بچھڑا کھڑا کیا اور اس کے آس پاس پر تکلف فرش بچھائے اور خیمے کے سامنے نوبت اور چنگ بجائی گیت گانے شروع کئے اسرائیلی مرد عورتیں وہاں جمع ہو گئے کوئی اس کی عبادت کرنے لگا۔ کوئی اس کے سامنے گوشہ نشین ہو گیا۔ سوائے ہارون علیہ السلام کے اور ان کے بارہ ہزار ساتھیوں کے باقی سارے اسرائیلی اس میں مبتلا ہو گئے بنی اسرائیل کے تین گروہ بن گئے ایک وہ جنہوں نے بچھڑے کی عبادت کی دوسرے وہ جو حضرت ہارون علیہ السلام کے ساتھ تبلیغ دین مشغول ہوئے اور اس عبادت سے لوگوں کو روکتے رہے تیسرے وہ جو خاموش رہے۔ نہ عبادت کی نہ اس سے انکار کیا۔ پہلا اور تیسرا گروہ عتاب میں آگیا اور دوسرا گروہ سلامت رہا۔ (تفسیر عزیزی) ادھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دسویں ذوالحجہ دوپہر کے وقت توریت شریف عطا ہوئی اور رب تعالیٰ نے ان کو خبر دی کہ تمہارے پیچھے تمہاری قوم غفلت میں مبتلا ہو گئی۔ موسیٰ علیہ السلام یہ سن کر سخت غمگین ہوئے اور وہاں سے بہت جلد واپس آئے اور اپنی قوم کا یہ حال دیکھ کر بہت پریشان ہوئے اور غصے سے توریت شریف کی تختیاں آپ کے ہاتھ سے گر گئیں یا گرا دیں۔ اور اپنے بڑے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام کو مارنے لگے کہ تم نے بنی اسرائیل میں شرک کیوں ہونے دیا۔ حضرت ہارون نے بنی اسرائیل کی سرکشی اور اپنی معذوری و مجبوری بیان فرمائی کہ میں نے ان کو بہت کچھ روکا لیکن یہ نہ مانے۔ تب آپ سے توریت شریف کے کل سات حصے تھے اس گر جانے سے چھ حصے غائب کر دیئے گئے اور ایک حصہ جس میں صرف ضروری مسائل تھے باقی رہ گیا۔ وہی بنی اسرائیل کو ملا۔ پھر آپ نے بنی اسرائیل سے بازپرس کی کہ تم نے یہ کیا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں سامری نے بہکا دیا۔ سامری سے پوچھا اس نے کہا کہ میرے دل میں کچھ ایسا ہی آگیا۔ لہٰذا آپ نے بنی اسرائیل کو توبہ کا حکم دیا۔ سامری کے حق میں بددعا فرمائی اور بچھڑے کو جلا کر اس کی راکھ دریا میں پھینک دی۔ بعض بچاری اسرائیلیوں کو بچھڑے سے ایسی محبت ہو گئی تھی کہ انہوں نے تبرک کے لئے دریا کا پانی چھپ کر پیا۔ جس میں یہ راکھ پھینکی ہوئی تھی۔ جس سے کہ ان کے ہونٹ کالے پڑ گئے اور پیٹ پھول گئے ان کی توبہ قبول نہ ہوئی (تفسیر روح البیان) فائدے: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ایک یہ کہ بمقابلے ہدایت گمراہی جلد پھیلتی ہے۔ گمراہی بیماری ہے اور ہدایت تندرستی۔ بیماری خود بخود اور جلد پھیلتی ہے۔ صحت بمشکل حاصل ہوتی ہے دوسرے یہ کہ کسی شخص کو اپنے نفس پر اعتماد نہ چاہئے بڑے سے بڑے عابد کو یہ ایک دم بہکا دیتا ہے۔ دیکھو بنی اسرائیل حضرت موسیٰ کی صحبت میں رہ کر بھی ایک ذرا سی بات میں پھسل گئے۔ تیسرے یہ کہ بری صحبت سے ہر شخص کو دور رہنا چاہئے بنی اسرائیل سامری کی صحبت سے بگڑ گئے۔ چوتھے یہ کہ شرک سے مسلمان مرتد ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ بنی اسرائیل پر گزرا۔ پانچویں یہ کہ الحمدللہ امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بنی اسرائیلیوں سے کہیں افضل ہے۔ کیونکہ اسرائیلی اس قدر معجزات دیکھ کر بھی معمولی شبہ سے دھوکہ کھا گئے۔ لیکن عام مسلمان بحمدہ تعالیٰ بڑے بڑے شبہات سے بھی دھوکہ نہیں کھاتے۔ چھٹے یہ کہ عقائد میں تقلید حرام ہے۔ عقائد دلائل سے معلوم ہونے چاہئیں اس لئے کہ بنی اسرائیل نے فقط سامری کے کہنے پر بچھڑا پوجا۔ اگر دلیل پر غور کرتے تو ایسا کبھی نہ کرتے۔ خیال رہے کہ اماموں کی تقلید

marfat.com
Marfat.com

اعمال میں ہے نہ کہ عقائد میں۔ ساتویں یہ کہ اس میں حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو تسلی دی گئی کہ آپ مشرکین عرب اور یہودیوں اور عیسائیوں کی مخالفت سے غم نہ کریں انہوں نے تو معجزات دیکھ کر اور رب کی نعمتیں پاکر بھی کفر کیا پھر جیسے موسیٰ علیہ السلام نے صبر فرمایا آپ بھی صبر فرمائیں۔ آٹھویں یہ کہ اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نبی ہونا ثابت ہوا کہ آپ نے کتب سیر و تواریخ نہ پڑھیں اور بغیر تاریخ جاننے والوں کی صحبت حاصل کئے ہوئے نہایت صحیح قصہ بیان فرمادیا معلوم ہوا کہ آپ صاحب وحی ہیں تو ان کو معلوم ہوا کہ نبی کی ہیبت سے امت کو توبہ و تقویٰ بلکہ کافر کو ایمان نصیب ہوتا ہے۔ دیکھو حضرت ہارون کی موجودگی میں بنی اسرائیل بچھڑا پوجتے رہے۔ موسیٰ علیہ السلام کے تشریف لاتے ہی ڈر کے مارے سب تائب ہو گئے۔ اب بھی جس کے دل میں حضور کی ہیبت ہے مومن ہے جو انہیں اپنے جیسا مان کر ان سے بے خوف ہے 'کفر طغیان پر دلیر ہے۔ لوگوں کے دلوں میں حضور کی ہیبت بٹھاؤ تاکہ انہیں تقویٰ نصیب ہو۔ دسواں فائدہ: نبی کے ادب سے ایمان مل جاتا ہے اور بے ادب مارا جاتا ہے۔ بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں معذرت پیش کی انہیں توبہ نصیب ہو گئی۔ سامری اکڑا مارا گیا۔ موسیٰ علیہ السلام کے جادوگروں نے بوقت مقابلہ موسیٰ علیہ السلام کا ادب کیا کہ ان سے اجازت مانگ کر کرتب دکھائے۔ مومن' صابر' شہید سب کچھ ہو گئے۔ گیارہویں یہ کہ چالیس کا عدد رب کو بہت پیارا ہے' چالیس دن میں آدم کا خمیر ہوا اور چالیس دن میں موسیٰ علیہ السلام کو توریت ملی' چالیس سال کی عمر میں اکثر پیغمبروں کو نبوت عطا ہوئی' چالیس دن ماں کے پیٹ میں نطفہ اپنی شکل پر رہتا ہے پھر چالیس دن تک خون پھر چالیس دن پارۂ گوشت' بچے کی پیدائش کے بعد چالیس دن تک عورت کو نفاس آسکتا ہے۔ چالیس سال کی عمر میں انسان کی عقل پختہ ہوتی ہے۔ تفسیر عزیزی نے اس جگہ ایک حدیث نقل فرمائی کہ جو شخص چالیس دن خلوص دل سے عبادت کرے خدا تعالیٰ اس کے دل اور زبان پر حکمت کے چشمے ظاہر فرماتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ چالیس میں حالات کا انقلاب ہوتا ہے۔ اسی لئے صوفیاء کرام چالیس دن کے چلے کرتے ہیں اور یہ بھی مشہور ہے کہ جو شخص چالیس دن نماز پڑھ لے انشاء اللہ وہ نمازی ہو جاتا ہے۔ بارہویں یہ کہ اس سے معلوم ہوا کہ میت کا چالیسواں کرنا نہایت بہتر چیز ہے۔ انوار ساطعہ نے بحوالہ بیہقی سیدنا انس سے روایت کی کہ انبیاء کرام اپنی قبور میں چالیس دن سے زیادہ نہیں چھوڑے جاتے ان کو بارگاہ الٰہی میں خاص قرب عطا فرمایا جاتا ہے زرقانی شرح مواہب نے اس حدیث کے معنے یوں بیان فرمائے کہ انبیاء کرام کی ارواح کا تعلق اپنے اس جسم مدفون سے چالیس روز تک بہت زیادہ رہتا ہے اور پھر قرب الٰہی میں عبادت کرتی ہیں۔ تیرہویں یہ کہ کچھ دن کے لئے تارک الدنیا ہو کر عبادات و مجاہدہ کرنا ایمانی ترقی کا باعث ہے جیسے کہ موسیٰ علیہ السلام کے اس قصہ سے ثابت ہوا۔ صوفیائے کرام کا اسی پر عمل ہے چودہویں یہ کہ گناہ سے رحمت الٰہی جاتی رہتی ہے بنی اسرائیل کی خطا سے توریت کا اکثر حصہ غائب ہو گیا۔ حضور علیہ السلام شب قدر کی خبر دینے تشریف لائے دو شخص آپس میں لڑ رہے تھے فرمایا کہ ان کی لڑائی کی خطا سے شب قدر اٹھالی گئی اب سال بھر تلاش کرنی پڑتی ہے۔ یہ گناہ کا وبال ہے۔ پندرھویں یہ کہ تبرکات میں تاثیر ہوتی ہے دیکھو جسم جبریل کاٹھی سے مس ہوا اور کاٹھی گھوڑے سے اور گھوڑے کے سم مٹی سے پھر مٹی بچھڑے سے اتنے دور کی نسبت کے باوجود مٹی نے بچھڑے میں زندگی پیدا کر دی۔ اگر خاک مدینہ ایمانی زندگی بخشے تو کیا بعید ہے۔ سولہویں یہ کہ خبیث کو تبرکات سے الٹا فائدہ ہوتا ہے۔ اگر یہ مٹی کسی مومن کے پیٹ میں جاتی تو اس کے ذریعے ہزاروں کو ایمان مل جاتا چونکہ مٹی فرعونی خبیث سونے میں لگ گئی تو اگرچہ زندگی پیدا کر دی مگر اس کی آواز سے لوگوں کو گمراہی ملی حدیث و قرآن اگر

marfat.com
Marfat.com

خبیث کے سینے میں جائے تو اس سے لوگ گمراہ ہوں گے۔

پہلا اعتراض : موسیٰ علیہ السلام نے غصے میں توریت شریف کی تختیاں کیوں پھینکیں؟ اگر آج کوئی قرآن پاک پھینک دے تو کافر ہو جائے۔ حالانکہ اس کا کاغذ' لکھائی چھپائی سب انسانی صنعت ہے صرف کلام رب کا ہے۔ توریت شریف کی وہ تختیاں ان کی روشنائی اور تحریر سب ربانی تھیں اس کو پھینکنا کفر کیوں نہ ہوا۔ جواب: قرآن پاک کے گرنے میں تین صورتیں ہیں۔(1) غلطی سے گر جائے۔(2) کسی پر غصہ آجائے اور اتفاقاً اس وقت ہاتھ میں قرآن شریف ہو اور جھنجلا کر بے خودی میں گرا دیا جائے (3) خود قرآن کریم کی اہانت کے لئے پھینکا جائے۔ پہلی صورت میں گناہ بھی نہیں دوسری صورت حرام ہے مگر کفر نہیں تیسری صورت کفر ہے۔ موسیٰ سے یا تو وہ تختیاں غصے میں بلاقصد گریں یہ کوئی جرم نہیں یا قوم پر دین کی خاطر غصہ آیا اور جھنجلاہٹ میں گرا دیں یہ خطا ہوئی جس کی انہوں نے رب سے معافی چاہ لی کہ عرض کیا **رب اغفرلی ولاخی** توریت شریف کی توہین مقصود نہ تھی نیز توریت کی تختیوں پر کلام اللہ تھا اور موسیٰ کلیم اللہ ہیں۔ کلیم اللہ ان تختیوں سے یقیناً افضل ہیں۔ ہمارے اور احکام ہیں ان کے دوسرے دیکھو عام مسلمان مسجد میں بحالت جنابت نہیں آسکتے مگر حضرت صدیق کو اس کی اجازت تھی۔ دوسرا اعتراض: ہارون پیغمبر ہیں اور موسیٰ سے عمر میں بڑے موسیٰ نے ان کو بلاقصور مارا اس میں ان پر ظلم بھی ہوا اور نبی کی توہین بھی ظلم کرنا گناہ کبیرہ ہے اور نبی کی توہین کفر۔ جواب: موسیٰ کے اگر یہ افعال ناجائز ہوتے تو ان پر ضرور عتاب الٰہی آجاتا جیسے آدم پر گندم کھانے سے آگیا۔ موسیٰ' ہارون سے درجے میں افضل تھے ان سے خطا اجتہادی ہوئی وہ سمجھے کہ حضرت ہارون نے تبلیغ میں کوشش نہ کی اس لئے ان پر عتاب کر دیا خطا اجتہادی معاف ہے' اگر حاکم غلطی سے کسی کو سزا دے دے تو اس کے بدلے حاکم کو سزا نہیں دی جاسکتی۔

| |
|---|
| وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ |
| اور جبکہ فرمایا موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے اے میری قوم تحقیق تم نے ظلم کیا جانوں |
| اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا اے قوم میری تم نے بچھڑا بنا کر اپنی جانوں پر ظلم |
| بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ |
| اپنی پر بوجہ بنانے تمہارے بچھڑا پس توبہ کرو طرف پیدا کرنے والے اپنے کے پس قتل کرو جانوں |
| کیا تو اپنے پیدا کرنے والے کی طرف رجوع لاؤ تو آپس میں ایک دوسرے کو قتل کرو |
| ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ |
| اپنی کو واسطے تمہارے نزدیک خالق تمہارے کے پس توبہ قبول کی اس نے اوپر تمہارے |
| یہ تمہارے پیدا کرنے والے کے نزدیک تمہارے لئے بہتر ہے تو اس نے تمہاری توبہ |

marfat.com
Marfat.com

# هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ *

تحقیق وہ ہے بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان

توبہ قبول کی بیشک وہ ہی ہے بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان

تعلق : اس آیت کا پہلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ یہ آیت پچھلی آیت کی تفسیر ہے کیونکہ پہلے فرمایا گیا تھا کہ ہم نے تمہارا گناہ معاف کردیا' اب اس معافی کی کیفیت کا ذکر فرمایا۔ دوسرے یہ کہ پہلے فرمایا گیا تھا کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو "فرقان" یعنی فرق کرنے والی چیز عطا فرمائی' اب اسرائیلیوں کی توبہ کا ذکر ہوا کیونکہ توبہ بھی باغی اور خطاکار میں فرق کردیتی ہے' یا توبہ کی برکت سے مجرم کے حال میں فرق آجاتا ہے کہ وہ فاسق سے صالح بن جاتا ہے۔ تیسرے یہ کہ اس سے پہلے اسرائیلیوں پر نعمتوں کا ذکر ہوا' اب پانچویں نعمت کا ذکر ہو رہا ہے یعنی ان کی توبہ قبول ہونا' البتہ فرق اتنا ہے کہ پہلے وہ نعمتیں ذکر کی گئیں جو ظاہر و باطن ہر طرح نعمتیں تھیں' یہاں اس نعمت کا ذکر ہے جو بظاہر زحمت اور حقیقتاً "نعمت ہے۔ خیال رہے کہ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ اس آیت کا پہلے سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ پہلے نعمتوں کا ذکر تھا اور یہاں ان کے قتل کا' اور قتل عذاب ہے نہ کہ رحمت' مگر یہ غلط ہے کیونکہ اس قتل سے بنی اسرائیل آخرت کے وبال سے بچ گئے اور دنیا سے شہید ہو کر گئے' گناہ سے معاف ہو گئے اور جس کے یہ فائدے ہوں وہ یقیناً "رحمت ہے' نہ کہ عذاب' شہادت بھی قتل سے حاصل ہوتی ہے اسے عذاب نہیں سمجھا جاتا' لہٰذا اس قتل کو نعمتوں میں شمار کرنا بالکل صحیح ہے' ڈاکٹر کا بیماری معلوم کر کے مریض کا آپریشن کرنا نعمت ہے' عذاب نہیں' اگر حاکم پھانسی کے ملزم کو جرمانہ لے کر چھوڑ دے تو یہ جرمانہ اس کے حق میں ہے عذاب نہیں' قتل سے آخرت میں معافی ہو جانا گویا جرمانے کے ذریعہ پھانسی سے بچ جانا ہے۔ نیز حق تعالیٰ نے ان کو قتل کا حکم دے کر سب مجرموں کو فنا نہ کردیا بلکہ بعض کو باقی رکھا' جو مر گئے وہ شہید ہوئے جو بچے وہ مغفور۔ لہٰذا یہ نعمت ہوئی۔

تفسیر : **واذ قال موسی** یہاں بھی ایک فعل پوشیدہ ہے یعنی اے بنی اسرائیلیو یاد کرو یا اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم انہیں یاد دلاؤ جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنے برادر معظم حضرت ہارون علیہ السلام سے واقعہ کی تحقیق فرمائی اور سامری کے حق میں بددعا کر چکے اور بچھڑے کو جلا کر اس کی راکھ دریا میں بہا چکے' تب پوجنے والے اسرائیلیوں کی طرف متوجہ ہوئے اور ان سے فرمایا **لقومہ** اس جگہ قوم سے مراد ساری قوم نہیں ہے' بلکہ صرف بچھڑے کے پجاری' کیونکہ ظالم صرف وہی تھے' چونکہ ساری قوم کو بھی قوم کہہ دیتے ہیں اور قوم کے بعض لوگوں کو بھی اس لئے یہاں قوم فرمایا گیا۔ **یقوم** اصل میں **یا قومی** تھا جس کے معنی ہوئے اے میری قوم' ی گرادی گئی' یہ اضافت شفقت و مہربانی کے اظہار کے لئے ہے تاکہ قوم آپ کی اطاعت کرے' خیال رہے کہ لفظ قوم کے معنی ہیں۔ درست ہونا اور سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے **اقام الصلوۃ** نماز کا درست یا سیدھا کرنا۔ **قیام الناس** لوگوں کا سیدھا کھڑا ہونا۔ **قوام لشی** چیز کی درستی' اب اصطلاح میں مشترک جماعت کو قوم کہا جاتا ہے' ہم پیشہ' ہم وطن' ہم مذہب اور ہم قبیلہ لوگوں کو قوم کہتے ہیں کیونکہ اس جماعت سے کسی چیز کا انتظام درست اور قائم رہتا ہے' کہتے ہیں تاجر قوم' ہندوستانی قوم' مسلم قوم اور سید قوم وغیرہ۔ یہاں موسیٰ علیہ السلام کا ان پجاریوں کو اپنی قوم فرمانا ہم وطن یا ہم

marfat.com
Marfat.com

قبیلہ ہونے کی وجہ سے ہے' یعنی اے میرے قبیلے یا وطن والو' ہم مذہب ہونے کے لحاظ سے نہیں کیونکہ یہ لوگ مرتد ہو کر دین سے نکل چکے تھے اور ابھی توبہ نہ کی تھی' اسی طرح جس پیغمبر نے بھی کفار کو اپنی قوم فرمایا وہ اسی معنی میں ہے۔ **انکم ظلمتم انفسکم** یعنی اے پجاری اسرائیلیو تم نے نہ تو میرا کچھ بگاڑا اور نہ میرے بھائی حضرت ہارون کا اور نہ رب تعالیٰ کو کوئی نقصان پہنچایا ہم بیان کر چکے ہیں یہاں **ظلمتم** ستانے اور نقصان پہنچانے کے معنی میں ہے **انفس** یہ جمع نفس کی ہے نفس کے بہت سے معنے ہیں نفس امارہ نفس مطمئنہ وغیرہ کو بھی نفس کہتے ہیں اور ذات جان اور عین کو بھی نفس بولتے ہیں' یہاں آخری تین معنی مراد ہیں یعنی تم نے اپنی جانوں کو یا اپنی ذاتوں کو یا اپنے آپ کو نقصان پہنچایا۔ **باتخاذکم العجل** اگر یہاں معبود پوشیدہ ہو تو اس کے معنی بالکل ظاہر ہیں کہ تم سب نے بچھڑے کو معبود مان کر اپنے پر ظلم کیا اور اگر اتخاذ کے معنی بنانے کے کئے جائیں اور معبود پوشیدہ نہ ہو تو چونکہ یہ سارے پجاری بچھڑا بنانے میں سامری کے مددگار تھے' اس لئے یہ کام سب پجاریوں کا مانا گیا' یعنی تم سب بچھڑا بنا کر ظالم ہو چکے' تب بنی اسرائیل نے عرض کیا کہ یہ قصور تو ہم سے ہو چکا فرمایئے اس کا کفارہ کیا ہے تب آپ نے فرمایا **فتوبوا**۔ **ف** سببیہ ہے' یعنی تم چونکہ ظالم ہو چکے' لہٰذا توبہ کرو' توبہ کے معنی اور اس کی ساری قسمیں ہم آدم علیہ السلام کے قصے میں بیان کر چکے ہیں' یہاں اتنا سمجھ لو کہ توبہ دلی' زبانی' عملی ہر طرح کی ہوتی ہے وہ حضرات دلی توبہ یعنی ندامت اور زبانی توبہ یعنی اقرار جرم اور معذرت تو موسیٰ علیہ السلام کے تشریف لاتے ہی کر چکے تھے مگر آپ نے عملی توبہ یعنی جرم کی سزا کا حکم دیا' اسلام میں بھی کبھی مجرم کو کفارہ' تعزیر حد وغیرہ کا حکم دیا جاتا ہے' مگر کفر و شرک و ارتداد میں خیالی اور زبانی توبہ کافی ہوتی ہے' یہ حضور کی رحمت ہے۔ **الی بارئکم** یعنی تمہاری یہ توبہ محض مجھ کو راضی کرنے یا قوم کے دکھلاوے کے لئے نہ ہونی چاہئے بلکہ رضائے الٰہی کے لئے۔ خیال رہے کہ **بارء**۔ **برء** سے بنا ہے جس کے معنی ہیں دور ہونا یا کسی سے علیحدہ ہونا' جیسے کہتے ہیں کہ **بری المریض** بیمار اچھا ہو گیا' یعنی بیماری سے علیحدہ ہو گیا **بری المدیون** یا **بری الحالف** یعنی مقروض اور قسم والے نے قرض اور مرض سے خلاصی پائی اب ایجاد کرنے اور پیدا کرنے کو بھی برء کہنے لگے' کیونکہ اس میں بھی نیستی سے علیحدہ ہو کر ہستی میں آنا ہوتا ہے' یہاں باری کے معنی خالق ہے یعنی اپنے پیدا کرنے والے کی طرف توبہ کرو' اس مقام میں ایک نہایت باریک نکتہ یہ ہے کہ اس کی عبادت چاہئے جس نے ہم کو بنایا اور اے اسرائیلیو تم نے اس کو بچھڑے کو پوجا جس کو خود تم نے بنایا بیوقوفی کی انتہا کر دی' خیال رہے کہ خالق اور باری اگرچہ قریبا" ہم معنی ہیں مگر ان میں اکثر فرق یہ کیا جاتا ہے کہ اجسام کا پیدا کرنا' خلق اور روح کا پیدا فرمانا برء کسی چیز سے بنانا خلق اور بلاواسطہ صرف کن سے پیدا فرمانا۔ برء یا ظاہر کی پیدائش خلق باطنی کی برء اس لئے خلق کبھی بندے کی طرف منسوب نہیں ہوتی ہے' ہمارے اجسام مٹی غذا نطفہ سے بنائے گئے یہ ہوا خلق اور ارواح صرف امر کن ہے' یہ ہے برء اس لئے رب کو **باری النسمتہ** کہا جاتا ہے' ارواح کا پیدا فرمانے والا **فاقتلوا انفسکم** یہ جملہ توبہ کی تفسیر نہیں ہے کیونکہ توبہ کی حیثیت گذشتہ جرم پر نادم ہونا اور آئندہ عہد کرنا ہے' نہ کہ اپنے کو قتل کرنا بلکہ یہ توبہ کی شرط ہے یعنی تم اپنے کو قتل کراؤ جس سے تمہاری توبہ قبول ہو جائے جیسے آج بھی قاتل کی توبہ کی شرط یہ ہے کہ وہ اپنے کو قصاص کے لئے پیش کر دے یا غاصب کی توبہ کی شرط یہ ہے کہ مغصوب چیز مالک کو دے دے' اس طرح موسیٰ علیہ السلام کے دین میں مرتد کی توبہ بغیر قتل کی تیاری کے قبول نہ ہوتی تھی۔ قتل کے لغوی معنی ہیں کسی ہتھیار کے ذریعہ سے کسی کی جان نکالنا خواہ فورا" یا مہلت سے' چاقو' لاٹھی' تلوار پتھر وغیرہ سے سر پھاڑ کر مار ڈالنا بھی قتل ہے اور ان چیزوں سے زخمی کر دینا جس کے کچھ

marfat.com

Marfat.com

عرصہ بعد زخمی مرجائے یہ بھی قتل ہے موت کا سبب قائم کرنا قتل نہیں راستے میں کنواں کھود دیا جس سے کوئی گر کر مرگیا یہ قتل نہیں اور ذبح یہ ہے کہ دھار والی چیز سے گردن کاٹ دی جائے' یہاں دوسرے ہی معنی مراد ہیں' ظاہری آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو خودکشی کرنے کا حکم دیا گیا' یعنی ہر مجرم خود اپنے کو ہلاک کرے لیکن یہ معنی روایت کے خلاف ہیں اس لئے مفسرین فرماتے ہیں کہ یا تو اس کا مقصود یہ ہے کہ اپنے آپ کو قتل کے لئے پیش کردو اور یا یہ خطاب ان اسرائیلیوں سے ہے جو بچھڑے کی پوجا سے محفوظ رہے' یعنی اے بے گناہ اسرائیلیو تم اپنے نفسوں یعنی اپنے اہل قرابت مجرموں کو قتل کرڈالو چونکہ قبیلے کو قتل کرنا گویا اپنے کو قتل کرنا ہے جیسے قرآن کریم فرماتا ہے **ولا تلمزوا انفسکم** یہاں بھی انفس سے مراد مسلمان بھائی ہیں۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ خطاب بھی مجرموں سے ہی ہے' یعنی اے مجرمو تم ایک دوسرے کو قتل کرو **فلکم خیر لکم** یہ کلام بھی موسیٰ علیہ السلام کا ہے یعنی اے اسرائیلیو! یہ قتل ہو جانا اور توبہ کرلینا زندہ رہنے سے بہتر ہے' کیونکہ توبہ کی موت جرم کی زندگی سے اچھی ہے کیونکہ وہ موت حیات ابدی اور فرحت سرمدی کا ذریعہ ہے اور شرک کی نجاست سے طہارت' **عند بارئکم** یعنی ظاہرا" یہ بہت سخت ہے نفس پر بڑا بھاری ہے بیوقوفوں کے نزدیک بڑا برا ہے مگر رب کے نزدیک بہت بہتر۔ **فتاب علیکم** یہ رب کا کلام ہے اور اس میں مدینہ پاک کے اسرائیلیوں سے خطاب ہے۔ یعنی تمہارے باپ دادوں نے بخوشی جان دینا منظور کی اور کئی ہزار آدمی ذبح ہو گئے' لہٰذا ہم نے ان پر کرم فرمایا اور ان کی توبہ قبول کرلی' محبوب کا جان لے کر بھی راضی ہو جانا عین کرم ہے اور فانی چیز فنا کرکے نعمت باقیہ عطا فرمادینا عین اس کی مہربانی ہے۔ **انہ ھو التواب** تواب کے معنی ہیں بہت توبہ قبول کرنے والا اور یا توبہ کی توفیق دینے والا' یعنی اس کے فضل سے بندہ توبہ کرنے کی ہمت کرلیتا ہے اور پھر وہی اپنے فضل سے قبول فرمالیتا ہے۔ **الرحیم** بڑی رحمت والا ہے کہ اس نے قتل کو کفارہ گناہ بنادیا اور بعضوں کو قتل کرا کر سب کے گناہ معاف کردیئے اور مقتولین کو شہداء اور محفوظین کو مغفور اور قاتلین کو غازی بنادیا۔ خیال رہے کہ تواب کے معنی ہیں بہت ہی توبہ قبول فرمانے والا۔ اس طرح کہ بندہ بارہا گناہ کرتا ہے وہ بارہا بخشتا ہے بلکہ ہماری خطائیں محدود ہیں اس کی عطائیں غیر محدود' یا بڑے سے بڑا گناہ بخش دینے والا ہے وہ یہ نہیں دیکھتا کہ بندے کا گناہ کیسا ہے بلکہ یہ دیکھتا ہے کہ میری مغفرت کیسی ہے رحیم کے فرمانے کا منشا یہ ہے کہ اپنی رحمت و کرم سے گناہ بخشتا ہے نہ کہ بندے کی دھونس و استحقاق سے' اگر توبہ کرا کر بخش دے تو بھی اس کی مہربانی ہے۔

**خلاصہ تفسیر** : یہ پانچواں انعام یاد دلایا جارہا ہے کہ اے بچھڑا پوجنے والے اسرائیلیو! اگر تم کو اس جرم کی سزا میں اس سرے تک ہلاک کیا جاتا تو بھی کوئی بات نہ تھی کیونکہ تم نے بغاوت کی تھی باغی کی سزا یہی ہے' جیسا کہ فرعون کی قوم کے ساتھ کیا گیا' مگر پھر بھی تم پر کرم کیا گیا کہ تم سے موسیٰ نے فرمایا تم ظالم ہو چکے' لہٰذا توبہ کرو اور اپنی جانوں کو قتل کے لئے پیش کردو' پھر تم کو اس بھاری کام کی ہمت بھی ہم نے دی کہ تم نے اس بوجھ کو برداشت کرلیا' پھر کچھ لوگوں کو قتل کرا کر سب کی خطا معاف کردی بلکہ مقتولین کو درجہ شہادت عطا فرمادیا' یعنی باغی تھے انہیں شہید بنادیا' بے شک رب تعالیٰ بہت ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

**قتل بنی اسرائیل** : جب موسیٰ علیہ السلام نے بچھڑا پوجنے والوں کو قتل کا حکم دیا تو انہوں نے کہا کہ ہم رب کے حکم پر راضی ہیں' تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان سے فرمایا کہ مجرمین بغیر ہتھیار اور بغیر خود اور زرہ کے باہر آجائیں اور اپنے

marfat.com
Marfat.com

دروازوں پر دو زانوں بیٹھ جائیں اور اپنے زانو اپنی پیٹھ سے باندھ لیں اور اپنے سر زانوں پر رکھ لیں اور تلوار اپنی گردن پر لیں' نہ تو کوئی اپنا زانو بند کھولے نہ تڑپے اور نہ ہاتھ پاؤں مارے۔ اگر کسی نے آنکھ اٹھا کر بھی قاتل کو دیکھ لیا اس کی تلوار کلوار اپنے ہاتھ یا پاؤں سے روکا تو اس کی توبہ قبول نہ ہوگی جب یہ سب لوگ اس پر تیار ہو گئے تو موسیٰ علیہ السلام نے حضرت ہارون سے فرمایا کہ ان بارہ ہزار آدمیوں کو حکم دو جو بچھڑے کی پوجا سے محفوظ رہے کہ ننگی تلواریں لے کر ان بندھے ہوئے آدمیوں کے پاس جائیں اور انہیں قتل کرنا شروع کر دیں چنانچہ اس پر فوراً" عمل کیا گیا' آپ نے ایک بلند جگہ کھڑے ہو کر آواز دی کہ اے مجرم اسرائیلیو! تمہارے بھائی تلواریں سونتے ہوئے تمہیں قتل کرنے آ رہے ہیں' اللہ سے ڈرو اور صبر کرو۔ جب قاتلین مجرمین کے پاس پہنچے تو محبت کی وجہ سے قتل نہ کر سکے' کیونکہ یہ ان کے بھائی بھتیجے اور بیٹے پوتے تھے اور موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہمارے ہاتھ ان پر نہیں اٹھتے اپنے ہاتھوں سے اپنے جگر کے ٹکڑوں کو کیسے قتل کیا جائے' تب ان پر ایک نہایت سیاہ بادل بھیجا گیا جس سے سارے میدان میں اندھیرا ہو گیا اور کوئی کسی کو نہ دیکھ سکا۔ اور حکم ہوا کہ جاؤ اب انہیں قتل کرو' چنانچہ ایک دن میں اور بعض روایت میں ہے کہ تین دن میں ستر ہزار آدمی قتل ہو گئے تب بنی اسرائیل کے بچے اور عورتیں موسیٰ علیہ السلام کے پاس آ کر شور فریاد کرنے لگے کہ اے موسیٰ رب سے رحم کی درخواست کرو حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام ننگے سر روتے ہوئے عاجزی کرتے ہوئے میدان میں آئے اور عرض کیا اے مولیٰ اسرائیلی ہلاک ہوئے جا رہے ہیں' اب رحم فرما' تب وہ بادل سیاہ ہٹا اور حکم آیا کہ اب قتل بند کرو' سب کی توبہ قبول ہو گئی' ہم ان سب کو جنت دیں گے۔ خیال رہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو توریت تو یکدم عطا ہو گئی اب ان کا وقتاً" فوقتاً" اپنی قوم کو اس قسم کے احکام دینا یہ آپ کی حدیث تھی' کتاب اللہ کی آیات نہ تھیں۔ معلوم ہوا کہ پیغمبر ڈاکیہ کی طرح صرف کتاب پہنچانے والے نہیں ہوتے اور انہیں کتاب اللہ ہی نہیں ملتی بلکہ وہ حضرات علاوہ کتاب کے اور بہت کچھ دیتے ہیں اور انہیں دوسری وحی بھی ہوتی رہتی ہے جب کلیم اللہ کی حدیث قابل عمل تھی تو احادیث رسول اللہ بھی یقیناً" لازم العمل ہیں اس سے وہ منکرین حدیث عبرت پکڑیں جو کہتے ہیں کہ حضور صرف قرآن لائے نبی صرف ڈاکئے ہوتے ہیں' سوا کتاب کے اور کچھ نہیں لاتے اللہ سمجھ دے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** یہ کہ کفار کو مسلمان اپنی قوم کہہ سکتا ہے مگر ہم وطن یا ہم قبیلہ کے معنی میں' نہ کہ بمعنی ہم مذہب کیونکہ موسیٰ علیہ السلام نے ان مرتدین کو اپنی قوم فرمایا۔ **دوسرا فائدہ:** یہ کہ تبلیغ نرمی اور محبت سے چاہئے کیونکہ اس کا اثر زیادہ ہوتا ہے اور سختی سے دلوں میں ضد پیدا ہوتی ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے انہیں یا قوم فرمایا۔ حضرت نوح نے بیدین بچے کو یا بنی فرمایا' ہاں جب کسی کے ایمان کی امید نہ رہے تو اس پر خوب سختی کرنا سنت الٰہیہ' سنت نبویہ اور سنت صحابہ ہے' قرآن کریم فرماتا ہے **واغلظ علیھم** اے نبی ان بے ایمانوں پر خوب سختی فرمائیے نیز خود رب تعالیٰ نے ابولہب وغیرہ کفار کی بہت برائیاں بیان فرمائیں حتیٰ کہ ولید کے سورہ ن میں گیارہ عیوب بیان کئے اور آخر میں فرمایا زنیم وہ حرام کا جنا ہے جو شخص لاعلاج کافروں پر خوشامدانہ نرمی کرتا ہے وہ خود دین میں مداہن ہے ہم تو نماز سے پہلے بھی شیطان کو رجیم کہہ لیتے ہیں تو نماز پڑھتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جن کفار کے ساتھ نرم برتاؤ فرمایا وہ وہی کفار تھے جن کے ایمان کی امید تھی اگر ہر کافر سے خوش خلقی برتی گئی تھی تو جہاد کس سے ہوا' غرضکہ ہماری نرمی اور سختی دونوں اللہ کے لئے چاہئیں نہ کہ

marfat.com
Marfat.com

اپنی ذات کے لئے، تبلیغ نہایت نرمی سے کی جائے اور تردید خوب سختی سے۔ **تیسرا فائدہ:** یہ کہ موجودہ بنی اسرائیل کو دعوت دی گئی کہ تمہارے باپ دادوں نے توبہ کے لئے اپنے کو قتل کردیا اب نبی آخر الزمان بغیر قتل ہی کے نہایت نرم توبہ کی دعوت دے رہے ہیں اس کی قدر کرو اور توبہ کرلو **چوتھا فائدہ:** یہ کہ مسلمانوں کو توبہ میں بہت جلدی کرنی چاہئے' دیکھو اسرائیلیوں پر توبہ کرنا بہت دشوار تھا اور مسلمانوں کے لئے آسان ہے اگر اب بھی توبہ نہ کریں تو ان کی سخت بد نصیبی ہے **پانچواں فائدہ:** یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سارے جہان کے لئے نعمت ہے کیونکہ حضور علیہ السلام کی وجہ سے تمام وہ مصیبتیں جو بنی اسرائیل پر تھیں ٹل گئیں۔ (1) ان کے ناپاک عضو کو کاٹنا پڑتا تھا۔ (2) ان کی نماز سوا مسجد کے اور کہیں نہ ہو سکتی تھی۔ (3) ان کی طہارت صرف پانی سے ہی ہو سکتی تھی۔ (4) ان کا روزہ دار رات کو سونے کے بعد کچھ نہ کھا پی سکتا تھا۔ (5) ان پر گناہوں کی وجہ سے حلال چیزیں حرام ہو جاتی تھیں۔ (6) ان پر چوتھائی مال کی زکوٰۃ واجب تھی روپے میں چار آنہ ان کے رات کے چھپے ہوئے گناہ صبح دروازے پر لکھے جاتے تھے جس سے وہ سخت رسوا ہو جاتے تھے وغیرہ وغیرہ۔ (تفسیر روح البیان) اسلام میں ان میں سے کوئی بات نہیں۔ **چھٹا فائدہ:** یہ کہ توبہ حق تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے' توبہ کے چار درجے ہیں' ایک نفس امارہ کی توبہ جو کہ عام مسلمانوں کو حاصل ہوتی ہے اس کی حقیقت بری باتوں سے بچنا اچھے کام کرنا فوت شدہ عبادتیں قضا کر دینا حق والوں کے حق دے دینا۔ مظلوموں سے معافی مانگ لینا۔ گزشتہ گناہوں سے شرمندہ ہونا اور آئندہ بچنے کا عہد کرنا ہے اسے توبہ محض کہتے ہیں یا توبہ نصوح۔ دوسرا درجہ نفس لوامہ کی توبہ ہے۔ یہ اولیاء اللہ اور مومنین خاص کو حاصل ہوتی ہے اس کی حقیقت ترک دنیا اور حق سے غافل کرنے والی چیزوں سے بچنا' اخلاق کی درستی' نفس کی صفائی اور اس کی مخالفت ہے' اس کا نام **انابت** ہے اس سے نفس امارہ قلب منیب کے درجہ میں آجاتا ہے قرآن کریم فرماتا ہے **وجاء بقلب منیب** تیسرا درجہ نفس ملھمہ کی توبہ ہے یہ خاص اولیاء اللہ کو حاصل ہوتی ہے۔ جس کی حقیقت دنیا سے نفرت اور آخرت کی طرف رغبت ہے اس کا نام اوبہ ہے اس کی برکت سے نفس روح کے مقام میں داخل ہو جاتا ہے اور تنہائی پسند کرتا ہے۔ خلقت سے وحشت اور خالق سے رغبت رکھتا ہے اور خالق کی طلب میں کونین سے بے تعلق ہو جاتا ہے چوتھا درجہ نفس مطمئنہ کی توبہ ہے یہ خاص اولیاء اور انبیاء کرام کو حاصل ہوتی ہے اس کی حقیقت یہ ہے کہ خود عنایت ربانی ان نفسوں کو اپنی طرف کھینچتی ہے (جیسے مقناطیس لوہے کو) اور اپنی انانیت سے نکال کر ربوبیت کی ہویت میں گم کر دیتی ہے اس درجے میں دوئی سے نفرت اور یکی طلب ہوتی ہے ادھر سے حکم ہوتا ہے کہ **ارجعی الی ربک** اور اس طرف سے بزبان حال عرض ہوتی ہے کہ۔

مجھ میں تو ایسا سما جائے تو ہی تو ہو جائے
تجھ میں میں ایسا سما جاؤں کہ میں ہی نہ رہوں

**ساتواں فائدہ:** قرآن سے ثابت ہے کہ مرتد کی سزا قتل ہے' مرتدین بنی اسرائیل کو قتل کا حکم دیا گیا منکرین حدیث کہتے ہیں کہ قتل مرتد ظلم ہے اور قرآن سے ثابت نہیں صرف حدیث سے ثابت ہے لہٰذا نا قابل عمل وہ اس آیت میں غور کریں جب دنیاوی حکومتوں کے باغی قتل کر دیئے جاتے ہیں تو حکومت الہیہ کا باغی قتل کیوں نہ کیا جائے البتہ اسلام میں مرتد کو اولاً "دوبارہ مسلمان ہو جانے کا حکم دیا جاتا ہے نہ مانے تو قتل دین موسوی میں خود قتل ہی اصل توبہ قرار دیا گیا غرضیکہ حدیث میں قتل مرتد کی اصل قرآن سے ملتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ : ہر قوم بچھڑے کی پجاری ہے جو چیز رب سے غافل کرے وہی بچھڑا ہے کوئی دولت کے بچھڑے کی پوجا کر رہا ہے اور کوئی شہوت کے اور کوئی عزت کے بچھڑے کی کوئی خواہشات نفسانی کے بچھڑے کی' ہر مومن کا قلب جو مثل موسیٰ کے ہادی ہے بنی اسرائیلی خواہشات سے پکار کر کہہ رہا ہے کہ تم نے اس بچھڑے کی پوجا کر کے اپنے پر ظلم کر لیا ہے اب تم ماسوی اللہ کو چھوڑ کر متوجہ الی اللہ ہو جاؤ اور اپنے نفس امارہ کو قتل کر ڈالو اللہ کی مدد مانگو کافر کو لوہے کی تلوار سے قتل کیا جاتا ہے۔ مگر نفس کو صدق و صفا کی تلوار سے کافر کا قاتل غازی اور اس کا مقتول شہید ہے اور نفس کا قاتل صدیق ہے اور یقیناً "صدیق کا درجہ غازی اور شہید سے زیادہ ہے۔ اسی لئے قرآن کریم نے صدیقین کو شہداء سے پہلے بیان فرمایا' نبی علیہ السلام نے جہاد کفار کو جہاد اصغر اور جہاد نفس نابجار کو جہاد اکبر فرمایا۔ کیونکہ وہ مجاہد تو ایک بار قتل ہو کر مصیبتوں سے بچ جاتا ہے اور اس کے سارے اعمال بھی ختم ہو جاتے ہیں لیکن صدیق ہر دن ہزاروں بار نفس کو قتل کرتا اور ہر قتل میں نئی لذت پاتا ہے اس لئے فرمایا گیا کہ فلکم خیر لکم یعنی نفس کو صدق کی تلوار سے قتل کرنا تمہارے واسطے بہتر ہے کیونکہ اس کے ہر قتل میں بلندی ہے اور ہر حملے میں ایک درجہ کسی شاعر نے کیا ہی خوب کہا ہے۔

کشتگان خنجر تسلیم را ! ! ہر زمان از غیب جان دیگر است

| |
|---|
| وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً |
| اور جبکہ کہا تم نے اے موسیٰ ہرگز نہ ایمان لائیں گے ہم واسطے آپکے یہاں تک کہ دیکھ لیں ہم اللہ کو ظاہر ظہور |
| اور جب تم نے کہا اے موسیٰ ہم ہرگز تمہارا یقین نہ لائیں گے جب تک علانیہ خدا کو نہ دیکھ لیں |
| فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۞ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ |
| پس پکڑ لیا تم کو کڑک نے اور حالانکہ تم لوگ دیکھ رہے تھے پھر زندہ کیا ہم نے تم کو |
| تو تمہیں کڑک نے آ لیا اور تم دیکھ رہے تھے پھر مرے پیچھے |
| مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۞ ٥٦ |
| سے مرنے کے بعد تاکہ تم شکر کرو |
| ہم نے تمہیں زندہ کیا کہ کہیں تم احسان مانو |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ اس سے پہلے پانچ نعمتیں بیان کی جاچکیں جو کہ بنی اسرائیل پر کی گئیں اب چھٹی نعمت کا ذکر ہے۔ دوسرے یہ کہ اس سے پہلے بنی اسرائیل کے شرک کرنے کا ذکر ہوا ہے' اب مخالفت پیغمبر کا ذکر ہو رہا ہے کہ وہ ایک بار تو مشرک ہوئے اور دوسری بار موسیٰ علیہ السلام کے منکر' تیسرے یہ کہ اس سے پہلے

marfat.com
Marfat.com

بھی ان کے قتل کئے جانے کا ذکر ہوا اور اب بھی ان کے مارے جانے کا یعنی جب انہوں نے بت پرستی کی تب تو ستر ہزار ذبح کرا دیئے گئے اور جب انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کی مخالفت کی تو ان کو کڑک کی آواز سے ہلاک کر دیا گیا۔ مگر فرق یہ ہے کہ اس بار موسیٰ علیہ السلام کے عرض کرنے پر دوبارہ ان کو زندگی دے دی گئی چوتھے یہ کہ پہلے توبہ و کفارہ کے ذریعہ گناہ معاف ہونے کا ذکر تھا اب شفاعت کلیم اللہ کے ذریعے معافی کا تذکرہ ہے تاکہ معلوم ہو کہ شفاعت وہاں کام آتی ہے جہاں سارے ذریعے ختم ہو جاتے ہیں جہاں تدبیر ختم ہو وہاں تقدیر کام کرتی ہے اور جہاں تقدیر بگڑ جائے وہاں شفاعت کارگر ہوتی ہے کہ شفاعت سے بگڑی تقدیریں بن جاتی ہیں اس لئے توبہ کی معافی کا ذکر پہلے اور شفاعت کی معافی کا ذکر بعد میں ہوا۔

تفسیر : **واذ قلتم** یہاں بھی وہی فعل پوشیدہ یعنی اے اسرائیلیو! تم اس وقت کو بھی یاد کرو یا اے نبی علیہ السلام انہیں وہ وقت بھی یاد دلاؤ جبکہ تم نے کہا تھا یہاں ان ستر آدمیوں کا کہا مراد ہے جو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ طور پر گئے تھے۔ خیال رہے کہ موسیٰ علیہ السلام دوبار اپنے ساتھ ستر اسرائیلیوں کو کوہ طور پر لے گئے تھے پہلے توریت لینے کے وقت اور دوسرے اس جرم کے بعد یہاں دوسری بار کا ذکر ہو رہا ہے اس میں اختلاف ہے کہ یہ واقعہ بنی اسرائیل کے قتل سے پہلے ہوا یا بعد میں بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ پہلے ہوا۔ یعنی جبکہ موسیٰ علیہ السلام نے ان کو بچھڑا پرستی سے کفارے میں قتل کا حکم دیا تب انہوں نے کہا کہ ہمیں کیسے یقین آئے کہ آپ کو رب نے حکم دیا ہے تب آپ ان میں سے ستر نیک لوگوں کو طور پر لے گئے اور وہاں یہ واقعہ پیش آیا۔ بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ یہ قتل کے بعد ہوا۔ یعنی جب ستر ہزار بنی اسرائیل قتل ہو چکے تو موسیٰ علیہ السلام اس بت پرستی کی معذرت کرنے کے لئے بحکم پروردگار ان ستر آدمیوں کو طور پر لے گئے اور وہاں یہ واقعہ پیش ہوا۔ **یموسی** اس زمانے میں پیغمبروں کو نام لے کر پکارنا جائز تھا۔ ہمارے لئے حکم قرآنی ہے کہ ہم حضور علیہ السلام کو عام معمولی خطابوں سے نہ پکاریں بلکہ ادب کے ساتھ ہمارے نبی علیہ السلام کو رب نے بھی نام لے کر نہ پکارا بلکہ ان کے پیارے القاب کے ساتھ' بارگاہ مصطفوی کے ادب کا یہ عالم ہے کہ حضرت فاطمہ زہرہ ابا کہہ کر۔ حضرت علی مرتضیٰ بھیا کہہ کر۔ حضرت عباس بھتیجا کہہ کر نہیں پکارتے۔ سب یہ ہی عرض کرتے ہیں یارسول اللہ یا نبی اللہ' بلکہ حضور کو ایسے القاب سے پکارا جاتا ہے جن سے راجہ نواب بادشاہ سلامت کہہ کر نہ پکارو سلطان الانبیاء کہو **لن نومن لک** اس کے معنی ہیں کہ ہم آپ کی بات نہ مانیں گے' یا صرف آپ کی وجہ سے اس پر ایمان نہ لائیں گے **حتے نری اللہ جھرۃ** ۔ **نری** رویت سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں دیکھنا' یہاں آنکھ سے دیکھنا مراد ہے نہ دلائل کے ذریعہ عقل سے پہچاننا کیونکہ یہ تو ان کو پہلے بھی حاصل تھا اس لئے وہ کہتے ہیں **جھرۃ** یعنی صاف صاف اور ظاہر ظہور۔ **جھر** کے لغوی معنے ہیں ظہور اور کشف بلند آواز کو صوت جہر کہتے ہیں اور خوبصورت چہرے کو وجہ **جھر** نیز اہل عرب بولتے ہیں کہ **جھرت الشئی** یعنی اس چیز کی میں نے تحقیقات کر لی اور **جھرت البیر** کنوئیں کا پانی کیچڑ وغیرہ نکال کر صاف کر دیا ان اسرائیلیوں کا مقصد یہ تھا کہ ہم خدا کو صورت و شکل میں دیکھنا چاہتے ہیں نہ کہ بناوٹی خیالات سے اور نہ اس طرح جیسا کہ آخرت میں بلا کیف اس کے دیدار کا وعدہ ہے کیونکہ یہ ہماری عقل میں نہیں آتا۔ **فاخذتکم الصعقۃ** یہاں **صعقۃ** سے مراد آسمانی آگ ہے نہ وہ بجلی جو کہ بادل سے نکل کر گرتی ہے کیونکہ اس وقت طور پر بادل نہ تھا' نیز بادل کی بجلی ایک شخص پر گرتی ہے نہ کہ جماعت پر (تفسیر عزیزی) بعض لوگوں نے کہا ہے کہ اس کے گرنے سے وہ لوگ صرف بیہوش ہو گئے تھے'

marfat.com
Marfat.com

مرے نہ تھے کیونکہ موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں بھی یہی فرمایا گیا ہے کہ **وخر موسی صعقا** یہاں صعق سے مراد بیہوشی ہے نہ کہ موت' نیز اس جگہ فرمایا جارہا ہے **وانتم تنظرون** یعنی تم اس کو دیکھ رہے تھے' اگر یہ لوگ مرگئے ہوتے تو دیکھنے کے کیا معنی مگر صحیح یہ ہے کہ یہ لوگ مرگئے تھے کیونکہ آگے ارشاد ہو رہا ہے **ثم بعثنکم من بعد موتکم** اور لفظ صعق قرآن کریم میں مرنے کے معنی میں بھی ارشاد ہوا ہے رب فرماتا ہے۔ **ثم نفخ فیه اخری فاذا ھم قیام ینظرون۔**

یعنی تم اس **صعقه** کا آنا اور بعض کا ہلاک ہونا اپنی آنکھ سے دیکھ رہے تھے کیونکہ یہ لوگ ترتیب وار ہلاک ہوئے تم ان کی ہلاکت دیکھ کر نہ تو بچ سکے اور نہ کہیں بھاگ کر جاسکے **ثم بعثنکم** چونکہ یہ لوگ ایک دن اور رات مردہ رہے دوسرے روز زندہ کئے گئے اس لئے یہاں **ثم** فرمایا گیا یعنی تم کو مار کر کچھ دیر کے بعد زندہ کیا گیا نہ کہ فوراً" **بعثنا۔ بعث** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں اٹھنا بھیجنا اور زندہ کرنا' یہاں آخری معنی مراد ہیں یعنی زندہ کرنا جس طرح کہ یہ لوگ ترتیب وار مرے تھے اسی طرح ترتیب وار زندہ ہوئے تاکہ ہر ایک مرنا اور جینا آنکھوں سے دیکھ لے **من بعد موتکم** اس سے صاف معلوم ہوا کہ وہ لوگ حقیقت میں مرگئے تھے ان پر بیہوشی طاری نہ ہوئی تھی موت سے بیہوشی مراد لینا بلا دلیل ہے۔ **لعلکم تشکرون** یہ سارے کام اس لئے ہوئے کہ تم زندگی پانے اور ایمان پانے کا شکر کرو اور آئندہ پیغمبر سے اس قسم کے مطالبے نہ کیا کرو۔

**خلاصہ تفسیر** : اے اسرائیلیو تم اس نعمت کو یاد کرو جب کہ تم میں سے کچھ لوگ کوہ طور پر موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ گئے اور انہوں نے اپنے کانوں سے رب کا کلام سنا جو موسیٰ علیہ السلام سے ہو رہا تھا اس پر بھی انہوں نے کہا اے موسیٰ ہم تو جب مانیں جبکہ اپنی آنکھوں سے رب کو دیکھ لیں۔ یہ جرم اتنا سنگین تھا کہ اس پر سخت سزا تم کو ملنا چاہئے تھی کیونکہ تم نے موسیٰ علیہ السلام کا اعتبار نہ کیا تم کو آسمانی آگ سے ہلاک کر دیا گیا' پھر موسیٰ علیہ السلام کی عرض پر دوبارہ زندہ کیا گیا تم نے سرکشی پر سرکشی کی' خطا پر خطا کرتے رہے مگر ہم عطا پر عطا کرتے رہے۔ جس طرح گزشتہ زمانے میں تمہاری خطائیں معاف ہوتی رہیں اگر اب بھی اپنی خطاؤں پر نادم ہو کر اس نبی آخر الزمان پر ایمان لے آؤ تو تمہاری خطائیں معاف فرمادی جاویں جیسا کہ ہم کرم فرمایا ہی کرتے ہیں۔ خیال رہے کہ ان اسرائیلیوں کی زندگی یا تو ختم ہو چکی تھی پھر موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے دوبارہ زندگی ملی جیسے عیسیٰ علیہ السلام کی دعا سے عرصہ کے مردے زندہ ہوتے اور پھر دوبارہ زندگی پا کر جیتے رہتے تھے نبی کی دعا سے زندگی ملتی بھی ہے اور بڑھتی بھی ہے جیسے چراغ کا روغن بتی ختم ہونے پر دوبارہ ڈال دیا جاتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ ابھی ان کی عمریں ختم نہ ہوئی تھیں مگر موسیٰ علیہ السلام کی ناراضگی سے ایسے مرگئے جیسے چراغ میں تیل بتی ہو' مگر ہوا سے بجھ جائے اور پھر روشن کر دیا جائے' قانون یہ ہے کہ وقت سے پہلے موت نہ آئے **اذا جاء اجلھم لا یستاخرون ساعته ولا یستقدمون** مگر قدرت یہ ہے کہ موت آگے پیچھے ہو جائے جیسے یہ واقعات وہاں قانون کا ذکر ہے یہاں قدرت کا ہم لوگ قانون کے پابند ہیں نہ کہ رب تعالیٰ' اس لئے وہاں فرمایا گیا **لا یستاخرون** الخ۔ یعنی لوگ آگے پیچھے نہیں کر سکتے' رب چاہے تو کر دے۔

**بنی اسرائیل کی موت اور ان کا پھر زندہ ہونا** : جب ستر ہزار اسرائیلی کفارے میں قتل ہو چکے تب موسیٰ علیہ السلام کو حکم الٰہی ہوا کہ تم کچھ باقیماندہ لوگوں کو لے کر اس گناہ کی معذرت کے لئے کوہ طور پر حاضر ہو اور وہاں یہ لوگ اپنی قوم کی طرف سے معافی چاہیں کیونکہ یہ وہ جنگل ہے جہاں موسیٰ علیہ السلام رب سے ہم کلام ہوتے ہیں' جنگل کی برکت سے توبہ جلد قبول

marfat.com

Marfat.com

ہو گی۔ جیسے مدینہ منورہ میں عبادات۔ یہاں انہوں نے شرک کیا ہے یہاں یہ توبہ نہ کریں جیسے مندریا گرجا میں نماز نہیں پڑھی جاتی' چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے ان میں سے ستر بہترین آدمی چنے جب یہ لوگ طور کی طرف روانہ ہوئے تب انہوں نے عرض کیا کہ اے موسیٰ ہمیں رب کا کلام سنوادو آپ نے دعا فرمائی رب نے قبول کی' جب کوہ طور پر پہنچے تو آپ نے فرمایا کہ تم سب غسل کرلو' اپنے تمام گناہوں سے توبہ کرلو اور تین تین روزے رکھو اور تسبیح و تہلیل میں مشغول رہو جب آپ پہاڑ پر پہنچے تو ان لوگوں کو نیچے کھڑا کیا اور خود اوپر تشریف لے گئے' انہوں نے دیکھا کہ ایک نورانی ستون ابر سفید کے رنگ کا نمودار ہوا اور آہستہ آہستہ پھیلتا گیا۔ یہاں تک کہ سارے پہاڑ کو اس نے گھیرلیا اور موسیٰ علیہ السلام اس میں گھر گئے پھر رب نے ان سے کلام فرمایا یہ لوگ نیچے کھڑے ہوئے کلام الٰہی سن رہے تھے انہوں نے عرض کیا کہ یہ تمام گفتگو صرف موسیٰ سے ہو رہی ہے ہم پر بھی کرم فرمایا جاوے اور کوئی بات ہم سے بھی خطاب کر کے فرمادی جائے' کہ یکایک نور کی تجلی ان کی طرف کوندی اور پھر ان کے کان میں آواز آئی کہ **انی انا اللہ لا الہ الا انا ذوبکۃ اخرجکم من ارض مصر فاعبدونی ولا تعبدوا غیری** یعنی ہم اللہ ہیں ہمارے سوا کوئی معبود نہیں ہم مکہ والے ہیں ہم تم کو مصر سے نکالیں گے تم ہماری ہی عبادت کرنا کسی اور کی نہ کرنا' جب یہ ابر صاف ہو گیا اور موسیٰ علیہ السلام نیچے تشریف لائے تب آپ نے پوچھا کہو تم نے رب کا کلام سنا' وہ بولے کہ سنا تو ہے مگر کیا خبر کہ کون بول رہا تھا۔ ہم نے رب کو نہ دیکھا' یہ صرف آپ فرماتے ہیں کہ بولنے والا رب تھا۔ ہم کو یقین نہیں آتا آپ رب کو صاف صاف شکل و صورت میں دکھاویں تو ہم مان لیں گے۔ تب ان پر آسمانی آگ مع سخت آواز کے آئی جس سے وہ سب مردہ ہو گئے' ایک دن و رات مردہ رہے' موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ مولیٰ اب بنی اسرائیل کو کیا جواب دوں گا وہ کہیں گے کہ تم نے ستر ہزار آدمی تو یہاں قتل کروائے اور ستر آدمی باہر لے جا کر نہ معلوم کس طرح ہلاک کر دیئے' مولیٰ میری بدنامی ہو گی' میں تو ان کو اپنا گواہ بنا کر لایا تھا' یہ کیا ہو گیا' خدایا تو انہیں زندہ فرمادے' ان کی دعا سے یہ تمام لوگ ترتیب وار زندہ ہو گئے اور پھر موسیٰ علیہ السلام ان سب کو لے کر واپس تشریف لائے۔

**فائدے**: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **ایک فائدہ**: یہ کہ انبیاء کرام کی ایسی شان ہے کہ ان کی بارگاہ میں بے ادبی کرنے سے عذاب الٰہی آتا ہے' کیونکہ انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کا اعتبار نہ کیا اس لئے موت میں گرفتار ہوئے۔ **دوسرا فائدہ**: حق تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کی دعا سے مردے زندہ فرماتا ہے۔ **تیسرا فائدہ**: یہ کہ رب تعالیٰ کو انبیاء کرام کی عزت و عظمت باقی رکھنا منظور ہے کہ صرف موسیٰ علیہ السلام کی عزت و عظمت برقرار رکھنے کے لئے یہ زندگی ان کو عطا ہوئی۔ **چوتھا فائدہ**: یہ کہ اگر موجودہ بنی اسرائیل حضور علیہ السلام کے معجزات دیکھ کر ایمان نہ لائیں تو تعجب نہ کرنا چاہئے' کیونکہ یہ تو رب کا کلام سن کر بھی نہ مانتے تھے **پانچواں فائدہ**: یہ کہ اے نبی علیہ السلام آپ ان کی مخالفت پر رنجیدہ نہ ہوں یہ تو مخالفت کرنے کے عادی ہو چکے ہیں۔ رب تعالیٰ ضد اور ہٹ دھرمی سے بچائے آمین۔ **چھٹا فائدہ**: متبرک مقامات پر عبادات یا دعا کرنی کرانی سنت انبیاء ہے کہ بنی اسرائیل کو کوہ طور پر بلا کر توبہ و معذرت کرائی گئی جو لوگ مزاروں کے قرب میں مساجد بناتے ہیں یا ان کے عبادت خانوں' اعتکاف کی جگہ نمازیں یا دعائیں ادا کرتے ہیں ان کی دلیل یہ آیت ہے حضرت عبداللہ ابن عمر مکہ معظمہ کے راستے میں ہر اس جگہ نفل پڑھتے جہاں حضور نے قیام فرمایا تھا۔ **ساتواں فائدہ**: نبی کا انکار کر کے کوئی عبادت یا دعا یا عشق الٰہی

marfat.com
Marfat.com

قبول نہیں رب کے دیدار کی تمنا بہترین عبادت تھی مگر چونکہ ان اسرائیلیوں نے موسیٰ علیہ السلام کا انکار کرتے ہوئے یہ کی اس لئے عذاب میں گرفتار ہوئے **آٹھواں فائدہ:** نبی کی شفاعت وہاں کام آتی ہے جہاں کوئی حیلہ و تدبیر کام نہیں آتی یہ اسرائیلی خود تو مر چکے تھے' اب ان کی معافی اور گئی ہوئی زندگی ملنا۔ موسیٰ علیہ السلام کی شفاعت سے ہوئی۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** جب رب نے ان ستر آدمیوں سے بھی کلام فرمایا تو چاہئے کہ ان کو بھی کلیم اللہ کہا جائے صرف موسیٰ علیہ السلام کی یہ خصوصیت نہ رہی۔ **جواب:** کلیم اللہ وہ جو خود رب سے کلام کرکے جواب حاصل کرے یہاں ایسا نہ ہوا صرف کلام الٰہی ان کو سنا دیا گیا مخاطبہ نہ ہوا۔ **دوسرا اعتراض:** جب یہ لوگ دوبارہ زندہ ہوئے تو چاہئے کہ پھر شریعت کے احکام کے مکلف نہ رہتے کیونکہ مرنے کے بعد سارے احکام ختم ہو جاتے ہیں۔ **جواب:** چونکہ یہ لوگ دوبارہ زندہ ہو کر بھی اس دنیا میں رہے اس لئے ان پر احکام شرعیہ بھی باقی رہے' ہاں برزخی اور اخروی زندگی میں احکام نہ ہوں گے کیونکہ وہ عالم ہی دوسرا ہو گا۔ **تیسرا اعتراض:** جن لوگوں کو مار کر زندہ فرمادیا گیا ان کی عمر ختم ہو چکی تھی یا نہیں' اگر ہو چکی تھی تو دوبارہ زندہ کیوں رہے' اگر نہ ہوئی تھی تو موت کیوں آئی' موت تو زندگی ختم ہونے پر آتی ہے۔ **جواب:** ابھی ان کی عمر ختم نہ ہوئی تھی' یہ موت عارضی تھی پھر انہوں نے دوبارہ زندہ ہو کر اپنی بقیہ عمر پوری کی' جیسے کسی چراغ میں روغن اور بتی موجود ہو مگر ہوا سے گل ہو جائے پھر کوئی اللہ کا بندہ اس میں دیا سلائی لگا کر روشن کردے' اسی طرح ان کی شمع حیات میں روغن عمر باقی تھا مگر نافرمانی کی تیز آندھی سے وہ گل ہو گئی حضرت موسیٰ کی دعا دیا سلائی کی مثل تھی' یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان کی پہلی عمر ختم ہو چکی ہو حضرت موسیٰ کی دعا سے دوبارہ دوسری عمر عطا فرمائی گئی ہو سیدنا آدم علیہ السلام نے اپنی عمر میں سے چالیس سال حضرت داؤد کو دیئے۔ روایات میں ہے کہ اہل قرابت کے ساتھ اچھا سلوک کرنے سے عمر بڑھتی ہے بعض اعمال عمر بڑھا دیتے ہیں تو پیغمبر کی دعا سے نئی عمر مل سکتی ہے۔ حضرت زلیخا کو یوسف کی دعا سے دوبارہ جوانی عطا ہوئی وغیرہ۔ اس کی زیادہ تحقیق انشاء اللہ عیسیٰ کے مردے زندہ کرنے اور تقدیر کی اقسام کی بحث میں آوے گی۔ **چوتھا اعتراض:** اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ دیدار الٰہی ناممکن اگر ممکن ہوتا تو ان کو اس کے مانگنے پر سزا کیوں ملتی اور ناممکن چیز کبھی نہیں ہو سکتی' لہٰذا آخرت میں بھی دیدار نہ ہو گا۔ نیز حق تعالیٰ امکان اور جہت سے پاک اور اس کے بغیر دیکھنا محال۔ **جواب:** دیدار الٰہی ممکن ہے بلکہ ہمارے حضور کو ہوا اور انشاء اللہ تعالیٰ قیامت میں عام مسلمانوں کو حاصل ہو گا اگر ناممکن ہوتا تو موسیٰ علیہ السلام اس کی دعا نہ فرماتے کیونکہ ناممکن کی دعا کرنا گناہ ہے اور نبی گناہ سے معصوم۔ نیز جب موسیٰ علیہ السلام نے دعائے دیدار کی تو رب نے فرمایا کہ اس پہاڑ پر نظر کرو اگر یہ اپنی جگہ قائم رہ جائے تو تم بھی ہم کو دیکھ لینا یعنی اپنے دیدار کو ممکن چیز پر موقوف رکھا اور ممکن پر موقوف بھی ہوتا ہے۔ یہ قاعدہ بھی غلط ہے کہ دیدار کے لئے مکان اور جہت ضروری ہے یہ اس دنیا کا حال ہے انشاء اللہ آخرت میں بغیر کیفیت اور بغیر جہت کے ہو گا ان اسرائیلیوں پر یہ عتاب طلب دیدار کی وجہ سے نہ ہوا' اگر اس لئے ہوتا تو چاہئے تھا کہ موسیٰ علیہ السلام پر بھی ہوتا کیونکہ انہوں نے بھی اس کی خواہش کی تھی۔ **پانچواں اعتراض:** موسیٰ نے تمنائے دیدار کی تو وہ محبوب رہے اور ان اسرائیلیوں نے کی تو یہ معتوب ہو گئے۔ وجہ فرق کیا ہے؟ **جواب:** موسیٰ نے اشتیاق ملاقات اور شوق دیدار میں تمنا کی تھی انہوں نے سرکشی اور عناد کی وجہ سے اور موسیٰ پر بے اعتباری کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہم آپ کی بات نہ مانیں گے بلکہ خود دیکھ کر یہ کفر ہوا اس وجہ سے وہ معتوب

marfat.com
Marfat.com

ہوئے نیز انہوں نے کہا تھا کہ رب کو صورت اور شکل میں ہم کو دکھاؤ جیسا کہ ہم جھرۃ کی تفسیر میں لکھ چکے اور رب شکل و صورت سے پاک ہے اگر وہ یہ دو باتیں نہ کہتے تو ہرگز خرابی میں نہ پڑتے۔ **چھٹا اعتراض:** بنی اسرائیل نے بچھڑے کی پرستش کر کے شرک کیا تب تو ان پر عذاب نہ آیا صرف توبہ ہی کرائی گئی اور وہ قتل توبہ بھی ان کے لئے رحمت ہوا مگر یہاں گناہ معمولی اور عذاب سخت اس کی کیا وجہ ہے۔ **جواب:** فرق یہ ہے کہ پہلی صورت میں انہوں نے پیغمبر کا مقابلہ 'ان کی توہین نہ کی دوسری صورت میں توہین نبی کا جرم کیا ہے اس لئے عذاب آیا' عذاب الٰہی ہمیشہ نبی کے مقابلے پر آتا ہے 'فرعون نے موسیٰ علیہ السلام سے پہلے دعویٰ خدائی کیا ہزارہا بچے ذبح کر دیئے مگر کبھی سر میں درد بھی نہ ہوا۔ جب موسیٰ علیہ السلام کا مقابلہ کیا غرق ہوا۔ مولانا فرماتے ہیں۔۔

ہیچ قومے را خدا رسوا نہ کرد تا دلے صاحب دلے نہ آمد بدرد

**مسئلہ:** اس دنیا میں رہ کر کوئی شخص بحالت بیداری اور آنکھوں سے رب کو نہیں دیکھ سکتا' ہمارے حضور علیہ السلام نے معراج کی رات رب کو دیکھا مگر دوسری دنیا یعنی عالم امر میں پہنچ کر سارے مسلمان رب کا دیدار کریں گے مگر آخرت میں نہ کہ اس دنیا میں امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے رب کو سو بار دیکھا' مگر خواب میں نہ کہ ان آنکھوں سے' یہاں دیدار نہ ہونے کی چند حکمتیں ہیں۔ **پہلی حکمت:** یہ کہ اگر یہاں مسلمان رب کو دیکھ لیتے تو کفار کہہ سکتے تھے کہ ہم بھی دیکھ کر اس کی عبادت کریں گے اور اگر کفار کو بھی دکھایا جاتا تو مسلمانوں کو ان پر کچھ فوقیت نہ رہتی۔ **دوسری حکمت:** یہ ہے کہ رب کے نزدیک غائبانہ محبت مقبول ہے' یہاں بغیر دیکھے اس سے محبت کرو' تاکہ یہ محبت اس کے دیدار کا ذریعہ بنے کیونکہ دنیا کے سودے دیکھ کر خرید و مگر آخرت کے بغیر دیکھے' **تیسری حکمت:** یہ ہے کہ اگر یہاں دیدار الٰہی ہو تا تو دنیوی کاروبار سب ختم ہو جاتے کیونکہ جو آنکھ اسے دیکھ لیتی وہ کسی اور کو نہ دیکھتی۔ **چوتھی حکمت:** یہ ہے کہ اس کی قدر ہو کیونکہ جو چیز مشکل سے ملتی ہے اس کی قدر ہوتی ہے۔ **پانچویں حکمت:** یہ ہے کہ دنیا غیرت کی جگہ ہے یہاں پر عاشق چاہتا ہے کہ نہ میں محبوب کے سوا کسی کو دیکھوں اور نہ محبوب کو کوئی دیکھے اور نہ خود وہ کسی کو دیکھے اس لئے سب کو تکلیف ہوتی کسی شاعر نے خوب کہا ہے۔

نیناں میں جو آن بسو نیناں جھانپ ہی لوں نہ میں دیکھوں اور کو نا توئے و یکھن دوں

آخرت میں چونکہ یہ حال نہ رہے گا لہذا وہاں دیدار ہو گا۔ **چھٹی حکمت:** یہ ہے کہ دنیوی آنکھ اتنی کمزور ہے کہ سورج کے نور کی بھی تاب نہیں لاتی تو خالق سورج کو کیا دیکھ سکے' حوران بہشتی اور فرشتے اسی لئے چھپا لئے گئے کہ کسی کی آنکھ میں ان کے دیکھنے کی طاقت نہیں' ہاں سورج پر ہلکے بادل کا غلاف آجائے۔ یا اس کا عکس پانی میں لے لیا جائے تو اس کا دیدار ہو جاتا ہے' نیز چاند تاروں کے ذریعہ سورج کا نور معلوم ہو جاتا ہے اسی طرح اس دنیا میں اگر رب کا جمال دیکھنا ہے تو مصطفیٰ کا جمال دیکھو کیونکہ یہ جمال آئینہ حق نما ہے معراج کی رات موسیٰ علیہ السلام کے لئے قبول دعا کی رات تھی کہ رب ارنی والی دعا کا اثر آج ظاہر ہو رہا تھا کہ ان کو رب نے آئینہ مصطفائی میں اپنا دیدار دکھایا اسی لئے حضرت موسیٰ اور تجلی گاہ رحمانی کے درمیان بار بار حضور علیہ السلام کی آمد و رفت رہی۔

**تفسیر صوفیانہ:** اغیار کا یار کے دروازے پر آکر دیدار کے لئے شور مچانا اس دربار کی بے ادبی ہے اور دوری اور شقاوت کا

marfat.com
Marfat.com

ذریعہ بھی۔ قصور ان اسرائیلیوں سے ہوا تھا جس کی سزا میں ان کو موت دیدی گئی مگر چونکہ یہ اس دروازے تک خود نہ گئے تھے بلکہ یار کے بلائے ہوئے اور اس کے مقبول بارگاہ کے ذریعہ سے اور لے جانے والوں کو اپنے لانے کا پاس ہوتا ہے اور بازو پکڑنے کی لاج' اسی لئے موسیٰ نے عرض کیا کہ یا مولیٰ یہ ہیں تو بے ادب' مگر میرے لائے ہوئے ہیں اس لئے ان پر رحمت کی بارش ہوئی اور بعد موت ان کو زندگی بھی عطا ہوئی اور نبوت بھی جیسا کہ روایت میں آتا ہے کیونکہ غیرت والے کسی کو بلا کر گھر سے خالی نہیں پھیرتے۔ کسی شاعر نے خوب کہا ہے۔

لج پال پریت کو توڑت ناہیں جو بانہہ پکڑت سو چھوڑت ناہیں

گھر آئے کو خالی موڑت ناہیں

اس بارگاہ میں داخل وہ ہوتا ہے جو کسی کے ساتھ جائے اور قرب حق کی منزلیں صبر سے طے کرے' زبان سے شور نہ مچائے اور اس کے گھر کے دروازے سے جائے اور سوال و جواب میں ادب ملحوظ رکھے بنی اسرائیل کو ایک ہی بار مار کر زندہ کیا گیا لیکن طالب مولیٰ ہر آن مرتے اور زندہ ہوتے ہیں۔ خیال رہے کہ عذاب دیکھ کر توبہ کرنا یا ایمان لانا بیکار ہوتا ہے فرعون ڈوبتے وقت ایمان لایا جو قبول نہ ہوا۔ مگر ان لوگوں پر عذاب آبھی گیا ہلاک بھی ہو گئے توبہ نہ کر سکے پھر بھی عذاب سے نجات بلکہ رب کی طرف سے اعزاز صرف اس لئے کہ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی تھے' پتہ لگا کہ نبی کے ساتھیوں کی معافی ہوتی ہے تو حضور کے بعد کچھ صحابہ سے لغزشیں ہوئیں تو تمام مغفور ہیں کسی پر زبان طعن دراز کرنا جائز نہیں۔ کیا رسول اللہ کے صحابہ کلیم اللہ کے صحابہ سے بھی کم ہیں اسی طرح حضرت زلیخا اور برادران یوسف سے جو خطائیں سرزد ہوئیں سب بخشی گئیں ان پر زبان طعن کھولنا اپنے اعمال برباد کرنا ہے۔ اس آیت سے عبرت پکڑنا چاہئے۔ رب تعالیٰ سمجھ دے' یہ تمام حضرات طور سے جا کر نبی یا کم از کم ولی ہوئے کہ کلام الٰہی سن چکے تھے۔

| |
|---|
| وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى |
| اور سایہ کیا ہم نے اوپر تمہارے ہلکے بادل سے اور اتارا ہم نے اوپر تمہارے من اور سلویٰ کو |
| اور ہم نے تمہارا سائبان کیا ابر کو اور تم پر من و سلویٰ اتارا |
| كُلُوا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۚ وَمَا ظَلَمُونَا وَلٰكِنْ كَانُوٓا |
| کھاؤ تم ستھری چیزوں میں سے وہ جو دیں ہم نے تم کو اور نہ ظلم کیا انہوں نے ہم پر اور لیکن |
| کھاؤ ہماری دی ہوئی ستھری چیزیں اور انہوں نے ہمارا کچھ نہ بگاڑا ہاں |
| أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۞ |
| تھے وہ جانوں اپنی پر ظلم کرتے |
| اپنی جانوں کو بگاڑتے تھے |

marfat.com

Marfat.com

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ اس سے پہلے بنی اسرائیل کی چھ نعمتیں بیان کی گئی اب ساتویں نعمت کا ذکر ہے۔ دوسرے یہ کہ پچھلی آیتوں میں بنی اسرائیل کو قتل کر کے یا موت دے کر رحم فرمانے کا ذکر تھا اب ان کو قید فرما کر کرم فرمانے کا ذکر ہوا تیسرے یہ کہ پہلی آیتوں میں بنی اسرائیل کی بت پرستی اور موسیٰ علیہ السلام کے انکار اور ان پر سزا' اور پھر عفو خطا کا ذکر تھا اور اب ان کی نافرمانی اور رب کی پکڑ اور اس سے نجات کا ذکر فرمایا جا رہا ہے یعنی پہلے سخت جرم اور ان کی سخت سزا یعنی موت اور بڑی عطاؤں کا ذکر ہوا اور اب ان کے ہلکے جرم اور ہلکی سزا یعنی سزائے قید اور رحم خسروانہ کا تذکرہ ہو رہا ہے۔

تفسیر : پچھلی ساری آیتوں کو لفظ **اذ** سے شروع فرمایا گیا تھا' مگر اس نعمت کو بغیر **اذ**۔ اس کی دو وجہیں ہیں ایک یہ کہ یہ پہلی نعمت ہی کا ایک جز ہے۔ مستقل دوسری نعمت نہیں' یعنی ہم نے تم کو موت کے بعد زندہ کیا اور پھر تم پر سایہ کیا دوسرے یہ کہ یہ نعمتیں یعنی ابر کا سایہ کرنا اور من وسلوٰی کا اتارنا اس وقت عطا ہوئیں جبکہ ان کو مصر کی سرسبز زمین سے نکال کر بیابان جنگل میں قید کر دیا' جیسے بادشاہ کی طرف سے جیلخانہ میں قیدیوں کو کھانا پانی اور مکان دیا جاتا ہے کہ یہ چیزیں اگرچہ نعمتیں ہیں مگر بظاہر عذاب ہر شخص اس جیلخانہ کے کھانے سے پناہ مانگتا ہے لہٰذا چونکہ یہ نعمتیں ایک قسم کا عذاب بھی تھیں اس لئے یہاں **اذ** نہ فرمایا گیا

**ظللنا** - ظل سے بنا ہے جس کے معنی ہیں سایہ' سایہ کی تین صورتیں ہیں ایک تو آفتاب کا نہ ہونا' دوسرے ہوتا مگر درخت و مکان وغیرہ زمینی چیزوں کی وجہ سے دھوپ کا ہم تک نہ پہنچنا' تیسرے آسمانی چیزوں بادل وغیرہ کی وجہ سے دھوپ کا نہ آسکنا جنت کی نعمتوں میں فرمایا گیا **وظل ممدود** یعنی دراز سایہ یہاں پہلی قسم کا سایہ مراد ہے کیونکہ وہاں آفتاب ہے ہی نہیں وہ جو روایت میں آتا ہے کہ درخت طوبیٰ کے سایہ میں سوار سو برس تک دوڑ سکتا ہے اس سایہ سے مراد اس کے نیچے کی زمین ہے اگر آفتاب ہوتا تو وہاں تک سایہ ہوتا اس آیت میں تیسری قسم کا سایہ مراد ہے یعنی بادل کی وجہ سے دھوپ کا میدان میں نہ آنا' آیت کے معنی یہ ہوئے کہ بذریعہ بادل کے تم پر سایہ کیا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ **ظلة** سے بنا ہو جس کے معنی ہیں سائبان یا شامیانہ یعنی ہم نے تم پر بادل کو شامیانہ بنایا **علیکم** اس سے سارے بنی اسرائیل مراد ہیں نہ کہ صرف وہ ستر جو طور پر مار کر زندہ کئے گئے کیونکہ یہ سایہ ان پر ہوا جو کہ مصر سے نکل کر شام کی طرف جہاد کے لئے بھیجے گئے اور پھر نافرمانی کی وجہ سے جنگل میں قید کر دیئے گئے' جس کا پورا قصہ انشاء اللہ خلاصہ تفسیر میں آئے گا۔ **الغمام** یہ لفظ غم سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں ڈھانپنا' رنج کو بھی اسی لئے غم کہتے ہیں کہ وہ دل پر چھا جاتا ہے اور اس کو ڈھانپ لیتا ہے' یہاں اس سے سفید باریک اور ٹھنڈا بادل مراد ہے۔ جس کی وجہ سے وہ آفتاب کی دھوپ سے بچ جائیں اور اندھیرے میں مبتلا نہ ہوں اس کی وجہ سے وہ میدان ان کے لئے ایک مکان سا بن گیا۔

**وانزلنا علیکم المن** چونکہ وہ کھانے کے حاجتمند تھے اس لئے ان پر **من** اتارا گیا من کے لغوی معنی ہیں احسان اور چیز بغیر مشقت کے حاصل ہو جائے وہ من کہلاتی ہے کیونکہ وہ محض اللہ کے فضل سے ملی' اسی لئے حدیث شریف میں آیا ہے کہ **کماۃ** (یعنی کھبی جو کہ بارش میں گلی ہوئی لکڑی سے چھتری کی طرح نکلتی ہے) من میں سے ہے اور اس کا پانی آنکھوں کے لئے شفا اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ بنی اسرائیل پر اس قسم کا من اترا تھا بلکہ مطلب یہ ہے کہ بغیر مشقت ہم کو مل گئی۔ اس معنی سے جھربیری کے بیر اور تمام درختوں کے پھل من میں داخل ہیں طبیبوں کی اصطلاح میں وہ شبنم ہے جو درخت یا پتھر پر گرے اور

marfat.com
Marfat.com

اس میں مزہ اور مزاج ہو جیسے ترنجبین اور شیر خشت اور گزانگبین چونکہ بنی اسرائیل پر بھی شبنم گر کر جم جاتی تھی اس لئے اس کو من فرمایا۔ اس میدان میں صبح صادق سے آفتاب نکلنے تک ایک شبنم گرتی تھی جو جم کر برف کی طرح سفید اور لذت میں گھی اور شہد کی معجون کی طرح ہوتی تھی' یہ لوگ اپنی چادروں اور کپڑوں پر اس کو جمع کر لیتے اور اس پر گزارہ کرتے' سلویٰ ایک دریائی پرندہ کا نام ہے۔ جس کا قد چھوٹے مرغ کے برابر ہوتا ہے اس کا گوشت نہایت لذیذ اور زود ہضم ہے۔ طبیبوں کی اصطلاح میں اس کو قتیل الودر کہتے ہیں کیونکہ یہ بادل کی گرج سن کر مرجاتا ہے۔ اس کا عربی میں دوسرا نام سمانے اور فارسی میں اردھی ہے اس کا پاخانہ چڑیا کے پاخانہ کے مشابہ ہوتا ہے اس کا پتہ مرگی کے واسطے مفید ہے اور اس کا خون کان کے درد کو دور کرتا ہے اس کے ہمیشہ کھانے سے دل نرم ہوتا ہے۔ یہ مصر اور حبشہ کے علاقہ میں کھاری سمندر کے پاس زیادہ پایا جاتا ہے روزانہ شام کے وقت ان پرندوں کو ہوا اڑا کر لاتی تھی اور یہ شکار کر کے ان کے کباب کھاتے تھے۔ **کلوا من طیبت ما رزقنکم** اس میدان میں ان بے محنت نعمتوں کا ان کے ذمہ صرف یہ شکر واجب کیا گیا کہ من و سلویٰ روز کا روز کھالو۔ کل کے لئے جمع نہ رکھو کیونکہ نیا روز اور نئی روزی ہوگی۔ ہاں چونکہ ہفتہ کے دن من و سلویٰ نہ آئے گا اس لئے جمعہ کے دن ایک دن کا جمع کر لو۔ اس جملہ کا یہی مقصود ہے۔ **طیبات** جمع **طیبۃ** کی ہے۔ طیبہ وہ حلال چیز ہے جو طبیعت کو موغوب ہو۔ جو چیز حلال تو ہو مگر مرغوب نہ ہو وہ طیبہ نہ کہلائے گی۔ جیسے طلاق اسی لئے اس کو **ابغض المباحات** کہتے ہیں جو مرغوب ہو مگر حلال نہ ہو وہ بھی طیب نہیں جیسے زنا وغیرہ بلکہ خبیث ہے۔ **رزقنا** میں ادھر اشارہ ہے کہ ہم نے بغیر تمہارے کسب کے یہ چیزیں عطا فرمائیں لہٰذا ان کی قدر کرو۔ **وما ظلمونا** ان لوگوں نے اس پر عمل نہ کیا بلکہ بے صبری کی وجہ سے جمع کر رکھا۔ نیز موسیٰ علیہ السلام سے شکایت بھی کی کہ ہم سے روزانہ ایک غذا نہیں کھائی جاتی ہمیں تو زمینی خوراکیں چاہئیں۔ جیسے گیہوں' مسور' ککڑی اور لہسن وغیرہ اس ناشکری سے انہوں نے ہمارا کچھ نہیں بگاڑا کیونکہ ہماری کسی شان میں فرق نہیں آیا۔ **ولکن کانو انفسھم یظلمون** اپنی جانوں ہی پر ظلم کرتے تھے اور اپنا ہی نفع کھو بیٹھے کیونکہ انہوں نے وہ روزی کھو دی۔ جس پر نہ دنیا میں محنت تھی نہ آخرت میں حساب اور اپنی قابلیت فیض بھی کھو بیٹھے اگر یہ لوگ یہ حرکتیں نہ کرتے تو ہمیشہ ان کو یہ نعمتیں ملتی رہتیں۔ اب محنت سے کمائیں گے اور آخرت میں حساب بھی دیں گے خیال رہے کہ مقام تیہ کے یہ واقعات حضرت موسیٰ کے معجزات ہی۔ بنی اسرائیل کو غیبی غذا' غیبی پانی' غیبی سایہ' غیبی لباس ملنا۔ حضرت موسیٰ کی برکت سے ہوا ہمارے حضور نے حضرت ابو طلحہ کی ہانڈی و آٹے میں اپنا لعاب دہن ڈال دیا تو چار سیر جو اور تین سیر گوشت سے دو ہزار آدمیوں نے کھایا اور کم نہ ہوا۔ گوشت میں بوٹیاں اور شوربے میں مرچ مصالحہ سب کچھ ہی ہوتا ہے۔ پھر اتنی بھاری جماعت کے کھانے میں لکڑیاں کتنی چاہئیں اور پکانے والی میں قوت بازو کس قدر درکار ہے۔ یہ سب حضور کی طرف سے ہوا یونہی حضور نے بارہا ایک پیالہ یا ایک مشکیزہ پانی سے لشکروں کو سیر فرمادیا حضرت علی کو دعا دے دی انہیں سردی گرمی نہ لگتی تھی۔

**خلاصہ تفسیر** : اے بنی اسرائیل تم اس نعمت کو بھی یاد کرو جب کہ تم مصر سے جہاد کرنے کے لئے ملک شام کی طرف روانہ کئے گئے اور ایک نافرمانی کی وجہ سے مقام تیہ میں قید کر دیئے گئے جو سخت گرم اور آب و دانہ سے خالی تھا۔ اگر وہاں تم پر ہمارا فضل نہ ہوتا تو تم وہاں ہی بھوکے پیاسے جل بھن کر ختم ہو جاتے۔ لیکن ہم نے وہاں بھی تمہاری دستگیری فرمائی کہ تم پر ہلکے بادل کا سایہ

marfat.com
Marfat.com

کیا اور لذیذ مزیدار حلوا اور کباب تمہیں بغیر مشقت عطا فرمایا۔ تم سے صرف اتنا کہا گیا کہ تم توکل سے کھانا آج کا رزق کل کے لئے جمع نہ کرنا۔ مگر تم سے یہ بھی نہ ہو سکا تم نے وہاں بھی ہم پر توکل نہ کیا اور جمع کر کے اپنے رزق کو بند کر لیا۔ غور تو کرو کہ اس میں ہمارا کیا بگڑا۔ تم نے اپنا ہی بگاڑ لیا۔ مولانا فرماتے ہیں۔

ترک مستقبل کن و ماضی نگر
سالہا خوردی و کم تلد زخور

بے صبر آئندہ کو دیکھتا ہے کہ میں کیا کھاؤں گا۔ صابر بندہ گزشتہ کو دیکھ کر کہتا ہے کہ جس نے مجھے پہلے کھلایا تھا۔ وہ آئندہ بھی کھلائے گا۔

**بنی اسرائیل پر من و سلوی کا اترنا** : جب موسیٰ علیہ السلام ان ستر اسرائیلیوں کو زندہ کرا کر مصر میں لے گئے تو سارے اسرائیلیوں کو حکم الٰہی پہنچایا کہ مصر سے روانہ ہو کر ملک شام کی طرف چلو۔ کیونکہ وہ ابراہیم علیہ السلام کا مدفن ہے اور وہاں ہی بیت المقدس بھی ہے۔ جس پر ایک ظالم اور سخت قوم عمالقہ نے قبضہ کر رکھا ہے ان سے جہاد کر کے اس ملک سے ان کو نکالو اور وہاں ہی آباد ہو جاؤ جیسے کہ تم نے مصر کر فرعونیوں سے پاک کر دیا اس حکم میں راز یہ تھا کہ بنی اسرائیل ملک مصر میں فرعون کے عیش و آرام دیکھ چکے تھے اور اب سارے مصر کے مالک ہو گئے۔ اندیشہ تھا کہ یہ بھی فرعونیوں کی طرح عیش و آرام میں پھنس کر اللہ کی عبادت بھول جائیں گے۔ نیز فرعون کہا کرتا تھا کہ موسیٰ اور ہارون علیہما السلام صرف یہ چاہتے ہیں کہ مجھ کو مصر سے نکال کر بنی اسرائیل کو یہاں کا مالک بنا دیں اگر اسرائیلی وہاں ہی رہتے تو دوسرے لوگ کہتے کہ فرعون کا خیال صحیح تھا۔ صرف ملک گیری کے خیال سے یہ سب کچھ کیا گیا تھا اور یہ تمام باتیں دنیا حاصل کرنے کے بہانے تھے اس لئے حکم دیا گیا کہ اس جگہ کو چھوڑ و اور فی سبیل اللہ جہاد کر کے شام کی مقدس زمین کو دشمنان دین سے خالی کرالو۔ بنی اسرائیل مصر کی زمین سے بہت راضی تھے کیونکہ بغیر مشقت لقمہ تران کے ہاتھ آ گیا تھا۔ اس لئے ان کو وہاں سے نکلنا بہت شاق گزرا۔ چار و ناچار روانہ تو ہو گئے لیکن بات بات کی موسیٰ علیہ السلام سے شکایت کرتے تھے اور زبان درازی کر کے ان کو تنگ کرتے تھے۔ جب مصر اور شام کے درمیان بے آب و دانہ اور سخت گرم میدان میں پہنچے جس کا نام تیہ ہے اور انہیں خبر لگی کہ جن عمالقہ قوم سے ہم جنگ کرنے جا رہے ہیں وہ سخت جنگ جو اور بہادر ہے۔ ان کے جسم تقریباً" سات سو گز کے ہیں تو جنگ سے ہمت ہار بیٹھے اور موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ اپنے رب کے ساتھ جا کر ان سے جنگ کریں۔ ہم تو یہیں رہیں گے۔ رب نے ان کو یہاں ہی چالیس سال کے لئے قید کر دیا یہ میدان تیہ صرف بارہ کوس میں تھا لیکن وہ اس میں ہی حیران و پریشان پھرے اور یہاں سے نکل نہ سکے۔ اسی لئے اس کو تیہ کہتے ہیں۔ جس کے معنی ہیں حیرانی (تفسیر روح البیان) اب ان کا انتظام یہ کیا گیا کہ دن میں سفید ہلکا بادل ان پر سایہ کر کے انہیں گرمی سے بچاتا تھا اور اندھیری رات میں ایک نوری ستون اتر تا تھا جس کی روشنی میں اپنا کام کاج کرتے تھے اور آفتاب نکلنے سے پیشتر نہایت لذیذ حلوا برس جاتا تھا۔ یعنی من جو ہر شخص کو روزانہ ایک صاع یعنی تقریباً" 4 سیر ملتا تھا جو کہ ان کو دن بھر کے لئے بخوبی کافی ہوتا اور جمعہ کے دن دگنا برستا تا کہ ہفتہ کے دن بھی کام آئے۔ یہ لوگ شیرینی سے گھبرا گئے اور نمکین چیز کا موسیٰ علیہ السلام سے مطالبہ کیا۔ چنانچہ روزانہ عصر کے بعد ان کے لئے نفیس کبابوں کا انتظام کیا گیا۔ یعنی سلویٰ جیسا کہ ہم تفسیر میں عرض کر چکے ہیں لیکن اس میں پابندی یہ تھی کہ روز کے روز کھالو کل کے لئے جمع نہ کرو۔ اب بھی جس بزرگ کو دست غیب ہو تا

marfat.com
Marfat.com

ہے اس میں بھی یہی پابندی ہے لور جمع کرنے سے بند ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اس میں توکل تام شرط ہے ان لوگوں سے صبر نہ ہوا اور انہوں نے کل کے لئے رکھ چھوڑا۔ جس کا انجام یہ ہوا کہ کباب سڑنے لگے اور اس کی بو سے لوگوں کو تکلیف ہونے لگی اور اس کا آنا بند ہو گیا (تفسیر عزیزی) خیال رہے کہ اس سے پہلے گوشت کبھی نہ سڑتا تھا۔ حدیث شریف میں ہے کہ اگر بنی اسرائیل نہ ہوتے تو کھانا نہ سڑا کرتا اور حوا کی خیانت (یعنی حضرت آدم کو گندم کھلا دینا) نہ ہوتی تو کوئی بھی عورت اپنے شوہر سے خیانت نہ کرتی اس زمانے میں اسرائیلیوں کے نہ بال بڑھتے تھے اور نہ ناخن تاکہ حجامت کی ضرورت نہ پڑے اور نہ کپڑے میلے ہوتے نہ پھٹتے تاکہ دھوبی یا درزی کی ضرورت نہ پڑے اور جو بچے پیدا ہوتے تھے ان کے جسم پر قدرتی لباس ہوتا تھا۔ جو کھال کی طرح جسم کے ساتھ بڑھتا تھا۔ اس دوران میں بنی اسرائیل کے جو اولاد ہوتی وہ بھی قدرتی کپڑے میں لپٹی ہوئی جو بقدر جسم بڑھتا جاتا تھا۔ بعض روایات میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ختنہ شدہ ناف بریدہ آنکھوں میں سرمہ بالوں میں شانہ کئے حریر میں لپٹے ہوئے پیدا ہوئے۔ اگر یہ روایت درست ہو تو اس کی تائید بنی اسرائیل کے اس واقعہ سے ہو جاتی ہے کہ چالیس سال کے دوران ان پر لور ان کی اولاد پر قدرتی کپڑا ہوتا تھا۔ قبروں سے اٹھیں گے ننگے بعد میں قدرتی کپڑا عطا ہو گا۔ **فائدے:** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** یہ کہ نافرمانی سے عذاب الٰہی آتا ہے جیسے کہ بنی اسرائیل نافرمانی کی وجہ سے قید کر دیئے گئے۔ **دوسرا فائدہ:** یہ کہ جب رب تعالیٰ کوئی مصیبت بھیجتا ہے تو ساتھ ہی اس کا علاج بھی۔ جیسے بنی اسرائیل پر میدان تیہ میں بادل اور من و سلویٰ اتارا۔ **تیسرا فائدہ:** یہ کہ بے صبری سے نعمت چھن جاتی ہے جیسے کہ بنی اسرائیل سے من و سلویٰ کی نعمت چھن گئی۔ **چوتھا فائدہ:** یہ کہ سڑا ہوا کھانا حرام نیز تندرستی کے لئے مضر ہے۔ کیونکہ سلویٰ طیب یعنی حلال اور مرغوب چیز تھی۔ ان کی نافرمانی سے اسے غیر طیب بنا دیا گیا۔ مسئلہ سڑا ہوا طعام حرام ہے لیکن سڑا ہوا دودھ اور تیل گھی حلال۔ الاشباہ والنظائر و روح البیان **پانچواں فائدہ:** گناہ سے انسان اپنا نقصان کرتا ہے نہ کہ رب اور انبیاء کرام کا۔ ان حضرات کا کرم ہے کہ ہمارے نقصان سے رنج کرتے ہیں۔ جس سے لوگ سمجھتے ہیں کہ ہماری اطاعت سے کچھ ان کا فائدہ ہے اور ہماری نافرمانی سے ان کا نقصان **چھٹا فائدہ:** جو چیز آرام سے ملتی ہے اس کی قدر نہیں ہوتی جیسے کہ بنی اسرائیل کو من اور سلویٰ کی قدر نہ ہوئی آج ہم کو دین کے مقابلہ میں دنیا کی قدر زیادہ ہے اور ہمارے بزرگوں کو دین کی قدر تھی۔ کیونکہ دین انہوں نے کمایا تھا اور دنیا ہم نے ایک شخص قیمتی چادر سے اپنے پھٹے جوتے جھاڑ رہا تھا لوگوں نے کہا یہ کیا۔ اس نے کہا کہ جوتے میری اپنی کمائی کے ہیں لور چادر میرے باپ کی کمائی کی جو میں نے میراث سے پائی۔ یہی حال ہمارا ہے۔ **ساتواں فائدہ:** مفت خور قوم میں اولوالعزمی غیرت جفاکشی نہیں رہتی۔ آرام طلبی آجاتی ہے۔ فسق و فجور اور کاہلی ان کا شیوہ ہو جاتا ہے۔ اس لئے وہ جفاکش قوم کا مقابلہ نہیں کر سکتے اور آخر وہ ان کا شکار بن جاتی ہے اس لئے رب تعالیٰ محنت سے رزق عطا فرماتا ہے۔ اسلام نے جفاکشی کا حکم دیا۔ ہمیشہ آرام طلب امیر قوم جفاکش قوم کی غلام بن جاتی ہے۔ **پہلا اعتراض:** آسمان سے حلوے کا مینہ برسنا عقل کے خلاف ہے یہ تو ان بچوں کی سی کہانی ہے جو کہا کرتے تھے کہ کھیلوں بتاشوں کا مینہ برستا ہے (عام نیچری طبقہ قرآن کا مذاق)

**جواب:** معترض دنیوی موجودہ حالات سے بھی بے خبر ہے۔ اب بھی روزانہ بہت سی چیزیں شبنم اور بارش کے ذریعہ برستی ہیں برفانی علاقہ میں جو برف کی سلیں زمین پر جم جاتی ہیں یہ جمی ہوئی شبنم ہی تو ہے۔ اسی طرح ترنجبین خشک نجبین۔ شیر خشت

marfat.com
Marfat.com

اور گزانگبین اور بید انگبین یہ سب جمی ہوئی شبنمیں ہیں۔ بعض پتھروں پر شبنم جم کر شیر خشت بن جاتی ہے اور بعض درختوں پر جم کر ترنجبین وغیرہ نیز قیمتی موتی بارش کا جما ہوا قطرہ ہی تو ہے جو کہ سیپ میں جم کر موتی کی شکل میں آگیا۔ جو مولیٰ پانی اور شبنم کو جما کر اتنی چیزیں بنادے اگر وہ تیہ کی زمین میں یہ تاثیر پیدا کردے کہ وہاں شبنم گر کے حلوا بن جائے تو کون سی بعید بات ہے۔

**دوسرا اعتراض** : اگر تیہ کی زمین میں شبنم کو حلوا بنادینے کی تاثیر تھی تو پھر کیوں نہ رہی۔ **جواب:** تاثیر رب قدیر کے حکم سے ہوتی ہے۔ اگر نیچری صاحب کی والدہ کے رحم میں منی کو جما کر بچہ بنانے کی تاثیر تھی تو بڑھاپے میں وہ تاثیر کیوں نہ رہی یہ اعتراض نہیں بلکہ مجنون کی بڑ ہے۔

**تفسیر صوفیانہ** : جب رب تعالیٰ نے ان کو غربت کے کوڑے سے ادب دیا تو عین قریب کی حالت سے ان کی دستگیری فرمائی۔ کیونکہ جس مصیبت میں رب مبتلا کرتا ہے تو مدد بھی کرتا ہے اور جس میں بندہ خود پھنستا ہے تو رب کی طرف سے اس کو امداد نہیں ہوتی۔ روح انسانی عالم ارواح میں عیش و عشرت کے مصر میں آباد تھی رب کی طرف سے ان کو دنیا کے میدان تیہ میں پھنسایا گیا تو ان پر رحمتوں کی بارش بھیجی گئی رزق کا انتظام کیا گیا اور آسمان نبوت سے ان پر تقویٰ کا من و سلویٰ برسایا گیا جن لوگوں نے اس پر کفایت نہ کی اور حرص و ہوا کے شہر میں متاع دنیوی کی تلاش میں نافرمانی کرتے ہوئے داخل ہوگئے۔ پھر جو ان پر مصیبت بھیجی گئی اس میں کوئی امداد نہ کی گئی کیونکہ یہ اس میں خود داخل ہوئے تھے۔

**دوسری تفسیر صوفیانہ** : دنیا گویا مقام قید ہے۔ جس میں ہم سب مختلف میعادوں کے قیدی ہیں۔ کہ ہماری عمر میں قید کی میعادیں ہیں۔ یہاں نفس امارہ و شیطان وغیرہ کی تکالیف ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے جہاں ہم پر حضور علیہ السلام کو سایہ بان بنایا آپ کے دامن اقدس میں ہر طرح کا امن ہے۔ قرآن و حدیث ہمارے لئے روحانی من و سلویٰ ہے جس سے ہمارے قلب و روح کو ایمانی غذائیں ملتی رہتی ہیں۔ اس کے شکریہ کا ہم کو حکم ہوا ہے۔ جو ان نعمتوں کا غلط استعمال کرے وہ اپنی ہی جان پر ظلم کرتا ہے رب کا کچھ نہیں بگڑتا۔

وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ

اور جبکہ فرمایا ہم نے گھس جاؤ اس بستی میں پس کھاؤ تم اس سے جہاں کہیں

اور جب ہم نے فرمایا اس بستی میں جاؤ پھر اس میں جہاں چاہو بے روک ٹوک

شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ

چاہو تم وسیع اور داخل ہوؤ تم دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے اور کہو تم معافی

کھاؤ اور دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو اور کہو ہمارے گناہ معاف ہوں

marfat.com
Marfat.com

نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ۚ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝٥٨

| |
|---|
| بخش دیں گے ہم واسطے تمہارے خطائیں تمہاری اور عنقریب زیادہ دیں گے ہم نیکوکاروں کو |
| ہم تمہاری خطائیں بخش دیں گے اور قریب ہے نیکی والوں کو اور زیادہ دیں |

تعلق : اس آیت کا گزشتہ آیت سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ اس سے پہلے بنی اسرائیل کی سات نعمتوں کا ذکر ہوا۔ اب آٹھویں نعمت کا ذکر ہو رہا ہے۔ دوسرے یہ کہ پہلی آیت میں ان کے مقام تیہ میں قید ہونے کا ذکر تھا اب قید سے چھوٹنے کا تیسرے یہ کہ اس سے پہلے قدرتی غذا من و سلویٰ عطا فرمانے کا ذکر ہوا اب ان کو شہر میں پہنچا کر ہر قسم کی نعمتیں دینے کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ من و سلویٰ بھی بغیر محنت ہی ملتا تھا۔ اور اس شہر کی نعمتیں بھی اسی طرح۔ قوم عمالقہ جمع کر گئے تھے اور اسرائیلوں نے اس کو استعمال کیا چوتھے یہ کہ اس سے پہلے غذا جسمانی یعنی من و سلویٰ کا ذکر ہوا اب غذا روحانی یعنی توبہ اور مغفرت اور دیگر انعامات الٰہیہ کا۔ تفسیر: **و اذ قلنا** یہاں بھی ایک فعل پوشیدہ ہے۔ یعنی اے اسرائیلیو! اس نعمت کو بھی یاد کرلو۔ یا اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم انہیں وہ نعمتیں بھی یاد دلاؤ جب کہ ہم نے ان کے باپ داداؤں سے تیہ سے نکلتے وقت کہا کہ **ادخلوا** ظاہر یہ ہے کہ یہ امر وجوب کے لئے ہے۔ جس سے کہ بنی اسرائیل پر اس شہر میں جانا واجب ہو گیا یعنی اے اسرائیلیو! اس میدان سے نکل کر اس بستی میں جاؤ نہ کہ کسی اور جگہ اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ امر اباحت ہو کہ اب تک تم اس جنگل میں قید تھے اب بستی میں جا سکتے ہو۔ **ھذہ القریۃ** جس بستی میں ان کو بھیجنا منظور تھا وہ ان کو دکھا دی گئی کہ وہ بستی جو تم کو نظر آ رہی ہے۔ اس میں چلے جاؤ اس لئے **ھذہ** فرمایا گیا۔ **قریۃ** قریٰ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں۔ جمع ہونا۔ اس لئے مہمانی کے کھانے کو قری کہا جاتا ہے۔ کیونکہ وہ مجمع میں کھلایا جاتا ہے بستی کو قریہ اس لئے کہتے ہیں۔ کہ وہاں مختلف قسم کے لوگ جمع ہو کر رہتے ہیں۔ قریہ گاؤں اور شہر دونوں کو بولا جاتا ہے اس میں اختلاف ہے کہ یہ کون سی بستی تھی۔ بعض علماء نے فرمایا کہ بیت المقدس شہر تھا اس صورت میں یہ واقعہ موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد کا ہوگا۔ اور اس وقت اسرائیلیوں کی قید کا زمانہ ختم ہو چکا تھا کیونکہ موسیٰ علیہ السلام نے تیہ میں ہی وفات پائی ان کے بعد حضرت یوشع علیہ السلام بنی اسرائیل کے حاکم ہوئے اور آپ ہی ان کو نکال کر بیت المقدس میں لے گئے اس صورت میں اعتراض یہ پڑے گا۔ آئندہ آیت میں پھر تیہ کا ہی ذکر آ رہا ہے تو اگر یہ واقعہ تیہ سے نکلنے کا ہے تو واقعات کے بیان میں بے ترتیبی ہو گئی لیکن اس میں کوئی مضائقہ بھی نہیں اس لئے کہ ان حکایتوں میں فقط نعمتوں کا شمار کرانا منظور ہے اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس بستی سے اریحا مراد ہے یہ بیت المقدس کے پاس ایک گاؤں تھا جس میں قوم عمالقہ رہتی تھی اور لشکر بنی اسرائیل کے خوف سے اس گاؤں کو خالی کر کے چلے گئے تھے اور اس میں غلہ اور میوے بے شمار چھوڑ گئے تھے اس صورت میں یہ واقعہ موسیٰ علیہ السلام کی زندگی شریف کا ہی ہے اور یہ زمانہ تیہ میں قید ہونے کا ہی زمانہ ہے تو گویا بنی اسرائیل کی اس قید کے دو حصے ہیں۔ ایک جنگل میں رہنے کا زمانہ اور دوسرے اس بستی میں جنگل میں رہ کر ان پر من و سلویٰ آیا اور یہاں رہ کر قسم قسم کی نعمتیں ملیں اس صورت میں ساری آیتوں کے مضمون ترتیب وار ہو جائیں گے۔ **فکلوا منھا** بنی اسرائیل کو اس بستی کی ساری نعمتیں استعمال کرنے کا حق تھا کہ وہاں کی غذائیں کھاؤ لباس پہنو مکانات میں رہو تمہارے واسطے سب چیزیں حلال ہیں لیکن کھانا چونکہ سب سے بڑھ کر نعمت ہے اس لئے اس کا ذکر کیا گیا۔ **حیث شئتم** اس میں یہ بتایا گیا کہ

marfat.com

Marfat.com

وہاں تم پر مقام تیہ کی سی پابندی نہ ہوگی اور نہ وہ جگہ تمہارے واسطے سخت جیل ہوگی بلکہ تم کو اختیار ہوگا کہ وہاں ہی رہ کر نعمتیں کھاؤ یا باہر لے جا کر **رغدا** اس کے معنی ہم آدم علیہ السلام کے قصے میں بیان کر چکے ہیں۔ اس سے مقصود یہ ہے کہ یہاں تم پر من و سلویٰ کی سی پابندی نہ ہوگی بلکہ تمہارے لئے عام اجازت ہوگی۔ نیز یہ نہ سمجھنا کہ یہ غذائیں بقدر ضرورت کھانا جائز ہیں جیسے کہ مجبور آدمی کے لئے حرام غذا بلکہ خوب سیر ہو کر کھاؤ پیو اور چین کرو۔ خیال رہے کہ یہ امر اباحت کے لئے ہے۔

**وادخلوا الباب** اب اس شہر کے آداب کا ذکر فرمایا گیا کہ تم کو وہاں جانے کی اجازت تو ہے مگر شرط یہ ہے کہ شہر کے دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہونا۔ بعض علماء نے فرمایا ہے کہ اس سے بیت المقدس کا دروازہ مراد ہے۔ جو آج بھی موجود ہے۔ جس کا نام حطہ باب التوبہ ہے اب بھی جو شخص اس مسجد میں آتا ہے۔ اسی دروازہ سے آتا ہے اور عام مسلمان اس کی زیارت کرتے ہیں اور اس دروازے سے داخل ہونے کو مغفرت کا ذریعہ سمجھتے ہیں جیسے مسجد نبوی شریف میں ستون ابو لبابہ کے پاس کھڑے ہو کر لوگ توبہ کرتے ہیں یا ہمارے پاکستان میں پاک پٹن شریف میں بہشتی دروازے سے لوگ داخل ہوتے ہیں۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس دروازہ سے اس بستی کا دروازہ مراد ہے کیونکہ بیت المقدس کی مسجد اور باب حطہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانہ میں بنا۔ موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں نہ یہ مسجد بنی اور نہ یہ باب حطہ پھر اس دروازہ سے داخل ہونے کے کیا معنی

**سجدا** سجدے کے لغوی معنی ہیں جھکنا اور شرعی معنی ہیں سر زمین پر رکھنا۔ اگر یہاں لغوی معنی مراد ہوں تو آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ تم اپنی فتح اور بہادری پر اتراتے ہوئے اکڑ کر مت جانا۔ بلکہ عاجزی کرتے ہوئے اور جھکے ہوئے داخل ہونا کیونکہ یہ پیغمبروں کا شہر ہے یہاں تو فرشتے بھی جھک کر ادب سے آتے ہیں یہ جگہ اکڑنے کی نہیں۔ بلکہ نیاز مندی اور عجز کے اظہار کی ہے۔ حاجی آج مکہ مکرمہ میں احرام باندھ کر داخل ہوتے ہیں کہ وہ خلیل اللہ کا شہر ہے وہاں شکار وغیرہ نہیں کرتے نیز مسجدوں میں بحالت جنابت نہیں جاتے نسبت کا بڑا اثر ہے اور اگر شرعی معنی مراد ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ داخل ہوتے وقت شکر کے سجدے کر لینا کہ خدا تعالیٰ نے تم کو اس قید سے آزاد کیا اور تمہارے دشمنوں کو یہاں سے بھگا دیا اور تم کو اس مقدس شہر میں داخل ہونے کی توفیق عطا فرمائی کیونکہ انسان سجدہ کرتے ہوئے چل نہیں سکتا۔ **وقولو حطۃ** اور اے اسرائیلیو صرف بدنی عبادت کرنے پر ہی کفایت نہ کرنا بلکہ وہاں داخل ہوتے وقت اپنی زبان سے کہنا خدایا ہمارے گناہ معاف کر دے یعنی وہاں شیخی مارتے ہوئے مت جانا بلکہ بدنی عمل کے ساتھ قلبی اور زبانی شرمندگی بھی ظاہر کرنا۔ **حطۃ** عربی لفظ ہے۔ جس کے معنی ہیں گرا دینا یا تو بنی اسرائیل کو یہ لفظ ہی سکھایا گیا تھا کہ تم عربی زبان میں توبہ کرتے ہوئے جانا یا اس کا ہم معنی عبرانی لفظ ان کو بتایا گیا تھا جس کا عربی ترجمہ قرآن پاک میں نقل فرمایا ہے تفسیر کبیر میں ہے کہ اس کے معنی اترنے اور رہنے کے بھی ہیں۔ اب مطلب یہ ہوا کہ خداوندا ہم اس گاؤں میں رہیں گے **نغفرلکم۔ نغفر** غفر سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں چھپانا۔ چھلکے کو اسی لئے غفر کہتے ہیں کہ وہ مغز کو چھپائے ہوتا ہے۔ یہاں مراد ہے بخشنا اور معاف کرنا کیونکہ بخشش سے گناہ چھپ جاتا ہے۔ یعنی اے اسرائیلیو! اگر تم نے اس پر عمل کر لیا تو ہم تمہاری خطائیں معاف کر دیں گے۔ **خطیکم۔ خطایا۔** خطیئۃ کی جمع ہے۔ جس کے معنی ہیں غلطی خواہ بھول سے ہو یا جان بوجھ کر۔ یعنی ہم تمہارے سارے گناہ معاف کر دیں گے۔ **وسنزید المحسنین محسنین** احسان سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں اچھے کام کرنا۔ اصطلاح میں محسن وہ شخص ہے۔ جس کے عقائد اور اعمال اچھے ہوں یا وہ جو اچھے کام کرے اور برائیوں سے بچے یا وہ جو ایسے کام کرے جو شرعاً اور عقلاً بہتر ہوں چونکہ ان بنی اسرائیل میں انبیاء کرام بھی

marfat.com
Marfat.com

تھے جو خطاؤں اور گناہوں سے معصوم ہیں اس لئے فرمایا کہ اس شہر میں داخلے کے وقت ہر شخص حطتہ کہے اس کی برکت سے گنہ گاروں کے گناہ تو معاف ہو جائیں گے اور معصوموں کے درجے بلند ہوں گے یعنی ایک ہی لفظ دو جماعتوں کے لئے علیحدہ علیحدہ فائدہ دے گا۔ جو کام گنہ گاروں کے گناہ معاف کراتا ہے۔ وہ نیک کاروں کے درجے بڑھاتا ہے۔ ننیذ کا دوسرا مفعول چھپا ہوا ہے یعنی ہم محسنین کا ثواب اور درجے بڑھائیں گے کیونکہ اچھی زمین میں دانہ کی پیداوار اچھی ہوتی ہے۔ تخم اچھا پھل دیتا ہے ایسے ہی مقدس اور متبرک مقامات میں عبادات و نیکیاں اچھا اور زیادہ پھل دیتی ہیں وہاں کی آب و ہوا نیک اعمال کے لئے زیادہ موافق ہے مکہ معظمہ کی ایک نیکی کا ثواب ایک لاکھ ہے۔ مدینہ پاک کی ایک نیکی کا ثواب پچاس ہزار۔

**خلاصہ تفسیر** : اے بنی اسرائیل ہماری اس نعمت کو بھی یاد کرو جب کہ تم مقام تیہ میں قید کر دیئے گئے اور وہاں تم ایک معین غذا کھاتے کھاتے گھبرا گئے اور اس جگہ رہنے سے تم اکتا بھی گئے اور تم نے موسیٰ سے اپنی مصیبت بیان کی تو ہم نے تم پر یہ کرم فرمایا کہ تمہارے دشمن قوم عمالقہ جو بیت المقدس یا اریحا میں آباد تھی۔ اس کے دلوں میں تمہارا رعب ڈال دیا کہ وہ بہادر قوم تم کمزوروں سے ڈر کر بغیر لڑے بھڑے شہر خالی کر گئی اور پھر ہم نے تم سے کہا کہ جاؤ وہ شہر تمہارے واسطے خالی ہے تمہارے دشمن جو نعمتیں وہاں چھوڑ گئے ہیں تم جا کر اپنے استعمال میں لاؤ مگر تم پر صرف دو پابندیاں لگائیں ایک یہ کہ اس شہر کے دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے جھکے ہوئے عاجزی کرتے ہوئے داخل ہونا اور دوسرے یہ کہ اس داخلے کے وقت تمہاری زبان پر کوئی فخریہ کلمہ نہ ہو بلکہ ہم سے معافی چاہتے ہوئے جاؤ..... جس سے ہم گناہگاروں کی خطائیں معاف کر دیں گے اور نیک کاروں کے درجے بڑھا دیں گے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**: یہ کہ اگرچہ توبہ کی حقیقت یہ ہے کہ انسان گزشتہ جرم پر نادم ہو اور آئندہ کے لئے بچنے کا عہد کرے لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ زبان سے توبہ کے کلمے بولنا اور اس وقت کوئی نیک کام بھی کرنا چاہئے جیسے کہ بنی اسرائیل سے سجدہ بھی کرایا گیا اور حطتہ بھی کہلوایا گیا۔ اسی لئے اب بھی حکم ہے کہ توبہ کے وقت نماز توبہ اور صدقہ خیرات ادا کرے کیونکہ یہ توبہ کی قبولیت کا ذریعہ ہیں۔ **دوسرا فائدہ**: یہ کہ توبہ گناہ کے مطابق ہونی چاہئے یعنی چھپے گناہ کی چھپی توبہ اور ظاہر گناہ کی ظاہر توبہ جیسے کہ یہاں بنی اسرائیل کو علانیہ توبہ کا حکم دیا گیا تاکہ جس کو ہمارے گناہ کی خبر ہو اس کو ہماری توبہ کی بھی خبر ہو جائے بلکہ بہتر ہے کہ اپنی توبہ پر متقی اور پرہیز گاروں کو گواہ بنا لے اسی طرح جو شخص بدمذہبی سے توبہ کرے اس کو چاہئے کہ اس توبہ کا اعلان کرے۔ **تیسرا فائدہ**: یہ کہ متبرک مقامات جہاں رحمت الٰہی کا نزول ہوتا ہے وہاں جا کر توبہ کرنا اور اطاعت بجالانا زیادہ قبولیت کا سبب ہے جیسے بنی اسرائیل کو توبہ کرنے اور عبادت کرنے کے لئے اس شہر متبرک میں بھیجا گیا۔ تفسیر عزیزی نے اس جگہ فرمایا کہ بعضے خاندانی اور بزرگ لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ جن کے پاس بیٹھ کر توبہ کرنے اور عبادت کرنے سے جلد قبولیت ہوتی ہے چنانچہ ابن مردویہ نے ابو سعید خدری سے روایت کی ہے کہ ایک دن ہم حضور علیہ السلام کے ساتھ سفر میں تھے رات کے آخری حصے میں حضور علیہ السلام ایک پہاڑ سے گزرے جس کا نام دار الحنظل تھا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ گھاٹی بنی اسرائیل کے اس دروازے کی طرح ہے۔ جس سے ان کو سجدہ کر کے داخل ہونے کا حکم ہوا اور جہاں ان سے توبہ کرائی گئی ابن ابی شیبہ نے بروایت صحیح فرمایا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ

marfat.com
Marfat.com

اس امت میں ہم اہل بیت کشتی نوح اور بنی اسرائیل کے دروازہ حطتہ کی طرح ہیں یعنی جس طرح بنی اسرائیل کا اس دروازہ میں آنا گناہ کی معافی کا ذریعہ تھا ایسے ہی امت مصطفیٰ علیہ السلام کا ہمارے سلسلہ میں داخل ہونا اور بیعت اور توبہ کرنا گناہوں کی معافی کا سبب ہے۔ تفسیر عزیزی بلکہ مثنوی شریف میں فرمایا گیا۔

گر نداری تو دم خوش در دعا — رود عامی خواہ ز اخوان صفا
ہر کر اول پاک شد از اعتدال — آں دعائش می رود تا ذوالجلال
ہیں بجوایں قوم رائے جتلا — ہیں غنیمت دار شاں پیش از بلا

یعنی بہتر ہے کہ اپنے لئے کسی بزرگ سے دعا کراؤ کیونکہ ان کی زبان سے نکلی ہوئی دعا حق تعالیٰ تک پہنچتی ہے جیسے کہ کمان کا تیر اور بندوق کی گولی۔ اگر ہم گولی ہاتھ سے پھینک دیں تو وہ اثر نہ ہو گا جو بندوق سے پھینکنے کا ہو گا۔ دعا گولی ہے اور ان کی زبان بندوق۔ **چوتھا فائدہ:** انبیاء و اولیاء کے مزارات پر حاضر ہو کر دعا کرنا بہت بہتر ہے امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ دعا کے لئے امام اعظم رحمتہ اللہ علیہ کے مزار شریف پر آتے تھے (شامی) ہم کو قرآن نے بھی حکم دیا کہ توبہ کے لئے ہمارے نبی پاک کی بارگاہ میں جاؤ۔ **پانچواں فائدہ:** بزرگان دین کے شہر کی تعظیم کرنا بھی نیک بختی کی علامت ہے جیسے کہ بنی اسرائیل سے اس شہر کی تعظیم کرائی گئی اس لئے کہ یہ انبیاء کرام کی آرام گاہ تھا۔ مدینہ منورہ اور بغداد شریف کی تعظیم کی یہی اصل ہے۔ بلکہ موسیٰ علیہ السلام کو وادی سینا میں داخل ہوتے وقت نعلین اتار دینے کا حکم دیا گیا **فاخلع نعلیک انک بالواد المقدس طوی** بعض حضرات اپنے شیخ کے شہر میں ننگے پاؤں رہتے ہیں جوتا نہیں پہنتے۔ حضرت امام مالک حدود مدینہ میں گھوڑے پر سوار نہ ہوتے۔ حضرت امام ابو حنیفہ نے مدینہ کے قیام کے زمانہ میں اس زمین پاک میں پیشاب پاخانہ نہ کیا کھانا ہی چھوڑ دیا ان تمام آداب کی اصل یہ آیات ہیں نیز پاک پتن کے بہشتی دروازے کے معنی یہ ہیں کہ اس دروازہ میں داخل ہو کر توبہ کرو اور گناہ سے معافی مانگو جیسے ستون توبہ کے پاس کھڑے ہو کر توبہ کرنا غالباً" اس جگہ بابا صاحب نے عبادت کی ہوگی۔ **چھٹا فائدہ:** جن عملوں سے ہم گنہ گاروں کے گناہ معاف ہوتے ہیں ان سے نیک کاروں کے درجے بڑھتے ہیں۔ ہماری توبہ گناہ مٹاتی ہے ان کی توبہ ان کے درجے بڑھاتی ہے ہماری مصیبتیں ہمارے گناہوں کی وجہ سے ہیں۔ ان کی مصیبتیں ترقی درجات کے لئے جیسے کہ میدان تیہ میں بنی اسرائیل بھی رہے اور موسیٰ علیہ السلام بھی مگر یہ میدان بنی اسرائیل کے لئے قید خانہ تھا موسیٰ علیہ السلام کے لئے اعلیٰ مقام جو شخص ان حضرات کی توبہ یا مصیبتوں کو دیکھ کر انہیں گنہگار یا بے دین مانے وہ خود بے دین ہے۔ گنہگار کی قبر پر پھول یا سبزہ ڈالا جائے تو اس سے عذاب میں کمی ہوتی ہے اور نیک کاروں کی قبر پر ڈالنے سے ان کے ثواب میں زیادتی۔ **پہلا اعتراض:** اس بستی میں داخل ہونے کے وقت کا سجدہ کس کو تھا۔ رب تعالیٰ کو یا اس شہر کو اگر رب تعالیٰ کو تھا تو کس طرف تھا اور اگر بستی کو تھا تو یہ بت پرستی ہے (آریہ) **جواب:** اس کا جواب تفسیر میں گزر گیا کہ یا تو اس سجدے سے مراد جھک کر جانا ہے تو اس میں اس کی تعظیم منظور ہے اور یا جاتے وقت سجدہ شکر ادا کرنا تب اس بستی کا دروازہ ان کے لئے مثل کعبہ تھا۔ کہ سجدہ رب کو اور جھکنا اس کی طرف۔ بت پرستی کا جواب ہم آدم کے سجدے میں دے چکے ہیں اس کی تفسیر صوفیانہ اگلی آیت میں ہو گی۔ **دوسرا اعتراض:** اس آیت کے معنی یہ ہیں کہ تم مسجد بیت المقدس کے دروازے میں داخل ہو کر دو رکعت تحیتہ المسجد پڑھو جیسے آج مسجد میں جا کر پڑھی جاتی ہے۔ لہٰذا تعظیم شہر ثابت نہیں ہوتی۔ **جواب:** یہ غلط ہے اولاً" اس لئے کہ یہاں بستی کا ذکر نہ کہ

marfat.com
Marfat.com

مسجد کا دروازہ بستی ہی کا ہونا چاہئے دوسرے اس لئے کہ اس آیت کے معنی یہ ہیں کہ سجدہ کرتے ہوئے جاؤ نہ کہ جاکر سجدہ کرو یہ ترجمہ ہی غلط ہے۔ تیسرے یہ کہ اس وقت مسجد بیت المقدس بنی نہ تھی کہ یہ حضرت سلیمان کی تعمیر ہے۔ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے صدہا برس بعد ہوئے مسجد بننے سے پہلے وہاں داخلہ کیسا۔

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِىْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا

پس بدل دی انہوں نے جنہوں نے ظلم کیا وہ بات سوا اس بات کے جو کہی گئی واسطے ان کے پس اتارا ہم نے

تو ظالموں نے اور بات بدل دی جو فرمائی گئی تھی اس کے سوا

عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا

اوپر ان کے جنہوں نے ظلم کیا عذاب آسمان سے بوجہ اس کے

تو ہم نے آسمان سے ان پر عذاب اتارا

يَفْسُقُوْنَ ۝۵۹

کے فسق کرتے تھے

بدلہ ان کی بے حکمی کا

تعلق : یہ آیت پچھلی آیت کا تتمہ ہے کہ وہاں رب کے حکم کا ذکر تھا اور یہاں اسرائیلیوں کے عمل کا نیز پہلی آیت میں وعدہ کی شرطوں کا ذکر ہوا اور اس آیت میں ان اسرائیلیوں کے شرائط پورے نہ کرنے کا۔ **تفسیر: فبدل** یہ لفظ تبدیل سے بنا ہے جس کے معنی ہیں بدل دینا یا بدل لینا۔ بدلنے کی دو صورتیں ہیں ایک تو اپنی چیز دے کر دوسرے کی چیز لینا جیسا کہ تجارت میں ہوتا ہے دوسرے لینے کے قابل چیز کو چھوڑ کر وہ چیز اختیار کرنا جو نہ لینا چاہئے تھی۔ یہاں دوسرے معنی مراد ہیں یعنی ان کو جو کہنا چاہئے تھا وہ نہ کہا اور جو نہ کہنا چاہئے تھا وہ کہا۔ خیال رہے کہ بدلنا دو طرح کا ہے ایک تو اصل کو بدلنا۔ یہ دو طرح کا ہے۔ اس طرح کہ الفاظ بھی بدل جائیں اور مضمون بھی دوسرے وصف کو بدلنا اس طرح کہ الفاظ بدل جائیں اور مضمون وہی رہے پہلے کو تبدیل اور دوسرے کو تغییر کہتے ہیں ان اسرائیلیوں نے پہلی قسم کی تبدیلی کی کہ نہ مضمون باقی رکھا اور نہ الفاظ اسی لئے یہاں بدل فرمایا گیا نہ کہ **غیر** اگر وہ لوگ بجائے **حطۃ** کے **مغفرۃ** یا **غفرانک** وغیرہ مغفرت کے الفاظ بول لیتے تو غالباً" رب کے غضب میں نہ آتے انہوں نے الفاظ و معنی تو کیا مقصود بھی بدل دیا۔ کیونکہ **حطۃ** سے شرمندگی کا اظہار مقصود تھا مگر انہوں نے اس وقت **تمسخر** اور دل لگی کا اظہار کیا اسی لئے قرآن کریم نے **بدل** باب تفعیل سے فرمایا نہ کہ ابدال باب افعال سے یعنی انہوں نے خوب بدل دیا **الذین ظلموا** اس سے معلوم ہوا کہ سب نے نہ بدلا تھا بلکہ محض ظالمین نے ان میں جو انبیاء اور صالحین تھے وہ **حطۃ** کہتے ہوئے ہی داخل ہوئے اس ظلم سے یا تو بچھڑے کی پوجا وغیرہ مراد ہے یا یہ بدلنا ہی یعنی جو پہلے ہی جرم کر چکے تھے انہوں نے ہی آج بھی یہ حرکت کی۔ یا یہ کہ بدلنے والے ظالمین نے بدلا باقی نے نہیں **قولا**" ۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ قول سے کلام مراد ہے

marfat.com

Marfat.com

بنی اسرائیل کو حکم تھا کہ سجدہ کرتے ہوئے جائیں اور یہ کہتے ہوئے انہوں نے فعل تو باقی رکھا یعنی سجدہ کرتے ہوئے گئے مگر قول بدل دیا۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہاں قول سے مراد حکم ہے یعنی انہوں نے پورا حکم بدل دیا نہ تو سجدہ کرتے ہوئے گئے اور نہ حطتہ کہتے ہوئے بلکہ خاموش گھس گئے اور بعضوں نے فرمایا کہ انہوں نے قول و عمل دونوں بدل دیئے کہ حطتہ کی بجائے کچھ اور کہا اور سجدہ کی بجائے سرین کے بل چلے۔ تفسیر روح البیان نے اس جگہ لکھا کہ حق تعالیٰ نے وہ دروازہ نیچا کر دیا تھا تاکہ انہیں خود بخود جھکنا پڑ جائے لیکن یہ بیٹھ کر سرین پر گھسٹتے ہوئے داخل ہوئے تفسیر کبیر نے فرمایا کہ انہوں نے کہا کہ موسیٰ علیہ السلام حطتہ کہلوا کر کھیل کرا رہے ہیں حطتہ کیا چیز۔ یہ تیسری بات ہی زیادہ صحیح ہے کیونکہ اگلا جملہ اسی کی تائید کرتا ہے۔ اسی لئے ان کلمہ کام کفر قرار دیا گیا جس پر عذاب الٰہی آگیا۔ پیغمبر کے کسی قول و فعل کو برا جاننا کفر ہے۔ **غیر الذی قیل لھم** یہ تبدیلی کا بیان ہے کہ وہ خاموش نہ گئے کچھ کہتے ہوئے ہی گئے مگر وہ نہ کہا جو ہم نے بتایا تھا بلکہ اس کے سوا وہ بات کہی جو ہمارے حکم کے بالکل ہی خلاف تھی۔ مضمون، عبارت، مقصود سب ہی بدل دیا۔ قرآن نے یہاں سواء نہ کہا۔ غیر کہا۔ یہ بتانے کے لئے حدیث شریف میں آیا ہے کہ وہ کہتے گئے **حنطتہ فی شعرۃ** یعنی ہم کو گیہوں اور جو دے۔ بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ وہ کہتے ہوئے گئے۔ **حطی سمھا ثا** یہ لفظ عبرانی ہے جس کے معنی ہیں سرخ یا شربتی گیہوں۔ شاید حدیث پاک میں ان کے کلام کا ترجمہ فرمایا گیا ہو گا کیونکہ ان کی زبان عبرانی تھی۔ **فانزلنا**۔ ف سے معلوم ہوا کہ ان پر فوراً ہی بلا تاخیر عذاب آگیا۔ **علی الذین ظلموا** اس سے معلوم ہوا کہ یہ عذاب فقط مجرمین پر ہی آیا۔ نیکو کار اس سے محفوظ رہے اگر یہاں علیھم فرمایا جاتا تو غلط فہمی ہو جاتی کہ سب پر عذاب آگیا ہو اس ظلم سے کلمہ بدلنا مراد ہے اور پہلے ظلم میں چند احتمال نیز پہلے ظلم میں گناہ کبیرہ اور صغیرہ سب ہی مراد ہو سکتے ہیں اور اس ظلم میں صرف کبیرہ ہی کیونکہ آگے ان کو فاسق فرمایا گیا۔ لہٰذا کلام میں تکرار نہیں **رجزا**۔ رجز کے لفظی معنی سزا اور عذاب اور گندگی ہیں جیسے رجز مگر یہاں عذاب مراد ہے۔ بعض فرماتے ہیں کہ ان پر اچانک موت (ہارٹ فیل) کا عذاب نازل ہوا۔ بعض نے فرمایا کہ طاعون جس سے ایک ساعت میں چوبیس ہزار آدمی ہلاک ہوئے اور کئی روز تک ان میں طاعون رہی کل ستر ہزار آدمی مرے **من السماء** جس آسمان سے کہ ان پر من و سلویٰ کی نعمتیں آئی اسی سے اب طاعون وغیرہ آئی تفسیر عزیزی میں ہے کہ زہریلی ہوا چلی جس سے کہ ان کے خون میں زہریلا مادہ پیدا ہوا اور جسم کے نرم مقامات پر گلٹیوں کی شکل میں نمودار ہوا۔ یہ عذاب اس لئے آیا کہ وہ فسق و فجور کرنے کے عادی ہو چکے تھے۔

**خلاصہ تفسیر** : بنی اسرائیل کی سرکشی اس حد تک پہنچ چکی تھی کہ بڑے سے بڑا مجرم بھی اتنی دراز قید کاٹ کر کچھ روز کے لئے سیدھا ہو جاتا ہے لیکن یہ چالیس سال قید گزارنے کے بعد جب وہاں سے چھوٹے تو ان سے کہا گیا تھا کہ تم اس شہر میں سجدہ اور توبہ کرتے ہوئے داخل ہونا انہوں نے اس فرمان عالی کو بالکل بدل ڈالا بجائے سجدہ کے اپنے سرین پر گھسٹتے ہوئے گھسے اور بغیر ندامت کے دل لگی اور مذاق کرتے ہوئے اور بجائے معافی مانگنے کے گیہوں اور جو وغیرہ مانگتے ہوئے گئے وہ سمجھے کہ نبی کی بتائی ہوئی دعا موقعہ اور وقت کے خلاف ہے ضرورت تو گندم کی ہے ہم من و سلویٰ کھاتے کھاتے اکتا گئے ہیں وہ کہتے ہیں معافی مانگو اس سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو آج کہتے ہیں کہ سود کی حرمت 'عورتوں کا پردہ' زکوٰۃ' قربانی اس زمانہ کے مناسب تھا اب وقت دوسرا ہے اب ان احکام کی ضرورت نہیں یا ان میں ترمیم چاہئے۔ ترمیم کر کے ہی ان اسرائیلیوں کا بیڑا غرق ہوا۔ اس سرکشی کا

marfat.com
Marfat.com

نتیجہ یہ ہوا کہ ہم نے ان پر آسمانی عذاب طاعون وغیرہ نازل فرمایا کیونکہ وہ عادی مجرم تھے تو اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان کی نافرمانی سے غمگین نہ ہوں۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: یہ کہ انبیاء کرام کی مخالفت سے دنیاوی عذاب بھی آ جاتے ہیں اور ان کا مذاق اڑانا کفر ہے۔ دوسرا فائدہ: یہ کہ مومن کے لئے دنیوی تکلیفیں کفارہ گناہ ہیں جس سے کہ وہ آخرت کے عذاب سے بچ جاتا ہے کافر کے لئے نہیں جیسے کہ دنیوی نعمتیں کافروں کے لئے ان کے ظاہری نیک اعمال کا بدلہ۔ مومن کے واسطے نہیں دنیوی عذاب کافر کے لئے مثل حوالات ہے اور مومن کے لئے دنیوی نعمت مثل بھتہ کے کہ تنخواہ اس کے علاوہ ہے۔ تیسرا فائدہ: طاعون بنی اسرائیل کے زمانہ سے شروع ہوا۔ یہ ان کے واسطے عذاب تھا اور مسلمانوں کے لئے رحمت۔ حدیث پاک میں ہے کہ جب طاعون تمہارے شہر میں واقع ہو تو وہاں سے نہ بھاگو دوسرے شہر میں ہو تو وہاں نہ جاؤ نیز حدیث صحیح میں وارد ہوا کہ جو لوگ وبائی جگہ میں رب کی رضا پر صابر رہیں اگر وہ وبا سے محفوظ بھی رہے جب بھی شہادت کا ثواب پائیں گے۔ (تفسیر خزائن العرفان وغیرہ) مگر یہ شہادت حکماً ہوگی نہ کہ حقیقتاً اور فقہی لہٰذا ایسے شہید کو غسل وغیرہ دیا جائے گا۔ مگر انشاء اللہ قیامت میں اس کا حشر شہدا کے ساتھ ہوگا۔ چوتھا فائدہ: یہ کہ چند حضرات وہ ہیں جن کو شہادت کا درجہ ملتا ہے۔ (1) جو پانی میں ڈوب جائے۔ (2) جل کر مرے۔ (3) سفر میں مرے۔ (4) دب کر مرے۔ (5) پیٹ کی بیماری میں مرے۔ (6) طاعون سے مرے۔ (7) زچہ عورت مدت نفاس میں مرے۔ (8) جو جمعہ کی رات میں مرے۔ (9) ذات الجنب کی بیماری میں مرے۔ (10) طالب علمی کے زمانہ میں مرے (علم دین) (11) جو سل یا (12) مرگی یا (13) بخار کی مرض سے مرے۔ (14) جو کسی کے عشق میں مرے بشرطیکہ پاک دامن اور عشق کو چھپانے والا ہو۔ (15) جس کو درندہ کھا جائے۔ (16) جس کو زہریلا جانور کاٹ لے۔ (17) فی سبیل اللہ اذان دینے والا۔ (18) سچا تاجر۔ (19) حلال کی روزی کما کر بال بچوں کو پالنے والا۔ (20) دریا کا مسافر۔ (21) جو روزانہ پچیس بار یہ پڑھ لیا کرے۔ **اللھم بارک لی فی الموت وفی ما بعد الموت۔** (22) جو شخص نماز چاشت اور ہر مہینہ میں تین روزوں کا پابند ہو۔ (23) جو وتر کا پابند ہو۔ (24) جو روزانہ سو بار درود شریف پڑھا کرے جو شہادت کی تمنا میں رہے۔ (25) جو تاجر ضرورت کے وقت باہر سے مسلمانوں کے لئے غلہ لائے۔ (26) جو سنت کا پابند ہو جب کہ مسلمان سنت کو چھوڑ رہے ہوں۔ (27) جو اپنی بیماری میں چالیس بار آیت کریمہ پڑھے۔ (28) جو ہر رات سورۃ یٰسٓ پڑھنے کا پابند ہو۔ (29) جو روزانہ صبح و شام درود شریف پڑھا کرے۔ (30) جو روزانہ تین بار اعوذ پڑھ کر سورۃ حشر کی آخری آیتیں **لا یستوی** سے آخر تک پڑھ لیا کرے (شامی باب الشہید) مسئلہ: جو طاعون سے مرے اس سے حساب قبر نہیں ہوتا۔

مسئلہ: مدینہ منورہ طاعون اور دوسرے وبائی امراض سے محفوظ ہے۔ مسئلہ: طاعون کی جگہ سے بھاگنا حرام ہے ہاں اگر کسی ضرورت کی وجہ سے باہر گیا تو جائز۔ مسئلہ: مرض اڑ کر نہیں لگتا اس کا مطلب یہ ہے کہ کفار بیماریوں میں قدرت مانتے ہیں اسی لئے ان کی پوجا کرتے ہیں چیچک اور ماتا کے بت بنا کر پوجتے ہیں یہ عقیدہ مشرکانہ ہے۔ حدیث لاعدوی کے یہی معنی ہیں۔ ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ کسی بیمار کی وجہ سے وہاں کی آب و ہوا بگڑ جائے جس سے دوسرے لوگ بھی بیمار ہو جائیں جیسے کہ متعفن آب و ہوا سے بچنا بہتر ہے ایسے ہی بعض بیماروں سے احتیاط کرنا بھی جائز ہے جیسے جذامی اور رمد قوق وغیرہ اسی لئے بعض احادیث میں ان سے

marfat.com
Marfat.com

بچنے کا حکم دیا گیا۔ البتہ وبائی امراض سے بھاگنا حرام ہے۔ جس کی حکمت ہم انشاء اللہ عنقریب سوال و جواب میں بیان کریں گے۔
**پانچواں فائدہ:** موت سے کوئی تدبیر نہیں بچاسکتی۔ **حکایت:** جالینوس نے اپنے دوستوں کو موت کے وقت دو گولیاں دیں اور کہا کہ میرے مرنے کے بعد ایک کو لوہے پر ڈال دینا اور دوسری کو پانی کے بھرے ہوئے گھڑے میں اور پھر گھر الٹو ڈنا لوگوں نے ایسا ہی کیا لوہا تو اس گولی سے پگھل گیا اور پانی جم گیا اس وقت کے حکماء نے کہا ہے کہ جالینوس نے یہ دکھلایا ہے کہ میں پانی کو جمانے اور لوہے کو گلانے کی قدرت رکھتا تھا مگر اپنے کو موت سے نہ بچاسکا بلکہ جو حکیم جس بیماری کے علاج میں زیادہ ماہر تھا۔ خود اس کی موت اسی بیماری سے ہوئی۔ سانپ کا منتر جاننے والا سانپ ہی سے مرتا ہے کسی نے خوب کہا ہے۔

**الا یا ایها المغرور تب من غمر تاخر فان الموت قد یاتی ولو صرت قارونا**
**بسل ما ارسطا لیس بقراط فلاج! وافلاطون برسام وجالنوس مبطونا**

یعنی ارسطو سل کی بیماری سے اور بقراط فالج سے اور افلاطون برسام اور جالینوس پیٹ کی بیماری سے مرے (تفسیر روح البیان) وبا کا علاج اہم ہے۔ شافعی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ طاعون کا سب سے بہتر علاج تسبیح و تہلیل اور درود شریف ہے بشرطیکہ ظاہری اور باطنی شرطوں کے ساتھ ہو۔ نیز فرمایا گیا ہے کہ وبا کے زمانہ میں سورۂ دخان شریف بلند آواز سے صبح کے وقت پڑھنے سے جہاں تک اس کی آواز جائے وہاں تک امن رہتا ہے نیز وبا کا ایک علاج یہ بھی ہے کہ کسی نقارے یا تاشہ پر سورہ جمعہ دائرہ کی طرح لکھی جائے اور درمیان میں پندرہ کا نقش بنایا جائے پھر ایک خصی بکرے کو ساتھ لے کر تاشہ بجاتے ہوئے سارے شہر میں گشت لگایا جائے مگر شرط یہ ہے کہ چوب نقش پر پڑے نہ کہ حرفوں پر پھر کنارہ شہر پر پہنچ کر وہ جانور ذبح کر کے اس کا گوشت خیرات یا دفن کر دیا جائے۔ انشاء اللہ وبا سے امن ملے گی نیز اس زمانہ میں بلند آواز سے اذانیں کہنا بھی مفید ثابت ہوا ہے اس لئے کہ طاعون جنات کا اثر ہے اور غلبہ جن کے وقت اذان کہنا سنت ہے (شامی باب الاذان) **چھٹا فائدہ:** رب کا فرمان بدلنا باعث عذاب ہے جیسا کہ اس آیت سے معلوم ہوا مسئلہ قرآن کے الفاظ یا اس کے متواتر معنی یا مقصود کو دیدہ دانستہ بدلنا کفر ہے جو شخص عمداً "ض کو ظ پڑھے وہ بھی کافر ہے (شرح فقہ اکبر) ہاں اگر قرآنی آیت تلاوت کی نیت سے نہ پڑھی جائے بلکہ دعا یا جواب کی نیت سے تو اس میں زیادتی کمی یا تبدیلی وغیرہ جائز ہے کیونکہ اس صورت میں یہ آیت ہی نہیں ہے بلکہ وہ اپنا کلام ہے جیسے کسی نے آپ کی مزاج پرسی کی آپ نے اس کو جواب میں کہہ دیا۔ **الحمد للہ رب العالمین الکریم الروف الرحمہا** جیسے کہ حفاظ تلاوت سے پہلے کہتے ہیں **ببرکت بسم اللہ السمیع العلیم الرحمن الرحیم** اسی کا نام اقتباس اور قرآن سے اقتباس جائز ہے (شامی کتاب الطہارۃ) کیونکہ اب یہ ہمارا کلام ہو گیا اسی واسطے اس نیت سے جنبی کو پڑھنا جائز اور نمازی کو پڑھنا منع ہے بلکہ اس کی نماز کو باطل کر دے گا دعاؤں اور وظیفوں کے الفاظ بدلنے سے ان کی تاثیر جاتی رہتی ہے صرف ثواب باقی رہ جاتا ہے۔ دلائل الخیرات میں ایک درود شریف چودہ بار پڑھا جاتا ہے کسی شاگرد نے اپنے شیخ الدلائل شاہ عبدالحق الہ آبادی سے پوچھا کہ ہم پندرہ بار کیوں نہ پڑھ لیں انہوں نے جواب میں کہا کہ جس قفل میں چار دانت والی چابی پڑتی ہے وہ پانچ دانت والی چابی سے نہیں کھلتا۔ پندرہ بار سے ثواب تو مل جائے گا مگر دروازہ نہ کھلے گا۔ حدیث شریف میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو سوتے وقت کی ایک دعا تعلیم فرمائی جس میں تھا **امنت بنبیک الذی ارسلت** انہوں نے **امنت برسولک**

marfat.com
Marfat.com

الذی ا وسلت پڑھا دیکھو نبی اور رسول یہاں ہم معنی ہیں لیکن حضور نے فرمایا نہیں وہ ہی کہو ونبیک الذی کیونکہ دعا میں الفاظ کے ساتھ زبان کی تاثیر بھی درکار ہے۔ تلوار کی دھار کے ساتھ وار کی بھی ضرورت ہے۔ زبان کی تاثیر انہی الفاظ میں ہے جو شیخ سے منقول ہوں مگر جو دعائیں اور اذکار عبادات میں درکار ہیں ان میں اگر الفاظ بدل جائیں اور مضمون باقی رہے تو عبادت درست ہو جائے گی۔ لہٰذا اگر کوئی نماز کی تکبیروں میں بجائے اللہ اکبر کے اللہ عظیم یا الرحمٰن اکبر کہہ دے تب بھی نماز جائز ہے۔ اسی طرح اگر ذبح کرتے وقت بجائے بسم اللہ اللہ اکبر کے رب کا کوئی اور نام لے لیا تب بھی ذبح درست ہے۔ اگرچہ ثواب کم ہو جائے گا۔ **پہلا اعتراض:** چاہئے کہ ذکر و دعا میں بالکل فرق نہ کیا جائے کیونکہ بنی اسرائیل نے دعا کے لفظ ہی بدلے تھے جس سے ان پر عذاب آگیا تھا۔ **جواب:** اس کا جواب تفسیر میں گزر چکا کہ انہوں نے صرف لفظ نہ بدلے تھے بلکہ عبارت 'معنی' مقصود 'سب بدل دیا تھا اور پیغمبر کا مذاق اڑاتے ہوئے گئے تھے یہ کفر ہوا اس وجہ سے ان پر عذاب آیا الحمدللہ کوئی مسلمان یہ نہیں کرتا۔ محض آسانی کے لئے تبدیلی الفاظ کی اجازت دی گئی ہے کہ اگر کسی کو دعا قنوت یا دعا جنازہ یاد نہ ہو اور اللہ اکبر اس سے صحیح ادا نہ ہو تا ہو تو اس لئے نماز نہ چھوڑ دے بلکہ یہ مضمون دوسرے الفاظ میں ادا کر دے۔ **دوسرا اعتراض:** جب قحط سالی اور دوسری بلاؤں سے بھاگنا جائز ہے تو طاعون سب سے سخت بلا ہے اس سے بھاگنا کیوں حرام ہے؟ **جواب:** اس کے دو جواب ہیں۔ ایک یہ کہ وبا میں اکثر اپنے اہل قرابت اور دوست احباب بیمار ہو جاتے ہیں جس سے وہ بھاگ نہیں سکتے اگر اس موقعہ پر تندرستوں کو بھاگنے کی اجازت دی جائے تو ان بیماروں کی تیمارداری کون کرے یہ لوگ یقیناً "سخت تکلیف سے مریں گے اور ان کو گور و کفن بھی میسر نہ ہوگا۔ اس لئے یہاں ٹھہرنا بہت ثواب کا کام ہے جیسے جہاد کی صف میں ٹھہرنا۔ قحط سالی و دیگر بلاؤں میں یہ بات نہیں وہاں سب بھاگ سکتے ہیں بلکہ مفلس اور غریب ہی پہلے بھاگتے ہیں۔ (تفسیر عزیزی) میں نے خود دیکھا کہ ایک بار بدایوں میں طاعون پڑی۔ مسلمانوں کے جنازے بہت عزت اور احترام سے جاتے تھے ان کے ساتھ بڑا مجمع اور آگے نعت خوانی ہوتی تھی۔ ہندوؤں کی لاشوں کو حکومت نے چھکڑوں اور بیل گاڑیوں میں لدوا کر پھینکوا لیا۔ یا زمین میں دبوا لیا۔ کیونکہ تندرست ہندو انہیں چھوڑ کر بھاگ گئے تھے۔ اس واقعہ سے کئی ہندو مسلمان ہو گئے۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ طاعون وباخبیث جنات کے اثر سے ہے اسی لئے اس کو طاعون کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ طعن سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں نیزہ مارنا۔ طاعونی بیمار کو بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ میرے کوئی برچھیاں مار رہا ہے ان کے مقابلے سے بھاگنا گویا اس سے ڈر جانا ہے جس طرح ظاہری جہاد میں کفار کے مقابلہ سے بھاگنا منع ہے ایسے ہی وباؤں کے مقابلہ سے بھی۔ **تفسیر صوفیانہ:** نفس کو دنیا کی بستی میں بھیجا گیا اور اس کو حکم دیا گیا کہ اعضاء جسم کو جس طرح چاہے استعمال کر اور دنیا کی نعمتیں خوب کھا اور پی لیکن دروازہ حیات میں رب کی اطاعت کرتے ہوئے اور توبہ کرتے ہوئے جانا تیری خطائیں معاف ہوں گی اور تجھے بڑا اجر دیا جائے گا۔ مگر اس ظالم نفس نے نہ کہنے کی بات کہی اور نہ کرنے کے کام کئے۔ دنیا کی طلب میں ایسا مشغول ہوا کہ آخرت کو بالکل ہی بھول گیا۔ فکر معاش میں خیال معاد سے غافل ہو گیا۔

عمر گراں مایہ دریں صرف شد تاچہ خورم صیف وچہ پوشم شتاء

کھانا ذکر الٰہی کے لئے تھا مگر نفس نے سمجھا کہ زندگی کھانے کے لئے ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس غافل نفس پر عذاب الٰہی موت کی شکل میں نمودار ہوا اور وہ تمام دنیاوی جمع کی ہوئی نعمتیں چھوڑ کر چل دیا۔ خیال رہے کہ موت غافل کے لئے عذاب

marfat.com
Marfat.com

آسانی اور عاقل کے لئے ذریعہ شادمانی اور راحت جاودانی ہے اسی لئے اللہ والوں کے موت کے دن کو عرس یعنی شادی کا دن کہتے ہیں حق تعالیٰ غفلت کی زندگی سے بچائے۔ **دوسری تفسیر صوفیانہ:** عقائد' فرائض' واجبات' نوافل' مستحبات دولت ایمان کی محافظ دیواریں ہیں۔ عقائد پہلی دیوار اور مستحبات آخری جو لب سڑک ہوتی ہے۔ چور پہلے کنارہ والی دیوار کو توڑتا ہے اگر وہاں ہی حفاظت کرلی گئی تو دولت محفوظ رہے گی ورنہ چور اور دیواروں کو بھی توڑے گا۔ شیطان چور پہلے مستحبات پھر سنتیں پھر واجبات پھر فرائض چھڑواتا ہے پھر عقائد پر حملہ کرتا ہے گناہ صغیرہ وہ ہے جسے انسان چھوٹا سمجھے۔ کبیرہ وہ ہے جسے انسان معمولی جانے ان لوگوں نے حطۃ کو معمولی سمجھ کر چھوڑ دیا آفت آگئی۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ

اور جب پانی مانگا موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے پس کہا ہم نے مارو تم لاٹھی اپنی پتھر کو

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لئے پانی مانگا تو ہم نے فرمایا اس پتھر پر اپنا عصا مارو

الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ

پس بہنے لگے اس سے بارہ چشمے بیشک جان لیا ہر گروہ نے گھاٹ اپنا

فوراً اس میں سے بارہ چشمے بہہ نکلے ہر گروہ نے اپنا گھاٹ پہچان لیا

اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا

کھاؤ تم اور پیو تم لوگ رزق سے اللہ کے اور نہ

کھاؤ اور پیو خدا کا دیا اور

تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝٦٠

پھیلو تم زمین میں فساد کرتے ہوئے

زمین میں فساد اٹھاتے نہ پھرو

**تعلق:** اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ اس سے پہلے بنی اسرائیل پر آٹھ احسانات کا ذکر ہو چکا اب نویں احسان کا ذکر ہے جو کہ بہت بڑا اور عجیب قسم کا احسان ہے اس لئے کہ خشک جنگل میں جہاں پانی کی امید نہ ہو پیاسوں کو پانی مل جانا بہت ہی بڑی نعمت ہے اور ایسی جگہ سے پانی ملنا جو کہ بالکل خلاف عادت ہو بہت ہی عجیب احسان ہے دوسرے یہ کہ اب تک ان نعمتوں کا ذکر ہوا جس کی بنی اسرائیل نے ناشکری کی اب اس نعمت کا ذکر ہے۔ جس کی بظاہر ناشکری تو نہ کی لیکن اس سے ان کی فرقہ بندی اور اختلافات ظاہر ہوئے کیونکہ وہ سب ایک چشمے میں پانی نہ پی سکے تیسرے یہ کہ اب تک کھانا عطا فرمانے کا ذکر ہوا تھا۔ اور کھانا بغیر پانی استعمال نہیں کیا جا سکتا اس لئے اب پانی کا ذکر ہوا جیسے کہ کھانا یعنی من وسلویٰ عجیب طریقے سے ان کو دیا گیا ایسے ہی پانی میں چوتھے یہ کہ اس سے پہلے من وسلویٰ کا ذکر ہوا جو ان کے لئے دنیوی نعمت تھی جس سے کہ ان کا پیٹ

marfat.com
Marfat.com

بھر تا تھا اب اس پانی کا ذکر ہو اجو ان کے لئے دنیوی نعمت بھی تھی اور دینی بھی اس سے پیاس بھی بجھتی تھی اور ایمان بھی ملتا تھا کہ یہ موسیٰ کا معجزہ تھا جس سے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور موسیٰ علیہ السلام کی نبوت ثابت ہوئی۔ پانچویں یہ کہ اس سے پہلے آسمانی نعمتوں کا ذکر ہو العینی ابر کا سایہ کرنا اور من و سلویٰ کا برسنا اب زمینی نعمتوں کا ذکر ہو رہا ہے یعنی پتھر سے پانی وغیرہ کا نکلنا **تفسیر:**
**واذ** بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ یہ واقعہ ایک سفر میں درپیش آیا جب کہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو کہیں لئے جا رہے تھے اور وہ پیاسے ہو کر ان سے پانی مانگنے لگے مگر تفسیر کبیر نے فرمایا کہ عام مفسرین فرماتے ہیں کہ یہ واقعہ میدان تیہ کے زمانہ قیام میں ہوا کہ رب تعالیٰ نے ان کے رہنے کے لئے بادل کا سایہ فرمایا اور کھانے کے لئے من و سلویٰ اتارا۔ لباس کا وہ انتظام کیا جو ہم پہلے بیان کر چکے تب موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ مولیٰ پانی کا بھی انتظام فرما **استسقی موسی** موسیٰ علیہ السلام سے اولاد بنی اسرائیل نے پانی مانگا پھر انہوں نے رب سے جیسا کہ سورہ اعراف میں ہے **اذا استسقہ قومہ** لہٰذا یہ آیت اس کے خلاف نہیں قوم نبی سے پانی مانگتی تھی نبی اللہ سے کہتے۔ دیتا وہ ہے۔ بانٹتے یہ ہیں ان سے مانگنا شرک نہیں رب کی مرضی کے منشاء کے عین مطابق ہے۔ یہ لفظ سقی سے بنا ہے جس کے معنی ہیں بارش سے سیرابی لہٰذا استسقے کے معنی ہیں بارش مانگی اس صورت میں رب نے طلب سے زیادہ دیا کہ بادل سے پانی مانگا تھا پتھر سے نکال کر عطا فرمایا سقی کے معنی ہیں مطلق سیرابی جیسے کہ **وسقھم ربھم شرابا طھورا** لہٰذا جو مانگا تھا وہی ملا **لقومہ** قوم کے معنی ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ انہوں نے صرف اپنی قوم کے لئے پانی مانگا تھا نہ کہ سارے جہان کے لئے نیز فقط پینے کے لئے مانگا نہ کہ کھیتی باڑی کے لئے اسی لئے ان پر بارش نہ آئی بلکہ پتھر سے پانی نکلا۔ ہمارے نبی علیہ السلام نے استسقاء کے موقعہ پر سارے جہان کے لئے پانی مانگا اور فقط پینے کے لئے نہیں بلکہ کھیتی باڑی کے لئے اس لئے آپ کی دعا پر بارش آئی **فقلنا اضرب** یا تو بطور الہام رب نے فرمایا یا بطریق وحی **بعصاک** معلوم ہوا کہ لاٹھی سے پتھر کو مارنے کا حکم تھا نہ کہ پتھر سے لاٹھی کو یعنی زمین پر رکھے ہوئے پتھر پر لاٹھی ماریئے موسیٰ علیہ السلام کا عصا جنت کے درخت آس کی لکڑی تھی جو آدم علیہ السلام وہاں سے اپنے ساتھ لائے اور ان سے منتقل ہوتا ہوا حضرت شعیب علیہ السلام تک پہنچا تھا جب موسیٰ علیہ السلام نے ان کی بکریاں چرائیں تو یہ ان کو دیا گیا یہ موسیٰ علیہ السلام کے قد کی طرح دس ہاتھ تھا اس میں دو شاخیں تھیں جو تاریکی میں دو مشعلوں کی طرح چمکتی تھیں موسیٰ علیہ السلام اس عصا سے بکریوں کے لئے پتے بھی جھاڑتے تھے اور اس پر تکیہ بھی لگاتے تھے دیگر ضروریات بھی اس سے پوری فرماتے تھے اس میں چند خصوصیات تھیں دریائے قلزم کو اسی عصا سے خشک کیا گیا یہاں پتھر سے اس کے ذریعے پانی نکالا گیا۔ یہ عصا سانپ بن کر موسیٰ کی حفاظت کرتا تھا اور پھر پکڑ لینے پر لاٹھی ہو جاتا تھا اندھیری رات میں مشعل کا کام دیتا تھا پھر خوبی یہ کہ صرف موسیٰ ہی کے ہاتھ میں یہ کام کرتا تھا نہ تو ان سے پہلے کسی نبی کے دست مبارک میں یہ معجزات اس سے ظاہر ہوئے اور نہ آپ کے زمانہ میں کسی دوسرے کے ہاتھ میں اسی لئے کہتے ہیں کہ کمالات عصا کے لئے ید بیضا چاہیے۔ غالباً" اس کو عصا اس واسطے کہتے ہیں کہ یہ عصو یا عصی سے بنا ہے جس کے معنی ہیں نافرمانی اس ہی لفظ سے عصیان اور معصیت بنا چونکہ یہ فرعون وغیرہ نافرمانوں کی اصلاح کے لئے عطا ہوا تھا اس لئے اس کو عصا کہا گیا پھر ہر لاٹھی کو عصا کہنے لگے **الحجر** اس میں اختلاف ہے کہ پتھر سے کوئی خاص پتھر مراد ہے یا عام یعنی اس میں الف لام جنسی ہے یا عہدی بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ وہی پتھر ہے جو موسیٰ علیہ السلام کے کپڑے لے کر بھاگا جس کا

marfat.com
Marfat.com

ذکر سورہ احزاب میں ہے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا تھا کہ آپ اس کو کسی تھیلے میں سنبھال کر رکھیں اس سے معجزات صادر ہوں گے بعض نے فرمایا کہ یہ طور کا پتھر تھا بعض فرماتے ہیں کہ یہ پتھر بھی عصا کی طرح جنتی تھا جس کو آدم علیہ السلام اپنے ہمراہ لائے تھے اور انبیاء کرام میں منتقل ہو تا ہوا شعیب علیہ السلام تک پہنچا اور انہوں نے عصا کے ساتھ موسیٰ کو یہ پتھر بھی عنایت فرمایا یہ پتھر سنگ مرمر تھا۔ دو دو گز مربع یعنی ایک گز لمبا اور ایک گز چوڑا تھا بعض نے فرمایا کہ اس سے عام پتھر مراد ہے یعنی جس پتھر پر آپ عصا مارتے اس سے ہی پانی جاری ہو جاتا تھا یہ حسن بصری اور وہب ابن منبہ کا قول ہے اور یہ ہی زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے (تفسیر عزیزی و روح البیان) کیونکہ اس صورت میں اعلیٰ معجزہ ظاہر ہو گا اگر کوئی خاص پتھر ہو تو کہا جاسکتا ہے کہ یہ اس پتھر کی تاثیر تھی **فانفجرت منه** یہاں ایک عبارت پوشیدہ ہے یعنی موسیٰ نے عصا مارا پس پتھر سے بارہ چشمے بہ نکلے تفسیر عزیزی نے فرمایا کہ آپ نے پتھر میں بارہ چوٹیں ماریں اور ہر چوٹ سے ایک چشمہ جاری ہوا۔ ہر جگہ عورت کا سا پستان ظاہر ہو تا تھا جس سے پہلے عرق سا آتا اور پھر قطرہ قطرہ ٹپکتا پھر پانی بہنے لگتا انفجار فجر سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں پھٹنا یا چر جانا صبح صادق کو اسی لئے فجر کہتے ہیں کہ اس وقت سیاہی پھٹ کر سفید ڈورے نمودار ہوتے ہیں بدکار آدمی کو اسی لئے فاجر کہتے ہیں کہ وہ اپنی بد کرداری سے مسلمانوں کی جماعت میں شگاف پیدا کر دیتا ہے (تفسیر کبیر) تو آیت کا مطلب یہ ہوا کہ موسیٰ کے عصا مارنے سے پتھر میں شگاف پیدا ہوا اور اس سے پانی بہنے لگا پانی بہنے کو بھی انفجار اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ پانی کسی جگہ شگاف کر کے نکلتا ہے یا تو قدرتی طور پر پتھر میں پانی پیدا ہو جاتا تھا یا وہ پتھر زمین سے اس طرح پانی کھینچ لیتا تھا جیسے کہ مقناطیس لوہے کو 'یا آج کل نل پانی کو یا اس پتھر سے ارد گرد کی ہوا مس کر کے پانی بن جاتی تھی جیسے کہ آج بھی ٹھنڈے برتن سے چھو کر ہوا پانی بن جاتی ہے۔ **اثنتا عشرة عينا** چونکہ میدان تیہ میں بنی اسرائیل کے بارہ قبیلے تھے اگر ان سب کے لئے ایک ہی گھاٹ ہو تا تو وہ آپس میں لڑتے جھگڑتے اس لئے رب تعالیٰ نے بارہ چشمے جاری فرمائے تاکہ ان میں جھگڑا پیدا نہ ہو۔ اس پتھر کی ہر سطح سے تین تین چشمے پھوٹتے تھے موسیٰ نے ہر گروہ کو حکم دیا تھا کہ علیحدہ علیحدہ بارہ گہرے گڑھے کھود لیں پتھر سے پانی آکر ان گڑھوں میں جمع ہو جاتا اور ہر گروہ اپنے کام میں لاتا **قد علم كل اناس مشربهم** ان میں سے ہر گروہ نے اپنا گھاٹ پہچان لیا تھا اور کوئی دوسرے کے گھاٹ سے پانی نہ لیتا تھا اس میں اشارۃً" فرمادیا گیا کہ جب موسیٰ کی زندگی پاک ہی میں ان میں آپس میں اتنا اختلاف تھا کہ ایک گھاٹ سے پانی بھی نہ پی سکتے تھے تو ان کی وفات کے بعد ان میں اتفاق و محبت کی کیا امید ہو سکتی ہے۔ یہ لوگ وہاں چھ لاکھ تھے اور بارہ میل میدان میں قیام کئے ہوئے تھے۔ علیحدہ علیحدہ بارہ محلے سے قائم تھے ہر محلہ میں ایک نہر پہنچتی تھی اور ان کے کھودے ہوئے گڑھے میں گرتی تھی **كلوا واشربوا من رزق الله** یا تو رب تعالیٰ نے موسیٰ کے ذریعے ان سے کہلوایا یا خود موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا لہٰذا اس جگہ یا تو قلنا پوشیدہ ہے یا قال یعنی ہم نے یا موسیٰ نے فرمایا کہ اے اسرائیلیو! تم خوب کھاؤ پیو اللہ کا وہ رزق جو کہ تم کو بلا محنت و مشقت عطا ہوا کہ بغیر کھیتی باڑی کے من و سلویٰ مل رہا ہے اور بغیر کنواں وغیرہ کھودے ہوئے پانی لیکن یہ نعمتیں کھا کر **ولا تعثوا في الارض مفسدين** زمین میں فساد برپا کرتے نہ پھرو بلکہ اس کا شکر بجالاؤ لفظ **تعثوا**۔ **عثی** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں خوب فساد پھیلانا **لا تعثوا** میں فساد برپا کرنے سے منع فرمایا گیا آگے مفسدین فرما کر بتلایا جا رہا ہے کہ فساد ان کے دلوں میں جم چکا ہے تو خلاصہ مضمون یہ ہوا کہ تم دراصل مفسد تو ہو مگر مہربانی فرما کر اس زمین میں فساد نہ پھیلانا اور اپنی عادت فساد

marfat.com
Marfat.com

کو یہاں ظاہر نہ کرنا (تفسیر عزیزی) تفسیر: اے بنی اسرائیل رب کی یہ نعمت بھی یاد کرو جب کہ میدان تیہ میں تمہارے سائے اور خوراک و لباس کا انتظام ہو چکا تو موسیٰ نے تمہارے لئے رب سے پانی مانگا ہم نے جیسے کہ وہاں تم کو غذا ایک عجیب و غریب طریقہ سے عطا فرمائی ایسے ہی پانی بھی کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ آپ اپنا عصا پتھر پر ماریں انہوں نے ایسا ہی کیا تب پتھر سے بارہ چشمے جاری ہو گئے تمہارے بارہ قبیلوں میں ہر قبیلے نے اپنا گھاٹ خوب پہچان لیا اور ہر طرح آرام سے پانی حاصل کیا ہم نے فرمایا کہ ہم ان نعمتوں کا شکر صرف یہ چاہتے ہیں کہ تم آئندہ زمین میں فساد انگیزی سے بچو رب کی نعمتیں خوب سیر ہو کر کھاتے پیتے رہو پتھر سے پانی نکلنے کا واقعہ کئی دفعہ اور کئی جگہ پیش آیا ایک تو یہاں مقام تیہ میں اور دوسرے جب کہ یہ لوگ ایلیم میں پہنچے وہاں بھی ان کو بارہ چشمے پانی کے اور ستر درخت کھجور کے عطا ہوئے تیسری بار جبکہ یہ لوگ مقام قادس میں پہنچے یا تو ہر جگہ اسی پتھر سے پانی نکلا یا علیحدہ علیحدہ پتھروں سے خیال رہے کہ یہاں نہ تو یہ فرمایا گیا کہ بنی اسرائیل نے رب سے پانی مانگا اور نہ یہ فرمایا کہ موسیٰ نے اپنے لئے پانی مانگا تاکہ تین باتوں کی طرف اشارہ ہو ایک یہ کہ اے اسرائیلیو! تم نے ہمیشہ موسیٰ کو دکھ دیا مگر انہوں نے ہمیشہ تمہیں آرام دیئے تم بے وفا ہو وہ وفادار دوسرے یہ کہ اگر براہ راست تم ہم سے پانی مانگتے تو ہم نہ دیتے کہ تم مستحق عذاب تھے موسیٰ کی وساطت ان کے رحم و کرم سے ہم نے تمہیں پانی دیا اچھوں کے صدقے بروں پر رحمت ہو جاتی ہے تیسرے یہ کہ وہاں موسیٰ نے اپنے لئے پانی نہ مانگا قوم کے لئے مانگا قوت قدسیہ والے کھانے پینے کے چنداں حاجتمند نہیں ہوتے ہمارے حضور روزہ وصال میں بہت روز تک کچھ نہ کھاتے پیتے تھے عیسیٰ قریباً" دو ہزار سال سے بغیر کھائے پیئے سو رہے ہیں۔ سلطان العارفین بایزید بسطامی نے تین سال تک پانی نہ پیا۔ اسی طرح موسیٰ بغیر کھائے پیئے عرصہ گزار سکتے تھے تمہاری خاطر پانی مانگا ناشکروں کا شکریہ ادا کرو اور نبی آخر الزمان پر ایمان لے آؤ۔

فائدے: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: یہ کہ اپنے ساتھ لاٹھی رکھنا سنت ہے دیگر انبیاء کرام کا بھی یہ عمل رہا ہے اور خود ہمارے نبی علیہ السلام کا قول بھی مشہور ہے کہ بعض وقت بھائی ساتھ چھوڑ جاتا ہے مگر لاٹھی نہیں چھوڑتی۔ دوسرا فائدہ: یہ کہ پتلا بید یا چھوٹی قمچی سے سنت ادا نہ ہوگی بلکہ اپنے قد کے برابر لاٹھی ہونی چاہئے یا سینے تک موسیٰ کی لاٹھی قد کے برابر اور حضور کے سینہ تک تھی حضور کی لاٹھی کے نیچے لوہے کا گولا بھی ہوتا تھا جس سے بوقت ضرورت استنجا کے لئے ڈھیلا بھی توڑا جا سکتا تھا اور جنگل میں نماز پڑھتے وقت سامنے گاڑ کر سترہ کا بھی کام لیا جاتا تھا اب بنوٹ وغیرہ میں بھی وہی لاٹھی زیادہ کام دیتی ہے جو سینے تک ہو۔ تیسرا فائدہ: یہ کہ استسقاء یعنی رب سے پانی طلب کرنا سنت ہے حضور نے کبھی تو فقط دعا ہی فرمائی اور کبھی اس کے لئے نماز استسقاء بھی پڑھی اب بھی ہر طرح جائز ہے۔ بہتر یہ ہے کہ جب بارش کی دعا کرنا ہو تو اولاً" توبہ کریں پھر صدقہ خیرات کریں اگر روزہ بھی رکھیں تو بہتر ہے پھر معمولی لباس پہن کر عاجزی کرتے ہوئے عید گاہ وغیرہ میں جائیں جانور اور کمزور بچوں کو بھی ساتھ لے جائیں کفار مشرکین کو ہرگز ہمراہ نہ لیں پھر وہاں نماز استسقاء ادا کریں اور دعا کریں تین روز تک یہ عمل کریں بارش کے لئے یہ دعا بہت نافع ہے۔ **اللھم اغثنا غیثا مغیثا ھنیئا مریئا مریعا غدقا مجلل سحا صمعا** (درمختار و شامی) اگر یہ الفاظ بھی کہہ لئے جائیں تو بہتر ہے **نافعا غیر ضار عاجلا غیر اجل** کہ احادیث سے ثابت ہے جب رب تعالیٰ بارش بھیجے تب دعا مانگنا مستحب ہے اور بہتر ہے کہ صحن میں کھڑے ہو کر وہ پانی اپنے سینے

marfat.com
Marfat.com

اور منہ پر لے اور اگر سنے کہ فلاں ملک میں بارش نہیں تو ان کے لئے بھی دعا کرنا مستحب ہے مگر اس صورت میں نماز نہ پڑھی جائے۔ **چوتھا فائدہ:** یہ کہ حضور کے معجزات اس سے بالاتر ہیں موسیٰ نے تو پتھر سے بارہ چشمے نکالے مگر حضور نے اپنی انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری فرما دیئے ایک بار سفر میں پانی کی تنگی ہوئی صحابہ کرام نے عرض کیا فرمایا کسی پیالے میں تھوڑا پانی لاؤ لایا گیا دست مبارک رکھ دیا اور پندرہ سو آدمیوں کو پلا بھی دیا۔ غسل وضو بھی کرایا اور پیاسے جانوروں کو سیراب بھی فرمایا خالی برتن اور مشکیزے بھی بھروا دیئے حضرت جابر نے سوچا کہ دیکھوں یہ پانی کہاں سے آرہا ہے نظر کی تو مبارک انگلیوں سے جاری تھا۔

انگلیاں ہیں فیض پر ٹوٹے ہیں پیاسے جھوم کر ندیاں پنجاب رحمت کی ہیں جاری واہ واہ

پتھر سے پانی نکلنا آسان ہے پہاڑوں وغیرہ سے نکلتا رہتا ہے مگر انگلیوں سے جاری ہونا بہت ہی عجیب ہے اور یہ تو بار بار ہوا کہ کسی بوڑھی عورت کے مشکیزے سے کسی کے برتن سے صدہا آدمیوں کو پانی پلا دیا مگر اس میں سے ایک قطرہ کم نہ ہوا۔ دیکھو مشکوٰۃ شریف (باب المعجزات) میرے آقا نے تو دودھ کی نہریں بھی جاری فرمائی ہیں کہ ہجرت کے سفر میں ام معبد کی خشک بکری کے تھن کو ہاتھ مبارک لگایا جس سے تھن دودھ سے بھر گئے اور اس قدر دودھ نکلا کہ ساتھیوں نے پیا ام معبد کے گھر والوں نے پیا اور تمام گھر کے برتن بھر گئے پتھر سے پانی کے بارہ چشمے نکلنا بیشک بڑا معجزہ ہے مگر دودھ کی دو نہریں خشک بکری کے تھنوں سے جاری ہونا بہت بڑا معجزہ عیسیٰ نے دعا فرما کر آسمان سے غیبی خوان کھانے سے بھرا ہوا منگایا مگر میرے شہنشاہ نے حضرت جابر کے گھر چار سیر جو کے آٹے اور تھوڑے سے گوشت سے سارے لشکر والوں اور مدینہ والوں کو سیر فرما دیا گوشت کی بوٹیاں شوربا اور شوربے کا مصالحہ آٹا وغیرہ تمام چیزیں جنت سے منگا کر حضرت جابر کی ہانڈی سے نکال کر سب کو کھلا دیں موسیٰ نے پتھر سے پانی نکالا بیشک بڑا معجزہ ہے مگر میرے شہنشاہ نے منبر پر کھڑے ہو کر ایک بار دعا بارش فرمائی ابھی منبر سے نیچے نہ آئے تھے کہ پانی برسنے لگا اور نماز جمعہ پڑھتے پڑھتے مدینہ پاک کی گلی کوچوں میں بہنے لگا دوسرے جمعہ کو اس منبر پر کھڑے ہو کر جو انگشت پاک کا اشارہ فرمایا تو بادل پھٹ گیا اور جہاں حکم دیا وہاں جا کر برسا معلوم ہوا کہ دیگر انبیاء کرام کی حکومت زمین اور زمینی چیزوں پر ہے مگر سید الانبیاء کی سلطنت زمین، آسمان بلکہ دونوں جہان میں ہے اس کے لئے ہماری کتاب **سلطنت مصطفیٰ** کا مطالعہ کرو غرض حضور کے معجزات سب معجزات سے اعلیٰ ہیں۔ **چوتھا فائدہ:** یہ کہ رب تعالیٰ اپنی نعمتیں انبیاء کرام کے ذریعہ عطا فرماتا ہے بلاواسطہ کسی کو نہیں دیتا وہ قادر تھا کہ پتھر سے بغیر عصا مارے ہی پانی عطا فرما دے مگر نہ فرمایا بلکہ موسیٰ کا واسطہ درمیان میں رکھا کہ وہ عصا ماریں تب بنی اسرائیلیوں کو پانی ملے تاکہ ان کی عظمت لوگوں کے دلوں میں قائم ہو جائے اور اس سے سمجھ جائیں کہ دنیا کی طرح آخرت کی نعمتیں بھی انہی حضرات کی نظر کرم سے ملیں گی دیکھو ایوب علیہ السلام کو جب شفا دینی ہوئی تو ان سے فرمایا **ارکض برجلک ھذا مغتسل** اپنا پاؤں رگڑو جس سے چشمہ پیدا ہوا فرمایا پیو اور اس سے نہاؤ جب حضرت یعقوب کی آنکھیں منور کرنا منظور ہوئیں تو حضرت یوسف کی قمیص کا واسطہ بیچ میں رکھا کہ وہ آنکھوں سے لگے اور آنکھیں روشن ہوں۔ فرمایا **اذھبوا بقمیصی** غرضکہ دیتا خود ہے مگر اپنے محبوبوں کے واسطے سے جیسے دنیا میں سب شفا، رزق، انصاف وغیرہ رب ہی دیتا ہے مگر لوگوں کی معرفت سے اس توسل سے دنیا قائم ہے اگر یہ توسل نہ ہو تو دنیا ختم ہو جائے ایسے ہی دنیا و آخرت میں سب کچھ رب ہی دیتا ہے مگر محبوبوں کی معرفت سے اگر یہ معرفت نہ ہو تو آخرت کا انتظار ختم ہو جائے۔

marfat.com
Marfat.com

**پانچواں فائدہ:** یہ کہ رب سے جو مانگنا ہو وہ اگر انبیاء سے مانگا جائے تو بھی درست ہے کیونکہ بنی اسرائیل ہر موقعہ پر موسیٰ ہی سے شکایت کرتے تھے اور آپ یہ نہ فرماتے تھے کہ تم مشرک ہو گئے تم نے رب کو چھوڑ کر مجھ سے کیوں شکایت کی بلکہ ان کا حاجت روائی فرماتے تھے یہ ہی طریقہ صحابہ کرام کا تھا کہ ہر دکھ درد مصطفیٰ سے عرض کرتے دیکھو ہماری کتاب جاء الحق **چھٹا فائدہ:** یہ کہ مفت نعمتیں ملنے اور مصیبتیں نہ آنے سے لوگ فساد برپا کرتے ہیں بنی اسرائیل نے بغیر مشقت غذائیں کھائیں پانی پیا تو آپس میں ایسے جھگڑے کہ ایک جگہ سے پانی بھی نہ پی سکے **ساتواں فائدہ:** یہ کہ فساد سے نعمتیں چھین لی جاتی ہیں جیسا کہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ بنی اسرائیل کو فرمایا گیا کہ نعمتیں تو کھاؤ پیو مگر فساد نہ پھیلانا ورنہ سلب ہو جائیں گی۔ **پہلا اعتراض:** یہاں فرمایا گیا **فانفجرت** یعنی پتھر سے پانی خوب بہ نکلا اور سورہ اعراف میں فرمایا گیا **فانبجست** یعنی تھوڑا تھوڑا نکلا (یعنی صرف رسا) ان دونوں آیتوں میں تعارض ہے۔ **جواب:** اولاً تو پانی تھوڑا تھوڑا نکلتا تھا پھر خوب بہنے لگتا تھا وہاں پہلی حالت بیان ہوئی اور یہاں آخری **دوسرا اعتراض:** جب ابر کا سایہ اور من و سلویٰ کا اترنا اور پانی کا جاری ہونا ایک ہی میدان میں ہوا تو اس کو علیحدہ علیحدہ آیت میں کیوں بیان فرمایا۔ سب ایک ساتھ ہی کیوں نہ فرما دیئے گئے۔ **جواب:** وہ نعمتیں آسمانی تھیں اور یہ زمینی ان نعمتوں میں اسرائیلیوں کا اختلاف ظاہر نہ ہوا اس سے ظاہر ہوا۔ نیز اس نعمت سے موسیٰ علیہ السلام کی سلطنت و حکومت بھی علی وجہ الکمال معلوم ہوتی تھی ان وجوہ سے اس کو علیحدہ علیحدہ بیان فرمایا **تیسرا اعتراض:** **اضرب بعصاک الحجر** کے معنی یہ نہیں ہیں کہ لاٹھی سے پتھر کو مارو بلکہ یہ کہ لاٹھی کے سہارے پتھریلے میدان کو طے کر لو یا پہاڑ پر چڑھ جاؤ۔ ضرب کے معنی چلنے کے بھی آتے ہیں یہاں وہ ہی مراد ہیں کیونکہ پتھر سے پانی نکلنا خلاف عقل ہے (علی گڑھی ٹکسال) **جواب:** جب ضرب کے معنی چلنا ہوتے ہیں تو اس کے بعد فی لایا جاتا ہے رب فرماتا ہے **واذا ضربتم فی الارض** اگر یہاں یہی ہوتا تو عبارت یوں ہوتی **اضرب بعصاک فی الحجر** اور فی یہاں نہیں جس سے معلوم ہوا کہ ضرب مارنے کے معنی میں ہے نیز یہ ہی معنی عام روایات سے ثابت ہیں اس پر امت کا اجماع اس کو غلط بتانا سخت گمراہی ہے جب پتھر سے بال اڑ جاتے ہیں لوہا کچھ آتا ہے اب بھی پہاڑوں سے دریا جاری ہو جاتے ہیں وہ پانی پتھر سے ہی نکلتا ہے کنوؤں میں مٹی سے ہی پانی کے سوت جاری ہوتے ہیں تو اگر اس وقت بھی ایسا ہوا تو کون سی بات ہے ان وہمیات کی وجہ سے معجزات کا انکار کرنا سخت جہالت ہے۔ **چوتھا اعتراض:** ایک چیز سے چند متضاد کام نہیں ہو سکتے۔ ایک عصا سے بحر قلزم خشک بھی ہو گیا اور یہاں پتھر سے پانی بھی جاری ہوا عقل میں نہیں آتا۔ **جواب:** بعض پتھروں پر لوہا گڑنے سے آگ پیدا ہو جاتی ہے اگر پتھر پر عصا لگنے سے پانی پیدا ہو تو کیوں انکار ہے وہ قادر مطلق ہے یہ دنیا میں بہت ہوتا ہے ایک سورج سے سردی بھی پڑتی ہے گرمی بھی ایک مہینہ میں بعض سبز چیزیں جل جاتی ہیں اور بعض پیدا ہوتی ہیں ایک ہی دوا قابض بھی ہوتی ہے اور قبض کشا بھی مقوی باہ بھی ہوتی ہے اور نقصان دہ بھی ہم اپنی آنکھ سے روتے ہیں سوتے ہیں دیکھتے ہیں اشارے بھی کرتے ہیں اس سے نیک کام بھی کرتے ہیں اور بد بھی۔ جب ہمارے اعضاء اور دنیاوی چیزیں اپنے میں اتنی تاثیریں رکھتی ہیں تو اگر موسیٰ کے عصا سے عجائبات ظاہر ہوں تو کیا تعجب ہے ہمارے حضور کا لعاب دہن (تھوک) کھاری کنویں میں پڑے تو میٹھا کر دے۔ خشک کنویں کو جاری فرما دے حضرت جابر کی ہانڈی میں پڑ کر گوشت اور شوربا بڑھا دے آٹے میں پہنچ کر اس میں برکت دے حضرت علی کی دکھتی ہوئی آنکھ میں لگ کر شفا بخشے عبداللہ ابن عتیک

marfat.com
Marfat.com

کی ٹوٹی ہوئی ہڈی پر لگ کر جوڑ دے معاذ ابن عمرو' یا بن جموح کے کٹے ہاتھ پر لگے تو اس کو صحیح کر دے۔ غرضیکہ ایک چیز میں چند فائدے ہونا کوئی تعجب کی بات نہیں۔

تفسیر صوفیانہ : انسانی روح اور اس کی صفات مثل موسیٰ اور بنی اسرائیل کے ہیں کہ وہ اپنے رب سے حکمت و معرفت کا پانی مانگ رہے ہیں روح کے پاس لا الہ الا اللہ کا عصا ہے جس میں نفی اور اثبات کی دو چمکتی ہوئی شاخیں ہیں اس کو روح بار گاہ الٰہی سے لے کر آئی۔ روح کو حکم ہے کہ یہ عصا اس قلب پر مارے جو کہ مثل پتھر کے یا اس سے بھی زیادہ سخت ہے اس چوٹ سے بفضلہ تعالیٰ بارہ چشمے جاری ہوتے ہیں۔ کیونکہ لا الہ الا اللہ کے بارہ حرف ہیں اور صفات انسانی کے بھی بارہ گروہ پانچ ظاہری حواس' قوت باصرہ' سامعہ شامہ لامسہ اور ذائقہ اور پانچ باطنی حسیں مشترک۔ حافظہ خیال وہم اور قوت متصرفہ اور ایک قلب اور ایک نفس ان میں سے ہر ایک اپنے گھاٹ کو پہچانتی ہے قلب کا گھاٹ تقویٰ اور اطاعت ہے روح کا گھاٹ کشف اور مشاہدہ یہ روح حقیقت کے چشمے کا پانی تجلی کے پیالے سے ساقی کی عطا سے پیتی رہتی ہے اور فرمان ہوتا ہے **وسقھم ربھم شرابا طھورا** رب کا حکم ہے۔ یہ حقیقی رزق کھاؤ پیو لیکن دین کو دنیا کے بدلہ میں بیچ کر اور آخری چیز کو لوئی پر ترجیح دے کر اور ان دونوں کو موسیٰ پر مقدم جان کر فساد مت پھیلاؤ کسی شاعر نے کیا خوب کہا۔

تن من دھن سب واریئے ایک دھرم کے کاج
دھن دے تن کو راکھئے اور تن دے رکھئے لاج

وَاِذْ قُلْتُمْ یٰمُوْسٰی لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰی طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا

اور جبکہ کہا تم نے اے موسیٰ ہرگز نہیں صبر کریں گے ہم اوپر کھانے ایک کے پس دعا کیجیے

اور جب تم نے کہا اے موسیٰ ہم سے تو ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ ہوگا تو آپ اپنے رب

رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا وَ

آپ واسطے ہمارے اپنے رب سے نکالے واسطے ہمارے اس میں سے جو اگاتی ہے زمین ساگ اس کے سے اور

سے دعا کیجئے کہ زمین کی اگائی ہوئی چیزیں ہمارے لیے نکالے کچھ ساگ اور

قِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ

ککڑی اس کی سے اور گیہوں اس کے اور مسور اس کی اور پیاز اس کی کہا بدلتے ہو تم

ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز فرمایا کیا تم

الَّذِیْ هُوَ اَدْنٰی بِالَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ ؕ

اس کو کہ وہ گھٹیا ہے بعوض اس کے کہ وہ بہتر ہے

ادنیٰ چیز کو بہتر کے بدلے مانگتے ہو

marfat.com
Marfat.com

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے ایک یہ کہ اس سے پہلے نو نعمتیں بیان ہو چکیں اب دسویں نعمت کا ذکر ہو رہا ہے لیکن فرق اس قدر ہے کہ وہ نعمتیں اعلیٰ تھیں اور یہ نعمت در حقیقت ان سے ادنی لیکن بظاہر بنی اسرائیل کو یہ پیاری معلوم ہوئی کیونکہ ان چیزوں سے وہ اکتا چکے تھے دوسرے یہ کہ اس سے پہلے آسمانی نعمتوں کے بعد زمینی نعمت یعنی پانی عطا فرمانے کا ذکر ہو چکا اب ان زمینی غذاؤں کا ذکر ہے جو نعمت معہ زحمت تھی۔ تیسرے یہ کہ اس سے پہلے بنی اسرائیل کی نعمتوں کا ذکر تھا اب ان کی نااہلی اور کم ہمتی اور نافرمانی کا ذکر ہو رہا ہے کہ وہ آسمانی نعمتوں کے اہل ثابت نہ ہوئے اعلیٰ ہستی کھو کر پستی کے طالب ہوئے اس صورت میں یہ واقعہ دسویں نعمت نہیں بلکہ ان کی ناقدری کی وجہ ہے ہاں اگر یوں کہا جائے کہ یہ لوگ اس قابل تھے کہ ان سے تمام نعمتیں چھین لی جائیں مگر ہمارا اکرم ہی تھا کہ ہم نے نہ چھینیں تو یہ نہ چھیننا بھی ایک نعمت ہے۔

تفسیر : **واذ قلتم** یہاں بھی وہ ہی فعل پوشیدہ ہے یعنی اے اسرائیلیو! وہ واقعہ بھی یاد کرو جب تم نے کہا تھا یا اے نبی انہیں یاد دلاؤ وخیال رہے کہ یہ واقعہ بھی میدان تیہ کا ہی ہے جب کہ وہ من وسلویٰ کھاتے کھاتے گھبرا گئے تھے کیونکہ وہ تو مصر میں رہ کر مختلف ترکاریاں کھانے کے عادی تھے۔ تفسیر کبیر نے فرمایا کہ ان کا یہ مطالبہ کرنا گناہ نہ تھا کیونکہ من وسلویٰ کھانا ان پر واجب نہ تھا بلکہ فقط مباح اور مباح کھانے کے بدلنے کی خواہش جرم نہیں البتہ چونکہ یہ بغیر محنت ملتا تھا جس سے یہ لوگ عبادت کا کافی موقعہ پا لیتے تھے اسی لئے موسیٰ نے اس کو خیر فرمایا اور اس کو **ادنی** بمعنی تفسیر عزیزی نے فرمایا کہ اتنے بڑے پیغمبر کو نام لے کر پکارنا کمال بے ادبی ہے۔ انہیں چاہئے تھا کہ یا رسول اللہ یا نبی اللہ کہہ کر پکارتے دیوبندیوں کے پیشوا میاں اسمٰعیل دہلوی ان سے کئی درجہ آگے ہیں۔ کیونکہ وہ تو انبیاء کو بشر' ایلچی' چوہدری اور نمبردار بلکہ بھائی کہتے ہیں۔ حالانکہ ہمارے حضور کو تو خود حضرت عباس بھتیجا کہہ کر حضرت علی بھائی کہہ کر ازواج پاک زوج کہہ کر نہیں پکارتی تھیں بلکہ خود اللہ تعالیٰ نے یا محمد کہہ کر نہیں پکارا جہاں پکارا۔ **یا یھا النبی۔ یا یھا الرسول۔ یا یھا المزمل** وغیرہ پیارے القاب سے پکارا جب خالق یہ احترام کرے تو ہم کمینے گندے کس شمار میں ہیں۔ اگرچہ حضور اور سارے نبی بشر ہی ہیں مگر یہ کہنا بے ادبی ہے ماں کو والدہ صاحبہ کہو باپ کی بیوی نہ کہو خیال رہے کہ کبھی سچ بولنا کفر ہوتا ہے اور جھوٹ بولنا عین عبادت شیطان نے کہا مولا تو نے مجھے گمراہ کر دیا بات سچی تھی مگر وہ ہو گیا کافر۔ بے گناہ 'معصوم یا محفوظ بندے کہتے ہیں خدایا ہم بڑے گنہگار ہیں بات غلط ہے مگر یہ کہنا عبادت ہے نبی کو بشر کہنا بات سچی ہے مگر ہے بے ادبی **لن نصبر** یعنی ہم صبر کر سکتے تو ہیں مگر کریں گے نہیں۔ انہوں نے اپنی ناطاقتی بیان نہ کی بلکہ بے صبری لہٰذا یہ دوسری بے ادبی تھی مانگنے کے لئے بھی ادب و تمیز چاہئے **علی طعام واحد** طعام طعم سے بنا ہے طعام لذت والی غذا کو کہتے ہیں اسی لئے کڑوی دواؤں کو طعام نہیں کہا جاتا۔ یہاں ایک کھانے سے مراد ہے نہ بدلنے والا کھانا وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم سے ہر روز ایک سا ہی کھانا نہیں کھایا جاتا چند وجہوں سے ایک یہ کہ کھاتے کھاتے عرصہ ہو چکا دوسرے یہ کہ ہم پہلے سے اس کھانے کے عادی نہ تھے۔ تیسرے یہ کہ ایک کھانے سے معدہ کمزور ہوتا ہے اور خواہش میں کمی آتی ہے نفس بھی اسے قبول نہیں کرتا چوتھے یہ کہ ہم زمین کے رہنے والے ہیں زمینی ہی غذائیں چاہتے ہیں بعض لوگوں نے کہا کہ ایک کھانے سے مراد یکساں کھانا ہے جو کہ غریب و امیر سب کو برابر ملے گا گویا وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم کو مختلف کھانے چاہئیں جس سے بڑے اور چھوٹے کا فرق ظاہر ہو اور جس میں بعض بعض کے خدمت گزار بنیں (تفسیر روح البیان) اس صورت میں یہ ان کی

marfat.com
Marfat.com

تیسری بے ہودگی ہوئی **فادع لنا**۔ یہ اسرائیل بھی جانتے تھے کہ رب پیغمبر کی بہت سنتا ہے اس لئے براہ راست خود دعا نہ
کرتے تھے بلکہ پیغمبر سے دعا کراتے تھے۔ نیز وہ یہ سمجھتے تھے کہ پیغمبر خلق کے حاجت روا ہوتے ہیں اسی لئے اپنے دکھ درد ان
سے عرض کر دیتے تھے بزرگوں سے دعا کرانا یا ان کی خدمت کر کے دعا لینا ان سب کی اصل یہ آیت ہے۔ نیز رب فرماتا ہے
**وصل علیھم** خیال رہے کہ دعا کرانا اور ہے اور دعا لینا کچھ اور جو دعا لی جاتی ہے وہ تیر بہدف ہوتی ہے منافقین دعا کراتے تھے
دعا لیتے نہ تھے اس لئے ان کے متعلق ارشاد ہوا **تستغفرلھم سبعین مرۃ فلن یغفر اللہ لھم** حضرت طلحہ نے رات کی
خدمت کر کے حضرت عثمان نے غزوہ عسرت میں خیرات کر کے حضرت ربیعہ نے تہجد کا وضو کرا کر دعا لی۔ حضور نے فرمایا تم جنتی
ہو گئے بلکہ حضرت عثمان کے لئے فرمایا کہ جو چاہو کرو جنت تمہارے لئے واجب ہو چکی ہے یہ ہے دعا لینا اب بھی موقعہ ہے حضور
سے دعائیں لے لو ان کی خدمت کرو۔ **لنا** نے بتایا کہ اے موسیٰ یہ دعا ہمارے واسطے ہے نہ کہ آپ کے واسطے کیونکہ آپ تو
اسی پر صابر شاکر ہیں بے صبرے تو ہم ہیں۔ **ربک** تفسیر عزیزی نے فرمایا کہ اس میں بولے۔ غیرت آتی ہے کہ انہوں نے **ربک**
کہا **ربنا** نہ کہا یعنی اپنے رب سے عرض کرو مگر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ انہوں نے اپنے کو حقیر جانتے ہوئے **ربنا** نہ کہا جیسے ہم
رب کو رب العرش، رب کعبہ، رب محمد کہہ دیتے ہیں **یخرج لنا** یہ جملہ یا دعا کا بیان ہے یا اس کا جواب یعنی آپ رب سے دعا
کریں کہ وہ ہمارے لئے اگا دے یا اگر آپ دعا کریں گے تو وہ ضرور اگا دے گا کیونکہ آپ مقبول الدعاء ہیں۔ **یخرج** سے یہ کہنا
چاہتے ہیں کہ یہ ساگ پات بھی من و سلویٰ کی طرح بغیر محنت ہی پیدا ہو جائیں ہم کو جوتنے بونے کی ضرورت نہ پڑے کیونکہ ہم
حالت سفر میں ہیں کھیتی باڑی نہیں کر سکتے۔ **مما تنبت الارض** اس کا مفعول ہے یعنی ہم کو وہ چیزیں دے جو زمین اگاتی ہے
**من بقلھا** بقل کا ترجمہ ہے سبزی ترکاری یہ دو طرح کی ہوتی ہے ایک وہ جو پکا کر کھائی جائے جیسے خرفہ پالک اور سیمی سویا وغیرہ
دوسرے وہ جو کچی بھی کھائی جائے جیسے دھنیا پودینہ وغیرہ یہ لفظ دو قسم کی ترکاریوں کو شامل ہے **وقثائھا** اس کے معنی ہیں
خیار۔ یہ دو قسم کا ہے خیار دراز یعنی ککڑی اور خیار خورد یعنی کھیرا ان دونوں کو خیارین کہتے ہیں یہ کچی بھی کھائی جاتی ہے اور پکا کر
بھی یعنی یہ غذا بھی ہے اور دیہاتی میوہ بھی **فومھا** گیہوں کو کہتے ہیں چونکہ یہ پیس کر پکا کر کھایا جاتا ہے اس لئے اس کو ترکاریوں
کے بعد بیان کیا ایک قرات **ثومھا** بھی ہے۔ جس کے معنی ہیں لہسن اور بعض علماء نے فوم کے معنی بھی لہسن کئے ہیں وہ کہتے ہیں
کہ یہ ف، ث کے عوض میں آئی ہے کیونکہ آگے پیاز کا ذکر آ رہا ہے اور اس کا جوڑ لہسن ہے نہ کہ گیہوں نیز وہ لوگ ادنی چیزیں
مانگ رہے ہیں اور گیہوں اعلیٰ ہے لیکن صحیح یہی ہے کہ یہاں فوم بمعنی گیہوں ہے کیونکہ آگے مسور ہے جو کہ گیہوں سے کھائی
جاتی ہے اور پیاز کا ذکر تو اس کے بعد بھی ہے نیز گیہوں اگرچہ خود اعلیٰ ہے مگر من و سلویٰ کے مقابلہ میں ادنی اور گیہوں کی روٹی عمدہ
چیز ہے مگر جب ساگ اور پیاز وغیرہ معمولی ترکاریوں سے کھائی جائے تو ادنی شمار کی جاتی ہے کیونکہ روٹی سالن کے ساتھ نافع ہے
**وعدسھا** مسور کو کہتے ہیں یہ چھیل کر اور بغیر چھیلے ہر طرح نہایت آسانی سے پک جاتی ہے اسی لئے انہوں نے یہاں طلب کی
**وبصلھا** بصل پیاز کو کہتے ہیں کیونکہ یہ خود بھی ترکاری بن جاتی ہے کہ سرکے سے کچی اور پکا کر روٹی سے کھائی جاتی ہے اور دیگر
ترکاریوں کی بھی اصلاح کرتی ہے اس لئے مسور کے بعد اس کا ذکر ہوا۔ **قل** یہ موسیٰ کا فرمان ہے یا رب کا **اتستبدلون** یہ بدل
سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں معاوضہ یہاں حقوق کا بدلہ مراد ہے یعنی من و سلویٰ کا حق کیوں لیتے **الذی ھو ادنی** ان تمام
چیزوں کو ادنی فرمایا گیا کیونکہ یہ قدر و قیمت اور فائدے اور لذت سب ہی میں ادنیٰ ہیں۔ نیز یہ زمینی چیزیں ہیں اور اس میں تمہاری

marfat.com
Marfat.com

محنت کا دخل ہے۔ **بالذی ھو خیر** من وسلویٰ چند لحاظ سے بہتر تھا وہ آسمانی نعمت تھی قدر و نعمت لذت فائدہ سب میں اعلیٰ تھا اور بے محنت حاصل ہوتا تھا جس سے انہیں عبادت کے لئے وقت خوب ملتا تھا دنیا میں مشغولیت نہ ہوتی تھی نیز من وسلویٰ کسی طرح صحت کے لئے مضر نہیں یہ چیزیں ہزارہا بیماریاں پیدا کریں گی نیز من وسلویٰ قدرتی چیزیں تھیں جن کے حرام یا مکروہ ہونے کا احتمال نہیں جیسے دھوپ بارش کا پانی۔ تمہاری پیدا کردہ چیزیں مکروہ یا حرام بھی ہو سکتی ہیں خیال رہے کہ ادنیٰ کا مقابلہ اعلیٰ سے ہوتا ہے مگر اعلیٰ میں ادنیٰ شامل نہیں۔

**خلاصہ تفسیر:** اے اسرائیلیو تم میدان تیہ کا وہ واقعہ بھی یاد کرو جب تم پر اس دشت پر خار میں جہاں کوئی سامان نہ تھا رب کی طرف سے من وسلویٰ اترنے لگا تو تم بجائے شکر کرنے کے وہاں موسیٰ سے لڑنے جھگڑنے شروع ہو گئے کہ آپ نے ہمیں مصر جیسے سرسبز و شاداب خطہ سے نکال کر ایسے جنگلوں میں لا ڈالا جہاں من وسلویٰ کے سوا کچھ نہیں ہم تو مصر کی ہر قسم کی پیداوار کھاتے تھے یہاں عرصہ سے ایک ہی قسم کا کھانا کھا رہے ہیں۔ اب ہم اس پر صبر نہ کریں گے اپنے رب سے عرض کرو کہ وہ ہمارے لئے اس جنگل میں بھی ساگ پات اور ککڑی گیہوں مسور اور پیاز وغیرہ زمینی غذائیں ہمیں بغیر مشقت کے دے۔ موسیٰ نے فرمایا کہ ارے تم کیا غضب کر رہے ہو کیا رب تعالیٰ کی اعلیٰ نعمتیں چھوڑ کر ادنیٰ لئے لیتے ہو اس پر اگر تم کو ہلاک کر دیا جاتا تو کچھ بعید نہ تھا مگر رب نے درگذر فرمایا اور عذاب نہ بھیجا۔

**فائدے:** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** یہ کہ حرص و ہوس کا نتیجہ برا ہے بنی اسرائیل نے من وسلویٰ پر صبر نہ کیا دیگر کھانوں کی ہوس کی جس کی وجہ سے خرابی میں پڑے۔ حرص و ہوس و طمع تینوں لفظ جیسے نقطہ سے خالی ہیں ویسے ہیں فائدے سے بھی خالی۔ **دوسرا فائدہ:** ہر چھوٹی بڑی چیز رب سے مانگنی چاہئے یہ نہ خیال کیا جائے کہ اتنی بڑی بارگاہ میں معمولی چیزیں نہ مانگو اگر کسی کے جوتے کا تسمہ بھی ٹوٹ جائے تو رب سے ہی مانگے حکایت مشہور ہے کہ سکندر بادشاہ سے کسی نے ایک پیسہ مانگا اس نے کہا کہ تو نے ایک پیسہ مانگ کر میری توہین کی ہے اتنے بڑے بادشاہ سے ایک پیسہ مانگا جاتا ہے سائل نے کہا اچھا ایک ملک مجھے عنایت کر دیجئے سکندر نے جواب دیا کہ یہ تو نے اپنی طاقت سے زیادہ مانگا تو ملک کے لائق نہیں سائل کہنے لگا کہ یہ رب ہی کی شان ہے کہ ایک پیسہ بھی اس سے مانگا جاتا ہے اور ملک بھی اور وہ کسی پر ناراض نہیں ہوتا بلکہ مانگنے کا حکم دیتا ہے کہ **ادعونی استجب لکم** تم دعا کرو ہم قبول فرماویں گے مولانا فرماتے ہیں۔

اے کہ باہر دل ترا رازے دگر ہر گدا را بر لذت ناز دگر

**تیسرا فائدہ:** یہ کہ بزرگوں کو چاہئے کہ جب کوئی ان سے دعا کرائے تو اس کو دعا کے متعلق نیک مشورہ دیں کہ یہ دعا نہ کراؤ اس میں بہتری نہیں موسیٰ نے ان کو یہی مشورہ دیا کہ تم ادنیٰ چیز اعلیٰ کے بدلے نہ لو۔ **چوتھا فائدہ:** یہ کہ اعلیٰ اور ادنیٰ چیزیں جمع نہیں ہوتیں جو شخص چاہے کہ وہ بھی حاصل ہو اور دنیا کمینی بھی ہاتھ سے نہ جائے وہ دو ضدوں کو جمع کرتا ہے دیکھو بنی اسرائیل نے یہ نہ کہا کہ من وسلویٰ بند ہو جائے بلکہ وہ چاہتے تھے کہ یہ بھی آتا رہے اور ساگ پات بھی ملے فرمایا یہ نہ ہوگا تبادلہ ہوگا اور تبادلہ اچھا نہیں۔ **پانچواں فائدہ:** یہ کہ دل کی ہر بات نہ ماننا چاہئے بسا اوقات یہ ادنیٰ چیز کو اعلیٰ دکھاتا ہے بنی اسرائیل کو ساگ پات اچھا معلوم ہوا مگر حقیقت میں یہ ادنیٰ تھا قرآن کریم فرماتا ہے **عسی ان تحبوا شیئا وھو شر لکم** دل نادان بچہ یا بیوقوف

marfat.com
Marfat.com

مریض کی طرح ہے جوکہ رنگت و خوشبو پر مرتا ہے اور بسا اوقات نقصان دہ چیزوں کی خواہش کر لیتا ہے **چھٹا فائدہ:** حضرت انبیاء راضی بر رضا ہوتے ہیں وہ سب کچھ ہمارے لئے مانگتے ہیں دیکھو بنی اسرائیل نے عرض کیا کہ ان چیزوں کی دعا ہمارے لئے کرو اگرچہ مقام تیہ میں موسیٰ بھی من و سلویٰ کھاتے تھے اور بعد میں آپ نے بھی یہ سبزیاں وغیرہ کھائیں مگر اس میں اصل مقصود بنی اسرائیل تھے غرضیکہ وہ حضرات دنیا ہماری خاطر استعمال کرتے ہیں اور رب تعالیٰ ہم کو آخرت کی بھلائیاں ان کی خاطر دیتا ہے یہ فوائد ان سے حاصل ہوئے۔

**پہلا اعتراض :** بنی اسرائیل کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خدا کا کھانا نہ چاہتے تھے بلکہ اس من و سلویٰ کے ساتھ اور بھی غذائیں مانگ رہے تھے پھر موسیٰ نے تبادلہ کو ان کی طرف کیوں منسوب کیا کہ فرمایا **اتستبدلون** کیا تم بدلنا چاہتے ہو یہ تو خلاف واقعہ ہے۔ **جواب:** انہوں نے آسمانی کھانے سے ناخوشی اور بے رغبتی ظاہر کی جس کا مطلب یہ تھا کہ یا تو اس غذا کو بالکل نہ کھائیں گے یا شکم سیر ہو کر نہ کھائیں گے کیونکہ اس سے اکتا گئے ہیں۔ اس ناقدری کی بنا پر اس کا بند ہونا لازم تھا تو چونکہ انہوں نے تبادلہ غذا کا سبب قائم کر دیا تھا اس لئے ان کی طرف نسبت کیا گیا۔ **دوسرا اعتراض:** بنی اسرائیل کی یہ خواہش جائز تھی یا ناجائز اگر ناجائز تھی تو حضرت موسیٰ نے ان کو اس سے صراحتہ "کیوں نہ روک دیا ناجائز چیز کی دعا کرنا بھی ناجائز ہے اور اگر جائز تھی تو کام میں پس و پیش کیوں فرمایا۔ **جواب:** یہ خواہش جائز تھی چند کھانے کھانا بھی جائز اور ان کی رغبت بھی مباح مگر ان کے لئے تکلیف کا سبب تھی لہٰذا اس خواہش سے منع تو نہ فرمایا صرف ان کے نقصان پر ان کو مطلع کر دیا جیسے کوئی شخص اپنی اچھی آمدنی پر لات مارنا چاہتا ہے تو اس کو سمجھایا جاتا ہے۔

**تفسیر صوفیانہ :** آخرت کی نعمتیں ایمان و تقویٰ، عشق اللہ و رسول گویا من و سلویٰ ہیں دنیا اور یہاں کی لذتیں گویا لونی غذائیں جیسے من و سلویٰ ان غذاؤں کے ساتھ جمع نہ ہو سکیں ایسے ہی دنیا دین کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتی دل اس بیٹھک کی طرح ہے جس کا ایک دروازہ سڑک کی طرف ہو اور ایک اندرون گھر کی طرف جب سڑک والا دروازہ کھلے گا تو باہر کی چیزیں گرد و غبار کوڑا اور اغیار آئیں گے اور جب اندرون خانہ کا دروازہ کھلے گا تو بیوی بچے اور صاحب اسرار آئیں گے۔ یہ دونوں دروازے بیک وقت نہیں کھل سکتے جب دل میں دنیا کا دروازہ کھل جاتا ہے تو حسد کینہ عداوتیں گرد و غبار آئیں گے اور اگر آخرت کا دروازہ کھل جائے تو سوز و گداز، توبہ، شوق پیدا ہو گا مگر یہ دونوں دروازے بیک وقت نہیں کھل سکتے دنیا و آخرت دو سگی بہنیں ہیں جو بیک وقت ایک کے نکاح میں نہیں آسکتیں۔

| |
|---|
| اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ وَضُرِبَتْ عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ |
| اتر جاؤ تم کسی شہر میں پس تحقیق واسطے تمہارے وہ ہے جو تم نے مانگا اور مقرر کردی اوپر انکے خواری |
| اچھا مصر یا کسی شہر میں اترو تمہیں ملے گا جو تم نے مانگا اور ان پر مقرر کردی گئی خواری |

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| وَالْمَسْكَنَةُ ۚ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ۗ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ |
| اور فقیری اور لوٹے وہ بیچ غضب اللہ کے یہ بوجہ اس کے ہے |
| اور ناداری اور خدا کے غضب میں لوٹے یہ بدلہ تھا اس کا |
| كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ |
| کہ وہ لوگ تھے انکار کرتے نشانیوں کا اللہ کی اور قتل کرتے تھے نبیوں کو بلا حق کے |
| کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے اور انبیاء کو ناحق شہید کرتے |
| الْحَقِّ ۗ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ * |
| یہ بوجہ اس کے ہے کہ نافرمانی کی انہوں نے اور تھے وہ حد سے آگے بڑھتے |
| یہ بدلہ تھا ان کی نافرمانیوں اور حد سے بڑھنے کا |

**تعلق** : اس جملہ کو پچھلے جملہ سے چند طرح تعلق ہے **ایک** یہ کہ اس کا تتمہ ہے وہاں معلوم ہوا کہ اسرائیلیوں نے دعا کرانا چاہی موسیٰ نے ان کو مشورہ دیا کہ ایسا نہ کریں اب فرمایا جارہا ہے کہ انہوں نے حضرت کا مشورہ قبول نہ کیا تب آپ نے ان سے فرمایا **دوسرے** یہ کہ پہلے فرمایا گیا کہ اسرائیلیوں نے اپنی یہ عرض رب کی بارگاہ میں پیش کرانا چاہی موسیٰ نے فرمایا یہ تمہاری دعا قابل عرض نہیں ہے میں پیش نہ کروں گا اگر تم میرا مشورہ نہیں مانتے تو تم کو اس کی یہ تدبیر بتاتا ہوں (تفسیر عزیزی) **تیسرے** یہ کہ پہلے معلوم ہوا تھا کہ بنی اسرائیل چاہتے تھے کہ ہم کو یہ تمام چیزیں اسی جنگل میں من وسلویٰ کی طرح مل جاویں اس میں فرمایا گیا کہ تم کو یہ نعمتیں یہاں نہ ملیں گی بلکہ اس کے لئے تم کو شہر میں جانا ہو گا للذا یہ جملہ ان کی خواہش کی تردید کرتا ہے **چوتھے** یہ کہ پہلے معلوم ہوا تھا کہ بنی اسرائیل چاہتے تھے کہ رب یہ چیزیں بغیر محنت ہم کو عطا کرے یہاں فرمایا گیا کہ یہ محنت سے ملیں گی

**تفسیر: اهبطوا** یہ لفظ ہبوط سے بنا ہے جس کے معنی ہیں اترنا یعنی اتر جاؤ تم یا تو یہ میدان تیہ بلندی میں واقع تھا اور جہاں ان کو بھیجا جارہا تھا وہ پستی میں اس لئے **اهبطو** فرمایا یا مسافر سفر میں تو کسی سواری پر رہتا ہے اور جہاں ٹھہرنا ہوتا ہے وہاں اترتا ہے اس لئے فرمایا گیا کہ تم سواریوں پر بیٹھو اور اس شہر میں سواریوں سے اتر جانا یعنی ٹھہرنا یا مطلب یہ ہے کہ پیچھے کو ہی لوٹ جاؤ کیونکہ واپس لوٹنا ناکامی کی دلیل ہے اور ناکامی میں اپنے در پر اترنا ہوتا ہے اس میں اس جانب بھی اشارہ ہے کہ تم ان غذاؤں کے حاصل کرنے سے کم ہمت اور پست حوصلہ ہو جاؤ گے تمہاری پہلی سی شان نہ رہے گی کیونکہ دنیاوی ہوس سے یہ عیوب پیدا ہو جاتے ہیں اور تم ہوس ہی کر رہے ہو للذا یہ بظاہر امر اور در پردہ غیب کی خبر ہے کہ ابھی تو تمہارے پاس سلطنت اور حکومت ہے پھر فقط کسان بن کر رہ جاؤ گے اور ہمیشہ کے لئے تخت و تاج سے محروم ہو جاؤ گے کیونکہ تمہاری طبیعت میں کسانی چیزیں اور کسانی کاموں کی طرف رغبت ہے۔ **مصرا**' مصر کے لغوی معنی ہیں قطع۔ یعنی علیحدہ ہونا اور اب بستی یا شہر کو مصر کہتے ہیں کیونکہ یہ جنگل سے منقطع اور علیحدہ ہوتا ہے کبھی گاؤں کو بھی مصر کہہ دیتے ہیں جیسے کہ شہر کو قریہ کہا جاتا ہے **من القریتین عظیم** (روح البیان) مصر خاص فرعونی شہر کا نام بھی تھا اور ہر شہر کو بھی کہا جاتا ہے جیسے کہ لفظ مدینہ ہر شہر کو بھی کہہ سکتے ہیں اور خاص

marfat.com
Marfat.com

مدینہ منورہ کا نام بھی ہے اگر اس سے خاص شہر مصر مراد ہو تو یہ غیر منصرف ہے۔ علمیت اور عجمہ کی وجہ سے قرآن کریم نے فرمایا من مصر۔ اور عام شہر کے لئے ہو تو منصرف بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس سے وہ فرعونی مصر ہی مراد ہے تو مطلب یہ ہے کہ آپ نے فرمایا کہ تم جہاں سے آئے ہو وہاں ہی واپس چلو یعنی مصر اور چونکہ یہ ساکن الاوسط ہے اس لئے منصرف بھی ہو سکتا ہے جیسے کہ نوح و ھند وغیرہ لیکن یہ قول ضعیف ہے کیونکہ بنی اسرائیل سے فرمایا گیا کہ **ادخلوا الارض المقدسۃ التی کتب اللہ لکم ولا ترتدوا علی ادبارکم** یعنی جب تم مقدس زمین یعنی شام میں داخل ہو تو پیچھے نہ واپس ہونا جب انہیں واپسی سے منع کر دیا گیا تھا تو اب حکم کیوں دیا جاتا ہے بعض علماء نے فرمایا ہے کہ اس سے مراد وہی جگہ ہے جہاں ان کو لے جانا منظور تھا مگر یہ بھی ضعیف ہے کیونکہ رب نے فرمایا تھا **فانھا محرمۃ علیھم اربعین سنۃ یتیھون فی الارض** یعنی وہ شہر ان پر چالیس سال کے لئے حرام کر دیا گیا۔ اسی میدان میں حیران و پریشان پھریں گے۔ موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد حضرت یوشع علیہ السلام کے ساتھ یہ لوگ وہاں گئے اور یہ واقعہ ان کی زندگی شریف کا ہے لہٰذا قوی یہ ہی قول ہے کہ اس سے کوئی عام شہر مراد ہے۔ مطلب یہ ہے کہ یہ چیزیں تم کو یہاں تو ملیں گی نہیں کسی بستی میں چلے جاؤ۔ وہاں پاؤ گے **فان لکم** اس میں بتایا گیا کہ یہ چیزیں بغیر محنت نہ ملیں گی۔ بلکہ تم کو محنت کرنا ہوگی کیونکہ **یخرج اللہ لکم** نہ فرمایا صرف **لکم** فرمایا۔ یعنی تمہارے لئے وہاں **ما سالتم** وہ چیزیں جو تم نے مانگیں مجھے یہ لائق نہیں کہ رب سے یہ چیزیں مانگوں تم نے مانگی ہیں تم ہی پاؤ گے۔ **وضربت علیھم** ضرب کے چند معنی ہیں مارنا زمین پر چلنا مثال بیان کرنا لازم کرنا۔ مقرر کرنا۔ ڈالنا۔ یہاں آخری تین مراد ہیں کیونکہ علیٰ سے متعدی ہے۔ یعنی ان پر ذلت ڈال دی گئی جیسے کہ کسی زمین پر خیمہ ڈال دیا جاتا ہے اور وہ ہر طرف سے گھیر لیتا ہے یا ذلت مقرر یا لازم قرار دی گئی جیسے کہ سکہ پر نقش اسی لئے اس کو سکہ مضروب کہتے ہیں۔ **علیھم** کی ضمیر ان یہودیوں کی طرف پھر رہی ہے جنہوں نے اولاً "اس غذا کی خواہش کی پھر بعد میں بہت کفر و معاصی کر بیٹھے جن کا ذکر پہلے سے ہو رہا ہے اور ہو سکتا ہے کہ حضور کے زمانے کے یہود کی طرف پھرتی ہو اور ممکن ہے ان یہود سے لے کر آخر زمانے تک کے یہود اس کا مرجع ہوں چونکہ قوم کے بعض افراد کا کفر و گناہ ساری قوم کی طرف منسوب ہوتا ہے جب قوم اس سے راضی ہو اس لئے یہ فرمانا درست ہے کہ یہ لوگ انبیاء کو قتل اور آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔ **الذلۃ۔ ذلۃ** کے معنی خواری ہیں یعنی یہود پر خواری لازم کر دی گئی کہ ان سے سلطنت چھین لی اور ان کو مسلمانوں یا عیسائیوں کا غلام بنا دیا گیا۔ **والمسکنۃ** مسکن سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں ٹھہر جانا اور بیٹھ رہنا غریبی کو مسکنت اس لئے کہتے ہیں کہ اس سے بھی انسان بیٹھ کر رہ جاتا ہے۔ یعنی یہود پر ہمیشہ دوسری حکومتوں کی طرف سے ٹیکس وغیرہ اس قدر لگتے رہیں گے جس سے غریب رہیں گے یا ٹیکس کے خوف سے ہمیشہ اپنی غریبی ظاہر کریں گے کہ کوئی ہم کو مالدار ہی نہ جانے۔ **انما الغنی غنی النفس** تونگری بہ دل است نہ بہ مال لہٰذا یہودی اگر مالدار بھی ہو جائے تب بھی اس کا دل غریب ہی رہتا ہے' یا یہ کہ ان کے چہروں پر رونق نہ ہوگی۔ چہروں سے فقر و فاقہ ظاہر ہوگا جیسا کہ آج کل بھی ظاہر ہے۔ بہر حال بہت سی وجہوں سے وہ ذلیل و مسکین رہیں گے۔ خیال رہے کہ مسکینیت تو خوبی ہے اور مسکنت عیب مسکینیت کے معنی ہیں دل میں غرور وغیرہ نہ ہونا اور مالداری کی وجہ سے غفلت نہ آنا۔ مسکنت کے وہ معنی ہیں جو ہم نے عرض کر دیئے۔ حدیث میں جو آتا ہے کہ اے اللہ مجھے مسکین بنا کر زندہ رکھ اور مسکین ہی بنا کر وفات دے۔ اس سے پہلے معنی

marfat.com
Marfat.com

مراد ہیں۔ قلب کا مسکین ہونا بہت کمال ہے اور مسکنت بہت بڑا عیب **وباء و** یہ لفظ بوء سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں لوٹنا۔ برابر ہونا۔ مستحق ہونا یعنی وہ لوگ غضب الٰہی میں لوٹے یا غضب کے ساتھ لوٹے یا غضب کے مستحق ہوئے یا غضب ان پر برابر ہوا (تفسیر کبیر) **بغضب من اللہ** غضب کے معنی ہیں بدلہ کا ارادہ یا قہر تنوین تعظیم کی ہے یعنی وہ رب کے بڑے ہی قہر کے مستحق ہو گئے کہ دنیاوی عزت اور آخرت کی جنت سے محروم رہے اور انبیاء کرام و اولیاء کرام کی برکت سے جو رتبے انہیں حاصل ہوئے وہ سب جاتے رہے۔ **ذلک بانھم** یعنی یہ غضب الٰہی محض چند کھانے مانگنے کی وجہ سے نہ تھا یہ تو ایک جائز کام تھا بلکہ **کانوا یکفرون بایت اللہ** وہ پہلے ہی سے رب کی نشانیوں کو جھٹلاتے تھے۔ موسیٰ علیہ السلام کے فرمان پر دھیان نہ دیتے تھے اور توریت شریف کی جو آیات ان کی خواہشات کے خلاف ہوتیں ان کو بدل ڈالتے اور دوسرے پیغمبروں کا انکار کرتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ ان کی ذلت و رسوائی موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں نہ ہوئی بلکہ بعد کو موسیٰ علیہ السلام نے آئندہ کی خبر دی تھی کہ اب تمہاری خیر نہیں ہے۔ **ویقتلون النبین** اگرچہ پیغمبروں کا قتل بھی کفر میں ہی داخل تھا مگر چونکہ یہ تمام کفریات سے بڑھ کر ہے اس لئے اس کا علیحدہ بیان کیا۔ یہودیوں نے بہت سے پیغمبروں کو شہید کیا جیسے کہ حضرت یوشع و ذکریا و شعیب و یحییٰ علیہم السلام اور بہت کو قتل کرنے کی کوشش کی جیسے کہ عیسیٰ علیہ السلام کہ ان کو سولی دینا چاہی اور ہمارے حضور علیہ السلام کو زہر بھی دیا اور دوسری بھی کوششیں کیں۔ ایک دفعہ ایک دن میں 70 پیغمبروں کو شہید کیا۔ **بغیر الحق** اگرچہ پیغمبر کو شہید کرنا ناحق ہی ہوتا ہے مگر یہاں حق سے شرعی حق مراد نہیں ہے بلکہ ظاہری حق مراد ہے یعنی وہ بظاہر بھی کوئی وجہ اس قتل کی پیش نہیں کر سکتے بلاوجہ ہی شہید کیا۔ عیسیٰ علیہ السلام کو صرف چند روپے کی لالچ میں شہید کرنے کی کوشش کی۔ حضرت زکریا و یحییٰ علیہم السلام کو بادشاہ نے صرف اس لئے شہید کیا کہ وہ اپنی سوتیلی لڑکی سے نکاح کرنا چاہتا تھا۔ ان حضرات نے اس کو حرام فرمایا اور اس کی مرضی کے مطابق فتویٰ نہ دیا غرضیکہ ان انبیاء کرام کا قتل خود ان کے نزدیک بھی ناحق ہوا۔ **ذلک بما عصوا** شاید کسی کو شبہ ہوتا کہ وہ تو اہل کتاب تھے انہوں نے اپنے ہی پیغمبروں کو شہید کیوں کیا تو فرمایا گیا کہ یہ جرات ان کو اس لئے ہوئی کہ وہ پہلے سے نافرمان تھے اولاً" معمولی گناہ کئے پھر بڑے گناہ کرنے کی ہمت کی آخر کار انبیاء کرام کو شہید کرنے کی جرات کر بیٹھے **وکانوا یعتدون** پہلے تو گناہ کرنے کا ذکر فرمایا گیا اور اب حد سے بڑھنے کا یعنی وہ شرعی حدود کو توڑ کر آگے بڑھ گئے تھے کہ حرام کاموں کو حلال جاننے لگے تھے اور واعظین و علماء کے دشمن بن گئے تھے جو آیات کہ گناہوں کی برائیاں بتاتی تھیں ان کی بے جا تاویلیں کر کے اپنے جرموں کو جائز ثابت کرنے کی کوشش کرتے تھے جس کی وجہ سے اعتقاد میں فتور آ گیا گناہ کرنا علیحدہ چیز ہے اور حد سے بڑھنا علیحدہ وہ بدعملی ہے اور یہ بداعتقادی اور چونکہ بدعملی کا انجام بداعتقادی ہوتا ہے اس لئے قرآن نے پہلے عصیان اور بعد میں حد سے بڑھنے کا ذکر فرمایا۔

**خلاصہ تفسیر :** اولاً" تو موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو بہت سمجھایا کہ تم اس ذلیل خیال سے باز آ جاؤ مگر جب وہ باز نہ آئے تو ان سے فرمایا کہ یہ چیزیں یہاں تو ملیں گی نہیں تم کسی آبادی میں چلو وہاں پالو گے کیونکہ مقصود یہ تھا کہ وہ کچھ آگے بڑھیں ان کی نافرمانیوں اور بداعتقادیوں کا نتیجہ یہ نکلا کہ اے محبوب ان پر ذلت و خواری و مسکنت لازم کر دی گئی یہ اس کا نتیجہ تھا کہ وہ ناحق انبیاء کرام کو قتل کرتے تھے اور یہ قتل کرنے کی جرات ان میں اس لئے پیدا ہوئی کہ وہ پہلے گناہ کرنے اور حد سے بڑھ جانے

marfat.com
Marfat.com

کے عادی ہو چکے تھے خیال رہے کہ ان بنی اسرائیل نے اس سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کو بہت پریشان کیا اور انہیں معافی ملتی
رہی اس دعا سے موسیٰ علیہ السلام ناراض تھے اور انہیں تبدیلی رزق سے منع کرتے تھے مگر وہ نہ مانے تو ان پر ذر' مسکینی اور
غضب الٰہی آیا جس کی وجہ یہ ہوگی کہ انہیں کفر بلکہ قتل انبیاء کی ہمت ہو گئی یہ بات عذاب کا سبب بنی لہٰذا اس آیت پر نہ تو یہ
اعتراض ہے کہ انہوں نے مباح کھانے کی دعا کی یہ کھانا بھی گناہ نہ تھے نہ یہ دعا گناہ پھر عتاب کیوں اور نہ یہ اعتراض ہو سکتا ہے کہ
ابھی تو انہوں نے قتل انبیاء نہ کیا تھا بلکہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد یہ جرم کئے پھر ابھی عذاب کیوں آیا۔ یہ دعا جرم نہ تھی موسیٰ
علیہ السلام اس دعا سے ناراض تھے لہٰذا جرم ہو گئی اور بہت سے جرموں کی جڑ بن گئی۔ اصل یہ ہے باقی اس کی شاخیں لہٰذا انہیں
بھی قاتل انبیاء قرار دیا گیا نبی کے مقابلے کی جرات ان لوگوں میں اس واقعہ سے پیدا ہوئی جو آخر قتل تک پہنچ گئی۔
فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** یہ کہ انبیاء کرام کو رب تعالیٰ کی طرف سے خصوصی
اختیارات ملتے ہیں جن کی بنا پر وہ خلق پر حکومت کرتے ہیں موسیٰ علیہ السلام نے رب سے دعا نہ فرمائی بلکہ اپنے خصوصی اختیار
سے فرمادیا کہ کسی شہر میں چلے جاؤ جیسا کہ ہم تفسیر عزیزی کے حوالے سے تفسیر میں عرض کر چکے ہیں۔ **دوسرا فائدہ:** یہ کہ غذا
کا اثر کھانے والے پر پڑتا ہے دیکھو بنی اسرائیل نے من و سلویٰ سے گھبرا کر زمینی غذائیں طلب کیں تو فرمایا گیا کہ تم پست حوصلہ
اور کم ہمت ہو جاؤ گے ایسا ہی ہوا اسی لئے شریعت پاک نے خراب غذاؤں کو منع فرمادیا فقہا فرماتے ہیں کہ گلی سڑی نقصان دہ
چیزیں کھانا منع ہے **تیسرا فائدہ:** یہ کہ دنیاوی نعمتیں محنت سے ملتی ہیں بغیر محنت طلب کرنا حماقت ہے اسرائیلیوں نے یہ ہی تو
کہا تھا کہ من و سلویٰ کی طرح یہ چیزیں بھی بغیر محنت ہی ہم کو مل جایا کریں۔ مگر ایسا نہ ہوا۔ **چوتھا فائدہ:** یہ کہ گناہ کی عادت بد
عقیدگی کا ذریعہ ہے علماء فرماتے ہیں کہ جو مستحب کو ہلکا جانے گا وہ سنت سے محروم کر دیا جائے گا اور جو سنت کو ہلکا جانے یا اس میں
سستی کرے وہ فرائض سے محروم ہو جائے گا اور جو فرائض سے محروم ہے وہ معرفت سے دور ہو گا اور جب معرفت دل سے نکلی
تب اہل معرفت سے محبت چھوٹی اور اس کے چھوٹنے سے بد عقیدگی پیدا ہوگی۔ اس لئے مستحبات کی عزت اور عادت کرنی
چاہئے دیکھو اسرائیلی اولاً گناہ کے عادی ہوئے پھر معصیت کو ہلکا جاننے لگے اور پھر انبیاء کرام کے دشمن بن کر ان کے قتل کی
ہمت کر بیٹھے اگر تمہارا بچہ سوئی کی چوری کرے تب بھی سرزنش کرو۔ اگر اس سے چشم پوشی کی تو آئندہ بڑی چیزیں چرانے کی
ہمت کر کے آخر کار ڈاکو بن جائے گا۔ نفس ناسمجھ بچہ ہے احکام شرعیہ ہمارا اسباب مستحب کو ہلکا جاننا سوئی کی چوری ہے اگر ابھی
سے اس کو نہ روکا گیا تو آئندہ بڑا مجرم بن جائے گا۔ تمہارے مکان کے چند دروازے ہیں اور کوٹھڑی میں مقفل صندوق ہے جس
میں دولت محفوظ مگر آپ چور کو پہلے دروازے ہی سے روکتے ہیں کہ اگر وہ پہلا قفل توڑ کر گھر میں آجانے میں کامیاب ہو گیا تو اس
کو دوسرے قفل توڑنے آسان ہوں گے۔ شیطان چور ہے تمہارا ایمان دولت احکام شرعی اس کی حفاظت کے قفل مستحب پہلا
قفل ہے جب وہ توڑ کر چور گھر میں آگیا تو دوسرے قفل بھی توڑے گا اس کو یہاں ہی روک دو۔ داڑھی منڈانے والے اور دیگر
گنہگار اس سے عبرت پکڑیں۔ رب تعالیٰ ہم سب کے قفل محفوظ رکھے آمین۔ **پانچواں فائدہ:** یہ کہ چند حلال غذائیں کھانا
جائز ہیں کیونکہ بنی اسرائیل کو اس سے نہ روکا گیا۔ حضور علیہ السلام کو شہد اور دیگر شیریں چیزیں مرغوب تھیں مسور اور زیتون
صالحین کی غذا ہے مسور سے دل نرم بدن ہلکا ہوتا ہے۔ قوت شہوانی کا جوش ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔ (روح البیان) **چھٹا فائدہ:** یہ کہ
لہسن پیاز اور دیگر بدبودار حلال چیزیں جیسے کہ ادرک وغیرہ کھانا مباح ہے کیونکہ رب نے اسرائیلیوں کا یہ مطالبہ ذکر فرما کر اس کی

marfat.com
Marfat.com

تردید نہ فرمائی البتہ حدیث پاک میں وارد ہے کہ کوئی شخص کچی پیاز وغیرہ کھا کر مسجد میں نہ آوے جب تک کہ منہ سے بو آتی ہو کیونکہ اس سے رحمت کے فرشتوں کو (جو کہ مسجد میں رہتے ہیں) تکلیف ہوتی ہے اسی طرح کوئی بدبو کی چیز مٹی کا تیل' کچا گوشت مچھلی وغیرہ مسجد میں نہ لائی جائے جس کسی کے زخم یا منہ سے بدبو نکلتی ہو وہ بھی مسجد میں نہ آوے۔ خواہ وہاں کوئی ہو یا نہ ہو کیونکہ فرشتوں کو بہرحال اس سے تکلیف ہوگی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کچی پیاز خود کبھی ملاحظہ نہ فرمائی دوسروں کو اجازت دی کیونکہ آپ فرشتوں سے کلام فرماتے تھے۔ ساتواں فائدہ: یہ کہ اللہ والوں کی عداوت رب کی رحمت سے محروم کردیتی ہے رب نہیں چاہتا کہ میرے محبوب کا دشمن میری جنت میں آئے جیسا کہ اسرائیلیوں کا حشر ہوا کہ پیغمبروں کی عداوت نے دونوں جہان میں ان کو ذلیل و خوار کردیا۔ آٹھواں فائدہ: یہ کہ بغیر ایمان پیغمبرزادگی بیکار ہے' دیکھو بنی اسرائیل اولاد انبیاء ہیں مگر بد عقیدگی کی وجہ سے غضب الٰہی میں گرفتار ہوگئے۔ آج بھی جو کوئی اپنے کو سید کہلوا کر رافضی' مرزائی' دیوبندی' وہابی وغیرہ بن جاوے وہ سید ہی نہیں جب مسلمان نہیں تو سید کیسا۔ کنعان کے حال سے سبق لو۔ نواں فائدہ: یہ کہ رب کا عذاب فوراً" نہیں آتا بہت مہلت ملتی ہے اور جب آتا ہے پھر ٹلتا نہیں۔ اسرائیلی پیغمبروں کو قتل کرتے رہے مگر مہلت میں رہے پھر ایسی سخت پکڑ ہوئی کہ قیامت تک اس میں گرفتار ہوگئے۔

پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ اسرائیلیوں نے پیغمبروں کو قتل کیا مگر دوسری جگہ رب فرمارہا ہے **انا لننصر رسلنا** اور فرماتا ہے **ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا المرسلین انهم لهم المنصورون**۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ اپنے پیغمبروں کی مدد ضرور فرماتا ہے جب ان کی مدد ہوئی تو یہود سے مغلوب کیوں ہوگئے۔ جواب: اس کے چند جواب ہیں۔ ایک یہ کہ مدد اور نصرت کے وعدے مجاہدین انبیاء کے متعلق ہیں اور غیر مجاہدین نبی شہید ہوئے یعنی اگر پیغمبر کفار سے جہاد فرمائیں تو انشاء اللہ کافروں سے مغلوب ہو کر شہید نہ ہوں گے جن پیغمبروں کو شہید کیا گیا ان پر جہاد فرض ہی نہ تھا دوسرا یہ کہ مدد کی آیتوں میں دلائل کی مدد مراد ہے یعنی دلائل میں کوئی پیغمبر کافر سے مغلوب نہ ہوں گے (تفسیر روح البیان) تیسرے یہ کہ مدد کی آیتوں میں باطنی امداد مراد ہے کہ اگرچہ بظاہر کفار غالب بھی آجاویں اور پیغمبروں کو شہید بھی کردیں مگر دراصل یہ شہادت پیغمبروں کی فتح ہے اور کفار کی شکست کیونکہ اس سے ان کے دین کا غلبہ ہی ہوتا ہے کفار کا مقصد پورا نہیں ہوتا بظاہر امام حسین کے مقابلہ میں یزیدیوں کو فتح ہوئی امام حسین شہید ہوئے مگر درحقیقت امام حسین کی فتح اور یزیدیوں کی سخت شکست ہوئی۔ کیونکہ یزید اس جنگ کا مقصد نہ پاسکا۔ دوسرا اعتراض: اس تفسیر سے معلوم ہوتا ہے کہ تاقیامت یہود کی سلطنت نہ ہوگی اور احادیث میں آتا ہے کہ دجال یہود میں سے ہوگا وہ تو تمام دنیا میں بادشاہت کرے گا۔ نیز بعض یہود غالب ہو کر کعبہ معظمہ کی عمارت کو بھی شہید کردیں گے اور آج بھی بعض جگہ یہودی حاکم ہیں ہندوستان کا وائسرائے یہودی رہ چکا ہے۔ جواب: دجال وغیرہ کی مستقل سلطنت نہ ہوگی بلکہ ڈاکوؤں کا سا شور ہڑبونگ چالیس روز تک رہے گا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری پر ختم ہوگا اس ہڑبونگ کو کوئی بھی عاقل سلطنت نہیں کہتا۔ کسی جگہ کی عارضی حکومت مل جانا بھی سلطنت نہیں اگر ہندو یا کوئی مسلمان چند روز کے لئے وائسرائے بنایا جائے تو اس سے مسلمانوں یا ہندوؤں کی سلطنت نہ ہوجاوے گی۔ وائسرائے بھی حکومت کا غلام ہوتا ہے یہاں مستقل سلطنت کی نفی ہے اور واقعی اب تک یہود کی سلطنت ایک چپہ زمین پر بھی نہیں اور نہ انشاء اللہ ہوگی اگر کچھ دن کے لئے سلطنت مل بھی جاوے تو انہیں ذلیل کرنے اور دیگر قوموں سے پٹوانے کے لئے ہوگی جیسے

marfat.com
Marfat.com

کسی کمزور آدمی کو شاباش دے کر اکھاڑے میں کسی پہلوان کے مقابل کھڑا کر دیا جاوے پڑانے کے لئے یہ تعظیم نہیں بلکہ اس کی توہین کی تمہید ہے۔ دجال کو اتنے اختیارات دیئے جائیں گے۔ عیسیٰ علیہ السلام کے ذریعہ ہلاک کرا کر ذلیل کرنے کے لئے عزت کے بعد ذلت سخت تر ہے۔ **تیسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہودیوں پر ذلت اور غریبی لازم کر دی گئی حالانکہ آج بھی یہود بڑی مالدار قوم ہے۔ **جواب:** اس کا مفصل جواب تفسیر میں گزر گیا کہ وہ مالدار ہو کر بھی غریب ہی رہیں گے۔ ان کا دل غریب اور چہرہ غریبوں کا سا ان کے ساتھ برتاؤ غریبوں سے بدتر ہوگا ابھی جرمنی نے یہودیوں کو اپنے ملک سے نکالا تو بہت سے قبیلوں کو زمین پر جگہ نہ ملتی تھی۔ ان کا جہاز سمندر میں پھرتا پھراتا تھا کوئی ملک اپنے یہاں اترنے نہیں دیتا تھا یہ مالداری کس مصرف کی ذلت تو بالکل ظاہر ہے اس سے بڑھ کر کیا ذلت ہوگی کہ ان ناخواندہ مہمانوں کا آنا ہی کوئی گوارا نہیں کرتا۔ **چوتھا اعتراض:** قرآن کہتا ہے کہ وہ ہمیشہ دوسروں کے غلام رہیں گے مگر آج فلسطین میں یہودیوں کی بادشاہت قائم ہو گئی تو قرآن کی یہ خبر غلط ہو گئی۔ **جواب:** قرآن کریم نے ان کی سلطنت قائم نہ ہونے کی خبر نہ دی بلکہ حدیث شریف میں تو فرمایا گیا کہ آخر زمانے میں مسلمانوں کی جنگ یہود سے ہوگی جس میں یہود کو شکست ہوگی حتی کہ اگر کوئی یہودی کسی درخت یا پتھر کے پیچھے چھپے گا تو وہ پتھر آواز دے گا کہ اے مسلمان یہاں یہودی ہے اسے قتل کر۔ اس حدیث شریف میں ان کی سلطنت کی خبر دی گئی۔ نیز فرمایا گیا ہے کہ قریب قیامت ایک حبشی یہودی کعبہ معظمہ کو شہید کرے گا۔ غرضیکہ ان کی سلطنت کی خبریں احادیث میں ہیں۔

**تفسیر صوفیانہ :** جیسے کہ بنی اسرائیل نے خباثت نفس کی وجہ سے ایک کھانے پر صبر نہ کر کے موسیٰ علیہ السلام سے ادنیٰ کھانوں کی درخواست کی ایسے ہی نفس امارہ اس غیبی کھانے پر صبر نہیں کرتا جس کی طرف اس حدیث میں اشارہ ہے میرا رب مجھے کھلاتا پلاتا ہے بلکہ یہ نفس امارہ موسیٰ قلب سے عرض کرتا ہے کہ رب سے دعا کر کے ہم کو وہ کھانے دلا جو کہ بشریت کی زمین سے پیدا ہوتے ہیں حیوانیت کا ساگ پات اور لذات جسمانیہ کی ککڑیاں وغیرہ موسیٰ قلب کی طرف ارشاد ہوتا ہے کہ تم عالم رواح کی تیہ سے عالم سفلی کے شہر میں چلے جاؤ وہاں تم کو یہ ادنیٰ مطالب حاصل ہوں گے اس نفس پر ذلت اور مسکنت ڈال دی گئی کہ فرمایا گیا **اولئک کالانعام بل ھم اضل** کیونکہ یہ نفس مکاشفات روحانیہ اور انوار غیبیہ کا جو کہ آیات الٰہیہ میں منکر تھا اور انبیاء کرام کے اسرار غیبیہ کا انکار کر کے ان کے دین کو باطل کرنا چاہتا تھا جو کہ مثل قتل نبی کے ہے اور اس کو یہ ہمت اس لئے ہوئی کہ وہ ماسوی اللہ کا طالب بن کر پہلے سے عادی مجرم بن چکا تھا اور طلب حق میں کوتاہی کر کے حد سے آگے بڑھ گیا تھا (روح البیان) بزرگوں سے دعا کرانا بہترین چیز ہے مگر ان پر ضد کرنا ہلاکت کا باعث جو دعا ان سے جبراً کرائی جاوے گی وہ ہلاکت کا باعث ہوگی۔ دیکھو یہود نے موسیٰ علیہ السلام سے ضد کر کے دعا کرائی دعا قبول تو ہو گئی مگر اس کا انجام خراب ہوا دیکھو جمیل نے حضور سے ضد کر کے دولت کی دعا کرائی مگر اس کا انجام بد ہوا کہ وہ دولت پا کر اولاً فاسق بعد میں مرتد ہو گیا۔ جس کے بارے میں قرآن کریم میں عتاب موجود ہے دعا وہی اچھی جو یار کی رضا کی حامل ہو۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالنَّصَارَىٰ وَالصَّابِئِينَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تحقیق وہ لوگ جو ایمان لائے | اور وہ لوگ جو یہودی ہوئے | اور عیسائی | اور صابئی لوگ | | | |
| بے شک ایمان والے نیز | یہودیوں | اور | نصرانیوں | اور | ستارہ پرستوں | میں سے |

marfat.com
Marfat.com

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ

جوکہ ایمان لے آئے ساتھ اللہ اور دن پچھلے کے اور نیک کام کریں پس واسطے انکے ثواب ہے

وہ جوکہ سچے دل سے اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائیں اور نیک کام کریں ان کا ثواب ان کے رب کے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝ ۶۲

ان کا نزدیک رب انکے کے اور نہیں ہے ڈر اوپر ان کے اور نہ وہ لوگ غمگین ہوں گے

پاس ہے اور نہ انہیں کچھ اندیشہ ہو اور نہ کچھ غم

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ ایک یہ کہ قرآن کریم کا قاعدہ ہے کہ کفر کے بعد ایمان اور غضب و قہر کے بعد لطف و مہر کا ذکر فرماتا ہے اب تک یہود کے کفر اور ان پر غضب کا ذکر تھا اب ایمان اور رحمت رب کا ذکر فرمایا کیونکہ ہر چیز اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہے۔ دوسرے یہ کہ پہلے ہلاک کرنے والے عیوب کا ذکر ہوا اب نجات دینے والی صفات کا تاکہ یہود وغیرہ ان سے توبہ کر کے یہ صفات اختیار کریں طبیب کامل دوا اور پرہیز دونوں بتاتا ہے اور وجہ مرض بھی جتاتا ہے تاکہ اس سے بیمار آئندہ دور رہے۔ تیسرے یہ کہ پہلے بتایا گیا کہ یہود غضب الٰہی کی آگ کے مستحق بن چکے ہیں اب فرمایا جاتا ہے کہ اس آگ کو بجھانے والا رحمت کا پانی بھی ہے اگر یہ لوگ اب بھی اس دریا میں غوطہ لگائیں تو ہم ان کے سارے گناہ معاف کر دیں گے اب بھی وقت ہے چوتھے یہ کہ اس سے پہلے غضب کے اسباب کا ذکر ہوا۔ کہ قتل انبیاء وغیرہ وہ جرم تھے جس سے صدہا بیماریاں پیدا ہو گئیں اب رحمت کے اسباب کا ذکر ہے کہ ایمان اور نیک کام وہ تریاق ہے۔ جس سے سخت زہریلے سانپ یعنی کفر کا زہر اتر جاتا ہے۔ بعض اعمال نیکیوں کو برباد کر دیتے ہیں وہ پہلے ذکر ہو گئے۔ بعض اعمال برائیوں کو مٹا دیتے ہیں وہ اب بیان ہو رہے ہیں۔

**شان نزول** : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ایمان کی تلاش میں بہت سرگرداں رہے اور ملک ملک پھرے۔ بہت سے عیسائی راہبوں اور یہودی عابدوں کے حالات دیکھے ان کی بہت بڑی عمر تھی بعض فرماتے ہیں کہ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعض حواریوں سے بھی ملے ہیں اس لحاظ سے یہ ان کے تابعی اور حضور علیہ السلام کے صحابی ہیں۔ واللہ اعلم جب تقدیر نے ان کو بارگاہ مصطفیٰ علیہ السلام تک پہنچا دیا اور یہ اسلام سے مشرف ہو گئے تو انہوں نے حضور علیہ السلام کی خدمت میں عیسائی عابدوں کی سخت عبادات اور ان کے استدراج (کرامات) کا ذکر کیا جو انہوں نے خود دیکھی تھیں حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ وہ کتنی ہی عبادات کریں۔ ایمان کے بغیر کچھ قبول نہیں اس مبارک فرمان کی تائید میں یہ آیت اتری۔ اس کے اترنے پر حضور علیہ السلام نے حضرت سلمان سے فرمایا کہ یہ آیت تمہارے اور تمہارے ساتھیوں کے بارے میں اتری جو شخص دین عیسوی پر مرے اور ہماری تشریف آوری سے بے خبر رہے وہ تو خیر پر ہے اور جو ہمارا نام سن کر پھر ایمان نہ لائے وہ ہلاک ہو گا۔ (از تفسیر خزائن العرفان و عزیزی)

**تفسیر** : **ان الذین امنوا** اس سے یا تو منافقین مراد ہیں جو کہ صرف زبان سے ایمان لائے تھے نہ کہ دل سے اور ان کو

marfat.com
Marfat.com

منافق اس لئے نہ کہا تاکہ معلوم ہو کہ نام کا ایمان کام نہیں دے گا یا وہ یہودی اور عیسائی مراد ہیں جو کہ حضور علیہ السلام سے پیشتر عیسیٰ علیہ السلام وغیرہ پر ایمان لائے اور خرافات سے بچے رہے جیسے قیس ابن ساعدہ بحیرہ راہب 'حبیب نجار' زید ابن عمر ابن نفیل' ورقہ ابن نوفل سلمان فارسی ابوذر غفاری۔ وفد نجاشی وغیرہ یا اس سے مخلص مومنین اہل اسلام مراد ہیں اس جگہ ان کا گزشتہ ایمان مراد ہے آئندہ **من امن باللہ** میں مستقبل کا ایمان یعنی خاتمہ بالخیر حاصل ہونا یعنی جو فی الحال ایمان لے آئے اور ایمان پر وفات پاگئے **والذین ھادوا** اور وہ جو یہودی ہوئے یہ لفظ یا تو ھود سے بنا ہے جس کے معنی ہیں توبہ کرنا رجوع کرنا چونکہ انہوں نے بچھڑے کی پوجا سے بے مثل اور سخت توبہ کی تھی۔ اس لئے ان کو یہودی کہا گیا کیونکہ انہوں نے عرض کیا تھا **ھدنا الیک**۔ یا یہ لفظ یہودا کی نسبت ہے۔ یہودا یعقوب علیہ السلام کے بڑے فرزند کا نام تھا۔ یعنی یہودا والے لوگ۔ یا ھود کے معنی ہیں ہلنا حرکت کرنا چونکہ یہ لوگ توریت شریف بہت جوش سے ہل کر جھوم کر پڑھتے تھے اس لئے یہودی نام ہوا۔ یا ھود کے معنی ہیں رہبری کرنا مخبری کرنا یہ بادشاہ وقت کو انبیاء کرام کی خبر دے کر انہیں قتل کراتے تھے اس لئے یہ لقب غضب ملا۔ (تفسیر کبیرو روح البیان) ان کے عقائد نہایت گندے ہو چکے تھے حق تعالیٰ کو جسم مانتے تھے انبیاء کرام پر تہمت لگاتے تھے۔ موسیٰ علیہ السلام پر ہارون علیہ السلام کے قتل کی تہمت' حضرت مریم کو زنا کی تہمت' حضرت داؤد علیہ السلام کو اوریا کے قتل کی تہمت' حضرت سلیمان علیہ السلام کو جادوگری کی تہمت لگائی۔ انہوں نے توریت کو بدلا۔ حضور علیہ السلام کی نعت کی آیتوں کو صاف بگاڑ دیا۔ یہ یہودی نبی کو محض ایلچی مانتے تھے یعنی اس کی قدر رب کے نزدیک زیادہ نہیں فقط قاصد اور چٹھی رساں سی ہے (تفسیر عزیزی) یہ ہی عقیدہ اس زمانہ کے دیوبندیوں کا ہے شاید یہ فرقہ بھی یہود کی ہی شاخ ہے۔ دیکھو "تقویۃ الایمان۔ والنصریٰ" یہ نصران کی جمع ہے۔ جیسے کہ ندمان کی جمع ندامی۔ یہ لفظ نصر سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں مدد کرنا عیسائیوں کو یا تو اس لئے نصاریٰ کہتے ہیں کہ جب عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا **من انصاری الی اللہ** میرا مددگار کون ہے تو ان کے ساتھیوں نے عرض کیا **نحن انصار اللہ** ہم اللہ کے دین کے مددگار ہیں جیسے صحابہ کرام کی ایک جماعت کا نام انصار ہے یا ناصرہ ایک بستی کا نام تھا جہاں عیسیٰ علیہ السلام اکثر تشریف لایا کرتے تھے۔ اس کی طرف منسوب کیا گیا ان کے نہایت واہیات عقیدے ہیں یہ عیسیٰ علیہ السلام میں خدائی کا حلول مانتے تھے۔ جیسے کہ پھول میں خوشبو ان کا عقیدہ ہے کہ نیک اعمال کی ضرورت نہیں۔ عیسیٰ علیہ السلام ہم سب کی طرف سے سولی پاگئے۔ ان کی صلیب ہمارے گناہوں کا کفارہ بن گئی اور قیامت کے دن عیسیٰ علیہ السلام ہی سب کو عذاب یا نجات دیں گے خیال رہے کہ نصاریٰ اور انصار کے نام ہی وہابیت کی تردید ہیں۔ کیونکہ نصاریٰ کے معنی ہیں عیسیٰ علیہ السلام کے مددگار اور انصار کے معنی ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مددگار تو اگر خدا کے سوا کسی کی مدد لینا ہی شرک ہو تو یہ نام بھی مشرکانہ ہوں گے اور نبیوں کا مدد مانگنا بھی شرک ٹھہرے گا۔ غرضکہ یہ نام رد وہابیت کے لئے بڑی میگزین ہے **والصابئین** یہ لفظ **صباء** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں نکل جانا چونکہ یہ بھی یہودیت سے نکل کر ستارہ پرست بن گئے اس لئے صابئ کہلائے گئے یا اس کے معنی ہیں انڈیلنا' کوٹ دینا' گرانا ان بدنصیبوں نے پہلے انبیاء کرام کو گرفتار کر کے ان کے سروں پر کھولتا ہوا پانی انڈیل کر شہید کیا اس لئے ان کا یہ نام ہوا۔ ان کے بھی بہت برے عقیدے ہیں ان کے مذہب کا خلاصہ یہ ہے کہ آدمی سعادت حاصل کرنے میں کسی پیغمبر یا مرشد کا حاجتمند نہیں اس کو چاہئے کہ روحانیات سے مناسبت پیدا کرے ان میں بعض لوگ ستاروں کی پوجا کرتے ہیں اور بعضے ستاروں کے نام کے بت بنا کر انہیں سجدہ کرتے ہیں ان میں ایک فرقہ ہے۔ جس کا نام کلدانیین ہے اسی

marfat.com
Marfat.com

کا ابراہیم علیہ السلام کے زمانے میں زور تھا اور آپ انہی کے مقابلے کے لئے بھیجے گئے۔ بعض صابین تین وقت کی نماز بھی پڑھتے ہیں اور اونٹ کبوتر اور پیاز کو حرام جانتے ہیں اور شراب کو جائز بعض علماء فرماتے ہیں کہ صابین عراق کے علاقہ میں ہیں کسی پیغمبر کو نہیں مانتے بعض نے فرمایا کہ ان کا مذہب عیسائیوں اور مجوسیوں کے درمیان ہے بعض نے کہا کہ اہل کتاب میں سے ہیں زبور پڑھتے ہیں۔ بعض نے کہا کہ یہ ملائکہ کی پرستش کرتے ہیں۔ غرض کہ ان کے دین کی صحیح تحقیق نہ ہو سکی۔ کیونکہ یہ تقریباً مٹ چکے ہیں۔ (تفسیر عزیزی و کبیر) اسی واسطے ہمارے اماموں میں اختلاف ہے بعض نے ان کو اہل کتاب مان کر ان کی عورتوں سے نکاح اور ان کا ذبیحہ حلال مانا ہے۔ بعض نے فرمایا کہ مشرک ہیں اور ان کا ذبیحہ حرام ہے۔ من امن یہاں صحیح اور سچا ایمان یا خاتمہ کے وقت کا ایمان مراد ہے ورنہ ہر کافر اپنے کو مومن سمجھتا ہے۔ باللہ اللہ پر ایمان لانے میں اس کی ذات و صفات اور اس کے رسولوں پر ایمان لانا بھی داخل ہے۔ اگر اس کی ایک صفت کا بھی انکار کیا گیا اس کے لئے کوئی عیب مانا گیا یا اس کے کسی نبی کا انکار کیا گیا تو اللہ پر ایمان حاصل نہ ہوا لہٰذا یہود' عیسائی' صابئ' وغیرہ کوئی بھی اللہ پر ایمان نہیں رکھتے کیونکہ یہ اس کے پیغمبروں کے منکر ہیں اور اس کے لئے بیوی بیٹا جسم وغیرہ عیوب مانتے ہیں۔ والیوم الاخر اس سے قیامت کا دن مراد ہے اور جنت' دوزخ حساب اور کتاب اور سارے احکام شرعیہ پر ایمان لانا اس میں داخل ہے۔ جو شخص ان میں سے ایک کا بھی انکار کر دے وہ در حقیقت قیامت کا منکر ہے۔ مثلاً" جو آدمی نماز کا منکر ہے۔ وہ قیامت کے دن اس کے حساب و کتاب کا قائل نہیں لہٰذا وہ صحیح معنی میں قیامت کا قائل نہیں ان دو لفظوں میں ساری ایمانی باتیں داخل ہو گئیں۔ خیال رہے کہ منافقین یہود و نصاریٰ اور صابین ان میں سے کوئی بھی خدا تعالیٰ اور اس کی صفات اور قیامت کا منکر نہ تھا مگر فرمایا گیا کہ ان میں جو اللہ اور قیامت پر ایمان لائے کیونکہ وہ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے منکر تھے اس لئے انہیں سب کا منکر قرار دیا گیا۔ ایک ہے اللہ اور قیامت کو ماننا اور ایک ہے ان پر ایمان لانا ان دونوں میں بڑا فرق ہے۔ نجات کے لئے ماننا کافی نہیں بلکہ ایمان لانا کافی ہے۔ ایمان وہ ہے جو نبوت کی معرفت ہو دیکھو شیطان توحید و قیامت وغیرہ سب کچھ مانتا ہے مگر مومن نہیں کیونکہ نبوت کے بغیر مانتا ہے لہٰذا ناجی نہیں توحید سکہ ہے نبوت اس کی مہر بغیر مہر سکہ رائج نہیں وعمل صالحا" ایمان کے بعد عمل کا ذکر فرما کر یہ بتایا گیا ہے کہ کوئی شخص ایمان پر کفایت کر کے اعمال سے بے پرواہ نہ ہو جائے ایمان سے نجات ہوتی ہے اور اعمال سے کامل نجات صالح عمل وہ ہے جو اللہ کو پسند ہو منسوخ اعمال اب صالح نہیں رہے۔ اگرچہ ایک وقت میں صالح تھے لہٰذا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کے بعد یہودیت اور عیسائیت کے اعمال گناہ بن گئے مندر کا پجاری گرجے اور کنیسہ میں بیٹھنے والے لوگ اب نیک کار نہیں خیال رہے کہ عمل صالح وہ۔ جس سے رب راضی ہو رضا الٰہی نہ تو عقل سے معلوم ہو سکتی ہے نہ لوگوں کی رائے سے صرف پیغمبر کے بتانے سے معلوم ہوتی ہے حضور کی ذات اچھے برے اعمال 'اچھے برے لوگوں کی کسوٹی ہے۔ جس سے ہر چیز کا پتہ لگتا ہے ورنہ رضا اور ناراضی تو انسان کی بھی معلوم نہیں ہو سکتی تاوقتیکہ وہ نہ بتائے کہ یہ دل کے احوال ہیں فلھم اجرھم یعنی ان کو پورا اجر ملے گا۔ اس میں اشارۃً" بتایا گیا کہ اگر یہودی عیسائی اب بھی ایمان لے آئیں تو ان کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور انہیں پورا ثواب دیا جائے گا گویا کہ وہ پہلے ہی سے مومن تھے سو برس کا ایماندار اور ایک دن کا ایماندار اجر میں برابر ہیں لہٰذا یہ لوگ یہ خیال نہ کریں کہ اتنا عرصہ کفر کرنے کے بعد اب ایمان لانا بیکار ہے خیال رہے کہ ایمان کا اجر سب کے لئے یکساں ہے یعنی جنت۔ ہاں اعمال اور کیفیت ایمانی کے ثواب میں فرق ہے۔ اسی لئے جنت میں مختلف درجے ہیں۔ عند

marfat.com
Marfat.com

وبهم ان کے رب کے پاس عند سے نہ تو قرب مکانی مراد ہے اور نہ قرب حفاظت بلکہ قرب یقینی مراد ہے یعنی ان کا ثواب یقینی
ہے۔ جس میں کچھ زور نہیں اس جگہ رب نے عند فرما کر یہ بتایا کہ جس طرح حق تمہاری پرورش کرتا ہے ایسے ہی تمہارے اعمال
اور ایمان کی بھی کہ ایک ساعت کے ایمان اور تھوڑے سے عمل کو صد سالہ ایمان اور اعمال مقبول عطا فرمائے نیز اشارہ فرمایا گیا
کہ تمہیں ثواب تمہارے اعمال کے لائق نہیں 'شان کے لائق نہیں بلکہ اپنی شان کے لائق دیں گے دیکھو ایک آن کے ایمان
اور چند سالوں کی عبادت کا ثواب جنت کی بے حساب نعمتیں اور وہاں کا دائمی قیام ہے۔ رب کے شان کے لائق اجر۔ شاہ حجاز
جب پاکستان میں لاہور اسٹیشن پر اترے تو جس قلی نے ان کا لوٹا بھی اٹھالیا اسے بھی سو روپے عطا کئے پھر رب کی عطا کا کیا کہنا ولا
خوف علیہم یا تو اس سے آخرت کا خوف مراد ہے یعنی وہاں کفار کو ڈر ہو گا نہ کہ مومنین کو اور یا دنیا اور آخرت کا عام خوف
یعنی اگر یہ ایمان لے آئے تو انہیں گذشتہ کفر اور بدکاریوں کا کوئی ڈر نہیں کیونکہ وہ سارا میل کچیل ایمانی پانی اور رحمت ربانی سے
دھل گیا۔ ولا هم یحزنون اس میں بھی وہی دو احتمال ہیں کہ یا تو وہ قیامت میں غمگین نہ ہوں گے اور یا دنیا میں بھی یعنی ان کو
ایمان لانے کے بعد گذشتہ عمر کے برباد ہونے کا رنج و غم نہ ہو گا بلکہ آئندہ کی راحت کے خیال سے دل کو خوشی حاصل ہو گی۔

**خلاصہ تفسیر :** پچھلی آیتوں میں یہود کی ذلت اور ان پر وقتاً "فوقتاً" عذاب الٰہی کا نزول بیان کیا گیا تھا اور ان کی انتہائی بد عملیوں
کا ذکر ہوا تھا جس سے ان کو ایک طرح کی مایوسی ہو سکتی تھی اس آیت میں ان کی مایوسی کو مٹایا گیا اور فرمایا گیا کہ ہمارے ہاں کسی
شخص کی ذات سے عداوت نہیں صرف ایمان اور اعمال پر نجات کا دارومدار ہے مسلمان ہو۔ عیسائی یہودی ہو یا صابئی جو اللہ اور
قیامت کے دن پر ایمان لا کر اچھے کام کرے گا اس کو خدا کے پاس ضرور ثواب ملے گا نہ تو اسے خوف عذاب ہو گا اور نہ یہ رنج کہ
ہم نے بہت سی عمر برباد کیوں کردی کیونکہ نئے اور پرانے مومن ہمارے ہاں برابر ہیں۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** یہ کہ بغیر ایمان کوئی عمل قبول نہیں ایمان جڑ ہے اور
اعمال پانی جڑ کٹنے کے بعد پانی دینا بیکار ہے۔ **دوسرا فائدہ:** یہ کہ سارے ایمانیات پر ایمان لانا ضروری ہے ایک کا بھی انکار کفر
ہے۔ **تیسرا فائدہ:** یہ کہ ایمان میں زیادتی کمی نہیں اور نہ اس میں نئے پرانے کا اعتبار۔ **چوتھا فائدہ:** یہ کہ کوئی اپنے بزرگوں
کی عظمت پر گھمنڈ نہ کرے پیر اور فقیر زادے بادشاہ اور امیر زادے سب ایمان و عمل کے حاجتمند ہیں۔ کیونکہ بنی اسرائیل اپنی
پیغمبر زادگی پر ناز کر کے ایمان اور اعمال سے بے نیاز ہو گئے تھے اس آیت میں ان کو یہ ہی بتایا گیا ہے مسلمانوں کو بھی اس سے سبق
لینا چاہئے **پانچواں فائدہ:** یہ کہ حق تعالیٰ کو کسی سے ذاتی عناد نہیں ہر شخص ایمان و اعمال اختیار کر کے اس کی رحمت پا سکتا
ہے۔ یہود نے ایک وقت ایمان اور نیکو کاری کی بدولت دنیا پر فضیلت حاصل کی پھر وہ ہی قوم بے ایمان اور بدکار بن کر ذلیل و خوار
ہو گئی پچھلوں کی ترقی و تنزل سے اگلوں کو سبق لینا چاہئے۔

**پہلا اعتراض :** ان الذین امنوا سے ایمان سمجھا گیا تھا پھر من امن باللہ کے کیا معنی۔ **جواب:** اس کے چند جواب
ہیں ایک یہ کہ کبھی دوستوں کا ذکر کر کے دشمنوں کو سنایا جاتا ہے جیسے کوئی بادشاہ کہے کہ ہمارا کوئی موافق ہو یا مخالف جو ہماری
اطاعت کرے گا وہ ہم سے انعام لے گا۔ ظاہر ہے کہ موافق تو اطاعت کر ہی رہا ہے مخالف ہی کو سنانا منظور ہے۔ جس کا منشا یہ ہے کہ
اے مخالفو ہمیں موافقین سے کوئی خصوصیت نہیں بلکہ ان کی اطاعت ہماری مہربانی کا سبب ہے اگر تم بھی اس زمرے میں آجاؤ تو

marfat.com

Marfat.com

تم کو بھی انعام ملے گا دوسرے یہ کہ علمت تفسیری ہے اہل کتاب اپنے کو مومن سمجھتے تھے تو فرمایا گیا کہ جو لوگ اپنے کو مومن جانتے ہیں یعنی یہود و نصاریٰ وغیرہ یہ حقیقتہ "مومن نہیں اور من امن باللہ سے حقیقی ایمان مراد یعنی جو بھی ان سے حقیقی ایمان لے آئے خدا سے اس کا اجر پائے گا اور باقی وہ ہی جواب ہیں جو ہم تفسیر میں بتا چکے۔ یعنی امنوا سے منافقین مراد اور من امن سے مخلصین یا امنوا سے دنیوی مومن مراد اور من امن سے موت کے وقت کے مومن یا امنوا سے ایمان لانے والے مراد اور من امن سے ایمان پر قائم رہنے والے۔ **دوسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ فقط اللہ اور قیامت پر ایمان لانا کافی ہے نہ کہ قرآن وغیرہ باقی چیزوں پر **جواب:** اس کا جواب تفسیر میں گزر گیا ہے کہ ان دو باتوں میں سارے ایمانیات داخل ہیں جب مبدا اور مبدی اور معاد اور منتھا کا ذکر کر دیا تو درمیانی چیزیں خود بخود شامل ہو گئیں کوئی کہتا ہے کہ میں پشاور سے کلکتہ پہنچا تو راستہ کے تمام شہر خود بخود اس میں آ گئے۔ یا کہا جائے کہ نماز تکبیر تحریمہ سے سلام تک کا نام ہے تو بقیہ ارکان خود ہی اس میں آ گئے۔ خیال رہے کہ اللہ کے ماننے میں رسولوں کتابوں کا ماننا خود بخود آ گیا جیسے باپ کو مان کر اس کے تمام قرابتداروں کا ماننا لازم ہے کہ باپ کا بھائی چچا اور اس کا باپ دادا ہے اس کی زوجہ ماں۔ ایک باپ کا رشتہ ان تمام رشتوں کو اپنے میں لئے ہوئے ہے یوں ہی اللہ کو رب ماننے میں انبیاء اور اولیاء سے رشتہ غلامی خود بخود آ گئے جیسے باپ کا بیٹا اپنا بھائی ضرور ہے بلا تشبیہ اسی طرح اللہ کے محبوب بندے ہمارے لئے قابل احترام ضرور ہیں۔ یہودیوں اور عیسائیوں کا دعویٰ تھا کہ ہم اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہیں ان کے اس خیال کی تردید کر دی گئی۔ **تیسرا اعتراض:** فلھم کی ف سے معلوم ہوتا ہے کہ ثواب ایمان اور عمل دونوں پر مرتب ہے لہٰذا بد عمل مومن اور نیک عمل کافر دونوں ہی ثواب سے محروم ہیں تو چاہئے کہ گنہگار مسلمان اور کفار برابر ہوں۔ **جواب:** اس کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ یقینی ثواب بلا عذاب نیک کار مومن ہی کے لئے ہے کفار کے لئے ثواب ہی نہیں اور گنہگار مسلمان کے لئے ثواب تو ہے مگر پہلے کچھ عذاب کا بھی اندیشہ ہے دوسرے یہ کہ یہاں تین چیزوں کا ذکر ہے ثواب کا ملنا اور خوف و غم سے محفوظ رہنا اور تینوں باتیں صرف نیک کار مسلمانوں کو حاصل ہوں گی گنہگار مسلمانوں کو قیامت کے دن کچھ خوف و غم بھی ہو گا۔ خیال رہے کہ بدکار سے وہ مراد ہے جو اعمال کا موقع پائے اور نہ کرے جس کو موقع ہی نہ ملا اس کے لئے صرف ایمان ہی نیک عمل ہے یہاں تک کہ متقی مسلمانوں کے نابالغ بچے بھی انشاء اللہ متقین میں شمار ہوں گے غرضیکہ ایمان و اعمال بلا واسطہ بھی ہیں اور بالواسطہ بھی بچوں کا ایمان و عمل بالواسطہ ہے مگر کفر و بد عملی بلا واسطہ معتبر ہیں بالواسطہ معتبر نہیں اس لئے کفار کے نا سمجھ بچے انشاء اللہ عذاب نہ دیئے جائیں گے کہ انہوں نے نہ کفر کیا نہ بد عملی۔

**تفسیر صوفیانہ:** ایمان کی چند نوعیتیں ہیں۔ تقلیدی رسمی ایمان، عادی ایمان، تحقیقی ایمان۔ کسی کے دیکھا دیکھی محض باپ داداؤں کی پیروی پر بغیر تحقیق کے مسلمان بن جانا تقلیدی ایمان ہے اور اگر عقیدہ درست نہ ہو فقط لوگوں کی شرم سے نماز وغیرہ پڑھ لینا اور ایمان کے مراسم ادا کر لینا رسمی ایمان ہے اور عبادت سے مجبور ہو کر عبادت کرنا عادی ایمان یہ تینوں ایمان ناقص ہیں ہاں جس کا قلب نور معرفت سے منور ہو اور وہ اس نور قلبی سے اللہ اور یوم آخر کو پہچانے اس پر انانیت کے حجاب کا خوف نہیں اور نہ وہ دوئی کے بھنور سے غمگین ہو کیونکہ وہ توحید کے دریا میں غوطہ زن ہے اور لا الہ کی تلوار سے اپنا سب کچھ فنا کر کے الا اللہ کی برکت سے باقی باللہ ہے نیز ایک ایمان فطری ہے جو میثاق کے دن ملے کہ کرسب کو حاصل ہوا۔ مگر اس ایمان میں سعید و شقی

marfat.com
Marfat.com

میں فرق نہ تھا۔ جب یہ اپنی ماؤں کے پیٹ میں آئے تب کاتب تقدیر نے عالم اقرار پر نظر نہ کی بلکہ علم اللہ القہار پر نظر کرکے ہر ایک کی سعادت و شقاوت لکھی اسی لئے ایک حدیث شریف میں آتا ہے کہ ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے دوسری حدیث میں ہے کہ جس بچے کو حضرت خضر نے قتل کیا تھا وہ کافر پیدا ہوا تھا۔ پہلی حدیث میں میثاقی ایمان مراد ہے اور دوسری میں شکم مادر کا ایمان اس لئے صوفیاء کرام کے ہاں ایمان کے چار مقام ہیں۔ ایک بطن معنوی جسے صوفیاء کرام ام یا ام الکتاب کہتے ہیں۔ دوسرا مقام بلے جسے مولود معنوی کہا جاتا ہے۔ تیسرا بطن ام صوری اور چوتھا مولود صوری بطن ام صوری یہ اللہ کا علم ہے۔ جس میں سعید و شقی کا فرق موجود ہے۔ اس کی طرف اس حدیث میں اشارہ ہے **السعید سعید فی بطن امہ والشقی شقی فی بطن امہ** دوسری روایات میں آیا **السعید قد یشقی والشقی قد یسعد** غرضیکہ میثاقی سعادت بدل جاتی ہے اور علم اللہ کی سعادت و شقاوت نہیں بدل سکتی تو **ان الذین امنوا** میں پہلی قسم کا ایمان مراد ہے اور **من امن** میں آخری قسم معتبر۔

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ

اور جب کہ لیا ہم نے عہد تمہارا اور اٹھا لیا ہم نے اوپر تمہارے طور کو لو تم لوگ وہ

اور جب ہم نے تم سے عہد لیا اور تم پر طور کو اونچا کیا لو جو کچھ ہم تم کو

اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ ٦٣ ثُمَّ

چیز جو دی ہم نے تم کو ساتھ طاقت کے اور یاد کرو تم وہ جو ہے بیچ اس کے شاید کہ تم پرہیزگار بن جاؤ

دیتے ہیں زور سے اور اس کے مضمون یاد کرو اس امید پر کہ تمہیں پرہیزگاری ملے

تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ

پھر پھر گئے تم لوگ پیچھے سے اس کے پس اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا اوپر تمہارے اور

پھر اس کے بعد تم پھر گئے تو اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت

رَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ ٦٤

رحمت اس کی البتہ ہو جاتے تم ٹوٹا پانے والوں میں سے

تم پر نہ ہوتی تو تم ٹوٹا پانے والوں میں ہو جاتے۔

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** یہ کہ اس سے پہلے بنی اسرائیل کی نو نعمتوں کا ذکر ہو چکا اب دسویں نعمت کا ذکر ہو رہا ہے ان نعمتوں کے درمیان ایمان اور اعمال کا ذکر جملہ معترضہ کے طریقہ پر تھا تاکہ سننے والے مسلسل مضمون سے اکتا نہ جائیں خیال رہے کہ قرآن کریم کی مثال اس بازار کی سی ہے جس میں مختلف دو کانیں ایک ہی لائن

marfat.com
Marfat.com

میں ہوتی ہیں جہاں سے ہر حاجتمند اپنی ضروریات زندگی تھوڑے سے وقت میں حاصل کر سکتا ہے اگر مختلف دوکانیں مختلف بازاروں میں ہوں مثلاً" ایک بازار میں کھانے ہی کی دوکانیں ہوں اور دوسرے میں کپڑے ہی کی تو خریدار کو بہت دشواری بھی ہوگی اور اس کا بہت وقت بھی خرچ ہوگا۔ اسی طرح قرآن کریم میں قصے مثالیں احکام وغیرہ کے مضامین نہایت عمدہ ترتیب سے ہر جگہ جمع ہوتے ہیں تاکہ خریدار عقیدت کی پونجی صرف کر کے نہایت آسانی سے ہر ضرورت پوری کرے وہی طریقہ یہاں ہے۔ **دوسرا تعلق:** اس سے پہلے بنی اسرائیل کو نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے اور نیک اعمال کرنے کی رغبت دی گئی اب فرمایا جارہا ہے کہ اے اسرائیلیو شروع سے ہی تمہاری طبیعت عیش پسند اور تکلیفوں سے گھبرانے والی ہے۔ دیکھو تمہارے باپ داداؤں نے خود ہی تو توریت مانگی تھی اور خود اس کے احکام دیکھ کر پھر گئے تھے تب ان کو مجبور کر کے منوایا تھا اب بھی تم نے دعائیں کر کر کے نبی آخر الزمان کو پایا اور جب وہ تشریف لے آئے تو اپنی رشوتوں اور آمدنیوں کے کم ہونے کے خوف سے تم ان سے پھر گئے بہت ممکن ہے کہ پہلے کی طرح اب بھی تم کو قتل قید اور جلاوطنی اور جزیئے سے ڈرا کر ایمان کی رغبت دی جائے اس لئے بہتر ہے کہ تم خوشی خوشی ہی ایمان لے آؤ۔ تاکہ تمہیں وہ دن نہ دیکھنا پڑے تو گویا پچھلی آیت میں ثواب وغیرہ کا لالچ دے کر ان کو ایمان کی رغبت دی گئی اور اب نہایت حکیمانہ انداز میں کسی قدر دھمکا کر۔ اس شان کرم پر قربان ہر طرح ہمارا بھلا کرنا منظور ہے۔ **تیسرا تعلق:** پچھلی آیت میں قرآن منوانے کا ذکر تھا اس آیت میں توریت منوانے کا گزشتہ واقعہ بیان ہو رہا ہے۔ یعنی یہ رحمت والے نبی کی برکت ہے کہ تمہیں یوں لالچ دے کر منا رہے ہیں ورنہ ہم اس پر بھی قادر ہیں کہ کوئی آفت دکھا کر تمہیں قرآن ماننے پر مجبور کردیں اور تم مجبوراً" ایمان قبول کرلو۔

**تفسیر:** **واذ اخذنا** یہاں بھی وہی فعل پوشیدہ ہے یعنی اے اسرائیلیو وہ واقعہ یاد کرو' یا اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کو یاد دلاؤ' یہ واقعہ تیہ کے واقعہ سے پیشتر کا ہے۔ جس وقت کہ بنی اسرائیل موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ بحر قلزم سے بخیر و عافیت نکل گئے اور فرعون غرق ہو چکا یہ پورا واقعہ خلاصہ تفسیر میں عرض کیا جائے گا اگرچہ عہد و پیمان موسیٰ علیہ السلام نے لیا تھا مگر چونکہ اللہ کے محبوبوں کا کام در حقیقت رب کا کام ہے اس لئے فرمایا گیا کہ ہم نے عہد لیا اس کی مثالیں قرآن کریم میں بیشمار ہیں۔ **میثاقکم** یہ لفظ وثق سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں مضبوطی۔ مہر اور قرض کی تحریر کو بھی اسی لئے وثیقہ یا وثیقہ کہتے ہیں کہ اس سے ایک چیز کی مضبوطی کی جاتی ہے اصطلاح میں نہایت مضبوط عہد کو میثاق کہا جاتا ہے ہم وعدہ اور عہد اور میثاق کا فرق پہلے بیان کر چکے ہیں۔ جب بنی اسرائیل نے کتاب الٰہی مانگی تھی تب بھی موسیٰ علیہ السلام نے ان سے بہت مضبوط عہد و پیمان لے لیا تھا کہ تم مانگ تو رہے ہو بعد میں پھر نہ جانا اگرچہ ہر شخص سے علیحدہ عہد لیا گیا تھا لیکن چونکہ وہ ایک ہی نوعیت کا تھا اس لئے میثاق واحد فرمایا گیا۔ اس کی جمع یعنی مواثیق نہ فرمائی گئی جیسا کہ قرآن کریم فرماتا ہے **ثم یخرجکم طفلا** " یہاں بھی اطفال نہ فرمایا اسی ہی وجہ سے **ورفعنا** جبکہ موسیٰ نے ان کو تورات لاکر دی یہ آزاد لوگ اس کی پابندیاں اور سخت احکام دیکھ کر گھبرا گئے تب ان پر طور پہاڑ اکھیڑ کر مثل شامیانہ کے کھڑا کر دیا گیا یہاں **رفعنا** کے معنے جڑ سے اکھیڑ کر اوپر کو اٹھا دینا ہیں اس سے یہ سمجھنا کہ یہودی پہاڑ کی جڑ میں کھڑے تھے اور اس کے گرنے سے ڈرتے تھے محض حماقت ہے کیونکہ اس قسم کا اونچا ہونا تو پہلے ہی سے حاصل تھا پھر **رفعنا** کے کیا معنی یہ فعل تو حدوث چاہتا ہے یعنی غیر موجود کو موجود کرنا نیز اس صورت میں موسیٰ کا کوئی خاص معجزہ

marfat.com
Marfat.com

نہ ہو تا نیز اس آیت سے معلوم ہو تا ہے کہ پورا طور اٹھا کر اوپر لایا گیا اور اس میں تاویل کی بنا پر اس کا بعض حصہ زمین کے نیچے بھی رہا۔ تو فلکم روایت میں آتا ہے کہ حضرت جبریل حکم الٰہی سے اس پہاڑ کو اپنی جگہ سے اکھیڑ کر اور اپنے پروں پر اٹھا کر لائے اور قد آدم فاصلہ سے بنی اسرائیل کے سر پر کھڑا کر دیا بنی اسرائیل چار فرسخ (کوس) میدان میں پھیلے ہوئے تھے۔ پہاڑ بھی اتنا لمبا چوڑا کر دیا گیا۔ الطور یہ سریانی لفظ ہے۔ جس کے معنی ہیں ہرا بھرا پہاڑ اور اب یہ لفظ اس پہاڑ کا نام بن گیا۔ جہاں موسیٰ علیہ السلام رب سے ہم کلام ہوتے تھے بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہاں اس سے عام پہاڑ مراد ہے۔ یعنی ایک پہاڑ کو ان کے سر پر کھڑا کر دیا گیا۔ کیونکہ اس وقت یہ اسرائیلی طور پہاڑ سے بہت دور تھے مگر صحیح یہ ہے کہ اس سے خاص موسیٰ علیہ السلام کا طور ہی مراد ہے کیونکہ اگر طور کے لغوی معنی بھی مراد لو۔ تب بھی الف لام عہدی کی وجہ سے وہ خاص ہی مراد ہو گا اور جو رب کہ پہاڑ اکھیڑنے پر قادر ہے وہ دور تک لے جانے پر بھی قادر ہے۔ (تفسیر کبیر) **خذوا**۔ یہ لفظ اخذ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں پکڑنا اور لینا۔ یہاں توریت کی تختیوں کا ہاتھ سے پکڑنا مراد نہیں بلکہ ماننا اور دل میں لینا مراد ہے یعنی ہم نے ان سے کہا کہ تم قبول کر لو **ما اتینکم** وہ احکام یا وہ کتاب جو ہم نے تم کو عطا فرمائی **بقوۃ** یعنی پوری کوشش سے لو جیسے کہ دنیوی تھوڑا نفع حاصل کرنے کے لئے بڑی مشقتیں برداشت کر لیتے ہو۔ اسی طرح دینی نفع کے لئے توریت کے سخت احکام بھی برداشت کرو۔ رنج و راحت مصیبت و آرام کسی حالت میں اس کو نہ چھوڑنا اور اس پر دائم قائم رہنا چاہیے۔ جو چیز ہاتھ میں قوت سے پکڑی جاوے وہ نہیں چھوٹتی ایسے ہی جو چیز قوت سے پکڑی جاوے وہ رنج و خوشی کسی حال میں نہیں چھوٹتی۔ امام حسین کبھی حضور کے کندھوں پر سوار اور کبھی شمر مردود آپ کے سینہ پر سوار نہ اس وقت فخر تھا نہ اس حالت میں بیقراری۔ ہر حال میں راضی بہ رضا الٰہی رہے اللہ تعالیٰ نے قوت بخشی خیال رہے کہ کبھی انسان ایمان کی قوت سے پکڑتا ہے اور کبھی ایمان انسان کو قوت سے پکڑتا ہے۔ جیسے رسی کو انسان پکڑے یا اسے رسی سے باندھ دیا جاوے پہلی صورت میں خطرہ ہے دوسری صورت بے خطر ہے پہلی صورت ابتداء ہے دوسری انتہا **واذکروا ما فیہ** یہ لفظ ذکر سے بنا ہے یا ذکری سے یعنی اس کو لے کر طاق میں نہ رکھ دینا بلکہ اس کے احکام کو حفظ کر لینا اس کی تلاوت کیا کرنا مدرسوں میں اس کو پڑھایا کرنا اور اس سے غافل نہ ہو جانا اور یا اس کی آیات میں غور کرنا اور اس سے نصیحت حاصل کرنا اور اس پر عمل کرنا۔ بلا عمل فقط پڑھنا کافی نہیں۔ خیال رہے کہ قرآن کریم کے سوا کوئی اور کتاب حفظ نہ کی گئی ہاں گزشتہ کتابوں کے احکام و مضامین ان کے علماء ایسے یاد کر لیا کرتے تھے جیسے آج کل وکلا قوانین کی کتابوں کے احکام یاد کرتے ہیں اسی لئے یہاں **اذکروا** فرمایا' **احفظوا** نہ فرمایا **لعلکم تتقون** لعل رب کی طرف سے یقین کے لئے ہے اور بندوں کی طرف سے امید کے لئے یعنی تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ یا اس امید پر تم توریت کے حامل بنو کہ تم متقی ہو جاؤ نہ دنیوی لالچ پر۔ اتقاء سے مراد یا تو جہنم سے بچ جانا ہے یا پرہیزگار بن جانا کیونکہ توریت پر عمل کرنے سے دنیا میں پرہیزگاری اور آخرت میں جہنم سے رستگاری حاصل ہوتی ہے۔ اس لئے یہاں اس کا ذکر فرمایا گیا **ثم تولیتم** یہ لفظ ولی سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں قریب ہونا۔ باب تفعل میں آکر سلب کے معنی پیدا ہوئے یعنی قریب کو دور کر دینا اور پھر جانا یعنی تم یہ عہد و پیمان کر کے اور مجبوراً" توریت کو مان کر اس سے پھر گئے کہ نہ تم نے توریت کے احکام پر عمل کیا اور نہ اس کا پڑھنا پڑھانا باقی رکھا نہ اس کی حفاظت کی بلکہ اس کتاب کو دنیا کمانے کا ذریعہ بنا لیا **من بعد ذلک**۔ ذلک کا اشارہ یا میثاق کی طرف ہے یا طور اٹھانے کی طرف یا اس پورے واقعہ کی طرف یعنی تم نے اتنے اہم واقعات کے بعد بھی اپنے وعدے کی وفا نہ کی بیوفائی عقلاً" نقلاً" بری ہے۔ **فلولا فضل اللہ علیکم**

marfat.com
Marfat.com

ورحمتہ یا تو فضل و رحمت ایک ہی معنی میں ہیں یا فضل سے مراد قبول توریت کی توفیق دینا اور رحمت سے مراد بعد کی بیوفائیوں پر عذاب نہ بھیجنا ہے یعنی اگر پہاڑ وغیرہ اٹھا کر تم سے توریت قبول نہ کرائی جاتی اور بعد کی بدعملیوں پر تم کو مہلت نہ دی جاتی تو لکنتم من الخسرین تم خسارے والوں میں سے ہو جاتے۔ خسارہ اصل پونجی کے ضائع ہو جانے کو کہتے ہیں اس میں لطیف اشارہ اس طرف بھی ہے کہ سختی سے احکام منوانا درحقیقت رحمت ہے اور نبی آخر الزمان کا زمانہ پالینا عین فضل الٰہی ابھی کچھ نہیں بگڑا ہے۔ اب بھی سنبھل جاؤ اور اس پیغمبر علیہ السلام پر ایمان لے آؤ۔

خلاصہ تفسیر : قانون ہدایت بیان فرمانے کے بعد ارشاد ہو رہا ہے کہ اے اسرائیلیو! ہم نے تم پر یہاں تک مہربانی فرمائی کہ جیسے احمق بیمار کو مہربان طبیب زبردستی دوا پلاتا ہے اسی طرح ہم نے تمہارے ساتھ کیا تم بخوشی اصلاح قبول نہ کرتے تھے ہم نے تم پر کوہ طور اٹھا کر اختیار کرنے پر مجبور کر دیا اور فرمایا کہ توریت قبول کرو ورنہ پہاڑ گرتا ہے تم بھی ایسے ضدی واقع ہوئے کہ اس وقت تو جبراً "قہراً" مان لیا مگر بعد میں اس کو بھی توڑ دیا اور طرح طرح کی بدکاری اور بت پرستی میں مشغول ہو گئے توریت شریف کو بدل ڈالا۔ ہم نے اپنے فضل و کرم سے کبھی کبھی تم میں انبیاء بھیجے تاکہ تمہیں ہلاکت اور بربادی سے بچائیں مگر تم نے انہیں بھی ظلماً" قتل کر ڈالا پھر بھی ہم نے در گزر کی اگر ہمارا اتنا فضل و کرم نہ ہوتا تو تم کبھی کے نیست و نابود ہو چکے تھے۔ اصل واقعہ: اس میں اختلاف ہے کہ پہاڑ اکھیڑنے کا واقعہ کن بنی اسرائیل پر پیش آیا۔ آیا ان ستر پر جو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ توریت لینے گئے تھے یا ان پر جو یہاں رہ گئے تھے ہم اس اختلاف کا لحاظ کرتے ہوئے واقعہ عرض کرتے ہیں جب موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیلیوں سے توریت ماننے کا عہد و پیمان لے کر ستر آدمیوں کے ساتھ توریت لینے کوہ طور پر تشریف لے گئے اور وہاں یہ ستر آدمی کلام الٰہی سن چکے اور مر کر زندہ ہو چکے تب آپ کو توریت شریف عطا ہوئی جب آپ نے وہ کتاب ان ستر کو دکھائی تو یہ لوگ سخت احکام اور کڑی پابندیاں دیکھ کر گھبرا گئے اور کہنے لگے کہ ہم سے ان پر عمل نہ ہو سکے گا۔ موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی تب حضرت جبرئیل بحکم الٰہی کوہ طور اکھیڑ کر ان کے سروں پر لے کر کھڑے ہو گئے کہ یا توریت قبول کرو ورنہ ابھی تم پر گرتا ہے یہ پہاڑ قد آدم ان کے سروں سے اونچا تھا یہ لوگ ابھی موت دیکھ چکے تھے۔ اب گھبرا گئے فوراً" سجدے میں گر گئے۔ مگر سجدہ پوری پیشانی پر نہ کیا۔ بلکہ ایک رخسار پر تاکہ پہاڑ کو بھی دیکھتے رہیں کہیں گر نہ جائے چنانچہ اب تک یہود صرف ایک رخسار پر ہی سجدہ کرتے ہیں اور مسلمان پیشانی پر اور سجدہ میں گر کر توبہ کی اور پورا پورا عہد کیا کہ ہم اس کو قبول کرتے ہیں ہمیشہ اس پر عامل رہیں گے۔ اس میثاق سے یا تو یہ ہی سجدہ والا میثاق مراد ہے یا پہلا میثاق جو اسرائیلیوں سے طور پر آتے وقت لیا گیا تھا اس کا واقعہ یہ ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام توریت لے کر اپنی قوم کے پاس آئے اور بچھڑے وغیرہ کو ہلاک فرما چکے سب سے توبہ کرا چکے تب آپ نے ان کو توریت دکھائی۔ انہوں نے دیکھ کر قبول کرنے سے انکار کر دیا اور ان پر یہ ہی طور اٹھا کر یہاں لایا گیا اور انہوں نے سجدہ کر کے عہد و پیمان کیا مگر بعد میں اس کو توڑ دیا اور بدکاریوں میں مشغول ہو گئے۔ ان کی نافرمانی کی ابتداء تو موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں ہو چکی تھی مگر آپ کے پردہ فرمانے کے بعد اس میں زیادتی ہو گئی کہ توریت بدل ڈالی گئی۔ پیغمبروں کو قتل کرنے لگے۔ شرک و بت پرستی میں گرفتار ہو گئے۔ اس لئے یہاں ثم فرمایا گیا جس کے معنی ہیں تراخی۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: یہ کہ دنیوی تکلیفیں جو ہدایت کا ذریعہ بن جائیں وہ

marfat.com
Marfat.com

درحقیقت انعام الٰہی' میں اسی لئے اس واقعہ کو انعامات کے سلسلے میں ذکر فرمایا گیا۔ دوسرا فائدہ: یہ کہ حق تعالیٰ امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر بڑا مہربان ہے کیونکہ بنی اسرائیل پر نہایت سخت احکام بھیجے اور سب ایک دم بھیجے جس سے وہ گھبرا گئے اور اس امت پر نرم احکام بھیجے گئے اور وہ بھی یکے بعد دیگرے نہایت آہستگی سے اس عمدہ طریقہ سے کہ بوجھ نہ محسوس ہو مثلاً" روزہ فرض کیا گیا تو پہلے سال بھر میں ایک عاشورہ کا پھر ہر مہینہ میں تین پھر ماہ رمضان کے روزے 'مگر فدیہ دینے کا اختیار۔ شراب حرام کی گئی تو نہایت آہستگی سے۔ تیسرا فائدہ: یہ کہ اس امت سے دنیوی ظاہری عام عذاب اٹھا دیا گیا۔ اسرائیلیوں پر پہاڑ لاد کر ان سے توریت منوائی۔ مگر مسلمانوں کے ساتھ یہ سلوک نہ ہوا۔ چوتھا فائدہ: یہ کہ توریت کی حفاظت بنی اسرائیل کے ذمہ کی گئی کہ فرمایا گیا خذوا ما اتینکم بقوۃ جس سے وہ عاجز ہو گئے مگر قرآن کریم کی حفاظت خود فرمائی ہمارے ذمہ نہ کی پانچواں فائدہ: کلام اللہ کی تلاوت کرنا بھی ضروری ہے اور اس پر غور کرنا بھی اور اس پر عمل کرنا بھی بغیر تلاوت اس کی بقا مشکل ہو گی اور بغیر عمل محض اس کا پڑھ لینا غیر مفید طبیب کا نسخہ پڑھو بھی' سمجھو بھی' عمل بھی کرو۔ اپنے حبیب کا خط بار بار پڑھ کر لطف حاصل کرو۔ اور اس کی فرمائشیں پوری کرو۔ مثنوی شریف میں ہے۔

ہست قرآن حالہائے انبیاء ماہیان بحر پاک کبریا
در بخوانی دنہ قرآن پذیر انبیاء و اولیاء رادیدہ گیر

پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ اسرائیلیوں سے مجبوراً" توریت منوائی گئی اور انہیں ایمان دیا گیا مگر دوسری جگہ فرمایا گیا لا اکراہ فی الدین یعنی دین میں جبر نہیں حدیث پاک میں بھی ارشاد ہوا دعوھم وما یدینون یعنی کفار کو ان کے دین پر چھوڑ دو۔ نیز جبری چیز پر ثواب نہیں ملتا اس لئے جہاد میں کفار پر اسلام یا جزیہ پیش ہوتا ہے کسی کو جبراً" مسلمان نہیں بنایا جاتا پھر اس آیت کا کیا مطلب۔ جواب: اس کے چند جواب ہیں سب سے بہتر جواب تو وہ ہے جو تفسیر خزائن العرفان میں دیا گیا کہ بظاہر جبر تھا مگر درحقیقت معجزہ کو دکھا کر ان کو مطمئن کرنا تھا کہ بیشک یہ کتاب رب کی طرف سے ہے جیسا کہ دیگر معجزات کا مقصود ہوتا ہے۔ دوسرا جواب: یہ کہ بندوں کو جائز نہیں کہ کسی کو دین پر مجبور کریں اور یہ فعل رب کا تھا نہ کہ بندوں کا تو لا اکراہ کی آیت بندوں کے لئے ہے اور یہ رب کا فعل تیسرے: یہ کہ اس واقعہ میں اسرائیلیوں کو ایمان لانے پر مجبور نہ کیا گیا وہ ایمان تو پہلے ہی لا چکے تھے اب ان کو ارتداد سے روک کر ایمان پر قائم رکھا گیا۔ اب بھی مرتد کو ایمان لانے پر مجبور کرتے ہیں ورنہ قتل کر دیتے ہیں چوتھے یہ کہ عہد شکنی کی سزا تھی اور بدعملی کی سزا دینا نقلاً" عقلاً" ہر طرح درست ہے اب بھی زانی کو رجم کرتے اور چور کے ہاتھ کاٹتے ہیں اس وقت بدعملی کی سزا ہلاکت تجویز ہوئی۔ دوسرا اعتراض: پہاڑ کا ہوا میں بغیر ستون کے معلق ہو جانا خلاف عقل ہے ہلکی چیز بھی معلق نہیں رہ سکتی تو اتنا بھاری پہاڑ کیسے معلق رہ گیا۔ جواب: یہ علی گڑھی عقل کے خلاف ہو گا مسلمان کی عقل کے بالکل موافق آسمان' سورج' چاند اور بھاری بادل برف کے پہاڑ (یعنی اولے اور برف) سب معلق ہی ہیں اگر ایک وقت میں پتھر کا پہاڑ بھی معلق ہو گیا تو کیا ہو گیا۔ آج مشین کے ذریعہ بھاری ہوائی جہاز معہ ساز و سامان کے ہوا میں معلق ہو جاتے ہیں بلکہ جرمنی نے اڑن بم بنا کر بغیر مشین ہی بھاری چیز کو لٹکا کر دکھا دیا تو کیا جرمنی معلق کر سکتا ہے اور رب نہیں کر سکتا۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ : طور کو سب نے معلق دیکھا مگر اتنا بڑا معجزہ دیکھ کر بھی بعض نے شوق سے عہد کیا اور بعض نے خوف سے جس سے معلوم ہوا کہ ایک ہی خطاب اور ایک ہی معجزہ بعض کے لئے ہدایت اور بعض کے لئے گمراہی کا سبب ہوتا ہے۔ جب خوف والوں پر خذلان یعنی رسوائی آگئی تو برہان نے کام نہ دیا۔ دلائل کا علم عرفان نہیں بخشتا۔ وہاں تو شوق و ذوق چاہئے پھر رب نے فرمایا کہ ہمارے احکام قوت سے پکڑو جس سے معلوم ہوا کہ احکام کے لئے قوت ربانی چاہئے نہ کہ طاقت جسمانی یہاں تائید الٰہی درکار ہے اپنی کمائی بیکار پھر فرمایا کہ توریت کے رموز' اشارات' حقائق و دقائق یاد کرو جو کہ اہل دل کی صحبت سے ملتے ہیں تا کہ ماسوا اللہ سے بچ جاؤ۔ پھر تم لوگ خیالات نفسانی اور خواہشات شہوانی کی وجہ سے طریقہ ربانی سے ہٹ گئے۔ وفاق کا راستہ چھوڑ کر نفاق کی طرف دوڑ گئے اگر پہلے ہی سے عنایت ربانی اور توفیق یزدانی تمہاری نگرانی نہ کرتی اور انبیاء کرام تمہاری نگہبانی نہ فرماتے تو تم اصل پونجی یعنی فطری لیاقت کھو کر خسارہ میں پڑ جاتے۔

دوسری تفسیر صوفیانہ : بندہ پہلے خوف سے پھر عادت سے پھر شوق سے اللہ کی عبادت کرتا ہے۔ بچہ اولاً" خوف سے پھر عادت سے پھر شوق سے پڑھنے میں محنت کرتا ہے یہاں بھی بنی اسرائیل کو پہلے ڈرا دھمکا کر توریت قبول کرنے پر راضی کیا گیا یہ ان کا ابتدائی حال تھا۔ پھر شوق و ذوق سے عبادت انتہائی کمال' اس کو یہاں تقویٰ فرمایا گیا یعنی ابھی خوف سے ہماری بندگی کرو تاکہ ممکن ہے آئندہ دل میں ذوق عبادت پیدا ہو جائے جو تقویٰ ہے اس سے معلوم ہوا کہ انسان بے ذوق عبادت چھوڑ نہ دے کبھی وقت آئے گا کہ پھر ذوق و شوق بھی پیدا ہو جائے گا۔

| |
|---|
| وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ |
| اور البتہ تحقیق جانا تم نے ان لوگوں کو جو حد سے بڑھے تم میں سے بیچ ہفتہ کے پس کہا ہم نے واسطے |
| اور بیشک ضرور تمہیں معلوم ہے تم میں سے جنہوں نے ہفتہ میں سرکشی کی تو ہم نے ان سے |
| كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ ۚ 65 فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا |
| ان کے ہو جاؤ تم بندر ہمت سے دور پس کر دیا ہم نے اس کو عبرت واسطے اس کے جو درمیان |
| فرمایا ہو جاؤ بندر دھتکارے ہوئے تو ہم نے اس بستی کا یہ واقعہ اس کے آگے اور پیچھے |
| وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۚ 66 |
| دو ہاتھوں اس کے اور وہ جو پیچھے اس کے اور نصیحت واسطے پرہیزگاروں کے |
| والوں کے لئے عبرت کر دیا اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: اس سے پہلے اسرائیلیوں کی دس نعمتوں کا ذکر فرمایا گیا یہاں سے ان سختیوں کا ذکر شروع ہوتا ہے جو ایک نافرمانی کی وجہ سے ان پر کی گئیں تاکہ ڈر کر اب مخالفت سے باز آجائیں کیونکہ انسان کو برائی سے بچانے کے دو ہی ذریعے ہیں ایک نعمت دوسرا عذاب چونکہ رحمت الٰہی غضب پر غالب ہے اس لئے

marfat.com
Marfat.com

رحمتوں کا ذکر پہلے ہوا اور عذاب کا بعد میں دوسرا تعلق: بنی اسرائیل کو پچھلی آیت سے یہ شبہ پیدا ہو سکتا تھا کہ ساری کتب کے انکار کرنے سے عذاب آتا ہے جیسے کہ توریت کے انکار سے ہوا۔ اگر اس کے ایک حکم کی مخالفت کریں تو کوئی مضائقہ نہیں اور نبی آخر الزمان کی اطاعت نہ کرنا بھی توریت کے ایک ہی حکم کی مخالفت ہے اس میں کوئی حرج نہیں اس وہم کو دفع کرنے کے لئے فرمایا جا رہا ہے کہ تم کو تو معلوم ہے کہ تمہارے بزرگوں نے صرف ہفتہ کے دن مچھلی کا شکار کر لیا تھا جس سے ان پر عبرت ناک عذاب آگیا وہ بھی تو ایک ہی حکم کی مخالفت تھی اب اگر تم نے نبی آخر الزمان کی اطاعت نہ کی تو عذاب آنے کا ضرور اندیشہ ہے۔ اس واقعہ سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو کہتے ہیں دل صاف چاہئے نماز' روزہ' داڑھی لباس پر ایمان موقوف نہیں جب ہماری صورت و سیرت ہی کفار کی سی ہوگی تو مسلمان کس چیز کا نام ہے دیکھو بنی اسرائیل صرف ایک شکار سے عذاب الٰہی میں گرفتار ہو گئے۔

تفسیر: **ولقد علمتم** پچھلی آیتوں کے واقعات زیادہ مشہور و معروف نہ تھے بعض کو کچھ یاد تھے اس لئے وہاں **اذ** فرما کر یاد دلایا گیا۔ لیکن یہ واقعہ یہود کے بچہ بچہ کو یاد تھا اس لئے یہاں **لقد علمتم** فرمایا گیا۔ یعنی اے اسرائیلیو یقیناً" تم سب یہ قصہ جانتے ہو مگر چونکہ تم اس سے عبرت نہیں پکڑتے اس لئے ہم بھی بیان فرمائے دیتے ہیں نیز اس بیان کرنے میں ہمارے اس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے غیب جاننے کا ثبوت ہے کہ انہوں نے نہ تو تواریخ پڑھی اور نہ تاریخ جاننے والوں کی صحبت اٹھائی اور پھر بے کم و کاست سچا سچا قصہ بیان فرما رہے ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ غیب دان نبی ہیں **الذین اعتدوا** یا تو اس سے پہلے لفظ حال یا لفظ عذاب وغیرہ چھپا ہوا ہے یا خود **الذین** ہی **علمتم** کا مفعول ہے۔ یعنی حد سے بڑھنے والوں کے قصے اور عذاب کو جانتے ہو یا خود ان لوگوں کو جانتے پہچانتے ہو کہ یہ لوگ داؤد علیہ السلام کے زمانہ میں شہر ایلہ میں رہتے تھے مدینہ منورہ اور شام کے درمیان دریا کے کنارے واقع تھا اور یہ پورا قصہ انشاء اللہ خلاصہ تفسیر میں بیان ہوگا۔ حد سے بڑھنے سے مراد شرعی حدود توڑنا اور ممانعت الٰہی کی نافرمانی ہے یعنی شریعت نے جو حد مقرر کی اس پر کاربند نہ رہے اس معنی سے ہر گنہگار عملاً" حد توڑتا ہے اور ہر گمراہ اعتقاد" احد سے بڑھتا ہے **منکم** یہاں فقط اسلاف چھپا ہوا ہے یعنی یہ مجرمین تمہارے بزرگوں میں سے تھے یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ وہ تم ہی میں سے ہے یعنی تمہارے ہم قوم اور ہم مذہب تھے۔ **فی السبت** سبت کے لغوی معنی ہیں۔ قطع کرنا سنیچر کے دن کو اس لئے یوم السبت کہتے ہیں کہ یہود پر اس دن عبادت اور دینوی کاروبار سے الگ رہنا فرض تھا نیند کو بھی اسی لئے سبات کہتے ہیں کہ اس سے انسانی کام منقطع اور بند ہو جاتے ہیں۔ نیز سبت کے معنی تعظیم کے بھی ہیں قرآن کریم فرماتا ہے کہ **یوم لا یسبتون لا تاتیھم** چونکہ سنیچر کے دن کی یہود تعظیم کرتے تھے اس لئے اس کا نام یوم السبت ہوا۔ انشاء اللہ ہم ہفتے کے سارے دنوں کے ناموں کی وجہ اور یہ کہ ان دنوں میں کیا کیا اہم واقعات ہوئے اور اب ان میں کیا کیا کرنا چاہئے **فی ستتہ ایام** کی تفسیر میں بیان کریں گے۔ اس جگہ لفظ یوم پوشیدہ ہے یعنی جو کہ زیادتی کرتے تھے۔ ہفتہ کے دن میں **فقلنا لھم** یہاں قول سے مراد وحی بھیجنا یا بلاواسطہ کلام کرنا نہیں بلکہ فقط توجہ ارادہ مراد ہے یعنی ہم نے ان کی طرف ارادہ غضب متوجہ کر دیا اور چاہ لیا کہ وہ بندر بن جائیں **کونوا قردۃ** کونوا کون سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں ہو جانا اور بن جانا۔ تم بندر ہو جاؤ۔ یا بن جاؤ۔ یہ امر بھی شرعی نہیں ہے بلکہ تکوینی ہے (پیدا کرنا) یعنی ہم نے ان کا بندر ہو جانا چاہ لیا۔ جس سے وہ فوراً" ہی بندر بن گئے۔ اس

marfat.com
Marfat.com

چاہنے کو اس طرح بیان کیا گیا کہ ہم نے کہہ دیا۔ تم بندر بن جاؤ یہی کن فیکون کا بھی مطلب ہے۔ قردۃ جمع قرد کی ہے جیسے دیکتہ جمع دیک کی (مرغ) ظاہر تو یہ ہی ہے کہ ان کے بوڑھے جوان بچے مرد عورتیں سب چھوٹے بڑے بندر ہی بنائے گئے لیکن روح البیان نے اس جگہ فرمایا کہ ان کے جوان تو بندر بنائے گئے تھے اور بوڑھے سور۔ خسئین یہ خساء سے بنا ہے جس کے معنی ہیں ذلت اور دھتکارنا چونکہ بندر خوبصورت جانور ہے بعض لوگ اسے پال بھی لیتے ہیں لہٰذا خاسئین فرما کر یہ بتایا کہ وہ خوبصورت بندر نہ بنے تھے کہ لوگ انہیں پالتے محبت کرتے بلکہ ان کے جسم سے ایسی بدبو آتی تھی کہ کوئی ان کے قریب بھی نہ آتا تھا اور وہ بندروں کی سی پیاری حرکتیں نہ کرتے تھے۔ بلکہ صرف دم ہلاتے اور آنسو بہاتے تھے اور جو ان کو دیکھتا وہ لعن طعن کرتا تھا۔ لہٰذا وہ دتکارے ہوئے نکالے ہوئے ذلیل بندر رہوئے۔ **فجعلنها** جعل کے معنی کرنا بھی ہے اور بنانا بھی اور ھا کا مرجع یا وہ امت ہے یا اس کا عذاب اور یا یہ پورا واقعہ یعنی ہم نے اس قصے یا اس سزا یا اس آیت کو عبرت بنا دیا **نکالا** یہ لفظ نکل سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں روکنا اور منع کرنا اسی لئے قسم سے باز رہنے کو نکول کہتے ہیں اور بیڑی اور سخت لگام کو نکل کہتے ہیں کیونکہ یہ چیزیں بھی قیدی اور جانور کو بھاگنے سے روکتی ہیں اور یہاں عبرت والا عذاب مراد ہے۔ جس کو سن کر لوگ نافرمانی سے بچیں۔ جیسے قرآن کریم فرماتا ہے **ان لدینا انکالا وجحیما** اور فرماتا ہے **واشد تنکیلا** یعنی ہماری یہ سزا محض بدلہ لینے کے لئے نہ تھی بلکہ عبرت کے لئے **لما بین یدیھا** اس کے لفظی معنی ہیں دو ہاتھوں کے درمیان اور مراد ہے سامنے کیونکہ سامنے والی چیز ہاتھوں کے درمیان ہوتی ہے اور **ھا** سے مراد یا وہ امت ہے یا شہر ایلہ اور سامنے سے مراد ایلہ کے سامنے والے شہر ہیں جن کو اس واقعہ کی خبر لگی اور آکر دیکھ گئے اور یا ان سے پہلی امتیں کیونکہ ان کو یہ خبر دی گئی تھی کہ آئندہ زمانہ میں ایسا واقعہ ہونے والا ہے۔ **وما خلفھا** اس میں بھی وہ ہی دو احتمال ہیں یا تو اس سے دور کے شہر مراد ہیں جنہوں نے یہ واقعہ دیکھا تو نہیں مگر سن لیا یا آنے والی امتیں کیونکہ یہ واقعہ قرآن پاک میں مذکور ہوا جس سے سب کو عبرت حاصل ہوئی۔ ہم نے یہ واقعہ اگلے پچھلوں کے لئے عبرت بنا دیا۔ **وموعظتہ للمتقین۔ موعظتہ** وعظ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں نصیحت لینا یا کرنا یعنی اس واقعہ سے پرہیزگاروں نے نصیحت پکڑی یا قیامت تک اس سے وعظ و نصیحت کریں گے خیال رہے کہ عبرت دل کا فعل ہے اور موعظہ زبان کا چونکہ عام لوگوں میں وعظ کہنے کی طاقت نہیں ہوتی۔ ہاں وعظ سن کر ڈر جاتے ہیں اسی لئے ان کے لئے عبرت فرمایا گیا اور پرہیزگاروں کے لئے موعظہ یعنی قیامت تک علماء واعظین اس کا وعظ کیا کریں گے اور سامعین سن کر ڈرا اور رویا کریں گے۔

**خلاصہ تفسیر** : حق تعالیٰ اپنے انعام یاد دلا کر کچھ بنی اسرائیل کی نافرمانیاں بیان فرما رہا ہے' فرماتا ہے کہ اے اسرائیلیو تمہیں ان ایلہ والوں کا قصہ تو یاد ہی ہے جو تمہارے ہی بزرگ تھے انہوں نے ہفتہ کے دن میں ایک بے اعتدالی کرلی تھی یعنی مچھلی کا شکار کرلیا تھا تو ہم نے ان سب کو بندر بنا دیا ان کا یہ واقعہ سارے اگلے پچھلوں کے لئے عبرت اور پرہیزگار واعظین کے لئے نصیحت کر دیا گیا تم اس کو سوچ کر عبرت کیوں نہیں پکڑتے اور نبی آخر الزمان پر ایمان کیوں نہیں لاتے؟ جب مچھلی کے شکار سے عذاب آگیا تو کیا اتنے بڑے پیغمبر کی مخالفت سے عذاب نہ آئے گا۔ خیال رہے کہ ایک حکم ربانی کا انکار ویسا ہی کفر ہے جیسے تمام احکام کا انکار۔ کفر میں تقسیم نہیں کہ کفر آدھا ہے یا انتہائی ہر کفر پورا کفر ہے ہاں درجات کفر اور کیفیات کفر میں فرق ہوتا ہے کہ بعض

marfat.com
Marfat.com

سخت کافر بعض ہلکے کافر اسی بنا پر عذابوں میں فرق ہے۔

یہودیوں کا بندر بننا : جیسے کہ اسلام میں جمعہ عزت والا ہے عیسائیوں کے لئے اتوار اور ہندوؤں کے لئے منگل اسی طرح یہودیوں کے لئے ہفتہ کا دن محترم تھا مگر فرق اتنا ہے کہ اسلام میں صرف ان لوگوں پر جن پر جمعہ کی نماز فرض ہے جمعہ کی پہلی اذان سے ختم نماز تک وہ دنیاوی کاروبار کرنا حرام ہیں جو نماز میں خلل انداز ہوں عورتیں بچے مسافر دیہاتی اور بیمار لوگ اس حکم سے علیحدہ ہیں کیونکہ ان پر جمعہ فرض نہیں لیکن یہودیوں اور عیسائیوں کے ہاں ان سارے دنوں میں دنیاوی کاروبار حرام تھے اور خاص کر شکار کرنا سخت جرم موسیٰ علیہ السلام سے کئی برس کے بعد یہ واقعہ پیش آیا کہ بنی اسرائیل کی ایک جماعت بحر قلزم کے کنارے شہر ایلہ میں رہتی تھی جو مدینہ منورہ اور شام کے درمیان ہے یہ لوگ مچھلی کے بہت شوقین تھے رب کی شان کہ ہر ہفتہ کے دن اس دریا میں بیشمار مچھلیاں نمودار ہوتی تھیں یا تو ان کے امتحان کے لئے یا اس مچھلی کی زیارت کے لئے جس کے پیٹ میں یونس علیہ السلام رہے تھے۔ (تفسیر روح البیان) باقی دنوں میں سب غائب ہو جاتی تھیں۔ ان کے منہ میں پانی بھر آیا اور سوچنے لگے کہ کسی تدبیر سے ان کا شکار کرنا چاہئے جس سے شکار بھی ہو جائے اور ہفتہ کے دن کی بے حرمتی بھی نہ ہو۔ آخر ان عقلمندوں نے یہ حیلہ سوچا کہ دریا کے ارد گرد بہت سے گہرے غار کھود دیئے اور دریا سے اس غار تک نالیاں بنالیں۔ جمعہ کی شام کو ان نالیوں کا منہ کھول دیتے کہ پانی کے ساتھ مچھلیاں ان گڑھوں میں آجائیں اور اتوار کے دن ان گڑھوں سے پکڑ لیتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم ہفتہ کو شکار نہیں کرتے انہوں نے وہ مچھلیاں خوب کھائیں اور فروخت کیں۔ جس سے یہ بڑے مالدار ہو گئے۔ چالیس یا ستر سال تک ان کا یہ عمل رہا یہ لوگ کل ستر ہزار تھے ان کی تین جماعتیں بن گئیں۔ ایک تو شکار کرنے والوں کی دوسرے اس سے منع کرنے والوں کی تیسرے خاموش رہنے والوں کی یہ لوگ کل بارہ ہزار تھے۔ باقی سب شکاری' جب شکاریوں نے ان کی نصیحت نہ مانی تو انہوں نے اپنے اور ان کے درمیان ایک دیوار بنا کر شہر کے دو حصے کر دیئے اور کہا کہ ہم ان کے ساتھ نہ رہیں گے کہ کہیں ہم پر عذاب نہ آجائے۔ یہاں تک کہ داؤد علیہ السلام کا زمانہ آگیا آپ نے ان کو شکار کرنے سے منع کیا اور فرمایا کہ اے بیوقوفو! قید کرنا ہی تو شکار ہے جیسے کوئی ہرن کو جال میں پھانس لے اس نے شکار کر لیا کھائے یا نہ کھائے اور کھائے تو آج ہی کھائے یا کبھی دوسرے وقت غرضیکہ ہفتہ کے دن تمہیں شکار کی ممانعت ہے نہ کہ فقط ہاتھ میں پکڑنے یا کھانے کی۔ اس سے باز آجاؤ ورنہ عذاب میں گرفتار ہو جاؤ گے شکاریوں نے کہا کہ ہم تو بہت عرصہ سے یہ کام کر رہے ہیں۔ اگر یہ برا ہوتا تو اب تک ہم کو امن کیوں ملتی تب داؤد علیہ السلام نے یہ دعا فرمائی جس سے رب کا غضب آگیا اور رات میں یہ سب کے سب بندر' یا جوان لوگ بندر اور بوڑھے لوگ سور بنا دیئے گئے ان کے عقل و حواس تو باقی رہے مگر قوت گویائی جاتی رہی جسموں سے سخت بدبو نکلنے لگی۔ صبح کے وقت اس محلہ کے لوگوں نے دیکھا کہ نہ تو اس محلہ سے کوئی آدمی آتا ہے نہ کوئی آواز نہ دھواں وغیرہ نکلتا ہے تو یہ دیواروں پر چڑھ کر ان کے گھر میں داخل ہو گئے وہ بندر ان کو دیکھ کر ان کی طرف دوڑے اور ان کے قدموں سے لپٹنے لگے اور ان کے کپڑے سونگھتے اور روتے تھے ان لوگوں نے کہا کہ کیا ہم نے تمہیں شکار سے منع نہ کیا تھا وہ بندر سر ہلاتے اور آنسو ان کے رخساروں پر بہتے تھے اس حال پر ان کو تین روز گزرے اور چوتھے روز سب ہلاک کر دیئے گئے نہ کوئی باقی بچا اور نہ ان کی نسل چلی لوگوں میں یہ مشہور ہے کہ موجودہ بندر انہیں کی اولاد میں سے ہیں۔ غلط ہے ان سے پہلے بھی بندر تھے اور یہ

marfat.com
Marfat.com

موجودہ بندر ان پہلے بندروں کی اولاد سے ہی ہیں۔ کیونکہ صحیح روایت میں ہے کہ کوئی مسخ شدہ قوم تین دن سے زیادہ نہیں جیتی نہ کھاتی ہے نہ پیتی ہے نہ اس کی نسل چلتی ہے۔ (تفسیر عزیزی) اسی تفسیر عزیزی نے ایک حدیث نقل کی ہے کہ ایک دن حضرت عبداللہ ابن عباس سورہ اعراف میں یہ واقعہ پڑھ کر بہت رو رہے تھے ان کے شاگرد خاص حضرت عکرمہ نے رونے کا سبب پوچھا آپ نے فرمایا کہ قرآن کریم سے یہ تو معلوم ہوا کہ شکاریوں کو عذاب اور منع کرنے والوں کو نجات ہوئی مجھے خبر نہیں کہ خاموش رہنے والوں کا کیا حال ہوا۔ ممکن ہے کہ وہ بھی منع نہ کرنے کی وجہ سے عذاب میں مبتلا ہو گئے ہوں۔ آج بھی بہت لوگ بری باتوں سے روکنے میں سستی کرتے ہیں۔ عکرمہ نے عرض کیا کہ نہیں بلکہ یہ بھی نجات پا گئے پوچھا کہ کیسے عکرمہ نے عرض کیا کہ تبلیغ احکام فرض کفایہ ہے (جیسے نماز جنازہ) کہ بعض کے کرنے سے کل سے ادا ہو جاتا ہے۔ اگر یہ سب خاموش رہتے تو سب گنہگار ہوتے جب بعض نے تبلیغ کر دی سب بری الذمہ ہو گئے۔ حضرت ابن عباس سن کر بہت خوش ہوئے اور اٹھ کر عکرمہ کی پیشانی کو بوسہ دیا اور ان کو گلے سے لگایا اور اپنے پاس بٹھایا۔

**فائدے:** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** گناہ صغیرہ ہمیشہ کرنے سے کبیرہ بن جاتا ہے جس پر عذاب بھی آجاتا ہے ہفتہ کے دن شکار کرنا ان کے لئے گناہ صغیرہ تھا۔ مگر ہمیشہ کرنے سے عذاب میں مبتلا ہو گئے۔ **دوسرا فائدہ:** کسی گناہ پر عذاب نہ آنا اس کے جائز ہونے کی دلیل نہیں رب تعالیٰ کی پکڑ بہت مہلت سے ہوتی ہے ستر سال تک یہ یہودی شکار کرتے رہے مگر عذاب نہ آیا اور جب آیا تو تباہ کر گیا۔ **تیسرا فائدہ:** دوسروں کی مصیبتوں سے نصیحت حاصل کرنا چاہئے اور ان کے واقعات کی خبر رکھنا بھی ضروری ہے۔ قرآن کریم نے یہ ہی بتایا کہ ہم نے اس قصہ کو عبرت بنا دیا۔ شیخ سعدی فرماتے ہیں۔

مرغ سوئے دانہ افراز    چوں دگر مرغ بیند اندر بند
پند گیر از مصائب دگراں    تا نہ گیرند دیگراں ز تو پند

**چوتھا فائدہ:** خوشی کے وقت گلے ملنا معانقہ کرنا سنت صحابہ ہے اس کے لئے سفر سے آنا یا غائب ہونے کے بعد ملنا شرط نہیں دیکھو ابن عباس نے خوشی میں عکرمہ کو گلے لگا لیا رضی اللہ عنہما۔ لہٰذا عید کے دن گلے ملنا سنت سے ثابت ہے کہ یہ بھی خوشی کا موقعہ ہے۔ **پانچواں فائدہ:** بدکاروں سے دور رہنا چاہئے ورنہ ان کے ساتھ نیکوں کاروں پر بھی عذاب آجائے گا۔ دیکھو نیک کاران شکاریوں سے علیحدہ ہو گئے۔ گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتے ہیں اور جواریوں کے پاس کھڑے ہونے والے تماشائی بھی گرفتار ہو جاتے ہیں۔ **چھٹا فائدہ:** تبلیغ صرف عالموں پر ہی فرض نہیں بلکہ جس کو جو بھی مسئلہ معلوم ہو' ناواقف کو ضرور بتا دے ورنہ گنہگار ہو گا دیکھو یہ منع کرنے والے سب علماء نہ تھے مگر ان پر تبلیغ فرض ہوئی اور تبلیغ ہی کی برکت سے عذاب سے بچے۔ **ساتواں فائدہ:** دوسرے کے گناہ سے راضی ہونا بھی گناہ ہے اور کفر سے راضی ہونا کفر اور بلاوجہ اس کی تردید نہ کرنا جرم جیسا کہ حضرت عبداللہ ابن عباس اور عکرمہ کی تقریر سے ثابت ہوا کہ اگر کسی کو گناہ کرتے ہوئے دیکھے تو اگر طاقت ہو تو ہاتھ سے روکے ورنہ زبان سے منع کرے اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو دل سے ہی برا سمجھ کر وہاں سے علیحدہ ہو جائے۔ **آٹھواں فائدہ:** حضور کے صحابہ تمام نبیوں کے صحابہ سے اور حضور کی امت تمام امتوں سے افضل کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کے صحابہ کا شکار سے امتحان لیا کہ ایک بار بحالت احرام شکاری جانور ان کے خیموں میں آئے مگر ان میں سے کسی نے آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھا۔ رب

marfat.com

Marfat.com

فرماتا ہے تنالہ ایدیکم نیز آج بھی حضور کی امت پر بحالت احرام شکار حرام بلکہ حرم شریف کا شکار ہمیشہ حرام۔ مگر بفضلہ تعالیٰ یہ امت اب تک مضبوطی سے اس پر کاربند ہے حتیٰ کہ حرم کے کبوتر حاجیوں کے پاس آجاتے ہیں بلکہ ان کے سروبازو پر بیٹھ جاتے ہیں مگر انہیں کوئی چھیڑتا بھی نہیں یہ اللہ کا کرم ہے۔

پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ حیلہ کرنا گناہ ہے کیونکہ ان بنی اسرائیلوں نے شکار کا حیلہ ہی تو کیا تھا۔ جس سے عذاب میں گرفتار ہو گئے پھر علماء صدہا حیلے کیوں سکھاتے ہیں فقہ کی کتابیں حیلوں سے بھری ہوئی ہیں عالمگیری میں تو حیلہ کا علیحدہ باب باندھا۔ کتاب الحیل (عام نیچری) جواب: حیلہ سے حرام کو حلال کرنا بھی بنی اسرائیل پر عذاب الٰہی تھا جیسے کہ ان پر بعض گوشت حرام تھے ایسے ہی حیلہ شرعی بھی ورنہ خود قرآن کریم اور احادیث شریف میں شرعی حیلہ کی تعلیم دی۔ ایوب علیہ السلام نے قسم کھائی تھی کہ اپنی بیوی کو سو لکڑیاں ماروں گا۔ جب قسم کو پورا کرنے کا وقت آیا تو رب نے ان کو تعلیم دی۔ خذ بیدک ضغثا فاضرب بہ ولا تحنث۔ اپنے ہاتھ میں جھاڑو لے کر مارو قسم نہ توڑو۔ اسی طرح احادیث میں بہت سے شرعی حیلوں کی تعلیم دی گئی۔ اس کی پوری بحث ہماری کتاب "جاء الحق" میں دیکھو نیز کسی کا مال مارنے کسی کو دھوکہ دینے حرام کو حلال کرنے کے لئے حیلہ کرنا گناہ ہے مگر شرعی ضرورت پورا کرنے گناہ سے بچنے کے لئے حیلہ کرنا بہتر ان اسرائیلیوں کا یہ حیلہ حرام کو حلال کرنے کا تھا۔ لہٰذا گناہ ہوا مثلاً "زکوۃ سے بچنے کا حیلہ کرنا گناہ ہے اور سید کو زکوۃ دینے یا مسجد میں لگانے کے لئے یہ حیلہ کیا جاوے کہ کسی فقیر کو دے دی جاوے اور وہ مالک بن کر اپنی طرف سے وہاں صرف کر دے تو عین ثواب ہے غرضیکہ حیلہ کا مدار نیت پر ہے۔ دوسرا اعتراض: آپ کی تقریر سے معلوم ہوا کہ مسخ کی ہوئی قوم کی نسل نہیں چلتی حالانکہ حضور نے فرمایا کہ یہ موجودہ چوہے اونٹ کا دودھ نہیں پیتے شاید کہ یہ مسخ کئے ہوئے اسرائیلی ہوں معلوم ہوتا ہے کہ مسخ شدہ قوم کی نسل چل سکتی ہے تب ہی تو شک فرمایا گیا۔ جواب: یہ حدیث اس وقت کی ہے جب حضور علیہ السلام پر ظاہر نہ فرمایا گیا۔ ظاہر فرمانے پر وہ فرمایا جو ہم پیش کر چکے لہٰذا یہ حدیث گویا منسوخ ہے۔ تیسرا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ انسان کا بندر وغیرہ بن جانا ممکن ہے یہ ہی تناسخ یا آواگون یا یونی چکر ہے اہل اسلام پھر اس کی مخالفت کیوں کرتے ہیں (آریہ) جواب: یہاں صورتیں بدل گئیں تھیں نہ کہ روح اور نفس لہٰذا یہ مسخ ہوا نہ کہ تنسخ، مسخ ممکن ہے اور تنسخ ناممکن۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ مثلاً "انسان فقط اس ظاہری شکل و صورت چہرے مہرے کا نام نہیں ورنہ مردہ اور انسانی فوٹو کو بھی انسان کہا جاتا بلکہ انسان جسم اور نفس ناطقہ کے مجموعہ کا نام ہے پھر جسم میں بھی دو طرح کے اجزاء ہیں ایک تو اصلی جو کہ کبھی نہیں بدلتے دوسرے عارضی جو بدلتے رہتے ہیں۔ روح اور نفس کا بدلنا ناممکن ہے مگر جسم کی شکل ہمیشہ بدلتی رہتی ہے بچپن، بڑھاپے، بیماری، تندرستی، رنج و خوشی میں جسم کا رنگ روپ لاغری فربہی وغیرہ بدلتی رہتی ہے مگر اصلی اجزاء برابر باقی رہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ یہ ہی وہ بچہ ہے جو کہ جوان ہو گیا اور پیدائش سے پہلے اور موت کے بعد یہ اصلی اجزاء بھی دوسرے جسم میں نمودار تھے۔ مثلاً "پہلے نطفہ تھے اور بعد میں مٹی ہو جائیں گے یہاں ان اسرائیلیوں کے اصلی اجزاء اور نفس و روح وہ ہی رہے حتیٰ کہ ہوش و عقل وغیرہ سب قائم رہے صرف شکل و صورت بدل گئی اور زبان میں طاقت گویائی نہ رہی جیسے کہ حضرت موسیٰ کا عصا۔ آواگون یہ ہے کہ اصلی اجزاء ظاہری شکل اور نفس و روح وغیرہ سب ہی بدل جاوے کہ انسان حقیقتہ "کتا گدھا بن جاوے یہ محال ہے یوں سمجھو کہ مسخ تین

marfat.com
Marfat.com

قسم کا ہے۔(1) مسخ حقیقی جس میں حقیقت بدل جاوے (2) مسخ صوری جس سے ظاہری شکل بدلے۔ مسخ معنوی جس سے جسم کے اصلی اجزاء اور نفس کے صفات بدل جاویں مسخ حقیقی ناممکن اسی کا نام آواگون ہے اور یہاں یہ نہ ہوا بلکہ صرف مسخ صوری ہوا۔

**تفسیر صوفیانہ** : جو کوئی احسان کی قدر نہیں کرتا اور منعم کی نعمت کا کفران کرتا ہے وہ اسی طرح بلاء خسران میں مبتلا ہوتا ہے اور عزت وصال سے نکال کر ذلت ہجران میں ڈال دیا جاتا ہے۔ گذشتہ امتوں کا عذاب جسمانی خسف و مسخ تھا لیکن اس امت کا عذاب روحانی اور نفسانی خسف و مسخ ہے یعنی پہلے جسم بدلتے تھے اور اب دل قرآن کریم فرماتا ہے **ونقلب افئدتھم و ابصارھم** یہ اس سے زیادہ سخت ہے جو شکل میں خنزیر بن گیا وہ پلیدی کھاتا ہے اور قلبا" خنزیر حرام کھاتا ہے۔ قلب کے مسخ ہونے کی تین نشانیاں ہیں طاعت میں لذت نہ پانا۔ معصیت سے خوف نہ کرنا۔ کسی کی موت سے عبرت نہ کرنا۔ عوف بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ تین باتیں یاد رکھو جو شخص آخرت کے لئے کام کرے گا حق تعالیٰ اس کے دینوی کام خود بخود بنادے گا۔ جو اپنا معاملہ اللہ کے ساتھ درست رکھے گا۔ حق تعالیٰ لوگوں کے ساتھ اس کا معاملہ درست فرمادے گا۔ جو اپنا باطن درست کرے گا اللہ اس کا ظاہر بھی درست فرمادے گا۔ محمد ابن قاسم علی ترمذی فرماتے ہیں کہ چار شخصوں کی چار موقعوں میں اصلاح ہوتی ہے بچوں کی کتاب میں۔ بدمعاشوں کی جیل خانہ میں عورتوں کی گھر میں۔ عمر رسیدہ مردوں کی مسجد میں۔ (تفسیر روح البیان)

| |
|---|
| وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا |
| اور جبکہ فرمایا موسیٰ نے واسطے اپنی قوم کے تحقیق اللہ حکم فرماتا ہے تم کو کہ ذبح کرو |
| اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے فرمایا خدا تمہیں حکم کرتا ہے کہ ایک گائے ذبح کرو |
| بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ |
| تم ایک گائے انہوں نے کہا کیا بناتے ہیں آپ ہم کو مسخرا فرمایا موسیٰ نے پناہ لیتا ہوں میں اللہ کی |
| بولے آپ ہمیں مسخرہ بناتے ہیں فرمایا خدا کی پناہ کہ میں |
| اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۞ |
| یہ کہ ہوؤں میں جاہلوں میں سے |
| جاہلوں سے ہوؤں |

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: بنی اسرائیل کی سرکشیاں بیان ہو رہی ہیں اس سے پہلے ایک سرکشی مذکور ہو چکی اب دوسری کا ذکر ہے۔ دوسرا تعلق: اس سے پہلے بنی اسرائیل کی حیلہ سازیوں کا ذکر تھا جس سے کہ وہ حرام کو حلال بنانے کی کوشش کرتے تھے اب ان کی کج بحثی اور حجت بازی کا تذکرہ ہے۔ تیسرا تعلق: اس

marfat.com
Marfat.com

سے پہلے حیلہ سازی کے عذاب بیان ہوئے اب حجت بازی کا نتیجہ بتایا جا رہا ہے کہ زیادہ کج بحثی سے سختی بڑھتی ہے۔ چوتھا تعلق: اس سے پہلے بنی اسرائیل کی داؤد علیہ السلام سے مخالفت کا ذکر تھا جس کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ زمانہ موسیٰ علیہ السلام کے دور ہونے کی وجہ سے یہ ہوا۔ اب خود موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کے واقعہ کا ذکر ہو رہا ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ یہودی اصل سے ہی سرکش ہیں۔

تفسیر: **و اذ قال موسی** یہاں بھی وہی فعل پوشیدہ ہے یعنی اے اسرائیلیو! وہ واقعہ یاد کرو یا اے نبی علیہ السلام ان کو یاد دلاؤ۔ واقعہ یہ تھا کہ بنی اسرائیل میں ایک شخص عامیل نامی بڑا مالدار تھا اور لاولد تھا۔ اس کے چچازاد بھائی نے میراث کے لالچ میں اس کو قتل کر کے دوسری بستی کے دروازہ پر ڈال دیا اور صبح کے وقت خود اس کے خون کا مدعی بن کر موسیٰ علیہ السلام کی بارگاہ میں آیا اور اس بستی والوں پر خون کا دعویٰ کر کے ان سے خون بہا (یعنی جان کا بدلہ لینا چاہا) موسیٰ علیہ السلام نے اس محلہ والوں سے پوچھا۔ انہوں نے صاف انکار کیا اور وہاں کے لوگوں نے درخواست کی کہ آپ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ حقیقت ظاہر فرمائے آپ نے دعا فرمائی تب آپ پر وحی آئی جس کا مضمون آپ نے ان لوگوں کو سنایا اسی کا یہاں ذکر ہے۔ **لقومہ** قوم کے لفظی معنی اور اس کے اقسام ہم پہلے بتا چکے ہیں یہاں بعض قوم مراد ہے جنہوں نے دعا کی درخواست کی تھی نہ کہ سارے بنی اسرائیل **ان اللہ یامرکم** ظاہر یہ ہے کہ یہ حکم وجوبی تھا۔ کیونکہ یا تو اس وقت تک قسامت (جن کے محلہ میں مقتول پایا جائے ان سے پچاس قسمیں لینا) کے احکام نہ آئے تھے اور یا آپ نے مصلحتاً قسم نہ لی بہرحال یہ فعل قسامت کا قائم مقام تھا اور قسامت واجب لہٰذا یہ بھی واجب کم میں یا تو وارث اس کے اہل قرابت سے خطاب ہے کیونکہ وہ مدعی تھا اور دعویٰ کا ثبوت اس کے ذمہ تھا یا محلہ والے مسلمین سے کیونکہ ان پر شبہ تھا۔ جس سے بری ہونے کا ثبوت ان کے ذمہ تھا یا دعا کرنے والوں سے یا ساری اس قوم سے **ان تذبحوا** یہ ذبح سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں حلقوم اور اس کے اطراف کی رگیں چوڑائی میں کاٹ کر جان نکالنا ان کو لمبائی میں چیرنے کا نام نحر ہے۔ گائے اور بکری وغیرہ کو ذبح کرنا بہتر ہے اور اونٹ کو نحر **فصل لربک وانحر**۔ بقرۃ بقر کے لفظی معنی ہیں چیرنا اور پھاڑنا۔ گائے کو اس لئے بقر کہتے ہیں کہ اس کا نر کھیتی باڑی کے لئے زمین کو پھاڑتا ہے۔ اس لئے بڑے عالم کو باقر العلوم کہتے ہیں یا اس سے فقط مادہ گائے مراد ہے اور یا نر کو بھی شامل۔ خلاصہ یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے ان سے فرمایا کہ رب کا حکم ہے کہ کوئی سی گائے ذبح کر کے اس کا پارہ گوشت مقتول پر مارو۔ جس سے وہ زندہ ہو کر اپنے قاتل کا نام بتا دے گا۔ یہ بات ان کی سمجھ میں نہ آئی وہ کہنے لگے **قالوا اتتخذنا ھزوا** یا تو ان سب نے کہا تھا یا ان میں سے بعض نے ھزو امصدر ہے جس کے معنی ہیں دل لگی اور مذاق کرنا۔ یہاں اسم مفعول کے معنی میں ہے یعنی مسخرہ یا ٹھٹ جیسے **فاتخذتموھم سخریا** وہ کہنے لگے کہ آپ ہم کو مسخرہ بنا کر مذاق کر رہے ہیں کہ ہم تو کہتے ہیں۔ قاتل کا پتہ لگائیے اور آپ کہتے ہیں کہ گائے ذبح کرو۔ اس جواب کو ہمارے سوال سے کیا تعلق **اعوذ باللہ** موسیٰ علیہ السلام کہنا یہ چاہتے تھے کہ میں مذاق نہیں کرتا لیکن اس کو اس عمدہ طریقہ سے بیان فرمایا جس سے اپنے منہ اپنی تعریف نہ ہو بلکہ رب کے کرم کا ظہور ہو۔ **ان اکون من الجھلین** یعنی بے ربط جواب دینا یا شرعی فیصلہ کے وقت مذاق و دل لگی کرنا یا کسی کو مسخرہ بنا کر اس کو ذلیل کرنا جاہلوں کا کام ہے انبیاء کی شان اس سے بالا ہے میں رب کی پناہ مانگتا ہوں کہ اس قسم کی حرکت کر کے جہلاء کے زمرہ میں ہو جاؤں۔

marfat.com
Marfat.com

خلاصہ تفسیر : یہ دوسری عدول حکمی و سرکشی اور اس کے نتیجہ کا ذکر ہو رہا ہے کہ بنی اسرائیل خود موسیٰ علیہ السلام سے سرتابیاں اور معمولی حکم میں نکتہ چینیاں کر کے خود مشقت میں پڑتے تھے اے اسرائیلیو اپنے باپ دادوں کا وہ قصہ یاد کرو جب کہ وہ ایک قتل کا مقدمہ لے کر موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئے تھے اور چاہتے تھے کہ قاتل کا پتہ لگ جائے۔ موسیٰ علیہ السلام نے خود نہ بتایا بلکہ ایک تدبیر پیش کر دی کیونکہ اگر وہ خود قاتل کا پتہ دے دیتے تو یہ بیباک قوم ان کو طرف داری کا بہتان دے دیتی۔ اس لئے آپ نے معجزہ سے مقتول کو زندہ فرمانا چاہا تاکہ وہ اپنی زبان سے قاتل کا پتہ دے نیز قصاص کے لئے وارث کا دعویٰ ضروری ہے آپ نے چاہا کہ مقتول خود زندہ ہو کر مدعی بنے تاکہ قاتل سے قصاص لیا جا سکے چونکہ بیل اور گائے کو زمین کے آباد کرنے اور درختوں کے لئے جوتنے بونے اور پانی دینے میں بہت دخل ہے۔ اس لئے یہاں گائے کا انتخاب ہوا اگرچہ یہ بھی ممکن تھا کہ زندہ گائے مقتول کے جسم سے لگا کر اس کو زندہ کر دیا جاتا۔ مگر یہاں تو عجیب معجزہ دکھانا منظور تھا کہ مردہ گائے مردہ کو زندہ کرے اس لئے یہ تجویز ہوئی چاہئے تو یہ تھا کہ یہ لوگ حکم پاتے ہی کوئی سی بھی گائے ذبح کر ڈالتے اور تعمیل ارشاد میں دیر نہ لگاتے جس سے نہایت آسانی سے چھوٹ جاتے اور مقدمہ اتنا طول نہ پکڑتا۔ مگر انہوں نے کج بحثی کر کے خود اپنے پر بہت سی پابندیاں لگالیں۔ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے فرزند اسمٰعیل سے کہا تھا کہ میں نے خواب میں تم کو ذبح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ انہوں نے اپنے کو ذبح کرانے میں کوئی حجت نہ کی اور یہ نہ کہا کہ یہ تو خواب ہے بلکہ اپنی قربانی فوراً پیش کر دی۔ ان بے وقوفوں نے ایک گائے ذبح کرنے کے لئے اپنے پیغمبر سے اتنی حجت کی کہ کہہ دیا کہ آپ ہم کو مسخرہ بنا کر دل لگی کر رہے ہیں جس پر موسیٰ علیہ السلام نے ہمارے واسطے سے اپنی برات ظاہر کی کہ دل لگی کرنا جہلا کا کام ہے۔ میں پیغمبر ہوں (تفسیر عزیزی)

گائے کا قصہ : بنی اسرائیل میں ایک نیک شخص تھا جس کا ایک چھوٹا سا بیٹا تھا اس نے ایک بچھیا بڑی محبت سے پالی تھی جب اس کی موت کا وقت قریب آیا تو بچھڑی لے کر جنگل میں پہنچا اور دعا کی کہ اے مولیٰ یہ گائے تیرے سپرد کرتا ہوں جب میرا بیٹا جوان ہو تو اس کو لے لے یہ تو مر گیا مگر اس کی گائے جنگل میں اور اس کا بیٹا ماں کے پاس پرورش پاتا رہا یہ لڑکا نہایت سعادت مند اور فرمانبردار تھا ایک روز اس کی والدہ نے کہا کہ تیرے باپ نے فلاں جنگل میں خدا کے نام پر ایک بچھڑی چھوڑی ہے جو کہ اب جوان ہو گئی ہو گی اس میں فلاں فلاں علامتیں ہیں تو جا اور اس کو پکڑ لا۔ لڑکا گیا اور ماں کی بتائی ہوئی علامتوں سے اس کو پکڑ لیا۔ ماں نے کہا اس کو بازار میں لے جا کر تین اشرفیوں میں فروخت کر دے مگر جب سودا ہو تو پھر مجھ سے اجازت لے لینا یہ شخص گائے کو بازار میں لایا ایک فرشتہ بشکل خریدار آیا اور اس نے قیمت پوچھی لڑکے نے کہا۔ تین اشرفیاں مگر والدہ کی اجازت شرط ہے فرشتہ بولا کہ چھ اشرفیاں لے لے مگر ماں سے نہ پوچھ لڑکے نے کہا اگر تم اس کے برابر سونا بھی دو تب بھی ماں سے پوچھے بغیر نہ بیچوں گا۔ غرضکہ لڑکا اپنی ماں کے پاس آیا تو اسے سارا واقعہ سنایا ماں نے کہا کہ جا چھ میں بیچ دے مگر سودا ہونے پر پھر مجھ سے پوچھ لینا۔ لڑکا پھر بازار میں لایا وہی فرشتہ پھر ملا اور کہنے لگا بارہ اشرفیاں لے لے مگر ماں سے نہ پوچھ لڑکا نہ مانا پھر آ کر اپنی والدہ کو یہ ماجرا سنایا۔ وہ بڑی عقلمند تھی کہنے لگی شاید یہ کوئی فرشتہ ہے جو تیری آزمائش کے لئے آتا ہے۔ اگر اب ملے تو اس سے پوچھ لینا کہ ہم گائے فروخت کریں یا نہ کریں لڑکے نے یہ ہی کیا فرشتے نے جواب دیا کہ اپنی والدہ سے کہنا کہ ابھی اس کو روکے رہو عنقریب بنی اسرائیل کو اس کی ضرورت پڑے گی موسیٰ علیہ السلام اس کو خریدیں گے اور اس سے ایک بڑا معجزہ ظاہر ہو گا۔ جب وہ لوگ خریدنے آئیں

marfat.com
Marfat.com

تو اس کی قیمت یہ مقرر کرنا کہ اس کی کھال کو سونے سے بھر دی جائے۔ لڑکا گائے کو گھر لایا اور پھر وہ واقعہ درپیش آیا جس کا یہاں ذکر ہے۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: یہ کہ بزرگوں کے فرمان پر اپنے عقلی ڈھکوسلے نہ چلائے بلکہ بلادلیل مان لے ورنہ مشکل میں پڑ جائے گا' جیسا کہ یہاں ہوا چاہئے یہ کہ ان کے فرمان پر اپنی عقل بلکہ اپنے حواس سے بھی زیادہ اعتماد کرے۔ دوسرا فائدہ: اپنے حلال مقصد کے لئے جانوروں کو تکلیف دینا بلکہ ذبح کرنا بھی جائز ہے جیسا کہ اس موقع پر کیا گیا۔ تیسرا فائدہ: یہ کہ اصل اشیاء میں اباحت ہے اور شریعت میں جس چیز پر کوئی پابندی نہ ہو اس میں پابندی نہ لگانا چاہئے اگر یہ لوگ کوئی بھی گائے ذبح کر لیتے تو کام چل جاتا۔ چوتھا فائدہ: یہ کہ بزرگوں سے زیادہ سوالات کرنا بھی خرابی میں ڈال دیتا ہے۔ قرآن کریم نے فرمایا **لا تسئلوا عن اشياء ان تبدلكم تسؤكم** اسی لئے صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ جب اپنا شیخ کوئی وظیفہ یا عمل بتائے تو اس میں پوچھ پوچھ کر پابندیاں مت لگاؤ بلکہ آزادی سے کر ڈالو۔ پانچواں فائدہ: یہ کہ احکام الٰہی میں تبدیلی بھی ہو سکتی ہے اور تغیر بھی دیکھو ان کو پہلے مطلق گائے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ پھر ان کے سوالات سے وہ گائے خاص کر دی گئی۔ چھٹا فائدہ: یہ کہ جو اپنے بال بچوں کو اللہ کے سپرد کر دے تو اللہ اس کی عمدہ پرورش فرماتا ہے۔ ساتواں فائدہ: جو اپنا مال اللہ کے بھروسہ پر اس کی امانت میں دے اللہ اس میں برکت دیتا ہے۔ آٹھواں فائدہ: ماں باپ کی فرمانبرداری حق تعالیٰ کو بہت پسند ہے علماء فرماتے ہیں کہ دوسرے نیک اعمال کا بدلہ آخرت میں ملے گا لیکن والدین کی اطاعت کا بدلہ دنیا و آخرت دونوں جگہ ملتا ہے۔ نواں فائدہ: فیض ربانی خیرات و قربانی کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ دسواں فائدہ: راہ خدا میں نفیس مال دینا چاہئے۔ گیارہواں فائدہ: گائے کی قربانی بہت افضل ہے کیونکہ موسیٰ علیہ السلام نے ان کو گائے کی قربانی کا حکم دیا نہ کہ دوسری چیز کا نیز زمین گائے کے سینگ پر ہے نیز ابراہیم علیہ السلام نے فرشتوں کے سامنے گائے کا گوشت ہی پیش فرمایا۔ **وجاء بعجل حنيذ** نیز جنت کی پہلی غذا گائے کی کلیجی اور مچھلی کا گوشت ہو گا۔ نیز مشرکین گائے کی عبادت کرتے ہیں۔ اس کو ذبح کر دینے میں شرک کی حقارت ہے جیسے کہ قیامت میں چاند و سورج جہنم میں بھیجے جائیں گے۔ مشرکین کی ذلت کے لئے۔ بارہواں فائدہ: کسی کو مذاق سے پریشان کرنا یا مسائل شرعیہ میں دل لگی کرنا یا مقدمہ کے فیصلہ کے وقت مذاق کرنا جہالت ہے انبیاء کرام اس سے معصوم ہیں۔ تیرہواں فائدہ: پیغمبروں کا فرمان بہر حال ماننا چاہئے۔ سمجھ میں آئے یا نہ آئے ان کے فرمانوں کو غلطی یا دل لگی پر محمول کرنا بے ادبوں کا طریقہ ہے۔ چودھواں فائدہ: اللہ تعالیٰ اپنے پیارے بندوں کی میراث محفوظ رکھتا ہے اور وارثوں کو پہنچا دیتا ہے۔ دیکھو انطاکیہ کے ایک صالح شخص کا مال زیر دیوار دفن تھا دیوار گری جاتی تھی۔ رب نے اس کی مرمت کے لئے حضرت خضر کو بھیجا لہٰذا اگر باغ فدک وغیرہ حضور کی میراث اور آپ کی اولاد کا حق ہوتا تو اللہ تعالیٰ ضرور انہیں دلواتا کوئی ظالم قبضہ نہ کرتا معلوم ہوا کہ وہ میراث تھا ہی نہیں بلکہ وقف تھا۔ جیسے حضور کی دوسری املاک آپ کے بعد وقف ہوئیں حتیٰ کہ مکان شریف بھی روضہ بن گیا جو وقف ہوتا ہے۔

پہلا اعتراض : اس مقصد کے لئے گائے کا گوشت ہی کیوں تجویز ہوا دوسرے جانوروں سے بھی یہ کام نکل سکتا ہے۔
جواب: اس کی بہت سی حکمتیں خلاصہ تفسیر اور فوائد میں بیان ہو چکیں چند وجہ اور بھی ہیں۔ (1) بنی اسرائیل بچھڑے کی

marfat.com
Marfat.com

پرستش کرچکے تھے اور ان کے دل میں اب تک کسی قدر اس کی عظمت تھی وہ توڑنے کے لئے اس کے ذبح کا حکم دیا گیا۔(2) اس میں ایک سعادت مند اور والدہ کی اطاعت کرنے والے بچہ کا بھلا بھی تھا کہ اس کی گائے بہت قیمت سے فروخت ہوگئی۔ **دوسرا اعتراض:** اپنے نفع کے لئے بے قصور جانور کی جان لینا ظلم ہے اور خدا تعالیٰ ظلم نہیں کرسکتا۔ (آریہ) **جواب:** جانور وغیرہ انسان ہی کے نفع کے لئے پیدا کئے گئے ہیں۔ پنڈت جی بھی چمڑے کے جوتے اور گائے بھینس کا دودھ وہی استعمال کرتے ہیں بلکہ اب تو سائنس نے بتادیا ہے کہ ہوا اور پانی میں صدہا جانور ہیں جو ناک اور منہ کی راہ انسان کے پیٹ میں جاتے رہتے ہیں پنڈت جی کو چاہئے کہ پانی پینا اور سانس لینا چھوڑ دیں۔ نیز تمام سبزیوں میں بھی جان ہے وہ بھی نہ کھانی چاہئیں پنڈت جی دنیا کا نظام ایسے ہی قائم ہے۔ کہ بعض جان بعض جان کو کھا کر زندگی گزارتی ہیں بڑی مچھلی چھوٹی کو شکاری جانور دوسروں کو کھا کر ہی زندہ رہتے ہیں۔ دواؤں میں صدہا جانوروں کے گوشت و چربی کام آتے ہیں۔ جنہیں پنڈت صاحبان بخوبی فروخت کرتے اور استعمال کرتے ہیں اسلام فطری دین ہے اس کے سارے احکام بھی فطرت کے موافق ہیں۔ **تیسرا اعتراض:** حدیث شریف میں ہے کہ گائے کا گوشت بیماری ہے اسی لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی نہ کھایا اور صوفیائے کرام چلوں میں اور اطباء بیمار کو اس سے سخت منع کرتے ہیں لہٰذا اس سے بچنا سخت ضروری ہے (کتاب خون کے آنسو) **جواب:** یہ حدیث روح البیان پارہ آٹھ سورہ انعام میں زیر آیت **وھم بربھم یعدلون** میں ہے پوری حدیث یہ ہے کہ گائے کا دودھ و گھی استعمال کرو اور اس کے گوشت سے بچو کیونکہ اس کے دودھ اور گھی میں شفا ہے اور گوشت میں بیماری ہے اس حدیث سے تو یہ معلوم ہو رہا ہے کہ گائے کا گوشت گائے کے گھی کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے کہ اس کی اصلاح اس میں ہے یعنی گائے کا گوشت خوب کھاؤ۔ مگر اس میں گائے کا گھی ڈال لیا کرو۔ اور کھا کر گائے کا دودھ بھی پی لیا کرو۔ نیز ملک عرب کی آب و ہوا خشک ہے اور یہ گوشت بھی خشک ہو سکتا ہے وہاں کے لئے مفید نہ ہو۔ ورنہ ہم پہلے بیان کرچکے ہیں کہ جنت میں یہ ہی پہلی غذا ہوگی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مہمان فرشتوں کو یہ ہی پیش فرمایا نیز اس کی قربانی کا قرآن کریم نے بھی حکم دیا **والبدن جعلنھا لکم من شعائر اللہ** اس کی تحقیق اسی آیت کے ماتحت انشاء اللہ ہوگی۔ حضور علیہ السلام نے حجۃ الوداع میں اپنی ازواج پاک کی طرف سے گائے کی قربانی فرمائی اور اس کا شوربا استعمال فرمایا تو کیا بیماری کی چیز سے قربانی فرمائی صوفیاء کرام چلوں میں صرف گائے کا ہی نہیں بلکہ سارے گوشتوں سے پرہیز کرا کر ترک حیوانات کامل کراتے ہیں بلکہ دودھ گھی تیل وغیرہ سے بچاتے ہیں اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ نفس دنیاوی لذتیں چھوڑ کر مردہ ہو جاوے۔ رہا اطبا کا اس گوشت سے منع فرمانا اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ گوشت گائے کا نہایت قوی اور عمدہ غذا ہے اسے قوی معدہ والا تندرست ہی ہضم کرسکتا ہے جیسے کہ سیب و دیگر مقویات بیمار برداشت نہ کر سکے گا۔ حکیم صاحب بیماروں کو تو اس سے بچاتے ہیں خود روزانہ سیروں کھا جاتے ہیں نیز اگر گائے ذبح نہ ہو تو ان کی کثرت سے آدمی کی زندگی دشوار ہو جاوے گی تمام زمین میں یہ ہی ہو جاویں گی اور تمام پیداوار یہی ہضم کر جائیں گی اب صرف ہندوستان میں پچیس ہزار روزانہ ذبح ہوتی ہیں تب بھی کثرت کا یہ حال ہے اگر ان کا ذبیحہ بند ہوگیا تو پنڈت جی کو بھی کھا جائیں گی۔ انشاء اللہ ذبیحہ گائے کی بحث سورہ حج میں بھی کی جائے گی۔ **چوتھا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ مذاق اور دل لگی کرنا جاہلوں کا کام ہے حالانکہ قرآن فرماتا ہے۔ **اللہ یستھزئ بھم** رب بھی مذاق کرتا ہے۔ نیز احادیث سے ثابت ہے کہ نبی علیہ السلام بھی خوش طبعی فرماتے تھے۔ مشکوٰۃ شریف میں حضور علیہ السلام کی خوش طبعی کا ایک باب مقرر کیا باب المزاح **جواب:** اس آیت

marfat.com

Marfat.com

میں مشرکین کی سزا کو استہزاء فرمایا گیا جس کی تفسیر وہاں ہی ہو چکی یعنی اللہ تعالیٰ ان بد بختوں کو استہزاء کی سزا دے گا نہ یہ کہ رب تعالیٰ ان سے مذاق دل لگی کرتا ہے جیسے فرمایا گیا جزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا برائی کا بدلہ برائی ہے حالانکہ بدلہ تو برائی نہیں بدلہ لینا تو اچھا ہے حضور علیہ السلام نے مزاح فرمایا ہے نہ کہ استہزاء مزاح خوش طبعی اور دل خوش کرنے والی باتوں کو کہتے ہیں اور استہزاء کسی کو بے وقوف بنانے اور اس کو دل لگی کر کے پریشان کرنے کا نام ہے۔ استہزاء منع ہے اور کبھی کبھی مزاح (خوش طبعی) جائز بلکہ بہتر ہے اس کی تفسیر صوفیانہ اخیر قصہ میں کی جائے گی۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا

کہا انہوں نے دعا کرو واسطے ہمارے رب اپنے سے بیان کرے واسطے ہمارے کیا ہے وہ کہا تحقیق وہ فرماتا ہے تحقیق وہ

بولے اپنے رب سے دعا کیجیے کہ وہ ہمیں بتا دے گائے کیسی ہے۔ کہا وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک

بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ۖ عَوَانٌ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ فَافْعَلُوا

ایک گائے ہے نہ تو عمر رسیدہ اور نہ بچھیا نصف ہے درمیان اس کے پس کرو تم وہ جو

گائے ہے نہ بوڑھی ہے اور نہ اوسر بلکہ ان دونوں کے بیچ میں ہے تو کرو جس کا

مَا تُؤْمَرُونَ ۞ ۶۸ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۚ

حکم دیے جاتے ہو تم وہ بولے دعا کرو واسطے ہمارے رب اپنے سے بیان فرمائے واسطے ہمارے

حکم ہوتا ہے بولے اپنے رب سے دعا کیجیے ہمیں بتا دے اس کا رنگ کیا ہے

قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ

کیا ہے رنگ اس کا فرمایا تحقیق رب فرماتا ہے وہ ایک گائے ہے پیلی خالص ہے رنگ اس کا

کہا وہ فرماتا ہے وہ ایک پیلی گائے ہے جس کی رنگت ڈہڈہاتی ہے

النّٰظِرِينَ ۞ ۶۹

خوش کرتی ہے دیکھنے والوں کو

دیکھنے والوں کو خوشی دیتی ہے

تعلق: اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پہلے موسیٰ علیہ السلام کے فرمان کا ذکر ہوا تھا اب ان اسرائیلوں کے آمادگیٔ عمل کا تذکرہ ہے۔ دوسرا تعلق: پہلی آیت کے مضمون سے شبہ ہو سکتا تھا کہ وہ اسرائیلی اطاعت حکم پر تیار نہ ہوئے بلکہ سرکشی کرتے رہے اب وہ شبہ دور کیا جا رہا ہے کہ وہ اطاعت تو کرنے پر راضی ہوئے مگر بہت حیل و حجت

marfat.com
Marfat.com

کے بعد۔

تفسیر : قالوا چونکہ ان اسرائیلیوں کو اس سے بہت ہی حیرت تھی اس لئے وہ سمجھے کہ ہر گائے میں مردہ زندہ کرنے کی تاثیر نہیں یہ تو کوئی خاص گائے ہی ہوگی۔ اس لئے وہ اس گائے کی نشانیاں پوچھ پوچھ کر مقرر کرانے لگے یہ نہ سمجھے کہ یہ گائے کا کام نہیں بلکہ موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ ہے۔ یا قاتل اور اس کے ورثا نے اپنی رسوائی کے خوف سے اس قسم کی حجت بازیاں شروع کر دیں تاکہ بحث میں پڑکر یہ معاملہ رفع دفع ہو جاوے (تفسیر کبیر) لہٰذا ایا تو ان سب لوگوں نے کہا یا قاتل اور اس کے ساتھیوں نے دوسری صورت میں یہ قالوا برائی کے لئے ہے کیونکہ ملزم و ظالم کو سزا سے چھوڑانے کی کوشش کرنا ایسا ہی جرم ہے جیسے بے قصور کو سزا دلوانا شرعاً" و قانوناً" یہ ناقابل معافی جرم ہے۔ ادع لنا ہمارے لئے دعا کرو لنا سے یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ سوال ہماری تسلی کے لئے ہے آپ کو تو پہلے ہی سے تشفی ہے ربک اپنے رب سے موسیٰ علیہ السلام کی طرف اس لئے نسبت کیا کہ وہ ان پر مہربان ہے اور ان کی سنتا ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ کسی مقبول بارگاہ سے دعا کرانا بہتر ہے۔ بعض عوام بزرگ کے آستانہ پر کہتے ہیں میری تیرے آگے اور تیری رب کے آگے یعنی میری التجا تیرے آگے ہے اور تیری التجا رب سے اس گفتگو کو بعض لوگ شرک کہتے ہیں مگر غلط ہے اس گفتگو کا ماخذ یہ آیت ہے کہ اسرائیلی کہتے تھے اے موسیٰ علیہ السلام رب سے ہماری یہ التجا پیش کرو رب فرماتا ہے۔ اے کلیم اپنی قوم سے یہ فرمادو۔ نبی رب و مربوب کے درمیان وسیلہ عظمیٰ ہیں۔ ایکسچینج ٹیلی فون والے کا ایک تعلق دور والے سے ہوتا ہے اور ایک قریب والے سے کہ یہ دور والے کی گفتگو سن کر قریب والے کو سناتا ہے۔ یبین لنا ما ھی ہمیں واضح کرکے بتادے کہ وہ گائے کیا ہے کیسی ہے۔ خیال رہے کہ لفظ ما ھی حقیقت دریافت کرنے کے لئے بولا جاتا ہے مگر یہاں صفات اور علامات پوچھنے کے لئے ہے جیسے کہتے ہیں زید کیا ہے یعنی طبیب ہے یا عالم یا شاعر۔ اسی طرح کہا گیا کہ وہ گائے کیا ہے۔ یعنی چھوٹی ہے یا بڑی۔ تفسیر عزیزی نے اس جگہ عجیب بات فرمائی وہ یہ کہ یہاں ما ھی سوال حقیقت کے لئے ہے گائے بہت سی قسم کی ہیں۔ جنگلی گائے جیسے نیل گائے کہتے ہیں پہاڑی گائے جیسے سور گائے کہتے ہیں۔ دریائی گائے اور عام پالنے کی گائے وہ سمجھے کہ ان چار گایوں میں زندہ کرنے کی تاثیر نہیں شاید علم الٰہی میں ان کے سوا اور کوئی گائے بھی ہوگی کہ جس میں یہ تاثیر ہو چونکہ لفظ بقرۃ چند قسم کی گائیوں کو شامل تھا۔ جن میں سے ہر ایک کی نوعیت علیحدہ تھی اس لئے انہوں نے ما ھی کہا مگر چونکہ یہی دودھ کی گائے مقصود تھی۔ اس لئے جواب میں اس کے صفت بتائے گئے نہ کہ حقیقت اس تفسیر سے منطقی اور نحوی سارے اعتراض اٹھ گئے قال انہ یقول یہاں ایک عبارت پوشیدہ ہے یعنی موسیٰ علیہ السلام نے دعا فرمائی اور رب نے وحی کی تب آپ نے قوم سے فرمایا کہ رب فرمارہا ہے گائے سے کوئی خاص قسم کی گائے مراد نہیں بلکہ انھا بقرۃ یہی دودھ والی عرفی گائے مراد ہے حکم میں تو کوئی مقرر نہ تھی جو تم چاہتے ذبح کر دیتے مگر علم الٰہی میں معین ہے کہ وہ گائے لا فارض ولا بکر نہ تو بڈھی ہے اور نہ بالکل نوجوان یعنی بیکار نہیں کام کاج کے قابل ہے۔ فارض فرض سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں۔ قطع کرنا اور انتہا تک پہنچ جانا نماز پنجگانہ کو اسی لئے فرض کہتے ہیں کہ ان کا حکم قطعی اور انتہائی ہے۔ جس میں کوئی گنجائش نہیں لفظ بکر کے معنی ہیں شروع اور نئی اس لئے کنواری عورت کو باکرہ اور پہلے پھل کو باکورہ کہتے ہیں اور صبح کے وقت کو بکرہ کہتے ہیں۔ بکرۃ واصیلا بکر عورت وہ ہے جس تک مرد نہ پہنچا ہو اور بکر گائے وہ جس نے بچہ نہ دیا ہو یا فقط ایک بار دیا ہو

marfat.com
Marfat.com

عوان بين ذلك اس کے درمیان ہی یعنی ادھیڑ اگرچہ پہلے کلام سے ادھیڑ ہونا ظاہر ہو گیا تھا مگر چونکہ وہ حجت باز کہتے کہ نہ معلوم بالکل بچی مراد ہے یا قریب جوان یا قریب بڑھاپے اور جوانی کے بالکل درمیانی ہونی چاہیئے۔ ذلك کا اشارہ فارض اور بکر دونوں کی طرف ہے اس لئے اس پر بین داخل ہو گیا۔ فافعلوا ما تؤمرون یا تو رب کا کلام ہے یا موسیٰ علیہ السلام کا اس میں لطیف اشارہ اس جانب بھی ہے کہ اے اللہ کے بندو محقق نہ بنو ورنہ مشکل میں پڑ جاؤ گے بلکہ جس کا حکم ملا ہے فوراً کر ڈالو اور عجائبات قدرت سے کچھ تعجب نہ کرو جونسی گائے ذبح کر لو گے رب اس میں یہ تاثیر پیدا کر دے گا مگر اس پر بھی ان کی تشفی نہ ہوئی اور پھر سوال کرنے لگے کہ قالوا ادع لنا ربك ہم یہ تو سمجھ گئے لیکن اپنے رب سے یہ اور پوچھ لو کہ يبين لنا ما لونها ہمیں بتا دے اس کا رنگ کیسا ہے شاید اس کے رنگ میں تاثیر ہو تب قال انه يقول یہاں بھی وہی عبارت پوشیدہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے رب سے دعا کی اور ادھر سے وحی آئی تب آپ نے قوم سے فرمایا رب فرماتا ہے کہ انها بقرة صفراء کہ وہ پیلے رنگ کی ہے حضرت وہب فرماتے ہیں کہ ایسی تیز پیلی ہے کہ گویا اس میں سے آفتاب کی شعاعیں نکل رہی ہیں اسی لئے اس گائے کا نام مذہبہ تھا۔ یعنی خوبصورت سنہری چونکہ صفراء کالی کو بھی کہہ دیا کرتے ہیں جیسے كانه جمالته صفر اس وہم کو دفع کرنے کے لئے فرمایا گیا فاقع لونها اس کی زردی خالص اور تیز ہے فاقع فقع سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں تیز ہونا اور خالص ہونا یعنی وہ گائے تیز پیلی اور خالص پیلی ہے کہا گیا ہے کہ اس کے سینگ اور کھر بھی پیلے تھے۔ (تفسیر روح البیان) اس کے باوجود ڈیل ڈول وغیرہ میں بدنما نہیں بلکہ تسر الناظرين دیکھنے والوں کو پسند آتی ہے اور اس کو دیکھ کر اپنے غم بھول جاتے ہیں۔

خلاصہ تفسیر: جب موسیٰ علیہ السلام نے قوم کو اطمینان دلایا کہ یہ تمسخر کی باتیں نہیں بلکہ حکم الٰہی ہے تو وہ سمجھے کہ مردہ زندہ کرنے کی تاثیر کسی خاص گائے کے گوشت میں ہوگی۔ اسی کے ذبح کرنے کا حکم ہو گا اس لئے انہوں نے عرض کیا کہ اے موسیٰ علیہ السلام رب سے دعا کرو اس اجمال کی تفصیل فرمائے اور اس گائے کو مقرر کرے کہ وہ کیسی ہے تب آپ نے ارشاد فرمایا کہ وہ گائے ادھیڑ عمر کی ہے نہ تو بڑھیا ہے اور نہ بالکل چھوٹی بچھیا بلکہ اس کے درمیانی اے قوم والو جو حکم ملا ہے کر گزرو۔ زیادہ تحقیقات میں نہ پڑو۔ مگر پھر بھی وہ نہ سمجھے کیونکہ معجزے کی طرف ان کا خیال نہ گیا بلکہ یہ ہی سمجھتے رہے کہ کوئی عجیب ہی گائے ہو گی کہ جس کے گوشت میں یہ تاثیر ہے تو وہ بولے کہ اب یہ دعا کرو کہ ہمیں اس کا رنگ بتا دیا جائے تو آپ نے فرمایا کہ وہ پیلی گائے ہے اس کا رنگ تیز ہے دیکھنے والوں کو بہت بھلی معلوم ہوتی ہے غرضکہ ان کی جس قدر تفتیش بڑھتی گئی اس قدر اس طرف سے زیادہ پابندی آتی گئی۔

اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: یہ کہ اللہ کی راہ میں بہتر چیز خرچ کرنی چاہئے اور اچھے جانور کی قربانی کرنی چاہئے کیونکہ جب انہوں نے اس گائے کے حالات دریافت کئے تو عمدہ گائے کی طرف ان کو ہدایت کی گئی۔

دوسرا فائدہ: خالص پیلا رنگ خوشی پیدا کرتا ہے اور غموں کو دور کرتا ہے۔ تفسیر عزیزی اور روح البیان نے اس جگہ حضرت عبداللہ ابن عباس اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ جو شخص پیلے رنگ کے جوتے پہنے انشاء اللہ اس کے غم دور ہوں گے اور وہ خوش و خرم رہے گا اور بعض روایتوں میں ہے کہ جو کوئی لگاتار پیلے جوتے کے سات جوڑے پہنے وہ انشاء اللہ رنج سے نجات پائے۔ عبداللہ ابن زبیر اور دیگر بزرگوں نے سیاہ رنگ کا جوتہ منع فرمایا کیونکہ اس سے رنج و غم پیدا ہوتا ہے۔ خیال

marfat.com
Marfat.com

رہے۔ سرخی اور زردی سیاہی سفیدی اور سبزی ان پانچ رنگوں کے جدا جدا خاصے ہیں۔ سرخی میں جمال ہے زردی میں خوشی۔ سبزی میں بزرگی سفیدی میں خوبی افضلیت اور سیاہی میں دہشت و رنج و غم (تفسیر عزیزی) اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہر سیاہ چیز بری ہے۔ بلکہ سیاہ جوتا بہتر نہیں موزہ اور پگڑی سیاہ ہی عمدہ۔ فرعون کا موزہ سرخ تھا۔ ہامان کا سفید اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا موزہ مبارک سیاہ باقی لباس مردوں کے لئے سفید بہتر اور عورتوں کے لئے رنگین۔ **تیسرا فائدہ:** قرآن کریم میں رب تین موقعوں پر استعمال ہوا۔ بمعنی پالنے والا۔ رب العالمین۔ مہربان **ربکم یا رب الناس** بندوں کی ماننے ربک یہاں تیسرے معنی میں ہے اس لحاظ سے رب کی نسبت اولیاء انبیاء خصوصاً "سید الانبیاء کی طرف ہوتی ہے اسی طرح عبد تین معنی میں آیا ہے۔ یعنی مخلوق یا بندہ اس لحاظ سے ہر مخلوق عبد ہے بمعنی عابد و پرہیزگار **وعباد الرحمن الذین یمشون** اس لحاظ سے صرف متقی عبد ہیں بمعنی فنافی الذات **سبحان الذی اسری بعبدہ** اس لحاظ سے ڈاکٹر اقبال کہتے ہیں۔

عبد دیگر عبدہ چیزے دگر ۔۔۔ این سراپا انتظار آن منتظر

کلب ہر کتا ہے مگر کلبہم وہ کتا ہے جو عبدہ کا کتا بن گیا۔ جسے حیات ابدی مل گئی عبدہ کا عبد بننا بھی اللہ کا فضل ہے جیسے ایک باپ کے چند بیٹے ہوں لائق و نالائق تو وہ کہتا ہے بیٹے میرے سب ہی ہیں مگر میرا بیٹا تو فلاں ہے یعنی اطاعت شعار فرمانبردار بیٹا۔ عبدہ ربانی قوت سے کام کرتا ہے۔ **ما رمیت اذ رمیت' انا اتیک بہ قبل ان یرتد الیک طرفک** جیسے بلب اور برقی پنکھا پاور کی طاقت پر چلتا ہے اس درجہ میں پہنچ کر اللہ تعالیٰ بندے کو راضی کرنا چاہتا ہے۔

**پہلا اعتراض:** اس میں کیا راز ہے کہ پہلے ہی سے پوری بات نہ بتائی گئی بلکہ صرف پہلے گائے کا حکم دیا گیا اور ان کے پوچھنے پر باقی قیدیں لگائی ہیں لیکن یہ طریقہ علم و حکمت کے خلاف معلوم ہوتا ہے۔ **جواب:** اولاً ان کو صرف گائے ذبح کرنے کا حکم تھا ان کے پوچھنے پر قیدیں لگائی گئیں اگر پہلے ہی سے خاص گائے مراد ہوتی تو یہ سوال پڑ سکتا تھا۔ **دوسرا اعتراض:** تو کیا ان کے پوچھنے سے رب کا علم اور ارادہ بدل گیا۔ یہ تو ناممکن ہے۔ **جواب:** ارادہ اور علم تو نہ بدلا حکم میں فرق ہو گیا۔ رب کے علم و ارادہ میں یہی بات تھی کہ وہ بار بار سوال کریں اور قیدیں بڑھیں تاکہ اگلوں کو نصیحت ہو اور وہ سوالات سے بچا کریں حکم کی تبدیلی دن رات ہوتی رہتی ہے امیر آدمی کو پانچ عبادتوں کا حکم ہے۔ مگر جب غریب ہو جائے تو حج و زکوۃ معاف ہو کر صرف تین کا حکم رہ جاتا ہے۔ درحقیقت یہ حکم کی تبدیلی نہیں بلکہ تعلق کی تبدیلی ہے۔ **تیسرا اعتراض:** اس کام کے لئے پیلی گائے کیوں منتخب ہوئی اور گایوں سے بھی یہ کام ہو سکتا تھا؟ **جواب:** اس لئے کہ سامری کا بچھڑا سونے کا تھا اور پیلا جس کی عظمت ان کے دل میں قائم ہو چکی تھی۔ مناسب تھا کہ اس رنگ کی گائے انہیں کے ہاتھوں ذبح کرا کر ان کے دل سے یہ عظمت دور کی جائے تفسیر صوفیانہ مضمون کے خاتمہ پر کی جائے گی۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ

وہ بولے دعا کرو واسطے ہمارے رب اپنے سے بیان کر دے واسطے ہمارے کیا ہے وہ گائے تحقیق گائے مشتبہ ہو گئی

بولے اپنے رب سے دعا کیجئے کہ ہمارے لئے صاف بیان کر دے وہ گائے کیسی ہے بیشک گایوں میں ہم کو

marfat.com

Marfat.com

عَلَيْنَا ۭ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ۞ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ

اوپر ہمارے اور تحقیق ہم اگر چاہا اللہ نے ہدایت پانے والے ہیں فرمایا تحقیق وہ رب فرماتا ہے

شبہ پڑ گیا ہے اور اللہ چاہے تو ہم ہدایت پا جائیں گے کہا وہ فرماتا ہے کہ وہ

اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ ۚ

تحقیق وہ ایسی گائے ہے کہ نہیں ہے ذلیل کہ جوتتی ہو زمین کو اور نہ پانی دیتی ہے کھیتی کو

ایک گائے ہے جس سے خدمت نہیں لی جاتی کہ زمین جوتے اور نہ کھیتی کو پانی دے

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ۭ قَالُوا الْئٰنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ۭ فَذَبَحُوْهَا

سلامت ہے کہ نہیں ہے کوئی داغ : بیچ اس کے کہا انہوں نے اب لائے آپ ٹھیک بات پس ذبح کیا

بے عیب ہے جس میں کوئی داغ نہیں بولے اب آپ ٹھیک بات لائے تو اسے ذبح کیا

وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ۞

انہوں نے اس کو اور نہ قریب تھے کہ کر لیتے

اور ذبح کرتے معلوم نہ ہوتے تھے۔

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: یہ کہ پہلے مضمون کا تتمہ ہے اور ان کے سوال و جواب کا بقیہ۔ دوسرا تعلق: پہلے سوالات سے شبہ ہو سکتا تھا کہ شاید وہ لوگ اس بہانہ سے حکم ٹالنا چاہتے ہیں اور ان کے یہ سوالات عناداً ہیں نہ احتیاطاً اطاعت کے لئے اب اس شبہ کو دور کیا جا رہا ہے کہ وہ اطاعت ہی کے لئے اتنی تحقیقات کر رہے تھے چونکہ وہ وہمی قوم تھی اس سے اپنے سوالات کی بوچھاڑ کر ڈالی۔

تفسیر : **قالوا ادع لنا ربک** گائے کی عمر اور رنگت بیان کرنے کے بعد بھی ان کو تسلی نہ ہوئی اب اس کی دیگر صفات معلوم کرنے کے لئے موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا کہ رب سے پھر دعا کرو۔ **یبین لنا** خوب ظاہر کر دے ہمارے لئے یعنی اس عمر اور رنگت اور جمال والی گائے بھی بہت سی ہیں ان میں سے کسے ذبح کریں۔ لہٰذا اصاف صاف بتایا جائے کہ **ما ھی** وہ کیسی یا کون سی گائے ہے۔ بعض علماء نے فرمایا کہ یہ پہلا ہی سوال ہے یعنی ہماری سمجھ میں آ گیا ذرا اوصاف دوبارہ بیان کرو۔ بعض نے فرمایا کہ یہ **ما ھی** بھی کیف کی طرح صفات پوچھنے کے لئے ہے یعنی اب یہ بتاؤ کہ وہ جنگل میں چرتی ہے یا مالک کا کام کاج کرتی ہے۔ بعض نے فرمایا کہ یہ حقیقت شخصیہ دریافت کرنے کے لئے ہے یعنی پہلے ماہی کا یہ مطلب تھا کہ وہ کون کون سی قسم کی گائے ہے۔ دریائی یا خشکی کی جنگلی یا پہاڑی۔ اب یہ پوچھ رہے ہے کہ اس خاص قسم کی گائے میں سے کون سی گائے ہے اس کی حقیقت شخصیہ کیا ہے لہٰذا اس سوال میں تکرار بھی نہیں ہے اور دونوں جگہ ماطلب حقیقت ہی کے لئے ہے اس لئے وہ کہتے ہیں کہ **ان البقر تشابہ علینا** کہ اس قسم کی گائے بھی ہم پر مشتبہ ہی ہے کیونکہ ایسی گائے صدہا موجود ہیں اور زندہ کرنے کی

marfat.com
Marfat.com

تاثیر ہر ایک میں نہیں ہو سکتی اور اے موسیٰ علیہ السلام ہم ٹالنے کے لئے یہ سوالات نہیں کر رہے ہیں بلکہ **ان شاء اللہ لمھتدون** اگر اللہ نے چاہا تو اس گائے کا پتہ لگالیں گے اور اس پر عمل کریں گے یا تو اس کا یہ مطلب ہے کہ ہم فی الحال ہدایت پائے ہوئے ہیں اور انشاء اللہ فقط برکت کے لئے کہا ہے یعنی خدا کے فضل سے ان سوالات میں ہم حق بجانب اور ہدایت پر ہیں ہمارے یہ سوالات کفر اور گمراہی کی بنا پر نہیں بلکہ اطاعت کے لئے ہیں یا یہ مطلب ہے کہ ہم ہدایت والے ہو جائیں گے یعنی اگر آپ نے ہماری تسلی کردی تو ہم اس گائے کو ضرور حاصل کرلیں گے یا قاتل کو پالیں گے۔ یہ سن کر موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا **قال انہ یقول** یہاں بھی وہی عبارت پوشیدہ ہے یعنی موسیٰ علیہ السلام نے یہ سوال رب کے سامنے پیش کیا اور جواب ملنے پر قوم سے فرمایا کہ رب فرماتا ہے کہ **انھا بقرۃ لا ذلول** وہ گائے ذلیل نہیں ہے۔ یعنی خدمت انسان کی ذلت اس میں نہیں اور نہ وہ کام کاج کے لئے رکھی گئی ہے ذلول بروزن فعول صفت کے لئے آیا اس وزن میں ت کی ضرورت نہیں جیسے **امرءا صبور** یہ ذل سے بنا ہے جس کے معنی ہیں ذلت اور حقارت چونکہ شوقیہ پالے ہوئے جانور کی محبت' قدر' خدمت بہت زیادہ ہوتی ہے اور کام کاج کے جانور کی اتنی قدر نہیں بلکہ معمولی غذاؤں سے فقط باقی رکھا جاتا ہے تاکہ کام بند نہ ہو ہم نے دیکھا ہے کہ شوقیہ پالے ہوئے مرغ کبوتر وغیرہ کو عمدہ عمدہ غذائیں کھلائی جاتی ہیں۔ دہلی وغیرہ میں قربانی کی گائے کو جلیبیاں اور مٹھائیاں کھلاتے ہیں۔ اسے عمدہ کپڑوں اور زیوروں سے آراستہ کرتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ کاروباری جانور ذلیل اور شوقیہ عزیز ہے۔ اسی لئے **ذلول** کی تفسیر میں فرمایا **تثیر الارض** یہ لا کے تحت میں ہے یعنی وہ ایسی ذلیل نہیں ہے کہ زمین جوتے **تثیر** سے بنا ہے جس کے معنی ہیں منقلب کرنا اور پلٹ دینا اس لئے جوش کو ثوران کہتے ہیں کہ اس میں نفس کی حالت پلٹ جاتی ہے۔ جوتنے میں بھی مٹی اوپر نیچے ہو جاتی ہے اس لئے اس کو اثارت کہتے ہیں اور بیل کو بھی اس لئے ثور کہا جاتا ہے کہ وہ یہ کام کرتا ہے **ولا تسقی الحرث** یہ سقی سے بنا ہے جس کے معنی ہیں پلانا اسی لئے بہشتی کو سقہ اور شراب پلانے والے کو ساقی اور پانی کی جگہ کو سقایا کہتے ہیں یعنی وہ چرسہ یا رہٹ وغیرہ چلا کر کھیت کو پانی بھی نہیں دیتی چونکہ زمین کی جتائی پہلے ہوتی ہے اور پانی بعد میں اس لئے اس کا ذکر بعد میں ہوا نیز سادہ زمین جوتی جاتی ہے اور بوئی ہوئی کو پانی دیا جاتا ہے۔ اس لئے پہلے ارض فرمایا تھا۔ یہاں حرث فرمایا یعنی کھیتی بعض لوگوں نے یہ سمجھا کہ وہ بیل تھا کہ کھیتی باڑی کا کام بیل ہی کرتا ہے نہ کہ گائے مگر صحیح یہ ہے کہ وہ گائے تھی کیونکہ ان آیات میں تمام ضمیریں مونث ہی ہیں اور روایات بھی اس کی تائید کرتی ہیں غالباً" اس ملک میں گائے سے کھیتی باڑی کا کام لیتے ہوں گے۔ جیسے پنجاب میں بھینس سے بلکہ سیالکوٹ میں تو بھینس سے بیل گاڑیاں وغیرہ بھی چلائی جاتی ہیں۔ اس لئے یہ فرمایا گیا۔ اس ذلول کو اور بھی واضح کرنے کے لئے ارشاد ہوا بعض بزرگوں نے اس آیت سے ثابت کیا ہے کہ قربانی کے جانور سے کام کاج نہ لیا جائے۔ ان کی اون اور دودھ اپنے کام میں نہ لایا جائے کیونکہ بنی اسرائیل کی اس قربانی میں قید لگائی گئی کہ ایسے گائے کی قربانی کرو جس سے دنیاوی کام نہیں لیا جاتا۔ بعض لوگ اپنی بعض اولاد کو اللہ کے لئے وقف کر دیتے ہیں کہ اس سے دنیاوی کام نہیں لیتے اسے عالم بنا کر تبلیغی کاموں میں مصروف رکھتے ہیں ان کا ماخذ بھی یہی آیت ہو سکتی ہے۔ حضرت مریم کی والدہ نے نذر مانتے وقت کہا تھا **رب انی نذرت لک ما فی بطنی محررا** محرر کے معنی ہیں دینوی کاموں سے آزاد۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ اپنی ہر چیز کی قربانی کرو۔ کہ کچھ سانسیں کچھ اوقات کچھ مال کی قربانی دو جسے بالکل اللہ کے لئے کرو۔ نماز کے اوقات میں دنیاوی کام نہ کرو۔ غرضیکہ یہ آیت بہت سے احکام کا ماخذ ہے۔ **مسلمۃ** یہ سلم سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں صحیح

marfat.com
Marfat.com

سلامت رہنا یعنی وہ گائے عیبوں سے کام کاج کے اثرات سے سلامت ہے یا بدھنے سے محفوظ ہے کہ وہ جنگل میں چھوٹی ہوئی یا وہ کانٹے سوراخ کرنے یا داغ دینے یا جوتنے کے اثر اور چابک وغیرہ کے اثرات سے محفوظ ہے کیونکہ یہ عیوب کام کاج کے جانوروں میں ہوتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے لا شیة فیها شیة و شی سے بنا ہے جیسے وعد سے عدة اور وزن سے زنتہ اس کے لفظی معنی ہیں کو دنا اور داغ دینا۔ یعنی وہ گائے بالکل پیلی ہے جس میں کوئی داغ دھبہ نہیں جب انہوں نے یہ سارے صفات سن لئے تو خوش ہو کر بولے قالوا الئن جئت بالحق اب آپ ٹھیک ٹھیک بات لائے آن تھوڑے سے وقت کو کہتے ہیں جیسے کہ ایک آن میں چلا گیا اور الف لام کی وجہ سے اس کے معنی ہوتے ہیں اب۔ یہ حق باطل کا مقابل نہیں یہ مطلب نہیں ہے کہ اب تک جھوٹ کہا تھا۔ اب سچ بلکہ اس سے پوری اور ٹھیک بات مراد ہے یعنی اب آپ نے تسلی بخش بات کہی۔ تسلی ہو چکنے کے بعد انہوں نے اس گائے کو ڈھونڈ کر حاصل کیا اور فذبحوها ذبح تو کر لیا لیکن وما کادوا یفعلون اس بڑے کام کے کرنے کے قریب بھی نہ تھے۔ اس لئے کہ انہوں نے سوالات کا ایسا سلسلہ قائم کیا تھا کہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ سلسلہ ختم نہ ہو گا نہ یہ ذبح کریں گے یا وہ گائے اس قدر قیمتی تھی کہ بظاہر ان کی برداشت سے باہر یا ان کی رسوائی کا خوف تھا کہ مقتول زندہ ہو کر قاتل کا پتہ دے گا جس سے راز کھل جائے گا مگر ہم نے ان کو شافی جواب دے کر خاموش کر دیا جس سے ذبح کرنے پر مجبور ہو گئے اس عبارت کا ایک مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ لوگ زیادہ سوال و جواب کی وجہ سے جلد ذبح نہ کر سکے بلکہ بہت عرصہ کے بعد چنانچہ روح البیان نے فرمایا کہ اس سارے واقعہ میں چالیس سال صرف ہوئے۔

**خلاصہ تفسیر :** ان اسرائیلیوں کو زرد رنگ معلوم ہونے پر بھی تسکین نہ ہوئی کہنے لگے کہ اس عمر اور اس رنگت کی بہت سی گائیں ہیں ابھی ہم پر مشتبہ ہی ہے کہ کون سی گائے ذبح کریں دعا فرمایئے کہ رب تعالیٰ اور بھی وضاحت فرما دے کہ کون سی گائے ذبح کی جائے ہم انشاء اللہ اطاعت سے درگذر نہ کریں گے ضرور وہ گائے تلاش کر کے ذبح کر دیں گے۔ تب موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ رب فرماتا ہے کہ وہ نہ تو ایسی ذلیل و خوار گائے جو ہل جوتتی یا کھیتی کو پانی دیتی ہو اور نہ اس میں کسی قسم کا کوئی عیب ہے۔ سارے عیبوں سے دور اور اس کا جسم بے داغ و دھبہ ہے تب وہ بولے کہ ہاں اب آپ نے پوری اور صاف صاف بات بتائی پھر وہ تلاش کرتے ہوئے اس لڑکے کے پاس پہنچے جس کے پاس ایسی گائے تھی حالانکہ اس زمانے میں گائے کی قیمت تین دینار یعنی ساڑھے سات روپیہ تھی مگر لڑکے نے فرشتہ کی ہدایت کے موافق یہ قیمت طے کی کہ اس کا چمڑا سونے سے بھر دیا جاوے اور موسیٰ علیہ السلام کی ضمانت پر گائے بنی اسرائیل کے حوالہ کی ان ظاہری علامات سے معلوم ہوتا تھا کہ یہ لوگ یوں ہی وقت گزار کر معاملہ رفع دفع کر دیں گے مگر تسلی بخش جوابات کے پا جانے پر ان کو یہ کرنا ہی پڑا۔ خیال رہے کہ ان سوالات کے جوابات کے سلسلے میں بنی اسرائیل کا کافی عرصہ لگ گیا۔ پھر ایسی گائے کی تلاش میں بہت وقت گزرا اس وقت تک مقتول کی میت کو دفن نہ کیا گیا معلوم ہوا کہ مقدمہ کی تحقیقات کے لئے دفن میں تاخیر جائز ہے بلکہ بعد دفن نعش نکالنا بھی درست ہے۔ دیکھو بیت المقدس کی تعمیر کی تکمیل کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان کی نعش شریف کو چھ ماہ یا ایک سال تک بغیر دفن رکھا جیسا کہ قرآن کریم میں ہے۔ ما دلهم على موته الا دابة الارض لہٰذا اگر صحابہ کرام نے مسئلہ خلافت کی تکمیل کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دفن میں دو دن تاخیر کر دی تو کوئی مضائقہ نہیں اب بھی شرعی حکم ہے کہ بادشاہ کو دفن جب کیا

marfat.com
Marfat.com

جاوے جب اس کا خلیفہ مقرر ہو جاوے تاکہ زمین خلیفہ سے خالی نہ رہے غرضیکہ یہ واقعہ بہت احکام کا ماخذ ہے۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: یہ کہ قربانی کے لئے بہتر جانور لینا چاہئے اس کا ناک کان دم وغیرہ سب دیکھ لیں۔ عیب دار جانور ہرگز ذبح نہ کریں۔ دوسرا فائدہ: یہ کہ ہر امید پر "انشاء اللہ" ضرور کہنا چاہئے ورنہ وہ امید پوری نہ ہوگی۔ حدیث پاک میں ہے کہ اگر یہ لوگ انشاء اللہ نہ کہتے تو کبھی بھی یہ کام نہ کر سکتے۔ انشاء اللہ کہنے میں عقیدے اور عمل کی اصلاح ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کہنے والا اپنی طاقت پر بھروسہ نہیں کرتا بلکہ رب کی مدد پر۔ قرآن کریم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا گیا ہے کہ آپ آئندہ بات پر انشاء اللہ ضرور فرمایا کریں مگر خیال رہے کہ جائز اور بہتر باتوں پر انشاء اللہ کہنا چاہئے۔ نہ کہ حرام چیزوں اور بلاؤں آفتوں پر۔ یہ کہو کہ انشاء اللہ نماز پڑھوں گا یوں نہ کہو کہ انشاء اللہ میں چوری یا زنا کروں گا۔ شراب پیوں گا۔ ہم بسم اللہ کی تفسیر میں بیان کر چکے کہ حرام چیزوں پر بسم اللہ پڑھنا کفر ہے۔ اسی طرح یوں کہو کہ انشاء اللہ بیمار کو آرام ہو گا۔ یوں نہ کہو کہ انشاء اللہ عنقریب بیماری پھیلے گی۔ کیونکہ بیماری بلا ہے۔ یہاں لفظ اندیشہ وغیرہ استعمال کرو۔ اسی طرح آئندہ کی بات پر انشاء اللہ۔ گزری ہوئی بات پر کہنا بیکار ہے ہاں برکت کے لئے اگر اس پر بھی کہہ لے تو جائز ہے اس موقعہ پر انشاء اللہ .بفضلہ تعالیٰ کے معنی میں ہو گا اور یہ لفظ ان شک کے لئے نہ ہو گا۔ مثلاً" کوئی کہے کہ انشاء اللہ میں مسلمان ہوں تو معنی یہ ہی ہیں کہ خدا کے فضل سے میں مسلمان ہوں۔ اگر اپنے ایمان میں شک کرتے ہوئے انشاء اللہ کہتا ہے تو کافر ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ انشاء اللہ کہنا بعض جگہ سنت ہے اور بعض جگہ منع اور بعض موقع پر کفر بھی ہے۔ تیسرا فائدہ: رب کی اطاعت میں جلدی کرنا ضروری ہے۔ تحقیقات کر کے دیر لگانا باعث وبال۔ نوکر کا فرض ہے فرمانبرداری اور جان سپاری نہ کہ تحقیقات میں وقت گزاری۔ مولانا فرماتے ہیں۔

تا خیال دوست در اسرار است ۔۔۔ چاکری و جاں سپاری کارماست

کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

عاشقاں راچہ کار با تحقیق! ۔۔۔ ہر کجا نام اوست قربانیم

چوتھا فائدہ: اپنی چیز جس قدر بھی نفع سے فروخت کرے جائز ہے اس میں حکومت یا قوم کی طرف سے پابندی نہیں لگائی جاسکتی دیکھو تین دینار کی گائے اتنی گراں قیمت میں بکی۔ ہاں غلہ یا چارہ قحط کے زمانہ میں گرانی کے انتظار میں روکنا منع ہے۔

پہلا اعتراض : اس گائے میں کام کاج نہ کرنے اور بے داغ دھبہ ہونے کی قید کیوں لگائی گئی ہے۔ اسلام نے قربانی کے جانور میں یہ قیدیں نہیں لگائیں۔ جواب: سامری کا بچھڑا بے داغ بے دھبہ تھا اور کھیتی باڑی بھی نہیں کرتا تھا۔ ان قیود سے اس بچھڑے کی مشابہت مقصود تھی۔ جب اسلام نے شراب منع فرمائی تو شروع میں شراب کے برتن استعمال کرنا بھی منع فرما دیئے کہ اس حالت سے مشابہت نہ ہو جائے اور انہیں دیکھ کر شراب یاد نہ آجاوے اس گائے کو دیکھ کر وہ بچھڑا ان کو یاد آوے گا اور پھر اس کو اپنے ہاتھ سے ذبح کریں گے تو اس کی الفت دور ہو گی نیز ان پابندیوں سے اس سعادت مند والدہ کی اطاعت کرنے والے جوان کا بھلا ہو گا۔ کہ ایسی گائے کسی اور جگہ نہ ملے گی وہ منہ مانگی قیمت حاصل کرے گا۔ دوسرا اعتراض: ایک سعادت مند جوان کی بھلائی کے لئے ساری قوم کو زیر بار کرنا خلاف عقل ہے۔ جواب: ایک نیک بخت کی بھلائی کے لئے مجرم قوم کو کچھ

marfat.com
Marfat.com

مشقت میں ڈالنا بالکل حکمت کے مطابق ہے ہمیشہ اعلیٰ پر ادنیٰ قربان کیا جاتا ہے۔ ایک بادشاہ کی راحت کے لئے صدہا فرد مشقتیں اٹھاتے ہیں نیز اگر یہ قیمت ساری قوم نے چندہ کر کے ادا کی تو ان کو محسوس بھی نہ ہوا اور اگر قاتل نے ادا کی تو یہ بھی اس کی سزا تھی اور اگر مقتول کے ہم جنس دوستوں نے دی تو اس قیمت کی وجہ سے ان کو اس کی میراث بچ رہی کیونکہ یہ سب مال قاتل کا تھا۔ جب اس کا قتل معلوم ہو گیا تو وہ ورثہ سے محروم رہا۔ بہر حال زیادہ نفع کے لئے تھوڑا نقصان مضر نہیں۔ تیسرا اعتراض: رب تعالیٰ نے اس گائے کے تمام صفات ایک بار ہی کیوں نہ بتا دیئے۔ تاکہ علیحدہ علیحدہ سوالات کی ضرورت نہ رہتی۔ جواب: دو وجہ سے ایک یہ کہ بنی اسرائیل کو موسیٰ علیہ السلام کی حاجت برابر رہے ان سے بے تعلقی نہ ہو جائے تاکہ معلوم ہو کہ امت ہر وقت نبی کی ایسی حاجتمند ہے جیسے زمین پانی کی۔ دوسرے یہ کہ اس ذریعے سے موسیٰ علیہ السلام کو رب کی ہمکلامی کا سلسلہ دراز ہو جیسے ہمارے حضور کے لئے اولاً ”پچاس نمازیں معراج میں فرض فرمائیں پانچ پانچ کر کے نو دفعہ میں پینتالیس کم کیں عقل کے نزدیک کلام میں کمی اچھی عشق کے لئے محبوب سے دراز کلام بہتر ہے۔ اس لئے موسیٰ علیہ السلام سے سوال ہوا کہ تمہارے ہاتھ میں کیا ہے تو فرمایا لاٹھی ہے۔ جس سے بکریوں کے لئے پتے جھاڑتا ہوں۔ اس پر ٹیک لگاتا ہوں اور بہت کام نکالتا ہوں سوال ایک تھا مگر جواب تین تاکہ تخاطب دیر تک قائم رہے۔

تفسیر صوفیانہ : قلب کو انسان کی خواہشات نفسانی نے قتل کر دیا اب اس کے زندہ کرنے کی تدبیر یہ ہے کہ گائے یعنی نفس کو شریعت کی چھری سے ذبح کرو کہ اس کی موت میں قلب کی حیات ہے۔ اس مقاتلہ نفس کو جہاد اکبر فرمایا گیا اور ارشاد ہوا کہ **موتوا قبل ان تموتوا** یعنی مرنے سے پہلے مرجاؤ۔ خواہشات نفس نے جب یہ حکم سنا تو موسیٰ روح سے کہا کیا تو ہم سے دل لگی کرتا ہے قتل نفس ہر کس و ناکس کا کام نہیں۔ روح نے جواب دیا کہ خدا کی پناہ میں ان جہلا میں سے نہیں جو کہ قتل نفس کو آسان سمجھتے ہیں۔ یہ کام دنیادار نفس کے پجاری کا نہیں، تب انہوں نے عرض کیا کہ اچھا مقرر کرو کہ کون سا نفس قتل کیا جاوے جس سے قلب زندہ ہو۔ جواب دیا کہ وہ نفس نہ تو بڈھا راہ قطع کرنے سے عاجز ہو نہ بالکل جوان نشہ مست شباب ہو۔ بلکہ اس کے درمیان جب کمل عقل رکھتا ہو تب پوچھا کہ اس کا رنگ کیا ہو جواب ملا کہ پیلے رنگ کا ہو یعنی ریاضت اور مجاہدہ والوں کا نفس ہو جن کے چہرے پیلے ہوتے ہیں۔ جن کی یہ زردی بھلی معلوم ہوتی ہے نہ کہ بری جو بھی انہیں دیکھتا ہے ان کو صالح سمجھ کر خوش ہوتا ہے ان کا دلی تقویٰ چہرے کی رنگت سے ظاہر ہوتا ہے' **سیماھم فی وجوھھم من اثر السجود** پھر کہا گیا کہ کچھ اور صفات بتاؤ۔ کیونکہ اس لباس میں بہت سے بطال فریبی بھی ہیں۔ ایسا نشان بتاؤ جس سے باطلین طالبین سے علیحدہ ہو جائیں تب فرمایا گیا کہ وہ ایسا نفس ہے جو دنیا طلبی میں حرص و ہوس کے ہل میں نہ جوڑا گیا ہو اور دنیاوی مصنوعات پر فریفتہ نہ ہوا ہو۔ یہ ذلت اس نے برداشت نہ کی ہو اور نہ اپنی آبرو کے پانی سے دنیا کو سیراب کیا ہو۔ یعنی دنیا حاصل کرنے کے لئے ذلت حاصل نہ کی ہو اور وہ نفس یک رنگ ہو۔ دو رنگ نہ ہو۔ یعنی اندر اور ماسویٰ اللہ دونوں کا طالب نہ ہو۔ اس قسم کے عیوب سے مسلم ہو۔ تب انہوں نے خنجر صدق سے رب کی توفیق سے نفس کو ذبح کر کے قلب کو زندہ کیا (تفسیر روح البیان) خلاصہ یہ ہے کہ ظاہری گائے ذبح کر کے ظاہری مقتول زندہ کرنے کا واقعہ صرف ایک بار ہی ہو گا مگر اندرونی گائے ذبح کر کے اندرونی مقتول دل کو زندہ کرنا قیامت تک جاری رہے گا کہ اللہ والے نفس مار کر قلب جلاتے رہیں گے مگر یہ مردوں کا کام ہے نہ کہ ہر کس و

marfat.com
Marfat.com

ناکس کا۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَاؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ

اور جب کہ قتل کیا تم نے ایک جان کو پس تم نے ایک دوسرے کو الزام لگایا بیچ اس کے اور اللہ ظاہر فرمانے

اور جب تم نے ایک خون کیا تو ایک دوسرے پر اس کی تہمت لگانے لگے اور اللہ کو ظاہر کرنا تھا جو

تَكْتُمُوْنَ ۞ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَاؕ كَذٰلِكَ یُحْیِ اللّٰهُ

والا ہے وہ جو کہ تھے تم چھپاتے پس فرمایا ہم نے مارو تم اس کو ساتھ ٹکڑے اس گائے کے اس ہی طرح

تم چھپاتے تھے تو ہم نے فرمایا اس مقتول کو اس گائے کا ایک ٹکڑا مارو اور اللہ یونہی

الْمَوْتٰىۙ وَیُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۞

زندہ فرماتا ہے اللہ مردے کو اور دکھاتا ہے تم کو نشانیاں اپنی تاکہ تم عقل رکھو

مردے جلائے گا اور تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے کہ کہیں تمہیں عقل ہو

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: پچھلی آیت میں ذبح گائے کا واقعہ بیان ہوا۔ اب اس کی وجہ بیان ہو رہی ہے کہ گائے ذبح کیوں کرائی گئی۔ **دوسرا تعلق**: پہلے گائے کے ذبح کا ذکر ہوا تھا اب قتل انسان کا واقعہ بیان ہو رہا ہے جو کہ بنی اسرائیل سے سرزد ہوا اگرچہ قتل انسان پہلے ہوا تھا اور ذبح گائے پیچھے مگر چونکہ ذبح گائے کا واقعہ بتانا ہی اصل مقصود تھا۔ اس لئے پہلے وہ ارشاد فرمایا گیا اور ایک واقعہ کو دو واقعہ کی طرح بیان فرمایا گیا۔ **تیسرا تعلق**: جیسے رب فرماتا ہے **واسجدی وارکعی** دیکھو رکوع پہلے ہوتا ہے اور سجدہ بعد میں مگر چونکہ سجدہ نماز میں اعلیٰ مقصود ہے۔ اس لئے اس کا ذکر پہلے ہوا۔ ایسے ہی یہاں ہے۔ پچھلی آیت کے مضمون پر شبہ پڑ سکتا ہے کہ بنی اسرائیل کا ذبح گائے میں دیر لگانا اپنی سستی یا نافرمانی کی وجہ سے نہ تھا۔ بلکہ محض اس لئے کہ ان کو جواب شافی نہ ملتا تھا۔ اور گائے کے ذبح اور مردہ ہونے میں کوئی تعلق نہ تھا اس شبہ کو دفع فرمایا جا رہا ہے کہ نہیں بلکہ یہ سب کچھ ان کی سرکشی سے تھا اصل واقعہ ہی ان کی سرکشی پر مبنی ہے جس میں انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو دھوکا دینے اور قوم میں فساد پھیلانے کی کوشش کی یعنی ایک شخص کو ظلماً قتل کیا پھر دوسروں کو الزام لگایا پھر موسیٰ علیہ السلام کو دھوکہ دیا لہٰذا یہ تاخیر بھی سرکشی کی وجہ سے ہوئی۔ موجودہ زمانے کے بعض بے پڑھ مفسروں نے یہاں **و اذ** دیکھ کر کہہ دیا ہے کہ گائے کے ذبح کا واقعہ دوسرا ہے اور یہ قتل جان کا واقعہ دوسرا۔ اگر ایک ہی واقعہ ہوتا تو یہاں **و اذ** علیحدہ کیوں فرمایا جاتا یہ لوگ موسیٰ علیہ السلام کے اس معجزے کے منکر ہیں اور کہتے ہیں کہ گائے کے گوشت سے کوئی مردہ زندہ نہیں ہوا۔ مگر یہ محض غلط اور بیہودہ بکواس ہے سے واقعہ آگے آ رہا ہے **فقلنا اضربوہ ببعضها** ہم نے فرمایا کہ مردے کو گائے کا بعض

marfat.com
Marfat.com

حصہ مارو۔ اگر یہ واقعہ دوسرا ہے تو کسے مارا گیا اور کیا مارا گیا۔ نیز آگے آ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ مُردے زندہ فرماتا ہے مگر یہاں کوئی مردہ زندہ نہ ہوا تو اس کا مطلب کیا ہو گا رہا یہاں واذ فرمانا یہ کوئی معتر نہیں ایک واقعہ کے بیان میں کہہ دیا کرتے ہیں کہ وہ بات کرو وہ بھی یاد کرو۔ چونکہ قتل انسانی بڑا جرم ہے اس لئے علیحدہ واذ فرمایا گیا۔

تفسیر: **واذ قتلتم** یہاں بھی وہی فعل پوشیدہ ہے۔ یعنی اے اسرائیلیو وہ واقعہ یاد کرو جب کہ تم نے ایک گناہ کیا تھا یا اے نبی علیہ السلام انہیں وہ واقعہ یاد دلاؤ۔ اگرچہ ایک شخص نے ہی قتل کیا تھا مگر جماعت کی طرف اس کی نسبت کی گئی کیونکہ وہ اس سے راضی تھے یا اس سازش میں شریک یا اس کے حمایتی اور حضور علیہ السلام کے ہم زمانہ اسرائیلیوں سے یہ خطاب اس لئے کیا گیا کہ وہ ان کی اولاد ہیں اور باپ داداؤں کا فعل اولاد کی طرف منسوب ہوتا ہے ہم ہندوؤں سے کہتے ہیں کہ ہم نے تم پر آٹھ سو برس تک حکومت کی **نفسا**" نفس، سانس، دل جان اور ذات وغیرہ کو کہتے ہیں۔ یہاں جان یا ذات مراد ہے اگرچہ قتل جسم پر واقع ہوتا ہے مگر چونکہ اس کا تعلق جان سے بھی ہے کہ وہ اس سے نکل جاتی ہے۔ اس لئے جان کو اس کا مفعول بنایا گیا۔ وہ مقتول عامیل ابن شراجیل تھا **فادرتم فیھا** یہ اصل میں **تدا واء تم** تھا باب تفاعل سے ت کو ف کر کے اس میں ادغام کر دیا گیا اور اول میں ہمزہ زیادہ کی گئی اس کی اصل **واء** ہے۔ جس کے معنی ہیں دفع کرنا یعنی تم میں سے ہر ایک نے یہ الزام اپنے پر سے دفع کیا اور کہا کہ یہ کام میں نے نہیں کیا فلاں نے کیا ہے۔ **فیھا** کی ضمیر یا تو نفس کی طرف لوٹتی ہے یا قتل کی طرف یعنی اس قتل یا اس نفس کے بارے میں تم نے ایک دوسرے کو الزام لگایا۔ ناحق قتل ایک گناہ تھا پیغمبر کی بارگاہ میں جھوٹ بولنا دوسرا گناہ دوسرے کو تہمت لگانا تیسرا گناہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تم کو موسیٰ علیہ السلام کی دی پر یقین نہ تھا۔ ورنہ ان کے پاس آ کر جھوٹ بولنے کی جرات نہ کرتے **واللہ مخرج** مخرج کے لفظی معنی ہیں نکالنے والا مگر یہاں مراد ہے ظاہر کرنے والا کیونکہ اس میں بھی پوشیدگی سے نکلنا ہوتا ہے۔ اگرچہ خود مقتول نے زندہ ہو کر قاتل کو ظاہر کیا۔ مگر چونکہ یہ سب کچھ حکم الٰہی سے ہوا۔ اور موسیٰ علیہ السلام کا اس سے تعلق نہ رکھا گیا اور اس عمدہ طریقہ سے ظاہر ہوا کہ کسی کو دم مارنے کی گنجائش نہ رہی اس لئے یہ اظہار خدا کی طرف منسوب ہوا یعنی اگر کوئی بندہ بتا دیتا تو تم چون و چرا کر سکتے تھے۔ یہاں تو اللہ ظاہر فرمانے والا تھا۔ **ما کنتم تکتمون** تمہارے اس فعل کو جو تم سب مل کر چھپاتے تھے۔ **تکتمون**' کتم سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں چھپانا چونکہ ایک جماعت نے سازش کر کے یہ واقعہ چھپایا تھا۔ اس لئے چھپانا سب کی طرف منسوب کیا گیا۔ یعنی تم سب چھپانا چاہتے تھے اور رب ظاہر فرمانا مگر تمہارا چاہنا نہ ہوا۔ رب کا چاہا ہوا۔ **فقلنا** یہ یا **فادارء تم** پر معطوف ہے یعنی تم نے تدافع کیا تو ہم نے یہ فرمایا۔ یا **مخرج** کی تفسیر یعنی اللہ نے اس طرح ظاہر فرمایا کہ کہا "اگرچہ بظاہر فرمانے والے موسیٰ علیہ السلام تھے مگر چونکہ زبان موسیٰ علیہ السلام کی تھی اور کلام رب کا موسیٰ علیہ السلام قائل تھے۔ اس لئے اس قول کو رب کی طرف منسوب کیا گیا۔ ہم مرزا غالب کا کوئی شعر پڑھ کر کہتے ہیں کہ یہ مرزا غالب نے کہا ہے۔ **اضربوہ** فاعل کی ضمیر ساری جماعت اور ضمیر مفعول نفس کی طرف لوٹ رہی ہے۔ یعنی تم سب اس نفس کو مارو۔ نفس لفظاً "مونث اور معناً" مذکر ہے۔ اس لئے ضمیر مذکر لائی گئی کیونکہ مقتول مرد تھا نیز نفس یعنی روح کو مارنا ناممکن ہے۔ بدن ہی کو مارا جا سکتا ہے اور بدن مذکر ہے یعنی اس مقتول کے جسم کو مارو اور مس کرو۔ خود موسیٰ علیہ السلام نے یہ کام نہ کیا بلکہ ان سے ہی کرا لیا تاکہ کوئی آپ کو جادو کی تہمت نہ لگا دے۔ دیکھو حضرت عائشہ صدیقہ کو تہمت لگی تو حضور صلی

marfat.com
Marfat.com

اللہ علیہ وسلم نے خود ان کی صفائی بیان نہ فرمائی بلکہ رب نے ان کی صفائی کے لئے اٹھارہ آیات اتاریں تاکہ حضور علیہ السلام پر طرف داری کا الزام نہ لگے نیز حضرت ام المومنین کا درجہ و رتبہ معلوم ہو کہ حضرت مریم و یوسف کو تہمت لگے تو شیر خوار بچے نے گواہی دی اور محبوب کی محبوبہ کی تہمت لگے تو رب گواہی دے تاکہ قیامت تک قرآن ان کی عصمت کا گواہ ہو اور ہر مسلمان قرآن پڑھتے وقت ان کی پاک دامنی کی گواہی دیا کرے نیز تاکہ مسلمانوں کو تہمت لگانے والے کی سزا اور اس کے احکام معلوم ہوں۔ غرضکہ نہ وہاں موسیٰ بے علم تھے نہ یہاں ہمارے حضور ام المومنین کی عصمت سے بے خبر **ببعضها ھا** ضمیر بقرہ یعنی گائے کی طرف لوٹتی ہے۔ بعض آدھے سے کم کو کہتے ہیں یعنی مقتول کے بدن سے گائے کا کچھ حصہ مس کر دو یا تو اس سے مطلق بعض مراد ہے کوئی سا بھی حصہ ہو یا اس کی زبان یا دم وغیرہ چنانچہ ایسا کیا گیا اس گوشت کے مس ہوتے ہی بحکم الٰہی مقتول زندہ ہو گیا۔ اس کے حلق سے خون کے فوارے جاری تھے اس نے اپنے چچازاد بھائی کو بتایا کہ اس نے مجھے قتل کیا ہے یہ کہہ کر پھر مر گیا۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ پھر قاتل نے بھی اقرار کر لیا تب موسیٰ علیہ السلام نے اس پر قصاص کا حکم فرمایا اور اسے میراث سے محروم کر دیا۔ **کذلک** یہاں پوری ایک عبارت پوشیدہ ہے یعنی تم نے گائے ذبح کر کے اس کا گوشت مقتول کو مارا۔ جس سے اس نے زندہ ہو کر قاتل کا پتہ دیا تو ہم نے فرمایا کہ اس ہی طرح **یحیی اللہ الموتی** اللہ قیامت میں مردے زندہ فرمائے گا اگرچہ وہ لوگ قیامت کے قائل تھے مگر اب تک سن کر قائل تھے اب دیکھ بھی لیا کہ جس طرح انصاف کے لئے اس مردہ کو رب نے محض اپنی قدرت سے زندہ فرما دیا اسی طرح عدل و انصاف و حساب و کتاب کے لئے قیامت میں بھی سب کو زندہ فرمائے گا۔ **یریکم ایتہ** آیات آیتہ کی جمع ہے۔ جس کے معنی ہیں نشانی اور دلیل یعنی رب تعالیٰ تم کو اپنی قدرت کی نشانیاں اور دلائل دکھاتا اور سمجھاتا ہے چونکہ اس ایک واقعہ نے حق تعالیٰ کے علم اس کی قدرت اس کی خالقیت اور موسیٰ علیہ السلام کی حقانیت اور قاتل کی گرفتاری اور بے قصور لوگوں کے چھٹکارے کو بتا دیا تھا اس لئے اس کو آیات یعنی بہت سی نشانیاں فرمایا گیا۔ **لعلکم تعقلون** یہ عقل سے بنا ہے جس کے لغوی معنی ہیں روکنا اور اصطلاحی معنی ہیں سمجھنا یہ واقعہ دیکھ کر تم اپنے نفسوں کو برائیوں سے روکو اور رب کی اطاعت کرو۔ یا تم قیاس کر کے سمجھ لو کہ جو ایک مردے کو زندہ فرما سکتا ہے وہ تمام کو بھی اگرچہ اس سے پہلے بھی وہ اتنا سمجھتے تھے لیکن اب ان کے فہم میں ترقی ہو گئی۔

**خلاصہ تفسیر** : یہ اس پہلے قصے کا ایک حصہ ہے جس میں خدا تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ پر ایک معجزہ یعنی مردے کو زندہ کرنا ظاہر فرمایا یعنی اے اسرائیلیو تم وہ واقعہ بھی یاد کرو جب کہ تم نے آپس میں ایک خون کر کے دوسروں کو تہمت لگا دی تھی اور اللہ چاہتا تھا کہ اصل واقعہ کو ظاہر فرما دے جس کو تم چھپا رہے تھے لہٰذا ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی معرفت تم کو حکم دیا کہ تم ایک گائے ذبح کرو۔ جب تم نے حیل و حجت کے بعد ذبح کر لی تو ہم نے حکم فرمایا کہ اس گائے کی زبان یا دم یا کوئی اور عضو اس میت پر دھرو تو یہ جی اٹھے گا۔ تم نے ایسا کیا اور اس نے زندہ ہو کر اپنا قاتل بتا دیا اور وہ قاتل میراث سے بھی محروم ہوا اور قصاصاً" قتل بھی ہوا۔ اس واقعہ کو دیکھ کر یا سن کر سمجھ لو کہ اسی طرح حق تعالیٰ آئندہ بھی مردے زندے فرمائے گا۔ وہ رب تعالیٰ تم کو اپنی اس قسم کی نشانیاں اس لئے دکھاتا ہے تاکہ تم اس کو قادر مطلق سمجھو اور اس پر ایمان لاؤ یا ایمان پر قائم رہو۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**: حق تعالیٰ عالم و قادر ہے کوئی چیز اس کے علم و قدرت

marfat.com

Marfat.com

سے باہر نہیں اگر چاہے تو خلاف عقل چیزیں ظاہر فرمادے جیسے کہ اس واقعہ میں مردہ گائے کے گوشت سے مردہ زندہ فرمادیا۔ دوسرا فائدہ: عالم غیب سے فیض لینے کے لئے قربانی نیکیاں اور خیرات کرنی چاہئے۔ تاکہ اس کی برکت سے اپنا مقصود حاصل ہو۔ (تفسیر عزیزی) اس لئے بلاؤں کے دفع کرنے اور نعمتوں کے حاصل کرنے کے لئے ختم قرآن نمازیں روزے خیرات محفل میلاد شریف اور نعت کی مجلسیں وغیرہ کرنی چاہئے جیسے اسرائیلیوں سے مصیبت پر قربانی کرائی گئی۔ تیسرا فائدہ: یہ کہ جہاں شریعت نے قید لگائی نہ ہو وہاں اپنی طرف سے قید لگانا برا ہے۔ خود اپنے پر سختی کرنے سے رب کی طرف سے بھی سختی ہو جاتی ہے۔ (تفسیر عزیزی) لہٰذا جن چیزوں کو شریعت نے حرام نہ کیا ہو انہیں اپنی رائے سے حرام نہ کہو اور نہ کسی کام میں اپنی طرف سے قید لگاؤ جیسے محفل میلاد شریف وغیرہ۔ چوتھا فائدہ: یتیموں پر مہربانی کرو ان کے مال کو حفاظت اور نافع تجارت کر کے بڑھاؤ کیونکہ رب تعالیٰ بھی ان پر کرم فرماتا ہے جیسے گائے والے یتیم کا واقعہ۔ پانچواں فائدہ: قاتل مقتول کی میراث سے محروم ہو گا جیسے کہ اس واقعہ میں ہوا۔ مسئلہ: لیکن اگر عادل نے باغی کو قتل کیا یا حملہ آور سے اپنی جان بچانے کے لئے اس کو دفع کیا۔ اس میں وہ قتل ہو گیا تو قاتل مقتول کی میراث سے محروم نہ ہو گا۔ چھٹا فائدہ: جب کوئی بندہ کسی کام پر ہمیشگی کرتا ہے تو خواہ وہ کتنا ہی چھپائے مگر خدا تعالیٰ اس کو ظاہر فرمادیتا ہے۔ ہاں اگر ایک دوبار کسی سے کوئی قصور ہو جائے اور وہ اس سے شرمندہ ہو کر چھپانے کی کوشش کرے تو رب تعالیٰ بھی اسے اپنی رحمت سے چھپا دیتا ہے اور اس کی پردہ دری نہیں کرتا۔ ان اسرائیلیوں نے اپنے فعل بد کے چھپانے کی کوشش کی مگر رب نے ظاہر فرما ہی دی۔ تفسیر عزیزی نے اس جگہ روایت نقل فرمائی کہ اگر کوئی شخص سنسان جنگل یا بند تہ خانہ میں بیٹھ کر کوئی کام کرے تب بھی رب اس کام کو مخلوق پر ظاہر فرمادیتا ہے۔ حضور علیہ السلام نے صحابہ کرام سے دریافت فرمایا کہ مومن کون ہے انہوں نے عرض کیا کہ خدا اور رسول بہتر جانتا ہے۔ فرمایا مومن وہ ہے کہ حق تعالیٰ اس کے کان اس کی ثناؤ صفت سے 'مرنے سے پہلے بھر دے (یعنی لوگوں میں اس کے تقویٰ کی خود بخود شہرت ہو جائے) اگر کوئی بندہ ستر دروازوں کو قفل لگا کر نیک یا بد کام کرے تو بھی اس کا عمل لوگوں میں مشہور ہو جاتا ہے۔ بلکہ تجربہ تو یہ ہے کہ متقی کے چہرے کی نورانیت اور بدکار کے چہرے کی بے رونقی اس کے خفیہ اعمال اور دلی حالت کا پتہ دیتے ہیں۔ بارہا کا مشاہدہ ہے کہ قاتل اور چور بدحواسی اور چہرے کے رنگ اڑ جانے سے پکڑ لئے گئے۔ سبحان اللہ لطف یہ ہے کہ ہم کو نیکیاں چھپانے کا حکم ہے اور رب خود ظاہر فرمادیتا ہے۔ ساتواں فائدہ: قیاس حق ہے اس لئے کہ ایک مردہ زندہ کر کے دکھا کر باقی کو اس پر قیاس کرنے کا حکم فرمایا گیا۔ آٹھواں فائدہ: باغ فدک نہ تو حضور کی میراث بنا نہ فاطمہ زہرا کا حق تھا بلکہ وقف تھا ورنہ حق تعالیٰ ضرور اس کی حفاظت فرما کر حضرت فاطمہ کو دلوا دیتا جیسے اسرائیلی کی گائے جنگل میں محفوظ رکھ کر اس کے بچے کو عطا فرمائی اور پھر اسے بڑی قیمت دلوادی۔ نیز خضر علیہ السلام کو اسی لئے بھیجا کہ فلاں دیوار کے نیچے ایک صالح آدمی کا مال دفن ہے اس کے بچے چھوٹے ہیں دیوار گرنے والی ہے۔ جا کر دیوار بناؤ فرماتے ہیں۔ **وکان تحته کنزلهما وکان ابوهما صالحا** جب اللہ تعالیٰ ان اسرائیلی صالحین کی میراث برباد ہونے نہیں دیتا تو اس نے سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث کیوں ضائع ہونے دی اور حسن و حسین کے جوان ہونے تک کیوں نہ محفوظ کیا۔

پہلا اعتراض: **مخرج ما کنتم** میں مخرج اسم فاعل بمعنی ماضی ہے تو چاہئے کہ عمل نہ کرے حالانکہ یہاں ما میں عمل

marfat.com
Marfat.com

کر رہا ہے (نحوی) جواب: یہ اسم فاعل اس وقت تو بمعنی ماضی ہے لیکن اس واقعہ پر بمعنی مستقبل تھا۔ لہٰذا اس کا عمل درست ہوا۔ یہاں اس واقعہ کی نقل ہے۔ دوسرا اعتراض: اس واقعہ میں صرف مقتول کے زندہ ہو کر بتادینے سے قاتل سے قصاص لے لیا قاتل کے اقرار کی کوئی صحیح روایت نہیں ملتی۔ حالانکہ مقدمہ میں ملزم کا اقرار یا دو گواہیاں ضروری ہیں۔ جواب: بعض مفسرین نے فرمایا کہ اس واقعہ کے بعد قاتل نے اقرار بھی کر لیا تھا۔ اگر ایسا ہو تو پھر کوئی اعتراض نہیں اور اگر یہ نہ ہوا تو پھر مقتول کا قول ہی صدہا گواہیوں سے بڑھ کر ہے کیونکہ مرنے سے پہلے انسان جھوٹ بول سکتا ہے۔ اسی لئے اس کو گواہیوں کی ضرورت ہے مگر مرنے کے بعد نہیں کیونکہ وہ نزع' برزخ' آخرت دیکھ کر آیا ہے۔ اس لئے اب جھوٹ نہیں بول سکتا اب اس کی تصدیق کے لئے گواہیوں کی ضرورت بھی نہیں جو خبر یا گواہی نبی کے معجزے کی بنا پر ہو۔ وہ ایک ہی کی قبول ہے۔ دیکھو یوسف علیہ السلام کی پاک دامنی کا طریقہ صرف ایک شیر خوار بچے نے بتایا جو قبول ہوئی رب فرماتا ہے **وشهد شاهد من اهلها** یہ گواہی دراصل نبی کے معجزے کی ہے۔ جیسے حضور کی گواہی پتھروں لکڑیوں نے دی یہ بھی معجزے کی بلکہ رب کی گواہی تھی۔

تیسرا اعتراض: یہ جواب غلط ہے۔ قرآن کریم فرماتا ہے کہ کفار قیامت میں عرض کریں گے۔ **والله ربنا ما كنا مشركين** قسم رب کی ہم مشرک نہیں تھے۔ دیکھو برزخ وغیرہ سب کچھ دیکھ کر جھوٹ بول رہے ہیں نیز دوسری جگہ فرماتا ہے **اليوم نختم على افواههم** جس سے معلوم ہوا کہ کفار اپنی بدکرداریوں کا انکار کریں گے تب ان کے منہ پر مہر لگا کر ان کے ہاتھ پیروں سے گواہی لی جائے گی اس لئے علم کلام والے فرماتے ہیں کہ اگر کسی پیغمبر کی گواہی پتھر یا جانور دیں تو معتبر ہے لیکن اگر مردہ زندہ ہو کر دے تو معتبر نہیں کیونکہ جب مردہ زندہ ہوا اس کو عقل و شعور و خیال و وہم سب دوبارہ حاصل ہو گئے اور یہی خطا اور غلطی کا محل ہیں نیز دجال مردے زندہ کر کے ان سے اپنی ربوبیت کی گواہی دلوائے گا جیسا کہ روایت میں آیا ہے اگرچہ وہ جنات ہوں گے جو شکل انسانی میں آ کر اس کی گواہی دیں گے مگر احتمال تو پیدا ہو گیا غرضیکہ زندہ مقتول کی گواہی مقبول نہ ہونی چاہئے ممکن ہے کہ وہ اب بھی جھوٹ بول رہا ہو یا کوئی جن اس کے قالب میں داخل ہو کر غلط خبر دے گیا ہو۔ جواب: اس کا قوی جواب یہ ہے کہ یہاں حق تعالیٰ نے گائے ذبح کر کے مردے کو زندہ کرایا اور پہلے سے خبر دے دی تھی کہ یہ زندہ ہو کر اپنے قاتل کا پتہ بتائے گا۔ لہٰذا قاتل کی گواہی مقتول نے دی۔ اور مقتول کے سچے ہونے کی گواہی رب نے دی۔ اب رب کی گواہی سے مقتول کا کلام قبول ہوا۔ جیسا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو لوگوں نے تہمت لگائی رب نے ان کی پاکدامنی بیان فرمائی صرف رب کے فرمان پر تہمت لگانے والے کو سزا دی گئی۔ (ماخوذ از تفسیر عزیزی) چوتھا اعتراض: اس جگہ گائے کو درمیان میں آڑ کیوں بنایا گیا بلا واسطہ ہی کیوں زندہ نہ فرما دیا گیا۔ جواب: اس میں بہت سی حکمتیں ہیں جو ہم پچھلی آیتوں میں تفصیل وار بیان کر چکے۔

تفسیر صوفیانہ: جو شخص اپنے دل کی زندگی چاہتا ہے اس کو چاہئے کہ اپنے نفس کی گائے کو ذبح کر ڈالے جو شخص نفس کو ریاضت سے مارے گا اللہ اس کے قلب کو انوار مشاہدات سے زندہ فرمادے گا۔ جو نفس کو شریعت کے ذریعہ سے مردہ کرے گا اللہ اس کے دل کو حقیقت و معرفت سے زندہ فرمادے گا۔ جیسے اس مقتول نے مردہ گائے سے زندہ ہو کر اپنے قاتل کا پتہ دیا اسی طرح جو اپنے نفس کو صدق کی چھری سے ذبح کرے اور مذبوحہ نفس کی زبان اس قلب پر لگائے جو خدا کے ذکر میں مقتول ہو چکا

marfat.com
Marfat.com

ہے تو اللہ اس کے قلب کو اپنے نور سے زندہ فرمائے گا۔ اور پھر کسی کا قلب پکارے گا **وما ابری نفسی ان النفس لا مارۃ بالسوء** اور کوئی زندہ ہو کر منصور کی طرح انا الحق اور سبحانی ما اعظم شانی کے نعرے لگائے گا کیونکہ زندہ دل رب کے مظہر منظر ہیں حدیث میں آیا ہے کہ اللہ فقط تمہاری صورتیں نہیں دیکھتا بلکہ قلبوں اور نیتوں کو بھی دیکھتا ہے یہ قلب مظہر الٰہی ہیں اسی لئے ان کا کلام اللہ کا کلام اور ان سے تقرب اللہ سے تقرب ہے مولانا فرماتے ہیں۔

ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا — او نشیند در حضور اولیاء
گفتہ او گفتہ اللہ بود — گرچہ از حلقوم عبداللہ بود
چوں روا باشد انا اللہ از درخت — کے روا نبود کہ گوید نیک بخت

سری سقطی فرماتے ہیں کہ میرا نفس تیس سال سے گھی کی روٹی اور بادام مانگ رہا ہے مگر میں نے اس کو نہ دیا۔ ایک شخص ہوا میں اڑتا جا رہا ہے اس سے پوچھا گیا کہ تو نے یہ درجہ کیسے پایا اس نے جواب دیا **وترکت الھوی فسخرلی الھواء** میں نے ہوا یعنی نفس کی خواہش چھوڑ دی تو یہ ہوا میرے تابع ہو گئی۔

**دوسری تفسیر صوفیانہ :** جسم کی زندگی جان سے ہے اور جان کی زندگی ایمان سے دل کی زندگی محبت رحمٰن سے جیسے مردہ زندہ ہوا مگر موسیٰ علیہ السلام کے فیض اور گائے کی قربانی سے یوں ہی اللہ تعالیٰ مردہ دلوں اور مردہ جانوروں کو کسی کی نظر کرم اور کچھ قربانی سے زندہ کیا کرے گا جو چاہے کہ بغیر وسیلہ نبی یا ولی زندہ کرے وہ نہ کر سکے گا۔ نبی کے بغیر وسیلہ قربانی بیکار ہے جیسے اس بنی اسرائیلی کے مردہ ہونے کی صورت میں جھگڑا رہا۔ اس کے زندہ ہوتے ہی تمام جھگڑے جاتے رہے یونہی مردہ دل تمام جھگڑوں کی جڑ ہے۔ دل کی زندگی پر سب جھگڑے ختم ہو جاتے ہیں۔ اللہ دل کی زندگی نصیب کرے۔ آمین۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ

پھر سخت ہو گئے دل تمہارے پیچھے سے اس کے پس وہ مثل پتھروں کے ہیں بلکہ زیادہ

پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے تو وہ پتھروں کی مثل ہیں بلکہ ان سے بھی

قَسْوَةً ۚ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَاِنَّ

سخت اور تحقیق پتھروں میں سے البتہ وہ ہیں کہ بہتی ہیں ان میں سے نہریں اور تحقیق

زیادہ کرّے اور پتھروں میں تو کچھ وہ ہیں کہ جن سے ندیاں بہہ نکلتی ہیں اور کچھ

مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ۚ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ

ان میں سے البتہ وہ ہیں جو پھٹ جاتے پس نکلتا ہے اس سے پانی اور تحقیق ان میں سے البتہ وہ ہیں

وہ ہیں جو پھٹ جاتے ہیں اور ان سے پانی نکلتا ہے اور کچھ وہ ہیں جو

marfat.com
Marfat.com

**مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ***

جو گر جاتے ہیں ڈر سے اللہ کے اور نہیں ہے اللہ بے خبر اس سے جو کرتے ہو تم

اللہ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں اور اللہ تمہارے کرتوتوں سے بے خبر نہیں

**تعلق**: اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: گزشتہ واقعات سے معلوم ہوا کہ بنی اسرائیل پہلے کبھی گناہ کرتے تھے کبھی توبہ کبھی عہد شکنی کبھی پیغمبر کی اطاعت کرتے تھے کبھی ان کی مخالفت جس سے معلوم ہوتا تھا کہ ان کے دلوں میں قدرے نرمی اور نصیحت قبول کرنے کی کچھ قابلیت تھی۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ ان واقعات کے بعد ان کے دلوں کی رہی سہی نرمی بھی جاتی رہی وہ پتھر سے بھی زیادہ سخت ہو گئے۔ **دوسرا تعلق**: اس سے پہلے اسرائیلیوں پر پے در پے مصیبتوں اور بلاؤں کے آنے کا ذکر تھا جس سے خیال تھا کہ شائد ان کے دل بہت نرم ہو گئے ہوں گے کیونکہ مصیبتیں دلوں کو نرم کر دیتی ہیں اب اس خیال کو دفع کیا جا رہا ہے کہ نہیں ان کے دل تو ان واقعات سے اور بھی زیادہ سخت ہو گئے۔

**تفسیر**: **ثم قست** اس جگہ **ثم** تراخی رتبہ کے لئے ہے یعنی اس قدر واقعات کے بعد پھر بھی تمہارے دل سخت ہو گئے۔ **قست**۔ **قسوۃ** اور **قساوۃ** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں۔ درشتی اور سختی' دل کی سختی یہ ہے کہ اس میں وعظ و نصیحت اثر نہ کرے اس کو مصیبت اور تکلیفوں کی پرواہ نہ ہو۔ حق تعالیٰ کی نشانیاں دیکھ کر بھی اس کی اطاعت نہ کرے۔ **قلوبکم** یا تو حضور کے زمانے کے اسرائیلیوں سے خطاب ہے یعنی اتنے واقعات سن کر تمہارے دل اور سخت ہو گئے اور تم نبی آخر الزمان پر ایمان نہیں لاتے یا گزشتہ لوگوں سے یا ان واقعات کو دیکھ کر تمہاری قوم کے دل اور بھی سخت ہو گئے **من بعد ذلک**' **ذلک** سے یا تو صرف گائے کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے یا سارے واقعات کی طرف یعنی اس گائے کے واقعہ یا گائے اور طور کے اٹھانے اور بندر اور سور بنانے کے واقعات کے بعد بھی تمہارے دل سخت ہو گئے حالانکہ ان واقعات سے پتھر بھی نرم پڑ جاتا ہے۔ تفسیر کبیر نے اس جگہ فرمایا کہ مقتول کے زندہ ہو کر گواہی دینے کے بعد بھی قاتل اور اس کی قوم نے جرم کا انکار کیا اور کہا کہ یہ مقتول جھوٹا ہے اور بدافتنہ پھیلانا چاہا۔ خیال رہے کہ تین چیزوں سے دل میں سختی پیدا ہوتی ہے۔ زیادتی عیش۔ دنیا میں زیادہ مشغولیت اسی لئے رب نے دن و رات میں بار بار نمازیں رکھی ہیں تاکہ دنیا میں مشغولیت زیادہ نہ رہے اور اللہ والوں کی عداوت۔ مگر پہلی دو چیزیں برسوں میں سختی پیدا کرتی ہیں مگر یہ تیسری چیز منٹوں سیکنڈوں میں۔ دیکھو شیطان صدیوں کا عابد تھا مگر حضرت آدم علیہ السلام کی اہانت کر کے دو منٹ میں اس کا دل ایسا سخت ہوا کہ وہ سختی آج تک نہ گئی۔ **فھی کالحجارۃ** یعنی یہ دل سختی میں پتھر کی مثل ہے نہ کہ لوہے اور فولاد کی طرح کیونکہ لوہا' فولاد آگ اور معجزات سے پگھل جاتا ہے جیسے داؤد علیہ السلام کے لئے ہوا اور اس سے کار آمد چیزیں بنائی جاتی ہیں لیکن پتھر نہ آگ سے پگھلے اور نہ پگھل کر کار آمد چیز بنے۔ اسی طرح تمہارے دل خوف اور ہیبت کی آگ سے بھی نرم نہیں ہوتے۔ **او اشد قسوۃ** ۔ **او** یا بمعنی واؤ ہے جیسے **الا لبعولتھن او ابائھن** میں یا بمعنی بل یا اباحت کے لئے ہے یا اختیار کے لئے یا تردید کے لئے (تفسیر کبیر) یعنی پتھر بلکہ پتھر سے زیادہ سخت ہے یا سننے والے تجھے اختیار ہے کہ ان کے دلوں کو پتھر کہے یا اس سے بھی زیادہ سخت اگرچہ **قسوۃ** کی تفضیل اقسی بھی آ سکتی ہے لیکن **اشد**

marfat.com
Marfat.com

قسوۃ کہنے میں زیادہ سختی بیان ہوئی کیونکہ اس نے صورت اور مادہ دونوں کے ساتھ زیادتی بتائی۔
نیز اقسیٰ کہنے میں یہ نہ معلوم ہوتا کہ کیفیت میں زیادہ سخت ہیں یا مقدار میں اشد قسوۃ کہنے سے زیادتی کیفیت معلوم ہو گئی کیونکہ اسم تفضیل کی زیادتی مبہم ہوتی ہے اور اشد یا اقوم میں زیادتی کیفیت اور اکثر و ازید میں زیادتی مقدار معلوم ہوتی ہے وان من الحجارۃ یہ گویا ان کے دلوں کے پتھر سے زیادہ سخت ہونے کا بیان ہے یعنی پتھر بھی بعض وقت خوف الٰہی سے متاثر ہو جاتے ہیں مگر تمہارے دل کبھی اثر نہیں لیتے اس لئے کہ بعضے پتھر ایسے ہیں کہ لما یتفجر منہ الانہر کہ ان سے نہریں جاری ہو جاتی ہیں۔ یتفجر' فجر سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں خوب کھل جانا اور ظاہر ہو جانا اسی لئے صبح صادق کو فجر اور علانیہ گناہ کرنے والے کو فجور کہتے ہیں کیونکہ یہ بھی خوب ظلم ہوتے ہیں۔ انہار نہر کی جمع ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں کھودنا۔ اصطلاح میں اس وسیع غار کو نہر کہتے ہیں۔ جس میں پانی بہتا ہو یعنی بعض پتھر وہ ہیں جو خوب پھٹ جاتے ہیں اور ان کے شگافوں میں سے بہت پانی نکلتا ہے۔ جس سے نہریں اور دریا جاری ہو جاتے ہیں اور ان سے لوگ نفع حاصل کرتے ہیں۔ خیال رہے کہ یا تو اس پتھر سے موسیٰ علیہ السلام کا وہ پتھر مراد ہے۔ جس میں سے عصا کی برکت سے بارہ چشمے جاری ہوئے تھے۔ یعنی عصاء موسوی سے پتھر سے پانی کے چشمے جاری ہو گئے۔ مگر تمہارے دلوں سے ایمان و حکمت کے چشمے جاری نہ ہوئے اور یا وہ عام پہاڑی پتھر مراد ہیں جن سے گنگا جمنا وغیرہ دریا اور نہریں جاری ہیں۔ فلاسفر کہتے ہیں کہ پہاڑ کے اجزاء ہوا بن جاتے ہیں اور ارد گرد کی ہوا کو اپنی طرف کھینچ کر پانی بنا دیتے ہیں۔ جس سے دریا اور نہریں جاری ہو جاتی ہیں اور کبھی زمین کے اندر بخارات جمع ہو کر ٹھنڈک پا کر پانی بنتے ہیں اور زور مار کر پہاڑ کو جگہ جگہ سے پھاڑ کر نکل جاتے ہیں۔ جس سے کہ بڑے جھیل و تالاب بن جاتے ہیں (تفسیر کبیر و عزیزی) وان منہا بعض پتھر تو وہ تھے جن سے نہریں اور دریا جاری ہوئے اور بعض وہ ہیں کہ لما یشقق جو کہ پانی کے زور سے پھٹ جاتے ہیں۔ فیخرج منہ الماء اور ان میں سے رس رس کر تھوڑا پانی نکلتا ہے۔ جس سے نہریں تو جاری نہیں ہوتیں ہاں پانی کے چشمے بن جاتے ہیں یعنی بعض پتھروں سے دریا اور نہریں نکلتی ہیں اور بعض سے چشمے ان دو صورتوں میں یہ فرق ہوا کہ پہلی صورت میں پتھر میں جگہ جگہ چوڑے شگاف پیدا ہو جاتے ہیں اور ان سے بہت پانی نکلتا ہے اور دوسری صورت میں کسی قدر ان سے کم چوڑے شگاف پیدا ہوتے ہیں جس سے پانی ٹپک ٹپک کر نکلتا ہے یشقق باب تفعل سے ہے اصل میں یتشقق تھا۔ ت کو ش کر کے اس میں ادغام کر دیا گیا یہ شقق سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں پھٹ جانا اور چر جانا۔ اسی لئے مخالفت کو شقاق کہتے ہیں کہ اس سے ایک جماعت پھٹ کر دو جماعتیں بن جاتی ہیں۔ وان منہا بعض پتھر تو وہ تھے جن سے مخلوق نے کم و بیش فائدہ حاصل کیا لیکن بعض وہ پتھر بھی ہیں کہ مخلوق کو پانی سے نفع تو نہیں پہنچاتے مگر خود لما یہبط من خشیۃ اللہ خدا کے خوف کی وجہ سے پہاڑ کی چوٹی سے نیچے گر جاتے ہیں۔ یعنی رب کا حکم پاتے ہی اس کی اطاعت کرتے ہیں اور حرکت میں آ جاتے ہیں مگر ان منکرین کے دل نہ تو نرم پڑتے ہیں اور نہ رب کی اطاعت کرتے ہیں باوجودیکہ پتھر بظاہر بے حس اور بے شعور ہیں۔ یہ کفار ہی شعور و عقل و فہم سب کچھ رکھتے ہیں لیکن ان کو غلط استعمال کر کے رب کی مخالفت کرتے ہیں۔ وما اللہ بغافل عما تعملون اللہ تمہارے ظاہری اور باطنی اعمال سے بے خبر نہیں۔ اس کے علم سے تم دھوکہ نہ کھاؤ۔ عذاب میں دیر تمہارے لئے خطرناک ہے ظاہر یہ ہے کہ من خشیۃ اللہ کا تعلق گزشتہ تینوں مضمونوں سے ہے یعنی اللہ کے خوف سے

marfat.com
Marfat.com

پتھروں سے پانی بہہ کر نہریں بنتا ہے۔ چشمے بنتے ہیں اور گر جاتے ہیں لہٰذا اگر کسی انسان کو اللہ کے ذکر پر روتے آنسو بہاتے یا وجد کرتے دیکھو تو ان پر اعتراض نہ کرو کہ یہ کیفیات پتھروں میں بھی آجاتی ہیں۔ خیال رہے کہ جیسے پتھروں کے ان آنسوؤں سے زمانہ فیض پاتا ہے کہ یہ پانی پی کر دنیا گزارا کرتی ہے ایسے ہی اللہ والوں کے عشقیہ آنسوؤں اور ان کے وجدانی حالات سے زمانہ فیض پاتا ہے اور پاتا رہے گا۔ جس جنگل میں اللہ والا رب رب کرے وہ جنگل تا قیامت فیض کا چشمہ بن جاتا ہے بلکہ درد والوں کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ کے وظیفے پڑھے جاتے ہیں اور لوگ فائدے اٹھاتے ہیں۔ ایک مچھلی کے منہ سے نکلتے ہوئے سانس عنبر بن جاتے ہیں تو اللہ والوں کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ روحانی عنبر ہیں۔

**خلاصہ تفسیر** : حق تعالیٰ موجودہ یا گذشتہ بنی اسرائیل کو فرمارہا ہے کہ ان واقعات اور عجائبات قدرت دیکھنے کے بعد تمہارے دل اور بھی سخت ہو گئے اور گناہ کرتے کرتے ان میں پتھروں کی سی سختی آگئی کہ جن میں نہ آگ اثر کرے اور نہ میخ وغیرہ گڑے اسی طرح تمہارے دلوں میں نہ تو خوف الٰہی نرمی پیدا کرتا ہے اور نہ انبیاء کرام کی نصیحت و وعظ اثر کرتی ہے۔ بلکہ تمہارے دل پتھروں سے بھی زیادہ سخت ہیں کیونکہ ان سے تو کچھ فائدے بھی ہیں کہ وہ بخارات وغیرہ کا اثر قبول کرتے ہیں بعض سے تو پانی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں جن سے ایک مخلوق فیض پاتی ہے اور بعض سے پانی رس کر اور جھر کر نکلتا ہے جس سے چشمے اور تالاب بن جاتے ہیں اور ان سے بھی لوگ کچھ نہ کچھ فائدہ حاصل کر لیتے ہیں اور بعض پتھر کی چوٹی سے زمین پر گر جاتے ہیں گویا کہ ہیبت الٰہی سے کانپ کر اس کو سجدہ کرتے ہیں مگر تمہارے دلوں کی سختی کا یہ حال ہے کہ تم نبی آخر الزماں کے وعظ پر قہقہہ اڑاتے ہو اس میں نبی کے فیض کا قصور نہیں بلکہ تمہارے دلوں کا فتور ہے سبحان اللہ پتھروں کے بیان میں کیسی نفیس ترتیب ہے کہ سب سے پہلے اعلیٰ فیض رساں پتھروں کا ذکر ہوا۔ پھر اس سے کم کا اور پھر اس پتھر کا جو بافیض تو نہیں مگر خود ہیبت سے کانپتا ہے منشا یہ ہے کہ اے اسرائیلیو تم کو نرمی قلب کے چار اسباب میسر تھے تو تم نے مصیبتیں بہت جھیلیں سخت توبہ و عبادات بھی کیں۔ موسیٰ علیہ السلام کی صحبت میں رہے اور ان کی نگاہ کرم کے موقعہ پر موجود تھے پھر بھی تمہارے دل سخت رہے نرم نہ ہوئے۔ اگر اب تمہیں اس نبی آخر الزمان سے فیض نہ ملے تو اس میں تمہارے دلوں کا قصور ہے نہ کہ صحبت کے فیض میں کمی۔

**دوسری تفسیر** : یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان تینوں قسم کے پتھروں سے کفار کے دل مراد ہوں کیونکہ جس طرح مسلمانوں کے دلوں کی صفائی مختلف ہوتی ہے اسی طرح قلوب کفار کی سختی بھی یعنی اے علماء یہود تمہارے دل عام کفار کے دلوں کی طرح یا ان سے بھی زیادہ سخت ہیں چنانچہ تفسیر عزیزی نے اس جگہ فرمایا کہ کفار کے دل چند طرح ہیں۔ بعض وہ ہیں کہ کدورت و نفسانی خواہشیں اور نیک لذتیں چھوڑ دیتے ہیں جس سے ان پر کسی قدر روحانیت غالب آجاتی ہے اور ان سے کچھ عجیب باتیں ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ جس کو استدراج کہا جاتا ہے جیسا کہ اکثر تارک الدنیا پنڈتوں اور پادریوں میں دیکھا گیا ہے اور بعض وہ کفار ہیں کہ جن کے دلوں پر علوم غیبیہ کا دروازہ کھل جاتا ہے اور ان کے دل بشریت کے پردہ کو پھاڑ کر عالم ارواح عالم ملکوت میں گھر جاتے ہیں جس سے کہ وہ اس عالم کی چیزیں معلوم کر لیتے ہیں جنہیں حکماء اشراقین کہا جاتا ہے اور بعض کفار وہ ہیں جن کے دلوں میں پورا خدا کا خوف ہے اور دوسری ارواح سے فیض لے لیتے ہیں اس لئے ہر مذہب کے فاسق ان صفات سے محروم رہتے ہیں اور ہر مذہب کے عابد ان صفات کو پالیتے ہیں غرضکہ کشف اور عجیب باتوں کا ظہور مسلمانوں کے لئے ہی خاص نہیں بارہا کفار کو بھی

marfat.com
Marfat.com

حاصل ہو جاتا ہے البتہ مسلمانوں اور ان کفار میں فرق یہ ہے کہ مسلمان اس مرتبہ پر پہنچ کر مقبول بارگاہ ہو جاتا ہے اور ترقی کرتا ہے اور کافر کو یہ مقبولیت اور رضا حاصل نہیں ہوتی ہے کسی نے خوب کہا ہے۔

صفا باخبث باطن نیز گاہے جمع میگردد　　برد بالوحہ راچو درد نبشیند تماشہ کن!

(تفسیر عزیزی و روح البیان) لہٰذا پہلے قسم کے کافر نہر والے پتھر کی طرح ہیں۔ دوسرے قسم کے کفار چشمہ والے پتھر کی مانند تیسری قسم کے بیدین ہیبت سے گرنے والے پتھر کی مثل اے علماء یہود تم ان کفار سے بھی گئے گذرے ہوئے ہو اس تفسیر میں مشبہ اور مشبہ بہ ایک ہی جنس کے ہوں گے۔ یعنی دلوں کو دلوں سے تشبیہ ہوگئی۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: پتھروں میں احساس اور شعور ہے اگرچہ ہم کو محسوس نہ ہو۔ اسی لئے قرآن کریم نے فرمایا کہ ہر چیز اللہ کی تسبیح کرتی ہے مگر تم نہیں سمجھتے بلکہ ایک جگہ ارشاد ہوا کل قد علم صلوتہ و تسبیحہ۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر جانور وغیرہ اپنی نماز بھی ادا کرتے ہیں بلکہ بعض اللہ والے کا کلام سن بھی لیتے ہیں۔ حضور علیہ السلام کے فراق میں لکڑی روئی جس کو صحابہ کرام نے بھی سنا۔ ابو جہل کے ہاتھ میں کنکروں نے کلمہ پڑھا جو کہ اس نے بھی سنا۔ بکری کے زہر آلودہ گوشت نے حضور کو زہر کی اطلاع دی حضور کے بلانے پر دو درخت چلے آئے۔ حضور علیہ السلام کو پتھروں نے سلام کیا۔ شبیر پہاڑ نے ایک دفعہ حضور سے عرض کیا کہ یا حبیب اللہ آپ کو کفار ڈھونڈ رہے ہیں اس لئے آپ میری پشت سے نیچے اتر آئیں تاکہ آپ کو پکڑ نہ سکیں۔ مسلم و بخاری میں ہے کہ حضور نے احد کے بارے میں فرمایا کہ یہ ہم سے محبت کرتا ہے۔ ہم اس سے محبت کرتے ہیں بلکہ قرآن کریم فرما رہا ہے کہ قیامت کے دن کفار کی کھالیں اور ہاتھ پاؤں بولیں گے۔ حضرت شیخ شیر اسکواری فرماتے ہیں کہ میں جاری پانی سے یادائم کا ذکر سنتا ہوں مولانا فرماتے ہیں۔

نطق آب و نطق خاک و نطق گل　　ہست محسوس حواس اہل دل

فلسفی گو منکر حنانہ است　　از حواس اولیا بیگانہ است

دوسرا فائدہ: انسانوں کی طرح پتھر اور جانور بھی مختلف درجے رکھتے ہیں۔ اگرچہ ہر مخلوق تسبیح پڑھتی ہے مگر سبزہ کی تسبیح سے عذاب قبر میں کمی ہوتی ہے نہ کہ پتھر کی تسبیح سے جیسے کہ مسلمان کا قرآن پڑھنا باعث ثواب ہے نہ کہ کافر کا تیسرا فائدہ: مسلمانوں کی طرح کفار کے بھی مختلف درجے ہوتے ہیں۔ اس لئے جہنم کے درجے مختلف ہیں۔ ابولہب امیہ ابن خلف اور ابو طالب ایک درجہ کے کافر نہیں۔ چوتھا فائدہ: جو شخص اللہ کی اطاعت نہ کرے وہ جانور تو کیا پتھر سے بھی بدتر ہے۔ کیونکہ۔

آدمی آمد برائے بندگی　　زندگی بے بندگی شرمندگی

پانچواں فائدہ: انسانی دل اگر درست رہے تو فرشتوں سے افضل ہے اور اگر بگڑ جائے تو پتھروں سے بدتر۔ اسی واسطے کہتے ہیں کہ زبان اگر درست رہے تو زباں ہے اگر زیادہ چلے تو زیاں یعنی نقصان اور اگر ٹیڑھی ہو جائے تو زبان یعنی فساد۔ چھٹا فائدہ: دل کی نرمی اللہ کی بڑی نعمت ہے جو تمام نعمتوں کے حصول کا ذریعہ ہے زمین کو ہل سے نرم کر کے بیج بوتے ہیں پانی سے نرم کر کے برتن بناتے ہیں جس سے وہ محبوب کے پینے کے لائق ہوتا ہے ایسے ہی انسانی دل اگر نرم ہو تو اس میں ایمان و عرفان کے باغ لگیں گے۔ ساتواں فائدہ: جیسے مٹی لوہے وغیرہ کو نرم کرنے کی مختلف صورتیں کبھی مل کر کبھی پانی کبھی آگ سے نرم ہوتے

marfat.com
Marfat.com

ہیں یوں ہی نرمی دل کبھی مصیبتوں سے کبھی بزرگوں کی صحبت سے کبھی ان کی نگاہ سے نصیب ہوتی ہے۔ بنی اسرائیل کو یہ چاروں چیزیں دی گئیں مگر نرمی دل نصیب نہ ہوئی رب کا فضل شامل حال نہ تھا۔

پہلا اعتراض : اس تفسیر سے معلوم ہوا کہ **او اشد قسوۃ** میں **او** اختیار کے لئے بھی ہو سکتا ہے۔ حالانکہ اختیار انشاءت میں ہوتا ہے نہ کہ خبریں اور اس آیت میں خبر ہے۔ جواب: ہر خبر کے ضمن میں انشاء اور ہر انشاء کے ضمن میں خبر ہوتی ہے۔ بعض جگہ اس ضمنی چیز کا لحاظ کر لیا جاتا ہے (تفسیر عزیزی) یہ قاعدہ خوب خیال میں رکھو بہت فائدہ مند ہے بعض جگہ خبریں منسوخ ہو جاتی ہیں۔ اس ضمنی انشاء کی وجہ سے جیسے **ولا اعلم الغیب** دوسرا اعتراض: کفار کی سنگدلی بیان کرنے کے لئے صرف پتھر کا ذکر کافی تھا اس قدر پتھر کیوں بیان کئے گئے؟ جواب: اس لئے کہ اللہ والوں کے دل چار درجوں کے ہیں ایک وہ دل جو بحر توحید میں ڈوبا ہو اور اس سے معرفت کی نہریں جاری ہوں جیسے صوفیائے کرام کے دل دوسرا وہ جو علم ظاہری کے سمندر سے سیراب ہو اور خلقت اس سے نفع اٹھائے جیسے علمائے کاملین کا دل تیسرے وہ دل جو رب کی فرمانبرداری میں مشغول رہے اور اس کے خوف سے بھرپور ہو جیسے زاہدوں اور عابدوں کا دل اور کفار کے دل سرکشی اور غرور کی وجہ سے بے خوف ہیں نہ فیض علمی قبول کریں نہ کوئی اور اثر۔

تفسیر صوفیانہ : ہر دل میں فطری طور پر خوف الٰہی اور شفقت خلق کے پانی موجود ہیں گناہ اور بے دینوں کی صحبت اس کو خشک کرنے والی دھوپ ہے جب انسان گناہ میں مبتلا ہو جاتا ہے تو رفتہ رفتہ یہ دونوں پانی خشک ہو جاتے ہیں جس سے کہ اس کا دل خشک کنکر یا پتھر کی طرح سخت ہو جاتا ہے۔ سختی قلب کی تین علامتیں ہیں۔ آنکھ کا خشک ہونا یعنی آنسو نہ نکلنا دنیوی امیدوں کی زیادتی اور حرص زیادہ بولنا اور زیادہ ہنسنا قلب کو سخت کر دیتا ہے۔ خوف الٰہی میں آنسو اور زیادہ ذکر اللہ دل کو نرم کرنے والی چیزیں ہیں۔ صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ اگر رحمت الٰہی امداد نہ کرے تو آیتیں اور نشانیاں دل کی سختی بڑھاتی ہیں جیسے کہ ان یہود نے انبیاء کے معجزے دیکھے مگر ان میں زیادہ سختی پیدا ہوئی۔ ہدایت فضل رحمان سے ملتی ہے نہ کہ دلائل و براہین سے سخت قلب میں قرآن اور وعظ الٹا اثر کرتا ہے جیسے کہ بیمار کو مقوی دوائیں زیادہ بیمار کرتی ہیں۔

| |
|---|
| اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَ قَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ |
| کیا پس طمع رکھتے ہو تم اس کی کہ ایمان لائیں وہ واسطے تمہارے حالانکہ تحقیق تھا ایک گروہ ان میں |
| تو اے مسلمانو کیا تمہیں یہ طمع ہے کہ یہ یہودی تمہارا یقین لائیں گے اور ان میں کا ایک گروہ وہ |
| يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ |
| سے سنتے تھے وہ کلام اللہ کا پھر بدلتے تھے وہ اس کو پیچھے سے اس کے کہ سمجھتے تھے |
| تھا کہ اللہ کا کلام سنتے پھر سمجھنے کے بعد اسے |

marfat.com
Marfat.com

# وَهُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ

وہ اس کو حالانکہ وہ جانتے تھے

دانستہ بدل دیتے

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: اس سے پہلے گذشتہ یہودیوں کی سرکشی اور نافرمانی کا ذکر کیا گیا تھا۔ اب موجودہ یہودیوں کی حالت کا ذکر ہے۔ دوسرا تعلق: اس سے پہلے اسرائیلیوں سے خطاب تھا اور ان کو اسلام لانے کی رغبت دی گئی تھی اب مسلمانوں کو خطاب کر کے فرمایا گیا کہ یہ لوگ ایمان نہ لائیں گے فقط حجت ختم کرنے کے لئے ان کو دلائل سنا دیئے گئے۔ تیسرا تعلق: اس سے پہلے بتایا گیا کہ اسرائیلیوں نے پیغمبروں کے اعلیٰ معجزات دیکھ کر بھی سرکشی کی اب فرمایا جارہا ہے کہ اے مسلمانوں ایسی قوم کیا صرف تمہارے دلائل سن کر ایمان لے آئے گی۔ تم ان کی مخالفت پر رنج و غم نہ کرو کیونکہ یہ ان حرکتوں کے عادی ہیں۔

تفسیر : **افتطمعون** یہ استفہام تعجب کا ہے یا روکنے کا جیسے اپنے بچہ سے کہا جاوے کہ کیا اب تو ایسا کرے گا۔ یعنی نہ کرنا تا قیامت مسلمان کافر سے وفا کی امید نہ رکھیں ورنہ دھوکا کھائیں گے۔ اور خطاب صحابہ کرام سے ہے۔ اور ہو سکتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ہو اس لئے کہ حضور تبلیغ میں بہت کوشش فرماتے تھے اور یہود کے انکار سے آپ کو رنج و غم ہوتا تھا۔ رب تعالیٰ نے ان کی گذشتہ سرکشیاں سنا کر اپنے محبوب علیہ السلام اور مسلمانوں کو تسکین دی کہ کیا تم اب بھی ان کی سرکشی پر رنج و افسوس کرو گے خیال رہے کہ دنیاوی طمع بری ہے لیکن دینی طمع مبارک اور محمود۔ اس جگہ طمع سے نہیں روکا گیا بلکہ رنج و غم سے جو طمع کی وجہ سے تھا۔ حرص و ہوس طمع لالچ مختلف امیدوں کے نام ہیں اور قناعت صبر وغیرہ مختلف ناامیدیوں کے القاب۔ اللہ سے رسول سے طمع، لالچ، ہوس، حرص محمود ہے رب نے حضور کی تعریف فرمائی۔ **حریص علیکم** ایک ہے طمع رحمانی ایک ہے طمع شیطانی یونہی ایک ہے حرص نفسانی ایک ہے حرص ایمانی۔ صحابہ کو یہ طمع رحمانی ایمانی تھی۔ انہیں یہ تو فرمایا کہ کفار سے دھوکہ نہ کھانا مگر اس طمع پر عتاب نہ فرمایا۔ **ان یؤمنوا لکم** اس سے وہ یہودی مراد ہیں جن کا کافر رہنا اور ایمان قبول نہ کرنا اللہ کے علم میں آچکا تھا کیونکہ بہت سے یہودی ایمان لے بھی آئے تھے۔ ایمان کے معنی یقین کرنا ہے اور اصطلاحی معنی ہیں دینی باتوں کی تصدیق کرنا اس جگہ اگر لغوی معنی مراد ہوں تو لکم صلہ کا ہوگا یعنی جب انہوں نے انبیاء کرام کے اعلیٰ معجزات دیکھ کر ان کا یقین نہ کیا تو کیا تمہارا یقین کرلیں گے اور اگر اصطلاحی معنے مراد ہوں تو یہ لام **تعلیلیہ** ہے یعنی کیا تم کو طمع ہے کہ تمہاری تبلیغ تمہارے دلائل کی وجہ سے یہ ایمان لے آئیں گے۔ **وقد کان** واؤ حالیہ ہے عاطفہ۔ **کان** یا معنی 'تھا' ہے یا بمعنے ہے 'یعنی ان میں ایک گروہ ایسا تھا یا ایسا ہے **فریق منھم** فریق ربط اور جماعت کے معنی میں ہے یہ فرق سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں جدا ہونا۔ فریق علیحدہ اور جدا جماعت ہے یا تو خود ان کی یا ان کے بزرگوں کی یا تو اس جماعت سے وہ ستر آدمی مراد ہیں جو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کوہ طور پر گئے تھے اور رب کا کلام سن کر آئے۔ اور ان میں سے بعض نے قوم سے کہہ دیا کہ رب نے ان تمام احکام کے کرنے اور نہ کرنے کا تم کو اختیار دیا ہے اور یا دوسرے علماء یہود مراد ہیں۔ جنہوں نے توریت میں سے رجم

marfat.com
Marfat.com

وغیرہ کی آیتیں کاٹ ڈالیں یا حضور کے زمانہ کے وہ علماء یہود مراد ہیں جنہوں نے توریت میں نبی آخر الزمان کے صفات بدل ڈالے **یسمعون کلم اللہ** اس سے یا تو طور پر کلام الٰہی بلاواسطہ سننا مراد ہے اور یا توریت کے احکام موسیٰ علیہ السلام سے بلاواسطہ یا بالواسطہ سننا **ثم یحرفونہ** تحریف سے بنا ہے جس کے معنی ہیں ہٹا دینا اور رمائل کر دینا۔ اس کا مادہ حرف ہے۔ جس کے معنی ہیں علیحدہ ہونا کنارے اور نوک اور حرف کو بھی اس لئے حرف کہتے ہیں کہ وہ اصل میں علیحدہ ہوتا ہے اسی سے انحراف اور محرف بنا۔ تحریف کی چند صورتیں ہیں لفظ کا بدل ڈالنا معنی بدل ڈالنا۔ عبارت کا وہ مطلب بنانا جو اجماع امت کے خلاف ہو کلام الٰہی کی تحریف کفر ہے۔ جو شخص عبارت قرآن دیدہ و دانستہ بدلے وہ کافر ہے یہود توریت شریف میں ہر قسم کی تحریف کرتے تھے نبی آخر الزمان کے صفات میں لفظ ابیض تھا اسے کاٹ کر آدم بنا دیا تھا اس کی جگہ طوال لکھ دیا اور حضور کے فضائل اور معجزات بدل ڈالے احکام کی آیتیں مٹا کر اپنے خاطر خواہ عبارتیں بنا کر لکھ دیں مثلاً "توریت میں تھا کہ زانی کو سنگسار کرو۔ اس جگہ لکھ دیا کہ اس کا منہ کالا کر کے اس کو گدھے پر سوار کرو۔ چونکہ قرآن کریم کی رب تعالیٰ نے حفاظت فرمائی ہے اس لئے بحمدہ تعالیٰ اس میں کسی قسم کی تحریف نہ ہو سکی۔ اگرچہ قادیانیوں اور دیوبندیوں وغیرہ نے تحریف معنوی کی کوشش کی لیکن علماء ربانی نے ان سب کو مٹا دیا۔ **من بعد ما عقلوہ** یعنی شبہ کی وجہ سے تحریف نہ کی اور یہ نہ ہوا کہ لفظ یا معنے کے سننے یا سمجھنے میں ان سے غلطی ہو گئی ہو بلکہ الفاظ خوب سن لئے اس کے معنے خوب سمجھ لئے اور پھر اس کو بدل ڈالا۔ **وھم یعلمون** اور وہ تحریف کرتے وقت جانتے بھی تھے کہ یہ لفظ توریت کے نہیں ہیں اور یہ معنی خدا تعالیٰ کے مراد نہیں ہیں خلاصہ یہ ہے کہ تحریف کے دو عذر ہو سکتے تھے ایک یہ کہ پہلے ہی سے سننے میں غلطی ہوئی ہوتی۔ دوسرے یہ کہ بعد میں بھول گئے ان کو یہ دونوں عذر نہ تھے۔ **من بعد ما عقلوہ** میں نہ سمجھنے کا عذر دور کیا گیا اور **وھم یعلمون** میں یاد نہ رہنے کا یعنی انہوں نے توریت کے سننے کے وقت صحیح سنا تھا اور تحریف کرتے وقت اصل توریت یاد تھی یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ وہ جانتے تھے کہ تحریف میں بڑا عذاب ہے۔

**خلاصہ تفسیر :** خدا تعالیٰ مسلمانوں کو تسلی دیتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے کہ کیا تم یہودیوں سے امید رکھتے ہو کہ تمہاری تبلیغ سے دین اسلام قبول کریں گے۔ ان سے یہ امید نہ رکھو کیونکہ یہ سرکش قوم ہے اس میں بعض لوگ ایسے بھی تھے یا ہیں۔ جو کلام الٰہی سن کر اور خوب سمجھ کر پھر اپنی خواہش نفسانی سے بدل ڈالتے تھے اور اے مسلمانو اب تو ان کو تم سے اور تمہارے پیغمبر سے حسد و بغض بھی ہے۔ کیونکہ انہیں تمہاری وجہ سے اپنی ریاست جانے کا اندیشہ ہے۔ جب کہ نبی آخر الزمان تشریف بھی نہ لائے تھے اور انہیں ان سے کوئی خطرہ بھی نہ تھا جب ہی یہ ان کے صفات احوال بدل چکے تھے اور یہ جانتے بھی تھے کہ یہ سخت گناہ ہے تو اب جب کہ انہیں تم سے خطرہ بھی پیدا ہو چکا یہ تمہاری بات کیسے مان لیں گے۔ جس کلام کو یہ حق سمجھتے تھے اور جس نبی پر یہ ایمان لا چکے تھے جب اس پر انہوں نے یہ کاروائی کر لی تو قرآن اور صاحب قرآن کو تو یہ مانتے بھی نہیں۔ اگر اس کی مخالفت کریں تو تم کیوں رنج کرتے ہو۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ ہی میں توریت کو سن کر سمجھ کر اس کے خلاف عمل کرنا موسیٰ علیہ السلام کا فرمان جان کر بچھڑے کی پرستش کرنا عملی تحریف تھی۔ غرضیکہ انہوں نے توریت کی لفظی معنوی حکمی عملی ہر قسم کی تحریف کر ڈالی۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: ضدی عالم منصف جاہل سے بدر جہا بدتر ہے۔ کیونکہ

marfat.com
Marfat.com

اس جاہل کے ایمان کی امید ہے مگر اس عالم کے ایمان کی امید نہیں۔ اسی لئے فی زمانہ مناظرے فائدے مند نہیں ہوتے کیونکہ وہاں آبرو اور ضد کا سوال ہوتا ہے۔ **دوسرا فائدہ:** کوئی شخص اپنے علم و معرفت اور یقین بلکہ رب کی ہمکلامی کے باوجود ایمان نہیں پا سکتا۔ جب تک رحمت الٰہی شامل نہ ہو۔ ابلیس نے رب سے کلام ہار ہا کیا تھا مگر مردود ہو گیا۔ بلکہ عالم انوار دیکھ کر ملائکہ میں رہ کر مومن نہ رہا۔ صوفیائے کرام فرماتے ہیں جب کہ ایمان بعد العیان جاتا رہا تو ایمان بالبرہان کا کیا اعتبار مولانا فرماتے ہیں۔

جز عنایت کہ کشاید چشم را | جز محبت کہ نشاید چشم را
جہد بے توفیق خود کس رامباد | در جہاں واللہ اعلم بالسداد

بے توفیق والی عبادت کھوٹے روپے کی طرح ہے۔ دیکھنے میں عمدہ مگر بازار میں بے کار۔

مفلساں گر خوش شوند از زر قلب | لیک آں رسوا شود در دار ضرب

**تیسرا فائدہ:** دین کو بدلنا اس میں بری بدعتیں ایجاد کرنا بھی اسی وعید میں داخل ہے کیونکہ یہ بھی دین کی معنوی تحریف ہے

**چوتھا فائدہ:** تبلیغ احکام ہمیشہ اور ہر شخص کو کرنی چاہئے اور لوگوں کے انکار پر رنج و غم نہ کرنا چاہئے۔ دیکھو رب نے یہود کے ایمان سے مسلمانوں کو مایوس تو کر دیا مگر تبلیغ سے نہ روکا۔

**پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ بعض یہودیوں نے توریت کی تحریف کی پھر اس سے سب جماعت کے ایمان سے کیوں مایوس کیا گیا۔ نیز گذشتہ یہودیوں نے تحریف کی تھی اس کی بنا پر موجودہ یہودیوں کے ایمان سے کیوں مایوسی ہوئی۔ **جواب:** اس لئے کہ یہ بعض لوگ ان تحریف کرنے والوں کے اندھے مقلد تھے اور بے دین ضدی عالم اور اس کا اندھا مقلد بے ایمانی میں دونوں برابر ہیں کہ ان کے ایمان کی امید نہیں۔ **دوسرا اعتراض:** ان کی تبلیغ سے کیا فائدہ کیونکہ تبلیغ تو دعوت حق کے لئے ہوتی ہے۔ **جواب:** اگر تبلیغ سے کافر مسلمان ہو جائیں تو مبلغ کو دو ثواب ملتے ہیں اور اگر کوئی مسلمان نہ ہو تو صرف احکام پہنچانے کا ایک ثواب ضرور مل جاتا ہے۔ **تیسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ جان بوجھ کر تحریف کرنا جرم ہے نہ کہ غلطی سے تو جو شخص غلطی سے بے دین ہو جائے چاہئے کہ وہ گنہگار بھی نہ ہو۔ **جواب:** بیشک اگر حافظ بھول کر آیت غلط پڑھ جائے یا عالم خطاء معنی میں غلطی کر جائے یا مجتہد اجتہاد میں خطا کرے تو یہ گنہگار نہیں بشرطیکہ اس پر ضد نہ کریں اور کوئی عالم غلطی سے بے دین نہیں ہوتا بلکہ دیدہ دانستہ ہی بنتا ہے رہے جہلا ان کا ذکر اگلی آیت میں آ رہا ہے۔ **چوتھا اعتراض:** جب کلام الٰہی کے الفاظ کا معنے اور حکم بدلنا تحریف ہے تو چاہئے کہ قرآن کا ترجمہ بھی نہ کیا جائے اس لئے کہ اس میں کلام کے الفاظ بدل جاتے ہیں اور انہیں کو رب کی طرف نسبت دی جاتی ہے۔ مثلاً "کوئی کہتا ہے کہ خدا نے فرمایا کہ نماز پڑھو حالانکہ یہ عبارت خدا کی نہیں۔ **جواب:** یہ تحریف نہیں بلکہ تعبیر ہے تاکہ عربی نہ جاننے والے قرآن کا مطلب سمجھ جائیں اس میں ضروری ہے کہ مضمون نہ بگڑے یہ کوئی بھی نہیں کہتا کہ یہ الفاظ خدا کے ہیں۔ تبدیلی الفاظ قرآن پاک میں بھی ہے۔ فرمایا ہے۔ **وانہ لفی زبر الاولین۔** یہ قرآن اگلوں کے صحیفوں میں تھا حالانکہ وہ صحیفے زبان عبرانی میں تھے اور قرآن عربی میں ہے۔

**تفسیر صوفیانہ:** روحانی ترقی کا مدار انا کو فنا کرنے پر ہے جس سے غنا نصیب ہو۔ ان بد نصیب یہودیوں کو انا کی بیماری تھی جس

marfat.com
Marfat.com

کی وجہ سے وہ توریت کی تبدیلی میں بھی جرات کرنے سے نہ ڈرتے تھے اور اپنی انا کے فنا کے خوف سے حضور کے اوصاف کریمہ کو توریت سے نکالنے پر تلے ہوئے تھے اس انا نے ابلیس کا بیڑا غرق کیا اسی انا نے فرعون سے دعویٰ خدائی کرایا کہ ابلیس نے کہا **انا خیر منہ** اور فرعون بولا **انا ربکم الا علیٰ** انا وہ آگ ہے جو ایک دم میں ایمان و عرفان کے باغ کو تباہ برباد کردیتی ہے۔ اسی کو فنا کردینے کا نام ولایت ہے۔ شعر

خود کو ایسا مٹا کہ تو نہ رہے     تجھ میں اپنی خودی کی بو نہ رہے

**وَاِذَا لَقُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰی**

اور جب ملیں وہ ان سے جو ایمان لائے تو کہیں ایمان لائے ہم اور جب تنہا ہو بعض ان کا طرف

اور جب مسلمانوں سے ملیں تو کہیں ہم ایمان لائے اور جب آپس میں اکیلے ہوں تو کہیں

**بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَیْكُمْ لِیُحَآ**

بعض کے تو کہیں کیا خبر دیتے ہو تم ان کو ساتھ اس کے جو کھولی اللہ نے اوپر تمہارے

وہ علم جو اللہ تعالٰے نے تم پر کھولا مسلمانوں سے بیان کیے دیتے ہو

**جُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۞ اَوَلَا یَعْلَمُوْنَ**

تاکہ حجت کریں وہ تم سے ساتھ اس کے نزدیک رب تمہارے کے کیا پس نہیں عقل رکھتے تم کیا

کہ اس سے تمہارے رب کے یہاں تمہیں پر حجت لائیں کیا تمہیں عقل نہیں کیا نہیں جانتے

**اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ۞**

اور نہیں جانتے وہ تحقیق اللہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں وہ

کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں۔

**تعلق :** اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** اس سے پہلے حضور علیہ السلام کے زمانہ کے یہودیوں کا ایک عیب بیان کردیا گیا۔ اب ان کا دوسرا عیب بیان کیا جارہا ہے۔ **دوسرا تعلق:** اس سے پہلے بتایا گیا تھا کہ علماء یہود بذریعہ قلم لوگوں کو ایمان سے روکتے ہیں۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ وہ زبانی بھی بہت روک تھام کررہے ہیں۔ **تیسرا تعلق:** اس سے پہلے ایک دلیل سے مسلمانوں کو یہودیوں سے مایوس کیا گیا اب اسی مایوسی کی دوسری دلیل بیان ہورہی ہے کہ اے مسلمانو یہ خود تو کیا ایمان لائیں گے ان کو تو یہ بھی گوارہ نہیں کہ ان کی جماعت کا کوئی آدمی حضور علیہ السلام کی زبانی تعریف بھی کردے۔ **چوتھا تعلق:** پچھلی آیت سے شبہ پڑھتا تھا کہ تحریف وغیرہ صرف علماء یہود کا کام ہے ان کی جماعت کے عام لوگ ایسے خبیث

marfat.com

Marfat.com

نہیں یہ تو ہمارے نبی کی تعریفیں بھی کرتے ہیں اب اس شبہ کو دور کیا جارہا ہے کہ اے مسلمانوں کی ظاہری تعریف کو مت دیکھو یہ تقیہ کرتے ہیں۔ نیز ان کی باگ دوڑ ان کے علماء کے ہی ہاتھ میں ہے وہ ان کو تنہائی میں خوب ڈانٹتے ہیں۔

**شان نزول :** حضور علیہ السلام کے زمانہ میں کچھ یہودی صحابہ کرام سے ملتے تھے کہ ہم بھی اس پر ایمان لائے ہیں جس پر تمہارا ایمان ہے اور تمہارے نبی سچے ہیں۔ ان کا فرمان حق ہے ان کی صفتیں توریت شریف میں موجود ہیں ان لوگوں پر علماء یہود ملامت کرتے تھے ان لوگوں کے لئے آیت کریمہ آئی (تفسیر خزائن العرفان)

تفسیر : **واذا لقوا الذین امنوا** اس جگہ محرفین یہود مراد نہیں بلکہ منافق جماعت جنے جب منافق یہودی مخلص مسلمانوں سے ملتے ہیں **قالوا امنا** کہتے ہیں کہ ہم تمہاری طرح دل سے ایمان لے آئے لیکن اپنے اہل قرابت اور بزرگوں کے ڈر سے اپنے باپ داداؤں کا دین نہیں چھوڑتے بظاہر تو ہم توریت کے عامل ہیں۔ مگر در حقیقت تمہارے ساتھی (تفسیر عزیزی) **واذا خلا بعضھم الی بعض** خلا کی تحقیق سورہ بقر کے شروع میں ہو چکی۔ پہلے بعض سے منافقین اور دوسرے بعض سے محرفین یا کھلے کافر مراد ہیں۔ یعنی جب بعضے منافقین ایسی باتیں بنا کر اپنے علماء کے ساتھ تنہائی میں جمع ہوتے ہیں جہاں کوئی مسلمان نہ ہو۔ **قالوا اتحدثونھم** کا فاعل دوسرے بعض ہیں۔ یعنی یہ علماء یا کھلے کافران منافقین سے کہتے ہیں کہ کیا تم مسلمانوں کو ایسی باتیں بتا دیتے ہو **تحدثون** تحدیث سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں بات کرنا یا خبر دینا خیال رہے کہ یہ کفار تنہائی میں ہی ملامت کرتے تھے کیونکہ اعلانیہ ملامت کرنے میں انہیں دو خطرے تھے۔ ایک یہ کہ کہیں یہ منافقین ہم سے کٹ کر مسلمانوں سے نہ جا ملیں دوسرے یہ کہ مسلمان ہمارے اس ڈر اور خوف سے خبردار نہ ہو جائیں۔ اس لئے خیر خواہانہ طریقے پر چھپ کر ان سے کہتے تھے۔ اس چھپے راز کا اظہار حضور علیہ السلام کی نبوت کی کھلی دلیل ہے۔ **بما فتح اللہ علیکم** فتح کے لفظی معنی ہیں کھولنا یہاں ظاہر کرنا اور بیان کرنا مراد ہے یعنی اے منافقو نبی آخر الزمان کے فضائل اور ان کی امت کی بزرگیاں اور بنی اسرائیل سے ان کی اطاعت کا عہد و پیمان جو توریت میں مذکور ہے یہ توریت و زبور کے خزانوں کے قیمتی علمی موتی ہیں جن کو ہم نے اب تک مصلحتاً" بمشکل چھپایا ہے تم کیا غضب کر رہے ہو کہ مسلمانوں پر ظاہر کئے دیتے ہو۔ **لیحاجوکم بہ** یہ لام انجام کا ہے جیسے کہا جاتا ہے کہ اس نے چوری کی جیل خانہ کے لئے یعنی تمہاری اس خبر دینے کا انجام یہ ہوگا۔ **یحاجو**' **محاجتہ** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں مناظرہ کرنا یا غالب ہو جانا۔ یعنی مسلمان اس ذریعہ سے تم سے مناظرہ و مقابلہ کریں گے یا تم پر غالب آجائیں گے کیونکہ تمہاری یہ باتیں ان کے لئے دستاویز کا کام دیں گی۔ جس سے وہ تم کو الزام دے کر خاموش کر دیں گے۔ **عند ربکم** اس کے معنی میں علماء نے بہت تردد کیا ہے۔ کسی نے **عند** کو فی کے معنی میں لیا کسی نے **ربکم** سے پہلے لفظ کتاب یا حکم پوشیدہ مانا کسی نے عند کو اعتقاد کے معنی میں لیا۔ مگر صحیح توجیہ یہ ہے کہ عند اپنے معنی میں ہے اور کوئی لفظ پوشیدہ نہیں یعنی قیامت کے دن رب تعالیٰ کے سامنے مسلمان تم کو رسوا کریں گے کہ کہیں گے کہ مولیٰ انہوں نے ہمارے سامنے اسلام کی حقانیت کا اقرار کیا اور پھر اس کی مخالفت کی جس سے تم اقبالی مجرم اور اقراری ملزم بنو گے جس کی سزا بھی زیادہ ہوتی ہے اور رسوائی کافی **افلا تعقلون** ظاہر یہ ہے کہ یہ ان علماء کا ہی کلام ہے اور اس میں منافقین سے خطاب ہے یعنی اے منافقو تم یہ بات سمجھتے کیوں نہیں اور اس خطا سے بچتے کیوں نہیں یہ بھی احتمال ہے کہ یہ کلام رب کا ہو اور مسلمانوں سے خطاب ہو کہ اے

marfat.com
Marfat.com

مسلمانو تم یہ واقعات سن کر سمجھتے کیوں نہیں اور ان کے ایمان سے مایوس کیوں نہیں ہوتے۔ **او لا یعلمون** رب تعالیٰ ان کی تردید فرمارہا ہے یہ استفہام انکاری ہے یعنی کیا یہ علمائے یہود اتنا نہیں جانتے کہ **ان اللہ یعلم ما یسرون وما یعلنون** کہ اللہ ان کی چھپی اور علانیہ سب باتوں کو جانتا ہے۔ یا تو اس کا یہ مطلب ہے کہ منافقین کے ظاہر کرنے اور علماء کے درپردہ منع کرنے کو رب جانتا ہے۔ قیامت میں ان پر الزام تو قائم ہو چکا یا مسلمانوں کو اس مشورہ سے آگاہ فرمادے گا جس سے وہ دنیا اور آخرت میں ان پر الزام قائم کریں گے یا حق تعالیٰ ان کی چھپائی ہوئی اور ظاہر کردہ توریت کی آیتیں جانتا ہے مسلمانوں کو اس سے مطلع فرمادے گا۔ جس سے ان کی یہ کوشش بیکار جائے گی۔ چنانچہ عبداللہ ابن اسلام اور حضرت کعب احبار جیسے علماء یہود کو رب تعالیٰ نے اسلام کی توفیق دی۔ جنہوں نے توریت شریف کی چھپائی ہوئی آیتیں ظاہر فرمائیں اور حضور کی نعت شریف کے گیت گائے۔

**خلاصہ تفسیر** : حق تعالیٰ مسلمانوں کو یہود کی دوسری بری خصلت سے مطلع کر رہا ہے اور فرماتا ہے کہ ان کی بے دینی یہاں تک پہنچ چکی کہ ان کی ایک جماعت نے کفر و ایمان کو معمولی بات سمجھ رکھا ہے کہ جب مسلمانوں سے ملتے ہیں تو اپنے ایمان کا اظہار اور حضور علیہ السلام کے فضائل کا اقرار کرتے ہیں اور جب اکیلے میں جمع ہوتے ہیں تو ایک دوسرے پر ملامت اور انکار کرتے ہیں اور ان میں دوسری جماعت وہ ہے جو منافقین کی زبانی تعریف کو بھی گوارا نہیں کرتی وہ ان کو تنہائی میں سمجھاتی ہے کہ تم مسلمانوں کے سامنے توریت وغیرہ کی وہ باتیں کیوں کرتے ہو جن سے اسلام کی حقانیت ثابت ہو اس کا انجام یہ ہوگا کہ جس طرح وہ تم کو اور دلائل سے الزام دیتے ہیں اسی طرح ان آیتوں اور تمہارے اقرار سے بھی تم کو الزام دیں گے۔ نیز بارگاہ الٰہی میں ابھی تم بے علمی کا بہانہ کرسکتے ہو مگر پھر نہ کرسکو گے۔ بلکہ اقبالی مجرم کی حیثیت سے سخت سزا کے مستحق ہوگے۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ کیا یہ بیوقوف ہم کو بے علم جانتے ہیں۔ یہ مسلمانوں سے کچھ کہیں یا نہ کہیں ہمیں سب کچھ روشن ہے نیز ہم نے ہی توریت اتاری ہے ہم اپنے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اور مسلمانوں کو ان کی چھپائی ہوئی آیتیں بتادیں گے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** مناظرہ کرنا۔ مقابل کی کتابوں کی خبر رکھنا۔ ان کو الزامی جواب دینا سنت انبیاء ہے اسی لئے تو علمائے یہود توریت کی آیتیں چھپاتے تھے کہ مسلمان ہم کو الزامی جواب نہ دیں۔ **دوسرا فائدہ:** دنیا کی ہوس اور یہاں کی عزت و آبرو کی طمع انسان کے دین کو برباد کردیتی ہے۔ دیکھو علماء یہود کو خدا سے خوف بھی تھا اور آخرت کے اقبالی جرم سے ڈرتے بھی تھے مگر پھر دنیوی لالچ میں اپنی ضد پر قائم تھے۔ **تیسرا فائدہ:** حق بات اور حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اوصاف چھپانا اور حضور کے کمالات کا انکار کرنا خبیث یہودیوں کا طریقہ ہے اس زمانہ کے عام دیوبندی اور وہابیوں کا یہی طریقہ ہے کہ فضائل کی آیات و حدیث نہ پڑھیں نہ کسی کو بتائیں اگر ان کا بس چلے تو ان آیتوں اور حدیثوں کو مٹا ہی دیں اور جن آیتوں سے ان کے خیال میں حضور کی اہانت نکلے ان کا ہر جگہ اعلان کریں۔ یہ بالکل ان محرفین یہودیوں کے قدم بقدم ہیں۔ اسمٰعیل دہلوی نے تقویۃ الایمان میں صاف لکھ دیا کہ حضور کی بندوں کی سی تعریف کرو اور اس میں بھی کمی کرو مگر میرے رب کا حکم یہ ہے کہ **وتعزروہ وتوقروہ** اس شہنشاہ کی خوب تعظیم کرو۔ لہٰذا رب کی ہی بات مانی جائے گی کہ کسی اور خبیث کی۔ **چوتھا فائدہ:** بری نیت سے کتاب اللہ پڑھنا بھی حرام بلکہ کفر ہے دیکھو علماء بنی اسرائیل حضور علیہ السلام کے

marfat.com
Marfat.com

لو صاف چھپانے کی نیت سے توریت پڑھتے تھے ان کا یہ فعل کفر تھا ہم سورہ عبس کی تفسیر میں انشاء اللہ ذکر کریں گے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس امام کو قتل کرادیا تھا جو حضور کی اہانت کی نیت سے ہر نماز میں عبس پڑھا کرتا تھا۔ آج دیوبندی وہابی اور دیگر بیدینوں کا یہی دستور ہے کہ ان کا قرآن و حدیث پڑھنا پڑھانا بری نیت سے ہے ہم نے تو دیکھا کہ یہ نماز میں بھی وہی آئیتیں پڑھتے ہیں جن میں حضور کی توہین سمجھتے ہیں۔ انہیں سورہ حجرات، طٰہٰ اور سورہ فتح وغیرہ یاد ہی نہیں ہوتیں ایسے ہی لوگوں کے متعلق حدیث شریف میں آیا کہ وہ قرآن پڑھیں گے۔ قرآن ان پر لعنت کرے گا۔ جب قرآن لانے والے کی عظمت دل میں نہ ہو تو قرآن پڑھنا بیکار ہے۔ قرآن پڑھنا، دیکھنا، چھونا سب عبادت ہے مگر جب کہ اچھی نیت سے ہو بری نیت سے یہ تمام کام گناہ بلکہ کبھی کفر ہوتے ہیں۔ دیکھو مسجد میں آنا عبادت ہے مگر آنا نہ کہ جوتی چرانے کی نیت سے حضور کی اہانت ثابت کرنے کو قرآن پڑھنا بے دینی ہے۔ **پانچواں فائدہ:** کوئی مخص حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے اپنا راز چھپا نہیں سکتا دیکھو بنی اسرائیل نے چھپ کر جو مشورے کئے تھے وہ رب نے حضور پر ظاہر فرمادیئے۔ **چھٹا فائدہ:** مسلمانوں کو اپنے ایمان کا اعلان کرنا بلکہ اپنی صورت و سیرت سے اسلام ظاہر کرنا ضروری ہے صرف زبانی اظہار کافی نہیں جیسا کہ قالوا فرمانے سے معلوم ہوا کہ یہاں قالوا عتاب کے لئے ہے۔ **ساتواں فائدہ:** مسلمانوں کو کفار سے محبت ان سے خلوتوں میں ملاقاتیں قابل راز باتیں ممنوع ہیں کہ کفار اس طرح ان کو بہکانے لگیں۔ کیونکہ خلا بعضھم کو بھی بطور عتاب فرمایا اور بعضھم فرما کر بتایا کہ زبانی ایمان کا اقرار کرنے والے کفار کی جماعت سے ہیں تم میں سے نہیں یعنی مجاہر کافر اور ساتر سب آپس میں ایک ہیں۔

**اعتراض:** کیا اس جگہ وہ منافقین مراد ہیں جن کا ذکر سورہ بقر کے شروع میں آچکا ہے یا دوسرے اگر وہ ہی مراد ہیں تو اس تکرار سے کیا فائدہ؟ نیز وہاں کچھ اور مشورہ بتایا گیا تھا یہاں اس کے خلاف۔ **جواب:** یہاں منافقین مراد ہیں خواہ وہ ہی ہوں یا کوئی دوسرے۔ اس جگہ منافقین کا مسلمانوں کے ساتھ برتاؤ بتانا منظور تھا۔ اور یہاں ان کے ایمان سے مایوس کرنا منظور ہے لہٰذا تکرار نہ ہوئی نیز تاکید کے لئے تکرار بری نہیں اور وہاں منافقین کا کلام ارشاد ہوا تھا کہ وہ کہتے تھے انا معکم اور یہاں کھلے کافروں کی فہمائش کا ذکر ہے۔ خیال رہے کہ بعض یہود وہ بھی تھے جو دل سے حضور کی تعظیم کرتے تھے مگر خوف سے اقرار نہ کر سکتے تھے۔ مسلمانوں سے علیحدہ میں ڈرتے ڈرتے کچھ کہہ دیتے تھے۔ ممکن ہے کہ اس جگہ وہ مراد ہوں۔

وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا

اور ان میں سے بے پڑھے ہیں نہیں جانتے وہ کتاب کو مگر خواہشات کو اور نہیں ہیں

اور ان میں کچھ اَن پڑھ ہیں کہ جو کتاب کو نہیں جانتے مگر زبانی پڑھ لینا یا کچھ اپنی

يَظُنُّونَ ۞

وہ مگر گمان کرتے

من گھڑت اور نرے گمان میں ہیں

marfat.com
Marfat.com

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے کئی طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** جن یہودیوں کے ایمان سے مایوسی تھی ان کے چار فرقے تھے ایک گمراہ کن علماء دوسرے منافقین' تیسرے منافقین کو ڈانٹنے والے یہودی چوتھے عام جہلاء۔ اس سے پہلے تین فرقوں کا ذکر ہو چکا اب چوتھے فرقے کا ذکر ہے۔ **دوسرا تعلق:** اس سے پہلے ان یہود کے ایمان سے ناامید کیا گیا اب یہ بتایا جارہا کہ ان کی بے ایمانی کی ایک وجہ نہیں۔ علماء تحریف سے منافقین نفاق سے اور جہلاء ان کی اندھی پیروی سے کفر پر اڑے ہوئے ہیں۔ **تیسرا تعلق:** اس سے پہلے علمائے یہود کے دو عیب بیان ہو چکے اب تیسرا عیب بیان ہو رہا ہے کہ انہوں نے اپنے جہلا کو اپنے پھندے میں ایسا جکڑ رکھا ہے کہ جس سے ان کو نکلنے ہی نہیں دیتے۔

**تفسیر** : **ومنهم امیون'** **هم** کا مرجع وہ یہودی ہیں جن کے ایمان سے مایوسی ہے۔ **امیون** امی کی جمع ہے یہ ام سے بنا ہے جس کے معنی ہیں' اصل۔ ماں کو ام مکہ مکرمہ کو ام القریٰ سورہ فاتحہ کو ام الکتاب حضور علیہ السلام کو امی اس لئے کہتے ہیں کہ ماں بچے کی' مکہ مکرمہ ساری زمین کی سورۂ فاتحہ سارے قرآن کی حضور علیہ السلام سارے عالم کی اصل ہیں۔ حضور علیہ السلام کے امی ہونے کے اور بھی معنی ہیں جو انشاء اللہ **النبی الامی** کی تفسیر میں بیان کئے جائیں گے۔ اب بے پڑھے آدمی کو یا کتاب اور رسول کے منکر کو امی کہا جاتا ہے۔ یہاں پہلے معنی بے پڑھے لکھے آدمی مراد ہیں۔ یعنی جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے ایسے ہی رہے یا یہ صرف ماں والے ہیں باپ کا ان پر سایہ نہ تھا جو انہیں تعلیم و تربیت دیتا یعنی ان یہودیوں میں بعض ان پڑھ جہلاء ہیں جن کا حال یہ ہے کہ **لا یعلمون الکتب** اس کتاب سے توریت شریف مراد ہے اور علم سے جاننا مراد ہے۔ یا سمجھنا یعنی پڑھ تو لیتے ہیں۔ سمجھتے نہیں یا نہ پڑھ سکتے ہیں بلکہ ان کے علماء جو کچھ انہیں پڑھ کر سنا دیتے ہیں اس پر اندھا دھند ایمان لے آتے ہیں اور ان کے سوا کسی کو نہیں سنتے۔ لطف یہ ہے کہ اہل کتاب کہلاتے ہیں مگر کتاب سے بالکل ناواقف جیسے کہ آج کل کے عام اہل حدیث کہ حدیث کی کتابوں کے صحیح نام بھی نہیں لے سکتے مگر کہلاتے ہیں اہل حدیث لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل اسی نکتہ کے لئے **امیون** کی قرآن کریم نے یہ تفسیر فرمادی۔ **الا امانی** یہ کتاب کا مستثنیٰ متصل ہے یا منقطع **امانی امنیۃ** کی جمع ہے اور اس کے چند معنی ہیں۔ دل خوش کن بات جھوٹے خیالات گھڑی ہوئی باتیں پڑھی ہوئی چیز قرآن کریم فرماتا ہے۔ **اذا تمنی القی الشیطن فی امنیته** اور قرآن کریم میں یہ لفظ ہر معنی میں استعمال ہوا ہے۔ اگر آخیر معنی مراد لئے جائیں تو یہ مطلب ہے کہ یہ جہلا توریت شریف کے مضامین نہیں جانتے اور نہ اسے پڑھ سکتے ہیں بلکہ جو ان کے علماء پڑھ کر سنا دیتے ہیں ان پر ایمان لے آتے ہیں حضرت عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ توریت نہیں جانتے مگر صرف بغیر معنی سمجھے زبانی پڑھ لینا (تفسیر خازن و خزائن العرفان) ان دونوں صورتوں میں یہ مستثنیٰ متصل ہے۔ بعض مفسرین نے یہ معنی کئے کہ **امانی** سے وہ جھوٹی گھڑی ہوئی باتیں مراد ہیں جو یہودیوں نے اپنے علماء سے سن کر بے تحقیق مان لی تھیں۔ مثلاً یہ کہ ہم اللہ کے محبوب اور اس کے بیٹے ہیں جو چاہیں کریں ہماری پکڑ نہیں یا یہ کہ ہمارے باپ دادا خدا کی مرضی بدل سکتے ہیں کہ خدا ہم کو پکڑے گا تو وہ جبراً چھڑا دیں گے یا یہ کہ یہود کو سات یا چالیس دن سے زیادہ عذاب نہ ہوگا۔ یا یہ کہ یہود کی شریعت قیامت تک باقی ہے کبھی منسوخ نہیں ہو سکتی یا یہ کہ نبوت و رسالت بنی اسرائیل کے ساتھ خاص ہے غیر اسرائیلی نبی نہیں ہو سکتا وغیرہ وغیرہ اس صورت میں یہ مستثنیٰ منقطع ہے یعنی وہ کتاب سے بالکل دور رہیں صرف انہوں نے اپنے علماء کی گھڑی ہوئی باتیں یاد کر رکھی

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ پھر لطف یہ ہے کہ وان ھم الا یظنون یعنی ان کے پاس ان باتوں کی کوئی دلیل نہیں محض خوش اعتقادی سے مانتے ہوئے ہیں یا انہیں خود بھی ان باتوں کا یقین نہیں محض بے بنیاد خیالات پکا لئے ہیں الحمد للہ کہ اپنے دین پر اطمینان اور یقین تو مسلمان ہی کو حاصل ہے آج بھی دیکھا جا رہا ہے کہ پڑھے لکھے ہندو اور سکھ وغیرہ اولیاء اللہ کے مزارات پر حاضری دیتے ہیں اپنے بیماروں پر مسلمانوں پر قرآن پاک پڑھا کر دم کراتے ہیں۔ مسجدوں کے دروازوں کی خاک اپنے بیماروں پر ملتے ہیں۔ بلکہ اب تو آریہ اور عیسائی سوسائیٹیاں بھی عملی طور پر قرآن کریم کی طرف آ رہی ہیں اور اس کو اپنے لئے دستور العمل بنا رہی ہیں ہم نے تو یہ دیکھا ہے کہ بعض ہندوؤں کو جب جان کنی کی تکلیف ہوتی ہے تو اس کے ورثا کہتے ہیں کہ اب ان کی کہلواؤ۔ یعنی اسلامی کلمہ پڑھواؤ۔ کشتی میں سوار ہوتے وقت بعض جگہ ہندو ملاح کہتے ہیں کہ نبی جی کا کلمہ پڑھو تا کہ بیڑا پار لگے۔ بعض ہندو ہر مصیبت میں حضور غوث پاک کی گیارہویں دیتے ہیں۔ الحمد للہ مسلمان ہر مصیبت اور آرام میں اپنے اسلام پر ہی قائم رہتا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اب بھی کفار کو اپنے دین پر یقین نہیں آج کل بعضے جہلا یہ آیت عوام مسلمانوں کی تلاوت قرآن پر چسپاں کرتے ہیں ترجمہ یوں کرتے ہیں کہ بعض مسلمان قرآن کا ترجمہ نہیں جانتے صرف اس کے الفاظ بڑبڑا لیتے ہیں۔ یہ کلمہ بڑی بیدینی ہے ورنہ بتاؤ کہ یہ آیت حضور کے زمانے میں نازل ہوئی جب کہ سارے صحابہ عربی دان تھے۔ بتاؤ اس وقت کون بے سمجھے پڑھتا تھا۔ نیز اس سے پہلے یہود کا ذکر ہو رہا ہے بعد میں بھی انہیں کا ذکر ہے پھر بیچ میں یہ ایک آیت مسلمانوں کے لئے کیسے آ گئی نیز اس کے آخر میں ہے وھم یظنون یعنی وہ نرے گمان میں ہیں یعنی کتاب اللہ چھوڑ کر اپنے گمانوں کو عقیدہ بنا بیٹھے ان مسلمانوں کا یہ حال کہاں ہے۔ وہ قرآن کی تلاوت ثواب کے لئے کرتے ہیں نہ کہ قرآن کے مقابل اپنی رائے قائم کرنے کو۔ غرضیکہ یہ ترجمہ بالکل غلط ہے اس سے مسلمانوں کو ایک عبادت یعنی تلاوت سے روکنا منظور ہے۔

خلاصہ تفسیر: اہل کتاب میں بعض وہ جہلا اور بے پڑھے بھی ہیں کہ جو کتاب اللہ کو بالکل نہیں جانتے جو ان کے گمراہ کن علماء نے اپنی مرضی کے موافق میٹھی میٹھی باتیں گھڑ رکھی ہیں انہوں نے ان باتوں کو اپنی رائے کے مطابق پا کر یاد کر لیا ہے اور اپنے خیال میں ان کو توریت کے مضامین اور خلاصہ سمجھ کر خوش ہوتے ہیں کہ ہم نے کتاب کا لب لباب نکال لیا یا وہ جہلا توریت کی عبارت بے سوچے سمجھے طوطے کی طرح پڑھ لیتے ہیں اس کے مضامین تک نہیں پہنچتے مگر لطف یہ ہے کہ انہیں خود بھی ان باتوں پر یقین نہیں۔ تفسیر کبیر نے اس جگہ فرمایا کہ اس قسم کے لوگ مسلمانوں میں بھی موجود ہیں ان میں بعض گمراہ کن علماء ہیں جو کہ قرآن کریم اور حدیث کی تحریف معنوی میں دن رات مشغول رہتے ہیں بعض مسلم نما کفار وہ ہیں جو غیروں کی مرضی پر اپنا دین و مذہب اور قوم قربان کرنے پر تیار ہیں۔ بعض وہ جہلا بھی ہیں جنہوں نے قرآن کریم کے اردو ترجمے دیکھ کر کچھ نوٹ لگا رکھے ہیں اور اپنے کو بڑا عالم مفسر محدث جانتے ہیں۔ اس زمانہ کی اکثر اردو تفسیروں کا یہ ہی حال ہے۔ کوئی جاہل روح قرآن کوئی در قرآن کوئی ترجمان القرآن ناموں سے اسی قسم کی تفاسیر چھاپ رہے ہیں۔

فائدے: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ: دینی معارف نظری ہیں نہ کہ بدیہی جن کو بہت غور و فکر سے معلوم کرنا ضروری ہے۔ دوسرا فائدہ: دینیات میں یقین ضروری ہے ظن اور گمان ناکافی ہے۔ تیسرا فائدہ: عقائد میں تقلید حرام ہے ہم مقلدین صرف فروعات میں مقلد ہیں نہ کہ عقائد میں یعنی ہم توحید و رسالت حشر و نشر وغیرہ کو صرف امام اعظم

marfat.com
Marfat.com

کے قیاس سے نہیں جانتے بلکہ دلائل یقینیہ سے **چوتھا فائدہ:** گمراہ کن عالم اور اس کا پیرو جاہل دونوں برابر کے گمراہ ہیں اگرچہ عالم کا عذاب دوگنا ہے کیونکہ وہ گمراہ بھی ہیں اور گمراہ کن بھی **پانچواں فائدہ:** جیسے عالم پر فرض ہے کہ صحیح مسائل لوگوں کو بتائے اور خود بھی عمل کرے اسی طرح جاہل کا فرض ہے کہ سچے علماء کی صحبت اختیار کرے ہر چمکتی چیز کو سونا نہ سمجھے ورنہ وہ رب کے ہاں گرفتار ہوگا۔ **چھٹا فائدہ:** خود دین سے بالکل بے خبر رہنا سخت جرم ہے عقائد اور ضروری مسائل سیکھنا ہر مسلمان پر فرض عین ہے پورا عالم دین بننا فرض کفایہ ہے۔ اپنے بچوں کو اتنا علم دین سکھادو کہ وہ مسلمان رہیں کفار کا شکار نہ بن جاویں یہ خیال رہے کہ فقہ سیکھنا بھی کتاب اللہ سیکھنا ہے۔ فقط ترجمہ قرآن سیکھنا کتاب اللہ کا علم نہیں۔ **ساتواں فائدہ:** **منہم امیون** سے یہ حاصل ہوا کہ رب نے جہالت دین پر عتاب فرمایا۔

**اعتراض : پہلا اعتراض :** اس آیت سے معلوم ہوا کہ ظن یعنی گمان بری چیز ہے اور قیاس بھی ظن ہی ہے لہٰذا صرف قرآن و حدیث کو ماننا چاہئے (غیر عقلد) **جواب:** بیشک اصول دین میں ظن برا ہے وہاں یقینیات چاہییں فروعی اعمال میں ظن معتبر اگر یہاں بھی یقینیات کی ضرورت ہو تو بہت دشواری ہوگی کیونکہ اکثر حدیثیں اور قرآن پاک سے نکالے ہوئے بہت مسائل ظنی ہیں غرضیکہ اچھے ظن اچھے ہیں برے ظن برے رب فرماتا ہے۔ **لولا اذ سمعتموہ ظن المئومنون فی بانفسہم خیرا** یہاں حضرت عائشہ صدیقہ پر نیک گمان نہ کرنے پر عتاب فرمایا گیا شرعی قیاسات اچھے ظن ہیں برے ظن نہیں **دوسرا اعتراض:** عوام کو علماء کی تقلید نہ چاہئے عام یہودی اپنے علماء کی تقلید سے ہی کافر ہوئے اور تم بھی اماموں کی تقلید کرتے ہو (غیر مقلد) **جواب:** اللہ رسول کے فرمان کے مقابلہ میں کسی کی تقلید کرنا حرام ہی نہیں بلکہ کفر ہے عام یہودی قرآن اور حضور کے مقابل اپنے علماء کی پیروی کرتے ہیں۔ ہم حضور علیہ السلام کی اطاعت کے لئے اماموں کی پیروی کرتے ہیں کہ ان کے ذریعہ ہم کو حضور کی سچی اطاعت نصیب ہو جائے اس تقلید کا قرآن و حدیث میں سخت حکم ہے دیکھو ہماری کتاب جاء الحق۔ علم صرف و نحو اور اسماء رجال اور علم تجوید وغیرہ میں اس فن کے اماموں کی تقلید کرنا ہی پڑتی ہے۔ جس حدیث کو تم ضعیف یا صحیح کہتے ہو وہ محدثین کی تقلید سے ہی کہتے ہو۔ یہ قوت اور ضعف قرآن اور حدیث سے ثابت نہیں۔ موتی نکلتے سمندر سے ہیں مگر ملتے جوہری کی دوکان سے ہیں ایسے ہی جواہر نکلیں گے قرآن سے مگر ملیں گے امام ابو حنیفہ قدس سرہ' کی دوکان پر ہم قرآن و حدیث سمجھنے اس سے مسائل نکالنے کے لئے تقلید کرتے ہیں نہ کہ قرآن چھوڑنے کے لئے۔ **تیسرا اعتراض:** **امانی** کے پہلے معنے سے معلوم ہوا کہ بغیر ترجمہ جانے قرآن نہیں پڑھنا چاہئے کیونکہ عوام یہود میں یہ ہی عیب تھا (عام نیچری) **جواب:** تلاوت عقائد درست کرنے کے لئے ہے۔ تلاوت کرنے والا توحید و رسالت کا عقیدہ رکھتا ہے اور وہ اتنا سمجھتا ہے کہ **قل ہو اللہ احد** اور آیت **محمد رسول اللہ** کا یہی مطلب ہے عام یہودی توریت کے ان مضامین سے بھی بے خبر ہو چکے تھے اس کی برائی کی گئی ہے ورنہ خود قرآن پاک سے ثابت ہے کہ پورا علم دین سیکھنا ہر مسلمان پر فرض نہیں بعض کا سیکھ لینا کافی ہے۔ **فلولا نفر من کل فرقتہ منہم طائفتہ لیتفقھوا فی الدین** نیز قرآن کا بغیر مطلب سمجھے ہوئے ترجمہ سیکھ لینا بیکار بلکہ گمراہی کی جڑ ہے۔ اگر بغیر ترجمہ جانے قرآن پڑھنا بیکار یا ناجائز ہو تو آیات متشابہات جن کے معنی جبریل بھی نہیں جانتے ان کی تلاوت ممنوع ہوتی حالانکہ صریح حدیث سے ثابت ہے کہ **الم** پڑھنے پر تیس نیکیاں ملتی ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

چوتھا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ جہلا کو صحیح عالم کی پیروی کرنا ضروری ہے گمراہ کن عالم کی پیروی سے وہ خود گمراہ ہو جاتے ہیں مگر صحیح عالم کا پتہ لگانا ناممکن ہے اس میں طاقت سے زیادہ تکلیف ہے۔ جواب: جس طرح بیمار کامل اور ناقص طبیب میں فرق کر لیتا ہے کہ جس کی دوا سے تندرستی ملے وہ کامل ہے ورنہ ناقص اسی طرح ہر شخص کو چاہئے کہ صحیح اور جھوٹے عالم میں فرق کرلے۔ جن کی صحبت سے اللہ و رسول کی محبت اور سنت کی اتباع کا جذبہ ہو وہ سچا عالم ہے ورنہ جھوٹا یہ اصلی و نقلی عالم کے لئے کسوٹی ہے۔

تفسیر صوفیانہ: بعض نام نہاد صوفی شکل و صورت میں صوفی ہیں اور لباس صوفیانہ پہن لیتے ہیں کلام بھی صوفیوں کا سا کرتے ہیں لیکن ارادہ میں کچے اور عقیدے میں سچے نہیں۔ ہر غافل کی طرف مائل ہوتے ہیں اور ہر آواز پر کان لگا دیتے ہیں۔ ان کے ظاہری افعال کی نقل تو اتارتے ہیں لیکن ان کے اصل جذبے سے بے خبر نہ ان کی صحبت میں اخلاص اور نہ ان کو حق و باطل میں تمیز کرنے کا مادہ وہ ان بے پڑھے یہودیوں کی طرح ہیں جو اصل کتاب سے بے خبر رہ کر دوسروں کی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں سالک پر لازم ہے کہ اس راستہ میں احتیاط سے قدم رکھے وہمیات سے دور بھاگے ظاہر حالت سے دھوکا نہ کھائے یہ راستہ نہایت باریک ہے اور یہ کنواں نہایت عمیق اس راستہ میں صد ہا شکاری قسم قسم کے جال لگائے اور طرح طرح کے دانے ڈالے بیٹھے ہیں مولانا فرماتے ہیں۔

صد ہزاراں دام و دانہ است اے خدا! ما چو مرغان حریص بے نوا!!
دم بدم مابستہ دام نویم! ہر یکے گر باز و سیمرغ شویم

اسی کو صوفیاء کی اصطلاح میں ابو الہواس کہتے ہیں۔

حکایت: ایک شخص نے کسی بزرگ کو دیکھا کہ وہ ہر خوبصورت چیز کو چوم لیتے ہیں۔ یہ بھی ان کے ساتھ اس نیت سے گیا کہ بہت خوبصورتوں کے بوسے ملیں گے ایک دن کسی لوہار نے بھٹی سے گرم اور سرخ لوہا نکالا ان بزرگ نے اس کو سینہ سے لگالیا اور خوب چوما۔ یہ ابو الہواس پیچھے ہٹنے لگا۔ تب ان بزرگ نے ایک چپت رسید کی اور فرمایا کہ اس کو کیوں نہیں چومتا۔ ہم نے بعض حضرات کو دیکھا کہ بزرگوں کے نذرانے دیکھ کر ان کے منہ میں پانی بھر آیا اور اسی کی نیت سے پیر بن گئے یہ سب لوگ اس آیت کے مصداق ہیں۔

| |
|---|
| فَوَيۡلٌ لِّلَّذِيۡنَ يَكۡتُبُوۡنَ الۡكِتٰبَ بِاَيۡدِيۡهِمۡ ۖ ثُمَّ يَقُوۡلُوۡنَ |
| پس خرابی ہے واسطے ان لوگوں کے جو لکھتے ہیں کتاب کو ساتھ ہاتھوں اپنے کے پھر کہتے ہیں |
| تو خرابی ہے ان کے لئے جو کتاب اپنے ہاتھ سے لکھیں پھر کہہ دیں یہ خدا |
| هٰذَا مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ لِيَشۡتَرُوۡا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ؕ فَوَيۡلٌ لَّهُمۡ |
| وہ یہ طرف سے اللہ کے ہے تاکہ خریدیں وہ ساتھ اس کے قیمت تھوڑی پس خرابی |
| کے پاس سے ہے کہ اس کے عوض تھوڑے دام حاصل کریں تو خرابی ہے ان کے |

marfat.com
Marfat.com

مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَ وَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿﴾

| | |
|---|---|
| ہے واسطے ان کے اس سے جو لکھا ہاتھوں نے ان کے اور خرابی ہے واسطے انکے اس سے جو کماتے ہیں وہ | |
| ہاتھوں کے لکھے سے اور خرابی ہے ان کے لئے اس کمائی سے | |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: اس سے پہلے یہود کی مختلف جماعتوں اور ان کی بدکرداریوں کا ذکر ہوا اب ان میں سے بدترین جماعت یعنی محرفین کی سزا کا ذکر ہو رہا ہے۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیتوں سے شبہ ہوتا تھا کہ شاید ان سب گروہوں کی سزا یکساں ہوگی۔ کیونکہ ان سب کے ایمان سے مایوسی ہے۔ اس آیت میں اس شبہ کو دفع فرمایا جارہا ہے کہ نہیں بلکہ سزا بقدر جرم ہے چونکہ ان میں بڑے مجرم علماء یہود ہیں کیونکہ وہ کافر اور کافر گر ہیں۔ لہٰذا ان کی سزا بھی سخت تر ہے۔

شان نزول : جب حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو علماء یہود کو قوی اندیشہ ہوا کہ ہماری سرداری چھن جائے گی اور روزی بند ہو جائے گی۔ کیونکہ توریت شریف میں حضور علیہ السلام کا حلیہ شریف اور ان کے اوصاف مذکور ہیں جب لوگ حضور علیہ السلام کو اس کے مطابق پائیں گے فوراً" ایمان لے آئیں گے اور ہم کو چھوڑ دیں گے اس اندیشہ سے انہوں نے توریت شریف میں تحریف کر ڈالی اور آپ کا حلیہ بدل دیا۔ مثلاً "توریت شریف میں تھا کہ نبی آخر الزمان خوبصورت گھونگریلے بال سرگیں آنکھ والے اور میانہ قد ہیں انہوں نے اس کو مٹا کر یوں لکھ دیا کہ بہت دراز قد ہیں ان کی آنکھیں کنجی اور نیلی اور بال الجھے ہوئے ہیں جب عوام یہودی ان سے پوچھتے کہ کیا توریت میں نبی آخر الزمان کے صفات ہیں تو وہ یہی بدلی ہوئی توریت لاکر انہیں یہی بگڑا ہوا مضمون سنا دیتے اور کہتے کہ رب نے توریت میں یہ اوصاف بیان کئے۔ حضور علیہ السلام میں ان میں سے کوئی صفت موجود نہیں اس پر یہ آیت کریمہ اتری۔

تفسیر : **فویل** چونکہ تمام اہل کتاب کی گمراہیوں کے ذمہ دار یہ ہی بدلنے والے پادری تھے لہٰذا اسے ف سے شروع فرمایا گیا تاکہ معلوم ہو کہ وہ سب کفر کی شاخیں تھیں اور یہ کفر کی جڑ ہے۔ ویل اور ویح اور ویس اور ویب عرب میں وہ کلمات ہیں جو مصیبت زدہ کو دیکھ کر بولے جاتے ہیں۔ لیکن ویح اور ویس کو ترس کھاکر بولتے ہیں جس کے معنی ہوتے ہیں افسوس اور ویل اور ویب بددعا کے لئے استعمال کرتے ہیں جس کے معنی ہیں خرابی اور خواری یعنی مصیبت سے کبھی نہ نکلے جیسے امیر آدمی فقر بے نوا پر ترس کھاکر کہے افسوس تیری غریبی پر اور حاکم مجرم سے کہے افسوس تیرے حال پر پہلا افسوس عطا کی تمہید ہے دوسرا افسوس سزا کی تمہید پہلے افسوس کا ترجمہ ویح یا ویس ہے دوسرے کا ترجمہ ویل اس لئے حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ ویح رحمت کا اور ویل عذاب کا دروازہ ہے ایک بار حضور علیہ السلام نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا **ویحک** ام المومنین اس لفظ سے پریشان ہوئیں تو حضور نے فرمایا کہ اے عائشہ یہ کلمہ رحمت کا ہے اس سے پریشان نہ ہو ہاں ویل سے پریشانی چاہیے (تفسیر عزیزی) خیال رہے قرآن کریم نے یہودی علماء اور نماز میں سستی کرنے والوں اور کم تولنے والوں کے لئے ویل فرمایا اور احادیث شریفہ میں مسائل چھپانے والے علماء اور بے علم فتویٰ دینے والے جہلا کے لئے اور رب کی قدرتوں

marfat.com
Marfat.com

میں غور نہ کرنے والے عوام کے لئے ویل فرمایا۔ غرضکہ قرآن و حدیث میں مختلف مجرموں کے لئے یہ لفظ بولا گیا ہے۔ نیز ویل کی تفسیریں بھی مختلف آئی ہیں۔ چنانچہ بعض روایات میں ہے کہ ویل جہنم میں ایک آگ کا پہاڑ ہے جو مجرموں پر گر کران کا جسم پاش پاش کردے گا اور بعض میں ہے کہ ویل جہنم میں ایک گہرا غار ہے جس میں مجرمین ڈالے جائیں گے۔ بعض روایات میں ہے کہ ویل جہنم میں ایک نہایت گرم پتھر ہے جس پر مجرموں کو چڑھایا جائے گا یا اتارا جائے گا بعض میں ہے کہ ویل ایک ندی ہے جس میں دوزخیوں کا خون اور پیپ بہتا ہو گا اور مجرموں کو وہی پلایا جائے گا بعض روایات میں ہے کہ ویل جہنم میں ایک کنوئیں کا نام ہے جس میں کافر ڈالے جائیں گے اور چالیس برس تک اس کی تہ تک نہ پہنچیں گے۔ عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ویل ایک دردناک عذاب کا نام ہے (تفسیر کبیر و عزیزی) ان سب روائیتوں کو اس طرح کرو کہ ویل کے معنی ہیں خواری اور سخت عذاب لیکن قیامت میں اس کا ظہور مختلف طرح سے ہو گا۔ جیسا مجرم کا جرم ویسا اس کے لئے ویل۔ محرفین علماء کا ویل آگ کا پہاڑ متکبروں کا ویل غار ظالم چوہدریوں کا ویل گرم پتھر' شراب خوروں کا ویل خون اور پیپ کی ندی عام کافروں کا ویل جہنم کا کنواں (تفسیری عزیزی) لہذا قرآن و حدیث میں ویل مختلف معنی میں ہے۔ کم تولنے والوں کا علیحدہ ویل۔ نماز میں سستی کرنے والوں کا علیحدہ للذین یکتبون الکتب یا تو کتاب سے 'بدلی ہوئی کتاب مراد ہے اور یہی یکتبون کا مفعول ہے۔ یعنی ان علماء کے لئے ویل ہے۔ جو بدلی ہوئی کتاب لکھتے ہیں۔ صحیح نہیں لکھتے۔ یکتبون کا مفعول اور کتاب سے پہلے فی چھپا ہوا ہے۔ کس کی وجہ سے کتاب منسوب ہے یعنی اپنی طرف سے گھڑے ہوئے مضامین کتاب میں لکھتے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ لغت میں ہر تحریر کو کتاب کہتے ہیں۔ چنانچہ بولتے ہیں قد جاء کتاب اخی میرے بھائی کی کتاب یعنی خط آیا۔ اصطلاح میں مختلف مضامین کے مجموعہ کو کتاب کہتے ہیں اور ایک مضمون کو رسالہ شریعت میں آسمان سے نازل شدہ ایک مضمون کو صحیفہ کہتے ہیں اور بہت سے مضامین کے مجموعہ کو کتاب اگر یہاں لغوی معنی مراد ہے تو مطلب ظاہر ہے یعنی اپنے ہاتھ سے تحریریں لکھ کر رب کی طرف نسبت کردیتے ہیں اور اگر شرعی معنی مراد ہوں تو فی پوشیدہ بایدیھم اپنے ہاتھوں سے بلینی نہ تو بگڑی ہوئی کتاب نقل کرتے ہیں اور نہ کسی سے کہہ کر بگڑواتے ہیں اور نہ بے خبری اور نادانی سے بگاڑتے ہیں یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ توریت بدلنے والے۔ بدلی ہوئی کو نقل کرنے والے اس کی اشاعت کرنے والے 'اس کے اس عیب کو چھپانے 'یوں ہی بدلنے والے سب مجرم ہیں۔ ایدی معنی قوت و طاقت جیسے چوری کرنے والا کرانے والا چوری کا مال گھر میں رکھنے والا۔ چور کا رازدار سب مجرم ہیں ایسے ہی یہ سب لوگ مجرم۔ پھر یہی نہیں کہ چپکے سے بگاڑ کر رکھ دیں بلکہ ثم یقولون ھذا من عند اللہ لوگوں کو وہ بدلی ہوئی عبارت دکھا کر کہتے ہیں کہ یہ رب کی طرف سے آئی ہوئی آیت ہے اس میں بگڑی عبارت کی طرف اشارہ ہے غرضیکہ وہ پے درپے تین جرم کرتے ہیں۔ ایک کتاب الٰہی کو بگاڑنا۔ دوسرے اس بگڑے ہوئے کو رب کی طرف نسبت دینا۔ تیسرے رب پر اتنا بڑا جھوٹ باندھنا جس سے کہ یہود کی موجودہ اور آئندہ نسلیں گمراہ ہوتی رہیں لطف یہ کہ انہوں نے اتنے بڑے بڑے جرم کیوں کئے محض اس لئے کہ لیشتروا بہ ثمنا قلیلا تاکہ ان بڑے گناہوں سے تھوڑے دام وصول کرلیں یا تو اس طرح کہ لوگ ایمان نہ لائیں بلکہ ہمارے پھندے میں پھنسے رہیں جس سے ہماری آمدنی برقرار رہے یا مالدار سودیوں سے رشوت لے کر توریت کے سخت احکام نرم کردیتے تھے تھوڑے سے فنا ہونے والے نفع کے لئے ایمان جیسی دولت چھوڑ دینا بڑی بدبختی ہے۔ خیال رہے کہ قلہ کا مرجع یا تحریف شدہ کتاب ہے یا ان کا تحریف کرنا یعنی تحریف کردہ کتاب کے عوض یا تحریف کرنے

marfat.com
Marfat.com

کے عوض تھوڑی قیمت لے لیتے ہیں دنیا آخرت کی قیمت ہے اور یہ کتنی بھی زیادہ ہو آخرت کے مقابلہ میں تھوڑی ہے۔ اس لئے اس کو ثمن قلیل فرمایا گیا۔ ثمن قلیل کے بہت نکات ہم اس سے پہلے بیان کر چکے ہیں۔ خیال رہے کہ ان سب جرموں کا بدلہ ایک ہی ویل نہیں بلکہ **فویل لھم** ان کو چند قسم کی خواریاں اور ویل ملیں گے جن میں سے ایک قسم کی بڑی خواری اور سخت ویل تو **مما کتبت ایدیھم** ان کے اس لکھنے اور کتاب الٰہی بگاڑنے کی وجہ سے ہوگا۔ **وویل لھم** اور دوسری قسم کا سخت ویل اور سخت رسوائی **مما یکسبون** ان کی حرام کمائی اور رشوت ستانی کی وجہ سے ہوگا **یکسبون کسب** سے بنا ہے کسب فاعل کو نفع دینے والے یا نقصان دور کرنے والے کام کو کہتے ہیں۔ اسی لئے خدا کے کام کو کسب نہیں کہتے اور نہ اس کو کاسب کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ اپنے ذاتی نفع اور نقصان سے پاک ہے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ **یکسبون** سے علماء یہود کی ساری بدعملیاں مراد ہیں نکتہ: اس جگہ **کتبت** ماضی اور **یکسبون** مضارع فرمایا گیا۔ کیونکہ انہوں نے کتاب کی تحریف تو ایک بار کرلی تھی مگر اس تحریف شدہ کتاب سے روٹیاں عمر بھر کھاتے رہے۔ جیسے کوئی جعل ساز جھوٹی سرکاری مہر بنا کر رکھ لے اور اس سے ہمیشہ غلط پروانے بنا کر روپیہ کمایا کرے۔

**خلاصہ تفسیر**: ان علماء یہود کا یہ حال ہے کہ امیروں کو راضی کرنے اور اپنی سرداری قائم رکھنے کے لئے غلط مسائل اور جھوٹی روائتیں توریت شریف میں لکھ کر لوگوں کے سامنے پیش کر دیتے ہیں اور نہایت دلیری سے کہہ دیتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے یعنی توریت کی اصل عبارت ہے اگر یہ کسی پرانی لکھی ہوئی کتاب کو اپنی خوش عقیدگی سے من اللہ کہہ دیتے تو بھی ایک بات تھی۔ غضب تو یہ ہے کہ خاص اپنے ہاتھ کے لکھے ہوئے کو **من اللہ** کہہ دیتے ہیں یہ دین فروشی بے ایمانی خدا پر جھوٹ باندھنا اس کی کتاب کو بگاڑنا ایسے ایسے سنگین جرم کس لئے ہیں صرف چند پیسے کمانے کے لئے تف ہے ان کے اس لکھنے پر اور لعنت ہے ان کی اس کمائی پر۔

**فائدے**: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**: گمراہ کن کتابیں اور جھوٹے مضامین گمراہ کرنے کے لئے لکھنا اور چھاپنا حرام ہے ہاں کسی کے غلط مضامین کو مع تردید شائع کر دینا جائز بلکہ سنت الٰہی ہے۔ **دوسرا فائدہ**: حرام کام پر اجرت لینا حرام اور اس کا استعمال کرنا سخت گناہ لہٰذا ناچ گانے وغیرہ کی اجرت حرام ہے **تیسرا فائدہ**: جانبین کی رضامندی سے دیا جائے مگروہ حرام ہے علماء یہود کو ان کے جہلا تحریف کے عوض رضامندی سے مال دیتے تھے مگر وہ حرام رہا۔ اسی طرح رشوت و سود وغیرہ اگرچہ رضامندی سے دیا جائے مگروہ حرام ہے۔ **چوتھا فائدہ**: قرآن پاک کا ترجمہ اس کی تفسیر سورتوں کے نام وقف اور ربع اور نصف اور ثلث کی علامتیں اس طرح لکھنا کہ جس سے قرآن میں اور ان میں فرق نہ رہے حرام ہے کیونکہ اس سے اصل قرآن مشتبہ ہو جائے گا اور یہ تحریف ہے اسی لئے نصف اور ربع اور رکوع کی علامتیں اس کے حاشیہ پر لکھی جاتی ہیں اور سورتوں کے نام اور ترجمہ اگرچہ قرآن کے ساتھ ہی لکھے جاتے ہیں مگر خطوط کھینچ کر اور تحریر وغیرہ میں بہت طرح فرق کر دیا جاتا ہے تاکہ رب کا کلام ہمارے کلام سے مل نہ جائے بلکہ فقہا فرماتے ہیں کہ کلام الٰہی کو نستعلیق (اردو خط) میں لکھنا منع ہے نسخ (یعنی عربی عبارت تحریر) میں لکھنا ضروری ہے بلکہ چاہئے کہ قرآن کی تحریر میں مصحف عثمانی کی پیروی کی جائے۔ اسی طرح پڑھنے میں بھی فرق ضروری ہے۔ **پانچواں فائدہ**: حرام روپے سے جو چیز خریدی جائے وہ بھی حرام ہے۔ رشوت یا سود کے

marfat.com
Marfat.com

روپے سے غلہ وغیرہ جو خرید اجائے سب حرام۔ حرام مال کو راہ خدا میں خیرات کرنا حرام ہے اور اس پر ثواب کی امید رکھنا کفر ہے۔ جیسے یکسبون کے عموم سے معلوم ہوا چھٹا فائدہ: الحمدللہ کہ قرآن کریم جیسا آیا ویسا ہی محفوظ ہے۔ صحابہ کرام نے نہ قرآن بدلا نہ اس کا کوئی حکم ورنہ اگر ایک آیت یا ایک حکم بدلا ہوتا تو بدلنے والے بھی مجرم ہوتے اور بدلتا دیکھ کر خاموش رہنے والے اہل بیت بھی اس میں داخل ہو کر مجرم ہوتے۔ خیال رہے کہ اعراب قرآن بھی قرآن کی طرح نازل ہوئے کہ حضرت جبرائیل نے الحمد کے دال کو پیش اور اللہ کے لام کو زیر سے پڑھا مگر ان اعراب کا لگانا بعد میں ہوا تاکہ عجمی سے ناواقف لگتے ہوئے اعراب کو غلط نہ پڑھیں۔ یہ کتاب میں غلط نہیں بلکہ صحیح رہبری ہے۔ غرضیکہ قرآن کے اعراب احکام سب محفوظ ہیں اس لئے حضرات خلفاء نے اپنی خلافت میں یہ ہی قرآن پڑھا اس پر عمل کیا۔

پہلا اعتراض: اس آیت میں تین جگہ ویل کیوں فرمایا گیا۔ ایک ہی جگہ کافی تھا۔ جواب: پہلے ویل میں اجمال ہے۔ اس سے شبہ ہوتا تھا کہ شاید تحریف کرنے اور جھوٹ بولنے اور حرام کمائی کرنے پر ویل ہے۔ فقط ایک کام کرنے میں کوئی خرابی نہیں اس کو دفع کرنے کے لئے آگے ہر فعل میں علیحدہ ویل فرمایا۔ دوسرا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن لکھ کر فروخت کرنا حرام ہے جو یہ کاروبار کرتے ہیں کیونکہ اس آیت میں کتاب الٰہی لکھ کر اجرت لینے پر ویل فرمایا گیا ہے۔ نیز ابراہیم نخعی اور اعمش نے قرآن لکھنے کی اجرت سے منع فرمایا۔ اس پر یہی آیت پیش کی عبداللہ ابن یزید نخعی اور قاضی شریح نے فرمایا کتاب اللہ کی قیمت مت لو۔ حضرت مطرف فرماتے ہیں کہ ہم ایک جنگ میں ابو موسیٰ اشعری کے ساتھ تھے مال غنیمت میں دو کتابوں کے صندوق بھی آئے جن میں سے ایک میں توریت یا انجیل تھی لشکر میں ایک عیسائی مزدور تھا اس نے یہ کتاب خریدنا چاہی مسلمانوں نے کتاب اللہ کا بیچنا مکروہ جانا اس کو کتاب تو مفت دے دی اور صندوق دو درم میں فروخت کر دیا بہت سے بزرگان دین حتی کہ امام اعظم کے استاد حضرت حماد بھی قرآن کریم کی تجارت مکروہ جانتے تھے حضرات عبداللہ ابن عمر جب بازار میں کسی کو قرآن شریف بیچتے ہوئے دیکھتے تو فرماتے کہ کاش میری زندگی میں کوئی حاکم پیدا ہو جو قرآن بیچنے والے کے ہاتھ کٹوائے حضرت ابن عمر، عبداللہ ابن مسعود اور دیگر صحابہ کرام بھی قرآن کی تجارت بری جانتے تھے امام زین العابدین فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام کے زمانہ میں قرآن بیچنے کا رواج نہ تھا بلکہ لوگ سادہ کاغذ اور قلم دوات لے کر منبر کے پاس بیٹھ جاتے اور ہر پڑھے لکھے مسلمان سے ایک دو ورق لکھوا لیتے تھے۔ اس آیت اور ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کی لکھائی چھپائی کی اجرت حرام ہے۔ جواب: اس آیت کا ترجمہ غلط سمجھا گیا۔ علماء یہود صحیح توریت لکھ کر فروخت نہ کرتے تھے بلکہ اس میں اپنی طرف سے غلط کرتے تھے اور یہ فعل بغیر اجرت بھی حرام ہے اس لئے فرمایا گیا کہ ثم یقولون ھذا من عند اللہ نیز ان کے لکھنے پر ویل علیحدہ فرمایا گیا اور کمائی پر علیحدہ بیشک چاروں خلفاء کے زمانہ میں قرآن پاک کے فروخت کرنے کا رواج نہ تھا۔ یہ بدعت حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے آخیر زمانہ میں مروج ہوئی لیکن یہ بدعت حسنہ ہے سیئہ نہیں۔ شروع شروع میں علماء نے اس آیت کی وجہ سے اس کو منع کیا۔ بعد میں غور سے معلوم ہوا کہ اس کے حرام ہونے کی کوئی وجہ نہیں کیونکہ یہ روشنائی کاغذ کی قیمت ہے اور لکھنے کی اجرت اسی لئے عبداللہ ابن عباس محمد ابن حنیفہ امام جعفر صادق اور امام محمد باقر یہاں تک کہ حسن بصری رضی اللہ عنہم نے بھی اس کے جواز کا فتویٰ دیا اور بعد میں اس جواز پر علماء کا اجماع ہو گیا۔ (تفسیر عزیزی) تیسرا

marfat.com
Marfat.com

اعتراض: اس آیت میں پہلے علماء یہود کے تین عیب بیان کیئے گئے توریت کی تحریف کرنا اس کو رب کی طرف نسبت دینا اور اس پر روپیہ لینا۔ لیکن عذاب فقط تحریف اور کمائی پر بیان کیا گیا۔ کیا جھوٹ نسبت کرنے پر ویل نہ ہو گا۔ جواب: لکھنے میں یہ داخل ہو گیا تھا کیونکہ لکھنا اسی لئے تھا۔ لہذا اس کے علیحدہ ذکر کرنے کی ضرورت نہ تھی۔

تفسیر صوفیانہ: گناہ نفس کی بیماری ہے اس کے چار درجے ہیں پہلا درجہ یہ ہے کہ گنہگار گناہ کو برا جان کر کرے اور اپنے کو اس پر ملامت بھی کرتا رہے۔ یہ حالت قابل علاج ہے۔ دوسرا یہ کہ گناہ کا احساس ہوتا رہے یہ حالت بھی قابل علاج تو ہے مگر بمشکل تیسرا درجہ یہ کہ گناہ کا احساس بھی نہ رہے اور نصیحت کرنے والے کو دشمن جانے اس کا علاج بہت مشکل ہے اگر تقدیر سے کوئی قابل روحانی طبیب مل گیا تب تو خیر ورنہ اس کا انجام ہلاکت روح ہے۔ چوتھا درجہ یہ کہ گناہ کو اچھا سمجھے اور اس پر فخر کر کے اس کی اشاعت کرے اور چاہے کہ لوگ اس کے گناہ کی تعریف کریں۔ اس کا علاج قریباً" غیر ممکن ہے۔ علماء یہود کی بیماری اس ہی درجہ کی تھی جس کے متعلق رب نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی شفا یعنی ایمان سے مایوس کر دیا۔ جو شخص اپنے گناہ پر تعریف کرائے اور اس تعریف سے خوش ہو۔ وہ اس بیوقوف کی طرح ہے۔ جس سے کوئی مسخرہ کہے کہ آپ کے پاخانے کی خوشبو مشک و عنبر کی طرح ہے اور وہ اس پر خوش ہو۔ صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ ویل ہے اس متکبر واعظ کے لئے جو لوگوں کی دست بوسی پر فخر کرے اور اپنے ہر کلام کی سامعین سے تعریف چاہے۔ حضرت جنید بغدادی نے ایک بار وعظ میں فرمایا کہ میں وعظ کہنے کی اس لئے ہمت کرتا ہوں کہ حضور نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ فاسق فاجر آدمی سے بھی اس دین کو قوت دے گا۔ میں فاجر فاسق ہوں شاید اللہ میرے وعظ سے دین کو قوت دے دے اس آیت سے ہم سب کو عبرت پکڑنی چاہئے۔ اگر انسان کی زندگی اللہ کے لئے ہو تو اس کے ہر عمل پر بے عنایت ثواب ہے اور اگر نفس کے لئے ہو تو ہر عمل برباد' بلکہ باعث عذاب حضور کے اوصاف چھپانے کے لئے توریت و انجیل بلکہ قرآن ڈھونڈنا کفر ہے۔ حضور کے اوصاف ظاہر کرنے کے لئے ان میں ہر چیز سیکھنا' دیکھنا عبادت ہے۔ اگر صفروں کی کسی عدد سے وابستگی ہو تو ہر صفر شمار بڑھائے گا۔ ایک صفر دہائی بنائے گا۔ دوسرا سینکڑہ۔ تیسرا ہزار چوتھا دس ہزار حتی کہ اگر زیادہ صفر ہوں تو شمار ہمارے حساب سے باہر ہو گا۔ مگر صفروں کی یہ ساری بہار اس ایک عدد سے ہے۔ جس سے یہ وابستہ ہیں اگر یہ عدد ہٹ جائے تو سارا کھیل بگڑ جاوے دنیا کا ہر کام صفر ہے۔ حضور عدد اگر ان سے تعلق ہے تو ہر کام پر بے حد ثواب ورنہ ہر کام وبال ہے۔ زندگی موت' سونا جاگنا سب کا یہ حال ہے (از روح البیان)

| |
|---|
| وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ۭ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ |
| اور کہا انہوں نے ہرگز نہیں چھوئے گی ہم کو آگ مگر دن گنے ہوئے فرما دو کیا ہے لیا تم |
| اور بولے ہمیں تو آگ نہ چھوئے گی مگر گنتی کے دن تم فرما دو کیا خدا سے |

marfat.com

Marfat.com

عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

نے نزدیک اللہ کے وعدہ پس ہرگز نہ خلاف کرے گا اللہ وعدہ اپنا یا کہتے ہو تم

تم نے کوئی عہد لے رکھا ہے جب تو اللہ ہرگز اپنا عہد خلاف نہ کرے گا یا

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۞ بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ

اوپر اللہ کے وہ جو نہیں جانتے تم ہاں وہ جو کمائے گناہ اور گھیرے اس کو خطا

خدا پر وہ بات کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں ہاں کیوں نہیں جو گناہ کمائے اور اس کی خطا

خَطِيْٓئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۞

اس کی پس وہ لوگ آگ والے ہیں وہ لوگ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں

اسے گھیرے وہ دوزخ والوں میں ہیں انہیں ہمیشہ اس میں رہنا ہے۔

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** اس سے پہلے موجودہ یہودیوں کے دو عیب بیان ہو چکے اب ان کا تیسرا عیب بیان ہو رہا ہے۔ فرق یہ ہے کہ وہ ان کے عیب فعلی تھے اور یہ قولی۔ یعنی پہلے فرمایا گیا تھا کہ وہ یہ کرتے ہیں اور اب ارشاد ہو رہا ہے کہ وہ یہ کہتے ہیں۔ **دوسرا تعلق:** اس سے پہلے موجودہ یہود کی بد عملیوں کا ذکر تھا اب اس کی وجہ بتائی جا رہی ہے۔ یعنی ان کو ان بد کاریوں کی اس لئے ہمت پڑی کہ انہوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ ہم جو چاہیں کریں ہم کو چند روز سے زیادہ عذاب نہ ہو گا۔ یا وہ سمجھ چکے ہیں کہ ہم کو چند روز عذاب ضرور ہو گا۔ خواہ نیکو کاری کریں یا بد کاری جب یہ ہونا ہی ہے تو ہم دنیا میں مزے کیوں نہ اڑالیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ ان کی آس یا یاس نے انہیں گناہ پر دلیر کر دیا۔

شان نزول : حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ یہود کہتے تھے کہ ہم دوزخ میں صرف اتنی مدت رہیں گے، جتنی کہ ہمارے باپ دادوں نے بچھڑے کی پوجا کی ہے۔ یعنی چالیس دن اس کے بعد عذاب سے چھوٹ جائیں گے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی (تفسیر خزائن العرفان)

تفسیر : **وقالوا** یہ سارے یہودیوں کا قول ہے علماء تو اپنی طرف سے بنا کر کہتے تھے جاہل ان کی پیروی سے یعنی کہا ان سب یہودیوں نے کہ **لن تمسنا النار** ہم کو آگ چھوئے گی بھی نہیں۔ خواہ کتنے ہی بدکاریاں اور کفریات کرلیں۔ یعنی آگ میں رہنا تو کیا ہم کو اس کے شعلے بھی نہ پہنچیں گے **الا ایاما معدودۃ** مگر گنتی کے دن اس **الا** سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا عقیدہ یہ تھا کہ ہم جہنم میں کبھی نہ رہیں گے ہاں کچھ دن ہم کو آگ کے شعلے پہنچ جائیں گے اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ گنتی کے دن سے کیا مراد بعض نے فرمایا کہ تھوڑے دن 'خواہ کتنے بھی ہوں جیسے کہا جاتا ہے وہاں گنتی کے آدمی تھے۔ بعض نے کہا سات دن کیونکہ ایام جمع قلت ہے جو دس تک بولی جا سکتی ہے اور وہ سات دن اس لئے کہتے تھے کہ بنی آدم کی زندگی کل سات ہزار سال ہے اور قیامت کا ایک دن ایک ہزار برس کے مقابلہ میں ہے۔ قرآن کریم بھی فرماتا ہے **وان یوما عند ربک**

marfat.com
Marfat.com

**کالف سنتہ مما تعدون** اس حساب سے ہم کو سات دن آگ پہنچے گی۔ بعض نے کہا کہ اس سے چالیس دن مراد ہیں کیونکہ اسی قدر انہوں نے بچھڑے کی پوجا کی تھی اور ایام اگرچہ جمع قلت ہے مگر مجازاً" دس سے زیادہ پر بھی بولا جاتا ہے۔ جیسے قرآن کریم نے ماہ رمضان کے بارے میں فرمایا۔ **ایاما " معدودات** بعض نے فرمایا۔ چالیس سال جس قدر کہ وہ میدان تیہ میں پریشان رہے۔ بعض یہودی کہتے تھے کہ جہنم کے دو کناروں میں چالیس سال کا فاصلہ ہے جب ہم جہنم میں جائیں گے تو وہاں ٹھہریں گے نہیں بلکہ اپنے باپ دادوں کی شفاعت سے گزرتے رہیں گے اور چالیس برس میں اس فاصلہ کو طے کرلیں گے۔ ہمارے باپ دادا انبیاء کرام' رب تعالیٰ کے ہاں ایسے دخیل کار ہیں کہ رب کو ان کی ہربات دب کرمانی پڑتی ہے۔ رب تو چاہے گا کہ ہم دوزخ میں گر جائیں مگر ہمارے باپ دادا زور دے کر ہم کو پار لگادیں گے۔ اس قسم کی شفاعت او روسیلہ ماننا کفر بلکہ شرک ہے رب تعالیٰ دھونس و دباؤ سے پاک ہے۔ **لم یکن لہ ولی من الذل** اس پر گواہ ہے بعض یہودی کہتے تھے کہ ہر شخص کو بقدر گناہ عذاب ہو گا۔ یعنی بلوغ کے بعد جتنے دن اس نے گناہ یا کفر کیا اتنے ہی دن اسے عذاب رہے گا۔ کیونکہ گناہ سے زیادہ عذاب دینا ظلم ہے اور خدا اس سے پاک ہے بعض کہتے تھے کہ روح اصل میں پاک صاف نورانی ہے برے کاموں سے کچھ مکدر ہو جاتی ہے مرنے کے بعد اس پر کچھ روز گناہوں کا غبار رہتا ہے۔ اسی کا نام عذاب ہے اور پھر وہ صاف ہو کر اپنی اصلی حالت پر آ جاتی ہے۔ جیسے پانی اصل میں ٹھنڈا ہے مگر آگ پر رکھنے سے گرم ہو جاتا ہے اور اس کے بعد بھی کچھ دیر گرم رہتا ہے۔ پھر خود بخود ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ بعض کہتے تھے کہ ہم خدا کے پیارے اور اس کے بیٹے ہیں ہم کو وہ ہرگز عذاب نہ دے گا بلکہ پیارے باپ کی طرح کچھ دن بطور تنبیہہ سزا دے دے گا۔ بعض کہتے تھے کہ گناہوں کی طرح کفر کا عذاب بھی دائمی نہیں بلکہ کافر کی بھی آخر میں نجات ہے۔ سبحان اللہ قرآن کریم نے ان کی اتنی بکواس کو ایک لفظ میں بیان فرمادیا۔ یہ تو ان کا عقیدہ تھا۔ اب ان کی کیا ہی نفیس تردید فرمائی جاتی ہے۔ **قل اتخذتم عند اللہ عھدا** اے محبوب ان سے پوچھو تو الخ۔ کیا تم نے اس کا خدا سے کوئی وعدہ یا پروانہ لے رکھا ہے۔ یعنی آخرت کی باتیں عقل و قیاس سے معلوم نہیں ہو سکتیں اس کے لئے نقل اور سننے کی ضرورت ہے جو انبیاء کرام سے حاصل ہو سکتا ہے۔ تو کیا تم نے توریت وغیرہ میں کہیں یہ ہمارا عہد پڑھا ہے؟ لاؤ کتاب دکھاؤ اور یقیناً" کسی آسمانی کتاب میں تو ہے نہیں۔ خیال رہے کہ **اتخذتم** میں دو ہمزہ تھے۔ ایک استفہامیہ اور دوسرا باب افتعال کا مگر پہلے کی وجہ سے دوسرا گر گیا اور یہ استفہام انکاری ہے نیز یہاں عہد سے مراد فقط خبر ہے کیونکہ رب کی خبر بھی عہد کی طرح پختہ ہوتی ہے او عند اللہ ثابت کا ظرف بن کر عہد کا حال ہے یعنی کیا تم نے کوئی عہد کیا ہے جو اللہ کے نزدیک ثابت ہو۔ **فلن یخلف اللہ عھدہ** یہ یا تو چھپی شرط کی جزا ہے۔ اور یا عہد کا نتیجہ یعنی اگر تم نے عہد لیا ہے تو خدا ہرگز اس کے خلاف نہ کرے لیکن شرط تو غلط ہے تو جزا بھی ختم یا یہ مطلب ہے کہ کیا تم نے خدا سے عہد لیا ہے کہ اس کے خلاف نہ کرے یعنی نہ وہ ہے نہ یہ **ام تقولون علی اللہ مالا تعلمون** یا اللہ پر تم وہ بات کہتے ہو جس کو تم جانتے نہیں اس جملہ کی دو تفسیریں ہیں ایک یہ کہ آخرت کی باتیں نبی کے فرمان سے معلوم ہوتی ہیں نہ کہ اپنی رائے سے اور تم نے یہ باتیں رائے سے کہیں ہیں۔ لہٰذا ان کا اعتبار نہیں کیونکہ ان چیزوں میں رائے علم کا ذریعہ نہیں۔ دوسری تفسیر: یہ ہے کہ ان کے ہاں یہ مشہور تھا کہ حق تعالیٰ نے یعقوب علیہ السلام سے عہد کیا ہے کہ میں تمہارے بیٹوں کو عذاب نہ کروں گا مگر قسم پوری کرنے کے لئے' اس بنا پر یہودی کہتے تھے چونکہ ہم بھی ان کی

marfat.com

Marfat.com

لولاد ہیں۔ لہٰذا ہم کو بھی ایساہی عارضی عذاب ہو گا۔ اول تو اس واقعہ کی معتبر سند تمہارے پاس موجود نہیں پھر تم نے اس پر یقین کیسے کر لیا دوسرے اگر یہ صحیح بھی ہو تو یعقوب علیہ السلام کے بیٹوں سے مراد ان کے اپنے نسلی بیٹے ہیں نہ کہ سارے بنی اسرائیل۔ تیسرے ان بیٹوں کو عذاب نہ کرنے کی یہ وجہ ہے کہ انہوں نے خطا کر کے اپنے والد اور خود یوسف علیہ السلام سے معافی چاہ لی اور ان صاحبوں نے ان سب کے لئے دعائے مغفرت بھی کر دی جس سے حق اللہ اور حق العباد دونوں معاف ہو گئے اور وہ بخش دیئے گئے۔ اے اسرائیلیو تم کفر و گناہ پر قائم ہو اور اللہ اور بندوں کے حق مار رہے ہو اور پھر بھی اپنے کو اس بشارت میں داخل سمجھتے ہو۔ ہاں ان کی طرح توبہ کر لو تو تم بھی بخش دیئے جاؤ گے۔ اے اسرائیلیو کیا تم اللہ پر وہ بات کہتے ہو۔ جس کی تم نے تحقیق بھی نہیں کی اور جس کا تم نے مطلب بھی صحیح نہ سمجھا۔ بلیٰ یہ حرف نفی کے بعد آتا ہے اور نفی کا ثبوت کرتا ہے اور نعم یا تو ایجاب کے بعد آتا ہے یا نفی کو ثابت کرتا ہے یعنی ہاں تم کو عذاب دائمی ہو گا۔ جیسے رب نے ارشاد فرمایا تھا الست بربکم کیا میں تمہارا رب نہیں، ہوں تو سب نے عرض کیا تھا بلیٰ یعنی ہاں تو رب ہے اگر وہ جواب میں نعم کہتے تو معنی ہوتے کہ ہاں تو رب نہیں من کسب سیئتہ قرآن کریم میں کسب دلی یا جسمانی اعمال کرنے کو کہا جاتا ہے مالی اعمال کو عموماً" کسب نہیں کہتے رب فرماتا ہے لھا ما کسبت اور فرماتا ہے لیس للانسان الا ما سعی یعنی بدنی و قلبی اعمال خود کرنے والے کے لئے ہیں دوسرے کی طرف سے نہیں ہو سکتے مالی اعمال میں نیابت کی نفی۔ سیئتہ' سوء سے بنا بمعنی برائی اس میں جسمانی روحانی جنانی برائیاں سب داخل ہوتی ہیں۔ خیال رہے کہ برائی بھلائی کا کوئی معیار یا کسوٹی چاہئے وہ حضور کی زبان پاک ہے۔ جس چیز جس شخص کو حضور برا کہیں اگرچہ دنیا بھر کی عقلیں اچھا کہیں تو وہ بری ہے۔ جیسے سود یا ابو جہل یونہی اس کے عکس جیسے زکوۃ یا حضرت بلال لہٰذا آیت کے معنی یہ ہوئے کہ جو کوئی بھی گناہ کرے یا تو سیئتہ سے مراد مطلق گناہ ہے یا گناہ کبیرہ اور یا کفر (روح البیان و عزیزی) اور اس کے نکرہ ہونے سے عموم کا فائدہ ہوا یعنی جو بھی کسی قسم کا کفر کرے یا کوئی سا گناہ کبیرہ کرے مگر حال یہ ہو کہ واحاطت بہ خطیئتہ' خطیئتہ خطا کی جمع ہے خطا کبھی عمد کے مقابل بولی جاتی ہے۔ بمعنی لغزش یا بھول چوک رب فرماتا ہے۔ ان نسینا او اخطانا اس معنی سے انبیاء کرام پر بھی بولی جاتی ہے۔ جیسے آدم علیہ السلام نے خطاً" گندم کھالیا اور کبھی صواب کے مقابل یعنی سیدھے راستہ سے بھٹک جانا اس معنی سے گنہگاروں یا کفار پر بولی جاتی ہے یہاں دوسرے معنی میں ہے مطلب یہ ہے کہ اس کا گناہ اس کو گھیرے اور احاطہ کرے۔ اگر سیئتہ سے مراد کفر تھا تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ وہ کفر اس کے دل و دماغ اور زبان کو گھیر لے یعنی وہ دل میں کفر کا عقیدہ رکھے اور زبان سے اس کا اظہار کرے لہٰذا جو مجبوراً" منہ سے کلمہ کفر نکال دے وہ اس سے خارج ہے یا یہ کفر اس کی زندگی کو گھیر لے اور اس کا خاتمہ اس کفر پر ہو۔ جو کافر مرنے سے پہلے مسلمان ہو گیا وہ اس میں داخل نہیں کیونکہ کفر نے اس کی زندگی نہ گھیری اور اگر سیئتہ سے مراد گناہ ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ گناہ اس کے دل و دماغ اور ظاہری اعضا کو گھیر لے۔ اس طرح کہ ہاتھ پاؤں سے گناہ کرے اور دل سے اسے حلال جانے۔ لہٰذا گنہگار مسلمان اس میں داخل نہیں کیونکہ اس کا دل گناہ سے بچا ہوا ہے۔ یا وہ گناہ اس کی نیکیوں کو گھیر لے اور ان کو ضائع کر دے۔ یعنی گناہ حد کفر تک پہنچ جائے۔ جس سے نیکیاں برباد ہو جائیں۔ ان تحبط اعمالکم و انتم لا تشعرون بہر حال اس سے کفر مراد ہے۔ فاولئک اصحب النار پس یہی لوگ آگ والے ہیں اگرچہ کچھ روز گنہگار بھی دوزخ میں رہیں گے لیکن وہ

marfat.com
Marfat.com

آگ والے نہیں آگ والا تو وہ ہے جس کی خاطر آگ بنی اور آگ اس کو لازم ہو جائے اگرچہ بعض کفار جہنم کے ٹھنڈے طبقے میں رہیں گے۔ مگر چونکہ وہاں کی ٹھنڈک آگ کی دوری کی وجہ سے ہوگی اس لئے وہ بھی آگ والے ہیں **هم فيها خلدون** یہ حقیقت میں اصحاب النار کا ترجمہ ہے یعنی وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے چونکہ گناہ نے ان کو گھیر لیا تھا اس لئے عذاب ان کے سارے وقتوں کو گھیرے گا۔

**خلاصہ تفسیر** : ان یہود کی تمام بد عملیوں کی وجہ یہ ہے کہ وہ یہ سمجھ چکے ہیں کہ ہمیں چند روز ہی عذاب ہو گا اس کے بعد آگ ہم کو چھوئے گی بھی نہیں لہٰذا ہم جو چاہیں سو کرلیں اے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم آپ ان سے اتنا تو پوچھیں کہ تم نے کوئی خدا سے اس قسم کا معاہدہ کر لیا ہے۔ جس کے وہ خلاف نہ کرے یا ویسے ہی اس کے ذمہ ایسی بات لگاتے ہو جس کی تمہارے پس کوئی علمی سند نہیں۔ آخرت کے معاملہ میں محض قیاس کو دخل نہیں ہاں یقیناً" تم جہنم میں ہمیشہ رہو گے کیونکہ ہمارا یہ قانون ہے کہ جو شخص قصداً" گناہ کرے اور وہ گناہ اس کے ظاہر و باطن کو گھیرے یا جو شخص کفر کرے اور اس پر ہی اس کا خاتمہ ہو جائے وہ دوزخی ہے اور وہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا۔ عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہاں عہد سے مراد کلمہ طیبہ ہے جو شخص صدق دل سے کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو جائے اور اسی پر اس کا خاتمہ ہو۔ رب تعالیٰ کا اس سے بخشش کا وعدہ ہے۔ اب آیت کی تفسیر یہ ہوئی کہ اے یہودیو! تم جو کہتے ہو کہ ہم کو چند روز عذاب ہو کر ختم ہو جاوے گا تو کیا تم کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے ہو! کیونکہ عذاب کے بعد بخشش ہونا گنہگار مسلمان کے لئے ہے جب تم نے اسلام قبول نہ کیا تو غلط امید کیوں رکھتے ہو تم تو ہمیشہ ہی دوزخ میں رہو گے کیونکہ تم کافر ہو۔ خیال رہے کہ رب تعالیٰ کے بندوں سے وعدہ فرمانے کی چند صورتیں ہیں ایک براہ راست بلاواسطہ جو میثاق کے دن ہوا کہ بندوں نے رب سے اطاعت اور فرمانبرداری کا وعدہ کیا رب نے ان سے انبیاء کرام بھیجنے اور مطیعوں کو بخشنے کا وعدہ کرم فرمایا۔ دوسرے انبیاء کرام کے ذریعہ عمومی وعدہ جو مشروط طور پر کیا گیا۔ جیسے مومن و متقی سے جنت کا وعدہ اور سچے مومنوں سے سربلندی کا وعدہ تیسرے خود نبی کا کسی سے وعدہ فرمانا جیسے حضور نے حضرت عثمان سے جنت و کوثر کا وعدہ فرمایا کہ ارشاد ہوا۔ عثمان جو چاہیں کریں وہ جنتی ہو گئے یا طلحہ نے اپنے لئے جنت واجب کرلی یہ وعدہ بھی رب کا وعدہ ہے۔ وزیر خارجہ کے دورے کرنا حکومت کے وعدے ہوتے ہیں۔ چوتھے یہ کہ رب تعالیٰ بذریعہ نبی کسی سے خاص اور غیر مشروط وعدہ فرمائے۔ جیسے قرآن کریم نے انصار و مہاجرین ابو بکر صدیق یا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے وعدے فرمائے۔ یہاں فرمایا جارہا ہے کہ تم سے براہ راست یا پیغمبر کی معرفت رب نے یہ وعدے کئے ہیں یا موسیٰ علیہ السلام تم سے جنت کا وعدہ کر گئے ہیں۔ یا محض اپنی عقل سے اپنے جنتی ہونے کا یقین کر بیٹھے ہو۔ اگر رب کا وعدہ ہے تو توریت دکھاؤ اور اگر عقل کے اندازے سے کہتے ہو تو ان غیبی خبروں میں عقل کام نہیں آتی۔ (تفسیر عزیزی)

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**: رب سے بےخوفی ناامیدی انسان کو گناہ پر دلیر کرتی ہے۔ جیسا کہ ان یہود کی حالت سے معلوم ہوا۔ مسلمان کے لئے رب کا خوف اور اس سے امید ضروری ہے۔ **دوسرا فائدہ**: وعدہ خلافی عیب ہے اور رب تعالیٰ ہر عیب سے پاک لہٰذا وہ وعدہ خلافی اور جھوٹ سے پاک ہے علماء کرام فرماتے ہیں کہ جھوٹ شان خدائی کے خلاف ہے۔ دیوبندی رب کا جھوٹ بولنا' وعدہ خلافی کرنا ممکن مانتے ہیں جس کے معنی یہ ہوئے کہ اس سے سلب

marfat.com
Marfat.com

الوہیت ممکن ہے۔ ہم اس مسئلہ کی تحقیق ان اللہ علی کل شئی قدیر کی تفسیر میں کر چکے وہاں دیکھو۔ تیسرا فائدہ: بے دلیل بات قابل قبول نہیں۔ حق تعالیٰ نے یہود کی یہ بے دلیل بات رد فرما دی۔ چوتھا فائدہ: ممکن چیز کے ہونے یا نہ ہونے کی نقلی دلیل چاہئے۔ محض قیاس سے یہ ثابت نہیں کیا جاسکتا۔ (تفسیر کبیر) پانچواں فائدہ: جو کفر پر مرا وہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا۔ اس کی بخشش ناممکن ہے۔ اسی لئے اس کے لئے دعائے مغفرت کرنا اسے مرحوم وغیرہ کہنا سخت منع ہے اور مسلمان خواہ کیسا ہی مجرم ہو آخر کار اس کی بخشش ضرور ہوگی وہ دوزخ میں ہمیشہ نہ رہے گا۔ چھٹا فائدہ: قطعی گناہ کو جائز جاننا کفر ہے جیسا کہ احاطت بہ خطیئتہ کی تفسیر سے معلوم ہوا۔

مسئلہ: گنہگار مسلم کے متعلق بہت سے قول ہیں خارجی اس کو کافر کہتے ہیں معتزلی کہتے ہیں کہ وہ نہ مومن ہے نہ کافر بعض کے نزدیک کفار کی طرح وہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا اور بعض نے بہت تفریط کی وہ کہتے ہیں کہ آخر کار کافر کی بخشش ہو جائے گی فرقہ مرجیہ کہتا ہے کہ ایمان کے ہوتے گناہ معز نہیں انسان ایمان درست کرکے جو چاہے عمل کرے یہ تمام اقوال باطل ہیں مذہب اہل سنت یہ ہے کہ گنہگار مسلمان ہے اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے اس کی تجہیز و تکفین کی جاوے اور وہ جہنم میں ہمیشہ نہ رہے گا۔ بعض بغیر سزا اور بعض کچھ سزا پاکر آخر نجات پا جائیں گے۔ نیز ایمان کے ساتھ اعمال کی بھی سخت ضرورت ہے کوئی بھی اعمال سے بے پرواہ نہیں رب تعالیٰ فرماتا ہے۔ ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذلک لمن یشاء اس سے خارجی و معتزلہ مذہبوں کی تردید ہو گئی۔ نیز فرماتا ہے ان الذین امنوا وعملوا الصلحت کانت لھم جنت الفردوس نزلا اس میں مذہب مرجیہ کا ابطال ہے یہ نہ سمجھو کہ مذہب مرجیہ ختم ہو چکا ہے۔ یہ مذہب موجود ہے مگر اب اس کا نام دوسرا ہے۔ پنجاب میں دتہ شاہی مذہب پھیل رہا ہے۔ عام ملنگ، فقیر، بھنگی چرسی اس عقیدے میں گرفتار ہیں کہ ایمان کے ساتھ اعمال کی کوئی ضرورت نہیں وہ دن رات بھنگ چرس میں مست ہیں بعض بے دین پیر لوگوں کو اس شرط پر مرید کرتے ہیں کہ وہ نمازیں چھوڑ دیں۔ یہ سب در حقیقت مرجیہ ہی ہیں۔ حدیث پاک میں ان کے متعلق ارشاد ہوا کہ میری امت کے دو گروہ ایسے ہوں گے جن کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں ایک مرجیہ دوسرا قدریہ حق تعالیٰ ان سب فرقوں سے محفوظ رکھے اور مذہب اہل سنت پر خاتمہ نصیب فرمائے آمین۔

پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ قیاس کرنا سخت گناہ بلکہ کفر ہے۔ کیونکہ یہود نے قیاس سے اپنا چند روزہ عذاب مانا اور آیت نے ان کی سخت تردید کر دی اور حنفی، شافعی وغیرہ تمام مقلدین قیاس کرتے ہیں۔ لہٰذا یہ سب گمراہ ہیں۔ (غیر مقلد)

جواب: اس کے چند جوابات ہیں ایک یہ کہ یہودیوں نے عقائد میں قیاس کیا یہ واقعی ناجائز ہے۔ مقلدین فروعی اعمال میں قیاس کرتے ہیں نہ کہ عقائد میں۔ دوسرے یہ کہ یہود نے خبر میں قیاس کیا کہ قیامت میں ہماری بخشش ہو جائے گی اور خبر میں قیاس نہیں ہو سکتا اس کے لئے نقلی دلیل ضروری ہے۔ ہم لوگ احکام شرعیہ میں قیاس کرتے ہیں۔ تیسرے یہ کہ انہوں نے نص کے مقابل قیاس کیا۔ توریت نے کفار کی بخشش کا انکار کیا۔ انہوں نے قیاس سے اس کو ثابت کیا اور نص کے مقابل قیاس کرنا حرام ہے ان کا حال شیطان کا سا ہوا۔ ہم ایسا قیاس نہیں کرتے۔ جہاں نص نہ ہو وہاں مجبوراً قیاس ہوتا ہے۔ چوتھے یہ کہ ان کا قیاس فلسفی قیاس آرائی تھی کسی آیت سے اس کی تائید نہیں تھی۔ ہمارا قیاس شرعی ہوتا ہے جس کی آیت یا حدیث سے

marfat.com
Marfat.com

تائید ہوتی ہے۔ پانچویں یہ کہ ان کا قیاس بلا ضرورت تھا ہمارا قیاس شرعی ضرورت پوری کرنے کے لئے ہوتا ہے لہٰذا وہ قیاس بے دینی تھا۔ یہ قیاس دینی کوئی غیر مقلد بغیر قیاس زندہ نہیں رہ سکتا۔ فرق اتنا ہے کہ ہم مجتہدین کا قیاس لیتے ہیں اور وہ جہلا اور گمراہوں کا گویا ہم اماموں کے مقلد ہیں وہ نفس اور شیطان کے۔ **دوسرا اعتراض:** کافر کو ہمیشہ دوزخ میں رکھنا ظلم ہے۔ سزا جرم کے مطابق چاہئے نہ کہ ہمیشہ (آریہ) **جواب:** اس کے بھی چند جواب ہیں۔ ایک یہ کہ قانون سے زیادہ سزا دینا واقعی ظلم ہے اور قانونی سزائیں انصاف' رب کا قانون یہ ہے کہ حکومت الٰہیہ کے باغی یعنی کافر کی سزا ہمیشہ جہنم ہے لہٰذا یہ ہمیشگی ظلم نہیں چور آدھے گھنٹے میں چوری کرتا ہے اور دو چار دن میں چوری کا مال کھا پی لیتا ہے مگر اس کو سات یا دس سال کی جیل ہوتی ہے۔ ڈاکو کو عمر قید ہوتی ہے وہاں کوئی نہیں کہتا کہ اس نے ایک گھنٹہ میں جرم کیا اس کو ایک گھنٹہ ہی جیل میں رکھو بلکہ قانون نے چونکہ اس کی سزا یہی رکھی ہے لہٰذا یہ عین انصاف ہے ہاں جو حاکم قانون سے زیادہ سزا دے وہ ظالم ہے اس کی اپیل وغیرہ ہو کر کمی ہو جاتی ہے۔ دوسرے یہ کہ کافر نے رب کی بے انتہا نعمتیں کھا کر بے انتہا نافرمانی یعنی بغاوت کی چاہئے کہ اس کو بے انتہا سزا دی جائے آج بھی باغی کی سزا عمر قید یا پھانسی ہے مگر چونکہ وہاں موت نہیں اس لئے اس سزا کی انتہا نہیں اور یہاں موت اس زندگی کی انتہا ہے اس لئے یہ اس سزا کی انتہا تیسرے یہ کہ کافر اگر ہمیشہ زندہ رہتا تو ہمیشہ ہی کفر کرتا اور اگر دوبارہ بھی واپس کیا جاوے تو بھی کفر ہی کرے چونکہ اس کی سرکشی بے حد ہے لہٰذا سزا بھی بے حد قرآن کریم فرمارہا ہے **ولو ردوا لعادوا لما نہوا عنہ** عادی ڈاکو کی سزا پھانسی یا عمر قید ہے۔ بولو پنڈت جی تمہارے دھرم کا قانون ہے کہ جو چوری کرے وہ سات بار ہاتھی کی جون میں آوے۔ کیوں اس نے جرم تو صرف ایک گھنٹہ کیا اور اس کی سزا میں کم از کم سات سو سال تک ہاتھی بنا یہ جرم سے زیادہ سزا ہوئی یا نہیں اور یہ ظلم ہوا کہ نہیں۔ **تیسرا اعتراض:** روح ایک پاک چیز ہے جسم کے گناہ سے عارضی ناپاکی اس میں آگئی تو چاہئے کہ مرنے کے بعد جب یہ ناپاکی جاتی رہے تب اس کی نجات ہو جاوے (نیچری) **جواب:** کفر و شرک ایسی گندگی ہے جس سے روح اصلاً گندی ہو کر ناقابل اصلاح ہو جاتی ہے جیسے کہ لوہا اور صاف شیشہ زنگ سے ناقابل اصلاح ہو جاتا ہے اب بھی بعض عادات و اخلاق سے انسان قابل اصلاح نہیں رہتا۔ لہٰذا ایسی گندی روح کو عذاب دائمی ہی ضروری ہے۔ کفر کی سمیت نے اس کی اصل بگاڑ دی۔ **چوتھا اعتراض:** چاہئے کہ روح کو سزا نہ ملے کیونکہ جرم جسم نے کیا ہے گناہ اعضاء سے ہوتے ہیں صرف جسم ہی کو سزا ہونی چاہئے (جہلا) **جواب:** ایک اندھا لنگڑے کو کندھے پر لے کر باغ میں چوری کرنے گیا۔ لنگڑے نے پھل توڑے اندھے نے وہاں تک پہنچایا۔ مالک نے ان دونوں کو پکڑ لیا تو دونوں ہی کی جوتہ کاری کرے گا۔ کیونکہ دونوں مجرم۔ جسم لنگڑا ہے اور روح اندھی ان دونوں نے مل کر رب کے احکام کے باغ کی چوری کی ہے لہٰذا دونوں عذاب کے مستحق ہیں۔ جسم بغیر روح کچھ نہ کر سکتا تھا اور روح بغیر جسم مجبور تھی (اعلیٰ حضرت قدس سرہ') نیز جسم بغیر روح عذاب نہیں پاسکتا۔ کیونکہ تکلیف کا احساس روح سے ہوتا ہے اس لئے روح کو عذاب ضروری ہے۔ ہماری گفتگو سے معلوم ہوا کہ کفار کے چھوٹے بچے جو نا سمجھی میں فوت ہو گئے وہ دوزخی نہیں کہ دوزخ صرف اپنے کسب سے ملتی ہے دنیا میں کبھی بروں کی وجہ سے اچھوں پر عذاب آجاتا ہے مگر آخرت میں یہ نہ ہوگا۔

**تفسیر صوفیانہ :** روح کا تعلق جسم سے بھی ہے اور دل سے بھی مگر بمقابلہ جسم دل سے قوی تعلق ہے۔ لہٰذا جسمانی گناہ سے

marfat.com

Marfat.com

روح کی اصل صفائی جاتی رہتی ہے اور اس سے روحانی اخلاق علم و کرم' مروت و غیرت' شکر و صبر وغیرہ نکل کر اس میں حیوانی بلکہ شیطانی صفات پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس کی صیقل صرف کلمہ طیبہ اور درستگی عقائد ہیں۔ اگر دنیا ہی میں یہ صیقل کرلی گئی تو خیر ورنہ آخرت میں اس کی اصلاح ناممکن ہے اور اس کی سزا دائمی عذاب ہے' علمائے بنی اسرائیل ان دو مرتبوں میں فرق نہ کر سکے اور دونوں کو یکساں سمجھ بیٹھے دیکھو روح کا تعلق ناخن ہاتھ پاؤں اور دماغ و دل سبھی سے ہے۔ مگر مختلف کہ ناخن اور بال کاٹنے سے روح کو تکلیف بھی نہیں ہوتی اور دوسرے اعضاء کے بیکار ہو جانے سے اس کو تکلیف تو ضرور ہوتی ہے۔ مگر موت نہیں ہوتی لیکن دل و دماغ پر آفت آجانے سے موت واقع ہو جاتی ہے۔ روح ایک ہے مگر اس کے تعلقات مختلف۔ ان یہودیوں نے دل و دماغ (عقائد) کو بال وغیرہ (اعمال) پر قیاس کر لیا اس کی تردید فرمائی گئی بادشاہ کا تعلق چوکیدار سے بھی ہے اور وزیر اعظم سے بھی۔ لیکن وزیر کے بگڑنے سے سلطنت جائے گی نہ کہ چوکیدار کے بگڑنے سے۔

| |
|---|
| وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ |
| اور وہ جو ایمان لائے اور کیا انہوں نے نیکیوں کو یہ لوگ جنت والے ہیں |
| اور ایمان لائے اور اچھے کام کیے وہ جنت والے ہیں انہیں |
| هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ |
| وہ لوگ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں |
| ہمیشہ اس میں رہنا ہے |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: اس سے پہلے دائمی جہنمیوں کا ذکر ہوا تھا۔ اب دائمی جنتیوں کا تذکرہ ہو رہا ہے کیونکہ ہر چیز اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہے۔ دوسرا تعلق: اس سے پہلے جہنم میں پھنسانے والے عیوب بتائے گئے تھے اب جہنم سے بچانے والے صفات کا ذکر ہے۔ تاکہ لوگ ان سے بچیں اور یہ صفتیں اختیار کریں۔ تیسرا تعلق: اس سے پہلے علمائے یہود کی غلط بیانی بتا کر اس کی تردید کی گئی اب اس غلط بیانی کی وجہ بتائی جا رہی ہے اور فرمایا جا رہا ہے کہ توریت وغیرہ میں مومنین کے لئے وعدہ مغفرت کیا گیا تھا نہ کہ کفار کے لئے ان بیوقوفوں نے کفار کو بھی اس میں داخل سمجھ لیا۔ یہ آیت بھی بلٰی کے تحت میں ہے چوتھا تعلق: اس سے پہلے رب کے قہر کا ذکر ہوا تھا۔ اب اس کی رحمت کا ذکر ہے تاکہ سننے والوں کو خوف اور امید حاصل ہو جس پر ایمان کا دارومدار ہے۔

تفسیر : والذین امنوا جو لوگ علم الٰہی میں مومن ہیں یا وہ جو خاتمہ کے وقت ایمان پر رہے یا وہ جن کو ایمان معتبر نصیب ہوا اور اس کے ساتھ ہی وعملوا الصلحت انہوں نے شائستہ اعمال بھی کئے۔ یعنی بقدر طاقت عبادات معاملات میں درست رہے بقدر طاقت کی اس لئے قید لگائی کہ بعض مومنین کو اعمال کرنے کا موقع ہی نہیں ملتا جیسے دیوانے اور نابالغ بچے اور وہ جو

marfat.com
Marfat.com

ایمان لاتے ہی مر جائیں اور موقعہ پانے والوں میں بھی مختلف لوگ ہیں۔ مساکین صرف نماز و روزہ کا موقعہ پاتے ہیں۔ مالدار حج اور زکوٰۃ کا بھی وغیرہ وغیرہ یہ لفظ ان سب کو شامل ہے **اولٰئک اصحٰب الجنۃ** یہی لوگ جن کے دل نور ایمانی سے روشن اور بدن گناہوں کی گندگی سے پاک ہیں۔ وہ جنت والے ہیں یعنی جنت ان کو لازم ہے اور وہ دوزخ میں کبھی جائیں گے ہی نہیں۔ خیال رہے کہ نیک اعمال کی قید جنت والا ہونے کے لئے ہے کیونکہ گنہگار مسلمان اگرچہ جنت میں پہنچ تو جائیں گے لیکن ان کا جنت والا ہونا یقینی نہیں جنت والا وہ ہے جو شروع سے جنت میں جائے۔ سزا بالکل نہ پائے۔ **ھم فیھا خٰلدون** وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ یعنی جیسے پہلے فرقہ کی سزا دائمی ہے کیونکہ اس کے پاس نہ ایمان ہے نہ نیک عمل ایسے ہی اس فرقہ کی جزا دائمی کیونکہ اس کے پاس ایمان بھی ہے اور نیک عمل بھی۔ خیال رہے کہ دوزخ صرف اپنے کفر یا گناہ کے باعث ملے گی۔ مگر جنت ملنے کے تین طریقے ہیں اپنے اعمال سے یہ جنت کسبی ہے جیسے تمام مومنوں کا جنت میں جانا' دوسروں کے اعمال کے طفیل اسے جنت وہبی کہا جاتا ہے۔ جیسے مسلمانوں کے چھوٹے فوت شدہ بچے' بلا اعمال و بلا وسیلہ جسے جنت عطائی کہا جاتا ہے۔ جیسے وہ مخلوق جو جنت بھرنے کے لئے پیدا کی جاوے گی اس جیسی تمام آیات میں پہلی قسم یعنی کسبی کا ذکر ہے۔ لہٰذا آیات پر کوئی اعتراض نہیں اور نہ ہی یہ آیت دوسری آیتوں کے خلاف ہے۔

**خلاصہ تفسیر** : لوگ چار قسم کے ہیں ایک وہ جو ایمان اور اعمال دونوں سے خالی ہیں ان کا ذکر پہلی آیت میں ہوا کہ وہ ہمیشہ کے جہنمی ہیں دوسرے وہ جو ایمان اور نیک اعمال دونوں رکھتے ہیں۔ ان کا ذکر اس آیت میں ہوا کہ وہ ہمیشہ کے جنتی ہیں۔ دو فریق باقی بچے ایک وہ جن کا ایمان درست اور اعمال خراب یعنی فاسق مسلمان چونکہ یہ اگلے دونوں فریقوں سے ملے ہوئے ہیں کہ عقیدے میں مسلمانوں کے اور اعمال میں کفار کے مشابہ ہیں لہٰذا ان کی جزاء بھی دونوں فریقوں کی جزاء سے ملی ہوگی۔ یعنی کچھ دن جہنم میں رہیں گے پھر جنت میں مکان ہوگا۔ جنت میں رہ کر پھر دوزخ میں نہ آئیں کیونکہ وہاں کسی کو سربلند کرکے گرانا رب کی حکمت کے خلاف ہے ہاں گرے کو اٹھانا عین کرم ہے۔ نیز وہ قلب سے مسلمان تھے اور یہ قالب کے نار کے مشابہ اور قلب قالب سے اعلیٰ ہے۔ لہٰذا قالب کے جرم پر عارضی سزا پائیں گے اور قلب کی درستی کی وجہ سے بعد کو دائمی بہشت۔ خیال رہے کہ یہ قانونی سزا ہے لیکن اگر رب کرم خسروانہ یا بزرگوں کی شفاعت سے اس کو بالکل بخش دے تو اس کی رحمت ہے۔ چوتھا وہ گروہ جو عقیدہ میں کافر مگر ان کے بعض اعمال اچھے جیسے صدقہ و خیرات کرنے والے کفار۔ ان کے متعلق خواہ یہ کہہ لو کہ جو کچھ انہوں نے دنیا میں کھا پی لیا اور آرام پا لیا وہ ان کے اعمال کا بدلہ ہو گیا۔ آخرت میں ان کے لئے دائمی جہنم کیونکہ وہ قالب سے بد اور قلب اصل ہی طرح دنیا میں جو کہ عارضی مقام ہے ان کو جزا دے دی گئی اور آخرت میں جو اصل مقام ہے سزا پائی یا یوں کہہ لو کہ کفار کا کوئی عمل نیک ہوتا ہی نہیں کیونکہ نیک اعمال کے لئے ایمان شرط ہے۔ لہٰذا ان کے صدقہ و خیرات کو عمل صالح نہیں کہہ سکتے اگرچہ بظاہر صالح معلوم ہوتے ہیں جیسے لکڑی کا گھوڑا اور قالین کا شیر کہ یہ اصلی گھوڑے اور شیر کے ہم شکل تو ہیں مگر حقیقتاً" نہ گھوڑا ہیں نہ شیر اسی لئے قرآن کریم نے فرمایا کہ کفار کے اعمال اس سفید چمکدار ریت کی طرح ہیں جس کو پیاسا دور سے دیکھ کر پانی سمجھتا ہے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** یہ کہ ایمان نیک اعمال پر مقدم ہے کیونکہ یہ شرط

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ دوسرا فائدہ: یہ کہ ایمان کے بغیر جنت نہیں مل سکتی۔ لیکن نیک اعمال کے بغیر جنت تو ملے گی مگر اس کا عذاب سے بچ جانا یقینی نہیں ممکن ہے کہ پہلے عذاب ہو جائے۔ لہٰذا اعمال سزا سے بچنے کے لئے ضروری ہیں۔ نیز ایمان سے جنت ملے گی اور اعمال سے وہاں کے درجات۔ تیسرا فائدہ: جنت میں پہنچ کر کوئی نہ نکلے گا مگر جہنم سے بہت مخلوق نکلے گی۔

پہلا اعتراض: جس طرح بدکار کو کچھ روز جہنم میں رکھ کر جنت میں بھیجا جائے گا۔ اسی طرح چاہئے تھا کہ نیکوکار کافر کو کچھ روز جنت میں رکھ کر جہنم میں بھیجا جاتا۔ جواب: اس کا نہایت نفیس جواب خلاصہ تفسیر میں گذر چکا آپ اپنے عمدہ قالین پر گندے پاؤں والے کو نہیں آنے دیتے رب تعالیٰ بھی اپنے جنت کے قالین پر کافر کی گندی روح کو کیوں آنے دے۔ دوسرا اعتراض: اس کی کیا وجہ ہے کہ بعضے مسلمان تو سزا پاکر جنت میں جائیں گے مگر بعض کی ویسے ہی بخشش ہو جاوے۔ جواب: مقصود تو یہ ہے کہ کوئی میلی روح جنت میں نہ پہنچے پہلے ہی اس کو پاک کر دیا جائے۔ جس طرح دنیا میں ہم کسی چیز کو پانی سے پاک کرتے ہیں کسی کو آگ میں رکھ کر۔ اسی طرح پروردگار کسی گنہگار مسلمان کو رحمت کے پانی سے اور کسی کو دوزخ کی آگ سے پاک کر کے جنت میں بھیجے گا۔ یہ وہ خود جانتا ہے کہ کون کس لائق ہے۔ تیسرا اعتراض: پھر گندا شیطان آدم علیہ السلام کو بہکانے کے لئے جنت میں کیوں پہنچا۔ جواب: اس کا جنت میں پہنچنا یقینی نہیں۔ جیسا کہ ہم آدم علیہ السلام کے قصے میں بتا چکے کہ اس نے باہر رہ کر ہی اپنا کام کیا اور اگر گیا بھی ہو تو وہ خدا کا بلایا ہوا نہ گیا بلکہ خود چور کی طرح وہاں گھس پڑا۔ پھر وہاں سے نکال دیا گیا۔ بلائے جانے میں اور خود گھس جانے میں بڑا فرق ہے۔ چوتھا اعتراض: جب جنت ہمیشگی کی جگہ ہے تو آدم علیہ السلام وہاں سے کیوں باہر بھیجے گئے۔ جواب: جب اعمال کی جزاء کے لئے جائیں گے تو وہاں ہمیشگی ہوگی آدم علیہ السلام کی وہ سکونت جزا کی نہ تھی۔

تفسیر صوفیانہ۔ جو طالبین کہ مومن ہوں اور شیخ طریقت کے اشارہ سے شریعت کے قانون کے مطابق ایسے نیک اعمال کریں جو حقیقت تک پہنچانے والے ہیں وہ ان اصول پر عمل کر کے جنت کے حصول میں کامیاب ہو جاتے ہیں اور دیدار یار سے فیض یاب اور پھر وہ ہمیشہ اس میں سیر کرتے رہتے ہیں کیونکہ اس راستے کی منازل اور مقاصد کی اگرچہ انتہا ہے لیکن ان کے سیر کی کوئی حد نہیں۔

| |
|---|
| وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ قف |
| اور جب لیا ہم نے عہد اولاد سے یعقوب کی نہ پوجنا تم مگر اللہ کو |
| اور جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجو |
| وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ |
| اور ساتھ ماں باپ کے احسان کا اور صاحب قرابت کے ساتھ اور یتیموں کے ساتھ اور غریبوں سے |
| اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرو رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں سے |

marfat.com

Marfat.com

| |
|---|
| وَقُولُوا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ ثُمَّ |
| اور کہو تم واسطے لوگوں کے اچھی بات اور قائم کرو تم نماز کو اور دو تم زکوٰۃ پھر |
| اور لوگوں سے اچھی بات کہو اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو پھر تم |
| تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۞ ۸۳ |
| پھر گئے تم مگر تھوڑے تم میں سے اور تم لوگ منہ پھیرنے والے ہو |
| پھر گئے مگر تم میں سے تھوڑے اور تم رو گردان ہو |

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق:** اس سے پہلے بنی اسرائیل کے ایمان سے مایوسی کی چند وجہیں بیان ہو چکیں۔ توریت کو بدل ڈالنا تھوڑی قیمت پر خدا کے احکام بیچ ڈالنا اور پھر بھی اپنے کو جنت کا حقدار جاننا۔ اب اس مایوسی کی ایک اور بڑی وجہ بیان فرمائی جارہی ہے۔ **دوسرا تعلق:** پچھلی آیت میں علماء یہود سے مطالبہ تھا کہ تم اپنے جنتی ہونے کا توریت سے ثبوت دو۔ وہ نہ دے سکے اب اسی توریت سے ان کے جہنمی ہونے کا ثبوت دیا جارہا ہے کہ تم نے توریت کے فلاں فلاں عہد توڑے اور حق تعالیٰ سے بد عہدی کرنے والا ہمیشہ کے عذاب کا مستحق ہے۔ **تیسرا تعلق:** پچھلی آیتوں میں جنتی اور جہنمی کی پہچانیں بتائی گئی تھیں۔ کہ کفار بد کار جہنمی اور مسلمان نیک کار جنتی ہیں اب فرمایا جارہا ہے کہ اے یہودیو تم اپنے کو دیکھو کہ تم میں کون سی علامت ہے۔ تم میں جہنمیوں کی فلاں فلاں علامتیں ہیں لہٰذا تم کبھی جنتی نہیں ہو سکتے۔

**تفسیر** : **واذ اخذنا میثاق بنی اسرائیل** بنی اسرائیل سے پوری توریت شریف پر عمل کرنے کا عہد لیا گیا تھا۔ جس میں یہ احکام بھی موجود تھے لہٰذا ان کا بھی عہد ہو گیا۔ میثاق مضبوط عہد کو کہتے ہیں یعنی ہم نے بنی اسرائیل سے حسب ذیل چیزوں کا مضبوط عہد کرایا پہلے یہ کہ **لا تعبدون الا اللہ** غیر اللہ کی عبادت نہ کرو۔ یہ خبر بمعنی نہی ہے۔ جس سے کہ اس میں بہت اہمیت پیدا ہو گئی جیسے ہم اپنے کسی فرمانبردار غلام سے کہیں کہ تم فلاں جگہ جاؤ گے۔ یعنی اس حکم کی مخالفت کرنی چاہئے ہی نہیں اور تم سے اس کا اندیشہ بھی نہیں۔ اس لئے بجائے حکم کے خبر دے رہا ہوں۔ خیال رہے کہ اس عبارت میں دو عہد ہیں ایک یہ کہ خدا کی عبادت کرو دوسرے یہ کہ غیر کی نہ کرو اور یہ بھی ظاہر ہے کہ رب کی عبادت درستی عقائد پر موقوف ہے کہ اس کی ذات و صفات اس کے پیغمبروں اس کی کتابوں کو مان کر عبادت کی جائے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ عبادت وہ چاہئے جو اس کے ہاں مقبول ہو اور یہ انبیاء کرام کی تعلیم سے ہی معلوم ہو سکتی ہے۔ لہٰذا اس مختصری عبارت میں توحید' رسالت' کتاب' **ملائکہ** اور ساری اعتقادیات پر ایمان لانے کا ذکر بھی آگیا۔ کیونکہ یہ چیزیں عبادت کی شرطیں ہیں یہ بھی خیال رہے کہ عبادت صرف نماز ہی کا نام نہیں بلکہ جو جائز کام رب کی رضا کے لئے کیا جائے وہ عبادت ہے۔ لہٰذا اس میں سارے عبادات بھی داخل ہو گئے۔ غرضیکہ یہ دو لفظ سارے عقائد' سارے اعمال پر مقدم ہیں اس لئے پہلے ان کا ذکر فرمایا گیا خیال رہے کہ عبادت صرف اللہ تعالیٰ ہی کی ہو سکتی ہے اور دینی اتباع صرف نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی اور اطاعت اللہ تعالیٰ کی بھی ہو سکتی ہے۔ اس کے رسول کے بھی۔ ماں باپ و علماء مشائخ کی بھی کیونکہ عبادت وہ ہے کہ کسی کو اپنا خالق یا خالق کی مثل مان کر راضی کرنے کی کوشش کرنا۔

marfat.com
Marfat.com

اتباع کے معنی ہیں آنکھ بند کر کے کسی کے قدم بقدم چلنا اس کے ہر کام کی نقل کرنا یہ حضور کی ہو سکتی ہے کیونکہ بعض کام ہم نہیں کر سکتے وہ مار تا جلاتا ہے خود نہیں کھاتا بلکہ کھلاتا ہے اور غیر نبی کے کام میں غلطی کا بھی احتمال ہے ان کے اچھے کاموں کی پیروی کرو مگر حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ہر کام رب کی طرف سے ہے۔ وہاں نفس اور شیطان کو دخل نہیں۔ دوسرا عہد یہ کہ **وبالوالدین احسانا** معاملات میں سے یہ پہلا عہد ہے۔ یہاں ایک فعل **احسنوا یا تحسنون** پوشیدہ ہے یعنی ماں باپ کے ساتھ احسان کر دیا کرو گے۔ رب تعالیٰ نے اپنی عبادت کے ساتھ والدین کی اطاعت کا ذکر فرمایا اس کی چند وجہیں ہیں ایک یہ کہ ماں باپ اولاد کی پیدائش اور اس کی پرورش کا سبب ہے اور حق تعالیٰ کے فیض کا پہلا واسطہ جو نعمت بھی کسی کو ملے گی پیدائش کے بعد ہی ملے گی۔ لہذا خدا کے بعد ماں باپ کا ہی احسان ہے۔ دوسرے یہ کہ ماں باپ کا انعام خدا کے انعام سے مشابہت رکھتا ہے۔ جیسے حق تعالیٰ بلا طمع بندوں کو پالتا ہے ایسے ہی ماں باپ بغیر لالچ بچے کو پالتے ہیں اور دوسرے محسن بدلے کی امید پر احسان کرتے ہیں کفار ماں باپ جو قیامت جنت و دوزخ کے منکر ہیں۔ انہیں ثواب کی بھی امید نہیں۔ مگر بچہ پالتے ہیں لڑکیوں اور بے دست و پا لڑکوں کے پالنے میں دنیوی لالچ بھی نہیں ہوتا تیسرے یہ کہ حق تعالیٰ انسان کی پیدائش میں حقیقی موثر ہے اور ماں باپ ظاہری موثر۔ چوتھے یہ کہ حق تعالیٰ اپنے نافرمان بندے پر انعام کرنے سے ملول نہیں ہوتا ایسے ہی ماں باپ نا خلف اولاد کی خیر خواہی اور شفقت سے ملول نہیں ہوتے۔ پانچویں یہ کہ جس طرح مخلوق کے دو خالق نہیں ہو سکتے اسی طرح بچے کے دو ماں یا دو باپ نہیں ہو سکتے کیونکہ سوتیلے ماں باپ حقیقت میں ماں باپ ہی نہیں چھٹے یہ کہ ماں باپ کبھی بھی اولاد کی ترقی میں کمی نہیں کرتے اور کبھی ان پر حسد نہیں کرتے۔ یہ انہیں کی خصوصیت ہے۔ ساتویں یہ کہ ماں باپ کی اطاعت سارے دینوں میں ضروری ہے اس میں کسی کا اختلاف نہیں بلکہ ان سے محبت انسانوں کے علاوہ بے عقل حیوانوں میں بھی پائی جاتی ہے۔ آٹھویں یہ کہ ہمیشہ ماں باپ اولاد کے مال کو بڑھاتے ہیں اور نقصان سے بچاتے ہیں جیسے رب تعالیٰ اپنے بندے کے نیک اعمال کو بڑھاتا ہے۔ (تفسیر کبیر و عزیزی) خیال رہے کہ رب تعالیٰ کی عبادت شاہ و گدا نبی و امتی سب پر فرض ہے یوں ہی ماں باپ کی خدمت سب پر فرض عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا **وبرا بوالدتی** نیز رب کی عبادت ہر وقت لازم۔ یونہی ماں باپ کی خدمت ہر وقت فرض ان کی زندگی تندرستی میں بھی بیماری بڑھاپے میں بھی بعد موت بھی۔ رب کی عبادت ہر طرح کی ضروری۔ جانی بدنی مالی یوں ہی ماں باپ کی خدمت ہر طرح لازم جان و جسم' مال غرضکہ ہر شے ان پر صرف کرے۔ صرف نوکروں پر انہیں نہ چھوڑ دے بادشاہ بھی ہو تو بھی اپنے ہاتھ پاؤں سے ان کی خدمت کرے۔ نیز کوئی شخص دعویٰ نہیں کر سکتا میں نے حق عبادت ادا کر دیا۔ غرضیکہ والدین کی خدمت کو رب کی عبادت سے بہت طرح مناسبت ہے۔ ماں باپ کی اطاعت میں چند ہدایتوں کا خیال رکھو پہلی ہدایت اگرچہ ماں اور باپ دونوں کی اطاعت لازم ہے لیکن چونکہ ماں نے بچے کو اپنا خون پلا کر پالا ہے اور باپ نے زر پلا کر۔ اس لئے ماں کا حق الخدمت باپ سے سات گنا زیادہ ہے۔ حدیث پاک میں ہے کہ تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے دوسری روایت میں ہے کہ جنت تمہاری ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔ دوسری ہدایت اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ کافر ماں باپ کی بھی اطاعت اور تعظیم کرے۔ اس لئے کہ یہاں والدین میں ایمان کی قید نہیں لگائی گئی۔ نیز ان کی اطاعت حق پرورش کی وجہ سے ہے اور یہ حق تو کافر ماں باپ میں بھی ہے تیسری ہدایت والدین کے ساتھ احسان تین قسم کا ہے ایک یہ کہ

marfat.com
Marfat.com

اپنے قول و فعل سے ان کو ایذا نہ پہنچائے دوسرے یہ کہ اپنے بدن و مال سے ان کی خدمت کرے۔ تیسرے یہ کہ جب وہ بلائیں تو فوراً حاضر ہو جائے پہلی اطاعت بہرحال واجب ہے کہ ماں باپ کو ایذا دینے والا عاق اور نافرمان کہلاتا ہے۔ دوسری اطاعت جب واجب ہے کہ ماں باپ حاجتمند ہوں اور اولاد میں اس خدمت کی قدرت ہو اگر انہیں حاجت نہیں۔ یا اولاد میں طاقت نہیں تو اس قسم کی اطاعت واجب بھی نہیں۔ تیسری قسم کی خدمت کی یہ شرط ہے کہ ان کی خدمت میں حاضر ہونے سے کوئی شرعی خرابی پیدا نہ ہو اگر نماز کا وقت جا رہا ہے ادھر ماں باپ بلا رہے ہیں تو ان کے پاس نہ جائے بلکہ پہلے نماز پڑھے۔ چوتھی ہدایت ماں باپ کے ساتھ احسان کرنے کا جو حدیث میں بیان آیا ہے وہ یہ ہے (1) ان سے دلی محبت رکھے (2) بات چیت اور اٹھنے بیٹھنے میں ان کا ادب کرے کہ راستے میں ان کے آگے نہ چلے اور ان کو نام لے کر نہ پکارے بلکہ ادب سے بلائے (3) جہاں تک ہو سکے اپنا مال و جان ان پر خرچ کرے (4) ہر کام اور ہر بات میں ان کی رضامندی کا خیال رکھے (5) ان کے مرنے کے بعد ان کی وصیت پوری کرے (6) اور ان کے لئے دعاء مغفرت کرے (7) ان کے لئے کبھی کبھی صدقہ و خیرات کرتا رہے (8) ہر ہفتہ میں ان کی قبر کی زیارت کرے اور اگر ہو سکے تو سورۃ یٰسین پڑھ کر ان کو بخشے (9) ان کے دوستوں اور قرابت داروں سے محبت رکھے ان کے ساتھ سلوک کرے۔ سعادت مند بچے اپنے ماں باپ کے دوستوں کو ان کے بعد ماں باپ کی جگہ سمجھتے رہیں (تفسیر عزیزی) پانچویں ہدایت اگر ماں باپ گناہ کرنے کے عادی ہوں یا کسی بدمذہبی میں گرفتار ہوں تو ان کو نرمی کے ساتھ راہ راست پر لانے کی کوشش کرے چھٹی ہدایت اگر ماں باپ کافر یا منافق بھی ہوں تب بھی ان کا حق مادری' پدری ادا کرے اور ان کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے چچا آزر کی جو سخت کافر تھا' سختی کو برداشت کیا اور اس سے نرم کلام بھی فرمایا۔ حضرت حنظلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا باپ ابو عامر سخت کافر تھا۔ آپ نے حضور علیہ السلام سے اس کے قتل کی اجازت چاہی تو حضور علیہ السلام نے اجازت نہ دی (تفسیر کبیر و عزیزی) ساتویں ہدایت جب ماں باپ کا اللہ اور رسول سے مقابلہ ہو جائے تو اس وقت نہ ماں باپ کا لحاظ ہو گا نہ اور قرابتدار کا۔ مثلاً" ایک جنگ میں بیٹا غازی بن کر اور باپ کافروں کی طرف سے آیا ہے۔ تو اب اس کے حق پدری کا لحاظ نہیں کیونکہ اللہ اور رسول کا حق سب سے مقدم ہے اسی لئے جنگ احد میں حضرت ابو عبیدہ ابن جراح نے اپنے باپ جراح کو قتل کیا اور جنگ بدر میں حضرت ابو بکر صدیق نے اپنے بیٹے عبدالرحمٰن کو جو اس وقت کافر تھے اپنے مقابلہ کے لئے بلایا اور حضرت علی اور حضرت حمزہ اور ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اپنے اہل قرابت عتبہ اور شیبہ اور ولید کو قتل کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جنگ بدر میں اپنے ماموں عاص ابن ہشام کو قتل کیا (تفسیر خزائن العرفان آخر سورہ مجادلہ) جنگ بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے یہ تھی کہ ہر مسلمان اپنے قرابتدار قیدی کو قتل کرے۔ اس کی قرآن کریم نے تائید فرمائی دیکھو سورۃ انفال **لولا کتب من اللہ سبق** خلاصہ یہ ہے کہ کافر ماں باپ کی بھی اطاعت ضروری ہے۔ مگر جب کہ ان کا حق اللہ و رسول کے حق کے مقابل ہو جائے تو اللہ و رسول کا حق مقدم ہو گا۔ صحابہ کرام کا اپنے کافر ماں باپ کی اطاعت کرنا اور یا انہیں قتل کرنا مختلف موقعوں کے لحاظ سے ہے۔ **وذی القربیٰ** اس کا والدین پر عطف ہے اور قربیٰ بمعنی قرابت ہے جیسے حسنیٰ یعنی اپنے اہل قرابت کے ساتھ احسان کرو چونکہ اہل قرابت کا رشتہ ماں باپ کے ذریعہ سے ہوتا ہے اور ان کا احسان بھی ماں باپ کے مقابلہ میں کم ہے اس لئے ان کا حق بھی ماں باپ کے بعد ہے اس جگہ بھی چند ہدایتیں ہیں۔

پہلی ہدایت ذی القربیٰ وہ لوگ ہیں جن کا رشتہ بذریعہ ماں باپ کے ہو جسے ذی رحم بھی کہتے ہیں۔ یہ تین طرح کے ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

ایک باپ کے قرابتدار جیسے دادا' دادی' چچا' پھوپھی وغیرہ دوسرے ماں کے جیسے نانا' نانی' ماموں' خالہ' اخیافی بھائی وغیرہ۔ تیسرے دونوں کے قرابتدار۔ جیسے حقیقی بھائی' بہن ان میں سے جس کا رشتہ قوی ہوگا۔ اس کا حق مقدم۔ لہٰذا اگر بھائی اور چچا حاجتمند ہوں تو پہلے بھائی کی خدمت کرے اور اگر چچا اور ماموں حاجتمند ہوں تو پہلے چچا کی۔ دوسری ہدایت۔ اہل قرابت دو قسم کے ہیں ایک وہ جن سے نکاح حرام ہے۔ انہیں ذی رحم محرم کہتے ہیں جیسے چچا' پھوپھی' ماموں' خالہ وغیرہ ضرورت کے وقت ان کی خدمت کرنا فرض ہے نہ کرنے والا گنہگار ہوگا۔ دوسرے وہ جن سے نکاح حلال جیسے خالہ ماموں چچا کی اولاد ان کے ساتھ احسان و سلوک کرنا سنت موکدہ ہے اور بہت ثواب لیکن ہر قرابتدار بلکہ سارے مسلمانوں سے اچھے اخلاق کے ساتھ پیش آنا ضروری اور ان کو ایذاء پہنچانی حرام (تفسیر عزیزی) تیسری ہدایت۔ سسرالی اور دودھ کے رشتہ دار ذی رحم نہیں' ہاں ان میں سے بعض محرم ہیں جیسے ساس اور دودھ کی ماں۔ بعض محرم بھی نہیں ان کے بھی حقوق ہیں۔ یہاں تک کہ پڑوسی کے بھی حق ہیں۔ مگر یہ لوگ اس آیت میں داخل نہیں۔ کیونکہ یہاں رحمی اور رشتہ والے مراد ہیں۔ **والیتمی** یہ جمع یتیم کی ہے۔ جیسے ندیم اور ندامی۔ انسانوں میں یتیم وہ نابالغ بچہ ہے۔ جس کا باپ مر جائے اور جانوروں میں وہ چھوٹا بچہ جس کی ماں نہ ہو۔ اور جواہرات میں وہ یتیم ہوتا ہے۔ جس کی مثل نہ ہو اور سیپ میں اکیلا پیدا ہو۔ یتیم کی جمع قاعدے سے یتمی نہیں چاہیے تھی۔ لیکن چونکہ یہ آفت زدہ ہے اس لئے دوسرے آفت زدوں کی طرح اس کی جمع بھی لائی گئی۔ جیسے بیط حبالی۔ خیال رہے کہ یتیم پر احسان دو طرح کا ہے ایک یہ کہ اس کے مال کی حفاظت کریں اس کی خوراک و پوشاک کی خبر گیری رکھیں اس کو علم و ادب سکھائیں۔ یہ اس کے اہل قرابت پر واجب ہے۔ دوسرے یہ کہ اسے ایذا نہ دیں۔ اس کے ساتھ نرمی اور مہربانی کریں اس کو مجلسوں اور محفلوں میں اپنے پاس بٹھائیں اس کے سر پر ہاتھ پھیریں۔ اس کو اپنے بچوں کی طرح گود میں لیں اور محبت ظاہر کریں یہ سب پر لازم ہے کیونکہ جس بچے کا باپ مر گیا سب مسلمان اس کے باپ ہیں۔

**حکایت** : انجمن حمایت اسلام کے یتیم خانہ کی لڑکی کا کسی سے نکاح کیا گیا۔ جس میں ڈاکٹر اقبال بھی لائے گئے۔ کسی نے مذاق سے دولہا سے کہہ دیا کہ آیئے انجمن حمایت اسلام کے داماد۔ ڈاکٹر اقبال نے کہا کہ نہیں بلکہ مسلم قوم کے داماد کیونکہ یہ بچی سارے مسلمانوں کی بیٹی ہے۔ **والمسکین** یہ مسکین کی جمع ہے مسکین سکون سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں ٹھہر جانا گویا کہ غریبی نے اس کو نقل و حرکت سے روک دیا۔ فقیر وہ ہے۔ جس کے پاس نصاب سے کم مال ہو' اور مسکین وہ ہے۔ جو بالکل مال کا مالک نہ ہو یہ ہی احناف کا قول ہے۔ خضر علیہ السلام کے کشتی والوں کو جو مساکین فرمایا گیا **کانت لمسکین یعملون فی البحر** تو وہ مسکین لغوی معنی میں ہے یعنی بیچارے لاچار یا وہ کشتی ان کی اپنی نہ تھی یہ لوگ اس پر مزدوری کرتے تھے۔ اس لئے **یعملون فی البحر** فرمایا گیا۔ غرضیکہ مسکین فقیر سے زیادہ حاجتمند ہے کبھی فقیر محتاج کو کہتے ہیں اور مسکین اسے جس کے دل میں عجز و انکساری ہو اگرچہ کتنا ہی بڑا مالدار ہو اس معنی سے حضور نے فرمایا کہ مولا مجھے مسکین جلا مسکین وفات دے اور مسکینوں کے زمرے میں اٹھا۔ **وقولوا للناس حسنا** یہ **واذ اخذنا** پر معطوف ہے یعنی ہم نے بنی اسرائیل سے کہا تھا کہ تم لوگوں سے اچھی باتیں کہنا چونکہ ہر شخص کی بدنی اور مالی خدمت نہیں کی جا سکتی لہٰذا ماں باپ وغیرہ کی تو مالی اور بدنی خدمت لازم کی گئی اور باقی لوگوں کی صرف قولی۔ یعنی ان سے اچھا برتاؤ کرے اس عبارت کی دو تفسیریں ہیں۔ پہلی تفسیر سیدنا ابن عباس سے مروی

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ یہاں لوگوں سے عام لوگ مراد ہیں اور اچھی بات سے نیکیوں کی رغبت اور بدیوں سے روکنا مطلب یہ ہے کہ اے اسرائیلیو حضور علیہ السلام کی شان میں اچھی اور سچی بات کہو۔ ان کے کمالات اور اوصاف بالکل نہ چھپاؤ بلکہ ایمانداری سے سچ سچ کہہ دو۔ تفسیر خزائن العرفان' دوسری تفسیر یہ کہ ناس سے عام لوگ مراد ہیں اور حسنا عام سچی باتیں۔ یہاں بھی چند ہدایتیں ہیں۔

پہلی ہدایت جیسا آدمی ویسے ہی اس کے ساتھ اچھی بات۔ متقی مسلمان کے ساتھ ادب و احترام کے ساتھ پیش آئے۔ ملاقات کے وقت سلام و مصافحہ کرے۔ نرم و شیریں گفتگو کرے۔ ناواقف مسلمان کو نرمی سے احکام شریعہ بتائے اس کے ساتھ لڑائی جھگڑا نہ کرے۔

**حکایت** : ایک بزرگ نے کسی کو وضو کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا بھائی میرا وضو دیکھ لے اگر کچھ غلطی ہو تو بتا دینا۔ یہ کہہ کر اپنا وضو کھادیا وہ سمجھ گیا۔ (2) عام مسلمانوں سے ملاقات میں دوستی ظاہر کرے۔ ان کی مزاج پرسی کرے ان کے رنج و غم میں شریک رہے ان کی دعوت میں شرکت کرے۔ ان کو اچھے لقب اور اچھے نام سے پکارے انہیں پیچھے بھلائی سے یاد کرے ضرورت کے وقت اچھا مشورہ دے۔ (3) مصیبت کے وقت ان کے کام آئے۔ مثلاً" بھولے ہوئے کو راستہ بتائے گرتے ہوئے کو سنبھال لے۔ جو کچھ خریدنا چاہتا ہو۔ بازار سے خرید دے جو کوئی مسئلہ پوچھے تو بتادے وغیرہ وغیرہ (4) فاسق و فاجر بدکار فسادی مسلمان کو اگر ہو سکے تو ملامت کرو۔ ان کو برا بھلا کہو بلکہ حاکم وقت ان کو سزا دے۔ اسی میں ان کی اصلاح ہے اور ان کے حق میں یہی قول حسن ہے۔ حضور علیہ السلام نے مجرموں کو سزائیں دیں۔ دوسری ہدایت اس آیت میں کافر بھی داخل ہیں کفار سے بھی اچھی بات کہو۔ جس کافر کے ایمان کی امید ہو اس سے نرم گوئی اور دلجوئی سے پیش آؤ۔ نہایت اخلاق سے دعوت اسلام دو۔ دیکھو فرعون سخت کافر تھا اور موسیٰ علیہ السلام بڑے پیغمبر مگر جب انہیں فرعون کی ہدایت کے لئے بھیجا گیا تو حکم دیا گیا **فقولا له قولا لینا" لعله یتذکر او یخشی** یعنی اس سے نرم بات کرنا شاید وہ نصیحت قبول کرے اور خدا سے ڈر جائے چونکہ ابھی تک اس سے ایمان کی بظاہر ناامیدی نہ ہوئی تھی اس لئے اس سے نرم کلام کا حکم دیا گیا۔ نیز قرآن کریم ہمارے حضور کی تعریف فرماتا ہے **فبما رحمته من الله لنت لهم ولو کنت فظا غلیظ القلب لا نفضوا من حولک** آپ اللہ کی رحمت سے ان کے لئے نرم ہو گئے۔ اگر سخت گو اور سخت دل ہوتے تو البتہ آپ کے پاس سے یہ لوگ بھاگ جاتے (تفسیر کبیر و عزیزی) شروع اسلام میں ایسے کفار کو زکوٰۃ دینا بھی جائز تھی۔ انہیں کو مولفتہ القلوب کہتے ہیں وہ حکم اب جاتا رہا۔ لیکن ان کے ساتھ اخلاق کا برتاؤ اور ان کی دلجوئی کرنے کا حکم اب بھی باقی ہے حضور علیہ السلام نے ایسے کفار کے ساتھ بہت پاکیزہ اخلاق سے برتاؤ فرمایا اور انہی اخلاق نے انہیں گرویدہ کر لیا اور وہ مسلمان ہو گئے۔ اس کے صدہا واقعات ہیں۔ درحقیقت اسلام اخلاق ہی سے پھیلا ہے۔ ضدی ہٹ دھرم کفار جن کے ایمان کی کوئی امید نہیں جو ہر وقت اسلام کے مٹانے کے درپے ہوں ان کے ساتھ بقدر طاقت نہایت سختی کی جائے۔ خدا نصیب فرمائے تو ان سے جہاد کیا جائے ان پر تلوار چلائی جائے ان کے حق میں یہ برتاؤ ہی قول حسن ہے اور ان کا فتنہ اس طرح رک سکتا ہے۔ تفسیر کبیر نے اس جگہ فرمایا کہ کفار کو لعنت ملامت کرنا ہی ان کے لئے قول حسن ہے۔ کیونکہ اس سے نفع والی بات مراد ہے نہ کہ دل پسند بات نالائق بچے کو مارنا۔ ڈاکو کو سولی دینا۔ اس کے لئے قول حسن

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ دیکھو جب موسیٰ علیہ السلام فرعون کے ایمان سے ناامید ہوئے تب آپ نے اس کے لئے بددعا فرمائی۔ **ربنا اطمس علی اموالھم و اشدد علی قلوبھم فلا یومنوا حتی یروا العذاب الالیم** نرم کلام فرمانے کا اور وقت حکم تھا اور یہ بد دعا دوسرے وقت کی گئی۔ رب تعالیٰ نے اپنے محبوب علیہ السلام سے فرمایا **یاایھا النبی جاھد الکفار والمنفقین و اغلظ علیھم** مسلمانوں کے صفات یوں بیان فرمائے **اشداء علی الکفار رحماء بینھم** وغیرہ وغیرہ غرضیکہ اخلاق اور قسم کے کفار کے لئے ہیں اور سختی و جہاد دوسرے کفار کے لئے میٹھی اور لذیذ دوائیں اور بیماروں کے لئے ہیں اور کڑوی دوائیں اور آپریشن دوسرے بیماروں کے لئے کفار مرتدین کسی نرمی اور رعایت کے مستحق نہیں بلکہ اگر ان کے لوٹ آنے کی امید ہو تو ان کو ہدایت کی جائے اسلامی بادشاہ ان کو کچھ سوچنے کی مہلت دے پھر بھی باز نہ آئیں تو قتل کرا دے ان کے حق میں یہ ہی قول حسن ہے اب جب کہ اسلامی حکومت نہیں تو مسلمانوں پر لازم ہے کہ اس کی صحبت سے دور بھاگیں قرآن و حدیث نے ان سے بچنے کا سخت حکم دیا ہر کافر اور بدمذہب سے دور رہنا ضروری ہے یہی حکم اس زمانہ میں دیو بندی وہابیوں اور تمام ان فرقوں کا ہے۔ تیسری ہدایت۔ اخلاق' مدارت اور مداہنت اور خوشامد میں فرق ہے۔ اخلاق اچھی چیز ہے اور مداہنت بری اخلاق یہ ہیں کہ اپنے نفس کے حق میں نرمی کی جائے۔ ذاتی قصور کو معاف کیا جائے۔ جو اپنے سے بدسلوکی کرے۔ اس کا بدلہ بھلائی سے دیا جائے۔ یہ نہایت پاکیزہ صفت ہے قرآن کریم نے فرمایا۔ **انک لعلی خلق عظیم** حضور علیہ السلام کے اخلاق نہایت پاکیزہ تھے لیکن دین میں ست اور پلپلا ہونا مداہنت ہے کہ کسی سے ناجائز باتیں سنے یا اس کو حرام کام کرتے ہوئے دیکھے اور اس پر سختی نہ کرے یہ نہایت بری صفت ہے۔ جو کبھی کفر تک پہنچا دیتی ہے۔ جو شخص اپنی بیوی کے پاس کسی غیر شخص کو دیکھے اور غصہ نہ آئے بلکہ اس کی خاطر کرے وہ خلیق نہیں بلکہ **دیوث** ہے ایسے ہی جو کسی کو اللہ و رسول کی توہین کرتے ہوئے دیکھے اور غصہ نہ کرے اور اسے برا معلوم نہ ہو۔ وہ خلیق نہیں بلکہ بے غیرت بے دین ہے۔

دشمن احمد پہ شدت کیجئے ملحدوں سے کیا مروت کیجئے

چوتھی ہدایت۔ اس آیت میں **حسنا** فرمایا نہ کہ **مستحسن** حسن وہ بات ہے جو در حقیقت اچھی اور نافع ہو اور مستحسن وہ جس کو لوگ اچھا سمجھیں۔ کفار پر سختی ان کے نزدیک مستحسن نہیں مگر حسن ہے اور ان کی خوشامد ان کے نزدیک مستحسن ہے مگر حسن نہیں۔ ہم کو کلام حسن کا حکم ہے نہ کہ مستحسن کا۔ یہ مضمون بہت خیال میں رہے۔ یہاں اکثر لوگ دھوکہ کھا کر اخلاق اور خوشامد میں فرق نہیں کرتے۔ پانچویں ہدایت۔ اگرچہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ احکام بنی اسرائیل کو دیئے گئے تھے۔ مگر ہم سب مسلمانوں پر بھی لازم ہیں (اصول فقہ) جب بندوں کے حقوق سے فراغت ہوئی تو فرمایا گیا **و اقیموا الصلوۃ واتوا الزکوۃ** کہ نماز قائم رکھو اور زکوۃ دو چونکہ نماز میں فقط رب سے ہی تعلق ہے اور زکوۃ میں بندوں سے بھی اس لئے نماز کو زکوۃ پر مقدم کیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ بنی اسرائیل پر بھی نماز اور زکوۃ فرض تھی لیکن ہماری نماز زکوۃ سے مختلف چنانچہ ان پر چوتھائی مال زکوۃ فرض تھی۔ ہم پر چالیسواں حصہ اگرچہ **لا تعبدون** میں یہ بھی آ گئی تھی۔ مگر اس کی افضلیت کی وجہ سے اس کو علیحدہ بھی بیان کر دیا **ثم تولیتم** یا تو یہ موجودہ بنی اسرائیل سے خطاب ہے یا گزرے ہوؤں سے یعنی پھر تم یا تمہارے بزرگ ان تمام احکام سے منہ موڑ گئے اور ان کی پابندی نہ کی۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ حیات شریف میں انہوں نے بچھڑا پوجنا شروع کر دیا۔ بعد میں اگرچہ ڈر خوف سے اس عبادت سے توبہ تو کر لی مگر بچھڑے کی محبت ان

marfat.com
Marfat.com

کے دلوں میں رچ گئی تھی **واشربوا فی قلوبهم العجل** پھر یہود نے تو حضرت عزیر کے فوٹو کی اور عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ و مریم کے فوٹو کی پوجا شروع کر دی اصلی عبادت الٰہی کو چھوڑ بیٹھے نماز کی جگہ آٹھویں دن کی دعا رکھ لی۔ زکوۃ کا مسئلہ بالکل ختم ہی کر دیا۔ لوگوں کو بجائے ہدایت دینے کے انہیں ایمان و ہدایت سے روکنے لگے۔ یتیموں غریبوں کی پرورش کا مذہبی دستور ختم کر دیا۔ اب جو غرباء کی امداد کی سوسائیٹیاں قائم ہیں وہ مذہبی نہیں قومی ہیں **الا قليلا منكم** سو تم میں سے تھوڑوں نے یعنی تم میں سے بہت تھوڑے ایسے لوگ ہیں جو نبی آخر الزمان پر ایمان لے آئے اور انہوں نے سارے احکام کی پابندی کی جیسے عبد اللہ بن سلام اور کعب احبار وغیرہ رضی اللہ عنہما یا تمہارے بزرگوں میں سے بہت تھوڑوں نے ان کی پابندی کی پھر تم نے یہ بھی نہ کیا کہ توبہ کر کے اس عہد شکنی کا بدلہ کر دیتے بلکہ **وانتم معرضون** تم روگردان ہی رہے اور دن بدن عہد شکنی میں ترقی کرتے رہے۔ یہاں تک کہ بد مزاجی بد خلقی خدا کے احکام سے منہ موڑنا تمہاری عادت بن گئی۔ پھر تم کیسے کہتے ہو کہ ہم عارضی عذاب پا کر چھوٹ جائیں گے ان عیوب سے دائمی عذاب آتا ہے۔

**خلاصہ تفسیر** : یہ مختصر سی آیت انسانی زندگی کا مکمل دستور العمل ہے۔ اس میں عقائد عبادات معاملات مکمل طور پر بیان کئے گئے اور انسانی زندگی کے ہر شعبہ پر پوری روشنی ڈال دی گئی اس میں آٹھ احکام بیان ہوئے لیکن اگر تفصیل کی جائے تو آٹھ کروڑ سے بھی زیادہ ہیں۔ پھر ترتیب ایسی نفیس کہ سبحان اللہ' چونکہ عقائد اعمال پر مقدم اور اللہ کا حق سارے حقوق سے اعلیٰ اس لئے پہلے اس کو بیان فرمایا گیا کہ تم غیر خدا کی عبادت نہ کرو۔ پھر مخلوق میں سب سے بڑا ماں باپ کا حق ہے۔ اس لئے اس کے بعد فرمایا گیا کہ والدین کے ساتھ بھلائی کرو۔ پھر ماں باپ کے رشتہ داروں کا حق' اس لئے حکم ہوا کہ اہل قرابت سے سلوک کرو۔ پھر ان کا حق تھا۔ جن سے اسلام کا رشتہ ہے خواہ بدنی رشتہ ہو یا نہ ہو۔ یتیم بچے اور مسکین مسلمان اگر یتیم زیادہ حاجتمند تھے۔ اس لئے ان کو مسکینوں پر مقدم کر کے فرمایا کہ یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ بھی احسان کرو پھر سارے انسانوں کے تمامی حقوق کو ان دو لفظوں میں بیان فرمادیا کہ لوگوں سے اچھی بات کہو معاملات سے فراغت کے بعد ساری بدنی اور مالی عبادتوں کو ان دو لفظوں میں بیان فرمایا کہ نماز قائم کرو اور زکوۃ دو۔ کیونکہ جہاد وغیرہ بھی نماز قائم کرنے کے لئے ہی ہیں پھر ان تمام احکام کی پابندی کرانے کے لئے فرمادیا کہ ان احکام کو چھوڑ کر نجات کی امید کرنا خیال خام ہے اگر اپنا چھٹکارا چاہتے ہو تو ان عقائد اور اعمال کی پابندی کرو ان کی کچھ تفصیل ہم نے تفسیر میں عرض کر دی۔ اگر پوری تفصیل کی جائے تو اس کے لئے دفتر درکار ہیں۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ:** نجات دائمی کے لئے عقائد' عبادت و معاملات سب ضروری ہیں۔ عقائد بنیاد ہے اور عبادت دیواریں اور معاملات چھت مکان کے لئے تینوں چیزیں ضروری ہیں ایسے ہی نجات دائمی کے لئے یہ تینوں ضروری یا یوں سمجھو کو عقائد پرندہ اور اعمال پرندے کے دو پر ہیں۔ اگر ایک بھی ٹوٹ گیا تو اڑنا ناممکن۔ قیامت کے دن بد عمل مسلمان کو بڑی الجھنیں پیش آئیں گی۔ **دوسرا فائدہ:** یہ حق بقدر احسان ہے اسی لئے ماں باپ کا حق ساری مخلوق سے اعلیٰ۔ **تیسرا فائدہ:** یتیموں سے بھلائی کرنا علامت ایمان ہے۔ جس دستر خوان پر یتیم ہو اس پر شیطان نہیں ہوتا۔ جو یتیم کو پال کر جوان کر دے۔ اس کے سارے گناہ بخشے جاتے ہیں۔ بلکہ روایت میں یہ بھی ہے کہ جو اپنی تین بیٹیوں یا بہنوں کو بلکہ دو کو بھی پال کر جوان کر لے تو وہ اس کے لئے جہنم میں آڑ بن جائیں۔ ایک بار حضور علیہ السلام نے اپنی دو انگلیوں کو

marfat.com
Marfat.com

ہلا کر فرمایا کہ ہم اور یتیم کا پالنے والا جنت میں ایسے رہیں گے۔ خیال رہے کہ دونوں مبارک انگلیاں چھوٹی بڑی تھیں جن سے درجات کا فرق معلوم ہوا (روح البیان) **چوتھا فائدہ:** اچھے اخلاق اور لوگوں سے اچھا کلام کرنا بھی علامت ایمان ہے۔ امام محمد باقر رحمتہ اللہ علیہ نے اچھے اخلاق کی نہایت عمدہ تفسیر فرمائی جس کا ترجمہ یہ ہے۔

کبھی بھول کر کسی سے نہ کر کلام ایسا کہ جو کوئی تم سے کرتا تمہیں ناگوار ہوتا
جو بات کسی سے کہو اچھی ہو بھلی ہو کڑوی نہ ہو کھٹی نہ ہو مصری کی ڈلی ہو

**پانچواں فائدہ:** تارک الدنیا بننا کمال نہیں بلکہ کامل وہ شخص ہے جو خالق و مخلوق کے حقوق ادا کر کے دنیا سے جائے۔ **چھٹا فائدہ:** جب ماں باپ رشتہ دار اپنے اہل قرابت ہیں اور ان کے حقوق اپنے ذمہ ہیں تو حضور علیہ السلام کے اہل قرابت بھی سب مسلمانوں کے بزرگ ہیں ان کے حقوق بھی ہم پر ہیں۔ رب فرماتا ہے **قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ** تا قیامت حضور کے اہل قرابت یا اولاد کا احترام انہیں پڑھانا لکھانا علم و ہنر سکھلانا مسلمانوں پر لازم ہے کہ ان کے گھر سے ہمیں ایمان، قرآن بلکہ رحمان ملا۔ یہ حضرات روحانی ذوی القربیٰ ہیں اس سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو اہل بیت اطہار یا صحابہ کبار کی شان میں گستاخیاں کرتے رہتے ہیں۔

**پہلا اعتراض:** اس آیت میں نبی کا ذکر نہ آیا کیا نبی کا کوئی حق نہیں ہے **جواب:** تفسیر میں بتایا گیا کہ **لا تعبدون الا اللہ** میں خدا کے حق کے ساتھ پیغمبر کا حق بھی آ گیا۔ درحقیقت ان کے حق کے بغیر خدا کے حق ادا ہو سکتے ہی نہیں۔ ساری عبادت بلکہ معاملات بھی نبی کا حق ہیں کیونکہ وہ نبی کے فرمانے سے ہی واجب ہوئے اسی لئے قرآن کریم نے فرمایا کہ جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے خدا کی اطاعت کی۔ **دوسرا اعتراض:** اس آیت میں عالم دین اور دینی استاد اور پیر کا ذکر نہ کیا کہ ان کا کوئی حق نہیں۔ **جواب:** یہ حضرات یا تو والدین میں داخل ہیں کیونکہ یہ روحانی ماں باپ ہیں بلکہ ان کا حق اطاعت ماں باپ پر بھی مقدم ہیں کیونکہ ماں باپ تو ہم کو اوپر سے نیچے لائے اور انہوں نے ہمیں پھر نیچے سے اوپر پہنچایا یا یوں کہو کہ ہم کو ماں باپ نے حیوان بنایا اور انہوں نے ناطق یا انہوں نے جسم و جان کی پرورش کی اور انہوں نے روح و ایمان کی اور یا یہ حضرات **قولوا للناس حسنا** میں داخل ہیں کیونکہ جیسے ناس ویسا ان کے ساتھ کلام **تیسرا اعتراض:** اس آیت میں بیوی اور رضاعی ماں اور پڑوس وغیرہ کا حق نہیں آیا۔ **جواب:** یہ بھی الناس میں داخل ہو کر آ گئے۔ **چوتھا اعتراض:** اس آیت میں پہلے عبادت کا ذکر ہے اور پھر معاملات کا اور پھر نماز، زکوٰۃ کا۔ ایسی ترتیب کیوں رکھی گئی **جواب:** یہاں معاملات کا عبادت پر مقدم رکھنا ضروری ہے کیونکہ بندے اپنے حقوق کے محتاج ہیں اور رب تعالیٰ سے بے نیاز۔ مگر چونکہ ان سب کے لئے ایمان شرط ہے اس لئے **لا تعبدون الا اللہ** فرمایا گیا۔

**تفسیر صوفیانہ:** رب تعالیٰ محسن حقیقی ہے اور ماں باپ وغیرہ محسن مجازی۔ لیکن محسن مجازی کا حق ادا کئے بغیر محسن حقیقی کا حق ادا نہیں ہو سکتا اسی لئے یہ قاعدہ مقرر ہے کہ مجاز حقیقت کا پل ہے تین چیزیں بغیر تین چیزوں کے قبول نہیں ہوتیں اسی لئے قرآنی آیت سے ان کو ملا دیا ہے۔ خدا کی اطاعت بغیر رسول **اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول** خدا کا شکر ماں باپ کے شکر کے بغیر **ان اشکرلی ولوالدیک** نماز بغیر زکوٰۃ **اقیموا الصلوۃ واتوا الزکوۃ** جو شخص بغیر وسیلہ مجاز حقیقت کو پانا چاہے

marfat.com
Marfat.com

وہ ناکام رہے گا۔ مجاز کی کشتی میں بیٹھ کر حقیقت کا دریا عبور کرو بلکہ حق تو یہ ہے کہ مجاز حقیقت کا مظہر ہے چاہیئے کہ مجازی آئینہ میں محبوب حقیقی کو دیکھے مولانا فرماتے ہیں۔

اصل صد یوسف جمال ذوالجلال ‏ ‏ ‏ اے کم از زن شو فدائے آں جمال

اصل بیند دیدہ چون اکمل بود ‏ ‏ ‏ فرح بیند چونکہ مرد احول بود

سرمہ توحید از کحال حال ‏ ‏ ‏ یافتہ رستہ زعلت اعتلال

عبادت دو قسم کی ہے بلاواسطہ اور بالواسطہ جن افعال سے براہ راست رب کی رضا منظور ہو وہ بلاواسطہ عبادت ہے۔ اس کو شریعت میں عبادات کہا جاتا ہے۔ جیسے کہ روزہ' نماز' حج و زکوۃ اور جن افعال سے مخلوق کو راضی کرنا منظور ہو۔ مگر یہ مخلوق کی رضا رضائے الٰہی کے لئے ہی ہو۔ وہ بالواسطہ عبادت ہے۔ اسی کو معاملات کہا جاتا ہے۔ جیسے خدمت والدین اور ادائیگی حقوق۔ یہ ہی فرق ہے صدقہ اور نذر میں جو کوئی معاملات سے رب کی رضا جوئی نہ کرے وہ اپنا وقت بیکار گزارتا ہے۔ ان تمام بندوں میں رب کا نظارہ کرو۔ اور سمجھو۔

حاصل نہ شود رضائے سلطان ‏ ‏ ‏ تا خاطر بندگان نہ جوئی

ورنہ تم ان زنان مصری سے بھی کم ہو۔ جنہوں نے حسن یوسف میں خالق یوسف کا جمال دیکھ کر اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے اور درد تک محسوس نہ کیا بلکہ بجائے ہائے وائے کے جمال یوسفی کی تعریف کرتی رہیں۔

| |
|---|
| وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ |
| اور جب کہ لیا ہم نے عہد تمہارا کہ نہ بہاؤ گے خونوں اپنوں کو اور نہ نکالو گے تم |
| اور جب ہم نے تم سے عہد لیا کہ اپنوں کا خون نہ کرنا اور اپنوں کو اپنی بستیوں |
| اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ۞ ۸۴ |
| نفسوں اپنوں کو شہروں سے اپنے پھر اقرار کیا تم نے اور تم لوگ گواہ ہو |
| سے نہ نکالنا پھر تم نے اقرار کیا اور تم گواہ ہو |

**تعلق:** اس آیت کا پچھلی آیت سے کئی طرح تعلق ہے **پہلا تعلق:** اس سے پہلے تہذیب اخلاق اور تدبیر منزل کے احکام کا ذکر تھا جن پر عمل کرنے سے انسان کے اخلاق درست ہو جائیں اور خانگی زندگی سنبھل جائے۔ اب سیاست بدنی کے احکام کا ذکر ہے۔ جس سے قومی اصلاح ہو اور ملک میں امن و امان کا دور دورہ ہو۔ **دوسرا تعلق:** اس سے پہلے اختیار کرنے کے لئے اچھے صفات کا ذکر کیا تھا۔ اب ان عیوب کا ذکر فرمایا جا رہا ہے جن سے بچنا ضروری ہے۔ اسی لئے پہلی آیت میں امر تھا اور اس میں نہی **تیسرا تعلق:** پہلی آیت میں اسرائیلیوں کی نافرمانیوں کا دعوٰی کیا گیا تھا کہ ثم تولیتم اس آیت میں ان کے اعمال سے ثبوت دیا جا رہا ہے۔ **چوتھا تعلق:** موجودہ بنی اسرائیل پچھلی آیت کے مضمون کا انکار کر سکتے تھے کہ ہمارے بزرگوں نے یہ بد

marfat.com
Marfat.com

عہدیاں نہ کیں اور ہم بھی توحید الٰہی پر قائم اور لوائے حقوق میں ثابت قدم ہیں اور اگر انہوں نے یہ بد عہدیاں کی بھی ہوں تو اس سے ہم پر کیا الزام۔ اس کے جواب میں اس آیت میں دوسرا عہد یاد دلایا جا رہا ہے جس کی یہ لوگ ظاہر ظہور مخالفت کر رہے ہیں۔ **پانچواں تعلق:** اس سے یہود کے ایمان کی مایوسی کی چند وجہیں بتائی گئی تھیں۔ اس آیت میں بھی اسی کی ایک وجہ بیان ہو رہی ہے کہ جب یہ لوگ توریت شریف کے نہایت ظاہر اور پختہ احکام کو نہیں مانتے تو نبی آخر الزمان پر ان کے ایمان لانے کی کیا امید ہے یہ عہد یا تو اس طرح لیا کہ توریت میں یہ احکام بھیجے اور جو شخص موسیٰ علیہ السلام کا کلمہ پڑھ کر دین موسوی میں داخل ہو تا تو گویا توریت کے سارے احکام پر عمل کرنے کا عہد کر لیتا ہے جیسے ہم کلمہ پڑھ کر سارے احکام قرآن و حدیث پر عمل کرنے کا عہد کر لیتے ہیں یا اس طرح موسیٰ علیہ السلام نے اپنی وفات کے قریب بنی اسرائیل سے یہ عہد لیا تھا۔ جیسے ہمارے حضور نے حج الوداع میں مسلمانوں کو خصوصی وصیتیں فرمائیں کہ میرے بعد ایک دوسرے کو قتل نہ کرنا اپنی بیویوں سے اچھے سلوک کرنا وغیرہ اور چونکہ نبی کا عہد لینا گویا رب کا عہد لینا ہے اس لئے **اخذنا** فرمایا گیا کہ ہم نے عہد لیا۔

**تفسیر:** **واذ اخذنا میثاقکم** یہاں وہی **اذکروا** فعل چھپا ہوا ہے یعنی اے یہودیو اس وقت کو یاد کرو جب کہ ہم نے تم سے عہد لیا یہاں موجودہ بنی اسرائیل ہی سے خطاب ہے کیونکہ آئندہ انہی کی بد عہدی کا ذکر ہو رہا ہے اسی لئے یہاں **میثاقکم** فرمایا گیا اور پچھلی آیت میں **میثاق بنی اسرائیل** دراصل یہ عہد بھی ان کے باپ دادوں سے ہی لیا گیا تھا۔ مگر چونکہ باپ دادوں کا فعل ہوتا ہے اس لئے اس کا ان سے خطاب ہوا یہاں وعدہ کی نوعیت مراد ہے ورنہ حقیقت میں ان سے تین عہد لئے گئے تھے پہلا یہ کہ **لا تسفکون دماءکم** اپنا خون نہ بہانا یہ **سفک** سے بنا ہے **سفک و سکب** کے معنی ہیں انڈیلنا اور بہانا اس عبارت کے چند مطلب ہو سکتے ہیں۔ (1) دینوی مصیبت سے گھبرا کر یا روحانی ترقی کی امید میں خودکشی نہ کرنا۔ (2) اپنے ہم قوم یا ہم مذہب کو قتل نہ کرنا یعنی آپس میں جنگ و جدال نہ کرنا کیونکہ اپنی قوم کو مارنا در پردہ اپنے ہی کو مارنا ہے۔ (3) کسی کو قتل کرنا کہ اس کے قصاص میں تم قتل کر دیئے جاؤ کیونکہ دوسرے کو ہلاک کرنا اپنے کو موت کے منہ میں دینا ہے۔ (4) جنگجو اور مفسد قوموں کا ساتھ نہ دینا ورنہ تم تباہ ہو جاؤ گے (تفسیر کبیر) خیال رہے کہ یہاں بھی نفی میں نہی کے معنی ہیں اور چونکہ ایک دوسرے کا قتل و خون سخت گناہ ہے کہ شرک و کفر کے بعد اسی کا درجہ ہے اسی لئے اسی عہد کو بھی توحید کے عہد کی طرح نہایت اہتمام سے خبر کی صورت میں بیان فرمایا۔ دوسرا عہد یہ تھا کہ **ولا تخرجون انفسکم من دیارکم** اپنے کو اپنے گھروں میں سے نہ نکالنا یعنی اپنی قوم یا اپنے اہل قرابت یا اپنے پڑوسی کو اتنا تنگ نہ کرنا کہ وہ مجبور ہو کر اپنا گھر یا وطن چھوڑنے پر آمادہ ہو جائے یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ تم ایسی بد عملیاں نہ کرنا جس سے تم کو جلاوطن کر دیا جاوے۔ یعنی حکومت تم کو ملک سے نکال دے یا یہ کہ تم خود تارک الدنیا ہو کر اپنا گھر بار چھوڑ کر جنگل میں آوارہ نہ پھرنا بہر حال یہاں بھی یا تو **انفس** سے اپنی جانیں مراد ہیں۔ یا اپنے ہم قوم چونکہ جلاوطن کرنا قتل کے بعد سب سے بڑا ظلم ہے۔ چنانچہ اب بھی پھانسی کا درجہ کالے پانی کی سزا ہے نیز جلاوطن قوم کبھی سلطنت نہیں کر سکتی جب اس کی اجتماعی قوت جاتی رہی اور لوگ بکھر گئے تو مخالف کو حملہ کرنے کی جرات ہو جائے گی اور وہ اس کو غلام بنا لے گا۔ اس لئے خونریزی کے بعد جلاوطنی کا ذکر کیا گیا اور اے اسرائیلیو یہ ہی نہ ہوا کہ تمہیں ان احکام کی خبر دے دی جاتی بلکہ **ثم اقررتم** تم نے اس کا بھی اقرار کر لیا کہ ہم اس پر عمل کریں گے پھر یہ اقرار خفیہ طریقہ پر یا ضمنی طور پر نہ تھا

marfat.com
Marfat.com

اتنا صاف اور صریح تھا کہ **وانتم تشهدون** تم اب بھی اس گذشتہ اقرار کی گواہی دے رہے ہو۔ خیال رہے کہ اقرار اور گواہی ایک شخص کی نہیں ہو سکتی مقر کوئی اور ہوتا ہے اور گواہ دوسرا اس لئے اس آیت کے یا تو یہ معنی ہیں کہ تمہارے بزرگوں نے اقرار کیا تھا اور تم اس کے گواہ ہو۔ یا یہ کہ تم سب نے اقرار کیا تھا اور بعض لوگ بعض پر گواہ تھے۔ یا تم نے پہلے اقرار کیا تھا اور اب گواہ ہو کہ ہاں ہم اقرار کر چکے ہیں اس سے مقصود یہ ہے کہ تم وہ اقرار اب تک بھولے نہیں ہو۔ سب کچھ تمہیں یاد ہے اور جان بوجھ کر اس کی مخالفت کر رہے ہو۔

**خلاصہ تفسیر** : اے اسرائیلیو تم اس وقت کو بھی یاد کرو جب ہم نے تم سے مضبوط عہد لیا تھا کہ تم آپس میں خونریزی نہ کرنا اور اپنی قوم کو ناحق جلاوطن نہ کرنا کیونکہ اس سے تمہاری قوت ٹوٹ جائے گی اور قومی شیرازہ بکھر جائے گا جو تمہاری ہلاکت کا باعث ہو گا تم نے اس کا پورا اقرار بھی کیا تھا۔ اور تم اب تک اس پر گواہ ہو مگر تم نے کیا کیا اور اس اقرار پر کتنے قائم رہے اس کا ذکر اگلی آیت میں آ رہا ہے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**: اپنے دینی بھائی کو مارنا درحقیقت اپنے کو مارنا ہے۔ کیونکہ اس سے قوم میں کمزوری پیدا ہو گی۔ جس کا وبال سبھی بھگتیں گے۔ **دوسرا فائدہ**: اپنے دینی بھائی کو ذلیل کرنا درحقیقت اپنے کو ذلیل کرنا ہے کیونکہ اس سے غیر قوم کی نگاہ میں اپنی قوم کا وقار جاتا رہتا ہے اور جب اپنی قوم کا وقار گیا تو خود اپنا بھی گیا کاش کہ موجودہ مسلمان بھی یہ راز سمجھ جائیں اگر ہم مسلم قوم کی عزت کریں تو کوئی قوم ہم کو ذلیل نہیں کر سکتی۔ دوسری قوموں کو مسلمانوں کے مقابلہ کی اس لئے ہمت ہوئی کہ خود مسلمان ہی اپنی قوم کے دشمن بن گئے۔ **تیسرا فائدہ**: قوم کی عزت سے دین کی عزت ہے مومن کی عزت سے ایمان کی۔ مسلم سے اسلام کی۔ عالم دین کی عزت سے قرآن کی عزت ہے۔ دین کی عزت کے لئے دینداروں کی عزت کرو۔ اللہ پاک عمل کی توفیق عطا فرمائے آج انگریز کے دلدادہ دین و ملت سے بے قید مادر پدر آزاد لوگ اپنی ترقی علماء کو گالیاں دینے میں سمجھتے ہیں جس کو دیکھو عالم کا بدگو ہے۔ پھر لطف یہ ہے کہ عالم کو آڑ بنا کر اسلام پر وار کرتے ہیں۔ روزے 'نماز' حج و زکوۃ و قربانی کو برا کہتے ہیں کہ دین کا نام لے کر ملاؤں نے اٹھک بیٹھک 'بھوکے مرنا ناحق جانورں کا خون کرنا نکالا ہے۔ یہ بدنصیب نہ دین کے نہ دنیا کے ان کے اس عمل سے خود اپنی دینی و قومی تباہی ہے۔ یہ لوگ اس آیت سے عبرت پکڑیں۔ **چوتھا فائدہ**: مسلمانوں کو لازم ہے کہ اپنے گھر نہ چھوڑیں اور اپنی زمین فروخت نہ کریں۔ بلکہ زمین خریدنا اور اپنی آبادیاں بڑھانا اور محلے قائم کرنا ضروری ہے اگر ہندوستان سے مسلمان چلے جائیں تو یقیناً" یہاں کی مسجدیں بند اور مسلمانوں کے قبرستان گئو شالے بنالئے جائیں گے اور ان کی ساری وقف زمینوں پر غیر قبضہ کرلیں گے۔ **پانچواں فائدہ**: بعض جگہ سن کر یا شہرت پر یا علامتیں دیکھ کر بھی گواہی دی جا سکتی ہے۔ ہر گواہی میں دیکھنا ضروری نہیں۔ دیکھو موجودہ یہودیوں نے اپنے بزرگوں کے عہد و میثاق کا واقعہ خود نہ دیکھا تھا۔ محض قربت دیکھ کر یا سن کر گواہی دی وہ معتبر ہوئی۔ اسی طرح آج بھی وقف نسب 'نکاح' تبرکات کی گواہی فقط سن کر یا علامتیں دیکھ کر دی جا سکتی ہے۔ لہذا دیوبندیوں اور وہابیوں کا تبرکات کے ثبوت کے لئے حدیث بخاری کا مطالبہ کرنا محض غلطی ہے۔

**اعتراض** : اس آیت سے معلوم ہوا کہ بنی اسرائیل کو اپنے قتل نہ کرنے کا مکلف کیا گیا۔ انسان اپنے قتل سے تو خود ہی بچتا

marfat.com
Marfat.com

ہے اسے مکلف کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ جواب: اس کا جواب تفسیر میں گزر چکا کہ بعض وقت انسان خودکشی کرتا ہے۔ بعض قومیں خودکشی کو ذریعہ نجات سمجھتی ہیں۔ اس لئے اس سے ان کو روکا گیا یا یہ مراد ہے کہ اپنی قوم کو قتل نہ کریں۔

**تفسیر صوفیانہ :** نفس کی پرورش کرنے میں روح کی ہلاکت ہے اور دنیا میں محبت کرنے سے اپنے اصلی وطن یعنی جنت سے محرومی۔ ہر انسان سے عہد لیا گیا ہے کہ وہ شیطان کی اطاعت اور نفس کی پیروی کر کے اپنی جان یا اپنی روح کو ہلاک نہ کر دے نیز اپنے کو دنیا میں پھنسا کر اپنے کو اصل وطن جنت سے نہ نکالے یا یوں سمجھو کہ ہمارا دین فطری اسلام ہے۔ ہم دنیا میں رہ کر بھی اپنے اصلی وطن یعنی اسلام میں موجود ہیں۔ ہم کو چاہئے کہ اسلامی حدود سے نکل کر بے وطن نہ بنیں۔ نیز صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ ترقی روح کا ذریعہ شریعت کی پابندی ہے۔ یہ ہرگز جائز نہیں کہ روحانی ترقی کے لئے خودکشی کی جائے یا اپنے کو دنیوی بلاؤں میں پھنسایا جائے یا آبادی چھوڑ کر اپنے کو صحرا نشین بنایا جائے۔ ان باتوں سے فقیری نہیں ملتی۔ یہ طریقہ سادھوؤں اور جوگیوں اور راہبوں کا ہے بعض صحابہ کرام نے دین کی خاطر دنیوی لذتیں چھوڑنے کا ارادہ کیا۔ کسی نے کہا کہ میں نکاح نہ کروں گا۔ کسی نے کہا میں ہمیشہ روزہ رکھوں گا وغیرہ۔ حضور علیہ السلام نے ان سب کو اس ارادے سے روک دیا اور فرمایا کہ ہمارے دل میں بہت زیادہ خوف الٰہی ہے۔ لیکن ہم نماز بھی پڑھتے ہیں اور سوتے بھی رہتے ہیں اور افطار بھی کرتے ہیں نکاح بھی کرتے ہیں۔ نکاح میری سنت ہے۔ جس نے اس سے منہ پھیرا وہ میرے گروہ سے نہیں لطف یہ ہے کہ شرعی قیود میں عارف کی آنکھ دنیا کے ہر آئینہ میں رب کا جمال دیکھتی ہے۔ جب یہ حال ہو جائے گا تو پھر یہ لطف ہو گا کہ انسان جہاں جائے گا رب کو پائے گا۔ مسجد میں آئے گا تو اسی کو دیکھے گا اور گھر میں پہنچے گا تو اسی تک پہنچے گا اور دکان میں داخل ہو گا تو اسی کے قرب میں داخل ہو گا۔ اور پھر یہ آیت ظاہر ہو گی۔ **فاینما تولوا فثم وجہ اللہ** جہاں جاؤ رب کو پاؤ پھر قلب کی حالت یہ ہو گی کہ نہ دنیوی غم سے غمگین ہو گا اور نہ یہاں کی راحت سے خوشی۔ اسی کا ظہور کربلا کے میدان میں ہوا کہ امام حسین نے بزبان حال فرمایا۔

تو ہی آتا ہے نظر مجھ کو بچشم پرنم   میں تیرا غیر نہیں میں ہوں آئے عین کرم

| |
|---|
| ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ |
| پھر تم یہ ہو کہ قتل کرتے ہو جانوں اپنی کو اور نکالتے ہو تم ایک گروہ کو اپنے سے |
| پھر یہ جو تم ہو اپنوں کو قتل کرنے لگے اور اپنے میں سے ایک گروہ کو ان پر |
| مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ؕ وَاِنْ يَّاْ |
| ان کے گھروں سے اوروں کو مدد دیتے ہو (بمقابلہ) ان کے ساتھ گناہ اور زیادتی کے اور اگر وہ آئیں |
| مدد دیتے ہو (یعنی ان کے مخالف کو) گناہ اور زیادتی میں اور اگر وہ |

marfat.com
Marfat.com

تُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ

تمہارے پاس قیدی ہوکر تو فدیہ دیتے ہو تم ان کا اور شان یہ ہے کہ حرام ہے اوپر تمہارے

قیدی ہوکر تمہارے پاس آئیں تو بدلہ دے کر چھڑا لیتے ہیں اور ان کا نکالنا تم پر حرام ہے

اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ مَنْ

نکالنا ان کا کیا تم ایمان لائے ہو تم ساتھ بعض کتاب کے اور کفر کرتے ہو ساتھ بعض کے پس کیا بدلہ ہے

تو کیا خدا کے کچھ حکموں پر ایمان لاتے ہو اور کچھ سے انکار کرتے ہو تو جو تم میں سے ایسا کرے گا

يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ

اس کا جو کرے یہ تم میں سے مگر رسوائی بیچ زندگی دنیا کے اور دن قیامت

اس کا بدلہ کیا ہے مگر یہ کہ دنیا میں رسوا ہو اور قیامت میں

الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

کے لوٹائے جائیں گے وہ طرف سخت عذاب کے اور نہیں ہے اللہ بے خبر

سخت تر عذاب کی طرف پھیرے جائیں گے اور اللہ تمہارے کوتکوں

تَعْمَلُوْنَ ۞ ۸۵

اس سے جو تم کرتے ہو.

سے بے خبر نہیں

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: یہ آیت پچھلی آیت کا تتمہ ہے **دوسرا تعلق**: پچھلی آیت میں بنی اسرائیل پر احکام بھیجنے کا ذکر تھا۔ اب ان کے اعمال کا تذکرہ ہے۔ **تیسرا تعلق**: پچھلی آیت میں بنی اسرائیل کے اقرار اور عہد و پیمان کا ذکر تھا۔ اب اس کے توڑنے کا تذکرہ ہے۔

**شان نزول** : توریت میں بنی اسرائیل سے عہد لیا گیا تھا کہ وہ آپس میں ایک دوسرے کو قتل نہ کریں او وطن سے نہ نکالیں اور جو بنی اسرائیلی کسی کی قید میں ہو اس کو مال دے کر چھڑا لیں۔ اس پر انہوں نے اقرار بھی کیا اور گواہ بھی ہوئے لیکن قائم نہ رہے اور اس سے پھر گئے۔ جس کا ذکر خلاصہ میں آتا ہے۔ اب یہ آیت کریمہ اتری (تفسیر خزائن العرفان)

**تفسیر** : **ثم انتم هولاء تقتلون انفسكم**۔ ثم یا تو رتبی تراخی کے لئے ہے یا زمانی یعنی باوجودیکہ یہ احکام عقلا "نقلا" نہایت اعلیٰ تھے جن پر ملکی اور قومی انتظام موقوف تھا۔ مگر تعجب ہے کہ پھر بھی تم اس کی مخالفت کرتے ہو۔ جس سے دین دنیا میں تمہاری رسوائی ہے۔ یا یہ کہ بہت عرصہ تک تو تم ان احکام کے پابند رہے اتنے عرصے کے بعد اب تم نے ان کی مخالفت شروع کر

marfat.com
Marfat.com

دی۔ یاتو انتم مبتداء اور تقتلون اس کی خبر اور ھٰؤلاء سے اول لفظ یا تو پوشیدہ ہے یعنی اے وہ عہد کے توڑنے والو تم اپنے کو قتل کرتے ہو یا انتم مبتداء ہے اور ھٰؤلاء اس کی خبر اور تقتلون سے آخر تک اس کا بیان یعنی یا تو ھٰؤلاء الذین کے معنی میں ہے اور جملہ اس کا صلہ اور یا یہ اپنے ہی معنی میں ہے مگر انتم سے ان کی ذات مراد اور ھٰؤلاء سے ان کی صفات یعنی پھر تم وہ بد عہد لوگ ہو جو اپنے کو قتل کرتے ہو (تفسیر روح البیان) اس تقریر سے انشاء اللہ سارے وہ اعتراض اٹھ جائیں گے جو اس عبارت پر پڑتے ہیں تقتلون انفسکم کے یا تو یہ معنی ہیں کہ تم تارک الدنیا راہب بن کر اپنے آپ کو ہلاک کر لیتے ہو یا یہ کہ تم آپس میں ایک دوسرے کو قتل کرتے ہو۔ دوسرے معنی ہی زیادہ صحیح ہیں (تفسیر کبیر) وتخرجون یعنی یا تو تم غلبہ پا کر اپنی ایک جماعت کو جلاوطن کر دیتے ہو اور یا ان کو اتنا پریشان کرتے ہو کہ وہ وطن چھوڑنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ غرض کہ بالواسطہ یا بلاواسطہ تم انہیں نکال دیتے ہو۔ فریقا منکم فریقا" فرق سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں جدا ہونا چونکہ ہر قبیلہ دوسرے قبیلوں سے ممتاز اور جدا ہوتا ہے اس لئے اس کو فریق کہتے ہیں۔ خیال رہے کہ جہاں دنیوی وجہ سے جدائی ہو وہاں فریق بولا جائے اور جہاں دینی وجہ سے وہاں فرقہ اور کبھی اس کا عکس بھی ہوتا ہے من دیارھم دیار جمع دار کی ہے۔ جس کے معنی ہیں گھر' وطن ملک کو اس لئے دیار کہتے ہیں کہ وہاں بہت سے گھر ہوتے ہیں ھم کا مرجع فریق ہے۔ جو لفظا" واحد اور معنا" جمع ہے یعنی تم اپنی ایک جماعت کو ان کے وطن سے نکال دیتے ہو۔ تظھرون علیھم یہ قتل کرنے اور نکالنے کا بیان ہے۔ یعنی تم براہ راست خود تو یہ حرکت نہیں کرتے "مگر ان کے دشمنوں کو ان کے مقابلہ میں امداد دیتے ہو۔ تظھرون ظہر سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں پشت۔ مدد دینے کو اس لئے ظاہر کہتے ہیں کہ اس سے جنگ میں دوسرے کی پشت قوی ہوتی ہے۔ اسی لئے اپنے مددگار کو پشت پناہ کہتے ہیں۔ غضب تو یہ ہے کہ تمہاری یہ امداد کسی نیک کام کے لئے نہیں بلکہ بالاثم والعدون گناہ اور زیادتی میں ہے یعنی دشمن ظلما" تمہاری ایک جماعت پر حملہ کرتا ہے اور تم اس دشمن کی امداد کرتے ہو۔ لہٰذا تم بھی اس گناہ میں شریک ہوئے پھر لطف یہ ہے کہ تم اس مظلوم جماعت سے پوری دشمنی بھی نہیں کرتے بلکہ اولا" تو انہیں دیس سے نکال دیتے ہو جس سے وہ قید ہو جاتے ہیں وان یاتوکم اسری جمع اسیر کی ہے۔ اسیر وہ جس کو جبرا" پکڑ لیا جائے۔ خیال رہے کہ جو قیدی ہتھکڑی بیڑی میں ہو وہ اسری کہلاتے ہیں اور جو فقط دوسرے کے قبضے میں ہوں وہ اساری یعنی جب یہ مظلوم لوگ تمہارے پاس قیدی ہو کر پابجولاں آتے ہیں تو تفدوھم تم فدیہ دے کر انہیں چھڑا لیتے ہو۔ تفدوا۔ فداء سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں۔ چیز کا معاوضہ خیال رہے کہ قیدی کو چھڑانا عیب نہیں بلکہ خوبی ہے یہاں اس فعل کی برائی کرنا منظور ہے کہ تم پوری کتاب پر عامل نہیں یا یہ کہ تم خود ہی قید کرا کر خود ہی چھڑاتے ہو۔ یہ تمہاری حماقت ہے تفسیر کبیر نے تفدو کے ایک یہ معنی بھی کئے کہ تم ان کا فدیہ لے لیتے ہو۔ یعنی اولا" اپنی قوم کو قید کرتے ہو اور جب ان کا قرابتدار چھڑانے آئے تو مال لے کر چھوڑتے ہو۔ اس صورت میں یہ بھی ایک عیب ہی ہو مگر پہلے معنی زیادہ صحیح معلوم ہوتے ہیں جیسا کہ اگلی عبارت کا تقاضہ ہے وھو یہ ضمیر شان ہے یعنی تمہارا عمل تو یہ ہے اور تمہارا دین یہ کہ محرم علیکم اخراجھم کہ تم پر ان کا نکالنا ہی حرام تھا۔ نکال کر چھڑانا تو ایسا ہے جیسے کسی کے گھر میں آگ لگا کر پانی کے لئے دوڑنا افتؤمنون یہ استفہام انکار کے لئے ہے یا جھڑکنے کے لئے یا تو ایمان سے ماننا مراد ہے اور یا عمل کرنا یعنی تو کیا تم عمل کرتے ہو۔ یا مانتے ہو ببعض الکتب بعض توریت کو یعنی تم نے توریت کے حکم فدیہ پر تو عمل کیا وتکفرون ببعض اور بعض توریت کا انکار کرتے یا چھوڑتے ہو۔ کیونکہ اس میں تو آپس میں جنگ کرنا اور ایک دوسرے کو

marfat.com
Marfat.com

وطن سے نکالنا حرام کیا گیا تھا یا یہ کہ موسیٰ علیہ السلام پر تو ایمان لاتے ہو۔ یہ بعض توریت پر ایمان لانا ہوا اور نبی آخر الزمان کا انکار کرتے ہو۔ یہ بعض توریت کا انکار یا اپنی خاطر خواہ اور دل پسند مسائل کو مان لیتے ہو اور آپس میں قتال' دیس نکالا اور اپنی قوم کا فدیہ لینا اس کو چھوڑتے نہیں وہ بعض پر عمل تھا یہ بعض کا ترک اب تم خود فیصلہ کرو کہ **فما جزاء** یہ ما استفہامیہ ہے یا نافیہ یعنی ایسے شخص کی کیا سزا ہو سکتی ہے یا کوئی بدلہ نہیں ہے **من یفعل** جو ایسی حرکت کرے کہ بعض کو مانے اور بعض کو نہ مانے یا بعض کو چھوڑے اور بعض پر عمل کرے۔ باوجودیکہ **منکم** ہو تم میں سے یعنی اپنے کو یہودی بھی کہتا ہو اور توریت کو ماننے کا مدعی بھی ہو۔ **الا خزی فی الحیوۃ الدنیا** خزی کے لفظی معنی ذلت ناراضی یا شرمندہ کرنا ہے۔ یہاں یا تو اس سے جزیہ مراد ہے یا قتل یا جلاوطنی یعنی اے اسرائیلیو ان حرکتوں کی وجہ سے تم پر بار ہا دنیا میں ٹیکس لگے۔ تمہیں دوسری قوموں کی طرف سے قتل اور جلہ وطن کیا گیا اور آئندہ بھی ایسا ہو گا کہ مسلمان تمہارے حاکم بنیں گے جو تم میں بعض کو قتل کریں گے اور بعض کو جلا وطن اور بعض پر ٹیکس لگائیں گے۔ کیونکہ بکھری ہوئی اور بگڑی قوم کا یہی انجام ہوتا ہے۔ قرآن پاک کی اس خبر کا آج تک ظہور ہو رہا ہے کہ اب تک یہود دوسروں کے غلام ہی ہیں اور ہمیشہ نکالے جاتے ہیں اور پھر اسی پر سزا بس نہیں بلکہ **ویوم القیامۃ** قیامت کے لفظی معنی ہیں کھڑا ہونا چونکہ اس دن ساری مخلوق ہی کھڑی ہو گی۔ یا تمام جہان کے سارے اولین و آخرین ایک میدان میں کھڑے ہوں گے۔ ایسے دن میں **یردون الی اشد العذاب** لوٹائے جائیں گے سخت عذاب کی طرف رد کے لفظی معنی ہیں پکڑ کر واپس کرنا یا پہلی حالت کی طرف لوٹانا۔ یعنی اولاً پکڑے جائیں گے یا جس طرح دنیا میں پہلے ذلیل و رسوا تھے پھر اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے مگر یہ رسوائی پہلے سے سخت ہو گی اور یہ عذاب یقینی ہے کیونکہ **وما اللہ بغافل عما تعملون** اللہ تمہارے کسی عمل سے غافل نہیں۔ جب اس کی قدرت بھی پوری اور علم بھی کامل تمہارے جرم بھی حد سے آگے رب تعالیٰ کا انصاف بھی اعلیٰ پھر کیا وجہ ہے کہ تم کو بڑے جرم کی سزا نہ دی جائے۔

**خلاصہ تفسیر :** مدینہ منورہ کے آس پاس یہود کے دو فرقے رہتے تھے۔ بنی قریظہ اور بنی نضیر اور خاص مدینہ منورہ میں مشرکین کے دو فرقے تھے۔ اوس اور خزرج بنی قریظہ اوس کے حلیف تھے اور بنی نضیر خزرج کے یعنی ہر ایک قبیلہ نے اپنے ساتھی قبیلہ سے قسمیہ معاہدہ کر لیا تھا کہ اگر ہم میں سے کسی پر کوئی حملہ بھی کرے تو دوسرا اس کی مدد کرے گا یہ اوس اور خزرج تقریباً سو برس سے آپس میں جنگ کرتے رہتے تھے۔ جس میں بنی قریظہ کو اوس کی اور بنی نضیر دوسری طرف ہو کر آپس میں خوب کشت و خون کرتے تھے۔ جس کی وجہ سے بنی قریظہ کو بنی نضیر اور بنی نضیر کو بنی قریظہ قتل کرتے تھے اور ان کے گھر ویران کرتے اور ان کو جلاوطن کر دیتے تھے لیکن جب بنی نضیر اوس کے ہاتھوں یا بنی قریظہ خزرج کے ہاتھوں گرفتار ہو جاتے تو وہ ان کو مال دے کر چھڑا لیتے یعنی بنی قریظہ کو بنی نضیر اور بنی نضیر کو بنی قریظہ چھڑاتا باوجودیکہ اگر وہی شخص جنگ کے وقت ان کے موقعہ پر آجاتا تو اسے قتل کرنے میں ہرگز تامل نہ کرتے۔ جب لوگ ان سے کہتے کہ تم خود ہی انہیں قتل اور جلاوطن کرتے ہو اور پھر خود ہی تم قید سے آزاد کراتے ہو۔ یہ کیا حرکت ہے تو وہ کہتے کہ ہمیں توریت میں اپنے قوم کے قیدیوں کو چھڑانے کا حکم دیا گیا ہے۔ جب ان سے سوال ہوتا کہ پھر تم ان سے جنگ کیوں کرتے ہو تو کہتے کہ اپنے حلیف کو ذلت سے بچانے کے لئے اس آیت میں ان کے اس فعل پر ملامت کی جا رہی ہے کہ اے یہودیو تم سے تو چار عہد لئے گئے تھے۔ آپس میں قتال نہ کرنا' کسی کو جلاوطن

marfat.com
Marfat.com

نہ کرنا اپنی قوم کے مقابل دشمن کو امداد نہ دینا اور قیدیوں کو چھڑانا اس کے کیا معنی کہ تم نے تین حکموں کو تو نہ مانا اور ایک پر عمل کیا۔ کیا بعض کتاب ماننے کے قابل ہے اور بعض انکار کے لائق۔ جو قوم ایسی حرکتیں کرے گی وہ دنیا میں رسوا اور آخرت میں سخت عذاب کی مستحق ہو گی چنانچہ دنیا میں تو ان کی رسوائی ہوئی کہ 3 ہجری میں بنی قریظہ مسلمانوں کے ہاتھوں قتل کر دیئے گئے کہ ایک دن میں ان کے سات سو آدمی مارے گئے اور بنی نضیر مدینہ منورہ سے نکال کر خیبر میں رکھے گئے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں وہاں سے بھی نکال دیئے گئے یہ لوگ بارگاہ مصطفوی سے ایسے نکلے کہ اب تک ان کا کہیں ٹھکانا نہیں ہے۔ اب بھی جرمنی وغیرہ کے نکالے ہوئے یہود در بدر مارے مارے پھر رہے ہیں اور انشاء اللہ قیامت تک ایسے ہی پھریں گے ان کے قتل اور جلاوطنی کی وجہ آئندہ بیان ہو گی۔ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے اوس اور خزرج قبیلوں کو دولت ایمان دے کر ان کے آپس کی صد سالہ جنگ کو ختم فرما دیا اور انہیں آپس میں شیر و شکر بنا دیا۔ اب انہیں جماعتوں کا نام انصار ہے۔ جن کے بہت فضائل قرآن پاک میں بیان ہوئے اور جن کی جانی اور مالی قربانیوں کی قیامت تک یادگار رہے گی بلکہ یوں سمجھو کہ یہ قوم ہی اشاعت اسلام کا ذریعہ بنی واہ رے تیری بے پروائیاں۔ جس سے چاہے اپنا کام لے لے۔ خیال رہے کہ ان یہود کی جنگیں نفسانی یا قومی تھیں جو یقیناً" جرم ہے مگر صحابہ کی آپس کی جنگیں نہ نفسانی تھیں نہ قومی بلکہ ایمانی تھیں کہ ایک دوسرے فریق کو سمجھتا تھا کہ یہ شرعی غلطی کر رہا ہے اس کی اصلاح کرنا چاہئے۔ لہٰذا وہ حضرات اس آیت کی زد میں نہیں آتے۔ دیکھو قابیل نے ہابیل کو قتل کیا عورت کے لئے یہ نفسانی قتل ہوا۔ برادران یوسف نے حضرت یوسف علیہ السلام کو بلکہ یعقوب علیہ السلام کو پریشان کیا نفس کی یا عورت کی خاطر نہیں بلکہ یعقوب علیہ السلام کو اپنی طرف مائل کرنے کے لئے۔ اس لئے ان میں فرق ہوا۔ حضرت علی مرتضیٰ نے عائشہ صدیقہ یا حضرت معاویہ کے گرفتار شدہ سپاہی کو غلام نہ بنایا یا قید نہ کیا بلکہ ان کی مدارات کی۔

**فائدے:** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** ظلم اور حرام پر مدد دینا بھی حرام ہے۔ سود لینا دینا لوانا لکھنا گواہی دینا وغیرہ وغیرہ سب حرام ہے۔ **دوسرا فائدہ:** یہ کہ حرام قطعی کو حلال جاننا کفر ہے۔ بنی اسرائیل نے قتل و غارت کو حلال جانا انہیں کافر کہا گیا۔ **تیسرا فائدہ:** کتاب الٰہی کے ایک حکم کا انکار بھی کفر ہے۔ جیسے کہ ساری کتاب کا انکار اسی طرح ایک پیغمبر کا انکار بھی کفر ہے جیسے کہ سب کا انکار **چوتھا فائدہ:** کفر کے ہوتے نیک کام بیکار ہے کہ یہود کا قیدیوں کو چھوڑانا بیکار رہا۔ **پانچواں فائدہ:** کسی کی طرف داری میں دین کی مخالفت کرنے سے علاوہ اخروی عذاب کے کبھی دنیا میں بھی رسوائی آ جاتی ہے۔ **چھٹا فائدہ:** جو دوسروں کی وجہ سے اپنی قوم کو ذلیل کرے گا وہ خود ذلیل ہو جائے گا۔ جوڑنے کے رشتوں کو جوڑو اور توڑنے کے رشتوں کو توڑو۔ **تنبیہہ۔** کاش کہ اس زمانہ کے عالم دیوبندی اور وہابی اس راز کو سمجھ جاتے انہوں نے ہمیشہ مشرکین اور کفار سے محبت رکھی اور مسلم قوم کو اس پر قربان کیا۔ نجدیوں نے حرمین شریفین کی زمین سے صحابہ کرام کی قبروں کو اکھڑوا دیا لیکن اسی زمین پاک میں عیسائیوں کو پہنچایا اور جدہ شریف میں عیسائیوں کی پختہ قبریں بننے کی اجازت دی بلکہ زمین حرم امریکی کمپنی کے ہاتھ کان کنی کے ٹھیکہ کے بہانے فروخت کر ڈالی۔ ہندوستان کے دیوبندیوں نے جمعیت علمائے احرار، حکومت الٰہیہ وغیرہ کے ناموں سے ہمیشہ ہندوؤں کی ہمنوائی کی اور مسلم قوم کو پامال کیا۔ یہود قتال کر کے اپنے قیدیوں کو چھڑا لیتے تھے ان سے یہ بھی نہ ہو سکا یہ یہودیوں سے بھی قومی دشمنی میں چار نمبر آ گے ہیں۔ **ساتواں فائدہ:** جائز وعدوں کو پورا کرنا اور ناجائز

marfat.com
Marfat.com

وعدوں کو توڑ دینا ضروری ہے۔ بنی اسرائیل نے اوس اور خزرج سے ناجائز وعدے کئے اور پھر ان پر قائم رہے اس پر رسوائی اور عذاب کے مستحق ہوئے کیونکہ سب سے بڑھ کر وہ وعدہ ہے جو ہم نے رب سے کیا اس کے مقابل سارے وعدے باطل اور توڑنے کے قابل ہیں کسی نے اپنے دوست سے وعدہ کیا کہ آج شام کو ہم دونوں شراب پئیں گے۔ اس کا توڑنا ضروری ہے کیونکہ ہم نے مسلمان ہو کر رب سے وعدہ کیا ہے کہ شراب نہ پئیں گے۔ اسی لئے ناجائز کام کی قسم توڑنا اور کفارہ ادا کرنا واجب ہے۔

پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا ظلم پر مدد کرنا بھی ظلم ہے۔ تو حق تعالیٰ نے ظالم کو ظلم پر قدرت کیوں دی یہ بھی ظلم پر مدد ہے۔ جواب: رب نے ظلم پر قدرت دے کر اس سے منع بھی فرمایا اور بہت ڈرایا ہے۔ مگر انسان جب ظالم کی مدد کرتا ہے تو اسے ظلم کی رغبت دیتا اور اس سے ظلم کرواتا ہے۔ لہٰذا رب کا قدرت دینا ظلم پر امداد نہیں۔ قدرت محض اس لئے دی گئی ہے کہ بندہ اس پر قابو پا کر اس سے بچے اور ثواب کا مستحق ہو۔ دوسرا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ ان یہود کا آپس میں جنگ کرنا دنیوی وجہ سے تھا تو زیادہ سے زیادہ یہ حرام ہونا چاہئے اسے کفر کیوں کہا گیا آج بھی مسلمان بہت سی ناجائز حرکتیں کرتے ہیں۔ انہیں کافر نہیں کہا جاتا۔ جواب: یا تو وہ لوگ یہ حرکتیں حلال سمجھ کر کرتے تھے لہٰذا کافر ہوئے اور یا اس لئے کہ شریعت میں بعض بڑے گناہ کو بھی کفر کہہ دیا جاتا ہے کہ وہ کافروں کا سا کام ہے جس طرح ہم کسی ذلیل حرکت کرنے والے کو کہہ دیں کہ تو بھنگی ہے۔ یعنی بھنگیوں کے سے کام کرتا ہے اور اس سے مقصود یہ ہے کہ وہ اس کام کو نفرت کر کے چھوڑ دے۔ جیسے کہ حدیث شریف میں ہے کہ جس نے قصداً" نماز چھوڑی وہ کافر ہو گیا۔ خیال رہے کہ یہ دوسرا جواب مولوی اشرف علی صاحب کا ہے اور یہ سخت ضعیف ہے کیونکہ اس آیت اور اگلی آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں حقیقی کفر ہی مراد ہے۔ لہٰذا جواب: اول جو حضرت صدر الافاضل دام ظلہم نے اپنی تفسیر خزائن العرفان میں دیا نہایت قوی ہے۔ تیسرا اعتراض: یہاں فرمایا گیا کہ یہ یہودی سخت عذاب میں لوٹائے جائیں گے چاہئے یہ کہ سخت عذاب دہریوں کو ہو جو کہ خالق ہی کے منکر ہیں کیونکہ ان کا کفر بھی سخت ہے۔ جواب: اس کا مطلب یہ ہے کہ جس عذاب میں وہ جائیں گے وہ دنیا کے عذاب سے سخت ہوگا۔ اگرچہ بعض دیگر کفار کے عذاب سے نرم ہو۔ (تفسیر کبیر) چوتھا اعتراض: **انتم هٰؤلاء** میں اگر **هٰؤلاء انتم** کی خبر ہو تو ترکیب صحیح نہیں ہوتی کیونکہ مبتداء اور خبر میں فرق چاہئے یہاں دونوں ایک ہی ہیں نیز **انتم** حاضر ہے اور **هٰؤلاء** غائب۔ جواب: اس کے جوابات تفسیر میں گزر گئے کہ **انتم** سے ان کی ذات مراد ہے۔ اور **هٰؤلاء** سے ذات مع صفت وغیرہ۔ پانچواں اعتراض: **الا خزی فی الحیوۃ الدنیا** سے معلوم ہوا کہ یہودی دنیا میں ہمیشہ ذلیل ہی رہیں گے حالانکہ موجودہ زمانے کے یہود حکومت کر رہے ہیں۔ جواب: بسا اوقات مجرم کو سزا دینے کے لئے اونچے مقام پر چڑھا کر نیچے پھینکا جاتا ہے۔ اسی طرح عنقریب ہی موجودہ یہود کی حکمرانی ان کی ذلت کا باعث بنے گی۔ چھٹا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ آپس میں لڑنا بھڑنا کفار کا کام ہے اور ایک دوسرے پر رحم و کریم ہونا صحابہ کی صفت ہے رب فرماتا ہے **رحماء بینهم** مگر صحابہ ایک دوسرے کے جانی دشمن لہٰذا یہ آیت درست نہیں یا صحابہ مومن نہ تھے۔ جواب: یہ جنگیں رحم و کرم کے خلاف نہیں۔ ذاتی امور میں وہ حضرات رحیم تھے اور دینی امور میں سخت تھے۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ : قیدی چھوڑانا بہت اچھا کام ہے اسی لئے اس آیت میں ان کے جلاوطن کرنے کو حرام فرمایا نہ کہ چھوڑانے کو۔ قیدی دو قسم کے ہیں ایک جسم کے قیدی دوسرے قلب کے جسم کے قیدی تومال وغیرہ سے چھوٹتے ہیں اور قلب کے قیدی دیگر چیزوں سے کند ہوا کے قیدی کی رہائی ہدی (ہدایت) سے ہے اور محبت دنیا کے قیدی کی خلاصی ذکر موت ہے۔ وسواس شیاطین کے قیدی کا فدیہ دلائل و براہن اور یقین ہے تاکہ شکوک اور تخمین سے بچ جائے۔ تکبر کے قیدی کی نجات رہبری حق اکبر ہے لیکن بعض عشق کے قیدی ہیں ان کا نہ کوئی فدیہ ہے اور نہ کوئی چھٹکارے کا راستہ کیونکہ عشق کے قیدی کی دیت اس کے مقتول کا قصاص اس کے مربوط کا خلاص نہیں بلکہ اس تک ہر ایک کی رسائی بھی نہیں کیونکہ یہ مقام اولیائے کاملین کا ہے طالب صادق کو ضروری ہے کہ اپنے کو گزشتہ قیدوں سے نکال کر محبوب کے اس جال میں پھنسائے تاکہ دنیوی رسوائی سے نجات پائے کیونکہ اس جگہ بہت جانچ پرکھ کر قبولیت ہوتی ہے۔

| |
|---|
| اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۫ فَلَا |
| یہ لوگ وہ ہیں جنہوں نے خرید لیا زندگی دنیاوی کو بعوض آخرت کے پس نہ |
| یہ ہیں وہ لوگ جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیا مول لی تو نہ |
| يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۞ |
| ہلکا کیا جائے گا ان سے عذاب اور نہ وہ لوگ مدد کیے جائیں گے |
| ان پر سے عذاب ہلکا ہو اور نہ ان کی مدد کی جائے |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پہلے یہود کے بعض عیوب اور کچھ خوبیاں (قیدی چھڑانا) بیان کی گئی تھیں۔ جس سے وہم ہوتا ہے کہ شاید ان کی جزا بھی ملے گی کچھ عذاب اور کچھ انعام۔ اس آیت میں اس وہم کو دفع کیا گیا کہ چونکہ وہ اپنی آخرت دنیا کے عوض بیچ چکے یعنی اس لئے وہ صرف عذاب ہی پائیں گے۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت سے شبہ ہوتا تھا کہ وہ یہودی مومن تو ہیں اسی لئے وہ قیدیوں کو چھڑاتے ہوئیں ہاں کبھی دنیا میں پھنس کر گناہ بھی کر بیٹھتے ہیں یہاں فرمایا گیا کہ نہیں وہ جو نیک کام کرتے ہیں وہ بھی دنیوی غرض کے لئے انہیں آخرت کا کوئی خوف نہیں۔ لہٰذا ان کی کوئی نیکی ہی نہیں۔ تیسرا تعلق: اس سے پہلے فرمایا گیا تھا کہ یہ یہودی دنیا میں خوار اور آخرت میں عذاب میں گرفتار ہوں گے اب اس کی وجہ بتائی جا رہی ہے کہ انہوں نے آخرت کے نفع کے لئے اپنے پاس کوئی چیز رکھی ہی نہیں یہ تو اس تاجر کی طرح ہیں جس نے اپنی اصل رقم بھی ضائع کردی ہو۔ لہٰذا ان کی یہ ہی سزا چاہیے۔ چوتھا تعلق: پہلے یہود کی حرکتوں کا ذکر تھا۔ اب ان کی نوعیت اور حیثیت کا بیان ہے کہ یہ دنیا کے بندے ہیں جدھر دنیا ان کو لے جاتی ہے ادھر جاتے ہیں۔

تفسیر : اولٰئک الذین یہ مسلمانوں سے خطاب ہے کہ اے مسلمانو تم نے جن کے اوصاف قبیحہ سن لئے جانتے ہو کون

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ یہ وہ ہیں جنہوں نے **اشتروا الحیوۃ الدنیا بالاخرۃ** آخرت کے عوض دنیوی زندگی خرید لی۔ یعنی آخرت کے مقابل اسے اختیار کرلیا۔ مثلاً "اگر ان کے سامنے کوئی ایسی چیز آئی جو دنیا کے واسطے نافع اور آخرت کے لئے مضر ہے تو انہوں نے آخرت کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اسے بے تامل لے لیا اور جب کوئی ایسی چیز پائی جو آخرت کے لئے نافع ہے اور ان کی دنیا کے لئے مضر تو اسے بے کھٹک چھوڑ دیا۔ نیز رب کو چھوڑ کر دنیا والوں کی خوشامد میں مشغول رہے تو اب یہ لوگ آخرت کے کس نفع کے امیدوار ہیں۔ ان کی سزا یہ ہے کہ **فلا یخفف عنھم العذاب** کہ رب کی طرف سے ان کا عذاب کبھی ہلکا نہ کیا جائے گا کیونکہ یہ بھی ایک قسم کا اخروی نفع ہے اور رب کا کرم جس سے وہ بالکل محروم ہیں۔ **ولا ھم ینصرون** اور نہ ان کی بیرونی امداد کی جائے گی۔ یعنی جیسے کہ دنیوی مصیبت کے وقت اپنے حمایتیوں کی مدد کی امید رکھتے ہیں وہاں ایسا نہ ہو گا نہ تو کوئی ان کی شفاعت کرے گا۔ اور نہ کوئی رب کے مقابلہ میں زور سے ان کی حمایت۔

**خلاصہ تفسیر** : یہ یہودی جن کے یہ کرتب ہیں کہ ہر کام دنیا کے لئے کرتے ہیں۔ آخرت کا کبھی دل میں خیال بھی نہیں لاتے اور آخرت کے عوض دنیا قبول کر چکے یہ کس منہ سے کہتے ہیں کہ ہمیں کچھ روز عارضی عذاب ہو کر چھٹکارا ہو جائے گا۔ غلط ہے بلکہ ان کے عذاب میں کسی قسم کی تخفیف نہ ہو گی۔ نہ تو موقوف کرکے اور نہ ہلکا کرکے اور نہ انہیں کوئی بیرونی امداد پہنچے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**: جو شخص دنیا کی خاطر کوئی نیک کام کرے یا برائی سے بچے وہ کچھ نفع نہ پائے گا۔ مثلاً "ایک شخص شراب سے اس لئے بچتا ہے کہ وہ اسے نقصان دیتی ہے" چوری اس لئے نہیں کرتا کہ اس سے بدنامی اور جیل ہو گی۔ وہ اس کا کوئی ثواب نہ پائے گا۔ کیونکہ اتباع شریعت سے نہ چھوڑا۔ جیسے کہ ان یہودیوں کا قیدی چھڑانا تھا۔ بلکہ ریاکاری کی عبادت بھی بے فائدہ ہے۔ اگرچہ اس سے شرعی فرض ادا ہو جاتا ہے۔ اس لئے وہ حضرات عبرت پکڑیں جو دکھاوے اور نام نمود کے لئے ماں باپ کی خدمت میں یا اولاد کی شادیوں میں ہزار ہا روپیہ خرچ کرتے ہیں۔ لڑکیوں کو بھاری جہیز دیتے ہیں چونکہ یہ سب نام و نمود کے لئے ہے اس لئے اس پر ثواب نہیں۔ **دوسرا فائدہ**: عذاب میں کمی نہ ہونا اور بیرونی امداد کا نہ پہنچنا صرف کفار کے لئے ہے۔ الحمد للہ گنہگار مسلمان کے لئے عذاب کی قبر و حشر میں بھی کمی ہو گی اور بیرونی امداد بھی پہنچے گی۔ چنانچہ جمعہ اور ماہ رمضان میں مومن کے عذاب میں کمی ہوتی ہے۔ اور انشاء اللہ آخرت میں بھی عذاب منقطع ہو جائے گا اور ویسے بھی کمی ہوتی رہے گی۔ اسی طرح مومن کے بچے 'علماء' اولیاء اللہ 'انبیائے کرام شفاعت اور ایصال ثواب سے اس کی امداد کرتے ہیں اور کریں گے اس لئے زندوں کو حکم ہے کہ اپنے مردوں کی صدقہ و خیرات سے امداد کریں۔ آج جو کہتے ہیں کہ ہمارا کوئی مددگار نہیں وہ درپردہ اپنے کفر کا اقرار کرتے ہیں۔ اور دیکھا یہ گیا ہے کہ جو صدقہ خیرات سے لوگوں کو روکتے ہیں ان کے مرنے کے بعد انہیں کوئی بھی فاتحہ و خیرات سے یاد نہیں کرتا۔ **تیسرا فائدہ**: مسلمان کیسا ہی گنہگار ہو مگر آخرت کے عوض دنیا نہیں خریدتا گناہ کرتے شرمندہ ہوتا ہے۔ اور دل میں خوف رکھتا ہے بلکہ اگر اچھی صحبت پائے تو برائیوں سے بچنے بھی لگتا ہے لہٰذا یہ آیت اس پر ہرگز چسپاں نہیں ہو سکتی۔

**پہلا اعتراض** : اس آیت سے معلوم ہوا کہ کفار کے عذاب میں کبھی تخفیف نہ ہو گی حالانکہ بخاری جلد دوم کتاب النکاح کی روایت ہے کہ ابولہب کے عذاب میں اس لئے تخفیف ہو جاتی ہے کہ اس نے حضور علیہ السلام کی ولادت کی خوشی منائی تھی۔

marfat.com
Marfat.com

اب اس آیت اور حدیث میں کس طرح مطابقت کی جائے۔ جواب: اس کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ یہ حکم خاص ان کافروں کے لئے ہے جن میں مذکورہ عیوب ہوں نہ کہ ہر کافر کے لئے۔ بعض کفار پر ان کے اعمال کی وجہ سے عذاب ہلکا ہو جاتا ہے۔ جیسے حاتم طائی وغیرہ دوسرے یہ کہ ایسے کافروں کے لئے اول ہی سے ہلکا عذاب مقرر ہوتا ہے نہ یہ کہ پہلے عذاب سخت ہو اور بعد میں ہلکا کیا جائے جس کی اس آیت میں نفی ہو رہی ہے۔ مثلاً "ابولہب کے لئے اول ہی سے یہ مقرر ہے کہ جب وہ جہنم میں اپنی انگلی چوسے تو اس کی پیاس بجھ جائے۔ دوسرا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ کفار کی امداد بھی نہ کی جائے گی۔ حالانکہ حدیث شریف میں ہے کہ حضور علیہ السلام نے اپنے چچا ابو طالب کی ان کی وفات کے بعد بہت بڑی امداد فرمائی کہ انہیں جہنم میں پایا تو وہاں سے نکال کر آگ کے جھیرے میں رکھ دیا۔ لہٰذا اب وہ عین جہنم میں نہیں بلکہ اس سے علیحدہ ہیں جہاں اس کی تپش پہنچ رہی ہے یہ ہی کافر کی امداد ہے۔ جواب: اس کے بھی دو جواب ہیں ایک یہ کہ کفار کے لئے عذاب ختم کرنے کی امداد نہ ہوگی۔ تخفیف کی امداد ہو سکتی ہے دوسرے یہ کہ ان کی دھونس کی امداد نہ ہوگی کہ کوئی رب تعالیٰ پر جبر کر کے ان کو چھوڑا دے ہم انشاء اللہ آیت الکرسی کی تفسیر میں عرض کریں گے کہ حضور کی شفاعت سات قسم کی ہے اور بعض شفاعتوں سے کفار بھی فائدہ حاصل کریں گے۔ خلاصہ یہ کہ کفار کو ان کے بتوں کی طرف سے مدد نہ پہنچے گی اگر نبی یا ولی کی مدد پہنچے گی تو یہ ممکن ہے یا یوں کہو کہ کفار دو قسم کے ہیں ایک محبت انبیاء کی زیادتی ء محبت سے کافر جیسے عیسائی دوسرے عداوت انبیاء سے کافر جیسے یہودی عداوت والے کفار کا نہ عذاب ہلکا ہو نہ انہیں مدد پہنچے۔ کفار محبت کے لئے یہ دونوں چیزیں ہو سکتی ہیں لہٰذا آیت واضح ہے۔

تفسیر صوفیانہ: دنیا اور آخرت ان سوکنوں کی طرح ہیں جن کا اجتماع ناممکن ہے جو چاہے کہ میں دنیا کی لذتوں میں پھنسا رہوں اور آخرت بھی ہاتھ سے نہ جائے وہ بیوقوف ہے حق تعالیٰ نے ہر شخص کو موقع دیا ہے کہ ان میں سے جو چاہے اختیار کرلے جو شخص کہ ان میں سے ایک کے حاصل کرنے میں مشغول ہوگا تو دوسری کھو بیٹھے گا یہود کے پاس توریت اور دامن نبی تھا انہوں نے اس کو چھوڑ کر دنیوی لذت کو اختیار کیا اور اس تجارت میں نفع نہ پایا یوں سمجھو کہ دنیا اور آخرت ترازو کے دو پلڑوں کی طرح ہیں کہ ایک کے بھاری ہونے سے دوسرا ہلکا ہو جاتا ہے خیال رہے کہ صوفیہ کے نزدیک دنیا وہ ہے جو رب سے غافل کر دے۔ بال بچوں کا پالنا' سنت سمجھ کر حلال روزی تلاش کرنا عین دین ہے۔ چاہئے تو یہ کہ دل کے پلڑے میں دین رہے اور ظاہر اعضاء دنیوی کاروبار کریں اور زبان مثل ترازو کی ڈنڈی کے استعمال ہو۔ اسی لئے اس کو بھی لسان کہتے ہیں۔ اور ترازو کی ڈنڈی کو بھی لسان۔

| |
|---|
| وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ز |
| اور البتہ تحقیق عطا کی ہم نے موسیٰ کو کتاب۔ اور پیچھے بھیجی ہم نے ان کے بعد رسولوں کو |
| اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا کی اور اس کے بعد پے درپے رسول بھیجے |
| وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ |
| اور عطا کیں ہم نے عیسیٰ بیٹے مریم کو کھلی نشانیاں اور قوت دی ہم نے ان کو ساتھ روح پاک کے |
| اور ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو کھلی نشانیاں عطا فرمائیں اور پاک روح سے اس کی مدد کی |

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰۤى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْ |
| پس جب کبھی لائے تمہارے پاس کوئی رسول اس کو جو کہ نہیں خواہش کرتے نفس تمہارے تو غرور کیا |
| تو کیا جب تمہارے پاس کوئی رسول حکم لے کر آئے جو تمہارے نفسوں کی خواہش نہیں تکبر کرتے ہو تم ان |
| تُمْ ۚ فَفَرِیْقًا كَذَّبْتُمْ ز وَ فَرِیْقًا تَقْتُلُوْنَ ۞ |
| تم نے پس ایک گروہ کو جھٹلایا تم نے اور ایک گروہ کو قتل کرتے ہو تم |
| (انبیاء) میں اور ایک گروہ کو تم جھٹلاتے ہو اور ایک گروہ کو شہید کرتے ہو |

**تعلق** : اس آیت کریمہ کا پچھلی آیتوں سے چند طرح کا تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: اس سے پہلے موجودہ بنی اسرائیل کے ایمان سے مایوسی کی چند وجہیں بیان کی گئیں اب بھی اس کی ایک بہت بڑی وجہ بیان کی جارہی ہے کہ یہ لوگ تو ایسے نفس پرست اور دنیادار ہیں کہ انہوں نے نفسانی خواہش کے ماتحت بہت سے پیغمبروں کو شہید کردیا ان کے ایمان کی کیا امید **دوسرا تعلق**: پچھلی آیت میں یہود کا آپس میں قتل کرنے کا ذکر تھا۔ اب انبیاء کرام کو شہید کرنے کا تذکرہ ہے جو کہ اس سے کہیں بدتر گناہ ہے۔ **تیسرا تعلق**: پچھلی آیت کے مضمون کا بنی اسرائیل انکار کرسکتے تھے کہ ہم ان حرکات کی وجہ سے بیشک گنہگار ہیں مگر کافر نہیں کیونکہ آپس میں جنگ فسق ہے کفر نہیں اور فاسق عارضی عذاب پاکر نجات پائے گا۔ اس آیت میں اس کا جواب دیا جارہا ہے کہ بعض گناہ انکار کی علامت ہیں ان کا کرنے والا کافر ہوتا ہے۔ تم منکر ہو کر جنگ کرتے ہو اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ تم اس سے پہلے ہمارے پیغمبروں کو شہید کرچکے ہو کہو وہاں کیا بہانہ کروگے۔

**تفسیر** : **ولقد اٰتینا موسی الکتٰب** لفظ موسیٰ کی تحقیق **واذ وعدنا موسی** کی تفسیر میں ہوچکی۔ الکتاب سے خاص کتاب توریت مراد ہے جس میں رب تعالیٰ کے سارے عہد و پیمان موجود تھے اور سب سے بڑا عہد یہ تھا کہ ہر وقت کے پیغمبر کی اطاعت کرو۔ ان پر ایمان لاؤ۔ ان کی تعظیم و توقیر کرو۔ حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام کو توریت کی تختیاں ملیں تو وہ اٹھا نہ سکے۔ حق تعالیٰ نے ایک ایک آیت اٹھانے کے لئے ایک ایک فرشتہ مقرر کیا۔ وہ بھی نہ اٹھا سکے پھر ایک ایک حرف کے لئے ایک ایک فرشتہ بھیجا اس سے بھی نہ اٹھ سکا۔ جب اس کتاب کی عظمت ظاہر ہوگئی تب اس کو موسیٰ علیہ السلام کے لئے ہلکا کردیا گیا اور وہ اٹھا کر بنی اسرائیل کے پاس لائے۔ چونکہ پوری توریت یعنی لکھی ہوئی ایک دم عطا ہوئی تھی اور غالباً بغیر فرشتہ کے ذریعہ براہ راست رب کی طرف سے ملی تھی اس لئے یہاں **اٰتینا** فرمایا گیا۔ یعنی ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو بڑی کتاب ایک دم عطا فرمائی اور اس کتاب کی حمایت کے لئے **وقفینا من بعدہ بالرسل** ان کے بعد ہم نے بہت سے پیغمبر بھیجے۔ لفظ **قفینا**۔ **قفاء** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں پشت یا قدم کے نشان۔ رسل۔ رسولوں کی جمع ہے۔ جس کے معنی ہیں بھیجے ہوئے پیغمبر، نبی اور رسول میں یا تو محض اعتباری فرق ہے یعنی چونکہ وہ غیب کی خبر دیتے ہیں اس لئے وہ نبی ہیں اور چونکہ خدا نے انہیں تبلیغ کے لئے بھیجا ہے اس لئے وہ رسول۔ یا یوں کہو کہ جو تبلیغ احکام کے لئے آئے وہ نبی اور جو اس کے ساتھ ساتھ نئی یا پرانی کتاب بھی رکھتے ہوں۔ وہ رسول اور جو پیغمبر کہ نئی کتاب اور نئی شریعت لے کر آئیں۔ وہ مرسل اسی لئے کہا جاتا

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ نبی ایک لاکھ چوبیس ہزار یا کم و بیش ہیں اور رسول تین سو تیرہ یا کم و بیش مرسل چار ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام‘ داؤد علیہ السلام‘ عیسیٰ علیہ السلام اور ہمارے نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم پہلے معنی سے موسیٰ علیہ السلام سے پہلے پیغمبر بھی رسول کہلائیں گے۔ دوسرے معنی سے ان حضرات کو نبی کہا جائے گا نہ کہ رسول اور رسولوں کا سلسلہ موسیٰ علیہ السلام سے شروع ہو گا کیونکہ آپ ہی صاحب کتاب پیغمبر ہیں۔ اس جملہ کے معنی یہ ہوئے کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کے بعد اور پیغمبروں کو بھی ان کے قدم بہ قدم چلایا یا ان کے پیچھے ہم نے اور رسول بھیجے۔ مفسرین فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہم السلام کے درمیان چار ہزار پیغمبر گزرے جن میں سے بڑے بڑے پیغمبر حضرت یوشع الیاس الیسع‘ شمویل‘ داؤد‘ سلیمان‘ مشعیا‘ ارمیا‘ یونس‘ عزیر‘ حزقیل‘ زکریا‘ یحیٰ‘ شمعون علیہم السلام ہیں۔ یہ سب حضرات توریت شریف کے احکام کی تبلیغ فرماتے تھے اور ان کی ایک ہی شریعت تھی (تفسیر کبیر و عزیزی) اور بنی اسرائیل سے احکام الٰہی ادا کرنے میں جو سستی ہو جاتی اس کو دور کرتے تھے۔ اسی طرح بے عمل عالم جو توریت کو بگاڑ دیتے تھے یہ انبیاء کرام اس کی اصلاح فرماتے تھے۔ ہمارے حضور علیہ السلام پر چونکہ سلسلہ نبوت ختم ہو گیا۔ لہٰذا اس دین کی حفاظت کے لئے علماء ربانی مجددین اور اولیاء پیدا فرمائے گئے۔ جن کا سلسلہ قیامت تک انشاء اللہ رہے گا۔ اسی لئے روایت میں آیا کہ میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی طرح ہوں گے۔ یعنی ان کی طرح دین مصطفیٰ علیہ السلام کی حفاظت اور اشاعت کریں گے۔ ابوداؤد شریف کی روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس امت میں ہر سو برس پر ایک مجدد بھیجے گا جو ان کے دین کی تجدید یعنی درستی اور تازگی کرے گا۔ سبحان اللہ اس پیش گوئی کا ظہور آج ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں کہ جتنی خدمت اسلام علمائے اسلام نے کی اتنی خدمت کسی دین کے علماء نے اپنے دین کی نہ کی۔ کسی کتاب کی تفسیریں نہ لکھی گئیں۔ کسی نبی کی حدیثیں جمع نہ ہوئیں۔ کسی دین میں علم فقہ نہ بنا۔ یہ چیزیں صرف اسلام میں ملیں گی اور ان کی خدمات کا سہرا علماء کے سر ہے جو اس زبان سے نکلا وہ پورا ہوا حالانکہ علماء اسلام کی نہ کوئی حکومت خدمت کرتی ہے نہ قوم اس کسمپرسی میں بھی تمام خدمات ہو رہی ہیں اور اے اسرائیلیو اگر تم یہ بہانہ کرو کہ چونکہ ان پیغمبروں کے پاس موسیٰ علیہ السلام کی طرح بڑے بڑے معجزے نہ تھے جس سے ہمارے بزرگوں کو ان کے ثبوت میں شبہ ہوا۔ اور غلطی سے انہیں شہید کر ڈالا تو بھی تم جھوٹے ہو۔ کیونکہ **واتینا عیسی ابن مریم البینت** ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو کھلے ہوئے معجزے عطا فرمائے چونکہ عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے پیغمبر شریعت موسوی کے پیرو تھے۔ عیسیٰ علیہ السلام نے شریعت موسوی کے اکثر احکام منسوخ فرمائے۔ اس لئے آپ کا ذکر مستقل طور پر علیحدہ کیا گیا آپ کا اسم شریف یسوع ہے۔ جس کے معنی ہیں مبارک اسی سے لفظ عیسیٰ بنا یہ لفظ عیسیٰ بھی عبرانی ہے اور ان دونوں کے معنی ایک ہی ہیں۔ آپ نے پیدا ہوتے ہی فرمایا تھا کہ **وجعلنی مبرکا** رب تعالیٰ نے مجھے برکت والا بنایا۔ آپ کی ذات سے پہلے بھی بہت سی برکتیں ظاہر ہو چکیں اور قیامت کے قریب نازل ہونے پر بھی ظاہر ہوں گی۔ چونکہ آپ کی پیدائش بغیر باپ کے ہے اس لئے قرآن کریم نے انہیں ان کی والدہ کی طرف نسبت کر کے ابن مریم فرمایا باقی کسی پیغمبر کا نام مع ولدیت نہ لیا۔ مریم کے لفظی معنی ہیں خادمہ اور عابدہ۔ چونکہ ان کی والدہ نے انہیں بیت المقدس کی خدمت کے لئے وقف کر دیا تھا اور بچپن ہی سے نہایت عبادت گزار تھیں اس لئے ان کا نام مریم ہوا۔ ان کی یہ خصوصیت ہے کہ قرآن کریم نے سات جگہ انبیاء کرام کے ساتھ ان کا ذکر فرمایا ہے۔ انبیاء کرام کی طرح ہی خطاب بھی فرمایا۔ **واصطفک علی نساء العلمین**۔ **البینت** یہ **بینتہ** کی جمع ہے۔ جس کے معنی ہیں روشن معجزہ۔ عیسیٰ علیہ السلام کو بہت

marfat.com
Marfat.com

بڑے بڑے معجزے عطا ہوئے۔ اولا" تو آپ بذات خود معجزہ تھے۔ پھر مردوں کو زندہ کرنا' مادر زاد اندھے اور کوڑھیوں کو تندرست کرنا' مٹی کا پرندہ بنا کر پھونک مار کر اصلی پرندہ بنا دینا۔ غیب کی خبریں دینا۔ توریت پاک کا خود بخود سیکھ لینا وغیرہ۔ یہ وہ معجزات ہیں جو موسیٰ علیہ السلام کے معجزوں سے کسی طرح کم نہیں۔ اس کے علاوہ ایک خاص چیز ان کو عطا فرمائی گئی جو موسیٰ کو بھی نہ ملی وہ یہ کہ **وایدنٰہ بروح القدس** نے انہیں پاک روح سے قوت دی۔ **ایدنٰہ** **اید** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں قوت اور مضبوطی' تائید' قوی کرنا روح القدس صفت موصوف ہیں۔ جس کے معنی ہیں پاک روح **بروح**۔ **ریح** کے معنی ہیں ہوا روح وہ ہوا کہلاتی ہے۔ جو جاندار کے مسامات میں پھر کر اس کو زندہ رکھتی ہے (تفسیر کبیر) قدس یہاں اس سے یا تو حضرت جبریل علیہ السلام مراد ہیں۔ کیونکہ آپ خود روحانی ہیں اور آپ میں روح بخشنے کی تاثیر ہے۔ حضرت مریم کو پھونک سے فرزند دے دیا اور آپ کے گھوڑے کے سم کی خاک سے سامری کا بچھڑا زندہ ہو گیا یا اس لئے کہ آپ وحی لاتے ہیں۔ جو کہ دلوں کی زندگی ہے عیسیٰ علیہ السلام تیئس سال کی عمر شریف میں آسمان پر اٹھائے گئے۔ اس عرصہ میں جبریل ہر وقت آپ کے ساتھ رہے بلکہ یوں سمجھو کہ مریم کو بچپن شریف میں جنت سے میوے لا کر انہیں نے کھلائے۔ عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے وقت انہیں نے ان کو شیطان سے محفوظ رکھا۔ ساری عمر یہودیوں کے فریب سے انہوں نے ان کو بچایا اور آخر کار یہی ان کو آسمان پر لے گئے غرض کہ حضرت جبریل عیسیٰ علیہ السلام کے خادم خاص ہیں یا روح القدس وہ اسم الٰہی ہے۔ جس سے عیسیٰ علیہ السلام مردوں کو زندہ اور بیماروں کو تندرست کرتے تھے۔ یا روح القدس سے خود آپ کی ہی روح مراد ہے تفسیر عزیزی نے اس جگہ فرمایا کہ عیسیٰ علیہ السلام کی روح ملکی تھی اور آپ بہت سے بشری عوارض سے پاک تھے۔ تفسیر روح البیان شریف نے ایک جگہ فرمایا کہ آپ نصف بشر اور نصب ملک ہیں کیونکہ آپ کی پیدائش بھی بشر اور ملک سے ہی ہے کچھ بھی ہو آپ کی بڑی خصوصیت ہے **افکلما جاء کم رسول** یہ موجودہ یہودیوں سے خطاب ہے اگرچہ یہ حرکات ان کے اگلوں نے کی تھیں۔ لیکن چونکہ یہ ان کے حمائتی اور طرف دار پیروکار تھے اس لئے ان سے ہی فرمایا گیا کہ جب کبھی ان پیغمبروں میں سے کوئی پیغمبر تمہارے پاس وہ احکام لے کر آئے کہ **بما لا تھوی انفسکم** جو تمہارے دل نہ چاہتے تھے اور تمہاری نفسانی خواہشوں کے خلاف تھے تو تم نے بجائے اطاعت کرنے کے اور توریت کے عہد کو پورا کرنے کے **استکبرتم** تکبر کیا اور اس کے قبول کرنے سے انکار کیا اور صرف اسی پر تم نے صبر نہ کیا۔ بلکہ **ففریقا کذبتم** ان میں سے ایک جماعت کو تم نے جھوٹا کہا۔ یعنی خود تو اطاعت سے باز رہے اور دوسروں کو بھی باز رکھا بلکہ جس پر تمہارا بس چلا **وفریقا تقتلون** اس فریق کو تم قتل بھی کر دیتے تھے چونکہ جھٹلانا ایک بار ہی ہوتا ہے اور قتل کی تدبیریں اور سازشیں بار بار ہوتی ہیں۔ اور عرصہ تک رہتی ہیں اور قسم قسم کی ہوتی ہیں۔ اس لئے جھٹلانے کو ماضی کے صیغہ سے **کذبتم** فرمایا گیا اور قتل کرنے کو مضارع کے صیغہ سے۔

**خلاصہ تفسیر** : اے بنی اسرائیل تمہارا یہ آپس کا کشت و خون یا نبی آخر الزمان کی مخالفت غلطی اور خطا سے نہیں بلکہ سرکشی اور عناد سے ہے۔ جس کا کھلا ہوا ثبوت یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام جیسے جلیل القدر پیغمبر کو توریت جیسی عظیم الشان کتاب عطا فرمائی اور اسی پر کفایت نہ کی بلکہ ان کے بعد ہزارہا پیغمبر بھیجے۔ جو موسیٰ علیہ السلام کی حمایت اور توریت شریف کی اشاعت اور تم کو ہدایت کرتے رہے اور سب سے آخیر میں تمہارے پاس کنواری بتول مریم کا وہ پاک ستھرا بیٹا عیسیٰ ابن مریم بھی تشریف لایا

marfat.com
Marfat.com

علیہ السلام جو لولا" سر سے پاؤں تک خود معجزہ تھا۔ اس کے علاوہ اور بھی معجزات اس کے دست شریف میں تھے۔ اس کی مبارک پھونک سے بے جان جان دار ہوتے تھے۔ کیونکہ ان کی پیدائش شریف بھی روح الامین کی پھونک سے ہوئی تھی۔ اس کے ہاتھ لگنے سے مریض لادوا صحت پاتے تھے۔ وہ تمہاری کمائی ہوئی غذا اور گھر میں چھپائی ہوئی اشیاء کی خبر دیتے تھے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ روح الامین جبریل جیسے عظیم الشان فرشتہ ان کے خاص خدمت گار اور حاضر دربار تھے یہ باتیں تمہارے ایمان پر رہنے کے لئے بہت کافی تھیں۔ لیکن بدنصیبو! تم نے ہمیشہ یہ کیا کہ جب رسولوں نے تمہاری خواہشات کے خلاف احکام سنائے تو تم نے ان کو جھوٹا کہا ان کی مخالفت کی۔ اسی پر صبر نہ کیا بلکہ ایک جماعت انبیاء کو قتل کرنے میں مشغول رہی۔ چنانچہ حضرت شعیب' زکریا' حضرت یحییٰ علیہم السلام تمہارے ہاتھوں ہی شہید ہوئے اور عیسیٰ علیہ السلام کو بھی تم نے اپنی دانست میں دار پر کھینچ ہی دیا۔ وہ تو ہماری حمایت سے بچ گئے اور ان نبیوں کے سرتاج صاحب معراج نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے شہید کرنے میں تم نے کوئی کسر نہ چھوڑی کبھی تم نے ان پر جادو کیا۔ کبھی تم نے انہیں دیوار کے نیچے بٹھا کر باتوں میں لگا کر قتل کے ارادے سے دھوکہ سے ایک بھاری پتھر اوپر سے پھینکا کبھی ان کو زہر کھلایا۔ بلکہ حق تو یہ ہے کہ ان کی وفات بھی تمہارے ہاتھوں ہے کیونکہ تمہارے زہر کا اثر ہر سال ان پر لوٹتا۔ جس سے کہ ان کے گلے میں درد خناق پیدا ہوتا اور بروقت وفات اسی اثر کا ظہور ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے۔ لہذا تمہارا قتل انبیاء کرنا ابھی جاری ہے کیا تم اپنے انہیں کرتوت پر اپنے علماء کو پیارا سمجھتے ہو۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** مومن کی مخالفت بلکہ اس کو قتل کر دینا بھی کفر نہیں جب تک کہ قاتل کا عقیدہ خراب نہ ہو کہ یا تو اس کو جائز سمجھے یا اس کو ایمان کی وجہ سے قتل کرے اسی لئے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے یزید پلید جیسے ظالم کو بھی کافر کہنے میں تامل کیا کیونکہ اس کا یہ ظلم اپنی باطل حکومت کی خاطر تھا۔ نہ کہ دینی وجہ سے نیز حجاج وغیرہ ظالموں کو کسی نے کافر نہ کہا۔ لیکن نبی کی مخالفت یا ان کی ایذا کبھی ہی کیوں نہ ہو کفر ہے۔ کیونکہ سب مومن ہیں اور وہ ایمان یہاں تک کہ پیغمبر کے کسی فعل کی حقارت کرنا بھی کفر ہے **دوسرا فائدہ:** امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے علماء اور مشائخ بڑے درجے والے ہیں کہ ان سے وہ کام لیا جارہا ہے جو اگلے بعض نبیوں سے لیا گیا۔ **تیسرا فائدہ:** بعض نبی بعض نبیوں کی اطاعت کرتے ہیں جیسے کہ موسیٰ علیہ السلام کی ان کے بعد والے پیغمبروں نے کی اسی طرح سارے پیغمبر اور رسول ہمارے حضور علیہ السلام کے امتی ہیں۔ اس کی تحقیق ہماری کتاب شان حبیب الرحمٰن میں دیکھو۔ **چوتھا فائدہ:** تکبر و غرور نبوت سے دور اور خدا کی رحمت سے مہجور رکھتا ہے۔ خیال رہے کہ کفار کے مقابل تکبر عبادت ہے۔ مسلمانوں کے مقابل تکبر حرام اور نبی کے مقابل تکبر کفر ہے۔ خاک میں عجز ہے۔ آگ میں تکبر باغ بلاک میں لگائے جاتے ہیں آگ میں نہیں یہاں بنی اسرائیل کے تیسرے تکبر کا ذکر ہے یعنی نبی کے مقابل تکبر۔ **پانچواں فائدہ:** ہر مفید چیز سے تمام فائدہ نہیں اٹھاتے۔ سورج میں چمگادڑ۔ بارش سے بہت سی سبزیاں فائدہ نہیں اٹھاتیں۔ ایسے ہی نبوت سے سب فائدہ نہیں اٹھاتے۔ **چھٹا فائدہ:** بڑی مفید چیز سے اگر نقصان ہو گا تو بڑا ہی ہو گا۔ تانگہ گر جائے تو چار پانچ سواریاں ہلاک ہوں گی۔ بس ٹوٹ جائے تو پچاس اور ریل گر جائے تو ہزار ہلاک ہوں گے۔ نبی سے بڑا فائدہ ہوتا ہے لیکن ان کی مخالفت سے آفتیں بھی بہت آتی ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام کی مخالفت سے ستر لاکھ آدمی ہلاک ہوئے۔ نوح علیہ السلام کی مخالفت پر سارا جہان ڈوب گیا۔ بنی اسرائیل بندر سور وغیرہ بنے۔

marfat.com
Marfat.com

پہلا اعتراض : کسی نبی کا دوسرے نبی کی اطاعت کرنا خلاف عقل ہے کہ اس صورت میں اس کا دنیا میں آنا بیکار ہے۔ جواب: ان انبیاء کرام کے بھیجنے سے اگلی شریعت کو محفوظ رکھنا اور امت کو دین پر قائم رکھنا ہے تو گویا یہ مٹے ہوئے دین کو زندہ کرنے کے لئے آتے ہیں۔(تفسیر کبیر) دوسرا اعتراض: پھر ان پیغمبروں میں اور موجودہ علماء میں کیا فرق رہا۔ جواب: بہت فرق ہے۔ ان کا تقرر رب کی طرف سے ہوتا ہے یہ خود محنت کر کے عالم بنتے ہیں۔ ان پر وحی ہوتی ہے ان پر نہیں وہ معصوم ہوتے ہیں یہ نہیں وغیرہ وغیرہ۔ تیسرا اعتراض: پھر یہ امت کس کی امت کہلائے گی آیا اس صاحب شریعت پیغمبر کی یا ان مبلغین کی۔ جواب: یہ لوگ اس صاحب شریعت کی ہی امت کہلائیں گے مگر نسبت ان انبیاء کی طرف ہوگی جیسے کہ ہندوستانی لوگ بادشاہ کی بھی رعایا کہلاتے ہیں اور وائسرائے اور گورنر کے بھی۔ چوتھا اعتراض: داؤد علیہ السلام خود صاحب کتاب تھے انہیں اس جگہ علیحدہ بیان کیوں نہ کیا گیا۔ جواب: ان کی کتاب زبور شریف اکثر احکام میں توریت شریف کے موافق تھی نہ کہ مخالف اس لئے اس پر عمل گویا توریت پر ہی عمل تھا۔ اور انجیل شریف توریت شریف کی ناسخ لہٰذا عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر علیحدہ۔ پانچواں اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام حضور نبی آخر الزمان علیہ السلام سے بھی افضل ہیں کیونکہ ان کے معجزات نہایت اعلیٰ جبریل امین سے ان کو خاص امداد ان کی پیدائش بغیر باپ کے مردوں کو زندہ کرنا وغیرہ۔ اس کے علاوہ۔ جواب: اس کا تفصیلی جواب تو ہماری کتاب شان حبیب الرحمٰن میں دیکھو اور انشاء اللہ اس میں بھی **ورفع بعضھم درجات** کی تفسیر میں عرض کر دیا جائے گا۔ یہاں صرف اتنا سمجھ لو کہ سارے انبیاء کرام کے معجزات حضور علیہ السلام میں جمع ہیں مگر ان کے ظہور کا طریقہ جداگانہ حضور کے طفیل حضور کے بعض غلاموں کو جبریل امین کی تائید ہوئی۔ حضور کے نعت خوان حضرت حسان رضی اللہ عنہ جب نعت شریف پڑھتے تو حضور علیہ السلام فرماتے **اللھم ایدہ بروح القدس** اے اللہ تو میرے حسان کی روح القدس سے امداد فرما۔ جنگ بدر میں پانچ ہزار ملائکہ صحابہ کرام کی امداد کے لئے حاضر ہوئے۔ اب بھی طالب علم کے نیچے اپنا پر بچھاتے ہیں۔ حضرت ابو بکر صدیق کے غلام اور بعض دیگر صحابہ کرام کی نعشیں آسمان پر پہنچادی گئیں۔ حضرت حبیب کی نعش زمین میں غائب کر دی گئی یہ تو اس سلطانی چاکروں کی عزت افزائی ہے۔ سلطان کونین کے درجات تک کسی کلو ہم وگمان بھی نہیں پہنچ سکتا۔

تفسیر صوفیانہ : جس طرح معدہ اور دل کی گرمی غلط قبول نہیں کرتی اسی طرح نفس کی محبت دنیا۔ عیش پسندی سرداری کی طمع ایمان قبول نہیں کرتا۔ کیونکہ اسلام میں جھکنا ہے اور اس نفس کی خواہش ہے اٹھنا بنی اسرائیل کے کفر کی اصل وجہ یہی تھی جو شخص کامل ایمان چاہتا ہے وہ ان عیوب سے نفس کو پاک کرے اپنے وجود کو خاموشی کے گوشہ میں دفن کر دو تاکہ اس سے پھل اور درخت پیدا ہو۔ شہرت کی خواہش دل سے نکال دو۔ کیونکہ شہرت نے بڑوں بڑوں کو گرا دیا۔

خود کو ایسا بنا کہ تو نہ رہے     تجھ میں اپنی خودی کی بو نہ رہے

اس کی تین صورتیں ہیں ایک یہ کہ تمہیں جب اپنے اوصاف و کمالات نظر آئیں تو فوراً اپنے گناہوں پر نظر کر لو دوسرے یہ کہ اپنی اصل پر نظر رکھو کہ ہم ناپاک قطرے سے بنے حیض کا گندہ خون پی کر ماں کے پیٹ میں نوماہ گزارے اب کس پر فخر کرتے ہیں۔ تیسرے یہ کہ دینی معاملات میں اپنے سے اعلیٰ کو دیکھو۔ خیال رہے کہ نفس میں سات عیب ہیں۔ (1) خود

marfat.com
Marfat.com

پسندی (2) غرور (3) ریاکاری (4) غصہ (5) حسد (6) مال کی محبت (7) اور عزت کی چاہت اور دوزخ کے دروازے بھی سات ہیں۔ جو ان سات عیبوں کو نکالے ان پر انشاء اللہ یہ دروازے بند ہوں گے۔ حضرت ابراہیم بن ادہم نے اپنے بعض دوستوں کو وصیت فرمائی کہ تم دم بننا سر نہ بننا کیونکہ سزا کے وقت سر پر آفت آتی ہے اور دم بچ جاتی ہے۔ سرداری بڑی مصیبت ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔

ناتوانی بندہ شو سلطان مباش ، زخم کش چو گوئے شو چوگاں مباش

یعنی بادشاہ بننے کی خواہش نہ کرو۔ بندے بن کر رہو۔ گیند بنو۔ بلانہ بنو۔ تسبیح کے ہر دانہ میں ایک ایک ڈورا ہوتا ہے اور امام میں دو کیونکہ وہ بڑا ہے۔

بڑوں کو دکھ بہت ہے چھوٹوں سے دکھ دور ، تارے سب نیارے رہیں گہن چاند اور سورج

| |
|---|
| وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا |
| اور کہا انہوں نے دل ہمارے غلافوں والے ہیں بلکہ لعنت کی ان پر اللہ نے بوجہ کفر ان کے |
| اور یہودی بولے ہمارے دلوں پر پردے ہیں بلکہ اللہ نے ان پر لعنت کی ان کے کفر کے سبب |
| مَّا يُؤْمِنُوْنَ |
| کے پس بہت کم ایمان لاتے ہیں یہ |
| تو ان میں تھوڑے ایمان لاتے ہیں۔ |

**تعلق:** اس آیت کی پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** اس سے پہلے موجودہ بنی اسرائیل کے ایمان کی مایوسی کی چند وجہیں بیان ہو چکیں۔ یہاں بھی ایسی ایک بڑی وجہ کا ذکر ہے کہ اے مسلمانوں تمہاری باتیں ان کے دل میں اترتی ہی نہیں پھر ان کے دل کا کفر کیسے نکلے۔ **دوسرا تعلق:** پچھلی آیتوں میں گذشتہ انبیاء کے ساتھ یہود کی بدسلوکیوں کا ذکر تھا۔ اب خود حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ برتاوے کا ذکر ہو رہا ہے۔ **تیسرا تعلق:** یہود قتل انبیاء کے عذر میں فخریہ کہتے تھے کہ ان کو قتل کرنا ہماری پختگی ایمان کی دلیل ہے۔ ہمارے جہلا ان کی عجیب باتیں دیکھ کر فریب کھا جاتے اور ان کے معتقد بن جاتے تھے۔ لیکن ہم اپنے دین میں اس قدر پختہ ہیں کہ کسی کی کرامات اور معجزات سے دھوکہ نہیں کھاتے اور جو ہمارے مذہب اور قاعدے کے خلاف ہو اسے ہرگز نہیں مانتے کیونکہ ہمارے دل نور کے غلافوں میں لپٹے ہوئے ہیں۔ اس آیت میں اس بکواس کی تردید کی جا رہی ہے۔ **چوتھا تعلق:** گذشتہ آیتوں کے مضامین سے مسلمانوں کو امید ہو سکتی تھی کہ شاید موجودہ بنی اسرائیل اپنی ان حرکتوں کو سن کر نادم ہو جائیں۔ اس آیت میں رب تعالیٰ نے ان کی ایک بکواس نقل فرما کر مسلمانوں کی اس امید کو ختم فرمایا۔

marfat.com
Marfat.com

**تفسیر** : **وقالوا** یہ ان یہودیوں کا قول ہے جنہوں نے حضور علیہ السلام کے مبارک وعظ وغیرہ اور اپنے گذشتہ عیوب سن کر یہ نامعقول بات کہی۔ **قلوبنا غلف** ہمارے دل پردوں میں ہیں۔ **غلف**۔ اغلف کی جمع ہے۔ جس کے معنی ہیں غلاف والا۔ اس عبارت کے چند مطلب ہیں ایک یہ کہ ہمارے دل ایسے غلافوں سے ڈھکے ہوئے ہیں جو آپ کی وعظ نصیحت وہاں تک نہیں پہنچنے دیتے دل یقین کا مقام ہے اور آنکھ 'زبان وغیرہ یقین ہونے کے ذریعہ ہیں۔ بعض کو سن کر بعض کو چھو کر بعض کو سونگھ کر مگر جب دل میں بیماری پیدا ہو جائے تو وہاں یقین نہیں آتا۔ جیسے دیوانہ 'بعض صحابہ حضور کو دیکھ کر ایمان لائے۔ بعض آپ کا کلام سن کر۔ بعض معجزات دیکھ کر ہم لوگ صرف نام سن کر مگر جن کے دل میں بغض و عناد کی بیماری تھی وہ سب کچھ دیکھ کر بھی ایمان نہ لائے اور اس پر وہ فخر کرتے تھے۔ دوسرے یہ کہ ہمارے دل تو خود ہی علم کے غلافوں میں ہیں اور حکومت پر قائم اب ہمیں شریعت محمدیہ کی کوئی ضرورت نہیں اپنی باتیں جہلا کو سنایئے۔ تیسرے یہ کہ آپ کے اتنے وعظ و نصیحت سن کر بھی ہمارے دل خالی غلافوں کی طرح ہی ہیں وہاں تک کوئی بات نہ پہنچی (تفسیر کبیر) ان کا مطلب یہ تھا کہ ہمارے دل پیدائش سے ہی پردوں میں ہیں۔ وہاں تک کسی کے وعظ و نصیحت کی رسائی ہی نہیں ایک احتمال یہ بھی ہے کہ اس کلام میں استفہام انکاری ہو کہ کیا ہمارے دل پردوں میں ہیں؟ جو آپ کی بات مان لیں نہیں بلکہ بالکل صاف ہیں۔ ہم نے نہایت صفائی اور دیانتداری سے آپ کے دلائل میں غور کیا۔ مگر قابل قبول نہ پایا۔ رب تعالیٰ نے ان کی تردید میں فرمایا کہ وہ جھوٹے ہیں۔ **بل لعنهم الله بكفرهم** بلکہ ان کے کفر کی وجہ سے ان پر خدا نے لعنت فرمادی ہے۔ لعنت کے لفظی معنی ہیں دور کرنا اللہ کی لعنت کے معنی ہیں رحمت سے دور کرنا اور بندوں کی لعنت کے معنی ہیں دوری ء رحمت کی دعا کرنا۔ یعنی ان کے کفر کی وجہ یہ ہے کہ وہ گزشتہ کفریات سے رحمت سے دور کر دیئے گئے اور انہوں نے اپنی لیاقت کو بگاڑ لیا مثلاً "جب انہوں نے ایک معجزے یا ایک پیغمبر یا ایک حکم الٰہی کا انکار کیا تو ان کے دلوں میں سختی اور سیاہی پیدا ہوئی جب دوسرے پیغمبر یا حکم کا انکار کیا تو وہ سختی اور بڑھ گئی۔ آخر کار انکار کرتے کرتے اب وہ سختی اس حد تک پہنچ گئی کہ اس میں کوئی وعظ وغیرہ اثر نہیں کرتا۔ خیال رہے کہ کسی بات کا دل پر اثر جب ہوتا ہے جب کہ بات کرنے والے کا وقار دل میں ہو۔ چونکہ بنی اسرائیل کے دلوں میں انبیاء کرام کی عظمت نہ تھی اس لئے وہ انبیاء خصوصاً "سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم قبول نہ کرتے تھے اس لئے حضور نے پہلے تبلیغ میں کفار کو اپنی پہچان کرائی پھر احکام شرعیہ کی تبلیغ کی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ **فقليلا ما يؤمنون** ان میں بہت کم لوگ ایمان لاتے ہیں یا یہ لوگ بہت تھوڑی باتوں کو مانتے ہیں۔ یا یہ لوگ بہت کم یقین کرتے ہیں یہ قلیل یا تو مومن کی صفت ہے یا ایمان کی۔ آخری دو صورتوں میں ایمان کے لغوی معنی یعنی یقین مراد ہیں کیونکہ تھوڑا یا تھوڑی چیز پر تو ایمان ہو سکتا ہی نہیں ایمان تو پورا اور پوری چیزوں پر ہو گا۔ یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ یہ لوگ ایمان نہ لائیں گے عربی میں کبھی بالکل نفی کرنے کے لئے بھی قلیلا "بولتے ہیں۔ **قليلا" ما تنبت الارض** یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ یہ موسیٰ علیہ السلام پر بھی بہت کم ایمان لاتے ہیں۔

**خلاصہ تفسیر** : جب مسلمان یہود کو وعظ و نصیحت کرتے اور ان کے گذشتہ عیوب سناتے تو وہ عذر یا مذاق کے لئے کہتے تھے کہ ہمارے دل نور یا رحمت کے پردے میں لپیٹے ہوئے ہیں۔ جس طرح غلاف اپنے اندر کی چیز کو گرد و غبار سے محفوظ رکھتا ہے۔ ایسی ہی تمہاری باتیں جو گرد و غبار کی طرح ہیں۔ ہمارے دلوں کے اندر تو کیا ان کے قریب تک نہیں پہنچ سکتیں۔ تم سے پہلے بھی

marfat.com
Marfat.com

جن انبیاء کو ہم نے شہید کیا ان کی نصیحتیں بھی ہمارے دلوں میں نہ پہنچتی تھیں۔ کیونکہ ہم نہایت متصلب و بند ار ہیں رب تعالیٰ نے فرمایا کہ ہاں تمہارے دلوں پر غلاف تو ہیں مگر نور یار حمت کے نہیں۔ بلکہ ظلمت اور لعنت کے اور یہ غلاف پیدائشی نہیں تاکہ تم معذور ہو بلکہ تمہارے خود پیدا کئے ہوئے ہیں کہ تم کفر پر کفر کرتے رہے اور تمہارے دلوں پر لعنت کی تہ پر تہ جمتی رہی جیسے کہ پانی اصل میں پتلی چیز ہے مگر سردی کے موسم میں ٹھنڈک سے جمنے لگتا ہے اور جب بار بار ٹھنڈک پہنچتی رہے تو پھر وہ پانی پتھر کی طرح سخت ہو جاتا ہے کہ اس میں کیل بھی نہیں گھستی اور جو لعنت اپنی پیدا کی ہوئی ہو۔ اس میں کوئی عذر نہیں سنا جاتا لہٰذا یہ لوگ اپنے نبی پر بھی کم ایمان لاتے ہیں۔ تفسیر عزیزی نے یہاں ایک روایت نقل کی کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ دل چار قسم کے ہیں ایک وہ جو صاف ہو اور اس میں چراغ چمکتا ہو۔ دوسرے وہ جو غلافوں میں لپٹا ہوا ہو۔ تیسرے وہ جو لونداھا ہو۔ چوتھے وہ جن کا ایک حصہ سفید اور ایک حصہ سیاہ ہو۔ پہلا قلب تو مومن کا جس میں چراغ ایمان روشن ہے۔ دوسرا قلب کافر کا جو کفر کے غلافوں میں لپٹا ہوا ہے۔ اور تیسرا قلب منافق کا ہے کہ جس میں سے ایمان آکر نکل گیا۔ دو رنگا دل اس کا ہے۔ جس میں ایمان و نفاق جمع ہوں۔ عقیدہ میں مومن ہو اور اعمال میں منافق۔ ایمان قلب میں سبزے کی طرح ہے۔ جو وعظ و نصیحت کے پانی سے بڑھتا ہے اور نفاق اس ناسور کی مثل ہے۔ جس میں پڑ جائے تو پیپ و خون بن جاتا ہے اور اسے زیادہ خراب کر دیتا ہے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** تعصب اور تصلب میں فرق ہے تصلب نہایت عمدہ خوبی ہے اور تعصب سخت عیب تصلب کے معنی ہیں دین پر پختگی کہ دین حق پر اس طرح مضبوط ہو کہ شیطان کی دھوکہ بازیاں اور کفار کے فریب میں نہ آئے اور دنیوی مصیبتوں اور پریشانیوں میں بھی دین پر قائم رہے تعصب یہ ہے کہ اپنی جھوٹی بات پر ضد کرے اور یاروں اور دوستوں کی جھوٹی بات میں بھی حمایت کرے اور اپنے مخالف کی حقانیت ظاہر ہونے پر بھی اس کا انکار ہی کئے جائے اور اپنے کو نیک اور دوسروں کو بد سمجھے۔ خلاصہ یہ کہ حق بات پر ثابت قدم رہنے کا نام تصلب ہے اور باطل پر ضد کرنے کا نام تعصب ان یہودیوں نے اپنے تعصب کو تصلب سمجھا اور اس پر فخر کیا۔ **دوسرا فائدہ:** چھوٹا عیب بڑے عیب کا ذریعہ ہے اور معمولی کفر سخت کفر کا راستہ ہے ان یہودیوں کے عارضی کفر کا انجام لعنت ابدی ہوا۔ **تیسرا فائدہ:** نفس کے فریب سے بچنے کے لئے کسی بزرگ کی پناہ میں آنا ضروری ہے ورنہ انسان لعنت کو رحمت کفر کو ایمان اور عیب کو خوبی سمجھ کر اس پر فخر کرتا ہے۔

**پہلا اعتراض** : اس آیت میں ان کے دلوں پر پردے ہونے کا انکار کیا گیا۔ دوسری جگہ اس کا اقرار بھی کیا ہے۔ **انا جعلنا علی قلوبھم اکنۃ** دوسری جگہ ارشاد ہے **انا جعلنا فی اعناقھم اغلالا** ایک جگہ ارشاد ہے **ختم اللہ علی قلوبھم** ایک جگہ فرمایا گیا **وجعلنا من بین ایدیھم سدا** ان آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ کفار کے دلوں پر پردے بھی ہیں۔ ان کی گردنوں میں طوق بھی ان کے دلوں پر مہر بھی کر دی گئی ہے ان کے سامنے دیوار بھی قائم کر دی گئی ہے اب ان دونوں قسم کی آیتوں میں مطابقت کیوں کر ہو۔ **جواب:** اس کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ وہ لوگ پیدائشی پردوں کا دعویٰ کرتے تھے۔ یہاں اس کا انکار ہے اور ان آیتوں میں عارضی پردوں کا ثبوت یعنی کفر کی وجہ سے پردے پڑ گئے۔ مہر لگ گئی۔ سامنے دیوار قائم ہو گئی۔ دوسرے یہ کہ یہود نے کہا تھا کہ ہمارے قلوب پر رحمت کے پردے ہیں یہاں اس کا انکار ہے لعنت کے پردوں کا ثبوت دوسرا

marfat.com
Marfat.com

**اعتراض:** اس آیت کا مطلب یہ بنا کہ ان پر کفر کی وجہ سے لعنت ہوئی اور لعنت کی وجہ سے کفر یہ دور ہے اور دور باطل۔ **جواب:** اس کے دو جواب ہیں۔ ایک یہ کہ ہلکے کفر سے لعنت ہے اور لعنت سے سخت کفر۔ دوسرے یہ کہ کفر کرنے سے لعنت ہے اور لعنت سے کفر پر جمنا۔ یعنی آئندہ ایمان کے قابل نہ رہنا۔ لہٰذا کوئی دور نہیں۔ **تیسرا اعتراض:** اگر قلیلا" ایمان کی صفت ہو اور عبارت یوں ہے **فایمانا قلیلا ما یومنون** تو لازم آئے گا کہ ایمان بھی زیادہ اور کم ہو حالانکہ زیادتی کمی مقداری چیز میں ہوتی ہے۔ **جواب:** س کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ ایمان بمعنی یقین ہے یعنی بہت کم یقین کرتے ہیں دوسرے یہ کہ یہ کمی صفت کی ہے نہ کہ مقدار کی۔ یعنی ان کے دل میں آپ کی حقانیت کا ہلکا سا خیال آجاتا ہے اور پھر نکل جاتا ہے۔

**تفسیر صوفیانہ :** ایمان قیمتی سامان ہے اور عقیدت اس کی قیمت علماء اور صوفیاء کی مجلس ایمان کا بازار جس طرح کہ بے زر بازار سے بیزار اور نامراد لوٹتا ہے۔ ایسے ہی بے عقیدت اس بازار ایمانی سے یعنی صحبت علماء و مشائخ سے محروم واپس پھرتا ہے اور پھر اپنے کو بڑا اور ان کو برا سمجھتا ہے اور اپنی محرومی کو معصومی خیال کرتا ہے اس بازار میں عقیدت کی قیمت لاؤ اور متاع ایمانی لے جاؤ۔ اس باغ میں دامن اعتقاد لے کر آؤ اور ایمان و عرفان کے تازہ پھول بھر لے جاؤ۔ بہر حال عقیدت سے عقائد اور عقائد سے عرفان ملتا ہے۔ یہ یہودی عقیدت سے خالی تھے ایمان نہ لا سکے ہم کو بھی ان کی حالت سے عبرت پکڑنی چاہئے۔ جس ننگے کے پاس دامن نہ ہو اور پھر چمن سے محروم لوٹنے پر فخر کرے۔ تو وہ ننگا بھی ہے اندھا بھی۔

| |
|---|
| وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا |
| اور جب کہ آئی ان کے پاس کتاب پاس سے اللہ کے تصدیق کرنے والی واسطے اس کے جو |
| اور جب ان کے پاس اللہ کی وہ کتاب (یعنی قرآن) آئی جو ان کے ساتھ والی کتاب (یعنی توریت) |
| مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ |
| اُن کے پاس ہے اور تھے وہ پہلے سے فتح مانگتے اوپر ان لوگوں کے جنہوں نے کفر کیا |
| کی تصدیق فرمائی اور اس سے پہلے وہ اسی نبی کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے |
| كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۡ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ |
| پس جبکہ آیا ان کے پاس وہ جو پہچانا انہوں نے کفر کیا انہوں نے ساتھ اس کے پس |
| تو جب تشریف لایا ان کے پاس وہ جانا پہچانا اس سے منکر ہو بیٹھے تو اللہ نے |
| عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝۸۹ |
| لعنت اللہ کی اوپر کافروں کے |
| لعنت کی منکروں پر |

marfat.com

Marfat.com

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: اس سے پہلے یہود کے ایمان کی چند وجہیں بیان ہو چکیں اب بھی اسی کی ایک وجہ بیان ہو رہی ہے۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں موجودہ یہودیوں کے وعظ و نصیحت نہ سننے کا ذکر تھا اب فرمایا جا رہا ہے کہ وہ تو اپنی کتاب کی بھی نہیں سنتے۔ تمہاری کیا سنیں تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں فرمایا گیا تھا یہودی متصلب اور دین ہی پر پختہ نہیں اور ان کے دلوں پر نور کے پردے نہیں بلکہ متعصب ضدی ہیں ان کے دلوں پر لعنت کے پردے ہیں اس آیت میں اس کی دلیل دی جا رہی ہے کہ وہ اس پیغمبر کو جان پہچان کر انکار کر رہے ہیں اور اسی کا نام ضد ہے۔ چوتھا تعلق: پہلے فرمایا گیا کہ ان کا اپنی کتاب پر بھی ایمان کم ہے۔ اسی کا ثبوت دیا جا رہا ہے۔

شان نزول : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری اور قرآن کے نازل ہونے سے پہلے یہودی اپنی حاجات کے لئے حضور کے نام پاک کے وسیلہ سے دعا کرتے اور کامیاب ہوتے تھے اور جنگ کے وقت بھی یہ الفاظ کہتے تھے۔ **اللھم افتح علینا وانصرنا بالنبی الامی** یارب ہمیں نبی امی کے صدقہ میں فتح و نصرت عطا فرما۔ مگر جب حضور تشریف لائے تو یہی دعا مانگنے والے صاف منکر ہو گئے اس پر یہ آیت اتری۔

تفسیر : **ولما جاء ھم** اس سے موجودہ بنی اسرائیل مراد ہیں۔ کیونکہ قرآن کریم اور نبی آخر الزمان کو انہوں نے ہی پایا۔ یعنی جب ان موجودہ یہودیوں کے پاس کتاب آئی۔ قرآن ساری خدائی کے لئے آیا۔ اس لئے یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ حضور کے پاس قرآن آیا اور یہ بھی کہ مسلمانوں کے پاس آیا۔ یہ بھی کہ کفار کے پاس اس طرح حضور کے متعلق ہر مخلوق کہہ سکتی ہے کہ حضور ہمارے پاس آئے جیسے جب سورج نکلتا ہے تو ہر ملک و شہر والا کہتا ہے کہ ہمارے ہاں سورج نکلا کیونکہ اس کا فیض عام ہے۔ ہر جگہ دن نکلتا ہے۔ خیال رہے کہ بعض سخی بلا کر دیتے ہیں اور بعض آ کر دیتے ہیں جیسے کنواں اور بارش' قرآن کریم اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم آ کر دینے والے ہیں۔ اسی لئے یہاں فرمایا **جاء ھم کتب** اور دوسری جگہ فرمایا **لقد جاء کم رسول۔ کتب** اس کتاب سے قرآن کریم مراد ہے اس لئے کہ توریت وغیرہ کی تصدیق اس نے ہی فرمائی جس کا آگے ذکر ہے اسے کتاب اس لئے فرمایا گیا کہ وہ پہلے بھی لوح محفوظ وغیرہ میں لکھی ہوئی تھی اور آئندہ بھی قیامت تک بکثرت لکھی جائے گی اگرچہ اتری ہے پڑھی ہوئی **من عند اللہ** اللہ کے پاس یہ قرب تشریفی ہے نہ کہ مکانی کیونکہ رب تعالیٰ مکان اور جگہ سے پاک ہے اور اس کا خدائی کتاب ہونے پر ان کو بھی یقین تھا کیونکہ اس کے مقابلہ سے ان کے سارے علماء عاجز رہ گئے تھے اور نیز وہ کتاب **مصدقا" لما معھم** اسی توریت کی تصدیق کرنے والی ہے جو ان کے پاس ہے حالانکہ نبی آخر الزمان نہ عبرانی خط پڑھے تھے اور نہ عربی اور ایسے بے پڑھے نبی کا توریت کے احکام کی تصدیق فرمانا اس کی کھلی دلیل ہے کہ وہ عالم علم لدنی ہیں۔ تصدیق کرنے کی چند صورتیں ہیں یا توریت کی حقانیت کا اقرار کرنا اور اسے خدائی کتاب ماننا یا لوگوں سے اس کی حقانیت کا اقرار کرا دینا قرآن کریم نے اگرچہ توریت کے احکام منسوخ کر دیئے مگر سب سے منوا لیا کہ وہ حق ہے۔ اگر توریت اور موسیٰ علیہ السلام کا ذکر قرآن کریم میں نہ ہوتا تو دیگر انبیاء اور صحیفوں کی طرح دنیا اسے بھی بھول جاتی یا یہ قرآن توریت کو سچا کرنے والا ہے کہ اس نے آخری کتاب کے آنے کی خبر دی تھی جو کہ اس قرآن کے آنے سے پوری ہوئی۔ اگر یہ قرآن حق نہیں تو یہودی بتائیں کہ آخری نبی اور آخری کتاب کب اور کہاں آئی اور یہ لوگ پہلے بے خبر نہ تھے۔ بلکہ **وکانوا من قبل** یہ یہودی اس

marfat.com
Marfat.com

کتاب کے اترنے سے پیشتر اس نبی کی عظمت کے قائل اور اس کتاب کی حقانیت کے ماننے والے تھے کیونکہ **یستفتحون علی الذین کفروا** کفار یعنی مشرکین عرب کے مقابلہ میں انہی کے نام پاک کے وسیلہ سے رب سے فتح مندی اور نصرت مانگتے تھے۔ تفسیر عزیزی میں اس جگہ فرمایا کہ انہیں یقین تھا کہ نبی آخر الزماں کا نام پاک تمام پیغمبروں کا مددگار ہے اور ان کا نام بھی کفر کو مٹانے اور باطل کو گھٹانے میں لشکر جرار ہے۔ (دیوبندیت فنا) مدینہ اور خیبر کے یہودی، مشرکین عرب بنی اسد اور بنی غطفان کے مقابلہ میں شکست کھاجاتے تھے آخر کار انہوں نے اپنے علماء کی طرف رجوع کیا۔ انہوں نے یہودی سپاہیوں کو یہ دعا یاد کرائی اور کہا کہ جنگ کے وقت پڑھ لیا کرو۔ انہوں نے اس پر عمل کیا اور پھر ہمیشہ فتح پائی۔ **اللھم ربنا انا نسئلک بحق احمد النبی الامی الذی وعدتنا ان تخرجه لنا فی اخر الزمان وبکتابک الذی تنزل علیه اخر ما ینزل ان تنصرنا علی اعداء نا** یعنی اے رب ہمارے ہم تجھ سے اس نبی کا دامی احمد کے حق سے سوال کرتے ہیں جن کے بھیجنے کا تو نے وعدہ کیا اور اس کتاب کی برکت سے کہ جو تو ان پر اتارے گا۔ سب کتابوں سے پیچھے کہ تو ہم کو ہمارے دشمنوں پر فتح دے۔ اسی تفسیر عزیزی میں اس جگہ یہ بھی ہے کہ سلمہ ابن قیس فرماتے ہیں کہ ہمارے محلہ میں ایک یہودی رہتا تھا میں اس زمانہ میں کمسن تھا ایک دن ہمارے یہاں ایک محفل تھی وہاں وہ یہودی بھی آگیا اور پکار کر کہا کہ اے بت پرستو کیا نہیں جانتے کہ مرنے کے بعد کیا ہوگا ہم سب نے کہا کہ تو ہی بتا۔ وہ بولا پھر سب کو زندگی ملے گی۔ اعمال کا حساب ہوگا میزان ہوگی' دوزخ ظاہر ہوگی ہر ایک کو اعمال کے موافق سزا اور جزا ملے گی۔ ہم سب نے کہا کہ یہ تو بڑی بعید بات ہے یہ کبھی نہیں ہوسکتی وہ بولا خدا کی قسم ضرور ہوگی۔ سب نے پوچھا تیری دلیل کیا ہے۔ اس نے کہا میری دلیل وہ آخر الزمان پیغمبر ہے جو مکہ اور یمن سے ظاہر ہوگا۔ وہ میرے کلام کی تصدیق کرے گا ہم نے کہا کہ وہ کب ہوگا۔ اس نے مجلس کے دائیں بائیں دیکھ کر میری طرف اشارہ کرکے کہا کہ اگر اس نوجوان کی عمر بڑھی تو یہ اس پیغمبر کو پالے گا۔ سلمہ کہتے ہیں کہ ابھی چند روز گزرے تھے کہ حضور کی نبوت کی خبر مشہور ہوئی اور جب حضور علیہ السلام مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو ہم سب مسلمان ہوگئے ہم نے اس یہودی کو دیکھا وہ کافر رہا اور حسد کرتا تھا ہم نے اس سے کہا کہ تجھے کیا ہوگیا کہ ان کا منکر ہے کیا تجھے اپنی وہ بات یاد نہ رہی جو تو نے ہم سے کہی تھی وہ بولا یاد تو ہے لیکن یہ وہ نبی نہیں ہیں۔ ان روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہودی صرف جنگ میں ہی نہیں بلکہ مناظرہ اور دیگر مصیبتوں میں بھی حضور کے نام پاک کو اپنا پشت پناہ بناتے تھے اور آپ کے نام پاک کے صفات' آپ کی جائے پیدائش اور وقت پیدائش سے بھی واقف تھے۔ اس قدر جان پہچان کے باوجود **فلما جاء ھم ما عرفوا** جب ان کے پاس جانی پہچانی چیز آئی۔ اس کلمہ سے یا تو کتاب مراد ہے اور یا صاحب کتاب صلی اللہ علیہ وسلم مگر دوسرے معنی زیادہ قوی ہیں کیونکہ کتاب کا ذکر دور ہے اور نبی علیہ السلام کا ذکر **یستفتحون** میں قریب ہی گزرا۔ نیز کتاب کے آنے کا ذکر تو پہلے بھی ہوچکا لہٰذا بہتر یہی ہے کہ یہاں نبی کا آنا مراد ہو تاکہ کلام میں تکرار نہ ہو۔ چونکہ اس جگہ اوصاف والی ذات مراد ہے اس لئے **ما** فرمایا گیا۔ جیسے **لا تنکحوا ما نکح اباو کم** میں عورتوں کو جو ذی عقل ہیں ما فرمایا گیا۔ خیال رہے کہ اس سے پہلے قرآن کی آمد کا ذکر ہوا۔ نہ کہ حضور کی تشریف آوری کا مگر چونکہ قرآن کی حضور کے ذریعہ ہے کہ قرآن خود نہیں آسکتا حضور کے ذریعے آیا۔ لہٰذا اس میں حضور کی آمد کا بھی ذکر ہوگیا تو یہاں حضور کی طرف ضمیر کا لوٹنا اور ما عرفوا سے حضور کا مراد ہونا درست ہوا۔ پچھلے اہل کتاب حضور کے..... توسل سے دعائیں کرتے تھے نہ کہ قرآن کے وسیلہ سے لہٰذا آیت کے یہ معنی ہوئے کہ حضور کے توسل سے دعائیں کرتے تھے یعنی

marfat.com

Marfat.com

جب کہ ان کے پاس وہ چیز یا وہ ذات آئی جس کو وہ پہچانتے ہیں عرفوا میں دو احتمال ہیں یا یہ کہ ان اوصاف کی وجہ سے ان کو اب دیکھ کر پہچان لیا۔ کیونکہ ان میں وہ ساری توریت کی علامتیں موجود تھیں یا جس کو وہ توریت سے پہچان چکے تھے لہٰذا چاہئے تو یہ تھا کہ وہ سب فوراً ایمان لے آتے مگر ہوا یہ کہ کفروا بیہودہ صاف انکار کر گئے اور ان کی نعت اور صفات کو بدل ڈالا یا تو یہ جملہ دونوں لما کا جواب ہے یعنی جب وہ جانی ہوئی کتاب اور جانا ہوا نبی ان کے پاس پہنچا تو انہوں نے ان میں سے ہر ایک کا انکار کر دیا یا یہ فقط دوسرے لما کا جواب ہے اور پہلے لما کا جواب وہاں ہی پوشیدہ ہے۔ یعنی جب ان کے پاس کتاب آئی تو اس کا انکار کر دیا اور یہ کیوں نہ کرتے ان کا تو یہ حال ہے کہ جس نبی کے نام سے ان کی مشکلیں حل ہو جاتی تھیں۔ جب وہ نبی تشریف لائے تو ان کا بھی انکار کر بیٹھے اور اس انکار کا انجام یہ ہوا کہ فلعنة الله علی الکٰفرین جان بوجھ کر حق چھپانے والے کافروں پر اللہ کی لعنت ہے کیونکہ ان پر لازم تھا کہ یہ اس نبی کی خدمت اور مدد کرتے اگرچہ یہاں علیہم بھی کافی تھا۔ لیکن سبب لعنت بتانے کے لئے کافرین فرمایا تا کہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ وسیلہ پکڑنے سے ان پر لعنت ہوئی۔ اب معلوم ہوا کہ ان کا وسیلہ چھوڑنے سے ملعون ہوئے۔

خلاصہ تفسیر: اے مسلمانو! تم ان کے ایمان کی کب تک امید رکھو گے یہ تو بڑے ضدی کافر ہیں ان کی ضد کی تو یہ حالت ہے کہ اس قرآن کے آنے پر ان کی توریت کی سچائی موقوف تھی ان کو چاہئے تھا کہ اس کو آنکھوں سے لگاتے اور اس کے آنے پر خوشیاں مناتے اور کفار سے کہتے کہ دیکھو ہماری توریت کا ظہور آگیا۔ نیز قرآن نے اعلان کیا بنی اسرائیل کی آسمانی کتابیں سچی ان کے نبی سچے ان کے اولیاء و اصحاب کہف وغیرہ سچے اب قرآن کو جھوٹا کہہ کر اپنی کتابوں نبیوں کو جھوٹا کہتا ہے۔ مدعی اپنے گواہ کو ہمیشہ سچا ہی کہتا ہے۔ اگر جھوٹا کہے تو اس کا مقدمہ خارج ہو جائے جو صحابہ کو جھوٹا کافر کہتے ہیں وہ ضدی اور جھوٹے ہیں۔ کیونکہ اہل بیت کے فضائل کی آیات و احادیث انہیں سے مروی ہیں۔ اگر وہ حضرات سچے نہ ہوں تو یہ آیات و احادیث بھی سچی نہ ہوں گی۔ پھر اہل بیت کے فضائل کا انکار ہی کرنا پڑے گا گزشتہ کتب اور نبیوں کو برحق ماننے کے لئے قرآن اور حضور کو سچا مانو اور اہل بیت کی عظمت ماننے کے لئے صحابہ کو سچا مانو۔ نیز یہ نبی آخر الزمان وہ ہیں جن کے نام سے ان کے بگڑے کام بنے انہیں کے نام کے وسیلہ سے ان لوگوں نے رب سے دعائیں مانگیں اسی نام کی برکت سے انہوں نے مشرکین پر فتح پائی اسی کی برکت سے انہوں نے مناظرہ وغیرہ میں سرخروئی حاصل کی اور انہیں کے بل بوتے پر مشرکین سے کہتے تھے کہ ذرا ٹھہر جاؤ۔ نبی آخر الزمان آنے والے ہیں ہم ان کی مدد سے تم پر غالب آئیں گے۔ انہیں کا انتظار تھا انہیں کی دعائیں مانگی جا رہی تھیں چاہئے تو یہ تھا کہ ان کے قدم دھو دھو کر پیتے اور اپنی خوش نصیبی پر فخر کرتے مگر انہوں نے کیا یہ کہ منکر ہو کر ان کے پیچھے پڑ گئے ایسے کافروں پر خدا کی لعنت۔ ان ضدیوں کے ایمان کی کیا امید۔ فائدے: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: اللہ والوں کے وسیلہ سے دعا قبول ہوتی ہے کیونکہ رب نے ان یہودیوں کے وسیلہ پکڑنے کا انکار نہ کیا۔ بلکہ ان کے کفر پر لعنت کی۔ اس واسطے علی الکافرین فرمایا نہ کہ علیہم۔ تا کہ کوئی یہ نہ کہے کہ وسیلہ پکڑنے والوں پر لعنت کی گئی دوسرا فائدہ: حضور علیہ السلام سے پہلے آپ کی تشریف آوری کی دھوم دھام ہو چکی تھی اور اس وقت بھی حضور کے وسیلہ سے خلق کی حاجت روائی ہوتی تھی جس سے معلوم ہوا کہ دیوبندی وہابی اس وقت کے یہودیوں سے بھی بدتر ہیں کہ وہ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام کی مدد لیتے تھے اور یہ

marfat.com
Marfat.com

اسے شرک کہتے ہیں اور کلمہ گو ہو کر ان کے وسیلہ سے منکر ہیں۔ دیکھو ان کی کتاب "تقویۃ الایمان" **تیسرا فائدہ:** کافروں پر لعنت کرنا جائز ہے لعنت کافروں کے حق میں رحمت سے دوری ہے اور گنہگار مسلمانوں کے حق میں عزت سے دوری۔ لعنت کے اسباب تین ہیں۔ کفر' بدعت' فسق جیسے کہہ دیتے ہیں جھوٹے پر خدا کی لعنت۔ لعنت کے تین درجے ہیں (1) عام وصف سے لعنت کرنا جیسے کافر بدعتی یا فاسق پر لعنت (2) خاص وصف سے لعنت کرنا جیسے یہودی یا عیسائی یا خارجی یا زانی یا سود خوار پر لعنت یہ دو قسم کی لعنتیں بہرحال جائز ہیں (3) کسی کا نام لے کر لعنت کرنا۔ یہ صرف اسی کے حق میں جائز ہے۔ جس کے کفر کا شرعاً ثبوت ہو جیسے کہ فرعون یا ابوجہل پر لعنت لہٰذا اب مرے بعد نام لے کر کسی کافر کو بھی لعنت جائز نہیں کیونکہ اس کا کفر پر مرنا دلیل شرعی سے معلوم نہیں ممکن ہے کہ مرتے وقت ایمان لے آیا ہو جس کی ہمیں خبر نہیں ہاں یہ کہہ سکتے ہیں کہ رام لعل یا مرزا غلام احمد زندگی میں کافر ملعون تھے اسی لئے یہ کہنا بالاتفاق جائز ہے کہ قاتل حسین پر لعنت مگر یوں نہ کہے کہ یزید پر لعنت کیونکہ وصف پر لعنت جائز ہے اور یہ نام لور نام کی لعنت میں خدشہ ہے۔ بہرحال کسی پر بلاوجہ لعنت کوئی اچھی چیز نہیں۔ سب سے بڑا مردود شیطان ہے مگر اس پر بھی لعنت کرنا عبادت نہیں بہت سے لوگ اپنے جانور اور اپنے مال پر لعنت کرتے ہیں۔ خیال رہے کہ جو غیر مستحق کو لعنت کرتے ہیں وہ لعنت خود اپنے پر لوٹتی ہے مسلمان تبرائی اور لعنتی نہیں ہوتا یہ روافض کی خصوصیت ہے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ عورتیں اکثر جہنمی ہیں کیونکہ وہ لعنت زیادہ کرتی ہیں خیال رہے کہ لعنت اور چیز ہے اور کفار پر سختی دوسری چیز۔ سختی کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں۔ **چوتھا فائدہ:** جاہل کافر سے 'عالم کافر کا عذاب سخت ہے۔ کیونکہ وہ نادانی سے کافر ہے اور یہ جان بوجھ کر اسی لئے اس آیت میں **ماعرفوا** فرمایا۔ **پانچواں فائدہ:** ہر ایک کا نام اس کے ماں باپ رکھتے ہیں مگر حضور کا نام رب نے رکھا کہ ان کی ولادت سے صدیوں پہلے ہی عرش و فرش میں اسے چمکا دیا۔ **چھٹا فائدہ:** بعض دیوبندی وہابی مجبور ہو کر یہ کہہ دیتے ہیں کہ حضور کی زندگی میں آپ کے وسیلہ سے دعا کرنی جائز تھی۔ لیکن بعد وفات ناجائز کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے زمانہ خلافت میں حضرت عباس کے ذریعہ سے دعا مانگی نہ کہ حضور کے طفیل وہ اس آیت سے عبرت پکڑیں۔ جس سے معلوم ہو رہا ہے کہ حضور کی ولادت پاک سے پہلے ہی آپ کے وسیلہ سے دعائیں مانگی جا رہی تھیں۔ یہ حدیث تو ان کے واسطے زہر قاتل ہے۔ اس لئے کہ حضرت عباس کا اس لئے وسیلہ اختیار کیا گیا کہ وہ حضور کے چچا ہیں۔ یہ تو حضور کی نسبت کا وسیلہ ہے۔ اور پھر اس وسیلہ سے حضور کے وسیلہ کی نفی کیوں کر ہو گئی۔ پھر وہ تو اب بھی زندہ ہیں کیونکہ ہم پڑھتے ہیں۔ محمد رسول اللہ۔ محمد اللہ کے رسول ہیں۔ نہ یہ کہ تھے۔ وہ زندہ نہیں ہیں تو وصف رسالت کس کے لئے ثابت ہو رہا ہے۔ محمول کا ثبوت موضوع کا وجود ظرف اتصاف میں چاہتا ہے۔ **لطیفہ:** چونکہ اس آیت میں لفظ **یستفتحون** سے حضور علیہ السلام کا وسیلہ پکڑنا حضور کے نام سے مدد حاصل کرنا ثابت ہو تا تھا۔ جو کہ دیوبند کے لئے موت ہے اور ان کی توحید کے خلاف اس لئے دیوبندیوں کے پیشوا مولوی اشرف علی صاحب نے اپنی تفسیر بیان القرآن میں اس لفظ کے معنی یہ کئے کہ یہ یہودی کفار سے بیان کیا کرتے تھے یعنی خود کفار عرب کو حضور کی آمد کی خبر دیا کرتے تھے اپنے نامعقول مذہب کی پاسداری کے لئے آیت کی تحریف معنوی کر ڈالی نہ تو یہ معنی کسی مفسر نے کئے اور نہ ہی عربی قواعد سے درست ہیں کیونکہ استفتاح فتح سے بنا اور استفعل میں آکر اس میں طلب یا وصول کے معنی پیدا ہوئے اور علی نقصان و ضرر کے لئے آتا ہے۔ تو صاف معنی یہ ہوئے کہ کافروں کے مقابل فتح مانگتے یا فتح حاصل کرتے تھے۔ خواہ مناظرہ وغیرہ میں یا جنگ میں۔ خبر دینے اور بیان کرنے کے معنی کیسے ہو

marfat.com
Marfat.com

سکتے ہیں اور لطف یہ ہے کہ اس معنی سے مولوی صاحب پر دوسری قیامت آگئی کہ یہود کا علم غیب ثابت ہو گیا۔ یہود نے حضور کی ولادت پاک سے پہلے آپ کی خبر دے دی۔ مگر وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے مصطفیٰ علیہ السلام کے علم کا انکار کیا ہے نہ کہ کفار کے علم کا۔ ہم تو شیطان کو بھی علم غیب مانتے ہیں۔ ہاں حضور کے لئے علم غیب ماننا شرک ہے۔ دیوبندیوں نے اس قسم کی بہت سی تحریفیں صرف تقویۃ الایمان کے درستی کے لئے کی ہیں۔

**پہلا اعتراض**: اس آیت سے معلوم ہوا کہ قرآن، یہودیوں کے پاس جو توریت تھی، اس کی تصدیق کرتا ہے حالانکہ وہ کتاب تو بدلی ہوئی اور محرف تھی اور قرآن نے اس کی سخت تردید کی ہے۔ **جواب**: اس کے چند جوابات ہیں۔ ایک یہ کہ یہاں فرمایا گیا **معھم** نہ کہ **عندھم** یعنی ان کی ساتھ والی توریت کی تصدیق کرتا ہے نہ کہ پاس والی توریت کی بدلی ہوئی کو وہ بھی غلط سمجھتے تھے۔ صرف کھانے کمانے کے لئے اس کو رکھ چھوڑا تھا اس پر ان کا بھی ایمان نہ تھا۔ دوسرے یہ کہ قرآن اصلی توریت کی تصدیق کرتا ہے نہ کہ اس کے ہر لفظ کی اور بدلی ہوئی کتاب میں کچھ تو اصل بھی تھی اس ہی کی تصدیق کی۔ یہاں ساری کتاب کی تصدیق کا ذکر نہیں۔ تیسرے یہ کہ مصدق کے معنی ہیں صدق کو ظاہر فرمانے والا۔ یعنی قرآن سے پہلے سچی اور جھوٹی توریت میں فرق ظاہر نہ تھا۔ اس نے آکر ان کی تحریفات کو ظاہر فرمایا اور توریت کی سچائی کو شائع کیا۔ چنانچہ رجم وغیرہ بہت سے توریت کے اصلی احکام قرآن سے کھلے اور یہودیوں کو اپنی تحریف کا اقرار کرنا پڑا۔ **دوسرا اعتراض**: اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہودی قرآن اور صاحب قرآن کی حقانیت جانتے تھے۔ پھر انہیں کافر کیوں کہا گیا وہ تو مومن ہوئے کیونکہ دل سے جاننے ہی کا نام ایمان ہے۔ **جواب**: وہ جانتے تھے مانتے نہ تھے اور ایمان ماننے کا نام ہے نہ کہ صرف جان لینے کا۔ جاننا غیر اختیاری ہوتا ہے اور ماننا اختیاری۔ ثواب اختیاری خیر پر ہی ملتا ہے اگر جاننے کا نام ایمان ہو تو اس کا ثواب نہ ہونا چاہئے تھا یاں کہو کہ ایمان جاننے اور اقرار کرنے کا نام ہے یعنی اقرار ایمان کی شرط ہے جب انہوں نے انکار کیا تو ایمان صحیح نہ ہوا۔ جیسے کہ بغیر وضو نماز۔ **تیسرا اعتراض**: قرآن نے پہلے فرمایا تھا **وقولوا للناس حسنا** لوگوں سے اچھی بات کہو اور یہاں کافروں پر لعنت فرما رہا ہے۔ کیا لعنت بھی اچھی بات ہے۔ **جواب**: اس آیت میں گزر چکا کہ کفار کو برا کہنا درحقیقت اچھا ہے اور ان پر لعنت ہی ان کے لئے قول حسن ہے۔ (تفسیر کبیر) **چوتھا اعتراض**: تم ان کو کفار کہہ کر لعنت کرتے ہو اور وہ تم کو نہ معلوم اس میں سچا کون ہے اور جھوٹا کون (ستیارتھ پرکاش) **جواب**: چور پولیس کو برا کہتا ہے اور پولیس چور کو پنڈت جی اللہ نے عقل اور بدی اسی لئے دی ہے کہ نقل و اصل میں فرق کرے دنیا میں نقل و اصل ملی جلی بازار میں فروخت ہوتی ہے۔ مگر آنکھ والے کو چاہئے کہ دیکھ کر چیز خریدے اچھا بتاؤ کہ تم کو اپنے مذہب کی سچائی کیسے معلوم ہوئی۔ یہ اعتراض تو تم پر بھی پڑتا ہے۔ **پانچواں اعتراض**: اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ بنی اسرائیل قرآن کے وسیلہ سے دعائیں کرتے تھے نہ کہ حضور کے وسیلہ سے کیوں **ما عرفوا** میں ما ہے، جو غیر عاقل چیز کے لئے آتا ہے نیز اس سے پہلے اس آیت میں کتاب ہی کا ذکر ہے (دیوبندی) **جواب**: ان سوالوں کے جوابات تفسیر میں گزر چکے۔ بہت دفعہ عاقل کے لئے بھی ما بول دیتے ہیں۔ جیسے **لا تنکحوا ما نکح اباؤکم** اور چونکہ کتاب کی آمد میں حضور کی آمد کا بھی ذکر ہے۔ اس لئے حضور ہی کی آمد مراد ہے نیز یہود وغیرہ حضور ہی کو پہچانتے تھے نہ کہ قرآن کو، قرآن کو تو صحابہ بھی نہ پہچانتے تھے جب تک کہ حضور نہ بتاتے کہ یہ قرآن ہے کیونکہ ایک ہی زبان سے قرآن بھی نکلتا تھا۔

marfat.com
Marfat.com

حدیث بھی۔ قرآن کریم فرماتا ہے۔ **یعرفونہ کما یعرفون ابناء ھم** وہ آیت اس آیت کی تفسیر ہے۔

**تفسیر صوفیانہ** : بصارت سے صورت اور بصیرت سے سیرت معلوم ہوتی ہے۔ ہم گھر میں جاکر سارے عزیزوں کی صورت تو آنکھ سے دیکھتے ہیں مگر ماں بہن بیٹی بیوی کو بصیرت سے پہچانتے ہیں ان کا ماں بہن ہونا آنکھ سے نظر نہیں آتا اور جیسے کہ بعض دوائیں بصارت کو قوت دیتی ہیں اور بعض بیماریاں بصارت مٹا دیتی ہیں اسی طرح عشق وہ کحل الجواہر (عمدہ سرمہ) ہے یا وہ دوربین یا خوردبین ہے جس سے بصیرت قوی ہو جاتی ہے اور عاشق اپنے محبوب کی ہر خوبی کو معلوم کر لیتا ہے مگر کفر و بے دینی بغض و حسد بصیرت کو پھوڑنے والی بیماریاں ہیں۔ یہود کی بصیرت پر بغض و حسد کا جالا آچکا ہے۔ انہیں عشق کا سرمہ نصیب نہ ہوا۔ جس سے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری صورت کو تو دیکھ سکے گی۔ مگر سیرت پاک تک نظر نہ گئی۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ حضور صلی اللہ علیہ السلام سے عشق پیدا کریں تاکہ ان پر حقیقت حال ظاہر ہو۔ حضور کو صرف بصارت سے دیکھنے والا کافر ہے اور بصیرت سے دیکھنے والا صحابی۔ آدم علیہ السلام کو فرشتوں نے بصیرت سے دیکھا سجدے میں گر گئے۔ ابلیس نے بصارت سے دیکھا اکڑ گیا۔

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖۤ اَنْفُسَهُمْ اَنْ یَّكْفُرُوْا بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ

بُری ہے وہ چیز کہ خریدا انہوں نے بدلے اس کے جانوں اپنی کو یہ کہ کفر کریں وہ ساتھ اسکے کہ اتاری

کس بُرے مولوں انہوں نے اپنی جانوں کو خریدا کہ اللہ کے اتارے سے منکر

بَغْیًا اَنْ یُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ یَّشَآءُ مِنْ

اللہ نے حسد سے اس کے کہ اتارے اللہ اپنے فضل سے اوپر اس کے کہ چاہے بندوں

ہوں اس کی جلن سے کہ اللہ اپنے فضل سے اپنے جس بندے پر چاہے

عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ؕ وَ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ

میں سے اپنے پس لوٹے وہ ساتھ غضب کے اوپر غضب کے اور واسطے کافروں کے

وہ اتارے تو غضب پر غضب کے سزاوار ہوئے اور کافروں کیلئے

مُّهِیْنٌ ۟

عذاب ہے اہانت والا

ذلت کا عذاب ہے۔

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیت سے کئی طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: موجودہ بنی اسرائیلیوں کے ایمان سے مایوسی کی یہ بھی ایک بڑی وجہ ہے۔ **دوسرا تعلق**: گویا یہ آیت پچھلی آیت کا تتمہ ہے۔ یعنی بنی اسرائیلیوں نے قرآن کا اس ضد سے انکار کیا کہ وحی ہمارے سوا ایک کیوں ہوئی۔ **تیسرا تعلق**: پچھلی آیت میں ان کے انکار کا ذکر تھا اب اس کی وجہ اور برائی بیان ہو رہی

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ چوتھا تعلق: پچھلی آیت سے معلوم ہوا تھا کہ منکرین یہودیوں نے انکار نبوت کو اپنی خلاصی اور سرداری کا ذریعہ بنایا۔ اب فرمایا جارہا ہے ان بیوقوفوں نے اس میں بڑی ہی غلطی کی۔

تفسیر: بئسما۔ بئس فعل ذم (برائی بتانے والا فعل) ہے اور ما' شیئا کے معنی میں ہے۔ یعنی وہ چیز بڑی ہی بری ہے۔ جو کہ اشتروبہ یہ لفظ شری سے بنا ہے اور شری جب ضرب یضرب سے آتا ہے تو بیچنے اور فروخت کرنے کے معنی دیتا ہے۔ جیسے وشروہ بثمن بخس یعنی انہوں نے یوسف علیہ السلام کو کھوٹی قیمت میں بیچا۔ من یشری نفسہ اور باب افتعل میں آکر خریدنے کے معنی دیتا ہے بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہ اشترو' اشروا کے معنی میں ہے۔ یعنی وہ چیز بری ہے جس کے عوض انہوں نے اپنی جانوں کو خریدا۔ اب اس کا مطلب یہ ہو گا کہ ہر شخص کی جان گویا گرو (رہن) مال ہے اور اس پر اعمال کا قرض ضروری ہے کہ نیک اعمال کر کے اپنی جانوں کو گرو سے چھڑالیں۔ گویا خریدلیں۔ ان بیوقوفوں نے بجائے چھڑانے کے اس کو سخت قیدی بنادیا۔ رب فرماتا ہے کل نفس بما کسبت رھینۃ الا اصحاب الیمین ہر نفس اپنے اعمال میں گروی ہے سوا دہنی طرف والوں کے ان کی مثال اس بیوقوف غلام کی سی ہے جو کسی کے ہاتھوں کچھ مال میں گرو ہو۔ وہ بجائے اس کے کہ مال ادا کر کے اپنے کو چھڑالے اسی مال کا انکار کرتا پھرے کہ مجھ پر کچھ نہیں اور یہ مالک دعویٰ میں جھوٹا ہے۔ یہ غلام اپنی اس حرکت سے قید سے آزاد نہ ہو گا۔ بلکہ زیادہ گرفتار اور مستحق مار ہو گا۔ ایسے ہی یہ لوگ ہیں۔ انفسھم تفسیر روح البیان نے اس جگہ فرمایا کہ یہاں انفس سے مراد ایمان ہے چونکہ ایمان نفس میں رہتا ہے اس لئے محل بول کر حال مراد لیا اور آیت کے معنی یہ ہیں کہ جس کے عوض انہوں نے اپنا ایمان بیچ دیا وہ بہت بری چیز ہے اور دیگر مفسرین نے فرمایا کہ انفس سے جانیں ہی مراد ہیں اور اس کے معنی وہ کئے جو اوپر بیان ہو چکے یا یوں کہو کہ ہر انسان تاجر ہے زندگی دوکان سانسیں راس پونجی اعمال سودے جسے وہ سانسیں خرچ کر کے خریدتا ہے شریعت ترازو' اس کے احکام حرام' حلال' مکروہ' مستحب وغیرہ باٹ' ہم ہر وقت تجارت کر رہے ہیں کیونکہ ہر سانس میں کوئی عمل ضرور کرتے ہیں جو سانس نیک عمل میں گزرا وہ نفع کا سودا ہوا اور جو سانس برے عمل میں گزرا وہ نقصان کا سودا ہوا۔ خیال رہے کہ گنہگار مسلمان گھاٹے کا سوداگر ہے اور کافر دیوالیہ تاجر۔ یہاں ان کے دیوالیہ ہونے کا ذکر ہے کہ انہوں نے کفر کے عوض جان کو خریدا یا بیچا۔ ان یکفروا بما انزل اللہ یہ جملہ بئس کا مخصوص بالذم ہے جس سے ما کی مراد ظاہر ہو رہی ہے۔ یعنی وہ چیز بڑی بری ہے کہ کتاب اللہ کا انکار اور یہ انکار بھی نادانی سے نہیں بلکہ بغیا" حسد سے ہے۔ یہ یکفروا کا مفعول لہ ہے اس کے لفظی معنی بغاوت ہیں چونکہ اکثر بغاوت حسد سے ہوتی ہے اور حاسد آخر کار باغی بن جاتا ہے۔ اس لئے یہاں یہ معنی کئے گئے (تفسیر روح البیان) اور یہ حسد بھی کوئی دینی فریضہ نہ تھا بلکہ اس بات کا تھا کہ ان ینزل اللہ اللہ اتارتا ہے یہاں علیٰ پوشیدہ ہے کیونکہ حسد علے کو چاہتا ہے۔ من فضلہ اپنا فضل یہاں فضل سے مراد وحی ہے کیونکہ وحی اپنی محنت یا استحقاق وغیرہ سے نہیں صرف اللہ کے فضل و کرم سے ملتی ہے علی من یشاء من عبادہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے' واقعہ یہ ہے کہ یہود سمجھتے تھے کہ پہلے کی طرح نبی آخر الزماں بھی ہم بنی اسرائیل میں سے ہی ہوں گے۔ اب جب کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ درجہ عنایت ہوا۔ آپ بنی اسماعیل میں سے تھے۔ اس پر یہ اسرائیلی جل گئے کہ یہ عہدہ ہماری قوم کو کیوں نہ ملا' اور اس جلن کا یہ انجام ہوا کہ فباءو بغضب علی غضب خدا کا غضب پر غضب لے کر

marfat.com
Marfat.com

لوٹے گویا یہ لوگ بازار عمل میں خریداری کرنے لگے لیکن اپنی حماقت سے اصلی رقم بھی ہاتھ سے کھو آئے اور بجائے سامان کے غضب الٰہی لے کر آئے۔ خیال رہے کہ اس سے دو غضب مراد نہیں بلکہ قسم قسم کے بیشمار غضب۔ جیسے کہا جاتا ہے نور علی نور یا اردو میں بولتے ہیں کہ فلاں کے پاس مال پر مال آرہا ہے۔ یعنی بیشمار مال۔ بات یہ ہے کہ ان یہودیوں نے چار قسم کے کفر کئے۔ (1) اپنی کتاب کو بدل دیا اور کیوں صرف اسی حسد سے (2) قرآن کو پہچان کر انکار کیا (3) اللہ کے انتخاب سے ناراض ہوئے کہ فلاں کو نبی کیوں بنایا ہمیں کیوں نہ بنایا۔ (4) نااہل کو اہل اور اہل کو نااہل سمجھا۔ یعنی ہم خواہ کتنے ہی نالائق ہیں۔ مگر نبوت کے ٹھیکیدار اور بنی اسماعیل میں خواہ کتنے ہی علمی اور عملی کمالات ہوں مگر نبوت کے لائق نہیں کیونکہ وہ ہم سے نہیں اور ان میں سے ہر کفر صدہا غضبوں کا ذریعہ ہے۔ لہٰذا وہ بیشمار غضب لے کر لوٹے اب جب کہ وہ غضب الٰہی کی گٹھریاں اٹھائے ہوئے ہیں پھر کس منہ سے کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے پیارے ہیں اور ہمیں چند روز عذاب ہوگا۔ حق یہ ہے **وللکفرین عذاب مھین** عام کافروں کے لئے یا خاص ان کافروں کے لئے اہانت اور ذلت والا عذاب ہے۔ مہین ہون سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں ہلکا پن۔ آسان کام کو اسی لئے **ھین** کہتے ہیں کہ اس کا ذکر آسان ہے۔ ذلت اور رسوائی کو اسی لئے اہانت یا توہین کہتے ہیں کہ اس سے آدمی ہلکا ہو جاتا ہے۔ یعنی کافروں کو ذلیل اور ہلکا کرنے والا عذاب ہے۔

**خلاصہ تفسیر** : یہود نے قرآن اور صاحب قرآن کا انکار کیا کہ کیوں خدا تعالیٰ جس پر چاہے اپنے فضل سے وحی اتار دیتا ہے اور ہمارے خاندان کے لئے نبوت کو خاص کیوں نہیں فرمایا۔ ان بے وقوفوں نے وہ تجارت کی جس میں بجائے نفع کے غضب الٰہی کمایا یہ تاجر ہیں۔ ان کی جان اصل پونجی ہے اور ان کی بد عملیاں وہ مال کہ جو اپنی قیمتی عمریں خرچ کر کے حاصل کر رہے ہیں انہوں نے اپنی جانیں دے کر جو کچھ خریدا وہ یہ تھا کہ خدا کے پیغمبر کا ضد اور عناد سے انکار کیا۔ لہٰذا ان کا یہ سودا برا ہی برا ہے یا یوں سمجھو کہ ان کی جانیں رب تعالیٰ کے یہاں رہن اور قید تھیں اور ان سے کہا گیا تھا کہ تم نے ہماری نعمتوں کے عوض اپنی جانیں گروی کر دی ہیں۔ اب نیک اعمال کر کے چھڑا لینا۔ انہوں نے یہ تو نہ کیا بلکہ اس کے لئے اوندھی چال چلے کہ کفر پر کفر کئے۔ جس سے کہ یہ بجائے چھوٹنے کے اور زیادہ گرفتار اور مستحق غضب قہار ہو گئے اور اپنے اس معاملہ میں بڑے برے رہے یا یوں سمجھو کہ انہیں نبی آخر الزماں کے تشریف لانے سے پیشتر ایمان حاصل تھا۔ ان کو مانتے تھے لیکن ان کے تشریف لانے پر انہوں نے الٹا بیوپار کیا کہ کفر کے عوض ایمان فروخت کر ڈالا۔ لہٰذا اس بازار سے بجائے نفع کے غضب اور قہر کے پشتارے اپنی پیٹھ پر باندھے ہوئے واپس آئے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**: حسد ایسی بری بلا ہے جو خود حاسد کو کھاتی ہے۔ محسود کا کچھ نہیں بگاڑتی۔ اس سے حاسد کی تندرستی خراب ایمان برباد اور دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ کیونکہ محسود تو آرام سے سوتا ہے۔ مگر یہ بیچارا حسد کی آگ میں جل کر اپنا عیش و آرام کھوتا ہے اور خون کے آنسوؤں سے منہ دھوتا ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔

چوں کنی بر بے حسد مکر و حسد     زاں حسد دل را سیاہی ہا رسد

خاک شو مردان حق را زیر پا     خاک بر سر کن حسد را ہم چوما

یعنی حسد پر خاک ڈالو اور اللہ والوں کی پیروی کی خاک بن جاؤ۔ ورنہ خیال رکھو کہ حسد تمہارے قلب کو بہت سیاہ کر دے

marfat.com
Marfat.com

گی۔ حاسد کوئی ترقی نہیں کر سکتا کیونکہ اس کو جلن سے فرصت نہیں وہ ترقی کے ذریعے کب سوچے گا۔

مسئلہ : حسد اور غبطہ میں فرق ہے دوسرے کا زوال چاہنا حسد ہے اور دوسرے کی طرح اپنے لئے بھی کمال چاہنا غبطہ ہے۔ حسد بہر حال حرام ہے اور غبطہ دینی باتوں میں جائز دنیاوی باتوں میں حرام ہے۔ ہم کسی کو نیک کام کرتے ہوئے دیکھ کر خود نیک کام کرنے لگیں۔ یا اس کی تمنا کریں یہ عین ثواب ہے۔ صحابہ کرام نیکیوں میں ایک دوسرے پر بڑھنے کی کوشش کرتے تھے۔

دوسرا فائدہ: نبوت بلکہ ولایت محض اللہ کے فضل سے ملتی ہے نہ کہ اپنے کمال سے کیونکہ یہاں وحی کو فضل فرمایا گیا۔ آدم و عیسیٰ علیہم السلام پیدا ہوتے ہی نبی تھے۔ ہمارے نبی علیہ السلام پہلے سے نبی تھے۔ معلوم ہوا کہ نبوت کمال پر موقوف نہیں۔ تیسرا فائدہ: اللہ کا کرم کسی قوم کے ساتھ خاص نہیں۔ وہ فاعل مختار ہے جس کو چاہے اپنے فضل سے نوازے۔ اسی قوم پرستی سے یہودی تباہ ہوئے اور اسی خاندان پرستی نے بہت سے مسلمانوں کو برباد کر دیا۔ چوتھا فائدہ: رافضی بھی انہیں یہودیوں کی طرح ہیں کہ انہوں نے نبوت کو بنی اسرائیل سے خاص مانا اور انہوں نے خلافت کو بارہ اماموں میں منحصر کر دیا۔ پانچواں فائدہ: اہانت کا عذاب صرف کفار ہی کو ہو گا۔ گنہگار مسلمانوں کے لئے در حقیقت وہ عذاب پاک کرنے کا ذریعہ ہے جیسے کہ مہربان باپ اپنے بیٹے کو سزا دے یا اس کا ختنہ حجامت اور حمام کرائے اور یہ کیوں نہ ہو رب کا فیصلہ ہے وللہ العزۃ ولرسولہ وللمؤمنین گنہگار بھی مومن ہی ہے دوزخ میں جانا اس کے لئے عزت ہے کہ یہ پاکی کا ذریعہ ہے چھٹا فائدہ: حضور صلی اللہ علیہ اسلم کا انکار سارے نبیوں اور ساری کتابوں کا انکار ہے۔ دیکھو ان اسرائیلیوں نے حضور کا انکار کیا تو رب نے فرمایا ان یکفروا بما انزل اللہ۔ ما انزل میں سارے نبی ان کی کتابیں ان کے معجزات سب داخل ہیں اس کی وجہ ظاہر ہے کیونکہ ساری کتابوں سارے نبیوں نے حضور کی خبر دی۔ انہوں نے حضور کا انکار کیا تو یقیناً ان سب نبیوں کتابوں کو جھٹلایا۔

پہلا اعتراض : غضب ایک مغلوبی حالت کا نام ہے جو بری چیز دیکھ کر خون کے جوش کھا جانے سے پیدا ہوتی ہے۔ خدا کی ذات اس سے پاک ہونی چاہئے جواب: حق تعالیٰ کے لئے یہ معنی محال ہیں یہاں ارادہ عذاب مراد ہے۔ دوسرا اعتراض: نبوت کی خواہش عبادت ہے یہود نے یہی تو کیا تھا وہ عذاب کے مستحق کیوں ہو گئے؟ ہر شخص فضل الٰہی حاصل کرنا چاہتا ہے جواب: بیشک تمنا نبوت بہتر لیکن نبی سے حسد بدترین گناہ۔ مال سے محبت کرنا جائز مگر مالدار کی چوری یا اسے قتل کرنا حرام۔

تفسیر صوفیانہ : رب نے انسانوں کو تاجر فرمایا ہے۔ تاجروں کا قاعدہ ہے کہ خوردہ فروش تھوک فروشوں سے خریدتے ہیں۔ وہ بڑی منڈیوں سے اور منڈی والے بڑی ولایت سے مال منگواتے ہیں۔ بڑی ولایت والے خود بناتے ہیں۔ اچھے سودوں کی دکانیں علیحدہ ہوتی ہیں۔ بروں کی علیحدہ۔ شراب کی دکانیں اور ہیں تسبیح و مصلے کی دکانیں اور ہم لوگ خوردہ والے ہیں۔ اپنے مشائخ سے اچھے اعمال خریدتے ہیں برے یاروں سے برے عمل پھر مشائخ کا سلسلہ تجارت حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر پہنچتا ہے جو ان اعمال کا ٹکسال ہے اور برے اعمال کا سلسلہ ابلیس تک جہاں پر بد عملیاں بنتی ہیں نیز ہر دوکان کے سودے خریداروں سے معلوم ہوتے ہیں مریضوں کا ہجوم دواخانہ پر ہوتا ہے۔ طلباء کا مجمع اسٹیشنری کی دوکانوں پر حضور کی دوکان پر نمازیوں غازیوں صحابیوں دردمندوں کی بھیڑ ہے۔ ابلیس کی دوکان پر بد معاشوں کا ہجوم۔ اس آیت میں ارشاد ہوا کہ ان لوگوں نے شیطانی دکان سے کفر خریدا تجربہ سے ثابت ہے کہ کسی پر رحمت دوسرے کے واسطے زحمت بن جاتی ہے بارش بعض

marfat.com
Marfat.com

درختوں کے واسطے رحمت ہے اور بعض کے لئے زحمت نبوت اور ولایت کا بھی یہی حال ہے کہ یہ نبی اپنے امتیوں کے واسطے رحمت ہے اور حاسدین کے واسطے زحمت بلکہ حق یہ ہے کہ حسد بھی حاسد کے لئے زحمت اور محسود کے واسطے رحمت ہے کہ اس سے اس کے درجے بڑھتے ہیں۔ بغیر حاسد اور دشمنوں کے کوئی ترقی نہیں کر سکتا۔ رب تعالیٰ نے جمال کا جلال کے ساتھ اور نور کا ظلمت کے ساتھ اور رحمت کا زحمت کے ساتھ جوڑا بنایا ہے گلزار مصطفیٰ کے ساتھ ابوجہلی بھی ہے۔ حافظ شیرازی فرماتے ہیں۔

دریں چمن گل بے خار کس نہ چید آرے چراغ مصطفوی باشرار بولہبیت

مولانا روم کے استاد شیخ صلاح زرکوب فرماتے ہیں کہ مجھے رب نے آسمان گرانے کی قدرت دی ہے اگر میں چاہوں تو اللہ کے فضل سے سارے حاسدوں کو تباہ کردوں لیکن ہم فقراء کے لئے صبر بہتر ہے۔ (تفسیر روح البیان)

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ

اور جب کہا جائے واسطے ان کے ایمان لے آؤ ساتھ اس کے جو اتاری اللہ نے تو وہ کہتے ہیں کہ ایمان لاتے ہیں ہم

اور جب ان سے کہا جائے کہ اللہ کے اتارے پر ایمان لاؤ تو کہتے ہیں وہ جو ہم پر اترا اس پر ایمان لاتے ہیں

اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا

ساتھ اس کے جو اتاری گئی اوپر ہمارے اور انکار کرتے ہیں وہ ساتھ اسکے جو سوا اسکے ہے حالانکہ وہ حق ہے تصدیق کرنیوالا

اور باقی سے منکر ہوتے ہیں حالانکہ وہ حق ہے ان کے پاس والے کی

لِّمَا مَعَهُمْ ۗ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ

واسطے اس کے جو ساتھ ہے ان کے فرمادو تم پس کس واسطے قتل کرتے ہو تم پیغمبروں کو اللہ کے اس سے پہلے

تصدیق فرماتا ہوا تم فرمادو کہ پہلے اللہ کے نبیوں کو کیوں شہید کیا اس سے پہلے اگر تمہیں

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩١﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ

اگر تھے تم ایمان والے اور البتہ تحقیق لائے تمہارے پاس موسیٰ کھلی نشانیوں کو

پہلی کتاب پر ایمان تھا اور بے شک تمہارے پاس موسیٰ کھلی نشانیاں لے کر تشریف لائے

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿٩٢﴾

پھر بنا لیا تم نے بچھڑے کو پیچھے ان کے اور تم تھے ظالم

پھر تم نے اس کے بعد بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم ظالم تھے

marfat.com
Marfat.com

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: یہ بھی یہودیوں کے ان عیوب کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے جو ان کی مایوسی ایمان کا باعث ہے یعنی اے مسلمانوں تم ان کے ایمان کی کیسے امید کرتے ہو وہ پہلے ہی سے فیصلہ کر چکے ہیں اپنی ہی مانیں گے اور کی نہیں۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں بتایا گیا تھا کہ یہودی اپنے کو نبوت کا ٹھیکیدار سمجھ کر حضور کی نبوت کے صرف حسد سے منکر ہیں چونکہ حسد ایک اندرونی عیب ہے اس لئے اب اس کا ثبوت ان کے قول سے دیا جا رہا ہے تو گویا پچھلی آیت میں دعویٰ تھا اور اس میں اس کی دلیل۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں فرمایا گیا کہ یہودی غضب پر غضب لے کر لوٹے اب ان غضبوں کے اسباب بیان ہو رہے ہیں۔

تفسیر: **واذا قیل لھم** اس قول کے کہنے والے صحابہ کرام ہیں اور **ھم** کا مرجع مدینہ کے یہودی یعنی جب صحابہ کرام کی طرف سے یہود مدینہ سے یہ کہا جاتا ہے کہ **امنوا بما انزل اللہ** ایمان لے آؤ۔ ان تمام کتابوں پر جو اللہ نے اتاریں۔ اس جگہ **ما** عموم کے لئے ہے۔ کیونکہ بعض آسمانی کتابوں پر تو ان کا ایمان تھا اگر یہاں **ما** سے مطلق آسمانی کتابیں مراد ہوں تو یہ کلام بیکار ہوگا کیونکہ مطلق ایک فرد سے بھی پایا جاتا ہے نیز یہودیوں نے اس کے جواب میں توریت پر ایمان کا ذکر کیا تو اگر یہ **ما** عموم کے واسطے نہ ہوتا تو ان کا کلام اس کا رد نہ بنتا بلکہ اقرار۔ اس کلام کا مطلب یہ ہے کہ اے یہودیو تم میں اور خالق میں بندگی اور ربوبیت کا تعلق ہے اور بندہ پر واجب ہے کہ اپنے مالک کا ہر حکم مانے خواہ کسی ذریعے سے آئے اور کسی پر آئے چونکہ قرآن وغیرہ بھی اسی کی کتابیں ہیں۔ جس کا تم کو بھی یقین ہو چکا لہٰذا اسی قاعدہ سے سب پر ہی ایمان لے آؤ۔ تم نے توریت کو اس لئے نہ مانا تھا کہ یہ موسیٰ علیہ السلام پر آئی بلکہ اس لئے کہ وہ رب کی طرف سے آئی اور یہ بات تو تمامی کتابوں میں موجود ہے۔ تو سب کو ہی مان لو۔ ان بیوقوفوں نے اس مدلل فصیح و بلیغ کلام کے جواب میں **قالوا نؤمن** کہا کہ ہم تو ایمان لائے ہیں۔ صرف **بما انزل علینا** ان کتابوں پر جو ہم پر اتاری گئی یعنی جو ہماری جماعت کے انبیاء حضرت موسیٰ علیہ السلام وغیرہ پر کتابیں اور صحیفے اترے وہ تو ہم مانتے ہیں اور مانتے رہیں گے چونکہ نبی پر کتاب آنا گویا ساری امت پر آنا ہے۔ یا اپنے خاندانی بزرگوں کی چیز خود اپنی ہوتی ہے اس لئے انہوں نے **علینا** کہا حالانکہ توریت ان سب پر نہ اتری تھی۔ **ویکفرون بما وراء** یہ رب کا کلام ہے جو کہ یہودیوں کے کلام کی شرح کر رہا ہے۔ یہودیوں نے صرف یہ کہا تھا کہ ہم اپنی کتابوں پر ایمان لاتے ہیں اور دوسری کتابوں کے کفر کا ذکر نہ کیا تھا قرآن کریم نے فرمایا کہ ان کا مطلب یہ ہے کہ ان کتابوں کے سوا باقی کا انکار کرتے ہیں کیونکہ عام کے جواب میں خاص بولنے سے باقی کا انکار ہوتا ہے۔ جیسے کہ بادشاہ کہے کہ سب کو یہ چیز تقسیم کردو۔ دوسرا جواب دے کہ میں تو پٹھانوں کو دوں گا تو اس کا مطلب یہ ہی ہوگا کہ پٹھان کے سوا اوروں کو نہ دوں گا۔ **وھو الحق** یہ ان کی نہایت نفیس تردید ہے کہ وہ تو اس کا انکار کر رہے ہیں حالانکہ یہ حق ہے اور حق کا انکار باطل ہی ہوتا ہے لہٰذا وہ باطل پر ہیں۔ لطف یہ ہے کہ قرآن وغیرہ **مصدقا" لما معھم** ان کی کتاب کو سچا کرنے والا ہے کہ اگر یہ نہ آتا تو توریت غلط ثابت ہوتی کہ اس نے اس کے آنے کی خبر دی تھی لہٰذا توریت کا ماننا قرآن کے ماننے پر موقوف ہے اور اس کا انکار توریت شریف کا انکار ہے۔ یہاں تک تو نہایت لطیف طریقہ سے سمجھایا گیا کہ یہ لوگ توریت کے بھی منکر ہیں۔ اب نہایت واضح طور پر بات ثابت کی جا رہی ہے کہ قل اے نبی علیہ السلام ان کی سرزنش یا ان کے قول و فعل میں فرق دکھانے کے لئے ان سے یہ تو فرما دو کہ اگر تم واقعی توریت کے ماننے والے ہو تو

marfat.com
Marfat.com

فلم تقتلون انبیاء اللہ من قبل تم نے اس سے پہلے اللہ کے نبیوں کو قتل کیوں کیا۔ جیسے حضرت شعیا، زکریا، یحیٰ علیہم السلام توریت میں توانبیاء کی اطاعت کا حکم دیا گیا تھا نہ کہ ان کے قتل کا خیال رہے کہ تقتلون ماضی کی حکایت ہے۔ جو صیغہ حال سے کردی گئی اس کی حکمت انشاء اللہ اعتراض و جواب میں بتائی جائے گی ان کنتم مؤمنین اس شرط کی جزا محذوف ہے یعنی اگر تم توریت کے مومن تھے تو تم نے یہ حرکتیں کیوں کیں۔ اس الزام کے جواب میں شاید وہ کہہ دیتے کہ چونکہ موسیٰ علیہ السلام کا زمانہ گزر چکا تھا اور ہم ان کی تعلیم بھول چکے تھے اس لئے ایسی خطا ہوگئی۔ لہٰذا اب دوسرا واقعہ سنا کر بتایا جارہا ہے کہ تم نے خاص موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں کفر و عناد میں کون سی کمی کی۔ اس زمانہ میں تو تم نے اس سے بھی بڑھ چڑھ کر کفر کئے کہ ولقد جاء کم موسی بالبینت تمہارے پاس موسیٰ علیہ السلام ایک نہیں بلکہ بہت سے کھلے ہوئے معجزات لائے عصا تم نے دیکھا ید بیضا کی تم نے زیارت کی دریا چڑھتے۔ فرعون کو ڈوبتے اپنے کو اترتے تم نے دیکھا یہ سب کچھ دیکھنے کے باوجود ثم اتخذتم العجل پھر بھی تم نے اس بے عقل بچھڑے کو معبود بنایا جو تمہارے ہاتھوں ڈھلا اور بنا حالانکہ ابھی موسیٰ علیہ السلام نے وفات نہ پائی تھی۔ بلکہ من بعدہ صرف انہوں نے تم سے پیٹھ ہی پھیری تھی کہ توریت لینے طور پر گئے تھے اور تم نے یہ غضب ڈھایا۔ خیال رہے کہ یہاں ثم صرف رتبے کی تراخی کے لئے ہے نہ کہ تراخی زمانی کے لئے۔ کیونکہ ان کی گائے پرستی اس وقت ہوئی نہ کہ کچھ دنوں بعد اور پھر اس کی یہ وجہ نہ تھی کہ شریعت موسوی منسوخ ہوچکی تھی یا موسیٰ علیہ السلام وفات پا گئے تھے بلکہ صرف اس لئے کہ وانتم ظلمون تم جنم کے عادی ظالم ہو کہ تمہاری خمیر اور تخم میں ظلم اور کفر ہے۔

خلاصہ تفسیر : مسلمانوں کی طرف سے یہود مدینہ سے نہایت مدلل طریقے سے کہا گیا کہ ان کو نہایت نفیس طریقے سے دعوت ایمان دی گئی کہ اے یہودیو! جس طرح تم نے توریت کو مانا ہے۔ اسی طرح انجیل و قرآن کو بھی مانو کیونکہ وجہ ایمان ان سب میں ایک ہی ہے انہوں نے بیباکی سے کہا کہ ہم تو اس کو مانیں گے جو ہم بنی اسرائیل پر اتری رب تعالیٰ نے ان کے کلام کی شرح فرمائی کہ اے مسلمانو ان کا مطلب یہ ہے کہ اس کے ماسوا کسی کتاب کو نہ مانیں گے۔ پھر ان کی چار طریقہ سے تردید فرمائی گئی۔ اولاً یہ کہ قرآن حق ہے جس کا یہ بھی اقرار کرتے ہیں لہٰذا ان کا انکار باطل۔ دوسرے یہ کہ قرآن توریت کو سچا کرنے والا ہے۔ کیونکہ توریت میں اس کے آنے کی خبر تھی لہٰذا اس کا انکار توریت ہی کا انکار ہے۔ تیسرے یہ کہ تمہارے گذشتہ اعمال تمہارے دعوے کو توڑتے ہیں کہ توریت میں انبیاء کرام کی اطاعت کا حکم تھا تم نے انہیں قتل کیا اب بتاؤ تمہارا ایمان کیا رہا۔ نیز تم نے صاحب توریت علیہ السلام کی موجودگی میں ان کے غائب ہوتے ہی بدتر شرک کرڈالا معلوم ہوا کہ تم ہمیشہ سے ہی ظالم ہو یہ انکار بھی اسی وجہ سے ہے ان آیات کے مضمون سے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت کا پتہ لگا کہ یہود نے موسیٰ علیہ السلام کی حیات شریف میں ہی دین بدلنے کی کوشش کی کہ شرک میں مبتلا ہوگئے مگر اصحاب رسول اللہ نے حضور کے بعد وفات دین کو وہ رونق دی کہ سبحان اللہ بکھرے قرآن کو جمع کیا احادیث کو لوگوں تک پہنچایا مسیلمہ کذاب اور مانعین زکوۃ کا فتنہ ختم کیا۔ تمام عالم میں اسلام پھیلایا غرضیکہ بنی اسرائیل یہودیت مٹانے والے تھے اور حضور کے اصحاب دین پھیلانے والے جیسے حضور تمام نبیوں کے سردار ہیں ویسے ہی حضور کے صحابہ تمام اصحاب انبیاء کرام کے سردار رضی اللہ عنہم۔

دوسری تفسیر : جب یہود سے کہا جاتا کہ تم ساری کتابوں پر ایمان لاؤ تو وہ کہتے کہ چونکہ ہم توریت کے ماننے والے ہیں اس

marfat.com
Marfat.com

لئے قرآن کے صرف اس حصہ کو مانیں گے جو اس کے موافق ہے یعنی اس کے خلاف مضمون کو ہرگز نہ مانیں گے۔ اس کی تردید میں ارشاد ہوا کہ یہ مضمون بھی حق ہے اور اس نسخ میں بھی توریت کی تصدیق ہے کہ توریت نے اس نسخ کی خبر دی تھی اور اگر تم توریت کی حمایت میں اس کے ناسخ قرآن کو نہیں مانتے اور نبی آخر الزمان میں یہ عیب نکالتے ہو کہ یہ توریت کے منسوخ کرنے والے ہیں اس لئے ہم ان کو نہیں مانتے تو بتاؤ کہ ان سے پہلے جو پیغمبر توریت کی اشاعت و حمایت کرنے کے لئے آئے انہیں تم نے کیوں قتل کیا وہ تو ناسخ نہ تھے بلکہ حامی تھے۔ نیز موسیٰ علیہ السلام تو خود توریت لانے والے ہیں۔ تم نے ان کی موجودگی میں بت پرستی کیوں کی یہ تمہارے صرف بہانے ہیں انکار کی وجہ صرف یہ ہے کہ تم جدی اور موروثی ظالم ہو۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: کفار سے مناظرہ کرنا سنت قرآنی ہے۔ دوسرا فائدہ: بے دینوں سے دین میں جھگڑا کرنا اور مناظرہ میں نقض وارد کرنا' مقابل کو الزامی جواب دینا طریقہ انبیاء ہے۔ تیسرا فائدہ: بعض انبیاء پر ایمان اور بعض کا انکار بالکل غلط بلکہ محال ہے۔ کیونکہ ہر نبی سب کی تصدیق فرماتے ہیں۔ ایک کا بھی انکار اس تصدیق کا انکار ہے۔ مثلاً" موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم سچے اور ان کا قرآن حق ہے اب جو قرآن کا انکار کرتا ہے وہ موسیٰ علیہ السلام کے اس فرمان کا منکر ہے۔

مسئلہ : یہی حال صحابہ کرام اور اہل بیت کا ہے کہ ان میں سے ایک کا انکار دوسرے کا انکار ہے۔ مثلاً" صدیق اکبر کا اگر انکار کر دیا جائے تو قرآن شریف غلط ٹھہرا کیونکہ اس کے جمع کرنے والے وہی ہیں اور پھر اہل بیت کے فضائل کی حدیثیں بھی غلط ہوئیں کیونکہ یا تو وہ صدیق اکبر سے مروی ہیں یا ان کے معتقدین سے جب دونوں راستے بند ہو گئے تو اہل بیت کے ماننے کا اور پہچاننے کا کون سا ذریعہ رہا۔ نیز سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے اپنی تقریر اور تحریر میں ان کے فضائل بیان کئے دیکھو نہج البلاغہ (خطبات علی المرتضیٰ) لہذا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انکار سیدنا علی المرتضیٰ کے ان فرمانوں کا انکار ہے۔

سارے اصحاب نبی کا ہے جو دل سے معتقد ۔۔۔ ماننے والا وہ ہی ہے حیدر کرار کا

اسی لئے رافضیوں نے مولا علی میں تقیہ (منافقت) مانا کو جو کچھ انہوں نے ابوبکر و عمر کے فضائل فرمائے یا ان کی خلافت کا اقرار کیا ان سے بیعت کی یہ دل سے نہیں محض منافقانہ چال تھی۔ معاذ اللہ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے میدان کربلا میں سخت تکلیف کے باوجود تقیہ نہ کیا اب جو رافضی حضرات خلفاء ثلثہ میں عیب لگائے اس سے پوچھو کہ ان عیوب کی حضرت علی مرتضیٰ کو خبر نہ تھی تمہیں چودہ سو برس کے بعد خبر لگی۔ اگر تھی تو انہوں نے دست بیعت دراز کر کے ان حضرات کی خلافت کو کیوں تسلیم کر لیا اور ان کے نذرانہ وغیرہ کیوں قبول فرمائے۔ خیال رہے کہ بنی اسرائیل نفسانی طور پر یا اپنا دین مٹانے کے لئے آپس میں لڑے بھڑے مگر حضور کے اصحاب دین کی خاطر لڑے۔ دین مٹانے کو آپس میں نہیں لڑے ان کی آپس کی جنگیں کفرو اسلام یا عداوت یا نفسانیت کے لئے نہ تھیں بلکہ ان میں سے ہر ایک کا دوسرے کے متعلق یہ خیال تھا کہ وہ دینی غلطی کر رہا ہے اس لئے لڑے اس لئے رب نے قرآن کریم میں کہیں ان کی برائی نہ کی تعریف ہی کی۔ چوتھا فائدہ: انبیاء کرام کی مخالفت' انہیں قتل کرنا یا ایذا پہنچانا کفر ہے دیکھو بنی اسرائیل نے دعویٰ کیا تھا قرآن کریم نے ان کا یہ جرم (قتل انبیاء) دکھا کر انہیں جھٹلایا اور ان کا کفر ثابت کیا۔ پانچواں فائدہ: کفر سے راضی ہونا بھی کفر ہے۔ دیکھو موجودہ بنی اسرائیل نے انبیاء کرام کو قتل نہ کیا

marfat.com
Marfat.com

تھا۔ محض اس سے راضی تھے قرآن کریم نے ان سے فرمایا تقتلون تم قتل کرتے ہو۔

**مسئلہ** : دیوبندیوں کے چند سردار حضور علیہ السلام کی توہین کر کے کافر ہوئے۔ اب جو بھی ان نورتنوں کی حمایت کرے وہ اسی قاعدے سے ان جیسا کافر ہے۔ **چھٹا فائدہ**: ایمانیات میں اپنی طرف سے قید لگانا خدا کا انکار اور اپنے خدا ہونے کا اقرار ہے اس کا ایمان رب پر نہیں اپنے پر ہے کہ رب کی بات صحیح نہیں۔ میری بات صحیح ہے یہودیوں کو حکم تھا کہ جو اللہ نے اتارا اس پر ایمان لاؤ۔ انہوں نے کہا نہیں بلکہ جو کچھ اللہ نے ہم پر اتارا۔ اس پر ایمان لائیں گے۔ انہوں نے (ہم پر) یہ قید اپنی طرف سے لگائی۔ جس سے وہ رب کے منکر ہو کر کافر ہے۔

**مسئلہ** : روافض حضور علیہ السلام یا اہل بیت کو نہیں مانتے بلکہ صرف اپنے اس فہرست بنانے والے کو مانتے ہیں جس نے انہیں بارہ اماموں کی فہرست بنا کر دے دی کہ ان کے علاوہ گالیاں دینا ورنہ کیا وجہ ہے کہ پیغمبر علیہ السلام کی بیٹی حضرت فاطمہ کو مانیں۔ باقی بیٹیوں رقیہ، کلثوم اور زینب کو گالیاں دیں پھر حضور کے ایک داماد حضرت علی کو مانیں اور دو دامادوں حضرت عثمان اور ابو العاص کو گالیاں دیں۔ پھر حضرت فاطمہ کے دو بیٹوں یعنی امام حسن و حسین کو تو مانیں اور باقی بیٹوں یعنی محمد ابن حنیفہ اور ابو بکر و عمر (سیدنا علی کے بیٹے) کو گالیاں دیں۔ پھر حضرت فاطمہ کے دو بیٹوں یعنی امام حسن و حسین کو تو مانیں اور ان کی بیٹی ام کلثوم کو گالیاں دیں۔ اس لئے کہ وہ حضرت عمر کے نکاح میں تھیں۔ اگر نبی یا اہل بیت پر ایمان ہوتا تو ان کی اولاد تو کیا ان کے غلاموں بلکہ گلی کے کتوں سے بھی محبت ہوتی۔

**پہلا اعتراض** : تقتلون سے زمانہ حال معلوم ہوتا ہے اور من قبل سے ماضی یہاں چاہئے تھا۔ قتلتم کیونکہ یہ واقعہ پہلے ہو چکا تھا۔ **جواب**: لازمی صفت صیغہ حال سے بیان کر دی جاتی ہے۔ (تفسیر کبیر) نیز یہاں تقتلون سے مراد ترضون ہے یعنی تم اپنے بڑوں کے قتل سے راضی ہوتے ہو۔ چونکہ رضائے جرم اور جرم ایک ہی حکم میں ہیں۔ اس لئے رضا کو قتل فرمادیا گیا۔ **دوسرا اعتراض**: بچھڑے کی پوجا توریت ملنے سے پہلے ہوئی تھی پھر اس کو توریت کی انکار کی دلیل کیوں بنایا گیا۔ **جواب** : چونکہ یہ توحید کی ہی مخالفت ہے نیز پیغمبر اور کتاب کی مخالفت یکساں ہے۔

**تفسیر صوفیانہ** : صورت سے سیرت قالب سے قلب قال سے حال اور اعمال سے کمال کا پتہ چلتا ہے جن کا قلب درست ہو گا۔ انشاء اللہ اس کی ساری چیزیں درست ہوں گی۔ جس شخص کے اعمال اس کے دعویٰ کے مطابق نہ ہوں۔ وہ دعویٰ میں جھوٹا ہے اس آیت کریمہ میں یہودیوں کے قول و فعل سے ان کی بے ایمانی کا ثبوت دیا گیا۔ نیز جو شخص کہ بارگاہ مصطفیٰ علیہ السلام کا نکالا ہوا ہو کہیں سرخرو نہیں ہو سکتا جیسا کہ ان یہودیوں کا حال ہوا۔ اسی طرح جو شخص کسی ولی اللہ کے عتاب میں آ جائے وہ ہر جگہ سے دھتکارا ہی جائے گا۔ بعض بیوقوف مرید یہ سمجھتے ہیں کہ اپنے سلسلہ کے مشائخ کو مانیں باقی سے کوئی تعلق نہ رکھو۔ وہ بے عقل مشرب تصوف میں ان یہودیوں کی طرح ہیں۔ جنہوں نے کہا تھا کہ ہم اپنے پر اتری ہوئی کتاب کے مومن ہیں۔ وہ تو ایمان سے محروم رہے اور جھوٹا مرید عرفان سے محروم ہے۔ معرفت حاصل کرنے کے لئے ہر ولی کے زیر سایہ رہنا ضروری ہے ہاں یہ بات ضرور ہے جہاں سے فیض ملے تو یوں سمجھے کہ میرے مرشد کا فیض ہے۔ جو اس دروازہ سے مل رہا ہے۔

marfat.com

Marfat.com

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ خُذُوْا مَآ

اور جب کرلیا ہم نے عہد تمہارا اور اٹھایا ہم نے اوپر تمہارے طور کو تو تم وہ جو

اور یاد کرو جب ہم نے تم سے پیمان لیا اور طور کو تمہارے سروں پر بلند کیا لو جو

اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ق

دیا ہم نے تم کو ساتھ طاقت کے اور سنو تم کہا انہوں نے سنا ہم نے اور نافرمانی کی ہم نے

ہم تمہیں دیتے ہیں زور سے اور سنو تم بولے ہم نے سنا اور نہ مانا

وَاُشْرِبُوْا فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ

اور پلا دیئے گئے وہ بیچ دلوں اپنے کے بچھڑا بوجہ کفر کے ان کے تم فرما دو بری ہے

اور ان کے دلوں میں بچھڑا رچ رہا ہے ان کے کفر کے سبب تم فرما دو کیا برا حکم

بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۹۳

وہ چیز کہ حکم کرتا ہے تم کو ساتھ اس کے ایمان تمہارا اگر ہو تم ایمان والے

ہے دیتا ہے تم کو تمہارا ایمان اگر ایمان رکھتے ہو۔

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے کئی طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیت میں بنی اسرائیل کی بدعملیوں سے ثابت کیا گیا تھا کہ وہ توریت کے منکر ہیں۔ اب اس سے ترقی کر کے خود توریت قبول کرتے وقت کی حالت سے ان کی بے ایمانی ثابت کی جارہی ہے کہ تم لوگ توریت لیتے ہی کہاں تھے خوف کی وجہ سے چاروناچار صرف زبانی قبول کرلی تھی۔ دوسرا تعلق: اس سے پہلے یہودیوں کے اس دعوے کی تردید میں کہ ہم اپنے دین پر مضبوطی سے قائم ہیں اور ہمارے دلوں پر پردے پڑے ہوئے ہیں رب تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ ان پر لعنت کے پردے ہیں۔ اس دعوے کے ترتیب وار تین ثبوت دیئے جو کہ ایک دوسرے سے اعلیٰ ہیں ایک یہ کہ تم نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے ان کی دعائیں مانگتے تھے اور ان سے وسیلہ کرتے تھے اور جب وہ بنی اسمٰعیل میں سے تشریف لائے تو تم حسد سے ان کے منکر ہوگئے۔ یہ تعصب ہے دوسرے یہ کہ تمہارا یہ خیال ہے کہ توریت کے سوا کسی اور سچی بات کو بھی نہ مانیں گے۔ یہ بھی تعصب ہے اس وجہ سے تم نے توریت کے حامی نبیوں کو بھی قتل کر ڈالا۔ اب اس آیت میں تیسرا ثبوت دیا جارہا ہے کہ تم نے موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں بھی اس توریت کو صحیح معنی میں نہ اختیار کیا اور یہی طریقہ مناظرہ کا ہے کہ دعویٰ کے چند ثبوت دیئے جائیں کہ ہر اگلا ثبوت پچھلے سے اعلیٰ ہو۔ تیسرا تعلق: اس سے پہلے فرمایا گیا تھا کہ تم اس قرآن کا انکار کر رہے ہو جو توریت کو سچا کرنے والا ہے اس سے توریت کا انکار لازم آئے گا۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ تم توریت کے صراحۃً منکر ہو یعنی پہلے توریت کے انکار کا الزامی ثبوت دیا گیا تھا اور اب صریحی۔ چوتھا تعلق: پچھلی آیات میں بتایا گیا تھا کہ تم اپنے انبیاء بلکہ خود موسیٰ علیہ السلام کے بھی متبع نہیں کہ تم نے ہمیشہ ان

marfat.com
Marfat.com

کی مخالفت کی اب بتایا جارہا ہے کہ تم توریت کے بھی معتقد نہیں کہ تم نے اسے نہ دل سے مانا تھا نہ اب' چونکہ نبی کا ماننا کتاب کے ماننے پر مقدم ہے اور نبی کا انکار کتاب کا انکار ہے۔ اس لئے پہلے نبی کے انکار کا ذکر کیا پھر کتاب کے انکار کا۔

**تفسیر :** **واذا اخذنا میثاقکم** یہاں بھی وہی **اذکروا** فعل محذوف ہے۔ یعنی اے اسرائیلیو تم اس واقعہ کو بھی یاد کرو جب کہ ہم نے تم سے توریت پر عمل کرنے کا عہد لیا تھا اور تم نے اس سے صاف انکار کر دیا تھا کہ ہم سے ان بھاری احکام پر عمل نہ ہو سکے گا۔ اس لئے **ورفعنا فوقکم الطور** ہم نے تم پر شامیانے کی طرح طور پہاڑ کھڑا کر دیا اگر تم بلا حیل و حجت پہلے ہی سے مان لیتے تو تم پر طور کیوں آتا۔ اس کا آنا ہی تمہارے انکار کی کھلی دلیل ہے اور طور اٹھا کر ہم نے کہا۔ **خذوا ما اتینکم بقوۃ** جو کچھ ہم نے تم کو دیا پورے زور سے لے لو۔ یعنی اس سخت احکام پر عمل کرو اور تکلیفیں برداشت کرو۔ **واسمعوا** اور تم ساری توریت پوری توجہ سے سنو تاکہ کوئی حکم ملنے سے نہ رہ جائے۔ خیال رہے کہ یا توریت کے لینے سے اس پر عمل کرنا مراد ہے اور سننے سے قبول کرنا اور چونکہ عمل مقصود ہے اور قبول اس کی شرط اس لئے سننے کا ذکر لینے کے بعد کیا گیا یا لینے سے اس کا ماننا مراد ہے اور سننے سے اطاعت کرنا اور ماننا اطاعت سے پہلے ہے۔ لہٰذا پہلے لینے کا ذکر کیا گیا اور بعد میں سننے کا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ لینے سے مراد ہو اس پر قبضہ کرنا اور پکڑنا اور سننے سے مراد ہو۔ عمل کے لئے پڑھوا کر سننا جیسا کہ کوئی کتاب پہلے حاصل کرتے ہیں پھر پڑھوا کر سنتے ہیں یا لینے سے مراد ہو توریت میں عمل کرنا اور سننے سے موسیٰ علیہ السلام کے دوسرے فرمانوں کا ماننا چاہئے تو یہ تھا کہ اس خوف کی حالت میں دل سے اطاعت کرتے مگر **قالوا** انہوں نے صرف منہ سے کہہ دیا **سمعنا** ہم نے سن تو لیا یہاں **قالوا** اور **سمعنا** فرمانے میں اس طرف باریک اشارہ ہے کہ ان کی یہ ساری باتیں فقط ظاہری تھیں۔ پہاڑ کے خوف سے کہہ رہے تھے کہ خیر مرتا کیا نہ کرتا سن لیا ہم نے مگر دل میں یہ تھا کہ **عصینا** جب چھوٹیں گے تب لوٹیں گے۔ جب اس خوف سے امن ملے گا تو موسیٰ کریں گے تیری نافرمانی ہی معلوم ہوا کہ ان کے دل نہایت سخت تھے کہ ایسی خطرناک حالت میں بھی نرم نہ ہوئے۔ اس لئے کہ **فاشربوا** وہ پلا دیئے گئے تھے یا تو پلانے کے ظاہری معنی مراد ہیں یعنی جیسے کہ شراب معدہ میں پہنچ کر مست اور مخمور کر دیتی ہے ایسے ہی بچھڑے کی محبت کی شراب نے انہیں مخمور بنا دیا تھا۔ جس سے کہ وہ برے بھلے میں تمیز نہ کر سکے یا اس سے خلط کرنا مراد ہے جیسے کہ کپڑے کو رنگ میں غوطہ دے دیتے ہیں جس سے اس کا تار تار رنگین ہو جاتا ہے اور رنگت اس کے رونگٹے رونگٹے میں سرایت کر جاتی ہے ایسے ہی ان کے دلوں کو بچھڑے کی محبت' بچھڑے کے رنگ میں ڈبو دیا گیا۔ جس سے کہ ان کے دل رنگ گئے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ **اشربوا** سے رنگوں کی آپس کی آمیزش مراد ہو جیسے کہ عرب کہتے ہیں۔ **ثوب مشرب بحمرۃ** کپڑا مائل بہ سرخی ہے یعنی ان کے دلوں میں بچھڑے کی محبت کی جھلک تھی۔ غرض کہ اس کے تین معنی ہیں اور ہر معنی میں نیا لطف **فی قلوبھم** یا **اشربوا** کا ظرف ہے یعنی اور شرابیں تو معدہ میں پہنچ کر دل و دماغ کو خراب کرتی ہیں اور یہ شراب خاص ان کے دل میں پہنچی جیسے کہ جب زمین پانی پیتی ہے تو اس سے قسم قسم کی سبزیاں پیدا ہوتی ہیں اسی طرح بچھڑے کی محبت کی شراب سے قسم قسم کی خراب حرکتیں ان سے ظاہر ہوئیں **العجل** یہاں حب محذوف ہے۔ یعنی گائے کی محبت سبحان اللہ کیا لطیف عبارت ہے بچھڑے کی محبت کو شراب قرار دیا اور یہودیوں کے دل کو اس کا جائے قیام اور ان کی ذات کو مظہر آثار یعنی یہ شراب ان کے دلوں میں پہنچی جس سے وہ سرتاپا مخمور ہو گئے۔ یا بچھڑے کی محبت کو گہرا رنگ قرار

marfat.com
Marfat.com

دیا اور یہودیوں کے دلوں کو اس کا ظرف اور ان کی ذات کو اس کا مظہر یعنی بچھڑے کی محبت کے گہرے رنگ نے ان کے دلوں میں ایسا اثر کیا کہ وہ سر تا پا اس میں رنگ گئے اب جو کچھ ان کی حرکتیں تھیں یہ اس رنگ یا خمار کا اثر تھا۔ اصل عبارت یوں تھی **واشرب العجل فی قلوبھم** مگر اس طرح بیان کرنے میں عجیب ہی نکات پیدا ہو گئے۔ یہ رنگ کیوں چڑھا **بکفرھم** ان کے پچھلے کفر کی وجہ سے یعنی ان کے دلوں پر اللہ کا رنگ نہ تھا۔ محبت نبی سے اگرچہ بہت حد تک صفائی ہو ہی گئی تھی لیکن پھر بھی کفر کی ایک تہہ باقی تھی وہ تھا کفر کی طرف میلان اسی لئے انہوں نے دریا سے نکلتے ہی موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا تھا کہ ہمارے لئے بھی ایک جسم والا خدا بنادو۔ اس میلان کفر کا نتیجہ یہ ہوا کہ موقعہ پاتے ہیں وہ بچھڑے کے پجاری بن گئے جیسے کہ بیمار میں کمزوری باقی ہو اور معمولی سردی گرمی پا کر پھر بیمار ہو جائے۔ تفسیر روح البیان نے یہ بھی فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام نے اس بچھڑے کی راکھ نہر میں پھنکوادی اور ان لوگوں نے جوش محبت میں وہ پانی پی لیا۔ جس کے اثر سے ان کے دل میں محبت باقی رہ گئی۔ اس صورت میں پلانے کے معنی بالکل ظاہر ہیں۔ **قل** اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم موجودہ یہودیوں کو یہ قصہ سنا کر ان سے یہ فرمادو۔ **بئسما یامرکم بہ ایمانکم** تمہارے دعویٰ کا ایمان تم سے بڑے بڑے کام کرالیتا ہے۔ کہنا تو یہ تھا کہ تمہارا ایمان بڑا برا ہے مگر فرمایا یہ کہ تمہارے ایمان نے جو تم سے بڑے بڑے کام کرالیتا ہے کہنا تو یہ تھا کہ تمہارا ایمان بڑا برا ہے مگر فرمایا یہ کہ تمہارے ایمان نے جو تم سے کام کرائے وہ بڑے برے ہیں تاکہ ان کے اعمال اور عقائد دونوں کی برائی بطور کنایہ بیان ہو جائے کہ بے ایمانو کیا ایماندار کا ایمان اس سے ناشائستہ حرکتیں کراتا ہے رب نے ان کی بے ایمانی کو ایمان فرمایا ان کو ذلیل کرنے کے لئے جیسے کہ تھانیدار کسی چور سے کہے تو بڑا شریف ہے۔ تیری شرافت تجھ سے چوریاں کراتی ہے۔ **ان کنتم مؤمنین** اس شرط کی جزا محذوف ہے یعنی اگر تم توریت کے ماننے والے تھے تو تم سے یہ حرکتیں کیوں صادر ہوئیں معلوم ہوا کہ تم پہلے ہی سے توریت کے منکر ہو اب اپنے اس نئے کفر کے لئے توریت کو آڑ بنا رہے ہو۔

**خلاصہ تفسیر:** پہلے یہود کی بے دینی کے چند عملی ثبوت دیئے گئے۔ اب توریت کے قبول کرنے کا قصہ سنایا جا رہا ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ لوگ توریت کے اول ہی سے منکر تھے فرمایا جا رہا ہے کہ اے یہودیو تم توریت کے ملنے کا وقت تو یاد کرو کہ جب تم نے توریت کے ملتے ہی انکار کر دیا اور اس کے منوانے کے لئے طور پہاڑ اکھیڑ کر تمہارے سروں پر شامیانے کی طرح کھڑا کر دیا گیا اور اس حالت میں تم سے کہا گیا کہ قبول کرو۔ اور سنو ورنہ پہاڑ گرتا ہے۔ تم نے یہ خطرہ دیکھ کر منہ سے تو کہہ دیا کہ سن لیا مگر دل تمہارے اس وقت یہی کہتے رہے کہ نافرمانی کریں گے چونکہ شریعت کا حکم ظاہر پر ہے اس لئے تمہارے اس کہہ دینے سے ہی پہاڑ ہٹا دیا گیا اور یہ کیوں نہ ہوتا تمہارے دل تو پہلے ہی سے بچھڑے کی محبت میں رنگے ہوئے تھے اور اس شراب سے مست و سرشار تھے یہ سب حرکتیں اس نشہ کی تھیں۔ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان سے فرمادو کہ اگر اسی کا نام ایمان ہے جو تم سے ایسی بری حرکتیں کرالیتا ہے تو اس ایمان کو دور سے سلام اگر تم مومن تھے تو تم سے یہ حرکتیں کیوں صادر ہوئیں اور جب تم نے توریت کو ہی اس مصیبت سے صرف زبانی مانا نہ کہ دل سے تو اگر آج قرآن کا انکار کرو تو کیا بعید ہے تمہارا یہ کفر و انکار توریت ماننے کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ اصل وجہ وہی ہے کہ تمہارے دلوں میں کفر کی محبت اب بھی موجود ہے اور اس محبت نے اس لئے زیادہ اثر کیا کہ پچھلے کفر کی وجہ سے تمہارے قلب کی زمین پہلے ہی ہموار ہو چکی تھی۔

marfat.com
Marfat.com

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: ڈر سے ایمان نہیں ملتا بلکہ فیضان الٰہی سے یہ یہودی اتنا بڑا خوف دیکھ کر بھی صحیح مومن نہ ہوئے۔ دوسرا فائدہ: شریعت کے احکام ظاہر پر ہیں نہ کہ فقط دل پر اسی لئے اسرائیلیوں نے جب منہ سے سمعنا کہہ دیا تو ان سے پہاڑ ہٹالیا گیا۔ تیسرا فائدہ: دینوی ڈر اور خوف کا ایمان اللہ کے نزدیک معتبر نہیں اور اخروی ڈر اور خوف کا ایمان معتبر ہے۔ جو دوزخ کے ڈر یا جنت کے لالچ سے ایمان قبول کرے۔ عند اللہ معتبر اور جو دینوی خوف سے ایمان لائے وہ غیر معتبر۔ چوتھا فائدہ: کفر کی طرف میلان کفر تک پہنچا دیتا ہے۔ جیسے کہ ان یہودیوں کا حال ہوا۔ پانچواں فائدہ: ان واقعات کو سن کر اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اطاعت معلوم ہوتی ہے کہ ان حضرات نے اسلام کے احکام بخوشی قبول کئے اور اسلام کی وجہ سے مصیبتیں، ترک وطن و اولاد و جان کی قربانی خندہ پیشانی سے قبول کی۔ اولاً یہ حال تھا کہ مسلمان ہونا اپنے کو مصیبتوں اور ہلاکتوں میں ڈالنا ہوتا تھا ان بزرگوں نے سب کچھ قبول کیا مگر حضور کا ساتھ نہ چھوڑا چھٹا فائدہ: اب بھی جو مسلمان قرآن کریم کو صرف کچہریوں میں اس کی جھوٹی قسمیں کھانے اور میت کے لئے ختم پڑھنے پر استعمال کرتے ہیں باقی عمل امریکہ ویورپ کے قوانین پر کرتے ہیں وہ بھی اسی سمعنا و عصینا پر عامل ہیں۔

پہلا اعتراض : اس آیت سے معلوم ہوا کہ بنی اسرائیل سے جبراً توریت منوائی گئی حالانکہ دوسری جگہ فرمایا جا رہا ہے **لا اکراہ فی الدین** دین میں جبر نہیں۔ جواب: اس کا پہلے جواب دیا جا چکا ہے کہ وہ لوگ ایمان تو پہلے لا چکے تھے اب توریت کو دیکھ کر مرتد ہو رہے ہیں اور ارتداد سے جبراً روکنا جائز ہے۔ یا اب وہ عمل سے انکار کر رہے تھے ان سے جبراً عمل کرایا گیا اس میں کوئی مضائقہ نہیں جیسے کہ کسی مسلمان کو جبراً نماز پڑھائیں یا اسے گناہ سے روکیں۔ دوسرا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ بنی اسرائیل نے اس مصیبت میں دونوں باتیں کہیں۔ سمعنا بھی اور عصینا بھی کیونکہ یہ دونوں **قالوا** کے مفعول ہیں اور یہ عقل میں نہیں آتا کہ ایسی مصیبت میں بھی وہ یہ کہنے کی ہمت کرتے اور اگر انہوں نے کہا بھی تو چاہئے تھا کہ پہاڑ گر جاتا کیونکہ انہوں نے ایمان قبول کیا ہی نہیں۔ جواب: اس کے چند جواب ہیں۔ ایک یہ کہ یہاں **قالوا** مطلق ہے یعنی انہوں نے منہ سے کہا سمعنا اور دل سے کہا عصینا۔ جیسے کہ منافقین یہود حضور علیہ السلام سے عرض کرتے تھے **واسمع غیر مسمع** یعنی آپ سنئے اور خدا کرے سننے کے قابل نہ رہیں یہ لوگ **واسمع** زبان سے کہتے تھے اور غیر مسمع دل سے اور یہ کوئی عجیب بات نہیں ہے۔ اب بھی بعض سرکش ڈاکو پٹتے ہیں۔ حاکموں کو گالیاں دیتے چلے جاتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ یہاں ترتیب میں فرق ہے۔ یعنی جب ان پر پہاڑ آیا تو سمجھے یونہی ڈرانے کے لئے آیا ہے تو کہتے رہے **عصینا عصینا** مگر جب دیکھا کہ پہاڑ تو اور بھی نیچے آ رہا ہے اور قریب ہے کہ گر جائے تو سمجھے کہ یہ نخرے کرنے کا وقت نہیں ہے تب کہا سمعنا۔ اس کی تفصیل دوسری آیت میں کر دی گئی ہے۔ کہ **وظنوا انہ واقع بھم** تیسرے یہ کہ اسی وقت بعض نے سمعنا کہا تھا اور بعض نے عصینا۔ چوتھے یہ کہ ان سب نے سمعنا کہا تھا۔ مگر ان کی اولاد نے عصینا۔ پانچویں یہ کہ ان سب نے کہا تھا سمعنا اور عمل سے ثابت کیا عصینا۔

تیسرا اعتراض : یہی واقعہ پہلے بیان ہو چکا ہے اب دوبارہ کیوں بیان ہوا اس تکرار سے کیا فائدہ۔ جواب: اولاً تو بیان میں فرق ہے کہ وہاں سمعنا اور عصینا کا ذکر نہ تھا اور یہاں ہے۔ لہٰذا تکرار نہ ہوئی اور پھر مقصد میں فرق ہے کہ وہاں ان کے قبول

marfat.com
Marfat.com

کرنے کا طریقہ بتایا گیا تھا اور یہاں اس کی نوعیت کہ انہوں نے ظاہرا" قبول کیا نہ کہ حقیقتہ" نیز ایک بات چند جگہ بیان کرنے کا طریقہ کرنے میں تاکید کا فائدہ دیتی ہے۔ **چوتھا فائدہ:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ کفر کی وجہ سے ان کے دلوں میں بچھڑے کی محبت آئی۔ ان کا پہلا کفر کون سا تھا۔ جس سے یہ محبت پیدا ہوئی۔ **جواب:** اس کا جواب تفسیر میں گزر گیا کہ انہوں نے پہلے ایک بت پرست قوم کو دیکھ کر بت پرستی کی تمنا کی۔ پھر اگرچہ توبہ کرلی مگر اس کا اثر باقی رہا۔ **پانچواں اعتراض:** بچھڑا پوجنے والے سب قتل کردیئے گئے تھے اور توبہ کرکے شہید مرے تھے پھر ان کے دلوں میں محبت باقی کیسے رہی۔ **جواب:** یا تو اس لئے کہ سب پجاری قتل نہ ہوئے تھے اور توبہ کے چند درجے ہوتے ہیں۔ ان کی توبہ ہلکے درجے کی تھی جس کی وجہ سے قلب میں کچھ ظلمت باقی رہ گئی تھی۔ وہی کبھی کبھی اپنا رنگ دکھاتی تھی۔ اس لئے قرآن نے فرمایا **واشربوا** جیسے کہ ایک رنگ میں دوسرے رنگ کی آمیزش کردی جائے تو اس کی جھلک نظر آتی ہے ایسے ہی ان کی توبہ میں بچھڑے کی محبت کی جھلک تھی۔ روح البیان نے اس جگہ فرمایا کہ جب ان لوگوں نے اس نہر کا پانی پیا کہ جس میں بچھڑے کی راکھ پھینکی گئی تھی تو ان میں سے بعض کے ہونٹ نیلے پڑ گئے جو کہ اس محبت کا اثر تھا یا یہ کہ جو بچھڑے کی پوجا سے محفوظ رہے تھے وہ پجاریوں سے پورے متنفر نہ تھے۔ جس کا اثر ان میں یہ پیدا ہو گیا۔

**تفسیر صوفیانہ:** وہی بیج پھل دیتا ہے جو اچھی زمین میں صحیح حالت پر بو دیا جائے۔ پھر اسے مناسب ہوا اور پانی بھی ملتا رہے اور پھر زمینی آسمانی آفات سے محفوظ رہے برسات میں چھت اور دیواروں میں بعض دانے اگ جاتے ہیں۔ مگر وہ پھل نہیں دے سکتے۔ کیونکہ ان کی زمین درست نہیں اسی طرح کلمہ توحید جب ہی پھل دے گا جب دل کی زمین میں بویا جائے۔ محبت الٰہی کا پانی پلایا جائے۔ رحمت الٰہی کی اس کو ہوائیں لگیں، مخالفت انبیاء و اولیا کی آفات سے محفوظ رہے۔ بنی اسرائیل کا تخم ایمان صرف زبان پر اگا۔ کہ انہوں نے سمعنا کہہ دیا اور اسے بچھڑے کی محبت کا پانی ملا۔ مخالفت نبی کی آفتیں اس پر آتی رہیں۔ اس کا الٹا نتیجہ نکلا جس سے وہ اور زیادہ مردود ہو گئے۔ اگر کلمہ توحید کی صحیح کاشت ہو جائے تو ایسے پھل دیتا ہے کہ سبحان اللہ ایک آن میں مردود کو مقبول بنا دیتا ہے۔ خطاؤں کو مٹاتا ہے رب کی عطائیں دلاتا ہے رب فرماتا ہے **مثل کلمتہ طیبتہ کشجرۃ طیبتہ** یعنی کلمہ طیبہ کی جڑ مومن کے دل میں ہے اور شاخیں آسمان میں۔ زندگی موت، قبر و حشر ہر جگہ پھل دیتا ہے اس درخت کے سایہ میں عالم آرام کرتا ہے مخلوق حضور غوث پاک و خواجہ اجمیری کے اس باردار درخت سے پھل کھا رہی ہے اور ان کے سایہ میں آرام کر رہی ہے اس جگہ تفسیر روح البیان میں ہے کہ جب دحیہ کلبی اسلام سے مشرف ہوئے تو رونے لگے حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ تو خوشی کا وقت ہے روتے کیوں ہو انہوں نے عرض کیا کہ میں نے زمانہ کفر میں اپنے قبیلہ کی ستر لڑکیاں اپنے ہاتھ سے ذبح کی ہیں میرا یہ گناہ کیونکر معاف ہو گا حضور علیہ السلام حیران ہوئے فورا" جبرئیل امین حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا یا حبیب اللہ دحیہ کو رب کا پیغام پہنچا دو کہ جب میں نے اس کلمہ کی برکت سے تمہاری ساٹھ سال کی کفر اور خطائیں معاف کردیں تو ستر لڑکیوں کا خون کیوں نہ معاف کروں گا۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا مولیٰ جب تو نے ایک بار کلمہ پڑھنے سے ستر خون معاف کردیئے جو دن رات کلمہ پڑھے۔ اس کو تو کیا کچھ نہ دے گا مگر خیال رہے کہ یہ صحیح کلمے کی برکتیں ہیں مولانا فرماتے ہیں۔

ارجعی برپائے ہر قلاش نیست
اذکر اللہ کار ہر اوباش نیست

marfat.com
Marfat.com

کلمہ ایمان اور قرآن یا تو ہمارے گواہ ہیں یا ہم پر گواہ ہمیشہ رب کا فضل مانگنا چاہئے صوفیاء فرماتے ہیں کہ دنیا بچھڑا ہے۔ نفس امارہ گویا سامری دنیا میں مشغولیت' رب سے غفلت ہی بچھڑے کی پوجا ہے۔ قلب گویا موسیٰ ہے۔ سیدھی راہ' راہ خدا گویا اسی موسیٰ کی توریت جیسے بچھڑے کی محبت اور توریت پر عمل ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتیں۔ ایسے ہی دنیا کی محبت اور اللہ رسول سے الفت ایک شخص میں جمع نہیں ہو سکتے محبت دنیاوی احکام کو مشکل بنا دیتی ہے۔ دنیاوی مشغولیت کو آسان اس لئے بنی اسرائیل نے توریت کو مشکل سمجھ کر کہہ دیا سمعنا و عصینا کہ ان کے دلوں میں بچھڑے کی محبت تھی اور اللہ و رسول کی الفت دین کے احکام کو آسان کر دیتی ہے دنیا کو مشکل شہدائے کربلا نے ہزار ہا مصیبتوں کا جام پیا۔

| |
|---|
| قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ |
| فرما دو تم اگر ہو واسطے تمہارے گھر پچھلا نزدیک اللہ کے نرا |
| تم فرما دو اگر پچھلا گھر اللہ کے نزدیک خالص تمہارے لیے ہو |
| دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۹۴﴾ وَلَنْ |
| سوائے لوگوں کے پس تمنا کرو تم موت کی اگر ہو تم سچے اور ہرگز نہیں |
| نہ اوروں کے لیے تو بھلا موت کی آرزو تو کرو اگر ہو سچے اور ہرگز |
| یَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ |
| تمنا کریں گے وہ اس کی کبھی بھی بوجہ اس کے آگے بھیجے ہاتھوں نے ان کے |
| اس کی آرزو نہ کریں گے ان بداعمالیوں کے سبب سے جو آگے کر چکے |
| بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿۹۵﴾ |
| اور اللہ خوب جاننے والا ہے ظالموں کو |
| اور اللہ خوب جانتا ہے ظالموں کو |

**تعلق**: اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: اب تک یہودیوں کی بے ایمانی ان کی گذشتہ بد عملیوں سے ثابت کی گئی۔ اب ان موجودہ حالات سے ان کی بے دینی ثابت کی جا رہی ہے کہ اے یہودیو تم اب بھی توریت کو نہیں مانتے۔ **دوسرا تعلق**: اب تک مناظرانہ رنگ میں گفتگو تھی جس کو شاید جہلا نہ سمجھتے۔ اب ایک نہایت ظاہریات سے فیصلہ کرایا جا رہا ہے۔ جس کو بچہ بھی سمجھ جائے کہ اے بے دینو اگر تم توریت کے ماننے والے ہو تو صرف زبان سے ایک بار ہی اپنی موت مانگ لو۔ اگر تم نے موت مانگ لی تو تم جیتے اور اگر تمہارے منہ سے یہ لفظ نہ نکلا تو ہم سچے اور تم جھوٹے **تیسرا تعلق**: اب تک یہود کے صرف دعویٰ ایمان کی تردید تھی اور اب ایک دم ان کے چار دعوے باطل کئے جا رہے ہیں۔ (1) ہم توریت کے مومن ہیں۔ (2) ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں۔ (3) جنت ہمارے ہی لئے ہے۔ (4) ہم کچھ بھی کریں ہمارے باپ

marfat.com
Marfat.com

دلوا ہمیں بخشوالیں گے۔ **چوتھا تعلق:** یہود سے کہا گیا تھا کہ تم ساری آسمانی کتابوں پر ایمان لاؤ۔ اس کے جواب میں وہ کہہ سکتے تھے کہ بے شک ہم ساری کتابوں پر ہی ایمان لائے ہیں۔ انجیل اور قرآن آسمانی کتابیں ہی نہیں اور توریت قیامت تک کے لئے باقی ہے۔ اس آیت میں اس شبہ کا جواب دیا جارہا ہے کہ پھر اس کے معنی تو یہ ہوئے کہ تم ہی سچے ہو اور باقی سب جھوٹے تو اچھا تم اپنے سچ کا یہ ثبوت پیش کرو۔

**تفسیر:** **قل** یا تو یہ ہر مسلمان سے اس وقت خطاب تھا کہ اے قرآن پڑھنے والو تم ان سے یہ تو گویا خاص نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مگر یہ حکم اس وقت کے لئے خاص ہے آج ان سے یہ نہیں کہا جاسکتا کیونکہ معجزہ کا ظہور اسی وقت ہوتا **ان کانت لکم** یہ لام خصوصیت کا ہے اور کم سے وہ سارے یہودی مراد ہیں یعنی اگر خاص تمہارے ہی واسطے ہو گیا چیز **الدار الاخرة** اگرچہ جہنم اور اعراف بھی آخری گھر ہیں مگر یہاں اس سے جنت ہی مراد ہے کیونکہ وہ اسی کے دعوے دار تھے نیز اعراف تو عارضی جگہ ہے اور جہنم جیل خانہ اور آخرت سے ہمیشہ کا آرام دہ گھر مراد ہے **عند اللہ** یہ ثابتۃ کا ظرف ہے۔ یعنی تمہارا جنت کا حق دار ہونا اگر اللہ کے نزدیک ثابت ہو **خالصة** دار کا حال ہے یہ خلوص سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں غیر کی شرکت سے خالی ہونا (نرا) اس میں دو احتمال ہیں۔ یا تو عذاب سے خالص لوگوں سے یعنی تمہارے لئے جنت ہی ہو نہ کہ عذاب یا جنت تمہارے ہی لئے ہو۔ **من دون الناس** نہ کہ اوروں کے لئے یہاں الناس سے یہود کے علاوہ دیگر لوگ مراد ہیں۔ اور یہ یا تو خالصة کی تفسیر ہے اور یا اس کی ایک نوعیت کا بیان اگر واقعی تمہارا یہ عقیدہ ہے **فتمنوا الموت** تم ایک بار ہی موت کی تمنا تو کرلو اور یوں تو کہہ دو کہ اے اللہ ہمیں موت دے دے کیونکہ اپنے خیال میں تم جنتی ہو اور خدا کے پیارے اور ان دونوں کو حاصل کرنے کا ذریعہ موت ہے۔ تمنی منی سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں خواہش باب تفعل میں آکر اس کے معنی ہوئے اظہار خواہش یعنی خواہش کا زبان سے ظاہر کرنا۔ لہٰذا اس جگہ منہ سے موت مانگنا مراد ہے نہ کہ فقط دلی رغبت **ان کنتم صدقین** اگر تم دعویٰ ایمان یا ان چاروں دعووں میں سچے ہو جو تعلق میں بیان کئے جاچکے۔ وہ لوگ یہ سن کر آرزو نہ کرسکے رب نے آئندہ کی خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ **ولن یتمنوہ ابدا** جیسے قط زمانہ ماضی کے گھیرنے کے لئے ہے ایسے ہی ابدا" زمانہ مستقبل گھیرنے کے لئے یعنی یہ لوگ جب تک زندہ ہیں کبھی بھی موت کی تمنا نہ کریں گے۔ کبھی کہیں گے کہ **یلیتنی کنت ترابا** اور کبھی کہیں گے **یلیتھا کانت القاضیة** اور یہ تمنا کریں بھی کیسے انہیں تو اپنے اعمال کی خبر ہے کہ ہمیں پوری سزا ملے گی۔ **بما قدمت ایدیھم** اپنے ان اعمال کی وجہ سے جو پہلے کر چکے تھے خیال رہے کہ چونکہ اکثر کام ہاتھ سے ہی ہوتے ہیں اس لئے کبھی تو ید سے ذات اور کبھی قدرت اور رحمت مراد لے لیتے ہیں یہاں ذات مراد ہے اور ید اللہ علی الجماعۃ وغیرہ میں رحمت **واللہ علیم بالظلمین** اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے لہٰذا انہیں سزا بھی خوب دے گا۔

**خلاصہ تفسیر:** یہود اپنی مقبولیت اور محبوبیت کے گیت گایا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ جنت ہمارے ہی لئے ہے یا ہمارے لئے جنت ہی ہے ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں وغیرہ وغیرہ رب تعالیٰ نے ان خرافات کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم ان سے فرمائیں کہ اگر تمہیں اپنے جنتی ہونے کا یقین ہے تو ذرا موت کی التجا تو کرو۔ کیونکہ دنیا تو مصیبتوں کا گھر ہے اور خاص کر ان نبی آخر الزمان کے تشریف لانے اور اسلام کی اشاعت ہونے سے تمہارا اور بھی ناک میں دم آ

marfat.com
Marfat.com

گیا ہے تو چاہئے کہ تم دار المحن سے چھوٹنے اور دار الامن میں جانے کی دعا مانگو۔ تفسیر عزیزی نے بیہقی کی روایت نقل کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سارے یہودیوں کو جمع فرما کر فرمایا کہ اگر تم ان دعوں میں سچے ہو تو ایک بار کہہ دو **اللھم امتنا** قسم رب کی جو بھی کہے گا وہ یہیں گلا گھٹ کر مرجائے گا۔ یہودی گھبرا کر انکار کر گئے۔ تب دوسری آیت اتری کہ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم یہ اب تو کیا جیتے جی بھی دعا نہ کریں گے الحمد للہ یہ غیب کی خبر سچی ہوئی کہ انہوں نے کبھی تمنائے موت نہ کی۔ تفسیر روح البیان نے حضرت نافع سے روایت کی کہ ایک دن ایک یہودی ہم سے کہنے لگا کہ میں تو تمنائے موت کرتا ہوں میں کیوں نہیں مرتا۔ عبد اللہ ابن عمر نے سنا تو فرمایا۔ ارے جاہل یہ ان علمائے یہود کے لئے تھا جو جان بوجھ کر نبوت مصطفیٰ کا انکار کرتے تھے اور جن کو اس وقت بارگاہ نبوت میں بلا کر کہا گیا تھا انہوں نے کبھی تمنائے موت نہ کی۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: کفار کو اپنے دین کی حقانیت کا یقین نہیں۔ اسی لئے اس کے بھروسے پر کوئی بات نہیں کرتے بلکہ انہیں اپنے جھوٹے ہونے کا یقین ہے۔ اسی لئے وہ دنیا کو جنت اور آخرت کو قید سمجھتے ہیں اب بھی ہندو وغیرہ دنیوی زندگانی کے بہت حریص ہیں۔ دوسرا فائدہ: سب کی ملاقات اور حضور کے دیدار یا اپنے ایمان کی سلامتی کے لئے موت کی تمنا کرنا جائز ہے۔ حدیث پاک میں ہے کہ سعد ابن ابی وقاص نے خوف سے اپنی موت کی دعا کی۔ حضور نے فرمایا کہ میرے ہوتے ہوئے موت مانگتے ہو اس کے حاشیہ لمعات میں ہے کہ حضور پاک کی زندگی پاک میں دعاء موت کرنا منع ہے کیونکہ اس وقت زندگی دیدار مصطفیٰ کا ذریعہ تھی لیکن حضور کے وفات شریف کے بعد دیدار کے لئے تمنائے موت جائز ہے کیونکہ اب موت ذریعہ دیدار ہے۔ دیکھو مشکوٰۃ کتاب الجنائز باب تمنی الموت۔ تیسرا فائدہ: مناظرہ میں دلائل کے علاوہ دیگر علامات سے بھی مقابل کو خاموش کرنا جائز ہے۔ چوتھا فائدہ: قل' بعض جگہ قرآن شریف میں صرف حضور سے کہلوانے کے لئے آتا ہے دوسرے مسلمانوں سے کہلوانا مقصود نہیں ہوتا۔ دیکھو یہاں قل صرف حضور سے ارشاد ہو رہا ہے کہ آپ ان سے فرماؤ کہ میرے سامنے اپنے موت کی دعا کر دیں میں آمین کہوں۔ دیکھو پھر کیا بنتا ہے دعا ختم ہونے سے پہلے تم ختم ہو جاؤ گے اب کوئی مسلمان یہود سے اس دعا کا مطالبہ نہیں کر سکتا۔ اگر مطالبہ کرے اور وہ یہودی دعا کر کے موت کی تمنا کرے۔ پھر نہ مرے تو اس سے قرآن کی یہ آیت غلط نہ ہوگی یوں ہی سورہ جمعہ میں ارشاد ہوا ہے لہٰذا **قل انما انا بشر مثلکم** میں حضور سے ہی خطاب ہے صرف حضور اپنے کو بشر کہہ سکتے ہیں ہم لوگ نہیں کہہ سکتے۔ پانچواں فائدہ: جھوٹے کا جھوٹ ظاہر کرنا ضروری ہے تاکہ لوگ اس سے بچیں۔ چھٹا فائدہ: قرآن کریم کی غیبی خبریں بالکل برحق ہیں جن کی حقانیت لوگوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لی۔ رب نے اعلان فرمایا تھا کہ اے محبوب یہ لوگ آپ کے سامنے موت کی تمنا بھی نہ کریں گے انہوں نے یہ اعلان بھی سنا پھر مسلمانوں نے انہیں للکارا بھی ان کی حقانیت کا مدار اس دعا کو قرار دیا مگر ان میں سے کسی نے اس کی ہمت نہ کی اگر ایک نے بھی کی ہوتی تو یہ لوگ اسے خوب اچھالتے۔

پہلا اعتراض : مسلمان بھی سمجھتے ہیں کہ سوائے مومن کے کوئی جنت میں نہ جائے گا۔ لہٰذا وہ یہود بھی مسلمانوں سے یہی کہہ سکتے تھے کہ ہم تمہیں قتل کر دیں تاکہ تم جنت میں جلدی پہنچ جاؤ۔ جواب: مسلمان یہود کی طرح اپنے جنتی ہونے کا یقین نہیں کرتے کہ ہم کچھ بھی کریں بہر حال جنتی ہیں بلکہ رب کی رحمت کے امیدوار اور اپنے گناہوں سے خوف کرتے ہیں اور

marfat.com
Marfat.com

زندگی کی اس لئے تمنا کرتے ہیں کہ نیک اعمال کرکے اپنی آخرت کا توشہ تیار کرلیں اور گزشتہ گناہوں سے توبہ کرلیں اور دوسروں کو تبلیغ ایمان کرکے اپنے ساتھ ملالیں۔ دوسرا اعتراض: شاید وہ یہود بھی اپنے گناہوں سے ڈر کر دعا نہ کرتے ہوں۔ جواب: یہ غلط ہے ان کا دعویٰ یہ تھا کہ ہمیں خالص جنت ملے گی۔ یعنی بغیر عذاب اور اگر کسی کو عذاب ہوگا بھی تو صرف چالیس دن تو ان سے فرمایا جارہا ہے کہ اگر تم زندہ رہے تو بہت دنوں میں جنت میں پہنچو گے اور مرگیا تو فوراً" یا کچھ تکلیف پاکر جنتی ہو جاؤ گے تو تم جلدی مرتے کیوں نہیں۔ تیسرا اعتراض: شاید وہ موت کے خوف سے اس کی تمنا نہ کرتے ہوں۔ جواب: انسان بڑی راحت کے لئے تھوڑی تکلیف برداشت کرلیتا ہے جیسے کہ تندرستی کے لئے مریض کڑوی دوائیں پی لیتا ہے آپریشن کرالیتا ہے بلکہ گلے ہوئے اعضاء کٹوالیتا ہے۔ دیکھا تو یہ گیا ہے کہ غیرت مند آدمی طعنہ کے وقت جان دے دیتا ہے اس وقت ان کو طعنہ دے کر شرمندہ کیا جارہا ہے انہیں چاہئے تھا کہ جان دے کر آبرو بچاتے پھر انہیں یہ بھی یقین کیسے تھا کہ ہم اس وقت تمنائے موت کرتے ہی مرجائیں گے۔ اس سے ظاہر ہوا کہ وہ اپنے کو جھوٹا اور جہنمی سمجھتے تھے اور حضور کو سچا۔ چوتھا اعتراض: شاید انہوں نے دل سے تمنا کرلی ہو اور ممکن ہے کہ زبان سے بھی کرنا ہو جس کی خبر ہمیں نہ ملی۔ جواب: ہم تفسیر میں بحوالہ روح البیان و عزیزی و کبیر بتا چکے ہیں کہ تمنا زبانی آرزو کو کہتے ہیں اور اگر انہوں نے ایک بار بھی تمنا کی ہوتی تو مخالفین اسلام اسے بہت اچھالتے پانچواں اعتراض: قرآن و حدیث نے موت کی تمنا سے منع فرمایا۔ قرآن تو فرماتا ہے **یستعجل بها الذین لا یؤمنون بها والذین امنوا مشفقون منها** یعنی بے ایمان تو قیامت آنے میں جلدی کرتے ہیں اور مسلمان اس سے ڈرتے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ کوئی شخص موت کی آرزو نہ کرے اور یہاں اس آیت میں معاملہ الٹا ہو رہا ہے۔ جواب: یہ پیش کردہ آیت مشرکین کے حق میں آئی ہے جو قیامت کے منکر اور اس سے بے خوف تھے مسلمان قیامت کے مقر اور اپنے اعمال سے خوف میں ہیں۔ مگر یہود قیامت کو مان کر اس کی مصیبتوں سے اپنے کو محفوظ سمجھتے ہیں لہٰذا وہ آیت اس کے خلاف نہیں حدیث پاک میں یہ ہے کہ کوئی بھی دینوی مصیبت کی وجہ سے تمنائے موت نہ کرے بلکہ نیک اعمال کی خاطر زیادہ جینا بہتر ہے۔ لقائے حبیب کے لئے تمنائے موت جائز بلکہ صحابہ کرام سے ثابت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہر نماز کے بعد دعا کرتے تھے کہ اے اللہ مجھے اپنے محبوب کے شہر میں شہادت نصیب فرما۔ شہداء بدر و احد تمناء موت میں بیتاب تھے۔ صحابہ کرام بے دریغ اپنی جان و مال جہاد میں خرچ کرتے تھے۔ حذیفہ ابن یمان پر نزع کی حالت میں خوشی کے آثار نمودار ہوئے اور چیخ کر فرمایا کہ میری پیاری موت عین انتظار کی حالت میں آگئی۔ حضرت عمار جنگ صفین میں خوشی کے نعرے مارتے تھے کہ اب عنقریب اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم اور اپنے دوستوں سے ملوں گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک دفعہ باریک کرتہ پہنے ہوئے جنگ کی صفوں میں گھوڑا کوداتے پھرتے تھے آپ کے فرزند امام حسن نے عرض کیا کہ بابا جان غازی کا یہ لباس نہیں زرہ پہن کر آنا چاہئے تھا تو فرمایا بیٹا مجھے پرواہ نہیں کہ موت مجھ پر گرے یا میں موت پر گروں۔ ایک بار حضرت سعد ابن ابی وقاص نے رستم ابن فرغ زاد کو خط لکھا کہ میرے ساتھ وہ قوم ہے جو موت کو اتنا ہی چاہتی ہے جتنا تم لوگ شراب کو (تفسیر عزیزی) ان تمام باتوں سے معلوم ہوا کہ دینوی تکلیف سے تمنائے موت کرنا منع ہے اور دینی راحت حاصل کرنے کے لئے جائز اور یہاں یہود سے دینی راحت کے لئے ہی تمنا کرائی گئی تھی۔ نکتہ: بعض مفسرین نے اس آیت کا ایسا نفیس مطلب بیان کیا ہے جس سے یہ اعتراض پڑتے ہی نہیں وہ یہ کہ ان سے اپنے دعوے کے ثبوت کے لئے بطور قسم تمناء موت کرائی گئی جیسے کوئی

marfat.com
Marfat.com

قاضی مدعی علیہ سے کہے کہ تو اپنے بیٹے کے سر پر ہاتھ رکھ کر کہہ دے کہ میں سچا ہوں۔ اگر وہ یہ نہ کرے تو جھوٹا ایسے ہی یہاں کیا گیا کہ یہود یو اگر تم سچے ہو قسم سے کہہ دو کہ اگر ہم جھوٹے ہوں تو مر جائیں۔ اس صورت میں تمام تکلفات دور ہو گئے۔

تفسیر صوفیانہ : تین شخص موت کی تمنا کرتے ہیں۔(1) موت کی مصیبت سے ناواقف (2) وہ بے صبر جو موت کو خدا کی پکڑ سے بچنے کا ذریعہ سمجھے (3) تیسرے وہ عاشق جانباز جو اللہ و رسول کی ملاقات چاہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔

شد ہوائے مرگ طوق صادقاں     کہ جہوداں رابداں دم امتحاں

مثنوی کے مصنف جلال الدین رومی رحمتہ اللہ علیہ کی جب موت کا وقت آیا تو ملک الموت شکل انسانی میں دروازے میں آکر کھڑے ہوئے۔ مولانا نے کمال شوق سے فرمایا۔

پیشتر آ پیشتر آ جان من     پیک باب حضرت سلطان من

(تفسیر روح البیان)

اے میری جان اے میرے سلطان کے دربان تو کہاں تھا۔ جلدی آ وہ یہودی چونکہ ان تینوں جماعتوں سے خارج تھے۔ تمناء موت نہ کر سکے ابو حازم فرماتے ہیں کہ مطیع کا رب کے پاس جانا ایسا ہے جیسے غائب عاشق کا محبوب کے پاس حاضری دینا بدکار کی موت ایسی ہے جیسے بھاگے ہوئے مجرم کی گرفتاری کا وارنٹ۔ مولانا فرماتے ہیں۔

انبیاء رانتگ آمد ایں جہاں     چوں شہاں رفتند اندر لا مکاں

چوں مرا سوے اجل عشق و ہواست     نہی لا تلقوا بایدیکم مراست

زانکہ نہی از دانہ شیریں بود     تلخ راخود نہی حاجت کے شود

کافر موت کو کڑوا سمجھتا ہے اس لئے اس کو خواہش کا حکم ہے۔ مومن موت کو نہایت میٹھا اور لذیذ محسوس کرتا ہے اس کو خواہش موت منع ہے۔ انبیائے کرام کی موت عجیب پر لطف چیز ہے۔ ان کی تو یہ شان ہے۔

یہ دونوں گھر انہیں کے ہیں جہاں جی چاہا جا بیٹھے     کبھی اس گھر میں جا بیٹھے کبھی اس گھر میں آ بیٹھے

اضطراری موت سے پہلے اختیاری موت اختیار کر لو اور **موتوا قبل ان تموتوا** کے عامل بن جاؤ تاکہ موت اضطراری آسان ہو۔

وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ

اور البتہ ضرور پائیں گے آپ ان کو زیادہ حریص لوگوں سے اوپر زندگی کے اور ان لوگوں سے جنہوں نے

اور بے شک تم ضرور پاؤ گے کہ سب لوگوں سے زیادہ جینے کی ہوس رکھتے ہیں اور مشرکوں

اَشْرَكُوْا ۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ

شرک کیا تمنا کرتا ہے ایک ان کا کاش کہ عمر دیا جائے وہ ہزار سال اور نہیں ہے وہ

سے ایک کو تمنا ہے کہ کہیں ہزار برس جئے اور وہ اسے

marfat.com
Marfat.com

بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا

| |
|---|
| دور کرنے والا اس کو عذاب سے یہ کہ عمر دیا جائے اور دیکھنے والا ہے |
| عذاب سے دور کرے گا اتنی عمر دیا جانا اور اللہ ان کے |

يَعْمَلُوْنَ ؏

| |
|---|
| عمل کو جو وہ کرتے ہیں |
| کو تک دیکھ رہا ہے |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: اس سے پہلے یہود کا موت سے گھبرانے کا ذکر کیا گیا ہے۔ اب ان کا دنیوی زندگی کی محبت کا ذکر ہو رہا ہے۔ دوسرا تعلق: گذشتہ آیت کا مضمون بھی اسی بات کی علامت تھا کہ وہ اپنے کو گمراہ سمجھتے ہیں اور اس آیت کا مضمون بھی یہی بتا رہا ہے کہ وہ دنیوی زندگی کو غنیمت جانتے ہیں تاکہ انہیں کچھ آرام کی سانسیں میسر ہو جائیں آخر کار پھر جلنا تو ہے ہی تیسرا تعلق: پہلی آیت کے مضمون سے شبہ پیدا ہو تا تھا کہ شاید یہودی نہ موت کی تمنا کرتے ہوں نہ زندگی کی بلکہ راضی برضائے الٰہی ہوں جو کہ انسان کی بہترین صفت ہے۔ یا اعمال کے لئے زندگی کے خواہش مند ہوں اس آیت سے اس شبہہ کو دور کیا جا رہا ہے۔

تفسیر : **ولتجدنھم** یہ بھی حضور علیہ السلام سے خطاب ہے اور یا قیامت تک کے قرآن پڑھنے والے مسلمان سے۔ تجدن۔ وجدان سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں پانا یہاں عقلی اور تجربہ کا پانا مراد ہے جیسے میں نے زید کو عالم پایا۔ **ھم** سے مراد عام یہودی ہیں۔ یعنی اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم یا اے قرآن کے پڑھنے والے تم ان عام یہودیوں کو پاؤ گے۔ **احرص الناس** لوگوں سے زیادہ حریص یہاں ناس سے یہود کے سوا باقی سب لوگ مراد ہیں کہ افضلیت اپنے پر لازم نہ آجائے۔ **علی حیوۃ** یہاں حیوۃ سے خاص کسی قسم کی زندگی مراد ہے لمبی اور آرام دہ علی سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو خود دراز اور آرام دہ زندگی کی ہی حرص ہے۔ اعمال کے لئے زندگی نہیں مانگتے۔ **ومن الذین اشرکوا** ظاہر ہے کہ واؤ عاطفہ ہے اور اس کا ناس پر عطف ہے۔ یعنی یہودیوں کو عام لوگوں اور مشرکین سے بھی زیادہ حریص پائیں گے اگرچہ مشرکین ناس میں داخل تھے مگر چونکہ یہ لوگ حرص زندگی میں مشہور اس لئے ان کا ذکر خاص کیا گیا۔ اس صورت میں **یود احدھم** علیحدہ جملہ ہے جس میں اس کا بیان ہے۔ بعض لوگوں نے فرمایا ہے کہ یہ واؤ استینافیہ ہے اور یہ مبتداء ہے۔ **یود** اس کی خبر یعنی مشرکین میں سے بعض تمنا کرتے ہیں بعض لوگوں نے فرمایا کہ اس کا ترجمہ یہ ہے کہ آپ یہود کو اور مشرکین کی ایک جماعت کو زندگی کا زیادہ حریص پائیں گے اس صورت میں **ومن الذین ھم** پر معطوف ہو کر تجدن کا مفعول ہو گا۔ بہر حال اس آیت کے تین معنی ہیں اور ہر معنی میں نیا لطف مشرکین سے عام مشرکین مراد ہیں یا خاص مجوسی 'سیدنا عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ مجوسی آپس میں ایک دوسرے کو سلام میں کہتے تھے۔ ذی ہزار یعنی تو ہزار سال جئے 'بعض کہتے تھے۔ عش الف نیوز 'بعض کہتے تھے۔ عش الف مہرجان یعنی تو ہزار نیروز یا ہزار مہرجان جئے گویا ان کے سلام و جواب سے ہی حرص دنیا ظاہر ہوتی تھی چونکہ مجوس کا عقیدہ ہے کہ

marfat.com
Marfat.com

خدا دو ہیں ایک یزدان دوسرا اہرمن یزدان بھلائیوں کا خالق ہے اور اہرمن برائیوں کا۔ اس لئے ان کو مشرکین کہا گیا۔ بعض نے کہا کہ اس سے مشرکین عرب مراد ہیں۔ **یود احدھم یود** ودے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں دلی خواہش **احد** سے ہر ایک مراد ہے نہ کہ کوئی خاص ایک **ھم** کا مرجع یا یہود ہیں یا مشرکین۔ یعنی ان میں سے ہر ایک خواہش رکھتا ہے کہ **لو یعمر لو** شرطیہ نہیں بلکہ تمنا کا ہے۔ یعمر کے واحد لانے میں یہ بتایا گیا کہ ان میں ہر شخص صرف اپنی ہی درازِ زندگی چاہتا ہے کہ دوسرے مریں یا جئیں۔ مجھے عمر مل جائے۔ یعنی کاش کہ عمر دیا جاوے۔ **وہ الف سنۃ** ہزار سال یا تو یہ مجوسیوں کے قول ذی ہزار سال کی نقل ہے اور یا اس سے لمبی مدت مراد ہے۔ جیسے کہتے ہیں کہ میں تو ہزار سال تک تیری بات نہ مانوں گا۔

ایک شاعر کہتا ہے۔

تم سلامت رہو ہزار برس ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار

رب نے فرمایا ہے **وما ھو** **ھو** کا مرجع احد ہے اور یہ ما کا اسم ہے۔ یعنی نہیں ہے' وہ شخص **بمزحزحہ** مزحزح زحزحۃ کا اسم فاعل ہے۔ جس کے معنی ہیں دور رکھنا۔ اسی لئے کونین کی جگت اور آگ کے جھیرے کو زحزاح کہتے ہیں کیونکہ وہ بھی پانی اور آگ سے دور رہو تا ہے۔ ہ ضمیر اس کا مفعول ہے اور **ان یعمر** اس کا فاعل یعنی کوئی بھی ایسا نہیں کہ جس کو اس کی درازِ عمر عذاب سے دور کرنے والی ہو۔ یعنی لمبی عمر کے بعد بھی عذاب ہی ہو گا۔ اس کی خواہش بے کار۔ چاہئے کہ ایمان و اعمال کی کوشش کرو۔ **واللہ بصیر بما یعملون** عرب میں بصیر حقیقت حال جاننے والے کو کہتے ہیں۔ یعنی اللہ ان کے اعمال کی حقیقت سے خبردار ہے۔ یہ جتنی زیادہ عمر پائیں گے اتنے ہی زیادہ گناہ کمائیں گے۔

**خلاصہ تفسیر** : اے مسلمانوں یہودیوں کا موت سے گھبرانا کسی نیک ارادہ سے نہیں بلکہ تم تجربہ اور امتحان کر کے دیکھ لو تو ان کو زندگی کا بڑا ہی حریص پاؤ گے کہ دنیا میں زندگی کے زیادہ خواہش مند مشرکین ہیں کیونکہ وہ قیامت اور سزا جزا کو مانتے نہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اس زندگی کے بعد دوسری زندگانی نہیں۔ بلکہ محض فنا ہے۔ ان کے لئے یہ دنیا ہی بہشت ہے۔ اگر وہ اس زندگی پر حرص کریں تو بجا ہے لیکن یہ یہودی جو اپنے کو اہل کتاب کہیں۔ سزا جزا کا اقرار کریں جنت کو اپنی جائید لو مانیں اپنے کو خدا کا بیٹا جانیں۔ ان مشرکین سے بھی زیادہ حریص ہیں۔ جس سے صاف معلوم ہو رہا ہے کہ انہیں آئندہ دوزخ نظر آ رہا ہے۔ اور ان کو اپنے کرتوت کی سزا کا پورا یقین ہے۔ ان کے حریص ہونے کی چند دلیلیں ہیں۔ ہر وقت زیادتی عمر کی فکر میں رہتے ہیں شفا حاصل کرنے کے لئے حرام حلال چیزیں استعمال کر لیتے ہیں۔ بیماری میں ہر طبیب ہر منتر پڑھنے والے ہر جادوگر کے پاس پہنچ جاتے ہیں۔ دنیوی زندگی کے لئے اپنا دین و ایمان برباد کر دیتے ہیں۔ دنیوی عیش کے لئے حرام و حلال مال لے لیتے ہیں۔ بڈھے ہو کر دانت گر جانے' بال سفید ہو جانے پر بھی آئندہ کی فکر نہیں کرتے۔ بلکہ دنیا میں پورے مشغول رہتے ہیں اور زیادتی عمر کی تجویزیں کرتے رہتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک اپنی زندگی کا خواہش مند ہے۔ اپنے پر دوسروں کو قربان کرنے کے لئے تیار ہزار سال تک کی عمر چاہتے ہیں حالانکہ ساٹھ ستر برس ہی میں انسان کے اعضا بیکار ہو جاتے ہیں۔ اور اس کی زندگی وبال جان ہوتی ہے۔ مگر ان کی حرص کی یہ حالت ہے کہ خواہ وہ کتنے ہی مصیبت میں رہیں مگر جیتے رہیں۔ ان بیوقوفوں کو یہ خبر نہیں کہ لمبی عمر انہیں عذاب سے بچا نہیں سکتی اور جب موت یقینی ہے تو کیا دس برس اور کیا ہزار سال۔ اللہ ان کے اعمال سے خبردار ہے اور

marfat.com
Marfat.com

جانتا ہے کہ یہ جی کر گناہ ہی کریں گے۔

فائدے: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** فساد پھیلانے یا عذاب سے بچے رہنے کے لئے لمبی عمر مانگنا علامت کفار ہے۔ **دوسرا فائدہ:** زندگی کے لالچ میں دین کا لحاظ نہ رکھنا بڑی بد نصیبی ہے۔ **تیسرا فائدہ:** جو چیز یقینی آنے والی ہے وہ قریب ہے۔ **چوتھا فائدہ:** مجرم کا بہت بھاگا پھرنا سخت سزا کا باعث ہے۔ ایسے ہی کافر کی درازی عمر زیادہ گرفتاری کا سبب ہے۔ **پانچواں فائدہ:** اسلامی سلام تمام دینوں کے سلام سے افضل ہے ہندو کہتے ہیں رام رام جواب دیتے ہیں جیتا رام۔ پنڈت کہتے ہیں پایں لاگن۔ جواب دیتے ہیں سکھی رہو۔ مجوسی کہتے ہیں ذی ہزار سال۔ عیسائی کہتے ہیں گڈمارننگ۔ مسلمان جاہل عورتیں کہتی ہیں۔ سلام۔ جواب ملتا ہے جیتی رہو۔ بڑی عمر ہو۔ دنیا میں عیش سے رہو۔ یہ سب سلام و جواب بیہودہ ہیں۔ کیونکہ ان میں سے بعض میں تو شرک کی بو ہے اور بعض میں دنیا کی ہوس کا اظہار۔ سب سے بہتر ہے السلام علیکم جس کا مطلب ہوا تم سلامت رہو اس میں دینی و دنیوی ہر معصیت سے سلامتی کا ذکر آگیا اسی لئے رب تعالیٰ نے ان کے سلام کی برائی فرمائی اور انشاءاللہ سلام کا مسئلہ سلام کی آیتوں میں آئے گا۔

نصیحت: ہم کو چاہئے کہ اپنے گریبانوں میں منہ ڈال کر دیکھیں حق یہ ہے کہ ہم لوگوں میں بھی اس قسم کی بہت سی بیماریاں پیدا ہو چکی ہیں ہم میں سے بعض تو محبت دنیا میں یہود سے بھی چار نمبر آگے ہیں۔ ان کا حال یہ ہے کہ بچپن کی زندگی کالج میں گزاری۔ جوانی دنیا کمانے میں ختم کی بڑھاپے میں جب پنشن ہو گئی تو قدرت نے ان کو اللہ اللہ کرنے کا بہت اچھا موقعہ دیا تھا مگر اب انہیں ممبری اور مجسٹریٹی کی دھن لگی۔ ممبری کے زمانہ میں لوگ تو صبح شام اللہ اللہ کر لیتے ہیں مگر یہ پنشن یافتہ قریب الموت بزرگ رائے دہندوں کے دروازوں کے طواف میں مشغول نہ نماز کی فکر نہ روزے کا ذکر نہ زکوۃ کا ملال نہ حج کا خیال۔ دوستو جب یہ تینوں زمانے اس طرح گنوا دیئے بتاؤ اللہ اللہ کرنے کا وقت کب آئے گا۔ یہودیوں کی طرح اس حالت سے عبرت پکڑو۔ خیال رہے کہ زندگی تین طرح کی ہے شخصی زندگی۔ قومی زندگی۔ مذہبی زندگی۔ شخصی زندگی کی مدت بہت تھوڑی ہے۔ اس کے لئے تھوڑا انتظام کرو مگر مسلمان کی قومی و مذہبی زندگی ان شاءاللہ قیامت تک ہے۔ اس کے لئے بڑا انتظام کرو جہاں اشخاص قوم یا مذہب پر فدا ہوں گے وہاں عزت و بزرگی ہو گی اور جہاں قوم و مذہب اشخاص پر قربان ہوں گے وہاں ذلت و خواری ہو گی۔ یزیدیوں نے اپنے شخصی نفع کے لئے اس سید کا خون کیا دیکھو سب ذلیل ہو گئے۔ حضرت حسین نے اپنے مذہب پر اپنے کو قربان کیا تا قیامت سرخرو ہو گئے صدقات جاریہ اس لئے افضل ہیں کہ ان کا تعلق قومی نفع سے ہے بنی اسرائیل دین کو اپنی ذات پر قربان کرتے تھے کہ اپنے نفع کی خاطر دین کی بربادی کتاب اللہ کی تبدیلی گوارا کر لیتے تھے۔ اس آیت میں اس کی طرف اشارہ ہے۔

اعتراض: **پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ درازی عمر کی خواہش جرم ہے حالانکہ ہر مسلمان لمبی عمر چاہتا ہے حدیث شریف میں بھی ہے کہ مبارک ہے وہ شخص جس کی عمر لمبی اور اعمال اچھے ہوں۔ **جواب:** فساد کرنے یا عیش و آرام کے لئے یا زندگی کو اصل مقصود سمجھ کر اس کی تمنا کرنا بے شک برا ہے لیکن نیک اعمال کے لئے زندگی چاہنا بہتر سرکاری ملازم کی جتنی زیادہ سروس ہو گی اتنی زیادہ پنشن مسلمانوں کی زندگی نوکری کی مدت ہے **دوسرا اعتراض:** اس تفسیر سے معلوم ہوا کہ

marfat.com
Marfat.com

زندگی بڑھانے کے اسباب اختیار کرنا برا ہے۔ حالانکہ حدیث شریف میں ہے کہ نیک اعمال سے زندگی بڑھتی ہے تو چاہئے کہ جو کوئی اس نیت سے نیکیاں کرے وہ گنہ گار ہے۔ جواب: عمر بڑھانے کے جائز اسباب ضرور اختیار کرے ناجائز اسباب سے بچے

تیسرا اعتراض: اسلام میں بھی شفا حاصل کرنے اور جان رکھنے کے لئے حرام چیزوں کا استعمال جائز ہے تو اگر یہودی بھی اپنی زندگی کے لئے حرام اسباب پر عمل کریں تو کیوں گنہگار ہوں۔ جواب: اسلامی حکم یہ ہے کہ جو بیماری وغیرہ کی سخت مصیبت میں پھنس جائے اس کے لئے حرام دوائیں وغیرہ حلال ہیں۔ شریعت نے مصیبت سے بچنے کے لئے اس کے حق میں حرام کو حلال ہی کر دیا یہ بالکل جائز ہے لیکن نفسانی خواہشوں کے لئے حرام چیزوں کا استعمال کرنا۔ عقلاً بھی برا ایک شخص قوت باہ زیادہ کرنے کے لئے مینڈک کا تیل یا سانپ کا گوشت یا شراب استعمال کرتا ہے وہ مجرم ہے۔ دوسرا شخص پیاس سے مر رہا ہے جان بچانے کے لئے شراب کا گھونٹ پیتا ہے۔ وہ مجرم نہیں کیونکہ پہلے شخص کا مقصد شہوت ہے اور اس کا مقصد مصیبت سے بچنا۔

تفسیر صوفیانہ : تمام گناہوں کی اصل دو چیزیں ہیں۔ محبت عمر، محبت مال و جاہ۔ اگلی آسمانی کتابوں کی تحریف جھوٹے نبیوں کی پیداوار، اب بعض علماء اور مشائخ کی گمراہی روزانہ نئے مذہبوں کا نکلنا انہیں دو وجہوں سے ہے۔ اس بیماری کے تین علاج ہیں۔ ایک تو علماء ربانی کی وعظ و نصیحتوں کی مجلسوں میں حاضری صالحین کے واقعات کا مطالعہ کرنا جس سے دل نرم پڑ جائے۔ دوسرے اکثر موت کو یاد کرنا اور یہ خیال رکھنا کہ دنیا کی ساری چیزیں فانی ہیں۔ تیسرے لوگوں کی جان نکلتے ہوئے دیکھنا۔ میت کے ساتھ قبرستان جانا۔ زیارت قبور کرنا۔ حضرت کعب احبار سے کسی نے پوچھا کہ بتایئے موت کیا چیز ہے۔ فرمایا یوں سمجھو کہ درخت خار دار کسی انسان کے پیٹ میں ہو جس کا ہر کانٹا اس کی رگ رگ میں چبھ چکا ہو پھر اسے کوئی شخص نہایت طاقت سے کھینچے جس سے کہ وہ درخت رگوں کو چیرتا ہوا گوشت کو نوچتا ہوا باہر نکلے یہ وہ چیزیں ہیں کہ جن کے خیال سے انسان دنیا سے بے رغبت ہو جاتا ہے۔ (تفسیر روح البیان)

| |
|---|
| قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ قَلْبِكَ |
| فرما دو وہ جو کہ ہو دشمن جبریل پس تحقیق اس نے اتارا اس کو اوپر دل تمہارے کے |
| تم فرماؤ جو کوئی جبریل کا دشمن ہو تو اس (جبریل) نے تمہارے دل پر اللہ کے |
| بِإِذْنِ اللَّهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَبُشْرَىٰ |
| ساتھ حکم اللہ کے سچا کرنے والا واسطے اس کے درمیان دو ہاتھوں اس کے اور ہدایت اور خوشخبری |
| حکم سے یہ قرآن اتارا اگلی کتابوں کی تصدیق فرماتا ہے اور ہدایت و بشارت |
| لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ |
| واسطے ایمان والوں کے وہ جو کہ ہو دشمن واسطے اللہ کے اور فرشتوں اس کے اور رسولوں اس کے |
| مسلمانوں کو جو کوئی دشمن ہو اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں |

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۞ |
| اور جبریل کے اور میکال کے پس تحقیق اللہ دشمن ہے واسطے کافروں کے |
| اور جبریل اور میکال کا تو اللہ دشمن ہے کافروں کا |

تعلق : اس آیت کا گذری آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: یہ بھی ایمان یہود سے مایوسی کی ایک وجہ ہے کہ وہ قرآن تو کیا قرآن لانے والے جبریل کے بھی دشمن ہیں تو تمہارے دوست کیوں کر بن سکتے ہیں۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں بتایا گیا تھا کہ وہ زندگی اور عیش و آرام کے بڑے ہی خواہش مند ہیں۔ اب فرمایا گیا کہ ان کی خواہش مندی اس حد تک ہے کہ جو ان کے آرام کے خلاف احکام لائے جبریل اس کے بھی دشمن ہیں۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں یہود کی ایک جماعت کا ذکر تھا کہ وہ عذاب سے بچنے کے لئے دراز عمر چاہتے ہیں۔ حالانکہ درازی عمر عذاب سے بچا نہیں سکتی بلکہ ان کے لئے یہ چیز اور زیادہ باعث عذاب ہے کیونکہ وہ زیادہ عمر میں زیادہ گناہ کریں گے اب ان کی دوسری حماقت کا ذکر ہے۔ وہ یہ کہ یہ لوگ عذاب سے بچنے کے لئے عذاب لانے والے فرشتے حضرت جبریل کے دشمن ہیں۔ ان بے وقوفوں کو یہ خبر نہیں کہ اس دشمنی سے عذاب گھٹے گا نہیں اور زیادہ بڑھے گا کیونکہ اللہ والوں کی مخالفت عذاب کا باعث ہے۔ چوتھا تعلق: پچھلی آیتوں میں یہود سے کہا گیا تھا کہ تورات کے علاوہ اور باقی آسمانی کتابوں پر بھی ایمان لاؤ۔ وہ جواب دے سکتے تھے کہ ہم تورات اس لئے مانتے ہیں کہ بلاواسطہ رب کی طرف سے موسیٰ علیہ السلام کو ملی اور یہ قرآن جبریل کے واسطہ سے نازل ہوتا ہے۔ اور یہ جبریل ہمارے سخت دشمن ہیں ہم نہیں چاہتے کہ دشمن کا احسان اٹھائیں کہ اس کے لائے ہوئے قرآن کو مانیں۔ پانچواں تعلق: پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ بنی اسرائیل انبیاء کے دشمن آسمانی کتابوں کے دشمن اپنی موت کے دشمن۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ یہ تو بغیر دیکھے ہوئے حضرت جبریل کے دشمن ہیں۔ کہ قرآن کریم کو اس لئے نہیں مانتے کہ حضرت جبریل کا لایا ہوا ہے تو اے مسلمانو اگر یہ تمہارے دشمن ہیں تو ان سے کیا بعید ہے۔

شان نزول : تفسیر کبیر و عزیزی و روح البیان وغیرہ نے طبرانی اور بیہقی' مسند امام احمد وغیرہ سے روایت کی ہے کہ جب حضور علیہ السلام ہجرت فرما کر مدینہ تشریف لائے تو فدک کے ایک یہود کی جماعت اپنے سردار عبداللہ ابن صوریا کو لے کر امتحان کی غرض سے آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی ابن صوریا بولا کہ ہماری کتابوں میں نبی آخر الزمان کی چند علامتیں لکھی ہیں ہم چاہتے ہیں کہ وہ علامات دیکھیں فرمایا تحقیق کر لو وہ بولا بتایئے آپ کے سونے کا کیا حال ہے؟ فرمایا ہماری آنکھیں سوتی ہیں دل بیدار رہتا ہے بولا آپ نے سچ کہا۔ آخری نبی کی یہ علامت ہے پھر بولا اچھا چند باتیں دریافت کرتا ہوں جن کو نبی کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ فرمایا پوچھو: پوچھا کیا وجہ ہے کہ بچہ کبھی ماں کے ہم شکل ہوتا ہے اور کبھی باپ کے فرمایا کہ بچہ ماں اور باپ دونوں کی منی سے بنتا ہے مگر ان میں سے جس کی منی اوپر رہے یا جس کی منی رحم میں پہلے داخل ہویا جس کی منی زیادہ اور غالب ہو بچہ اسی کی شکل پر پیدا ہوتا۔ بولا بہت ٹھیک۔ اچھا بتایئے کہ بچے کا کون سا عضو باپ کی منی سے فرمایا ہڈی اور پٹھے باپ کی منی سے اور گوشت اور خون اور بال اور ناخن ماں کی منی سے بولا بالکل سچ ہے اچھا بتایئے کہ جنتیوں کو جنت میں پہلے کون سی غذا دی جائے گی فرمایا مچھلی اور بیل کا گوشت بعض روایات میں ہے کہ اور زمین کی روٹی بولا ٹھیک ہے۔ بتایئے کہ یعقوب علیہ

marfat.com
Marfat.com

وَجِبْرِيلَ وَمِيكٰلَ فَإِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۞

| |
|---|
| اور جبریل کے اور میکال کے پس تحقیق اللہ دشمن ہے واسطے کافروں کے |
| اور جبریل اور میکال کا تو اللہ دشمن ہے کافروں کا |

تعلق : اس آیت کا گذری آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: یہ بھی ایمان یہود سے مایوسی کی ایک وجہ ہے کہ وہ قرآن تو کیا قرآن لانے والے جبریل کے بھی دشمن ہیں تو تمہارے دوست کیوں کر بن سکتے ہیں۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں بتایا گیا تھا کہ وہ زندگی اور عیش و آرام کے بڑے ہی خواہش مند ہیں۔ اب فرمایا گیا کہ ان کی خواہش مندی اس حد تک ہے کہ جو ان کے آرام کے خلاف احکام لائے جبریل اس کے بھی دشمن ہیں۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں یہود کی ایک جماعت کا ذکر تھا کہ وہ عذاب سے بچنے کے لئے دراز عمر چاہتے ہیں۔ حالانکہ درازی عمر عذاب سے بچا نہیں سکتی بلکہ ان کے لئے یہ چیز اور زیادہ باعث عذاب ہے کیونکہ وہ زیادہ عمر میں زیادہ گناہ کریں گے اب ان کی دوسری حماقت کا ذکر ہے۔ وہ یہ کہ یہ لوگ عذاب سے بچنے کے لئے عذاب لانے والے فرشتے حضرت جبریل کے دشمن ہیں۔ ان بے وقوفوں کو یہ خبر نہیں کہ اس دشمنی سے عذاب گھٹے گا نہیں اور زیادہ بڑھے گا کیونکہ اللہ والوں کی مخالفت عذاب کا باعث ہے۔ چوتھا تعلق: پچھلی آیتوں میں یہود سے کہا گیا تھا کہ تورات کے علاوہ اور باقی آسمانی کتابوں پر بھی ایمان لاؤ۔ وہ جواب دے سکتے تھے کہ ہم تورات اس لئے مانتے ہیں کہ بلاواسطہ رب کی طرف سے موسیٰ علیہ السلام کو ملی اور یہ قرآن جبریل کے واسطہ سے نازل ہوتا ہے۔ اور یہ جبریل ہمارے سخت دشمن ہیں ہم نہیں چاہتے کہ دشمن کا احسان اٹھائیں کہ اس کے لائے ہوئے قرآن کو مانیں۔ پانچواں تعلق: پچھلی آیات میں ارشاد ہوا تھا کہ بنی اسرائیل انبیاء کے دشمن آسمانی کتابوں کے دشمن اپنی موت کے دشمن۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ یہ تو بغیر دیکھے ہوئے حضرت جبریل کے دشمن ہیں۔ کہ قرآن کریم کو اس لئے نہیں مانتے کہ حضرت جبریل کا لایا ہوا ہے تو اے مسلمانو اگر یہ تمہارے دشمن ہیں تو ان سے کیا بعید ہے۔

شان نزول : تفسیر کبیر و عزیزی و روح البیان وغیرہ نے طبرانی اور بیہقی، مسند امام احمد وغیرہ سے روایت کی ہے کہ جب حضور علیہ السلام ہجرت فرما کر مدینہ تشریف لائے تو فدک کے ایک یہود کی جماعت اپنے سردار عبداللہ ابن صوریا کو لے کر امتحان کی غرض سے آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی ابن صوریا بولا کہ ہماری کتابوں میں نبی آخر الزمان کی چند علامتیں لکھی ہیں ہم چاہتے ہیں کہ وہ علامات دیکھیں فرمایا تحقیق کر لو وہ بولا بتایئے آپ کے سونے کا کیا حال ہے؟ فرمایا ہماری آنکھیں سوتی ہیں دل بیدار رہتا ہے بولا آپ نے سچ کہا۔ آخری نبی کی یہ علامت ہے پھر بولا اچھا چند باتیں دریافت کرتا ہوں جن کو نبی کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ فرمایا پوچھو: پوچھا کیا وجہ ہے کہ بچہ کبھی ماں کے ہم شکل ہوتا ہے اور کبھی باپ کے فرمایا کہ بچہ ماں اور باپ دونوں کی منی سے بنتا ہے مگر ان میں سے جس کی منی اوپر رہے یا جس کی منی رحم میں پہلے داخل ہو یا جس کی منی زیادہ اور غالب ہو بچہ اسی کی شکل پر پیدا ہوتا۔ بولا بہت ٹھیک۔ اچھا بتایئے کہ بچے کا کون سا عضو باپ کی منی سے فرمایا ہڈی اور پٹھے باپ کی منی سے اور گوشت اور خون اور بال اور ناخن ماں کی منی سے بولا بالکل سچ ہے اچھا بتایئے کہ جنتیوں کو جنت میں پہلے کون سی غذا دی جائے گی فرمایا مچھلی اور بیل کا گوشت بعض روایات میں ہے کہ اور زمین کی روٹی بولا ٹھیک ہے۔ بتایئے کہ یعقوب علیہ

marfat.com
Marfat.com

السلام نے اپنے پر کون سی غذا حرام کی تھی اور کیوں کی تھی فرمایا ان کو عرق النساء کی بیماری تھی آپ نے نذر مانی کہ خداوند اگر مجھے اس بیماری سے نجات ملے تو میں اپنی مرغوب غذا یعنی اونٹ کا گوشت اور دودھ اپنے پر حرام کرلوں گا۔ بولا آپ کی تمام باتیں بالکل سچی ہیں۔ بس ایک بات اور بتا دیجئے تو میں اپنی جماعت کے ساتھ آپ پر ایمان لے آؤں گا' آپ پر وحی کون لاتا ہے۔ آپ کا رفیق و غمگسار کون فرشتہ ہے' فرمایا حضرت جبریل' یہ ہی سارے پیغمبروں پر وحی لاتے تھے اور یہی ان کے بھی رفیق تھے۔ بولا بس ہم ایمان نہ لائیں گے فرمایا کیوں بولا کہ جبریل تو یہود کا پرانا دشمن ہے اگر میکائیل قرآن لاتے ہوتے تو ہم ایمان لے آتے فرمایا اس نے تم سے کیا دشمنی کی۔ بولا ایک دشمنی نہیں بیسیوں رسالت ہمارے خاندان میں تھی اب انہی نے یہ عہدہ بنی اسمٰعیل کو دے دیا (2) ہمارے بزرگوں پر قسم قسم کے عذاب لانے والے یہی حضرت ہیں۔ ہمارے پیغمبر نے خبر دی تھی کہ ایک لڑکا بخت نصر عراق میں فلاں تاریخ کو پیدا ہوگا اور فلاں جگہ رہے گا۔ وہ بیت المقدس کو ویران اور بنی اسرائیل کو تباہ اور غارت کرے گا۔ ہمارے بزرگوں نے چند قاتل وہاں بھیجے تاکہ اسے کسی ترکیب سے قتل کردیں انہوں نے اس بچہ پر قابو بھی پالیا مگر انہی جبرئیل نے اسے بچایا جس پر اسی بخت نصر نے ہماری قوم کو ہلاک کرڈالا بتایئے ان سے بڑھ کر ہمارا دشمن کون ہے۔ اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی' تفسیر کبیر نے فرمایا کہ ایک روایت یہ بھی ہے' کہ عمر رضی اللہ عنہ کی زمین مدینہ منورہ سے باہر تھی آپ اکثر اس کی دیکھ بھال کے لئے جاتے اور وہاں سے قریب ہی یہودیوں کا ایک مدرسہ تھا آپ جب بھی اپنی زمین میں جاتے تو اس مدرسہ میں ضرور تشریف لے جاتے اور یہودیوں کے وعظ نصیحت سنتے اتفاقاً" ایک دن اسی مدرسہ میں اس وقت پہنچے جب کہ وہاں سارے یہود علماء جمع تھے۔ سب نے کہا مرحبا۔ ہم آپ سے بہت محبت کرتے ہیں اور غالباً" آپ بھی ہم سے محبت رکھتے ہیں۔ کیونکہ آپ کے سوا اور کوئی صحابی ہمارے مدرسہ میں نہیں آتا۔ فرمایا کہ اے یہودیو میں اس لئے نہیں آتا ہوں کہ مجھے تم سے کوئی محبت ہے یا اپنے دین میں کوئی شک۔ یا تمہارے دین کی طرف کچھ میلان ہے میں تو صرف اس لئے آتا ہوں کہ تمہاری کتابوں سے قرآن کی حقانیت اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل معلوم کرکے اپنا ایمان اور قوی کروں' الحمد للہ اتنے روز کی آمدورفت میں اپنے دین پر میرا یقین اور بڑھ گیا اور تمہاری بدنصیبی پر افسوس کرتا ہوں کہ تم توارت میں اس نبی کے ایسے فضائل دیکھ کر بھی ان پر ایمان نہیں لاتے تب ان یہود نے یہ تقریر کی کہ جبریل ہمارے دشمن ہیں کہ ہمارے راز تمہارے نبی تک پہنچا دیتے ہیں اور ہم پر ساری مصیبتیں انہیں کے ہاتھوں آئیں میکائیل ہمارے دوست ہیں کیونکہ وہ بارش اور رحمت لاتے ہیں آپ نے فرمایا کہ جبرئیل اور میکائیل کا بارگاہ الٰہی میں کیا درجہ ہے وہ بولے کہ دونوں بہت ہی مقرب بارگاہ ہیں دونوں پر تجلی الٰہی ہوتی ہے۔ جبریل داہنی طرف اور میکائیل بائیں طرف رہتے ہیں حضرت عمر نے فرمایا کہ تم جیسے گدھوں سے زیادہ بے عقل کون ہوگا۔ جب وہ دونوں مقبول بارگاہ ہیں پھر جو ایک کا دشمن ہے وہ دونوں کا دشمن اور جو دونوں کا دشمن وہ رب کا دشمن یہ کہہ کر آپ حضور کی خدمت میں روانہ ہوئے۔ ابھی راستہ ہی میں تھے کہ حضور پر اسی مضمون کی یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ جب حاضر بارگاہ ہوئے تو حضور نے فرمایا کہ اے عمر رب نے تیرے کلام کی موافقت فرمائی ہو سکتا ہے کہ یہ دونوں واقعات متصل ہوئے ہوں اور یہ دونوں ہی اس آیت کے شان نزول ہوں۔

marfat.com
Marfat.com

**تفسیر :** قل من کان یہ نہایت پر لطف کلام ہے کہنا تو یہ تھا کہ اے یہودیو تم خدا کے دشمن ہو مگر اس طرح کہا کہ جو دشمن جبریل کا ہے وہ ایسا ہے کیونکہ در پردہ بات ظاہر بات سے بہتر ہے جیسے کوئی ہمیں گالی دے تو ہم جواب میں کہیں گے کہ جو مجھے گالی دے گا میں اسے ماروں گا۔ خیال رہے کہ اس آیت کو قل سے فرمایا گیا کیونکہ یہاں حضرت جبریل سے دشمنی کا ذکر ہے تو ارشاد ہوا کہ اے حبیب اس کا جواب تم دو تمہارے مخالفین کو ہم جواب دیں گے اور جبریل علیہ السلام جواب دیں گے مگر ہمارے اور فرشتوں کے دشمنوں کو تم جواب دو کیونکہ یگانگت جو ہوئی شعر

قل کہہ کے اپنی بات بھی منہ سے تیرے سنی     اتنی ہے گفتگو تیری اللہ کو پسند

یہ لفظ "و" سے بنا ہے۔ جس کے معنے ہیں حد سے بڑھ جانا بروزن فعول لانے میں دو واؤ جمع ہوئے۔ ان میں ادغام ہو گیا چونکہ دشمن بھی حد سے بڑھ کر مخالفت کرتا ہے اس لئے اسے عدو کہتے ہیں جبریل لفظ عبرانی ہے یہ جبر اور ءیل سے بنا ہے۔ جبر کے معنے بندہ اور ءیل اللہ کا نام۔ جس کے معنے ہوئے اللہ کا بندہ بعض نے فرمایا کہ ان کا نام عبد اللہ ہے اور جبریل لقب ہے یہ لفظ چھ طرح پڑھا جاتا ہے۔ جبرءیل۔ جبرئیل۔ جبرائیل۔ جبرائیل اور جبرائیل۔ جبرین۔ تفسیر عزیزی نے فرمایا کہ جبریل اور میکائیل کا نام تو عبد اللہ ہے اور اسرافیل کا نام عبد الرحمٰن **فانہ نزلہ** بعض مفسرین نے فرمایا کہ اس شرط کی جزا پوشیدہ ہے اور ف' سے جزا کی علت ہے اور یہ ف تقلید رہے آیت کے معنی یہ ہوئے کہ جو جبریل سے دشمنی کرے وہ بڑا ہی بے وقوف ہے کیونکہ جبریل تو خدا کے حکم سے قرآن لاتے ہیں نہ کہ اپنی رائے سے بعض نے فرمایا کہ **فا** ہی جزا ہے اور کبھی جزا شرط کی علت ہوتی ہے جیسے کہا جاتا ہے کہ اگر آج اس نے تجھے مارا تو تو نے بھی کل اسے مارا تھا۔ اب آیت کے معنے یہ ہوئے کہ جو جبریل سے دشمنی کرے گا یا کرتا ہے وہ اس لئے کرتا ہے کہ انہوں نے آپ پر قرآن بحکم الٰہی اتارا ہے گویا قرآن اتارنا دشمنی کی وجہ ہے۔ **علی قلبک** اگرچہ نزول قرآن آپ کی ذات پر ہوتا تھا مگر چونکہ مضمون قرآن قلب سمجھتا ہے اس لئے اس کا ذکر کیا گیا۔ اس کی زیادہ تحقیق انشاء اللہ اعتراض وجواب میں آئے گی۔ **باذن اللہ** نزول کے متعلق ہے یعنی جبریل خود نہ لائے۔ بلکہ اللہ کے حکم سے لائے ان سے عداوت دراصل رب سے عداوت ہے ان بے وقوفوں کو یہ خبر نہیں کہ قرآن تو ان کے لئے بھی باعث رحمت ہے انہیں چاہئے تھا کہ اس سے خوش ہوتے کیونکہ اس میں تین صفتیں ہیں۔ پہلی یہ کہ **مصدقا لما بین یدیہ** ساری اگلی کتابوں کو سچا فرماتا ہے اگر یہ نہ آتا تو وہ سب غلط ہو جاتیں۔ دوسرے یہ کہ **ھدی** بمقابلہ اگلی کتب کے زیادہ کامل ہدایت دینے والا ہے کیونکہ اس کے احکام قیامت تک باقی ہیں۔ تیسرے یہ کہ **بشری للمؤمنین** مسلمانوں کو خوشخبری دینے والا اگر یہ بھی ایمان لے آئیں تو انہیں بھی بشارت دے ان کو چاہئے کہ جبریل امین کا احسان مانیں کہ وہ ان کے لئے ایسی اچھی کتاب لے آئے تفسیر خزائن العرفان نے اس جگہ فرمایا کہ اس میں اشارۃ" یہ بھی فرمایا گیا کہ وہ زمانہ گیا جب جبریل عذاب لاتے تھے اب تو بشارتیں لا رہے ہیں تم پھر بھی ان کی عداوت سے باز نہیں آتے یعنی پہلے حضرت جبریل کے دو کام تھے مسلمانوں کے لئے خوشخبریاں لانا اور کفار کے لئے عذاب۔ مگر اب سلطنت مصطفیٰ کا دور دورہ ہے اب ان کا کام صرف بشارت لانا ہی ہے۔ عذاب لانا بند ہو گیا خیال رہے کہ قرآن سارے عالم کے لئے ہدایت ہے کافروں کو ایمان کی مومنوں کو اعمال کی گنہگاروں کو توبہ کی نیکو کاروں کو بلندی درجات کی ہدایت دیتا ہے مگر بشارت صرف مومنوں کے لئے ہے لیکن ہم جیسے مومنوں کو مغفرت کی بشارت دیتا ہے کہ فرماتا ہے

marfat.com
Marfat.com

**لا تقنطوا من رحمة الله** صحابہ کو بلندی درجات کی بشارت دیتا ہے۔ فرماتا ہے **وکلا وعد الله الحسنی** اور حضور کو بشارت دیتا ہے **یا یھا النبی انا ارسلنک شاھدا** " الخ۔ غرض کہ اس کی ہدایتیں بھی مختلف ہیں اور اس کی بشارتیں بھی رنگ برنگی۔ یہاں تک ان کی حماقتوں کا ذکر ہوا۔ اب اس میں عداوت کا نتیجہ بیان ہو رہا ہے کہ فرمایا جارہا ہے **من کان عدو الله** جو اللہ کا دشمن ہو یا تو اس طرح کہ اس کی اطاعت نہ کرے یا یوں کہ اس کی رضا سے راضی نہ رہے یا اس طور کہ اس کے کسی فرشتہ کا مخالف **وملئکته و رسلہ** یا اس کے سارے فرشتوں اور سارے پیغمبروں کا دشمن ہو معلوم ہوا کہ ایک جبریل کی مخالفت ان سب کی دشمنی ہے **وجبریل و میکل** اور جبریل اور میکائیل کا دشمن ہو اگرچہ یہ دونوں بھی ملائکہ میں آ گئے تھے مگر چونکہ یہ دونوں سب فرشتوں میں افضل ہیں یا انہیں کا اس وقت تذکرہ تھا یا دشمنی یا دوستی انہیں سے ہی ہو سکتی ہے کیونکہ اسرافیل کا تعلق اس وقت دنیا سے ہے ہی نہیں اور عزرائیل سے کسی کو دشمنی نہیں بلکہ ان کا ڈر اور خوف ہے اور وہ بھی وحی کی وجہ سے نہیں بلکہ جان نکالنے کی وجہ سے اس لئے ان دونوں کا علیحدہ ذکر کیا گیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ جبریل کی دشمنی کے ساتھ میکائیل سے دوستی کبھی نہیں ہو سکتی کیونکہ ان دونوں کی ذمہ داریاں مشترک ہیں۔ خیال رہے کہ میکائیل کی بھی چند قرائتیں ہیں۔ میکال۔ میکائیل۔ میکائیل۔ میکئیل۔ میکئل۔ ان سب کے معنے ہیں عبداللہ یعنے اللہ کا بندہ میک کا معنے بندہ اور ئیل اللہ۔ ان عداوتوں کا نتیجہ یہ ہوگا۔ **فان الله عدو للکفرین** کہ اللہ کافروں کا دشمن ہے یہ لوگ تو عداوت کرکے رب کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے مگر خود یہ دشمنوں کے گروہ میں آکر اپنی دین و دنیا تباہ کریں گے۔

خلاصہ تفسیر : اے محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم ان بے وقوفوں یہودیوں کا ایک نامعقول عذر یہ بھی ہے کہ ہم قرآن کیسے مانیں اس کو تو جبریل لے کر آتے ہیں در حقیقت یہ عذر نہیں بلکہ نہ ماننے کا ایک بہانہ مگر ان کا منہ بند کرنے کے لئے آپ ان سے کہہ دو کہ جو جبریل کا دشمن ہے وہ در حقیقت رب کا دشمن ہے کیونکہ جبریل اپنی طرف سے نہیں بلکہ رب کے حکم سے آپ پر قرآن لاتے ہیں ان سے ناراضی رب کے حکم سے ناراضی ہے ان کو چاہئے تھا کہ جبریل کا احسان مانتے کیونکہ وہ ایسی کتاب لائے ہیں کہ جو اگلی کتابوں کو سچا کرتی اور سب کو ہر طرح کی ہدایت دیتی ہے اور مسلمانوں کو خوشخبریاں سناتی ہے ان کی مثال تو اس اندھے کی سی ہے کہ کنویں میں گر رہا تھا کسی آنکھ والے نے اس پر ترس کھا کر اسے وہاں سے ہٹا دیا۔ وہ اندھا بجائے شکرگزار ہونے کے الٹی گالیاں دے کہ تو نے میرا ہاتھ کیوں پکڑا اور ضد میں آکر کنویں میں چھلانگ لگا دے اس نے اپنا ہی نقصان کیا بچانے والے کا کچھ نہ بگاڑا اعلان عام فرما دو کہ جو کوئی اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کے پیغمبروں کا اور جبریل و میکائیل کا دشمن ہو گا تو وہ کافر ہے اور اللہ کافروں کا دشمن ہے۔ انہوں نے بہت سے کفر کر ڈالے خدا کے فعل پر اعتراض کیا۔ اس کے خاص بندوں کو دشمن جانا جبریل جو کہ فرشتوں کے سردار اور حاضر باش دربار ہیں ان سے مقابلہ کی ٹھانی تو الٹے مصیبت میں گرفتار ہوئے کہ خدا کے دشمنوں کی فہرست میں ان کا نام آ گیا۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: ایک اللہ سے عداوت سارے محکمہ ربانی بلکہ خود رب تعالیٰ سے عداوت ہے جس کا نتیجہ خود اپنی ہلاکت ہے دوسرا فائدہ: نبی کے لئے علم غیب ضروری ہے دیکھو ابن صوریہ نے علوم غیبیہ سے آپ کی نبوت آزمائی اور وہ باتیں پوچھیں جن تک ماہر طبیب اور کامل عقلمند کے ذہن کی رسائی نہیں اس پر

marfat.com
Marfat.com

حضور علیہ السلام نے یہ نہ فرمایا کہ میں تو مسئلے بتانے آیا ہوں۔ مجھے غیبی خبروں سے کیا تعلق بلکہ ایسے نفیس جواب دیئے جس سے اس کا منہ بند ہو گیا۔ تیسرا فائدہ: دنیا میں کوئی شخص حضور کے برابر عالم نہیں ہو سکتا کیونکہ تمام لوگ تو انسانوں سے سیکھ کر عالم بنتے ہیں مگر حضور انور نے تمام علوم خصوصاً" قرآن شریف اللہ تعالیٰ سے سیکھے کہ رب نے فرمایا نزلہ علی قلبک جبریل نے قرآنی علوم تمہارے دل پر اللہ کے حکم سے نازل کئے۔ جس سے تمام علوم تمہیں بغیر محنت حاصل ہو گئے چوتھا فائدہ: علمائے کاملین کو جائز ہے کہ مناظرہ کے لئے مندروں یا گرجوں یا یہودیوں کے کنیسوں میں جائیں اور اسلام کی حقانیت ثابت کرنے یا کفار کی تردید کے لئے ان کی کتابوں کا مطالعہ کریں مگر یہ انہیں علماء کے واسطے ہے جو حضرت فاروق جیسا قوی ایمان رکھتے ہوں عام لوگوں بلکہ عام علماء کو بھی بدمذہبوں کی کتابیں دیکھنا جائز نہیں ایسا نہ ہو کہ خود شبہ میں پڑ جائیں خاص علماء کو بھی مذکورہ صورتوں میں ہی جائز ہو گا بلا ضرورت ان کو بھی ایسی کتابیں پڑھنا حرام ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار عمر رضی اللہ عنہ کو بھی توراۃ کے دیکھنے سے منع فرمایا تھا دیکھو کتب احادیث۔ پانچواں فائدہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وہ شان ہے کہ کبھی ان کی رائے کے مطابق قرآنی آیتیں اترتی تھیں بلکہ بہت سے قرآنی احکام بھی ان کے حسب منشاء آئے۔ جن کا مختلف موقعوں پر ذکر کیا جائے گا۔ چھٹا فائدہ: حضرت جبریل باقی ملائکہ سے افضل ہیں اسی لئے اس آیت میں ان کا ذکر میکائیل سے پہلے ہوا (2) نیز یہ قرآن' وحی اور علم لائے جو کہ غذائے روح ہیں۔ حضرت میکائیل بارش وغیرہ لاتے ہیں۔ جس سے بدن کو بقا ہے اور روح بدن سے افضل ہے۔ اسی لئے اس کی غذا بھی بدن کی غذا سے افضل اور پھر حضرت جبریل بھی حضرت میکائیل سے افضل (3) نیز قرآن کریم نے حضرت جبریل کی صفت میں فرمایا مطاع ثم امین جس سے معلوم ہوا کہ حضرت جبریل مطاع اور باقی سارے فرشتے ان کے مطیع اور فرمانبردار (4) نیز حضرت جبریل کے ذمہ انبیاء کرام کی خدمت رہی اور دوسرے انتظام کرنے والے فرشتوں کے ذمہ عام مخلوق کی خدمت اور بڑے مخدوم کا خادم بھی بڑا ہوتا ہے۔ تفسیر عزیزی نے طبرانی کی ایک روایت بیان فرمائی کہ فرشتوں میں افضل حضرت جبریل اور پیغمبروں میں افضل حضرت آدم دنوں میں افضل جمعہ مہینوں میں افضل ماہ رمضان راتوں میں افضل شب قدر اور عورتوں میں افضل حضرت مریم ہیں پیغمبروں میں آدم علیہ السلام اس لئے افضل ہیں کہ وہ تمام پیغمبروں کی اصل ہیں۔ جیسے کہ روئی کپڑوں کی اصل اس لئے سب سے افضل یا جڑ پھول و پھل کی اصل اس لئے ان سے افضل اور آدم علیہ السلام اس لئے افضل ہیں کہ وہ تمام پیغمبروں کی جڑ ہیں۔ مگر درجہ اور قیمت میں پھول پھل جڑ سے اعلیٰ ہے اور قیمتی کپڑے روئی سے بڑھ کر ایسے ہی حضور علیہ السلام درجات اور تقرب میں آدم علیہ السلام سے کہیں افضل ہیں۔ ساتواں فائدہ: رافضی بہت سی باتوں میں یہود سے ملتے جلتے ہیں یہود نے نبوت بنی اسرائیل سے خاص سمجھی انہوں نے خلافت بارہ اماموں سے اور یہود نے پیغمبروں کو خدا کا بیٹا مان لیا اور بعض کو گالیاں دیں اور ایذائیں پہنچائیں رافضی نے بھی ایک خلیفہ یعنی حضرت علی کو خدا اور رسول سے بڑھ کر سمجھا اور باقی خلفاء پر تبرے کئے عام رافضی حضرت علی کو حضور سے افضل سمجھتے اور کہتے ہیں۔ مصرع مگر اپنے سے بڑھ کر ڈھونڈ کر داماد کرتے ہیں۔ نصیری فرقہ نے انہیں خدا مانا' عام رافضی یہ شعر پڑھا کرتے ہیں۔

دکھا دو یا علی جلوہ نصیری کے خدا تم ہو ۔۔۔ یہ آنکھیں طالب دیدار ہیں حاجت روا تم ہو

یہود نے کہا حضرت جبریل نے نبوت بنی اسمٰعیل کو دے دی' رافضی بھی کہتے ہیں کہ حضرت علی وحی کے اصل مقصود تھے

marfat.com
Marfat.com

بظاہر حضور پر آگئی یہودی بھی دعویٰ کرتے تھے کہ فرشتے آپس میں ایک دوسرے کے دشمن ہیں رافضی بھی دعویٰ کرتے ہیں کہ خلفاء راشدین ایک دوسرے کے دشمن تھے اور جیسے کہ ایک جبریل علیہ السلام سے دشمنی سارے ملائکہ رب سے دشمنی ہے ایسے ہی ایک صحابی سے عداوت رب سے عداوت ہے کہ خلفاء ثلاثہ کے مقابلہ میں خود جناب امیر علی مرتضیٰ دعویٰ خلافت نہ فرمائیں مگر یہ خیر خواہ سر پھوڑے مرے جاتے ہیں۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ قرآن حضور کے قلب پاک پر آتا تھا نہ تمام ذات پر جس سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن کا صرف مضمون ہی رب کی طرف سے ہے نہ کہ الفاظ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خود اپنے الفاظ ہیں کیونکہ الفاظ کان سے اور مضمون دل سے محسوس ہوتا ہے تو گویا بطور کشف قرآن کا القاہوتا تھا (بعض موجودہ بے دین) **جواب:** قرآن کے الفاظ و مضامین سب ہی رب کی طرف سے ہیں رب فرماتا ہے۔ **انا انزلنه قرانا عربیا** کہیں فرماتا ہے۔ **وهذا لسان عربی مبین** وغیرہ الفاظ ہی عربی فارسی ہوتے ہیں۔ نیز زبان سے الفاظ ہی ادا ہوتے ہیں نہ کہ مضمون اس اعتراض کے چند جواب ہیں ایک یہ کہ دل معنی کی طرح الفاظ کو بھی سمجھتا ہے اور کان تو محض آلہ ہے جیسے آنکھ کے سامنے ایک عینک قرآن کے نزول کے وقت کان سنتے تھے اور دل سمجھتا تھا دوسرے یہ کہ احادیث سے ثابت ہے کہ نزول وحی کے وقت حضور علیہ السلام پر غشی کی سی حالت طاری ہو جاتی تھی' اس وقت بلاواسطہ کان الفاظ قلب پر ہی وارد ہوتے ہوں گے' تیسرے یہ کہ عام لوگ تو قرآن پاک اولاً" کان سے سنتے ہیں اور بعد میں دل سے گویا کان دل کا راستہ ہیں۔ لیکن حضور علیہ السلام اولاً" دل سے اور بعدہ کان سے محسوس فرماتے تھے جو کہ بڑا کمال ہے (تفسیر عزیزی) سبحان اللہ یہ عجیب فرق ہے قرآن کریم بواسطہ جبریل حضور تک پہنچا اور دو واسطوں سے (حضرت جبریل اور نبی علیہ السلام) مسلمانوں تک تو گویا قرآن نبی پر بھی اترا اور امت پر بھی فرق یہ ہی ہوا کہ امت کے دلوں نے بذریعہ کان قرآن سمجھا اور حضور علیہ السلام کے کان مبارک نے دل کے ذریعہ سنا ہم نے اپنی کتاب جاء الحق میں یہ ثابت کیا ہے کہ حضور علیہ السلام نزول قرآن سے پہلے ہی عارف باللہ بلکہ اجمالاً" قرآن سے آگاہ تھے اس کی نفیس تحقیق وہاں ہی دیکھو **دوسرا اعتراض:** اس آیت میں قرآن کی تین صفتیں بیان ہوئیں۔ اگلا کتابوں کی تصدیق' ہدایت اور خوشخبری ان صفات میں یہ ترتیب کیوں رکھی گئی **جواب:** اس میں بڑا نکتہ ہے کلام سننے والے تین طریق سے اس کو سچا جانتے ہیں عام لوگ تو اس طرح کہ وہ ان کے بزرگوں کے کلام کے موافق ہو۔ محققین دلائل سے' وہمی لوگ لالچ سے چونکہ یہود میں تینوں قسم کے لوگ موجود تھے اس لئے یہ تینوں صفتیں اس ترتیب سے بیان کی گئیں۔ **تیسرا اعتراض:** حضرت جبریل سے دشمنی کرنا خلاف عقل ہے' اس لئے موجودہ یہودی بھی اس کا انکار کرتے ہیں۔ **جواب:** ان بے وقوفوں سے یہ حماقت کچھ بعید نہیں انہوں نے تو موسیٰ علیہ السلام سے نیا خدا بھی مانگا تھا۔ موجودہ یہودی اپنے اس عیب کو چھپاتے ہیں جو بے وقوف قوم کہ حضرت عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا مان سکتی ہے وہ حضرت جبریل سے دشمنی بھی کر سکتی ہے۔ **چوتھا اعتراض:** قرآن کریم پڑھا ہوا نازل ہوا اور پڑھی ہوئی چیز کان پر نازل ہوتی ہے نہ کہ دل پر لہذا قرآن دل پر نازل نہیں ہو سکتا **جواب:** اس کے چند جواب ہیں ایک یہ کہ الفاظ کو سنتے کان' میں مگر انہیں محفوظ دل رکھتا ہے اس نسبت سے فرمایا گیا کہ دل پر اتار الیعنی دل میں جمع فرمادیا سننا کان کا کام ہے قبول کرنا اور ماننا دل کا کام۔ کہا جاتا ہے تمہاری بات میرے دل میں اتر گئی دوسرے یہ کہ الفاظ

marfat.com
Marfat.com

قرآن کان پر نزول ہوئے مگر احکام قرآن و معنی و مسائل قرآن دل پر اترے جیسے اقیموا الصلوۃ کے الفاظ کان پر جب اترے تو رب کی طرف سے حضور نے یہ دل سے جان لیا کہ قائم کرنا کیا ہے اور صلوۃ کیا ہے اس کے مسائل کیا ہیں۔ تیسرے یہ کہ قرآن کے راز و رموز جو الفاظ سے ادا نہیں ہو سکتے وہ حضور کے دل پر نازل ہوئے دنیا میں لاکھوں چیزیں صرف سمجھ میں آتی ہیں الفاظ سے ان کی تعبیر نہیں ہو سکتی' جیسے بھوک پیاس سفیدی وغیرہ کہ انہیں جانتے سب ہیں مگر لفظوں میں بیان نہیں ہو سکتے۔

تفسیر صوفیانہ : تمام گناہوں سے بدتر گناہ اللہ والوں کی عداوت ہے اور تمام کفر میں بدترین کفر وہ جو محبوبان خدا کی عداوت کے سبب ہو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ قلب قابل فیضان نہیں رہتا اور ایسے بے دین کا رب بھی دشمن ہے صرف دو مجرموں کو حق تعالیٰ نے اعلان جنگ دیا ہے ایک سود خوار اور دوسرے محبوبان الٰہی کا دشمن۔ اس لئے چاہئے کہ ان دونوں بیماریوں سے خاص طور پر ڈریں محب گناہگار کی بخشش ہو جائے مگر دشمن عابد کی بخشش ناممکن ہے بلکہ حق یہ ہے کہ محبت کا کافر کچھ فائدے میں رہتا ہے مگر عداوت کا کافر ہر طرح خسارے میں ہے عیسائی کافر محبت ہیں دنیا میں سلطنت کر رہے ہیں۔ یہودی عداوت کے کافر دنیا میں ہمیشہ ذلیل ہی رہیں گے۔

| |
|---|
| وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ ۚ وَمَا یَکْفُرُ بِهَآ اِلَّا |
| اور البتہ تحقیق اتاری ہم نے طرف تمہاری نشانیاں ظاہر اور نہیں کفر کریں گے |
| اور بے شک ہم نے تمہاری طرف روشن آیتیں اتاریں اور ان کے منکر نہ ہوں گے |
| الْفٰسِقُوْنَ ۝۹۹ |
| ساتھ ان کے منکر نہ ہوں گے مگر فاسق لوگ |
| مگر فاسق لوگ |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: اس سے پہلے یہود کا قلبی اندھا ہونا بیان ہوا تھا کہ وہ عداوت جبریل میں ایسے اندھے ہوئے کہ اس کی وجہ سے قرآن جیسی فائدہ مند کتاب کے منکر ہو گئے اب ان کا آنکھ کا اندھا ہونا بتایا جا رہا ہے کہ قرآنی آیتیں ایسی ظاہر ہیں کہ اندھوں کو بھی نظر آ جائیں مگر ان کو نظر نہیں آتیں۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں فرمایا گیا تھا کہ حضرت جبریل نے آپ پر قرآن ہمارے حکم سے اتارا اب فرمایا جاتا ہے کہ بلکہ ہم نے ہی اتارا وہ تو فقط ایک قاصد ہیں۔ یہود کو ہم سے کیا عداوت ہے جو ہماری کتاب نہیں مانتے۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت سے معلوم ہوا کہ یہود عداوت جبریل کے سبب قرآن کے منکر ہیں اب فرمایا جا رہا ہے کہ ہم نے تو قرآن کے سوا اور صدہا آیات یعنی معجزات بلاواسطہ

marfat.com
Marfat.com

جبریل آپ پر اتارے ہیں۔ یہ لوگ ان کے کیوں منکر ہیں۔ ان میں تو جبریل کا واسطہ بھی نہیں۔ **چوتھا تعلق:** یہود نے اپنے انکار کی وجہ عداوت جبریل بتائی اس آیت میں ان کی تردید ہے کہ نہیں بلکہ اس کی وجہ ان کا ذاتی فسق اور بے دینی ہے۔

**شان نزول :** اسی ابن صوریہ نے ایک دفعہ عرض کیا تھا کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ ہمارے پاس کوئی ایسی چیز نہ لائے جسے ہم پہچانتے اور نہ آپ پر کوئی ظاہری آیت اتری جسے ہم دیکھتے اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ تفسیر کبیر نے فرمایا کہ ایک دفعہ معاذ ابن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے یہودیو پہلے تم اہل کتاب تھے اور ہم مشرک تم نے ان نبی آخر الزمان کی تعریفیں سنا سنا کر ہمیں ان کا شیدائی بنا دیا رب کی شان کہ ہم نے اور تم نے ان کو پا بھی لیا تو تمہاری بتائی ہوئی صفتوں سے ہم ان پر ایمان لے آئے تم کیوں محروم رہ گئے اس پر یہود نے کہا یہ تورات کی یہ بتائی ہوئی نشانی لے کر نہ آئے جس سے ہم ان کو نبی مانیں تب یہ آیت اتری ہو سکتا ہے کہ یہ دونوں واقعات ہوئے ہوں کہ ادھر تو ابن صوریا نے حضور سے عرض کیا ہو اور ادھر دوسرے یہود نے معاذ ابن جبل سے اور تب یہ آیت اتری ہو۔

**تفسیر :** **ولقد انزلنا الیک** انزال کے معنے ہیں ایک دم اتارنا۔ سارا قرآن تو ترتیب وار اترا۔ لیکن اس کے بعض رکوع ایک دم اترے ہیں۔ اس لئے یہاں انزلنا فرمایا گیا۔ نیز ہر رمضان میں جبریل امین پورا قرآن سناجاتے تھے اس لحاظ سے انزلنا فرمایا گیا یا رب تعالیٰ نے آپ پر اتارنے کے لئے سارا قرآن ایک دم پہلے آسمان کی طرف اتار دیا پھر وہاں سے فرشتہ کے ذریعے ترتیب وار آتا رہا تو گویا بلاواسطہ تو ایک دم اترا اور بالواسطہ آہستہ یا آیات سے مراد معجزات ہیں۔ **ایت بینت** آیات آیت کی جمع ہے جس کے معنی ہیں نشانی یا علامت چونکہ قرآن کا ہر جملہ رب تعالیٰ کی نشانی ہے۔ اس لئے اسے آیت کہتے ہیں اور قرآن میں بہت سی آیتیں ہیں اس لئے آیات فرمایا گیا۔ یا قرآن کی ہر آیت صدہا طریق سے حضور کی نبوت ثابت کر رہی ہے۔ اس لئے آیت کو آیات کہا گیا۔ فصاحت، بلاغت، غیب کی خبر، توحید و نبوت کے دلائل، احکام، مسائل قریب قریب ہر آیت میں موجود ہیں یا آیات سے مراد معجزات ہیں۔ بنیات کے معنے ہیں ظاہر اور کھلے ہوئے کیونکہ اس کا معجزہ ہونا عام لوگ معلوم کر چکے تھے۔ اس لئے اسے بینات کہا گیا یعنی ہم نے آپ پر کھلی ہوئی نشانیاں اتاریں، **وما یکفر بھا** کسی میں جرات اور ہمت نہیں کہ ان کا انکار کرے **الا الفسقون** جو حد انسانیت سے نکل چکے ہیں، فاسق فسق سے بنا ہے۔ جس کے معنے ہیں نکل جانا جیسے کہ وہ مسلمان فاسق کہلائے گا جو گناہ کبیرہ کر کے تقویٰ کی حد سے نکل جائے ایسے ہی کافر کو بھی اس لئے فاسق کہا جاتا ہے کہ وہ حد ایمانی یا حد انسانی سے نکلا ہوا ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ جہاں قرآن کریم فسق کو کفر کے ساتھ جمع فرماتا ہے تو اس سے بدترین کفار مراد ہوتے ہیں۔ **خلاصہ تفسیر:** اے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے آپ پر وہ قرآن اتارا جو ہماری وحدانیت اور آپ کی نبوت پر کھلی ہوئی دلیل ہے ان کا کوئی بھی بے علمی اور نادانی یا کسی شبہ سے انکار نہ کرے گا۔ بلکہ محض خباثت نفس سے یا یوں کہو کہ اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر یہود جبریل کی وجہ سے قرآن کو نہیں مانتے تو ہم نے تو قرآن کے علاوہ اور بہت سے معجزات بھی اتارے ہیں آپ کے فراق میں ستون رویا آپ سے درختوں نے کلام و سلام کیا آپ سے اونٹوں نے شکایت اور ہرنوں نے اپنے دکھ کی حکایت کی آپ کے اشارۂ انگشت سے چاند پھٹا، سورج لوٹا، انگلیوں سے پانی کے چشمے پھوٹے، تھوڑے کھانے سے بڑی خلقت سیر ہوئی ان باتوں کو دیکھتے ہوئے پھر یہ کیوں آپ کے منکر ہیں معلوم ہوا کہ جبریل کا فقط بہانہ ہے ان کا

marfat.com
Marfat.com

نفس ہی خبیث ہے۔ خیال رہے کہ نبوت نبی کی ان کے معجزات سے معلوم ہوتی ہے۔ اور نبی کی پہچان کے بعد کتاب اللہ کو پہچانا اور مانا جاتا ہے۔ نبوت کی پہچان کتاب اللہ کے ماننے پر موقوف نہیں اس لئے بہت سے نبی ایسے بھی گزرے جن کے پاس کتاب اللہ تھی ہی نہیں اور بہت سے وہ ہوئے جن کے پاس پرانی کتاب تھی وہاں ان کی نبوت ان کے معجزات سے معلوم ہوئی فرمایا جارہا ہے کہ تم قرآن کو تو پیچھے مانناپہلے اس محبوب کو ان کے معجزات کے ذریعے سے تو مان لو ان معجزات میں تو جبریل کا واسطہ نہیں تعجب ہے کہ تم قرآن کے بہانے سے نبی پر ایمان نہیں لاتے اس توجیہ پر یہ آیت بہت باریک ہوگی۔

تفسیر صوفیانہ : قرآن و کفار کی مثال ایسی ہے جیسے کہ اندھیری کوٹھڑی میں خوبصورت اور بدشکل لوگ جمع تھے بدصورت اپنے حسن کی تعریف کر رہا تھا' وہ سمجھتا تھا کہ اس اندھیرے میں مجھے کون دیکھ رہا ہے جو چاہوں اپنی زور زبان سے منوالوں کہ اچانک وہاں شمع آگئی' یہ تیز زبان بدصورت اس کو اٹھ کر پھونکیں مارنے اور اس میں عیب نکالنے لگا۔ اس کی وجہ یہ نہیں کہ شمع بری ہے وجہ یہ ہے کہ اس بیبی کو اپنے عیب کھلنے کا اندیشہ ہے۔ اسی طرح سعید و شقی روحیں تاریک دنیا میں جمع تھیں مگر شقی اپنی تیز زبانی سے اپنی سعادت کے خطبے پڑھ رہے تھے کہ اچانک اللہ کا نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایک روشن شمع (قرآن) لے کر دنیا میں تشریف لائے جس روشنی میں ہر چیز صاف نظر آنے لگی۔ کفار نے اپنا کفر و فسق چھپانے کے لئے اس میں صدہا قسم کے عیب نکالنے شروع کر دیئے اور چاہا کہ اس شمع کو بجھادیں مگر رحمانی شمع انسانی پھونک سے کبھی نہیں بجھ سکتی۔ آج تک قرآن کے ہزاروں دشمن ہیں مگر قرآن دن بدن ترقی کر رہا ہے کسی صوفی نے کیا خوب کہا۔

شمع رخشندہ دراں جمع نہ خواہند کہ تا    عیب شان در شب تاریک بماند مستور
وائے آں وقت کہ روشن شود ایں راز چوں روز    پردہ برخیزد و ایں حال بیاید بظہور

چمگادڑ کی آنکھ چاہتی ہے کہ آفتاب نہ نکلے مگر آفتاب نکل کر ہی رہتا ہے۔

| |
|---|
| اَوَ كُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ؕ بَلْ |
| کیا اور جب کبھی عہد کیا انہوں نے کوئی عہد پھینک دیا اس کو ایک گروہ نے ان میں سے بلکہ بہت سے |
| اور یا جب کبھی کوئی عہد کرتے ہیں ان میں سے ایک فریق اسے پھینک دیتا ہے بلکہ ان میں بہتیروں کو |
| اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۞ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ |
| ان کے نہیں ایمان لاتے    اور جب کہ آیا ان کے پاس پیغمبر پاس سے |
| ایمان نہیں    اور جب ان کے پاس تشریف لایا اللہ کے یہاں سے ایک رسول ان کی کتابوں |
| عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ |
| اللہ کے سچا کرنے والا واسطے اس کے جو ساتھ ہے انکے تو پھینک دیا ایک گروہ نے ان میں سے |
| کی تصدیق فرماتا تو کتاب والوں میں سے ایک گروہ نے اللہ کی کتاب |

marfat.com
Marfat.com

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوْتُوا الْكِتٰبَ | كِتٰبَ | اللّٰهِ | وَرَآءَ | ظُهُوْرِهِمْ | كَاَنَّهُمْ |
| جو دیئے گئے کتاب | کتاب | اللہ کی | پیچھے | پیٹھوں اپنی کے | |
| اپنی پیٹھ کے | | | پیچھے پھینک دی | | گویا وہ کچھ |

| |
|---|
| لَا يَعْلَمُوْنَ * |
| گویا وہ نہیں جانتے |
| علم ہی نہیں رکھتے |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق: پہلے فرمایا گیا تھا کہ یہود عداوت جبریل کی وجہ سے نہیں بلکہ اپنی خباثت کی وجہ سے آیات کا انکار کرتے ہیں اب اس دعویٰ کا نہایت قوی ثبوت دیا جارہا ہے کہ عہد شکنی ان کا عام دستور ہے۔ بتاؤ یہ عہد کا کیوں انکار کرتے ہیں ان میں تو حضرت جبریل کا واسطہ نہیں۔ معلوم ہوا کہ ان کے نفس ہی خبیث ہیں۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں یہود کا آیات الٰہی کے انکار کا ذکر ہوا تھا۔ اللہ کی آیتوں میں کفار شک بھی کرتے مگر اب ان کی عہد شکنی کا ذکر ہے۔ جو کہ ہر مذہب وملت میں برا ہے تو گویا اس میں اعلیٰ کی طرف ترقی ہے۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت سے معلوم ہوا تھا کہ وہ یہود تورات کو اس لئے مانتے ہیں کہ بغیر واسطہ جبریل آئی۔ اب بتایا جارہا ہے کہ یہ تو خود تورات کو بھی پس پشت ڈال چکے اس کے بھی عامل نہ رہے معلوم ہوا کہ جبریل کا بہانہ ہے اصل وجہ فسق وفجور ہے۔

شان نزول : ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود کے بڑے عالم مالک ابن سیف اور اس کی جماعت کو حق تعالیٰ کے وہ عہد وپیان یاد دلائے جو کہ تورات میں نبی آخر الزمان پر ایمان لانے کے متعلق لئے گئے تھے تو ابن سیف نے ان کا صاف انکار کردیا کہ ہم سے اس کے متعلق کوئی عہد نہیں لیا گیا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی (تفسیر خزائن العرفان) خیال رہے کہ بعض گناہ گذشتہ چھپے گناہوں کو ظاہر کریدتے ہیں اور گذشتہ نیکیوں کو چھپالیتے ہیں اور بعض نیکیاں گذشتہ چھپی نیکیوں کو ظاہر کردیتی ہیں اور گناہوں کو چھپالیتی ہیں۔ یزید پلید نے نماز روزے صدقات جہاد کئے تھے مگر واقعہ کربلا نے اس کے یہ سب اعمال چھپا لئے اور اس کے سارے چھپے عیب زنا شراب خوری وغیرہ دنیا میں مشہور کردی۔ صحابہ کرام کی صحابیت نے ان کے زمانہ جاہلیت کے سارے عیب چھپالئے اور ان کی گذشتہ ساری نیکیاں ظاہر کردیں۔ اسی طرح ان بنی اسرائیل کی عداوت جناب مصطفیٰ نے ان کی گذشتہ نیکیاں تو چھپالیں مگر ان کی بد عہدیاں اور دیگر قصور دنیا کے سامنے کردیئے اگر یہ لوگ حضور پر ایمان لے آتے تو معاملہ برعکس ہوتا۔ اس لئے رب نے پہلے تو ان کی گذشتہ بدعہدیوں کا ذکر کیا پھر **لما جاء هم** سے اس جرم کا جس نے ان کے سارے جرم کھلوا دیئے رب کی پناہ۔

تفسیر : **او کلما** یہاں ایک فعل پوشیدہ ہے یا تو **او** کے بعد یا ہمزہ کے بعد اور واؤ سے پہلے یعنی **او لم یکن فلک کلما** اور کیا یہ نہیں ہوا کہ جب بھی انہوں نے عہد کیا تو توڑ دیا اور اگر ہمزہ اور واؤ کے درمیان فعل پوشیدہ ہو تو یا یہ واؤ حالیہ ہے یا عاطفہ یعنی **ینکرون ذالک وکلما** الخ کیا یہود اپنے فسق کا انکار کرسکتے ہیں حالانکہ ہر عہد توڑتے رہے یا **اکفروا بالایات**

marfat.com
Marfat.com

و کلما کیا انہوں نے واضح آیتوں کا بھی انکار کیا اور ہر عہد بھی توڑا غرضکہ یہ سوال تو تعجب کا ہے یا انکاری۔ عهدوا عهدا عاهدوا معاہدہ سے بنا ہے۔ جس کے معنے ہیں آپس میں عہد و پیمان کرنا عہداً یا تو مفعول مطلق ہے یا مفعول اور اس عہد سے یا تو رب کا عہد مراد ہے کہ اس نے یہود سے توراۃ پر عمل کرنے انبیاء کی اطاعت کرنے آپس میں خونریزی نہ کرنے اور نبی آخر الزمان پر ایمان لانے کا عہد لیا تھا مگر انہوں نے وہ سارے عہد توڑ ڈالے یا نبی علیہ السلام کا عہد جو یہود مدینہ بنی قرنطہ اور بنی نضیر نے حضور سے کیا تھا کہ ہم آپ کے دشمنوں کی آپ کے مقابل کبھی مدد نہ کریں گے۔ مگر خندق وغیرہ کے موقع پر عہد شکنی کر کے مشرکین مکہ کی خوب مدد کی اس کے علاوہ بھی مسلمانوں کی خفیہ خبریں کفار قریش کو بھیجتے رہے یا موسیٰ علیہ السلام کا عہد مراد ہے کہ یہود نے ان سے صدہا عہد کئے اور توڑ دیئے یا مسلمانوں کا عہد یا خود ان کے آپس کا عہد کہ یہود اپنے کسی وعدے کے پابند نہ تھے عہد شکنی ان کی عادت ہو چکی تھی حالانکہ اس کو ہر دین و ملت برا کہتا ہے۔ نبذه فريق منهم ان میں سے ایک گروہ اس عہد کو پس پشت پھینک دیتا ہے نبذ سے یہ بتایا کہ یہود اپنے عہدوں کا ذرا بھی پاس اور لحاظ نہیں کرتے پیٹھ پیچھے کی چیز بالکل نظر نہیں آتی' دائیں بائیں کی کچھ نظر تو آتی ہے تو انہوں نے عہد دائیں بائیں نہ پھینکا کہ کچھ دکھائی بھی دے بلکہ پیچھے پھینکا کہ بالکل نظر ہی نہ پڑے۔ فریق سے یہ بتایا کہ عہد شکنی سارے یہود کا طریقہ نہیں ان میں سے بعض نہایت وفادار ہیں جیسے کہ سیدنا عبداللہ ابن سلام وغیرہ' فریق چھوٹی یا بڑی جماعت کو کہتے ہیں یہ لفظ فرقۃ سے بنا ہے اس کے لفظی معنے ہم پہلے بتا چکے ہیں۔ بل اکثرهم لا يؤمنون لفظ فریق سے شبہ ہوتا ہے کہ شاید بد عہد بہت تھوڑے یہودی ہوں گے لہذا بل فرما کر فرمایا اکثرهم نہیں ان میں بد عہد بہت ہیں پھر بھی شبہ تھا کہ شاید یہود بد عہدی کو جرم اور اپنے کو مجرم سمجھے ہوں گے فرمایا نہیں بلکہ لا يؤمنون وہ پابندی عہد پر ایمان نہیں لاتے یعنی اس عیب کو عیب نہیں بلکہ ہنر سمجھتے ہیں یا توراۃ کی ان آیات ہی کو نہیں مانتے جن میں وفاء عہد کا حکم ہے یا توراۃ ہی پر ایمان نہیں رکھتے پھر پابندی عہد کا کیا ذکر ہے۔ ولما جاءهم رسول منجملہ اور عہد خلافیوں کے ایک بڑی وعدہ خلافی یہ ہے کہ جب کہ ان کے پاس وہ بڑے رسول تشریف لائے جن میں چند خاص صفات تھیں ایک یہ کہ من عند الله وہ رب کے پاس سے آئے اور بادشاہ کے پاس سے آنے والے حاکم کا بہت ادب و لحاظ چاہئے کہ اس کی مخالفت دراصل بادشاہ کی توہین ہے مگر انہوں نے اس کی کوئی پرواہ نہ کی دوسری صفت یہ ہے مصدق لما معهم وہ پیغمبر خود ان کی کتابوں ان کے پیغمبروں کو سچا کرتے ہیں کہ انہوں نے ان کی آمد کی پیشین گوئی کی تھی اگر یہ نہ آتے تو یہ خبر جھوٹی ہو جاتی ان کے آنے سے وہ سچے ہوئے یا یہ پیغمبر ان کو سچا کہتے ہیں یا ان پیغمبر کی برکت سے تمام دنیا میں اگلی کتابوں اگلے پیغمبروں کی صداقت کے قیامت تک خطبے پڑھے جائیں گے۔ خیال رہے کہ رب نے تمام مخلوقات کے لئے خلق ارشاد فرمایا مگر نبیوں اور حضور کے لئے جاء فرمایا کیونکہ ہم پہلے کچھ نہ تھے دنیا میں آ کر سب کچھ ہوئے مگر وہ حضرات پہلے ہی سب کچھ تھے رب کے عابد' مومن' عارف تھے وہاں سے سیکھ کر یہاں آئے یہاں سکھانے آئے نیز دوسری جگہ ارشاد ہوا لقد جاءكم رسول یہاں فرمایا ولما جاءهم رسول وہاں دوستوں کے پاس آنے کا ذکر تھا یہاں دشمنوں کے پاس آنے کا ذکر ہوا معلوم ہوا کہ وہ دوست دشمن سب کے پاس آئے بارش ہر قسم کی زمین پر برستی ہے خواہ زمین گندی ہو یا ستھری' رسول فرما کر ارشاد ہوا کہ دنیا میں رسالت کی شان لے کر آئے اور معراج میں رب کے پاس عبودیت کی ادا سے گئے اس لئے یہاں عبدہ ارشاد ہوا لہذا رب اسے عبد کہے اور مخلوق

marfat.com
Marfat.com

اپنا رسول نبی کہے وہاں کے لئے وہ لقب یہاں کے لئے یہ لقب مگران بد نصیبوں نے ان سے یہ سلوک کیا کہ **نبذ فریق من الذین اوتوا الکتب** مشرکین کفار کی کیا شکایت خود وہ لوگ جنہیں کتاب الٰہی ملی اور جن کو اس کی خبر تھی ان میں سے ایک گروہ نے پھینک دیا۔ **کتاب اللہ وراء ظھورھم** اللہ کی کتاب کو پیٹھوں کے پیچھے کہ اس پر کوئی توجہ ہی نہ کی خیال رہے کہ **اوتوا الکتب** سے یا تو علمائے یہود مراد ہیں جنہیں تورات کا علم تھا یا عام یہود اور کتاب اللہ سے یا تو قرآن کریم مراد ہے کیونکہ اس کے کتاب الٰہی ہونے کا ان کو بھی یقین تھا یا تورات شریف امام سدی فرماتے ہیں کہ یہود نے تورات کا قرآن سے مقابلہ کیا تو مطابق پایا قرآن کریم کی جلن میں تورات کو بھی چھوڑ دیا کہ ہم وہ کام نہ کریں گے جو قرآنی احکام کے موافق ہوں (تفسیر خزائن العرفان) پیٹھ پیچھے کی کتاب بالکل نظر نہیں آتی انہوں نے بھی تورات پر بالکل نظر نہ کی اور ایسے انجان بنے کہ **کانھم لا یعلمون** گویا وہ قرآن اور تورات کو جانتے ہی نہیں۔ سفیان ثوری فرماتے ہیں کہ یہود تورات شریف کو حریر و ریشم کے غلاف میں لپیٹتے اور اس کو سنہری روپہلی رنگوں سے زینت دیتے تھے مگر اس کے احکام پر عمل نہیں کرتے تھے اس لئے رب نے فرمایا کہ انہوں نے تورات کو پھینک دیا۔

**خلاصہ تفسیر** : یہود کے چار فرقے تھے ایک تو صحیح معنے میں توریت پر عامل تھے جو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے جیسے ابن سلام اور کعب احبار رضی اللہ عنہم اسی لئے قرآن نے فریق فرمایا کہ منکر سب نہیں ہیں بلکہ ایک گروہ ہے مگر یہ بہت تھوڑے اس لئے فرمایا گیا **بل اکثرھم لا یؤمنون** دوسری وہ جماعت جنہوں نے علانیہ عہد شکنی اور سرکشی و بغاوت کی ان کے لئے فرمایا **نبذہ فریق منھم** تیسرے وہ جہلا جنہوں نے بے علمی اور علماء کے بہکانے سے تورات سے منہ موڑا ان کے لئے فرمایا **بل اکثرھم لا یؤمنون** چوتھے وہ جو دیدہ دانستہ جاہل بن گئے اور نبی آخر الزمان کو پہچان کر بے خبری ظاہر کرنے لگے ان کے لئے فرمایا گیا **کانھم لا یعلمون** ان میں سے پہلا فرقہ تو ناجی ہے باقی تینوں ناری۔ مگر جس کا جیسا جرم ویسی ہی سزا فرمایا جارہا ہے کہ اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم یہ حضرت جبریل کا بہانہ کر رہے ہیں ان کی تو یہ حالت ہے کہ سواء چند مخلص لوگوں کے باقی سب نے اپنے عہد و پیان توڑ دیئے کسی نے کھلے بندوں کسی نے خفیہ کسی نے جہالت سے کسی نے جاہل بن کر یہ لوگ ایسے گندے عذر کہاں کہاں کریں گے آپ ان کی بکواس پر دھیان نہ دیں اللہ کے عہد انہوں نے توڑے رسولوں کے عہدوں کا انہوں نے خیال نہ کیا آپس کے عہد و پیان توڑنے میں یہ بڑے ماہر کتاب اللہ کو پس پشت انہوں نے ڈال دیا قرآن کریم کی جلن میں تورات کو انہوں نے پھینک دیا۔ پھر ایسی ہٹ دھرم قوم کا کیا ٹھکانہ ہے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** وعدہ خلافی کرنا سخت جرم ہے اور نبی سے وعدہ خلافی کرنا اور بھی بہت سخت اور رب سے بے وفائی کرنا بڑا ہی سخت جرم ہے جس کی بات ٹھیک نہیں اس کا باپ کا ٹھیک نہیں **دوسرا فائدہ** : عالم بے عمل اور جاہل برابر ہیں بلکہ ایسے عالم کی سزا سخت ہے کیونکہ جاہل تو کسی قدر معذور بھی ہے اسی لئے بزرگان دین فرماتے ہیں کہ زبانی وعظ صرف کان تک اور دل کا وعظ دل تک پہنچتا ہے یعنے بے عمل عالم کا وعظ اثر نہیں کرتا۔ لوگ سن کر بھول جاتے ہیں۔ **تیسرا فائدہ:** اگر کتاب اللہ پر عمل نہ ہو تو اس کا چومنا چاٹنا ظاہری طور پر اس کو پڑھنا بیکار ہے جیسا کہ ان یہودیوں کے حال سے معلوم ہوا کہ بغیر عمل توریت کی تعظیم ان کے لئے کچھ کام نہ آئی اگر طبیب کا نسخہ ستھرے غلاف میں لپیٹ

marfat.com
Marfat.com

کرر کھاجائے روزانہ اس کو پڑھ لیاجاوے مگر اس پر عمل نہ ہو کبھی فائدہ نہ دے گامگر خیال رہے کہ یہ حکم ان لوگوں کے لئے ہے جو کہ کتاب اللہ کو حق نہ جانیں یا بے دھڑک اس پر عامل نہ رہیں جیسے کہ یہود کا حال ہے جو گنہگار مسلمان نادانی سے قرآن پاک پر پورا عمل نہیں کرتا پھر اپنے کو قصور مند مجرم جانتا ہے اس کے لئے قرآن پاک کی تعظیم اس کی تلاوت اس کو دیکھنا ضرور باعث ثواب ہے قرآن کریم کے ایک حرف پڑھنے میں دس نیکیاں ہیں محبوب کا نام لینے سے بیماری ہلکی پڑجاتی ہے پیارے کا دیدار شفاء بیمار ہے بعض دواؤں کے نام سے مرض دور ہو جاتا ہے۔ جس کی تحقیق ہم پہلے کر چکے ہیں۔ لہٰذا قرآن دیکھنا اس کا پڑھنا اس کی تعظیم سب فائدہ مند ہے یہ نہیں کہ جو عمل نہ کر سکے وہ تلاوت اور تعظیم بھی چھوڑ دے **چوتھا فائدہ:** حضور علیہ السلام اپنے ظہور سے پہلے رب کے حضور میں حاضر تھے کیونکہ فرمایا گیا **من عند اللہ** یہ رسول اللہ کے حضور سے آئے۔ حضور الٰہی سے وہ ہی آئے گا جو پہلے وہاں حاضر ہو گا۔ تفسیر روح البیان نے **لقد جاء کم رسول** کی تفسیر میں ایک حدیث نقل فرمائی کہ ایک بار حضور علیہ السلام نے جبریل امین سے پوچھا کہ تمہاری عمر کتنی ہے عرض کیا یہ تو مجھے خبر نہیں ہاں اتنا جانتا ہوں کہ ایک تارا ستر ہزار سال کے بعد طلوع کرتا تھا میں نے اس کو 72 ہزار مرتبہ نکلتے دیکھا ہے فرمایا وہ تارا ہمارا ہی نور تھا **پانچواں فائدہ:** ایک شب پھول کی صحبت میں رہ کر تل بھی مہک جاتے ہیں کہ ان کا تیل جس دماغ پر پہنچے اس کو بھی معطر کردے جو ذات کریم کہ کروڑوں سال رب کے حضور حاضر رہے اس کو کیا کچھ فیض نہ ملے ہوں گے اور پھر وہ صحابہ جنہوں نے اس ذات کریم کی صحبت پائی وہ کیونکر نہ چمکے ہوں گے رافضی صحابہ کرام کے کمالات کا انکار کر کے در حقیقت حضور علیہ السلام کی توہین کرتے ہیں اور دیوبندی حضور کے کمالات کے منکر ہو کر رب کے کمال کے منکر ہیں عالم کے پاس جاہل کچھ سال رہے تو عالم بن جائے مگر حضور علیہ السلام کی صحبت میں رہ کر صحابہ کرام بے فیض رہیں اور رب کے پاس رہ کر حضور علیہ السلام کو فیض حاصل نہ ہو۔ **چھٹا فائدہ:** حضور علیہ السلام رب کا ہدیہ ہیں جو کہ مسلمانوں کو عطا ہوا۔ کیونکہ فرمایا گیا **من عند اللہ** اور بادشاہ اپنی حیثیت کے موافق ہدیہ دیتا ہے تو حق تعالیٰ کا ہدیہ تمام ہدیوں کا بادشاہ ہے۔ حضور علیہ السلام تمام نعمتوں سے اعلیٰ نعمت ہیں۔ **ساتواں فائدہ:** اگرچہ سارے نبی اللہ کے پاس سے آئے اور حضور بھی مگر جتنا قرب اور جتنا زیادہ قرب رب سے حضور کو رہا اتنا کسی کو نہ ملا۔ لہٰذا جو فیض رب سے حضور نے لیا وہ کسی نے نہ لیا آپ کے گھر میں آپ کے پاس ماں باپ بیوی بچے خدام اور دوست سب رہتے ہیں مگر جتنا قرب آپ کے دوست کو آپ سے ہو گا اتنا کسی سے نہ ہو گا۔ اس لئے قیامت میں حضرت خلیل فرمائیں گے کہ میں تو باہر کا دوست تھا۔ اس کے پاس جاؤ جو اندرونی دوست ہے اس لئے رب نے حضور کی خصوصی صفت فرمائی **من عند اللہ**

**اعتراض : پہلا اعتراض:** یہود توریت کو مانتے تھے پھر کیوں فرمایا گیا کہ انہوں نے توریت پھینک دی۔ **جواب:** صرف زبانی مانتے تھے عملاً مخالف تھے اور عمل کا لحاظ ہوتا ہے نہ کہ صرف زبانی شیخی کا **دوسرا اعتراض:** جاہل معذور ہے چاہئے کہ وہ قرآن کا انکار کرنے پر سزا نہ پائے۔ **جواب:** جاہل پر لازم ہے کہ علم حاصل کرے وہ اس سے لاپرواہی حاصل کر کے گنہگار اور ملزم ہوا۔

**تفسیر صوفیانہ :** مشہور تو یہ ہے کہ علم ظاہری علم باطنی پر مقدم ہے اور بصارت یعنی آنکھ کی روشنی بصیرت یعنی قلبی روشنی سے پہلے مگر علم ظاہری کا فیض علم باطنی کے بعد ہے اور بصارت کا فائدہ بصیرت سے حاصل ہوتا ہے دیکھو یہود کے پاس علم ظاہری

marfat.com
Marfat.com

اور بصارت کی کمی نہ تھی مگر علم باطنی اور بصیرت نہ ہونے کی وجہ سے انہوں نے کتاب الٰہی کو اسی طرح پس پشت ڈال دیا جیسے کہ مجنون و دیوانہ بچے موتی کو کھلونا یا لعل کو ٹھیکری سمجھ کر اور ان کا یہ علم ظاہری و بصارت ان کے لئے زیادہ وبال جان بن گیا لہٰذا انسان کو چاہئے کہ اپنے علم میں علم باطنی پیدا کرے اور اللہ والوں کی صحبت سے بصیرت حاصل کرے اور رب کی پکڑ سے ڈر کر توبہ و استغفار میں جلدی کرے ندامت ہر قسم کی ہے ایک تو دن بھر کی ندامت جیسے کہ کوئی شخص بغیر ناشتہ کے گھر سے نکل جاوے تو دن بھر اپنے اس کئے پر نادم رہے گا۔ دوسرے سال بھر کی ندامت جیسے کہ کوئی وقت کے بعد بیج بوئے وہ سال بھر تک نادم رہے گا کہ میں نے یہ سال برباد کر دیا۔ تیسرے عمر بھر کی ندامت جیسے کہ کوئی خراب عورت سے نکاح کرے وہ عمر بھر پریشان رہے گا۔ چوتھے ہمیشہ کی ندامت اللہ و رسول کا باغی آخری قسم کا نادم ہے کہ ہمیشہ ہی روئے گا جیسے کہ تریاق دیکھنا زہر کو دور نہیں کر سکتا بلکہ اس کا استعمال شرط ہے ایسے ہی کتاب اللہ و رسول کو معمولی طرح دیکھ لینا زہر کفر نہیں مٹاتا بلکہ ان کی اطاعت و فرمانبرداری اس زہر کا علاج ہے۔

حکایت : نصیر الدین طوسی جو کہ علم ریاضی کا بڑا ماہر گزرا ہے ایک ولی کی ملاقات کرنے گیا کسی نے ان بزرگ سے عرض کیا کہ یہ دنیا کا اس وقت بڑا عالم ہے انہوں نے پوچھا کہ اس میں کیا کمال ہے کہا کہ علم نجوم میں کامل ماہر ہے فرمایا سفید گدھا اس سے زیادہ نجوم جانتا ہے طوسی کو بہت ناگوار گزرا اور وہاں سے اٹھ گیا کمال اتفاق سے رات کو ایک چکی والے کے گھر پہنچا جس کے یہاں بہت سے گدھے پلے ہوئے تھے گدھے والا بولا کہ حضرت آج سخت بارش ہوگی۔ اندر آرام کرو طوسی نے پوچھا تجھے کیا خبر اس نے کہا کہ جب میرا گدھا اپنی دم تین بار ہلاتا ہے تو سخت بارش ہوتی ہے۔ آج اس نے دم ہلائی ہے چنانچہ کچھ دیر بعد تیز بارش آئی۔ تب یہ نادم ہوا کہ واقعی گدھے بھی علم نجوم والے سے زیادہ واقفیت رکھتے ہیں' ہوا میں اڑنا' دریا پر چلنا' بڑا عالم ہو جانا کوئی کمال نہیں۔ مکھی بھی اڑتی ہے۔ مچھلی بھی تیرتی ہے۔ چیل آندھی کو اور مینڈک بارش کو پہلے سے ہی معلوم کر لیتے ہیں یہ اوصاف جانوروں میں بھی ہیں بڑا علم شیطان کو بھی تھا۔ تصوف اور فقیری اطاعت مصطفیٰ علیہ السلام سے حاصل ہوتی ہے۔

ریاضت نام ہے تیری گلی میں آنے جانے کا | تصور میں ترے رہنا عبادت اس کو کہتے ہیں
تجھی کو دیکھنا تیری ہی سننا تجھ میں گم ہونا | حقیقت معرفت اہل طریقت اس کو کہتے ہیں

صوفیاء فرماتے ہیں بنی اسرائیل توریت کے منکر نہ تھے اسے مانتے بھی تھے۔ اس پر عمل کا دعویٰ بھی کرتے تھے مگر رب نے فرمایا کہ انہوں نے اسے پیٹھ کے پیچھے پھینک دیا کیونکہ حضور کا انکار کر کے توریت کا ماننا ماننا نہیں اس پر عمل عمل نہیں تمام چیزیں قالب ہیں حضور قلب۔ یوں ہی حضور سے منہ موڑ کر توحید توحید نہیں نماز وغیرہ عبادات عبادتیں نہیں قرآن پڑھنا تلاوت نہیں بلکہ ایسا شخص توحید وغیرہ کو پس پشت ڈالنے والا ہے۔ نیز جب توریت نے حضور کو برحق کہا اپنے کو حضور کی آمد پر منسوخ فرمایا۔

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا

اور پیروی کی انہوں نے اس کی جو پڑھتے ہیں شیطان اوپر سلطنت سلیمان کے اور نہیں

اور اس کے پیرو ہوئے جو شیطان پڑھا کرتے تھے سلطنت سلیمان کے زمانے میں اور

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ |
| کفر کیا سلیمان نے اور لیکن شیطانوں نے کفر کیا سکھاتے ہیں |
| سلیمان نے کفر نہ کیا ہاں شیطان کافر ہوئے |
| السِّحْرَ ق |
| لوگوں کو جادو |
| لوگوں کو جادو سکھاتے ہیں۔ |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق: پہلے فرمایا گیا تھا کہ یہود نے اللہ کی کتاب کو پس پشت ڈال دیا۔ اب اس کی ایک بڑی وجہ بتائی جارہی ہے کہ یہ لوگ جادو سیکھنے سکھانے میں مشغول ہو گئے اس لئے کتاب الٰہی کو پھینک بیٹھے دوسرا تعلق: پہلے کہا گیا تھا یہود حضرت جبرئیل کے مخالف ہیں اب فرمایا گیا کہ کیوں نہ ہوں یہ تو ان شیاطین کے دوست ہیں جنہوں نے علم جادو کو رواج دیا۔ رب کے دشمنوں سے دوستی کرنے والا راضی ہونے والا رب کے دین سے عداوت کرتا ہے۔ تیسرا تعلق: پہلے فرمایا گیا تھا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگلے پیغمبروں اور ان کی کتابوں کو سچا فرماتے ہیں اب اس کی زندہ مثال پیش فرمائی جارہی ہے کہ دیکھو حضرت سلیمان کو عام یہودیوں نے جادوگر کہا ان کی نبوت کا انکار کیا حضرت سلیمان پر بھی اسی نبی کا کرم ہے کہ انہوں نے ان سے یہ الزام دور کیا اور دنیا میں ان کی نبوت کا اعلان فرمایا چوتھا تعلق: یہود نے کہا کہ اگر میکائیل قرآن لاتے تو ہم اس پر ایمان لے آتے اب فرمایا جارہا ہے کہ اے یہودیو یہ نہ کہو بلکہ یوں کہو کہ اگر یہ علم جادو ہوتا اور شیاطین اس کے لانے والے ہوتے تو ہم اس پر ایمان لے آتے کیونکہ تم جادو کے متوالے ہو۔

شان نزول : تفسیر کبیر نے فرمایا کہ علماء یہود کہا کرتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر تعجب ہے کہ حضرت سلیمان کو نبی کہتے ہیں وہ تو صرف جادوگر تھے ان کی تردید میں یہ آیت اتری' تفسیر خزائن العرفان میں فرمایا گیا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی وفات کے بعد سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ پاک تک یہ ہی مشہور رہا کہ سلیمان علیہ السلام جادوگر تھے جادو ہی کے زور سے انہوں نے اتنی بڑی سلطنت حاصل کرلی تھی۔ حق تعالیٰ نے یہود کی تردید اور حضرت سلیمان کی تائید کے لئے یہ آیت اتاری ان دونوں قولوں کا نتیجہ ایک ہی نکلتا ہے ان میں کچھ اختلاف نہیں۔

تفسیر : **واتبعوا** یہ لفظ اتباع سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں کسی کے پیچھے چلنا' یہاں پیروی کرنا مراد ہے یا اس سے وہ یہود مراد ہیں جو حضور علیہ السلام کے زمانہ میں موجود تھے کیونکہ یہ بھی جادو کے بہت دلدادہ تھے یا ان کے پیچھے لوگ عام یا یہودی کیونکہ یہ سب ہی حضرت سلیمان کی نبوت کے منکر تھے **ما تتلوا الشیطین** ما سے مراد جادو کی کتابیں یا ان کے منتر ہیں **تتلوا** تلاوت سے بنا ہے۔ جس کا مادہ **تلو** ہے اس کے معنے ہیں پیچھے ہونا یا پیچھے چھوڑنا اس لئے منطق میں شرط کی جزا کو تالی کہتے ہیں کہ وہ مقدم سے پیچھے ہوتی ہے کیونکہ پڑھنے والا بھی کتاب کی عبارت کو پیچھے چھوڑتا ہے اور آگے بڑھتا رہتا ہے اسی لئے پڑھنے اور خبر دینے کو تلاوت کہا جاتا ہے اگر اس کے بعد لام آئے تو سچی خبر دینے کے معنی ہوں گے اور اگر علیٰ آوے تو جھوٹی خبر کے معنے تلوت لہ

marfat.com
Marfat.com

اور تلوت علیہ چونکہ یہاں علیٰ آ رہا ہے لہٰذا اس کے معنی جھوٹی خبر کے ہوئے (تفسیر کبیر) شیاطین سے یا تو خبیث جن مراد ہیں جیسا کہ روایت میں ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی وفات کے بعد شیطان شکل انسانی میں یہود کے پاس جاکر بولا حضرت سلیمان کی سلطنت جادو کے زور سے تھی آؤ میں تمہیں جادو کی کتابیں دکھاؤں یہ کہہ کر ان کے تخت کے نیچے کی زمین کھدوائی اور وہاں سے جادو کی کتابیں نکلوائیں اس کا پورا قصہ انشاء اللہ خلاصہ تفسیر میں آئے گا اور یا خبیث انسان مراد ہیں جیسا کہ روایت میں ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے علوم کتابوں میں جمع فرما کر اپنے تخت کے نیچے داب دیئے۔ ان کی وفات کے بعد کچھ عرصہ منافقین نے چپکے سے وہ کتب نکال کر ان میں جادو شامل کر دیا۔ اور لوگوں سے کہا کہ ان ہی علوم کی وجہ سے وہ اتنے بڑے بادشاہ بن گئے تھے (تفسیر کبیر) شیطان شطن سے بنا ہے جس کے معنی ہیں فساد اور فریب۔ ہر فسادی اور فریب کار لغتہ" شیطان ہے۔ شریعت میں ابلیس کو شیطان کہتے ہیں۔ یہ تمام جنات کا باپ ہے اس کی پیدائش آگ سے ہے۔ خرپوتی شرح قصیدہ بردہ میں ہے کہ شیطان کے ایک ران میں مذکر کی علامت ہے اور دوسری میں مونث کی خود اپنے سے جماع کرتا ہے اور خود حاملہ ہوتا ہے اور خود بچہ جنتا ہے اس کے علاوہ ان کی پیدائش کے بہت سے طریقے ہیں ہر انسان کے ساتھ ہی شیطان پیدا ہوتا ہے جسے ہمزاد کہتے ہیں اسی کو لوگ بھوت وغیرہ بھی کہا کرتے ہیں حدیث شریف میں ہے کہ اگر انسان جماع کے وقت بسم اللہ نہ پڑھے تو اس جماع میں شیطان شریک ہو جاتا ہے اور بچے میں شیطانی صفات ہوتے ہیں۔ **علی ملک سلیمن** یا تو علیٰ فی کے معنے میں ہے اور ملک سے پہلے عہد پوشیدہ ہے یعنی یہود نے اس جادو کی پیروی کی جو شیاطین سلیمان علیہ السلام کی سلطنت کے زمانہ میں لوگوں کو بتاتے تھے یا معنی یہ ہیں کہ حضرت سلیمان کی سلطنت پر بہتان باندھتے تھے کہ شیاطین جادو سکھاتے تھے تفسیر کبیر نے اس کے بہت نفیس معنے یہ بھی کئے کہ شیاطین حضرت سلیمان کی سلطنت پر بہتان باندھتے تھے کہ یہ سب کچھ اس جادو کی وجہ سے ہوا۔ اب علیٰ اپنے ہی معنی میں رہا اور کسی لفظ کے پوشیدہ ماننے کی بھی ضرورت نہ رہی ملک سلیمان سے یا ان کی ظاہری بادشاہت مراد ہے یا باطنی یا نبوت یا ان کی وحی اور شریعت (تفسیر کبیر) رب تعالیٰ ان کی براءت فرماتا ہے کہ **وما کفر سلیمن** حضرت سلیمان نے کبھی کفر نہ کیا یعنی اکثر جادو میں کفر ہوتا ہے یا اس میں کفریہ شرائط پائی جاتی ہیں یا عملاً" کفر ہے یعنی جادو کرنا کفار کا کام ہے اور چونکہ سلیمان علیہ السلام پیغمبر تھے اس لئے وہ جادو کر سکتے ہی نہیں۔ جب جادو اور ایمان جمع نہیں ہو سکتے تو جادو اور نبوت میں کیونکہ اجماع ہو گا بلکہ بات یہ ہے **ولکن الشیطین کفروا** کہ دراصل انسانی یا جنی شیطانوں نے کفر کیا کہ **یعلمون الناس السحر** کہ لوگوں کو جادو سکھاتے ہیں سحر کے لفظی معنی ہیں چھپی چیز صبح صادق کو اسی لئے سحر کہتے ہیں کہ وہ رات کی اندھیری میں کچھ چھپی ہوتی ہے سینہ کو بھی اسی لئے سحر کہا جاتا ہے کہ وہ کرتے یا قمیص سے چھپا رہتا ہے۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ حضور علیہ السلام کی وفات **بین سحری و نحری** یعنی میرے سینے اور گلے کے درمیان ہوئی جادو کو بھی سحر اسی لئے کہتے ہیں کہ اس کا سبب چھپا ہوتا ہے شریعت میں سحر کے معنی ہیں خفیہ طور پر کسی چیز کو خلاف اصل ظاہر کرنا یہ برا بھی ہے اور اچھا بھی کسی کو فریب دینے کے لئے یہ حرکت کرنا برا ہے اپنے زور بیان سے غلط بات کو بھی ثابت کر دینا کمال ہے۔ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں۔ **ان من البیان لسحرا** بعض وعظ جادو ہوتے ہیں۔ یعنی بعض واعظ اپنے زور بیان سے مشکل بات کو واضح کرتے ہیں اور ان کے کلام کا جادو کی طرح دلوں پر اثر ہوتا ہے آیت میں برا جادو ہی مراد ہے جادو کی قسمیں اور ان کے احکام انشاء اللہ فوائد میں بیان ہوں گے اس زمانے کے بعض روشن دماغ لوگ جنات اور جادو کے منکر ہیں مگر یہ انکار گمراہی ہے یہ دونوں برحق ہیں

marfat.com
Marfat.com

حضور پر جادو کا اثر ہو گیا تھا جس کے اتارنے کے لئے سورۂ فلق اور سورۂ ناس نازل ہوئیں۔ موسیٰ علیہ السلام کا جادوگروں سے مقابلہ قرآن کریم میں بہت تفصیل سے مذکور ہے یوں ہی جنات بھی انسانوں پر اثر کر دیتے ہیں رب فرماتا ہے **کالذی یتخبطہ الشیطن من المس۔**

**خلاصہ تفسیر :** حضور علیہ السلام کی تشریف آوری سے پہلے شیاطین جنات آسمان پر جاتے اور فرشتوں کے کلام سنا کرتے تھے جو آئندہ واقعات کی بابت آپس میں گفتگو کرتے ہوتے تھے یہ گفتگو سن کر کاہنوں کو سناتے تھے مگر اس میں بہت جھوٹ ملا کر پھر وہ کاہن (پنڈت نجومی) لوگوں کو یہ خبریں پہنچاتے تھے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانہ میں چونکہ جنات سے عمارات بنوانے کنوئیں اور نہریں کھدوانے، عمدہ عمدہ حوض و قلعے بنوانے کا کام لیا جاتا تھا جس سے کہ شیاطین اور انسانوں سے خلط ملط رہتا تھا۔ چونکہ جنات کی طاقت انسان سے زیادہ ہے اس لئے وہ انسانوں کو عجیب عجیب کرتب دکھا کر انہیں حیران کر دیتے تھے۔ انسان ان سے پوچھتے کہ تم یہ عجیب کام کیسے کر لیتے ہو تو وہ کہتے کہ فلاں منتر اور فلاں ٹوٹکے کے زور سے وہ لوگ ان منتروں اور ٹوٹکوں کو جن میں صدہا کفریہ اور شرکیہ باتیں ہوتی تھیں سیکھ لیتے بلکہ لکھ لیتے اور جب انسان بھی یہ منتر پڑھتے تو در پردہ شیطان کوئی عجیب کام کر دیتے تھے۔ جس سے انسانوں کو یقین ہو گیا کہ یہ منتر بہت تاثیر والے ہیں۔ یہاں تک کہ ان منتروں کی کتابیں تیار ہو گئیں۔ ہوتے ہوتے سلیمان علیہ السلام کی خبر لگی آپ نے اپنے وزیر آصف بن برخیا کو حکم دیا کہ شیطانوں کو جمع کر کے انہیں انسانوں سے ملاقات کرنے سے روک دو اور وہ تمام کتابیں جمع فرما کر صندوق میں بھر کر اپنے تخت کے نیچے دفن کرا دیں اور حکم دیا کہ جو کوئی منتر یا جادو کرے گا سخت سزا پائے گا آپ کی وفات کے بعد شیطان یہود کے پاس انسانی شکل میں آیا اور بولا کہ تمہیں خبر ہے کہ حضرت سلیمان کو اتنی بڑی بادشاہت کیونکر ملی، صرف اس جادو سے ملی۔ جس کی کتابیں ان کے تخت کے نیچے جمع ہیں اگر تم بھی ان کتابوں پر عمل کرو تو ان کی ہی طرح بادشاہ بن جاؤ گے پھر کیا تھا یہود دوڑے اور زمین کھود کر کتابوں کا صندوق نکالا ان میں لکھے ہوئے جنتر منتروں پر عمل شروع کیا۔ چونکہ شیاطین چاہتے تھے کہ انسان ہماری پوجا کریں۔ ان منتروں میں بت پرستی کی شرائط تھیں۔ شیاطین سے مدد مانگنے کے الفاظ جب یہود یہ الفاظ پڑھتے شیطان چپکے سے ان کا کام کر دیتے رفتہ رفتہ تقریباً" ساری قوم یہود نے توریت کو چھوڑ دیا اور ان واہیات میں پھنس گئے اور ان میں یہ مشہور ہو گیا کہ سلیمان علیہ السلام بادشاہ نہ تھے صرف جادوگر حضور علیہ السلام کے زمانہ پاک تک یہی مشہور رہا۔ اس آیت نے اصلی بات بتائی۔ اور حضرت سلیمان علیہ السلام سے یہ اتہام دور کیا فرمایا کہ اے بے دین یہودیو! حضرت سلیمان پیغمبر ہیں اور جادو یا تو خود کفر ہے یا اس میں بت پرستی جنات پر بھینٹ قربانی ان کی نذر و نیاز وغیرہ کفریات کی شرطیں ہیں یا یہ کفار کا کام ہے۔ اتنا بڑا پیغمبر کفر کیسے کر سکتا ہے انہوں نے کبھی بھی کفر نہ کیا بلکہ شیاطین نے کفر کیا کہ ان کے زمانہ میں موقعہ پا کر لوگوں کو جادو سکھا دیا اور الٹا حضرت سلیمان علیہ السلام کو الزام لگایا وہ اس الزام سے بری ہیں اللہ کے مقبول پیغمبر ہیں۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** جادو کے موجد در اصل شیاطین ہیں نہ کہ حضرت سلیمان اور نہ ہاروت ماروت، جب جادو پھیل گیا تو لوگوں کے بچانے کے لئے ہاروت و ماروت آئے جیسا کہ اگلی آیت میں معلوم ہو گا اسی لئے قرآن کریم نے پہلے شیاطین کا ذکر فرمایا اور پھر ہاروت و ماروت کا اور ساتھ ہی فرما دیا کہ ہاروت و ماروت اس سے

marfat.com
Marfat.com

لوگوں کو روکتے ہیں۔ دوسرا فائدہ: جادو اکثر کفر ہی ہوتا ہے یا تو خود اس میں کفریہ الفاظ ہوتے ہیں یا کفریہ شرائط یہ کفار کا کام ہے اور کفر تیسرا فائدہ: کفر سکھانا کفر ہے جب کہ عمل کے لئے ہو اگر بچنے کے لئے سکھایا تو کفر نہیں شیطانوں نے عمل کے لئے جادو سکھایا اور وہ کافر ہوئے ہاروت و ماروت نے بچنے کے لئے جادو سکھایا وہ کافر نہ ہوئے علماء کرام کفریہ الفاظ بچنے کے لئے بتاتے اور کتب فقہ میں لکھتے ہیں یہ بہت ثواب ہے لیکن اگر یہ ہی الفاظ عمل کے لئے سکھائے جائیں تو سیکھنے سکھانے والے دونوں کافر۔ چوتھا فائدہ: انبیاء کرام کفر اور گناہ کبیرہ سے معصوم ہوتے ہیں۔ دیکھو حضرت سلیمان علیہ السلام کو لوگوں نے جادوگری کی تہمت لگائی تو قرآن کریم نے ان کی سخت تردید فرمادی جو ان کو جادوگر یا ایک منٹ کے لئے کافر مانے وہ خود بے دین ہے پانچواں فائدہ: حضور علیہ السلام کی ذات سے گذشتہ پیغمبروں کو بھی فائدے پہنچے حضور سے ہی حضرت عیسیٰ کی والدہ حضرت مریم کی پاک دامنی کے خطبے پڑھے گئے حضور سے ہی حضرت سلیمان علیہ السلام سے جادوگری کا الزام دور ہوا اور دنیا نے ان کو پیغمبر مانا اسی لئے انبیاء کرام حضور کی بشارتیں سناتے اور خوشیاں مناتے تھے کہ ان کے دم قدم سے ہماری بگڑی بنے گی۔

رب تعالیٰ حضور کے طفیل ہمارے عیب چھپالے اور ہماری بھی بگڑی بنائے۔ چھٹا فائدہ: بعض جادو خود کفر ہیں اور بعض میں کفریہ شرطیں ہیں بعض کفر تو نہیں مگر حرام ہیں اور بعض جادو حلال ' جادو خواہ کیسا ہی ہو مگر اس کا سیکھنا کفر نہیں ہر علم سیکھنا اچھا ہے (تفسیر کبیر) ہاں عمل کے لئے سیکھنا کفر ہے اگر بعض جادو سیکھنا یا سکھانا کفر ہوتا تو ہاروت و ماروت معصوم فرشتے اس کی تعلیم کے لئے رب کی طرف سے نہ آتے نیز اس آیت سے حضرت سلیمان کے جادو کرنے کی نفی ہے نہ کہ جاننے کی حضرت خود جانتے تھے مگر کبھی کیا نہیں اس کی تحقیق ہماری کتاب جاء الحق میں دیکھو ساتواں فائدہ: تفسیر کبیر و عزیزی نے جادو سلیمان کی آٹھ قسمیں بتائیں اور ہر ایک کے علیحدہ علیحدہ احکام بتائے (۱) جادو کلدائیں یا جادو بابل یہ ہی ہاروت ماروت سے نکلا ہے یہ جادو تمام جادوؤں سے مشکل ہے اور اس سے عجیب عجیب کام ہوتے ہیں اس کی حقیقت یہ ہے کہ سارے اجسام میں ایک قدرتی روح ہے۔ چاند' سورج' تارے چاروں عناصر (پانی ہوا آگ مٹی) اس جادو میں تمام روح کو اپنے تابع کرلیا جاتا ہے۔ جن سے جو چاہے کام لیتے ہیں اسی جادو کا بابل میں بہت زور تھا اور اسی کی تردید کرنے حضرت ابراہیم علیہ السلام بھیجے گئے۔ چونکہ اس قسم کا جادوگر عالم کی تمام چیزوں پر حکومت کرتا ہے اس لئے ابراہیم علیہ السلام کو رب نے سارے عالم کی چیزیں دکھادیں۔ **وکذلک نری ابرھیم ملکوت السموت والارض** تاکہ وہ ان تمام چیزوں کو ملاحظہ فرماکر معلوم فرمالیں کہ سب رب کے حکم کے تابع ہیں اور آپ نے سیر کرکے فرمایا **انی وجھت وجھی للذی فطر السموت والارض** اے قوم تم ان چاند' سورج میں مستقل تاثیر مان بیٹھے میں تو ان کے خالق کو مانتا ہوں نمرود کے زمانہ میں اس جادو سے بہت سی عجیب چیزیں بنائی گئیں تھیں۔

**حکایت** : نمرود کے زمانہ میں تانبے کی ایک **بسط** تھی' جس وقت کوئی جاسوس یا چور اس شہر میں آتا تو اس **بسط** سے آواز نکلتی جس سے وہ پکڑا جاتا۔ ایک نقارہ تھا کہ جب کسی کی کوئی چیز گم ہو جاتی اس میں چوب مارتے نقارہ اس چیز کا پتہ دیتا ایک آئینہ تھا جس سے غائب شخص کا حال معلوم ہوتا تھا جب کبھی اس آئینہ میں نظر کی وہ غائب آدمی اس کا شہر اور قیام گاہ اس میں نمودار ہو گئی۔ نمرود کے دروازے پر ایک درخت تھا جس کے سایہ میں درباری لوگ بیٹھتے تھے جوں جوں آدمی بڑھتے جاتے اس کا سایہ پھیلتا جاتا تھا۔ ایک لاکھ آدمی تک سایہ پھیلتا رہتا تھا۔ اگر لاکھ سے ایک بھی زیادہ ہو جاتا سارے دھوپ میں آجاتے ایک حوض تھا

marfat.com
Marfat.com

جس سے مقدمات کا فیصلہ ہوتا تھا۔ مدعی اور مدعی علیہ باری باری اس میں گھستے جو سچا ہوتا اس کے ناف کے نیچے پانی رہتا تھا اور جو جھوٹا ہوتا اس میں غوطہ کھاتا تھا۔ اگر فوراً "توبہ کرلیتا تو بچ جاتا ورنہ ہلاک ہو جاتا اس قسم کی طلسمات پر اس نے دعویٰ خدائی کر دیا تھا۔ جادو خالص کفر و شرک ہے کیونکہ اس میں جادوگر تمام چیزوں کی روحوں کو مستقل موثر جانتا ہے اور ان کی قربانی نذر و نیاز استمداد وغیرہ کرتا ہے۔ دوسری قسم یہ ہے کہ جنات شیاطین کو تابع کرلیا جائے اور ان سے حسب منشاء کام لیا جاوے۔ اس کا اب بھی بہت رواج ہے اور یہ آسانی سے حاصل ہو جاتا ہے یہ بھی صریح کفر ہے کہ اس میں بتوں کی پرستش ان کے نام کی بھینٹ و قربانی وغیرہ کرنا ہوتی ہے۔ تیسری قسم یہ ہے کہ مردہ انسانوں کی روحوں کو منتر وغیرہ سے قبضہ میں کیا جاوے اور اس سے کام لئے جائیں اور اس کو عمل ہمزاد یا عمل بیر بھی کہتے ہیں یہ بھی کفر ہے کہ اس میں شیاطین کی پرستش اور ان سے استمداد وغیرہ ہوتی ہے کہ ہمزاد کو ہمارے قابو میں کر دو۔ اس قسم کا جادو شہوت پرستی اور غصہ وغیرہ میں کام آتا ہے۔ اس لئے عیاش جوگی وغیرہ اس کے عامل ہوتے ہیں۔ چوتھی قسم یہ ہے کہ کسی ذریعہ سے انسان کے خیالات اور حواس خراب کر دیئے جاتے ہیں۔ جس سے اس کو کچھ کا کچھ نظر آنے لگتا ہے۔ اس کو نظر بندی کہتے ہیں اسی جادو کا فرعون کے زمانے میں بہت زور تھا۔ قرآن کریم فرماتا ہے **یخیل الیه من سحرهم انها تسعی** وہ رسیوں کو سانپ کی طرح چلتا پھرتا دکھائی دیتے تھے آج بھی بعض جادوگر مٹی کا روپیہ بنا کر لوگوں کو دکھاتے ہیں اور پھر پیسہ پیسہ بھیک مانگتے ہیں اگر وہ مٹی واقعہ روپیہ ہو جاتی تو یہ بھیک کیوں مانگتے اس قسم کا جادو کفر نہیں۔ ہاں اولیاء اللہ کے مقابلہ میں کیا جاوے تو گناہ کبیرہ ہے انبیاء کے مقابلہ میں ہو تو کفر کیونکہ مقابلہ نبی کفر ہے۔ پانچویں قسم خیالی جادو ہے کہ مطلوب کی صورت کو سامنے رکھ کر اس پر نظر اور خیال خوب جملیا یہاں تک کہ مقصد حاصل ہو گیا۔ اس کو مسمریزم بھی کہتے ہیں کہ انسان کی نظر سے چیز کھنچ آتی ہے اور معلق ہو جاتی ہے وغیرہ وغیرہ یہ جادو اگر حلال کام کے لئے کیا جاوے تو حلال ہے اور حرام کے لئے ہو تو حرام ہے چھٹی قسم نیرنج ہے۔ جس میں بعض بعض دوائیں وغیرہ کے ذریعہ عجیب عجیب کام کئے جاتے ہیں مثلاً" کوئی شخص اپنی انگلی کو کابلی سرکہ میں ترکر کے سمندر جھاگ میں ملا کر مالش کرے تو انگلیاں آگ میں نہ جلیں گی وغیرہ وغیرہ بعض گھڑیوں کے حروف رات میں چمکتے ہیں ان میں بھی کوئی مصالحہ ہی ہوتا ہے۔ ساتویں قسم سحر حیل ہے۔ جس میں سائنسی آلات کے ذریعہ عجیب کام ہوتے ہیں' جیسے ریڈیو' فونوگراف وغیرہ۔ آٹھویں قسم شعبدہ ہے۔ جس کو ہاتھ کی صفائی بھی کہتے ہیں اس میں اس چالاکی سے چیز بدلی جاتی ہے کہ دیکھنے والوں کو اس کا پتہ نہیں چلتا اور وہ سمجھتے ہیں کہ اس نے یہ چیز ہی بدل دی یہ تینوں قسمیں نہ کفر ہیں نہ حرام صوفیاء عظام نے آیات قرآنیہ اور اعمال جائز اور اسمائے الٰہیہ سے وہ وہ عجیب باتیں دکھائیں جن سے ساحر بھی حیران رہ گئے۔ آٹھواں فائدہ: بزرگوں کے کمال یا اعمال کو نہ دیکھنا اور ان کا حال دیکھنا اور اسے ناجائز طریقوں سے حاصل کرنے کی کوشش کرنا اور ان پر جھوٹے اتہام باندھنا کہ انہیں یہ مال فلاں ناجائز طریقے سے حاصل ہوا کفار کا طریقہ ہے۔ دیکھو بنی اسرائیل نے حضرت سلیمان کے اعمال و کمال نہ تو دیکھے نہ ان کی پیروی کرنے کی کوشش کی ان کا مال و دولت دیکھا اور کہا کہ آپ نے یہ سب جادو سے حاصل کیا پھر اس کی ہوس میں خود جادو سیکھا اس سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو آج مشائخ کے لنگروں ان کی دنیاوی مالداری کو دیکھ کر ان پر اعتراض کرتے ہیں جیسے حضور غوث پاک کی مالداری۔ انبیاء صفات الٰہی کے مظہر ہیں اس لئے ان کے رنگ بھی جداگانہ ہیں۔ حضور غوث پاک مالدار ہیں حضرت ابن ادھم مسکین۔ نواں فائدہ: حضرات انبیاء کرام سے کفار کے اعتراض اٹھانا سنت الٰہیہ ہے دیکھو کفار نے حضرت سلیمان کو جادو کی تہمت لگائی رب نے ان کی

marfat.com
Marfat.com

صفائی بیان کی۔ حمد الٰہی سنت انبیاء ہے نعت مصطفوی سنت الٰہیہ اور سنت انبیاء۔ **دسواں فائدہ:** ہمارے حضور کا سارے نبیوں پر احسان ہے کہ حضور کی برکت سے ان پر سے کفار کے الزام اٹھے۔ **مسئلہ:** تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالنا نظر بد وغیرہ کے لئے جائز اور دعائیں پڑھنا جائز ہیں۔ خود حضور علیہ السلام نے ایسی دواؤں کی تعلیم دی اور صحابہ کرام نے عمل کئے **مسئلہ:** جس دعا یا منتر کے معنے کی خبر نہ ہو ان سے پرہیز چاہئے ممکن ہے کہ ان میں کفریہ الفاظ ہوں۔ **مسئلہ:** کفریہ الفاظ سے منتر کرنا نجاست سے آیات قرآنیہ لکھنا (جیسے خون یا پیشاب وغیرہ) الٹی آیات پڑھنا یا لکھنا حرام ہیں اس سے بچنا ضروری ہے۔

**اعتراض: پہلا اعتراض:** سحر وغیرہ خلاف عقل ہیں یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ انسانی الفاظ یا آواز میں ایسی عجیب تاثیریں ہوں گی یہ تو اس کے وہم ہیں (نیچری) **جواب:** الفاظ اور آواز میں بہت تاثیریں ہیں گالی سے رنج، صدمہ کی خبر موت، خوشی کی خبر سے فرحت حاصل ہوتی ہے یہ الفاظ ہی تو ہیں، فوجی حاکم کی سیٹی (بگل) سے فوج کا حملہ اور گارڈ کی سیٹی سے ریل کی روانگی ہو جاتی ہے۔ جس ساحر کے قبضہ میں جنات ہوں وہ اس کا اشارہ پاکر کچھ حرکت کرتے ہیں تو کیا تعجب ہے۔ سانپ کی پھونک میں زہر نیولے کی پھونک میں تریاق ہے۔ ایسے ہی قرآن خوان کی پھونک میں شفا اور جادوگر کی پھونک میں بیماری ہونا کوئی مشکل نہیں۔ **دوسرا اعتراض:** رب تعالیٰ نے ایسی نقصان دہ چیزوں کو پیدا ہی کیوں فرمایا؟ **جوب:** دنیا کا انتظام مضر اور مفید چیزوں سے ہی قائم ہے اس نے سانپ بچھو وغیرہ زہریلے جانور کیوں پیدا کئے آپ کو کیوں پیدا کیا۔ آپ کی ذات سے بجز زمین گندا کرنے کے اور کیا حاصل ہے۔ **تیسرا اعتراض:** حضرت سلیمان علیہ السلام نے وہ جادو کی کتابیں دفن کیوں کرائیں۔ جلوا کیوں نہ دیں تاکہ یہ مٹ جائیں۔ **جواب:** وہ رب کی مرضی سے واقف تھے ان کا ہر کام ادھر کے اشارے پر ہوا یہ ایسا ہی سوال ہے کہ کہا جاوے کہ انہوں نے سانپ وغیرہ مروا کیوں نہ دیئے۔ شیاطین کو زندہ ہی کیوں چھوڑا۔ خود رب نے شیطان کو ہلاک ہی کیوں نہ کیا۔ اس کو قیامت تک مہلت کیوں دے دی؟ تفسیر صوفیانہ پوری آیت کے بعد بیان ہوگی۔

وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَ مَارُوْتَ ؕ

اور وہ جو اتارا گیا اوپر دو فرشتوں کے بیچ بابل کے ہاروت اور ماروت

اور وہ جادو جو بابل میں دو فرشتوں ہاروت اور ماروت پر اترا

وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا

اور نہیں سکھاتے کسی کو یہاں تک کہ کہتے ہیں بجز اس کے نہیں کہ ہم آزمائش ہیں بس نہ

اور وہ دونوں کسی کو کچھ نہ سکھاتے جب تک کہ یہ نہ کہہ لیتے کہ ہم تو نری آزمائش ہیں

تَكْفُرْ ؕ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ

کفر کر تو بس سیکھتے ہیں وہ چیز جو جدائی ڈالیں ساتھ اس کے درمیان

تو اپنا ایمان نہ کھو تو ان سے سیکھتے وہ جس سے جدائی ڈالیں

marfat.com
Marfat.com

| زَوْجِہٖ |
| --- |
| مرد اور بیوی اس کی کے |
| مرد اور اس کی عورت میں |

تعلق : یہ جملہ پچھلے جملہ کا تتمہ ہے۔ پہلے مطلق سحر کا ذکر ہوا اب خاص کا ذکر ہو رہا ہے پہلے بتایا گیا تھا کہ شیاطین سے سحر حاصل کیا گیا اب بتایا جا رہا ہے کہ فرشتوں سے بھی حاصل کیا گیا۔

تفسیر : **وما انزل** یہ ما موصولہ ہے اس کا عطف یا تو سحر پر ہے یا **واتبعوا** کے ما پر یعنی سکھاتے ہیں شیاطین جادو اور وہ چیز جو ہاروت ماروت پر اتاری گئی یا پیروی کی یہود نے شیطانوں کے بتائے جادو کی اور اس کی جو ہاروت ماروت پر اتاری گئی یا ملک سلیمن پر عطف ہے یعنی شیاطین نے حضرت سلیمان پر تہمت باندھی اور ہاروت ماروت کے اتارے ہوئے پر بھی نہ تو سلیمان علیہ السلام نے جادو کیا اور نہ ہاروت ماروت نے بعض نے فرمایا کہ یہ ما نافیہ ہے اور اس کا عطف **ما کفر سلیمن** کے ما پر ہے یعنی نہ تو حضرت سلیمان نے کفر کیا اور نہ ہاروت ماروت پر کچھ اترا۔ اس ما نے اس سارے جملہ کی نفی کر دی ان آخر کی دو صورتوں میں ہاروت و ماروت کے قصہ کی بالکل نفی ہی ہو جاوے گی۔ مگر پہلے دو معنے زیادہ صحیح ہیں۔ کیونکہ احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ ہاروت و ماروت کا واقعہ بالکل صحیح اور ان ہی پہلے معنی میں آیت کی عبارت بھی بے جوڑ نہیں ہوتی۔ **انزل** یا علم کے معنے میں ہے یعنی وہ جادو جو ہاروت و ماروت کو سکھایا گیا یا ان کو الہام کیا گیا کیونکہ جادو بذریعہ وحی نہیں آیا بلکہ قدرتی طور پر ان کے دل پر القا ہوا قرآن شریف میں **انزال** خلق کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے اور القاء یعنی ڈالنے کے معنے میں بھی رب فرماتا ہے **وانزلنا الحدید** ہم نے لوہا پیدا کیا یا ان کانوں میں ڈالا کیونکہ لوہا برستا نہیں یہاں بھی انہیں معنی میں ہے چونکہ ہر چیز کا خزانہ آسمان ہے۔ جہاں سے خبریں آتی ہیں رب فرماتا ہے۔ **وفی السماء رزقکم وما توعدون** اس لئے انزال فرمانا درست ہے۔ **علی الملکین** مشہور قراءت ہے۔ ملکین لام کے زبر سے یعنی دو فرشتوں پر اور ایک قراءت میں **ملکین** ہے لام کے کسرہ سے یعنی دو بادشاہوں پر۔ تفسیر حقانی وغیرہ نے کہا کہ ہاروت و ماروت دو نیک سیرت فرشتہ صفت بادشاہ تھے۔ لہذا ملکین کی قراءت میں ان کی صفت مراد ہے مگر یہ صحیح ہے کہ دونوں فرشتہ ہیں تھے مگر چونکہ اپنی عبادت و ریاضت کی وجہ سے فرشتوں کے سردار تھے۔ اس لئے بعض قراءتوں میں ملکین (یعنی فرشتوں کی جماعت کے بادشاہ) آیا جیسے بعض ملائکہ کو ملک الجبال وغیرہ کہا جاتا ہے۔ یعنی جادو اتارا گیا دو ان فرشتوں پر جو دیگر فرشتوں کے بادشاہ ہیں لہذا دونوں قراء تیں مطابق ہو گئیں ان دونوں کا فرشتہ ہونا صحیح احادیث سے ثابت ہے اور ملکین کی قراءت بھی متواتر ہے۔ محض عقلی دلائل سے احادیث کو رد نہیں کیا جا سکتا اور متواتر قراءت کی مخالفت نہیں ہو سکتی۔ نیز ایک شہر بابل میں دو بادشاہ نہیں رہ سکتے اگر یہ بادشاہ ہوتے تو دو ملکوں میں رہتے۔ **ببابل** یا تو یہ **انزل** کے متعلق ہے یا پوشیدہ لفظ موجودین کے۔ یعنے جادو دو فرشتوں پر بابل میں اتار اگیا۔ یا ان فرشتوں پر اتارا گیا جو کہ بابل میں اب موجود ہیں۔ دوسرے معنی کی احادیث سے تائید ہوتی ہے نیز وہ دونوں جادو جانتے ہوئے آسمان سے اترے تھے بابل میں نہیں سیکھا۔ بابل کوفہ عراق کا ایک بڑا شہر ہے غالب یہ ہے کہ یہاں کوفہ کا بابل مراد ہے۔ اس کو بابل اس لئے کہتے

marfat.com
Marfat.com

ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کشتی سے اتر کر پہلے اسی جگہ پہنچے اور یہی شہر بنایا۔ اس کا نام ثمانین رکھا رب کی شان کہ ایک دن میں یہاں اسی زبانیں جاری ہو گئیں کسی کی عربی کسی کی فارسی وغیرہ تو آپ نے فرمایا **قد تبلبلت السنتهم** ان کی زبانیں مختلف ہو گئیں۔ بلبلہ کے معنے ہیں مختلف ہونا تب سے اس شہر کا نام بابل ہوا۔ یعنی اختلاف کی جگہ (تفسیر روح البیان) **ھاروت و ماروت** ملکین کا بیان ہے یعنے وہ دو فرشتہ ہاروت و ماروت ہیں۔ **وما یعلمن من احد** اس میں ان کے طریق تعلیم کا ذکر ہے کہ وہ فرشتے شیاطین کی طرح جادو کی رغبت نہیں دیتے کسی سے جادو نہیں کراتے بلکہ جو خود بخود ان سے سیکھنے جاوے تو اس کو بھی فوراً نہیں سکھا دیتے بلکہ **حتی یقولا انما نحن فتنة** ان سے کہہ دیتے ہیں کہ ہم رب کی طرف سے بندوں کے لئے آزمائش ہیں تاکہ ظاہر ہو جاوے کون سحر سے بچتا ہے اور کون اس کو اختیار کرتا ہے۔ خیال رہے کہ اس جگہ **انما** حصر اضافی کے لئے ہے یعنے ہمارا سکھانا جواز کی علامت نہیں۔ ہم جائز کرنے والے نہیں بلکہ صرف ذریعہ آزمائش ہیں۔ فتنہ کے لفظی معنی ہیں جانچ یا پڑتال عرب کہتے ہیں۔ **فتنت الذھب علی النار** میں نے سونے کو آگ پر آزمایا۔ یعنے گلا کر معلوم کیا کہ کھرا ہے یا کھوٹا **فلا تکفر** لہذا تو اس کو سیکھ کر یا اس پر عمل کر کے یا اس کے شرائط ادا کر کے کفر اختیار نہ کر ہماری ان قیدوں کا فائدہ آئندہ معلوم ہو گا اگر وہ جانے والا یہ سن کر باز رہ جائے تو **فبہا** ورنہ **فیتعلمون منھما** لوگ ان دونوں سے وہ جادو سیکھ لیتے ہیں یہ ف جزائیہ ہے جس کی شرط پوشیدہ ہے یعنے اگر یہ لوگ ان کی نصیحت نہیں مانتے تو ان سے سیکھ لیتے ہیں۔ **ما یفرقون به بین المرء وزوجه** وہ تاثیر جادو کہ جس سے عورت و مرد میں جدائی ڈال دیتے ہیں یا تو ان میں دشمنی اور عداوت ڈال کر یا مرد کو عورت کے قابل نہیں رکھتے۔ جس سے وہ اپنی بیوی سے علیحدہ رہتا ہے۔ یعنی اس میں قوت مردمی تو باقی رہتی ہے مگر اس جادو کے اثر سے اپنی عورت پر قابو نہیں پاتا۔ دوسری پر قادر ہو جاتا ہے۔

**جادو کے علاج** : جو شخص جادو کے باعث عورت پر قادر نہ ہو سکے وہ بانس کی آگ میں جو ڑوالا بسولا گرم کرے یہاں تک کہ وہ سرخ ہو جاوے پھر آگ سے نکال کر اس پر پیشاب کر دے (روح البیان) یہ بہت مجرب عمل ہے۔ (2) شامی نے باب العنین میں فرمایا کہ ایسے شخص کو چاہئے کہ بیری کے سات سبز پتے پیس کر پانی میں گھول لے وہ پانی کچھ تو پی لے اور باقی پانی سے غسل کرے۔ (3) جو شخص روزانہ صبح کو سات عجوہ چھوہارے کھا لیا کرے اس پر جادو اثر نہ کرے گا۔ (4) جو شخص صبح و شام آیت الکرسی پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرے اور سارے جسم پر ہاتھ پھیرے وہ بھی انشاء اللہ جادو سے محفوظ رہے گا۔ (5) جو شخص پندرہ شعبان کی رات یعنی شب برات کو بعد مغرب غسل کرے وہ بھی انشاء اللہ جادو سے محفوظ رہے گا۔ (6) جس شخص کو جادو ہو گیا ہو وہ دریا کی بیچ دھار کے پانی سے گھڑا بھر کر لائے اور اس پر سورۂ فلق اور سورۂ ناس گیارہ گیارہ بار پڑھ کر دم کر کے اس سے غسل کرے انشاء اللہ صحت ہو گی۔ مگر یہ پانی بہنے نہ دے بلکہ کسی گڑھے میں کھڑے ہو کر غسل کرے۔ جس سے پانی وہاں جمع ہو جاوے بعد میں دفن کر دے۔

**خلاصہ تفسیر** : ان یہود نے اللہ کی کتابیں چھوڑ دیں اور شیاطین کے سکھائے ہوئے جادو پر عمل کیا اور جو ہاروت و ماروت فرشتوں سے سیکھا اس کے پیچھے لگ گئے حالانکہ یہ فرشتے جادو سکھانے میں اتنی احتیاط کرتے ہیں کہ کسی کو فوراً نہیں بتا دیتے بلکہ اولاً اس کو منع کرتے ہیں کہ ہم رب کی طرف سے آزمائش ہیں۔ تو جادو سیکھ کر کفر نہ کر جب وہ باز نہیں آتا تب کہیں تعلیم

marfat.com
Marfat.com

دیتے ہیں۔ ان کو چاہئے تھا کہ اس نصیحت سے ہی سبق لے لیتے اور اس کام میں مشغول نہ ہوتے اور پھر جادو سے کرتے بھی کیا ہیں ایذارسانی' تکلیف پہنچانی' زوجین کو آپس میں جدا کردینا یا مرد کو عورت کے قابل نہ رکھنا یہ باتیں محض ضرر ہیں۔

**ہاروت ماروت کا قصہ** : تفسیر عزیزی وغیرہ نے بحوالہ ابن جریر اور ابن ابی حاتم اور حاکم و دیگر تفاسیر نے حضرت ابن عباس و علی مرتضیٰ و عبداللہ ابن مجاہد رضی اللہ عنہم اجمعین سے بیان کیا کہ حضرت ادریس علیہ السلام کے زمانے میں انسان بہت بدعمل ہوگئے۔ فرشتوں نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ مولیٰ انسان بہت بدکار ہے۔ خیال رہے کہ فرشتوں نے پیدائش آدم علیہ السلام سے پہلے اپنا استحقاق خلافت بیان کیا **ونحن نسبح بحمدک** الخ۔ اس موقع پر انسان کی نااہلیت کا اظہار مقصود ہے یعنی یہ خلافت کے لائق نہیں انہیں معزول کردیا جائے یا کم از کم خلیفہ یہ رہیں اور وزیر ہم تاکہ ہم ان کے بگڑے کام سنبھال لیں کچھ بھی سہی۔ رب تعالیٰ کا ارشاد ہوا کہ اس کو غصہ اور شہوت دیا گیا ہے جس سے گناہ زیادہ کرتا ہے اگر یہ چیزیں تم کو ملیں تو تم بھی گناہ کرنے لگو۔ فرشتے بولے کہ مولیٰ کریم ہم تو گناہ کے پاس بھی نہ جائیں گے۔ خواہ کتنا ہی غصہ اور شہوت ہو۔ حکم ربی ہوا کہ اچھا تم اپنی جماعت میں سے اعلیٰ درجہ کے پرہیزگار فرشتے چھانٹ لو ان کو غصہ اور شہوت دے دیتے ہیں۔ پھر امتحان ہو جاوے گا۔ چنانچہ ہاروت و ماروت جو بڑے ہی عبادت گذار فرشتے تھے انتخاب میں آگئے حق تعالیٰ نے ان کو یہ چیزیں یعنی غصہ اور شہوت دے کر شہر بابل میں اتار دیا۔ اور فرمایا کہ تم قاضی بن کر لوگوں کا فیصلہ کیا کرو اور روزانہ اسم اعظم کے ذریعہ شام کو آسمان پر آجایا کرو یہ دونوں ایک مہینہ تک ایسے ہی آتے جاتے رہے اتنے عرصہ میں ان کے عدل و انصاف کا عام چرچہ ہو گیا اور بہت مقدمے ان کے پاس آنے لگے ایک روز ایک نہایت حسین و جمیل عورت نے جس کا نام زہرہ تھا یہ ملک فارس کی رہنے والی تھی۔ حضرت علی کی روایت میں ہے کہ اس کا نام بیدخت تھا زہرا لقب تھا اپنے خاوند کے خلاف مقدمہ دائر کیا یہ دونوں اسے دیکھتے ہی عاشق زار ہوگئے اور اس سے برے کام کی خواہش کی۔ اس نے کہا کہ میرا دین کچھ اور تمہارا دین کچھ ہے اور اختلاف ہوتے ہوئے یہ نہیں ہو سکتا۔ نیز میرا شوہر بہت غیرت مند ہے اگر اسے خبر لگ گئی تو مجھے قتل کردے گا۔ لہٰذا پہلے تو آپ میرے بت کو سجدہ کرو اور پھر میرے شوہر کو قتل کرو پھر میں تمہاری اور تم میرے انہوں نے انکار کیا وہ چلی گئی۔ مگر ان کے دل میں اس کے عشق کی آگ بھڑک گئی۔ آخر اسے پیغام بھیجا کہ ہم تیرے گھر آنا چاہتے ہیں اس نے کہلا بھیجا سر اور آنکھوں پر یہ دونوں اس کے گھر پہنچے اس نے اپنے کو آراستہ کیا اور ان سے بولی کہ یا تو آپ لوگ مجھے اسم اعظم سکھا دیں یا بت کو سجدہ کریں یا شوہر کو قتل کریں یا شراب پی لیں۔ انہوں نے سوچا کہ اسم اعظم اسرار الٰہی ہے اس کو ظاہر کرنا بہت ظلم ہے۔ بت پرستی کرنا شرک ہے' اور قتل حق العباد۔ لاؤ شراب پی لیں۔ چنانچہ شرب پی لی۔ جب شراب پی کر مست ہوگئے تو اس نے ان سے بت کو سجدہ بھی کرا لیا۔ اپنے شوہر کو قتل بھی اور اسم اعظم بھی پوچھ لیا۔ وہ تو اسم اعظم پڑھ کر صورت بدل کر آسمان پر پہنچ گئی۔ حق تعالیٰ نے اس کی روح کو زہرہ ستارہ سے متصل کیا اور شکل اس کی زہرہ ستارے کی طرح ہوگئی۔ جب ان کا نشہ اترا تو یہ اسم اعظم بھول چکے تھے اور اپنے کئے پر نادم و شرمندہ تھے۔ حق تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا کہ انسان میری تجلی سے دور رہتا ہے یہ دونوں شام کو حاضر بارگاہ ہوتے تھے۔ پھر بھی شہوت سے مغلوب ہو کر سب کچھ کر بیٹھے اگر انسانوں سے گناہ سرزد ہوں تو کیا تعجب ہے تمام فرشتوں نے اپنی خطا کا اقرار کیا اور زمین والوں پر بجائے لعن طعن کرنے کے ان کے لئے دعائے مغفرت کرنے لگے قرآن فرماتا ہے۔ **والملئکۃ**

marfat.com
Marfat.com

یسبحون بحمد ربھم ویستغفرون لمن فی الارض پھر یہ دونوں حضرت ادریس علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہو کر شفاعت کے طالب ہوئے آپ نے ان کے حق میں دعائے مغفرت کی۔ بہت روز کے بعد حکم الٰہی آیا کہ ان کو اختیار دیجئے کہ یہ یا تو دنیاوی عذاب قبول کرلیں یا آخرت کا۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے انہیں حکم الٰہی پہنچایا کہ ان کو اختیار دیجئے۔ انہوں نے عرض کیا کہ یا نبی اللہ دنیا کا عذاب فانی اور آخرت کا ابد الاباد تک باقی ہے ہم کو دنیاوی عذاب منظور ہے۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم فرمایا کہ ان دونوں کو لوہے کی زنجیروں میں جکڑ کر بابل کے کنویں میں اوندھا لٹکادیں اس کنویں میں آگ بھڑک رہی ہے اور یہ لٹکے ہوئے ہیں اور فرشتے باری باری سے ہر وقت ان کو کوڑے مارتے ہیں۔ سخت پیاس سے ان کی زبانیں باہر لٹکی ہوئی ہیں یہ قصہ سنن بیہقی مسند امام احمد اور دیگر کتب احادیث میں بہ اسناد صحیح مروی ہے اور بعض لوگوں نے ہاروت و ماروت کو اس حالت میں دیکھا بھی ہے۔

حکایت : حاکم نے اپنی مسند میں اور بیہقی نے اپنی سنن میں حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت کی ہے کہ آپ فرماتی ہیں کہ حضور علیہ السلام کی وفات کے بعد میرے پاس دومتہ الجندل کی ایک عورت آئی جو کہ حضور علیہ السلام کو تلاش کرتی تھی۔ میں نے کہا کہ سرکار کی وفات ہو چکی تم مجھ سے کہو۔ کیا کہنا چاہتی ہو۔ وہ کہنے لگی کہ میں اپنے شوہر کی سختیوں سے تنگ آگئی تو میں نے ایک عورت سے اپنی مصیبت بیان کی۔ اس نے مجھے ایک کتے پر سوار کرکے آن کی آن میں بابل پہنچادیا۔ میں نے ہاروت و ماروت کو ایک کنویں میں لٹکا دیکھا تو ان سے جادو سیکھنا چاہا انہوں نے بہت سمجھایا کہ یہ کفر ہے نہ سیکھ مگر میں نہ مانی۔ آخر کار انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ اس تنور میں پیشاب کرکے آ۔ میں نے جب اس میں پیشاب کیا تو دیکھا کہ ایک نورانی سوار میرے بدن سے نکلا اور آسمان کی طرف اڑ کر غائب ہو گیا۔ میں نے ان سے آکر یہ ماجرا بیان کیا انہوں نے فرمایا کہ یہ تیرا ایمان تھا جو تجھ سے چھن چکا اب جا تو جادو میں خوب ماہر ہو گئی۔ جب سے میں فن جادو میں بہت استاد ہوں گیہوں کا دانہ زمین میں داب کر اس کو حکم کرتی ہوں تو وہ اگ آتا ہے اور فوراً اس میں سٹہ لگ جاتا ہے۔ پھر فوراً خشک ہو جاتا ہے اور میرے کہنے سے فوراً آٹا ہو کر روٹی بن جاتی ہے مگر میں اپنے دل میں ایمان کے جانے پر شرمندہ ہوں میں پوچھنے آئی تھی کہ کیا میری توبہ اب قبول ہو سکتی ہے میں نے کہا کہ تو حضور علیہ السلام کے صحابہ کرام سے مل تو میں ان کی خدمت میں حاضر ہوئی کسی نے اس کے ایمان کی امید نہ دلائی ہاں حضرت عبداللہ ابن عباس نے فرمایا کہ تیرے ماں یا باپ ہوں تو ان کی خدمت کر۔ ان کی دعا سے تیرا ایمان واپس ہو گا۔ (تفسیر کبیر و عزیزی) اسی طرح ابن منذر نے اوزاعی سے نقل کیا کہ ہارون ابن رباب فرماتے ہیں کہ میں عبدالملک ابن مروان کے دربار میں بیٹھا تھا کہ ان کے پاس ایک شخص آیا جو کہ کسی جادوگر کا بیٹا تھا اس نے بھی اپنا قصہ اسی طرح بیان کیا کہ میں جادو کے شوق میں ہاروت ماروت کے پاس پہنچا مگر ان کے سمجھانے بجھانے پر بغیر جادو سیکھے واپس آیا ان روایات سے معلوم ہوا کہ ہاروت و ماروت ابھی تک چاہ بابل میں لٹکے ہوئے ہیں' اور جو وہاں پہنچ جائے اس کو جادو سکھاتے ہیں۔

فائدے : اس آیت اور تفسیر سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: کوئی شخص اپنے زہد و تقویٰ عبادت و ریاضت پر بھروسہ نہ کرے رب کا فضل طلب کرتا رہے دیکھو معصوم فرشتے بھی غصہ اور شہوت سے گناہ کر بیٹھے۔ مولانا فرماتے ہیں۔

ہمچو ہاروت ہمچو ماروت شہیر        از بطر خوردند زہر آلود تیر

marfat.com
Marfat.com

اعتمادی بودشاں بر قدس خویش | چیست بر شیر اعتماد گاو میش
گرچہ اوبا شاخ صد چارہ کند | شاخ شاخش شیر نر پارہ کند

یعنی ہاروت و ماروت جیسے مقدس فرشتے اپنی تقدیس پر اعتماد کر کے گھائل ہو گئے۔ بیل شیر کے مقابل اپنے سینگ وغیرہ پر اعتماد نہیں کر سکتا۔ **دوسرا فائدہ:** علم سحر بھی خدائی علموں میں سے ایک ہے۔ جس کی بقا خدا کو منظور ہے (تفسیر عزیزی) اسی لئے اس کی تعلیم بذریعہ فرشتہ کرائی کہ جادو سے فساد پھیلانا برا ہے۔ مگر جادو کا پیدا فرمانا برا نہیں شیطان برا ہے مگر شیطان کا پیدا کرنا برا نہیں ان چیزوں کے پیدا کرنے میں ہزار حکمتیں ہیں۔ **تیسرا فائدہ:** ہاروت و ماروت کا جادو کفر ہی ہے یعنی اس میں شرکیہ الفاظ و کفریہ شرائط ہیں مگر وہ کفر کے لئے نہیں سکھاتے بلکہ اس کے ذریعے ایمان قوی کرنے کے لئے کہ لوگ یہ سیکھ کر جادو اور معجزہ میں فرق کریں اور نبی کو جادوگر سے ممتاز کریں جو اصل ایمان ہے۔ **چوتھا فائدہ:** کفر سیکھنا سکھانا کفر نہیں بلکہ اس کو ماننا یا اس پر عمل کرنا کفر ہے۔ دیکھو فرشتے سحر سکھاتے ہیں جو کہ کفر ہے مگر کافر نہیں اور سیکھنے والا بھی اگر فقط علم حاصل کرنے کے لئے سیکھے تو وہ کافر نہیں اسی لئے وہ پہلے فرمادیتے ہیں کہ لا تکفر تو اس کو سیکھ کر کفر نہ کرنا یعنی اس پر اعتقاد یا عمل نہ کرنا۔ **مسئلہ:** جو سحر کفر ہے اس کا عامل مرتد ہے اگر مرد ہے تو قتل کیا جاوے اگر عورت ہے تو قید کی جاوے گی۔ **مسئلہ:** جو سحر کفر نہیں مگر اس سے جانیں ہلاک کی جاتی ہیں اس کا عامل ڈاکو کے حکم میں ہے کہ اس کو گرفتار کر کے قتل کیا جاوے اور اگر گرفتاری سے پہلے توبہ کر کے نیک صالح بن جاوے اور جادو چھوڑ دے تو معاف کیا جائے گا۔ **مسئلہ:** جادوگر کی توبہ قبول ہے۔ **مسئلہ:** کسی کو تکلیف پہنچانے یا حرام غرض سے جادو کرنا کفر ہے یا حرام۔ مگر جادو سے بچنے یا اس کو باطل کرنے کے لئے جادو کرنا جائز ہے بشرطیکہ اس میں کلمات کفریہ نہ ہوں۔ **پانچواں فائدہ:** جب جادوگر ایک آن ہاروت و ماروت کی صحبت میں رہ کر لوگوں کے دلوں اور اندرونی قوتوں پر جادو کے ذریعہ تصرف کر سکتے ہیں کہ خاوند کو عورت سے متنفر کر دیں اور مرد کو نامرد بنا دیں تو حضور کے صحبت یافتہ صحابہ اور فیض یافتہ اولیاء اللہ بھی یقیناً" ہمارے دلی رنج و غم اور دکھ درد دور کر سکتے ہیں۔ جادوگروں کے تصرفات مان کر کرامات و معجزات اور اولیاء کے تصرفات بھی مان لو۔

## قصہء ہاروت و ماروت پر اعتراضات و جوابات

اس قصہ میں بہت لوگوں کو بڑے بڑے اعتراضات پیش آئے یہاں تک کہ حضرت امام فخرالدین رازی رحمتہ اللہ علیہ نے قصہ زہرا وغیرہ کا انکار کیا اور فرمایا کہ یہ احادیث اصول اسلام کے خلاف ہیں لہذا قابل قبول نہیں۔ بعض مفسرین نے ہاروت و ماروت کے فرشتہ ہونے ہی کا انکار کر دیا مگر حق یہ ہے کہ یہ تمام واقعہ بالکل صحیح ہے۔ عقلی دلائل سے احادیث کا رد نہیں کیا جا سکتا بلکہ ضروری ہے کہ شبہات دور کئے جاویں ورنہ بظاہر حضرت یوسف و حضرت داؤد کا قصہ بھی خلاف اسلام معلوم ہوتا ہے تو جیسے ان قصوں سے اعتراضات اٹھائے جاتے ہیں اسی طرح اس سے بھی اٹھائے جاویں۔ اب ہم ان مفسرین وغیرہ کے سوالات مع جوابات عرض کرتے ہیں ان میں اکثر جوابات تفسیر عزیزی سے حاصل ہوئے ہیں اور بعض ہمارے اپنے ہیں رب تعالیٰ قبول فرمائے آمین۔

marfat.com
Marfat.com

اعتراض : پہلا اعتراض: رب نے جادو کی تعلیم کیوں دلائی اس میں کیا حکمت ہے؟ خراب چیز کا روکنا ضروری ہے نہ کہ شائع کرنا جواب: اس وقت بابل میں پہلے ہی سے جادو کا چرچا تھا۔ جہلاء جادو اور معجزے میں فرق نہ کر سکتے تھے۔ انبیاء اور جادوگر کو یکساں سمجھتے تھے رب تعالیٰ نے دو فرشتے بھیج کر جادو دکھا کر اس میں اور معجزے میں فرق کر دکھایا جیسے کہ فقہاء کرام کفریہ الفاظ بتا کر مسلمانوں کو ان سے بچنے کی ہدایت کرتے ہیں۔ اسی طرح ہاروت و ماروت نے کیا۔ دوسرا اعتراض: یہ کام انبیاء سے ہی کیوں نہ لیا وہ ہی جادو بھی بتا کر فرق کر دکھاتے۔ جواب: وجہ یہ ہے کہ خود ان انبیاء ہی کو تو جادوگروں سے جدا کرنا منظور تھا وہ گویا اس معاملہ میں ایک فریق تھے لہٰذا چاہئے تھا کہ حاکم اور پنچ کوئی اور ہو (1) نیز اس سکھانے کے لئے الفاظ کفریہ جو جادو میں ہوتے ہیں۔ انبیاء کو بولنے پڑتے اور یہ ان کی شان نبوت کے خلاف تھا کیونکہ وہ احکام شرعیہ کی تبلیغ کے لئے آئے تھے اور یہ الفاظ شرعاً" کفریہ ہیں مگر فرشتے خیر و شر ہر کام کرتے ہیں۔ ظالم کی پرورش 'موذی جانوروں کی تربیت وغیرہ ان سے ہی کرائی جاتی ہے لہٰذا اس کے لئے بھی وہی موزوں تھے۔ (2) نیز تعلیم سحر اشاعت جادو کا ذریعہ بھی تھی۔ رب تعالیٰ کو منظور نہ ہوا کہ یہ اشاعت حضرات انبیاء کرام کی طرف منسوب ہو کیونکہ ان سے شرعی احکام کا کام لیا جاتا ہے۔ اسی لئے حضرات انبیاء نے فلسفہ' سائنس اور منطق وغیرہ کی تعلیم نہ دی۔ ہاں ان حضرات نے جادو کے اجمالاً" احکام بتا دیئے کہ حرام ہے یہ نہ بتایا کہ جادو ایسے کرتے ہیں یہ ان فرشتوں نے بتایا۔ تیسرا اعتراض: شیاطین نے جادو سکھایا تو کافر ہوئے اور ہاروت ماروت فرشتوں نے سکھایا تو وہ کافر کیوں نہ ہوئے۔ جواب: شیطان نے عمل کرنے کے لئے رغبت دیتے ہوئے سکھایا اور انہوں نے بچنے کے لئے ہدایت کرتے ہوئے سکھایا۔ ایک شخص کسی کو کافر بنانے کے لئے الفاظ کفریہ سکھائے وہ کافر ہے عالم دین بچنے کے لئے وہ ہی الفاظ بتا دیں تو وہ مومن چوتھا اعتراض: اس قصہ سے معلوم ہوا کہ فرشتوں نے رب تعالیٰ کا مقابلہ کیا کہ اس نے فرمایا کہ تم بھی غصہ اور شہوت پا کر گناہ کر بیٹھو گے انہوں نے کہا کہ ہرگز نہیں اور رب کا مقابلہ کفر ہے اور ملائکہ معصوم؟ جواب: یہ مقابلہ نہیں بلکہ اپنی اطاعت اور نیاز مندی کا اظہار ہے اور اپنے مصمم ارادہ کا تذکرہ کہ مولیٰ ہم نے تیری اطاعت اور فرمانبرداری کا پورا ارادہ کر لیا ہے کہ بڑی مصیبت میں بھی نافرمانی نہ کریں گے۔ جیسے کوئی وفادار نوکر اپنے آقا سے مضبوطی ارادہ ظاہر کرے پانچواں اعتراض: فرشتے معصوم ہیں رب تعالیٰ فرماتا ہے **لا یعصون اللہ ما امرھم ویفعلون ما یئومرون** پھر ہاروت و ماروت یہ تین سخت گناہ کیوں کر بیٹھے؟ یہ تو قرآن کے خلاف ہے جواب: جب یہ دونوں شکل انسانی میں آگئے اور ان میں غصہ اور شہوت پیدا کر دیا گیا تو ان میں فرشتوں کے صفات نہ رہے۔ فرشتہ فرشتہ رہ کر معصوم نہ کہ انسانی خواص پا کر بھی۔ دیکھو حضرات انبیاء بشر ہیں اور بشر طبعاً" معصوم نہیں۔ مگر جب رب تعالیٰ ان کے غصہ اور شہوت کی اصلاح فرما دیتا ہے تو یہ معصوم بن جاتے ہیں غرضکہ غصہ والا اصلاح سے معصوم اور معصوم غصہ پا کر غیر معصوم ہو سکتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ جب فرشتے انسانی شکل میں ہوں گے تو ان پر انسانی عوارض جاری ہوں گے اگرچہ ان کی حقیقت نور ہی ہو گی۔ دیکھو موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی جب سانپ بنتی تو کھاتی پیتی تھی۔ رب فرماتا ہے **تلقف ما یافکون** حرکت بھی کرتی تھی سانس بھی لیتی تھی۔ حضرت جبریل جب شکل انسانی میں آتے تو آپ کے کپڑے سفید اور بال سیاہ ہوتے تھے اسی طرح حضرات ہاروت ماروت جب شکل انسانی میں آئے تو کھانے پینے جماع کرنے کے عادی ہو گئے اس سے ثابت ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نور الٰہی ہیں۔ مگر شکلاً" بشر ہیں لہٰذا کھاتے پیتے سوتے جاگتے ہیں ان کے کھانے پینے کو دیکھ کر ان کی نورانیت کا انکار نہ کرو پھر بھی حضرات انبیاء و اولیاء پر

marfat.com
Marfat.com

کبھی نورانیت کا جلوہ آشکارا ہوتا ہے تو کھانے پینے سے بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ عیسیٰ علیہ السلام صدہا سال سے بغیر کھائے پئے آسمان پر جلوہ گر ہیں۔ اصحاب کہف صدہا سال سے بغیر کھائے پئے سو رہے ہیں۔ حضور روزۂ وصال میں اور معراج میں کھانے پینے سے بے نیاز تھے۔ غرضیکہ یار کے رنگ مختلف ہیں۔ **چھٹا اعتراض:** اگر یہ دونوں انسان بن گئے تھے تو آواگون درست ہوا (آریہ) **جواب:** ان کی فقط شکل بدلی تھی نہ کہ روح اور گناہ کرنا شکل و صورت اور جسم سے ہوتا ہے۔ روح جسم پاکر اعمال کرتی ہے۔ آواگون میں روح کی تبدیلی ہوتی ہے **ساتواں اعتراض:** جب ہاروت و ماروت اپنی ہی مصیبت میں گرفتار ہیں تو لوگوں کو تعلیم سحر کیوں کر دیتے ہیں؟ **جواب:** کامل اور تجربہ کار ماہر آدمی بیماری اور پریشانی میں بھی علمی مسائل بے تکلف بیان کر دیتا ہے یہ حضرات چونکہ اس فن میں بہت کامل ہیں لہٰذا بہت آسانی سے سکھا دیتے ہیں۔ **آٹھواں اعتراض:** جب ان تک کوئی پہنچتا ہی نہیں تو ان سے جادو کیسے سیکھتے ہیں؟ **جواب:** اولاً تو ان تک عام مخلوق پہنچ جاتی تھی کیونکہ وہ اشاعت سحر کا وقت تھا پھر رفتہ رفتہ یہ کام بند ہوتا رہا۔ صحابہ کرام کے زمانے میں بھی بعض لوگ وہاں پہنچے مگر اب شیاطین تو وہاں پہنچ جاتے ہیں مگر انسان نہیں پہنچتے جیسا کہ روایت میں آیا ہے کہ ہر سال بعض جن ان سے جادو سیکھتے ہیں (تفسیر عزیزی) **نواں اعتراض:** یہ کیونکر ممکن ہے کہ ایک عورت تارہ بن کر آسمان پر چڑھ جائے **جواب:** آدمی کا بدن مر کر مٹی بن جاتا ہے۔ انسانی روح مر کر آسمان میں جاتی ہے جب بدن مٹی بن سکتا ہے تو تارہ کی شکل بھی بن سکتا ہے۔ اس میں شکل کی تبدیلی ہے کوئی تعجب نہیں۔ **دسواں اعتراض:** زہرا تارہ تو پہلے ہی سے موجود ہے اگر یہ عورت تارہ بن کر وہاں پہنچی تو چاہئے تھا کہ ادریس علیہ السلام سے پہلے یہ تارہ نہ ہوتا؟ **جواب:** اس کا مطلب یہ نہیں ہے۔ کہ زہرا تارا وہ عورت ہے بلکہ یہ تارہ تو پہلے سے موجود تھا۔ اس وقت اس عورت کا تعلق اس تارے سے ہو گیا۔ بعض روحیں جنت میں اور بعض روحیں دوزخ میں اور بعض چاہ زمزم میں رہتی ہیں اس عورت کی روح زہرا تارے میں رہتی ہے۔ شہداء سبز پرندے کی شکل میں جنت میں سیر کرتے ہیں یہ اس تارے کی شکل میں آسمان کی سیر کرتی ہے **گیارہواں اعتراض:** رب تعالیٰ نے ہاروت و ماروت کو دو عذابوں کا کیوں اختیار دیا چاہئے تھا کہ توبہ کا حکم دیتا توبہ گناہ کا کفارہ ہے؟ **جواب:** دنیاوی عذاب ہی ان کے لئے توبہ ہے جیسے کہ بچھڑے کے پجاری یہودیوں کے لئے قتل ہر جرم کی توبہ علیحدہ ہے گویا ان سے کہا گیا کہ یا تو یہ تکلیف برداشت کر کے توبہ کر لو ورنہ عذاب آخرت میں گرفتار ہو گے۔ انہوں نے توبہ اختیار کی۔ **بارہواں اعتراض:** زہرہ عورت کافرہ فاجرہ تھی اس کو تارے میں رہنے کی عزت کیوں ملی؟ کافر کی جگہ جہنم ہے نہ کہ تارا۔ **جواب:** اسم اعظم پڑھ کر مومنہ ہو گئی اور اس کے سارے گناہ معاف ہو گئے جیسے کہ سو برس کا کافر دکار کلمہ طیبہ پڑھ کر مومن بن جاتا ہے۔ پھر اسی اسم اعظم کے طفیل یہ دعا کی جو کہ قبول ہوئی اور وہ تارے میں رہنے لگی **تیرھواں اعتراض:** ہاروت و ماروت اسم اعظم کیسے بھول گئے؟ **جواب:** گناہ یا کفر سے کبھی حافظہ کمزور ہو جاتا ہے اور علم بھول جاتا ہے۔ دماغ سے خون نکل جانے پر نسیان کی بیماری ہو جاتی ہے اگر ایمان نکل جانے پر یہ مرض ہو جائے تو کیا تعجب ہے۔

**خاتمہ مضمون:** زبیر ابن بکار اور ابن مردویہ اور دیلمی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ میں نے حضور علیہ السلام سے پوچھا کہ انسان کتنی صورتوں میں مسخ ہوا فرمایا تیرہ میں۔ (1) ہاتھی۔ (2) ریچھ (3) سور (4) بندر (5) مارماہی (6) گوہ (7) چمگادڑ (8) بچھو (9) عموص (دریائی چھوٹا جانور) (10) مکڑی (11) خرگوش (12) سہیل (تارہ) (13) زہرہ تارا یعنی بعض قومیں ہاتھی بنا دی گئیں۔ بعض بندر بعض سور وغیرہ (تفسیر عزیزی)

marfat.com
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ : انسان میں سارا عالم ہے ہاروت و ماروت اس کی قوت نظر اور قوت عملی ہے اور اس کا نفس گویا زہرہ ہے اس نفس نے ان دونوں قوتوں سے وہ صفات سیکھے جن کی برکت سے یہ نفس عالم اجسام سے ترقی کر کے عالم ارواح سے مل سکے اور ملاء اعلیٰ میں اس کا شمار ہو۔ مگر یہ نفس ان دونوں قوتوں کو گناہوں پر رغبت دیتا رہا۔ جس سے کہ یہ عالم سفلیات میں ہی رہ جائیں۔ جب یہ دونوں قوتیں نفس کی اطاعت کر کے نادم ہوں تو شریعت پیغمبر کے حضور حاضر ہو کر اپنی شفاعت چاہیں ادھر سے حکم ملے کہ ان دونوں کو چاہ دنیا میں عمر بھر کے لئے قید کر دو۔ جہاں کہ ان کو مصائب و آلام کی تکلیف برداشت کرنا پڑے یہ قوت عملی و نظری دیگر انسانی قوتوں کو دنیاوی امور سکھاتی ہیں مگر ساتھ ہی فرمادیتی ہیں کہ یہ دنیا جال ہے۔ اس سے بچے رہنا اس پر عمل نہ کرنا یہ تمام چیزیں تم کو بچنے کے لئے بتائی گئی ہیں نہ کہ عمل کے لئے جو ان کی مخالفت کر کے دنیا میں پھنس جاتا ہے وہ طریقت کا کافر ہے اور جو ان کی مان جاتا ہے وہ کامل مومن۔

اہل دنیا کافران مطلق اند — روز و شب و رزق زق و ور بک بک اند
چیست دنیا از خدا غافل بدن — نے قماش و روزیٔ فرزند و زن

دوسری تفسیر صوفیانہ : ہاروت و ماروت کی ایک گھڑی صحبت میں رہ کر ان سے کچھ فیض لے کر بندہ باذن الٰہی لوگوں کو نقصان پہنچانے پر قادر ہو جاتا ہے اور لوگوں کے دلوں پر تصرف کر سکتا ہے کہ خاوند کے دل میں بیوی سے نفرت پیدا کر دے یا اسے بیوی پر قادر نہ ہونے دے اور اولیاء اللہ کا صحبت یافتہ باذن الٰہی لوگوں کو فائدہ پہنچانے پر قادر ہو جاتا ہے اور لوگوں کے دلوں پر تصرف کرنے پر قادر ہو جاتا ہے وہ بچھڑوں کو ملا سکتا ہے بلکہ اللہ سے دور رہنے والے بندوں کو رب تک پہنچا سکتا ہے ہاروت و ماروت کا یہ قصہ پڑھو اور تصرفات اولیاء میں غور کرو کہ ان کے قبضہ میں عالم کے عالم ہوتے ہیں جادو سے زیادہ کرامت کی تاثیر۔

| |
|---|
| وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ |
| اور نہیں ہیں وہ لوگ نقصان پہنچانے والے ساتھ اس کے کسی کو مگر ساتھ حکم اللہ کے |
| اور اس سے ضرر نہیں پہنچا سکتے کسی کو مگر خدا کے حکم سے |
| وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ |
| اور وہ سیکھتے ہیں جو انہیں نقصان دے گا اور نہ نفع دے گا ان کو اور البتہ تحقیق جانا انہوں نے |
| اور وہ سیکھتے ہیں جو انہیں نقصان دے گا اور نہ نفع دے گا اور بے شک ضرور انہیں معلوم ہے |
| اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ؕ وَلَبِئْسَ مَا |
| البتہ وہ جو خریدے اس کو نہیں ہے اس کے واسطے بیچ آخرت کے کوئی حصہ اور البتہ |
| کہ جس نے یہ سودا لیا آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں اور بے شک کیا |

marfat.com
Marfat.com

شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۞ ١٠٢ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا

برا ہے اور جو خریدا انہوں نے ساتھ اس کے جانوں کو اپنی اگر وہ ہوتے جانتے اور اگر تحقیق وہ

بُری چیز ہے جس کے بدلے انہوں نے اپنی جانیں بیچیں کسی طرح انہیں علم ہوتا اور اگر وہ ایمان لاتے

وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۞ ١٠٣

لوگ ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے البتہ ثواب نزدیک اللہ کے اچھا اگر ہوتے وہ جانتے

اور پرہیزگاری کرتے البتہ اللہ کے یہاں کا ثواب بہت اچھا ہے کسی طرح انہیں علم ہوتا

**تعلق** : یہ جملہ پچھلے جملہ کا تتمہ ہے اس میں کہا گیا تھا کہ جادوگر جادو سے زوجین میں جدائی ڈال دیتے ہیں تو شاید کسی کو وہم ہو تاکہ وہ اس اثر میں مستقل ہیں اس وہم کو دفع کرنے کے لئے فرمادیا کہ بغیر اذن الٰہی کچھ نہیں کرسکتے۔ یہ سب رب تعالیٰ کے حکم سے ہوتا ہے نیز پچھلے جملہ سے سمجھایا گیا کہ جادوگر دوسروں کو کافی نقصان پہنچاسکتا ہے۔ اس جملہ میں بتایا گیا کہ وہ سب سے بڑا اپنا نقصان کرتا ہے۔

**تفسیر** : **وما هم بضارين به من احد** یہ جادوگر اس جادو سے کسی کو بھی نقصان نہیں پہنچاسکتے **ضارين** جمع فرماکر ارشاد فرمایا کہ تمام دنیا کے جادوگر مل کر سارا زور جادو پر خرچ کرکے بھی معمولی شخص کو کوئی نقصان نہیں پہنچاسکتے۔ تو ایک دو جادوگروں کا تو ذکر کیا ہی ہے۔ **الا باذن الله** یہاں اذن سے یا تو ارادہ مراد ہے یعنی اذن تکوینی نہ کہ تشریعی تخلیہ یعنی خدا نے اس جادو میں تاثیر رکھ دی ہے جس سے وہ نقصان پہنچادیتے ہیں جیسے چھری میں کاٹنے کی تاثیر دی جس سے زخم لگایا جاسکتا ہے وہ اس میں مستقل نہیں یا یہ مطلب ہے کہ جادو رب تعالیٰ کی اجازت سے اثر کرتا ہے اس لئے کبھی اثر کرتا ہے اور کبھی نہیں اور کسی پر کرتا ہے اور کسی پر نہیں اگر ہر جادو ہمیشہ اثر کیا کرتا تو ماہر جادوگر تمام بادشاہوں کو فنا کرکے ان کی فوجوں کو جادو سے ہلاک کرکے دنیا پر راج کرتے مگر ایسا نہیں۔ نیز حضرت ابراہیم علیہ السلام و موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں جادو بہت ترقی پر تھا۔ چاہئے کہ انہیں ہلاک کرڈالتے مگر نہ کرسکے معلوم ہوا کہ جادو کبھی اثر کرتا ہے اور کبھی نہیں اور کسی پر اثر کرتا ہے اور کسی پر نہیں پھر اثر بھی مختلف کرتا ہے۔ حضور علیہ السلام پر سخت جادو کیا گیا مگر صرف خیال مبارک پر اثر ہوا کہ کسی قدر نسیان بڑھ گیا لہٰذا مومن کو چاہئے کہ ہمیشہ رب تعالیٰ ہی سے ڈرے کہ سب اسی کے تابع فرمان ہیں۔ **ويتعلمون ما يضرهم** یہاں جادوگر خود جادو سے ضرور نقصان پاجاتا ہے دوسرے کو نقصان ہو یا نہ ہو کیونکہ وہ یا تو اس پر عقیدہ رکھ کر یا الفاظ کفریہ بول کر یا شرائط کفریہ ادا کرکے کافر ہو جاتے ہیں یا ستاروں اور شیاطین میں اثر دیکھ کر ان کو مستقل مؤثر مان جاتے ہیں جو کہ کفر ہے۔ یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ جادوگر گرفتار کرکے قتل بھی کردیئے جاتے ہیں کبھی ایک دوسرے کے مقابلہ میں ہلاک بھی ہو جاتے ہیں غرضیکہ ان کے دینی یا دنیاوی نقصان بہت **ولا ينفعهم** یہ **لا يضر** کی تاکید ہے یعنی جادو خود جادوگر کو بہت نقصان دیتا ہے جس میں نفع کا شائبہ بھی نہیں ہوتا دوسروں کو اگر نقصان دیا مگر نفع کے ساتھ اس میں اشارہ ہے کہ اگر کسی کو جادو سے نقصان پہنچا تو یا تو وہ شہید ہو کر مرا یا اسے صبر کا ثواب ملا جادوگر کا دین و ایمان تباہ ہوا جس میں محض نقصان ہی ہے۔ نفع بالکل نہیں۔ پھر یہ بھی خیال رہے کہ خود

marfat.com
Marfat.com

جادوگر اس نقصان سے بے خبر نہیں بلکہ ولقد علموا لمن اشترٰىه يقينا" جانتے ہیں کہ جو کوئی جادو خریدے یعنی ایمان چھوڑ کر کفر یا آسمانی کتابیں چھوڑ کر شیطانی باتیں یا قرآن کو چھوڑ کر جادو وغیرہ اختیار کرے۔ تو ماله فی الاخرة من خلاق اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔ یعنی اس سے کچھ دنیا کما لے مگر آخرت میں اسے کچھ نہ ملے گا۔ خیال رہے کہ یہود کے پاس توریت موجود تھی جس پر عمل کر کے وہ دین و دنیا کماتے یا ان کو قرآن پاک حاصل کرنے کا موقع تھا۔ مگر ان بد نصیبوں نے توریت چھوڑی۔ قرآن سے منہ موڑا اور جادو کے شیدائی ہوئے اس چھوڑنے اور اختیار کرنے کو رب نے خرید و فروخت فرمایا۔ کیونکہ خریدار قیمت دے کر مال لیتا ہے۔ مگر ان کا یہ سودا گھاٹے کا ہوا کہ نافع چیز ہاتھ سے کھو بیٹھے اور نقصان دہ چیز لے بیٹھے ولبئس ما شروا به انفسهم یہ اس تجارت کا انجام ہے کبھی تو تجارت نفع دیتی ہے اور کبھی حساب برابر رہتا ہے کہ نہ نفع نہ نقصان اور کبھی کچھ نقصان دیتی ہے اور کبھی تاجر کو بالکل تباہ کر ڈالتی ہے کہ اس کی اصل پونجی برباد مکان اور جائیداد نیلام ہو جاتی ہے اور تاجر دیوالیہ ہو کر قید اور ذلیل و خوار ہوتا ہے ان جادوگر یہود کی تجارت آخری قسم کی ہے کہ جادو سے ان کے گذشتہ اعمال برباد ایمان ختم۔ جنت کا استحقاق زائل ہو گیا اور جہنم کے حقدار بن گئے۔ روح البیان نے فرمایا کہ انفس سے ایمان مراد ہے کیونکہ وہ اصل مقصود ہے اور شراء سے فروخت کرنا۔ یعنی جادو کے عوض انہوں نے ایمان فروشی کی وہ جادو نہایت برا ہے۔ بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ یہ دونوں لفظ اپنے اصلی معنی پر ہی ہیں یعنی ان کو چاہیئے تھا کہ نیک اعمال کے ذریعہ رب تعالیٰ سے اپنی جانیں چھڑاتے مگر انہوں نے اس کے برعکس کیا اس کی پوری تحقیق پہلے گزر گئی لو كانوا يعلمون کاش کہ وہ یہ برائی بھی جانتے ہوتے یعنی یہ تو وہ جانتے ہیں کہ جادو میں ثواب نہیں کاش وہ یہ بھی جانتے کہ اس میں عذاب ہے اور اس سے آخرت برباد ہوتی ہے وہ یہ سمجھے بیٹھے ہیں کہ جادو ایک مباح چیز ہے کہ جس کا نہ ثواب نہ عذاب اب رب تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگرچہ یہ یہودی بڑے بڑے جرم کر چکے لیکن اب بھی توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔ اگر یہ چاہیں کہ جنت میں ہمیں بھی جگہ مل جائے تو ولو انهم امنوا اگر یہ اب بھی ایمان لے آویں اور جادو کو حرام جان لیں توریت پر پورا عمل کریں اور نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار بن جاویں تو ان کو بڑا ہی ثواب ملے گا اور لمثوبة من عند الله خير تھوڑا سا ثواب بھی جو اللہ کے پاس ہے دنیا کے بڑے بھاری نفع سے بہت اچھا ہے۔ ہماری تفسیر سے معلوم ہوا کہ لو کی جزا پوشیدہ ہے اور یہ جملہ ایک پر لطف معنے دے رہا ہے خلاصہ یہ ہے کہ اگر یہ اب بھی ایمان لے آویں تو ہم ان کو بڑا ہی ثواب دیں اور اے اللہ کے بندو رب تعالیٰ کا تھوڑا ثواب بھی دنیا سے بہتر ہے تو بڑے ثواب کا کیا پوچھنا عند الله سے معلوم ہوا کہ تمام مزدوروں کی اجرت دنیا والے دیتے ہیں مگر انبیاء کی اطاعت کی اجرت رب تعالیٰ دیتا ہے اور رب تعالیٰ کی اجرت تمام اجرتوں سے بڑی ہے۔ لو كانوا يعلمون کاش یہ راز کو جانتے۔ انہیں تو یہ خبر ہے کہ فلاں منتر میں یہ اثر ہے فلاں جادو سے یہ تبدیلی ہو جاتی ہے۔ مگر انہیں یہ خبر نہیں کہ کلمہ پاک میں کیا اثر ہے اس کے پڑھنے سے انسان کی کیسی کایا پلٹ جاتی ہے کہ سو برس کا مجرم بدکار ایک منٹ میں صالح پرہیزگار بن جاتا ہے کہ وہ منتر اور جادو بہتر ہیں یا یہ تدبیر کارآمد اور یہ عمل مفید ہے ان کی آنکھوں پر پردے پڑے ہیں۔ ولو انهم سے پہلے ان کی بد عملیوں اور بد عملیوں کے نقصان کا ذکر کرنے کے بعد اب اس کا علاج اور علاج کے فوائد بیان ہو رہے ہیں 'ایمان اور تقویٰ' چونکہ ایمان اعمال پر مقدم ہے اس لئے پہلے ایمان کا ذکر کرنے کے بعد تقویٰ کا ذکر ہوا بہرحال یہ آیت گذشتہ آیات سے بے تعلق نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

خلاصہ تفسیر : اے مسلمانو بے شک جادو میں تاثیر ہے مگر یہ نہ سمجھنا کہ مستقل تاثیر ہے نہیں بلکہ جو کچھ ہے رب تعالیٰ کی اذن اور اس کے ارادے سے ہے جادوگر کے جادو سے دوسرے کو نقصان ہو یا نہ ہو اور اگر ہو تو پورا ہو یا تھوڑا مگر خود جادوگر یہ سیکھ کر اپنا نقصان کر لیتا ہے کہ اس کے اوقات بجائے ذکر اللہ کے فکر شیاطین میں گزرتے ہیں اور وہ بجائے آسمانی کتابوں کے شیطانی وسواس میں پھنسا رہتا ہے ایمان چھوڑ کر بے ایمان بن جاتا ہے اور اتنا تو خود جادوگر بھی جانتے ہیں کہ جادو کا آخرت میں کوئی ثواب نہیں کاش وہ یہ بھی جانتے کہ یہ بہت ہی بری چیز ہے۔ جس کے عوض وہ اپنے جان و ایمان کو فروخت کر چکے ہیں لیکن ان سے کہہ دو کہ ہم بڑے غفور رحیم ہیں۔ جس طرح کہ انہوں نے پہلے ہمیشہ خطائیں کیں اور ہم نے عطائیں۔ اگر یہ اس قدر جرم کر کے اب بھی ایمان لے آئیں تو ہماری رحمت انہیں گوش میں لینے کو تیار ہے۔ ہم تو دیتے ہیں کوئی لینے والا ہی نہیں ان کے ایک کلمہ پڑھ لینے سے ہم انہیں۔ بہت بڑا ثواب دیں گے حالانکہ ہمارا تھوڑا ثواب بھی ساری دنیا کی نعمتوں سے بڑھ کر ہے کاش کہ یہ اس ثواب کی قدر جانتے تو ایسی حرکتیں نہ کرتے اے مولیٰ تیرے کرم کے قربان کس طرح اپنے مجرم بندوں کو رحمت کی طرف بلا رہا ہے۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: جادو میں اثر ہے جو اس کے اثر کا منکر ہے وہ اس آیت پر غور نہیں کرتا کہ یفرقون سے صراحۃ "اثر کا ثبوت ہے اور الا باذن اللہ میں بھی نفی ٹوٹ کر اثر کا ثبوت ہو گیا نیز اس کے اثرات کا بارہا تجربہ بھی ہوا اور ہو رہا ہے اس کا انکار بالکل ظاہریات کا انکار ہے۔ دوسرا فائدہ: موثر حقیقی اللہ ہے باقی ساری چیزیں محض اسباب اسی لئے جادو سے کبھی بہت جلد فائدہ ہوتا ہے کبھی بہت دیر میں کبھی بالکل نہیں۔ کبھی ایک جماع سے ہی حمل قرار پا جاتا ہے اور کبھی بہت سے جماع سے کچھ بھی نہیں ہوتا۔ پھر کبھی جماع سے ایک بچہ ہو کبھی دو کبھی لڑکی، کبھی لڑکا، کبھی خوبصورت کبھی بدصورت غرضیکہ اثر مسبب الاسباب کے ہاتھ میں ہے۔ چاہئے کہ اسباب پر ضرور عمل کرے مگر نظر و اعتقاد خالق پر رکھے۔ تیسرا فائدہ: بغیر عمل علم بیکار بلکہ کبھی نقصان دہ ہے کہ یہود جادو کو بیکار جانتے تو تھے مگر عمل اس کے خلاف کرتے تھے۔ لہٰذا مردود ہوئے۔ چوتھا فائدہ: دنیاوی فائدے کے مقابلے میں آخرت کا تھوڑا فائدہ بھی زیادہ ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جنت میں ایک کمان رکھنے کی جگہ دنیا سے بہتر ہے۔ پانچواں فائدہ: جادوگر کی توبہ قبول ہے کیونکہ جادوگر یہودیوں کو ایمان اور توبہ کی دعوت دی گئی ہے۔ چھٹا فائدہ: ایمان و تقویٰ انسان کی کایا پلٹ دیتے ہیں یہ جادو سے بڑھ کر موثر ہیں آدمی کو چاہئے کہ بجائے کیمیا' ریمیا' سیمیا جادو منتر کے ایمان کی کیمیا اور تقویٰ کا منتر سیکھے اولیاء اللہ کی نظر سے مٹی سونا بن جاتی ہے۔

کیمیا و ریمیا و سیمیا　　　کس نداند جز بذات اولیاء

ساتواں فائدہ: کوئی علم بذات خود برا نہیں بلکہ اس کی برائی تین وجہ سے ہے ایک یہ کہ اس میں نقصان زیادہ اور نفع کم ہو جیسے کہ علم سحر و نجوم طلسمات وغیرہ۔ دوسرے یہ کہ وہ علم خود تو مضر نہ ہو لیکن سیکھنے والے اس کی باریکیاں سمجھنے کی قابلیت نہیں جس سے اندیشہ ہو کہ یہ غلط سمجھ کر گمراہ ہو جائے جیسے علم فلسفہ' مسئلہ تقدیر' مسئلہ وحدت الوجود۔ صحابہ کرام کے اختلافات اور جنگوں کے اسباب اولیاء اللہ کے بولے ہوئے معمے جیسے کہ انا الحق۔ طریقت کے اسرار۔ قرآن کریم کی صوفیانہ تاویلات کہ عام

marfat.com
Marfat.com

لوگ اس کے اہل نہیں۔ تیسرے شرعی علموں میں بیجا تاویلات اور شرعی اعمال میں افراط و تفریط جیسے کہ علم عقائد اور توحید میں فلسفہ کو دخل دینا اور علم فقہ میں غلط حیلے اور اصل روایتیں لینا اور علم سلوک میں جوگیوں کے مشغلوں کو دخل دینا۔ آٹھواں فائدہ: جادو معجزے اور کرامت کے مقابلہ میں اثر نہیں کر سکتا۔ لیکن بغیر مقابلہ نبی یا ولی پر ضرور اثر کر دیتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کے عصا کے مقابل جادوگر فیل ہوئے مگر حضور علیہ السلام پر یہود کا جادو کسی قدر چل گیا کیونکہ وہاں معجزے کا مقابلہ تھا اور یہاں اثر حقیقتہً بغیر مقابلہ ہوا۔ نواں فائدہ: اگر جادوگر دعویٰ کر دے تو اس کا جادو باقی رہتا ہے لیکن اگر دعویٰ نبوت کر بیٹھے تو وہ ہی جادو بیکار ہو گیا کہ یا تو اثر کرے گا ہی نہیں اگر کرے گا تو الٹا۔ دیکھو دجال دعویٰ خدائی کر کے بھی عجیب باتیں دکھائے گا لیکن مسلیمہ کذاب دعویٰ نبوت کر کے اپنے جادو سے کوئی کام نہ لے سکے۔ کیونکہ خدائی میں دھوکہ نہیں پڑ سکتا کہ انسان کا کھانا پینا سونا جاگنا ہی بتا رہا ہے کہ وہ خدا نہیں۔ مگر نبوت میں شبہ پڑ سکتا ہے کیونکہ انبیائے کرام بشر ہی ہوتے ہیں اس لئے قدرت اس کا جادو بیکار کر دیتی ہے۔ یہ آخری تین فائدے **الا باذن اللہ** سے حاصل ہوئے۔

**اعتراض: پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ جادوگر خدا کے حکم سے لوگوں کو نقصان پہنچاتے ہیں تو کیا خدا بری باتوں کا حکم بھی دیتا ہے تو جادوگر برا کیوں ہے (آریہ) **جواب:** اس کے چند جواب ہیں (1) ایک یہ کہ یہاں اذن کے معنی نہ تو اجازت ہیں اور نہ امر و حکم' بلکہ اس کے معنے ہیں خلق یا ایجاد یعنے اذن شرعی مراد نہیں بلکہ اذن تخلیقی یا تکوینی مراد ہے یعنے جادو خود اثر نہیں کرتا بلکہ اصل موثر پروردگار ہے۔ (2) دوسرے یہ کہ یہاں اذن سے مراد اجازت ہی ہے مگر جادوگر کو جادو کرنے کی نہیں بلکہ جادو کو اثر کرنے کی یعنے جادو خدا کی اجازت سے اثر کرتا ہے جیسے کہ چھری خدا کی اجازت سے کاٹتی ہے لہٰذا جادو برا نہیں ہاں جادوگر برا ہے کہ اس نے بغیر اجازت جادو کیا تلوار بری نہیں قاتل برا ہے۔ (3) تیسرے یہ کہ اذن سے مراد موقعہ دینا ہے یعنے رب نے جادوگر کو موقعہ دے دیا جیسے کہ اس نے ساری برائیاں کرنے کا موقع دے دیا ہے۔ (4) چوتھے یہ کہ اذن سے مراد علم اور اطلاع ہے چنانچہ نماز کی اطلاع کو اذان کہتے ہیں۔ قرآن کریم نے فرمایا **وافان من اللہ و رسولہ** اور فرمایا **فاذنوا بحرب من اللہ** اطلاع کو اذان اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ اذان یعنے کان سے سنی جاتی ہے۔ یعنی جادوگر اللہ کے حکم کے بغیر ضرر نہیں پہنچا سکتے **دوسرا اعتراض:** اس آیت میں اول تو فرمایا گیا **ولقد علموا** یعنے وہ یقیناً جانتے ہیں اور آخیر میں فرمایا گیا۔ **لو کانوا یعلمون** کاش کہ وہ جانتے ہوتے یعنی نہیں جانتے تو جاننا اور نہ جاننا جمع کیسے ہو گیا۔ **جواب:** اس کے بھی چند جواب ہیں (1) ایک یہ کہ ان میں سے بعض جادو کی برائی جانتے تھے اور بعض نہ جانتے تھے لہٰذا جاننے والے اور ہیں اور نہ جاننے والے دیگر (2) دوسرے یہ کہ ان میں جو جانتے تھے مگر عمل نہ کرتے تھے لہٰذا پہلے علم بے عمل کا ثبوت ہے اور پھر علم باعمل کی نفی (3) تیسرے یہ کہ وہ جانتے تھے کہ جادو پر ثواب نہیں مگر یہ نہ جانتے تھے کہ اس پر عذاب بھی ہے یعنی **لقد علموا** کا مفعول **لمن اشترٰیہ** ہے اور **لو کانوا یعلمون** کا **ولبئس** **تیسرا اعتراض:** آیت میں **لو انھم امنوا** شرط ہے اور **لمثوبۃ** اس کی جزا اور جزا شرط پر موقوف ہوتی ہے تو مطلب یہ ہوا کہ خدا کے ثواب کا ہونا ان کے ایمان لانے پر موقوف ہے یعنی اگر وہ ایمان لے آئیں تو ثواب اچھا ہو ورنہ نہیں حالانکہ رب کا ثواب بہت بہتر چیز ہے خواہ یہودی ایمان لائیں یا نہ لائیں۔

**جواب:** یہاں جزاء شرط پر حکم میں موقوف ہے نہ کہ واقعہ میں جیسے کہ قرآن کریم میں ہے کہ **وما بکم من نعمۃ فمن اللہ** یعنے ان کے لئے ثواب اچھے ہونے کا حکم جب ہو گا جب کہ وہ ایمان لائیں یوں کہو کہ اس کی جزاء پوشیدہ ہے اور **لمثوبۃ**

marfat.com
Marfat.com

علیحدہ جملہ ہے۔

تفسیر صوفیانہ : علم در حقیقت اچھی چیز ہے لیکن اس کا اثر مختلف جس علم کے ساتھ نیک اعمال' کتاب و سنت کی پیروی' اللہ و رسول کا عشق و محبت ہو وہ علم نافع ہے اور جس کے ساتھ یہ اوصاف نہ ہوں وہ علم بیکار اور جو شخص علم سے غلط فائدہ حاصل کرے کہ اس کو دنیا کمانے اور اپنی آبرو بڑھانے کا ذریعہ بنائے وہ علم مضر ہے۔ شیخ ابو الحسن فرماتے ہیں کہ اگرچہ سارے علم حق ہیں لیکن جس علم کی طرف نفس مائل ہو اور طبیعت کو اس سے لذت حاصل ہو اسے اختیار نہ کرو انسان کے لئے وحدانیت کا علم اور اللہ رسول کی محبت کا عمل کافی ہے بعض صوفیاء فرماتے ہیں کہ برے آدمی کے لئے علم کی زیادتی ایسی ہے جیسے اندرائن اور خاردار درختوں کی جڑوں میں زیادہ پانی جیسے کہ وہاں پانی سے کانٹے اور کڑوے پھل بڑھیں گے ایسے ہی یہاں علم سے بدعملی اور بیدینی پھیلے گی جو شخص کہ دنیا کمانے اور اپنی آبرو بڑھانے کے لئے علم سیکھتا ہے وہ اس شخص کی طرح ہے جو کہ سونے کے چمچے سے گوبر کھاتا ہے اے علماء اگر تم چاہتے ہو کہ اپنا درجہ اللہ کے نزدیک معلوم کرو تو خود غور کرلو کہ تمہارے دل میں اللہ کا کیا درجہ ہے سمجھ لو کہ انسان کا نصف اسفل مثل ملک کے ہے اور نصف اعلیٰ مثل ملکوت کے۔ یوں کہو کہ طبیعت اور نفس ملک ہے اور روح ملکوت تم اپنے ملک و ملکوت پر قادر ہو۔ یہود نے ملک و ملکوت والے علوم چھوڑ کر علم سحر جیسے علم اختیار کئے وہ وبال میں پھنس گئے۔ خیال رہے کہ صوفیاء کے نزدیک ایمان کی حقیقت ہے اللہ اور رسول کا مل جانا ان کی عقیدت محبت اطاعت رضا میں ملا دینا ایمان ہے ان میں فرق کرنا کفر ہے رب فرماتا ہے۔ ویریدون ان یفرقوا بین اللہ ورسلہ الخ اولئک ھم الکفرون حقا شکر و پانی ملنے سے شربت بنتا ہے گرم و سرد تار ملنے سے بجلی کا پاور بنتا ہے اللہ رسول کو ملانے سے ایمان بنتا ہے۔ اس لئے قرآن کریم نے ایمان۔ اطاعت رضا وغیرہ میں اللہ رسول کو ملایا کہ فرمایا۔ اطیعو اللہ واطیعوا الرسول اور فرماتا ہے۔ واللہ ورسولہ احق ان یرضوہ وغیرہ وغیرہ یہاں ولو انھم امنوا میں اسی طرف اشارہ ہے۔

| |
|---|
| يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَ قُوْلُوا انْظُرْنَا |
| اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو نہ کہو تم لوگ راعنا اور کہو تم نظر کیجئے ہم پر |
| اے ایمان والو راعنا نہ کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور ہم پر نظر رکھیں اور |
| وَ اسْمَعُوْا ؕ وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ |
| اور سنو تم اور واسطے کافروں کے عذاب ہے دردناک |
| پہلے ہی سے بغور سنو اور کافروں کیلئے دردناک عذاب ہے۔ |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: اب تک یہود کی ان بدکاریوں کا ذکر تھا جو حضور علیہ السلام کی تشریف آوری سے پہلے کر چکے تھے۔ اب ان کے وہ عیوب بیان ہو رہے ہیں جو حضور علیہ السلام کے زمانہ میں ان میں پیدا ہوئے یعنی صاحب قرآن میں عیب جوئی کرنا اور ان کے دین میں طعنے دینا۔ اس سلسلے میں پہلا عیب اس آیت میں بیان

marfat.com
Marfat.com

ہو رہا ہے۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں یہود کے جادو سیکھنے کا ذکر تھا اور جادوگر کچھ الفاظ ہی کے ذریعہ لوگوں کو ایذاء پہنچاتا ہے اب اس آیت میں ان لوگوں کی وہ تکلیف دینے والی باتیں بیان ہو رہی ہیں۔ جو جادو کی طرح حضور علیہ السلام کو ایذا پہنچاتی تھیں۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں یہود کا جادوگر ہونا بتایا گیا اور جادوگر اپنے کو کراماتی ولی ظاہر کرتا ہے اور اپنے جادو کو کرامت بتاتا ہے مگر در حقیقت وہ موذی ہیں اور ان کا یہ لفظ 'لفظ محبت نہیں بلکہ کلمہ ایذاء ہے۔ ان کے اس لفظ سے دھوکا نہیں کھانا چاہئے۔ چوتھا تعلق: پچھلی آیت میں جادو کا ذکر ہوا اور جادو کا موجد اور سکھانے والا تو اس کی حقیت سے واقف ہے مگر سیکھنے والا شاگرد اس سے بے خبرہ کراندھادھند منتر پڑھتا ہے اس آیت میں لفظ راعنا سے بے ادبی کرنے والے اس لفظ کی حقیقت سے واقف تھے۔ مسلمان بے خبری میں یہی لفظ بولتے تھے۔ انہیں اس سے روک دیا گیا' جیسے جادو کا موجد اور اس کا عامل دونوں گنہگار ہیں۔ ایسے ہی راعنا سے بے ادبی کرنے والے اور بے خبری میں اس کو استعمال کرنے والے دونوں مجرم ہوں گے۔ پانچواں تعلق: اس سے پہلے ایمان اور تقویٰ کا ذکر ہوا اور تقویٰ یہ ہے کہ انسان شبہ کی چیز سے بھی بچے اب فرمایا جا رہا ہے کہ اے مسلمانوں متقی بنو کیونکہ لفظ راعنا میں فاسد معنی کا شبہ ہے اس سے بھی بچ جاؤ۔ شان نزول: حضور علیہ السلام جب صحابہ کرام کو کچھ تعلیم فرماتے تو حضرت کے درمیان کلام میں عرض کر دیتے تھے کہ راعنا یا رسول اللہ یعنی یا حبیب اللہ ہماری رعایت فرمایئے۔ یعنی یہ بات ہماری سمجھ میں نہ آئی دوبارہ ارشاد فرمادیجئے مگر اس لفظ راعنا کے ایک برے معنی بھی ہیں۔ جیسا کہ ہم اس تفسیر میں عرض کریں گے۔ یہود نے اس برے معنی کی نیت سے یہ لفظ عرض کرنا شروع کر دیا اور دل میں خوش ہوئے کہ ہمیں بارگاہ عالی میں نہایت چالاکی سے گستاخی کرنے کا موقعہ مل گیا ایک دن حضرت سعد ابن معاذ رضی اللہ عنہ نے ان کی زبان سے یہ لفظ سن کر فرمایا کہ اے دشمنان خدا تم پر اللہ کی لعنت ہو' اگر میں نے اب کسی کی زبان سے یہ لفظ سنا تو اس کی گردن ماروں گا۔ یہود نے کہا کہ ہم پر تو آپ ناراض ہوتے ہیں مسلمان بھی تو یہی کہتے ہیں اس پر آپ غمگین ہو کر حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے آئے ہی تھے کہ یہ آیت نازل ہوئی جس میں راعنا کہنے کی ممانعت فرمادی گئی اور اس معنی کا دوسرا لفظ انظرنا کہنے کا حکم دیا گیا (خزائن العرفان و عزیزی و کبیر)

تفسیر: یاایہا الذین امنوا یہ خطاب قرآن کریم میں اٹھاسی جگہ ہے ان میں سے یہ پہلا موقعہ ہے پچھلی کتابوں میں صرف پیغمبروں سے خطاب ہوتا تھا امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ عزت ہے کہ رب تعالیٰ نے براہ راست ان سے کلام فرمایا دنیا میں تو مسلمانوں کو الذین امنو کا خطاب دیا۔ یعنے اے ایمان والو انشاء اللہ آخرت میں یہی خطاب ہوگا۔ مگر وہاں اس کے معنی ہوں گے اے امن میں رہنے والو کیونکہ ابتداء انتہا کو بتاتی ہے اور خطاب سے ثواب یا عتاب کا پتہ لگ جاتا ہے کسی کو پکارا او گدھے معلوم ہوا عتاب ہوگا۔ کسی کو پکارا او میرے بچے معلوم ہوا کہ کرم ہوگا۔ بعض روایات میں ہے کہ توریت و انجیل میں خطاب یاایہا المساکین تھا کہ جس کا انجام یہ ہوا کہ ضربت علیھم الذلۃ والمسکنۃ کہ ان پر ذلت و خواری ڈال دی گئی ہمیں خطاب ہوا۔ یاایہا الذین امنوا جس کا انجام ہوا کہ وبشر المؤمنین بان لھم من اللہ فضلا کبیرا خیال رہے کہ الذین امنوا کے خطاب میں حضور داخل نہیں ہوتے کیونکہ یہ ایمان والوں سے خطاب ہے اور حضور عین ایمان ہیں حضور کا خطاب ہے۔ یاایہا النبی۔ یاایہا الرسول۔ یاایہا المزمل۔ وغیرہ نیز کبھی اس

marfat.com
Marfat.com

خطاب کے بعد ایسے احکام بیان ہوتے ہیں جو حضور انور پر شامل نہیں ہو سکتے۔ جیسے یہاں راعنا کہنے سے باز رہنے کا حکم یا رب کا فرمان کہ اے مومنو نبی کی آواز پر آواز اونچی نہ کرو' اے مومنو اللہ کے رسول سے آگے نہ بڑھو وغیرہ ہے تو اوہ زے کے ان خطابوں میں بھی حضور داخل نہیں کہ حضور تو ظہور نبوت سے پہلے ہی ان احکام پر عامل تھے۔ اگرچہ اس خطاب میں صحابہ' اولیاء 'اولیا' علماء اور ہم جیسے گنہگار سب ہی داخل ہیں مگر ان کے لئے یہ خطاب اظہار کرم کے لئے ہے اور ہم جیسوں کو یہ خطاب غفلت سے بیدار کرنے کے لئے۔ چیز ایک ہے مگر تعلقات علیحدہ **لا تقولوا راعنا** ہمارے نبی سے آئندہ راعنانہ کہنا یہ لفظ مراعات کا امر ہے۔ جس کے معنے ہیں رعایت کرنا صحابہ کرام عرض کرتے تھے راع رعایت فرمایئے نا ہماری۔ مگر یہودی زبان میں یہ گالی تھی۔ یا وہ کسی قدر کھینچ کر بولتے تھے جو کہ راعینا بن جاتا تھا۔ یعنی ہمارا چرواہا (راعی چرواہے کو کہتے ہیں) یا وہ رعونت سے بناتے تھے جس کے معنے ہیں حماقت تو راعنا کے معنے ہوئے احمق اور دل میں خوش ہوتے تھے۔ نیز ویسے بھی اس لفظ میں بے ادبی کا احتمال ہے کیونکہ یہ باب مفاعلہ سے ہے۔ جس کے معنی ہوئے آپ ہماری رعایت کریں ہم آپ کی۔ اس میں نبی علیہ السلام کے ساتھ برابری کا شائبہ پایا جاتا تھا۔ یہ خود سری کا حکم معلوم ہوتا تھا کہ یا حبیب اللہ میرے کلام کی رعایت کیجئے اس سے بے پرواہی نہ کیجئے کسی اور کے ساتھ مشغول نہ ہو جیئے ان وجہوں کی بنا پر مسلمانوں کو اس سے روک دیا گیا کہ تم اگرچہ سادگی سے کہتے ہو مگر اس لفظ کے دوسرے خلاف معنی بھی ہیں یا اوروں کو اس سے بے ادبی کرنے کا موقعہ مل جاتا ہے لہٰذا تم اچھی نیت سے بھی نہ بولو بلکہ **وقولوا انظرنا** اگر یہ کہنا ہے تو یہ لفظ بولا کرو یا تو نظر انتظر کے معنے میں ہے یعنی ہمیں مہلت دیجئے (نظر بمعنے مہلت) اور یا یہاں الی پوشیدہ ہے۔ **انظر الینا** یعنی ہماری طرف نظر کرم فرمایئے (نظر بمعنے کرم) اس لفظ میں کسی فاسد معنی کا احتمال نہیں۔ بلکہ بہتر تو یہ ہے کہ **واسمعوا** پہلے سے فرمان عالی غور سے سن لیا کرو تاکہ تمہیں یہ عرض کرنے کی ضرورت ہی نہ پڑے یا یہ مطلب ہے کہ یہ حکم بگوش ہوش سن لو خبردار اب کبھی راعنانہ کہنا یہ مطلب کہ اطاعت کی غرض سے سنو یہود کی طرح **سمعنا وعصینا** نہ کہنا اس لئے کہ **وللکفرین عذاب الیم** ان کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے جو راعنا کہہ کر محبوب پاک کے قلب کو ایذا پہنچاتے ہیں انہوں نے زبان سے تکلیف دی ہم انہیں تکلیف دہ عذاب میں مبتلا کریں گے۔

**خلاصہ تفسیر :** اے ایمان والو! تم ہمارے نبی علیہ السلام سے نیک نیتی اور صفائی دل کے ساتھ لفظ راعنا بول دیتے ہو جس کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ حضو ہم نے یہ بات نہ سنی ہم پر نظر کرم فرمائیں اور دوبارہ فرمادیں۔ مگر تمہارے اس لفظ کے خراب معنی بھی ہیں اور اس سے دشمنوں کو بے ادبی اور گستاخی کرنے کا موقع مل جاتا ہے لہٰذا تم یہ لفظ اچھی نیت سے بھی بولنا چھوڑ دو تاکہ گستاخی کا دروازہ بند ہو جائے اور بجائے اس کے انظرنا کہہ دیا کرو اس سے تمہارا مقصد پورا ہو جاوے گا۔ تاکہ اس عرض و معروض کی ضرورت ہی نہ پڑے یا ہمارا یہ حکم کان کھول کر سن لو۔ اب اس کی خلاف ورزی نہ ہو۔ اب جو کوئی راعنا کہے گا وہ کافر ہوگا کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** بارگاہ الٰہی میں حضور علیہ السلام کی بیحد عزت ہے کہ اس نے اپنے بندوں کو عرض و معروض کرنے کا طریقہ بھی سکھایا اور عرضی دینے کے الفاظ بھی بتائے' قرآن کریم نے دربار

marfat.com
Marfat.com

مصطفائی کی حاضری کے آداب' بیٹھنے اٹھنے کے طریقے' کھانے پینے کے آداب' گفتگو کرنے کے ڈھنگ بھی سکھائے۔ اس کی تحقیق کے لئے ہماری کتاب سلطنت مصطفیٰ اور مملکت کبریا کا مطالعہ کرو۔ دوسرا فائدہ: تعظیم مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تمام عبادات سے مقدم ہے اور سب سے بڑھ کر اہم فرض کیونکہ قرآن کریم نے نماز روزہ کے احکام میں اتنی سختی نہ فرمائی جتنی کہ یہاں فرمائی کہ حکم کے بعد **اسمعوا** بھی کہا۔ یعنی خوب سن لو اور خلاف ورزی کرنے والوں کو کافر فرمایا۔ تیسرا فائدہ: **للکفرین** سے اشارۃً معلوم ہوا کہ حضور علیہ السلام کی شان میں بے ادبی کا لفظ بولنا کفر ہے اگرچہ اس قصد سے نہ ہو لہٰذا حضور علیہ السلام کی شان میں گستاخی کرنے والے دیوبندی کافر ہیں اگرچہ وہ یہ ہی کہیں کہ ہماری یہ نیت نہ تھی۔ گستاخی میں عرف کا لحاظ ہے نہ کہ نیت کا۔ نیک نیتی سے گالی دینے والا مجرم ہے۔ چوتھا فائدہ: برائیوں کے ذریعوں کو بند کرنا ضروری ہے لہٰذا وہ جائز کام بھی حرام ہے۔ جس سے محرمات کا دروازہ کھلے رب نے مشرکین کے بتوں کو گالیاں دینے سے منع فرمایا تھا کیونکہ اس سے مشرکین رب کو گالیاں دیتے یہود پر ہفتہ کے دن شکار کرنا منع تھا جنہوں نے حیلتہ" پہلے سے تیاری کی وہ بھی عذاب الٰہی میں گرفتار ہو گئے کیونکہ یہ حرام کا ذریعہ تھا تصویر بنانا اور شوقیہ استعمال کرنا حرام کر دیا گیا کہ یہ بت پرستی کا ذریعہ ہے قبر کے سامنے نماز حرام ہے کیونکہ اس میں بت پرستی کا دروازہ کھلنے کا اندیشہ ہے کسی کے باپ کو گالی مت دو ورنہ وہ تمہارے باپ کو گالی دے گا مگر افسوس اس راز کو دیوبندی نہ سمجھے انہوں نے تقویۃ الایمان اور براہین قاطعہ جیسی گندی کتابیں شائع کیں۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آریوں نے رنگیلا رسول جیسی ملعون کتاب چھاپی اور اپنی اس گستاخی کے لئے تقویۃ الایمان کو آڑ بنایا۔ پانچواں فائدہ: اللہ تعالیٰ اور حضور علیہ السلام کی شان میں ایسے لفظ بولنا حرام ہیں۔ جن میں بے ادبی کا ادنیٰ شائبہ بھی ہو اور جو ان کی شان کے خلاف ہوں اور اسی لئے اللہ کو میاں اور حضور علیہ السلام کو بھائی اور بشر کہنا حرام ہے کہ میاں شوہر کو اور بھائی بشر برابر والے کو بھی بولا کرتے ہیں۔ چھٹا فائدہ: حضور علیہ السلام سے رحم و کرم کی درخواست کرنا یا رسول اللہ انظر حالنا کہنا بالکل جائز ہیں کیونکہ یہاں نظر بمعنی دیکھنا نہیں بلکہ بمعنی مہربانی کرنا ہے۔ **لا ینظر الیھم** اور سب مسلمانوں کو خواہ کہیں ہوں کسی زمانے میں ہوں انظرنا کہنے کا حکم ہے کیونکہ قرآن کریم میں مطلقاً" ایمان والوں سے خطاب ہوا ہے الفاظ کے اطلاق کا اعتبار ہوتا ہے خیال رہے کہ سارے شرعی احکام ہمارے مرتے ہی ختم ہو جاتے ہیں۔ مگر حضور سے نظر کرم کی درخواست وہ عبارت ہے۔ جو قبر و حشر میں رہے گی ہر جگہ حضور کے کرم کی ہمیں ضرورت ہے قیامت میں سب سے پہلے حضور کی تلاش پھر حضور کی شفاعت ہو گی۔ پھر دوسرے کام حساب و کتاب وغیرہ تو **قولوا انظرنا** پر ہر جگہ عمل ہو گا۔

**اعتراض**: اس آیت سے معلوم ہوا کہ تعریض کرنا حرام ہے (دو معنی والے لفظ کے بعید معنی مراد لینا) حالانکہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنی بیوی کو ایک بار بہن کہا تھا یعنی دینی بہن نیز فقہا فرماتے ہیں کہ تعریض جائز ہے جواب: مجبوری کی حالت میں تعریض بیشک جائز ہے بلا ضرورت نہ چاہئے نیز کفری تعریض کے احکام کچھ اور ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ضرورۃً" بیوی کو بہن فرمایا اور اس میں کفر کے معنی بھی نہ تھے۔ دوسرا اعتراض: شافعی لوگ کہتے ہیں کہ منقولہ الفاظ میں تبدیلی جائز نہیں لہٰذا نماز میں بجائے اللہ اکبر کے الرحمٰن اکبر وغیرہ کہنا منع ہے جیسے کہ بجائے انظرنا کے راعنا کہنا حرام ہے۔ جواب: اس مسئلے کو اس آیت سے کوئی تعلق نہیں راعنا کے فاسد معنے ہیں اس لئے وہ حرام ہے الرحمٰن اکبر میں کون سی خرابی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ : اے وہ لوگو جو قالوا بلی کہہ کر ازل میں مومن ہو چکے ہو تم دربار یار میں اغیار کے سامنے راعنا وغیرہ ایسے لفظ محبت سے بھی نہ بولو کہ جس سے اغیار کو دشمنی کرنے کا موقع ملے تمہارے اور احکام ہیں اور دوسروں کے لئے دوسرے احکام ایسا نہ ہو کہ تمہارے مقصد سے بے خبر ہو کر لوگ یہ باتیں بولیں اور کفر میں پھنسیں۔

ہندیاں را اصطلاح ہند مدح — سندھیاں را اصطلاح سندھ مدح

موسیا آداب دانا دیگر اند — سوختہ جان روانان دیگر اند

ضروری ہے کہ اہل شریعت صوفیائے کرام کی اصطلاح اور ان کی باتوں سے علیحدہ رہیں دانا کو چاہئے کہ سوختہ جان روانا سے دور رہے انا الحق اور سبحانی ما اعظم شانی نہ تو ہر کوئی کہہ سکے نہ سمجھ سکے نیز دربار الٰہی مقام ناز ہے اور دربار مصطفائی مقام نیاز۔

با خدا دیوانہ باش و با محمد ہوشیار

وہاں انا اللہ کہنے پر بھی کچھ نہیں بگڑتا اور یہاں راعنا کہنے پر ہی ایمان جاتا ہے۔ لہٰذا اس گلی میں ہوش سنبھال کر قدم رکھو۔

دوسری صوفیانہ تفسیر : مہربانی کا استحقاق رکھنے والا رعایت مانگتا ہے مگر جس کا کوئی حق نہ ہو وہ کرم کی نظر مانگتا ہے خریدار تاجر سے رعایت مانگتا ہے مگر بھکاری داتا سے نظر مہر کی درخواست کرتا ہے فرمایا جا رہا ہے کہ اے مومنو تم محبوب کے آستانہ میں تاجر یا خریدار بن کر رعایت مانگنے نہ آؤ بلکہ بھکاری بن کر ان کی عنایت مانگنے آؤ نہ تو بندوں کا رب پر کوئی حق ہے نہ ہمارا حضور پر کوئی استحقاق جو دے دیں ان کی عنایت ہے۔ خیال رہے کہ حضور کی عنایت کی ہر شخص کو ضرورت ہے گنہگار ہو یا پرہیزگار ابر رحمت کی بارش کی ہر زمین کو حاجت ہے۔ اعلیٰ زمین ہو یا معمولی اس لئے ہر مسلمان کو حکم دیا گیا۔

| |
|---|
| مَا یَوَدُّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِیْنَ |
| نہیں چاہتے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کتاب والوں میں سے اور نہ مشرکوں میں سے |
| وہ جو کافر ہیں کتابی یا مشرک وہ نہیں چاہتے |
| اَنْ یُّنَزَّلَ عَلَیْكُمْ مِّنْ خَیْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْؕ وَاللّٰهُ یَخْتَصُّ |
| یہ کہ اتاری جائے اوپر تمہارے کوئی بھلائی طرف سے رب تمہارے اور اللہ خالص |
| کہ تم پر کوئی بھلائی اترے تمہارے رب کے پاس سے اور اللہ اپنی رحمت سے خاص |
| بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۱۰۵ |
| فرماتا ہے ساتھ رحمت اپنی کے جس کو چاہتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے |
| کرلیتا ہے جسے چاہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ |

marfat.com
Marfat.com

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیت سے کئی طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: پچھلی آیت میں یہود کی عداوت اور بغض کا ذکر تھا کہ وہ نبی علیہ السلام کی دشمنی کرنے کے لئے موقعہ ہی تلاش کرتے رہتے ہیں اب مسلمانوں کو ان سے ڈرایا جارہا ہے کہ یہ تمہارے سخت دشمن ہیں تمہاری بھلائی انہیں گوارا نہیں۔ **دوسرا تعلق**: پچھلی آیت میں بتایا گیا کہ یہود نبی علیہ السلام کے ایسے دشمن ہیں کہ ان کے ساتھ کسی معاملہ میں کمی نہیں کرتے اب فرمایا جارہا ہے۔ مسلمانوں وہ تمہارے کیوں کر خیر خواہ ہوسکتے ہیں۔ یعنے پہلے مخالفت نبی کا ذکر تھا اب عداوت مومنین کا تذکرہ ہے۔ **تیسرا تعلق**: پہلے بتایا گیا تھا کہ یہود برے ارادے سے راعنا کہتے ہیں اب اس کی وجہ ارشاد ہو رہی ہے کہ وہ اس لئے ایسی حرکت کرتے ہیں کہ مسلمان بھی عام طور پر یہ بولنے لگیں۔ اور فیضان نبوت سے محروم ہو جائیں اور ان پر کوئی خدا کی رحمت نازل نہ ہو' نیز ان لوگوں کو یہ کہنے کا موقع ملے کہ جب مسلمان اور ان کے نبی ہماری بات نہیں سمجھتے تو رب کا فرمان کیا سمجھتے ہوں گے اور رب تعالیٰ ایسے سیدھے لوگوں پر اپنا کلام کیوں کر اتارتا ہوگا۔

**شان نزول** : یہود کی ایک جماعت مسلمانوں سے دوستی اور خیر خواہی ظاہر کرتی تھی اور میٹھی باتوں سے ان کا دل لبھانا چاہتی تھی ان کے جھٹلانے اور مسلمانوں کو بروقت خبردار کرنے کے لئے یہ آیت کریمہ اتری (جمل و خزائن العرفان)

**تفسیر** : **ما یود الذین کفروا یود**۔ ود سے بنا ہے جس کے معنے ہیں دل سے چاہنا اور پسند کرنا یا تمنی کہ اس کی نفی سے کراہت لازم آئی یعنی کفار نہیں چاہتے تھے بلکہ برا سمجھتے ہیں' **کفروا** سے عام کافر مراد ہیں خواہ منافق ہوں یا ظاہری اور ظاہر کفار میں بھی اہل کتاب ہوں یا بت پرست اسی لئے فرمایا گیا کہ **من اھل الکتب ولا المشرکین** یعنی عام کفار مراد ہیں خواہ وہ یہود و نصاری ہوں یا مشرکین ان میں کوئی بھی کبھی نہیں چاہتا کہ **ان ینزل علیکم من خیر** کہ اے مسلمانو تم پر کوئی بھلائی اترے یا تو خیر سے مراد وحی ہے اور علیکم سے مراد نبی ہے اور یا خیر سے عام بھلائی مراد ہے اور علیکم اپنے ظاہری معنی پر یعنی کفار نہیں چاہتے کہ تم پر کوئی بھلائی یا تمہارے نبی پر وحی آئے **من ربکم** تمہارے رب کی طرف سے یہ من ابتداء یہ ہے یعنی وہ خود تمہارے لئے بھلائی کیا کرتے یا اور کسی ذریعہ سے تم تک بھلائی کیا پہنچنے دیتے وہ تو یہ بھی نہیں چاہتے کہ حق تعالیٰ بھی تم پر فضل فرمائے کیونکہ یہود تو اپنے کو نبوت اور وحی کا ٹھیکیدار سمجھے ہوئے ہیں اور مشرکین اپنے مال اور عزت کے گھمنڈ میں ہیں اور کہتے ہیں کہ نبوت کسی بڑے مالدار آدمی کو ملنی چاہئے تھی یا نعیم ابن مسعود طائفی کو ملتی یا ولید ابن مغیرہ مکی کو۔ مگر انہیں ان باتوں سے کچھ فائدہ نہیں کیونکہ **واللہ یختص برحمتہ من یشاء** رب تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت سے خاص کرلیتا ہے اور اس کی مرضی میں کسی کو دخل نہیں رحمت سے مراد نبوت' وحی' حکمت' نصرت اور فتح مندی ہے پھر یہ نہیں کہ نااہل کو اپنی رحمت دیدے بلکہ **واللہ ذوالفضل العظیم** اللہ بڑے فضل والا ہے کہ جس پر رحمت کرنا چاہتا ہے پہلے اس میں لیاقت اور قابلیت بھی عطا فرماتا ہے تو جس ذات کریم پر اس نے وحی بھیجی اور جس قوم پر قرآن اتارا اسے پہلے ہی اس کی لیاقت اور قابلیت بھی عطا فرمادی فضل کے معنے ہیں محض کرم سے بغیر کسی کے استحقاق کے کچھ عطا فرمانا **خلاصہ تفسیر** اے مسلمانوں کفار کی چکنی چپڑی باتوں پر فریفتہ نہ ہو جانا ہم تمہیں ان کا دلی حال بتاتے ہیں کہ کوئی کافر خواہ کتابی ہو یا مشرک چاہتا ہی نہیں کہ تم پر خدا

marfat.com
Marfat.com

کا کوئی فضل بھی ہو اہل کتاب تو اپنے کو ہر فضل کا حقدار سمجھتے ہیں اور مشرکین آخرت کی نعمتوں کو دنیوی نعمتوں پر قیاس کر کے کہتے ہیں کہ جس طرح مال اور عزت ملی ہے ایسے ہی نبوت بھی ملنی چاہیئے تھی مگر ان بے وقوفوں کو یہ خبر نہیں کہ اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے اپنا فضل فرماتا ہے یہ تو ان بگڑے ہوئے خاندانی نوابوں کی طرح ہیں جو کہ نئے دولت مند اور صاحب کمال لوگوں کا مذاق اڑاتے ہیں اور اپنے کو خاندانی اور موروثی نواب سمجھے بیٹھے ہیں۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ: اللہ پر کچھ واجب نہیں اور نہ کسی کا اس پر ذاتی حق ہاں اس نے خود اپنے فضل سے جو حق جس کو دیا وہ درست ہے۔ دوسرا فائدہ: اللہ کی نعمت محض اس کے فضل سے ملتی ہے ہاں بعض نعمتوں میں بعض ظاہری اسباب کو بظاہر دخل ہوتا ہے۔ تیسرا فائدہ: نبوت محض وہبی ہے اس میں کسب کو دخل نہیں۔ چوتھا فائدہ: حق تعالیٰ نااہل پر فضل نہیں کرتا بلکہ پہلے اسے اہل بناتا ہے پھر رحمت دیتا ہے۔ ع

بجائے خویش بود آنچہ کرد گار دہد

پانچواں فائدہ: حسد بڑی بری بیماری ہے اس میں حاسد خود اپنا ہی نقصان کر لیتا ہے محسود کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

اعتراض : پہلا اعتراض: جب اللہ جس کو چاہے رحمت سے خاص کرے تو تم نے نبوت اولاد ابراہیم کے ساتھ کیوں خاص مان لی اور حضور علیہ السلام پر اس کی انتہا کیوں مان بیٹھے ممکن ہے کہ مرزا جی پر اس نے رحمت کر دی ہو یہ ختم نبوت یہود کا عقیدہ ہیں جواب: یہ آیت اس اعتراض کا جواب ہے جب اس نے نبوت اولاد ابراہیم کے ساتھ ، ختم نبوت حضور علیہ السلام کے ساتھ خاص فرما دی تو ہمیں اس اعتراض کا کیا حق ہے یہ تو رب سے کہو یا قرآن سے پوچھو دوسرا اعتراض: تمہاری تفسیر سے معلوم ہوا کہ نااہل کو نعمت نہیں ملتی اور احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے قریب نااہلوں کو سلطنت اور مال ملے گا۔ اب بھی کفار اور ظالم لوگ بادشاہ بنے بیٹھے ہیں۔ جواب: یہ سلطنت اور مال و دولت نعمت نہیں بلکہ لعنت ہے اس سے مجرموں کو سزا دینا منظور ہے۔

چو خواہد کہ ویراں کند عالمے نہد ملک در پنجہ ظالمے

تفسیر صوفیانہ : اللہ کا فضل بہت وسیع ہے جو اس سے محروم رہا وہ فضل کی تنگی سے نہیں بلکہ خود اپنی کوتاہی کی وجہ سے ہے اس فضل کے لینے والے دو قسم کے لوگ ہیں ایک تو اہل اعمال جو کہ عبادت و زہد سے حاصل کرتے ہیں دوسرے اہل محبت جو کہ اپنے قرب اور دلی محبت کی وجہ سے فضل پاتے ہیں اور بدنصیب جب اس سے محروم رہتے ہیں تو دور بیٹھے ہوئے ان پر حسد کیا کرتے ہیں درحقیقت حاسد پانچ طرح رب کا مقابلہ کرتا ہے ایک یہ کہ اس نعمت سے بغض رکھتا ہے جو اس کے غیر کو ملی دوسرے یہ کہ وہ رب کی تقسیم سے راضی نہیں بلکہ اسے رائے دیتا ہے کہ اس طرح تقسیم فرما تیسرے یہ کہ رب کریم اپنے کرم سے دیتا ہے اور یہ بخیل اس پر بخل کرتا ہے چوتھے یہ کہ اللہ کے ولی سے دشمنی رکھتا ہے اور اس کی نعمت کا زوال چاہتا ہے پانچویں یہ کہ وہ ابلیس کی امداد کرتا ہے حاسد کی مثال اس شخص کی سی ہے جو دوسرے کو پتھر مارے مگر وہ لوٹ کر اس کی کھوپڑی پر پڑے اور اس کو زخمی کرے سب سے پہلا حاسد شیطان تھا انسانوں میں پہلا حاسد قابیل ہوا۔ ان دونوں کے انجام سے دنیا خبردار ہے۔ حسد

marfat.com
Marfat.com

تپ دق یا دمہ کی سی بیماری ہے جو دم کے ساتھ جاتی ہے یہود حسد کے ہی مارے ہوئے تھے۔

| |
|---|
| مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ |
| وہ جو منسوخ کردیں ہم کوئی آیت یا بھلادیں ہم اس کو لائیں گے ہم اچھی کر اس سے یا مثل اس کی کیا نہ |
| جب کوئی آیت ہم منسوخ فرمائیں یا بھلادیں تو اس سے بہتر یا اس جیسی لے آئیں گے |
| اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۞ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ |
| جانا تو نے تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے کیا نہ جانا تو نے تحقیق واسطے اس |
| کیا تجھے خبر نہیں کہ اللہ سب کچھ کرسکتا ہے کیا تجھے خبر نہیں کہ اللہ ہی کے لئے |
| اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ |
| کے ہے ملک آسمانوں اور زمین کا اور نہیں ہے واسطے تمہارے |
| ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اور اللہ کے سوا تمہارا |
| اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۞ |
| سوائے اللہ کے کوئی حمائتی اور نہ مددگار |
| کوئی حمائتی اور نہ مددگار ہے |

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: اس سے پہلے یہود کی دشمنی حضور علیہ السلام اور مسلمانوں کے ساتھ بیان کی گئی اب ان کی کتاب اللہ سے عدوات کا ذکر ہے کہ وہ اس کتاب سے لوگوں کو ہٹانے کے لئے نسخ وغیرہ کے بیہودہ اعتراضات کرتے رہتے ہیں اور ان اعتراضوں کا منہ توڑ جواب دیا جارہا ہے **دوسرا تعلق**: پچھلی آیت سے معلوم ہوا تھا کہ وحی اللہ کا فضل ہے وہ جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اس پر شبہ ہو سکتا ہے کہ جب وحی خدا کا فضل ہے تو کبھی منسوخ کیوں ہوتی ہے اور جب قرآن کی ہر آیت خیر ہے تو اس کے منسوخ ہونے کے یہ معنی ہیں کہ اس کے بجائے شر آجائے اسی آیت میں اس شبہ کو دور فرمایا جارہا ہے۔

**شان نزول** : مشرکین اور یہود مسلمانوں سے کہتے تھے کہ کیا تم تعجب نہیں کرتے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کو آج کام کا حکم دیتے ہیں اور کل اس سے منع کرکے دوسرا حکم دیتے ہیں دیکھو پہلے زانی کے لئے فرمایا **فاذوھما** کہ انہیں زبانی ایذا دو پھر اس کے خلاف حکم دیا کہ انہیں گھروں میں تادم مرگ قید کرو پھر اس کو بدلا اور کہا کہ انہیں کو سو کوڑے مارو وغیرہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ خود ان کا کام ہے کہ کبھی بے خبری میں کچھ کہہ دیتے ہیں اور پھر نادم ہو کر اسے بدلتے ہیں اس کے جواب میں یہ

marfat.com
Marfat.com

آیت کریمہ آئی (تفسیر روح البیان و احمدی)

تفسیر: **ما ننسخ** یہ **ما** شرطیہ ہے جس کے معنی ہیں جو کچھ **ننسخ**' نسخ سے بنا جس کے معنی ہیں زائل کرنا باطل کرنا **فینسخ الله ما یلقی الشیطن** اللہ شیطانی وسوسے کو باطل فرماتا ہے اور نقل کرنا ہے **کنا نستنسخ ما کنتم تعملون** ہم تمہارے اعمال کو نامہء اعمال میں نقل کرتے تھے اسی لئے کتاب کی نقل کو نسخ اور ناقل کو ناسخ اور کتاب کو نسخہ کہتے ہیں اور زمانہ کی تبدیلی اور روحوں کے بدلنے کو تناسخ کہا جاتا ہے شریعت میں کسی حکم یا آیت کی انتہا بیان کرنے کو نسخ کہتے ہیں کیونکہ اس سے وہ حکم زائل یا منتقل ہو جاتا ہے۔ انشاء اللہ نسخ کی پوری تحقیق اور اقسام خلاصہ تفسیر میں بیان ہوں گے۔ **من ایتہ**' نسخ آیت کا بھی ہوتا ہے اور حدیث کا بھی پوری شریعت اور دین کا بھی بعض احکام کا بھی مگر چونکہ یہاں نسخ آیت پر ہی اعتراض تھا اس لئے اسی کا ذکر ہوا اور ممکن ہے کہ آیت سے مراد نشانی ہو جس میں دین حکم' شریعت سب داخل ہوں۔ خیال رہے کہ یہاں نسخ سے مراد نسخ حکم ہے نہ کہ نسخ تلاوت کیونکہ اس کا ذکر آگے آ رہا ہے۔ **او ننسھا** ایک قراءت میں **ننسئھا** ہے نون کے فتح اور ہمزہ سے یہ نساء سے بنا ہے جس کے معنے' میں دیر لگانا **انما النسیء زیادۃ فی الکفر** اسی لئے ادھار کو نسیہ کہتے ہیں یعنی جس آیت کے اتارنے میں ہم دیر لگاتے ہیں لیکن مشہور قرات **ننسھا** ہے یہ نسیان سے بنا ہے جس کے معنے ہیں بھول جانا۔ **فنسی ولم نجدلہ عزما** یا چھوڑ دینا جیسے **فالیوم ننسھاھم** یعنے جس آیت کو ہم بھلا دیتے ہیں کہ اس کی تلاوت منسوخ فرما دیتے ہیں یا جس آیت کو ہم چھوڑ دیتے ہیں یعنی قرآن میں باقی نہیں رکھتے تو **نات بخیر منھا** اس سے اچھی ہم لے آتے ہیں اس سے آسان تر یا ثواب میں زیادہ یا موجودہ حالت کے مناسب مراد ہے **او مثلھا** یا اس منسوخ آیت کی مثل کہ یہ آیت ثواب اور مناسبت حالت میں منسوخ کی طرح ہوتی ہے اگرچہ نسخ آیت کا حدیث سے بھی ہوتا ہے جیسا کہ ہم خلاصہ تفسیر میں عرض کریں گے۔ لیکن چونکہ حدیث بھی رب کا فرمان ہے اس لئے وہاں بھی ناسخ رب تعالیٰ ہی سمجھیں **الم تعلم** یا تو کفار سے خطاب ہے اور یا مسلمانوں سے یعنی اے منکر کافر' اے قرآن پڑھنے والے مسلمان کیا تو نہیں جانتا اور ممکن ہے کہ حضور علیہ السلام سے خطاب ہو اور استفہام انکاری یعنی بے شک آپ جانتے ہیں **ان الله علی کل شئی قدیر** کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے کہ کائنات عالم کو ہر لحظہ اور ہر آن بدلتا ہے تو کیا وہ احکام بدلنے پر قادر نہیں اور جو مالک الملک دنیوی حاکموں کو بدلتا رہتا ہے کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ مختلف احکام سے دین و دنیا کا نظام قائم رکھے اچھا ہم پوچھتے ہیں کہ **الم تعلم** یہاں بھی یا تو ہر عقلمند سے خطاب ہے۔ یا خاص حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کیا تم نہیں جانتے کہ **ان الله لہ ملک السموت والارض** یہ سارے آسمان و زمین اللہ ہی کا ملک ہے اور ان میں تو دن رات میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے دن رات اور موسم وغیرہ بدلتے ہیں اور زمین میں مختلف ملک اور قومیں ہیں جن کے علیحدہ قوانین ہیں اور مختلف طریقہ زندگانی تو اگر آیتوں کے تبادلہ سے قرآن خدائی کتاب نہیں رہتا تو چاہئے کہ ان حالات کے تبادلہ سے زمین و آسمان خدا کے ملک نہ رہیں اور یہ تو خدا کے ملک ہیں تو قرآن بھی خدا کی کتاب ہے **وما لکم من دون الله من ولی ولا نصیر** رب کے سوا تمہارا کوئی حمایتی دوست نہیں تا کہ تم نسخ فرمانے والے رب کو چھوڑ کر اس کی پناہ میں آجاؤ اور نہ کوئی مددگار ہے کہ جب تم ناسخ احکام چھوڑ کر عذاب پاؤ تو تمہیں بچا سکے یا یوں کہو کہ تمہارے حالات میں تبدیلی فرمانے والا رب ہی ہے اس کے سوا کوئی دوسرا مالک نہیں تو آیات قرآن میں

marfat.com
Marfat.com

تبدیلی فرمانے والا بھی رب ہی ہے نہ کوئی اور خیال رہے کہ اس آیت کریمہ میں نسخ کی ایک حکمت بیان ہوئی یعنی ہر حکم کا اپنے وقت میں بندوں کے حالات کے زیادہ موافق ہونا جیسے ایک وقت بچہ و بیمار کو ایک غذا و دوا مناسب ہوتی ہے اور دوسرے وقت دوسری غذا و دوا اس کے علاوہ کبھی نسخ حضور کی محبوبیت دکھانے کے لئے ہوا۔ جیسے تبدیلی قبلہ جو حضور کی رضا جوئی کے لئے ہوئی رب نے فرمایا فلنولینک قبلتہ ترضھا تاکہ قیامت تک کے مسلمان سمجھیں کہ جسے جو نعمت ملی حضور کے واسطے سے ملی کہ کعبہ اگر قبلہ بنا تو حضور کی مدد سے یہ بھی بتایا گیا کہ حضور کا فیض دور دور پہنچتا ہے دیکھو مدینہ میں بیٹھے ہوئے کعبہ کو جو مکہ معظمہ میں تھا قبلہ بنا دیا یا یوں ہی سرکار مدینہ منورہ سے تمام عالم کو فیض بحکم الٰہی دے رہے ہیں۔

**خلاصہ تفسیر :** کفار اہل کتاب اور مشرکین جو کہ نسخ پر اعتراض کرتے ہیں ان کو جواب دو کہ ہم جو بھی آیت یا جو حکم یا جو شریعت یا جو دین منسوخ فرما دیتے ہیں یا تو اس کے صرف احکام بدل دیں مگر اس کا چرچا باقی رکھیں یا بالکل اس کو بھلا ہی دیں اور اس کا چرچا بھی ختم فرما دیں تو اس سے اچھی آیت یا اچھا حکم یا اچھا دین بھیج دیتے ہیں یا اسی کی مثل کیا تم نے نہ دیکھا کہ دین موسوی منسوخ ہو کر عیسوی آیا جو اس سے آسان تر تھا پھر اس کے بعد دین محمدی بھیجا گیا جو سب سے بہتر ہے کیا تم نے خدا کی قدرت کو محدود سمجھ رکھا ہے کہ وہ ایک حکم کے سوا دوسرے سے کام نہ چلا سکے نہیں بلکہ وہ رنگ برنگے احکام بھیج کر اپنی قدرت کا اظہار فرماتا ہے تم جانتے ہو کہ زمین و آسمان میں اللہ ہی کی بادشاہت ہے اور ایسی مستقل بادشاہت کہ اس کے سوا کوئی دوسرا بادشاہ تو کیا بندوں کا حمائتی اور مددگار بھی نہیں مگر اس کے باوجود زمین و آسمان میں ہر وقت انقلاب اور حالات کی تبدیلی ہوتی رہتی ہے ہر دن ایک نئے حال کا ظہور ہوتا ہے اور نئی شان کی جلوہ گری کون سی چیز ہے۔ جس کو قرار ہے اے یہودیو! اگر تم آیات کی تبدیلی سے قرآن کی مخالفت میں ایسے اندھے ہوئے کہ اپنا اصل دین ایمان کھوئے دیتے ہو۔ **نسخ اور اس کے اقسام اور احکام:** نسخ کے لغوی اور اصطلاحی معنی تفسیر میں معلوم ہو چکے یہ ضرور خیال رہے کہ نسخ ہمارے لئے تبدیلی ہے اور رب کے علم میں انتہاء مدت کا بیان نسخ نقلاً" اور عقلاً" ہر طرح جائز بلکہ واقع ہے عقلاً" تو اس لئے کہ احکام دو قسم کے ہیں تکوینی اور تشریعی' تکوینی احکام کا تعلق عالم کی پیدائش سے ہے اور تشریعی احکام قابل عمل قوانین کا نام ہے ہم دیکھتے ہیں کہ تکوینی احکام میں ہمیشہ انقلاب رہتا ہے نہ زمین و آسمان کو ایک حال پر قرار ہے نہ ان کی کسی چیز کو جب تکوینی احکام دن رات بدل رہے ہیں تو تشریعی احکام کے بدلنے میں کیا مضائقہ ہے بلکہ حق یہ ہے کہ تشریعی احکام کو تکوینی احکام کے ساتھ خاص تعلق ہے۔ جیسے مخلوق کی حالت ویسے اس کے احکام بچے پر جسم ڈھانکنا فرض نہیں غریب پر زکوۃ واجب نہیں۔ مالدار کو زکوۃ کھانا جائز نہیں۔ حضرت آدم کے زمانہ میں بہن سے نکاح حلال تھا اور اس کے بعد حرام۔ یہ تبدیلی احکام کیوں ہے۔ تکوین بدلنے سے اگر انسان کی حالت بدلتی رہے مگر اس کے احکام نہ بدلیں تو زندگی دشوار ہو جائے بڑھاپے تک ماں کا دودھ ہی پینا پڑے اسی لئے اس آیت کریمہ میں تکوین کے اختلاف سے نسخ احکام ثابت کیا گیا۔ نقلاً" اس واسطے کہ آدم علیہ السلام سے ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک صدہا پیغمبر تشریف لائے مگر ان کے احکام میں سخت اختلاف رہا۔ آدم علیہ السلام کے دین میں اپنی بہن سے نکاح حلال تھا جو کہ شریعت نوح علیہ السلام سے منسوخ ہوا۔ پھر نوح علیہ السلام کی شریعت میں سارے چوپائے حلال تھے دین موسوی میں بہت سے حرام کر دیئے گئے۔ خود ہمارے اسلام میں اولاً" شراب حلال رہی بعد میں حرام ہوئی۔ پہلے وفات کی عدت ایک سال

marfat.com
Marfat.com

تھی الی الحول غیر اخراج پھر چار ماہ دس دن ہوئی پہلے حضور علیہ السلام سے عرض معروض کرنے کے لئے خیرات کرنا واجب تھی۔ فقدموا بین یدی نجواکم صدقۃ پھر یہ حکم ءاشفقتم کی آیت سے منسوخ ہوا پہلے پچاس نمازیں فرض تھیں۔ بعد میں پانچ رہیں پہلے بیت المقدس قبلہ تھا بعد میں کعبہ ہوا غرض کہ جیسے دن رات سے سردی گرمی سے بچپن جوانی سے تندرستی بیماری سے بہار خزاں سے منسوخ ہوتی ہے ویسے ہی آیت آیت سے۔ ایک حکم دوسرے سے ایک دین دوسرے دین سے منسوخ ہونے میں۔ افسوس ہے کہ اتنی ظاہریات کو عیسائی' پادری اور ہندو وغیرہ نہ سمجھ سکے۔ ان کی کیا شکایت ہمارے علی گڑھی تہذیب کے مسلمان اور جاہل مفسر اس کا انکار کر رہے ہیں۔ مجھ سے ایک اچھے خاصے پڑھے لکھے نے کہا کہ قرآن شریف کی کوئی آیت منسوخ نہیں ہے ان کی خدمت میں عرض کیا کہ یہ آیات اب بھی قابل عمل ہیں؟ زانیہ عورت زانی یا مشرک سے نکاح کرے مسلمان پر حرام ہے یا خاوند کی وفات کے بعد عورت ایک سال تک عدت کرے یا کفار سے چشم پوشی کرو ان پر سختی نہ کرو یا زانیہ لونڈی کو گھر میں قید کر دو حتی کہ اللہ تعالیٰ ان کے احکام بیان کرے آخر کار وہ حضرت خاموش ہو گئے غرضکہ نسخ کا انکار ایسا ہی ہے جیسے روز روشن کا انکار نسخ کی قسمیں نسخ کی تین قسمیں ہیں (1) نسخ تلاوت (2) نسخ حکم (3) نسخ تلاوت و حکم۔ نسخ تلاوت یہ ہے کہ آیت کے الفاظ قرآن میں نہ رہیں اور نماز وغیرہ میں اس کی تلاوت جائز نہ ہو مگر اس کے احکام باقی ہوں جیسے کہ یہ آیت الشیخ والشیخۃ اذا زنیا فارجموھما نکالا من اللہ واللہ عزیز حکیم یعنی جب بوڑھا اور بوڑھی زنا کر بیٹھیں تو ان کو سنگسار کر دو اللہ سے ڈرانے کے لئے یہ آیت تلاوت منسوخ لیکن اس کا حکم باقی۔ تفسیر عزیزی نے اس قسم کی بہت سی منسوخ آیتیں بیان فرمائی ہیں خیال رہے کہ منسوخ الحکم آیتوں کی تلاوت ہوگی اس تلاوت پر ثواب ملے گا۔ لہٰذا یہ اعتراض نہیں ہو سکتا کہ ان آیات کو پھر باقی کیوں رکھا گیا کیونکہ آیات قرآنیہ صرف احکام کے لئے نہیں اتریں جیسے متشابہات قصص۔ مثالیں۔ وغیرہ کہ صرف تلاوت کے لئے ہیں احکام کے لئے نہیں منسوخ فی الحکم یہ کہ آیت قرآن میں موجود ہے اس کی تلاوت بھی ہوتی ہو مگر اس کا حکم باقی نہ ہو جیسے متاعا الی الحول غیر اخراج سے عدت وفات ایک سال معلوم ہوتی ہے اور نہ تو آیت کا حکم باقی رہے اور نہ اس کی تلاوت جیسے ایک آیت تھی عشر رضعات معلومات جس سے معلوم ہوتا تھا کہ عورت کا دودھ دس گھونٹ پینے سے رضاعت ثابت ہوگی مگر اب نہ اس آیت کی تلاوت رہی اور نہ اس کا حکم بلکہ ایک گھونٹ سے یعنی رضاعت ثابت ہو جاتی ہے ان تینوں قسموں کو ما ننسخ من اٰیۃ او ننسھا میں بیان فرمایا۔ نسخ کی دوسری قسمیں پھر نسخ کی تین قسمیں ہیں (1) آسان حکم سے مشکل حکم کا نسخ: جیسے کہ وفات کی ایک سال کی عدت چار ماہ دس دن سے منسوخ ہوئی۔ (2) مشکل حکم سے آسان حکم کا نسخ: مگر اس مشکل میں ثواب زیادہ جیسے کہ ترک جہاد کا حکم جہاد کی آیات سے منسوخ ہوا کہ اگرچہ جہاد ہے تو مشکل مگر اس کا ثواب بہت (3) مساوی کا مساوی سے نسخ: یعنی منسوخ اور ناسخ آسانی اور ثواب میں برابر ہوں جیسے تبدیلی قبلہ کہ بیت المقدس کا قبلہ ہونا منسوخ ہوا اور کعبۃ اللہ قبلہ بنا مگر ان دونوں قبلوں میں ثواب اور آسانی برابر اسی تقسیم کی طرف اس عبارت میں اشارہ ہے نأت بخیر منھا او مثلھا خیر سے مراد یا آسان یا زیادہ باعث ثواب ہے اور مثل سے مراد برابر ہے محل نسخ: قیاس اور اجماع نہ تو منسوخ ہو سکتے ہیں نہ ناسخ صرف قرآنی آیات اور احادیث میں نسخ ہوتا ہے ان میں بھی صرف قابل نسخ احکام کی آیتیں اور حدیثیں منسوخ ہو سکتی ہیں یعنی مستقل

marfat.com
Marfat.com

واجب اور مستقل حرام کی آیتیں منسوخ نہیں ہو سکتیں۔ جیسے ایمان کے وجوب اور کفر کی حرمت کی آیتیں اس طرح حق تعالیٰ کی ذات و صفات کی آیات و احادیث نسخ کے قابل نہیں۔ نیز قرآن' حدیث کی خبریں بھی منسوخ نہیں ہو سکتیں۔ ہاں وہ قوانین جو خبری شکل میں بیان ہوئے وہ یقیناً" نسخ کے قابل ہیں جیسے **کتب علیکم الصیام** (تم پر روزے فرض کئے گئے) یا **وللہ علی الناس حج البیت** (لوگوں پر بیت اللہ کا حج فرض ہے) یہ بظاہر خبریں ہیں مگر در حقیقت شرعی قانون لہٰذا ان کا نسخ جائز ہے اس لئے آیت **وان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوہ یحاسبکم بہ اللہ** (تم دل کی باتیں ظاہر کرو یا چھپاؤ رب سب کا حساب لے گا) بظاہر خبر اور در حقیقت قانون ہے اس لئے آیت **لا یکلف اللہ نفسا** سے منسوخ ہو گیا۔ نیز **ما ادری ما یفعل بی ولا بکم** کی آیت **لیغفرلک اللہ ما تقدم من ذنبک** سے منسوخ ہے غرضیکہ جہاں خبر کے نسخ سے جھوٹ لازم آجائے وہ نسخ منع ہو گا۔ اس کے علاوہ جائز یہ قاعدہ خیال میں رکھنا چاہئے ہر خبر کا منسوخ التلاوت ہونا جائز ہے۔ جس کی بہت سی مثالیں ہیں۔ دیکھو تفسیر عزیزی' اسی طرح جن احکام کو قرآن کریم نے دائمی فرمایا وہ بھی منسوخ نہیں ہو سکتے جیسے **خلدین فیھا ابدا** نسخ کی صورتیں: نسخ کی چار صورتیں ہیں۔ نسخ آیت کا آیت سے جیسے **لکم دینکم** کی آیت **قاتلوا فی سبیل اللہ** کی آیت سے منسوخ ہے یا **متاعا الی الحول** کی آیت **اربعۃ اشھر وعشرا** کی آیت سے منسوخ دوسرے نسخ حدیث کا حدیث سے جیسے مثلہ کرنے کی حدیث اس کی ممانعت کی حدیث سے منسوخ ہے (مثلہ مقتول کے اعضا کاٹنے کو کہتے ہیں) یا جیسے امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے یا رفع یدین کرنے کی حدیثیں دوسری احادیث سے منسوخ۔ چنانچہ عینی شرح بخاری میں ہے کہ حضرت براء ابن عازب نے کسی کو نماز میں رفع یدین کرتے دیکھا تو فرمایا کہ رفع یدین شروع اسلام میں تھا۔ پھر چھوڑ دیا گیا۔ اس واسطے حضرت ابن مسعود نے فرمایا کہ میں نے حضور کو نماز پڑھتے دیکھا حضور نے سوائے تکبیر تحریمہ کے اور کسی وقت ہاتھ نہ اٹھائے۔ یوں ہی پہلے حکم تھا کہ مقتدی الحمد شریف پڑھے پھر فرمایا **واذ قرا فانصتوا** اور فرمایا کہ امام کی قراءت مقتدی کی قراءت ہے پہلی احادیث منسوخ ہیں یہ احادیث ناسخ تیسرے آیت کا نسخ حدیث سے جیسے غیر اللہ کو سجدہ تعظیمی کا جواز قرآن سے ثابت **اسجدوا لادم** وغیرہ۔ مگر حدیث سے منسوخ یا جیسے ماں باپ اور اہل قرابت کو وصیت کرنا قرآن سے ثابت **الوصیۃ للوالدین والاقربین** مگر یہ حکم حدیث **لا وصیۃ للوارث** سے منسوخ یا **احل لکم ماوراء ذلکم** کی آیت سے ثابت تھا کہ ماں بہن وغیرہ چند عورتوں کے سوا تمام عورتیں حلال ہیں۔ مگر یہ آیت اس حدیث سے منسوخ ہے کہ **لا تنکح المرءۃ علی عمتھا ولا علی خالتھا** جس سے معلوم ہوا کہ پھوپھی' بھتیجی اور خالہ بھانجی کو نکاح میں جمع نہیں کر سکتے ہیں۔ اس قسم کی بہت سی آیتیں ہیں جو حدیث سے منسوخ ہیں۔ چوتھے نسخ حدیث کا قرآن سے جیسے بیت المقدس کا قبلہ ہونا حدیث سے ثابت تھا اور وہ اس آیت سے منسوخ ہوا۔ **فول وجھک شطر المسجد الحرام** ایسے ہی رمضان کی راتوں میں بیوی سے جماع کی حرمت حدیث سے ثابت تھی مگر وہ اس آیت سے منسوخ ہوئی **احل لکم لیلۃ الصیام الرفث** اس قسم کی بہت سی احادیث ہیں جو آیات سے منسوخ ہیں اس کی پوری تحقیق کتاب الاعتبار مصنفہ علامہ حازمی شافعی میں دیکھو خیال رہے کہ قرآن و حدیث میں جس قدر نسخ ہونا تھا حضور کی زندگی پاک میں ہو گیا اب حضور کی وفات شریف کے بعد کسی قسم کا نسخ ممکن نہیں کیونکہ نہ اب وحی آسکتی ہے اور نہ نئی حدیث لہٰذا سارا قرآن اور ساری

marfat.com
Marfat.com

احادیث محکم ہیں۔ نسخ کی وجوہات: نسخ کی چند وجہیں ہوتی ہیں ایک یہ کہ پہلا حکم عارضی طور پر ضرورۃً جاری کیا گیا حاجت پوری ہونے پر اس کو ختم کر دیا گیا۔ جیسے شریعت آدم علیہ السلام میں بہن سے نکاح اس لئے جائز تھا کہ دوسری عورتیں نہ ملتی تھیں بعد کو یہ حکم منسوخ ہو گیا۔ دوسرے یہ کہ پہلے حکم کے لوگ عادی ہو چکے تھے اس کا ایکدم چھوڑنا مشکل تھا لہٰذا آہستگی سے بند کیا گیا۔ جیسے کہ اہل عرب شراب کے عادی تھے اس لئے پہلے شراب سے نفرت دلائی گئی پھر نشہ کی حالت میں نماز سے روکا گیا۔ پھر بالکل حرام کر دی گئی اسی طرح اہل عرب روزے کی مشقت برداشت نہ کر سکتے تھے اس لئے پہلے تو سال میں صرف عاشورے کا ایک روزہ فرض کیا گیا۔ پھر ہر مہینہ میں تین روزے پھر ماہ رمضان کے روزے فرض ہوئے۔ تیسرے یہ کہ نسخ سے محبوب کی عظمت کا اظہار ہو جیسے کہ معراج میں پچاس نمازیں فرض ہوئیں۔ پھر پانچ پانچ کٹ کر آخر کار پانچ رہیں تاکہ موسیٰ علیہ السلام کو عظمت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا پتہ لگ جائے انہیں بارگاہ الٰہی میں بہت باریابی ہے۔ اعلیٰ حضرت نے فرمایا۔

قصر دنیٰ تک کس کی رسائی — جاتے یہ ہیں آتے یہ ہیں

نیز اسی نسخ سے پتہ لگا کہ اللہ کے پیارے بندے وفات کے بعد بھی مدد کرتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے شب معراج میں پچاس نمازیں کم کرا کر پانچ کرا دیں حالانکہ اس وقت موسیٰ علیہ السلام کو وفات پائے قریباً" تین ہزار سال ہو گئے اس طرح حضور بھی بعد وفات ہم گنہگاروں کی مدد کر سکتے ہیں غرضیکہ اس نسخ میں بہت راز ہیں۔ اسی طرح تبدیلی قبلہ کا حکم جس سے حضور علیہ السلام کی عظمت کا پتہ چلتا ہے۔ چوتھے یہ کہ اس سے خود ناسخ کی عظمت معلوم ہو۔ جیسے کہ اسلام سے دوسرے ادیان کا نسخ ہونا اگر اول ہی سے دنیا میں اسلام آجاتا تو اس کے قوانین کی برتری ظاہر نہ ہوتی پانچواں یہ کہ ہر شے اپنے اصل پر پہنچ کر ختم اور منسوخ ہو جاتی ہے اور اس سے الگ رہ کر مضطرب رہتی ہے۔ جیسے تمام دریا سمندر کی طرف اس تیزی سے بھاگتے ہیں کہ جو درخت یا پل ان کو روکے اسے بھی اکھیڑ ڈالتے ہیں شور مچاتے ہوئے دوڑے چلے جاتے ہیں کیونکہ سمندر ان سب کی اصل ہے کہ سمندر ہی سے بادل اٹھ کر پہاڑوں پر برسا یا برف بن کر گرا اور اس سے دریا بنا اب یہ اپنے اصل کی طرف دوڑے مگر جب سمندر کے قریب پہنچے تو ان کا وہ شور بھی جاتا رہا اور زور بھی گھٹ گیا روانی میں بھی کمی آگئی اور سمندر میں پہنچ کر ایسے گم ہو گئے گویا تھے ہی نہیں اور بزبان حال یوں کہنے لگے۔

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جان شدی! — تاکس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

حضور علیہ السلام نبوت کا سمندر ہیں سارے انبیاء دریا تمام نبوتیں اس طرف دوڑی آرہی تھیں جو بھی فرعونی یا نمرودی طاقت ان سے ٹکرائی وہ پاش پاش ہو گئی نبوت مصطفیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں سب گم ہو گئے۔

یہ انبیا و مرسلین تارے ہیں تم مہر مبین — سب جگمگائے رات بھر چمکے جو تم کوئی نہیں

## نسخ پر اعتراضات و جوابات

پہلا اعتراض: قرآن کریم فرماتا ہے ما یبدل القول لدی یعنی ہمارے قول میں تبدیلی نہیں اور نسخ میں تبدیلی ہی ہوتی ہے۔ لہٰذا نسخ ناجائز ہے جواب: نسخ کو بندے اپنی بے علمی سے تبدیلی سمجھتے ہیں مگر در حقیقت وہ تو ایک حکم کی انتہا

marfat.com
Marfat.com

بیان ہے نہ کہ تبدیلی مثلاً "ایک سال کی عدت کچھ روز کے لئے تھی جب وہ مدت گذر گئی وہ حکم بھی ختم ہو گیا۔ لہٰذا یہ تبدیلی قول نہیں نیز تمہاری پیش کردہ آیت میں تبدیلی قول سے مراد وعدہ خلافی ہے اسی لئے وہاں ہے **وما انا بظلام للعبید** یعنی ہمارا وعدہ خلاف نہیں ہوتا اور ہم بندوں پر ظالم نہیں اور نسخ میں خبریں اور وعدے نہیں بدلتے صرف احکام بدلتے ہیں یوں ہی آیت کریمہ **لا تبدیل لکلمت اللہ** کا مطلب یہ ہے کہ قرآن کی آیتوں کو کوئی شخص نہیں بدل سکتا۔ جیسے پہلی کتابوں میں تحریف و تبدیل ہوئی اس لئے یہاں کلمات اور تبدیلی فرمایا **دوسرا اعتراض:** قرآن فرماتا ہے **ولو کان من عند غیر اللہ لوجدوا فیہ اختلافا کثیرا** یعنی اگر قرآن غیر خدا کی کتاب ہوتی تو وہ اس میں اختلاف پاتے معلوم ہوا قرآن میں اختلاف نہیں اور نسخ اختلاف ہے چاہئے کہ قرآن میں نہ ہو؟ **جواب:** نسخ اختلاف نہیں بلکہ ایک حکم کی انتہاء کا بیان ہے اختلاف سے مراد یہ ہے کہ خبریں واقعات کے مخالف ہوں یا کلام فصاحت و بلاغت میں یکساں نہ ہو جیسے کہ شعراء کے قصیدوں میں بعض اشعار اعلیٰ درجے کے ہوتے ہیں اور بعض ادنیٰ درجے کے۔ قرآن از اول تا آخر یکساں فصیح و بلیغ ہے یا اختلاف سے مراد تعارض ہے کہ خبروں میں آپس میں مخالف ہو نسخ کو اس سے کوئی تعلق نہیں **تیسرا اعتراض:** نسخ قرآن کی کسی آیت سے ثابت نہیں **ما ننسخ** والی آیت کا ترجمہ یہ ہے کہ جو آیتیں ہم لوح محفوظ سے فرشتوں کے روزنامچوں میں نقل کرتے ہیں یا ان میں دیر لگاتے ہیں یہاں نسخ کے معنی نقل کرنا ہے نہ کہ بدلنا (مرزائی وغیرہ) **جواب:** معاذ اللہ یہ آیت کا ترجمہ نہیں بلکہ تحریف ہوئی اگر آیت کے یہ معنی ہیں تو نات بخیر منہا او مثلہا کے کیا معنی ہوں گے اس کے معنی وہی ہیں جو ہم تفسیر میں عرض کر چکے اور سنو' رب فرماتا ہے **واذا بدلنا اٰیۃ مکان اٰیۃ** الخ جب ہم کسی آیت کو دوسری آیت کی جگہ بدلتے ہیں یہاں صاف لفظ تبدیلی موجود ہے۔ سنو' رب فرماتا ہے۔ **سنقرئک فلا تنسی الا ما شاء اللہ** اس سے معلوم ہوا کہ بعض آیتیں بتا کر بھلا دی جائیں گی۔ یعنی ان کی تلاوت منسوخ ہو جائے گی۔ غرضیکہ نسخ کا انکار پوری جہالت ہے۔ **چوتھا اعتراض:** نسخ کلام والے کی جہالت یا اس کے عجز سے ہوتا ہے اگر اس کو خبر ہوتی کہ یہ حکم ہمیشہ کام نہ دے گا تو پہلے ہی سے کار آمد بھیجتا جو حکم پیچھے بھیجا ہے وہ پہلے ہی کیوں نہ بھیجا (آریہ) **جواب:** نسخ کی بہت سی وجہیں ہوتی ہیں انسانوں کے حالات کے اختلاف سے بھی احکام بدل جاتے ہیں طبیب اپنے بیمار کے لئے اس کی حالت کے موافق دوائیں اور غذائیں تجویز کرتا ہے جوں جوں مریض کی حالت بدلے گی طبیب کی تجویز بھی بدلے گی۔ یہ طبیب کی جہالت کی نہیں بلکہ کمال کی دلیل ہے رب کو معلوم تھا کہ انسان اولاً بچہ پھر جوان پھر ادھیڑ اور آخر کار بوڑھا ہو گا اس نے پہلے ہی سے کیوں نہ بوڑھا کر دیا۔ پنڈت جی اگر آپ بوڑھے پیدا ہوتے تو آپ کا تو کچھ نہ بگڑتا اور آپ کی والدہ صاحبہ دنیا سے بے ٹکٹ روانہ ہو جاتیں۔ **پانچواں اعتراض:** تو چاہئے کہ اب بھی اسلام اور قرآن میں نسخ جاری رہے کیونکہ دنیا کے حالات اب بھی بدل رہے ہیں۔ **جواب:** ہر چیز کمال پر پہنچنے سے پہلے بدلتی ہے اور کمال پر پہنچ کر ٹھہر جاتی ہے۔ بچہ پہلے گھٹی پھر میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ بیمار کی دوائیں بدلتی رہتی ہیں مگر آخر میں کوئی پیٹنٹ مقوی دوا تجویز کر دی جاتی ہے کہ اسے ہمیشہ استعمال کیا کرے بڑھاپے سے پہلے جسم انسانی میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے مگر بڑھاپے پر پہنچ کر تبدیلی بند ہو جاتی ہے کیونکہ اب آدمی کمال پر پہنچ گیا اسی طرح ادیان میں تبدیلی ہوتی رہی اور مسائل میں نسخ کا سلسلہ جاری رہا یہاں تک کہ بشارت الٰہی آگئی کہ **الیوم اکملت لکم دینکم** اب کمال کے بعد نسخ اور تبدیلی کیسی؟ **چھٹا اعتراض**

marfat.com
Marfat.com

: جب اسلام مکمل دین ہے تو عیسیٰ علیہ السلام اس کے جزیہ وغیرہ کے احکام کیوں منسوخ فرمائیں گے؟ نیز حضرت عمر نے اپنی خلافت کے زمانہ میں قرآن کی بعض آیتیں کیوں منسوخ کیں؟ کہ زکوۃ کے مصرف قرآن نے آٹھ بیان فرمائے مگر انہوں نے مؤلفتہ القلوب (مائل بہ اسلام کفار) کو اس سے نکال کر صرف سات مصرف رکھے۔ جواب: عیسیٰ علیہ السلام جزیہ وغیرہ ہرگز نہ منسوخ فرمائیں گے۔ بلکہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی اس کی حد بیان فرمادی کہ جزیہ وغیرہ کا حکم عیسیٰ علیہ السلام کی آمد تک ہے اس کے ناسخ حضور علیہ السلام ہی ہیں عیسیٰ علیہ السلام تو اسے جاری فرمائیں گے۔ نیز عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کوئی حکم منسوخ نہیں کیا بلکہ حکم کی علت اٹھ جانے کی وجہ سے حکم خود اٹھ گیا۔ ضعف اسلام کی وجہ سے مؤلفتہ القلوب زکوۃ کے مصرف تھے جب خلافت فاروقی میں اسلام قوی ہو گیا تو یہ نکل گئے۔ جب زید مالدار تھا اس پر زکوۃ فرض تھی جب غریب ہو گیا تو اس پر زکوۃ واجب نہ رہی در حقیقت حکم زکوۃ منسوخ نہیں ہو گیا بلکہ علت بدل جانے سے حکم بدل گیا۔ ساتواں اعتراض: قرآن کریم فرماتا ہے **مصدقا لما بین یدیہ** یعنی قرآن اگلی کتابوں کی تصدیق فرماتا ہے اگر یہ انہیں منسوخ کردے تو تصدیق کہاں رہی؟ جواب: اس کا جواب بارہا گزر گیا کہ ان کتابوں نے قرآن کے آنے کی خبر دی تھی اس کی آمد سے وہ سچی ہو گئیں نسخ تبدیلی کے خلاف نہیں حکیم اپنا نسخہ بدلتا ہے جس سے اس کا پہلا نسخہ غلط نہیں ہو جاتا بلکہ اپنے وقت پر وہ صحیح تھا اس وقت یہ صحیح ہے۔ آٹھواں اعتراض: حدیث میں ہے کہ **کلامی لا ینسخ کلام اللہ** میرا کلام خدا کے کلام کو منسوخ نہیں کر سکتا مگر تم کہتے ہو کہ حدیث سے قرآن منسوخ ہوتا ہے (شافعی) جواب: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو کلام میں اپنی رائے سے فرماؤں وہ کلام الٰہی کو منسوخ نہیں کر سکتا۔ لیکن جو کلام رب کے الہام سے ہو وہ یقیناً منسوخ کر سکے گا۔ کیونکہ حدیث و قرآن ایک ہی ہیں یا یہ مطلب ہے کہ میرا کلام قرآن شریف کی تلاوت منسوخ نہیں کر سکتا یعنی آیت کا نسخ تلاوت صرف حدیث سے نہیں ہو سکتا اس لئے یہاں کلام اللہ فرمایا گیا۔ احکام اللہ نہ فرمایا گیا۔ کلام عبارت کو کہا جاتا ہے نہ کہ احکام کو۔ نکتہ: حکم اٹھ جانا نسخ ہے اور کسی وجہ سے حکم جاری نہ ہونا نسخ نہیں غریب آدمی پر زکوۃ واجب نہ ہونا، مجبور پر جہاد فرض نہ ہونا نسخ نہیں کہ یہ حکم تو باقی ہے ضرورۃً اس کا اجراء نہ ہوا اور رمضان کی راتوں میں جماع کی حرمت منسوخ ہے کیونکہ یہ حکم ہی اٹھ گیا۔ نواں اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ خدا کے سوا نہ کوئی مددگار نہ دوست پھر نبیوں ولیوں کو تم مددگار کیوں مانتے ہو۔ جواب: یہاں دون اللہ سے مراد اللہ کا مقابل ہے یعنی ایسا دوست و مددگار تمہارا کوئی نہیں جو اللہ کے مقابل تمہاری مدد کرے کہ اس کے غضب سے تمہیں بچالے ورنہ رب فرماتا ہے۔ **انما ولیکم اللہ ورسولہ** الخ اور فرماتا ہے **واجعل لنا من لدنک ولیا واجعل لنا من لدنک نصیرا** آج ہم بیماری اور مقدمہ میں مدد کے لئے حکیم و حاکم کے پاس جاتے ہیں۔ عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا **من انصاری الی اللہ** ان کے مددگاروں کو نصاری اور حضور کے مددگاروں کو انصار کہا جاتا ہے۔

تفسیر صوفیانہ : جس طرح طبیب جسمانی مریض کے مزاج کے موافق نسخہ تجویز کرتا ہے اور پھر اس کے حالات کے لحاظ سے اپنے نسخہ میں تبدیلی کرتا ہے یوں ہی طبیب روحانی یعنی مرشد کامل اپنے مرید کی حالت کا خیال رکھتا ہے بعض اعمال کسی وقت اس کو مفید پھر وہ ہی اعمال دوسرے وقت مضر ہوتے ہیں اس لئے وہ اپنی تعلیم میں اس کا لحاظ رکھتا ہے اور جیسے راستہ طے کرنے والے مختلف ہوتے ہیں بعض موٹر کار سے بعض سائیکل سے بعض دوڑ کر بعض آہستہ چل کر ایک ہی راستہ مختلف مدت میں

marfat.com
Marfat.com

طے کرتے ہیں یہ ہی حال راہ طریقت کا ہے کہ اس کے مسافر مختلف حال رکھتے ہیں لیکن بحمدہ تعالیٰ طالب جس منزل سے گزرتا ہے قرب الٰہی میں ترقی کرتا ہے اس کی ہر اگلی حالت پچھلی حالت سے بہتر ہوتی ہے ایک وقت ذکر جہری اس کا مشغلہ تھا یہ حالت منسوخ ہو کر ذکر خفی کی حالت پیدا ہوئی پھر وہ یہ منزل بھی طے کر کے ذکر اخفی کے درجہ میں قدم رکھتا ہے۔ غرضیکہ **ما ننسخ من اٰیۃ او ننسھا نات بخیر منھا** کی وہاں ہر وقت جلوہ گری ہوتی ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔

رمز ننسخ اٰیۃ او ننسھا نات خیر در عقب می داں منھا
آنکہ داند دوخت او داند درید ہرچہ را بفروخت نیکو تر خرید

لہٰذا چاہیے کہ طالب خود کو شیخ کامل کے حوالہ کر دے اس کی تعلیم میں نکتہ چینی نہ کرے ورنہ الطاف ربانی سے محروم رہے گا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام و خضر علیہ السلام کے قصہ سے سبق لے۔ آخری آیت **وما لکم** الاٰیۃ کی تین تفسیریں ہیں۔ جاہلانہ۔ عالمانہ۔ عاشقانہ۔ جاہلانہ۔ تقویۃ الایمان وغیرہ میں ہے کہ خدا کے سوا کوئی دوست و مددگار نہیں۔ لہٰذا نبی' ولی' علی' وصی مددگار نہیں۔ یہ تفسیر دوسری آیتوں کے بھی خلاف ہے نبیوں' ولیوں بلکہ خود رب تعالیٰ کے اپنے عمل کے بھی خلاف۔ رب نے بندوں سے مدد مانگی **ان تنصروا اللہ ینصرکم** جیسا کہ ابھی عرض کیا گیا بلکہ خود ان تفسیر کرنے والوں کے خلاف بھی ہے کہ وہ بھی کہتے ہیں۔

مدد کر اے کرم احمدی کہ تیرے سوا نہیں ہے قاسم بے کس کا کوئی حامی کار

تفسیر عالمانہ وہ ہے کہ یہاں دون بمعنی مقابل ہے یعنی کوئی مخلوق رب کے مقابل ہو کر تمہاری دوست یا مددگار نہیں کہ رب تمہیں ہلاک کرنا چاہے تو وہ تمہیں بچا لے یہ ناممکن ہے بلکہ ہر ایک کی دوستی و مدد رب کی مہربانی سے ہے۔

سائیں انکھیاں پھیریاں میرا ویری ملک تمام ذرا سی جھانکی مہر کو تو لاکھوں کریں سلام

تفسیر عاشقانہ یہ ہے کہ ہر شے میں ظاہر و باطن ہے اعضاء ظاہر روح باطن' درخت کے برگ و بار ظاہر ہیں اندرونی رس باطن بجلی کی فٹنگ ظاہر ہے پاور باطن' ان میں سے باطن اصل ہے۔ ظاہر فرع۔ ظاہر مجاز ہے باطن حقیقت یوں ہی تمام دنیا ظاہر ہے' رب کا فضل باطن عالم مجاز ہے۔ خالق عالم حقیقت یہاں حقیقت امداد کی نفی ہے کہ تمہارا حقیقی دوست و مددگار ہمارے سوا اور کوئی نہیں اور آیات ثبوت میں مجازی مدد' دوستی کا ثبوت ہے۔ اس کی تفسیر وہ آیات ہیں۔ **وان یخذلکم فمن ذا الذی ینصرکم من بعدہ** وغیرہ مگر دنیا اور آخرت میں مجاز پر بھی احکام جاری ہیں۔ چور کا ہاتھ کٹتا ہے' ماں باپ کی اطاعت و خدمت ضروری ہے۔ اسی طرح نبی ولی کے آستانے سے مدد لینا ضروری مگر مجازی مدد۔

| |
|---|
| اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى |
| کیا ارادہ کرتے ہو تم یہ کہ سوال کرو پیغمبروں اپنے سے مثل اس کے کہ |
| کیا یہ چاہتے ہو کہ اپنے رسولوں سے ویسا سوال کرو جو موسیٰ سے پہلے |

marfat.com
Marfat.com

مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ

سوال کیا گیا موسیٰ سے پہلے اور وہ جو کہ بدل لے کفر کو بعوض ایمان کے پس بے شک گمراہ ہو گیا

ہوا تھا اور جو ایمان کے بدلے کفر لے وہ ٹھیک راستہ

السَّبِيْلِ ۝

وہ سیدھے راستہ سے

سے بہک گیا

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے کئی طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پہلے معلوم ہوا تھا کہ یہود غیر منسوخ کتاب چاہتے ہیں جس کی بعض آیتیں منسوخ ہوں اس کے ماننے سے انکاری ہیں۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ ان کا یہ مطالبہ ایسا ہی نامعقول ہے جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام سے انہوں نے اپنا من بھاتا خدا مانگا تھا۔ دوسرا تعلق: پہلے معلوم ہوا تھا کہ ناسخ حکم یا تو منسوخ سے بہتر ہوتا ہے یا اس کی مثل اس پر غالباً انہوں نے تفصیل کا مطالبہ کیا ہو گا کہ ہمیں ہر ناسخ کی ہر منسوخ سے افضلیت بتائیے لہٰذا فرمایا گیا کہ یہ سوال ایسا ہی لغو ہے جیسا کہ اس سے پہلے موسیٰ علیہ السلام سے کرتے تھے۔ تیسرا تعلق: پہلے معلوم ہوا کہ بعض احکام الٰہی بعض سے منسوخ ہوں گے اب پوچھا جا رہا ہے کہ کیا تم اطاعت کر کے مقبول بنو گے یا یہود کی سی کج بحثی کر کے مردود۔ چوتھا تعلق: پہلے معلوم ہوا تھا کہ بعض احکام بعض سے منسوخ ہوں گے اب فرمایا جا رہا ہے کہ یہ نسخ ہماری مرضی کے مطابق ہو گا۔ اے مسلمانو تم یہود کی طرح اپنی رائے کے مطابق خود ہی نسخ کا مطالبہ نہ کرنا کہ ان کا جو دل چاہتا تھا تو وہ مان لیتے تھے اور سخت احکام کے بدلنے کا پر زور مطالبہ کیا کرتے تھے بلکہ ہم موقعہ کے مطابق خود ہی نسخ فرماتے رہیں گے۔ پانچواں تعلق: معلوم ہوا تھا کہ احکام میں نسخ ہو گا۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ اے مسلمانو اگر تم ان احکام کو قبول نہ کرو گے تو ان ہی سرکش یہود کی طرح ہو گے جنہوں نے موسیٰ سے نہ کرنے کے سوال کئے تھے۔

شان نزول : بعض مفسرین نے فرمایا کہ ایک بار یہود نے حضور علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ ایسی کتاب لائیے جو آسمان سے یکبارگی نازل ہوئی ہو۔ ہم ایسی کتاب نہ مانیں گے جس میں رد و بدل ہوتا ہو۔ تفسیر خزائن العرفان، بعض نے فرمایا کہ عبداللہ ابن امیہ مخزومی قریش کی ایک جماعت کو لے کر حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو اور عرض کیا کہ میں تو جب ایمان لاؤں گا کہ آپ زمین سے پانی کے چشمے جاری کر دیں یا آپ کے کھجور اور انار کے باغات ہوں یا آپ کے پاس سونے کا گھر ہو یا آپ آسمان پر چڑھ کر دکھا دیں یا میرے نام رب کی کوئی چٹھی آجائے جس میں لکھا ہو کہ اے عبداللہ ابن امیہ بے شک محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میرے رسول ہیں تو ان کی پیروی کر جماعت قریش بولی کہ یہ تو بڑی باتیں ہیں انہیں جانے دیجئے بلکہ موسیٰ علیہ السلام کی طرح مکمل کتاب ایک دم لا دیجئے تب یہ آیت کریمہ اتری۔ مجاہد سے روایت ہے کہ قریش نے ایک بار کہا تھا کہ صفا اور مروہ پہاڑ کو سونے اور چاندی کا بنا دو تب یہ آیت اتری۔ (تفسیر کبیر)۔ بعض نے یہ بھی کہا کہ بعض نو مسلموں نے حضور سے مطالبہ کیا تھا کہ مشرکین کی طرح ہمارے بھی چند معبود ہونے چاہئیں اور بعض لوگ محض امتحان کے لئے معجزات کا مطالبہ کیا

marfat.com
Marfat.com

کرتے تھے۔ ان کے حق میں یہ آیت کریمہ آئی لیکن یا تو پہلی روایت صحیح ہے یا آخری کیونکہ سورہ بقرمدنی ہے۔ اور عبداللہ بن امیہ مخزومی وغیرہ مکہ کے باشندے تھے ان کے سارے مطالبے ہجرت سے پہلے ہی ہوا کرتے تھے۔ نیز بہت دور سے یہود سے گفتگو چلی آرہی ہے۔ اور آئندہ بھی انہیں کا ذکر ہے۔ لہٰذا بہتر یہ ہے کہ اب بھی انہیں کا تذکرہ ہو۔ پچھلی روایت کی تائید خود اس آیت کی عبارت کرتی ہے اگر اس میں مسلمانوں سے خطاب ہو تو آیت میں کوئی تکلف نہیں کرنا پڑتا۔ جیسا کہ تفسیر سے معلوم ہو گا۔

تفسیر : **ام تریدون** یا تو او کے معنی میں ہے اور اس سے پہلے ایک عبارت پوشیدہ یعنی کیا تم ناسخ احکام کی اطاعت کرو گے یا تم اسی قسم کی کج بحثی کا ارادہ کر رہے ہو جو یہود کیا کرتے تھے اس صورت میں یہ مسلمانوں سے خطاب ہے یا ام ہل کے معنی میں ہے اور مطلب یہ ہے کہ تم نسخ وغیرہ کا بہانہ کرتے ہو بلکہ تم انہیں بیہودہ سوالوں کا ارادہ کرتے ہو جو تمہارے بزرگوں نے موسیٰ علیہ السلام سے کئے تھے۔ اس صورت میں یہ یہود سے خطاب ہے۔ **ان تسئلوا رسولکم** کہ اپنے رسول سے وہ سوال کرو۔ اگر یہ مسلمانوں سے خطاب ہے تو مطلب یہ ہے کہ تم جس رسول کی امت ہو اس عالی شان پیغمبر سے ایسا سوال کرنا چاہتے ہو۔ اور اگر یہود سے خطاب ہے تو مطلب یہ ہوا کہ جو رسول تمہاری ہدایت کے لئے بھیجے گئے ان سے یہ سوال کرنا چاہتے ہو۔ **کما سئل موسی من قبل** جیسا کہ اس سے پہلے موسیٰ علیہ السلام سے سوال کیا گیا تھا کہ یہود نے ان سے رب تعالیٰ کے دیکھنے یا مشکل احکام بدلوانے یا نیا خدا بنانے کا مطالبہ کیا تھا۔ جس سے ان پر بہت مصیبتیں آپڑیں کیا تم بھی ایسے لغو مطالبے کر کے مصیبت مانگتے ہو۔ حالانکہ **ومن یتبدل الکفر بالایمان** جو ایمان کے عوض کفر لے کر رب کی اتاری آیتوں پر تو بھروسہ نہ کرے اور اپنی دل پسند باتوں کا مطالبہ کرے یا ایمان قبول کر کے شبہات میں پڑ جائے یا نبی کی اطاعت تو نہ کرے اور ان کی آزمائش میں مشغول رہے **فقد ضل سواء السبیل** یقیناً وہ سیدھے راستہ سے بہک گیا۔ سواء کے معنی ہیں متوسط اور درمیانی سڑک سیدھی اور آس پاس کی گلیاں ٹیڑھی ہوتی ہیں اس لئے سواء سے سیدھا راستہ مراد ہے۔ انبیاء کی اطاعت اور ان کی پیروی سیدھا راستہ ہے جس کو اختیار کر کے بے کھٹکے جنت تک پہنچنا ہوتا ہے ان کی مخالفت اور خواہشات نفس کی پیروی وہ ٹیڑھا راستہ ہے اور جہنم میں جائے گا۔

خلاصہ تفسیر : اے مسلمانو کیا تم بھی نسخ وغیرہ پر اعتراض یا نبی علیہ السلام سے غلط مطالبات یا ان سے امتحاناً" معجزات طلب کر کے اسی قسم کے سوالات کرنے چاہتے ہو جیسے کہ اس سے پہلے موسیٰ علیہ السلام سے کئے جاتے تھے تم ان یہود کا انجام سن چکے جنہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو ایسے سوالات سے پریشان کیا اور تم کو یہ بھی معلوم ہے کہ جو ایمان لا کر کفر میں پھنسے وہ گویا سیدھے راستہ پر پڑ کر بہک گیا اور ایسا آدمی بہت ہی بدنصیب ہے۔ یا اے یہودیو کیا تم چاہتے ہو کہ اس نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے بھی ویسے ہی بیہودہ سوالات کرو جیسے کہ تمہارے باپ دادا موسیٰ علیہ السلام سے کیا کرتے تھے۔ خیال رہے کہ وہ اور وقت تھا یہ دوسرا زمانہ ہے اب سخت سزا پاؤ گے۔ تم نے ایمان اور ایمانیات کو پہچان لیا۔ قرآن آتے دیکھ لیا۔ صاحب قرآن کی زیارت کر لی' خیال رہے کہ مسلمانوں کی تبدیلی کفر تو یہ ہے کہ ایمان چھوڑ کر کفر قبول کر لیں۔ یعنی مرتد ہو جائیں اور یہود وغیرہ کفار کے لئے یہ ہے کہ ایمان اختیار نہ کریں اور کفر میں پھنسے رہیں اسی طرح سیدھے راستہ سے بہکنا مسلمانوں کے لئے تو یہ ہے

marfat.com
Marfat.com

کہ وہ یہ راستہ چھوڑ کراور طرف چل دیں اور کفار کے لئے یہ کہ سیدھا راستہ دیکھ کر اسے اختیار نہ کریں۔ اور غلط راستوں پر ہی چلتے رہیں۔ لہٰذا یہ آیت مومنین اور کفار دونوں کے حق میں ہو سکتی ہے اور اس پر کوئی اعتراض نہیں۔ خیال رہے کہ اللہ تعالیٰ نے جیسے مسلمانوں کو دربار مصطفوی کے اور بہت سے آداب سکھائے کہ ان کی آواز پر اپنی آواز اونچی نہ کرو۔ ان سے آگے نہ بڑھو اگر ان کے ہاں دعوت ہو تو کھانا پکنے سے پہلے نہ آجاؤ اور کھا کر بلاوجہ نہ بیٹھے رہو یونہی رب نے حضور سے پوچھنے سے بچنے کے آداب بھی سکھائے کہ ان سے اس قسم کے سوال نہ کرو' ایسے کرو چنانچہ یہاں تو یہ فرمایا اور دوسری جگہ فرمایا کہ **لا تسئلوا عن اشیاء ان تبدلکم تسؤکم** ہمارے نبی سے وہ باتیں نہ پوچھو کہ اگر وہ ظاہر کردی جاویں تو تم کو پچھتانا پڑے۔ ان احکام پر اکابر صحابہ نے حضور سے سوال کرنا ہی چھوڑ دیا تھا۔ وہ چاہتے تھے کہ کوئی باہر سے سمجھدار آدمی آئے حضور سے سوال کرے حضور جواب دیں ہم سنیں اس لئے حضرت جبریل سائل کی شکل میں حضور کی خدمت میں حاضر ہوتے اور اور حضور جواب دیتے صحابہ سنتے یہ عمل تھا ان آیات پر۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: بزرگوں سے ایسا سوال نہ کرنا چاہئے جس سے نافرمانی ظاہر ہوتی ہو یا جس سے فساد کا دروازہ کھلتا ہے۔ دوسرا فائدہ: اللہ والوں کو اپنی رائے کا پابند نہ بنانا چاہئے بلکہ ان کے فرمان کی خود پابندی کرنی چاہئے۔ تیسرا فائدہ: انبیاء علیہم السلام کے فرمان میں کسی قسم کا شک کرنا یا عناد کے طریقہ پر سوالات کرنا یا ان کے فرمان سے ناراض ہونا یا ان کا مذاق سے امتحان لینا کفر ہے کیونکہ اس آیت میں اس قسم کے سوالات کو کفر قرار دیا۔ چوتھا فائدہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کفار کے بھی رسول ہیں۔ اور کفار حضور کے امتی کیونکہ **رسولکم** میں یہود سے خطاب ہے اور ان کی طرف ہے رسول کی نسبت۔ خیال رہے کہ امت دو قسم کی ہے۔ امت دعوت اور امت اجابت۔ امت دعوت وہ جس کو رسول علیہ السلام تبلیغ احکام کریں اور جن پر ان پیغمبروں کی اطاعت واجب ہو۔ امت اجابت وہ جو ان کے احکام قبول کرے مومنین حضور علیہ السلام کی امت اجابت ہیں۔ اور کفار بلکہ سارا عالم امت دعوت **لیکون للعلمین نذیرا** " حق تعالیٰ تو عالمین (تمام جہانوں) کا رب ہے اور حضور علیہ السلام عالمین کے نبی۔ انبیاء کرام' ملائکہ عظام تمام حیوانات' نباتات' سموات چاند سورج وغیرہ حضور علیہ السلام کی امت اجابت ہیں مگر ہر مخلوق کے جداگانہ احکام ہیں جن پر وہ پابند ہیں۔

اعتراض : پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ نبی سے سوال نہ کیا جائے تو ہدایت کیسے حاصل ہو۔ جواب: سوال کے دو معنی ہیں پوچھنا اور مطالبہ کرنا۔ نہ تو ہر طرح کا پوچھنا کفر ہے اور نہ ہر مطالبہ بلکہ عناد یا مذاق کے لئے پوچھنا کفر۔ ہدایت حاصل کرنے کے لئے پوچھنا ضروری بیکار سوالات منع' ابو جہل تمسخر سے باتیں پوچھتا تھا۔ یہ کفر ہوا۔ مسلمان عمل کے لئے احکام الٰہی پوچھتے تھے بعض ضعیف الاعتقاد بلاوجہ پوچھا کرتے تھے۔ میری عورت حاملہ ہے اس کے لڑکا ہو گا یا لڑکی؟ یا کہ میرا باپ کون تھا؟ یہ منع اسی طرح معجزات کا مطالبہ کرنا۔ اگر پیغمبر کو عاجز کرنے کی نیت سے ہو تو کفر ہے جیسے کفار کہتے تھے کہ اگر آپ زمین سے چشمے نکال دیں یا باغات اگا دیں تو ہم ایمان لے آئیں اس سے ایمان لانا منظور نہ تھا بلکہ فقط عاجز کرنا یا مذاق اڑانا اور اگر ایمان لانے سے پیشتر سچائی معلوم کرنے کے لئے معجزہ طلب کیا جائے تو جائز ہے۔ جیسے کہ بعض حضرات نے ایمان لانے سے پہلے معجزہ مانگا اور دیکھ کر ایمان لے آئے جیسے کہ ابو بکر صدیق یا عبداللہ ابن سلام رضی اللہ عنہما۔ نیز اگر مسلمان کفار کو دکھانے

marfat.com
Marfat.com

کے لئے معجزے کی خواہش کریں تو جائز ہے اس آیت میں انہیں سوالات اور انہیں مطالبوں کا ذکر ہے جو عناداً ہوں۔ اس لئے فرمایا گیا کما سئل موسیٰ من قبل۔ دوسرا اعتراض: اگر اس میں یہود سے خطاب ہو تو ان کے پاس ایمان تھا ہی کہاں جسے وہ کفر سے بدلتے اور سیدھے راستہ پر تھے ہی کب جس سے وہ بھٹکتے۔ جواب: اس کا تفصیلی جواب تفسیر میں گزر گیا کہ ان کا ایمان قبول نہ کرنا تبدیلی کفر ہے۔ یعنی ان کے سامنے ایمان کفر دونوں موجود تھے۔ ایمان چھوڑ کر کفر اختیار کر لیا اسی طرح راہ ہدایت دیکھ کر اس پر نہ چلنا ہی ان کا بھٹکنا ہے۔

تفسیر صوفیانہ: شریعت احکام اور طریقت ادب' بے ادب مردود ہے۔ اگرچہ بظاہر احکام کا پابند ہو۔ جیسے ابلیس وغیرہ اس آیت میں فرمایا گیا کہ اللہ و رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ادب ایمان کی روح ہے' بارگاہ نبوت میں بے دھڑک سوالات کر دینا اور بے خوف ہر قسم کی بات کر ڈالنا یہ بے ادبی ہے۔ اور بے ادب یا تو فوراً ہی کافر ہو جاتا ہے۔ یا کبھی نہ کبھی کفر کر بیٹھتا ہے۔ ادب نفس کی قید ہے جب نفس اس قید سے نکل گیا تو اسے کفر میں جانے سے کون روکے گا۔ ایمان اس قلعہ کی طرح ہے جس کے آگے پیچھے پانچ دیواریں ہوں پہلے سونے کی' دوسری چاندی کی' تیسری لوہے کی چوتھی پتھر کی۔ پانچویں کچی اینٹ کی' ایمان کی بھی پانچ دیواریں ہیں پہلی یقین کی دوسری اخلاص کی۔ تیسری ادائے فرض کی' چوتھی سنتوں کی پابندی کی' پانچویں دیوار کا بچاؤ کریں جو کچی اینٹ کی ہے۔ اگر چور اس کو پار کر آیا یا اسے توڑ دیا تو اب اگلی دیواروں کی بھی خیر نہیں۔ اسی طرح اگر شیطان نے نازک دیوار کو توڑ دیا اور تمہیں بے ادب بنا دیا تو سمجھ لو کہ ایمان کی اگلی دیواروں کی بھی خیر نہیں پھر وہ آگے پیچھے سبھی کو توڑ دے گا۔ اس آیت میں اس پانچویں دیوار کی حفاظت ہی کی تاکید ہے کہ دیکھو بارگاہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بے ادب نہ بننا ورنہ تمہارے ایمان کی خیر نہیں۔ بزرگوں کے آستانہ سے سب کو فیض نہیں ملتا کوئی وہاں سے لے کر آتا ہے کوئی خالی اور کوئی ایمان کھو کر آتا ہے۔ جو وہاں اپنے کو خالی سمجھ کر جائے گا۔ انشاء اللہ بھر کر لوٹے گا جو اپنے کو بھرا ہوا عالم سمجھ کر جائے پوچھ گچھ کرے وہاں زیادہ بولے زیادہ سنے نہیں وہ خالی لوٹے گا۔ خالی ڈول کنویں سے پانی لاتا ہے۔ بھرا جاتا ہے تو کچھ لے کر نہیں آتا اور جو اپنے کو بھرا نہیں خالی سمجھ کر جائے تو اپنا سب کچھ کھو آئے گا۔ یہ کج بحثیاں کرنے والے تیسری قسم کے تھے وہاں جا کر زیادہ بولنے کی کوشش نہ کرو زیادہ سننے کی کوشش کرو' ادب بزرگان اصل عبادت ہے۔

| |
|---|
| وَدَّ كَثِيرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ |
| چاہا بہتوں نے کتاب والوں میں سے یہ کہ واپس کر دیں تم کو پیچھے سے ایمان تمہارے کے |
| بہت کتابیوں نے چاہا کاش تمہیں ایمان کے بعد کفر کی طرف پھیر دیں |
| كُفَّارًا ۚۖ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ |
| کافر حسد سے نزدیک نفسوں اپنے کے پیچھے سے اس کے کہ ظاہر ہو گیا |
| اپنے دلوں کی جلن کے بعد اس کے کہ حق ان پر خوب ظاہر ہو چکا۔ |

marfat.com
Marfat.com

لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَ اصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِىَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ

واسطے ان کے حق بس معاف کرو اور درگزر کرو یہاں تک کہ لائے اللہ اپنا

ہے تم چھوڑ دو اور درگزر کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۱۰۹

حکم تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے

بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے

**تعلق :** اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** پہلے نسخ وغیرہ پر یہود کے اعتراضات کا ذکر فرمایا گیا۔ اب ان کے اعتراضات کے مقصود کا ذکر ہو رہا ہے کہ اے مسلمانو در حقیقت انہیں خود کوئی شبہ نہیں وہ تو محض تمہارے دلوں میں شبہات پیدا کرنے کے لئے اعتراضات کرتے ہیں تاکہ تم ایمان چھوڑ کر پہلے کی طرح کافر بن جاؤ۔ **دوسرا تعلق:** پہلے یہود کی گذشتہ فریب کاریوں کا ذکر کیا گیا کہ وہ ان طریقوں سے مسلمانوں کو راہ ایمان سے پھیرنا چاہتے ہیں اب آئندہ کا تذکرہ ہے کہ مسلمانو ہوشیار رہنا یہود آئندہ بھی تمہارے شکار کے لئے بہت سے جال پھینکیں گے کیونکہ وہ تمہارے ایمان کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ **تیسرا تعلق:** پہلے یہود کے اعتراضات بیان فرما کر ان کے جواب دیئے اور مسلمانوں کو ایسے واہیات سوالوں سے روکا گیا اب فرمایا جا رہا ہے کہ اے مسلمانو یہ تمہاری خاطر جواب دیئے جا رہے ہیں کہ تم ایمان پر قائم رہو انہیں تو ہدایت حاصل کرنا منظور ہی نہیں آئندہ ان کے ہر سوال کا جواب نہ دیا جائے گا کیونکہ وہ تمام سوالات تمہیں گمراہ کرنے کے لئے ہوں گے۔ خیال رکھنا اور ہوشیار رہنا۔

**شان نزول :** جنگ احد کے بعد فخاص ابن عازوراء اور زید بن قیس اور دیگر یہود نے حضرت حذیفہ ابن یمان اور عمار ابن یاسر سے کہا کہ اگر تم سچے ہوتے تو تمہیں جنگ میں شکست نہ ہوتی۔ لہذا تم ہمارے دین میں لوٹ آؤ۔ حضرت عمار نے فرمایا کہ بتاؤ عہد شکنی بے وفائی کیسی ہے انہوں نے کہا بہت بری آپ نے فرمایا کہ میں عہد کر چکا ہوں کہ اپنی آخری سانس تک حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم سے نہ پھروں گا اور کفر اختیار نہ کروں گا۔ یہودیوں نے کہا عمار تو ہمارے ہاتھوں سے نکل ہی گئے اب ان کے لوٹنے کی کوئی امید نہیں حذیفہ تم بولو کیا ہم سے ملو گے۔ حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ میں اللہ کے رب ہونے اور محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے نبی ہونے' اسلام کے دین ہونے قرآن کے ایمان کعبہ کے قبلہ ہونے اور مسلمانوں کے بھائی ہونے سے راضی ہوں' یہود بولے قسم رب موسیٰ کی تمہارے دلوں نے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کا جام پی لیا اس کے بعد یہ دونوں صحابہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس واقعہ کی خبر دی آپ نے فرمایا کہ تم نے ٹھیک کیا اور کامیابی پائی۔ خلاصہ یہ ہے کہ کوئی کسی کو مانتا ہے لالچ سے' کوئی ڈر سے' کوئی عشق سے۔ صحابہ نے حضور کو عشق سے مانا تھا۔ عشق کا رنگ ایسا پختہ ہوتا ہے جو کسی چیز سے نہیں اترتا۔ ماں بچے کو کبھی نہیں چھوڑتی' عاشق معشوق سے ہزارہا مصیبتیں جھیلنے پر بھی منہ نہیں موڑتے۔ صحابہ نے ہر طرح کا لالچ ہر قسم کی مصیبتوں پر حضور کو نہیں چھوڑا۔ اللہ تعالیٰ عشق کی اطاعت نصیب کرے

marfat.com
Marfat.com

آمین۔ ڈر یا لالچ کی اطاعت تو منافق بھی کرتے تھے۔ ہر چیز کو فنا ہے مگر عشق کو فنا نہیں۔ بلکہ جس کی عبادت میں عشق کی ملاوٹ ہو جائے وہ بھی فنا سے بچ جاتی ہے۔

تفسیر : ود کثیر۔ ود' ود سے بنا ہے جس کے معنی ہیں چاہنا محبت کرنا پسند کرنا کثیر سے معلوم ہوا کہ سارے اہل کتاب یہ نہ چاہتے تھے بلکہ ان میں سے اہل علم اور شیاطین کیونکہ عام کفار کو نہ تو کسی کو بہکانا آتا ہے۔ اور نہ ان میں اپنے دین کی تبلیغ کا جذبہ ہوتا ہے۔ من اھل الکتب یعنی مشرکین کو یہ خواہش نہیں یہ ارادہ تو ان کا ہے جو اپنے کو اہل کتاب کہتے ہیں اور جو پچھلی کتابوں اور پچھلے نبیوں پر ایمان لانے کے دعویدار ہیں اور نسخ وغیرہ کی حکمتوں سے خوب واقف ہیں۔ وہ جان بوجھ کر چاہتے ہیں کہ لو یردونکم کہ تم کو پھیر دیں۔ تفسیر روح البیان نے فرمایا کہ لو حرف مصدریہ ہے۔ بمعنی ان کیونکہ جب لو ایسے فعل کے بعد آئے جس میں تمنا کے معنے ہوں تو ان کے معنی ہیں ہوتا ہے۔ جیسے ودوا لو تدھن یعنی بہت سے اہل کتاب تم کو پھیرنا چاہتے ہیں مگر کب من بعد ایمانکم تمہارے ایمان لانے ایمان کی لذت چکھنے اور قرآن پاک کا لطف حاصل کرنے کے بعد اور کفارا" یا یردونکم کی ضمیر سے حال ہے یا اس کا مفعول ودم یعنی تم کو پھیر دیں کافر کرکے یا تمہیں کافر بنا دیں۔ حسدا" ۔ ود کی علت ہے یعنی تمہاری خیر خواہی کی وجہ۔ سے نہیں بلکہ محض حسد کی بناء پر کہ ہم تو کافر رہے اور یہ مومن کیوں ہو گئے۔ ہم تو ڈوبے ہیں مگر یار کو بھی لے ڈوبیں گے۔ من عند انفسھم یا تو یہ ود کے متعلق ہے۔ یا حسدا" کے یعنی انہوں نے تم کو مرتد کرنا محض نفسانی خواہش سے چاہا نہ کہ اپنی دینداری سے یا اپنے نفسانی حسد سے تم کو مرتد کرنا چاہا خلاصہ یہ ہے کہ مسلمان تو دینداری اور خلق کی خیر خواہی کے لئے دوسروں کو مسلمان کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن کفار اس لئے نہیں فقط نفسانی خواہش اور عداوت سے مسلمانوں کے مرتد ہونے کی تمنا کرتے ہیں۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ من بعد ما تبین لھم الحق کہ ان کی ساری یہ حرکتیں حق ظاہر ہو چکنے کے بعد ہیں وہ خود سمجھتے ہیں کہ حضور علیہ السلام سچے ان کا دین برحق ان کے معجزات نہایت کامل ان کی صفات توریت شریف میں مذکور اگرچہ اس شرارت' بدذاتی کا تقاضا تو یہ تھا کہ تم ان کو اس کی سزا دیتے اور ان سے اس کا بدلہ لیتے مگر تم رب کی مرضی کے تابع رہو ابھی ہم تم کو اس کی اجازت نہیں دیتے بلکہ حکم دیتے ہیں۔ فاعفوا انہیں چھوڑ دو۔ یہ لفظ عفو سے بنا ہے جس کے لغوی معنی ہیں مٹا دینا۔ اہل عرب کہتے ہیں۔ عفت الریح المنزل۔ ہوا نے گھر کے آثار مٹا دیئے اصطلاح میں اس کے معنے ہیں جرم کی سزا نہ دینا۔ یعنی معاف کر دینا اور چھوڑ دینا۔ واصفحوا اور ان سے درگزر کرو۔ یہ صفح سے بنا ہے جس کے معنی ہیں کروٹ یعنی ان کی طرف سے کروٹ پھیر لو۔ ادھر توجہ نہ کرو خیال رہے کہ اس معافی دینے اور درگزر کرنے سے مراد رضامندی نہیں کیونکہ کفر سے راضی ہونا بھی کفر ہے بلکہ ان سے جنگ نہ کرنا اور ان کی بدکلامی کا جواب نہ دینا مقصود ہے جیسا کہ روایت میں آیا ہے کہ بعض صحابہ کرام نے حضور علیہ السلام سے ان بہکانے والے یہود کے قتل کی اجازت چاہی اس پر یہ عبارت نازل ہوئی۔ (روح البیان)۔ اور اے مسلمانو یہ تحمل اور بردباری اور صبر کا حکم ہمیشہ نہ رہے گا' صرف اسی وقت تک برداشت کر لو کہ حتی یاتی اللہ بامرہ کہ اللہ جہاد کا حکم دے۔ امر سے یا تو اجازت جہاد مراد ہے یا حکم جہاد' پہلے تو مسلمانوں کو جہاد کرنا منع تھا پھر مباح کیا گیا کہ فرمایا گیا اذن للذین یقتلون بانھم ظلموا و ان اللہ علی نصرھم لقدیر پھر فرمایا گیا کہ قاتلوا الذین لا یؤمنون باللہ ولا بالیوم الاخر اور اے مسلمانو یہ بھی نہ سمجھنا کہ

marfat.com
Marfat.com

تم کمزور ہی رہو گے۔ اور وہ قوی بلکہ ان اللہ علی کل شیء قدیر اللہ ہر چیز پر قادر ہے اس میں قدرت ہے کہ کمزوروں کو زورمندوں پر غالب کردے۔

خلاصہ تفسیر : اے مسلمانوں تمام اعتراضات سے یہود کا مقصود صرف یہ ہے کہ تمہارے دل میں اسلام کی طرف سے شبہات پڑ جائیں۔ جس سے تم مومن ہونے کے بعد' کافر اور ایماندار ہونے کے بعد بے ایمان بن جاؤ اور ان کی یہ حرکتیں صرف اس جلن سے ہیں کہ تم کو ایمان جیسی دولت کیوں مل گئی اور وہ اس سے کیوں محروم رہ گئے ورنہ وہ خود جانتے ہیں کہ اسلام سچا ہے اور وہ جھوٹے مگر ان کی ان بیہودہ حرکتوں سے طیش میں نہ آجانا اور ان سے جنگ نہ کر بیٹھنا بلکہ اس وقت تک درگزر اور چشم پوشی کئے جانا جب تک کہ جہاد کی اجازت یا اس کا حکم رب کی طرف سے نہ آجائے اور اس تاخیر سے یہ مت سمجھ بیٹھنا کہ ہم فی الحال تمہاری مدد سے عاجز ہیں نہیں اللہ تو ہر وقت ہر چیز پر قادر ہے وہ ابابیل سے فیل مروا دیتا ہے بلکہ اس تاخیر میں یہ حکمت ہے کہ اگر تم ابھی سے جہاد شروع کردو گے تو لوگ بدگمانی کریں گے کہ اسلام خونی دین ہے۔ اور مسلمان بداخلاق اور خونخوار کہ ہر ایک سے لڑتے رہتے ہیں محبت اور صلح سے کسی کو اپنی طرف مائل نہیں کر سکتے اس آیت سے پتہ یہ لگا کہ کفار بڑے سے بڑے مسلمان سے غافل نہیں انہیں بہکانے کی تدبیریں کرتے رہتے ہیں لہٰذا مسلمان کو کبھی ان سے بے فکر نہ ہونا چاہئے جب تک کھیت کٹ کر گھر میں نہ آجائے تب تک کسان بے فکر نہیں ہوتا یونہی جب تک ایمان پر خاتمہ نصیب نہ ہو جائے تب تک مومن بے فکر نہیں ہوتا' آدم علیہ السلام معصوم تھے جنت جگہ محفوظ مگر وہاں بھی شیطان دشمن نے داؤ مار دیا۔ خیال رہے کہ معافی اور درگزر کی ساری آیتیں آیات جہاد سے منسوخ ہیں۔ تفسیر کبیر نے اس جگہ فرمایا کہ بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ آیت قاتلوا الذین لا یؤمنون باللہ سے منسوخ ہے اور امام باقر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ السلام نے اس وقت تک جہاد کا حکم نہ دیا جب تک حضرت جبریل یہ آیت لے کر نہ آئے۔ اذن للذین یقاتلون الا یۃ اس آیت پر حضرت جبریل نے حضور علیہ السلام کو تلوار پہنائی اور سب سے پہلے عبداللہ ابن جحش اور ان کے ساتھیوں نے بطن نخلہ میں جہاد کیا۔ پھر بخاری کی روایت پر حضور علیہ السلام نے پہلا جہاد ابوا' پھر لواط' پھر اشیرا' پھر جنگ بدر فرمائی۔ تفسیر کبیر و دیگر کتب سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور کا پہلا جہاد جنگ بدر ہے۔ یہ دونوں روایتیں صحیح ہیں یعنی باقاعدہ پہلی جنگ' جنگ بدر ہوئی اس سے پہلے ابوا لواط وغیرہ معمولی جھڑپیں تھیں۔ حضور علیہ السلام نے کل انیس غزوے فرمائے۔ خیال رہے کہ یہ آیت جہاد کی آیات سے منسوخ ہے کیونکہ ان کا نزول غزوۂ احد کے بعد ہوا ہے جبکہ جہاد کا حکم آچکا تھا بلکہ واقعہ یہ تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مدینہ کے یہود سے اس شرط پر صلح کرلی تھی کہ وہ غیر جانبدار رہیں' ہمارے دشمنوں کی ہمارے مقابل مدد نہ کریں۔ جب یہود نو مسلموں کو خفیہ طور پر بہکانے لگے' فرمایا' اس بہکانے پر ان سے جہاد نہ کرو اور اپنی شرط صلح نہ توڑو بلکہ ان کے یہ قصور معاف کرو' جب اللہ اپنا حکم لاوے کہ ان کی طرف سے بدعہدی ظاہر ہو تب انہیں قتل بھی کرنا اور شہر بدر بھی چنانچہ غزوۂ خندق میں یہود نے کھلم کھلا کفار مکہ کی مدد مسلمانوں کے مقابل کی تب بنی نضیر کو تو جلاوطن کیا گیا اور بنی قریظہ کو قتل' اور مدینہ میں سارے مسلمان ہی رہ گئے اس صورت میں آیت پر یہ اعتراض نہیں کہ جہاد کا حکم تو پہلے آچکا تھا' اب معافی کا حکم کیسا۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: کفار مسلمانوں سے کبھی راضی نہیں ہوسکتے ان کے

marfat.com
Marfat.com

اتفاق کی صرف دو ہی صورتیں ہیں یا تو وہ مومن ہو جائیں۔ یا معاذ اللہ مسلمان مرتد کیونکہ ایمان نور ہے اور کفر تاریکی ایمان دن ہے اور کفر رات جو مومن اور کافر میں اتفاق کی کوشش کرتا ہے وہ فطرت اور قدرت سے مقابلہ کرتا ہے اسے کبھی کامیابی حاصل نہ ہوگی اور اس کا بارہا تجربہ ہو چکا مسلمانوں رواداری کا گیت نہ گاؤ اپنے میں خودداری پیدا کرو۔ دوسرا فائدہ: حسد بہت برا عیب ہے۔ حدیث پاک میں ارشاد ہوا کہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جیسے آگ خشک لکڑی کو۔ دوسری روایت میں ہے کہ حاسد در حقیقت حق تعالیٰ کی نعمتوں کے دشمن ہیں۔ (تفسیر عزیزی) اس تفسیر عزیزی میں یہ بھی ہے کہ چھ گروہ دوزخ میں بے حساب جائیں گے۔ (1) امیر لوگ ظلم کی وجہ سے (2) اہل عرب تعصب اور حمیت کے سبب۔ (3) گاؤں والے تکبر اور غرور کی وجہ سے (4) بیوپاری خیانت کی وجہ سے۔ (5) جنگلی لوگ جہالت کی وجہ سے۔ (6) عام لوگ حسد کی وجہ سے روایت ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے کسی ایک شخص کو عرش کے سایہ میں دیکھا۔ عرض کیا مولیٰ اس کو یہ درجہ کس عمل سے حاصل ہوا۔ ارشاد الٰہی ہوا کہ تین عملوں سے ایک یہ کہ یہ کسی پر حسد نہ کرتا تھا۔ دوسرے یہ کہ اپنے ماں باپ کا فرمانبردار تھا۔ تیسرے یہ کہ چغلخوری سے محفوظ تھا فضل ابن مہلب فرماتے ہیں کہ تکبر سے بچو کہ شیطان اسی سے ہمیشہ کا لعنتی ہوا۔ ابی و استکبر حرص اور طمع سے بچو کہ اسی نے آدم علیہ السلام کو جنت سے باہر کیا۔ حسد سے دور رہو کہ حسد ہی سے قابیل نے ہابیل کو قتل کیا اور حسد ہی سے برادران یوسف نے یوسف علیہ السلام پر اتنی زیادتی کر ڈالی۔ حسد کے درجے: حسد کے چار درجے ہیں۔ پہلا یہ ہے کہ حاسد دوسروں کی نعمت کا زوال چاہے کہ خواہ مجھے نہ ملے مگر اس کے پاس سے جاتی رہے اس قسم کا حسد مسلمانوں پر گناہ کبیرہ ہے۔ اور کافر فاسق کے حق میں جائز مثلاً کوئی مالدار اپنے مال سے کفر یا ظلم کر رہا ہے اس کے مال کی اس لئے بربادی چاہنا کہ دنیا کفر و ظلم سے بچے جائز ہے۔ دوسرا درجہ یہ ہے کہ حاسد دوسرے کی نعمت خود لینا چاہے کہ فلاں کا باغ یا اس کی جائید او میرے پاس آ جائے یا اس کی ریاست کا میں مالک ہوں یہ حسد بھی مسلمانوں کے حق میں حرام ہے تیسرا درجہ یہ ہے کہ حاسد اس نعمت کے حاصل کرنے سے خود تو عاجز ہے اس لئے آرزو کرتا ہے کہ دوسروں کے پاس بھی نہ رہے تاکہ وہ مجھ سے بڑھ نہ جائے یہ بھی منع ہے۔ چوتھا مرتبہ یہ ہے کہ وہ تمنا کرے کہ یہ نعمت اوروں کے پاس بھی رہے مجھے مل جائے یعنی اوروں کا زوال نہیں چاہتا اپنی ترقی کا خواہش مند ہے اسے غبطہ یا تنافس کہتے ہیں یہ دنیوی باتوں میں منع اور دینی باتوں میں اچھا اور کبھی واجب بھی ہے رب فرماتا ہے۔ و فی ذلک فلیتنافس المتنافسون حدیث شریف میں ہے کہ دو شخصوں پر حسد یعنی غبطہ جائز ہے۔ ایک وہ عالم دین جو اپنے علم سے لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہو۔ دوسرا وہ سخی مالدار جس کے مال سے فیض جاری ہو۔ حسد کے اسباب: حسد کے کل سات سبب ہیں۔ پہلا سبب عداوت اور بغض ہے جس سے کسی کو ایذاء پہنچ جائے پہلے تو وہ بدلہ لینے کی کوشش کرتا ہے اور مجبور ہو کر چاہتا ہے کہ اس پر غیبی مار پڑے اس کی مصیبت سے خوش اور آرام سے ناخوش ہوتا ہے۔ ان تمسکم حسنۃ تسؤھم دوسرا سبب تکبر کہ حاسد اپنی بڑائی کا خواہش مند ہے۔ لولا نزل ھذا القراٰن علی رجل من القریتین عظیم یہ اسی قسم کا حسد تھا۔ تیسرا سبب سرداری کی خواہش ہے کہ حاسد چاہتا ہے کہ سب میرے حاجت مند ہوں اور میں سب کا آقا کہلاؤں اس لئے وہ سب کو غریب دیکھنا چاہتا ہے۔ چوتھا سبب عجب اور بڑائی ہے حاسد دوسرے کو نعمت کا نااہل سمجھتا ہے اس لئے چاہتا ہے کہ اس کے پاس نہ رہے رب فرماتا ہے۔ اوعجبتم ان جاء کم ذکر من ربکم علی رجل منکم (الخ)

marfat.com
Marfat.com

پانچواں: سبب یہ ہے کہ حاسد دوسروں کے کمال میں اپنا زوال سمجھے کہ اگر وہ کامیاب ہو گئے تو میں ناکام ہو جاؤں گا جیسے کہ پیشہ ور اپنے ہم پیشہ سے اسی قسم کا حسد رکھتے ہیں۔ تاجر طبیب واعظ اپنے ہم جنس کی ترقی سے ناراض ہوتے ہیں۔ چھٹا: سبب حب حکومت ہے کہ حاسد چاہتے ہیں کہ میں اپنے کمال میں بے نظیر رہوں کہ میرے برابر کوئی دوسرا نہ نکلے۔ ساتواں: سبب حاسد کی کم ظرفی اور کمینہ پن ہے کہ اس سے کسی کا عیش دیکھا نہیں جاتا یہ حسد سب حسدوں سے بد تر ہے۔ اللہ پاک ہر قسم کے حسد سے محفوظ رکھے یہود کو مسلمانوں سے کئی قسم کے حسد تھے۔

حسد کا علاج: خیال رہے کہ حسد ایک عالمگیر مرض ہے جس سے بہت کم لوگ خالی ہیں اس لئے اس کا علاج بہت ضروری ہے اس کی صرف دو ہی علاج ہیں ایک علمی علاج دوسرا عملی علاج۔ علمی علاج یہ ہے کہ یہ حاسد یہ عقیدہ رکھے کہ ہر ایک چیز تقدیر سے ہی ہوتی ہے اور میں حسد کر کے اپنی بد نصیبی اور دوسروں کی نیک بختی کو بدل نہیں سکتا اور یہ بھی جانے کہ حسد ایمان کی آنکھ کا تنکا اور خاک ہے جیسے کہ دماغ کی آنکھ ان چیزوں سے گدلی ہو جاتی ہے۔ ایسے ہی حاسد کا ایمان بلکہ اس کے دین و دنیا حسد سے مکدر ہو جاتے ہیں کہ دنیا میں رنج اور آخرت میں عذاب کے سوا کچھ نہیں ملتا۔(2) عملی علاج یہ ہے کہ حاسد محسود کے ساتھ طبیعت کے خلاف برتاؤ کرے مثلاً اگر دل چاہتا ہے کہ محسود کی غیبت کرو تو فوراً اس کی تعریف کرنے لگ جائے یا اگر نفس کہتا ہے کہ محسود کے سامنے اکڑ کر بیٹھوں تو فوراً اس کے سامنے عاجزی و نرمی کرے اگر دل یہ کہتا ہے کہ اس سے نفرت کروں تو بے تکلف اس سے محبت کرے انشاء اللہ ان علاجوں سے بہت فائدہ ہو گا۔ اور یہ بھی خیال رہے کہ بے اختیاری نفرت یا محبت کی اللہ کے یہاں پکڑ نہیں (تفسیر کبیر و عزیزی)۔ نیز حسد کے علاج کے لئے کتب تصوف خصوصاً امام غزالی کی کتابیں جیسے احیاء العلوم وغیرہ کا مطالعہ کرو۔ تیسرا فائدہ: رب کے کام نہایت آہستگی سے ہوتے ہیں ہم کو بھی چاہئے کہ ہر کام میں جلدی نہ کریں۔ خود ہم میں حاسد و محسود موجود ہے۔ نفس امارہ حاسد اور دل محسود۔ نفس کی ہمیشہ یہ کوشش ہے کہ دل کو نیک راہ سے ہٹا کر بری راہ پر لگا دے کیونکہ قیامت میں ثواب دل کو ملے گا اور امارہ نفس تو وہاں فنا کر دیا جائے گا۔ نفس تو صرف اسی دنیا میں آرام یا تکلیف اٹھا رہا ہے۔

اعتراض: پہلا اعتراض: اس آیت کو منسوخ کہنا غلط ہے کیونکہ یہاں خود معافی اور درگزر کی حد بتا دی گئی ہے۔ کہ حتی یاتی اللہ بامرہ جیسے روزے کی حد ہے الی اللیل نہ روزہ رات سے منسوخ ہے اور نہ یہ احکام آیت جہاد سے۔ جواب: غیر معین ناسخ ہوتی ہے اور معین حد ناسخ نہیں بلکہ انتہا روزے کی حرارت ہے جو سب کو معلوم ہے۔ مگر معافی اور درگزر کی حد حکم جہاد ہے۔ جس کی خبر نہیں کہ کب آئے گا۔ (تفسیر کبیر)۔ لہذا روزہ غیر منسوخ اور یہ احکام منسوخ یہ فرق خیال میں رکھو۔ دوسرا اعتراض: اس آیت کے نزول کے وقت مسلمان کمزور اور کفار طاقتور تھے اور کمزور کا بدلہ نہ لے سکنا معافی نہیں کہلاتا معافی تو یہ ہے کہ انسان بدلہ لینے پر قادر ہو پھر چھوڑ دے لہذا یہاں فاعفوا کیوں فرمایا گیا جواب: اگرچہ اس وقت مسلمان اجتماعی حملہ یعنی لشکر کشی پر قادر نہ تھے مگر انفرادی حملہ کا بہت موقعہ تھا کہ گلی کوچوں میں جہاں کافر کو پاتے ٹھکانے لگا دیتے اس آیت میں اس سے بھی روکا گیا۔ تفسیر صوفیانہ: مشہور یہ ہے کہ دنیا میں گوشت کے بہت سے دشمن ہیں پرندے درندے چرندے دریائی جانور سب ہی اس کے تاک میں رہتے ہیں گوشت کی بوٹی پر ہوا سے چیل کوے گدھ وغیرہ گرتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

اور زمین کے کتے' بلی شیر' چیتا حملہ کرتے ہیں۔ ضرورت ہے کہ اس کی بہت حفاظت کی جائے ورنہ بعد میں کف افسوس ملنا ہو گا۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ ایمان کے بیرونی اور اندرونی بہت دشمن ہیں۔ شیطان' ہمزاد شیطان' انسان نما شیطان یعنی کفار اور حاسدین نفس امارہ دنیا کی دلکش چیزیں سبھی ایمان کی تاک میں ہیں مگر ایمان کی حفاظت کی بیمہ کمپنی بھی ہے جو اللہ کے فضل سے اس دولت کو منزل مقصود تک پہنچانے کا ٹھیکہ لیتی ہے اس کمپنی کا ہیڈ کوارٹر مدینہ منورہ میں ہے اور اس کی شاخیں بغداد اور اجمیر اور پیران کلیر وغیرہ میں کھلی ہوئی ہیں اور اس کی برانچ شاخیں تقریباً" ہر جگہ ہیں اور اس کے دلال ہر جگہ پھر رہے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ ہر چالیس متقی مسلمانوں میں ایک ولی اللہ ہوتا ہے۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ نقد عقیدت دے کر اپنے ایمانوں کا بیمہ کرالیں قلب کا پتہ ہر وقت ہواؤں کے خطرے میں ہے۔ چاہیئے کہ کسی پتھر کے نیچے آجائے۔ شعر

الٹے ہی پاؤں پھیرے دیکھ کے طغرا تیرا دل پہ کندہ ہو تیرا نام کہ وہ زور رجیم

| |
|---|
| وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا |
| اور قائم رکھو تم نماز کو اور دو تم زکوٰۃ اور جو کچھ آگے بھیجو گے |
| اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو اور اپنی جانوں کے لئے |
| لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا |
| واسطے جانوں اپنی کے کوئی بھلائی پاؤ گے تم اس کو نزدیک اللہ کے تحقیق |
| جو بھلائی آگے بھیجو گے اسے اللہ کے یہاں پاؤ گے بے شک اللہ |
| تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ |
| اللہ اس کو جو تم کرتے ہو دیکھنے والا ہے۔ |
| تمہارے کام دیکھ رہا ہے۔ |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح کا تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیت میں مسلمانوں کو بتایا گیا کہ تمہارے ایمان کے چھیننے والے بہت سے دشمن ہیں۔ اب ان کو حفاظت ایمان کا طریقہ بتایا جا رہا ہے تم نماز زکوٰۃ وغیرہ نیک اعمال سے ان کی حفاظت کرو۔ دوسرا تعلق: پہلے مسلمانوں کو ضبط اور تحمل کا حکم دیا گیا جو کہ ان پر بہت شاق تھا۔ اب نماز روزہ کا حکم دیا جا رہا ہے جس سے ان کے دلوں کو برداشت کی طاقت پیدا ہو۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں مسلمانوں کو جہاد کفار سے روکا گیا۔ اب انہیں جہاد نفس کا حکم دیا گیا کہ ابھی اس جہاد کا تو حکم نہیں اپنے نفس سے نماز روزے کے ہتھیار سے جہاد کرو۔ چوتھا تعلق: پچھلی آیت میں مسلمانوں کو کفار کی اصلاح کا طریقہ بتایا گیا کہ معافی اور درگزر سے ان کی اصلاح کرو۔ اب اپنے نفس کی اصلاح کا

marfat.com
Marfat.com

طریقہ سکھایا کہ نماز روزے سے اس کو درست کرو۔ **پانچواں تعلق:** پہلے کفار کی سختیاں جھیلنے کا حکم تھا اب نماز، زکوٰۃ کی پابندیاں برداشت کرنے کا فرمان ہے۔

**تفسیر: واقیموا الصلوۃ** یہ فاعفوا پر معطوف ہے یعنی ان بے دینوں سے منہ پھیر لو اور نماز کی طرف متوجہ ہو کر اسے ہمیشہ قائم رکھو قائم رکھنے کے معنے بارہا بیان کئے جا چکے ہیں کہ اچھی طرح پڑھو یا ہمیشہ پڑھو یا اس کے مستحبات وغیرہ کا لحاظ کر کے پڑھو اور صلوٰۃ سے مراد غالباً فرض، واجب نمازیں ہیں کہ انہیں کے قائم رکھنے کا حکم ہوتا ہے۔ **واتوا الزکوۃ** چونکہ نماز عبادت بدنی ہے اور زکوٰۃ عبادت مالی اور مالی عبادت بدنی کے بعد ہے۔ اس لئے زکوٰۃ کا ذکر نماز کے بعد ہوا اور اے مسلمانوں صرف فرائض و واجبات پر ہی قناعت نہ کرنا بلکہ نوافل اور مستحبات بھی ادا کرتے رہنا۔ کیونکہ **وما تقدموا لا نفسکم من خیر** اپنے لئے جو بھلائی آگے بھیج لوگے بہتر۔ خیر ہر بھلائی کو شامل ہے یعنی نماز روزہ زکوٰۃ اچھے معاملات تلاوت قرآن درود پاک اور کلمہ طیبہ وغیرہ۔ مگر چونکہ نماز زکوٰۃ سب میں بہتر تھیں۔ اس لئے ان کو علیحدہ ذکر کیا ہے۔ یعنے اے مسلمانو! تم اپنے نفع کے لئے جو بھلائی کرو گے **تجدوہ عند اللہ** اسے اللہ کے نزدیک محفوظ پاؤ گے یا تو اس کا ثواب پانا مراد ہے یا خود ان اعمال کا ہی پانا جیسے کہ روایت میں ہے کہ قیامت میں اچھے اعمال اچھی شکل میں سامنے آئیں گے عند اللہ فرما کر بتا دیا دنیا میں جزا پانے کی طمع نہ رکھو اگر دنیوی مصیبت آجائے تو اس سے بددل نہ ہو جاؤ کیونکہ جزا کی جگہ تو آخرت ہے نیز جو یہاں کچھ آرام اور عیش پائے اس کی اخروی جزا میں کوئی کمی نہ ہو گی۔ یہ تو اللہ کے فضل سے تنخواہ کے علاوہ راستہ کا بھتہ ہے۔ یہ بھی خیال رہے کہ **تجدوہ** سے یہ مراد نہیں ہے کہ جتنا کرو گے اتنا ہی پاؤ گے روایت میں تو یہ آتا ہے کہ معمولی صدقات پہاڑ کے برابر ہو کر ملیں گے۔

جب دنیوی بادشاہ اپنے نوکروں کے فنڈ کا روپیہ بڑھا کر دیتے ہیں تو وہ احکم الحاکمین نہ معلوم کتنا بڑھا کر دے گا اور یہ مت سمجھنا کہ معمولی نیکیاں حقیر سی چیز ہیں نہ معلوم وہ اتنے بڑے دربار میں شمار آئیں یا نہ آئیں۔ نہیں وہاں تو ذرہ ذرہ کی جزاء ملے گی کیونکہ **ان اللہ بما تعملون بصیر** حق تعالیٰ تمہارے چھوٹے بڑے ادنیٰ اعلیٰ اعمال کو دیکھ رہا ہے اور ان سے خبردار ہے یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ مسلمانوں یہ نہ سمجھنا کہ نیکیاں تو وہاں ملیں گی اور بدیاں ضائع ہو جائیں گی نہیں حق تعالیٰ تمہارے ہر قسم کے نیک و بد اعمال دیکھ رہا ہے۔ ہر ایک کی جزاء سزا دے گا۔ اس صورت میں یہ آیت ترغیب کی بھی ہے اور ترہیب یعنی ڈرانے کی بھی۔ **خلاصہ تفسیر:** اے مسلمانو! تم بہکانے والوں کی طرف توجہ نہ کرو اور فی الحال ان سے بدلہ لینے کی کوشش نہ کرو۔ کسی کے بہکانے میں نہ آؤ۔ بلکہ ابھی خود ایمان پر ثابت قدم رہ کر عالم آخرت کے لئے جہاں تم کو ہمیشہ رہنا ہے۔ تیاری کرو بدنی عبادتوں میں سب سے اعلیٰ نماز ہے اس کو پابندی سے ادا کرتے رہو اور مالی عبادت یعنی زکوٰۃ وغیرہ سے بھی غافل نہ رہو۔ نماز زکوٰۃ کے علاوہ بھی جو ہو سکے نیکی کر لو۔ خلق سے بھلائی اپنے اور بیگانے کے ساتھ نیک سلوک سے پیش آؤ۔ یقین رکھو کہ تمہارا کوئی کام ضائع نہ جائے گا۔ تم اپنے سارے اعمال کا بدلہ مع نفع کے رب تعالیٰ کے پاس پاؤ گے یا خود اعمال ہی کو وہاں دیکھو گے۔

کیونکہ سارے اعمال عالم امثال میں موجود رہتے ہیں جن کو مرنے کے بعد ہر شخص ضرور پائے گا اور یہ بھی یقین رکھو کہ خدا تعالیٰ سب کچھ دیکھ رہا ہے وہ کسی کے عمل اور اس کی سزا و جزا سے غافل نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: نماز زکوٰۃ سے افضل ہے اسی لئے نماز کو اس سے پہلے بیان فرمایا اور نماز کے لئے اقیموا یعنی ہمیشہ قائم رکھو اور زکوٰۃ کے لئے اتوا یعنی دے دو کہا۔(1) نماز بدنی عبادت ہے اور زکوٰۃ مالی اور بدن مال سے افضل ہے تو اس کی عبادت بھی افضل۔(2) نماز امیر غریب سب پر فرض اور زکوٰۃ صرف امیروں پر لہٰذا اس کا نفع عام۔(3) نماز میں ہر عضو کام کرتا ہے۔ زکوٰۃ دینے میں صرف ہاتھ۔(4) نماز روزانہ پانچ بار ادا ہوتی ہے اور زکوٰۃ سال بھر میں ایک بار۔(5) نماز براہ راست حق تعالیٰ سے تعلق رکھتی ہے اور زکوٰۃ بذریعہ فقیر۔(6) نماز معراج میں حضور علیہ السلام کو عرش پر بلا کردی گئی' زکوٰۃ کے احکام یہاں ہی بھیج دیئے گئے۔(7) نماز میں رب تعالیٰ سے ہم کلامی ہے اور زکوٰۃ میں فقیر سے وغیرہ وغیرہ۔
دوسرا فائدہ: انسان صرف نماز' زکوٰۃ پر ہی قناعت نہ کرے بلکہ جس بھلائی کا موقعہ مل جائے اسے کر گزرے معمولی نیکی اس ایک گھونٹ پانی کی طرح ہے جو کبھی پیاسے کی جان بچالیتا ہے اور معمولی گناہ اس چنگاری کی طرح ہے جو کبھی گھر جلا دیتی ہے۔
تیسرا فائدہ: اس عالم کے سوا ایک دوسرا عالم بھی ہے جسے عالم المثال کہتے ہیں یہاں تو اعمال اور اعراض کی کوئی شکل نہیں۔ لیکن وہاں ہر چیز کی شکل اور اس کا وزن ہے وہاں بخیل کا مال گنجے سانپ کی شکل میں اور قرآن و رمضان وغیرہ اچھی شکل میں سامنے آئیں گے۔ چوتھا فائدہ: دنیا میں حکام اور بادشاہ بڑے لوگوں سے باخبر اور چھوٹوں سے بے خبر رہتے ہیں۔ نیز اپنی رعایا کے بڑے اعمال کی طرف متوجہ رہتے ہیں اور چھوٹے اعمال سے بے پرواہ مگر رب تعالیٰ کی نظر کرم ہر چھوٹی بڑی مخلوق پر اور ان کے ہر اعلیٰ و ادنیٰ اعمال پر ہے۔

اعتراض : پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ انسان اپنی ہر نیکی کو وہاں پائے گا اور دوسری آیت میں معلوم ہوتا ہے کہ بعض گناہوں سے نیکیاں' برباد بھی ہو جاتی ہیں۔ ان تحبط اعمالکم ان آیتوں میں مطابقت کیونکر ہو۔ جواب: اس کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ یہاں فرمایا گیا وما تقدموا تم جو بھلائی آگے بھیج دو گے اسے پاؤ گے اور وہی بھلائی آگے جاتی ہے جو شرائط ادا اور شرائط قبول کے ساتھ ہو اور پھر اس پر کوئی برباد کرنے والی آفت بھی نہ پہنچ جائے۔ لہٰذا جو نیکیاں خلاف قاعدہ کی گئی یا جو یہاں ہی برباد ہو گئیں وہ آگے گئی ہی نہیں انہیں پائیں گے کیسے۔ دوسرے یہ کہ انسان اپنی ہر بھلائی کو وہاں دیکھ تو لے گا مگر ثواب اس کا ہی پائے گا جو بربادی سے بچ رہی۔ کافر مردہ بھی قبر میں جنت دیکھتا ہے مگر اس سے محروم یہاں فرمایا گیا۔ تجدوہ جو سب کو شامل ہے۔ دوسرا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ خدا تعالیٰ ہمارے انہیں کاموں کو دیکھتا ہے جو ہم کرتے ہیں۔ یعنی ہمارے کرنے سے پہلے وہ بے خبر ہوتا ہے۔ کیونکہ فرمایا گیا بما تعملون بصیر اور یہ عیب ہے۔ ادھر ہر صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ اللہ والے تو لوگوں کی پیدائش سے صدہا سال پہلے ان کو اور ان کے اعمال کو دیکھتے ہیں۔

بلکہ قبل از زادن تو سال ہا      مرترا بیند بچندیں حال را

تو کیا اولیاء اللہ کا علم خدا کے علم سے زائد ہے۔ جواب: ۔حق تعالیٰ ہمیشہ سے سننے اور دیکھنے والا ہے مگر دنیا کی ہستی سے پہلے اس کا دیکھنا اور قسم کا تھا اور اس کی ہستی کے بعد دوسری قسم کا بلا تشبیہ یوں سمجھو کہ ہم عمارت بنانے سے پہلے اس کا سارا نقشہ اپنے ذہن میں لے لیتے ہیں اور پھر اسے کاغذ پر مکمل طور پر کھینچ کر معمار کو بتا دیتے ہیں جس کے مطابق عمارت بنتی ہے تو ہم کو اس عمارت کا تین طرح علم حاصل ہوا۔ ایک خیالی خاکہ کا دوسرے کاغذ پر نقشہ کا۔ تیسرے بن چکنے کے بعد خود اس عمارت کا

marfat.com
Marfat.com

علم ظہور تو بن چکنے کے بعد ہوا۔ مگر دوسری قسم کا علم اس سے پہلے بھی تھا۔ رب تعالیٰ ہر چیز کو ہمیشہ سے جانتا اور دیکھتا ہے پھر اس نے علم کے مطابق لوح محفوظ میں عالم اور اس کے واقعات کا نقشہ کھینچا۔ فرشتوں نے اسی کے مطابق دنیاوی انتظامات کئے اور پھر اسی عالم بن جانے کے بعد بھی اس کو جانا اور دیکھا مگر یہ علم ظہور ہے اور وہ قبل ظہور یہاں کا جاننا دیکھنا مراد ہے۔ **تیسرا اعتراض:** جب حق تعالیٰ ہمارے اعمال کو خود ہی دیکھتا اور جانتا ہے تو فرشتوں سے کیوں لکھواتا ہے۔ (آریہ) **جواب:** فیصلے کے لئے کیونکہ فیصلہ حاکم کے ذاتی علم پر نہیں بلکہ قانون کے مطابق ہوتا ہے۔ قانون قدرت یہ ہے کہ بندوں کا فیصلہ خفیہ پولیس کی رپورٹ اور خود ملزم کے اعضاء کی گواہی پر ہو۔ یہ سب کچھ اسی لئے ہے۔

**تفسیر صوفیانہ:** دنیا انسان کے لئے کمانے کی جگہ ہے جو کچھ یہاں کما کر اپنے وطن بھیج دے گا وہ وہاں پہنچ کر اس کے کام آئے گا۔ البتہ یہاں تو بھیجا ہوا روپیہ کبھی مارا بھی جاتا ہے اور کبھی وطن پر پہنچ کر برباد ہو جاتا ہے لیکن وہاں کے متعلق فیصلہ ربانی ہے کہ نہ مارا جائے اور نہ برباد ہو جب انسان مرتا ہے لوگ کہتے ہیں فلاں نے کیا چھوڑا اور ملائکہ پوچھتے ہیں کہ وہاں سے کیا لایا۔ ایک دن عمر رضی اللہ عنہ بقیع یعنی مدینہ پاک کے قبرستان میں تشریف لے گئے اور فرمایا کہ اے قبروں والو ہماری خبریں سن لو۔ تمہاری بیویوں نے دوسروں سے نکاح کر لیا اور تمہارے گھر اوروں سے آباد ہو گئے اور تمہارے مال تقسیم ہو چکے ایک غیبی آواز آئی کہ اے ابن خطاب ہماری خبریں بھی سن لو جو ہم نے آگے بھیجا تھا وہ پالیا اور جو کچھ راہ مولیٰ میں خرچ کر آئے تھے مع نفع کے وصول کر لیا جو کچھ چھوڑ آئے اس پر ندامت ہے۔ (روح البیان)۔ اے اللہ کے بندو جب یہ بات طے ہے کہ جو کماؤ گے سو پاؤ گے اور جو کچھ بھیجو گے اس میں سے کچھ نہ مارا جائے گا۔ لہٰذا اپنا یہ موقعہ کیوں کھوتے ہو اس آیت کے معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ جو کچھ اپنے لئے اگلی بھلائی کر جاؤ گے یعنی ایسا عمل کر جاؤ گے کہ تمہارے بعد صدقہ جاریہ ہو کر باقی رہے تو اس کا اجر مرنے کے بعد بھی اللہ کے ہاں پاتے رہو گے۔ صوفیائے کرام حدیث کے مطابق فرماتے ہیں کہ انسان کے مرتے ہی اس کے سارے عمل بند ہو جاتے ہیں سوا اس کی چار اولادوں کے ایک تو مالی اولاد جیسے مسجدیں اور پل، دوسرے اس کی علمی اولاد جیسے دینی کتاب اور شاگرد تیسرے اس کی بدنی اولاد جیسے وہ نیک بچہ جو اس کے لئے دعائے خیر کرتا ہے اور چوتھے اس کی روحانی اولاد جیسے نیک مریدین۔ شیخ سعدی رحمتہ اللہ علیہ بوستان میں فرماتے ہیں۔

ازاں کس کہ خیرے بما ند رواں     دما دم رسد رحمتش برروان
نمرد آنکہ ماند پس از وئے بجائے     پل و مسجد و خوان و مہمان سرائے
دگر رفت و آثار خیرش بجائے     نہ شائد پس مرگ الحمد خواند

بندہ گنہگار احمد یار بارگاہ کردگار میں عرض گزار ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی اس تفسیر میں اخلاص فرمائے اور اپنے فضل و کرم سے قبول فرمائے اور مصنفین مقبولین کے صدقہ میں اس کو میرے واسطے صدقہ جاریہ بنائے اور جو حضرات میرے الفاظ سے فائدہ اٹھائیں وہ میرے واسطے مغفرت و رحمت کی دعائیں مانگیں کہ میں نے اس لالچ میں یہ مشقت اٹھائی ہے اور کبھی مجھ کو اپنی دعاؤں میں یاد کر لیا کریں۔

اے کہ برما میروی دامن کشاں     از سرے اخلاص احمدے نجواں

marfat.com
Marfat.com

وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ

اور کہا انہوں نے ہرگز نہیں داخل ہوگا جنت میں مگر وہ جو ہو یہودی یا

اور اہل کتاب بولے ہرگز جنت میں نہ جائے گا مگر وہ جو یہودی یا

نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

عیسائی یہ خواہشات ہیں ان کی فرما دو لاؤ تم دلیل اپنی اگر ہو تم

نصرانی ہو یہ ان کی خیال بندیاں ہیں تم فرماؤ لاؤ تم دلیل اپنی ہو تم

صٰدِقِيْنَ ۞ بَلٰى ۗ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ

سچے ہاں جو جھکا دے چہرہ اپنا واسطے اللہ کے اور وہ بھلائی

سچے ہو ہاں کیوں نہیں جس نے اپنا منہ جھکایا اللہ کے لئے اور وہ

فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

کرنے والا ہو بس واسطے اس کے ثواب ہے اس کا پاس رب اس کے کے اور نہیں ہے ڈر

نیکوکار ہے تو اس کا نیگ اس کے رب کے پاس ہے اور انہیں نہ کچھ اندیشہ

يَحْزَنُوْنَ ۞ ع

اوپر ان کے اور نہ وہ غمگین ہونگے

ہو اور نہ کچھ غم

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: پہلے بتایا گیا تھا کہ یہود مسلمانوں کو شبہات میں ڈال کر اسلام سے علیحدہ کرنا چاہتے ہیں۔ اب بتایا جارہا ہے کہ وہ جنت کا لالچ دے کر بھی مسلمانوں کو اسلام سے پھیرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ تم کتنے بھی اعمال کرو بغیر یہودی بنے ہوئے جنت کی بو نہیں پاسکتے۔ **دوسرا تعلق**: پہلے مسلمانوں کو نیک اعمال کی رغبت دی گئی تھی۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ تم عیسائیوں اور یہودیوں کی طرح نہ ہو جانا جو کہ سمجھے بیٹھے ہیں کہ ہمیں اعمال کی ضرورت نہیں۔ **تیسرا تعلق**: پہلے فرمایا گیا تھا کہ جو کروگے وہ رب کے نزدیک پاؤگے۔ اب یہود کی بیہودگی کا ذکر ہے کہ وہ بغیر کئے بھی پانے کے امیدوار بنے بیٹھے ہیں۔

**شان نزول** : ایک بار نجران کے عیسائی اور مدینہ کے یہودی حضور علیہ السلام کی خدمت میں جمع ہو کر آپس میں مناظرہ کرنے لگے ان میں سے ہر ایک نے دوسرے کو جھوٹا کہا۔ یہودی بولے کہ جنت میں یہود کے سوا کسی کا داخلہ نہیں ہو سکتا' عیسائیوں نے جواب دیا کہ عیسائیوں کے سوا کسی کو بھی جنت نہیں مل سکتی۔ تب یہ آیت کریمہ اتری۔ (تفسیر روح البیان)۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر : **و قالوا** اس کے قائل یہودی اور عیسائی دونوں ہیں۔ اگرچہ پہلے سے یہود کا ہی ذکر آ رہا ہے لیکن یہاں ضمیر میں عیسائیوں کو بھی شامل کر لیا گیا۔ کیونکہ وہ دونوں کفر اور شیخی اور مسلمانوں کو بہکانے میں یکساں تھے۔ **لن یدخل الجنۃ** کہ جنت میں رہنا تو بہت بڑی بات ہے، کوئی وہاں داخل بھی نہ ہو گا بلکہ وہاں تک پہنچے گا بھی نہیں اگرچہ سارے پیغمبروں پر ایمان لائے اور اپنی ساری عمر عبادت الٰہی میں خرچ دے۔ **الا من کان ھودا** " سوائے اس کے جو یہودی ہو یہ یہود کا قول ہے اس لئے کہ عیسائی یہ نہ کہہ سکتے تھے یہود کا عقیدہ یہ تھا کہ ہم نیک اعمال کریں یا نہ کریں۔ بہر حال جنتی ہیں کیونکہ ہم بذریعہ اسحاق حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور ہمارے متعلق رب نے ابراہیم علیہ السلام سے جنت دینے کا وعدہ کر لیا۔ رب تعالیٰ پر اپنے وعدہ کا پورا کرنا لازم ہے۔ **ھود** جمع **ھائد** کی ہے۔ جس کے معنے ہیں توبہ کرنے والا۔ قرآن فرماتا ہے **انا ھدنا الیک** چونکہ انہوں نے بہت سخت توبہ کی تھی اس لئے ان کا یہ نام ہوا **او نصری** یہ عیسائیوں کا قول ہے کیونکہ یہودی یہ نہ کہہ سکتے تھے عیسائیوں کا عقیدہ یہ ہے کہ ہم بہر حال جنتی ہیں کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سولی ہمارے گناہوں کا کفارہ ہو چکی، نصاریٰ جمع نصران کی ہے۔ جیسے سکارے جمع سکران۔ اس کے معنے ہیں مددگار، چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں یعنے ساتھیوں نے ان سے مدد کرنے کا وعدہ کیا تھا اس لئے ان کا نام نصارے ہوا۔ یہود و نصاریٰ دونوں بڑے اچھے نام تھے لیکن اب ان کا علم بن کر رہ گئے جیسے کالے آدمی کو کہہ دیتے ہیں بھورے خاں، یہ آیت در حقیقت دو جملوں کا مختصر ہے۔ یعنے یہود تو کہتے تھے کہ یہود کے سوا جنت میں کوئی نہیں جائے گا اور عیسائی کہتے تھے کہ عیسائیوں کے سوا جنت میں کوئی داخل نہ ہو گا ان کی تردید میں ارشاد ہوتا ہے کہ **تلک امانیھم** یہ ان کی فقط خیالی باتیں ہیں **امانی** **امنیۃ** کی جمع ہے اور امنیہ اصل میں امونیۃ تھا اس کا مادہ ہے منی جس کے معنی ہیں خواہش جیسے **اعجوبۃ** کی جمع اعاجیب، اہل عرب ہر بے دلیل بات کو **تمنی** **امنیۃ** غرور اور ضلال اور احلام کہہ دیتے ہیں۔ (تفسیر روح البیان)۔ چونکہ اس کی قائل دو جماعتیں تھیں اس لئے امانی جمع بولا گیا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ **تلک** سے ان کی تمام بکواس اور برے ارادے مراد ہوں یعنی مسلمانوں کو مرتد بنانا اور ان پر کسی بھلائی کا نہ اترنا اور ان کا جنت سے محروم رہنا یہود و نصاریٰ کے غلط خیالات اور جھوٹی خواہشات ہیں ان کی تردید کے لئے فرمایا جاتا ہے کہ **قل ھاتوا برھانکم** اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یا اے مسلمانو ان دونوں قوموں سے فرما دو کہ اپنے اس دعوے پر دلیل لاؤ، **ھاتو** اور اصل اتوا تھا۔ ایتاء کا امر جس کے معنی ہیں لانا ہمزہ ھ سے بدلا اور یہ امر یا تعجب کا ہے یا عاجز کرنے کا۔ کیونکہ ان کے پاس کوئی دلیل تھی ہی نہیں **برھان**۔ برہ سے بنا ہے جس کے معنی ہیں روشن ہونا یا برھۃ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں مضبوطی، اصطلاح میں سچی اور قوی دلیل کو برہان کہتے ہیں کیونکہ اس سے دعوے مضبوط یا روشن ہوتا ہے یہاں برہان سے مراد صرف عقلی دلائل نہیں کہ یہ مسئلہ یعنی دوزخی ہونا وہاں کا مسئلہ ہے جہاں عقل کام نہیں کرتی بلکہ توراۃ کی صریح آیت یا حضرت موسیٰ کلیم اللہ کا صریحی فرمان مراد ہے جو ان تک بہ طریق تواتر پہنچا ہو۔ یعنی ان صحابہ کا جنتی ہونا قرآنی آیات اور نبی آخر الزمان کے قول سے ثابت ہے تم ان کا جنتی نہ ہونا توراۃ کی صریحی آیت سے ثابت کرو مگر اس تحریف شدہ توراۃ میں بھی کوئی ایسی آیت تم کو نہیں ملے گی۔ جس سے یہ اہم مسئلہ ثابت ہو۔ **ان کنتم صدقین** اگر تم سچے ہو، کیونکہ کوئی دعویٰ بغیر دلیل قابل قبول نہیں۔ اس مختصر سے جملے میں ان دونوں قوموں کا اجمالی اور تفصیلی رد کر دیا گیا اور جب وہ دونوں قوی تو کیا ضعیف سی دلیل بھی نہ پیش کر سکے تو فرمایا گیا **بلی**

marfat.com
Marfat.com

یہ حرف ایجاب ہے۔ جس سے منفی کا ثبوت ہوتا ہے بلکہ اس جگہ تو اس میں ثبوت اور نفی دونوں ہیں' انہوں نے کہا تھا کہ ہم جنت میں جائیں گے اور ہمارے سوا کوئی نہیں جائے گا' ان کو جواب دیا گیا کہ ہاں تم نہ جاؤ گے' بلکہ تمہارے سوا وہ لوگ جائیں من اسلم وجهه لله جنہوں نے اپنا منہ رب کے سامنے جھکا دیا اسلم اسلام سے بنا ہے۔ جس کا مادہ ہے سلم اس کے معنی ہیں ظاہری اور باطنی آفات سے بچ جانا' اسلام' سلامتی میں داخل ہونا یا کوئی چیز بلا شرکت دوسرے کو سونپ دینا' شریعت میں اسلام کی دو صورتیں ہیں' ایک تو زبان سے دینی باتوں کا اقرار کرنا' دوسرے دل سے اعتقاد۔ اور زبان سے اقرار کرنا چونکہ ایسا شخص اپنے کو عذاب سے بچالیتا ہے اور اپنی ذات اور اپنی عبادات اور اعمال کو خالص رب کے لئے قرار دیتا ہے اس لئے اس کو مسلم اور اس کے عقیدے کو اسلام کہتے ہیں یہاں اسلام کے دوسرے ہی معنی مراد ہیں یعنی عقائد اور اقرار میں درست وجهه کے لفظی معنی ہیں سامنے والی چیز اور چہرہ بھی سامنے ہی ہوتا ہے اس لئے اسے وجہ کہتے ہیں اور کبھی ذات کو یہاں تینوں معنی بن سکتے ہیں یعنے جس نے اپنی ذات یا اپنے چہرے یا اپنی توجہ کو اللہ تعالیٰ کے لئے خالص کر دیا یا جھکا دیا اور اپنے کو آفات سے بچالیا' پھر فقط اسی پر قناعت نہ کی بلکہ هو محسن اور نیکو کار بھی رہا یعنی درستی عقائد اور اقرار کے ساتھ اپنے اعمال بھی سنبھالے وہ حکمت نظری تھی اور یہ حکمت عملی کیونکہ اسلام ایک بار ہی قبول کیا جاتا ہے اور اعمال بار بار اس لئے وہاں ماضی فرمایا اور یہاں جملہ اسمیہ جس نے یہ سب کچھ کر لیا۔ فله اجره اس کو اس کا ثواب ملے گا' اجر عمل کے اس معاوضہ کو کہتے ہیں۔ جس کا پہلے سے وعدہ کر لیا جائے جیسے اجرت اور مزدوری یہاں اس سے جنت کا داخلہ مراد ہے اور اسے اجر اس لئے فرمایا کہ اس کا عمل سے قوی تعلق ہے اس کے بغیر جنت کی امید کرنا باطل خیال ہے۔ عند ربه اس اجر کے ضائع ہونے کا انشاء اللہ اندیشہ نہیں بلکہ وہ رب کے نزدیک ثابت ہو چکا ہے اور عادل بادشاہ مزدور کی اجرت نہیں روکتے اور صرف یہی نہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ ولا خوف عليهم ولا هم يحزنون قیامت کے دن یا جنت میں جاتے وقت نہ تو انہیں آئندہ کا ڈر ہو گا اور نہ پچھلی باتوں پر غم یا دنیا میں بھی انہیں' غیر خدا کا وہ خوف اور غم نہیں ہوتا جو انہیں ایمان و عمل سے روک دے اور انہیں مضر ہو۔ رب کا خوف جہنم کا ڈر' خرابی خاتمہ کا اندیشہ جو ان کے لئے مفید ہے۔ وہ ضرور ہو گا۔

خلاصہ تفسیر : اے مسلمانو! اہل کتاب تمہیں بہکانے کی بہت تدبیر کرتے ہیں' اسلام پر اعتراض کرنے اور تمہارے دلوں میں شکوک ڈالنے کے علاوہ تمہیں غلط لالچ بھی دیتے ہیں کہ یہود تو کہتے ہیں کہ ہمارے سوا جنت میں کوئی نہ جائے گا کیونکہ ہم پیغمبروں کی اولاد ہیں۔ اور عیسائی کہتے ہیں کہ ہم اکیلے ہی جنت کے ٹھیکیدار ہیں کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہم سب کی طرف سے سولی پاکر ہمارے گناہوں کا کفارہ ادا کر گئے' ہم کچھ بھی نہ کریں تو جنتی ہیں اور تم سب کچھ کرو تو بھی جنتی نہیں۔ مگر مسلمانوں یہ ان کے فاسد خیالات اور محض نفسانی خواہشات ہیں جن کا ان کے پاس کوئی ثبوت نہیں تم ان کی یوں آزمائش کرو کہ ان سے کوئی' قوی دلیل مانگو اور کہو اگر سچے ہو تو اپنی کتابوں سے ہی دلیل لاؤ' نہ وہ دلیل دے سکتے ہیں نہ دے سکیں گے' نہ تورات میں یہ ہے' نہ انجیل میں نیز یہ عقیدہ عقل کے بھی خلاف ہے کہ خداوند تعالیٰ تمام انسانوں کا رب ہے ہر قوم ہر ملک سے اس کی یکساں نسبت ہے' کوئی خاص قوم یا ملک اس کی رحمت کے حق دار نہیں بلکہ جو بھی عربی' عجمی' حبشی' چینی وغیرہ اس کے آگے اپنا سر جھکا دے اور اس کے ہر حکم کو بے چون وچرا مان لے اور نیکو کار بھی ہو' اس کا بدلہ ضرور ملے گا خدا کے پاس' جہاں اسے ہمیشہ رہنا ہے

marfat.com
Marfat.com

اور وہاں پہنچ کر نہ تو انہیں اپنے مرنے اور قرابتداروں سے چھوٹنے' بڑھاپا آنے' یا بیماریوں کے ستانے' یا تنگ دستی کے غالب آنے' یا جنت سے باہر نکالے جانے' یا دشمن' یا کسی بادشاہ کے ایذاء دینے' یا خدا کے ناراض ہونے کا ڈر ہوگا اور نہ اپنی گزشتہ عمر برباد کرنے کا غم کہ ہائے میں دن رات دولت جمع کرنے' عمدہ مکان و باغ بنانے' دنیوی عزت حاصل کرنے میں سرگرداں رہا اور غلط مذہب کی پابندی سے بڑی بڑی محنت اٹھاتا رہا' رب کی نعمتیں چھوڑیں گنگا جمنا میں غوطے لگائے گرجوں میں صلیب کو پوجا اور ان میں سے کوئی چیز ہمارے کام نہ آئی بلکہ انہیں دائمی آرام خوشی میسر ہوگی۔ فائدے: خیال رہے کہ بعض باتیں بالکل ظاہر و بدیہی ہوتی ہیں جن پر کسی دلیل کی ضرورت نہیں ہوتی' جیسے دن کے وقت سورج کی ہستی و طلوع بعض چیزیں صیغہ راز میں ہوتی ہیں۔ جنہیں نظری کہا جاتا ہے پھر یہ نظری چیزیں بعض بہت اہم ہیں۔ بعض معمولی اہم۔ دعوے کے لئے قوی دلیل چاہئے جیسے زنا' قتل کا ثبوت' معمولی دعوے کے لئے معمولی دلیل جیسے رمضان کا چاند جس میں صرف ایک کی خبر کافی ہے۔ چونکہ یہود کا دعوے تھا کہ حضرت صدیق و فاروق رضی اللہ عنہ جیسی ہستیاں جنتی نہیں بلکہ دوزخی (معاذ اللہ) ہیں تو فرمایا گیا کہ اس مسئلہ پر معمولی دلیل کافی نہیں بلکہ برہان یعنی قوی دلیل لاؤ' قرآن مبین کا فرمان تو یہ ہے کہ یہ حضرات جنتی ہیں تم کہتے ہو کہ دوزخی ہیں۔ تم قرآن سے زیادہ قوی دلیل لاؤ جس سے ان کا غیر جنتی ہونا ثابت ہو۔ اس آیت سے روافض کو عبرت پکڑنی چاہئے کہ رب نے ان یہود سے برہان مانگی جو صحابہ کے جنتی ہونے کے انکاری تھے ان کے جنتی ہونے کے براہین موجود ہیں۔

فائدے: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: عقائد اور اعمال سے کوئی بھی مستغنی نہیں نبی زادہ' پیرزادہ' سید زادہ' شاہزادہ' مولوی زادہ جو بھی بے ایمان ہو جہنمی ہے اسی طرح ان میں کسی کے لئے نماز' روزہ معاف نہیں۔ ایسے عقیدے تو یہود اور نصاریٰ کے تھے جن کی یہاں تردید کر دی گئی۔ دوسرا فائدہ: اسلام کے عقائد اور احکام پر قوی دلائل قائم ہیں۔ دیگر مذاہب ویسے ہیں اگر ہمیں اپنی کسی دلیل کی خبر نہ ہو تو ہمارا قصور ہے۔ تیسرا فائدہ: عقائد میں دلیل ضروری ہے کسی کو کشف و الہام یا تقلید کا اختیار نہیں یہاں صرف دلیل مانگی گئی' ہاں انبیاء کرام کے دیگر احکام' کہ ان کا فرمان ہی قوی دلیل ہے۔ چوتھا فائدہ: ہر مدعی کو دلیل دینا ضروری ہے۔ خواہ وہ نفی کا دعویٰ کرے یا ثبوت کا' یہود و نصاریٰ نے یہاں نفی ہی کا دعویٰ کیا تھا جس پر دلیل کا مطالبہ ہوا۔ پانچواں فائدہ: اعمال پر ایمان مقدم ہے کہ بعض صورتوں میں بغیر عمل نجات ہو سکتی ہے لیکن بغیر ایمان نجات ناممکن اور بغیر ایمان عمل بے کار لیکن عمل بغیر ایمان نہیں اس لئے یہاں اسلام کا ذکر ہوا اور احسان کا بعد میں۔ چھٹا فائدہ: تمام اعضاء میں چہرہ اشرف و افضل ہے اور ساری عبادات میں سجدہ اعلیٰ (تفسیر کبیر)۔ ساتواں فائدہ: نیک اعمال جب ہی مفید ہوں گے جب شریعت کے مطابق ہوں گے۔ اس واسطے فرمایا گیا **وھو محسن** آٹھواں فائدہ: صحابہ کا جنتی ہونا قطعی یقینی' برہانی ہے۔ رب فرماتا ہے۔ **"وکلا وعد اللہ الحسنی"** اب جو انہیں جنتی نہ مانے وہ قرآن کی صریحی آیت ان کے کفر کی پیش کرے۔ ان کے جنتی ہونے کا انکار فعل یہود ہے اور انہی دوزخی ماننے والا یہودی ہے۔ اس سے روافض عبرت پکڑیں۔ نواں فائدہ: جواز استحباب ثابت کرنے کے لئے بہت معمولی دلیل کافی کہ یہ مسئلہ معمولی ہے مگر کسی چیز کو حرام یا کسی کو کافر ثابت کرنے کے لئے بہت قوی دلیل درکار ہے۔ دیکھو یہود سے برہان مانگی گئی۔ اس سے وہابی لوگ عبرت پکڑیں جو ہم سے جواز استحباب کے لئے قرآن یا حدیث مانگتے ہیں اور خود بلا دلیل ہر بات کو حرام کہہ دیتے ہیں اور بزرگان دین کو

marfat.com
Marfat.com

جو عرس میلاد وغیرہ کے قائل ہیں انہیں مشرک قرار دیتے ہیں۔ حالانکہ شرک و کفر ثابت کرنے کو بڑی برہان کی ضرورت ہے۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** مسلمان یہ کہتے ہیں کہ ہمارے سوا کوئی جنتی نہیں' پھر یہود و نصاریٰ میں اور ان میں کیا فرق ہوا؟ **جواب:** اس کے تین جواب ہیں۔ ایک یہ کہ یہود و نصاریٰ اپنے کو اعمال اور صحیح عقائد سے بے نیاز مانتے تھے۔ مسلمانوں کا یہ عقیدہ نہیں' دوسرے یہ کہ ان کا یہ قول بلا دلیل ہے۔ جس کا ان کی کتابوں میں بھی ثبوت نہ تھا بلکہ ان کی کتابوں سے نبی آخر الزمان کی تشریف آوری اور ان کی امت کی نجات ثابت تھی اور مسلمانوں کے دعویٰ کا قرآن پاک سے ثبوت ہے ایک تو یہی آیت من اسلم پکار رہی ہے۔ دوسری آیت "ومن یبتغ غیر الاسلام دینا فلن یقبل منہ" الایتہ صاف بتا رہی ہے۔ تیسرے یہ کہ یہود و نصاریٰ نے اپنے اصلی عقائد بدل دیئے اور گھڑے ہوئے مشرکانہ عقائد کو مدار نجات سمجھ بیٹھے' مسلمان اصل قرآنی عقائد کو مدار نجات سمجھتا ہے۔ اب بھی اگر کوئی مدعی اسلام جیسے قادیانی' دیوبندی وغیرہ غلط عقائد پر نجات مانے جھوٹا ہے۔ **دوسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ اجر کے لئے ایمان و عمل دونوں ضروری ہیں' تو چاہیے کہ گنہگار مسلمان کبھی نجات نہ پائے۔ **جواب:** خالص اور یقینی اجر کے لئے بے شک اعمال بھی ضروری ہیں' گنہگار مسلمان کا اجر خالص ہونا یقینی نہیں۔ ممکن ہے کہ شفاعت وغیرہ سے معافی ہو جائے اور ممکن ہے کہ عذاب پا کر اجر ملے۔ نیز قیامت کے خوف و غم سے آزاد ہونے کے لئے بھی اعمال ضروری ہیں۔ گنہگاروں کو وہاں خوف بھی ہو گا اور غم بھی۔

**تفسیر صوفیانہ :** یہود کہتے ہیں کہ ان کی جنت یعنی جنت افعال اور جنت نفس اور عالم ملک میں وہی جائے گا جو یہودی ہو۔ اور عیسائی کہتے ہیں کہ جنت باطن یعنی جنت صفات اور جنت قلب اور عالم ملکوت میں وہی جائے گا جو عیسائی ہو۔ یہ سب ان کی خواہشات اور ان کی حدود ہیں کہ ملک و ملکوت اور نفس و قلب میں پھنس کر رب سے محجوب رہ گئے اور اس پر بھی ان کے پاس کوئی دلیل نہیں اگر سچے ہیں تو پیش کریں۔ حق یہ ہے کہ جو اپنی ذات و صفات اور عوارضات کو بالکل محو کر کے ذات خالق میں فنا کر دے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ بقاء بعد فنا میں صحیح رہے کہ اپنے اعمال میں اپنے رب کا مشاہدہ کرے اور اپنے وجود حقانی سے اس کو ہر غیب شہود ہو جائے تو اس کو ملک ملکوت بلکہ اس سے بھی اعلیٰ اجر جس سے کہ یہود و نصاریٰ محروم رہ گئے ملے گا۔ اور اس کے سوا نہ تو انہیں ذات کے حجاب اور نفس کے بقاء کا خوف ہو گا اور نہ انہیں جمال یار کے غائب ہونے کا اندیشہ۔ احسان کے تین درجے ہیں ایک احسان شرعی کہ ایسے اعمال کرنا جس پر شرعاً کوئی الزام نہ آئے۔ دوسرے احسان وصفی جس کی تفسیر یہ حدیث کرتی ہے کہ تو اللہ تعالیٰ کی ایسی عبادت کر گویا کہ تو اسے دیکھتا ہے' اگر اس پر قادر نہ ہو تو ایسی کہ وہ تجھے دیکھتا ہے' تیسرے احسان ذاتی یا احسان باطنی۔ جس کی حقیقت اس حدیث قدسی میں بیان ہوئی کہ میں اپنے ذاکر شاغل بندے کا کان' نگاہ' ہاتھ' پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا' دیکھتا' چھوتا' چلتا ہے۔ اس کی حقیقت یہ ہے کہ اس بندے کا جسم صفات الٰہی کا آئینہ بن جاتا ہے اب ان کے لئے خوف ہو تو کس سے اور غم ہو تو کس کا۔ وہ تو غم خوف کی چیزوں کو پہلے ہی سے اس آگ میں جلا چکے۔ مولانا فرماتے ہیں{

ہر کہ ترسد مرورا ایمن کنند　　مرد مے ترسندہ راسا کن کنند
آنکہ خوفش نیست چوں گوتی مترس　　درس چہ دہی نیست او محتاج درس

(تفسیر روح البیان و ابن عربی' خدایا ہم کو ان حضرات کے غلاموں میں سے بنا دے' جو مشاہدہ ذات میں دنیا و مافیہا سے بے

marfat.com
Marfat.com

خبر ہو چکے)۔

وَقَالَتِ الْيَهُودُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ۪ وَّقَالَتِ

اور کہا یہود نے نہیں ہیں عیسائی اوپر کسی چیز کے اور کہا

اور یہود بولے نصرانی کچھ نہیں اور

النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُودُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ يَتْلُونَ

عیسائیوں نے نہیں ہیں یہود اوپر کسی چیز کے حالانکہ وہ تو تلاوت کرتے

نصرانی بولے کہ یہود کچھ نہیں حالانکہ وہ کتاب پڑھتے

الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ

کتاب اسی طرح انہوں نے جو کہ نہیں جانتے مثل قول ان کے.

ہیں اسی طرح جاہلوں نے ان کی سی بات کہی تو

فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ

کے پس اللہ فیصلہ کرے گا درمیان ان کے دن قیامت کے بیچ اس کے

تو اللہ قیامت کے دن ان میں فیصلہ کر دے گا

يَخْتَلِفُونَ ۝

کہ تھے وہ بیچ اس کے اختلاف کرتے

جس بات میں جھگڑ رہے ہیں۔

**تعلق :** اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** پہلے عیسائیوں اور یہودیوں کا متفقہ دعویٰ بیان کیا گیا ہے کہ ہر ایک صرف اپنے ہی جنتی ہونے کا دعویدار ہے۔ اب ان کے آپس کا اختلاف بیان ہو رہا ہے۔ کہ ان میں سے ہر ایک بھی دوسرے کو جہنمی سمجھتے ہیں۔ **دوسرا تعلق:** پچھلی آیت میں یہود و نصاریٰ کے جھوٹے ہونے کی چند وجہیں بیان کی گئیں کہ ان کے یہ دعوے بلا دلیل ہیں وغیرہ اب ان پر الزامی دلیل قائم کی جا رہی ہے کہ وہ خود ایک دوسرے کو بے دین سمجھتے ہیں کس منہ سے مسلمانوں کے سامنے آتے ہیں۔ چونکہ جواب الزامی جواب تحقیقی کے بعد ہوتا ہے اس لئے اس مضمون کو پیچھے بیان کیا گیا۔ **تیسرا تعلق:** پچھلی آیتوں سے معلوم ہوتا تھا کہ اہل کتاب قرآن و اسلام کو جھٹلاتے تھے۔ جس سے

marfat.com
Marfat.com

مسلمانوں کو دلی صدمہ اور روحانی رنج ہوتا تھا۔ اب رب تعالیٰ نے مسلمانوں کی تسلی کے لئے فرمایا کہ تم ان کی بکواس سے غم نہ کرو ان کی تو عادت ہی ہے۔ اگر یہ تمہیں جھٹلاتے ہیں تو آپس میں ایک دوسرے کی کب رعایت کرتے ہیں۔ چوتھا تعلق: پچھلی آیت میں رب تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ جو مسلمان اور نیکوکار ہو وہ جنتی ہے' یعنے اے اہل کتاب چونکہ تم میں یہ دونوں وصف نہیں لہٰذا تم جنتی نہیں۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ وہ تم نے کہا تھا! دیکھو یہ خود اپنے منہ سے ایک دوسرے کے جہنمی ہونے کا اقرار کرکے ہماری تائید کررہے ہیں۔

**شانِ نزول :** تفسیر عزیزی و خزائن العرفان وغیرہ نے اس جگہ وہ مناظرہ بیان کیا جس کا تذکرہ ہم پہلی آیت میں کرچکے کہ نجران کے عیسائی حضور علیہ السلام کی ملاقات کے لئے حاضر ہوئے مدینہ منورہ کے یہودی بھی انہیں دیکھنے آگئے۔ رافع ابن حرملہ یہودی عالم نے عیسائیوں سے کہا کہ تم بے دین ہو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پیغمبر اور انجیل کا کلام الٰہی سمجھتے بیٹھے ہو حالانکہ نہ حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) پیغمبر اور نہ انجیل کتاب اللہ' تمہارا دین اصل سے ہی غلط ہے۔ نجرانیوں میں سے ایک نصرانی بولا کہ تم بے دین ہو کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پیغمبر اور توراۃ کو کتاب الٰہی مانے ہوئے ہو۔ حالانکہ نہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پیغمبر تھے اور نہ توراۃ آسمانی کتاب اسی پر خوب شور مچا انہوں نے ایک دوسرے کو کافر اور بے دین بتایا حضور علیہ السلام ناخوش ہوئے اور فرمایا کہ تعجب ہے کہ توراۃ و انجیل ایک دوسرے کی تصدیق کریں اور تم تکذیب حضور علیہ السلام کی تائید میں یہ آیت کریمہ اتری۔ ممکن ہے کہ اس واقعہ پر یہ دونوں ہی آیتیں آئی ہوں اور پہلی آیت میں تو ان کے دعوے کا اجمالی ذکر کیا گیا ہو۔ اور اس آیت میں تفصیلی' خیال رہے کہ یہود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت اور انجیل کی حقانیت کو نہ مانتے تھے مگر عیسائی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نبی اور توراۃ کو سچی کتاب مانتے تھے اس لئے یہود کا انکار تو اپنے عقیدے کی وجہ سے تھا۔ لیکن عیسائیوں کا انکار محض ضد اور ہٹ دھرمی سے کہ اگر تم ہمارے نبی کو نہیں مانتے تو ہم بھی تمہارے نبی کو نہیں مانتے جیسے بعض سنی شیعوں سے مناظرہ کرتے وقت کہہ دیں کہ اگر تم صحابہ کو نہیں مانتے تو ہم بھی اہل بیت کو نہیں مانتے' یا بعض جاہل مسلمان عیسائیوں کے مناظرہ میں کہہ دیں کہ اگر تم ہمارے نبی کو نہیں مانتے تو ہم بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نہیں مانتے۔

**تفسیر :** **و قالت الیھود** اس سے یا تو وہ علمائے یہود مراد ہیں جو اس مجلس میں موجود تھے۔ اور قول سے زبانی قول اور یا یہود سے عوام یہودی اور قول سے اعتقاد مراد' یعنی ان علمائے یہود نے دعویٰ کیا یا عام یہود نے یہ اعتقاد رکھا کہ **لیست النصریٰ علی شیء** کہ عیسائی کسی چیز پر نہیں' یا تو شیء سے مراد سچا دین مراد ہے یا عام چیز یعنی عیسائی سچے دین پر نہیں یا ان کی کوئی بات صحیح نہیں۔ اس کے جواب میں **و قالت النصریٰ** عیسائی بولے یہاں بھی وہی دو احتمال ہیں کہ ان نصرانی عالموں نے یہ دعویٰ کیا یا عام عیسائیوں نے یہ عقیدہ رکھا کہ **لیست الیھود علی شیء** یہود سچے دین پر نہیں یا یہود کی کوئی بات سچی نہیں' خیال رہے کہ یہودی نہ عیسیٰ علیہ السلام کو پیغمبر مانتے ہیں اور نہ انجیل کو آسمانی کتاب اور عیسائی حضرت موسیٰ علیہ السلام اور توراۃ کو صحیح تو مانتے ہیں مگر کہتے ہیں ان کی نبوت اور توراۃ دونوں منسوخ ہوچکیں۔ لہٰذا یہود کا تو یہ مطلب تھا کہ عیسائیوں کی اصل بنیاد کہ انجیل ہی غلط ہے اور عیسائی یہ دعوے کرتے تھے کہ یہودیوں کی کتاب کبھی قابل عمل تھی۔ لیکن اب اس کو ماننا حماقت ہے۔ ان دونوں کا کلام تو یکساں ہے مگر مطلب جداگانہ۔ خیال رہے کہ آسمانی کتاب کا ماننا اور ہے اس پر عمل کرنا کچھ اور عیسائیوں نے کہا تھا

marfat.com
Marfat.com

کہ اب حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی کتاب توراۃ کا ماننا ہی غلط ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور توراۃ کوئی چیز ہی نہیں۔ اس وجہ سے ان پر یہ عذاب ہو رہا ہے ہم مسلمان توراۃ و انجیل کو قابل عمل تو نہیں سمجھتے مگر ان کو مانتے ہیں ان پر ایمان رکھتے ہیں ان کے انکار کو کفر سمجھتے ہیں لہذا ہمارے عقیدے اور ان کے اس قول میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ **و هم يتلون الكتب** وہ سب ہی آسمانی کتاب پڑھتے ہیں یا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ دونوں اپنی اپنی کتابوں کے ماہر ہیں کیسے غلط کہا جائے یا یہ کہ وہ دونوں اس وقت اپنی اپنی کتاب پڑھ کر ایک دوسرے کو کافر کہہ رہے ہیں اور ہر ایک اپنی کتاب سے دلیل دے رہا ہے۔ لہذا چاہئے کہ ان دونوں کو سچا مان کر سب سے ایک جدا جاؤ۔ سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس آیت کو پڑھ کر فرماتے تھے کہ **صدقوا والله** خدا کی قسم یہ سب اس بات میں سچے ہیں کہ ان میں سے کوئی بھی ہدایت پر نہیں۔ ہدایت تو تیسرے دین یعنی اسلام میں ہے۔ یہ بد نصیب پڑھ لکھ کر بھی جاہل بن گئے کیونکہ **و كذلك قال الذين لا يعلمون** ایسے ہی تو ان جاہلوں نے بھی کہا تھا جو کتاب الٰہی کے جاننے والے نہیں۔ یعنی مشرکین و دیگر کفار تو ان علماء اور ان جہلاء میں کیا فرق رہا۔ **مثل قولهم** یا تو کذالک کا بدل گنوا ہے اور یا قال کا مفعول یعنی ان جہلاء نے انہیں کی طرح اور انہیں کی سی بات کہی' ان بے وقوف عالموں نے اپنی علمی شان گنوا دی اور اپنے کو ان جہلاء میں داخل کر دیا بلکہ حق تو یہ ہے کہ ان میں سے ہر ایک خود اپنے ہی قول سے جھوٹا ہے کیونکہ یہود بھی عیسائیوں کی بعض باتوں کو سچا جانتے ہیں۔ اور عیسائی یہودیوں کی مگر ایک دوسرے کو یہ کہتے ہیں کہ اس کی کوئی بات سچی نہیں۔ اس صورت میں ان دونوں کے درمیان تیسرا حاکم چاہئے۔ **فالله يحكم بينهم يوم القيمة** ان کا قطعی فیصلہ قیامت میں رب تعالیٰ فرمائے گا۔ یعنی اگرچہ حضور علیہ السلام نے دنیا میں ہی صحیح فیصلہ فرما دیا۔ مگر انہوں نے وہ قبول نہ کیا۔ اب پروردگار آخرت میں ان کا ایسا فیصلہ فرمائے گا۔ جو انہیں ماننا ہی پڑے گا **فيما كانوا فيه يختلفون** ان ساری باتوں کا فیصلہ ہو گا جس کے اندر یہ دنیا میں جھگڑتے تھے کہ ہر ایک کو بقدر کفر اور بحد گناہ سزا دی جائے۔

خلاصہ تفسیر : اس سے پہلے یہود و نصاریٰ کے اقوال بہت قوی دلائل سے باطل کئے گئے تھے۔ اب ایک عجیب دلیل سے اور باطل کیا جا رہا ہے کہ اے مسلمانو! تم اس کو روتے ہو کہ اہل کتاب ہمیں برا کہتے ہیں ذرا ان کی آپس کی جوتے بازی تو دیکھو کہ اہل کتاب کے بڑے بھائی تو کہتے ہیں کہ عیسائیوں کا کوئی دین مذہب ہی نہیں ان کے چند ڈھکوسلے ہیں جو ان کے پیشواؤں نے گھڑ لئے ہیں بھلا اندھیر تو دیکھو کہ توراۃ میں خدا کو ایک کہا گیا اور انہوں نے اس کے تین حصے کر ڈالے۔ باپ بیٹا اور روح القدس نہ اس سے پہلے کسی پیغمبر نے یہ کہا تھا اور نہ کسی کے وہم و گمان میں یہ بات آئی تھی اور پھر اس کو خدا کا بیٹا مانا جو بقول ان کے ہمارے ہاتھوں صلیب پر چڑھا دیا گیا۔ ستم تو دیکھو کہ گناہ تو یہ کریں اور ان کے عوض خدا کا بیٹا صلیب کی تکلیف برداشت کرے اور انہیں جرم و گناہ کرنے کی عام اجازت دی جائے کہ آئندہ ان کے گناہ پوپ صاحب معاف کر دیا کریں بھلا یہ بھی کوئی مذہب ہے' عیسائی یہ کہتے ہیں کہ یہود نے پچھلے نبی کو نہ مانا اور توراۃ میں دس احکام اور کچھ رسمی قاعدوں کے سوا دھرا ہی کیا ہے۔ پولوس مقدس فرماتے ہیں کہ توراۃ ظلمت کا پردہ ہے۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام (معاذ اللہ) جلادوں کے استاد تھے ہم کو ان سے کوئی تعلق نہیں وہ رسمی مذہب بھی مسیح کے آنے سے بیکار ہو گیا (تفسیر حقانی) رب فرماتا ہے کہ بے باکیاں اور گستاخیاں انہیں پر کیا موقوف ہیں۔ ہر جاہل مذہب والے کیا کرتے ہیں۔ ہندو بھی اپنے سوا سب کو ملچھ اور ناپاک کہتے ہیں۔ آریہ وغیرہ بھی ایسے ہی

marfat.com
Marfat.com

بے سری باتیں ہانکتے ہیں۔ جب یہ بھی تعصب میں اس طرح ڈھول دھپا کرنے لگے تو ان علماء اور جہلاء میں کیا فرق ہے۔ اچھا ٹھہر جاؤ اب ان کے جھگڑوں کو ہم ہی چکائیں گے اور ان کا فیصلہ جہنم کی آگ ہی کرے گی۔ مگر مسلمانو! یہ باتیں سن کر اب تم کو ان کی بکواس سے برا نہ ماننا چاہئے۔ کیونکہ ان میں نفسانیت ہے حقانیت سے ان کو کوئی واسطہ نہیں۔

**فائدے**: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**: کفار سے صحیح نیت سے مناظرہ کرنا باعث ثواب ہے اور جھگڑے کے ارادے اور ایک دوسرے کو ہرانے کے لئے مناظرہ برا اور طریقہ یہود و نصاریٰ کا ہے۔ پچھلی آیت میں تو مسلمانوں کو کفار سے مناظرہ کرنے کا حکم دیا گیا اور اس آیت میں ان کے آپس کے مناظرہ کی برائی بیان ہوئی بلکہ اس مناظرہ کو مسلمانوں کے لئے جواب الزامی بتایا گیا۔ لہٰذا اس زمانہ کے عام مناظروں سے پرہیز چاہئے کہ ان میں ضد اور ہٹ دھرمی کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ **دوسرا فائدہ**: بدنیت مناظر کبھی ایسی بات کہہ جاتا ہے کہ جو خود اس کے بھی خلاف ہوتی ہے جیسے یہاں عیسائیوں اور یہودیوں نے ایک دوسرے سے کہہ ڈالا کہ تمہاری کوئی بات سچی نہیں۔ حالانکہ ان کے عقیدے کے بھی خلاف ہے۔ مناظرہ میں بہت سوچ سمجھ کر منہ سے بات نکالو' اگر رافضی مناظر حضرات شیخین کا انکار کردے تو تم اس کے مقابلہ میں اہل بیت اطہار کا انکار نہ کر بیٹھو۔ **تیسرا فائدہ**: مناظرہ کے لئے حکم ہونا چاہئے کہ یہاں رب تعالیٰ نے اہل کتاب کا مناظرہ بیان فرما کر اپنی حکومت کا ذکر فرمایا۔ **چوتھا فائدہ**: مناظر کو چاہئے کہ مقابل کی کتابوں پر نظر رکھے اور ان کے دین وغیرہ سے واقف ہو۔ دیکھو رب تعالیٰ نے مسلمانوں کو کفار کی بکواس سنا کر یاد کرائی تاکہ انہیں مناظرہ میں کام آئے۔ **پانچواں فائدہ**: متعصب عالم جاہل کی مثل بلکہ اس سے بدتر ہے کہ اس کے کسی قول کا اعتبار نہیں۔

**اعتراض**: **پہلا اعتراض**: مسلمانوں کے فرقے بھی ایک دوسرے کو گمراہ اور کافر کہتے ہیں تو چاہئے کہ عیسائیوں اور یہودیوں کی طرح یہ سب گمراہ ہوں اور ان میں سے کسی کا اعتبار نہ رہے یا ان سب کو سچا مان کر سب کو بے دین مانا جائے۔ (عام مرتدین)۔ **جواب**: یہود و نصاریٰ ایک دوسرے کی کتاب کے منکر اور ان کے انبیاء علیہ السلام کے انکاری تھے کہ یہود تو عیسائیوں کو انجیل اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ماننے کی وجہ سے بے دین کہتے تھے۔ ایسی باتیں کرنے والے سب بے دین ہیں لیکن ہم جو دیوبندیوں' مرزائیوں' رافضیوں وغیرہ کو گمراہ اور کافر کہتے ہیں۔ اس لئے نہیں کہ وہ قرآن کو مانتے ہیں یا ان کے پاس جو قرآن ہے وہ کتاب اللہ نہیں بلکہ اس لئے کہ انہوں نے کماحقہ' مانا نہیں اور اس کی بعض آیتوں کا درپردہ انکار کیا۔ یہود و نصاریٰ ایک دوسرے کو توراۃ انجیل ماننے پر کافر کہتے تھے۔ اور ہم نہ ماننے پر لہٰذا فرق ہو گیا اگر ہر مناظر گمراہ ہو تو ان آیتوں میں بلکہ سارے قرآن میں مناظرہ ہی ہے۔ ہم تو یہود و نصاریٰ کو بھی اسی لئے کافر نہیں کہتے کہ وہ توراۃ انجیل مانتے ہیں بلکہ اس لئے کہ قرآن کو نہیں مانتے اور ہمارے نبی پر ایمان نہیں لاتے۔ **دوسرا اعتراض**: اس آیت سے معلوم ہوا کہ دنیا کے سارے مذہب سچے ہیں۔ دیکھو یہود و نصاریٰ نے ایک دوسرے کو کافر کہا۔ تو رب تعالیٰ نے ان دونوں پر ناراضگی فرمائی۔ معلوم ہوا کسی کو کافر نہیں کہنا چاہئے۔ (عام نیچری' اور بعض مرزائی)۔ **جواب**: یہاں ناراضگی کی وجہ یہ ہے کہ ہر ایک نے جوش میں آ کر دوسرے دین کے سچے پیغمبر کا انکار کر دیا اور ان کی اصل کتاب کا انکار کر ڈالا۔ یا ان کی ہر بات کو (علٰی شیء) کہہ کے غلط کہہ دیا۔ حالانکہ ان میں کوئی نہ کوئی بات تو اب بھی اچھی ہے اسی لئے ہم کو حکم ہے کہ موجودہ توراۃ و انجیل کا بے دھڑک انکار نہ کریں

marfat.com
Marfat.com

بلکہ یوں کہیں کہ جو اللہ نے اتاری اسی پر ہمارا ایمان اگر سارے دین سچے ہی ہیں تو ان آیتوں کے کیا معنی ہوں ان الدین عنداللہ الاسلام۔ الیوم اکملت لکم دینکم' و من یبتغ غیر الاسلام دینا"۔ قل یا یھا الکفرون وغیرہ بلکہ قرآن مجید کی تعلیم ہی غلط ہو جائے گی کیونکہ اس نے اول سے آخر تک کفار کی برائی اور مسلمانوں کی تعریف فرمائی بلکہ پھر تو خنزیر حلال بھی ہو گا حرام بھی۔ماں بہن سے نکاح کرنا جائز بھی ہو گا اور ناجائز بھی۔کیونکہ ان چیزوں کو بعض دین حلال کہتے ہیں اور بعضے حرام اور تمام دین سچے 'ابوالکلام آزاد صاحب نے بھی' ہندوؤں کو خوش کرنے کے لئے اپنی تفسیر سورۂ فاتحہ میں لکھا کہ ہر مذہب سچا ہے۔جس میں رہ کر نیک اعمال کئے جائیں تو نجات ہو گی۔انہوں نے ان جیسی آیات سے دھوکا کھایا اور لکھا کہ ہر اصلی مذہب اسلام ہے اور اس کا پیرو کار مسلم ہے۔جہاں کہیں فرمایا گیا۔اللہ کا پسندیدہ دین اسلام ہے۔وہاں مراد ہر دین ہے۔ (نعوذباللہ) ہر دین اسلام ہو تا تو رب کا یہ فرمان غلط ہو جاتا کہ ھو سمکم المسلمین رب نے صرف تمہارا نام مسلمان رکھا پھر حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جہاد کن پر کیا۔ **تیسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ ہی فیصلہ فرمائے گا۔ دوسری جگہ فرمایا حتی یحکموک وہ آپ کو اپنا حاکم مانیں' یہاں معلوم ہوا کہ قیامت کے دن فیصلہ ہو گا۔دوسری جگہ فرمایا لتحکم بین الناس کہ آپ ان کا دنیا میں ہی فیصلہ فرمادیں۔ان آیتوں میں مطابقت کیونکر ہوں۔ **جواب:** زبانی فیصلہ تو قرآن اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میں فرمادیا لیکن سزا اور جزا دے کر عملی فیصلہ قیامت میں رب تعالیٰ فرمائے گا۔ **چوتھا اعتراض:** کذلک اور مثل قولھم کے ایک معنی ہیں۔پھر اس آیت میں دونوں لفظ کیوں لائے گئے' ایک ہی تشبیہ کافی تھی۔ **جواب:** کذلک سے طریقہ گفتگو اور مثل قولھم سے کلام میں تشبیہ دی گئی۔یعنی ایسی ضد اور ہٹ دھرمی سے اسی قسم کی بیہودہ باتیں ان جہلاء نے بھی کہی تھیں۔

**تفسیر صوفیانہ :** ظاہر باطن کا حجاب ہے۔ظاہر میں پھنسا ہوا آدمی باطن تک نہیں پہنچ سکتا۔یہ عیسائی اور یہودی دوئی کی جھنجھٹ میں پڑ کر ایک دوسرے کا انکار کر بیٹھے حالانکہ ان کے پاس حجاب پھاڑنے اور اصل دکھانے والی کتاب موجود تھی۔لہٰذا ان کتاب کے الفاظ دیکھنے والوں اور عقلی ڈھکوسلوں کے ماننے والے مشرکین میں کوئی فرق نہ رہا۔حق تعالیٰ قیامت کبریٰ کے وقت وحدت فیصلہ فرمائے گا۔ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ اپنے بندوں پر ان کے عقائد کے موافق صورت میں تجلی فرمائے گا جس سے وہ اسے پہچان لیں گے پھر دوسری صورت میں تجلی ءذات ہو گی۔جس کے وہ منکر ہو کر گمراہ اور محجوب ہو جائیں گے قیامت میں وہی موحد کامیاب رہے گا جس نے رب کی ذات کو اپنے کسی عقیدے کی صورت میں مقید نہ مانا ہو۔ (تفسیر ابن عربی)۔روح البیان نے فرمایا کہ ایک دوسرے کی مخالفت کرنا گمراہوں میں ہی خاص نہیں بلکہ علماء 'صوفیاء' اور مشائخ میں بھی جاری ہے۔بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ جو بغیر نفس کو صاف کئے ہوئے مرشد بننے کا دعویٰ کرے اور اس خرقہ کو دنیا کمانے کا ذریعہ بنائے اس کا عذاب زانیہ عورت سے سخت تر ہو گا۔کیونکہ زانیہ ناجائز بچہ پیدا کر کے اس کی زندگی برباد کرتی ہے۔ مگر یہ مدعی غلط مرید بنا کر اس کی آخرت تباہ کرتے ہیں' اسی قسم کے حجاب والے لوگوں ہی میں اختلاف ہوتا ہے' یہ سارے جھگڑے اس حجاب کے ہیں اگر یہ حجاب اٹھ جائے تو نہ اختلاف رہے۔نہ اختلاف والے۔

کفر و اسلام کے جھگڑے تیرے چھپنے سے بڑھے
تو اگر پردہ اٹھا دے تو تو ہی تو ہو جائے

مولانا فرماتے ہیں کہ ایسے لوگ اصل چھوڑ کر سایہ کے شکار میں اپنی قیمتی عمر خرچ کرتے ہیں فرماتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

مرغ برہالا پراں و سایہ اش ے دود بر خاک پراں مرغ وش
ابلہے صیاد آں سایہ شود ے دود چنداں کہ بے مایہ شود
تیرا انداز و بسوئے سایہ او ترکشش خالی شود از جستجو
ترکش عمرش تہی شد عمر رفت از دویدن در شکار سایہ تفت
سایہء یزداں چو باشد دایہ اش وار ہاندا ز خیال و سایہ اش

طالب دنیا اپنے ترکش عمر کے سارے تیر زندگی کے دن جسم اور جسمانیات کے شکار میں صرف کر دیتا ہے اگر یہی محنت روح کے شکار پر کرتا تو بہت کامیاب رہتا۔

| |
|---|
| وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ |
| اور کون ہے بڑا ظالم اس سے جو روکے مسجدوں اللہ کی یہ کہ ذکر کیا جائے بیچ |
| اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ کی مسجدوں کو روکے ان میں نام خدا لیے جانے سے |
| وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ |
| اس کے نام اس کا اور کوشش کرے بیچ ویرانی اس کی کے یہ لوگ ہیں نہیں تھا واسطے ان کے |
| اور اس کی ویرانی میں کوشش کرے ان کو نہ پہنچتا تھا کہ مسجدوں میں جائیں |
| اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ |
| یہ کہ داخل ہوں ان میں مگر خوف کرتے واسطے ان کے بیچ دنیا کے رسوائی ہے بیچ آخرت کے |
| مگر ڈرتے ہوئے ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور انکے لئے آخرت میں |
| عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۞ |
| عذاب بڑا |
| بڑا عذاب ہے۔ |

**تعلق**: اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: پچھلی آیت میں فرمایا گیا تھا کہ یہود اور عیسائیوں نے اللہ کی کتابوں اور اس کے نبیوں سے دشمنی کی اب فرمایا جاتا ہے کہ انہوں نے تو اللہ سے بھی دشمنی کی کہ اس کے ذکر کی مسجدوں کو ویران کرنے کی کوشش کی تو اے مسلمانو! تم کس شمار میں ہو۔ **دوسرا تعلق**: پچھلی آیتوں میں فرمایا گیا تھا کہ اے اہل کتاب جنتی وہ جس کے عقائد اور اعمال درست ہوں۔ تمہارے تو اعمال بھی خراب ہیں اور عقائد بھی پھر تم اس کے دعویدار کیسے اس کے بعد ان کے عقائد کی خرابی بتائی گئی کہ تم انبیاء کے منکر ہو اور اب ان کے اعمال کی خرابی بتائی جا رہی ہے کہ تم مسجدیں گرانے والے ہو۔ **تیسرا تعلق**: پچھلی آیت میں فرمایا گیا تھا کہ اہل کتاب کے یہ اقوال مشرکین سے ملتے جلتے

marfat.com
Marfat.com

تھے' اب فرمایا جارہا ہے کہ ان کے اعمال بھی انہیں جیسے ہیں کہ وہ مشرکین بھی مسجدوں کے دشمن اور یہ بھی۔ **چوتھا تعلق:** پچھلی آیت میں بتایا گیا تھا کہ ان اہل کتاب نے جوش عداوت میں ایک دوسرے کے دین کی حقانیت کا بالکل انکار کردیا۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ ان کی عداوت اس حد تک پہنچی کہ ایک دوسرے کے عبادت خانے گرانے کے بھی درپے ہوگئے۔ **پانچواں تعلق:** پہلے فرمایا گیا تھا کہ بے دینوں کا فیصلہ قیامت میں ہوگا۔ اب بتایا جارہا ہے کہ جن کی شرارت حد سے بڑھ جاتی ہے ان کو آخرت کے علاوہ دنیا میں بھی کچھ سزا دی جاتی ہے۔

**شان نزول :** اس کے شان نزول میں بہت سے قول ہیں۔ روح البیان نے فرمایا کہ عیسائیوں کے بادشاہ خطیوس نے ایک بار بنی اسرائیل (یہود) سے جنگ کی اور ان کے جوانوں کو قتل اور ان کے بچوں کو قید کیا توارت شریف کو جلادیا۔ بیت المقدس کو ویران کیا' اس میں مردار ڈالے اور سور ذبح کئے' خلافت فاروقی تک بیت المقدس اسی حال میں رہا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فتح کسری کے بعد اس کو آباد کیا اور وہاں اذان و نمازیں شروع کرائیں اس کے بارے میں یہ آیت کریمہ اتری پھر بیت المقدس انگریزوں نے فتح کرلیا اور تقریباً سواسو (125) برس ان کے قبضہ میں رہا۔ یہاں تک کہ سلطان صلاح الدین ایوبی نے 585ھ میں فتح فرمایا۔ تفسیر کبیر نے فرمایا کہ یہ آیت بخت نصر کے بارے میں اتری جس نے یہود کو تباہ کرکے بیت المقدس میں یہ حرکتیں کیں۔ بعض نے فرمایا کہ یہ آیت مشرکین مکہ کے بارے میں اتری جبکہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کو مسجد حرام میں نماز سے روکا۔ اور حدیبیہ میں مسلمانوں کو عمرہ سے روکا یہاں تک کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے دروازے پر سے نماز پڑھنے سے بھی منع کردیا' آخر کار ان کو وہاں سے ہجرت کرنی پڑی۔ مگر ابوبکر رازی علیہ الرحمتہ نے اپنی کتاب "احکام القرآن" میں اول دو واقعات کا انکار کیا کیونکہ بخت نصر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بہت پہلے گزرا ہے۔ اس وقت عیسائی تھے ہی کہاں؟ نیز یہ کیونکر ممکن ہے کہ بیت المقدس کو تباہ کریں جبکہ وہ خود بھی اس کی تعظیم کرتے ہیں۔ تیسرے قول پر امام رازیؒ نے اعتراض کیا کہ اس صورت میں آیتوں کا ربط ٹوٹتا ہے کہ اب تک تو یہود کی برائیاں ہو رہی تھیں اور اب مشرکین کا ذکر شروع ہوگیا اور خود انہوں نے شان نزول یہ بتائی کہ تحویل قبلہ کے بعد یہود مدینہ کعبہ معظمہ کے دشمن ہوگئے اور مسلمانوں کو ادھر منہ کرکے نماز پڑھنے سے روکنے لگے۔ اور ممکن ہے کہ انہوں نے کعبتہ اللہ یا مسجد نبوی کو ویران کرنے کی درپردہ کوشش کی ہو۔ مگر شان نزول کے لئے نقل کی ضرورت ہے اس میں شاید کافی نہیں۔ امام رازی نے اس پر کوئی روایت پیش نہ فرمائی۔ اگر یہ آیت مشرکین مکہ کے بارے میں آئی ہو تو بھی اس کا ربط نہایت درست ہے جیسا کہ ہم بیان تعلق میں بتاچکے کہ پچھلی آیت میں مشرکین کا ذکر ہوچکا ہے۔ اور اگر یہود و نصاریٰ کے بارے میں ہو تو بھی درست ہے۔ نیز ابوبکر رازی علیہ الرحمتہ کا یہ فرمانا کہ عیسائی تو خود بیت المقدس کی تعظیم کرتے ہیں وہ اسے ویران کیوں کریں گے۔ یہ بھی قوی نہیں اہل دنیا دشمن کو مغلوب کرنے میں ہر جائز ناجائز کوشش کرتے ہیں۔ ابھی جرمنی نے لندن پر حملے کئے تو صدہا گرجے گرادیئے حالانکہ وہ خود عیسائی ہے۔ اسی طرح ممکن ہے کہ عیسائیوں نے یہودیوں کی مخالفت میں بیت المقدس کو ویران کیا ہو۔ بہرحال یہ آیت کریمہ یا تو یہود کے بارے میں آئی یا مشرکین کے۔

**تفسیر :** و من اظلم' من سوال کے لئے آتا ہے۔ لیکن یہاں استفہام انکاری نفی کے لئے ہے۔ یعنی ان سے بڑھ کر ظالم کوئی

marfat.com
Marfat.com

نہیں۔ اظلمہ، ظلم سے بنا معنی کسی کا حق مارنا حق دنیاوی بھی ہوتا ہے اور دینی بھی۔ پھر لوگوں کا بھی اپنے پر حق ہے اللہ رسول کا بھی کعبہ معظمہ کا مسجد و قرآن شریف کا بھی مسجد کو ویران کرنے والا اللہ رسول کا حق مارتا ہے۔ مسلمانوں کا بھی مسجد کا بھی اور خود اپنے نفس کا بھی کیونکہ اسے چاہئے تھا کہ خود مسجد میں حاضر ہو کر نمازیں پڑھتا تاکہ اس کا نفس عذاب دوزخ سے بچتا اس لئے رب نے اسے بڑا ظالم فرمایا چور مالی ظلم کرتا ہے۔ قاتل جانی ظلم مگر یہ ایمانی ظلم کر رہا ہے۔ نیز چور قاتل شخصی ظلم کرتا ہے مگر یہ شخصی قومی ملکی اور دینی ظلم کرتا ہے۔ لہٰذا بڑا ظالم ہے **ممن منع مسجد اللہ** جو اللہ کی مسجدوں کو روکے مساجد جمع مسجد کی ہے۔ جس کے معنی ہیں سجدہ گاہ لیکن اصطلاح میں اسلامی عبادت خانے کو مسجد کہتے ہیں جیسے قرآن کریم فرماتا ہے **لھدمت صوامع و بیع و صلوت و مسجد** اگرچہ عیسائیوں کے گرجوں اور یہودیوں کے کینسوں میں بھی سجدے ہوتے ہیں مگر انہیں قرآن نے مسجد نہ فرمایا اتنا فرق ہے کہ خاص سجدہ گاہ کو بھی مسجد جیم کی فتح سے اور پورے عبادت خانہ کو مسجد جیم کے کسرے سے کہتے ہیں اگرچہ عیسائیوں نے صرف ایک مسجد یعنی بیت المقدس کو اور مشرکین نے صرف بیت الحرام ہی کو ویران کیا مگر چونکہ ایک مسجد کو ویران کرنا گویا کہ کل کو ویران کرنا ہے۔ اس لئے یہاں مساجد اللہ کہا گیا ہے۔ جیسے ایک پیغمبر کا انکار کل کا انکار اور ایک فرشتہ کی دشمنی کل کی دشمنی یہ بھی ہو سکتا ہے کہ پہلے تو بیت المقدس اور اب بیت الحرام تمام مسجدوں کی اصل ہے۔ کیونکہ سب مسجدوں کا رخ اسی طرف ہوتا ہے لہٰذا انہیں مساجد فرمایا گیا۔ مساجد کو اللہ کی طرف نسبت کیا تاکہ مسجد ضرار وغیرہ نکل جائیں کیونکہ مسجد اللہ وہ جس پر رسول کی رجسٹری ہو جائے اسی طرح جو مسجد خلاف شرع ہو اس کے یہ احکام نہیں وہ مسجد ہی نہیں **ان یذکر فیھا اسمہ** یا تو یہ مساجد کا بدل ہے اور یہاں من پوشیدہ ہے۔ اور یا منع کا دوسرا مفعول جیسے **وما منعنا ان نرسل بالایات** اور **وما منع الناس ان یؤمنوا** یعنی جو اللہ کی مسجدوں کو وہاں خدا کا نام لینے سے روکے یا مسجدوں کو اس سے روکے کہ خدا کا ذکر کیا جائے۔ خیال رہے کہ یہاں بجائے نماز کے ذکر فرمایا کیونکہ ذکر اللہ میں بہت چیزیں داخل ہیں نماز اور درود شریف، تلاوت قرآن مجید، مجلس وعظ، محفل میلاد شریف، نعت خوانی، دینی تعلیم وغیرہ۔ جو شخص ان میں سے کسی چیز کو بند کرتا ہے وہ اس میں داخل ہے۔ خیال رہے کہ ذکر اللہ دو طرح کا ہے ایک بلاواسطہ اور ایک بالواسطہ اللہ کے پیاروں کا ذکر بالواسطہ خدا ہی کا ذکر ہے۔ بلکہ اس کے دشمنوں کا ذکر بھی بعض دفعہ ذکر اللہ بن جاتا ہے۔ سورہ تبت یدا میں ایک کافر ہی کا ذکر ہے مگر اس کا پڑھنے والا ذاکر کہلاتا ہے۔ **و سعی فی خرابھا** خراب، خرب سے بنا ہے جس کے معنی ہیں ویرانی اس کا مقابل ہے۔ (عمارا) آبادی یعنی جو مسجدوں کے ویران کرنے کی کوشش کرے یا تو زبان سے ہو یا قلم سے یا غلط فتووں سے۔ ایسے ہی ویرانی عام ہے مسجد کو گرا دینا، اذان یا جماعت کو روکنا نماز کے وقت اس میں قفل لگا دینا۔ مسلمانوں کو وہاں سے روکنا مسجد کے برابر دوسری مسجد بنا دینا تاکہ پہلی مسجد ویران ہو جائے وہاں کی زیب و زینت دور کر دینا یہ سب اس میں داخل ہیں۔ **اولئک** یہ دونوں قسم کے لوگ جو ذکر اللہ سے روکیں یا مسجد کی کسی قسم کی بھی ویرانی کوشش کریں۔ **ما کان لھم ان یدخلوھا الا خائفین** یا تو کان ماضی کے معنی میں ہے یعنی ان اہل کتاب کو خود اپنے دین کے اعتبار سے وہاں آنا جائز نہ تھا مگر اللہ سے خوف اور عاجزی کرتے ہوئے کیونکہ یہ ان کے بھی دینی مقامات ہیں یا مستقبل کے معنی میں اور آئندہ کی خبر دی جا رہی ہے کہ اے مسلمانو! غم نہ کرو عنقریب وہ وقت آرہا ہے جبکہ ان مشرکین کو مسجد حرام میں آنے کی اجازت بھی نہ ہو گی مگر ڈر کر

marfat.com
Marfat.com

چھپ کر پس رب تعالیٰ نے اپنا وعدہ فرمایا کہ ۹ھ میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ السلام کے حکم سے اعلان فرمایا کہ آئندہ کوئی مشرک اس مسجد پاک میں داخل نہ ہو اور فاروق اعظم اور عثمان غنی رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں ملک شام بھی عیسائیوں کے ہاتھوں سے نکل گیا۔ اور بنی امیہ' بنی عباس کے زمانے میں قسطنطنیہ' رومیہ وغیرہ بھی ان کے ہاتھ سے جاتے رہے اور جزائر فرنج میں آوارہ اور پریشان رہے' یا یہ مطلب ہے کہ انہیں مناسب نہیں کہ مسجدوں میں آئیں مگر رب سے ڈرتے ہوئے یہاں کسی بری غرض سے نہ آئیں مسجدوں کو سیاسی اڈہ نہ بنائیں غرضیکہ کان یا بمعنی ماضی ہے یا بمعنی حال یعنی مستقبل اور خوف سے مراد یا اللہ کا خوف ہے' یا مسلمانوں کا خوف۔ خیال رہے کہ مومن کو ہر جگہ ہی خوف خدا چاہئے مگر بعض جگہ بعض وقتوں میں اور بعض بندوں کے سامنے زیادہ خوف خدا چاہئے ماہ رمضان شب قدر میں یونہی مسجدوں' خانہ کعبہ' مسجد نبوی میں یونہی ماں باپ کے سامنے' شیخ و دینی استاد اور نبی کے سامنے زیادہ خوف خدا چاہئے۔ ہر جگہ گناہ کر کے تو یہاں بخشوانے جاتے ہیں یہاں گناہ کر کے کہاں بخشوائیں گے۔ غرضیکہ اس آیت میں کفار کا حال سنایا جا رہا ہے مگر مسلمانوں کو مساجد کا ادب سکھایا جا رہا ہے۔ باادب مسجد سے لے کر آتا ہے۔ بے ادب مسجد سے کچھ دے کر اور کھو کر آتا ہے۔ **لھم فی الدنیا خزی** مسجدیں ویران کرنے کا وبال یہ پڑے گا۔ کہ ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہو گی خزی کے لفظی معنی ہیں شکست کا پہنچنا خواہ اپنی طرف سے ہو یا کسی اور کی طرف سے اہل کتاب اور مشرکین کو چند طریقوں سے رسوائی ہوئی۔ جنگوں میں انہوں نے شکست پائی۔ جزیئے ان پر قائم ہوئے' حجاز سے یہ نکالے گئے' اپنی زمینوں سے بے دخل ہوئے اور اس پر بس نہیں بلکہ **و لھم فی الاخرۃ عذاب عظیم** ان کے لئے آخرت میں بھی بڑا عذاب ہے۔ چونکہ دنیوی مصیبت آخرت کے مقابلہ میں ہیچ ہے۔ اسی لئے اسے خزی کہا اور اسے عذاب۔

**خلاصہ تفسیر** : اے مسلمانو تم ان کی کہاں تک شکائیتیں کرو گے ان کی گمراہی کا تو یہ حال ہے کہ باوجودیکہ ان کے دین میں بھی مسجدوں کی عزت ہے۔ مگر انہوں نے جوش تعصب میں اس کا بھی لحاظ نہ کیا اور انہیں ویران کیا بتاؤ تو اس سے بڑھ کر کون ظالم ہو گا جو خدا کی مسجدوں کو خدا کے ذکر سے روکے اور ان کے ویران کرنے کی کوشش کرے جیسا کہ عیسائیوں نے بیت المقدس میں کیا اور مشرکین نے بیت الحرام میں۔ واقعی یہ بہت بڑا ظلم ہے کیونکہ بعض تو مالی ظلم کرتے ہیں اور بعضے جانی بعضے آبرو کا مگر اس میں بڑا ظالم وہ ہے جو کسی کا گھر چھین لے انہوں نے گھر پر قبضہ کیا۔ دوسرا یہ کہ کوئی تو چیز کا غاصب ہوتا ہے اور کوئی اس کے نفع کا مگر بدتر وہ شخص ہے جو مالک کا ذکر ہی نہ ہونے دے۔ تیسرے یہ کہ بعض غاصب مغصوب پر اصل ملکیت کا دعویٰ کرتے ہیں اور بعض اس کے خریدنے کا۔ مگر خبیث غاصب وہ ہے جو اصل چیز ہی کو تباہ کر دے اور مالک کا نام بھی نہ لینے دے ان کم بختوں کو چاہئے تھا کہ خود بھی ان مسجدوں میں ڈرتے جھجکتے آتے اب اس کا انجام یہ ہو گا کہ ان کے واسطے دنیا میں بھی رسوائی ہو گی اور آخرت میں بھی سخت عذاب ملے گا یا یہ کہ اس جرم کا انجام یہ ہو گا کہ مسجدیں تو پھر آباد ہو جائیں گی لیکن یہ خود وہاں سے ایسے نکلیں گے کہ پھر ان کا داخلہ بھی دشوار ہو گا۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**: جو شخص مسجد کو کسی طرح ویران کرے وہ بڑا ظالم ہے اور جو اسے آباد کرے وہ بڑا ہی ثواب کا مستحق۔ آبادی کی چند صورتیں ہیں۔ مسجد بنانا اس میں چٹائیوں اور تیل بتی کا انتظام کرنا'

marfat.com
Marfat.com

وہاں عمدہ امام مقرر کرنا جس سے جماعت ہو جائے۔ وہاں اللہ کا ذکر کرنا اس کی اعلیٰ سے اعلیٰ زینت کرنا اس کی پوری تحقیق انشاء اللہ **انما یعمر مسجد اللہ** کی بحث میں آئے گی۔ حدیث شریف میں جو مسجدوں کے زینت کی ممانعت آئی ہے اس سے یا تو فخریہ زینت مراد ہے یا ناجائز زینت جان دار کی تصویروں اور فوٹوؤں سے مسجد کو آراستہ کرنا یا محض دوسری مسجدوں کے مقابلہ کی غرض سے نہ کہ اللہ کو راضی کرنے کے لئے سجانا منع ہے اس کی تحقیق ہماری کتاب جاء الحق میں دیکھو وہ دیوبندی' وہابی جو وہاں نعت خانی اور چراغاں وغیرہ کو منع کریں اس میں داخل ہیں۔ **دوسرا فائدہ:** مسجد میں ہر طرح کا ذکر الٰہی جائز ہے۔ خواہ بلند آواز سے ہو یا آہستہ' نعت خوانی ہو یا درود خوانی' ذکر کے حلقہ کیونکہ اس آیت میں **ان یذکر** مطلق ہے۔ جماعت اول کے وقت بلند آواز سے ذکر کرنا صرف نمازیوں کی نماز کے خلل کے اندیشہ سے منع ہے۔ جماعت اولیٰ کے بعد ہر طرح کا ذکر جائز' صحابہ کرام نے مسجدوں میں نعت خوانی کی ہے اور حضور علیہ السلام نے ہر نماز کے بعد ذکر بالجہر فرمایا اس کی بھی پوری بحث ہماری کتاب جاء الحق میں دیکھو۔ **تیسرا فائدہ:** جس چیز سے مسجد کی جماعت گھٹے وہ منع ہے کیونکہ یہ ویرانی کی کوشش ہے۔ لہٰذا وہاں بدمذہب یا سخت مزاج نراجاہل امام رکھنا منع بدبودار چیزیں لے جانا حرام کچا لہسن پیاز کھا کر حقہ پی کر بدبودار زخم لے کر وہاں جانا ناجائز کیونکہ اس سے مسلمانوں کو ایذاء ہو گی اور وہ آنا چھوڑ دیں گے۔ **چوتھا فائدہ:** کوشش کی جائے کہ مسجد کی عمارت ہمارے اپنے مکانوں سے اعلیٰ اور بلند و بالا ہو۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ میں مسجد نبوی شریف نہایت اعلیٰ اور نفیس بنوائی۔ **پانچواں فائدہ:** مسجد کو ویران کرنے والا انشاء اللہ دنیا میں خوار و خستہ ہو گا اور اس پر غم اور خوف طاری رہے گا۔ اور آخرت کا عذاب اس کے علاوہ ہے۔ اس کا تجربہ بھی ہو چکا ہے بلکہ جن لوگوں نے مسجد کی چیزیں غصب کر کے گھر میں استعمال کیں وہ بھی آخر تباہ و برباد ہوئے۔ **مسئلہ:** سب مسجدیں اللہ ہی کی ہیں لیکن ان کے درجے مختلف' سب سے افضل مسجد بیت اللہ پھر مسجد نبوی' پھر بیت المقدس' پھر ہر شہر کی جامع مسجدیں' پھر محلہ کی مسجد' پھر گھروں کی مسجدیں' یعنی گھر میں جو جگہ نماز کے لئے صاف کر لی جاتی ہے۔ (تفسیر روح البیان)۔ درمختار وغیرہ نے ترتیب یوں بیان کی کہ سب سے افضل مسجد مکہ معظمہ' پھر مسجد مدینہ' پھر بیت المقدس' پھر قباء' پھر ہر شہر کی پرانی مسجدیں' پھر وہاں کی بڑی مسجد' پھر اپنے گھر سے قریبی مسجد' پھر اپنے استاد کی مسجد' شامی نے اس کے علاوہ اور بھی مسجدوں کا ذکر کیا۔ **مسئلہ تفسیر عزیزی:** نے فرمایا کہ مسجدوں میں جھاڑو دینا' انہیں تھوک وغیرہ سے صاف کرنا' انہیں معطر کرنا بہت بہتر ہے بلکہ مسجد کی جھاڑو حوران بہشتی کا مہر ہے اور باقی مسائل کے لئے کتاب بہار شریعت کا مطالعہ کرو۔ **مسئلہ:** اگرچہ ہر مسجد کا ادب و احترام اور احکام شرعیہ یکساں ہیں مگر جو مسجدیں بزرگوں کے قریب میں واقع ہوں۔ ان کا ادب و احترام بہت زیادہ ایک تو مسجد کا ادب دوسرے اس بزرگ کا ادب جو مسجد کے قریب سو رہا ہے اس لئے مسجد نبوی' مسجد قدس' مسجد کعبہ معظمہ میں عبادت کا ثواب بھی زیادہ ہے۔ اور وہاں کا احترام بھی بہت مسجد نبوی میں نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم آرام فرما ہیں خود کعبہ شریف ہے اور وہاں طواف کی جگہ چار سو انبیاء سو رہے ہیں۔ مسجد قدس یعنی بیت المقدس میں بہت سے نبی سو رہے ہیں بزرگوں کے شہر کی بھی تعظیم' رب نے بنی اسرائیل کو حکم دیا تھا۔ **وادخلوا الباب سجدا** " اس شہر کے دروازے میں سربسجود جاؤ۔ کیونکہ وہاں یعنی بیت المقدس میں انبیا کے مزارات تھے۔

**اعتراض: پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ مسجد کو ویران کرنے والا بڑا ظالم ہے۔ دوسری جگہ ارشاد ہوا ان

marfat.com
Marfat.com

الشرک لظلم عظیم جس سے معلوم ہوا مشرک اور کافر بڑا ظالم ہے ان دونوں آیتوں میں مطابقت کیونکر ہو۔ جواب: ایک لحاظ سے مشرک بڑا ظالم ہے۔ دوسرے لحاظ سے مسجد کو ویران کرنے والا۔ مشرک تو اپنے نفس پر بڑا ظلم کرتا ہے کہ اسے آخرت کی نعمتوں سے محروم کرتا ہے اور مسجد کو ویران کرنے والا دوسروں کے لئے ظالم کہ انہیں ذکر اللہ سے محروم کرتا ہے لہذا دونوں آیتیں مطابق ہیں۔ دوسرا اعتراض: اسلام کا قانون ہے کہ دنیا تو عمل کی جگہ ہے اور آخرت جزاء کی تو مسجد کے ویران کرنے والے کو دنیا میں رسوائی کی سزا کیوں ملی۔ جواب: دنیا کی رسوائی اس کی حقیقی سزا نہیں۔ یہ تو صرف لوگوں کی عبرت کے لئے ہے۔ سزائے حقیقی تو آخرت ہی میں ہو گی۔ جیسے کہ چور کی سزا جیل خانہ ہے۔ حوالات تو اس کی ابتداء ہے۔ تیسرا اعتراض: مسجدوں کو اللہ کی طرف نسبت کیوں کیا گیا؟ کیا اور ساری چیزیں اللہ کی نہیں ہیں نیز اسے اللہ کا گھر کیوں کہتے ہیں کہ وہ اس میں رہتا ہے۔ (آریہ)۔ جواب: اس لئے کہ مسجدوں پر کسی بندے کی ظاہری ملکیت بھی نہیں۔ دیگر گھروں پر بندوں کی ظاہری ملکیت ہے جنہیں وہ فروخت کر سکتے ہیں۔ نیز اور گھروں میں تو دنیوی کام بھی ہوتے ہیں۔ مگر مسجدوں میں صرف اللہ ہی کے کام نماز' تلاوت قرآن' نعت خوانی وغیرہ۔ دیکھو سارا ملک بادشاہ کا ہے۔ لیکن صرف کچہریوں' ڈاک خانوں' شفاخانوں ہی کو سرکاری عمارتیں کہا جاتا ہے۔ کیونکہ وہاں صرف سرکاری ہی کام ہوتے ہیں۔ اور ان پر کسی رعایا کا ظاہری دخل و قبضہ نہیں۔ چوتھا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوتا کہ مشرکین کو مسجد میں آنے کی اجازت نہیں۔ کیونکہ فرمایا گیا کہ یہ لوگ نہ آئیں مگر ڈرتے چھپتے۔ پھر امام ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ نے کفار کا مسجد میں آنا کیوں جائز رکھا۔ جواب: اس کی پوری بحث تو انشاء اللہ انما المشرکون نجس (الخ) کی تفسیر میں آئے گی۔ یہاں سرسری طور پر چند جواب دیئے جاتے ہیں ایک یہ کہ ما کان لھم ممانعت نہیں بلکہ خبر ہے۔ یعنی آئندہ مشرکین کو مسجد حرام میں داخلہ تو کیا آنا بھی مشکل ہو گا۔ دوسرے یہ کہ خائفین کے معنی یہ ہیں اللہ سے خوف کرتے ہوئے یعنی چاہئے تو یہ تھا کہ یہ کفار بھی مسجد میں ڈرتے ہوئے آتے لیکن یہ شرک کرتے ہوئے آئے۔ تیسرے یہ کہ خائفین میں مخلوق سے ڈر مراد ہے۔ یعنی یہ کفار مسجد میں نہ آئیں گے مگر مقدور لے کر کیونکہ مسلمان قاضی مسجدوں میں ہی فیصلے کیا کریں گے جہاں یہ مظلوم بن کر آیا کریں گے چوتھے یہ کہ جب مشرک مسلمان کی اجازت سے مسجد میں آیا تو مسلمان جب چاہے نکال دے تو یہ بھی خوف سے ہی آنا ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم اپنے کفار مہمانوں اور دیگر سلطنت کے کافر ایلچیوں کو مسجد نبوی شریف میں ہی ٹھہراتے تھے۔ یہاں تک کہ ثمامہ بن اثال کو حالت کفر ہی میں مسجد کے ستون سے باندھا تھا۔ لہذا اس آیت کی یہ توجیہ کرنا ضروری ہے۔ پانچواں اعتراض: پھر اہلسنت اپنی مسجدوں سے قادیانی' وہابی' شیعہ وغیرہ ہم کو کیوں روکتے ہیں۔ حالانکہ حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے نجران کے عیسائیوں کو مسجد نبوی میں اپنی عبادت کر لینے کی اجازت دی' کسی کو مسجد میں نماز سے روکنا مسجد کو ذکر اللہ سے روکنا ہے۔ جواب: اس لئے روکتے ہیں کہ ان لوگوں کا ہماری مسجدوں میں آنے سے خصوصاً" اپنی جماعتیں کرنے سے مسلمانوں میں فساد پھیلتا ہے۔ اور اہل مسجد کو ایذاء ہوتی ہے یہاں عبادت سے نہیں روکا جاتا بلکہ فساد سے روکا جاتا ہے۔ گندہ ذہن بدبو دار منہ و لباس والے کو مسجد سے روکا جاتا ہے۔ تاکہ نمازیوں کو ایذاء نہ ہو۔ ایسے ہی گندے عقیدے اور بدمذہبوں کو روکنا بھی جائز ہے۔ کہ نمازیوں کو ایذاء نہ ہو یہ محض غلط ہے۔ کہ حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے عیسائیوں کو مسجد نبوی میں اپنی مذہبی عبادت کی اجازت دی بلکہ ہوا یہ تھا کہ

marfat.com
Marfat.com

مسلمان نماز پڑھنے لگے تو انہوں نے اپنی مذہبی عبادت شروع کردی۔ حضور علیہ السلام صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے صحابہ کو ان کی عبادت بند کرنے کا حکم نہ دیا۔ بلکہ انہیں اپنی عبادت پوری کر لینے دی جیسے ایک بدوی مسجد میں پیشاب کرنے لگا تو صحابہ سے حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ اسے نہ روکو جب پیشاب کر چکا تو مسجد دھلوادی اس کا مطلب یہ نہیں کہ مسجدوں میں پیشاب کرنا جائز ہے' ایسے ہی یہ ہے کیا تم مسجد میں ہندوؤں کو اجازت دوگے کہ وہ وہاں مورتیاں رکھیں اور گھنٹیاں بجایا کریں۔ (نعوذ باللہ)۔

تفسیر صوفیانہ : مسلمانوں کے دل اللہ کی مسجدیں ہیں بڑا مبارک وہ شخص ہے جو ان مسجدوں کو اس کے ذکر سے آباد رکھے اور بڑا ظالم وہ ہے جو ان میں دنیوی وسوسے پیدا کر کے انہیں اللہ کے ذکر سے خالی کردے اور مختلف قسم کی تمناؤں سے ان کے ویران کرنے کی کوشش کرے۔ لہٰذا نفس اور شیطان بڑے ظالم ہیں کہ یہ تجلی گاہ رحمان یعنی قلوب انسان کو اس مسجد کے نمازیوں یعنی رب کے ذکر و فکر وغیرہ کو وہاں سے روکتے ہیں مگر یاد رہے کہ ایک وقت وہ بھی آئے گا جب رب تعالیٰ ان دلوں پر کسی شیخ کی برکت سے تجلی ڈالے گا تو ان چیزوں کا وہاں داخلہ بھی مشکل ہو جائے گا کہ وہاں نہ جائیں گے مگر ڈرتے ہوئے ان کے لئے دنیا میں رسوائی اور مغضوبیت ہے اور آخرت میں حق سے محجوب رہنے کا بڑا عذاب۔ (تفسیر ابن عربی)۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تین باتیں تو وطن میں ضروری ہیں اور تین چیزیں سفر میں لازم۔ وطن میں تو تلاوت قرآن' آبادی مسجد' اور مسلمانوں سے محبت کرے' سفر میں خروج فراخی میں اخلاق کی درستی اور ساتھیوں سے جائز خوش طبعی کرے مسجدیں وطن ارواح ہیں وہ بڑا ظالم ہے جو روحانی وطن کو برباد کرے۔

| |
|---|
| وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ |
| اور واسطے اللہ کے ہے پورب اور پچھم پس جہاں کہیں پھرو تم پس وہاں ہے وجہ اللہ کا |
| اور پورب پچھم سب اللہ ہی کا ہے تو تم جدھر منہ کرو ادھر وجہ اللہ (خدا کی رحمت تمہاری طرف |
| اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ |
| تحقیق اللہ وسعت والا علم والا ہے |
| متوجہ ہے ) بے شک اللہ وسعت والا علم والا ہے |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پہلے فرمایا گیا تھا کہ مسجدوں کو ویران کرنے والا اور وہاں عبادت کو روکنے والا بڑا ظالم ہے۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ وہ ظالم خیال رکھے کہ مسجدیں ویران کرنے سے خدا کا ذکر بند نہ ہو جائے گا۔ اللہ کی سلطنت تو مشرق و مغرب میں ہے۔ جدھر نظر اٹھا کر دیکھو وہاں اس کی عبادت ہو رہی ہے یہ بے دین کہاں کہاں سے اس کا ذکر روکیں گے۔ دوسرا تعلق: پہلے فرمایا گیا تھا کہ کفار مسلمانوں کو مسجدوں میں اللہ اللہ کرنے سے روکتے ہیں۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ اے مسلمانو اگر تم مسجدوں میں نہ جاسکو تو خدا کا ذکر نہ چھوڑو۔ پورب پچھم اللہ کا ہے جہاں بھی بیٹھ کر اللہ اللہ کرو گے وہاں اس کو پالو گے مسجد پر ہی عبادت موقوف نہیں۔ تیسرا تعلق: پہلے فرمایا گیا تھا کہ کفار آئندہ مسجدوں میں ڈرتے ہوئے آئیں گے۔ یعنی مسلمانوں کا غلبہ ہوگا۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ اے مسلمانو صرف مسجدوں پر ہی تمہارا قبضہ نہ ہو

marfat.com
Marfat.com

گا بلکہ سارا مشرق و مغرب اللہ کا ہے۔ تم جدھر بھی حملہ کرتے ہوئے پہنچ جاؤ گے ادھر ہی رب کی نصرت پاؤ گے اور مشرق و مغرب کے بادشاہ کہلاؤ گے گویا پہلے کفار کی مغلوبیت کا ذکر تھا اور اب مسلمانوں کے غلبہ کا۔ **چوتھا تعلق:** پہلے تو کفار کے جرم کا ذکر ہوا اب ان کی سزاء کا تذکرہ ہو رہا ہے کہ اے کافرو ابھی ہم نے تم کو مہلت دے رکھی ہے۔ جب ہماری پکڑ میں آؤ گے تو کہیں پناہ نہ پاؤ گے کیونکہ مشرق و مغرب اللہ کا ہے جدھر جاؤ گے اللہ کا عذاب پاؤ گے۔

**شان نزول:** اس آیت کے شان نزول میں بہت سے قول ہیں ایک یہ ہے کہ ایک بار صحابہ کرام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اندھیری رات میں سفر کر رہے تھے۔ قبلہ کا رخ معلوم نہ ہو سکا۔ جس کا جدھر دل چاہا اس نے ادھر ہی نماز پڑھ لی۔ صبح کو یہ واقعہ حضور علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا گیا۔ تب یہ آیت کریمہ اتری۔ جس نے بتایا کہ سب کی نمازیں ہو گئیں۔ دوسرا یہ کہ یہ آیت مسافر کے بارے میں اتری کہ وہ بحالت سفر سواری پر نفل ادا کر سکتا ہے۔ خواہ اس کی سواری کا رخ کدھر ہی ہو جائے اس کے نفل درست ہیں تیسرا قول یہ ہے کہ ایک بار حضور علیہ السلام سے عرض کیا گیا کہ دعا کدھر منہ کر کے مانگیں کیا نماز کی طرح اس کا بھی کوئی قبلہ ہے۔ تب یہ آیت اتری۔ جس میں بتایا گیا کہ دعا کے لئے کوئی جہت لازم نہیں اللہ کی رحمت ہر طرف ہے۔ چوتھا قول یہ ہے کہ یہ آیت نماز خوف کے بارے میں آئی کہ جنگ کی حالت میں سخت خوف کے وقت جس طرف بھی نماز پڑھ لیں ہو جائے گی۔ پانچواں قول یہ ہے کہ قبلہ بدلنے پر یہود نے مسلمانوں پر طعنہ کیا کہ تمہارا عجیب دین ہے جس کا کوئی قبلہ ہی مقرر نہیں کبھی بیت المقدس اور کبھی کعبہ معظمہ اس پر یہ اتری جس میں فرمایا گیا کہ اہل کتاب تو سمت کے تابع ہیں اور اے مسلمانو تم اللہ کے حکم کے۔ چھٹا قول یہ ہے کہ ایک زمانہ میں مسلمانوں کو اختیار تھا کہ جدھر جائیں ادھر ہی منہ کر کے نماز پڑھیں بیت المقدس یا خانہ کعبہ اس وقت کی یہ آیت ہے۔ (تفسیر کبیر و احکام القرآن و خزائن العرفان) لہٰذا یہ آیت یا منسوخ ہے یا ناسخ اور یا اپنے حال پر باقی۔

**تفسیر: و للہ المشرق و المغرب۔** للہ میں لام ملکیت کا ہے یعنی اللہ کی ملک ہیں۔ مشرق شرق کا ظرف ہے۔ جس کے معنی ہیں چمکنا و **اشرقت الارض بنور ربھا** پورب کو اس لئے مشرق کہتے ہیں کہ اس طرف سے سورج اور تمام تارے چمکتے اور طلوع کرتے ہیں۔ مغرب غروب کا ظرف ہے۔ جس کے معنی ہیں ڈوب جانا اس لئے بڑے ڈول کو غرب کہتے ہیں کہ اسے پانی میں ڈبویا جاتا ہے اور بہت ممکن ہے کہ مسافر اور انوکھی چیز کو بھی اس لئے غریب کہا جاتا ہے کہ وہ ڈوبے ہوئے کی طرح لوگوں کی نظر وغیرہ سے چھپے رہتے ہیں۔ خیال رہے کہ اس کا مطلب یہ نہیں کہ صرف پورب پچھم اللہ کا ہے۔ اور جنوب شمال کسی اور کا بلکہ اس سے سارا عالم اجسام مراد ہے۔ کیونکہ مشرق و مغرب کے دو کنارے بول کر پوری چیز مراد لی جاتی ہے۔ جیسے کہ فلاں کو سر سے پاؤں تک پسینہ آگیا یعنی سارے جسم پر مطلب یہ ہوا کہ پورب پچھم یعنی سارا عالم اللہ کا ہے۔ لہٰذا اگر کفار تم کو مسجدوں میں اللہ کا ذکر نہ کرنے دیں۔ **فاینما تولوا** جدھر بھی تم رخ کر لو اینما این ظرفیہ اور ما تنکیریہ سے بنا ہے۔ اور پیٹھ پھیرنا بھی ہے۔ یعنی قرب اور سلب۔ یہاں دونوں معنی بن سکتے ہیں۔ یعنی جدھر منہ کر لو یا مسجد سے پیٹھ پھیر کر جدھر جا کر نماز پڑھو۔ یعنی تم دعا یا نماز میں جدھر منہ کر لو۔ **فثم وجہ اللہ** ادھر ہی اللہ کی توجہ ہے ثم اور ھنا دونوں ظرف مکان ہیں۔ ھنا قریب جگہ کو بولتے ہیں اور ثم دور کو کہتے ہیں جیسے اردو میں یہاں اور وہاں مگر اس جگہ ثم ھنا کے معنی میں ہے۔ (روح البیان)۔ وجہ کے چند معنی ہیں چہرہ

marfat.com
Marfat.com

ذات جیسے **انی وجهت وجهی** اور مرضی جیسے **انما نطعمکم لوجه الله** اور **کل شی هالک الا وجهه** اور جہت‘ سمت یہاں چاروں معنی بن سکتے ہیں۔ اگر چہرہ مراد ہو تو اس کی اضافت اللہ کی طرف تشریفی ہوگی۔ جیسے ناقۃ اللہ و بیت اللہ یعنی اودھر اودھر اللہ کا پیدا کیا ہوا چہرہ ہے۔(تفسیر کبیر)۔ تو گویا کہ اللہ کے مقبول بندوں کے چہروں کو وجہ اللہ کہا گیا۔ یعنی جدہر بھی منہ کر لوگے ادہر ہی مقبولان خدا خصوصاً" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ پاک پھرا ہے۔ تم ہر طرف ان کی سنت کو پاؤ گے کیونکہ انہوں نے سفر اور خوف کی حالت میں ہر طرف ہی نماز پڑھی ہے اور اگر ذات مراد ہو تو اس سے رب کا علم اور رحمت مقصود ہوگی یعنی جدہر بھی منہ کر لوگے ادہر ہی اس کی رحمت پاؤ گے اور اگر رضاء ہو تو معنی ظاہر ہیں کہ ہر طرف اللہ کی رضا ہے اور اگر جہت اور سمت مراد ہو تو یہ معنی ہوں گے کہ تم جدہر بھی منہ کر لوگے۔ وہی اللہ کی پسندیدہ جہت ہے۔ تفسیر کبیر نے فرمایا کہ وجہ کے معنی قصد اور نیت کے بھی ہیں۔ چنانچہ ایک شاعر کہتا ہے۔

**استغفرالله ذنبا" لست احصیه رب العباد الیه الوجه والعمل**

یعنی قصد اب معنی یہ ہوئے کہ تم جدہر منہ کرو گے ادہر ہی اللہ کا ارادہ ہے۔ غرضیکہ ہر طرف اللہ ہی اللہ ہے **ان الله واسع** لفظ **واسع** یا **سعتہ** سے بنا ہے جس کے معنی ہیں لامحدود و فراخی۔ خواہ مکان کے لحاظ سے ہو یا حالت کے یا فعل کے لحاظ سے حق تعالیٰ کا نام واسع بھی ہے جس کے معنی ہیں کہ اس کا علم اس کی ملکیت‘ اس کی قدرت اس کا خلق" تمام عالم کو گھیرے ہوئے مگر خود لامحدود جیسے فرمایا **و رحمتی وسعت کل شی** اور فرمایا **وسع ربی کل شیء علما"** **علیم** یہ گویا واسع ہی کا بیان ہے۔ یعنی اس کی سلطنت سب کو گھیرے ہوئے ہے اور پھر وہ کسی سے بے خبر نہیں بلکہ سب کو جانتا ہے۔ علیم میں بشارت بھی ہے اور ڈرانا بھی کہ مسلمانوں کو چاہئے کہ بقدر طاقت نیکیاں کئے جائیں۔

**خلاصہ تفسیر :** اس آیت کی تفسیریں شان نزول اور تعلقات کے لحاظ سے بہت ہیں یا یہ کہ اے مسلمانوں اگر مشرکین تم کو مسجدوں میں اللہ کے ذکر سے منع کرتے ہیں تو تم ان کی پرواہ نہ کرو نہ تو اس سے اللہ کا ذکر رک سکتا ہے اور نہ تمہاری نمازیں کیونکہ اس کی عبادت صرف مسجدوں کی چاردیواری میں ہی محدود نہیں بلکہ سارا مشرق و مغرب اسی کا ہے اور سارے عالم میں اسی کی سلطنت ہے تم جہاں کہیں بھی موقعہ پا کر نماز پڑھ لوگے ادہر ہی اللہ کی رحمت اور اس کی قبولیت ہوگی کیونکہ اللہ بڑی وسیع مملکت والا بڑے علم والا ہے۔ اے مسلمانو! تم بحالت خوف جب جہاد میں ڈرتے ہوئے نماز پڑھو تو جدہر بھی منہ کر لوگے ادھر ہی اللہ کی رحمت ہے اس آخری صورت میں یہ آیت **فولوا وجوهکم شطره** سے منسوخ ہے یا اے لوگو تم جدہر منہ اٹھا کر دیکھو وہاں اللہ کی معبودیت ہے ہر جگہ اس کی عبادت ہو رہی ہے۔ لہٰذا تم بھی اس کی عبادت کرو یا اے صحابہ کرام تم جدہر بھی جہاد کے لئے جاؤ گے ادہر ہی اللہ کی رحمت اس کی فتح و نصرت پاؤ گے۔ یا اے کافرو تم جدہر بھی بھاگ کر جاؤ گے ادہر ہی اللہ کی ذات ہے۔ یعنی اس کے غضب و عذاب سے کہیں امان نہ پاؤ گے۔ خیال رہے کہ وسعتیں بہت سی ہیں۔ (1) وسعت علمی۔ (2) وسعت احسانی کہ اس کا علم اور اس کی نعمتیں ہر چیز پر حاوی ہیں۔ بعض مخلوقات کو کچھ وسعتیں خاص ملی ہیں لیکن مطلق وسعت والا رب ہی ہے۔ اگر اس کے علم کو دیکھو تو وہ ایک دریا ناپیدا کنار ہے۔ اگر اس کے احسانات پر نظر کرو تو وہ بے حد و بے شمار ہے۔ اگر اس کی قدرتوں میں غور کرو تو وہ اندازے سے باہر لہٰذا کہنا پڑے گا کہ وہی حقیقی واسع ہے اور وہی حقیقی علم والا‘ یا واسع بمعنی وسعت و

marfat.com
Marfat.com

گنجائش والا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے امت مصطفوی کو بہت وسعتیں اور گنجائش دینے والا ہے۔ چنانچہ اسلام میں رب نے بہت سی وسعتیں دی ہیں ہر جگہ نماز درست ہے۔ پانی نہ ہو تو مٹی سے تیمم جائز ہے ناپاک چیزوں کو پاک کرنے کے لئے بہت آسان طریقے مقرر ہیں۔ دودھ گھی تک پاک ہو سکتا ہے توبہ کے لئے بہت سہولتیں دے دیں۔ زکوٰۃ صرف چالیسواں حصہ ہے صوفیاء کرام کے نزدیک واسع کا مطلب یہ ہے کہ رب تعالیٰ نے انسان کو عقل دی جو محدود ہے۔ عشق بخشا جو لامحدود ہے۔ پھر دنیا کو محدود بنایا آخرت کو غیر محدود۔ عقل محدود سے دنیا محدود کو جانو اور عشق غیر محدود سے غیر محدود آخرت کو پہچانو رب نے اپنے محبوب کو غیر فانی لامحدود صفات بخشے۔ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو عقل سے نہ پرکھو عشق سے معلوم کرو۔ سمندر کا پانی، ہوا اور سورج کی روشنی کسی ترازو سے نہیں تل سکتی یونہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل عقل کی ترازو سے مت تولو۔ عقلی، اطاعتوں کا بدلہ جنت اور وہاں کی نعمتیں ہیں مگر عشق کا عوض دیدار الٰہی ہے۔ رب تعالیٰ اپنے محبوب کو وسعتیں دینے والا ہے۔ عاشقوں کے عشق میں وسعتیں بخشنے والا ہے اور جانتا ہے کون کس وسعت کے لائق ہے۔

**فائدے** : اس آیت اور اس کی تفاسیر سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** پہلی امتوں کی نمازیں عبادت خانوں کے سوا کہیں نہ ہو سکتی تھیں۔ اسلام میں مسلمانوں کے لئے ساری زمین مسجد ہے اگر کسی جگہ نماز کی ممانعت ہو گی تو کسی عارضے کی وجہ سے جیسے کہ قبرستان مذبح خانہ اور حمام وغیرہ۔ **دوسرا فائدہ:** اگر کسی کو سمت قبلہ نہ معلوم ہو سکے تو جدہر دل گواہی دے ادہر ہی نماز پڑھ لے۔ **تیسرا فائدہ:** سفر میں نوافل اور خوف میں ہر نماز اور خانہ کعبہ اور مکہ معظمہ کے نظر والے ملک میں جس طرف رخ کرکے پڑھ لی جائے جائز ہے۔ **چوتھا فائدہ:** دعا کے واسطے کوئی سمت لازم نہیں امام کو بھی چاہئے کہ اکثر داہنی طرف رخ کرکے دعا مانگے کیونکہ سنت ہے مگر کبھی کبھی اور سمت بھی دعا مانگا کرے۔ **پانچواں فائدہ:** نیکی سے روکنا سخت گناہ ہے۔ کسی کے روکنے سے نیک کام تو نہ رکے گا مگر خود روکنے والے پر وبال پڑے گا۔ **چھٹا فائدہ:** اگر مسلمان ایمان کا ہتھیار لے کر جہاد کریں تو ہر جگہ فتح و نصرت ان کے ساتھ ہوں۔

**اعتراض** : **پہلا اعتراض:** اگر ہر طرف اللہ کی رحمت ہے تو مسلمان نماز میں کعبہ کی طرف کیوں منہ کرتے ہیں؟ چاہئے کہ ہر طرف نماز پڑھ لیا کریں۔ (ستیارتھ پرکاش)۔ **جواب:** تاکہ مسلم قوم میں اجتماعی شان پیدا ہو اسی لئے نماز، روزے، حج وغیرہ کے لئے وقت بھی مقرر کر دیئے گئے اور مسجدوں میں حاضری کا حکم دیا گیا۔ نیز سمت مقرر ہونے سے دل میں سکون رہتا ہے۔ اسی لئے نمازی کی نظر بھی ایک جگہ رہنی چاہئے۔ ہر طرف دیکھنے سے دل بٹتا ہے نیز اس میں رب کی شان قہاری نظر آتی ہے کہ اس نے کروڑوں انسانوں کو ایک رخ پر جمع فرما دیا اور چونکہ خود کعبہ کو سجدہ کرنا مقصود نہیں لہٰذا بعض صورتوں میں ہر طرح نماز جائز کر دی گئی۔ **دوسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ نماز میں کعبہ کو منہ کرنا فرض نہیں زیادہ سے زیادہ مستحب ہو گا۔ **جواب:** شان نزول اور تعلق میں اس کے جوابات تفصیل وار گزر گئے کہ یا تو یہ آیت دعا کے لئے ہے۔ اور یا مسافر اور خائف کے لئے اور یا کفار کو ڈرانے یا مسلمانوں کو خوش کرنے کے لئے ہے اور اگر اختیار دینے کے لئے ہے تو اس آیت سے منسوخ ہے۔ فولوا وجوهكم شطره وغیرہ۔ **تیسرا فائدہ:** جب دعا کے لئے کوئی سمت مقرر نہیں تو مسلمان آسمان کی طرف ہاتھ کیوں اٹھاتے ہیں کیا وہاں خدا رہتا ہے؟ **جواب:** چند وجہ سے ایک یہ کہ یہ سنت انبیاء ہے ان کی اطاعت سے دعا

marfat.com
Marfat.com

زیادہ قبول ہوگی دوسرے یہ کہ آسمان تمام نعمتوں کا خزانہ ہے و فی السماء رزقکم تو اس طرف اشارہ کر کے کہتے ہیں کہ مولیٰ تو ہمیں یہاں سے نعمتیں دے جیسے شاہی نوکر خزانہ پر جمع ہوتے ہیں اور وہاں سے ہاتھ پھیلا کر تنخواہیں لیتے ہیں۔ تیسرے یہ کہ ہم کو بڑی بڑی نعمتیں آسمان ہی سے ملتی ہیں۔ بارش' دھوپ موسموں کا تبادلہ' تندرستی اور بیماری آسمانی اثرات سے ہوتی ہے۔ تو چونکہ اس طرف سے نعمتیں لینے کی عادت پڑ چکی اس لئے ادھر ہی سے مانگتے ہیں۔ نکتہ: کعبہ قبلہ نماز ہے اور آسمان قبلہ دعاء اور بیت المعمور قبلہ ملائکہ اور کرسی قبلہ کروبین اور عرش قبلہ حاملین۔ عرش اور ذات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبلہ قلب اور کعبہ روح ہے۔ جس کی طفیل یہ سارے قبلے پیدا ہوئے۔ اسی لئے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عین نماز پڑھانے کی حالت میں جب سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کو تشریف لاتے ہوئے دیکھا تو خود مقتدی بن گئے اور اسی وقت سے حضور علیہ السلام امام کیونکہ قبلہ کو پیٹھ کر کے نماز نہیں ہوتی اور اسی لئے مسجد نبوی شریف میں صف کی بائیں جانب دائیں طرف سے افضل ہے کیونکہ ادھر روضہ مطہرہ ہے جیسے کہ دل سے جسم کی بقاء ہے اور دل بائیں پہلو میں ہے۔ ایسے ہی حضور سے نماز کی بقا ہے اسی لئے وہ مسجد کے بائیں طرف آرام فرما ہیں۔

اے جوش دل گر ان کو یہ سجدہ روا نہیں اچھا وہ سجدہ کیجئے کہ سر کو خبر نہ ہو

وہ نماز قبول ہے۔ جس میں سر کعبہ کی طرف ہو اور دل مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف۔ **چوتھا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کا بھی جسم ہے کیونکہ اس کے لئے چہرہ بھی ثابت کیا گیا اور وسعت بھی۔ **جواب:** اس کا جواب ان دو لفظوں کی تفسیر میں گزر گیا ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ خدا کے جسم سے پاک ہونے کی یہ دلیل ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عرش پر پہنچ کر بھی فرمایا انت اور یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ میں رہ کر فرمایا لا الہ الا انت نیز ہر مخلوق دریا' خشکی ہوا وغیرہ ہر جگہ سے اسے انت ہی سے خطاب کرتے ہیں اگر جسم ہوتا تو کسی جگہ میں ہوتا اور ہر جگہ سے اس کو خطاب نہ ہوتا۔ (روح البیان)۔

**تفسیر صوفیانہ :** شریعت مشرق ہے اور طریقت مغرب ظاہر مشرق ہے اور باطن مغرب' نور مشرق ہے اور ظہور مغرب۔ شریعت میں رہ کر ظاہری عبادت کرو' سر سے سجدے کرو یا طریقت میں آکر قلبی سجدے گزارو غرض کسی طرف جاؤ رب کو پاؤ گے۔ شریعت اور ظاہر بھی اس لئے ہیں اور طریقت اور ظلمت اور ظہور بھی اس لئے نیز زاہدین حرم کے میدان میں کعبہ کی دیوار کے سایہ میں نماز شریعت پڑھتے ہیں مگر عاشقین کربلا کے میدان میں تلواروں کے سائے کے نیچے نماز عشق ادا کرتے ہیں مگر جہاں جاؤ رب کو پاؤ گے لیکن خیال رہے کہ جب عشق کی وادی سینا میں قدم رکھو تو طبیعت اور نفس کے جوتے اتار دو تاکہ انا اخترتک کا خطاب پاؤ۔

**دوسری تفسیر صوفیانہ :** اے جماعت صحابہ تمہاری مشرق و مغرب یعنی پیدائش و ذات اللہ کے لئے ہے تو اے صحابہ جدھر تم منہ کرو گے ادھر ہی اللہ کی رحمت ہے اس آیت کی تفسیر وہ آیت ہے فان امنوا بمثل ما امنتم بہ فقد اھتدوا اور وہ حدیث ہے کہ میری امت کے 73 فرقے ہوں گے ایک جنتی باقی دوزخی۔ جنتی فرقہ وہ ہے جو میرے صحابہ کے طریقے پر ہو جو صحابہ کو چھوڑ کر کلمہ' قرآن نماز پڑھے' حج کرے وہ مردود ہے کیونکہ مقبولیت تو صحابہ کے ساتھ ہے دیکھو جب حضور انور اور

marfat.com
Marfat.com

صحابہ مکہ معظمہ سے ہجرت کر گئے تو مسلمانوں کو بلا عذر مکہ میں رہنا حرام ہو گیا حالانکہ مکہ میں بیت اللہ وغیرہ سب کچھ تھا اور صلح حدیبیہ کے موقع پر جب عثمان غنی صلح کا پیغام لے کر مکہ معظمہ گئے تو کفار نے آپ سے کہا کہ آپ کے لئے کعبہ حاضر ہے۔ طواف و سعی و عمرہ کرلیں حضرت عثمان نے فرمایا کہ بغیر حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کعبہ ویران ہے میں عمرہ نہیں کر سکتا جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم موجود نہ ہوں کعبہ جسم طواف کعبہ دل یعنی حضور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہی کروں گا۔ لہٰذا جس مذہب میں صحابہ رضی اللہ عنہم ہوں۔ وہاں اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے جہاں صحابہ کی قبریں ہوں وہاں اللہ کی رحمتیں ہیں۔

| |
|---|
| وَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ |
| اور کہا انہوں نے بنایا اللہ نے بچہ پاکی ہے اس کو بلکہ واسطے اس کے ہے جو بیچ آسمانوں |
| اور بولے خدا نے اپنی اولاد رکھی پاکی ہے اسے بلکہ اس کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں اور |
| وَ الْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۞ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ |
| اور زمین کے ہے سب واسطے اس کے اطاعت کرنیوالے ہیں ایجاد کرنے والا آسمانوں اور زمین کا |
| زمین میں ہے سب اس کے حضور گردن ڈالے ہیں نیا پیدا کرنے والا آسمانوں اور زمین کا |
| وَ اِذَا قَضٰۤى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۞ |
| اور جب فیصلہ کر دے کسی بات کا پس اس کے سوا نہیں کہتا ہے واسطے اس کے ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے |
| اور جب کسی بات کا حکم فرمادے تو اس سے یہی فرماتا ہے کہ ہو جا وہ فوراً ہو جاتی ہے۔ |

**تعلق:** اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** پچھلی آیت میں بتایا گیا کہ کفار مسلمانوں کو مسجدوں میں اللہ کا ذکر کرنے سے روکتے تھے۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ خود بھی اس کا ذکر نہیں کرتے بلکہ اسے گالیاں دیتے ہیں۔ یعنی ان مسلمانوں کو روکنا اپنی عبادت کے لئے نہیں ہے بلکہ خباثت نفس سے ہے۔ **دوسرا تعلق:** پہلے فرمایا گیا تھا کہ کفار مسجدوں کے دشمن ہیں۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ وہ خود خدا کے بھی دشمن ہیں کہ اس میں عیب نکالتے ہیں۔ **تیسرا تعلق:** پچھلی آیتوں میں فرمایا گیا تھا کہ سارے جہاں کا اللہ ہی مالک ہے۔ اور یہ ایسی کھلی ہوئی بات تھی جس کا کوئی بے وقوف بھی انکار نہیں کر سکتا اب فرمایا جا رہا ہے ان بے وقوفوں نے اس قدر صاف مسئلہ کا بھی انکار کر دیا کہ رب کے لئے اولاد مانی اور ظاہر ہے کہ اولاد والا ساری چیزوں کا مالک نہیں ہو سکتا جیسا کہ انشاء اللہ تفسیر میں معلوم ہو گا۔

**شان نزول:** یہود نے حضرت عزیر علیہ السلام کو اور عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا مانا اور مشرکین عرب نے فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں بتایا کیونکہ یہ سب خدائی کام کرتے ہیں اور کسی کو نظر نہیں آتے لہٰذا وہ اس کی بیٹیاں ہیں ان سب کی تردید میں یہ آیت کریمہ اتری۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر : **و قالوا** اس کا فاعل یہود' نصاریٰ' مشرکین سب ہیں- چونکہ **فمن اظلم ممن منع** میں ان سب کی طرف اشارہ ہو چکا ہے لہٰذا ان سب کی طرف ضمیر کا لوٹنا صحیح ہو گیا- **اتخذ اللہ ولدا** " اتخاذ کے دو معنی ہیں ایک مشقت یعنی اختیار کرنا دوسرے تصویر یعنی بنانا پہلے معنی میں اس کا ایک ہی مفعول ہوتا ہے' اور دوسرے معنی میں دو اگر یہاں پہلے معنی مراد ہوں تو مطلب یہ ہوگا کہ اللہ نے اپنے لئے کچھ اختیار کیا اور اگر دوسرے معنی مراد ہوں تو اس کا پہلا مفعول پوشیدہ ہوگا یعنی اللہ نے اپنی بعض مخلوقات کو اپنا (متبنیٰ) منہ بولا بیٹا بنایا اور یہ دونوں باتیں رب کے حق میں گالی ہیں- اگرچہ ہمارے واسطے درست جیسا کہ مفعول ہونا عورتوں کے لئے عیب نہیں مگر مردوں کے حق میں گالی ہے- اہل کتاب نے تو اس کے لئے بیٹا مانا تھا اور مشرکین نے بیٹی- اس لئے **ولدا** فرمایا جو کہ دونوں کو شامل ہے یعنی بچہ- ولد مصدر ہے- جس کے معنی ہیں جننا- مگر یہاں مولود کے معنی میں ہے اپنے متبنیٰ کو بھی مجازاً" ولد کہہ دیتے ہیں جیسے **او نتخذہ ولدا** " مجازاً پیداوار کو بھی کہہ دیا جاتا ہے جیسے کہ الارض گلا زعفران زمین جنتی نیز تربیت دینے اور پرورش کرنے کو بھی تولید کہہ دیتے ہیں- اس معنی سے رب نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو فرمایا تھا کہ **انا ولدتک** میں نے تمہاری پرورش کی بے وقوف عیسائیوں نے انہیں ولد یعنی خدا کا بیٹا سمجھ لیا نیز اس زمانہ میں رب کو باپ اور پیاری مخلوق کو اولاد کہا کرتے تھے- یہودیوں نے ان لفظوں کو غلط معنی میں استعمال کرنا شروع کر دیا اور کہا **نحن ابناء اللہ و احباءہ** یہاں **قالوا** سے مراد یا تو قائل ہونا اور معتقد ہونا ہے یا زبان سے کہنا- قالوا فرما کر اشارۃً" کہا گیا ہے کہ اس عقیدے اور قول کے وہ لوگ خود ذمہ دار ہیں- انہوں نے یہ اپنی طرف سے کہا ہے نہ تو ان سے ہم نے فرمایا نہ ہمارے نبیوں نے نہ ہماری کتابوں نہ ان سچے دینوں کے سچے مومنین نے رب تعالیٰ نے ان سب کی چند طرح تردید فرمائی اول یہ کہ **سبحنہ** اس کے لئے پاکی ہے سبحان **سبح** سے بنا ہے جس کے لغوی معنی ہیں تیرنا اور دور ہونا **کل فی فلک یسبحون** اصطلاح میں ہر عیب سے پاک ہونے کو بولتے ہیں کیونکہ پاک ذات ہم جیسوں کے وہم و گمان سے دور ہے اسی سے تسبیح بنا جس کے معنی ہیں رب کو پاک جاننا- خیال رہے کہ چونکہ سبحان میں ہر عیب سے کامل پاکی مراد ہے- اس لئے کسی مخلوق کے واسطے یہ لفظ نہیں بولا جا سکتا بخلاف حمد و تکبیر کے کہ اسے مخلوقات بھی آپس میں استعمال کر لیتی ہیں- (تفسیر عزیزی)- سبحان میں فرمایا کہ الوہیت باپ ہونے کے خلاف ہے اور رب **اب** نہیں ہو سکتا- کیونکہ بیٹا باپ کی جنس سے ہوتا ہے- رب جنسیت سے پاک ہے نیز بیٹا مجبوراً" اختیار کیا جاتا ہے اور رب مجبوری سے بھی پاک ہے- نیز بیٹا باپ کا جزو ہوتا ہے رب اس سے بھی پاک ہے- نیز بیٹے میں ماں کی امداد ضروری ہے- رب دوسرے کی امداد سے بھی پاک ہے نیز بیٹے کے لئے رب کی بیوی ماننا پڑے گی اور رب بیوی سے پاک ہے- نیز ضروری ہے کہ بیوی شوہر کی کفو یعنی مثل ہو- رب مثلیت سے پاک اسی لئے فرمایا گیا- **و لم یکن لہ کفوا احد** غرضیکہ الوہیت اور رب باپ ہونا کبھی جمع ہو ہی نہیں سکتے یہ سب دلائل سبحان میں بتائے گئے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تعجب کے لئے سبحان کہا گیا ہو ہم لوگ بھی ایسے موقعہ پر سبحان اللہ معاذ اللہ وغیرہ بولتے ہیں- دوسری دلیل: **بل لہ ما فی السموت والارض** یہ درحقیقت دو دلیلیں ہیں- اس آیت کے دو مطلب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ کفار کا رب کے لئے **ولد** ماننا غلط ہے- بلکہ آسمان و زمین کی تمام چیزیں اس کی ملکیت ہیں اور ظاہر ہے کہ باپ بیٹے کا مالک نہیں ہو سکتا تو اگر اس کے لئے اولاد ہوتی تو رب تعالیٰ بعض کا تو مالک ہوتا اور بعض کا باپ یا یہ کہ ہر چیز رب کی مخلوق ہے اور بیٹا مخلوق نہیں بلکہ مولود ہوتا ہے- لہٰذا لازم آئے گا کہ بعض چیزیں رب کی مخلوق ہوں اور بعض مولود دوسرے یہ کہ اولاد باپ کے مال کی ایک طرح مالک و قابض ہوتی

marfat.com
Marfat.com

ہے فرمایا گیا اللہ ہی کی ہیں آسمان و زمین کی چیزیں۔ اگر اس کی اولاد ہوتی تو یہ چیزیں رب کی بھی ہوتیں اور اولاد کی بھی۔ تیسری دلیل: یہ ہے کہ کل لہ قنتون ہر چیز اصل کی مطیع ہے۔ قانتون۔ قنوت سے بنا۔ جس کے چار معنی ہیں۔ اطاعت و فرمانبرداری جیسے اقنتی لربک کھڑا ہونا جیسے طول القنوت چپ رہنا۔ جیسے قوموا للہ قانتین ہمیشہ رہنا یہاں چاروں معنی بن سکتے ہیں۔ یعنی ہر چیز رب کی فرمانبردار ہے اس کے سامنے کھڑے ہو کر عبادت گزار ہے اس کے احکام پر خاموش ہے اور ہمیشہ اس کی محتاج ہے یہ نہیں کہ صرف پیدا ہوتے وقت اس کی محتاج تھی بعد میں غنی ہو گئی۔ اولاد اولا" ماں باپ کی محتاج ہوتی ہے پھر ان سے بے پرواہ بلکہ اخیر میں خود ماں باپ اولاد کے محتاج "اگر رب کی بھی اولاد ہوتی تو معاذ اللہ یا تو وہ اس کا محتاج ہوتا یا کم از کم وہ اولاد اس سے غنی ہوتی۔ نیز خدا کی اولاد بھی خدا ہی ہونی چاہئے تھی اور خدا دوسرے کی عبادت نہیں کر سکتا۔ لہذا عالم کی بعض چیزیں تو اس کی مطیع ہوتیں۔ بعض نہ ہوتیں۔ چوتھی دلیل: یہ ہے کہ بدیع السموات والارض وہ آسمان و زمین کو ایجاد فرمانے والا ہے۔ بدیع بدع سے بنا جس کے معنی ہیں بغیر نمونہ کے بنانا اور جب رب کے لئے اس کا استعمال ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں بغیر آلہ اور مادہ اور زمانہ اور مکان کے کسی چیز کو وجود دینا اسی سے بنا ہے بدعت یعنی دین میں نیا عقیدہ داخل کرنا۔ یہ بھی درحقیقت اولاد نہ ہونے کی دو دلیلیں ہیں اور اس کے بھی دو مطلب ہیں ایک یہ کہ بدیع معنی مبدع ہو اور السموت والارض اس کا مفعول یعنی رب تعالیٰ آسمان و زمین جیسی بڑی چیزوں کو بغیر نمونہ بغیر مثال بغیر مادہ اور بغیر آلہ کے پیدا فرمانے والا ہے تو انسان اور فرشتے بھی ایسے ہی پیدا فرمائے۔ اور باپ وہ۔ جس سے اس کی مثل اس کے مادہ سے اور آلہ سے بچہ بنے لہذا رب کسی کا باپ نہیں۔ دوسرے یہ کہ بدیع اپنے معنی میں ہو اور السموت والارض اس کا فاعل ہو۔ یعنی رب تعالیٰ انوکھے آسمان و زمین والا ہے۔ (روح البیان) اور لائق بیٹا وہ ہوتا ہے جو باپ سے بڑھ چڑھ کر کام کرے یا کم از کم اس کے برابر رہے اور اگر اس کی کوئی اولاد ہے تو بتاؤ اس کے آسمان و زمین کہاں ہیں۔ پانچویں دلیل: یہ ہے کہ واذا قضی امرا"۔ قضیٰ قضاء سے بنا ہے۔ اور قضاء قرآن کریم میں چند معنوں میں استعمال ہوا۔ (1) پیدا کرنا فقضھن سبع سموت (2) حکم دینا وقضی ربک۔ (3) فیصلہ کرنا۔ اسی لئے حاکم کو قاضی کہتے ہیں۔ (4) خبر دینا وقضینا الی بنی اسرائیل اس معنی کے لئے الی ضروری ہے۔ (5) فارغ ہونا فلما قضی ولوا الی قومھم اور فرمایا گیا وقضی الامر۔ (6) پورا کر لینا جیسے فلما قضی زید۔ (7) ارادہ کرنا۔ یہاں یا تو فیصلہ کرنے کے معنی ہیں یا ارادہ کرنے کے یا حکم دینے کے خیال رہے کہ قضاء قدر میں یہ فرق ہے کہ قدر کے معنی ہیں اندازہ کرنا اور قضا کے معنی ہیں حکم یا فیصلہ دینا (ع) لہذا قدر اندازہ ہے اور قضا اس سے نافذ کرنا۔ پس قدر قضا سے پہلے ہے اسی لئے کہا جاتا ہے کہ نفر من قضاء اللہ الی قدر اللہ یعنی ہم اللہ کے حکم سے اس کی قدر کی طرف بھاگتے ہیں قدر سے ہی تقدیر بنی۔ فانما یقول لہ کن فیکون یعنی وہ اپنے پیدا فرمانے میں کسی مادہ وغیرہ کا حاجت مند نہیں بلکہ صرف کن فرمانا اور ارادہ کا تعلق کافی ہوتا ہے اور بیٹے میں یہ بات نہیں لہذا وہ اولاد وغیرہ سے پاک ہے۔

خلاصہ تفسیر: اے مسلمانو! یہ مسجدوں سے تم کو اس لئے نہیں روکتے کہ خود وہاں رب کی عبادت کریں گے یہ بدنصیب اس کی عبادت تو کیا کرتے اسے گالیاں دیتے ہیں اس کے لئے نہ ہوئی بات مانتے ہیں خیال تو کرو کہ کیسی گندی بات اس کے لئے مان بیٹھے۔ کہ کہتے ہیں کہ رب نے بھی ہماری طرح اپنے لئے اولاد اختیار فرمائی یا جس نے بعض مخلوق کو اپنا منہ بولا بچہ بنایا سبحان اللہ

marfat.com
Marfat.com

یہ کیونکر ممکن ہے رب تو پاک ہے آسمانی اور زمینی چیزوں کا واحد مالک ہے آسمان اور زمین جیسی زبردست مخلوقات کو بغیر نمونہ' بغیر مادہ' بغیر آلات و اسباب ایجاد فرمانے والا ہے اس کی شان تو یہ ہے کہ جب کسی بات کا فیصلہ فرمائے تو اس سے کن فرمادیتا ہے اور اس کا ارادہ اس چیز کے متعلق ہو جاتا ہے جس سے وہ چیز فوراً" پیدا ہو جاتی ہے جس کی ایسی اعلیٰ صفتیں ہوں وہ اولاد ہونے سے بلند و بالا ہے۔ خیال رہے کہ یہود و نصاریٰ نے حضرت عزیر و مسیح علیہما السلام کا ایک ایک معجزہ دیکھ کر انہیں اللہ کا بیٹا کہہ دیا۔ کیونکہ ان قوموں میں اپنے انبیاء علیہ السلام کا میلاد شریف پڑھنے کا رواج نہ تھا۔ ورنہ انہیں معلوم ہو تا رہتا کہ وہ حضرات ماں سے پیدا ہوئے ماں کا دودھ پیتے رہے۔ فلاں کی پرورش میں رہے اور جو پیدا ہو کر دودھ پئے پرورش کیا جائے وہ اللہ یا اللہ کا بیٹا نہیں ہو سکتا اس لئے رب تعالیٰ نے حضرت مسیح و موسیٰ وغیرہم انبیائے کرام علیہم السلام کا میلاد شریف قرآن کریم میں بہت تفصیل سے بیان کیا۔ مسلمان دن رات حضور کا میلاد شریف پڑھتے رہتے ہیں ہمیشہ ان میں یہ دستور ہے اسی لئے حضور کے ہزارہا معجزات دیکھ کر سن کر بھی کسی مسلمان نے حضور کو نہ خدا کہا نہ خدا کا بیٹا۔ یہ میلاد شریف کا ذکر شرک توڑ ہے۔ محفل میلاد کی برکت سے ہی لوگ شرک سے بچے۔

## رب کے اولاد سے پاک ہونے کے دلائل

حق تعالیٰ کے اولاد سے پاک ہونے کی بہت سی دلیلیں ہیں جن میں سے کچھ تو یہاں بیان ہوئیں اور کچھ سورہ اخلاص شریف میں کچھ دیگر آیتوں میں آئیں گی ہم قدرے تفصیل سے بطور اختصار کچھ بیان کرتے ہیں۔ **دلیل اول:** اولاد کی ضرورت مغلوب کو ہوتی ہے کبھی تو شہوت سے مغلوب ہو کر جماع کرتا ہے۔ جس سے اولاد ہو جاتی ہے کبھی دشمنوں کی قوت سے مجبور ہو کر اولاد کی خواہش کرتا ہے جو اپنا قوت بازو ہو اور اس کے ذریعہ رشتہ داریاں بڑھیں اور یہ مجبور ہو کر نہ رہے۔ رب تعالیٰ ہر قسم کی مغلوبی سے پاک ہے۔ لہذا اولاد سے پاک۔ **دوسری دلیل:** بدلنے والی چیز اولاد کی خواہش مند ہو سکتی ہے غیر متبدل کی اولاد نہیں انسان سمجھتا ہے کہ مجھ کو بڑھاپا بھی آنے والا ہے اس وقت عصاء پیری یعنی فرزند چاہئے' چاند' تارے' سورج وغیرہ چونکہ بدلتے نہیں اسی لئے ان کی اولاد بھی نہیں۔ رب تعالیٰ بھی تبدیلی سے پاک اس لئے اولاد سے بھی پاک۔ **تیسری دلیل** فانی کو اولاد درکار تاکہ اس کی نسل باقی رہے۔ انسان اپنی نسل کی بقاء اپنے بعد اپنے گھر کی آبادی اور اپنے نام کو زندہ رکھنے کے لئے اولاد چاہتا ہے جانوروں کی نسل کی بقا بھی اولاد ہی سے ہے بعض علم طبیعات والے فرماتے ہیں کہ درختوں بلکہ پتھروں میں بھی توالد و تناسل ہے۔ بعض درخت نر اور بعض مادہ ہیں نر کی ہوا مادہ کو لگتی ہے جس سے وہ پھلوں سے حاملہ ہو جاتی ہے۔ بعض درختوں میں تو اس کا مشاہدہ بھی ہوتا ہے جیسے ارنڈ کھجور وغیرہ یہی حدیث تابیر نخل کا مطلب ہے جس کو ہم نے اپنی کتاب جاء الحق میں بیان کیا چونکہ آسمانی چیزیں قیامت تک فانی نہیں اس لئے ان کی اولاد بھی نہیں اور رب تو واجب الوجود ہے۔ اس لئے اولاد سے پاک۔ **چوتھی دلیل:** اولاد باپ کی ہم جنس چاہیے۔ آپ کے جسم کے کیڑے جوئیں وغیرہ آپ کی اولاد نہیں اگر رب کی اولاد ہوتی تو اس کے ہم جنس ہوتی اور جنس کے لئے فصل ضروری اور جنس فصل کے لئے مادہ ضروری اسی لئے رب کا مادی ہونا لازم آتا ہے۔ اور وہ تو مادہ سے پاک لہذا اولاد سے بھی پاک۔ **پانچویں دلیل:** اولاد میں ماں باپ کے سے

marfat.com
Marfat.com

ذاتی صفات چاہئے۔ انسان کا بچہ انسان کی طرح ضاحک ' متعجب وغیرہ ہونا چاہئے اگر رب کے اولاد ہوتی تو وہ اس کی طرح واجب ' قدیم ' خالق وغیرہ ہوتی اور پھر اولاد ہونے کی وجہ سے اس سے پیچھے ہوتی۔ واجب قدیم ہونا پیچھے ہونے کے خلاف ہے۔ لہذا رب اولاد سے پاک ہے۔ **چھٹی دلیل:** اولاد جو اپنی جز یعنی نطفے سے پیدا ہو۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت جبرئیل علیہ السلام کے بیٹے نہیں۔ سیدنا آدم مٹی کے بیٹے نہیں آپ کے سر کی جوں وغیرہ آپ کی اولاد نہیں کیونکہ وہ آپ کے نطفے سے نہیں اور رب تعالیٰ نطفے سے پاک لہذا وہ اولاد سے پاک۔ **ساتویں دلیل:** اولاد میں ماں کی شرکت ہوتی ہے کہ اس کے کچھ اعضاء باپ کے نطفے سے بنتے ہیں کچھ ماں کے۔ اگر رب کی اولاد ہوتی تو اس میں ماں کی شرکت ہو جاتی اور وہ اس کا مستقل خالق نہ ہوتا اور یہ تو بڑا عیب ہے لہذا وہ اولاد سے پاک ہے۔ **آٹھویں دلیل:** اولاد ایک وقت تک ماں باپ کی محتاج پھر ان سے بے پرواہ اور پھر معاملہ برعکس کہ ماں باپ بعض کاموں میں اولاد کے محتاج اور رب تعالیٰ محتاجی سے پاک۔ لہذا وہ اولاد سے بھی پاک۔

**نویں دلیل:** اکثر اولاد والا حود بھی کسی سے نکلتا ہے جب رب کسی سے بنا نہیں تو اس کی بھی کوئی اولاد نہیں اسی لئے فرمایا۔ **لم یلد و لم یولد** آدم علیہ السلام مٹی سے بنائے گئے۔ (تفسیر عزیزی)۔ **دسویں دلیل:** باپ کی تربیت ناقص ہوتی ہے کہ وہ بچے کو پال کر استاد اور شیخ کے حوالہ کرتا ہے اور اگر خود ہی علم و معرفت کا اسے درس دے تو بھی باپ ہونے کی حیثیت سے نہیں بلکہ استاد اور شیخ ہونے کی حیثیت سے دے گا۔ اور رب کی پرورش کامل ہے کہ بندوں کے جسم اور روح و قلب اور قالب کو پالتا ہے لہذا وہ کسی کا باپ نہیں۔ **گیارہویں دلیل:** بیٹا باپ کا خادم ہوتا ہے نہ کہ عابد ' اسی طرح اس کا شریک ہوتا ہے نہ کہ اس کی مخلوق تو اگر رب کی کوئی اولاد ہوتی تو خادم ہوتی اس کی عابد نہ ہوتی لہذا رب کی معبودیت ناقص رہ جاتی۔ **بارہویں دلیل:** بیٹا اپنے باپ کا شریک ہوتا ہے نہ کہ بندہ اور مملوک شہزادہ اپنے باپ کی رعایا نہیں کہلاتا بلکہ اس کی سلطنت کا حصہ اور اگر باپ اپنے بیٹے کو خریدے تو وہ فوراً آزاد ہو جاتا ہے۔ لہذا اگر رب کا بیٹا ہوتا تو وہ اس کا بندہ نہ ہوتا۔ بلکہ اس کا برابر کا حصہ دار۔ **تیرہویں دلیل:** باپ بہت آہستگی سے بیٹا حاصل کر سکتا ہے نہ کہ ایک دم کہ اس کا نطفہ عورت کے پیٹ میں نو ماہ تک پرورش پاتا ہے۔ رب اپنے پیدا فرمانے میں آہستہ پر مجبور نہیں لہذا وہ اولاد سے پاک۔ **چودہویں دلیل:** بیٹا اپنے باپ کا نمونہ اور ہم شکل ہوتا ہے۔ رب تعالیٰ ہم شکل اور کسی کا نمونہ بننے سے پاک ہے لہذا وہ اولاد سے بھی پاک۔ **پندرہویں دلیل:** بیٹے تین قسم کے ہیں۔ پوت ' سپوت اور کپوت۔ پوت وہ ہے جو باپ کے برابر کمال دکھائے ' سپوت وہ جو باپ سے بڑھ جائے ' کپوت وہ جو باپ سے گھٹا ہوا رہے بلکہ اس کے نام کو ڈبو دے اگر رب کے بیٹا ہوتا تو سوال ہوتا کہ وہ کس قسم کا ہے۔ اگر سپوت ہے تو چاہئے اس کی مخلوق رب کی مخلوق سے بڑھی ہوئی ہو کہ رب کے سات آسمان ہیں تو اس کے کم از کم آٹھ تو ہوں اور اگر پوت ہے تو خالقیت اور مالکیت وغیرہ میں برابر ہونا چاہئے تھا اور کپوت ہوتا تو یہ بیٹے کے عیب اور رباپ کی مجبوری پر دلالت کرتا ہے کہ بیٹا تو نالائق رہا اور رباپ اسے درست نہ کر سکا۔ یہ پندرہ دلیلیں ہوئیں یہ تمام اور ان کے علاوہ اور بہت سے دلائل اسی آیت سے نکل سکتے ہیں۔

**اعتراض: پہلا اعتراض:** مسلمان بھی کہتے ہیں کہ رب کے بعضے بندے محبوب اور بعضے خلیل اس کے حبیب ہیں جیسے کہ رب بیٹے سے پاک ہے چاہئے کہ دوست بنانے سے بھی پاک ہو۔ **جواب:** محبوبیت ' خلت اصطفائی ' عبدیت کے خلاف

marfat.com
Marfat.com

نہیں ہو سکتا ہے کہ بادشاہ اپنے غلاموں اور کنیزوں کو اپنا مقبول بارگاہ کرے اسی سے وہ غلام ہی رہیں گے مگر بیٹا ہونا بندے ہونے کے خلاف ہے جیسا کہ ہم دلائل میں بیان کر چکے۔ لہٰذا رب اولاد سے پاک ہے ہاں! اس کے بعض بندے اس کے پیارے محبوب ہیں کہ اس کا حق بندگی خوب ادا کرتے ہیں۔ **دوسرا اعتراض:** قانتون سے معلوم ہوتا ہے رب کے سارے بندے اس کے مطیع اور فرمانبردار ہیں حالانکہ بہت بندے کافر اور نافرمان بھی ہیں۔ **جواب:** یہاں فرمایا ہے کہ **کل له قانتون** یہ نہ کہا گیا **لا حکامه قنتون** کفار اور شیاطین رب کے شرعی احکام سے منکر ہیں نہ کہ اس کے ارادے کے کہ جب چاہے جس کو چاہے فنا کر دے بیمار بنا دے غنی یا فقیر کر دے ان احکام سے کوئی باہر نہیں۔ نیز ساری مخلوق تسبیح اضطراری کر رہی ہے کہ اس کی ہستی اپنے بنانے والے کی قدوسیت اور قادریت پر گواہی دے رہی ہے۔ تسبیح اختیاری کرے یا نہ کرے۔ **تیسرا اعتراض:** یہاں فرمایا گیا **له ما فی السموت۔ ما** بے عقل چیزوں کے لئے آتا ہے تو کیا بے عقل چیزیں رب کی ہیں اور عقل والی کسی اور کی۔ **جواب:** ہر بے عقل اور عقل والی اللہ کی مخلوق ہونے میں مثل بے عقل کے ہیں کیونکہ بمقابلہ عاقل کے بے عقل پر مالک کا زیادہ قبضہ ہوتا ہے غلام کے مقابل جانور وغیرہ بے عذر خدام ہیں۔ تو یہاں فرمایا گیا کہ ساری مخلوق بے عقل چیز کی طرح اس کی بے عذر مملوک ہے۔ **چوتھا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ رب تعالیٰ ہر چیز کن (ہو جا تو) کہہ کر پیدا فرماتا ہے۔ بتاؤ یہ حکم کس نے سنا اور کس کو سنایا گیا۔ (ستیارتھ پرکاش)۔ نیز کن بھی تو ایک چیز ہے بتاؤ یہ کس کن سے پیدا ہوئی۔ نیز کن خود حادث چیز ہے کہ کاف اور نون سے بنا اور یہ عربی زبان کا ایک لفظ ہے جس کے لئے مضارع اور مادہ ضروری تو کیا رب تعالیٰ اپنے خالق ہونے میں حادث چیز کا محتاج ہے۔ نیز اگر کن میں موجود کرنے کی تاثیر ہے تو ہمارے ہزارہا کن سے کچھ نہیں بنتا۔ **جواب:** تفسیر عزیزی میں اس کا نہایت نفیس جواب دیا گیا کہ کن سے مراد ہے پیدا کرنا اور ارادہ کا متعلق کرنا اور **فیکون** سے مراد ہے فوراً" چیز کا پیدا ہو جانا نہ تو کن کہنا مقصود ہے۔ اور نہ کسی کو سنانا مراد تو مطلب یہ ہوا کہ باپ بیٹے کے حاصل کرنے میں بہت محنت کرتا ہے اور کاریگر چیز کے بنانے میں بہت سامان جمع کرتا ہے رب تعالیٰ کو مخلوق کے پیدا کرنے میں نہ صورت مادہ وغیرہ سامان کی ضرورت نہ محنت کی حاجت بلکہ اس کی شان یہ ہے کہ جس چیز کے کرنے کا فیصلہ کیا تو وہ فوراً" پیدا ہو گئی۔ **پانچواں اعتراض:** عقلاء اور علماء کی اتنی بڑی جماعت نے ایسی غلط بات کیسے کہہ دی یہ تو کوئی بے وقوف بچہ بھی نہیں کہہ سکتا۔ **جواب:** اس کی وجہ ہم تفسیر میں بتا چکے کہ پہلے رب کو باپ کہہ کر پکارتے تھے اور اپنے کو اس کا بیٹا کہتے تھے نیز رب نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے فرمایا تھا کہ **و لدتک وانت نبی** جس کے معنی تھے کہ ہم نے تم کو نبی پیدا فرمایا عیسائیوں نے نبی کو ابنی بنایا اور **ولدت** کو جننے کے معنی میں لیا اور ترجمہ یہ کیا کہ میں نے تم کو جنا ہے۔ اور تم میرے بیٹے ہو۔ نیز رب نے بنی اسرائیل کو خطاب کر کے فرمایا تھا **یا احباری و یا ابناء رسلی** یعنی اے میرے دین کے عالمو اور اے میرے پیغمبروں کی اولاد جس کو یہود نے یوں بنایا کہ **یا احباءی و یا ابنائی** یعنی اے میرے پیارے بیٹو (تفسیر روح البیان)۔ اور حق تو یہ ہے کہ خدا جب دین لیتا ہے تو سمجھ بھی چھین لیتا ہے۔ جب بے دین پیپل اور گائے کو خدا مان سکتے ہیں تو ان کے لئے خدا کا بیٹا ماننا کیا مشکل ہے۔

**تفسیر صوفیانہ:** ایک ہی پھول کا رس بھڑ کے پیٹ میں پہنچ کر زہر اور شہد کی مکھی کے پیٹ میں پہنچ کر شہد بن جاتا ہے ایسے

marfat.com
Marfat.com

ہی رب کا کلام اور اس کے احکام مومنین کے دماغ میں پہنچ کر باعث شفا بنتا ہے اور کفار کی بیماری بڑھاتا ہے اسی توریت اور انجیل سے بعض حضرات مومن کامل بنے تھے اور انہیں کتابوں سے بے نورے لوگ بے دین بنے کہ خدا کے لئے اولاد وغیرہ مان بیٹھے اور جیسا کہ خدا کے لئے اولاد ماننا کفر ہے ایسے ہی کسی مخلوق کو موجود مستقل ماننا بے دینی ہے ما سوا اللہ ہنا تمام تو معدوم ہے۔ رب کے ارادے سے موجود اور اس کی ذات سے تمام وہی وجود مطلق ہے۔ باقی تمام اس کے تعینات جب تک کہ انسان اپنے کو دوئی کے بھنورے سے نکال کر بحر توحید میں غرق نہ کرے اور اپنا دامن قلب شرک جلی و خفی سے پاک نہ کرے اس کی کوئی عبادت قبول نہیں مسلمان کے لئے تین قلعے ہیں ایک ذکر اللہ' دوسرے تلاوت قرآن' تیسرے اس کی ظاہری اور باطنی مسجد ظاہر مسجد تو معلے ہے۔ اور باطنی مسجد صدق اور اخلاص خیال رہے کہ تسبیح گویا گولی ہے۔ اور اخلاص بارود اور الفاظ کارتوس اور زبان بندوق۔ بے شک گولی ہی شکار کرتی ہے مگر بارود اور رائفل کی مدد سے قلب میں اخلاص نہ ہو۔ عقیدہ درست نہ ہو' زبان جھوٹ وغیرہ سے پاک نہ ہو تو فقط الفاظ کیا کام کریں۔ مولانا فرماتے ہیں؎

ہست تسبیحت بخار آب و گل    مرغ جنت شد ز نغم صدق دل

(ماخوذ از تفسیر ابن عربی و روح البیان)۔

| |
|---|
| وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ |
| اور کہا انہوں نے جو نہیں جانتے ہیں کیوں نہیں کلام کرتا ہم سے اللہ یا آئی ہمارے پاس نشانی |
| اور جاہل بولے اللہ ہم سے کیوں نہیں کلام کرتا یا ہمیں کوئی نشانی ملے |
| كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ |
| مثل اس کے کہا انہوں نے جو ان کے پہلے سے تھے مثل کلام ان کے مشابہ ہو گئے |
| اس سے اگلوں نے بھی ایسی ہی کہی ان کی سی بات ان کے دل |
| قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ |
| دل ان کے بے شک ظاہر فرما دیں ہم نے نشانیاں واسطے اس قوم کے جو یقین رکھتی ہے |
| ایک سے ہیں بے شک ہم نے نشانیاں کھول دیں یقین والوں کے لیے |

تعلق: اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: اب تک اہل کتاب کی بکواس کا ذکر تھا اب خالص مشرکین کے بیہودہ گفتار کا تذکرہ ہے۔ یا اس سے پہلے اہل کتاب اور خالص مشرکین کی مشرکہ باتیں بیان کی گئیں اب خالص جہلاء مشرکین کے اقوال کا ذکر ہے۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں کفار کی ان باتوں کا ذکر کیا گیا جو توحید کے خلاف ہیں اب ان

marfat.com
Marfat.com

کی اس گفتار کا سلسلہ ہے جو نبوت کے مخالف۔ **تیسرا تعلق:** پہلے فرمایا تھا کہ کفار نے رب کی بعض مخلوق کو اتنا بڑھایا کہ اسے خدا کا بیٹا مان لیا اب فرمایا جا رہا ہے کہ انہوں نے خود اپنے کو اتنا اونچا سمجھا کہ ہم رب سے کلام کرنے کے لائق ہیں۔

**شان نزول:** ایک دفعہ رفیع ابن خزیمہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اگر آپ واقعی اللہ کے رسول ہیں تو اللہ سے فرما دیجئے کہ وہ ہم سے کلام کرے اور ہم سنیں کہ آپ اللہ کے نبی ہیں۔ ہم آپ پر ایمان لے آئیں گے۔ اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ اتری۔ (تفسیر خزائن العرفان)۔

**تفسیر:** **و قال الذین** جاہلوں نے کہا ظاہر یہ ہے کہ اس سے مشرکین عرب مراد ہیں۔ جو حقیقتہ" آسمانی کتابوں سے جاہل تھے اور ممکن ہے کہ اہل کتاب بھی مراد ہوں جو دیدہ دانستہ جاہل بنتے تھے اور رب نے بھی ان کو جاہل اس واسطے فرمایا کہ یہ لوگ عالم بے عمل تھے جو کہ مثل جاہل کے ہوتا ہے یا بعض احکام کو غلط جانے بیٹھے تھے اور غلط جاننا یہ جاننے سے بدتر ہے۔ (روح و کبیر) **لولا یکلمنا اللہ** لفظ لولا جب ماضی پر آتا ہے تو نہ کروانے پر ملامت کے معنے دیتا ہے جیسے تو کل کیوں نہ آیا اور مضارع پر آکر فاعل کو راغب کرتا ہے جیسے کہ تو میرے پاس کیوں نہ آئے گا یعنی ضرور آنا یہاں کفار بظاہر رغبت کا کلمہ بول رہے تھے۔ لیکن حقیقتاً مذاق اڑاتے تھے یا تو یہ کہتے تھے کہ جب رب تعالیٰ بعض پیغمبروں سے بلاواسطہ کلام کرتا ہے۔ اور یا یہ کہ جب رب تعالیٰ آپ سے فرشتوں کے ذریعہ کلام فرماتا ہے تو ہم پر فرشتے کیوں نہیں آتے غرضیکہ وہ اپنے کو یا تو فرشتوں کی مثل سمجھتے ہیں یا پیغمبروں کی۔ علماء فرماتے ہیں کہ اس کفر کی وجہ یہ تھی کہ کفار اپنے میں اور نبی میں فرق نہ کرتے تھے نبی سے خبردار نہ تھے یہ بھی کہتے تھے کہ ہم اور نبی کھانے پینے، سونے جاگنے میں یکساں ہیں تو مرتبوں میں بھی برابر ہم کو ان کے واسطے وسیلے کی ضرورت نہیں جب مسجد کی اینٹ پاخانہ کی اینٹ کے برابر نہیں اور قرآن کا کاغذ ناول کے کاغذ کے برابر نہیں اگرچہ ایک ہی کارخانہ میں بنے تو نبی اور گندے لوگ کیسے یکساں ہو سکتے ہیں۔ جب تم ابوجہل کے برابر نہیں نبی تمہارے برابر کس طرح ہو سکتے ہیں تم نے حضور علیہ السلام کا کھانا پینا دیکھا ان کا معراج پر جانا اور پتھروں کا کلمہ پڑھنا نہ دیکھا۔ **او تاتینا ایۃ** یا ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آئی؟ یعنی قرآن کریم و دیگر معجزات ان کے نزدیک نشانیاں ہی نہیں اپنی خاطر خواہ نشانی چاہتے تھے اور کہتے یہ تھے کہ قریب کا راستہ اختیار کرنا چاہیے رب تعالیٰ نے ہماری ہدایت کے لئے اتنا بعید راستہ کیوں اختیار کیا کہ وہ فرشتے سے اور فرشتہ آپ سے اور آپ ہم سے یا معمولی معجزات ہم کو دکھائے آسان طریقہ یہ تھا کہ یا تو براہ راست ہم سے کلام فرمالیتا اور کوئی ایسی نشانی بھیجتا جس سے ہم مجبوراً" آپ کو مان لیتے مثلاً یہ کہ مکہ مکرمہ کی بے آب و دانہ زمین میں چشمے جاری ہو جاتے یا آسمان پھٹ کر ہم پر گر تا یا فرشتے صف باندھ کر ہمارے سامنے آجاتے یا آپ کا گھر سونے چاندی کا ہو جاتا یا آپ ہمارے سامنے آسمان پر جاکر ساری کتاب ایک دم لے آتے ان بے وقوفوں کو اب تک ایمان تو میسر نہیں اور ملائکہ اور انبیاء کی ہمسری کا دعویٰ کر رہے ہیں ان کا یہ مطالبہ کرنا گویا اپنے لئے نبوت یا ملکیت کا مانگنا ہے رب تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان کی بکواس سے غمگین نہ ہوں کیونکہ یہ آپ پر ہی پہلا سوال نہیں ہوا بلکہ **کذلک قال الذین من قبلھم** اسی طرح ان کے اگلے کفار نے بھی اپنے پیغمبروں سے مطالبے کئے یعنی جیسے کہ محض ضد سے نہ کہ طلب حق کے لئے یہ لوگ مطالبے کر رہے ہیں۔ ایسے ہی ان سے پہلوں نے بھی کئے تھے۔ **مثل قولھم** اور جو مطالبے انہوں نے کئے تھے وہی یہ کر رہے ہیں۔ خیال رہے کہ **کذلک**

marfat.com
Marfat.com

تشبیہ کام کے لئے ہے اور مثل قولھم تشبیہ کلام کے لئے یعنی یہ لوگ اگلے کفار کی طرح بدنیتی سے اسی قسم کے سوالات کرتے ہیں جو انہوں نے کئے چنانچہ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا کہ رب دکھاوو۔ مشرکین کی طرح ہمارے لئے بھی چند خدا بنادو۔ عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا کہ کیا آپ کا رب آسمان سے دسترخوان اتار سکتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ یہ اور وہ زمانہ' جگہ' زبان' جسم' قوت' عمر وغیرہ میں مختلف ہیں۔ مگر تشابہت قلوبھم دل ان سب کے ایک رنگ کے ہیں۔ یعنی عناد' سختی' ضد اور اندھے پن میں یہ اور وہ یکساں ہیں کیونکہ زبان کا ترجمان قلب ہے جب ان کے کلام یکساں تو یقیناً دل بھی یکساں خیال رہے کہ تشابہ اور تشبیہ میں فرق یہ ہے کہ تشبیہ میں مشبہ بہ مشبہ سے اکثر اعلیٰ ہوتا ہے مگر تشابہ میں دونوں بالکل یکساں۔ اسی لئے یہاں تشابہت فرمایا گیا۔ جس سے معلوم ہوا کہ یہ لوگ کفر میں اپنے اگلوں سے کم نہیں بالکل برابر ہیں اور یہ جو کچھ کہہ رہے ہیں محض عناد سے ہے نہ کہ ایمان لانے کی نیت سے۔ رہا ان کا یہ اعتراض کہ ہم پر پریشانی کیوں نہیں آتی اس کا جواب یہ ہے کہ قد بینا الایت ہم نے ایک نہیں دو نہیں بلکہ صدہا نشانیاں ظاہر فرمادیں اول تو سر سے پاؤں تک خود آپ ہی رب کی کھلی نشانی ہیں۔ پھر آپ کے حالات قرآن پاک کی آیات اور صاحب قرآن کے معجزات اسلام کی حقانیت پر گواہی دے رہے ہیں کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ آپ کے اشارے سے چاند پھٹ گیا آپ کو پتھروں نے سلام کیا آپ کے حکم سے کنکروں نے کلمہ پڑھا' آپ کے اشارے پر درخت چلے' آپ کے فراق میں لکڑی کا ستون رویا۔ آپ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری ہوئے' آپ سے قیدی ہرنی نے شکایت اور بے زبان اونٹنی نے درددل کی حکایت کی' آپ کے صدق کی بھیڑیوں نے گواہی دے دی۔ آپ کی برکت سے تھوڑے سے کھانے پر لشکر سیر ہوا' آپ کے ہاتھ لگنے سے سخت بیماریاں دور ہوئیں اور باوجودیکہ آپ نے کسی انسان سے علم نہ سیکھا مگر عرب کے فصحا اور بلغاء نے زانوئے ادب تہ کئے کیا یہ معجزات ناکافی ہیں ان کے ہوتے ہوئے اور کیا چاہتے ہیں لیکن بات یہ ہے کہ یہ تمام علامتیں لقوم یوقنون اس قوم کے لئے ہے جس میں یقین کرنے کا مادہ ہو یا جو یقین حاصل کرنے کے لئے ان پر نظر کرے یا جن کا ایمان اور یقین ازل میں مقدر ہو چکا ہو ضدی اور جھگڑالو جو کہ اپنے کو غالب اور دوسرے کے عاجز کرنے کی نیت سے مطالبہ کرتے ہیں وہ کسی چیز سے بھی فائدہ حاصل نہیں کرسکتے۔

خلاصہ تفسیر : اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کفار کے عالم و جاہل حماقت اور بے دینی میں ایک دوسرے سے بڑھ کر ہیں ان کے علماء نے تو رب کے لئے اولاد مانی اور ان کے جہلاء نے تو حد ہی کردی کہنے لگے کہ اگر آپ سچے رسول ہیں تو خدا تعالیٰ ہم سے منہ در منہ کیوں نہیں کہہ دیتا کہ آپ نبی ہیں۔ اتنے واسطے درمیان میں کیوں رکھے اگر یہ نہیں تو ہمارے پاس ایسی نشانی کیوں نہیں آجاتی جس سے ہم آپ کو مجبوراً" مان لیں۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ نیا سوال نہیں ہے بلکہ گذشتہ انبیاء سے بھی کفار نے ایسی ہی خرافات بکی تھیں اگر ہر شخص میں رب سے کلام کرنے کی قابلیت ہوتی تو دنیا میں انبیاء کے بھیجنے کی ضرورت ہی کیا تھی ہر شخص رب سے پوچھ کر حلال و حرام عبادات و ریاضات کے مسائل حاصل کرلیا کرتا رب نور ہے اور مادہ ظلمت کیونکر ممکن ہے کہ ظلمت نور تک پہنچ سکے رب جس کو چاہتا ہے اسے ظلمت مادہ سے نکال کر عالم انوار میں لاتا ہے اور اس کے سر پر نبوت کا تاج رکھتا ہے پھر اس سے بلاواسطہ یا بالواسطہ ملائکہ کلام فرماتا ہے۔ یہ بے وقوف ظلمت مادہ تو کیا تاریکی کفر سے تو نکلے نہیں اور

marfat.com
Marfat.com

رب سے کلام کرنے کا حوصلہ کر رہے ہیں کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ مجھے حکیم کی کیا ضرورت یا حاکم و بادشاہ کی کیا حاجت ہر شخص حاکم اور حکیم کیوں نہیں بن جاتا یہ نادانی اور جہالت ہے۔ ایک ملحد کسی بزرگ سے بولا کہ مجھ کو خدا دکھادو انہوں نے کہا کہ یہ کیا مشکل ہے اور اسے دھوپ میں کھڑا کر کے اس کا منہ سورج کی طرف کر دیا۔ وہ آنکھیں بند کرنے لگا تو ان بزرگ نے چپت لگا کر فرمایا کہ آنکھ کھول دو بولا کیسے کھولوں کھلتی نہیں تو فرمایا آفتاب کو رب کے نور سے کوئی نسبت ہی نہیں وہ تو **نور السموت والارض** ہے سورج تو اس کا پرتو بھی نہیں۔ جب تیری آنکھ میں اس کی تاب نہیں تو اس کی تاب کیسے لائے گا۔ رب کو دیکھنے والی آنکھ تو بنواؤ' دکھا میں دوں گا اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ ان کفار کی زبانیں اور زمانہ مختلف ہے مگر دل سب کے یکساں ہیں کہ سب پر کفر کا یکساں غلاف چڑھا ہوا ہے۔ رہا ان کا دوسرا اعتراض اس کا جواب یہ ہے کہ ہم نے آپ کے سچے ہونے کی صدہا کھلی نشانیاں بھیج دیں مگر کس کے لئے یقین والوں کے لئے جن میں یقین کا مادہ ہی نہیں ان کے لئے سب بیکار' بہرے کے سامنے دلکش نغمے و اندھے کے سامنے حسن و جمال بیکار اور ان کے من مانے معجزات اور مجبور کرنے والے نشانات نہ بھیجے جائیں گے کیونکہ ایمان اختیاری پر ثواب ملتا ہے نہ کہ اضطراری پر اور نبوت ایمان لانے کے لئے ہے نہ کہ تماشے دکھانے کے لئے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** اپنے کو بڑا سمجھنا جہالت ہے عقلمند وہ ہے جو سب سے پہلے اپنا درجہ پہچانے دیکھو رب تعالیٰ نے ہم کلامی ء رب کے مطالبہ کو جہالت فرمایا۔ **دوسرا فائدہ:** بیداروں کے لئے معمولی اشارہ کافی ہے اور قلب غافل کے لئے کھلے ہوئے معجزات بھی ناکافی چونکہ ان کفار کے قلب غافل تھے انہوں نے اتنی نشانیوں کو نشانی ہی نہ مانا لیکن قسمت والوں نے صرف سن کر ایمان قبول کر لیا۔ **تیسرا فائدہ:** یقین اور ایمان محض اپنی کوششوں سے نہیں ملتا یہ عطائے الٰہی ہے۔ **چوتھا فائدہ:** وسیلہ انبیاء کا انکار کفر ہے بلاواسطہ اچھی چیز مانگنا بھی بے دینی۔ ان کفار نے رب سے بلاواسطہ ہی ہم کلامی چاہی تھی۔ جس پر عتاب فرمایا گیا اور فرمایا کیا اتنے بڑھ گئے تو آپ سے مستغنی ہو گئے۔ **پانچواں فائدہ:** جو وسیلہ انبیاء کا منکر ہے وہ نہ اپنے کو پہچانتا ہے نہ رب کو انسان اگر اپنی مجبوری اور رب کی قہاری کو جانتا ہے تو ایسی غلط خواہش کر سکتا ہی نہیں۔ اس لئے قرآن کریم نے فرمایا **لا یعلمون** ۔

**اعتراض** : **پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ قرآنی آیتیں یقین والوں کے لئے ہیں جن کو پہلے ہی سے یقین ہے ان کو آیتوں کی ضرورت کیا؟ **جواب:** اس کے چند جواب ہیں۔ ایک یہ کہ اہل یقین ہے مراد وہ لوگ ہیں جن میں یقین کی لیاقت اور استعداد ہے نہ وہ کہ جنہیں یقین بالفعل حاصل ہے دوسرے یہ کہ اہل یقین سے وہ مراد ہیں جو یقین حاصل کرنے کی کوشش کریں ضدی اور ہٹ دھرم نہ ہوں۔ تیسرے یہ کہ اہل یقین سے ایسے یقین والے مراد ہیں جن کا یقین علم الٰہی میں آچکا ہے چوتھے یہ کہ اس یقین سے فطری یقین مراد ہے یعنی یہ جو کہ یوم میثاق کے یقین پر قائم رہے دنیا کی بری صحبتوں نے اس کو وہم و شک کی ظلمتوں میں پھنسا نہ دیا ہو' **دوسرا اعتراض:** رب نے کفار کو جواب دیتے ہوئے اگلے کافروں کا ذکر کیوں کیا۔ **جواب:** تاکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب پاک کو ان اعتراضات سے تکلیف نہ پہنچے اور وہ خیال فرمالیں اور انبیاء کرام سے بھی ایسی کج بحثیاں کی گئی تھیں۔

**تفسیر صوفیانہ** : علم توحید تمام علوم کی اصل ہے جو توحید سے جاہل رہا وہ رب کی آیات اور اس کے کلام سے بھی ناواقف ہے

marfat.com
Marfat.com

چونکہ اگلے پچھلے کفار اس علم سے محروم رہنے میں یکساں تھے۔ اس لئے ان کی کج بحثیاں بھی یکساں۔ خیال رہے کہ علم اور ایمان ہر قوم کو یکساں فائدہ پہنچاتے ہیں۔ ایسے ہی جہالت و بے دینی ہر ایک کے لئے یکساں مضر دیکھو اگلے اور پچھلے کفار اگرچہ زمانہ اور زبان وغیرہ میں مختلف تھے۔ مگر چونکہ کفر میں شریک تو ان سے کلام بھی یکساں صادر ہوئے۔ اسی طرح حضرت صدیق اکبر اور حسن بصری وغیرہ بعد والے حضرات زمانہ وغیرہ میں مختلف تھے مگر چونکہ سلسلہ ایمانی میں سب جکڑے ہوئے تھے اور ہر قریب بعید پر ایک ہی آفتاب نے تجلی فرمائی تھی۔ لہٰذا وہ چمکنے میں یکساں رہے۔ اگرچہ درجات میں فرق ہو اسی لئے آخرت میں جہنم سب اگلے پچھلے کفار کو اپنے میں جمع کرے گی اور جنت سارے مومنین کو کیونکہ یہ دونوں قومیں دنیا میں بھی کفر یا ایمان میں جمع تھیں۔ نیز ایمان ہر چیز کو صحیح دکھاتا ہے اور کفر غلط کفار خود حقیر تھے مگر ان کے کفر نے انہیں عظیم دکھایا اور اللہ تبارک و تعالیٰ جل شانہ کی آیتیں عظیم تھیں۔ مگر انہیں حقیر معلوم ہوئیں۔ حق تعالیٰ ہمیں حق کو حق اور باطل کو باطل دکھائے۔ (آمین)

| |
|---|
| إِنَّآ أَرْسَلْنَٰكَ بِٱلْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا ۖ وَلَا تُسْـَٔلُ عَنْ |
| تحقیق ہم نے بھیجا آپ کو ساتھ حق کے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا اور نہ سوال کیے جائیں گے |
| بے شک ہم نے تمہیں حق کے ساتھ بھیجا خوشخبری اور ڈر سنایا اور تم سے دوزخ والوں کا |
| أَصْحَٰبِ ٱلْجَحِيمِ ﴿١١٩﴾ |
| آپ بابت میں دوزخ والوں کے |
| سوال نہ ہوگا |

تعلق: اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیت سے معلوم ہوا تھا کہ کفار نے عناداً معجزات مانگے اور رب نے ان کے جوابات بھی دیئے تھے اب فرمایا جارہا ہے کہ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے آپ کو ان سے مناظرہ کرنے کے لئے بھیجا ہی نہیں آپ ان کے بکواس سے تنگ دل نہ ہوں۔ آپ نے اپنا مقصد رسالت پورا فرمادیا گویا پہلے کلام کا رخ کفار کے جواب کی طرف تھا اور اب اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے تسکین خاطر کی طرف۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں فرمایا گیا تھا کہ ہم نے بہت سی آیتیں ظاہر فرمائی ہیں اب ان آیات کی تفصیل فرمائی جارہی ہے کہ مجموعہ آیات آپ کی ذات اور صفات ہیں۔ تیسرا تعلق: پہلے فرمایا گیا تھا کہ کفار رب سے ہم کلامی کا مطالبہ کرتے ہیں اب فرمایا جارہا ہے کہ یہ لوگ اگر ایمان لے آئیں تو ان کو یہ ہم کلامی کا درجہ حاصل ہے کیونکہ ہم نے آپ سے کلام کیا اور یہ لوگ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کلام کریں۔ تو گویا یہ ہم سے ہی کلام کریں گے۔ جیسے عید کے ہلال میں تمام دنیا کے مسلمانوں کی نگاہیں جمع ہو جاتی ہیں سب طالب ہوتے ہیں وہ مطلوب ایسے ہی حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ذات بابرکات میں تمام نگاہیں جمع ہیں۔ تمام مخلوق بھی آپ کو دیکھتی ہے اور خالق عالم کی بھی نظر آپ پر ہے۔ جو رب سے ملنا چاہے وہ حضور سے ملے۔

marfat.com
Marfat.com

ہر کہ خواہد ہم نشینی باخدا او نشیند در حضور مصطفیٰ

اسی طرح جو رب کو دیکھنا چاہے وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں کی زیارت کرے۔ جن آنکھوں نے رب ذوالجلال کو دیکھا۔

جنہاں اکھیاں نے دلبر ڈٹھا اوہ اکھیں تک لیاں تو ملیوں تو ساجن ملیا ہن آساں لگ گیاں

**شان نزول** : تفسیر روح البیان و عزیزی نے صراحتہ "اور تفسیر مدارک نے اشارۃ" فرمایا کہ ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ کاش میں اپنے والدین کا انجام معلوم کرلوں تب یہ آیت کریمہ اتری اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی اپنے والدین کا ذکر نہیں فرمایا۔ لیکن شیخ جلال الدین سیوطی نے اس روایت کو ضعیف فرمایا اور کہا کہ اس صورت میں یہ آیت گذشتہ سے بے ربط بھی ہو جائے گی۔

**تفسیر** : **انا ارسلنک** اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے آپ کو بھیجا ہے یعنی آپ مخلوق کی طرف ہمارا اعزیز ہدیہ ہیں اور جو شخص کہ شاہی ہدیہ کی قدر نہ کرے وہ یقیناً بادشاہ کے عتاب میں آتا ہے۔ نیز آپ پہلے ہی سے ہماری بارگاہ میں حاضر تھے آپ کی تکمیل کر کے اور نبوت کا تاج آپ کے سر پر رکھ کر آپ کو بھیجا اب جو آپ میں عیب نکالے وہ در حقیقت ہم میں عیب نکالتا ہے کیونکہ سند یافتہ شاگرد میں عیب نکالنا در حقیقت سند دینے والے کا انکار ہے۔ نیز ہم نے اور تمام مخلوق کو تو پیدا کیا ہے تم کو بھیجا ہے یعنی دیگر لوگ اپنا کام کرنے 'اپنی ذمہ داری پر دنیا میں گئے اور تم ہمارا کام کرنے ہماری ذمہ داری پر گئے۔ **بالحق بشیرا و نذیرا** " حق سے یا تقاضاء حکمت مراد ہے یا صداقت و حقانیت یا معجزات و آیات یا دلائل قدرت یا سچا دین اور یا قرآن کریم اور یا **الحق** کا تعلق یا تو **ارسلنا** سے ہے یا **مئوبدا**" یا **تبسا**" پوشیدہ سے اور یا بشیر' نذیر سے یعنی ہم نے آپ کو بہ تقاضائے حکمت یا صداقت و حقانیت دے کر یا دلائل و معجزات سے مضبوط کر کے یا دیں تو ہم نے قرآن عطا فرما کے بھیجا۔ یا آپ کو سچا بشیر' نذیر بنا کر بھیجا۔ **بشر** تو **تبشیر** سے بنا جس کے معنی ڈرانا غالباً "منت کو بھی اس لئے نذر کہا جاتا ہے کہ اس کے پورا نہ کرنے میں عذاب کا ڈر ہے۔ اگرچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بشیر بھی ہیں اور نذیر بھی مگر اطاعت کرنے والوں کے لئے بشیر اور نافرمانوں کے لئے نذیر نیز اور انبیاء بھی بشیر نذیر تھے لیکن وہ سن کر اور حضور دیکھ کر کیونکہ حضور نے معراج میں بچشم سر رب کو دیکھا اور جنت کی وہ نعمتیں بھی ملاحظہ فرمائیں جو کسی آنکھ نے دیکھیں نہ کسی کان نے سنیں۔ اور نہ کسی کے وہم و گمان میں آئیں۔ جہنم کی ساری چیزوں کو بھی دیکھا لہٰذا دیگر انبیاء کرام کی بشارت کامل ہے اور آپ کی کامل **ترولا تسئل عن اصحب الجحیم** اس کی دو قراء تیں ہیں ایک **ولا تسئل** نفی مجہول اور ایک **لا تسئل** نہی معروف جحیم جحمۃ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں شعلہ نار کی تیزی۔ پہلی قراءت پر اس عبارت کے تین معنی ہیں ایک یہ کہ جہنمی کفار کے متعلق آپ سے باز پرس نہ ہوگی کہ یہ ایمان کیوں نہ لائے۔ کیونکہ آپ نے اپنا فرض تبلیغ پورا انجام دے دیا نیز تبلیغ آپ کا کام تھا ہدایت ہمارا کام ہم اپنے کام کا آپ سے سوال نہ کریں گے کہ انہیں ہدایت کیوں نہ دی دوسرے یہ کہ حدیث میں آتا ہے کہ اگلی امتوں کے کفار اپنے انبیاء کی تبلیغ کا انکار کریں گے امت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ان انبیاء کے حق میں گواہی دے گی۔ اس گواہی پر وہ کفار جرح کریں گے کہ تم نے وہ زمانہ نہ پایا بغیر دیکھے گواہی کیوں دے رہے ہو۔ جس کی توثیق کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائیں گے اور آپ کی گواہی پر

marfat.com
Marfat.com

انبیاء کرام کے حق میں ڈگری ہو گی۔ اور کفار کو بھی اب جرح کرنے کی جرات نہ ہو گی۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے۔ لتکونوا شهداء علی الناس و یکون الرسول علیکم شهیدا " یہی واقعہ اس آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ اے محبوب تم کلیم اللہ یا روح اللہ تو نہیں کہ قیامت کے میدان میں آپ کا کفار سے مقدمہ ہو بلکہ آپ حبیب اللہ ہیں کسی کافر کو آپ کی تبلیغ کے انکار کی جرات نہ ہو گی اور کسی کو آپ کی گواہی پر جرح کرنے کی جرات نہ ہو گی۔ تیسرے یہ کہ حضور کو اپنے والدین ماجدین کے متعلق فکر تھی کہ ان کا انجام کیا ہو اور اگر وہ جنمی ہوئے تو لوگ سوال کر سکیں گے کہ آپ کے والدین کو آپ سے فائدہ کیوں نہ ہوا تو تسکین دی گئی کہ اے محبوب کوئی شخص آپ سے یہ سوال نہیں کر سکتا کیونکہ وہ جنمی ہیں ہی نہیں، سوال تو جب ہو کہ جنمی ہوں خیال رہے کہ قضیہ سالبہ موضوع کے وہ نہ ہونے پر بھی صادق آ جاتا ہے یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں سوال تو جب ہو کہ اوروں سے تو اپنی ذات اور اپنی اولاد وغیرہ کے متعلق سوال ہو گا کہ تمہارے اہل و عیال گمراہ یا گنہگار کیوں ہوئے مگر اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم آپ سے اس قسم کا نہ حساب کتاب ہو گا نہ سوال و جواب کیونکہ آپ تو خود معصوم ہیں اور آپ کے سارے اہل و عیال مومن اور گناہوں سے محفوظ اور کیوں نہ ہوں آسمان کا سورج ہزارہا میل سے گندی زمین کو سکھا کر پاک کر سکتا ہے تو دونوں جہاں کا سچا سورج صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھیوں کو کیونکر نہ پاک فرما دے۔ آپ کے اہل قرابت میں سے جو لوگ ایمان نہ لائے ان کا اپنا قصور ہے آپ نے تبلیغ میں پوری کوشش فرما دی۔ چمگادڑ بے نور رہتے ہیں آفتاب بے قصور ہے لہٰذا آپ سے اس قصور کا کوئی سوال نہ ہو گا۔ دوسری قرات یعنی لا تسئل بصیغہ نہی کے یہ معنی ہیں کہ اے محبوب علیہ السلام برزخیوں یعنی آپ اپنے ماں باپ کا حال کچھ نہ پوچھو کیونکہ یہ آیت انہیں کے بارے میں آئی ہے۔ انشاء اللہ یہ بحث خلاصہ تفسیر میں آئے گی۔

**خلاصہ تفسیر:** کفار سے جوابات ارشاد فرما کر اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو تسکین دی جاتی ہے کہ آپ ان کے اوندھے سوالات سے ناخوش نہ ہوں خود ہم نے نہ کہ کسی اور نے آپ کو دین حق یا قرآن کریم یا معجزات دے کر بھیجا ہے تاکہ آپ ماننے والوں کو بشارت دیں۔ اور منکروں کو آنے والی مصیبت سے ڈرائیں جو اس بشارت اور خوف سے ایمان لائے گا وہ سچا مومن ہے کسی کو جبراً ایمان دینا ہمارا کام نہیں کیونکہ جبری ایمان پر کوئی ثواب نہیں ملتا جو آپ پر اعتبار نہ کرے اپنے دلائل پیش کرے کہ ثواب کس چیز کا مانگتا ہے اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم اگر کوئی بدنصیب آپ کی بات نہ مانے تو آپ سے کوئی پرسش نہ ہو گی کیونکہ آپ نے تبلیغ میں کوئی کوتاہی نہیں فرمائی یا جو آپ کی بات نہ مانے وہ جنمی ہے اور ان کی ذلت و خواری و رسوائی اور سختی عذاب کا حال کچھ مت پوچھو وہ بیان کے قابل نہیں۔ خیال رہے محبوب پاک جناب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو حجاز کی سرزمین میں تریسٹھ سال کے لئے بھیجا گیا۔ مگر رسالت شریف کو ہمیشہ کے لئے سارے عالم میں بھیجا گیا۔ جیسے سورج خود تو چوتھے آسمان پر ہے مگر اس کی چمک دمک سارے جہاں میں۔ اس آیت میں حضور کی رسالت کا ذکر ہے وانت حل بهذا البلد آپ کے جسم پاک کے مکہ معظمہ میں رہنے کا تذکرہ ہے اسی لئے یہاں یہ نہ فرمایا کہ آپ کو کہاں بھیجا اور کب تک کے لئے بھیجا سرکار فرماتے ہیں۔ خیر القرون قرنی اس میں اپنی حیات جسمانی کا ذکر ہے اور فرماتے ہیں انا والساعة کهاتین اس میں حیات رسالت کا ذکر ہے غرضیکہ زمانہ نبی اور ہے اور زمانہ نبوت کچھ اور حضور کا زمانہ نبوت ابد الاباد تک ہے اور جہاں رب کی

marfat.com
Marfat.com

خدائی وہاں حضور کی مصطفائی ہے۔

## حضور کے والدین کے ایمان کی بحث

حضرت آمنہ خاتون اور حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ایمان میں بہت گفتگو کی گئی ہے۔ بعض ظاہرین علماء نے اس آیت کریمہ سے ان کا جنمی ہونا سمجھا۔ ہم اس بارے میں نہایت منصفانہ تحقیقات کرتے ہیں۔ ناظرین سے امید انصاف ہے اور حضور سید المرسلین علیہ السلام اور ان کے پروردگار رب العالمین تبارک و تعالیٰ سے امید قبول۔ خیال رہے کہ اس مسئلہ میں چار قول ہیں۔ ایک یہ کہ یہ دونوں حضرات نہ زندگی میں مومن تھے نہ موت کے وقت اور نہ اب۔ یہ قول ملا علی قاری وغیرہ کا ہے۔ دوسرے یہ کہ اس میں خاموشی چاہیئے ان کا حال رب جانے۔ تیسرے یہ کہ دونوں حضرات بروقت موت تو ایمان پر نہ تھے لیکن اب مومن ہیں۔ چوتھے یہ کہ وہ زندگی میں موحد مومن تھے بروقت وفات بھی توحید پر قائم رہے اور اب وہ دین اسلام پر ہیں یہ اخیر قول ہی صحیح ہے۔ جمہور علماء کا یہی عقیدہ ہے سکوت کرنے والے کہتے ہیں کہ ان کے ایمان و کفر دونوں کے دلائل ملتے ہیں لہٰذا اس مسئلہ میں زبان نہ کھولنی چاہیئے اور ان کے متعلق نیک گمان ہی لازم ہے جو لوگ کہ انہیں زندگی میں کافر اور اب مومن مانتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ بعض روایتوں سے ان کا مشرک ہونا معلوم ہوتا ہے اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے انہیں حج وداع کے موقعہ پر زندہ کر کے کلمہ پڑھایا جیسے کہ شامی نے امام قرطبی اور امام ناصر الدین وغیرہم سے روایت کی جو لوگ کہتے ہیں کہ وہ پہلے بھی ایمان پر نہ تھے اور اب بھی نہیں۔ وہ کچھ آیتیں' کچھ احادیث' کچھ بزرگان دین کے اقوال اور دلائل عقلی پیش کرتے ہیں۔ **پہلی دلیل:** یہی آیت ہے کہ حضور علیہ السلام نے اپنے والدین کا حال دریافت کرنا چاہا تو فرمایا گیا کہ آپ جہنمیوں کا حال نہ پوچھئے۔ معلوم ہوا کہ وہ حضرات اس وقت بھی جہنمی ہیں۔ نعوذ باللہ من ذالک' ان کی **دوسری دلیل:** ایک بار حضور علیہ السلام نے اپنی والدہ کے لئے دعائے مغفرت کی اجازت چاہی تب یہ آیت اتری۔ **ما کان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربی** جس میں فرمایا گیا کہ آپ مشرکین کے لئے دعائے مغفرت نہ کریں جس سے معلوم ہوا کہ معاذ اللہ وہ اب بھی مشرک ہیں ان کی **تیسری دلیل:** مشکوٰۃ باب زیارت القبور میں مسلم کی روایت ہے کہ حضور علیہ السلام نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی خود بھی روئے اور دوسروں کو بھی رلایا۔ اور فرمایا کہ میں نے ان کی مغفرت کے لئے رب سے اجازت چاہی تھی نہ ملی۔ اور ان کی زیارت قبر کی اجازت چاہی مل گئی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آمنہ خاتون مومنہ نہیں ہیں معاذ اللہ ان کی **چوتھی دلیل:** حضور علیہ السلام نے ایک بدوی سے فرمایا کہ میرے اور تمہارے والد دوزخ میں ہے نیز دوسری روایت میں آتا ہے کہ دو صاحبوں نے پوچھا ہماری مائیں کہاں ہیں تو فرمایا دوزخ میں۔ انہوں نے پوچھا آپ کی والدہ کہاں ہیں تو فرمایا کہ میری والدہ بھی تمہاری ماں کے ساتھ ہیں۔ معلوم ہوا کہ وہ دوزخ میں ہیں۔ ان کی **پانچویں دلیل:** امام اعظم ابو حنیفہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فقہ اکبر میں فرماتے ہیں کہ حضور کے والدین ماجدین نے کفر پر وفات پائی۔ امام کے قول کے ہوتے ہوئے حنفیوں کو حق نہیں کہ ان

marfat.com
Marfat.com

کو مومن مانیں۔ ان کی چھٹی دلیل: والدین کریمین کو زندہ کر کے ایمان دینا عقل و نقل کے خلاف ہے۔ نقلا تو اس لئے کہ یہ حدیث ضعیف ہے عقلاً اس واسطے کہ نزع سے پہلے کا ایمان معتبر ہے۔ وقت موت اور بعد موت کا ایمان ناقابل قبول بلکہ عذاب الٰہی دیکھ کر زندگی میں بھی معتبر نہیں ہوتا دیکھو فرعون ڈوبتے وقت ایمان لایا تو فرمایا گیا الئن وقد عصیت قبل پہلے نافرمانی کر کے اب ایمان لاتا ہے تو ان دونوں حضرات کا وفات کے بعد والا ایمان کیسے معتبر ہو گا رب فرماتا ہے۔ فیمت وھو کافر نیز فرماتا ہے ولا الذین یموتون وھم کفار نیز قیامت سے پہلے مردوں کا اٹھنا بھی خلاف عقل ہے۔ محققین علماء یہ کہتے ہیں کہ وہ دونوں حضرات اپنی زندگی اور وفات میں موحد مومن تھے اور اب مسلمان بلکہ مسلمانوں کے سردار اور صحابی ہیں وہ جہنم کے قریب بھی نہیں ہمارے دلائل حسب ذیل ہے۔ ہماری پہلی دلیل: یہی آیت کریمہ ان کے متعلق جو شان نزول بیان کی جاتی ہے وہ ضعیف ہے۔ دیکھو کتاب التنظیم والسنہ مصنفہ شیخ جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ بلکہ اس کے معنی تو وہ ہیں جو کہ ہم تفسیر میں عرض کر چکے کہ آپ سے جہنمیوں کے بارے میں سوال ہی نہ ہو گا کیونکہ آپ کے والدین جنتی ہیں۔ سوال کیسا؟ دوسری دلیل: رب فرماتا ہے لقد جاء کم رسول من انفسکم ایک قرات میں ف کے فتحہ سے ہے یعنی تمہارے پاس یہ عظمت والے رسول نفیس ترین جماعت میں سے تشریف لائے اور کافر نفیس نہیں بلکہ خبیث ہے معلوم ہوا کہ حضور کے والدین بلکہ سارے آباؤ اجداد اعلیٰ مومن ہیں۔ ہماری تیسری دلیل: رب فرماتا ہے و تقلبک فی السجدین اے نبی علیہ السلام ہم آپ کے مومنین کی پشتوں اور شکموں میں دورے کو دیکھ رہے ہیں یعنی از آدم تا عبداللہ آپ کے سارے آباؤ اجداد مومن اور عابد رہے دیکھو تفسیر مدارک و جمل وغیرہ ہماری چوتھی دلیل: مشکوۃ باب فضائل سید المرسلین میں بروایت بخاری ہے کہ حضور فرماتے ہیں بعثت من خیر قرون بنی ادم قرنا " فقرنا " حتی کنت من القرن الذی کنت منہ۔ جس سے معلوم ہوا کہ حضور علیہ السلام ہمیشہ انسانوں کی بہتر جماعت میں منتقل ہوتے رہے یعنی آپ کے نور کی گردش بھی پاک پیٹھوں اور پیٹوں میں رہی اور پیدائش شریف بھی بہترین پشت و شکم سے ہوئی اور مشرک خیر نہیں بلکہ شر ہے۔ ہماری پانچویں دلیل: مشکوۃ زیارت القبور کی وہ حدیث کہ حضور علیہ السلام کو آمنہ خاتون کی قبر کی زیارت کی اجازت ملی نہ کہ استغفار کی اگر وہ کافرہ ہوتیں تو زیارت قبر کی اجازت نہ ملتی قرآن کریم فرماتا ہے۔ ولا تقم علی قبرہ انھم کفروا باللہ و رسولہ وما توا و ھم فسقون جس سے معلوم ہوا کہ کفار کی قبر کی زیارت منع ہے۔ رہا استغفار کی اجازت نہ ملی وہ اس لئے نہیں کہ وہ کافرہ تھیں بلکہ اس لئے کہ وہ بے گناہ ہیں۔ گنہگار تو وہ جس کو شرعی احکام پہنچیں اور وہ ان کی مخالفت کرے ان تک شریعت کے احکام پہنچے ہی نہیں اسی لئے بچے کی نماز جنازہ میں دعائے مغفرت نہیں ہوتی۔ رہا حضور کا گریہ فرمانا وہ محبت فرزندی کے جوش سے ہے کہ آج وہ زندہ ہوتیں تو ہماری اس شان کو دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی فرماتیں۔ ہماری چھٹی دلیل: آج تک دلیل قوی تو کیا کسی ضعیف دلیل سے بھی ان دونوں صاحبوں کی بت پرستی یا عقیدہ کفر ثابت نہیں ہوا بلکہ ان کے اقوال سے ان کے ایمان کا پتہ لگتا ہے۔ چنانچہ علامہ سیوطی نے اپنی کتاب التنظیم والسنہ میں بروایت دلائل النبوت مصنفہ ابو نعیم بیان کیا کہ آمنہ خاتون نے اپنی وفات کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ پاک پر حسرت سے نظر کی اور ان کی یتیمی پر خیال کر کے یہ اشعار پڑھے۔

marfat.com
Marfat.com

بارک اللہ فیک من غلامی — یا ابن الذی من حومتہ الحمام
فانت مبعوث الی الانام — من عند ذی الجلال والاکرام
تبعث فی الحل والحرام — تبعث بالتحقیق والاسلام
دین ابیک البر براھام — فاللہ انھاک عن الاصنام

یعنی اے اللہ بیٹے تجھے برکت دے۔ مجھے یقین ہے کہ تم رب کی طرف سے ساری مخلوق کے نبی ہوگے۔ اور حل و حرم' عرب و عجم میں اسلام پھیلاؤ گے۔ اللہ تمہیں بت پرستی سے بچائے گا۔ اور دین ابراہیمی تم سے پھیلائے گا اور پھر فرمایا:۔

**و کل حی میت و کل جدید بال و انا میتۃ و ذکری باق و قد ترکت خیرا" و ولدت طھرا"**

یعنی میں تو مرجاؤں گی مگر میرا ذکر قیامت تک رہے گا کیونکہ میں نے بہترین چیز پاک فرزند چھوڑا ہے۔ اس سے ان کے دین ابراہیمی پر قائم ہونے کا پتہ لگتا ہے۔ ہماری ساتویں دلیل: حضور کی پیدائش سے پہلے آپ کی تشریف آوری کی دھوم مچ گئی تھی۔ لوگ آپ کی نبوت' آپ کے بت شکنی اور دیگر صفات کے خطبے پڑھ رہے تھے حضرت عبد اللہ نے بہت سے عجائب خود دیکھے تھے۔ آمنہ خاتون نے حمل شریف اور ولادت پاک میں بہت معجزات مشاہدہ کئے حتیٰ کہ اصحاب فیل کا عجیب و غریب واقعہ دیکھا کہ اس حمل پاک کی برکت سے جماعت فیل کو ابابیل نے مار دیا زمانہ حمل میں ہر ماہ ایک پیغمبر خواب میں حضرت آمنہ کو حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی بشارت' ان کے اوصاف کی خبر دیتے رہے۔ ایک دفعہ حلیمہ دائی نے آپ سے عرض کیا کہ تمہارے فرزند کا سینہ چاک کیا گیا ہے میں ڈرتی ہوں تو آپ نے فرمایا مت ڈر یہ سچے نبی ہیں انہیں شیطان وغیرہ نقصان نہیں پہنچا سکتے وغیرہ وغیرہ تو کیونکر ممکن ہے کہ یہ باتیں دیکھ کر بھی وہ بت پرست ہی رہیں۔ ہماری آٹھویں دلیل: ابو لہب نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کی تھوڑی سی خوشی کی تو اسے عذاب میں تخفیف ہوگئی۔ آپ کی قبر انور عرش اعظم سے افضل جس مچھلی کے پیٹ میں یونس علیہ السلام رہے وہ عرش سے اعلیٰ جس سیپ میں موتی رہے وہ قیمتی تو جو والدہ پاک نو مہینہ اس در یتیم کو اپنے صدف شکم میں رکھے اور ان کے پیدا ہونے کی خوشیاں منائے کیونکر ممکن ہے کہ وہ جہنمی ہو۔ ہماری نویں دلیل رب فرماتا ہے **وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا"** یعنی ہم کسی قوم کو بغیر ان میں رسول بھیجے ہوئے عذاب نہیں دیتے تو ان دونوں صاحبوں کی طرف دعوت تبلیغ پہنچی ہی نہیں تو عذاب کیسا۔ دسویں دلیل: شیخ فرماتے ہیں کہ کہ کسی پیغمبر کی ماں کافرہ نہ ہوئیں تو حضور کی والدہ کا کافر ہونا کیونکر ممکن ہے۔ ہماری گیارہویں دلیل: اصحاب فترت یعنی عیسیٰ علیہ السلام اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیانی لوگوں کے لئے فقط عقیدہ توحید کافی ہے اور اسی سے ان کی نجات ہے یہ دونوں صاحب عین جوانی میں وفات پاگئے' چنانچہ حضرت عبد اللہ کی عمر پچیس سال ہوئی اور آمنہ خاتون کی اس سے بھی کم لہٰذا انہیں صحبت کفار کم ملی۔ ہماری بارہویں دلیل: ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ بنا کر دعا کی تھی۔ **و من ذریتنا امتہ" مسلمتہ" لک** مولیٰ! ہماری اولاد میں ایک مسلمان جماعت رکھنا پھر فرمایا تھا **وابعث فیھم رسولا" منھم** اور اسی مسلمان جماعت میں آخری نبی بھیجنا وہ دعا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوری ہوئی اس سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسلم جماعت سے پیدا ہوئے اس کی تفسیر ان آیات کی تفسیر میں دیکھو۔ قائلین کفر کے دلائل حسب ذیل ہیں اور ان کے جواب یہ ہیں۔ اول اس لئے کہ اس آیت کا نزول حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کے بارے میں ہے ہی نہیں۔ دیکھو شامی اور کتاب التعظیم والسنہ

marfat.com
Marfat.com

اور تفسیر کبیر و عزیزی وغیرہ۔ لیکن دوسری دلیل اس لئے کہ یہ آیت ما کان للنبی حق یہ ہے کہ ابو طالب کے بارے میں آئی یا ان مسلمانوں کے بارے میں جنہوں نے اپنے مشرک ماں باپوں کے لئے دعائے مغفرت کا ارادہ کیا تھا۔ بخاری نے بھی اس کا نزول ابو طالب کے حق میں مانا۔ جو روایت تم نے پیش کی ہے اس کو ناقدین حدیث نے سخت ضعیف کہا اور ضعیف حدیث سے کفر جیسا اہم مسئلہ ثابت نہیں ہوتا۔ دیکھو تفسیر خزائن العرفان یہی آیت۔ ان کی تیسری دلیل زیارت قبر والی اس کا جواب ہم اپنے دلائل میں دے چکے۔ رہی چوتھی دلیل وہ اس لئے کہ محدثین نے فرمایا ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہے۔ حضور علیہ السلام نے ان کی نجات کے علم سے قبل فرمایا تھا دیکھو شامی باب المرتدین یا یہ حدیث سخت ضعیف ہے اگرچہ مسلم نے روایت کی دیکھو کتاب التعظیم یا یہاں ابی سے مراد چچا ابو طالب ہیں اہل عرب چچا کو باپ کہہ دیا کرتے ہیں۔ قرآن فرماتا ہے لابیہ ازر اور چچا کو باپ فرمایا گیا نیز فرماتا ہے۔ ابائک ابرھیم و اسمعیل و اسحق پانچویں دلیل: اس کا جواب یہ ہے کہ فقہ اکبر کے نسخوں میں بہت اختلاف ہے۔ بعض میں ہے کہ ماتا علی الکفر اور بعض میں ہے ما ماتا علی الکفر یعنی ان کا انتقال کفر پر نہ ہوا اور بعض نسخوں میں یہ مسئلہ بالکل ہے ہی نہیں۔ چنانچہ مولوی وکیل احمد صاحب سکندر پوری نے فقہ اکبر کا نہایت صحیح نسخہ حیدر آباد سے حاصل کر کے چھپوایا اور ثابت کیا کہ یہ صحیح ہے اور باقی نسخے غلط ہیں اس میں اس مسئلہ کا پتہ بھی نہیں بعض نسخوں میں ہے کہ ماتا علی الفطرۃ یعنی وہ حضرات دین فطرت یعنی توحید پر دنیا سے گئے۔ بعض نسخوں میں ہے ما ماتا علی الکفر یعنی وہ دونوں کفر پر فوت نہ ہوئے اتنے اختلاف کے ہوتے ہوئے ایک نسخہ پر کیسے یقین کیا جائے اور اگر صحیح مان بھی لو تو یہ مسئلہ اجتہادی یا تقلیدی نہیں تاکہ اس میں امام کی پیروی واجب ہو بلکہ یہ تاریخی واقعہ ہے اگر اس کے خلاف ثبوت ہو جائے تو اسی کو مانا جائے جیسے مسئلہ لعن یزید اور اطفال مشرکین وغیرہ۔ دلیل چھٹی: اس کا جواب یہ ہے کہ والدین کریمین کو زندہ کرنے کی حدیث بالکل صحیح شامی نے باب المرتدین میں فرمایا کہ امام قرطبی اور حافظ ہشام ابن ناصر الدین وغیرہ نے اسے صحیح بتایا شیخ جلال الدین نے کتاب الفضل میں انہی حافظ شمس الدین کے یہ اشعار نقل فرمائے۔

حبا" للہ النبی مزید فضل     علی فضل و کان بہ رءوفا"

فاحیا امہ و کذا اباہ     لایمان بہ فضلا" لطیفا"

اور قاعدہ ہے کہ جرح پر تعدیل مقدم اور فضائل اعمال میں حدیث ضعیف بھی معتبر اور یہ بھی والدین کریمین کے فضائل ہی کی حدیث ہے نیز مردوں کو زندہ کرنا ممکن ہی نہیں بلکہ واقع ہے حضرت عیسیٰ و موسیٰ و حزقیل علیہم السلام وغیرہم انبیاء نے مردے زندہ کئے حتی کہ قریب قیامت دجال کافر بھی لوگوں کو مار کر زندہ کرے گا حضور علیہ السلام نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے بچوں اور ایک جماعت کو زندہ فرمایا دیکھو شرح قصیدہ بردہ' خرپوتی' مدارج النبوۃ شامی باب المرتدین و کتاب الفضل وغیرہ۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے والدین کریمین کو بھی زندہ فرمایا ہو تو کون سی قباحت ہے اسی طرح بعد موت یا عذاب الٰہی دیکھ کر ایمان قبول ہونا بھی تعجب کی بات نہیں اصحاب کہف زندہ ہو کر حضرت امام مہدی کے ساتھ رہیں گے اور امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں داخل ہو کر حج بھی کریں گے۔ (روح البیان یہی آیت و کتاب التعظیم) حضرت یونس علیہ السلام کی قوم عذاب دیکھ کر ایمان لائی جو کہ قبول ہو گیا۔ قرآن کریم فرماتا ہے فلولا کانت قریۃ امنت فنفعھا ایمانھا الا قوم یونس۔ جس

marfat.com
Marfat.com

سے معلوم ہوا کہ حضرت یونس علیہ السلام کی یہ خصوصیت تھی کہ ان کی قوم کا ایمان یاس بھی قبول کر لیا گیا اسی طرح یہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے کہ آپ کے والدین ماجدین کا ایمان بعد وفات قبول کر لیا گیا۔ خصوصیات قوانین کو خاص کر دیتی ہیں۔ دیکھو حضور علیہ السلام نے ڈوبا ہوا سورج واپس فرما کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو گئی ہوئی نماز تو پڑھا دی جو شہنشاہ کہ قضا نماز کو سورج لوٹا کر لوا کرا دیں وہ اپنے والدین کو زندہ فرما کر کلمہ بھی پڑھا سکتے ہیں۔ رہا قرآن پاک کا یہ فرمانا **ولا الذین یموتون وھم کفار** یا یہ فرمانا **فیمت وھو کافر** ان کے بارے میں ہے جو مشرک و کافر ہو کر مرے ہوں۔ جب وہ دونوں حضرات موحد ہو کر وفات پائیں تو اس آیت میں کیونکر داخل ہوں گے اگر یہ حضرات مشرک ہوتے تو ان کا اسم شریف عبداللہ اور آمنہ نہ ہوتا بلکہ کفار کا سا نام ہوتا۔ عبداللہ کے معنی ہیں اللہ کا بندہ اور آمنہ کے معنی ہیں اللہ کی امانت رکھنے والی۔ یا دنیا کو امن دینے والی بی بی یا ایمان والی جوان کو امنہ کہہ کر کافر کہتا ہے وہ ایسا ہے جیسے کہ حضور کو محمد کو کہہ کر ان کی گستاخی کرے اور اگر معاذ اللہ وہ دونوں کفر میں وفات پاتے جب بھی حضور کی خصوصیت ان کے ایمان کو درست کرا کر انہیں جہنم سے بچالیتی اور کیوں نہ ہو رب تعالیٰ فرماتا ہے **و لسوف یعطیک ربک فترضی** رب آپ کو اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔ وہ کون سعادت مند بیٹا ہے جو اپنے والدین کے جہنمی ہونے پر راضی ہو جائے حضور علیہ السلام نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے دستر خوان سے ہاتھ پونچھ لئے تھے تو وہ تنور کی آگ میں نہیں جلتا تھا تو کیا جن پستانوں کو حضور نے چوسا وہ جہنم میں جل سکتے ہیں۔ کیا آمنہ خاتون حضرت مریم اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ سے بھی کم رہیں گی کیا یہ رب کو پسند ہوگا کہ حضرت عیسیٰ اور موسیٰ علیہ السلام اپنی والداؤں کو جنت میں دیکھیں اور اس محبوب کی والدہ ماجدہ وہاں نظر نہ آئے بلکہ جہنم میں جائے۔ قسم ان کے رب کی یہ کبھی نہ ہوگا۔ لہٰذا حق یہ ہے کہ وہ دونوں حضرات اپنی زندگی پاک میں موحد مومن تھے۔ اور انہیں حجتہ الوداع میں حضور نے زندہ فرما کر کلمہ پڑھا کر مسلمان کیا۔ اور اب وہ امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اولیاء کاملین میں سے ہیں۔ صحابہ ہیں۔

حکایت ضلع سیالکوٹ میں ایک دیوبندی مولوی نے وعظ میں کہا کہ تم لوگ حضور کی شفاعت کی آس لگائے بیٹھے ہو وہ تو اپنے ماں باپ کی بھی شفاعت نہ کر سکیں گے کہ وہ دونوں جہنم میں جائیں گے۔ وعظ ختم ہونے پر ایک جاہل کسان نے پوچھا کہ مولوی صاحب مولوی اور حافظ کا کیا درجہ ہے۔ دیوبندی بولا کہ عالم اپنی سات پشت کو اور حافظ اپنی تین پشت کو بخشوائے گا۔ کسان بولا کہ مولوی تو سات پشت کو بخشوالے اور معراج میں جانے والے قرآن لانے والے سرکار صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ماں کو بھی نہ بخشوا سکے اس کے بعد دیوبندی مولوی ذلیل کر کے نکالا گیا۔ یہاں تو دلائل تھے لیکن مقام عقیدت میں ان دلائل سے میری آنکھیں اندھی اور میرے کان بہرے اور میری زبان گونگی ہے۔ جو حضور علیہ السلام کے والدین کریمین کا کفر ثابت کریں وہ احادیث ضعیف ہیں اور وہ دلائل باطل ہیں در حقیقت انہیں کے گھر کا یہ سارا باغ ہے وہی اس کے مالی اور خود اس سے محروم رہیں یہ کیونکر ممکن ہو سکتا ہے مسلم کی حدیث ضعیف مان لینا آسان ہے۔ راوی حدیث کی غلطی تسلیم کرنا سہل ہے۔ لیکن شہنشاہ کونین کے والدین کو کافر ماننا مشکل ہے۔ غضب ہے کہ مسلم کی روایت یا راوی حدیث کی حمایت میں حضور کے والدین کو کافر مان لیا جائے وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ سیدنا و مولانا محمد و آلہ وبارک وسلم اس مسئلہ کی زیادہ تحقیق کے لئے شمول الاسلام مصنفہ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی قدس سرہ اور ہماری کتاب شان حبیب الرحمٰن کا مطالعہ کرو۔

marfat.com
Marfat.com

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ

اور ہرگز نہیں راضی ہوں گے تم سے یہودی اور نہ عیسائی یہاں تک کہ پیروی کرو

اور ہرگز تم سے یہود اور نصاریٰ راضی نہ ہوں گے جب تک تم ان کے دین کی

مِلَّتَهُمْ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى وَلَئِنِ

تم دین ان کے کی۔ تم فرما دو تحقیق ہدایت اللہ کی وہی ہدایت ہے اور البتہ اگر

پیروی نہ کرو۔ تم فرماؤ اللہ ہی کی ہدایت ہدایت ہے اور (اے سننے والے کسے باشد)

اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ

پیروی کرے تو نفسانی خواہشات کی ان کے پیچھے اس کی کہ آگیا تیرے پاس علم

اگر تو ان کی خواہشوں کا پیرو ہوا بعد اس کے کہ تجھے آچکا علم

مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۱۲۰

نہیں ہے واسطے تیرے اللہ سے کوئی دوست بچانے والا اور نہ مددگار

تو اللہ سے تیرا کوئی بچانے والا نہ ہوگا نہ مددگار

**تعلق**: اس آیت کا گذشتہ آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: پچھلی آیت میں کفار کی کج روی کا ذکر تھا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے ایمان سے مایوس کیا گیا تھا۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ وہ اتنے سخت ہیں کہ اس پر بھی راضی نہیں کہ تم علیحدہ رہو اور وہ علیحدہ بلکہ وہ تو اس پر راضی ہیں کہ تم ان کے جھوٹے دین میں چلے جاؤ۔ اس صورت میں ان کے ایمان کی کیا امید ہے۔ **دوسرا تعلق**: پچھلی آیتوں سے شبہ ہو سکتا تھا کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ ان یہود و نصاریٰ نے گزشتہ پیغمبروں کے معجزات پسند کر کے ان کا دین قبول کر لیا اور نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات سے منہ پھیر گئے۔ اب جواب دیا جارہا ہے کہ اس کی وجہ محض حسد اور خود پسندی ہے کہ وہ اپنا پیشوا رہنما اور دوسروں کا اپنے تابع ہونا پسند کرتے ہیں۔ چونکہ پہلے نبی تو ان کی قوم کے تھے اس لئے انہیں مان لیا۔ اور یہ پیغمبر ان کی قوم کے نہیں اس لئے انکار کر دیا۔ **تیسرا تعلق**: پچھلی آیت میں فرمایا گیا تھا کہ رب نے آپ کو بشیر و نذیر بنا کر بھیجا اب فرمایا جارہا ہے کہ اس بشارت اور ڈرانے میں کفار کی رضامندی کا لحاظ نہ کریں کیونکہ وہ تو تمہیں اپنے میں ملائے بغیر راضی نہیں ہو سکتے۔

**تفسیر**: **ولن ترضی عنک الیھود ولا النصری** یہ غیب کی خبر ہے اور سارے کفار کا یہی حال ہے کہ وہ مسلمانوں سے مسلمان رہتے ہوئے کبھی راضی نہیں ہو سکتے۔ مگر چونکہ وہاں یہودیوں عیسائیوں سے ہی سابقہ تھا نیز عرب میں یہی لوگ اہل علم مشہور تھے اور وہ چاہتے تھے کہ سارا جہان ہمارا تابعدار رہے اور ہم سب کے سردار اس لئے یہاں انہی دو قوموں کا ذکر فرمایا گیا۔ **حتی تتبع ملتھم** یہ حضور علیہ السلام سے خطاب ہے اور اشارۃً بتایا جارہا ہے کہ ان کا آپ سے راضی ہونا محال ہے کیونکہ

marfat.com
Marfat.com

محال پر موقوف بھی محال ہوتا ہے حضور علیہ السلام پیغمبر ہیں پیغمبر سے گناہ بھی ناممکن ہے چہ جائیکہ کفر تو فرمایا گیا ہے کہ ان کی رضا اس پر موقوف ہے کہ آپ ان کا دین اختیار کریں اور یہ تو قطعاً محال لہٰذا وہ بھی محال خیال رہے کہ اطاعت کے معنی ہیں فرمانبرداری اور اتباع کے معنی ہیں کسی کے قدم بقدم چلنا یعنی ان کی نقل کرنا اسی لئے اطاعت تو اللہ تعالیٰ کی رسول کی علماء و سلاطین اسلامیہ کی ہو سکتی ہے مگر اتباع صرف حضور کی ہو گی رب فرماتا ہے۔ **اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم** اور فرماتا ہے **فاتبعونی** یعنی اطاعت میں اللہ رسول اولی الامر کا ذکر فرمایا گیا اتباع میں صرف حضور کا۔ کیونکہ مطلقاً پیروی صرف حضور کی ہو سکتی ہے لہٰذا آیت کا مطلب یہ ہوا کہ یہود و نصاریٰ اسی وقت ہی آپ سے راضی ہو سکتے ہیں جبکہ آپ ان کی ملت کی اندھادھند پیروی کریں کہ وہ کہیں رب صاحب اولاد ہے تم کو بالکل ٹھیک وہ کہیں کہ گائے، سور سب حلال تم کو بالکل درست نعوذ باللہ۔ خیال رہے کہ ملت کے لفظی معنی ہیں لکھوانا۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے **ولیملل الذی علیہ الحق** چونکہ انبیائے کرام بھی شرعی قوانین اپنی امت کو لکھوا دیتے ہیں اس لئے انہیں ملت کہا جاتا ہے۔ اور چونکہ امت ان قوانین کی اطاعت کرتی ہے اس لئے وہ دین بھی کہلاتے ہیں۔ (دین بمعنی اطاعت) اور چونکہ وہی قوانین رب کے پانے کا راستہ بھی ہیں اس لئے انہیں شریعت بھی کہتے ہیں۔ شریعت بمعنی کھلا راستہ رب تعالیٰ فرماتا ہے۔ **شرعۃ و منہاجا**" ملت اور دین میں یہ فرق ہے کہ دین تو رب، نبی اور مجموعہ امت اور ہر امتی کی طرف مضاف ہو سکتا ہے مگر ملت کی نسبت ہر امتی کی طرف نہیں ہوتی صرف رب تعالیٰ پیغمبر اور ساری امت کی طرف ہو سکتی ہے۔ خیال رہے کہ یہاں یہودی اور عیسائی دو قوموں کے لئے ایک ملت فرمایا کیونکہ ساری ملتیں کفر ہیں ایک ہی ہیں **الکفر ملتہ واحدۃ** نیز اس جگہ پر لطف اشارہ یہ بھی ہے کہ ان دونوں کا راضی ہونا اجتماع ضدین پر موقوف ہے۔ لہٰذا محال کیونکہ دین عیسوی و موسوی ضدین ہی تھے اور ایک شخص ایک وقت میں عیسائی یہودی نہیں بن سکتا **قل ان ھدی اللہ ھو الھدی** اس میں ان دونوں کو کامیابی سے مایوس فرمایا گیا ہے۔ یعنی آپ اعلان فرمادو کہ اللہ کی ہدایت یعنی اسلام ہی سچی ہدایت ہے۔ پیغمبر سے یہ کیونکر ممکن ہے کہ وہ حق کو چھوڑ کر باطل اختیار کرے اگرچہ وہ دونوں دین بھی اللہ تعالیٰ کی ہدایت تھے لیکن ان کے منسوخ ہو چکنے کے بعد ان کی پیروی کرنا گمراہی ہے نیز تم نے ان میں بہت ملاوٹ کر دی جس سے وہ اللہ کے دین نہ رہے بلکہ وہ تمہاری خود ساختہ خواہشات بن گئے۔ خیال رہے کہ اس جگہ یا تو پہلی ہدایت سے اسلام اور دوسری ہدایت سے ہدایت حقیقی مراد ہے یا اس کے برعکس یعنی اسلام ہی ہدایت حقیقی ہے یا ہدایت حقیقی اسلام ہی ہے اور تمہارے ادیان ہدیٰ نہیں بلکہ ہوی ہیں۔ (خواہشات نفسانی) بلکہ اگر یہاں قل میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب ہے تو ہدی اللہ سے مراد وہ الہامی ہدایت ہے جو حضور کو اول ہی سے دی گئی جس کی وجہ سے آپ ظہور نبوت سے پہلے بھی تمام برائیوں سے محفوظ رہے۔ ہر نیکی نماز وغیرہ ادا کرتے ہیں یعنی اللہ کی وہ ہدایت جس پر میں پیدا کیا گیا ہوں وہ سچی ہدایت ہے اور اگر قل میں مسلمانوں سے خطاب ہے تو ہدیٰ اللہ سے مراد یا اسلام ہے یا قرآن یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان یا خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات ہے۔ **ولئن اتبعت اھواء ھم** بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ یہ حضور علیہ السلام ہی سے خطاب ہے یعنی اگر بفرض محال آپ ان کی خواہشات کی پیروی کریں **لو کان للرحمن ولد** نہ خدا کا بیٹا ہونا ممکن ہے اور نہ حضور علیہ السلام کا ان بے دینوں کی طرف مائل ہونا قضیہ شرطیہ محض تعلیق بتاتا ہے۔ اسے مقدموں کے امکان سے کوئی تعلق نہیں مگر تفسیر خازن اور تفسیر خزائن العرفان میں فرمایا کہ یہ امت سے خطاب ہے یعنی اے مسلمان اگر تو

marfat.com
Marfat.com

نے یہ حرکت کی اس صورت میں کوئی اعتراض ہی نہیں پڑتا۔ خیال رہے کہ اھواء' ھوا کی جمع ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں اوپر سے نیچے کرنایا اڑتا پھرنا رب فرماتا ہے۔ **او تھوی بہ الریح** اصطلاح میں نفسانی خواہش کو ھوی کہتے ہیں کیونکہ وہ بھی انسان کو نیچے گراتی ہے۔ شریعت میں گمراہ کن خیالات کو ھوی کہتے ہیں اسی لئے گمراہوں کو اہل ھوی بھی کہا جاتا ہے چونکہ ان دونوں دینوں سے حقانیت نکل کر ان میں نفسانیت شامل ہو گئی تھی اس لئے انہیں اھواء فرمایا گیا ان کے اس خیال کو کہ حضور علیہ السلام ان کی پیروی کریں اھواء کہا اور چونکہ ان میں سے ہر ایک شخص کی یہ خواہش تھی اس لئے جمع بولا گیا **بعد الذی جاء ک من العلم** علم کے معنی ہیں کسی چیز کا صحیح جاننا یہاں یا تو اس سے قرآن مراد ہے یا اسلامی قوانین یا ان دنیوی قوانین کا منسوخ ہو جانا۔ یعنی اے مسلمان اگر تو نے قرآن یا احکام اسلام یا یہودیت' نصرانیت کا بطلان جان کر پھر اس کی پیروی کی تو **مالک من اللہ من ولی ولا نصیر** تمہارے لئے خدا کی طرف سے نہ سفارشی دوست مقرر ہے نہ کوئی مددگار جو کہ تمہیں عذاب الٰہی سے بچا سکے۔ خیال رہے کہ ولی اور نصیر میں یہ فرق ہے کہ ولی جو دوستی اور آشنائی کی وجہ سے مدد کرے مگر اس کی کامیابی یقینی نہ ہو نصیر وہ جس کی کامیابی یقینی ہو اگرچہ وہ اجنبی ہو۔ لہٰذا ان دونوں میں عموم خصوص من وجہ ہے (روح البیان)۔ اس آیت کی بناء پر علماء فرماتے ہیں کہ کفار سے اچھی باتیں بھی یہ سمجھ کر لو کہ ہمارے اسلام کی تعلیم ہے یہ ہمارے کھیت کا دانہ اور ہمارے باغ کا پھل۔ بلکہ جھولی کا گرا ہوا موتی ہے جو غیروں نے اٹھا لیا ہے آج ہم امریکہ و برطانیہ کے سچے معاملات و دیانتداری کی تعریفیں کرتے ہیں کیونکہ یہ اسلامی تعلیم ہے۔

خلاصہ تفسیر : اگرچہ اس دین حق کی اندرونی اور بیرونی خوبیاں اس کی حقانیت کی کھلی ہوئی دلیل ہیں جن سے دل میں تو مخالفین بھی قائل ہیں مگر یہود و نصاریٰ کی ضد اور تعصب کا یہ حال ہے کہ جب تک آپ خود ان کی جہالت اور گمراہی کے جس کو انہوں نے اپنا دین و ملت بنا رکھا ہے تابع نہ ہو جائیں وہ آپ سے خوش بھی نہ ہوں گے آپ ان ازلی بد نصیبوں کے ہدایت پر آنے کی امید نہ رکھیں بلکہ انہیں علانیہ فرما دیں کہ حقیقی ہدایت تو وہی ہے جو اللہ کی طرف سے ہے یعنی دین اسلام پیغمبر تو لوگوں کو ہدایت دینے کے لئے آتے ہیں یہ کیونکر ممکن ہے کہ وہ خود کسی کے خیالات کی پیروی کریں اور اے قرآن کے پڑھنے والے مسلمان تو بھی خیال رکھنا کہ اگر تو نے حقانیت سے معلوم کر کے اور ہدایت تک پہنچ کر پھر ان کی خواہشات نفسانیہ کی پیروی کی تو تجھ سے سایہ فضل خداوندی اٹھ جائے اور تجھ میں بھی وہی زہر سرایت کر جائے گا اور پھر تیری غیبی رحمت باقی نہ رہے گی اور نہ کوئی تیرا دوست و مددگار ہو گا جو تجھے اللہ کے عذاب سے بچا لے۔ تفسیر حقانی نے کہا کہ اہل کتاب حضور علیہ السلام سے درخواستیں کرتے تھے کہ اگر آپ اپنا قبلہ بدل دیں اور جانوروں کے حلال و حرام ہونے میں ہم سے اتفاق کر لیں تو باقی تمام باتوں میں ہم آپ کی باتیں مان لیں گے۔ اس آیت میں حضور علیہ السلام سے ارشاد فرمایا گیا کہ آپ کسی مصلحت وقت سے بھی کسی کی نفسانی خواہش پوری نہ فرمائیں اور ان کے مسلمان ہو جانے کی امید پر فروعی مسائل میں بھی ان کا کہنا نہ مانیں۔ کیونکہ آپ پر ہر حقیقت حال ظاہر ہو چکی ہے اور ان پر آپ کی اطاعت ضروری ہے نہ کہ آپ پر ان کی خیال رہے کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہودیت یا نصرانیت کو اھواء یعنی نفسانی خواہشات کا مجموعہ بتایا تین وجہ سے ایک یہ کہ ان دینوں میں اھواء شامل کر دیئے گئے تو جیسے مفید دواء میں زہر ملا دینے سے وہ دوا قابل استعمال نہیں رہتی ایسے ہی تورات و انجیل وغیرہ

marfat.com
Marfat.com

ملاوٹوں کی وجہ سے قابل عمل نہ رہیں۔ دوسرے یہ کہ تورات و انجیل نسخ سے پہلے ہدی تھیں منسوخ ہو کر ہوئی بن گئیں کہ ان پر عمل حرام ہو گیا جیسے ماں کا دودھ جوان بچہ پر حرام ہے یا دن میں بجلی و قمقمہ بلاوجہ روشن کرنا فضول خرچی و حرام ہے حالانکہ یہ کبھی جائز تھے تیسرے یہ کہ تورات و انجیل کے نسخ سے پہلے ان پر عمل کرنے کا حکم ربانی تھا۔ بعد نسخ رب نے ان پر عمل کرنے سے منع فرمادیا تو اب اسے ماننا شیطانی یا نفسانی عمل ہو گیا۔ جیسے طبیب جب اپنے پچھلے نسخہ کا استعمال مریض کو منع کردے تو اب اسے استعمال کرنا مریض کا ناجائز عمل ہے جس کا وہ خود ذمہ دار ہے۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: کافر مسلمان سے کبھی راضی نہیں ہو سکتے کیونکہ انہیں تو اسلام سے چڑ ہے نہ کہ مسلمان کی ذات سے' ہندوستان کے مسلمانوں نے اس کا تجربہ بھی کر لیا۔ نئی روشنی کے مسلمان ہندوؤں کو راضی کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا چکے انہوں نے اپنی مسلمان قوم ہی کو کچلا۔ کبھی خلافت کے بہانے سے صدہا نہ کرنے والے کام کر لئے۔ گاندھی جی کی جے انہوں نے لگائی قربانی کی گائے کو انہوں نے روکا۔ اپنی پیشانیوں پر قشقے انہوں نے لگائے مسلمانوں سے سرکاری نوکریاں چھوڑا کر ہندوؤں کو دلوائیں۔ ہجرت کرا کر بے گھر انہیں بنایا اب بھی احرار' جمعیت علماء ہند اور دیوبند کا مدرسہ ہندوؤں کے اشارہ ابرو پر چل رہے ہیں مگر کفار اب تک ان سے راضی نہ ہوئے کاش کہ وہ لوگ اس آیت کریمہ پر غور کریں اور اس کفار پرستی اور گاندھی کی پوجا چھوڑ کر بجائے رواداری کے اپنے میں خودداری پیدا کریں اور سمجھ لیں کہ مسلمان اپنی ہی قوم سے عزت پا سکتے ہیں نہ کہ دوسری قوموں سے کفار کو راضی کرنے کے بجائے اللہ ستار غفار کو راضی کرنے کی کوشش کریں۔ دوسرا فائدہ: مسلمانوں کے لئے باذن اللہ تعالیٰ رب کی طرف سے ولی بھی ہیں اور مددگار بھی کیونکہ یہاں بتایا گیا ہے کہ کافروں کے لئے کوئی ولی یا مددگار نہیں جو لوگ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی مددگار نہیں وہ اپنے آپ کو کافر سمجھتے ہوں گے۔ ہمارے لئے تو انبیاء اولیاء قرآن رمضان بلکہ چھوٹے بچے بھی باذن الٰہی مددگار ہیں۔ تیسرا فائدہ: دلائل ظاہر ہونے کے بعد تقلید حرام ہے اسی لئے کہا جاتا ہے کہ عالم مجتہد کو غیر کی تقلید ناجائز (تفسیر کبیر و عزیزی)۔ اس کی زیادہ تحقیق کے لئے ہماری کتاب جاء الحق کا مطالعہ کرو۔ چوتھا فائدہ: دوسری تفسیر سے معلوم ہوا کہ احکام محال پر بھی معلق ہو جاتے ہیں کافر قطعی کو ایمان کی رغبت دینا اور مومن قطعی کو بے ایمانی سے ڈرانا جائز ہے تاکہ دوسرے لوگ سن کر عبرت پکڑیں۔ (عزیزی) پانچواں فائدہ: علم الٰہی سے اسباب باطل نہیں ہوتے رب کو خبر ہے کہ زید قتل ہو گا مگر اس کے قاتل کو پھر بھی پھانسی دی جائے گی۔ اور قانون یہ بنایا جائے گا کہ قتل کا بدلہ قتل ہے۔ دیکھو نبی علیہ السلام بلکہ صدیق اکبر و فاروق اعظم وغیرہم کا کفار کی پیروی کرنا قریباً" ناممکن تھا لیکن پھر بھی اس پر عذاب کو معلق کر دیا۔ (تفسیر عزیزی)۔ چھٹا فائدہ: مجذوب لوگ علم الٰہی پر نظر کرتے ہوئے اسباب چھوڑ دیتے ہیں مگر سالکین اس آیت کو دیکھ کر اسباب پر عمل کرتے ہیں یعنی مجذوب رب کی قدرت کو دیکھتے ہیں اور سالکین اس کی حکمت کو اسی لئے سالک مجذوب سے افضل ہے انبیاء کرام اور اولیاء اللہ جانتے ہیں کہ فلاں بیمار کو شفا نہ ہو گی۔ مگر پھر بھی اسے دوا پلاتے ہیں مگر مجذوب دواء اور حکیم کے احسان سے سبکدوش رہتے ہیں۔ ساتواں فائدہ: رب تعالیٰ بے خبر پر عذاب نہیں بھیجتا ہاں جو عمداً" بے خبر ہے اس کو عذاب ہو سکتا ہے۔ رب نے حق کے دلائل قائم فرمادیئے اب جو باطل پر رہے وہ مجرم ہے اسی لئے اس آیت میں علم آچکنے کی قید لگائی گئی۔

marfat.com
Marfat.com

اعتراض: پہلا اعتراض: جس مفسرین نے ولئن اتبعت میں حضور سے خطاب مانا ہے ان کے قول پر یہاں لا ئنہ آنا چاہئے تھا بلکہ لو آنا ضروری تھا کیونکہ ناممکنات کے نہ ہونے کا یقین ہے اور ان شک کے لئے ہے قرآن کریم نے فرمایا۔ لو کان فیھما الھتہ الا اللہ لو کان للرحمن ولد جواب: اس کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ ان مفسرین کے نزدیک بھی بظاہر نبی علیہ السلام سے خطاب ہے مگر درحقیقت دوسروں کو سنانا منظور۔ اس لئے ان لایا گیا دوسرے یہ کہ جہاں ناممکن واقع فرض کیا جائے تو وہاں ان بولا جاتا ہے۔ جیسے ان کان زید حمارا " فھو نا ھق یعنی اگر زید کو گدھا فرض کرلو تو وہ رینگنے والا ہے اس آیت میں فرض محال ہے اور لو کان میں یہ فرض نہیں اس لئے یہاں ان لایا گیا دوسری جگہ لو۔ دوسرا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ کفار مسلمانوں سے دوستی کرتے ہیں۔ حضور غوث پاک کی گیارہویں کرتے ہیں۔ نبی علیہ السلام کی نعتیں لکھتے ہیں ابو طالب ایمان پر نہ تھے مگر حضور سے راضی تھے۔ جواب: اس کے چند جواب ہیں ایک یہ کہ یہ آیت فقط خاص متعصب یہودیوں اور عیسائیوں کے بارے میں ہے۔ اسی لئے انہیں کا نام بھی لیا گیا۔ مگر یہ جواب ضعیف ہے کیونکہ یہاں یہود و نصاریٰ میں کوئی قید نہیں نیز اور دوسری آیت میں مشرکین کو بمقابلہ عیسائیوں کے مسلمانوں کا زیادہ سخت دشمن بتایا گیا چنانچہ ارشاد ہوا لتجدن اشد الناس عداوۃ للذین امنوا الیھود والذین اشرکوا دوسرے یہ کہ اس قسم کے کفار صرف نام کے کافر رہ جاتے ہیں حقیقتاً دل میں خود اپنے دین سے بیزار ہوتے ہیں چنانچہ ابو طالب صرف نام ہی کے کافر رہ گئے تھے ابو طالب کے متعلق کچھ گفتگو ہم کر بھی چکے ہیں اور مکمل بحث ان آیتوں کی تفسیر میں کریں گے جہاں ان کا ذکر آئے گا۔ امام احمد ابن دحلان مکی رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب السنی المطالب فی ایمان ابی طالب میں فرماتے ہیں کہ ابو طالب نے اپنے نعتیہ اشعار میں ساری ایمانیات کا اقرار کرلیا صرف حضور کے آرام کی خاطر صراحۃً "ایمان ظاہر نہ کیا کہ میرے بظاہر کافر رہنے پر میری زندگی میں اور بعد موت کفار حضور علیہ السلام کا لحاظ کریں گے اور انہیں ایذا نہ پہنچائیں گے۔ یعنی انہوں نے نار بھی اختیار کی تو حضور کے آرام کی خاطر اسی لئے حضور علیہ السلام نے ان کو جہنم سے نکال کر اس کے جھیرے میں رکھ دیا دیکھو مشکوٰۃ باب صفت النار بحوالہ بخاری۔ تیسرا جواب یہ ہے کہ اس قسم کے عام کفار درحقیقت اسلام اور مسلمانوں سے راضی نہیں۔ بلکہ بعض کفار تو محض دنیوی نفع کی خاطر گیارہویں کرتے ہیں اور عام شعراء داد لینے کے لئے نعت لکھتے ہیں۔ اگر دین سے راضی ہوتے تو مسلمان ہو جاتے۔ چوتھا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ مسائل میں کفار کی بالکل رعایت نہ کی جائے حالانکہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تالیف قلوب کے لئے بہت موقعوں پر ان کی رعایت فرمائی۔ شروع اسلام میں ان کو زکوٰۃ دینا جائز رہا۔ انہیں کی خاطر سترہ مہینے تک بیت المقدس مسلمانوں کا قبلہ رہا وغیرہ لہذا اگر ہم بھی ہندوؤں کو راضی کرنے کے لئے قربانیء گائے چھوڑ دیں تو کیا حرج ہے جائز باتوں میں ان کو راضی کرلیا کریں جواب: کفار کے راضی کرنے کے لئے دین کے جائز کام بھی چھوڑنا گناہ ہے عبداللہ ابن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہودیت کی خاطر اونٹ کے گوشت سے پرہیز کیا تھا تو آیت ادخلوا فی السلم کافۃ" ولا تتبعوا خطوت الشیطن اسلام میں پورے آجاؤ شیطان کے قدم بقدم نہ چلو حضور علیہ السلام نے زکوٰۃ اور قبلہ وغیرہ میں کسی کافر کی خواہش پر عمل نہ کیا بلکہ رب کے حکم پر۔ رب نے خواہ اسی لئے فرمایا ہو لیکن ہم تو اس کے فرمان پر عمل کریں گے ایسی کوئی مثال نہ ملے گی کہ جہاں کفار کی خواہش پر آپ نے احکام اسلامیہ میں فرق کیا ہو اسلام کا ہر قانون

marfat.com
Marfat.com

اپنی جگہ قائم رہے گا۔ ہندوؤں کی خاطر اذان و قربانی گائے وغیرہ نہیں بند کی جاسکتی۔

تفسیر صوفیانہ : نفس امارہ کافر ہے اور روح مومن۔ شیطان نفس کا مددگار اور فرشتہ روح کا وزیر۔ ضروری ہے کہ نفس کو مغلوب رکھنے کے لئے اس کی ہر خواہش پامال کی جائے اور اس کی پوری پوری مخالفت کی جائے اگر کوئی چاہے کہ نفس و روح میں اس طرح صلح کرادے کہ روح تو نفس کی بعض خواہشات پوری کرے اور نفس بعض چیزوں میں روح کی اطاعت کرے یہ ناممکن ہے نفس امارہ روح سے اس وقت تک راضی نہیں ہو سکتا جب تک کہ اسے بالکل اپنے ہم رنگ نہ کرے نفس اس شیر خوار بچہ کی طرح ہے کہ اگر اس کی بعض ضدیں پوری کی جائیں تو اور زیادہ ضدی بنتا ہے اور اگر مہربان دایہ جبراً اس کا دودھ نہ چھڑادے تو وہ کبھی اس پر راضی نہ ہو لہٰذا اے روح اگر تو نے علم حاصل ہونے کے بعد نفس کی تھوڑی بھی پیروی کی تو رب کی خاطر سے جو تیرا معاون اور مددگار فرشتہ مقرر ہے وہ تجھ سے جاتا رہے گا اور پھر تو اس پردیس میں بے یار و مددگار ٹھوکریں کھاتی پھرے گی بس چاہئے کہ۔

راہ ہے راہ مار پھرتے ہیں بائیں رستے نہ جا مسافر سن

خیال رہے کہ ولایت یعنی دوستی اور مدد تین قسم کی ہے۔ جسمانی، طغیانی، ایمانی، پہلی دو قسم کی دوستیاں رکھنے والے ولی من دون اللہ ہیں اور تیسری دوستی اور ولایت والے ولی من اللہ جسمانی محبت مرتے ہی مٹ جائے گی رب فرماتا ہے **یوم یفرا المرء من اخیہ و امہ و ابیہ** دوسری محبت بعد موت دشمنی میں بدل جائے گی مگر تیسری محبت و مدد ابد الاباد تک قائم رہے گی۔ رب فرماتا ہے **الاخلاء یومئذ بعضھم لبعض عدو الا المتقین** قیامت میں ولی من دون اللہ ہرگز کام نہ آئیں گے بلکہ نقصان پہنچائیں گے۔ رب فرماتا ہے **وما لکم من دون اللہ من ولی ولا نصیر**۔ اور ولی من اللہ مومنوں کو ہر جگہ کام آئیں گے قبر و حشر و دنیا میں ان کی مدد برحق ہے رب فرماتا ہے **انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین امنوا** اور فرماتا ہے **واجعل لنا من لدنک ولیا و اجعل لنا من لدنک نصیرا**" اور فرماتا ہے **فان اللہ ھو مولہ و جبریل و صالح المؤمنین والملئکۃ بعد ذلک ظھیر** یہاں اس آیت کا منشا ہے کہ اگر تم نے یہود و نصاریٰ کی پیروی کی تو تمہارا ولی من اللہ کوئی نہ ہوگا رہے ولی من دون اللہ وہ اگرچہ بہت بن جائیں گے مگر ان کی ولایت تمہیں مضر ہوگی جیسے شیطان اور کفار کہ اگرچہ یہ تمہارے اس وقت ظاہری دوست بن جائیں مگر بعد موت دشمن ہوں گے اور اگر تم مومن رہے تو تمہارا ولی من اللہ بہت ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ حضور صلی اللہ علیہ وسلم صالح مسلمان فرشتے یہ سب دنیا و آخرت میں تمہارے ولی بھی نصیر بھی۔

| |
|---|
| اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓىٕكَ |
| جو کہ دی ہم نے انہیں یہ کتاب تلاوت کرتے ہیں وہ اس کی حق تلاوت اس کی کا یہ لوگ |
| جنہیں ہم نے کتاب دی ہو وہ جیسے چاہیئے اس کی تلاوت کرتے ہیں وہ ہی |

marfat.com
Marfat.com

يُؤْمِنُونَ بِهٖ ۚ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

| |
|---|
| ایمان لاتے ہیں ساتھ اس کے اور جو انکار کرے اس کا پس یہ لوگ وہ ٹوٹا پانے والے ہیں |
| اس پر ایمان رکھتے ہیں اور جو اس کے منکر ہوں پس یہ لوگ تو وہی لوگ زیاں کار ہیں |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیت میں یہود و نصاریٰ کی ہٹ دھرمی اور ان کے سخت عناد کا ذکر کیا گیا ہے۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ سارے اہل کتاب کلیہ حال نہیں ان میں سے بعض حق پرست بھی ہیں۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں یہود و نصاریٰ کے دین کو اہواء یعنی نفسانی خواہشات فرمایا گیا ہے اب اس کی وجہ بتائی جا رہی ہے کہ انہوں نے در حقیقت اس کتاب کو پڑھا نہیں جنہوں نے صحیح پڑھا ہے وہ مسلمان ہو گئے۔ تیسرا تعلق: پہلے فرمایا گیا تھا کہ اسلام حقیقی ہدایت ہے اب اس کی دلیل دی جا رہی ہے کہ توراۃ و انجیل کو صحیح پڑھنے والوں نے بھی اسے قبول کر لیا۔

شان نزول : بعض صحابہ کرام نے حضور علیہ السلام کی ہجرت سے پیشتر حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی اور حبشہ کے بادشاہ نجاشی وغیرہ کو قرآن سنا کر اسلام کا دلدادہ کر لیا تھا۔ جب حضور علیہ السلام نے مدینہ پاک کی ہجرت کی تو یہ لوگ بھی بذریعہ کشتی وہاں آ گئے کیونکہ انہوں نے مجبوراً اتنے روز تک حضور علیہ السلام کا فراق گوارا کیا ان کے ہمراہ چالیس اہل کتاب تھے جن میں سے بتیس اہل حبشہ اور آٹھ شامی راہب تھے۔ انہیں میں بحیرہ راہب بھی شامل تھے ان سب کے سردار حضرت جعفر بن ابی طالب تھے۔ (از تفسیر خزائن العرفان)۔ خیال رہے کہ چالیس تو حبشہ اور شام کے عیسائیوں اور یہودیوں کی تعداد تھی مکہ کے مہاجرین کی تعداد ان کے علاوہ ہے ان حبشی اور شامی اہل کتاب کے بارے میں یہ آیت کریمہ اتری جو قرآن پاک سن کر اور اپنی کتابوں میں حضور علیہ السلام کی نعت دیکھ کر ایمان لا کر حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

تفسیر : الذین اتینھم پہلی آیت میں فرمایا تھا ملتھم اور یہاں اتینھم جس سے معلوم ہوا کہ مفسدین اہل کتاب کا دین اپنا خود ساختہ اور مومنین اہل کتاب کا علم و عرفان رب کا عطا فرمایا ہوا ہے اس لئے وہ کافر رہے اور یہ نور ایمانی سے چمک گئے۔ الکتب یا تو اس سے قرآن کریم مراد ہے کیونکہ آئندہ تلاوت کی رغبت اور ایمان کا ذکر ہو رہا ہے اور یہ صفات قرآن کے ہیں توراۃ و انجیل کی نہ تو کوئی باقاعدہ تلاوت ہوئی اور نہ وہ اب ذریعہ ہدایت ہے یا اس سے توراۃ ہی مراد ہے اس لئے کہ اس آیت کے آگے پیچھے بنی اسرائیل ہی کا ذکر ہے اور یہ کشتی والے لوگ توراۃ وغیرہ پڑھ کر اسی کی رہبری سے حضور علیہ السلام پر ایمان لائے تھے یتلونہ اگر کتاب سے قرآن مراد ہو تو تلاوت کے معنی ہیں پڑھنا اور اگر اس سے توراۃ و انجیل مراد ہے تو تلاوت کے معنی ہیں پیروی کرنا رب تعالیٰ فرماتا ہے والقمر اذا تلھا یہاں تلاوت بمعنی اتباع ہے نہ کہ پڑھنا بلکہ پڑھنے کو بھی تلاوت اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں لکھے ہوئے کی اتباع ہوتی ہے۔ (تفسیر کبیر)۔ حق تلاوتہ یہ مصدر محذوف کی صفت ہے یعنی وہ تلاوت ایسی کرتے ہیں جیسی وہ چاہتے ہیں اور جیسے اس کا حق اگر یہاں اہل کتاب مراد ہیں تو حق تلاوت سے مقصود ہے صحیح پڑھنا ان کتابوں میں تحریف و تبدیل نہ کرنا اس کے احکام پر عمل کر کے نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آنا اور یا کتاب سے قرآن اور لوگوں سے مسلمان مراد ہیں تو حق تلاوت سے اس کا صحیح پڑھنا اس کے معانی میں غور کرنا

marfat.com
Marfat.com

خشوع و خضوع سے پڑھنا مراد ہے۔ یتلون مضارع فرما کر اشارۃً فرمایا گیا کہ مومن صرف ایک بار تلاوت کر کے قرآن کریم چھوڑ نہیں دیتے بلکہ وہ ہمیشہ تلاوت کرتے رہتے ہیں مومن کی شان یہ ہے کہ وہ مرتے دم تک تلاوت قرآن کرتا ہے بلکہ اس کے مرتے وقت سورۂ یٰسین کی تلاوت اس کے پاس کی جاتی ہے اس کے مرنے کے بعد اس کے ورثاء وقتاً"فوقتاً" اسے تلاوت قرآن کا ثواب پہنچاتے رہتے ہیں بلکہ مومن میت قبر میں تلاوت کرتا رہتا ہے اور انشاء اللہ محشرو جنت میں بھی تلاوت کرے گا جیسا کہ روایات میں ہے لہٰذا ۔ یتلون میں بہت وسعت ہے۔ **اولٰئک یئومنون بہ** یہی لوگ جن کی یہ صفتیں ہیں۔ وہ درحقیقت اس کتاب کے مومن ہیں نہ کہ بدلنے والے اور اس کو عملاً" چھوڑنے والے۔ خیال رہے کہ فعل کو جب مبتداء پر مسند کیا جائے تو حصر کا فائدہ دیتا ہے جیسے کہ **اللہ یستھزیء بھم** (روح البیان)۔ **و من یکفر بہ** اور جو کوئی اہل کتاب اس کا انکار کرے یا تو اس طرح کہ اسے بدل دے یا اس طرح کہ اس قرآن یا نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کردے جس کی اس کتاب میں بشارت ہے۔ **فاولٰئک ھم الخسرون** پس وہ لوگ بہت ٹوٹا پانے والے ہیں کہ قرآن پر ایمان بھی ان کو حاصل نہ ہوا اور اپنی کتاب سے بھی بے بہرہ ہو گئے اور دنیا میں مقتول 'قیدی' جلاوطن ہوئے اور آخرت میں دوزخی رہے اگر اس قسم کے لوگ آپ کی نبوت کا انکار کریں تو آپ اس سے رنجیدہ نہ ہوں کیونکہ یہ درحقیقت اہل کتاب ہی نہیں اگرچہ بظاہر گدھے کی طرح کتاب اٹھائے ہوئے ہیں۔ خیال رہے کہ یہ آیت اگر قرآن اور مسلمانوں کے حق میں ہو تو اس اخیر جملہ کا مطلب یہ ہو گا کہ جو قرآن کریم میں معنوی تحریف کر کے منکر ہو جائے وہ بہت نقصان میں ہے کہ اس کے قریب آکر نکل گیا اور اس کے ماننے کا کوئی فائدہ حاصل نہ کر سکا۔

**خلاصہ تفسیر** : اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ سب ہی بنی اسرائیل اپنے کو اہل کتاب کہتے ہیں اور بظاہر سب ہی کتاب پڑھتے ہیں مگر درحقیقت کتاب انہیں کو ملی جنہیں ہم نے دی اور جنہوں نے اس کو صحیح طور پر پڑھا اس کی تلاوت کا حق ادا کیا اس کے احکام پر عمل کیا اور جو اس کے بتائے ہوئے راستے پر چلا جن میں یہ صفتیں ہیں وہی اس کے سچے ماننے والے ہیں اور انہیں کا اس پر صحیح ایمان ہے اور جو کہ زبان سے تو کتاب پڑھتا رہا اور عملاً" اس کا منکر رہا وہ خسارا والا تاجر ہے کہ اس نے بجائے نفع حاصل کرنے کے اپنی اصل پونجی بھی کھو دی۔

**دوسری تفسیر** : جنہیں ہم نے قرآن کریم عطا فرمایا وہ اس کی ایسی تلاوت کرتے ہیں جیسا کہ اس کا حق ہے اور یہی حق تلاوت ادا کرنے والے ہیں صحیح معنی میں اس کے ماننے والے ہیں اور جو قرآن کریم کے ماننے کا دعویٰ کرے اور اپنے کو قرآنی یا اہل قرآن کہتا رہے اور در پردہ اس کے احکام کا منکر وہ وہ سخت نقصان میں ہے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ: قرآن کریم کا صحیح پڑھنا بھی باعث ثواب ہے جو لوگ کہتے ہیں کہ اس کے پڑھنے کی کیا ضرورت ہے عمل چاہئے وہ سخت غلطی پر ہیں اگر قرآن شریف صرف عمل کے لئے ہوتا اور اس کا دوسرا فائدہ نہ ہوتا تو اس میں منسوخ اور متشابہ آیات نہ ہوتیں جن پر عمل نہیں ہو سکتا قرآن کریم کی محکم آیات عمل کے لئے ہیں۔ اور سارا قرآن کریم تلاوت 'شفاء تازگی ایمان کے لئے ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ بغیر ترجمہ جانے قرآن شریف بلکہ نماز

marfat.com
Marfat.com

بھی نہ پڑھنا چاہئے کیونکہ تلاوت و نماز بارگاہ خداوندی میں درخواست ہے اور جب درخواست دینے والے کو یہی خبر نہ ہو کہ درخواست میں کیا لکھا گیا ہے تو درخواست بے کار ہے مگر یہ خیال غلط ہے اگر قرآن شریف محض درخواست ہو تو اردو زبان میں بھی تلاوت کر لیا جاتا صرف عربی کی قید نہ ہوتی۔ اس کی تلاوت کا مقصد یہ ہے کہ جو الفاظ حضرت جبریل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ نے اپنے منہ سے پڑھے وہ ہماری زبان پر بھی جاری ہو جائیں۔ جن سے باطنی طہارت نصیب ہو' برکت حاصل ہو' مرکب دواء مریض کو مفید ہے خواہ ہمیں اس کے اجزاء کی خبر ہو یا نہ ہو۔ ولایتی پیٹنٹ دوائیں بلا تحقیق اجزاء ہر بیمار استعمال کرتا ہے قرآن طب ایمانی کی دوا ہے جو کارخانہ قدرت میں تیار ہوئی نیز یہ قرآن حضور کی بولی ہے رب کو اپنے محبوب کی بولی پیاری ہے تم کو طوطے مینا کی بولی پیاری اگرچہ وہ یہ نہ سمجھیں۔ رب کو جناب مصطفیٰ کی بولی پیاری بولنے والا اسے سمجھے نہ سمجھے۔ **دوسرا فائدہ:** قرآن پاک کا صحیح طور پر باادب خشوع خضوع سے پڑھنا ایمان کی علامت ہے۔ **تیسرا فائدہ:** اس تلاوت سے فائدہ ہوگا جو نیک نیتی سے ایمان کے ساتھ ہو ایمان چھوڑ کر صرف تلاوت کرنا قرآن کریم کو اپنے خلاف گواہ بنانا ہے۔ **چوتھا فائدہ:** حق تلاوت میں بہت گفتگو ہے عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حق تلاوت یہ ہے کہ قرآن کریم کے حلال کو حلال جانے اور اس کے محرمات کو حرام سمجھے اور اس کے حروف کو صحیح ادا کرے غفلت سے غلط پڑھنا حرام ہے اور عمداً" غلط پڑھنا کفر ہے۔ کیونکہ یہ بھی قرآن کریم کی تحریف ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حق تلاوت یہ ہے کہ جب جنت کا ذکر آئے تو رب سے مانگے اور جہنم کے ذکر میں اس سے پناہ مانگے۔ عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حق تلاوت یہ ہے کہ اس کے حلال کو حلال جانے اور اس کے حرام کئے ہوئے کو حرام مانے اور جس طرح اترا ہے ویسے ہی پڑھے اس کے کلمات میں تحریف نہ کرے اور اس کے معنی کی غلط تاویل نہ کرے دنیاداروں کی خاطر اس کے احکام نہ چھپائے۔ حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حق تلاوت یہ ہے کہ قرآن کی ظاہر آیتوں پر عمل کرے متشابہات پر ایمان لائے اور جو آیت سمجھ میں نہ آئے وہ علماء سے پوچھ لے اپنی عقل کو اس میں دخل نہ دے۔ (تفسیر عزیزی)۔

**مسئلہ:** تلاوت قرآن کے آداب یہ ہیں کہ پڑھنے والا باوضو قبلہ رو ہو کر پڑھے۔ سننے والا ادب اور تعظیم سے خاموش ہو کر سنے۔ جہاں لوگ کام کاج میں مشغول ہوں وہاں بلند آواز سے تلاوت نہ کی جائے پڑھنے والا یکسو ہو کر اطمینان قلب سے پڑھے' پڑھتے وقت حضور قلب اور خشوع خضوع ضروری ہے اگر معانی جانتا ہو تو ان پر غور کرتا جائے۔ ورنہ فقط عبارت قرآن پر ہی دھیان رکھے کہ اس کی عبارت بھی بہت لذیذ اور پر لطف ہے۔ **مسئلہ:** چند آدمی مل کر قرآن کریم بلند آواز سے نہ پڑھیں یا تو سب آہستہ پڑھیں یا ایک بلند آواز سے پڑھے اور باقی سب سنیں **مسئلہ:** قرآن یاد کرنے والے بچوں پر یہ پابندیاں نہیں وہ سب مل کر بلند آواز سے پڑھ سکتے ہیں کیونکہ وہ تلاوت قرآن نہیں بلکہ تعلیم قرآن ہے۔ اسی لئے شامی نے فرمایا کہ تلاوت کرتے وقت اعوذ پڑھے مگر استاد کو سناتے وقت نہ پڑھے کیونکہ اعوذ باللہ سنت تلاوت ہے نہ کہ سنت تعلیم۔ (شامی باب صفت الصلوۃ)۔

**اعتراض: پہلا اعتراض:** اگر اس آیت میں کتاب سے قرآن شریف مراد ہے تو یہ آیت شان نزول کے مطابق نہ رہے گی کیونکہ یہ حبشہ کے یہودیوں اور عیسائیوں کے بارے میں آئی **جواب:** چونکہ یہود اور عیسائی قرآن کریم پر ایمان لا کر ایمان

marfat.com
Marfat.com

لانے کے لئے حاضر دربار ہوئے تھے۔ اس لئے انہیں قرآن کریم مل چکا ہے اور یہ اس کے صحیح معنی میں تلاوت کرنے والے تھے۔ لہٰذا شان نزول سے اس کی کوئی مخالفت نہیں روایات میں تو یہ آیا ہے کہ حضرت جعفر طیار نے جب نجاشی کے دربار میں سورۂ مریم اور سورہ طٰہٰ کی تلاوت فرمائی تو خود بادشاہ اور اس کے درباری زار و قطار رونے لگے اسی طرح نجاشی کی قوم کے سترہ (17) آدمی حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضور سے سورۂ یٰسین سن کر بہت روئے جس کا ذکر اس آیت میں ہے۔ **و اذا سمعوا ما انزل الی الرسول** نیز یہ لوگ ادب اور تعظیم سے تلاوت قرآن کرنے لگے تھے **دوسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو قرآن کریم کو بحق تلاوت پڑھے وہی مسلمان ہے تو کیا قرآن پاک کو نہ پڑھنے والا کافر ہے۔ **جواب:** اس کے چند جواب یہ ہیں۔ ایک یہ کہ تلاوت قرآن اہل کتاب کی علامت ہے اور شئی کے لئے علامت لازم نہیں دوسرے یہ کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ تلاوت قرآن کرنے والا کامل مومن ہے اور یقیناً جو اس نعمت سے محروم ہے وہ ایمان کے کمال سے محروم۔ تیسرے یہ کہ بے شک بغیر قرآن مجید پڑھے کوئی مومن ہو سکتا ہی نہیں کیونکہ ایمان کے لئے کم از کم کلمہ پڑھنا ضروری ہے اور کلمہ طیبہ قرآن ہی کی آیتیں ہیں۔ **تیسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ قرآن کا جو منکر ہے وہی کافر ہے حالانکہ تم کہتے ہو کہ حدیث متواتر اور اجماع کا منکر بھی کافر ہے جیسے کہ تعداد رکعات اور نصاب زکوٰۃ۔ **جواب:** حدیث یقینی کا انکار بھی قرآن کریم ہی کا انکار ہے بلکہ اجماع مسلمین کا انکار بھی ایسا ہی ہے کیونکہ قرآن کریم میں اطاعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اطاعت اجماع مسلمین کا حکم دیا ہے ان میں سے ایک کا انکار ان آیتوں کا انکار ہے قرآن نے فرمایا **و من یشاقق الرسول من بعد ما تبین لہ الھدی و یتبع غیر سبیل المؤمنین**

**تفسیر صوفیانہ:** فرق ہے کتاب الٰہی کے خود حاصل کرنے میں اور رب کے عطا فرمانے میں اس آیت میں ان قسمت والوں کا ذکر ہے۔ جنہیں کتاب خود رب تعالیٰ نے عطا فرمائی یعنی اولیاء کرام ان کی صفت یہ ہے کہ حق تلاوت وہی ادا کر سکتے ہیں قرآن کا حق تلاوت یہ ہے کہ اس کے پڑھتے وقت دل دنیا سے سرد ہو آواز میں درد ہو' آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگی ہو' دنیا اور دنیاوی چیزوں سے ایک دم غافل ہو جائے فنافی اللہ اور بقاء باللہ کے مزے سے ایسا مرد میدان اپنی تلاوت ہی سے اوروں پر بھی رنگ جماتا ہے اور اس تلاوت کی برکت سے اوروں کو ایمان بخش دیتا ہے۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہجرت سے پہلے اپنے دروازے پر قرآن کریم کی تلاوت کرتے تو مشرکین کی عورتیں اور بچے آپ کے گرد جمع ہو جاتے' آپ روتے بھی تھے اور ان سب کو رلاتے بھی تھے۔ بہت لوگ ان دردوالی آوازوں سے قرآن پاک سن کر ایمان لے آتے تھے انہی کی یہ صفت ہے کہ **اولئک یؤمنون بہ** کہ وہ اس تلاوت کے ذریعہ لوگوں کو ایمان بخش دیتے ہیں اور سب کو ایمان میں لے لیتے ہیں لیکن **و من یکفر بہ** جو ایسے پاک بازوں سے قرآن پاک سن کر بھی کافر ہے یا ان کے درد کا انکار کرے وہ بہت نقصان والا ہے۔ ان لوگوں نے تو اس تلاوت ہی کے ذریعہ روحانی بیماریوں کے سوا جسمانی بیماروں کو بھی شفا بخشی وہی قرآن کریم صحابہ کرام بھی پڑھتے تھے کہ ان کی ایک آیت سے سانپ کاٹے ہوئے کو بھی شفا مل جاتی تھی اور وہی قرآن کریم ہم بھی پڑھتے ہیں مگر اس میں یہ تاثیر نہیں کیونکہ وہ تلاوت کا حق ادا کرتے تھے اور ہم یہ نہیں کرتے رب تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ہم کو وہ دل و زبان عطا فرمائے جس سے حق تلاوت ادا ہو صوفیاء فرماتے ہیں کہ نقش قرآن کی جگہ کاغذ ہے الفاظ قرآن کی جگہ سننے والے کے کان اور تلاوت

marfat.com
Marfat.com

کرنے والے کی زبان مضامین قرآن کی جگہ مومن کا دماغ انوار و تجلیات قرآن کی جگہ مومن کا دل ہے۔ نقوش و مضامین و معنی واستادوں کے ذریعہ مل جاتے ہیں۔ مگر انوار قرآن صرف عطیہ ربانی ہے جسے فرمایا گیا **تمنهم الكتب** جو کسی کو بلاواسطہ اور کسی کو کسی صاحب نظر کی نظر عنایت سے نصیب ہوتا ہے صاحب نظر تو پتھروں پر نقش جما دیتے ہیں چہ جائیکہ مومن کے دل حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند نے ایک کمہار کے پکے ہوئے آوے کو نگاہ بھر کر دیکھا تو نار کو نور بنادیا اور ہر ہر برتن پر اسم ذات کندہ کردیا اس دن سے ان کا لقب نقش بند ہوا' اسی طرح حضور کے جسم کا مقام اور' اور دل کا مقام اور 'اور روح کا مقام اور' اور حضور کی نورانی تجلیات کی جگہ اور ہے' جسم پاک عرب میں رہا دل رب کے قرب خصوصی میں کہ فرماتے ہیں **ابیت عند ربی یطعمنی و یسقینی** اور روح پاک کا مقام وہاں ہے جہاں فرشتوں کا گمان نہ پہنچے فرماتے ہیں **لی مع الله وقت لا یسعنی فیه ملک مقرب ولا نبی مرسل** اور حضور کی تجلیات کا مقام ہر مومن کا دل ہے۔ سورج آسمان پر ہے مگر شعاعیں ہر گھر ہیں۔

| |
|---|
| **يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ** |
| اے اولاد یعقوب کی یاد کرو تم نعمت میری جو کہ کی میں نے اوپر تمہارے |
| اے اولاد یعقوب یاد کرو میرا احسان جو میں تم پر کیا اور وہ جو میں نے اس |
| **وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝١٢٢ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ** |
| اور تحقیق میں نے بزرگی دی تم کو اوپر جہانوں کا اور تم ڈرو اس دن سے نہ بدلے گی |
| زمانہ کے سب لوگوں پر تمہیں بڑائی دی اور ڈرو تم اس دن سے کوئی جان |
| **نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا** |
| کوئی جان کسی جان سے کسی چیز کا اور نہ قبول کیا جائے گا اس جان سے فدیہ اور نہ نفع دے گی |
| دوسرے کا بدلہ نہ ہوگی اور نہ اس کو کچھ لے کر چھوڑیں اور نہ کافر کو کوئی سفارش |
| **شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝١٢٣** |
| اس کو سفارش اور نہ وہ لوگ مدد کیے جائیں گے |
| نفع دے گی اور نہ ان کی مدد ہو |

تعلق : اس آیت کے پچھلی آیتوں سے چند تعلق ہیں۔ پہلا تعلق: شروع سیپارہ میں بنی اسرائیل کو ندا دے کر ان سے خطاب شروع فرمایا گیا۔ اب بہت کچھ کلام فرما کر قریبا" ان سے خطاب ختم ہو رہا ہے لہذا پھر وہی خطاب ہوا۔ جیسے کہ ایک حساب داں پہلے اجمالی حساب بتا کر اس کی تفصیل بیان کرتا ہے اور پھر تفصیل کے آخر میں دوبارہ اجمالی حساب کا ذکر کر دیتا ہے یا منطقی

marfat.com
Marfat.com

دعویٰ قائم کرکے دلائل قائم کرتا ہے۔ اور پھر بطور نتیجہ اس دعویٰ کو دہراتا ہے تاکہ یاد رہے یہاں بھی پہلے فرمایا کہ اے اسرائیلیو میری نعمت کو یاد کرو پھر اپنی نعمتیں اور ان کی نافرمانیوں کی تفصیل وغیرہ بتا کر فرمایا کہ ان نعمتوں کو یاد رکھنا۔ **دوسرا تعلق:** پہلے کی آیتوں میں فرمایا گیا تھا کہ بنی اسرائیل نبی علیہ السلام کو اپنا تابع کرنا چاہتے ہیں۔ اور وہ سب سرداری کرنے کے عادی ہیں اب ان سے خطاب کرکے فرمایا جارہا ہے کہ تم کو جو کچھ نعمتیں اور بزرگیاں گذشتہ زمانہ میں ملی تھیں وہ انبیاء کرام کی غلامی کی برکت سے تھیں۔ اگر تم ان نعمتوں کی بقاء چاہتے ہو تو اس نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو۔ **تیسرا تعلق:** پچھلی آیت سے معلوم ہوا تھا کہ یہود و نصاریٰ نے کتاب اللہ کو نخوت اور غرور اور نفسانیت و تعصب کا ذریعہ بنالیا جس سے وہ کتاب ان کے لئے حجاب بن گئی اب فرمایا جارہا ہے کہ اے اسرائیلیو! تم انہیں انعامات کو یاد کرکے پھر اختیار کرلو جس کی وجہ سے تمہیں پہلے بزرگی ملی تھی۔

**تفسیر: یبنی اسرائیل** ہم پہلے بتاچکے ہیں کہ کبھی خطاب عتاب کے لئے آتا ہے اور کبھی رحمت کے لئے آتا ہے یہاں بظاہر عتاب کا خطاب ہے لیکن ممکن ہے کہ رحمت کا خطاب ہو اسی لئے ان کو برگزیدہ نبی یعقوب علیہ السلام کی نسبت کرکے پکارا گیا۔ یعنی اے اسرائیلیو! اگرچہ تم بڑے مجرم اور خطاکار ہو مگر چونکہ ہم ستار و غفار ہیں اور تم ہمارے ایک بندۂ خاص کی اولاد ہو اگر اب بھی ہماری طرف رجوع کرو تو ہماری رحمت تمہیں لینے کو تیار ہے۔ خیال رہے کہ رب نے قرآن کریم میں دیگر انبیائے کرام کو نام لے کر پکارا مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو القاب کریمہ سے ایسے ہی دیگر امتوں کو ان کے نسبی ناموں سے پکارا اور امت مصطفیٰ کو **الذین امنوا** کے پیارے خطاب سے پکارا یہ اس امت کا احترام ہے **اذکروا نعمتی** میری نعمت کو یاد کرو۔ ذکر سے یا تو ان نعمتوں پر غور کرنا مراد ہے۔ یا ان کا شکریہ ادا کرنا **اذکروا** کے معنی ہیں یاد کرو 'یاد دلاؤ' یعنی اے بنی اسرائیل میری ان نعمتوں کو یاد کرو' یاد رکھو یا اے علماء بنی اسرائیل میری وہ نعمتیں اپنی قوم کو یاد دلاؤ' یاد سے زبانی' دلی اور علمی یاد مراد ہے زبانی یاد میں تحریری یاد تقریری یاد سب داخل ہیں رب کی عبادات اس کی نعمتوں کی عملی یاد ہے جیسے عاشورہ کا روزہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نجات کی عملی یاد اور شکریہ ہے نعمت سے جنس نعمت مراد ہے جو ساری نعمتوں کو شامل ہے۔ **التی انعمت علیکم** جو خاص تم پر ہم نے کیں بنی اسرائیل کو کچھ تو عام نعمتیں ملی تھیں جن میں سارے انسان شریک ہیں جیسے ہوا' پانی' روشنی وغیرہ اور کچھ خاص نعمتیں جیسے توراۃ اور اولاد انبیاء ہونا' من و سلویٰ کا اترنا' بحیرہ قلزم کا ان کے لئے پھٹنا وغیرہ وغیرہ۔ اور ان سب سے اعلیٰ نعمت یہ تھی کہ **و انی فضلتکم علی العلمین** کہ میں نے تم کو تمام جہانوں پر بزرگی عطا فرمائی تھی۔ اور بزرگوں کو چاہئے کہ اپنی بزرگی قائم رکھنے کے لئے رب کی اطاعت زیادہ کریں۔ کیونکہ فرمانبرداری بقدر تنخواہ ہونی چاہئے اولاً' تو اس احسان کے شکریہ میں تمہیں انسان بن کر رہنا چاہئے اور اگر تم میں اتنی انسانیت باقی نہ رہی کہ منعم کا احسان مانو کم از کم **واتقوا یوما**" قیامت کے دن سے ہی خوف کرکے ایمان لے آؤ ایسا نہ ہو کہ تم دنیا میں عالمین کے سردار رہے اور وہاں سب کے سامنے ذلیل و خوار ہو اور تمہاری رسوائی بر سر بازار ہو اور یہ نہ خیال کرنا کہ دنیا کی طرح کوئی کسی کو بچالے وہاں کے حالات ہی اور ہیں اس دن میں چار خصوصیتیں ہیں ایک یہ کہ **لا تجزی نفس عن نفس شیئا**۔ **لا تجزی** میں دو احتمال ہیں لازم ہو یا متعدی یعنی کوئی جان کسی کا بالکل بدلہ نہ ہوگی کہ اس کے عوض سزا بھگت لے یا کوئی کسی کی طرف سے کچھ بدلہ نہ دے گا کہ اس

marfat.com
Marfat.com

کے حقوق اپنے اعمال وغیرہ سے ادا کردے کیونکہ اپنی اپنی پڑی ہوگی ولا یقبل منھا عدل اور نہ یہ ہوسکے گا کہ مجرم سے کچھ فدیہ قبول لیا جائے عدل کے لغوی معنی ہیں برابری اس لئے انصاف کو عدل کہتے ہیں کہ اس میں ظالم مظلوم برابر کردیا جاتا ہے۔ دو طرفہ برابر وزن کو عدل کہتے ہیں فدیہ کو اس لئے عدل کہتے ہیں کہ مال جرم کے برابر قرار دیا جاتا ہے فدیہ نہ قبول کرنے کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ مجرم مال پیش کرے مگر حاکم قبول نہ کرے۔ دوسرے یہ کہ مجرم کے پاس مال ہی نہ ہو جو قبول کیا جائے یہاں دوسری صورت مراد ہے کیونکہ وہاں کسی کے پاس مال نہ ہوگا۔ خیال رہے کہ جزاء اور عدل میں اس جگہ فرق یہ ہے کہ جزاء تو وہ جو دوسرا کسی کی طرف سے دے۔ عدل یہ کہ خود مجرم اپنا بدلہ ادا کرے۔ ولا تنفعھا شفاعۃ اور نہ یہ ہی ممکن ہے کہ کوئی کسی کافر کی سفارش کرکے چھڑالے ہم شفاعت کے معنی اور اس کے اقسام اس سے پہلے شفاعت کی آیت میں بتاچکے شفاعت اور جزاء میں یہ فرق ہے کہ جزاء کچھ دے کر چھڑانے کو کہتے ہیں اور شفاعت صرف سفارش کرکے چھوڑائے کہ ولا ھم ینصرون اور نہ کفار کی مدد کی جائے کہ کوئی شخص بزور انہیں عذاب سے بچالے غرضیکہ دنیا میں کسی کو چھوڑانے کے جو اسباب ہیں کفار کے واسطے وہاں کام نہ آئیں گے لہٰذا صرف اپنے اولاد نبی ہونے پر بھروسہ کرکے ایمان اور اعمال سے بے نیاز ہو جانا بڑی ہی بے وقوفی ہے۔ خیال رہے کہ قیامت میں مومنوں کے لئے انشاء اللہ یہ چاروں چیزیں ہوں گی کہ نیکیوں کے طفیل برے بخشے جائیں گے اور صالحین کے صدقہ بے عمل درجات پائیں گے جیسے مسلمانوں کے فوت شدہ بچے وغیرہ اور کفار مومنوں کا فدیہ ہوں گے مومنوں کی شفاعت بھی ہوگی اور مختلف اطراف سے ان کی مدد بھی ہوگی کہ انبیاء اولیاء چھوٹے بچے رمضان شریف کعبہ شریف وغیرہ ان کی مدد کریں گے یہ آیۃ صرف کفار کے لئے ہے کہ ان کا ہی پہلے ذکر ہوچکا ہے۔

**خلاصہ تفسیر:** اے ہمارے بندۂ خاص حضرت یعقوب علیہ السلام کی ناسمجھ اولاد نبی اسرائیل ان گذشتہ نعمتوں کو یاد رکھو اور ان کا شکریہ ادا کرو جو ہم نے تم پر پہلے کی تھیں کہ مصر سے فرعون کو نکال کر تمہیں وہاں کا بادشاہ بنایا' اسے ڈبویا' تمہیں بچایا' تم پر من سلویٰ برسایا' تم میں انبیاء اور اولیاء پیدا فرمائے وغیرہ وغیرہ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ایک زمانہ میں تم کو تمام جہانوں پر بزرگی دے دی کہ تمہارے پائے کا دنیا میں کوئی نہ پایا گیا ذرا عقل سے کام لو تو تم نبی زادے ہو تم پر اطاعت الٰہی زیادہ لازم ہے تاکہ تم دوسروں کے واسطے نمونہ بنو اور تم سے تمہارے باپ دادوں کے نام روشن ہوں گے کہ لوگ تمہیں دیکھ کر کہیں کہ جن کی اولاد ایسی نیک ہے ان کے باپ دادا کیسے نیک ہوں گے تم اپنے ان فضائل سے غلط فائدے حاصل کرنے کی کوشش نہ کرو بلکہ اس نبی پر ایمان لاکر سچے مسلمان بن جاؤ' کافر کا شکریہ ہے کہ مومن ہو جائے اور مومن کا شکریہ ہے کہ نیک اعمال کرے۔ حضور کی غلامی رب کی تمام نعمتوں کا شکریہ ہے جو بادشاہ کو راضی کرنا چاہے وہ اس کے شہزادے کو راضی کرے یہ نہ سمجھو کہ نبی زادے ہونے سے ایمان و اعمال کی ضرورت نہیں رہتی۔ خیال رکھو کہ تمہارے سامنے قیامت کا دن ہے جس دن نہ تو کوئی نفس کسی کافر نفس کا فدیہ ہے نہ اس کی طرف سے کوئی فدیہ ادا کرے اور نہ خود اس کافر سے کوئی فدیہ وغیرہ لے کر چھوڑا جائے نہ اس کافر کو کسی کی سفارش نفع دے اور نہ ان کی کسی اور قسم کی امداد کی جائے لہٰذا اپنی پیغمبرزادگی کے دھوکے میں نہ رہنا بلکہ ہماری بارگاہ میں ایمان و اعمال لے کر آنا دنیا میں نالائق بیٹے کو ماں باپ منہ نہیں لگاتے اسی طرح آخرت میں انبیاء اور اولیاء بے ایمان اولاد کو نہ پوچھیں گے۔ خیال رہے کہ دنیا میں مجرم چار صورتوں سے ہی حاکم کے عذاب سے چھوٹ سکتے ہیں ایک یہ کہ اس کے والی

marfat.com
Marfat.com

وارث ضمانت دے کر چھڑالیں یا اس کی طرف سے جرمانہ وغیرہ بھگت دیں اس کی نفی لاتجزی کہہ کر فرمادی دوسرے یہ کہ خود مجرم اپنے مال سے جرمانہ یا فدیہ یا دیت دے کر چھوٹ جائے لا تقبل الا بتہ کہہ کر اس کی بھی نفی کردی گئی۔ تیسرے یہ کہ مجرم کے قرابت دار عزت و وقار والے ہوں وہ سفارش کر کے چھڑالیں لا تنفعها شفاعتہ فرما کر اس سے بھی مایوس کر دیا کہ اللہ کے پیارے کفار کی شفاعت کریں گے ہی نہیں چوتھے یہ کہ مجرم کے جرگے اور قبیلے والے بڑے بہادر لوگ ہوں وہ حکومت کی بغاوت کر کے اس پر غالب آجائیں اور مجرم کو بزور چھڑالیں ولا هم ينصرون فرما کر یہ امید بھی باقی نہ رکھی اب چھٹکارے کی اس کے سوا کوئی صورت نہیں کہ بندہ وفادار بن کر رب کی بارگاہ میں حاضری دے اور اس سے رحم کی درخواست کرے وہ بڑا غفور رحیم ہے مومن کے بڑے بڑے گناہ معاف فرمادیتا ہے۔

فائدے: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ پہلا فائدہ: اولاد نبی ہونا خدا کی بڑی نعمت ہے سادات کرام دوسروں سے افضل ہیں بشرطیکہ مومن ہوں کیونکہ رب نے بنی اسرائیل کو اسی نسبت سے یاد فرمایا کہ اے یعقوب علیہ السلام کی اولاد نیز ان بنی اسرائیل کو جو تمام جہان پر افضلیت ملی تھی وہ محض اپنے اعمال سے نہ تھی نیک اعمال تو بعض قبطیوں اور دوسری قوموں نے بھی کئے تھے بلکہ ان کی فضیلت اولاد انبیاء ہونے کی وجہ سے تھی دنیا میں حاکم کی اولاد کو دوسروں پر عزت حاصل ہوتی ہے تو کیا انبیاء کی اولاد کو اوروں پر بزرگی حاصل نہ ہوگی مگر خیال رہے: کہ اس عظمت کے لئے ایمان ضروری ہے۔ دوسرا فائدہ: اللہ کی نعمت کو یاد کرنا اس کا چرچا کرنا بہت بہتر کام ہے بنی اسرائیل سے فرمایا گیا کہ ہماری گذشتہ نعمتیں یاد کرو اور ان پر غور کرو لہٰذا محفل میلاد شریف بہت بہتر کام ہے کہ اس میں حضور علیہ السلام کی آمد کا ذکر ہوتا ہے جو کہ اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے۔ تیسرا فائدہ بطور شکریہ اپنے اوصاف بتانا جائز ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا انا سید ولد ادم وغیرہ میں سارے انسانوں کا سردار ہوں یوسف علیہ السلام نے بادشاہ مصر سے کہا تھا کہ انی حفیظ علیم میں بڑا محافظ اور علم والا ہوں یہاں بھی بنی اسرائیل کو اپنے ان فضائل اور بزرگیوں کے ذکر کرنے کا حکم دیا گیا جو رب نے انہیں عطا فرمائی تھیں ہاں فخریہ طور پر شیخی مارنے کے لئے بیان کرنا منع چوتھا فائدہ: بڑوں کی اولاد کو چاہئے کہ بڑوں کے سے کام کرے علماء، مشائخ، سادات کو نیک اعمال نہایت ضروری ہیں نیز قانون دان اور سلطنت کے اراکین اگر قانون توڑیں تو بڑے مجرم ہیں کیونکہ دوسرے ان کی پیروی کریں گے۔ پانچواں فائدہ: بغیر ایمان پیغمبر زادگی اور کوئی نیکی کام نہیں آسکتی مردے کو مقوی دوائیں بیکار ہیں۔ ایمان جان ہے اور یہ چیزیں دوائیں اور غذائیں دیکھو۔ نوح علیہ السلام کی کشتی میں کتوں گدھوں کی جگہ تھی مگر کافر انسان کے لئے نہ تھی جن میں خود کنعان بھی تھا رب کفار کے لئے فرماتا ہے۔ اولئک هم شرالبریۃ لہٰذا کافر و مشرک اگرچہ اولاد علی مرتضیٰ ہو مگر سید سردار کو کہتے ہیں اور رب انہیں شرالبریہ تمام مخلوق سے بدتر کہہ رہا ہے اشرار لوگ سردار نہیں ہوسکتے۔ پہلا اعتراض: احسان جتانا عیب ہے پھر رب نے احسان کیوں جتائے۔ جواب: طعنہ دینے اور دوسروں کو شرمندہ کرنے کے لئے احسان جتانا واقعی ہی عیب ہے مگر اپنا حق احسانی ثابت کرنے اور دوسروں کو اپنی طرف مائل کرنے کے لئے احسان جتانا بڑا وصف ہے جس سے دوسروں کی اصلاح ہو باپ نالائق بیٹے کو اپنی گزشتہ مہربانیاں یاد دلائے تاکہ وہ لائق ہو جائے، عیب نہیں بلکہ کرم ہے یہاں بھی ایسا ہی ہے نیز خالق و مخلوق کے احکام یکساں نہیں بندے کے لئے احسان بتانا اس لئے منع ہے کہ وہ حقیقی محسن نہیں چونکہ حق

marfat.com
Marfat.com

تعالیٰ محسن ہے اس لئے اپنے احسانات جتانا اس کا حق ہے۔ **دوسرا اعتراض:** کیا بنی اسرائیل پہلے زمانہ میں انبیاء کرام اور فرشتوں سے بھی افضل تھے کیونکہ یہاں فرمایا گیا ہے کہ تم کو عالمین پر بزرگی دی اور عالمین میں یہ سب حضرات داخل ہیں۔ **جواب:** بعض بنی اسرائیل یعنی ان کے انبیاء اور خاص اولیاء بے شک فرشتوں سے افضل تھے آیت کے یہ معنی نہیں ہیں کہ سارے بنی اسرائیل سب سے افضل تھے اور عالمین سے انبیاء کرام باستثناء عقلی علیحدہ ہیں قوم بنی اسرائیل کو اسی لئے تو بزرگی ملی کہ وہ انبیاء کی اولاد ہیں پھر وہ انبیاء سے کیونکر افضل ہوں گے کہا جاتا ہے کہ کام بسم اللہ سے شروع کرو اس کا مطلب یہ نہیں کہ خود بسم اللہ کو بھی بسم اللہ سے شروع کرو یا کہتے ہیں کہ حضور کے نام پر درود شریف پڑھو اس کا یہ مطلب نہیں کہ خود درود شریف میں جو نام پاک آجائے اس پر بھی درود شریف پڑھو یا حضور علیہ السلام سارے انسانوں کے سردار ہیں اس کا یہ مطلب نہیں کہ اپنے بھی سردار ہیں ایسے ہی یہاں بھی ہے۔ **تیسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ کوئی نفس کسی کا فدیہ نہ بنے گا۔ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کفار مسلمانوں کے فدیہ بنیں گے کہ مسلمانوں کے جہنم کی جگہ کافر سنبھال لیں گے اور کافر کے جنتی مقام پر مسلمان قابض ہو گا کیونکہ ہر انسان کے۔ لئے دو مقام تیار کئے گئے ہیں۔ **جواب:** یہ چاروں حالتیں کفار کی ہیں مسلمان کا فدیہ بھی ہے شفاعت بھی اور باذن الٰہی بعض کی بعض کو مدد بھی ہے۔ **چوتھا اعتراض:** **لا تجزی نفس** الخ کی دوسری تفسیر سے معلوم ہوا کہ کوئی نفس دوسرے کی طرف سے کچھ فدیہ ادا نہ کرے گا۔ حالانکہ حدیث شریف میں ہے کہ مقروض کی نیکیاں قرضخواہ کو دی جائیں گی اور اگر اس کے پاس نیکیاں نہ ہوں تو قرضخواہ کے گناہ اسے دے دیئے جائیں گے۔ **جواب:** اس آیت کے معنی یہ ہیں کہ کوئی کسی کی طرف سے بخوشی فدیہ نہ دے گا۔ قرضخواہ اور مقروض کا معاملہ رب کے قانون سے ہو گا نہ کہ اس کی اپنی خوشی سے۔ (روح البیان)۔ **پانچواں اعتراض:** اگر کافر کا مسلمان پر قرض رہ گیا تو کیا اس کی نیکیاں بھی کافر کو دی جائیں گی۔ **جواب:** نہیں بلکہ بقدر قرض کافر کے عذاب میں کچھ تخفیف کر دی جائے گی اور اگر مسلمانوں کا کافر پر قرض رہ گیا تو کافر کا عذاب اور مسلمان کا ثواب بڑھا دیا جائے گا۔ **چھٹا اعتراض:** یہاں فرمایا گیا **ولا تنفعها شفاعة** اور کہیں فرمایا گیا **ولا شفاعة** اگلی دو آیتوں سے معلوم ہوا کہ کفار کے لئے شفاعت ہو گی ہی نہیں ان میں مطابقت کیونکر ہو اور اگر تینوں آیتوں کے یہ معنی ہیں کہ شفاعت ہو گی ہی نہیں تو مختلف عبارتوں سے اس کا کیوں ذکر کیا گیا؟ **جواب:** انبیاء کرام کی شفاعت دو قسم کی ہے۔ ایک شفاعت عامہ ' دوسری خاصہ ' شفاعت عامہ میں بظاہر کفار بھی داخل ہوں گے۔ مگر ان کے حق میں قبول نہ ہو گی۔ اور نہ ان کے لئے نافع۔ مثلاً وہ عرض کریں گے کہ اے اللہ مومنوں کو یا میری اطاعت کرنے والوں کو بخش دے بعض کفار جو اپنے کو مومن اور انبیاء کرام کا مطیع سمجھے ہوئے تھے وہ سمجھیں گے کہ ہم بھی اس شفاعت میں داخل ہیں لیکن اس کا اثر یہ ہو گا کہ مومن بخشے جائیں گے اور یہ لوگ محروم یہ شفاعت تو ہوئی مگر ان کے حق میں غیر نافع اس کے لئے فرمایا گیا ہے۔ **لا یقبل منها** یا **لا تنفعها** رہی شفاعت خاصہ یعنی کسی خاص شخص کی شفاعت وہ کفار کے لئے ہو گی ہی نہیں۔ اس کے لئے فرمایا گیا **ولا شفاعة** بعض روایات میں آیا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام اپنے چچا آذر کی شفاعت کریں گے لیکن ان کو نہایت بہترین طریقے سے سمجھا کر آذر کو جہنم میں پہنچا دیا جائے گا اس سمجھانے میں ابراہیم علیہ السلام کی اظہار شان ہو گی نہ کہ توہین اس روایت کی بناء پر **لا یقبل منها** اور **لا تنفعها** بھی شفاعت خاصہ کے متعلق ہیں۔ غرضیکہ شفاعت کا نہ ہونا اور حیثیت سے ہے اور قبول نہ ہونا دوسری حیثیت سے ہو گا اس جواب پر بہت غور کیا جائے بہت دقیق ہے۔

marfat.com
Marfat.com

**تفسیر صوفیانہ** : انسان کو دو چیزیں حاصل ہیں ایک نفس اور دوسری روح۔ روح اور اس کی صفات گویا بنی اسرائیل ہیں کیونکہ ان پر انبیاء کرام کی توجہ ہے اور نفس امارہ اور اس کے صفات گویا کفار اور مشرکین ہیں روح سے خطاب کرکے فرمایا گیا ہے کہ اے روح و صفات روح تو ہماری گذشتہ نعمتوں کو یاد کر کہ تجھ کو عالم ارواح میں طرح طرح کی نعمتوں سے نوازا گیا اور تجھ کو عالم مادیات' عالم ظلمات وغیرہ بہت سے جہانوں پر بزرگی دی اب تو صحبت اغیار میں اپنے کو خراب نہ کرلینا یہ نفس جو تجھے سبز باغ دکھا کر بہکانا چاہتا ہے اس کے دھوکے میں نہ آنا اگر تو اس کی اطاعت کرکے گمراہ ہو گئی تو نہ تو قیامت میں یہ تیری فدیہ بنے گی نہ تیری سفارش کرسکے اور نہ اس سے تجھے کسی قسم کی مدد پہنچے اے پردیسی مسافر تیرے پاس دولت ایمانی ہے کہیں لٹ نہ جائے۔

سونا پاس ہے سونا بن ہے سونا زہر ہے اٹھ پیارے ۔۔۔ تو کہتا ہے میٹھی نیند ہے مت ہی تیری نرالی ہے

صوفیاء فرماتے ہیں کہ **اتقوا** **تقویٰ** سے بنا۔ تقویٰ وہ خوف ہے کہ جس کے ساتھ اطاعت ہو خوف و خشیتہ میں یہ قید نہیں شیطان کو رب کا خوف تو ہے وہ کہتا ہے **انی اخاف اللہ رب العلمین** مگر تقویٰ نصیب نہیں۔ تقویٰ کے تین درجے ہیں۔ دوزخ سے قیامت سے آگ کے ڈر سے یہ تقویٰ کی ابتدائی منزل ہے چونکہ یہاں کفار کو خطاب ہے لہٰذا انہیں فرمایا گیا قیامت سے ڈر کر ایمان و پرہیزگاری اختیار کرو پھر دوسرا درجہ رب سے خوف و ہیبت کہ گناہ نہ کرے مگر رب سے ہیبت رکھے یہ خوف انبیاء کرام اور خاص اولیاء اللہ کو میسر ہوتا ہے اس خوف کی بناء حضرات انبیاء قیامت میں رب سے کسی کی شفاعت کی ہمت نہ کریں گے تیسرا درجہ یہ ہے کہ انسان کو خدا سے خوف نہ ہو کہ وہ تو غفور و رحیم ہے بلکہ اپنی خودی سی خوف ہو کر ہم تو لئیم ہیں یہ خوف بعض حالات میں مجذوبین پر طاری ہوتا ہے جب ان پر رب سے امید غلبہ کرتی ہے اس بناء پر حضرت شیخ عطار منطق الطیر میں فرماتے ہیں۔

خلق ترسد از تو من ترسم ز خود ۔۔۔ کز تو نیکی دیدہ ام و از خویش بد

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ

اور جب آزمایا ابراہیم کو رب انکے نے ساتھ چند باتوں کے پس پورا کردیا انہیں فرمایا تحقیق

اور جب ابراہیم کو اس کے رب نے کچھ باتوں میں آزمایا تو اس نے پوری کر دکھائیں فرمایا میں تمہیں

لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى

میں بنانے والا ہوں تم کو واسطے لوگوں کے پیشوا عرض کیا اور میری اولاد سے فرمایا میرا عہد

لوگوں کا پیشوا بنانے والا ہوں عرض کی اور میری اولاد سے فرمایا میرا عہد

الظّٰلِمِيْنَ ۝ ١٢٤

ظالموں کو نہیں پہنچتا

ظالموں کو نہیں پہنچتا

marfat.com
Marfat.com

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پہلے بنی اسرائیل کو رب سے ڈرنے اور نیک اعمال کرنے کی رغبت دی گئی اور بتایا گیا کہ نجات کے لئے فقط پیغمبر زادگی کافی نہیں اب فرمایا جارہا ہے کہ تم سب کے جد امجد ابراہیم علیہ السلام جن کی اولاد ہونے پر تم فخر کرتے ہو ان کو بھی رب نے اتنی بزرگیاں اس لئے دیں کہ وہ اس کے مطیع و فرمانبردار تھے تم اطاعت الٰہی سے کیونکر بے نیاز ہو سکتے ہو۔ دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں بنی اسرائیل کو تقویٰ اور طہارت کا حکم دیا گیا اب بتایا جارہا ہے کہ تم کو یہ صفات اسلام لانے پر حاصل ہوں گے۔ کیونکہ اسلام میں وہ چیزیں موجود ہیں جو دین ابراہیم میں تھیں جیسے حج، ختنہ اور خانہ کعبہ کا قبلہ ہونا وغیرہ تیسرا تعلق: بنی اسرائیل اپنے اولاد ابراہیمی ہونے کو نجات کے لئے کافی سمجھتے تھے اس آیت میں بتایا گیا کہ ابراہیم علیہ السلام سے پہلے ہی کہہ دیا گیا تھا کہ آپ کی بعض اولاد ظالم بھی ہوگی۔ اور وہ دینی پیشوا نہ بن سکے گی لہٰذا چونکہ تم ظالم ہو تم لوگوں کے سردار تو کیا عذاب سے نجات بھی نہیں پاسکتے لہٰذا تمہیں چاہئے کہ نبی آخر الزماں پر ایمان لاؤ تاکہ تمہاری عظمت برقرار رہے۔

تفسیر : **و اذا بتلی** یہ لفظ بلو یا بلاء سے بنا ہے اس کے لفظی معنی ہیں آفت یا جانچ' ابتلے کے معنی ہیں مشقت میں ڈالا یا جانچا اور امتحان لیا کبھی تو خود اپنی واقفیت کے لئے کسی چیز کو جانچا جاتا ہے اور کبھی دوسروں پر اسی کی برائی بھلائی ظاہر کرنے کے لئے حق تعالیٰ کا امتحان یا جانچ دوسرے فائدے کے لئے ہے کیونکہ وہ خود تو ہر ایک کے سارے حال کا جاننے والا ہے یہ جانچ صرف اسی لئے ہوتی ہے کہ جب ان کو بزرگیاں دی جائیں تو دوسرا اعتراض نہ کر سکے لہٰذا پہلے جانچتے ہیں پھر انعامات سے نوازتے ہیں۔ **ابراھیم** یہ لفظ سریانی ہے اس کے معنی ہیں اب رحیم یعنی "مہربان باپ" چونکہ آپ بچوں پر بہت مہربان تھے۔ نیز مہمان نوازی اور رحم و کرم میں آپ مشہور ہیں اسی لئے آپ کو ابراہیم کہا جاتا ہے۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ مسلمانوں کے جو چھوٹے بچے مرجاتے ہیں ان کی پرورش آپ اور آپ کی بیوی حضرت سارہ ہی فرماتی ہیں۔ (تفسیر روح البیان)۔ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ ابراہیم اصل میں ابرم تھا جس کے معنی ہیں بزرگ چونکہ آپ بہت سے انبیاء کرام کے والد ہیں اور سارے دینوں میں آپ کی عزت۔ حتی کہ مشرکین عرب بھی آپ کی عظمت کرتے تھے اس لئے آپ کا نام نامی ابراہیم ہوا عام قرات میں رب کا ضمہ اور ابراہیم کا فتح ہے یعنی ابراہیم علیہ السلام کی ان کے رب نے آزمائش کی یا تو امامت عطا فرمانے سے پیشتر جیسا کہ **جاعلک للناس** سے معلوم ہوتا ہے اور یا اس کے بعد جیسا کہ بکلمت سے ظاہر ہے مگر حضرت ابن عباس اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی قرات میں ابراہیم کا رفع اور رب کا نصب ہے یعنی ابراہیم علیہ السلام نے چند دعائیں مانگ کر اپنے رب کی رحمت کا اندازہ کیا کہ وہ مجھ پر کتنا مہربان ہے رب نے اس کی ساری دعائیں پوری فرمالیں۔ (تفسیر کبیر)۔ خیال رہے کہ یہاں سخت امتحان کے موقع پر رب فرمایا گیا جس میں بتایا گیا کہ بندوں کا امتحان لینا انہیں بلاؤں آفتوں میں گھیر دینا بھی رب کی ربوبیت مطلقہ کا تقاضا ہے۔ جس میں صد ہا رحمتیں ہیں وہ آرام دے تو اس کی مہربانی اور تکلیف بھیجے تو اس کا کرم ہے اگر باپ تربیت کے لئے بچے کو مارے پیٹے تو بھی اس کی مہربانی ہے۔

ناخوش او خوش بود در جان من     جان فدائے یار دل رنجان من

گندہ لوہا بھٹی کی تپش اور ہتھوڑے کی چوٹیں کھا کر صاف ہوتا ہے سونا سنار کی آگ میں تپ کر مار کھا کر محبوب کے پہننے کے

marfat.com
Marfat.com

قابل بنتا ہے۔ بکلمات یہ جمع کلمتہ کی ہے جس کے لفظی معنی ہیں ایک بات اور کلمات بہت سی باتیں۔ لیکن یہاں مضمون و احکام وغیرہ مراد ہیں۔ جیسے و تمت کلمت ربک یا مدا د لکلمت ربی نیز اس سے یا تو دعائیں مراد ہیں یا چند مصیبتیں' یا چند احکام یعنی ابراہیم علیہ السلام نے اپنے رب کی رحمت کو چند دعاؤں سے آزمایا۔ رب نے ابراہیم علیہ السلام کو چند مصیبتوں سے آزمایا' یا ان کو سخت احکام سے آزمایا' ابراہیم علیہ السلام کی دعائیں تو یہ تھیں کہ مولیٰ جنگل حرم کو شہر بنادے وہاں کے باشندوں کو قسم قسم کے پھل دے یا نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کو ان میں پیدا فرما وغیرہ وغیرہ۔ آپ پر بڑی مصیبتیں سات آئیں۔ (1) آفتاب اور چاند سے آزمائش۔ (2) سلطنت نمرودی کا مقابلہ۔ (3) بڑی عمر میں ختنہ۔ (4) آگ میں ڈالا جانا۔ (5) لاڈلے فرزند کا ذبح کرنا۔ (6) اللہ کی راہ میں ترک وطن کرنا۔ (7) اپنی پیاری بیوی اور اکلوتے فرزند کو بحکم الٰہی جنگل میں چھوڑ آنا جن میں سے اکثر عطاء امامت سے پہلے ہوئیں احکام میں اختلاف ہے بعض نے فرمایا کہ وہ ارکان حج تھے بعض نے کہا دس اور بعض نے کہا تیس دس کی تفصیل یہ ہے کہ ان میں سے پانچ سر کے متعلق تھے کلی کرنا۔ ناک میں پانی ڈالنا۔ سر کی مانگ نکالنا۔ مونچھیں کٹوانا اور مسواک کرنا۔ پانچ باقی بدن میں ختنہ' زیر ناف کے بال اکھیڑنا' ناخن کٹوانا اور ڈھیلوں کے بعد پانی سے استنجا کرنا تیس کی تفصیل یہ ہے کہ دس تو وہ جن کا ذکر سورہ برات میں ہوا۔ (1) توبہ۔ (2) عبادت۔ (3) حمد الٰہی۔ (4) سیاحت۔ (5) رکوع۔ (6) سجدہ۔ (7) اچھی باتوں کا حکم کرنا۔ (8) بری باتوں سے روکنا۔ (9) حدود الٰہی کی نگہبانی کرنا۔ (10) خدا کو ہر وقت حاضر و ناظر جاننا اور دس سورہ احزاب میں مذکور ہیں۔ (1) اسلام۔ (2) ایمان۔ (3) اطاعت۔ (4) صبر۔ (5) عاجزی۔ (6) صدقہ۔ (7) روزہ۔ (8) شرمگاہ کی حفاظت۔ (9) نظر کی حفاظت۔ (10) ہر وقت زبان سے ذکر الٰہی اور دس سورۃ مومنون اور مسائل میں مذکور ہیں۔ (1) قیامت کی تصدیق۔ (2) نماز میں حضور قلبی۔ (3) مستحبات کی پابندی۔ (4) بیکار باتوں سے پرہیز۔ (5) زکوٰۃ بخوشی ادا کرنا۔ (6) بیوی اور لونڈی کے سوا اوروں سے شرمگاہ کی حفاظت کرنا۔ (7) وعدہ پورا کرنا۔ (8) امانت کا پورا کرنا۔ (9) مذاق اور دل لگی سے پرہیز کرنا۔ (10) سچی گواہی نہ چھپانا۔ فا تمھن یعنی ابراہیم علیہ السلام نے ان سب مصیبتوں پر صبر کیا یا سارے احکام بخوشی ادا کئے اس لئے رب نے فرمایا و ابرھیم الذی و فی یا رب نے ان کی ساری دعائیں پوری فرمائیں قال انی جاعلک للناس اماما" رب نے فرمایا کہ ہم تمہیں لوگوں کا پیشوا بنانے والے ہیں یا امامت سے نبوت مراد ہے یا تمام لوگوں کا دینی پیشوا ہونا کہ تمام ادیان میں آپ کی عزت و عظمت ہو اور آپ کے بعد تمام شریعتوں میں آپ کے قوانین پر عمل رہے اور ہزارہا انبیاء کے آپ والد ماجد ہوں۔ خیال رہے کہ امام امم سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں قصد کرنا۔ لغت میں ہر پیشوا کو امام کہتے ہیں۔ و جعلنھم ائمتہ" یدعون الی النار ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا کہ یہ کرم میری بعض اولاد پر بھی فرما ذریت یا ذرء سے بنا ہے جس کے معنی ہیں پیدا کرنا یا ذرء سے جس کے معنی ہیں پھیلانا چھوٹی چیونٹی اور ریت کے ذروں کو بھی ذرہ اس لئے کہتے ہیں کہ وہ زمین میں پھیلے ہوتے ہیں اصطلاح میں چھوٹی اولاد کو ذریت کہا جاتا ہے اور کبھی چھوٹوں بڑوں سب پر بھی بولا جاتا ہے۔ رب تعالیٰ نے ان کی دعا قبول کرتے ہوئے قال لا ینال عھدی الظلمین فرمایا کہ ہمارا یہ وعدہ ظالموں کو نہیں پہنچتا۔ عھدی سے وعدہ امانت مراد ہے اگر امانت سے نبوت مقصود ہو تو معنی یہ ہیں کہ ہماری نبوت فاسقوں کو نہ ملے گی اور دینی پیشوائی مراد ہو تو معنی یہ ہیں کہ کفار دینی پیشوائی کے مستحق نہیں یعنی اے خلیل آپ کی یہ دعا کچھ ترمیم کے ساتھ قبول ہے کہ تمہاری اولاد کو بھی امامت دی جائے گی لیکن تمہاری اولاد میں بعض کافر بعض مومن اور فاسق بھی ہوں گے۔ دینی پیشوائی کفار کو نہ ملے

marfat.com
Marfat.com

گی اور نبوت سے فساق محروم رہیں گے۔ متقی اولاد ہماری امامت سے سرفراز فرمائی جائے گی اس سے معلوم ہوا کہ جو حضرت علی کی اولاد سے ہو مگر مرزائی 'شیعہ' وہابی' دیوبندی وغیرہ بن جائے تو وہ امامت و پیشوائی کے لائق نہیں۔

خلاصہ تفسیر : اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان یہود و نصاریٰ بلکہ سارے ان کفار کو جو ابراہیم علیہ السلام کو اپنا آقا و پیشوا سمجھتے ہیں فرمادو کہ تم طریقہ ابراہیمی پر نہیں وہ ہمارے نہایت فرمانبردار بندے تھے ہم نے انہیں کئی باتوں میں آزمایا وہ سچے نکلے بیٹے کی قربانی کا حکم دیا وہ تیار ہو گئے۔ ستارہ پرستوں کی محبت توڑنے بلکہ وطن چھوڑنے کو فرمایا انہوں نے ویسا ہی کر دکھایا کہ سب کو چھوڑ کر ملک شام میں آبسے ریگستان عرب کو بسانے اور خانہ کعبہ بنانے کا حکم دیا فوراً" اپنی بیوی ہاجرہ اور بیٹے اسمٰعیل کو وہاں بسا دیا اور خانہ کعبہ بنایا۔ ایمان پر رہ کر نمرود کی آگ میں پڑنا منظور کیا اس کے علاوہ بہت سے ہمارے احکام نماز زکوٰۃ' ظاہری باطنی طہارت ختنہ وغیرہ بجالائے اس کے صلہ میں ہم نے ان سے کہا کہ ہم تم کو تمام لوگوں کا پیشوا بنانا چاہتے ہیں کہ تمام دینوں میں تمہارا چرچا رہے انبیاء تمہاری اولاد میں ہوں قیامت تک تمہارے کعبہ کا حج ہوتا رہے دور و قریب سے اس کی طرف گردنیں جھکتی رہیں لوگ تمہاری اور تمہارے بیٹے اسمٰعیل کی اور حضرت ہاجرہ کی نقل کر کے حاجی بنا کریں نبی آخرالزماں کی امت اپنی نمازوں اور خطبوں میں اس محبوب کے ساتھ تم پر بھی درود بھیجا کرے قیامت میں بھی تمہاری پیشوائی ظاہر ہو تو انہوں نے عرض کیا کہ مولا میری اولاد میں بھی بابرکت لوگ پیدا کرنا تاکہ تیری فرمانبرداری ہمیشہ میرے خاندان میں رہے ہم نے ان کی دعا قبول فرماتے ہوئے کہا کہ اچھا تم سے اس کا وعدہ کرتے ہیں لیکن اس اقرار وعدہ میں تمہاری وہ اولاد شامل نہیں جو بدکار ہو ان کو یہ برکت نصیب نہ ہو گی لہٰذا اے اسرائیلیو تم کو لازم ہے کہ اپنے جد امجد کی پیروی کرو اور ان نبی آخرالزماں پر ایمان لاؤ جن کے لئے انہوں نے دعائیں مانگیں اور یہ مت سمجھو کہ نبوت بنی اسحاق کے لئے خاص ہے بنی اسمٰعیل بھی انہیں کی اولاد ہیں اور وہ بھی اس وعدہ میں داخل ہیں۔

## ابراہیم علیہ السلام کے حالات :

ابراہیم علیہ السلام تارخ ابن ناخور کے فرزند ہیں۔ آپ کا نام ابراہیم اور آپ کا لقب ابوالضیفان ہے آپ کا نسب یہ ہے ابراہیم ابن تارخ ابن ناخور ابن ساردع ابن رعو ابن تابع ابن عابر ابن شالح ابن ارفخشد ابن شام ابن نوح ابن مالک ابن متوشالح بن ادریس علیہ السلام ابن یارد ابن مہلیل ابن تینان ابن انوش ابن شیث ابن آدم علیہ السلام۔ (تفسیر حقانی)۔ آپ کی پیدائش طوفان نوح سے سترہ سو نو سال بعد اور عیسیٰ علیہ السلام سے تقریباً" دو ہزار تین سو سال پیشتر شہر بابل سے قریب قصبہ کوفی میں ہوئی۔ (تفسیر عزیزی) خزائن العرفان میں فرمایا کہ آپ کی پیدائش اہواز کے علاقہ مقام سوس میں ہوئی آپ بچپن ہی سے بہت عقلمند اور ہونہار تھے اپنی قوم سے توحید الٰہی پر مناظرہ کرتے تھے یہاں تک کہ ایک بار آپ نے بتوں کو بھی توڑ دیا نمرود نے آپ کو آگ میں ڈالا مگر رب نے آپ کو صحیح سلامت رکھا تب آپ بحکم الٰہی اپنا وطن ترک کر کے حراں وہاں سے شام اور فلسطین میں ہجرت کر گئے اور فلسطین ہی کو اپنا قیام بنایا آپ نے جانی اور مالی بہت سی قربانیاں کیں چار ہی چیزوں سے امتحان ہو سکتا

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ جان ' مال ' فرزند اور وطن آپ نے جان کو آگ میں ڈالا۔ مال او روطن کو خیر باد کہا پیارے بچے اور بیوی کو ایک دفعہ جنگل میں چھوڑا اور ایک بار بیٹے کی قربانی کرنے کو تیار ہو گئے اسی برس کی عمر میں ختنہ کا حکم ملا۔ اسی وقت گھر سے تیشہ لے کر خود اپنا ختنہ کر لیا وحی آئی کہ اے ابراہیم تم نے اس کام میں جلدی کی عرض کیا مولیٰ تیری اطاعت میں شتابی منظور تھی۔

## ابراہیم کے اولیات :

سب سے پہلے (1) آپ ہی نے اپنا اور اپنی اولاد کا ختنہ کیا آپ سے پہلے پیغمبر ختنہ شدہ پیدا ہوتے تھے۔ ہمارے حضور علیہ السلام بھی ختنہ شدہ پیدا ہوئے۔(1) سب سے پہلے آپ ہی کے بال سفید ہوئے۔(3) پہلے آپ نے ناخن اور مونچھ کٹوائے اور زیر ناف کے بال دور کرنے کو رواج دیا کہ آپ کے دین میں یہ باتیں فرض تھیں اور ہمارے ہاں سنت۔(4) پہلے آپ ہی نے سلا ہوا پاجامہ پہنا۔(5) پہلے آپ ہی نے بالوں میں خضاب لگایا۔(6) پہلے آپ ہی نے منبر بنایا اور اس پر خطبہ پڑھا۔(7) پہلے آپ ہی نے ہاتھوں میں عصا لیا۔(8) پہلے آپ ہی نے راہ خدا میں جہاد کیا جبکہ رومی کافر آپ کے بھتیجے لوط علیہ السلام کو قید کر کے لے گئے آپ نے ان سے جہاد کر کے انہیں چھڑایا۔(9) پہلے آپ ہی نے مہمان نوازی کی کہ بغیر مہمان کبھی ناشتہ بھی نہ کیا اور مہمان کی تلاش میں چار چار کوس نکل جاتے تھے۔(10) پہلے آپ ہی نے شیر مال یا پراٹھے پکوا کر مہمانوں کو کھلائے۔(11) پہلے آپ ہی نے معانقہ کیا (گلے ملنا)۔ آپ سے پہلے سجدہ تحیت کا رواج تھا۔(12) آپ ہی کو بہت مال اور خدام دیئے گئے۔(13) پہلے آپ ہی نے ثرید پکایا (شوربے میں پکی ہوئی روٹی)۔

## ابراہیم کے فضائل :

(1) آپ ہی اپنے مابعد سارے پیغمبروں کے والد ہیں۔(2) ہر آسمانی دین میں آپ ہی کی پیروی اور اطاعت ہے۔(3) ہر دین والے آپ ہی کی تعظیم کرتے ہیں۔(4) آپ ہی کی یاد قربانی ہے۔(5) آپ ہی کی یادگار حج کے ارکان ہیں۔(6) آپ ہی خانہ کعبہ کی پہلی تعمیر کرنے والے ہیں یعنی اسے گھر کی شکل بنانے والے جس کا ذکر اگلی آیت میں آنے والا ہے۔(7) جس پتھر پر کھڑے ہو کر آپ نے خانہ کعبہ بنایا اس کی طرف قیام اور سجدے ہونے لگے یعنی مقام ابراہیم جس کا ذکر اگلی آیت میں آرہا ہے۔(8) قیامت میں سب سے پہلے آپ ہی کو لباس فاخرہ عطا ہو گا اس کے فوراً بعد ہمارے حضور علیہ السلام کو۔(9) ایک دفعہ آپ کے زمانہ میں قحط سالی ہوئی غلہ کہیں میسر نہ ہوتا تھا۔ آپ نے بوریوں میں سرخ ریت بھروا کر منگوالیا جب کھولا گیا تو شربتی گیہوں تھے جب اسے بویا گیا تو اس کے درختوں میں جڑ سے اوپر تک بالیاں لگیں۔(11) امام احمد نے اپنی مسند میں اور حاکم اور بیہقی وغیرہ محدثین نے نقل کیا کہ مسلمانوں کے مردہ بچوں کی آپ اور سارہ عالم برزخ میں پرورش کرتے ہیں۔ (تفسیر عزیزی)۔

marfat.com
Marfat.com

## ابراہیمی سنتوں کے فائدے اور احکام :

ہم تفسیر میں عرض کر چکے ہیں کہ بعض مفسرین نے فرمایا کہ کلمات سے دس چیزیں مراد ہیں جو ان پر واجب تھیں اور ہمارے لئے سنت۔ (1) کلی کرنا۔ (2) ناک میں پانی ڈالنا۔ (3) سر میں مانگ نکالنا۔ (4) مونچھیں کٹوانا۔ (5) مسواک کرنا۔ (6) ختنہ کرنا۔ (7) ناف کے نیچے کے بال صاف کرنا۔ (8) بغل کے بال اکھیڑنا۔ (9) ناخن کٹوانا۔ (10) پانی سے استنجا کرنا۔ ان کے فائدوں کی پوری تفصیل ہماری کتاب اسلامی زندگی میں دیکھو یہاں اجمالاً کچھ عرض کئے دیتے ہیں اولاً تو سمجھنا چاہئے کہ سرکاری چیز پر سرکاری نشان ہوتے ہیں فوجیوں پر سرکاری وردی اور سرکاری گھوڑوں پر شاہی مہر ہوتی ہے۔ مومن سلطنت الہیہ کا نوکر ہے چاہئے کہ اس کی پیٹی وردی علیحدہ ہو یہ دس باتیں شاہی پیٹی وردی ہیں ان کے فوائد حسب ذیل ہیں۔ (1) کلی کھانے سے پہلے اور اس کے بعد اور اس کے علاوہ بھی کلی کرنا نہایت مفید ثابت ہوا ہے اگر کھانے میں دانت کا میل شامل ہو جائے تو تندرستی کو مضر ہے نیز اس میل سے منہ میں بدبو آتی ہے۔ جس سے لوگ نفرت کرتے ہیں ان سب کا علاج کلی ہے۔ (2) مسواک سے دانتوں کی ریخوں میں میل جمع ہو کر زہریلا مادہ بن جاتا ہے اگر وہ دور نہ کیا جائے تو مسوڑھوں سے خون یا پیپ بہنے لگتا ہے۔ اس لئے مسواک بڑی مفید ہے مسواک بہت سی بیماریوں کو مفید ہے اس سے ہاضمہ درست رہتا ہے آنکھیں خراب نہیں ہوتیں گندہ دہنی اور منہ کے امراض کو دور کرتی ہے۔ جان کنی میں آسانی ہوتی ہے وغیرہ مگر چاہئے کہ مسواک پیلو یا کسی کڑوے درخت کی ہو پھل پھول والے درخت کی نہ ہو ایک بالشت سے زیادہ نہ ہو۔ (3) ناک میں پانی لینا دماغ کو صاف کرتا ہے اسی لئے وضو کرنے والے لوگ دیوانے کم ہوتے ہیں مگر چاہئے کہ اگر روزہ نہ ہو تو بانسہ تک پانی چڑھائے۔ (4) مونچھ کٹوانا اس قدر مونچھ کٹوانا سنت ہے۔ جس سے ہونٹ کا پورا کنارہ کھل جائے کہ کھانے اور پینے میں اس کے بال نہ ڈوبیں ان بالوں میں زہریلا اثر ہوتا ہے اگر کھانا یا پانی اس سے لگ کر جائے گا تو بیماری پیدا ہوگی۔ مونچھ منڈوانا منع ہے کیونکہ اس سے ضعف باہ پیدا ہوتا ہے مونچھوں کے کنارے کاٹنے کی ضرورت نہیں کیونکہ نہ تو اس سے منہ ڈھکتا ہے اور نہ کھانے میں ڈوبتی ہیں لمبی مونچھوں والوں کو سگریٹ پینا۔ ناک صاف کرنا کچھ کھانا پینا وبال ہوتا ہے۔ (5) داڑھی ایک مشت رکھنا سنت ہے اور مشت سے زیادہ کاٹنا بہتر ہے۔ مرد کی داڑھی عورت کے سر کے بالوں کی طرح چہرے کی زینت ہے' داڑھی مقوی باہ بھی ہے چھوٹے بچوں اور عورتوں اور خصی انسانوں کی داڑھی نہیں ہوتی' اچھے بھلے آدمی کے خصے نکال لئے جائیں تو داڑھی جھڑ جاتی ہے۔ داڑھی والوں کی اولاد بمقابلہ داڑھی منڈوں کے زیادہ ہوتی ہے اور قوی بھی۔ (6) ناخن کٹوانا بھی سنت ہے کیونکہ ناخن کا میل بھی زہریلا اثر رکھتا ہے اگر کھانے میں مل کر جائے گا بیمار کر دے گا جو شخص جمعرات کے دن عصر کے بعد ناخن اس طرح کاٹے کہ داہنے ہاتھ کی شہادت انگلی سے شروع کر کے چھنگلیا پر ختم کرے پھر بائیں ہاتھ کی چھنگلیا سے شروع کر کے انگوٹھے پر ختم کرے پھر داہنے انگوٹھے کا ناخن بھی کاٹ لے اس کے بعد داہنے پاؤں کی چھنگلیا سے شروع کر کے ترتیب وار بائیں پاؤں کی چھنگلیا پر ختم کر دے تو انشاء اللہ تنگ دستی دنیوی پریشانی اور آنکھ کی خرابی سے محفوظ رہے گا۔ (از روح البیان و شامی)۔ (7) ختنہ یہ بھی پیشاب وغیرہ کی بہت سی بیماریوں کا علاج ہے قوت باہ کے لئے مفید ہے' مختون کی اولاد قوی اور اس کی بیوی پاک

marfat.com
Marfat.com

دامن رہے گی روح البیان وغیرہ میں ہے کہ بہتر یہ ہے کہ پیدائش سے ساتویں روز عقیقہ کے ساتھ ختنہ بھی کرا دیا جائے اور سات اور دس سال کی درمیانی عمر میں تو ضروری کروایا جائے۔ امام حسین فرماتے ہیں کہ بڈھے نو مسلم کا ختنہ ضروری نہیں دیگر علماء نے فرمایا کہ بہتر یہ ہے کہ اس کا نکاح کسی ایسی عورت سے کروایا جائے جو ختنہ کر سکے اور بعد نکاح وہ اس کا ختنہ کر دے۔ تفسیر عزیزی نے فرمایا ہے کہ بیہقی میں ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اسحاق علیہ السلام کا ختنہ پیدائش سے ساتویں دن اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا ختنہ تیرہویں سال کرایا اور حضور علیہ السلام نے امام حسن و حسین کا ختنہ ساتویں روز کرایا۔ (8) موئے زیر ناف کا صاف کرنا آٹھویں روز یا پندرہویں دن یا زیادہ سے زیادہ چالیسویں دن ضروری ہے یہ بال رہنے سے خارش پیدا ہوتی ہے اور باہ کمزور پڑتی ہے۔ (9) مانگ نکالنا یا تو مرد سر کے کل بال رکھے یا کل کٹوائے بعض کا کاٹنا اور بعض کا رکھنا منع ہے جیسے انگریزی بال اور پان چھجے حضور علیہ السلام کے بال شریف اکثر تا بگوش اور کبھی تا بدوش ہوتے تھے۔ جس کے بال ہوں وہ انہیں پراگندہ نہ رکھے کہ اس سے نیستی آتی ہے بلکہ ان کو درست رکھے اور بیچ سر کے مانگ نکالنا سنت ہے بعض عورتیں جو دائیں بائیں مانگ نکالتی ہیں وہ سنت کے خلاف ہے۔ (10) بغل کے بال مونڈھنا بھی جائز مگر اکھیڑنا سنت ہے اور ناک کے بالوں کا کٹوانا بہتر اور اکھیڑنا منع ہے کیونکہ اس سے بیماری پیدا ہوتی ہے۔

**فائدے:** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے ہیں۔ **پہلا فائدہ:** انبیاء کرام نبوت سے پہلے اور اس کے بعد گناہ کبیرہ اور حقیر حرکات سے معصوم ہیں کیونکہ فاسق ظالم کو نبوت نہیں مل سکتی۔ **دوسرا فائدہ:** کافر مسلمانوں کا دینی پیشوا نہیں بن سکتا کیونکہ کافر ظالم ہے اور ظالم امامت کا حقدار نہیں۔ خیال رہے کہ چونکہ نبوت کا بڑا درجہ ہے اس لئے وہاں فسق سے معصوم ہونا بھی ضروری ہے دیگر اماموں میں یہ پابندی نہیں۔ **تیسرا فائدہ:** رب تعالیٰ کی اکثر نعمتیں محنتوں کے بعد ملتی ہیں۔ **چوتھا فائدہ:** ابراہیم علیہ السلام امتوں بلکہ پیغمبروں کے بھی امام ہیں کہ سارے پیغمبر اپنے ابراہیمی ہونے پر فخر کرتے ہیں۔ **پانچواں فائدہ:** اپنی اولاد یا اہل قرابتہ کو پیشوا بنانے کی دعا یا کوشش حرام نہیں سنت خلیل ہے موسیٰ علیہ السلام نے کوہ طور پر عرض کیا تھا کہ مولا میرے بھائی ہارون کو نبی بنادے۔ **واجعل لی وزیرا من اھلی ھرون اخی اشدد بہ ازری** لہٰذا حضرت امیر معاویہ کا اپنے بیٹے یزید کو اپنا جانشین بنانے کی کوشش کرنا حرام یا جرم نہیں اور اس بناء پر اس صحابی رسول کو طعن نہیں کیا جاسکتا۔ کیونکہ یزید پلید کا فسق بعد میں ہوا اس وقت تک وہ بظاہر نیک تھا۔ دیکھو ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اولاد کے لئے امامت کی دعا کی جو کچھ ترمیم سے شروع ہوئی اس دعا کی برکت سے سارے نبی آپ کی اولاد میں ہوئے اور تاقیامت قطب سید ہی ہوگا۔

**اعتراض:** **پہلا اعتراض:** اگر ظالم نبی نہیں ہوسکتا ہے تو خود انبیاء نے اپنے کو ظالم کیوں کہا؟ حضرت یونس علیہ السلام نے عرض کیا **انی کنت من الظلمین** آدم علیہ السلام نے عرض کیا **ربنا ظلمنا انفسنا** اگر انہوں نے صحیح کہا تو ان کا گناہ ثابت ہوا اور اگر غلط کہا تو جھوٹ ہوا اور یہ بھی گناہ۔ **جواب:** یہاں ظلم سے مراد لغزشیں اور خطائیں ہیں بڑے لوگ عاجزی اور استغفار کے موقعہ پر اپنی بھول چوک کو بھی ظلم کہہ دیتے ہیں اس کی پوری بحث ہم آدم علیہ السلام کے واقعہ میں عصمت انبیاء کے موقعہ پر کر چکے۔ **دوسرا اعتراض:** اگر ابراہیم علیہ السلام سارے جہان کے امام ہیں تو وہ حضور علیہ السلام کے برابر

marfat.com
Marfat.com

بلکہ ان سے بڑھ گئے کیونکہ ان کی دعوت بھی عام ہو گئی پھر تم حضور علیہ السلام کو سید المرسلین کیوں کہتے ہو۔ جواب: اس کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ ابراہیم علیہ السلام کے متعلق فرمایا گیا۔ للناس اماما " حضور علیہ السلام کے متعلق فرمایا گیا للعلمین نذیرا " جس سے معلوم ہوا کہ وہ تو لوگوں کے اور حضور علیہ السلام ملائکہ اور جنات وغیرہ ساری خلق کے امام یعنی پیشوا ہیں اور حضور علیہ السلام نذیر یعنی نبی ہیں لہٰذا حضور علیہ السلام کی دعوت عام ہے دوسرے یہ کہ ابراہیم علیہ السلام سارے لوگوں کے امام ہیں نہ کہ نبی اور حضور علیہ السلام تمام جہانوں کے نبی یعنی سارے جہان پر حضور کا کلمہ پڑھنا لازم ہے اور تمام دینوں کا دین ابراہیمی کے موافق ہونا اس کی حقانیت کی دلیل ہے اسی لئے بعد کے تمام پیغمبروں کا دین ' دین ابراہیمی کے موافق ہوا بلا تشبیہ یوں سمجھو کہ ہم جس کو نماز کا امام بنائیں اس کے یہ معنی ہوتے ہیں کہ ہم اس کی سی اور اس کے ساتھ نماز پڑھیں گے نہ یہ کہ اس کے امتی بن جائیں۔ تیسرا اعتراض: جب سارے آسمانی دین ملت ابراہیمی کے موافق ہیں تو ان میں اختلاف کیوں ہے۔ جواب: کلی قوانین میں اس کے موافق ہیں جزئیات میں اختلاف جیسے صاحبین حنفی ہیں مگر کبھی مسائل میں امام ابو حنیفہ کی مخالفت بھی کرتے ہیں یا جیسے سارے یونانی طبیب بو علی سینا کے پیرو ہیں مگر ان کے آپس کے طریقہ علاج مختلف اس کے یہی معنی ہیں کہ قواعد اور قوانین میں سب ان کے تابع اور جزئیات میں اختلاف اور پھر ان کے جزئیات بھی قوانین کے موافق رہتے ہیں۔ چوتھا اعتراض: اگر ابراہیم علیہ السلام نبیوں کے بھی امام ہیں تو سب نبی ان کے امتی بن گئے حالانکہ تم کہتے ہو کہ حضور علیہ السلام نبی الانبیاء ہیں نیز قرآن کریم فرماتا ہے کہ قل بل ملتہ ابرھیم حنیفا " یعنی اے نبی فرما دو کہ ہم ملت ابراہیمی کی پیروی کرتے ہیں۔ جواب: اس کا جواب دوسرے اعتراض کے جواب میں گزر گیا یہاں اتباع کے صرف یہ معنی ہیں کہ ہمارے احکام ان کے موافق ہوں خلاف نہ ہوں جیسے کہ آخری بادشاہ اگلے بادشاہوں کے قوانین سلطنت باقی رکھتا ہے اس سے یہ بادشاہ اگلوں کا رعایا نہ بن گیا بلکہ اس نے طریقہء حکومت میں ان کی موافقت کی پانچواں اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ ابو بکر صدیق اور عمر فاروق کی خلافت صحیح نہیں کیونکہ یہ حضرات اولاً " شرک میں مبتلا تھے بعد میں مومن ہوئے اور شرک بڑا ظلم ہے اور مشرک بڑا ظالم جو کبھی ظالم رہ چکا ہو امام نہ بننا چاہئے۔ جواب: اس کے دو جواب ہیں ایک الزامی اور دوسرا تحقیقی الزامی یہ ہے کہ پھر خلافت مرتضوی کی بھی خیر نہیں کیونکہ وہ بھی پیدائشی مسلم نہ تھے خود فرماتے ہیں۔ مصرع۔

سبقتکموا الی الاسلام طرا "

یعنی میں تم سب سے پہلے اسلام لایا اور اسلام وہ لاتا ہے جو پہلے سے مسلمان نہ ہو جواب تحقیقی یہ ہے کہ نبوت کے لئے معصوم ہونا ضروری ہے کہ کبھی بھی نبی سے شرک و کفر اور گناہ وغیرہ صادر نہیں ہو سکتا کیونکہ نبی کی اطاعت اور اس کی تعظیم بہرحال لازم ہے مگر خلافت و امامت وغیرہ کے لئے فی الحال فاسق نہ ہونا کافی۔ لہٰذا جو شخص پہلے فاسق یا کافر ہو اور پھر مسلمان متقی پرہیز گار بن جائے تو خلیفہ بن سکتا ہے کیونکہ خلیفہ کی اطاعت بہرحال لازم نہیں بلکہ اگر خلاف شرع حکم دے اس کی مخالفت ضروری۔ روافض کی معتبر کتاب نہج البلاغہ میں سیدنا مولا علی کا فرمان موجود ہے۔ لا بد للناس من امیر برا و فاجر لوگوں کے لئے ایک امیر ضروری ہے چاہے نیک ہو یا فاجر ' فاسق اس قول کے مطابق تو فاجر فاسق بھی امیر بن سکتا ہے۔ افسوس ہے کہ شیعہ مخالفت شیخین میں قرآن کریم سے بھی آنکھیں بند کر لیتے ہیں کہ یہ تو توبہ کرنے والے کو فاجر اور فاسق کہتے ہی کہتے ہیں مگر قرآن کریم فرماتا ہے اولئک یبدل اللہ سیا تھم حسنت۔ یعنی رب تعالیٰ توبہ کرنے والوں کے گناہوں کو نیکیاں بنا دیتا ہے بلکہ

marfat.com
Marfat.com

حق یہ ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق نے اسلام سے پہلے بھی کبھی شرکیہ عقیدہ نہ رکھا کبھی بت پرستی نہ کی' کبھی شراب نہ پی' کبھی زنا کے قریب نہ گئے۔ آپ خود تو بت پرستی کیا کرتے جب اپنی والدہ کے شکم میں تھے تو اپنی ماں کو بت کے آگے جھکنے نہ دیتے تھے پیٹ میں اس طرح سکڑ جاتے کہ وہ جھک نہ سکتیں ایک بار آپ کے والد ابو قحافہ آپ کو بت کے سامنے جھکنے کے لئے لے گئے آپ نے فرمایا کہ اے بت میں بھوکا ہوں مجھے روٹی دے' میں پیاسا ہوں مجھے پانی پلا' بیمار ہوں مجھے شفا دے۔ جب وہ کچھ نہ بولا تو آپ نے اس کو جوتے مارے اور فرمایا کہ تو سجدے کے لائق کیسے ہو سکتا ہے جب تجھ میں طاقت ہی کوئی نہیں۔ سبحان اللہ۔

تفسیر صوفیانہ : رب تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کا روحانی درجات طے کرنے کا امتحان لیا کہ انہیں فرمایا کہ تم صبر' تسلیم' توکل اور رضا وغیرہ پر سوار ہو کر قلب' سر' روح خفا وحدت احوال اور مقامات کے درجات طے کرو وہ الی اللہ اور فی اللہ کے راستے کو طے کر کے منزل فنا تک پہنچے۔ تب الطاف ربانی نے ان پر توجہ فرمائی اور فرمایا کہ ہم تم کو فنا کے بعد بقاء اور حق سے خلق کی طرف رجوع عطا فرمائیں گے تاکہ آپ خلق کے امام بنیں اور ان کو اسی راستہ پر چلنا سکھائیں اور وہ سب آپ کی پیروی کر کے ہم تک پہنچیں تب آپ نے عرض کیا کہ مولا میری اولاد سے بھی بعض کو درجہ امامت عطا فرمانا فرمان الٰہی ہوا کہ ان میں سے بعض تمہاری اقتداء چھوڑ کر ظالم ہو جائیں گے اور ہماری خلافت اور امامت ظالموں کو نہیں ملتی۔ (ابن عربی) راہ تصوف میں ابراہیم علیہ السلام امام الائمہ ہیں اور یہ راستہ بغیر امام طے ہونا محال۔ مولانا فرماتے ہیں۔

چوں گرفتی پیرہن تسلیم شو ہم چو موسیٰ زیر حکم خضر رو

وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ؕ وَاتَّخِذُوْا مِنْ

اور جب بنایا ہم اس گھر کو جائے رجوع واسطے لوگوں کے اور امن اور بناؤ تم جائے قیام

اور یاد کرو جب ہم نے اس گھر کو لوگوں کیلئے مرجع اور امان بنایا اور ابراہیم کے

مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ وَعَهِدْنَاۤ اِلٰۤى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ

سے ابراہیم کی جائے نماز اور عہد لیا ہم نے طرف ابراہیم اور اسماعیل

کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کا مقام بناؤ اور ہم نے تاکید فرمائی ابراہیم و اسماعیل کو

اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾

کی اس کا کہ پاک رکھو تم میرا گھر واسطے طواف والوں کے اور اعتکاف والوں اور رکوع والوں اور سجدہ والوں کے

کہ میرا گھر خوب ستھرا کرو طواف والوں اور اعتکاف والوں اور رکوع والوں اور سجود والوں کیلئے

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیت میں فرمایا گیا تھا کہ ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو بہت سے احکام کا مکلف کیا جن پر انہوں نے بخوشی عمل کیا اور اب فرمایا جا رہا ہے کہ ان کو بیت اللہ شریف کے خدمت جیسے اہم کام کی بھی تکلیف دی گئی جو انہوں نے برداشت کر لی دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں ابراہیم علیہ السلام کی امامت کا

marfat.com
Marfat.com

ذکر تھا اب اس کا ثبوت دیا جا رہا ہے کہ ان کی امامت عامہ کا ظہور اس طرح ہو رہا ہے کہ ان کے بنائے ہوئے گھر کی طرف سب کا رجوع ہے اور جس پتھر پر انہوں نے قدم رکھ دیا ہے یعنی مقام ابراہیم وہ بھی قیامت تک کے لئے معظم ہے۔ **تیسرا تعلق:** پہلے فرمایا گیا تھا کہ ہم نے ابراہیم کو کئی باتوں میں آزمایا تو پورا پایا دیگر باتوں کو تو اہل کتاب بھی مانتے ہیں مگر تعمیر کعبہ اور اس کا حج ہونا اس کے وہ منکر تھے اور کہتے تھے کہ نہ تو حج طریقہ ابراہیمی ہے اور نہ کعبہ ان کی تعمیر۔ حج مشرکانہ رسم ہے۔ جس کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ملک و قوم کی محبت میں باقی رکھا ہے۔ اس آیت میں ان کے اس خیال باطل کی تردید ہے کہ ہم ہی نے ابراہیم سے کعبہ بنوایا اور ہم ہی نے حج کے احکام مقرر فرمائے۔

**شان نزول :** اس آیت کا ایک جملہ یعنی **واتخذوا** سے **مصلی** تک کا شان نزول یہ ہے کہ ایک بار حضور علیہ السلام نے عمر رضی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ پکڑ کر وہ پتھر دکھایا جس کا نام مقام ابراہیم ہے حضرت عمر نے عرض کیا کہ جب یہ اتنا معظم پتھر ہے تو ہم اسے مصلی کیوں نہ بنالیں یعنی اس کے سامنے کھڑے ہو کر کعبہ کو رخ کر کے نماز کیوں نہ پڑھیں حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ مجھے اس کا حکم نہیں دیا گیا تب آفتاب ڈوبنے سے پیشتر ہی آیت کریمہ آگئی۔ (تفسیر مدارک و احمدی) لہٰذا یہ آیت ان آیتوں میں سے ہے جو کہ حضرت عمر کی رائے کے موافق اتریں۔

**تفسیر :** **واذ جعلنا** یہاں ایک فعل پوشیدہ ہے یعنی اے نبی علیہ السلام یہ واقعہ یاد کرو یا ان لوگوں کو بتاؤ یا اے لوگو! یہ واقعہ یاد کرو ہم نے بنایا خیال رہے کہ بیت اللہ کا زیارت گاہ ہونا آدم علیہ السلام کے وقت سے ہے جیسے کہ خلاصہ تفسیر میں ان شاء اللہ معلوم ہو گا چونکہ اس مقام پر گھر کی شکل میں عمارت بنانے والے ابراہیم علیہ السلام ہی ہیں اس لئے اس کا بیت کی شکل میں مرجع خلائق ہونا ان کے وقت سے ہوا۔ لہٰذا قصہ ابراہیمی میں یہ واقعہ بیان کیا گیا۔ **البیت** یہ **بیتوتتہ** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں رات گزارنا۔ بیت وہ کوٹھڑی یا عمارت جس میں رات گزاری جائے اب بیت ہر کوٹھڑی یا عمارت کو کہنے لگے اس معنی میں کعبہ کو بیت کہا جاتا ہے بلکہ مطلق البیت سے خانہ کعبہ ہی مراد ہوتا ہے کیونکہ وہ سب سے پرانا گھر ہے نیز اس کو شعر بنانے والی بڑی معظم ہستیاں ہیں لہٰذا اس وصف میں یہ کامل ہے **مثابتہ** **ثوب** سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں رکوع کرنا جزاء خیر کو بھی اسی لئے ثواب کہتے ہیں کہ وہ کرنے والے کی طرف لوٹتی ہے غالباً کپڑے کو بھی ثوب اس لئے کہتے ہیں کہ وہ انسان کے جسم سے لوٹ لوٹ کر آتا ہے **مثابتہ** اسم ظرف ہے۔ جس کے معنی ہیں لوٹ کر آنے یا متفرق ہو کر ملنے کی جگہ چونکہ اس مقام پر سارے جہان کے لوگ جمع ہوتے ہیں یا جو ایک بار وہاں آتا ہے وہ بار بار آنا چاہتا ہے راستہ کی مصیبتوں کی پروا نہیں کرتا یا جو دنیاوی مشاغل سے فارغ ہو جاتا ہے اور اپنی اخیر عمر میں قدم رکھتا ہے تو اللہ اللہ کرنے کے لئے کعبہ معظمہ جانے کی کوشش کرتا ہے یا جن انبیاء کی امتیں ہلاک ہوئیں عموماً یہاں آ کر رہے جیسے صالح علیہ السلام وغیرہ اس لئے اس مثابتہ کہا یوں سمجھو کو کعبہ معظمہ وہ آشیانہ ہے جس کی طرف پرندے شام کے وقت لوٹتے ہیں یا ہر جگہ سے مسلمان اسی طرف منہ کر کے نماز وغیرہ عبادات کرتے ہیں یا ہر جگہ سے مرنے والے مسلمان کو موت کے وقت اور قبر میں ادھر منہ کر کے لٹایا جاتا ہے۔ (تفسیر عزیزی) **للناس** اس میں الف لام عہدی ہے یعنی حاجیوں یا عمرہ کرنے والوں یا سارے مومنوں کا ملجاء ماوی مومن جنات کی بھی جائے رجوع کعبہ معظمہ ہی ہے کہ وہ بھی اسی طرف منہ کر کے نماز وغیرہ عبادات کرتے ہیں مگر چونکہ اصل مقصود انسان ہیں وہ جنات وغیرہ ان کے تابع اس لئے

marfat.com
Marfat.com

خصوصیت سے انسانوں کا ذکر ہوا نیز حج کعبہ صرف انسانوں پر فرض ہے رب فرماتا ہے **وللہ علی الناس حج البیت** اس لئے انسانوں کیلئے یہ کئی طرح مرجع ہے **وامنا** یہ مصدر بمعنی اسم فاعل یا اسم ظرف ہے یعنی امن پانے کی جگہ یا امن دینے والا یہاں جنون جذام اور برص سے لوگوں کو امن ہے یا حاجی کو عذاب آخرت سے امن ہے یا اس مجرم کو جو وہاں داخل ہو جائے قانون سزا سے امن ہے یا خود یہ مقام ظالموں کے قبضے سے محفوظ ہے کہ جو بیدین اسے ویران کرنا چاہئے وہ تباہ ہو جائے جیسے اصحاب فیل وغیرہ یا یہ جگہ شکاری جانوروں اور انسانوں سے امن دینے والی ہے کہ اس مقام میں بھیڑیا اور شیر بھی حملہ نہیں کرتا۔ خیال رہے کہ یہاں بیت سے سارا حرم مراد ہے یعنی مکہ مکرمہ کی وہ حدود جہاں شکار کرنا حرام ہے مگر چونکہ اس رقبہ کی یہ حرمت بیت کی وجہ سے ہے اس لئے اس کا ذکر ہوا۔ دوسری جگہ فرمایا گیا **انا جعلنا حرما امنا۔ واتخذوا** اس کی دو قرآءتیں ہیں۔ خ کی فتح سے یعنی لوگوں نے ہمارے الہام سے مقام ابراہیم کو مصلی بنالیا اس صورت میں جعلنا پر عطف بلا تکلف صحیح ہے دوسرے خ کے کسرہ سے تو یہاں **قلنا** پوشیدہ ہے یعنی ہم نے کہا کہ تم اسے مصلی بنالو کیونکہ انشاء کا عطف خبر پر جائز نہیں **من مقام ابرٰھیم** مقام قیام کا ظرف ہے یعنی کھڑے ہونے کی جگہ اس کے شان نزول اور دیگر احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مقام ابراہیم وہ پتھر ہے جس پر آپ نے کھڑے ہو کر عمارت کعبہ بنائی اور پھر اسی پر کھڑے ہو کر سارے جہان کو حج کے لئے پکارا ایک بار اس پر قدم رکھ کر اپنی بہو یعنی اسمٰعیل علیہ السلام کی بیوی سے اپنا سر دھلوایا جیسا کہ خلاصہ تفسیر میں معلوم ہوگا **مصلی** اس کے لفظی معنی ہیں جائے نماز مگر یہاں مجاز قبلہ مراد ہے جیسا کہ ایک روایت میں ہے کہ میری مسجد آخر مساجد ہے مسجد بمعنی قبلہ کیونکہ کوئی بھی اس پر کھڑے ہو کر نماز نہیں پڑھتا بلکہ امام کی طرح اس کو سامنے رکھ کر نماز پڑھتے ہیں یا مقام ابراہیم کے مصلی بنانے کے یہ معنی ہیں کہ اس کی متصل زمین کو جاء نماز بناؤ اس لئے یہاں من فرمایا گیا **وعھدنا الی ابرٰھیم واسمٰعیل** عہد کے لفظی معنی وعدے کے ہیں مگر یہاں تاکیدی حکم مراد ہے یعنی ہم نے ابراہیم اور اسمٰعیل علیہما السلام دونوں کو تاکیدی حکم دیا اسمٰعیل حضرت ابراہیم کے بڑے فرزند کا نام ہے جو حضرت ہاجرہ کے شکم سے پیدا ہوئے حضرت ہاجرہ کسی شاہی خاندان سے تھیں اور شاہ مصر کے یہاں قید تھیں جن روایتوں میں ان کو لونڈی یا خادمہ بتایا گیا وہ اس لحاظ سے ہے کہ اس کو شاہ مصر نے ظلماً لونڈی بنا کر رکھا تھا کیونکہ پہلے قیدیوں کو لونڈی ہی بنالیا کرتے تھے۔ (تاریخ ابن خلدون) ابراہیم علیہ السلام اخیر عمر تک لاولد تھے بیٹے کی دعائیں مانگ کر کہتے تھے **اسمع ایل** اسمع لفظ عربی ہے اور ایل عبرانی میں خدا کا نام۔ جس کے معنی ہوئے اے خدا میری سن لے جب آپ پیدا ہوئے تو اس دعا کی یادگار میں آپ کا نام اسمٰعیل رکھا گیا (روح البیان وغیرہ) **ان طھرا بیتی** یہ لفظ تطہیر سے بنا ہے جس کے معنی ہیں پاک کرنا اور پاک رکھنا یہاں دوسرے معنی مراد ہیں یعنی میرے اس گھر کو نجاستوں اور گھنونی چیزوں سے پاک وصاف رکھو یہ نہیں کہ اب تک ناپاک تھا اور اب پاک کرو چونکہ کعبہ اللہ ہی عبادت کے لئے ہے اور اسی کے حکم سے بنایا گیا اور کسی انسان کا اس پر قبضہ اور ملکیت نہیں اس لئے رب نے اسے اپنی طرف منسوب فرمایا کہ بیتی یعنی میرا گھر یہ مطلب نہیں کہ رب تعالیٰ وہاں رہتا ہے جیسے ناقۃ اللہ و روح اللہ **للطائفین** یہ طواف سے بنا جس کے معنی ہیں کسی کے آس پاس گھومنا شہر طائف کو بھی اسی لئے طائف کہتے ہیں کہ اس کا راستہ حرم کے گرد گھومتا ہوا گیا ہے اس سے مراد یا تو وہ پردیسی لوگ ہیں جو خانہ کعبہ کی زیارت کے لئے یہاں پھیرا مار جاتے ہیں یہ عام طواف کرنے والے خواہ دیسی ہو یا پردیسی

marfat.com
Marfat.com

**والعٰکفین** یہ عکوف سے بنا ہے جس کے معنی ہیں متوجہ ہونا یا کسی کے ساتھ تعظیماً تعلق پیدا کرنا یا ٹھہرنا اسی سے اعتکاف ہے جو رمضان کے آخری عشرہ میں ہوتا ہے یہ سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے اس عاکفین سے یا تو مکہ کے باشندے مراد ہیں یا وہاں اعتکاف کرنے والے **والرکع السجود** رکع راکع کی اور سجود ساجد کی جمع ہے۔ اس سے مراد ہیں نمازی لوگ یعنی ہمارے گھر طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں اور نمازیوں کے لئے پاک صاف رکھو جس سے معلوم ہوا کہ وہاں عبادت کے سواء کوئی دنیوی کام جائز نہیں۔

**خلاصہ تفسیر** : اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کو یہ بھی یاد دلا دو کہ ہم نے اس مبارک گھر کو ہمیشہ سے لوگوں کی زیارت گاہ اور مقام ثواب بنایا کہ ہمیشہ سے لوگ یہاں جمع ہوتے ہیں اور بھکاری ثواب سے اپنا دامن مراد بھر لے جاتے ہیں اور ہر مصیبت میں اسی کی طرف رجوع کرتے ہیں چونکہ یہ لوگوں کے اجتماع کی جگہ تھی اس لئے ہم نے یہاں امن رکھی کہ نہ تو کوئی مسافر یہاں لوٹا جائے یا مارا جائے اور نہ یہاں عام وبائی امراض پھیلیں اور نہ جانوروں کو تکلیف و ایذا پہنچے اور نہ اسے کوئی ویران و برباد کر سکے کیونکہ یہ چیزیں اجتماع کو توڑنے والی ہیں اور چونکہ یہاں وہ پتھر بھی ہے جس پر کھڑے ہو کر حضرت خلیل نے کعبہ جلیل بنایا اور اس پتھر کو حضرت خلیل کی پابوسی کا شرف حاصل ہوا للہذا ہم نے اس کی اتنی عظمت بڑھائی کہ اس کو لوگوں کا قبلہ گاہ قرار دے دیا اور حکم دیا کہ اس گھر کا طواف کر کے گھر بنانے والے کی قیام گاہ کے سامنے سر جھکا کر نفلیں پڑھنا۔ اور یہ آج کی بات نہیں بلکہ ابراہیم علیہ السلام کو بھی حکم دیا کہ میرے اس گھر کو گندگیوں یعنی پیشاب پاخانے وغیرہ اور گھنونی چیزوں تھوک و خون کوڑا وغیرہ سے پاک صاف رکھنا تاکہ اس میں طواف کرنے والے اور اعتکاف کرنے اور نماز پڑھنے والے آسانی سے بے تکلف یہ عبادت ادا کر سکیں۔ کیونکہ یہ جگہ ان ہی لوگوں کے واسطے ہے۔

**خانہ کعبہ کی تاریخ** : تاریخ ابن عساکر اور تاریخ ارزقی سے تفسیر عزیزی وغیرہ نے نقل کیا کہ جب حضرت آدم علیہ السلام بہشت سے زمین پر تشریف لائے تو بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ خدایا میں یہاں نہ تو ملائکہ کی تسبیح و تکبیر سنتا ہوں اور نہ کوئی عبادت گاہ دیکھتا ہوں جیسے کہ آسمان میں بیت المعمور دیکھتا تھا جس کے ارد گرد ملائکہ طواف کرتے تھے جواب الٰہی آیا کہ جاؤ جہاں ہم نشان بتائیں وہاں کعبہ بنا کر اس کے ارد گرد طواف بھی کر لو۔ اور اس کی طرف نماز بھی ادا کرو حضرت جبریل علیہ السلام آدم علیہ السلام کی رہبری کے لئے ان کے ساتھ چلے اور انہیں وہاں لائے جہاں سے زمین بنی تھی یعنی جس جگہ پانی پر جھاگ پیدا ہوا تھا اور پھر وہی جھاگ پھیل کر زمین بنی اس کا پورا واقعہ ان شاء اللہ **ان اول بیت** کی تفسیر میں آئے گا حضرت جبریل نے وہاں اپنا پر مار کر ساتوں زمین تک بنیاد ڈال دی جس کو ملائکہ نے پانچ پہاڑوں کے پتھروں سے بھرا کوہ لبنان۔ کوہ طور کوہ جودی اور حرا اور طور زیتا بنیاد بنا بھر کر نشان کے لئے چاروں طرف کی دیواریں اٹھا دیں اس طرف آدم علیہ السلام نماز پڑھتے رہے اور اس کا طواف بھی کرتے رہے بعض روایات میں آیا ہے کہ خود بیت المعمور اتار کر اس بنیاد پر رکھ دیا گیا تو گویا بنیاد دنیوی پتھروں کی رہی اور عمارت بیت المعمور کی طوفان نوحی تک کعبہ اسی حال میں رہا اس طوفان کے وقت وہ عمارت تو آسمان پر اٹھائی گئی اور یہ کعبہ کی جگہ اونچے ٹیلے کی طرح رہ گئی مگر لوگ برابر برکت کے لئے یہاں آتے تھے اور آ کر دعائیں مانگتے تھے پھر ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ تک کعبہ اسی حال میں رہا جب حضرت اسمٰعیل و ہاجرہ اس میدان میں آ کر ٹھہرے اور ان کی وجہ سے یہاں کچھ آبادی ہو گئی جس کا

marfat.com
Marfat.com

ذکر اگلی آیت میں آئے گا ان شاء اللہ تب حضرت ہاجرہ کے انتقال کے بعد حضرت ابراہیم کو حکم ہوا کہ آپ اسمٰعیل کو ساتھ لے کر یہاں عمارت کعبہ بنائیں اس کی نشانی اسی طرح قائم فرمائی کہ ایک بادل کا ٹکڑا بھیجا گیا تاکہ اس کے سایہ سے کعبہ کی حد مقرر کر لی جائے حضرت جبریل نے اس سایہ کی مقدار خط کھینچا اور ابراہیم علیہ السلام نے اس خط پر یہاں تک زمین کھودی کہ بنیاد حضرت آدم نمودار ہوئی اور اس بنیاد پر عمارت بنائی اس کی مقدار یہ ہے کہ اس کی بلندی نو ہاتھ اور رکن اسود سے رکن شامی تک کی دیوار 33 ہاتھ اور رکن شامی سے رکن غربی تک کی دیوار 22 ہاتھ اور رکن غربی سے رکن یمانی تک 31 ہاتھ اور رکن یمانی سے پھر رکن اسود تک 30 ہاتھ لہٰذا اس وقت یہ کعبہ مستطیل کی شکل تھا جس کا طول عرض سے زیادہ اور خود طول کی شرقی غربی دیواروں میں ایک غیر محسوس سا فرق' اس کا دروازہ زمین سے ملا ہوا جس میں کواڑ وغیرہ نہ تھا جس کی شکل یہ ہے

کہ کچھ دنوں بعد طبع حمیری نے اس دروازہ میں کواڑ زنجیر اور قفل لگائے یہ بھی خیال رہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے خانہ کعبہ کے اندر داہنی جانب ایک غار سا بنایا تھا جو مثل خزانہ کے تھا کعبہ کے لئے جو کچھ نذر تحفے آئیں اس میں رکھے جائیں اس کے دروازے دو تھے ایک داخل ہونے کا دوسرا نکلنے کا اور کعبہ بنانے والے خلیل تھے اور ان کو گارا اور پتھر اٹھا کر دینے والے اسمٰعیل علیہ السلام اور اس عمارت میں تین پہاڑوں کے پتھر لگائے گئے کوہ ابو قبیس کوہ حرا اور کوہ ورقان ابراہیم علیہ السلام سے پہلے کسی نے یہاں عمارت نہ بنائی تھی مگر آپ کے بعد کئی دفعہ اس کی تعمیر و مرمت ہوئی چنانچہ ایک دفعہ قبیلہ عمالقہ اور جرہم نے اسے بنایا پھر دوبارہ قصی ابن کلاب نے اس کی تعمیر کی جس میں چھت درخت مقل کی لکڑی کی بنائی جس پر بجائے تختوں کے خرمے کی لکڑی ڈالی جب حضور علیہ السلام کی عمر شریف 25 سال کی تھی۔ تو پھر قریش کو اس کی تعمیر کرنا پڑی وجہ اس کی یہ ہوئی کہ ایک عورت وہاں خوشبو سلگاتی تھی ایک بار اچانک اس سے شعلہ اٹھا اور چھت جل گئی اس سے پہلے سیلاب وغیرہ سے کعبہ کی دیواریں بھی پھٹ چکی تھیں لہٰذا سرداران قریش نے جمع ہو کر ولید ابن مغیرہ کو میر عمارت مقرر کیا اور کعبہ کو منہدم کر کے دوبارہ بنایا مگر آپس میں یہ طے کیا کہ اس میں مال حلال ہی خرچ ہو چونکہ اس وقت اکثر مالدار سود خور تھے اس لئے مال حلال بہت کم جمع ہوا اس کمی مال کی وجہ سے انہوں نے عمارت چھوٹی کر دی اور چند فرق بھی کر دیئے اول: یہ کہ تعمیر ابراہیمی سے چند گز زمین چھوڑ کر اسے حطیم قرار دیا (جس میں اب بھی کعبہ کا پرنالہ گرتا ہے) دوسرے: یہ کہ بجائے دو کہ ایک ہی دروازہ رکھا اور وہ بھی زمین سے خوب اونچا تاکہ جسے چاہیں جانے دیں اور جسے چاہیں نہ جانے دیں تیسرے: یہ کہ خانہ کعبہ کے اندر لکڑی کے ستونوں کی صفیں بنائیں ہر صف میں تین تین ستون چوتھے: یہ کہ اس کی بلندی دگنی کر دی گئی یعنی پہلے نو ہاتھ تھی اب 18 ہاتھ پانچویں: یہ کہ خانہ کعبہ کے اندر رکن شامی کے قریب ایک زینہ بنایا جس سے چھت پر چڑھ سکیں اور اب کعبہ کی شکل یہ ہو گئی

حضرت عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں کہ ایک بار مجھے خود حضور علیہ السلام نے کعبہ کے متصل زمین میں بنیاد ابراہیمی کھول کر دکھائی جس میں اونٹ کی کوہان کی شکل کے پتھر لگائے ہوئے تھے اور فرمایا کہ اے عائشہ قریش نے روپیہ کی کمی کی وجہ سے بنیاد ابراہیمی کا کچھ حصہ چھوڑ دیا۔ ابھی لوگ نو مسلم ہیں اگر ان کے بھڑک جانے کا اندیشہ نہ ہوتا تو ہم موجودہ کعبہ کو منہدم کر کے بنیاد ابراہیمی پر مکمل بناتے پھر اسلام میں عائشہ صدیقہ کی روایت کی وجہ سے حضرت عبد اللہ ابن زبیر نے کعبہ معظمہ دوبارہ بنایا جس کو بنیاد

marfat.com
Marfat.com

ابراہیمی پر مکمل کیا قریش کے فرقوں کو دور کیا حطیم کو خانہ کعبہ میں داخل کیا اور اس میں زمین سے متصل شرقاً غرباً دروازے رکھے یمن سے خوشبودار مٹی منگوا کر جس کو ارس کہتے ہیں چونہ میں مخلوط کر کے بجائے گارے کے استعمال کی اور اس کی دیواروں پر اندر باہر مشک و عنبر سے کہگل کی دیواروں پر نہایت قیمتی ریشمی غلاف چڑھایا جسے غلاف کعبہ کہتے ہیں اور جس کا اب بھی رواج ہے غلاف کعبہ سب سے پہلے پہنانے والے کا نام اسعد ہے۔ جو شاہ یمن تھا جسے تبع کہتے ہیں یہ ہی مدینہ منورہ کو آباد کرنے والا ہے حضور انور کے شوق ملاقات میں اس نے یہاں ہی سکونت اختیار کر لی اس کی کچھ قوم والے جرہ بھی یہاں رہ گئے یہ ہی مدینہ پاک کی پہلی آبادی ہے جیسے قوم جرہم نے مکہ معظمہ کو پہلے آباد کیا اس کا پورا واقعہ روح البیان پارہ 25-26 قوم تبع کی تفسیر میں ملاحظہ فرمائیں۔ 27 رجب 46 ہجری کو اس کام سے فراغت حاصل ہوئی پھر 74 میں حجاج ابن یوسف نے جو کہ عبد الملک ابن مروان کا نائب تھا یہ عمارت گرا کر قریش کی طرح ہی بنا دیا۔ پھر ہارون الرشید نے چاہا کہ عبد اللہ بن زبیر کے طریقہ پر بنائے مگر علماء نے منع کیا بار بار بنانا اور گرانا کھیل ہو جائے گا پھر اسلامی بادشاہ اس کی مرمت تو کرتے رہے مگر کسی نے دوبارہ نہ بنایا پھر 1040ھ میں سلطان مراد ابن احمد خان شاہ قسطنطنیہ نے جب دیکھا کہ اس کی عمارت بہت کہنہ ہو گئی ہے تو سوائے اس رکن کے (گوشہ یا کونہ) جس میں سنگ اسود لگا ہوا ہے سب کو گرا کر پھر نئے سرے سے بنیاد حجاج کے موافق کعبہ بنایا جس کے اندر سنگ مرمر کا فرش بچھایا اور اندر چھت پر نہایت نفیس مخملی چھت گیری لگائی اور باہر کی دیواریں سنگ خارا سے چونہ میں چنیں نہایت نفیس ریشمی سیاہ پردہ تمام خانہ کعبہ پر ڈالا جس پر کلمہ **لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ** بنا اور طول دیوار میں کئی بالشت سرا چکا گیا جس میں کار چوبی حروف سے سلطان کا نام لکھا گیا اب موجودہ کعبہ سلطان مراد کا بنایا ہوا ہے اور مصر سے ہر سال غلاف کعبہ تیار ہو کر بڑے جشن اور دھوم دھام سے آتا رہا اور 1382ھ میں غلاف کعبہ لاہور سے تیار ہو کر گیا اور دستور یہ رہا کہ ہمیشہ حج کے موقعہ پر پرانا غلاف اتار کر خدام کعبہ کو دے دیا جاتا جس کو حاجی لوگ تبرکاً ٹکڑے ٹکڑے خرید لیتے نیا غلاف چڑھا دیا جاتا میں نے 1350ھ میں وہاں دیکھا کہ نجدیوں کی حکومت ہے ملک عبد العزیز ابن سعود وہاں کا بادشاہ ہے اس کے ظلم و ستم کی وجہ سے مصر سے غلاف آنا بند ہو گیا اب خود نجد میں ہی تیار ہوتا ہے۔ جس کے اوپری حصہ میں ابن سعود کا نام لکھا جاتا ہے ہماری اس تحقیق سے معلوم ہو گیا ہو گا کہ کعبہ معظمہ کو عمارتی شکل میں سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام نے بنایا اور پھر پانچ بار کعبہ بنتا رہا اور کعبہ کی موجودہ عمارت 339 سال کی ہے کیونکہ 1040ھ میں بنی اور اب 1379ھ ہے۔

مقام ابراہیم و سنگ اسود : اس لفظ کی تحقیق ہم ابھی تفسیر میں کر چکے ہیں حدیث شریف میں ہے کہ رکن اور مقام دو جنتی یاقوت ہیں پہلے بہت نورانی تھے اللہ نے ان کا نور محو کر دیا اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ مشرق و مغرب کو چمکاتے مقام ایک پتھر ہے۔ جس پر تین بار حضرت خلیل کھڑے ہوئے اولاً تو جب کہ ان کی بہو حضرت اسمٰعیل کی بیوی نے ان سے عرض کیا کہ میں آپ کا سر دھلا دوں تب آپ نے گھوڑے سے اتر کر اس پتھر پر قدم رکھا اور ان سے یہ خدمت لی۔ جس کا پورا قصہ ان شاء اللہ اگلی آیت میں آئے گا دوسرے جب کہ کعبہ کی دیواریں اونچیں ہوئی تب آپ نے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے کہا کہ ہمارے واسطے کوئی پتھر لاؤ جس پر ہم کھڑے ہو کر دیوار بنائیں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام پتھر کی تلاش میں ابو قبیس پہاڑ پر تشریف لے گئے راہ میں حضرت جبریل ملے اور کہا کہ آیئے میں آپ کو ایک پتھر بتاؤں جو آدم علیہ السلام کے ساتھ دنیا میں آیا اور اسے ادریس علیہ السلام نے

marfat.com
Marfat.com

طوفان نوحی کے خوف سے اس پہاڑ میں دفن کر دیا ہے اس جگہ چھوٹے بڑے دو پتھر مدفون ہیں چھوٹے کو تو کعبہ کی دیوار میں دروازے کے قریب لگادو کہ ہر طواف کرنے والا اس کو چوما کرے یعنی سنگ اسود اور بڑے پر ابراہیم علیہ السلام کھڑے ہو کر عمارت بنائیں چنانچہ آپ وہ دونوں پتھر لے آئے اور یہ پیغام الٰہی بھی پہنچایا یا ابراہیم علیہ السلام نے حکم الٰہی کے مطابق سنگ اسود کو تو ایک گوشہ میں لگادیا اور بڑے پر کھڑے ہو کر تعمیر کا کام جاری کیا جس قدر عمارت بلند ہوتی جاتی یہ پتھر بھی اونچا ہوتا جاتا تھا یہاں تک کہ آپ تعمیر سے فارغ ہوئے اور پتھر کی ضرورت نہ پڑی روایت میں ہے کہ جب سنگ اسود دیوار کعبہ میں قائم کیا گیا تو اس کی روشنی چاروں طرف دور دور تک جاتی تھیں جہاں تک اس کی روشنی پہنچی وہاں تک حرم کے حدود مقرر ہوئے جس میں شکار کرنا منع ہے اور سنگ اسود کا رنگ بالکل سفید تھا گنہگاروں کے ہاتھوں سے سیاہ ہو گیا۔ تیسرے جب کہ آپ تعمیر سے فارغ ہوئے تب بحکم الٰہی کوہ ابو قیس پر بھی مقام ابراہیم رکھا اور اس پر چڑھ کر چو طرفہ آواز دی کہ اے اللہ کے بندو حج کے لئے آؤ جس کا ذکر خود قرآن کریم نے فرمایا **واذن فی الناس بالحج یاتوک رجالا و علی کل ضامر یاتین من کل فج عمیق** یہ آواز قیامت تک پیدا ہونے والی روحوں نے سنی جو خاموش رہی اسے حج نصیب نہ ہو گا اور جس نے جتنی بار لبیک کہا اتنے ہی حج کرے گا (حدیث و عام تفاسیر) اس وقت اسی پتھر میں حضرت خلیل کی انگلیوں کا نشان نمودار ہو گیا بہت عرصہ تک لوگوں نے یہ نشان دیکھا مگر چومنے والوں کی کثرت سے کچھ محو ہو گیا اب کچھ خفیف سا نشان باقی ہے پہلے یہ پتھر خانہ کعبہ کے متصل رکھا ہوا تھا حضرت عمر کے زمانہ میں ایک عظیم سیلاب آیا جس کا نام ہے سیل "ام نشل" اس سیلاب سے یہ پتھر اپنی جگہ سے ہٹ کر دور جا گرا حضرت عمر خود تشریف لائے اور مطاف کے کنارے چاہ زمزم کے پاس اس کو رکھا اور اس پر ایک پتھر کی عمارت بنا دی اب تک وہی عمارت ہے اور اسی جگہ یہ پتھر موجود ہے اس کے سامنے کچھ تھوڑی جگہ اور پاٹ دی گئی جس میں آگے پیچھے کل بارہ آدمی نماز پڑھ سکتے ہیں اس کی پوری تفصیل تفسیر عزیزی وغیرہ بڑی اور معتبر تفاسیر میں دیکھیں۔

**تنبیہہ :** مکہ مکرمہ میں پندرہ جگہ دعا بہت قبول ہوتی ہے۔ ملتزم یعنی سنگ اسود اور دروازہ کعبہ کے درمیان میزاب یعنی کعبہ معظمہ کے پرنالے کے نیچے رکن یمانی کے پاس صفا مروہ کے درمیان سنگ اسود اور مقام ابراہیم کے پاس خانہ کعبہ کے اندر منیٰ شریف میں اور مزدلفہ میں عرفات میں تین جمروں کے پاس اور چاہ زمزم پر اور زمزم پیتے وقت (عزیزی) جس کو وہاں کی حاضری نصیب ہو دعائیں مانگیں اور فقیر کے لئے بھی دعا کرے **دوسری تنبیہہ :** کعبہ کو کعبہ کہنے کی دو وجہیں ہیں ایک یہ کہ کعب کے لفظی معنی ہیں اٹھا ہوا ہونا یا اونچا ہونا ٹخنہ کو کعب اور کنواری لڑکی کو کاعبہ اسی لئے کہتے ہیں **وکواعب اترابا** چونکہ کعبہ کی سطح سمندر سے بہت اونچی ہے اس لئے اسے کعبہ کہا جاتا ہے یا کعب بقاعدہ اقلیدس وہ ہے جس کو چھ برابر کی سطح گھیریں اگرچہ بناء ابراہیمی میں کعبہ بشکل مستطیل تھا لیکن نزول قرآن کے وقت بشکل مکعب تھا یعنی اس کی لمبائی چوڑائی اور بلندی برابر اس لئے اسے کعبہ کہا گیا۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے ہوئے **پہلا فائدہ:** بزرگوں کی چیزوں کی تعظیم کرنا اور اس سے برکت لینا قرآن کریم سے ثابت ہے اور ساری امت کا اس پر عمل مقام ابراہیم ایک پتھر ہے اس کی یہ تعظیم صرف اسی لئے نہیں ہے کہ وہ جنتی ہے بلکہ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اس پر قدم خلیل علیہ السلام پڑے ہیں اس لئے زمانہ ابراہیمی سے پہلے اس کی وہ تعظیم نہ ہوتی تھی

marfat.com
Marfat.com

جواب ہے کہ تمام لوگوں کے سر اس کی طرف جھکتے ہیں اس لئے قرآن کریم نے اس پتھر کو مقام ابراہیم کہا نہ کہ جنت کا پتھر تاکہ معلوم ہو کہ اس پتھر کی تعظیم و توقیر اس لئے ہے کہ وہ ابراہیم علیہ السلام کا جائے قیام ہے تبرکات کی تعظیم بہت سی آیتوں اور احادیث سے ثابت ہے اس کے لئے ہماری کتاب جاء الحق کا مطالعہ کریں بلکہ بزرگوں کے تبرکات سے بیماریاں جاتی رہیں رب کی رحمتیں آتی ہیں دیکھو یوسف علیہ السلام کی قمیض سے یعقوب علیہ السلام کی آنکھیں روشن ہوئیں اور ایوب علیہ السلام کے پاؤں کی دھوون سے آپ کو شفا ہوئی اور آج تک آب زمزم شفاء کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی ایڑی سے پیدا ہوا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تبرکات سے طالوت کو جنگ میں فتح ہوئی دوسرا فائدہ: مسجدوں کو گندگی اور کوڑے سے پاک رکھنا بہت ضروری ہے کیونکہ مسجد کی تعظیم کعبہ معظمہ کی طرح ہے اسی لئے کعبہ کی طرح مسجد کی چھت پر بھی بلا ضرورت چڑھنا منع ہے اور کعبہ کی صفائی کا تو اس آیت میں حکم دیا گیا لہٰذا تمام مسجدوں کے لئے بھی یہی حکم ثابت ہوگا تیسرا فائدہ: مسجد اور کعبہ معظمہ کا کوئی متولی بھی چاہئے جس کے ذمے وہاں کی ساری خدمات ہوں کیونکہ رب نے کعبہ کو پاک رکھنے کا حکم ابراہیم اور اسمٰعیل علیہ السلام کو دیا کہ وہ اپنے اہتمام سے کریں چوتھا فائدہ: مسجدوں میں اعتکاف نماز وغیرہ دینی کام ہی کریں گے کیونکہ اس آیت میں بتایا گیا کہ یہ صفائی اعتکاف کرنے والوں اور نمازیوں کے لئے ہے پانچواں فائدہ: مسافروں کو ہر مسجد اور مسجد حرام میں ٹھہرنا اور سونا وغیرہ جائز ہے کیونکہ عاکفین کے معنی مسافرین بھی کئے گئے ہیں چھٹا فائدہ: تمام مسجدیں بلکہ سارے سجدے کعبہ معظمہ کی طرف ہونے چاہئیں کیونکہ اس آیت میں بتایا گیا کہ ہم نے کعبہ کو لوگوں کا جائے رجوع بنایا لوگوں کے رجوع کرنے کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ وہاں جا کر حج کریں دوسرے یہ کہ ہر جگہ سے ادھر رخ کر کے سجدہ کریں ساتواں فائدہ: جو مجرم حرم شریف میں جا کر امن لے لے اسے نہ تو وہاں گرفتار کر سکتے ہیں اور نہ وہاں سزا دے سکتے ہیں بلکہ اس تک رزق وغیرہ نہ پہنچنے دیں تاکہ وہ خود مجبور ہو کر نکلے کیونکہ اسے مقام امن فرمایا گیا آٹھواں فائدہ: اس آیت کے شان نزول سے معلوم ہوا کہ حضرت عمر فاروق نہ تو تبرکات بزرگان کے خلاف تھے نہ انہیں مٹانا چاہتے تھے دیکھو مقام ابراہیم جو ابراہیم کی یادگار اور ان کا تبرک ہے حضرت عمر فاروق کی رائے سے عظمت والا اور مصلی بنا بیعتہ الرضوان کا درخت حضرت عمر نے ہرگز نہیں کٹوایا بلکہ اصل درخت گم ہو گیا تھا لوگوں نے دوسرے درخت کی زیارت شروع کر دی تھی آپ نے اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لئے وہ دوسرا درخت کٹوایا۔ دیکھو بخاری شریف نواں فائدہ: عین نماز کی حالت میں بزرگوں کے تبرکات کی تعظیم جائز ہے۔ دیکھو جو نماز مقام ابراہیم کی طرف ہو گی اس میں نماز کی حالت میں اس پتھر کا احترام بھی ہو گا حضرت صدیق اکبر نے بحالت نماز حضور کا ادب کیا خود مصلی سے پیچھے آگئے حضور درمیان نماز میں امام ہوئے اس سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو کہتے ہیں کہ نماز میں حضور کا خیال کرنا گدھے بیل کے خیال سے بدتر ہے وہ مقام ابراہیم کے متعلق کیا کریں گے بلکہ صفا و مروہ کی سعی و تعظیم پر حج و عمرہ موقوف ہے صفاء و مروہ حضرت ہاجرہ کی گزرگاہ دسواں فائدہ: جب مقام ابراہیم اسلئے قابل عزت ہوا کہ حضرت ابراہیم کا قدم اسے لگ گیا تو حضور کی ازواج و صحابہ کرام و اہل بیت عظام کی عزت کا کیا پوچھنا کہ انہیں حضور انور سے بہت قرب رہا۔ (مدارک و خزائن العرفان)

اعتراض: پہلا اعتراض: حج کی کیا ضرورت ہے اور دنیا بھر کو وہاں جمع کرنے سے کیا فائدہ کہ لوگ اپنے کام کا نقصان

marfat.com
Marfat.com

کر کے اور پیسہ برباد کر کے وہاں کا چکر لگائیں۔ جواب: اس کے چند جواب ہیں ایک یہ کہ قدرت نے انسان میں دو قوتیں رکھی ہیں ایک عقل دوسرا عشق جو اس کے لئے دو پاؤں کی طرح ہیں نہ تو فقط عقل کافی ہے نہ صرف عشق سے کامیابی اسی لئے عبادات دو قسم کی ہیں بعض میں اطاعت غالب اور بعض میں عشق کامل لیکن ہر عبادت میں یہ دونوں موجود ضرور ہیں نماز زکوۃ وغیرہ میں اطاعت کا غلبہ ہے اور روزہ اور حج وغیرہ میں عشق کا اظہار چنانچہ حج میں دعا اور استغفار کا تعلق عقل سے ہے مگر احرام باندھ کر عاشقانہ حالت پیدا کرنا' بیت اللہ کے آس پاس گھومنا عرفات وغیرہ میں لبیک پکارنا وغیرہ یہ سب حضرت عشق کی جلوہ گری ہے دوسرے یہ کہ انسان کے علوم و کمالات آپس کے اجتماع سے بڑھتے ہیں اس لئے جنگلی لوگ اکثر جاہل اور بے تہذیب اور شہری لوگ عام طور پر مہذب ہوتے ہیں کیونکہ شہر میں ہر قسم کے لوگوں کا اجتماع ہوتا ہے ضرورت تھی کہ دنیا بھر کے مسلمان کبھی ایک جگہ جمع ہو کر ایک دوسرے کے حالات سے خبردار ہوں جس سے ہر ایک کی عقل اور علم ترقی کرے اور عالم کے مسلمانوں میں اجتماعی شان پیدا ہو اس کے لئے دنیا کے آباد حصہ کا مکان یعنی مکہ معظمہ منتخب کیا گیا کہ وہاں ہر سال اسلامی کانفرنس ہوا کرے آج دوسری قومیں اپنی کانفرنس کرنے میں بہت دشواریاں برداشت کرتی ہیں مسلمانوں کی یہ کانفرنس بہت آسانی سے ہو جاتی ہے تیسرے یہ کہ انسانی روح شیشے کی طرح صاف ہے۔ جس میں ایک دوسرے کا عکس پڑتا ہے جب بہت سی روحیں ایک جگہ جمع ہوں گی تو ان سے قوی نورانیت پیدا ہو گی جیسا کہ چراغوں کے اجتماع سے ہوتی ہے اسی لئے اسلام میں جمعہ اور جماعتیں ہیں دوسرا اعتراض: تو اس اجتماع کے لئے عرب کا خشک ریگستان ہی کیوں منتخب کیا گیا کوئی اور جگہ ہونی چاہئے تھی جواب: چند وجہ سے ایک یہ کہ یہ جگہ آبادی عالم کے تقریباً بیچ میں واقع ہوئی ہے تو گویا یہ حکومت الہیہ کا دار الخلافہ ہے دوسرے یہ کہ عبادت میں اپنی اصل کی طرف رجوع کرنا بہتر ہے نماز میں زمین پر سر رکھا جاتا ہے کیونکہ زمین ہی ہماری اصل ہے ایسے ہی کعبہ معظمہ زمین کی اصل ہے ضروری تھا کہ مسلمان اپنی اصل پر پہنچ کر حج کے ارکان ادا کریں اسی لئے نماز میں ادھر منہ کر لیتے ہیں اور حج میں وہاں پہنچ جاتے ہیں تیسرے یہ کہ عرب کے اس مقام پر جو بھی آئے گا خاص اس عبادت ہی کی نیت سے آئے گا دنیاوی اغراض کا بالکل دخل نہ ہو گا کیونکہ وہاں دنیاوی کاروبار ہوتے ہی نہیں پہاڑی علاقہ یا تفریحی مقامات پر زرخیز خطہ میں لوگ سیرو تفریح کی نیت سے بھی جا سکتے ہیں مگر اس خشک بیابان میں سوائے عبادت دوسرا مقصد ہو سکتا ہی نہیں تیسرا اعتراض: حج میں بت پرستی سے مشابہت ہے کہ بزرگوں کے تبرکات کی تعظیم کرنا پتھریلی عمارت کے آس پاس گھومنا کہیں پتھر پھینکنا کہیں دوڑنا ان باتوں سے فائدہ کیا ہے (آریہ) جواب: اس میں چند حکمتیں ہیں ایک یہ کہ ان کاموں سے گزشتہ مقبول بندوں کی یاد تازہ ہوتی ہے۔ جس سے ان کی اتباع کا جذبہ پیدا ہوتا ہے مثلاً صفا مروہ کے درمیان دوڑنے میں حضرت ہاجرہ کی بے بسی یاد آتی ہے۔ جمروں پر کنکر مارنے میں اسماعیل علیہ السلام کی شیطان سے نفرت اور قربانی کا جذبہ یاد آتا ہے قربانی کرنے میں حضرت خلیل کا راہ مولیٰ میں اکلوتے بیٹے کو ذبح کرنا یاد آتا ہے۔ جس سے ہر شخص میں شوق عبادت کی آگ بھڑکتی ہے کہ ہم بھی انہیں کی طرح نفس کشی اور اطاعت الٰہی کریں۔ دوسرے یہ کہ ہر زمین کی علیحدہ تاثیر ہے جہاں نافرمان رہتے ہوں وہاں مدتوں تک قہر کے آثار نمودار ہوتے ہیں اور فرمانبرداروں کی جگہ میں آثار رحمت نمایاں رہتے ہیں۔ حکومتیں باغیوں کے شہروں کو بم برسا کر تباہ کرتی ہیں۔ اور اس تباہ شدہ بستی سے عرصہ تک لوگ عبرت پکڑتے ہیں وفادار سلطنت کے مکانات کو اچھی حالت میں رکھا جاتا ہے ملک عرب میں حکومت الہیہ کی وفادار جماعت گزری ہے جہاں جگہ جگہ ان کے نشانات موجود ہیں ہم بھی وہاں پہنچ کر ان کے سے کام کر کے اپنی

marfat.com
Marfat.com

وفاداری کا اظہار کرتے ہیں چوتھا اعتراض کعبہ سے پہلے رب نے کوئی پاک مکان بنایا تھا یا نہیں اگر بنایا تھا تو کعبہ کی کیا ضرورت تھی اور اگر نہیں تو اگلے لوگ اس پاکی سے محروم رہے (ستیارتھ پرکاش) جواب: کعبہ انسانوں کی پیدائش کے وقت سے نہیں بلکہ زمین کے بننے کے وقت سے پاک اور مقدس جگہ ہے کہ ہمیشہ انسانوں نے وہاں سے برکت حاصل کی ابراہیم علیہ السلام نے تو اس پر عمارت بنائی تاکہ اس کی پہچان رہے لہٰذا یہ سوال ہی حماقت ہے اور نیز اگر کعبہ بعد بھی بنتا تو بھی اس میں کوئی خرابی نہ تھی ہو سکتا تھا کہ اگلوں کے لئے پاک جگہ دوسری ہو اور پچھلوں کے لئے یہ کعبہ پانچواں اعتراض: کسی خاص جگہ کو عزت دینے میں خدا ․عضوں کا طرفدار ٹھہرتا ہے کہ وہاں کے رہنے والے تو بے تکلف فائدہ اٹھائیں گے مگر دور کے رہنے والے لوگ بہت دشواری سے 'رب کو تو سب بندوں کے ساتھ یکساں برتاؤ کرنا چاہئے (ہندو) جواب: پنڈت جی! تمہارا خدا بھی غیر جانبدار نہیں اس نے بھی متھرا' جودھیا' بندرابن وغیرہ تیرتھ کے مقام بنا کر اپنی طرف داری کا ثبوت دے دیا کہ گنگا باشی تو بے تکلف روز وہاں غوطے لگایا کریں مگر دور والوں کو دشواری ہو پنڈت جی! دنیا کا نظام ایسے ہی قائم ہے کوئی امیر کوئی فقیر کہیں جنگل بیابان اور کہیں کھیتی باڑی سے آباد ان چھٹا اعتراض: اگر مقام ابراہیم پتھر کی اس لئے یہ تعظیم ہے کہ اسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قدم لگے ہیں تو چاہیے کہ جس جس پتھر و ذرے کو آپ کے قدم لگے ہوں وہ سب مسجود اللہ ہوں آپ تو زندگی بھر ہزارہا پتھروں ذروں پر چلے پھرے تھے۔ (وہابی) جواب: بے شک اس سرزمین کے تمام ذرات عظمت والے ہیں جہاں جناب خلیل کے قدم لگے تھے جیسے مدینہ پاک کی ساری مٹی خاک شفا ہے مگر خاص یہ حرمت و تعظیم آپ کے خاص قیام سے۔ ان کی جو بھی ادا رب کو پسند آگئی اس ادا کی یادگاریں قائم کر دی جیسے حج کے طواف قدوم میں اکڑ کر چلنا حضور کی خاص ادا تھی جو رب کو پسند آئی اب اس کی یادگار قائم ہے التحیات میں کلمہ شہادت پر انگلی اٹھائی جاتی ہے۔ ہر جگہ پر نہیں اٹھائی جاتی کہ یہ محبوب کی کسی ادا کی نقل ہے۔

تفسیر صوفیانہ: قلب کعبہ ہے جس کو ماسوی اللہ کی گندگی سے پاک رکھنے کا حکم ہے اس کے آباد کرنے والے کو حکم ہے کہ اس کعبہ کو تمام غیروں سے پاک کرو تاکہ یہاں نور الٰہی اعتکاف کریں اور اسرار رحمانی یہاں تک پہنچیں جو بندہ اس درجہ کو پہنچ گیا وہی در حقیقت رب کا ساجد ہے کسی نے خوب کہا ہے۔

دل بدست آور کہ حج اکبر است — از ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
کعبہ تعمیر خلیل اطہر است — دل نظر گاہ جلیل اکبر است

صوفیاء کے ہاں کعبہ میں جانے کا وہی حقدار ہے جس کا دل سلامت زبان سچی ہاتھ صاف اور فرج پاک ہو گندے دل جھوٹی زبانیں گناہوں میں لتھڑے ہوئے ہاتھ زانی شرمگاہیں پلیدی اور گندگیاں ہیں جس سے کعبہ کو پاک و صاف رکھو۔ (روح البیان) دوسری تفسیر' ہم نے بیت اللہ یعنی قلب کو لوگ کا جائے رجوع اور مقام امن بنایا کہ جہاں پہنچ کر نفس کے دھوکوں شیطان کے وسوسوں کے خیال اور وہم کے فریبوں سے امن ملتی ہے اسی کعبہ کے پاس ایک مقام ابراہیم یعنی روح کی تجلی گاہ بھی ہے۔ اے طالبان حق تم اس پر مشاہدہ انوار الٰہیہ اور ذوق و شوق کی حقیقی نماز ادا کرو اور ہم نے حکم دیا ہے کہ اس کعبہ قلب کو شیطانی وسوسوں اور شہوانی خیالات سے پاک صاف رکھو تاکہ سا لکین اپنی سیر میں اس قلب کا طواف کریں اور واصلین یہاں توکل کے ساتھ اعتکاف کریں اور خاشعین یہاں رکوع اور رضا اور سجود فنا ادا کریں۔ (ابن عربی)

marfat.com
Marfat.com

وَاِذۡ قَالَ اِبۡرٰهٖمُ رَبِّ اجۡعَلۡ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّ

اور جب عرض کیا ابراہیم نے اے رب میرے بنادے تو اس کو شہر امن والا اور

اور جب عرض کی ابراہیم نے اے میرے رب اس شہر کو امن والا بنا دے اور اس

ارۡزُقۡ اَهۡلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنۡ اٰمَنَ مِنۡهُمۡ بِاللّٰهِ وَ

روزی دے رہنے والوں کو اس کے بعض پھل اور جو ایمان لائے اور میں سے ساتھ اللہ

شہر کے رہنے والوں کو طرح طرح کے پھلوں سے روزی دے اور جو ان میں سے

الۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ‌ؕ قَالَ وَمَنۡ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيۡلًا ثُمَّ

کے اور دن پچھلے کے فرمایا اور جو کفر کرے گا پس سامان دوں گا اس کو تھوڑا پھر مجبور

اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائیں فرمایا اور جو کافر ہوا تھوڑا برتنے کو بھی دوں گا

اَضۡطَرُّهٗۤ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ‌ؕ وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ‏ ۞

کروں گا اس کو طرف عذاب آگ کے اور برا ہے جائے رجوع

پھر اسے عذاب دوزخ کی طرف مجبور کروں گا اور وہ بہت بری جگہ ہے پلٹنے کی

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق: پچھلی آیتوں میں ابراہیم علیہ السلام کے دو حال بیان ہو چکے ہیں انہیں امامت کا ملنا اور بیت اللہ کی تولیت کا سپرد ہونا اب ان کا تیسرا حال یعنی مکہ مکرمہ کو بسانا بیان ہو رہا ہے اگرچہ آبادی مکہ ان دونوں واقعات سے پہلی ہوئی چونکہ وہ دونوں اس سے افضل و اعلیٰ تھے نیز وہ اصل مقصود تھے اور یہ ان کا ذریعہ لہٰذا خلاف ترتیب پہلے انہیں بیان کیا اور بعد میں اسے یوں سمجھو کہ ان واقعات کے ذکر میں ترتیب رتبی کا لحاظ ہے نہ کہ ترتیب وقوعی کا دوسرا تعلق: اہل کتاب کے مسلمانوں پر دو اعتراض تھے ایک بیت اللہ کی تعظیم کرنا دوسرے شہر مکہ کو معظم جاننا اگلی آیتوں میں پہلے اعتراض کا جواب دیا گیا اب دوسرے کا جواب دیا جا رہا ہے کہ یہ دونوں کام ابراہیم علیہ السلام نے کئے انہیں باقی رکھا تم کیسے اہل کتاب ہو جو ابراہیمی سنتوں کا انکار کر رہے ہو۔

**تفسیر** : **واذ قال ابرهم** یہاں بھی ایک فعل پوشیدہ ہے یعنی اے نبی علیہ السلام انہیں یہ واقعہ بھی یاد دلاؤ کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی تھی کہ **رب اجعل هذا** یہاں ہذا سے اس بے آب و دانہ جنگل کی طرف اشارہ ہے جہاں حضرت خلیل علیہ السلام اپنی بیوی ہاجرہ اور اپنے فرزند اسمٰعیل علیہ السلام کو چھوڑ چلے ہیں یعنی اے مولیٰ بنادے تو اس جنگل کو **بلدا امنا** امن والا شہر اس میں دو باتیں عرض کیں ایک یہ کہ یہاں بڑا شہر آباد ہو جائے دوسرے یہ کہ وہ شہر قحط خشک سالی دھنسنے، زلزلوں، جنون جذام، برص وغیرہ دنیوی مصیبتوں اور دجال عالم سلاطین وغیرہ دینی مصیبتوں سے امن رہے خیال رہے کہ یہاں امن کے معنی ہیں امن والا جیسے لابن، کے معنی دودھ والا اور تامر، تمر والا اور بلد وہ محدود جگہ ہے جس کے رہنے والوں

marfat.com
Marfat.com

میں اجتماعی شان اور انس ہو اور جیسے کہ فقط بیت سے خانہ کعبہ مراد ہوتا ہے ایسے ہی بلد سے مکہ مکرمہ **و ارزق اھلہ من الثمرت** یہ آپ کی تیسری عرض ہے پہلی دونوں دعائیں اس خطہ کے لئے تھیں اور یہ وہاں کے رہنے والوں کے لئے مختلف قسم کے پھل اور میوے دے اگر غور کیا جائے تو یہ تینوں معروضات درحقیقت ایک ہی ہیں یعنی اس جگہ کو معظم بنا اور عظیم کے لئے اس کا شہر ہونا بھی ضروری ہے ورنہ اس کی حفاظت کون کرے گا پھر یہاں امن بھی چاہئے ورنہ لوگ آباد کیسے رہیں گے اور پھر یہاں غلے اور دانے بھی چاہئیں کہ اس کے بغیر زندگی ناممکن اور یہاں ہر ملک کے پھل بھی چاہئیں تاکہ یہاں کے باشندے میوے کھانے کے شوق میں میوہ دار ملکوں میں نہ جائیں بلکہ میوے خود ان کے پاس آئیں خیال رہے کہ زندگی کی بقاء کے لئے غلے اور دانے کھائے جاتے ہیں اور لذت کے لئے میوے یعنی غلہ غذا ہے اور میوے مزہ میوے غذا کے بعد کھائے جاتے ہیں لہٰذا میوے کی دعا میں دانہ غلہ خود بخود ہی آ گیا لہٰذا یہ دعا بہت جامع ہے اگر آپ من' نہ فرماتے تو تمام میوے وہاں نہ پہنچتے۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اولاد کے لئے امامت مانگی تھی تو اس میں رب کی طرف سے ایمان کی قید لگائی گئی تھی۔ آپ نے خیال فرمایا کہ شاید رب کی روزی کے بھی مومنین ہی مستحق ہوں اس لئے عرض کیا **من امن منھم باللہ والیوم الاخر** خدایا یہاں روزی انہیں دینا جو تجھ پر اور قیامت پر ایمان لائیں اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ خداوند یہاں مومنین ہی آباد ہوں کفار نہ رہیں تاکہ تیرے گھر کی پوری پوری عظمت ہو۔ اس مطلب کو اس طرح ادا کیا کیونکہ بغیر روزی انسان کا رہنا محال ہے یا کفار سے اپنی بیزاری کا اظہار مقصود ہے کہ مولیٰ جو کافر ہو اگرچہ مکہ معظمہ کا رہنے والا ہو۔ اگرچہ میری اولاد ہو مگر میں ان کے لئے روزی کی بھی دعائیں نہیں کرتا رب تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرماتے ہوئے وسعت دیکر فرمایا **قال ومن کفر** یا تو یہاں ایک فعل پوشیدہ ہے یعنی میں یہ کفار کو بھی کچھ رزق دوں گا اور یہ مبتداء ہے جس کی خبر آگے آ رہی ہے یعنی اے ابراہیم علیہ السلام تمہاری دعا بالکل قبول لیکن یہ امامت نہیں بلکہ رزق ہے امامت میں ہماری نیابت ہے جسے پاک صاف لوگ ہی پا سکتے ہیں۔ اور رزق میں ہماری پرورش ہم رب العالمین ہیں خار و گلزار' بدکار و ایمان دار دونوں کو رزق دیتے ہیں لہٰذا جو کفر بھی کرے گا اس کو بھی **فامتعہ قلیلا** کچھ تھوڑا دنیوی سامان ہم دیں گے اس کلام کے دو معنی بن سکتے ہیں ایک یہ کہ مومن کو جسمانی باقی اور فانی رزق کے مقابلہ میں نفع بہت کم ہے یا یہ کچھ روز تو اس مکہ میں بت پرست بھی رہیں گے۔ اور خانہ کعبہ میں بت پرستی بھی ہو گی مگر تمہاری دعا کا ظہور اس طرح ہو گا کہ وہاں محمدی نور چمکے گا جو قیامت تک کے لئے اس جگہ کو بت پرستی اور شرک سے پاک کر دیگا تاکہ اس سے اس نبی کی عظمت و شوکت کا پتہ چلے اگر رات نہ ہو تو سورج دور کسے کرے گا اگر پیاس نہ ہو تو پانی بجھائے کسے وہ نبی ان ہی میں سے صدیق و فاروق بنائے گا۔ لہٰذا یہ ان کی دعاء کی قبولیت ہے نہ کہ تردید (تفسیر کبیر) **ثم اضطرہ' الی عذاب النار** ثم فاصلے کے لئے آتا ہے چونکہ کافر کو سزا پانے اور جہنم میں جانے کے درمیان کچھ مدت کا فاصلہ ہے اس لئے ثم' فرمایا گیا اضطرار سے یا تو مجبور کرنا مراد ہے اور یا ادھر ادھر جبرا" کھینچنا چنانچہ قرآن کریم نے ایک جگہ فرمایا **یوم یدعون الی نار جھنم دعا** دوسری جگہ فرمایا **یوم یسحبون فی النار علی وجوھھم** یہ دونوں آیتیں اس جملہ کی تفسیر ہیں یعنی اسے جہنم میں جانے پر مجبور کروں گا یا کھینچ کر پھینکوں گا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ لفظ ضر سے بنا ہو جس کے معنی ہیں مصیبت کا قریب کرنا اسی لئے عورت کی سوکن کو ضرہ کہتے ہیں کہ وہ اس کے لئے مصیبت بن کر قریب رہتی ہے۔ (تفسیر کبیر) یعنی میں اسے عذاب نار کے قریب کر دوں گا دوزخ میں اگرچہ ٹھنڈا عذاب بھی ہو گا مگر چونکہ وہ ٹھنڈک بھی آگ کی وجہ سے ہو گی یعنی آگ

marfat.com
Marfat.com

سے قریب طبقے گرم ہوں گے اور اس سے دور طبقہ ٹھنڈا لہٰذا وہ بھی آگ کا ہی عذاب ہو گا **وبئس المصیر۔ مصیر**' **صیر** سے بنا ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں پھاڑنا اور اصطلاح میں اس کے معنی ہیں ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہو جانا مصیر وہ حالت یا وہ جگہ جس کی طرف آخر کار انسان پہنچے۔ بئس فرما کہ یہ بتایا کہ دنیا میں بدتر سے بدتر جگہ میں بھی کچھ نہ کچھ خوبی ہوتی ہے مگر دوزخ وہ جگہ ہے کہ جہاں مصیبت ہی مصیبت اور برائی ہی برائی ہے یعنی وہ حالت اور وہ جگہ ہر طرح بری ہے۔

**خلاصہ تفسیر** : اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم انہیں وہ واقعہ بھی یاد دلا دو جبکہ ابراہیم علیہ السلام نے اس جنگل میں جہاں آج کعبہ ہے اپنے بال بچوں کو چھوڑ کر دعا کی تھی کہ اے مولا اس جنگل کو امن والا شہر بنا دے اور یہاں کے رہنے والوں کو جو مومن ہوں قسم قسم کے دانے میوے عطا فرما۔ یا اس جگہ کو مومنین سے آباد کر حق تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرماتے ہوئے فرمایا کہ اے ابراہیم کافروں کو بھی ان کی زندگی میں کچھ رزق دوں گا پھر بعد موت عذاب جہنم کی طرف مجبور کروں گا اور وہ بہت بری جگہ ہے۔ رہے مسلمان انہیں مرنے سے پہلے دنیوی سامان ملے گا اور مرنے کے بعد لازوال نعمتیں عطا ہوں گی یعنی کافر کی موت تو اس کی نعمتوں کو ختم کر دیگی۔ مگر مسلمان کو موت اسے بڑھائے گی یا یہ کہ اس شہر میں کچھ روز تو کافر رہیں گے مگر آخر کار یہاں اسلام کا آفتاب چمکے گا جس سے شرک و کفر کی تاریکی ہمیشہ کے لئے دور ہو جائے گی۔ اس دعا کی قبولیت کا اثر اس طرح ظاہر ہوا کہ کچھ دنوں بعد ہی یہاں شہر بن گیا اور ہمیشہ یہاں کا ادب اور احترام ہوتا رہا۔ انسان تو کیا یہاں کے جانور بھی محفوظ ہو گئے جس طرح بیت المقدس پر بادشاہوں کے ہاتھ سے مصیبتیں پیش آئیں اور صلیبی جنگ اور چنگیز خانیوں کے حملوں کی آگ ہر جگہ پھیلی۔ الحمد للہ کہ یہاں نہ پھیلی اور حضرت جبریل کو حکم ہوا وہ اپنے پروں پر شام یا فلسطین سے کچھ زمین اٹھا کر لائے۔ اولاً تو اس کو خانہ کعبہ کے گرد سات بار طواف کرایا۔ اور پھر اسے مکہ معظمہ سے چند میل دور دو پہاڑوں پر رکھ دیا اسی لئے اس کا نام طائف ہوا۔ (تفسیر عزیزی) قدرت کا تماشا دیکھو کہ عرب جیسے گرم و خشک ملک میں مکہ معظمہ سے بالکل قریب ہی وہ جگہ بھی رکھ دی جہاں کی ہوا خوب سرد رہتی ہے اور قسم قسم کے نفیس میوے بکثرت پیدا ہوتے ہیں۔ جس سے مکہ مکرمہ کی منڈی میووں سے بھری رہتی ہے نیز قریباً" ہر ملک کے غلے اور میوے خلاف موسم بھی وہاں پہنچ جاتے ہیں میں نے وہاں بے موسے میٹھے انار اور خشک پان کھائے مکہ مکرمہ کی آبادی اور تعمیر خانہ کعبہ کا قصہ اگلی آیت میں آرہا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**: مکان کی عزت مکین سے ہے۔ مکہ مکرمہ چونکہ بزرگوں کی دعا سے آباد ہوا اور وہاں نبیوں نے قیام فرمایا اس لئے سارے شہروں سے افضل ہوا سیدنا امام مالک کے نزدیک شہر مدینہ شہر مکہ سے افضل ہے کیونکہ مکہ مکرمہ کے لئے خلیل نے دعائیں فرمائیں اور مدینہ منورہ کے لئے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مکہ مکرمہ میں اجسام کا کعبہ ہے اور مدینہ منورہ میں عرفان کا کعبہ اس کی نہایت نفیس اور مکمل بحث ہماری کتاب شان حبیب الرحمان میں دیکھیں نیز ان شاء اللہ اس تفسیر میں بھی **لا اقسم بهذا البلد** کی آیت میں آئے گی **دوسرا فائدہ**: اللہ والوں کی جگہ کو متبرک سمجھنا جائز ہے مکہ مکرمہ کے متبرک ہونے کی وجہ یہ بھی ہے کہ بزرگوں کا جائے قیام رہا۔ **تیسرا فائدہ**: اپنے بال بچوں اور وطن والوں کے لئے رب سے عمدہ رزق اور اچھے پھل مانگنا جائز بلکہ سنت انبیاء ہے۔ دیکھو ابراہیم علیہ السلام نے سارے مکے والوں کے لئے ہی چیزیں طلب کیں۔ **چوتھا فائدہ**: دعا کا اثر کبھی دیر میں بھی ظاہر ہوتا ہے۔ ابراہیم علیہ السلام کی یہ دعا کہ

marfat.com
Marfat.com

مکہ مکرمہ میں ایمان و مومن ہی رہیں ہمارے حضور کے زمانہ میں ظاہر ہوئی **پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ مکہ مکرمہ مقام امن ہے اور کوئی ظالم بادشاہ اس پر قابو نہ پائے گا اور جو ظالم یہاں آنا چاہے گا تباہ ہو گا تو حجاج ابن یوسف یہاں کا حاکم کیوں بن گیا جس نے کہ اسی شہر میں عبداللہ بن زبیر سے جنگ کی وہاں کے باشندوں کو تکلیفیں پہنچائیں اور خانہ کعبہ کو ویران کیا یزید پلید نے بھی یہاں بڑے ظلم ڈھائے یہاں تک کہ اس کے حملے سے غلاف کعبہ بھی جل گیا۔ یہ لوگ اصحاب فیل کی طرح تباہ کیوں نہ ہو گئے **جواب:** اس شہر کے امن والا ہونے کے دو معنی ہیں ایک یہ کہ یہاں جنگ وغیرہ کرنا حرام ہے نیز قدرتی طور پر عام دلوں میں اس کا ادب اور احترام ہے دوسرے یہ کہ جو ظالم خانہ کعبہ کی ہلاکت کا قصد کرے وہ برباد ہو جائے گا اصحاب فیل نے خود کعبہ گرانے کا قصد کیا تھا برباد ہو گئے حجاج اور یزید کا مقصود خود کعبہ کی ویرانی نہ تھی بلکہ اپنے مخالفوں کو مغلوب کرنا ان کی جنگ تو مخالفوں سے تھی اتفاقاً کعبہ معظمہ کی بے حرمتی بھی ہو گئی یزید کو تو اس کی اصلاح کا موقعہ ہی نہ ملا وہ جلد مر گیا مگر حجاج نے اس پر افسوس بھی کیا اور دوبارہ پہلے سے بڑھ کر اسے آراستہ کر دیا۔ **دوسرا اعتراض:** ابراہیم علیہ السلام نے مکہ والوں کے لئے امن رزق اور پھلوں کی دعا کی یہ تمام چیزیں دنیوی ہیں معلوم ہوتا ہے کہ آپ طالب دنیا تھے۔ (بعض بے دین) **جواب:** دین کے دنیا حاصل کرنا دین ہے نماز کے لئے روٹی کھانا۔ جہاد کے لئے اپنے جسم کو فربہ کرنا علم دین کے لئے مقوی دماغ غذائیں اور دوائیں کھانا دین ہی ہے حضرت خلیل نے یہ چیزیں اس لئے طلب کیں تاکہ یہاں آبادی اور رونق رہے جس سے کعبہ معظمہ کی حرمت قائم ہو۔ **تیسرا اعتراض:** قرآن نے یہاں دعاء خلیل ان الفاظ میں نقل کی کہ **ھذا بلداً امناً** جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت یہ جنگل تھا اور سورہ ابراہیم میں اس طرح فرمایا کہ **ھذا البلد امنا** یعنی اس شہر کو امن والا بنا دے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت یہاں شہر تھا یہ اختلاف کیوں ہے **جواب:** آپ نے دوبار دعا فرمائی ہے ایک حضرت ہاجرہ و اسمٰعیل علیہ السلام کو یہاں چھوڑتے وقت جب کہ یہ جنگل تھا اس کا ذکر اس آیت میں ہے دوسرے خانہ کی تعمیر کے بعد جب کہ وہاں شہر بن چکا تھا اس کا ذکر سورۃ ابراہیم میں ہے لہٰذا آیتوں میں کوئی اختلاف نہیں **چوتھا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ جگہ دعا ابراہیم سے امن والی ہوئی۔ اس سے پہلے نہ تھی۔ نیز حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضور علیہ السلام نے دعا فرمائی کہ اے اللہ میں مدینہ کو حرم بناتا ہوں جیسے ابراہیم نے مکے کو حرم بنایا۔ (تفسیر کبیر و مشکوٰۃ بروایت مسلم) نیز دوسری روایت میں آیا ہے کہ حضور نے فتح مکہ کے دن فرمایا کہ اس شہر کو اللہ نے اسی دن سے حرم بنایا ہے جب زمین آسمان پیدا فرمائے (مشکوٰۃ) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ جگہ ہمیشہ ہی سے حرم ہے ان میں مطابقت کیسے ہو۔ اور یہ جگہ حرم کب سے ہے۔ **جواب:** یہ جگہ ابراہیم علیہ السلام سے پہلے اور معنی سے حرم تھی۔ کہ یہاں قدرتی طور پر ظلم و جبر نہ ہوتے تھے اور حضرت خلیل سے شرعی طور پر حرم بنی کہ یہاں ظلم وغیرہ شرعاً حرام کئے گئے۔ یعنی اس کی پہلی قدرتی حرمت تھی اور آپ کے دعا سے شرعی حرمت ہوئی کہ اس کا قانون بن گیا۔ لہٰذا دونوں روایتیں مطابق ہیں **پانچواں اعتراض:** ابراہیم علیہ السلام نے ایمان میں صرف اللہ اور قیامت کے دن کا ذکر کیوں کیا ایمان تو انبیاء و کتب آسمانی وغیرہ سب پر چاہئے **جواب** آپ نے ایمانی حدود کے دو کناروں کا ذکر فرمایا توحید مبداء قیامت منتہی باقی چیزیں درمیان میں آ گئیں۔ جیسے کہا جائے کہ آسمان و زمین اللہ کا ہے درمیانی چیزیں خود بخود آ گئیں یہاں اللہ اور قیامت کے جاننے اور ماننے کا ذکر نہ فرمایا بلکہ ان پر ایمان لانے کا ذکر ہے ایمان وہ ہی ہو گا جو کہ نبی اور آسمانی کتاب کے بتانے پر جانا مانا جاوے تو نبی کا ذکر امن میں آ گیا۔ دیکھو شیطان سب کچھ مانتا ہے مگر مومن نہیں کہ بغیر

marfat.com
Marfat.com

تعلیم نبی مانتا ہے یا اللہ پر ایمان لانے کے معنی یہ ہیں کہ اس کے سارے نبیوں پر ایمان لایا جائے کسی کو اپنا والد ماننے کے معنی یہ ہیں کہ اس کے سارے عزیزوں کو اپنا عزیز مانے کہ والد کا باپ دادا اس کا بھائی چچا اس کی اولاد بھائی بہن وغیرہ۔

تفسیر صوفیانہ : قلب کعبہ ہے اور سینہ اس کا حرم اور باقی بدنی قوتیں وہاں کے باشندے اور نفسانی صفات اور شیطانی وسواس چور و دشمن دعا یہ کی گئی کہ مولا کعبہ قلب کو حرم یعنی سینہ کو امن والا مدینہ بنا دے جہاں کی رہنے والی قوتیں شیطان اور نفس سے محفوظ رہیں اور ان میں سے جو اللہ کی توحید اور معاش و معاد کا قائل ہو کر مومن بن جائے اسے روحانی معارف اور حکمت پھل عطا فرما۔ جواب میں ارشاد ہوا کہ اس مدینہ سینہ کے رہنے والے جو ایک حد میں محدود رہ کر محبوب کے دیدار سے محجوب ہوں گے اور شریعت عشق کے کافر ہوں گے انہیں بھی کچھ علوم عقلیہ کا سامان دیا جائے گا مگر آخر کار محرومی اور حجاب کی آگ کی طرف دھکیلے جائیں گے اور بہت برا ٹھکانہ ہے کیونکہ اس میں ہمیشہ نار فراق میں جلنا ہے۔ (ابن عربی) نیز صورت جسمانی گویا کہ مکہ ہے اور قلب اس کا ظاہری کعبہ مگر حقیقی کعبہ بارگاہ الٰہی ہے۔ جس کا قلب مومن طواف حقیقی کرتا ہے۔ جو شخص اس کعبہ حقیقی کا حقیقی طواف کر سکے تو یہ کعبہ اس کی زیارت کرتا ہے۔ بیت کا طالب بیت اللہ جاتا ہے اور رب البیت کے طالب کے پاس بیت اللہ آتا ہے حق اس کا قبلہ ہے اور وہ تمام کا قبلہ جیسے آدم علیہ السلام قبلہ ملائکہ قرار پائے تھے اس میں یہی راز تھا۔ حضرت شیخ عطار منطق الطیر میں فرماتے ہیں۔

حق تعالیٰ گفت آدم غیر نیست کور چشمی و تیرا ایں سیر نیست
شد نفخت فیہ من روح آشکار سر جاناں گشت برخاک استوار

دوسری جگہ فرماتے ہیں۔

از دم حق آدمی آدم توئی ! اصل کرمنا بنی ادم توئی
قبلہ کل آفرنیش آدمی ! پائے تا سر عین بنیش آدمی

نگاہ ابلیس نے سیدنا آدم کا خاکی بدن دیکھا لہذا ادھر جھکنے سے انکار کر دیا۔ نگاہ ملائکہ نے اس خاک پر یار کے آشکار دیکھے اور فوراً جھک گئے۔ اعلیٰ حضرت نے فرمایا۔

شمع ایک تو ہے کہ پروانہ ہے کعبہ تیرا اور پروانے ہیں ہوتے ہیں جو کعبہ پر نثار

آنکھ والے کہتے ہیں کہ یہ کعبہ تمام عالم کا کعبہ ہے اور حضور علیہ السلام اس کے بھی کعبہ اسی لئے ولادت سرکار کے وقت خانہ کعبہ نے آمنہ خاتون کے گھر کی طرف سجدہ کیا۔ (مدارج وغیرہ)

| وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ |
|---|
| اور جب اٹھاتے ہیں ابراہیم بنیادیں اس گھر کی اور اسمٰعیل |
| اور جب اٹھاتا تھا ابراہیم اس گھر کی نیویں اور اسمٰعیل |

marfat.com
Marfat.com

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۱۲۷

اے رب ہمارے قبول فرما ہم سے تحقیق تو ہی سننے والا اور جاننے والا

اے رب ہمارے ہم سے قبول فرما بے شک تو ہی سنتا جانتا

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پچھلی آیتوں میں ابراہیم علیہ السلام کے تین واقعات بیان ہو چکے ہیں اب چوتھا بیان ہو رہا ہے۔ مگر یہاں ترتیب وقوعی نہیں رہتی دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں شہر مکہ بسانے کا واقعہ بیان ہوا اب بیت اللہ بنانے کا واقعہ بیان ہو رہا ہے جو اس شہر کا اصل مقصود ہے گویا پہلے درخت کا ذکر ہوا اب اس کے پھل کا تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں ابراہیم علیہ السلام کی چند دعاؤں کا ذکر تھا۔ اب اس کا ذریعہ قبولیت اور ظہور اثر کا ذکر ہو رہا ہے یعنی ابراہیم علیہ السلام نے وہ گھر بنا دیا جس کی برکت سے اس شہر میں امن رہے اور رزق و پھل کی بہتات بھی ہو۔

تفسیر : **واذ یرفع** یہاں بھی ایک فعل پوشیدہ ہے یعنی اے نبی علیہ السلام انہیں وہ واقعہ بھی یاد دلاؤ جب کہ ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام تعمیر کعبہ کر رہے ہیں اس میں گزشتہ واقعہ حال سے بیان کیا جا رہا ہے گویا کہ اب ایسا ہو رہا ہے جیسے خواب دیکھنے والا بیان کرتے وقت کہتا ہے کہ میں نے دیکھا کہ وہاں جا رہا ہوں وغیرہ خیال رہے کہ رفع کے معنی اٹھانا بھی ہیں اور بلند کرنا بھی یہاں دوسرے معنی مراد ہیں یعنی بلند کرتے ہیں۔ **ابراہیم** ابراہیم علیہ السلام نے اپنے ہاتھ سے تعمیر کیا کسی دوسرے معمار اور مستری کو اس میں شامل نہ کیا تاکہ یہ ثواب صرف مجھے ہی حاصل ہو اور کعبہ بیت المقدس سے افضل رہے کیونکہ اسے حضرت سلیمان جنات سے بنوائیں گے گویا اس کو تو نبی نے بنوایا اور اسے پیغمبر نے اپنے ہاتھ سے بنایا۔ **القواعد من البیت** قواعد جمع قاعدہ کی ہے جس کے لفظی معنی ہیں ثابت رہنے والی چیز۔ اسی لئے بیٹھنے والوں کو قاعدہ کہتے ہیں کہ وہ اپنے حال پر ثابت رہتے ہیں۔ یہاں بنیادیں یا دیواریں ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بنیاد پہلے ہی سے موجود ہے۔ حضرت خلیل نے اس پر عمارت چن دی جیسا کہ ہم خانہ کعبہ کے قصے میں بیان کر چکے ہیں اور ممکن ہے کہ قواعد سے وہ پتھر مراد ہوں جن سے دیواریں چنیں۔ یعنی ابراہیم علیہ السلام بیت اللہ کے پتھر چنتے تھے **واسمعیل** یا تو یہ ابراہیم پر معطوف ہے یعنی ابراہیم اور اسمٰعیل دونوں چن رہے تھے چونکہ حضرت اسمٰعیل چننے میں حقیقتاً شریک نہ تھے بلکہ پتھر و گارا دیکر امداد کر رہے تھے اسی لئے کچھ فاصلہ سے ان کا ذکر کیا گیا اور امداد کی وجہ سے انہیں بھی چننے والا مانا گیا اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ پوشیدہ فعل کا فاعل ہے یعنی امداد کرتے تھے ان کی اسمٰعیل اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ مبتداء ہو اور اگلی عبارت اس کی خبر یعنی حضرت ابراہیم تو دیواریں چن رہے تھے اور اسمٰعیل علیہ السلام یہ دعا کر رہے تھے (تفسیر کبیر) مگر پہلی توجیہہ قوی ہے کیونکہ حدیث سے ثابت ہے روح البیان نے یہاں فرمایا کہ اس وقت حضرت ابراہیم کے چار بیٹے تھے اسمٰعیل، اسحاق، مدین اور مدائن مگر یہ شرف صرف اسمٰعیل علیہ السلام کو حاصل ہوا۔ **ربنا تقبل منا** یہاں ایک فعل پوشیدہ ہے یعنی وہ دونوں عرض کرتے تھے کہ اے ہمارے پروردگار ہماری اس خدمت کو قبول فرما یا تو بنانے کی حالت میں یہ کہتے جاتے تھے یا اس سے فارغ ہو کر خیال رہے کہ قبول اور تقبل میں یہ فرق ہے کہ قبول اعلیٰ چیز کے منظور کرنے کو کہتے ہیں اور تقبل حقیر ہدیہ کو محض اپنے کرم و مہربانی سے منظور فرما لینے کو یعنی یہ کام اپنے کرم سے قبول فرما لینا (تفسیر

marfat.com
Marfat.com

کبیر و عزیزی و روح) مطلب یہ ہوا کہ اے مولا ہماری یہ حقیر محنت تیری بارگاہ میں گو قابل قبول نہ ہو مگر مولیٰ ہماری کوتاہیوں پر نظر نہ فرما۔ محض اپنے کرم سے قبول فرمائیے نیز یہ بھی معنی ہو سکتے ہیں کہ ہم اس کا ثواب نہیں مانگتے صرف تیری منظوری مانگتے ہیں کہ ثواب تو تیرے کرم سے ملے گا عقلمند خادم کو مولیٰ کی خوشنودی ثواب سے زیادہ پیاری ہے (کبیر) اس میں انتہائی انکسار ہے اس لئے دعاؤں میں تقبل ہی کہا جاتا ہے رب تعالیٰ ان محبوبوں کے صدقے سے اس تفسیر اور فقیر کے ٹوٹے پھوٹے الفاظ کو بھی اپنے کرم سے قبول فرمالے اور اسے میرے لئے صدقہ جاریہ اور گناہوں کا کفارہ بنائے خیال رہے کہ نہ ہم قیمتی اور نہ ہمارا کوئی کام قیمتی ہم تو گندگی کا ڈھیر اور بداعمالیوں کا مجموعہ ہیں اگر رب تعالیٰ قبول فرمائے تو اس کے فضل کی کوئی انتہا ہی نہیں وہ قیمتوں سے وراء ہے کرم کرے تو ہم کھوٹے کھرے بن جاویں۔

بہائے خویش می دانم بہ نیم جو نمے آرزو  وگر تو فضل فرمائی بہائم بے بہا گردد
کھوٹا کھرا نہ دیکھے پارس کندن سبھی بنائے  تم کو پا کر تو سالک براء بھلا بن جائے

**انک انت السمیع العلیم** اے مولا تو ہی ہماری دعا سننے والا اور ہماری نیت کا جاننے والا ہے تمام کی سننا اور سب کی جاننا خدا ہی کی صفت ہے اسی لئے حصر کے طریقے پر فرمایا گیا۔ حضور علیہ السلام روزہ افطار کے وقت یہی دعا پڑھتے تھے۔ (عزیزی)

**خلاصہ تفسیر:** اے نبی علیہ السلام انہیں یہ واقعہ بھی سنا دو کہ جب حضرت ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام کعبہ کی دیواریں بناتے تھے اس طرح کہ ابراہیم علیہ السلام تو بہ نفس نفیس چن رہے تھے اور حضرت اسمٰعیل گارا اور پتھر دے رہے تھے اور نہایت عجز و انکسار سے یہ دعا کرتے جاتے تھے کہ الٰہی ہماری اس کوشش کو قبول فرما ہم جو کچھ زبان سے دعا کرتے ہیں تو خوب سنتا ہے اور ہمارے دل کی حالت سے تو خوب واقف ہے۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ بنیاد کعبہ پہلے ہی سے موجود تھی یہاں روح البیان اور عزیزی نے فرمایا کہ زمین سے پہلے پانی ہی پانی تھا۔ قدرتی طور پر ہزار سال پہلے کعبہ کی جگہ اس پر سفید جھاگ پیدا ہوا کچھ روز میں اسی کو پھیلا کر زمین کر دیا گیا پھر جب فرشتوں کو رب نے آدم علیہ السلام کی پیدائش کی خبر دی تو انہوں نے اپنا خلافت کا استحقاق پیش کیا اور آدم علیہ السلام کی پیدائش کی حکمت پوچھی۔ مگر اس جرات کی معذرت میں توبہ کی نیت سے سات برس عرش اعظم کا طواف کیا حکم الٰہی ہوا کہ زمین میں بھی اسی جھاگ کی جگہ نشان لگا دو۔ جہاں میرے بندے خطا کر کے اس کے طواف سے مجھے راضی کیا کریں پھر آدم علیہ السلام کا خمیر اس کعبہ کی جگہ ہوا اور چالیس سال تک ان کا جسم پاک یہاں ہی رہ کر خشک ہوا اور آپ یہاں سے ہی جنت میں گئے۔ اور جنت سے ہندوستان میں اترے اور آپ نے پاپیادہ چالیس حج کئے کعبہ کے باقی حالات ہم اس سے پہلے آبادی مکہ میں بیان کر چکے ہیں۔

**آبادی مکہ مکرمہ:** تفسیر عزیزی میں ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام نے نمرود کے ہاتھ سے نجات پائی اور بابل والوں کے ایمان سے مایوس ہوئے تو وہاں سے ہجرت کر کے اپنے چچا ہاران کے گھر مقام حران میں آ گئے ہاران کی ایک نہایت خوبصورت بیٹی تھی سارا۔ انہوں نے حضرت ابراہیم کی سعادت مندی دیکھ کر حضرت سارا کا ان سے نکاح کر دیا ابراہیم علیہ السلام کچھ روز وہاں تبلیغ فرماتے رہے مگر سوائے حضرت سارا اور لوط علیہ السلام کے کوئی ایمان نہ لایا بلکہ ہاران نے غصے ہو کر اپنی بیٹی اور داماد کو اپنے گھر سے نکال دیا۔ آپ نے حضرت سارا سے معاہدہ کیا کہ تم ہمیشہ میری فرمانبرداری کرنا اور میں تمہاری بات مانوں گا اور یہ تینوں

marfat.com
Marfat.com

حضرات حران سے مصر روانہ ہو گئے مصر کا بادشاہ بڑا ظالم اور سرکش تھا جب کسی خوبصورت عورت کو دیکھتا تو اس کے شوہر کو قتل کرا کر عورت پر قبضہ کر لیتا تھا جب یہ چھوٹا سا قافلہ مصر پہنچا تو شاہی پولیس نے بادشاہ کو خبر دی کہ مصر میں بے مثل حسینہ جمیلہ عورت آئی ہے۔ خیال رہے کہ مردوں میں حضرت یوسف اور عورتوں میں حضرت سارا بے مثل حسین ہوئے بلکہ حضرت یوسف کا حسن حضرت سارا کی میراث تھا ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارا کو سمجھا دیا کہ اگر تمہیں پولیس گرفتار کر کے بادشاہ کے پاس لے جائے تو تم یہ نہ کہنا کہ ابراہیم میرے شوہر ہیں بلکہ یہ کہنا کہ وہ میرے بھائی ہیں کیونکہ میں تمہارا دینی بھائی ہوں۔ حق تعالیٰ تمہیں اس ظالم سے محفوظ رکھے گا یہ گفتگو ہو ہی رہی تھی کہ ان دونوں کو پولیس نے گھیر لیا اور حضرت سارا کو بادشاہ کے پاس لے گئے۔ ابراہیم نے یہ حالت دیکھ کر نماز شروع کر دی اور دعا میں مشغول ہو گئے۔ بادشاہ حضرت سارا کو دیکھتے ہی ان پر عاشق ہو گیا چاہا کہ کچھ بے ادبی کرے۔ حضرت سارا نے فرمایا کہ مجھے اتنی مہلت دے کہ میں غسل کر کے کچھ عبادت کر لوں ظالم نے فوراً غسل کا انتظام کر دیا آپ نے وضو کر کے نماز کی نیت باندھی اور بدرگاہ قاضی الحاجات دعا میں مشغول ہوئیں جب ظالم نے دیکھا کہ دیر لگی تو وہ آپ کے حجرہ میں داخل ہوا اور چاہا کہ عین نماز کی حالت میں آپ پر دست درازی کرے اچانک اس کے دونوں ہاتھ خشک ہو گئے اور بے ہوش ہو کر گر پڑا سانس پھول گیا اور منہ سے جھاگ ڈالنے لگا۔ حضرت سارا نے دعا کی اے مولا اگر یہ مر گیا تو مجھ پر اس کے قتل کا الزام آئے گا۔ تو پھر میری خیر نہیں یہ دعا کرنی تھی کہ اسے ہوش آ گیا پھر وہی ارادہ کیا پھر ویسا ہی حال ہوا غرضیکہ تین بار یہ معاملہ پیش آیا تب وہ بولا کہ یہ انسان نہیں یا جن ہے یا جادوگرنی میرے پاس ایک عورت اور بھی ہے جس کو میں نے قبطیوں سے حاصل کیا تھا۔ اور میں اس پر بھی قابو نہ پا سکا (حضرت ہاجرہ) اسے بھی اس کے حوالے کرو اور ان دونوں عورتوں کو مصر سے نکال دو غرض حضرت سارا ہاجرہ کو لے کر حضرت ابراہیم کے پاس آئیں آپ اس وقت نماز میں ہی مشغول تھے۔ حضرت سارا سے پوچھا مہیم یعنی کیا حال ہے سارا خاتون نے عرض کیا کہ خیر سے رب نے ظالم کو ذلیل کیا اور مجھے خادمہ دی جس کا نام ہاجرہ ہے ابراہیم علیہ السلام بہت خوش ہوئے اور یہاں سے چاروں اصحاب روانہ ہو کر فلسطین پہنچے وہاں کے لوگوں نے ان بزرگوں کو غنیمت جانا اور بہت زمین نذر کی رب نے اس زمین میں اتنی برکت دی کہ کچھ دنوں میں آپ کے پاس کھیتی باڑی جانور غلام وغیرہ بے شمار ہو گئے آپ نے مسافر خانے اور لنگر جاری کئے اور لوط علیہ السلام کو تبلیغ دین کے لئے روم کی طرف روانہ کیا ایک دن حضرت سارا عرض کرنے لگیں کہ ہمارے گھر میں اللہ کا دیا بہت کچھ ہے مگر فرزند نہیں تم ہاجرہ سے نکاح کر لو شاید ان سے ہی کوئی بچہ پیدا ہو آپ نے نکاح کر لیا حضرت ہاجرہ کے شکم سے اسمٰعیل علیہ السلام پیدا ہوئے حضرت سارا نہایت محبت سے انہیں پالتی تھیں اور حضرت ہاجرہ صرف دودھ پلاتی تھیں مگر ابراہیم علیہ السلام حضرت سارا کی تکلیف کے خیال سے فرزند کو گود بھی نہ لیتے تھے اللہ کی شان کہ ایک دن اسمٰعیل علیہ السلام کو تنہا حجرے میں لیٹا ہوا دیکھ کر محبت پدری سے گود میں لے لیا ان کے رخسار اور پیشانی کو بوسہ دے رہے تھے کہ حضرت سارا آ گئیں اور ان پر غیرت نے اتنا غلبہ کیا کہ فرمایا اس وقت اس کو اور اس کی ماں کو میرے گھر سے نکال کے بے آب و دانہ جنگل میں چھوڑ آؤ آپ نے بہت کچھ سمجھایا مگر کچھ پیش نہ گئی۔ ادھر تو آپ حران والے معاہدے کے پابند تھے ادھر وحی آئی کہ سارا کی ہر بات مانو اس میں ایک راز ہے سچ ہے 'بڑوں کی لڑائی میں بھی راز ہوتا ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔ ؎

ہرچہ گیرد علتی علت شود     کفر گیرد کاملے ملت شود

marfat.com
Marfat.com

ان دو مقبول بیویوں کی لڑائی کی برکت سے عرب کا ملک بنا مکہ شہر ہوا بیت اللہ آباد ہوا۔ برادران یوسف علیہ السلام کے غصے کی برکت سے یوسف علیہ السلام مصر کی سلطنت پر جاگزین ہوئے اور بنی اسرائیل کنعان گاؤں سے نکل کر مصر اور دیگر شہروں میں پھیلے صحابہ کرام کی آپس کی جنگوں کی برکت سے بہت سی قرآنی آیات کی تفسیر ہوئی۔ جن میں باغی گروہ سے جنگ کے احکام مذکور ہیں اور اہل بیت اطہار حجاز سے نکل کر عراق میں پہنچے جس سے سارا عراق متبرک و معظم ہو گیا ان جنگوں میں اللہ کے راز ہیں۔ لہٰذا ہم کسی صحابی کو ظالم نہیں کہہ سکتے جیسے کہ بی بی سارا کو ظالم نہیں کہہ سکتے۔ برادران یوسف علیہ السلام کی اہانت نہیں کر سکتے کہ وہ حضرات آسمانی ہدایت کے تارے ہیں یوسف علیہ السلام نے انہیں تاروں کی شکل میں خواب میں دیکھا۔ صحابہ کرام کو برا کہنے والے بی بی سارا اور برادران یوسف علیہ السلام کو کیا کہیں گے۔ ابراہیم علیہ السلام ان دونوں کو سواریوں پر لے کر روانہ ہوئے وہ منزل بمنزل وہاں پہنچے جہاں آج خانہ کعبہ ہے حکم الٰہی پہنچا کہ ان دونوں کو یہاں ہی چھوڑو اور ہمارے سپرد کر جاؤ۔ زمزم کے مقام پر ایک درخت تھا اور باقی سب جنگل بیابان تھا۔ نہ وہاں سایہ نہ دانہ پانی' نہ آدمی آپ ایک ٹوکری خرما اور کچھ روٹی کے ٹکڑے ایک مشکیزہ میں پانی حضرت ہاجرہ کے حوالے کر کے لوٹ آئے حضرت ہاجرہ پیچھے دوڑیں اور کہنے لگیں کہ مجھ کو اس بے آب و دانہ جنگل میں کہاں چھوڑے جاتے ہو۔ جہاں نہ کوئی غم خوار ہے نہ کوئی مکان سایہ دار آپ نے کوئی جواب نہ دیا۔ آخر کار حضرت ہاجرہ بولیں کہ کیا تمہیں خدا نے حکم دیا ہے سر کے اشارے سے فرمایا کہ ہاں تب آپ نے فرمایا کہ پھر مجھے کچھ پرواہ نہیں۔ میرا رب مجھے ضائع نہ کرے گا۔ واپس لوٹیں اور اپنے بچے کو گود میں لے کر اکیلی بیٹھ گئیں اور دودھ پلانے لگیں ابراہیم علیہ السلام پہاڑ کی آڑ میں آ کر رکے اور کعبہ کی طرف منہ کر کے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور عرض کیا ربنا انی اسکنت الخ مولیٰ میں نے اپنے بال بچے بے آب و دانہ جنگل میں چھوڑ دیئے۔ جب تک خرما اور پانی رہا حضرت ہاجرہ اطمینان سے گزر کرتی اور فرزند کو دودھ پلاتی رہیں مگر پانی ختم ہونے پر پیاس نے ستایا۔ لخت جگر نے بے اختیار رونا شروع کر دیا تو اپنی تو اتنی فکر نہ ہوئی مگر نور نظر کی بے قراری دیکھی نہ گئی۔ اٹھیں اور صفا پر چڑھیں کہ شاید کہیں پانی کا نشان ملے مگر نہ ملا مایوس ہو کر نیچے اتریں۔ مروہ پہاڑ کی طرف روانہ ہوئیں مگر نظر فرزند پر تھی راہ کے کچھ حصہ میں فرزند سے آڑ ہو گئی تو آپ اسے جلد طے کرنے کے لئے دوڑ کر چلیں اس آڑ سے نکل جانے پر پھر آہستہ چلیں یہاں تک کہ مروہ پر پہنچ گئیں وہاں چڑھ کر بھی پانی کہیں نہ دیکھا پھر صفا کی طرف روانہ ہوئی۔ اسی طرح سات چکر کئے ہر دفعہ درمیان میں دوڑتی تھیں۔ (صفا و مروہ کی سعی اسی کی یادگار ہے) اخیر بار مروہ پر چڑھیں تو ایک ہیبت ناک آواز کان میں پڑی۔ ڈر کر فرزند کے پاس آئیں دیکھا کہ وہ روتے ہوئے اپنی ایڑیاں زمین پر رگڑ رہے ہیں جس سے شیریں پانی کا چشمہ جاری ہے۔ بہت خوش ہوئیں اور اس کے گرد مٹی جمع کر کے فرمانے لگیں یا ماء زم زم اے پانی ٹھہر اس لئے اس کا نام آب زم زم ہوا بعض علماء نے فرمایا کہ آپ فرماتی تھیں ماء زم زم پانی میٹھا ہے بعض نے فرمایا ماء زم زم پانی بہت کافی ہے بعض نے فرمایا کہ زمزمتہ اور ہمتہ گن گنا کر گانے کو کہتے ہیں چونکہ آپ خوش ہو کر کچھ گن گناتی جاتی تھیں۔ اس لئے اس کا نام زمزم ہوا واللہ اعلم بالصواب (من بعض اساتذتنا) حدیث شریف میں آیا ہے کہ اگر حضرت ہاجرہ اس پانی کو گھیر نہ دیتیں تو یہ چشمہ بن جاتا اور آخر کار آپ وہ پانی خود پیتیں اور اپنے پسر کو بھی پلاتی تھیں اسی پر بہت روز تو گزر اوقات کرتی رہیں کیونکہ اس پانی میں غذائیت بھی ہے اتفاقاً" یمن کی ایک قوم جرہم کسی طرح اس طرف آ پہنچی اور مقام کدا میں اتری اس نے دیکھا کہ کچھ فاصلہ پر پرندے بہت اڑ رہے ہیں۔ کہنے لگے کہ یہاں پانی ضرور ہے۔ کیونکہ ہم یہاں

marfat.com
Marfat.com

بار ہا آئے کبھی پرندے نہ دیکھے انہوں نے تحقیق کے لئے اپنے میں سے ایک شخص بھیجا اس نے آکر خبر دی کہ یہاں پانی کا غیبی چشمہ ہے جس کے پاس ایک بی بی اپنے فرزند کو لئے بیٹھی ہے یہ سن کر وہ سارے لوگ حضرت ہاجرہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بولے کہ اگر آپ کی اجازت ہو تو ہم یہاں ہی رہنے سہنے لگیں۔ چونکہ حضرت ہاجرہ بھی تنہائی میں گھبرا گئی تھیں۔ اس شرط پر اجازت دے دی کہ اس پانی پر کسی کا حق نہ ہو یعنی سب استعمال تو کریں مگر حق میرا ہو ان سب نے یہ شرط قبول کر کے وہاں خود بھی رہائش اختیار کر لی اور اپنے دوسرے اہل موالی کو بھی بلا لیا جس سے کہ یہاں ایک اچھی خاصی بستی بس گئی۔ کچھ دنوں میں اسمٰعیل علیہ السلام بھی سمجھ دار بن گئے۔ آپ نے اس قوم جرہم سے زبان عربی سیکھی۔ نہایت ذکی قابل اور ہونہار جوان ہوئے اور جماعت جرہم کے سردار نے آپ سے اپنی بیٹی کا نکاح کر دیا۔ ادھر حضرت ہاجرہ نے وفات پائی۔ جب حضرت اسمٰعیل کی عمر 14 سال کی ہوئی تو حضرت سارا کے شکم سے بھی ایک فرزند ہوئے جن کا نام اسحاق رکھا گیا۔ حضرت سارا ان کی پرورش میں مشغول ہوئیں اور اتنے عرصے میں کچھ جوش غیرت بھی کم ہو گیا تب ابراہیم علیہ السلام نے ان سے کہا کہ اگر تم اجازت دو تو میں اسمٰعیل کو دیکھ آؤں انہوں نے اس شرط پر اجازت دی کہ وہاں زمین پر قدم نہ رکھیں اور بہت نہ ٹھہریں آپ روانہ ہوئے یہاں آکر معلوم ہوا کہ فرزند جوان اور خانہ دار ہے اور ان کے والدہ وفات پا چکیں تلاش کرتے کرتے حضرت اسمٰعیل کے دروازہ پر آئے آپ اس وقت شکار کے لئے جنگل گئے تھے کیونکہ آپ کی گزر اوقات شکار کے گوشت اور زمزم کے پانی پر تھی۔ ابراہیم علیہ السلام نے ان کی بیوی کو دروازہ پر بلا کر ان کی زندگی کے حالات دریافت کئے۔ بیوی نے کہا کہ ہم بہت غریب مسکین ہیں۔ بہت تنگی اور مشقت سے گزران کرتے ہیں اور کچھ تواضع خاطر نہ کی۔ آپ نے فرمایا کہ تم اپنے شوہر سے ہمارا سلام کہنا اور کہنا کہ اپنے دروازے کی چوکھٹ بدل دو کہ ایسی چوکھٹ اس گھر کے لائق نہیں شام کے وقت جب حضرت اسمٰعیل شکار سے لوٹے تو مکہ کی گلی کوچوں میں نبوت کے برکات و انوار دیکھے سمجھ گئے کہ میرے والد ماجد تشریف لائے ہوں گے۔ اپنی بیوی سے پوچھا کہ کیا کوئی آج آیا ہے اس نے سارا واقعہ عرض کیا آپ نے فرمایا کہ وہ بزرگ میرے والد تھے اور تو میرے گھر کی چوکھٹ ہے مجھے تجھ کو طلاق دینے کا حکم دے گئے ہیں اسے طلاق دیکر اس کے میکے پہنچا دیا اور قبیلہ جرہم کی دوسری لڑکی سے نکاح کر لیا پھر ایک مدت بعد ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارا سے کہا کہ میں نے پہلی بار اسمٰعیل کو نہ دیکھا تھا میری تسلی نہیں ہوئی تھی۔ آپ نے پچھلی شرط پر دوبارہ جانے کی اجازت دی جب حضرت اسمٰعیل کے دروازہ پر پہنچے تو معلوم ہوا کہ وہ شکار کے لئے گئے ہیں۔ ان کی نئی بیوی نے آپ کو دیکھ کر کہا کہ حضرت تشریف لائیے۔ ہمارے غریب خانہ میں کچھ قیام کیجئے۔ آپ کے سر مبارک میں گرد و غبار ہے۔ مجھے اجازت دیں کہ میں دھو دوں۔ حضرت نے فرمایا کہ مجھے اترنے کا حکم نہیں وہ نیک بی بی ایک بڑا اونچا پتھر اٹھا کر لائیں (یہ وہی مقام ابراہیم تھا) اور ان کی رکاب کے پاس رکھ کر عرض کیا کہ اس پتھر پر قدم پاک رکھ کر اپنا سر شریف کچھ جھکا دیجئے۔ جس سے کہ آپ اپنے معاہدہ پر بھی قائم رہیں اور مجھے خدمت کا موقعہ بھی مل جائے حضرت اس ذکاوت سے بہت خوش ہوئے اور ایسا ہی کیا۔ ان بی بی نے آپ کا سر خوب دھو کر کنگھی کر دی اس درمیان میں آپ نے اپنی بہو سے گھر کے سارے حالات پوچھے اس نیک بی بی نے آپ سے عرض کیا کہ الحمد للہ ہم بہت آرام سے ہیں حق تعالیٰ نے ہمیں کسی مخلوق کا محتاج نہیں کیا۔ ہمارے شوہر جنگل سے شکار لاتے ہیں۔ اور آب زم زم ہمارے پاس ہے اس گوشت اور اس پانی سے ہماری بخوبی گزر ہوتی ہے آپ نے ان کی حق میں دعائے خیر کی اور فرمایا۔ حق تعالیٰ تمہارے گوشت اور پانی میں برکت دے اس دعا کا یہ اثر ہے کہ اب بھی وہاں

marfat.com
Marfat.com

گوشت بکثرت ہے میں نے خود قربانی کے لئے ڈیڑھ روپیہ کی بکری خریدی اور دیکھا کہ پانچ روپے میں گائے چھ روپے میں دنبہ اور پچیس روپے میں قربانی کا اونٹ فروخت ہوتا تھا جب کہ ہندوستان میں چھ روپے کی بکری آتی تھی۔ القصہ آپ نے فرمایا کہ اپنے شوہر کو ہمارا اسلام کہنا اور کہہ دینا کہ تمہارے دروازے کی چوکھٹ بہت اچھی ہے اسے غنیمت جانو اور بخوبی محفوظ رکھو شام کو جب حضرت اسمٰعیل آئے تو انہوں نے پھر وہی انوار و تجلیات دیکھے۔ بیوی سے پوچھا کیا آج کوئی بزرگ تشریف لائے تھے۔ اس نے کہا ہاں اور سارا واقعہ بیان کیا آپ نے فرمایا کہ وہ میرے والد حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے تمہارے متعلق سفارش فرما گئے کہ تمہیں اپنے ساتھ رکھوں اور تمہارے ساتھ اچھا برتاؤ کروں۔ پھر کچھ مدت بعد ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارا سے فرمایا کہ میں دوبارہ فرزند کو دیکھنے گیا مگر نہ دیکھ سکا اب تم اجازت دو کہ میں اسے دیکھو اور اس کے پاس چند روز رہوں۔ حضرت سارا نے بخوشی بلا شرط اجازت دی حضرت ابراہیم علیہ السلام وہاں پہنچے اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو دیکھا کہ زمزم کے پاس ایک درخت کے نیچے تیروں کو درست کر رہے ہیں۔ باپ بیٹے نے ایک دوسرے کو پہچانا فرزند بے اختیار اٹھے پدر نے گلے سے لگایا۔ پیشانی پر بوسے دیئے اور اس قدر روئے کہ پرندے ہوا میں رونے لگے اور وہاں کچھ قیام فرمایا ایک دن فرمایا کہ اے اسماعیل رب نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اس جگہ خانہ کعبہ کی تعمیر کروں چاہتا ہوں کہ یہ کام صرف اپنے ہاتھ سے کروں اور تم اس میں میری مدد کرو آپ نے فرمایا بسرو چشم ابراہیم علیہ السلام نے پہلی ذیقعد کو تعمیر کعبہ شروع فرمائی اور اسی مہینہ کی پچیسوں تاریخ کو ختم فرمادی پھر آٹھویں ذی الحجہ آپ کو خواب میں فرزند کے ذبح کا حکم ہوا اور دسویں کو ذبح اسمٰعیل علیہ السلام کا واقعہ پیش آیا یہ نہیں کہا جاسکتا کہ اس سال یا اس سال کے بعد' روح البیان نے 23 ویں سیپارے میں فرمایا کہ ذبح کے وقت اسمٰعیل علیہ السلام کی عمر تیرہ سال کی تھی مگر تفسیر عزیزی کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت عمر کہیں زیادہ تھی کیونکہ ان کی چودہ سال کی عمر میں اسحاق علیہ السلام پیدا ہوئے اور اس کے بعد کچھ فاصلے سے ابراہیم علیہ السلام تین بار مکہ معظمہ تشریف لائے تیسری بار حضرت اسمٰعیل سے آپ کی پہلی ملاقات ہوئی نیز یہ مشہور ہے کہ حضرت ہاجرہ کی موجودگی میں ذبح کا واقعہ درپیش آیا اس روایت کے رو سے غلط ہے کیونکہ اس سے معلوم ہوا کہ آپ حضرت ہاجرہ کی زندگی میں مکہ شریف تشریف لائے ہی نہیں۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ ذبح کا واقعہ تعمیر کعبہ کے بعد ہوا کیونکہ پہلی ملاقات میں 25 ذیقعد تک تعمیر تعمیر ہوئی اور دس ذی الحجہ کو واقعہ ذبح ہوا واللہ اعلم بالصواب۔

فائدے : اس آیت اور تفسیر سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ: بیت اللہ قبول دعا کی جگہ ہے اس لئے حضرت خلیل نے اسی جگہ یہ دعا قبولیت اور اگلی دعائیں مانگیں دوسرا فائدہ: عمل خواہ کتنا ہی نیک ہو اور کیسے ہی اخلاص سے ہو اس کی قبولیت کی دعا کرنی چاہئے اس سے ہرگز غفلت نہ کی جائے تعمیر کعبہ بہت اچھا کام ہے اور رب کے حکم سے ہوا تھا۔ مگر آپ نے پھر بھی اس کی قبولیت کی دعا کی تیسرا فائدہ: اپنے معاہدہ کی پابندی کرنا لازم ہے۔ ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارا کے سارے عہدوں کو بہت پابندی سے نبھایا کہ ان کے بغیر اجازت اپنے بیوی بچوں کو دیکھنے بھی نہ آئے۔ چوتھا فائدہ: کعبہ معظمہ بیت المقدس سے اس لئے بھی افضل ہے کہ اسے حضرت ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام نے بنایا اور بیت المقدس کو حضرت سلیمان علیہ السلام نے جنات سے بنوایا جیسے تعمیر کرنے والوں میں فرق ویسے ہی تعمیروں میں فرق جیسے آب زمزم کا متبرک ہونا اسی لئے

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ یہ ایک نبی کی ایڑی سے جاری ہوا اب اس میں دوسری بزرگی یہ ہے کہ حضور سید الانبیاء کا لعاب دہن بھی اس میں مل گیا۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ تمام دنیا کے پانیوں میں زمزم افضل ہے مگر زمزم سے بھی وہ پانی افضل ہے جو ایک موقع پر حضور علیہ السلام کی انگلیوں سے جاری ہوا کیونکہ یہ تو ایک نبی کی تلووں سے جاری ہوا اور وہ سید الانبیاء کی انگلیوں سے صلی اللہ علیہ وسلم پانچواں فائدہ: بزرگوں کی مانگی ہوئی دعائیں اور ان کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ مقبول بارگاہ الٰہی ہیں اسی لئے رب تعالیٰ نے ان کی دعائیں قرآن شریف میں بیان فرمائیں تاکہ مسلمان یہ دعائیں مانگا کریں کہ ان میں الفاظ کی تاثیر کے ساتھ ان زبانوں کی بھی تاثیر ہے چھٹا فائدہ: نیک عمل کرتے وقت اور کر چکنے کے بعد اس کے توسل سے دعا کرنا افضل ہے دیکھو ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ بناتے وقت دعا مانگی اس لئے نماز کی حالت میں اور اس کے بعد دعائیں کی جاتی ہیں ساتواں فائدہ: قبولیت عمل رب کی بڑی نعمت ہے کہ انبیاء کرام نے اس کی دعائیں مانگی ہیں آج حکومت جو کتاب منظور کرے اسے یونیورسٹی کے نصاب میں جگہ دے جاتی ہے جسے پڑھ کر لوگ سند پاتے ہیں اور پاس ہوتے ہیں۔ جسے رب قبول کرے وہ عمل تاقیامت لوگوں کی نجات کا مدار بن جاتا ہے صحابہ کرام اس قبولیت کے لئے حضور کے ذریعہ خیرات کرتے تھے اب ہم لوگ حضور اور حضور کی آل پاک کے طفیل دعائیں کرتے ہیں۔ شعر

الٰہی بحق بنی فاطمہ ! کہ بر قول ایمان کنی خاتمہ

اعتراض: پہلا اعتراض: ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارا کے کہنے پر اپنی بیوی اور بچے پر ظلم کیوں کیا کہ ان کو ہلاکت کی جگہ چھوڑ دیا اور ان سے اتنے عرصہ تک تعلق نہ رکھا اور حقوق زوجیت ادا نہ کئے ناجائز معاہدے کی پابندی نہ کرنی چاہئے جواب: گناہ وہ ہے جو مرضی رب کے خلاف ہو یہ سارے کام جب رب کی مرضی سے اور اس کے حکم سے ہو رہے تھے تو گناہ کیسے حضرت ابراہیم تو رب کی مرضی پا کر بے قصور فرزند کو ذبح کرنے کے لئے تیار ہو گئے یہ معاملات تو اس سے کہیں ہلکے ہیں جناب ہاجرہ کا سخت امتحان اور مکہ مکرمہ کی آبادی کا انتظام اور خانہ کعبہ کی تعمیر کا اہتمام، سید الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تشریف آوری کی دھوم دھام تھی پھول کے لئے درخت لگاتے وقت باغ والے کو بلکہ خود زمین والے اور زمین اور بیج کو تکلیف ہی ہوتی ہے یہ چمن خلیلی کے آخری بیج کے کاشت کرنے کا وقت تھا ان سب کو تکلیف ہونی ہی چاہئے۔ دوسرا اعتراض: حضرت سارا جیسی پاک ہستی نے ایسے ظلم کا کیوں حکم دیا۔ جواب: اس کا جواب پہلے سوال کے جواب میں گزر گیا کہ یہ بھی الہام ربانی سے ہوا اور اس میں بھی وہی راز تھے جو ہم بیان کر چکے موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے ایک بار تو موسیٰ علیہ السلام کو جلتے ہوئے تنور میں ڈال دیا اور دوبارہ دریا میں بہا دیا یہ بھی الہام الٰہی تھا اس میں کوئی گناہ نہیں۔ تیسرا اعتراض: ابراہیم علیہ السلام نے قبولیت کی دعا میں اپنے عمل کا ذکر کیوں نہ فرمایا کہ خدایا ہماری تعمیر قبول فرما جواب: یا تو اس لئے آپ نے اس دعا میں تاقیامت حجاج کو داخل فرمالیا۔ یعنی اے مولا میری تعمیر اور حجاج کے سارے اعمال حج بلکہ یہاں آکر نیکیاں کرنے والوں کی ساری نیکیاں قبول فرما لے اسی دعا کا اثر ہے کہ وہاں ایک نیکی کا ثواب ایک لاکھ ہے یا اس لئے کہ جب رب تعالیٰ ایک نیکی قبول فرماتا ہے تو اس ایک کے صدہا اجزاء کر کے ہر ایک کا علیحدہ ثواب دیتا ہے ایک نماز پڑھو۔ وضو مسجد میں آنے کے لئے ہر قدم پر پھر مسجد میں بیٹھے نماز کا انتظار کرنے پر مختلف ثواب دیگا۔ چونکہ اس تعمیر پر بہت سے اجر ملنے والے تھے اس لئے آپ نے کسی چیز کا ذکر نہ کیا۔

marfat.com
Marfat.com

**تفسیر صوفیانہ :** قلبی اور روحانی بنیادیں ہر انسان میں فطرتاً موجود ہیں یہ قلب بیت اللہ ہے اس کو بنانے والا شیخ طریقت اور تعلیم میں مدد دینے والا عالم شریعت ہے تو شریعت کو شیخ کے حوالے کرتا ہے جس کو شیخ طریقت کے چونے سے جوڑ کر اس پر تصوف کی عمارت قائم کرتے ہیں جس میں تجلی ربانی پڑتی ہے اور یہی قلب نفس اور سارے اعضاء کا قبلہ اور سجدہ گاہ قرار پاتا ہے یہ حضرات اس محنت کے وقت رب سے دعائے قبولیت کرتے ہیں کہ مولیٰ تیرے بندوں کو تیری بارگاہ تک لانا ہمارا کام تھا اور انہیں قبول فرمانا تیرا کام جیسے کہ بغیر معمار ظاہری گھر کی تعمیر نہیں ہو سکتی ویسے ہی بغیر شیخ اور عالم دین کے روحانی گھر بننا ناممکن ہے۔

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً

اے رب ہمارے اور بنا ہم کو مطیع واسطے اپنے اور اولاد سے ہماری جماعت

اے رب ہمارے اور کر ہمیں تیرے حضور گردن رکھنے والا اور ہماری اولاد میں سے

لَّكَ ص وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ

مطیعہ واسطے اپنے اور دکھا ہمیں ارکان حج ہمارے اور توبہ ڈال اوپر ہمارے

ایک امت تیری فرمانبردار ہمیں ہماری عبادت کے قاعدے بتا دے اور ہم پر اپنی رحمت کے ساتھ

الرَّحِيْمُ ۱۲۸

بے شک تو ہی توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہے

رجوع فرما بے شک تو ہی ہے بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان

**تعلق :** اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق: پچھلی آیت میں تعمیر کعبہ کا ذکر فرمایا گیا اب عظمت کعبہ کا ذکر ہے کہ بیت اللہ نگاہ خلیل میں کوئی معمولی چیز نہ تھی بلکہ نہایت عظیم الشان جس کی وجہ سے انہوں نے اس کے مقبول ہونے اور ہمیشہ باقی رہنے کی دعا فرمائی دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں کعبہ کا ذکر کیا گیا اور اب یہ بتایا جا رہا ہے کہ مقبول الٰہی وہی ہے جو اس گھر کا خدمت گار ہے اور حج کا پابند کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں تعظیم بیت اللہ اور طریقہ حج سکھانے کی دعا فرمائی۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں کعبہ کے حق ہونے کا ذکر تھا اور اب دین اسلام کے سچا ہونے کا تذکرہ ہے کہ حضرت ابراہیم نے زمین حرم میں ایک جماعت مسلمہ رہنے کی دعا کی اور وہ جماعت سوا مسلمانوں کے کوئی نہیں۔

**تفسیر :** **ربنا** یہاں **یا** پوشیدہ ہے یعنی اے ہمارے پالنے والے اور اللہ سے جب کچھ مانگنا ہو ویسے ہی نام سے پکارا جائے رزق کے لئے **یا رزاق** شفا کے لئے **یا شافی الامراض** دشمن کو مغلوب کرنے کے لئے **یا قہار** وغیرہ **واجعلنا** یہ جعل سے بنا جس کے چند معنی ہیں کرنا، بنانا، دینا، بیان کرنا، تعلیم دینا، رہبری کرنا۔ (کبیر) **مسلمین** لکھیہ لفظ مسلم کا تثنیہ ہے جو اسلام سے بنا جس کے معنی ہیں سپرد کرنا فرمانبرداری کرنا محفوظ ہو جانا مومن کو مسلم اس لئے کہتے ہیں کہ وہ اپنے کو رب کے

marfat.com
Marfat.com

سپرد کرتا ہے۔ اور اس کا فرمانبردار ہو جاتا ہے اور شیطان اور جہنم وغیرہ سے بچ جاتا ہے اصطلاح میں جب اسلام مطلق آتا ہے تو ایمان اور درستی اعتقاد کے معنی دیتا ہے اور لام کے ساتھ اطاعت شعاری اور فرمانبرداری کے معنی رکھتا ہے (کبیر و روح البیان) لہٰذا یہاں دوسرے معنی مراد ہیں یعنی اے اللہ ہمیں اپنا فرماں بردار رکھ یا بنا۔ پہلی صورت میں یہ دعا تعلیم کے لئے ہے دوسری صورت میں اپنے اور تمام لوگوں کے لئے طلب استقامت کے لئے اس میں بتایا گیا کہ رب کی اطاعت بڑی نعمت ہے اور اطاعت پر استقامت خاص رب کی عطا ہے اپنی بہادری نہیں صوفیاء فرماتے ہیں کہ ایک استقامت ہزار کرامت سے بہتر ہے **ومن ذریتنا** ذریت کے معنی ہم پہلے عرض کر چکے من سے معلوم ہو رہا ہے کہ آپ نے اپنی بعض اولاد کے لئے ہدایت کی دعا فرمائی کیونکہ آپ کو معلوم ہو چکا تھا کہ ان میں بعض کفار بھی ہوں گے اور ارادہ الٰہی کے خلاف دعا کرنا منع ہے لفظ **نا** سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں وہ لوگ مراد ہیں جو حضرت ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام دونوں کی اولاد میں ہوں یعنی بنی اسمٰعیل لہٰذا یہ دعا بنی اسرائیل کے لئے نہیں **امتہ مسلمتہ لک'** امتہ ام سے بنا بمعنی اصل' ماں کو بھی اس لئے کہتے ہیں کہ وہ بچے کی اصل ہے اور اصطلاح میں امت وہ جماعت ہے جو کسی ایک چیز میں بااختیار یا بلا اختیار جمع ہو شریعت میں وہ جماعت امت کہلاتی ہے جو کسی ایک دین میں متفق ہو۔ لہٰذا ایک باپ کی اولاد ایک پیر کے مریدین ایک گھر کے لوگ لغتہ "امت ہیں شرعاً" نہیں کیونکہ یہاں دین میں جمع ہونا ملحوظ نہیں **وارنا** یہ اراۃ سے بنا جس کے معنی آنکھ سے دکھانا بھی ہیں اور عقل و خیال سے ادراک کرانا بھی اور یہاں مناسک کے معنی کے لحاظ سے دونوں ہی بن سکتے ہیں یعنی دکھا اور بتا ہم کو **مناسکنا** یہ منسک بفتح سین کی جمع ہے یا منسک بکسر سین کی۔ یہ نسک سے بنا ہے جس کے معنی ہیں عبادت کرنا اسی لئے عابد کو ناسک اور قربانی کو **نسیکہ** کہتے ہیں منسک بفتح سین عبادت کی جگہ اور بکسر سین عبادت کے اعمال عرف میں زیادہ ترحج کے افعال و مقامات کو مناسک کہتے ہیں یعنی خدایا ہمیں حج کے مقامات یعنی عرفات' منیٰ' مزدلفہ وغیرہ دکھادے یا حج میں کرنے کے احکام احرام تلبیہ' رمی وغیرہ بتادے خیال رہے کہ جس کام سے رب کو راضی کیا جائے وہ عبادت ہے عبادت تین طرح کی ہے عبادت نفسانی عبادت' شیطانی عبادت' رحمانی عبادت نفسانی یہ ہے کہ انسان اپنی عقل و رائے سے نیکیاں کرے انبیاء کی تعلیم سے منہ موڑے رہے جیسے کفار مشرکین کا صدقہ و خیرات وغیرہ کرنا۔ عبادت شیطانی یہ ہے کہ شیطان کی تعلیم سے عبادت کی جائے جیسے مشرکین کا بت پرستی کرنا جس سے وہ خدا کو راضی کرنا چاہتے ہیں پہلی عبادت بیکار ہے۔ دوسری شرک۔ عبادت رحمانی وہ ہے جو رب تعالیٰ کے بتانے سے کی جائے **ارنا** میں عرض کیا گیا مولا ہمیں عبادت تو سکھا نفس و شیطان سے بچا خیال رہے انبیاء کرام کو رب تعالیٰ تین طرح عبادت سکھاتا ہے فطری طور پر جیسے عیسیٰ علیہ السلام کا پیدا ہوتے ہی فرمانا **اوصنی بالصلوۃ** الہامی طور پر خواہ خواب میں الہام ہو یا بیداری میں جیسے حضرت خلیل نے خواب کے ذریعہ قربانی معلوم فرمائی وحی ظاہر کے طور پر حضرت خلیل نے **ارنا** فرما کر ان تینوں طریقوں کی طرف اشارہ فرمادیا کہ ہمیں دکھادے خواہ الہام سے خواہ وحی وغیرہ سے اور میرے مولیٰ چونکہ حج بڑی مشکل چیز ہے لہٰذا اگر آئندہ ہم حاجیوں سے کوئی خطا ہو جایا کرے تو **وتب علینا** تو ہماری توبہ قبول فرما ہمیں توبہ کی توفیق دینا۔ یا ہم پر کرم سے رجوع فرما خیال رہے کہ عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قرات یہ ہے **وارھم مناسکھم وتب علیھم** (تفسیر کبیر) یہ قرات مشہور قرات کی گویا تفسیر ہے لہٰذا اس پر کوئی اعتراض نہیں **انک انت التواب الرحیم** تو ہی بار بار اور بہت توبہ قبول فرمانے والا ہے خیال رہے کہ توبہ کے معنی ہیں رجوع کرنا۔ بندے کی توبہ گناہوں سے اور رب کی توبہ غضب سے رجوع کرنا

marfat.com
Marfat.com

ہے اس لئے تواب رب کی بھی صفت ہے اور بندے کی بھی۔

**خلاصہ تفسیر** : ابراہیم علیہ السلام نے فراست سے معلوم کرلیا کہ اس تقریب اور تعمیر کعبہ کے رنگ میں کوئی دوسری دنیا ظاہر ہوگی اور عشق اپنے نئے کرشمے دکھائے گا۔ اس بیت اللہ کے ذریعہ باطن ظاہر کا لباس پہنے گا اور آدمی ملائکہ کی طرح خلاف عقل اطاعت الٰہی کریں گے اور اس میدان میں لبیک کا شور مچا کرے گا چونکہ تعمیر کعبہ ہم سے کرائی گئی ہے لہٰذا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا سہرا ہمارے سر رہے گا پس آپ نے خوش ہو کر سب سے پہلے اپنے لئے اور پھر اپنی مسلم اولاد کے لئے چند دعائیں کیں۔ عرض کیا مولیٰ ہم دونوں کو ہمیشہ اپنا مطیع اور فرماں بردار رکھنا کہ تیرے احکام کے قبول کرنے میں کبھی حیل و حجت نہ کیا کریں اور میری مسلمان اولاد کو بھی اسی طرح اپنا مطیع اور فرماں بردار بنانا تاکہ حج کے ارکان ادا کرنے میں عقلی اعتراضات نہ کیا کریں۔ اس لئے کہ حج میں عقل کی مخالفت اور عشق کی پیروی ہے مجنونوں کی سی وضع قطع بنانا کہ ننگے سر کفنی پہنے بال بکھیرے شور مچاتے پھرنا۔ اس گھر کے گرد پروانہ کی طرح گھومنا۔ کہیں پتھروں کو چومنا، کہیں دشمن کو بغیر دیکھے محض خیال پر پتھر مارنا کہیں جانوروں کا خون بہانا ہے مولیٰ انہیں ایسی توفیق دینا کہ بلا حیل و حجت ہر سال یہ کام کیا کریں اور چونکہ یہ ارکان حج عقل سے سمجھ میں نہیں آ سکتے۔ اس لئے تو خود ہمیں یہ کام بھی سکھا اور ہر کام کی جگہ بتا کہ کون سا کام کہاں ہو گا۔ احرام کہاں بندھے گا قربانی کہاں ہوگی اور پتھر کہاں پھینکے جائیں گے اور چونکہ یہ سارے کام بہت دشوار بھی ہیں اور اکثر لوگوں کو عمر میں ایک بار ہی نصیب ہوا کریں گے اس لئے جو کوتاہیاں ہو جایا کریں انہیں معاف فرمادیا کرنا رب نے ان کی یہ ساری دعائیں حرف بحرف قبول فرمائیں کہ وہ دونوں حضرات زبردست احکام پر بلا تکلف عمل کر گزرے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے اپنے کو ذبح کے لئے پیش کردیا اور خلیل اللہ بلا تامل بیٹے پر چھری لے کر کھڑے ہو گئے اور ان کی ذریت میں ہمیشہ مومن رہے اور خانہ کعبہ کا ہمیشہ حج بھی ہوتا رہے گا سیدنا علی و ابن عباس سے روایت ہے کہ اس دعا کے بعد حضرت جبریل علیہ السلام کو حکم ہوا کہ ہمارے خلیل کو حج دکھادو۔ بلکہ کرا دو چنانچہ آپ حاضر ہوئے اور آٹھویں ذی الحجہ سے تیرھویں تک سارے اعمال حج کرائے اسی حالت میں تین دن دسویں، گیارہویں، بارہویں تین جگہ شیطان ملا آپ نے اسے دفع کرنے کے لئے سات سات کنکر مارے حضرت جبریل نے عرض کیا۔ کہ آئندہ آپ کی اولاد بھی اس جگہ کنکر مارا کرے گی (عزیزی) اللہ کی شان کہ آپ کی ایک جماعت کا نام مسلمان ہی رکھا گیا۔ لفظ مسلمۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دعا خاص امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے تھی کیونکہ ہم سے پہلے کسی امت کا نام مسلمان نہ ہوا رب تعالیٰ فرماتا ہے۔ **ملتہ ابیکم ابرہیم ھو سمکم المسلمین من قبل**

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ**: دعا کے وقت رب کو پکارنا طریقہ انبیاء ہے **دوسرا فائدہ**: پہلے اپنے لئے پھر اپنی اولاد اور سب مسلمانوں کے لئے دعا کرنی چاہئے **تیسرا فائدہ**: عقائد اور دین کی دعا اعمال اور دنیوی حاجات سے پہلے کی جائے جیسا کہ اس آیت میں ہے **چوتھا فائدہ**: اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد میں ہمیشہ موحدین صالحین رہے کوئی وقت ایسا نہ آیا کہ سارے مشرک ہو جاتے چنانچہ زمانہ جاہلیت میں بھی زید ابن عمر اور قیس ابن ساعد اور عبدالمطلب ابن ہاشم حضور علیہ السلام کے جد امجد اور عامر ابن ضرب وغیرہ اسلام پر تھے کہ خدا کو ایک جانتے تھے ثواب و عذاب حشر و نشر کے قائل تھے نہ مردار کھاتے تھے اور نہ بت پرستی کرتے تھے۔ (تفسیر کبیر و عزیزی) **نوٹ**: حضور علیہ السلام کے والدین ماجدین کو

marfat.com
Marfat.com

کافر کہنے والے اس آیت اور تفسیر کبیر کی اس عبارت پر غور کریں اگر حضور علیہ السلام سے پہلے سارے بنی اسمٰعیل مشرک ہو گئے تھے تو لازم آتا ہے کہ حضرت خلیل کی یہ دعا قبول نہ ہوئی یقیناً ایک جماعت ایمان پر ہی رہی اور اسی جماعت میں حضور کے آباء و اجداد تھے نیز قیامت تک سارے سید و قریش کبھی گمراہ نہ ہوں گے کیونکہ یہ لوگ ابراہیمی ہیں کہ ان میں مومن رہنا ضروری ہے۔ **پانچواں فائدہ:** بیت اللہ کے پاس دعا مانگنا سنت ابراہیمی ہے **چھٹا فائدہ:** عبادت الہیہ محض اپنی رائے سے معلوم نہیں کر سکتے اس کے لئے تعلیم الٰہی ضروری ہے جیسا کہ ارنا سے معلوم ہوا یہ تعلیم خاص بندوں کو الہام یا وحی سے ہوتی ہے اور عام بندوں کو ان خاص کے ذریعہ سے اصول عبادت میں خصوصی تعلیم ضروری ہے اور فروعی عبادات میں عمومی تعلیم کافی ہے جیسا کہ مناسکنا سے معلوم ہوا۔ ارنا مناسکنا میں بہت گنجائش ہے کیونکہ دکھانے میں الہام، وحی، اجتہاد سب داخل ہیں۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام ہمیشہ سے مسلمان نہ تھے۔ ورنہ آپ اپنے ایمان کی دعا نہ کرتے۔ **جواب:** اس کے چند جواب ہیں ایک تو وہ جو تفسیر میں معلوم ہو چکا ہے کہ مسلمین سے مطیع، فرماں بردار مراد ہے۔ **اجعلنا** کے معنی ہیں رکھ ہمیں یعنی اپنا مطیع رکھ تو یہ دعاء استقامت ہے نہ کہ دعائے ایمان دوسرے یہ کہ یہاں زیادتی کی درخواست ہے یعنی ہمیں اطاعت کی زائد توفیق عطا فرما۔ انبیاء کرام اگرچہ معصوم مگر رب سے مستغنی نہیں۔ تیسرے یہ کہ یہ دعاء تعلیم کے لئے ہے تاکہ مسلمان بھی ایسے ہی دعا کیا کریں جیسے رب تعالیٰ فرماتا ہے **اھدنا الصراط المستقیم** رب تعالیٰ اپنے لئے کسی سے ہدایت نہیں مانگ رہا ہے بلکہ بندوں کو سکھا رہا ہے کہ ایسے دعا مانگو غرض کہ اس آیت سے ابراہیم علیہ السلام کو گنہگار یا گمراہ ماننا بے دینی ہے **دوسرا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہ دونوں حضرات معصوم نہ تھے ورنہ توبہ نہ کرتے توبہ گنہگار کرتے ہیں **جواب:** اس کے بھی چند جواب ہیں ایک وہ جو تفسیر میں معلوم ہوا کہ اس کے معنی ہیں کہ ہم حاجیوں کی توبہ قبول کر اور ہماری اولاد سے جو حج کی ادائیگی میں کچھ کوتاہی ہو جائے اس کو درگزر فرما دوسرے یہ کہ یہاں بھول چوک سے توبہ مراد ہے انبیاء کرام سے بغیر قصد کے خطائیں ہو جاتی ہیں۔ جس سے توبہ کرتے رہتے ہیں تیسرے یہ کہ یہ بھی تعلیم امت کے لئے ہے کہ کعبہ معظمہ میں آکر توبہ کر لیا کریں یہ قبولیت کی جگہ ہے **تیسرا اعتراض:** ابراہیم علیہ السلام نے صرف اپنی اولاد کے لئے کیوں دعا کی چاہئے تھا کہ سارے بندوں کے لئے دعا کرتے **جواب:** اس کے بھی چند جواب ہیں ایک یہ کہ اولاد ماں باپ کی دعا کی زیادہ حق دار ہے رب تعالیٰ فرماتا ہے **قوا انفسکم و اھلیکم نارا** دوسرے یہ کہ جب پیغمبروں کی اولاد درست ہو جائے تو ان کی وجہ سے دیگر لوگ بھی درست ہو جائیں گے بڑوں کی اصلاح سے چھوٹوں کی اصلاح خود بخود ہو جاتی ہے **چوتھا اعتراض:** ابراہیم علیہ السلام پہلے اپنی اولاد کے لئے امامت مانگ چکے اب ان کے لئے ہدایت کیوں مانگی امامت میں ہدایت آگئی تھی **جواب:** امامت تو ایک وقت میں ایک ہی کو ملتی ہے مگر ہدایت جماعت کو ہو گی وہ دعا افراد کے لئے تھی اور یہ جماعتوں کے لئے۔

**تفسیر صوفیانہ :** ابراہیم علیہ السلام کی اس دعا میں دو لطیف اشارے ہیں۔ ایک یہ کہ اپنی طرف سے قبول کیا ہوا ایمان معتبر نہیں بلکہ رب کا دیا ہوا چاہئے اس لئے عرض کیا کہ مولیٰ ہمیں اپنی نفوس کے حوالے نہ کر کہ ہم خود ایمان لائیں بلکہ توفیق دے کہ تجھ ہی سے تیرے بتانے سے تجھ ہی پر ایمان لائیں بلکہ یوں کہو کہ تیری ہی دی ہوئی توفیق سے تیری ہی بات مانیں اپنا ایمان

marfat.com
Marfat.com

شیطان کا تھا جو مفید نہ ہوا دوسرے یہ کہ دینداروں سے آخرت قائم ہے اور دنیاداروں سے یہ جہاں آباد ہے دنیا کی آبادی تین چیزوں سے ہے ایک کھیتی و باغ' دوسرے جنگ و جدال' تیسرے تجارتی سامان کی نقل و حرکت یہ تینوں ہی چیزیں موت و حساب کو بھلانے والی ہیں۔ صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ اگر بیوقوف نہ رہیں تو دنیا برباد ہو جائے۔ لہٰذا حکمت یہ ہے کہ نہ یہاں سب بدکار ہوں اور نہ سب نیک کار اس لئے حضرت خلیل نے بعض کے لئے دعا کی مشائخ عظام کو بھی چاہئے کہ اپنے سارے مریدین کی ہدایت کا یقین نہ کریں۔ مولانا فرماتے ہیں۔

استن ایں عالم اے جان غفلت است — ہوشیاری ایں جہاں را آفت است
ہوشیاری زاں جہاں است و چوں آں — غالب آید پست گردد ایں جہاں
ہوشیاری آفتاب و حرص یخ — ہوشیاری آب و ایں عالم و سخ

| |
|---|
| رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَ |
| اے رب ہمارے اور بھیج بیچ ان کے ایک رسول ان میں سے جو تلاوت کرے اوپر ان کے |
| اے رب ہمارے بھیج ان میں ایک رسول انہی میں سے کہ ان پر تیری آیتیں تلاوت کرے |
| يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ |
| آیتیں تیری اور سکھائے انہیں کتاب اور حکمت اور پاک فرمائے |
| اور انہیں پختہ علم سکھائے تیری کتاب کا اور انہیں خوب ستھرا فرما دے |
| الْحَكِيْمُ ۱۲۹ |
| انہیں تحقیق تو ہی غالب حکمت والا ہے |
| بیشک تو ہی ہے غالب حکمت والا |

**تعلق:** اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** پچھلی آیتوں میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ان دعاؤں کا ذکر تھا کہ جو خاص جماعتوں کو مفید ہوں کہ مکہ مکرمہ کے امن وہاں کے پھلوں سے وہ فائدہ اٹھائیں جو وہاں ہوں ایسے ہی خانہ کعبہ کی تعمیر سے خصوصی فائدہ حجاج اٹھاویں۔ اب اس عالمگیر دعا کا ذکر ہے جس سے عربی عجمی' شرقی' غربی' فرشی' عرشی مخلوق ہمیشہ فائدہ اٹھائے۔ یعنی حضور کی بعثت شریفہ یعنی خاص دعاؤں کے بعد عام **دوسرا تعلق:** اہل کتاب بیت اللہ کی عزت اور مکہ معظمہ کی حرمت اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کے منکر تھے گزشتہ آیتوں میں پچھلی دو باتیں ثابت فرمائیں گئیں کہ کعبہ معظمہ اور مکہ مکرمہ وہ مقامات ہیں جنہیں حضرت خلیل نے بڑی محنت اور جانفشانی سے بنایا اور بسایا اور

marfat.com
Marfat.com

اب حضور علیہ السلام کی نبوت کا ثبوت دیا جارہا ہے کہ یہ وہ نازنین پیغمبر ہیں جس کی حضرت نے دعائیں مانگیں اور نبیوں نے ان کے گن گائے۔

گن گائیں جن کے انبیاء مانگیں رسل جن کی دعا    وہ دو جہاں کے مدعا صل علی یہی تو ہیں

بے وقوف قوم کیسے بدنصیب ہو کہ ان تینوں کی برکتوں سے محروم ہو **تیسرا تعلق:** پچھلی آیتوں میں ابراہیم علیہ السلام کی پانچ چھ دعاؤں کا ذکر ہوا۔ جن میں سے بعض دنیاوی نقطہ نگاہ سے تھیں اور بعض دینی نقطہ نگاہ سے۔ اب ان کی اس جامع دعا کا ذکر ہے۔ جس میں دین اور دنیا دونوں ہیں۔ یعنی حضور علیہ السلام کا بھیجنا **چوتھا تعلق:** پچھلی آیتوں میں بتایا گیا کہ ابراہیم علیہ السلام نے ارکان حج بتانے کی دعا کی۔ اب بتایا جارہا ہے کہ انہوں نے اس معلم کی بھی دعا مانگی جو تمام عالم کو یہ باتیں سکھائے یعنی پہلے علم کا ذکر تھا۔ اور اب معلم کا **پانچواں تعلق:** پچھلی آیت میں بتایا گیا کہ خلیل اللہ نے امت مسلمہ کی دعا کی اب بتایا جارہا ہے کہ انہوں نے اس کی بھی دعا فرمائی۔ جس سے یہ جماعت قائم رہے یعنی پہلے مقتدیوں کا ذکر ہوا اب مقتدی کا۔

تفسیر: **ربنا** اگر یہ دعائیں علیحدہ وقتوں میں مانگی گئیں تب تو ہر دعا کے اول میں ربنا عرض کیا گیا اور اگر ایک ہی وقت میں کی گئیں تو ایک ہی دعا میں ربنا بار بار عرض کیا گیا تاکہ معلوم ہو کہ دعاء میں بار بار رب کو پکارنا بہتر ہے۔ **وابعث فیھم** یہ بعث سے بنا جس کے معنی ہیں اٹھانا' یا بھیجنا یہاں دونوں ہی بن سکتے ہیں۔ **فیھم** کی ضمیر یا تو مکہ والوں کی طرف لوٹتی ہے یا امت مسلمہ کی طرف مگر روح البیان اور تفسیر مدارک نے دوسری بات اختیار کی یعنی اے مولا میری اولاد میں جو مسلمان جماعت ہو اس میں بھیجنا خیال رہے کہ ارسال اور بعثت قریباً ہم معنی ہیں مگر کبھی اس میں یوں فرق کرتے ہیں کہ عارضی بھیجنے کو ارسال اور وہاں رہنے کو بعثت کہتے ہیں حضور انور کو بھیجنا جسم اطہر کے لحاظ سے ارسال ہے اور فیضان کے لحاظ سے بھیجنا بعثت ہے حضور انور کی حیات ظاہری کا زمانہ تریسٹھ سال ہے مگر حضور کی رسالت کا زمانہ ابدالاباد تک' پہلے لحاظ سے فرماتے ہیں **خیر القرون قرنی ثم الذین یلونھم** الایہ اور دوسرے لحاظ سے فرماتے ہیں **انا والقیامت کھا تین** اور تریسٹھ سال میں لوگ صحابی بنتے تھے اور اب ہمیشہ تک لوگ حضور کے فیض سے مومن بنتے رہیں گے یعنی مولا اس رسول کو ان میں مبعوث فرما جو آ کر نہ جائیں یہ بھی خیال رہے کہ ارسال کے بعد الی آتا ہے اور بعثت کے بعد فی یعنی شان رسالت سے حضور سب سے کنارہ پر ہیں اور شان بعثت میں حضور ہم سب میں ہیں حضور شرف کے لحاظ سے وہاں ہیں جہاں جبریل کا خیال تک نہ پہنچ سکے اور کرم اور فیض سے ہر ٹوٹے دل میں ہیں ہر دیرا اور ہر اجڑے دیار میں رونق افروز ہیں۔

وہ شرف کہ قطع ہیں نسبتیں وہ کرم کہ سب سے قریب ہیں
کوئی کہہ دو آس و امید سے وہ کہیں نہیں وہ کہاں نہیں

قیامت سے پہلے حضور کے شرف کا اظہار ہو گا یہاں تک کہ تمام دنیا صدہا سال ڈھونڈتی پھرے گی نہ ملیں گی پھر کرم جلوہ گری کہ مجرموں کے میزان پر ہوں گے پل صراط پر گرتوں کو سنبھالتے ہوں گے جیسے سورج چوتھے آسمان پر رہتا ہے مگر اس کی چمک ہر جگہ رہتی ہے اس لئے نماز میں پڑھا جاتا ہے **السلام علیک ایھا النبی** اس لئے یہاں **فیھم** فرمایا **رسولا** ایک رسول نبی اور رسول میں بعض علماء اعتباری فرق کرتے ہیں یعنی ایک ہی ذات کو رسول تو اس لئے کہتے ہیں کہ رب کا بھیجا ہوا ہے۔ اور

marfat.com
Marfat.com

نبی اس لئے کہ مخلوق کو خالق کی خبر دیتا ہے بعض فرماتے ہیں کہ رسول کتاب والا پیغمبر اور نبی اس سے عام بعض کہتے ہیں کہ رسول نئی کتاب والا پیغمبر اور نبی اس سے عام اور بعض نے نئی کتاب والے کو مرسل اور مطلق کتاب والے کو رسول اور مطلق پیغمبر کو نبی کہا اس لئے کہا جاتا ہے کہ نبی تو ایک لاکھ چوبیس ہزار اور رسول 313 اور مرسل 4 یہاں رسول سے صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی مراد ہیں اور یہ دعا خاص انہیں کے لئے ہے۔ چند وجہ سے ایک یہ کہ اس سے نبی اسمٰعیل یا مکہ کا پیغمبر مراد ہے اور وہ صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں کیونکہ نبی اسمٰعیل اور مکہ میں صرف آپ ہی نبی آئے اور دوسرے اس لئے کہ یہاں رسول واحد فرمایا۔ یعنی صرف ایک رسول بھیجا اور بنی اسرائیل میں صدہا رسول تشریف لائے۔

مگر بنی اسمٰعیل میں صرف حضور ہی۔ تیسرے اس لئے کہ اس رسول کی یہ صفت بیان کی کہ جو لوگوں کو آیتیں پڑھ کر سنائے اور ان کا تزکیہ نفس کرے۔ جس سے معلوم ہوا کہ جس نبی کی کتاب باقاعدہ پڑھی جائے اور اس کے بعد سلسلہ نبوت ختم ہو کر ولایت باقی رہ جائے اور یہ دونوں صفتیں حضور ہی کی ہیں کہ تلاوت اور قرات دھوم دھام سے انہیں کی کتاب کی ہوئی اور آپ ہی خاتم النبین ہوئے۔ چوتھی اس لئے کہ رب تعالیٰ نے دوسری آیت میں حضور کی یہ ہی صفت بیان فرمائی کہ فرمایا **اذ بعث فیھم رسولا منھم یتلوا علیھم ایتہ ویزکیھم** الخ معلوم ہوا کہ جو حضرت ابراہیم نے عرض کیا وہ ہی رب نے کہا۔ پانچویں اس لئے کہ مشکوٰۃ باب فضائل سید المرسلین میں ہے کہ حضور فرماتے ہیں کہ میں دعاء ابراہیم اور بشارت عیسیٰ ہوں اور اپنی والدہ کا وہ خواب ہوں جو انہوں نے میری پیدائش پاک کے وقت دیکھا کہ ان کے لئے ایک نور ظاہر ہوا جس سے شام کے محل نظر آ گئے۔ چھٹے اس لئے کہ اسی پر تمام امت کا اجماع ہے کہ آپ ہی دعاء خلیل ہیں کیونکہ آپ ہی سے خلیل اللہ علیہ السلام کا دین اور نام پھیلا۔ پھر عرض کیا کہ **منھم** یعنی اے مولا وہ شاندار رسول اس ذریت ہی میں سے ہو۔ **فیھم** اور **منھم** کہہ کہ یہ بتایا کہ یہاں یہ پیدا ہوں اور میری ہی اولاد میں ہوں تاکہ ان کی طفیل اس مکان اور مجھ کو اور میرے سارے خاندان کو شرف حاصل ہو اور میری ذریت ان سے فیض لینے میں عار نہ کرے کیونکہ اعلیٰ خاندانوں والوں کو غیر کی سرداری برداشت نہیں ہوتی اپنے کی سرداری بخوشی قبول کر لیتے ہیں آج بھی سادات کرام سید عالم کی بات جلد مان لیتے ہیں۔ نیز وہ لوگ اس صورت میں اس پیغمبر کے حسب و نسب صدق و امانت سے بخوبی واقف ہوں گے۔ نیز ہر شخص اپنی اولاد کی خیریت کا حریص ہوتا ہے۔ ابراہیم علیہ السلام نے بھی تمنا کی کہ نبی اخر الزمان کا فخر مجھ کو اور میری اولاد کو حاصل ہو۔ اور یہ پھول میرے ہی چمن میں کھلے۔ پھر عرض کیا کہ **یتلوا علیھم ایتک** ظاہر یہ ہے کہ آیات سے مراد قرآنی آیتیں ہیں کیونکہ تلاوت انہیں کی ہوتی ہے مگر روح البیان میں فرمایا کہ اس سے توحید و رسالت کے دلائل مراد ہو سکتے ہیں یعنی وہ رسول پہلا کام تو یہ کرے کہ تیرے بندوں کو خاص کر میری ذریت کو قرآنی آیتیں اور ان کا پڑھنا سکھائے اور صرف پڑھا کر ہی نہ چھوڑ دے بلکہ **ویعلمھم الکتب** انہیں اس کتاب کے معنی اور علم ظاہر یعنی شریعت بھی سکھائے کیونکہ بغیر مضامین کے صرف الفاظ یاد کرنا کافی نہیں خیال رہے کہ **یعلم** تعلیم سے بنا ہے جس کے معنی ہیں آہستہ آہستہ اور اچھی طرح سکھانا اور الکتب میں الف لام عہدی ہے۔ یعنی وہ خاص کتاب' قرآن آہستگی سے ان کے خوب ذہن نشین کرائے اور حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہ السلام کی طرح ساری کتاب ایک دم نہ لے آئے اور اس کے بعد **والحکمتہ** انہیں علم باطن اور قرآن کریم کے اسرار بھی سکھائے کیونکہ علم ظاہر بغیر علم باطن بے دینی ہے اور علم باطن کے بغیر علم ظاہر جعل سازی (تفسیر عزیزی) خیال رہے کہ **حکمتہ** حکم سے بنا۔ جس کے لغوی معنی ہیں پھیر دینا۔ روک لینا' پالینا' علم

marfat.com

Marfat.com

کو اس لئے حکمت کہا جاتا ہے کہ اس سے نفس جہالت سے پھر جاتا ہے۔ بری باتوں سے رک جاتا ہے اور حق کو پالیتا ہے بعض نے فرمایا کہ یہاں حکمت سے مراد فقہ ہے بعض نے کہا کہ حدیث و سنت بعض کہتے ہیں قرآن پاک کے اسرار بعض نے کہا کہ حق و باطل میں فیصلے کرنے والی چیز' بعض نے کہا کہ کتاب سے مراد صحیح قول و عمل اسی لئے عالم باعمل کو حکیم کہتے ہیں۔ (تفسیر کبیر) اور ممکن ہے کہ ساری ہی چیزیں مراد ہوں۔ کیونکہ حضور علیہ السلام نے سب ہی کچھ سکھایا۔ اور اے مولیٰ انہیں فقط علم ہی نہ سکھائے بلکہ **ویزکیھم** ان سے اچھے اعمال کرا کر ان کے جسموں اور دلوں اور سینوں اور خیالات کو وہم وغیرہ سے بھی پاک فرمادے خیال رہے کہ یزکی زکوۃ سے بنا ہے۔ جس کے معنی ہیں صاف کرنا اور بڑھانا اسی لئے فرضی صدقہ کو زکوۃ کہتے ہیں کہ اس سے باقی مال صاف بھی ہو جاتا ہے اور بڑھتا بھی ہے یہاں اس کے چند معنی ہیں ایک یہ کہ اعمال صالح کرا کر اور اچھے عقیدے بتا کر کفر اور گناہوں کے میل سے پاک کرے۔ (روح البیان) دوسرے یہ کہ ان کے دل کو کدورت سے ایسا صاف کرے جس سے سارے حجاب اٹھ جائیں پھر اس آئینہ قلبی میں غیبی چیزیں نقش ہوں اور بغیر سیکھے سکھائے انہیں علم حاصل ہو۔ اور حقائق خود بخود ان میں جلوہ گر ہو جائیں۔ (عزیزی) تیسرے یہ کہ قیامت کے دن وہ رسول تیری بارگاہ میں ان کے گواہ صفائی ہوں **ویکون الرسول علیکم شھیدا** ابراہیم علیہ السلام کی اس ترتیب سے اس طرف اشارہ ہے کہ بندے آیات قرآنیہ تلاوت کر کے علم و حکمت سیکھ کر بھی پاک نہیں ہو سکتے جب تک حضور کی نگاہ انہیں پاک نہ کرے اسی لئے تلاوت وغیرہ کے بعد تزکیہ کا ذکر فرمایا اس تزکیہ کو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیا خیال رہے کہ ظاہری پاکی کو طہارت اور قلبی پاکی کو طیب کہا جاتا ہے مگر جسمانی' قلبی' روحانی خیالات وغیرہ کی مکمل پاکی کو تزکیہ کہتے ہیں مردار جانور کا گوشت کھال سوکھ کر پاک ہو جاتی ہے مگر مزکی نہیں۔ مزکی فرما کر بتایا گیا کہ وہ محبوب مسلمانوں کو ہر طرح پاک و صاف کریں اور یزکیھم کی دوسری تفسیر سے معلوم ہوا حضور انور ہر مسلمان کے ایمان تقویٰ اور سارے اعمال سے خبردار ہیں کیونکہ گواہ کی صفائی وہ بتا سکتا ہے جو گواہ کے سارے حالات سے خبردار ہو خیال رہے کہ ساری امت رسول اللہ انبیاء کی گواہی کے لئے پیش ہوگی مگر گواہی سب کی نہ ہوگی وہ تو بیشمار ہیں مخصوص کی گواہی ہوگی ان کی صفائی صراحۃً "حضور دیں گے۔ ہم جیسے گنہگار ان مخصوصین کے ساتھ جمع ہوں گے لہٰذا اس آیت پر اعتراض نہیں کہ حضور انور قیامت میں سب کی صفائی فرمادیں گے اور ان میں بعض فساق اور ناقابل گواہی ہوں گے (عزیزی) تیسرے یہ کہ قیامت کے دن وہ رسول تیری بارگاہ میں ان کے گواہ صفائی ہوں گے **ویکون الرسول علیکم شھیدا** (تفسیر کبیر) خیال رہے کہ سارے پیغمبر اپنی نافرمان امتوں کے خلاف گواہی دیں گے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم خطا پوش ہیں کہ اپنی امت کی نیکیاں ظاہر فرمائیں گے اور گناہوں پر پردہ ڈالیں گے اور اے مولا ہم یہ دعا اسی لئے مانگتے ہیں کہ **انک انت العزیز الحکیم** تو ہی عزت و حکمت والا ہے۔ تیری عزت کا یہ تقاضا نہیں کہ کسی کو بغیر علم کے چھوڑ دے لہٰذا عزت و حکمت کا یہ تقاضا ہوا کہ وہ نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں ضرور بھیجے جائیں۔ خیال رہے کہ عزیز عزت سے بنا جس کے معنی ہیں غلبہ اور انوکھا اور بے مثل ہونا۔ عزیز یعنی غالب اور بے مثل۔

خلاصہ تفسیر : ابراہیم علیہ السلام جب یہ سارے کام کر چکے اور کعبہ اور مکہ بنا اور بسا چکے تو آخیر میں ان کا ذکر کیا جن کے طفیل دعائیں قبول ہوتی ہیں اور جن کے دم سے یہ ساری بہار ہے۔ جن کے طفیل خلیل اور کعبہ' مقام و منی دنیا میں جلوہ گر ہوئے عرض

marfat.com
Marfat.com

کیا کہ اے مولیٰ ان لوگوں میں ایک ایسا جلیل القدر پیغمبر بھیج دے جن میں یہ سات صفتیں ہوں۔(1) انہیں مکہ والوں میں سے ہو۔(2) ابراہیمی ہو ( **فیھم** ) یعنی مکی مدنی ہو ابراہیمی ہاشمی مطلبی ہو۔(3) اپنی شان رسالت میں اکیلا ہو یعنی خاتم النبین اور امام المرسلین ہو (رسولا)۔(4) سب کو اور خصوصاً "میری اولاد کو آیتیں سنائے بتائے اور پڑھنا سکھائے یعنی انہیں حفظ بھی کرائے اور علم قرات بھی سکھائے ( **یتلوا الایہ** ) ۔ (5) انہیں تیری کتاب کے مضامین سکھا کر عالم فقیہ اور مجتہد بنادے ( **ویعلمھم لاایہ** ) اور انہیں قرآنی اسرار سکھائے اور تیرا رازدار بنادے اور طریقت کے مدارج انہیں طے کرادے (والحکمۃ) یعنی انہیں صاحب حال وقال کردے۔ 7ان کے دل اور روح پاک وصاف کر کے غیوب سے خبردار کردے اور بے پڑھوں کو اپنے فیض سے غوث و قطب کا سردار بنادے کہ ان کے دروازوں سے ولایت تقسیم ہوا کرے میرے مولیٰ اس نبی کو اپنی ساری صفات کا مظہر بنا کر بھیج کہ اسے دیکھ کر تو یاد آجایا کرے ( **انک انت الایۃ** ) خلاصہ دعا یہ ہوا کہ لوگ حافظ سے قرآن مجید پڑھتے ہیں اور قاری سے اس کے الفاظ سیکھتے ہیں۔ اور مولوی سے اس کے معنی معلوم کرتے ہیں پیر کامل سے اس کے اسرار تک پہنچتے ہیں۔ غرض صرف قرآن کریم کے سیکھنے کے لئے چند آستانوں پر حاضری دینی پڑتی ہے ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی اے مولا وہ نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم تنہا یہ سارے فیوض دے اس کی بارگاہ کا بیٹھنے والا کسی کے دروازے پر نہ جائے بلکہ سارا جہاں اس کے غلاموں کے غلاموں کے پاس آئے وہ اپنے غلاموں کو حافظ قاری 'مجتہد' صوفی 'فقیر' بادشاہ' قاضی سب کچھ بنادے بلکہ خرپوتی شرح قصیدہ بردہ میں ہے کہ بعض صحابہ وہ بھی ہیں جو اسلام لاتے ہی آن کی آن میں قاضی عالم حافظ اور قاری بنا کر بھیج دیئے گئے۔

جو فلسفیوں سے حل نہ ہوا اور نکتہ وروں سے کھل نہ سکا  وہ راز ایک رحمت والے نے سمجھا دیا چند اشاروں میں

خیال رہے کہ ابراہیم علیہ السلام کی گزشتہ دعاؤں کا قرآن میں نقل فرمانا تعلیم اولاد کے لئے تھا کہ آپ نے لوگوں کی تعلیم کے لئے وہ دعائیں کی ہوں گی مگر اس دعا میں تعلیم کا استعمال نہیں۔ کیونکہ حضور تشریف لاچکے پھر نبی کی بعثت کیسی اس دعا کو رب نے قرآن و توریت و انجیل وغیرہ آسمانی کتب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان ظاہر کرنے کے لئے نقل فرمایا کہ تا قیامت لوگوں کو پتہ لگے کہ حضور وہ شان والے رسول ہیں کہ حضرت خلیل ان کے دعاگوؤں میں ہیں۔ جیسے قرآن کریم کی وہ آیات جن پر صرف صحابہ عمل کر گئے ان پر عمل ناممکن ہے مگر قرآن میں اس لئے رکھی گئی ہیں کہ شان مصطفوی معلوم ہو۔

فائدے : پہلا فائدہ: اپنی قوم اور اہل قرابت کی خیر خواہی کرنا سنت انبیاء ہے حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ہم پہلے اپنے اہل بیت کی پھر بنی ہاشم کی پھر اہل قرابت قریش کی پھر ساری امت کی شفاعت کریں گے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خدا کی قسم اگر بہشت کی کنجی میرے ہاتھ میں ہو تو میں کسی بنی امیہ کو جنت سے باہر نہ چھوڑوں۔ (تفسیر عزیزی) دوسرا فائدہ: حضور علیہ السلام کا میلاد شریف کرنا سنت الہیہ اور سنت انبیاء ہے کہ اس آیت میں حضور علیہ السلام کی تشریف آوری ہی کی تو دعا ہے اور تشریف آوری کا ذکر ہی میلاد ہے۔ بلکہ نماز و کلمہ میں بھی میلاد شریف ہے اس کے لئے ہماری کتاب جاء الحق کا مطالعہ کریں تیسرا فائدہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام نبیوں کے سردار ہیں کیونکہ آپ خلیل اللہ علیہ السلام کی دعا اور ان کے سارے اعمال کا اصل مقصود ہیں چوتھا فائدہ: قرآن کے ساتھ حدیث کی بھی ضرورت ہے اور قرآن کے ظاہری معنی کے

marfat.com
Marfat.com

ساتھ کچھ باطنی معنی بھی ہیں کیونکہ کتاب کے ساتھ حکمت کا بھی ذکر ہے اور صفائی قلبی کا بھی پانچواں فائدہ: کوئی شخص قرآن پاک فقط اپنے علم سے نہیں سمجھ سکتا۔ اس لئے کہ اس دعا سے معلوم ہوا کہ وہ نبی اس قرآن کو سکھائیں گے۔ فلسفہ منطق اور ریاضی آسان ہے کہ وہ انسان کے بنائے ہوئے علوم ہیں اور دنیوی ماسٹروں سے پڑھے جاتے ہیں مگر قرآن مشکل کہ وہ خدا کا کلام ہے اور اس کے لئے رب نے خود معلم بھیجا چھٹا فائدہ: یہ کہنا جائز ہے کہ حضور علیہ السلام تمام عالم کو پاک فرماتے ہیں انہیں علم و حکمت اور خدا کی ساری رحمتیں دیتے ہیں جیسے کہ اس آیت سے معلوم ہوا ساتواں فائدہ: دعا کے اخیر میں رب کی حمد اور حضور پر درود بھیجنا چاہئے جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام نے یہاں کیا۔

اعتراض: پہلا اعتراض: اگر حضور علیہ السلام سید الانبیاء ہیں تو درود ابراہیمی میں ابراہیم علیہ السلام کا نام حضور علیہ السلام کے نام کے ساتھ کیوں ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ درجہ میں وہ حضور کے برابر ہیں جواب: چند وجہ سے ایک یہ کہ انہوں نے اللہ کے حبیب کے لئے دعا کی۔ رب نے فرمایا کہ اے مسلمانو چونکہ انہوں نے میرے حبیب کے لئے دعا کی ہے۔ تم ان کے لئے قیامت تک دعا کرتے رہو۔ ان کا درجہ اسی لئے ہے کہ وہ حضور کے دعا گو ہیں۔ اور دوسرے یہ کہ ابراہیم علیہ السلام دینی والد ہیں۔ **ملتہ ابیکم ابرھیم** اور حضور علیہ السلام رحم والے والد ہیں جیسے کہ ابن مسعود کی قرآت میں **النبی اولی بالمئومنین** کے ساتھ ہے **وھو ابوھم** یعنی حضور علیہ السلام مسلمانوں کے والد ہیں۔ لہٰذا والدین کا ذکر والد کے ساتھ چاہئے۔ تیسرے یہ ابراہیم علیہ السلام حج کی ندا دینے والے ہیں **واذن فی الناس بالحج** اور حضور علیہ السلام دین کے منادی **منادیا ینادی للایمان** رب نے دونوں منادیوں کو درود میں جمع فرمایا چوتھے: یہ کہ حضرت ابراہیم نے عرض کیا تھا۔ **واجعل لی لسان صدق فی الاخرین** یعنی اے رب میرا اچھا ذکر آئندہ لوگوں میں باقی رکھ حق تعالیٰ نے ان کی یہ دعا اس طرح قبول فرمائی کہ ان کا نام اپنے حبیب کے نام کے ساتھ درود میں ملا دیا کہ اس کی برکت سے ان کا ذکر خیر باقی رہے ان وجوہ سے حضور علیہ السلام کی افضلیت کا صاف پتہ لگتا ہے۔ دوسرا اعتراض: درود ابراہیمی کو مشبہ بہ بنایا گیا **کما صلیت علی ابرھیم** اور مشبہ بہ مشبہ سے بڑھ کر ہوتا ہے جیسے کہ زید شیر کی طرح ہے یقیناً شیر زید سے زیادہ بہادر ہے۔ جواب: بے شک ایک چیز میں ابراہیم علیہ السلام واقعی بہت بڑھ چڑھ کر ہیں کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیسا فرزند ملا جس سے ان کی شہرت اور عزت، حرمت کو چار چاند لگ گئے اور درود میں یہی رحمت مراد ہے کہو اب ابراہیم علیہ السلام بڑھ کر ہیں یا نہیں بے شک افضل ہیں مگر حضور ہی کے طفیل اور بھی اس کے بہت جواب ہو سکتے ہیں عام علماء یہ فرماتے ہیں کہ یہاں صرف شہرت کی وجہ سے تشبیہ دی گئی واللہ اعلم بالصواب تیسرا اعتراض: اس آیت میں تمام ضمیریں ذریت کی طرف لوٹ رہی ہیں کہ اس ذریت میں نبی آخری بھیجے جو انہیں علم و حکمت سکھائے اور انہیں پاک کرے تو کیا حضور انور صرف ذریت ابراہیمی کے معلم ہیں اور صرف انہیں کو پاک کرتے ہیں جواب: حضور تمام خدائی کے معلم و مزکی ہیں مگر اس ذریت پاک و صحابہ کرام کو بلاواسطہ اور دوسرے لوگوں کو ان کے واسطے سے انجن ساری ریل کو کھینچتا ہے مگر پہلے ڈبہ کو بلاواسطہ اور دوسرے ڈبوں کو اس کے واسطے سے چوتھا اعتراض: اگر حضور ساری خدائی کو پاک کرتے ہیں تو سب لوگ پاک کیوں نہ ہوئے کافر کیوں رہے۔ جواب: حضور سب کو پاک کرتے ہیں مگر سب آپ سے پاکی لیتے نہیں سورج سب کو چمکاتا ہے مگر چمگادڑ چمکتا نہیں لہٰذا سورج میں کمی نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر صوفیانہ : اگر گھر میں سب کچھ ہو مگر روشنی نہ ہو۔ تو کوئی بھی اس گھر سے نفع حاصل نہیں کر سکتا ساری متاع ابراہیمی ان کے بھرے گھر کا سامان ہے۔ اور حضور علیہ السلام اس گھر کا نور اسی لئے کعبہ کو بیت اللہ اور حضور علیہ السلام کو نور اللہ کہتے ہیں حضرت خلیل نے سب کچھ بنا کر اس نور کی دعا کی جس سے ظاہر و باطن چمکے اور عالم میں شریعت' طریقت کا نظام قائم رہے۔ اب بھی وہی نور بذریعہ اولیاء کاملین ہر دل تک پہنچ رہا ہے۔ اگر انسان عبادت اور ریاضت کا سارا سامان جمع کرے اور شیخ کا ہاتھ نہ پکڑے تو وہ اس سے فائدہ نہیں پا سکتا اس بیابان دنیا میں ایسے محافظ رہبر کی ضرورت ہے جو ہماری دولت ایمانی کو شیطان ڈاکو سے بچا کر اصل مقصود تک پہنچادے۔ شیخ کامل ہی سالک کے نفس کو التفات ماسوی اللہ کے میل سے پاک صاف کرتا ہے اور اس پر اندرونی اور بیرونی آیات قدرت تلاوت کرتا ہے جس سے کہ وہ زمرہ صدیقین میں داخل ہو جاتا ہے حافظ شیرازی فرماتے ہیں۔

بکوئے عشق منہ بے دلیل راہ قدم　　　که من بخویش نمودم صد اهتمام نشد

بارگاہ الٰہی عزیز ہے اس تک ہر بے تمیز نہیں پہنچ سکتا چاہئے کہ کسی صاحب تمیز کا دامن پکڑ لیا جائے صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ روشنی ظاہری بہت قسم کی ہوتی ہے چراغ کی بھی روشنی ہے بجلی و گیس کی بھی روشنی ہے چاند تاروں کی بھی روشنی ہے مگر ان میں سے کوئی روشنی رات کو دفع نہیں کر سکتی ان میں دوسری روشنیوں کی گنجائش رہتی ہے۔ مگر سورج کی روشنی وہ ہے جو رات کو دفع کر دیتی ہے۔ دن بنا دیتی ہے اور اس کے ہوتے ہوئے کسی روشنی کی ضرورت نہیں اس لئے سورج نکلتے ہی آسمانی تارے چاند زمینی چراغ وغیرہ سب بجھ جاتے ہیں ایسے ہی سارے انبیاء نور تھے ہمارے حضور سورج ہیں جن کے آنے پر سارے چراغ گل ہو گئے دن چڑھ گیا اس لئے ابراہیم علیہ السلام نے رسول واحد فرمایا یعنی ایک ایسا رسول بھیج جو اکیلا تمام دنیا کو کافی ہو۔

| |
|---|
| وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ |
| اور کون بے رغبتی کرے گا دین ابراہیم سے سوا اس کے جو جاہل کرے جان اپنی کو |
| اور ابراہیم کے دین سے کون منہ پھیرے سوا اس کے جو دل کا احمق ہے |
| وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ |
| اور البتہ تحقیق چن لیا ہم نے ان کو بیچ دُنیا کے　اور تحقیق وہ بیچ آخرت کے البتہ |
| اور بے شک ضرور ہم نے دنیا میں اسے چُن لیا　اور بے شک وہ آخرت میں ہمارے خاص |
| الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ |
| نیکوں میں سے ہیں　جب کہا واسطے ان کے رب ان کے نے اسلام لا کہا انہوں نے اسلام لایا |
| قرب کی قابلیت والوں میں ہے　جب اس سے اس کے رب نے فرمایا گردن رکھ عرض کیا میں نے |
| الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ |
| میں واسطے پالنے والے جہانوں کے |
| گردن رکھی اس کے لئے جو رب ہے سارے جہان کا |

marfat.com
Marfat.com

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے۔ پہلا تعلق: پہلے کعبہ معظمہ مکہ مکرمہ کی عظمت اور حضور علیہ السلام کی نبوت 'جن کے اہل کتاب منکر تھے ان کو ملت ابراہیمی کی اصل ثابت کیا گیا اب اس کا نتیجہ بتایا جا رہا ہے کہ یہ تین چیزیں دین ابراہیمی میں اصل الاصول ہیں۔ جو ان کا منکر ہے وہ دین ابراہیمی سے علیحدہ ہے اہل کتاب ان تین چیزوں کا انکار کر کے کس منہ سے اپنے ملت ابراہیمی پر ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں دوسرا تعلق: اس سے پہلے دین ابراہیمی کا نمونہ دکھلایا گیا۔ اب فیصلہ فرمایا جا رہا ہے کہ جو اس نمونہ کے مطابق ہو وہ دین ابراہیمی پر ہے اور اس کا مخالف اس ملت سے کوسوں دور لو اے اہل کتاب تم تو ہر بات میں ابراہیم علیہ السلام کے خلاف ہو اور مسلمان ساری باتوں میں ان کے مطابق حج 'طواف' قربانی نبی علیہ السلام کی پیروی وہ ہی کرتے ہیں نہ کہ تم لہٰذا وہ ہی ابراہیم علیہ السلام کے سچے متبع ہیں تم دعویٰ اتباع میں جھوٹے ہو۔

تیسرا تعلق : پچھلی آیت سے معلوم ہوا کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اولاد میں ایسے نبی کی تشریف آوری کی درخواست کی کہ جو لوگوں کو قرآن کی آیتیں پڑھائے اور ان کے دلوں کو پاک و صاف کرے۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ اس نبی میں ہی وہ ساری صفتیں موجود ہیں۔ اے اسرائیلیو نہ تمہارے پاس روحانی صفائی ہے اور نہ تلاوت لہٰذا دین ابراہیمی پر وہ ہیں نہ کہ تم۔

شان نزول : حضرت عبداللہ بن سلام نے جو کہ یہود کے بہت بڑے عالم تھے مسلمان ہو کر اپنے دو بھتیجوں مہاجر اور سلمہ کو دعوت اسلام دی اور ان سے فرمایا کہ تمہیں معلوم ہے کہ حق تعالیٰ نے توریت میں فرمایا ہے کہ میں اولاد اسمٰعیل سے ایک نبی پیدا کروں گا جن کا نام احمد ہو گا۔ جو ان پر ایمان لائے گا ہدایت پائے گا اور جو ان پر ایمان نہ لائے گا وہ ملعون ہو گا یہ سن کر سلمہ تو ایمان لے آئے مگر مہاجر نے اسلام سے انکار کر دیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (خزائن العرفان و روح البیان)

تفسیر : **ومن یرغب عن ملتہ ابرھیم' من** استفہامیہ ہے۔ جس سے اس دعویٰ کا بہت ظاہر ہونا بتایا جا رہا ہے **یرغب** رغب سے بنا۔ جس کے لغوی معنی ہیں وسعت و گنجائش چونکہ خواہش اور آرزو میں ارادہ کو وسعت ہوتی ہے۔ اس لئے اصطلاح میں اسے رغبت کہا جاتا ہے۔ جب اس کے بعد عن آئے تو اس کے معنی ہوتے ہیں۔ نفرت و کراہت اور جب اس کے بعد فی یا الیٰ آتا ہے تو اس کے معنی ارادہ یا خواہش ہوتے ہیں جیسے **الی ربنا راغبون** چونکہ یہاں 'عن آ رہا ہے اس لئے اس سے خواہش اور ارادہ کا پھر جانا مراد ہے یعنی دین ابراہیمی سے کون بے رغبتی کر سکتا ہے تفسیر عزیزی سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں بھی یرغب کے بعد فی والی عبارت اور **عن ملتہ** سے پہلے ایک اور عبارت پوشیدہ ہے یعنی وہ ابراہیم علیہ السلام جن پر سارے بنی اسرائیل و بنی اسمٰعیل فخر کرتے ہیں۔ ان سے کون منہ پھیرے گا **الا من سفہ نفسہ** سوا اس کے جو دلی احمق ہو **سفہ'** سفہ سے بنا ہے جس کے معنی ہیں ہلکا پن بیوقوف اور جاہل کو اس لئے سفیہ کہتے ہیں کہ وہ عقل کا ہلکا ہوتا ہے یہ لازم بھی آتا ہے متعدی بھی یعنی ہلکا ہونا اور ہلکا کرنا نفسہ کے زبر میں چند احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ یہاں سفہ متعدی ہے اور یہ اس کا مفعول بہ دوسرے یہ کہ سفہ کے معنی جہل اور خسر ہیں تیسرے یہ کہ اس کے معنی اہلک ہیں چوتھے یہ کہ اس کے معنی اصل ہیں یعنی جو اپنے کو ہلکا کر دے یا اپنے کو نقصان میں ڈال دے یا ہلاک کر دے یا گمراہ کر دے بعض نے فرمایا کہ یہ سفہ لازم ہے اور نفسہ کا زبر فی کے پوشیدہ ہونے کی وجہ سے ہے۔ ایک قرآت میں سفہ ف کی تشدید سے ہے تب تو بالکل ظاہر ہے چونکہ ملت ابراہیمی کی عظمت ظاہر کرنے کے لئے خلیل اللہ کی عظمت کا اظہار ضروری تھا کہ طبیب کی عظمت سے نسخہ کی عزت ہے بانی کے احترام سے

marfat.com
Marfat.com

بنا کی توقیر ہے اس لئے رب نے ان کے فضائل بیان کئے۔(تفسیر کبیر) **ولقد اصطفینه فی الدنیا** اصطفینا صفو سے بنا جس کے معنی ہیں کسی چیز کا ملاوٹ سے پاک ہونا اور کسی کو اپنے لئے خاص کر کے چن لینا ہمارے حضور علیہ السلام کا نام پاک مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے کیونکہ آپ عیبوں سے پاک ہیں اور رب نے آپ ہی کو اپنے لئے چن لیا یعنی حضرت ابراہیم کی شان اور ان کا حال تو یہ ہے کہ رب تعالیٰ نے ان کو دنیا ہی میں بہت سی صفات میں چن لیا ہے آپ ہی نبوت' رسالت' امامت' ولایت' ابوت انبیا کے جامع ہیں آپ کے متبعین قیامت تک رہیں گے خلیل آپ ہی کا لقب ہے افعال حج آپ پر ہی ظاہر ہوئے آپ ہی کا بنایا ہوا کعبہ ہمیشہ کے لئے باقی رکھا گیا آپ ہی کا بسایا ہوا مکہ مکرمہ جائے امن بنا آپ ہی کی تمام آسمانی دین والے تعریف کرتے ہیں خیال رہے کہ چناؤ دو قسم کا ہوتا ہے عمومی و خصوصی جس عہدہ پر چند آدمی رہ سکیں ان کا چناؤ عمومی ہو گا جیسے حکومت کے اہل کار جس عہدے پر صرف ایک شخص ہی رہ سکے اس کے لئے چناؤ بھی خصوصی ہو گا جیسے وزارت عظمیٰ کیلئے چناؤ رب تعالیٰ نے بندوں کا چناؤ ایمان' تقویٰ' ولایت نبوت' کے لئے فرمایا یہ تمام عمومی چناؤ تھے اگرچہ بعض بہت عام تھے بعض کم مگر محبوبیت کے لئے جناب مصطفیٰ کا خصوصی چناؤ ہوا اس محبوبیت عظمیٰ میں دوسرے کی گنجائش نہیں اس لئے صرف حضور کو مصطفیٰ کہا جاتا ہے یا یوں کہو کہ ایک زمانہ میں خلت وغیرہ خصوصی اوصاف کے لئے صرف حضرت ابراہیم کا خصوصی انتخاب و چناؤ ہوا تھا اب صرف حضور کا خصوصی چناؤ ہوا جیسے یہود سے فرمایا گیا **وانی فضلتکم علی العلمین** یا بی بی مریم سے فرمایا گیا **واصطفک علی نساء العلمین** لہٰذا اب ابراہیم علیہ السلام کو مصطفیٰ نہیں کہہ سکتے یا یوں کہو کہ جیسے عوام میں سے ممبروں کا انتخاب پھر ممبروں میں وزراء کا پھر وزراء سے وزیر اعظم کا انتخاب یوں ہی مقبولوں میں سے انبیاء کا انتخاب پھر انبیاء میں سے رسولوں کا پھر رسولوں میں مرسلین کا پھر مرسلین میں حضور مصطفیٰ کا۔ لہٰذا آیت واضح و بے غبار ہے اور پھر یہ ہی نہیں کہ فقط دنیا میں آپ کا یہ چناؤ ہوا بلکہ **وانہ فی الاخرۃ لمن الصلحین** وہ آخرت میں بھی خاص صالحین میں سے ہوں گے یعنی اگرچہ اس دن ان کی نبوت اور رسالت اور امامت ظاہر نہ ہو گی کیونکہ سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و جلالت سامنے ہو گی مگر پھر بھی خاص ولایت کا تاج ان کے سر پر ہو گا۔ (تفسیر عزیزی) کہ تمام لوگ قبروں سے ننگے اٹھیں گے اور سب سے پہلے آپ ہی کو خلعت ربانی ملے گی سب بے داڑھی والے ہوں گے آپ کے چہرۂ انور پر داڑھی پاک ہو گی وغیرہ **اذ قال لہ ربہ**' یہ **اذ** یا تو ظرفیہ ہے اور پوشیدہ فعل کا مفعول یا اصطفینا کا ظرف یا تعلیلہ اور اصطفینا کی علت یعنی وہ وقت بھی یاد کرو جب ان سے رب نے یہ کہا' یا رب نے انہیں جبھی چن لیا تھا جب ان سے یہ فرمایا گیا تھا یا انہیں رب نے اس لئے چنا کہ ان سے یہ فرمایا خیال رہے کہ یہاں قال سے وحی خفی یعنی الہام مراد ہے کیونکہ اس واقعہ کے وقت آپ کی نبوت ظاہر نہ تھی۔ (تفسیر عزیزی) یعنی آپ کے رب نے ان کے قلب میں اشارۃً" **اسلم** فرمایا' اسلام لاؤ یہاں اسلام کے عرفی معنی مراد نہیں کیونکہ انبیاء کرام ہمیشہ ہی سے مومن ہوتے ہیں بلکہ لغوی معنی مراد ہیں یعنی اپنے کو رب کے سپرد کرو اور اس کے حضور سر جھکا دو تفسیر عزیزی نے فرمایا کہ رب نے یہ فرمایا کر انہیں اپنے میں ایسا جذب کر لیا کہ وہ فنا فی اللہ ہو گئے اور بے اختیار پکار اٹھے کہ **قال اسلمت لرب العلمین** میں نے اپنے کو رب کے سپرد کر دیا عزیزی نے فرمایا کہ رب نے ان میں سارے کمالات کی قابلیت دیکھ کر کمالات عطا فرمائے اور انہوں نے اپنی جان و اولاد اہل قرابت اور زن و فرزند سب کچھ راہ مولیٰ میں قربان کر کے اپنے جذب کا عملی ثبوت دے دیا روح

marfat.com
Marfat.com

البیان نے فرمایا کہ یہاں اسلام سے عرفی اسلام ہی مراد ہے اور اس کے معنی ہیں اسلام پر ثابت قدم رہو آپ نے اس کا اقرار کیا اور ثابت کر دکھایا اور یہ واقعہ جب ہوا جب کہ آپ ایک غار میں پرورش پا رہے تھے اور سات سال کی عمر شریف میں ہی چاند تاروں اور سورج کی ربوبیت کا انکار اور حق کی ربوبیت کا اقرار کیا۔ جس کا ذکر ان شاء اللہ ساتویں پارہ میں اس آیت کی تفسیر میں آئے گا۔ فلما را الشمس بازغۃ چونکہ وہ زمانہ نمرود کی سلطنت کا تھا اس وقت ایمان پر قائم رہنا اور اپنے اسلام کا اعلان کرنا آسان نہ تھا مگر آپ نے تمام کفار اور نمرود کا مقابلہ کر کے اپنے اسلام کا اعلان فرمایا اور اس پر جس قدر مصیبتیں پڑیں جھیلیں اس لئے رب نے آپ کے اس عمل شریف پر آپ کو عظمت بخشی اس سے معلوم ہوا کہ مصیبت کے زمانہ میں اسلام کا اعلان اور اس پر قائم رہنا بڑے درجہ کا باعث ہے۔ لہٰذا ہم صحابیوں کی طرح نہیں ہوسکتے کہ ہم آرام کے وقت مومن ہیں وہ مصیبتوں کے زمانہ کے مومن اور حضور پر قربان یہ بھی معلوم ہوا کہ تقیہ اسلام کے خلاف ہے۔

**خلاصہ تفسیر:** اے اہل کتاب تم جو کعبہ کی عظمت مکہ مکرمہ کی عظمت نبی آخر الزمان کی نبوت کا انکار کرتے ہو۔ تو در حقیقت ملت ابراہیمی کے منکر ہو کیونکہ یہ چیزیں جو اسلام کے اصول ہیں ملت ابراہیمی کی بھی اصل ہیں اور دین ابراہیمی کا اس کے سوا کون انکار کرے گا۔ جو خود نادان اور نرا احمق ہو کیونکہ ابراہیم علیہ السلام وہ ہیں کہ جنہیں خدا تعالیٰ نے دنیا میں بھی برگزیدہ کیا کہ سارے موحد ان کو اپنا پیشوا جانتے ہیں اور ہر جگہ ان کا ذکر خیر جاری ہے اور عرب و عجم میں ان کے نام کے ڈنکے بج رہے ہیں اور آخرت میں بھی ان کے مرتبے بلند ہیں اور وہ خاص درجہ والوں سے ہیں اور یہ بزرگیاں انہیں کیوں نہ ملتیں جب ان کی فرماں برداری اور اطاعت شعاری کا یہ عالم ہے کہ جب ہم نے ان سے فرمایا کہ تم ہر طرح ہمارے مطیع ہو جاؤ اور ہمارے حضور اپنا سر نیاز جھکا دو تو اگرچہ ان کو بہت سے دنیوی رکاوٹیں درپیش تھیں اور بڑی مصیبتوں کا سامنا تھا مگر بلا تامل فرمایا کہ میں دل و جان سے اپنے رب کا تابعدار ہوں اور اس پر عمل کیا کہ بایدو شاید جب انہیں آگ میں ڈالا گیا تو جبریل نے عرض کیا کہ کیا آپ کو کچھ حاجت ہے؟ فرمایا تم سے کچھ نہیں عرض کیا رب سے ہے فرمایا وہ خود جانتا ہے۔ عرض کرنے کی ضرورت نہیں۔ (روح البیان) یہ ہی مقام) ہمارا اشارہ پا کر فرزند کی قربانی کے لئے تیار ہو گئے ہماری رضا کے لئے گھر بار چھوڑ دیا غرض کہ جو کچھ کہا تھا وہ کر کے دکھایا۔

**فائدے:** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ: صحیح مذہب کی پہچان یہ ہے کہ وہ سلف صالحین کے مطابق ہو کیونکہ وہ ہدایت کا نمونہ ہیں دیکھو رب نے اسلام کی حقانیت کا یہاں یہ ثبوت دیا کہ دین ابراہیمی کا ذکر فرما کر اسلام کی اس سے مطابقت فرمادی آج بے قیدی کا حال یہ ہے کہ ہر کس و ناکس نیا دین نکال لیتے ہیں اور بے دھڑک گزشتہ بزرگوں کو کافر کہہ دیتے ہیں۔ جیسے دیوبندی' نیچری وغیرہ کہ ان بے دینوں کے ہاں وہ کام شرک ہیں جنہیں بزرگان دین متبرک سمجھ کر کرتے ہیں۔

**دوسرا فائدہ:** ہم کو چاہئے کہ اگرچہ خود اچھے نہ ہوں مگر کسی اچھے کے پیچھے لگ جائیں دیکھو اس آیت میں یہی تو بتایا کہ اس ہستی ابراہیم کی پیروی کا تو بیوقوف ہی انکار کرے گا کیونکہ عقلمند تو سمجھتا ہے کہ انجن اپنے پیچھے والے ہر قسم کے ڈبوں کو کھینچ لے جاتا ہے خواہ وہ سیکنڈ' فسٹ ہو یا تھرڈ مال گاڑی کا ڈبہ مگر چاہئے کہ اس سے کڑی مضبوط ملی ہو **تیسرا فائدہ:** کبھی بالواسطہ بھی کسی کی پیروی کی جاتی ہے دیکھو اس آیت نے حضور کی پیروی کو ابراہیم علیہ السلام کی پیروی قرار دیا ہم کو بھی چاہئے کہ حضور کی

marfat.com
Marfat.com

پیروی کے لئے موجودہ علماء ربانی اور کامل مشائخ کی غلامی کریں۔ **چوتھا فائدہ:** حضرات انبیاء کرام ظہور نبوت سے پہلے بھی رب کے پاس سچے مطیع فرمانبردار ہوتے ہیں کیونکہ یہاں اسلم اور اسلمت کی گفتگو ابراہیم علیہ السلام کی نبوت سے پہلے کی ہے جو ان کو کسی وقت بے دین مانے وہ خود بے دین ہے۔ **پانچواں فائدہ:** جو شخص اپنے کو ابراہیمی کہے مگر ان کے ایک فرزند حضرت اسحاق کو مانے حضرت اسماعیل کا انکار کرے اور ان کے لگائے ہوئے باغ مکہ معظمہ کعبہ شریف اور حضور کی ذات کریم کا منکر ہو وہ ملت ابراہیمی پر ہی نہیں بلکہ ان کا دشمن ہے لہٰذا وہ روافض جو حضور کی اولاد میں صرف فاطمہ زہرا کو مانیں باقی سے دشمنی رکھیں حضرت علی کی اولاد میں صرف حسن و حسین کو مانیں باقی کو گالیاں دیں حضور کے داماووں میں صرف حضرت علی کو مانیں باقی داماووں کو گالیاں دیں وہ حضور کے دین کے منکر ہیں وہ اپنی فہرست کو مانتے ہیں نہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو **چھٹا فائدہ:** بارگاہ الٰہی میں وہ عاقل ہے جو اللہ رسول کا مطیع ہو ان سے پھر جانے والا احمق و بے عقل ہے اگرچہ دنیاوی کاموں میں بڑا چالاک ہو۔ دیکھو رب نے چالاک اہل کتاب کو سفیہ و احمق فرمایا **ساتواں فائدہ:** دین و ملت کی عظمت ظاہر کرنے کے لئے نبی کی تعریف کرنی ضروری ہے۔ دیکھو رب نے پہلے ملت ابراہیمی کی عظمت بیان کی پھر اس کی دلیل میں جناب خلیل اللہ کی تعریفیں کیں اس سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو حضور کی تعریف کو رب کی یا اسلام کی توہین سمجھتے ہیں۔ **آٹھواں فائدہ:** گناہ گار کو چاہئے کہ اپنی بخشش کے لئے کسی مقبول کا دامن پکڑے۔

**اعتراض: پہلا اعتراض:** اگر **اذ قال** **اصطفینا** کا ظرف ہو تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ ابراہیم علیہ السلام کو رب نے خاص اس وقت چنا نہ کہ اس سے پہلے تو کیا پہلے وہ برگزیدہ نہ تھے۔ **جواب:** آپ کی برگزیدگی ہمیشہ سے ہے مگر بعض وقت اس کے آثار لوگوں پر بھی ظاہر ہوتے رہے یہ وقتوں کی قید آثار کے ظہور کے لحاظ سے ہے جیسے کہا جاتا ہے کہ زید میدان جنگ میں بہادر ہے یا بکر مدرسہ میں پہنچ کر علم کا دریا ہے۔ ظاہر ہے کہ زید میں شجاعت تو ہر وقت ہے مگر اس کا ظہور میدان جنگ میں **دوسرا اعتراض:** اس آیت میں کہا گیا کہ ابراہیم علیہ السلام کو رب نے چنا تو چاہئے کہ انہیں بھی مصطفیٰ کہا جائے حالانکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سوا کسی کا یہ لقب نہیں **جواب:** بے شک رب نے انہیں برگزیدہ فرمایا مگر یہ لقب حضور ہی کا ہے۔ وصف ہونا اور بات ہے لقب ملنا دوسری بات حق تعالیٰ سارے مسلمانوں سے فرماتا ہے **هو الذی یصلی علیکم وملئکته** مگر انبیاء کرام کے سوا کسی بھی مسلمان کو صلی اللہ علیہ وسلم نہیں کہا جاتا **تیسرا اعتراض:** یہاں اسلم فرمانے سے معلوم ہوا کہ کبھی ابراہیم علیہ السلام اسلام سے خالی بھی تھے۔ حالانکہ انبیاء کفر سے ہمیشہ پاک ہوتے ہیں۔ **جواب:** اس کا جواب تفسیر میں گزر گیا اس سے یا تو اطاعت کرنا مراد ہے یا اسلام پر قائم رہنا اپنے کو رب کے سپرد کر دینا یا خلائق سے منہ موڑ کر رب کی طرف جذب ہو جانا اور اگر ظاہری معنی اسلام ہی مراد ہوں تو یہ واقعہ عالم ارواح کا ہے نہ کہ اس دنیا کا اس عالم میں تمام روحیں صفات سے خالی پیدا ہوئیں پھر نوری چھینٹے سے ان کے مختلف حالات ہوئے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے **چوتھا اعتراض:** کیا وجہ ہے کہ خدا نے ابراہیم ہی کو پسند کیا اگر پارسا ہونے سے کیا تو پارسا اور بھی ہو سکتے ہیں اور اس کی کیا وجہ ہے؟ کہ جو دین ابراہیمی کو نہ مانے وہ بے عقل ہے۔ (ستیارتھ پرکاش) **جواب:** شاید پنڈت جی کی آنکھیں دکھتی ہیں جس سے وہ پوری آیت دیکھ نہ سکے رب تعالیٰ سارے پارساؤں کو پسند فرماتا ہے۔ چونکہ ابراہیم علیہ السلام اعلیٰ درجہ کے پارسا ہیں۔ اس

marfat.com
Marfat.com

لئے وہ اعلیٰ درجہ کے مقبول اور ان کا دین رب کا سیدھا راستہ ہے جو سیدھا راستہ چھوڑ کر ٹیڑھا راستہ اختیار کرے اس سے بڑھ کر بیوقوف کون ہے۔

تفسیر صوفیانہ : اس آیت میں نہایت نفیس دو اشارے ہیں ایک یہ کو جو اپنے نفس کو پہچان لے گا۔ وہ رب کو ضرور پہچانے گا بت پرست اور دنیا پرست دراصل اپنے سے ناواقف ہے اگر اپنے کو جانتا تو رب سے کبھی بے خبر نہ رہتا اپنے ضعف سے رب کی قوت کا اپنے عجز سے رب کی قدرت کا اپنے فنا سے رب کی بقا کا پتہ لگتا ہے نفس پردہ ہے جس کی رو او جلوۂ محبوب ہے۔ مولانا اس کو خوف حل فرماتے ہیں۔

جملہ معشوق است عاشق پردہ زندہ معشوق است و عاشق مردۂ
چیست توحید خدا آموختن خویشتن را پیش واحد سوختن
ہستیت درہست آں ہستی نواز ہمچو مس درکیمیا اندر گداز

رب نے بھی اپنا پتہ اس طرح دیا **وفی انفسکم افلا تبصرون** ہمارے جلوے تمہارے نفسوں میں ہیں تم دیکھتے کیوں نہیں۔ دوسرا اشارہ یہ ہے کہ رب کے راستہ میں ایک عظیم الشان دریا ہے جس کا نام ہے شریعت اس کی کشتی ہے طریقت یوں سمجھو کہ شریعت اسلام ہے اور طریقت لستسلام جو بہادر اس کشتی کے ذریعہ دریا پار کر گیا تو پھر وہ رب کا ہے اور رب اس کا دیکھو رب نے ابراہیم علیہ السلام کو **اصطفی** کا تمغہ کب دیا۔ جب ان سے اسلم فرماکہ یہ دریا عبور کرالیا۔ محبوب بننے کے لئے ضروری ہے۔ کہ محبوبیت کے پردے پھاڑ دیئے جائیں اور رب جانے کہ اسلم فرماکہ ان کے کتنے حجاب اٹھادیئے اور انہوں نے اسلمت کہہ کہ کتنے پردے پھاڑ ڈالے معراج میں اپنے حبیب کو ادن کہہ کر قریب کیا یہاں خلیل کو اسلم فرماکر صحیح سلامت اپنے سے واصل کرلیا اللہ ہمیں واصلین میں سے فرمائے صوفیاء فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے انبیاء کرام خصوصاً ابراہیم علیہ السلام کی دعائیں اور کلام قرآن ہی نے نقل کیئے حضور نے ان کے وظیفے کئے تاکہ لوگوں میں ان بزرگوں کا چرچا رہے۔ اور لوگوں کو ان کی طرح عبادات کا شوق ہو اور ان کلمات کی برکت سے رب تعالیٰ لوگوں کو نیکیوں کی توفیق دے ان کلمات میں بھی تاثیر ہے۔ چنانچہ ہم نماز پڑھتے وقت **انی وجھت** الخ مصیبت کے وقت **لا الہ الا انت** پڑھتے ہیں۔

| |
|---|
| وَ وَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَ يَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِىَّ اِنَّ اللّٰهَ |
| اور وصیت کی ساتھ اس کے ابراہیم نے بیٹوں اپنے کو اور یعقوب نے اے بچو میرے تحقیق |
| اور اسی دین کی وصیت کی ابراہیم نے اپنے بیٹوں کو اور یعقوب نے کہ اے میرے بیٹو بیشک |
| اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ |
| اللہ نے چن لیا واسطے تمہارے یہ دین پس ہرگز نہ مرو تم مگر اس حال میں کہ |
| اللہ نے یہ دین تمہارے لیے چن لیا تو نہ مرنا مگر |

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| مُّسْلِمُوْنَ ۱۳۲ |
| تم مسلمان ہو |
| مسلمان |

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق: پچھلی آیت میں ابراہیم علیہ السلام کے ذاتی کمال کا ذکر فرمایا گیا وہ خود کامل بلکہ کامل تر ہیں۔ اب فرمایا جارہا ہے کہ وہ کامل گر بھی ہیں یعنی اوروں کو بھی اپنے فیوض سے کامل فرماتے ہیں۔ گویا پہلے ان کے کمال کا ذکر تھا اور اب ان کے اکمال کا دوسرا تعلق: کمالات ابراہیمی کو سن کر کوئی کہہ سکتا تھا کہ ان کی ملت انہیں کے ساتھ تھی کہ اس پر یا تو وہ خود عامل ہوں یا بڑے بڑے پیغمبر۔ ہم عوام کو یہ حق نہیں کہ انکے دین کی پیروی کریں کیونکہ یہ ہماری استعداد سے بڑھ کر ہے۔ اب اس وہم کی تردید فرمائی جارہی ہے کہ ان کا دین بہت آسان اور واضح ہے۔ جس کی انہوں نے اپنی ساری اولاد کو وصیت فرمائی اگر وہ ان کی خصوصیات سے ہوتا۔ تو اس کا دوسروں کو حکم نہ فرماتے تیسرا تعلق: پہلے فرمایا گیا تھا کہ دین ابراہیمی سے بے وقوف ہی علیحدہ رہے گا۔ اس کی ایک وجہ تو اسی آیت میں بیان کردی گئی کہ وہ نہایت کامل دین ہے۔ دوسری وجہ اب بتائی جارہی ہے کہ اس پر قائم رہنے کی انہوں نے وصیت بھی کی تھی اور جو اپنے بزرگوں کی وصیت نہ مانے وہ بڑا بے وقوف ہے چوتھا تعلق: پچھلی آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ اسلام کی عملی تبلیغ کا ذکر فرمایا کہ آپ نے دنیا والوں کو اس طرح عبادات کرکے دکھائیں اس آیت میں آپ کی قومی تبلیغ کا ذکر کیا ہے کہ اپنی اولاد کو عبادات کی یوں وصیت فرمائی۔ بزرگوں کے اعمال بھی تبلیغ ہوتے ہیں رب تعالیٰ نے ان کے اعمال واقوال قرآن کریم میں اس لئے نقل کئے کہ لوگوں کو تبلیغ ہو۔

تفسیر : **ووصی** یہ **وصیۃ** سے بنا جس کے لغوی معنی ہیں کسی پر کوئی نیک بات پیش کرنا۔ اصطلاح میں تاکیدی حکم کو وصیت کہا جاتا ہے۔ اسی لئے مرنے والے کے آخری پیغاموں کو وصیت کہتے ہیں کہ ان کے پورا کرنے کی بہت تاکید ہے۔ نیز رب فرماتا ہے **یوصیکم اللہ فی اولادکم** لہٰذا وصی کا یہ مطلب نہیں کہ انہوں نے اپنی زندگی پاک میں تو اپنے فرزندوں کو تبلیغ اسلام نہ فرمائی صرف وصال کے وقت فرمائی۔ بلکہ یہ مطلب ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے بتاکید حکم دیا یا وفات کے وقت بھی حکم فرماگئے **بھا** اس اسلام کا یا اس ملت کا چونکہ اسلمت میں تو اسلام کا ذکر آگیا تھا اور **عن ملتہ** میں ملت کا لہٰذا دونوں طرف ضمیر لوٹ سکتی ہے اگرچہ ضمیر مونث ہے۔ **ابراھیم بنیہ** بنی ابن کی جمع ہے یعنی بیٹے اگرچہ آپ کی وصیت سب کے لئے ہی تھی مگر بیٹوں کا ذکر خصوصیت سے اس لئے کیا کہ وہ آپ کا نمونہ بنیں اور دنیا میں تبلیغ کریں۔ خیال رہے کہ ابراہیم علیہ السلام کی تین بیویوں سے آٹھ بیٹے تھے حضرت ہاجرہ کے شکم سے اسمٰعیل علیہ السلام جو سب سے بڑے تھے اور حضرت سارا کے شکم سے اسحاق علیہ السلام جو حضرت اسمٰعیل سے چودہ سال عمر میں چھوٹے تھے۔ اور تنطورا بنت یقطن کنعانیہ کے شکم سے چھ بیٹے مدین، مدائن، زمران، یقشان، نشیق اور نوح (تفسیر روح البیان، عزیزی، حقانی قدرے اختلاف) خیال رہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے سب سے پہلے اپنے چچا ہاران کی بیٹی سارا سے نکاح کیا۔ پھر حضرت ہاجرہ سے حضرت سارا کی وفات کے بعد تنطورا سے

marfat.com
Marfat.com

آپ کے دو بیٹے یعنی اسمٰعیل اور اسحاق علیہم السلام تو پیغمبر ہوئے باقی چھ متقی مسلمان۔ اسمٰعیل علیہ السلام کو مکہ معظمہ میں بسایا۔ اور اسحاق علیہ السلام کو اپنے ساتھ کنعان رکھا۔ اور مدین کو وہاں رکھا جہاں انہیں کے نام سے شہر مدین بسا شعیب علیہ السلام انہیں کی اولاد سے تھے۔ مدائن وغیرہ کو شام و روم وغیرہ میں بحکم الٰہی آباد کیا پھر اسمٰعیل کے بارہ بیٹے ہوئے جن میں سے مجھلے بیٹے (چھوٹے سے بڑے) قیدار تھے۔ جس کی نسل سے ہمارے نبی ہیں (از عزیزی و حقانی) **و یعقوب** ہماری قرات میں یعقوب ب کے پیش سے ہے یعنی یعقوب نے بھی اپنی اولاد کو یہ ہی وصیت کی تھی او. ایک قراءت میں یعقوب کا نصب بھی ہے یعنی ابراہیم نے سارے بیٹوں اور اپنے پوتے یعقوب علیہ السلام کو وصیت کی (تفسیر کبیر) یعقوب عقب سے بنا جس کے معنی ہیں پاؤں کی ایڑی چونکہ آپ اپنے بھائی عیص کے ساتھ ہی اس طرح پیدا ہوئے کہ آپ کے ہاتھ ان کی ایڑی سے لگے ہوئے تھے اس لئے آپ کا نام یعقوب ہوا خیال رہے کہ اسحاق علیہ السلام کا نکاح لوط علیہ السلام کی دختر سے ہوا۔ ان کے شکم سے یعقوب علیہ السلام پیدا ہوئے لہٰذا آپ ابراہیم علیہ السلام کے پوتے اور حضرت لوط کے نواسے آپ کے دو بیبیوں اور چند لونڈیوں کے بطن سے بارہ بیٹے تھے۔ آپ نے اپنے ماموں لایان کی بیٹی لیاسے نکاح کیا۔ جن سے روحیل۔ شمعون اور رلاوا یہودا ہوئے لیا کے انتقال کے بعد ان کی ہمشیرہ یعنی اپنی چھوٹی سالی راحیل سے نکاح کیا جن سے یوسف علیہ السلام اور بنیامین ہوئے باقی چھ بیٹے زیتون' یشاخر' وان' نغتالی اور رکاوا اور انترا کہ یہ سب بلہ' زلفہ وغیرہا لونڈیوں سے پیدا ہوئے۔ (عزیزی و حقانی) یعقوب علیہ السلام کی عمر 147 سال کی ہوئی اور ایک روایت میں ہے کہ آپ نے مصر میں وفات پائی اور آپ کی وصیت کے مطابق بیت المقدس میں اسحاق علیہ السلام کی قبر کے پاس دفن کیا گیا۔ **یبنی** اے میرے بچو یہاں **بنین** کو' متکلم کی طرف مضاف کیا گیا **ان اللہ اصطفی لکم الدین** اللہ نے تمہارے واسطے یہ دین یعنی اسلام جو کہ تمام دینوں سے چھٹا ہوا دین ہے پسند کیا اور چن لیا **الدین** میں یا تو الف لام عہدی ہے یا جنسی یعنی اس خاص دین کو یا مطلق دین کو چن لیا۔ گویا اسلام ہی دین ہے اس کے سوا اور ادیان دین ہی نہیں اور جو بھی اعتقاد و عمل اس کے خلاف ہو رب کے ہاں مقبول نہیں۔ لہٰذا خبردار **فلا تموتن الا و انتم مسلمون** تم اسلام کے سوا کسی اور دین پر نہ مرنا۔ یہاں مرنے سے ممانعت نہیں اور نہ اس کا یہ مطلب ہے کہ تم زندگی میں تو کفر کرتے رہنا اور موت کے وقت ایمان لے آنا بلکہ یہ مطلب ہے کہ ہر وقت اسلام پر قائم رہنا۔ کیونکہ موت کا ہر وقت ہی اندیشہ ہے لہٰذا کوشش کرنا کہ موت تمہیں اسلام پر آئے ایک روایت میں ہے کہ یعقوب علیہ السلام جب مصر تشریف لائے تو وہاں بعض لوگوں کو بت پرستی کرتے دیکھا۔ تو آپ نے اپنے سب فرزندوں کو جمع فرما کہ یہ وصیت فرمائی۔

خلاصہ تفسیر : اے لوگو ابراہیم علیہ السلام خود تو کامل اور کامل تر تھے۔ مگر انہوں نے چاہا کہ میرے جانشین بھی میرے ہی قدم بقدم چل کر میرا نمونہ بنیں۔ تاکہ لوگ انہیں دیکھ کر میرے راستہ پر چل سکیں اس لئے ابراہیم علیہ السلام نے تو اپنے بیٹوں کو اور یعقوب علیہ السلام نے اپنے فرزندوں کو بتاکید حکم دیا کہ اے بچو! جھوٹے دین تو لوگوں کے اپنے بنائے ہوئے ہیں۔ مگر اپنے بندوں کے لئے جو رب نے دین بھیجا ہے۔ وہ یہ دین اسلام ہے لہٰذا تم ہمیشہ اسی دین پر قائم رہنا اور کوشش کرنا کہ دنیا سے اسی دین پر جاؤ۔ اور چونکہ موت کا ہر وقت اندیشہ ہے لہٰذا ہر وقت ہی اسلام پر جمے رہنا خیال رہے کہ انبیاء کے مال میں چونکہ میراث نہیں لہٰذا ان کی وصیت بھی نہیں ان کے مال کی میراث یا وصیت نہیں بلکہ ان کے اعمال یا کمال یا حال کی میراث یا وصیت ہے

marfat.com
Marfat.com

قرآن کریم نے حضرت داوٗد زکریا علیہما السلام کی وراثت کا ذکر کیا ہے مگر وراثت مال نہیں بلکہ وراثت علم و وراثت دینی ہے اور ابراہیم و یعقوب علیہما السلام کی وصیتوں کا ذکر ہے۔ مگر وصیت مال نہیں بلکہ وصیت دینی اس سے روافض عبرت پکڑیں جو حضور کی مالی میراث بھی مانتے ہیں اور مالی وصیت بھی انہوں نے حضور کی شان پہچانی ہی نہیں یہاں وصی فرمانے میں چند خوبیاں ہیں-1 ایک یہ کہ وصیت عام طور پر خوف یا موت کے وقت ہوتی ہے اور ان وقتوں میں انسان بہت احتیاط سے کام لیتا ہے۔ تو معلوم ہوا کہ ان حضرات نے بہت احتیاط فرماتے ہوئے تاکیداً یہ حکم فرمایا۔2 دوسرے یہ کہ اپنے بچوں کو خاص طور پر یہ وصیت فرمائی اور ظاہر ہے کہ ماں باپ اولاد پر زیادہ مہربان ہوتے ہیں تو اگر اسلام سے زیادہ ان کی نگاہ میں کوئی اور چیز پیاری ہوتی تو اس کی وصیت فرماتے لہٰذا اسلام ہی بڑی لذیذ اور افضل چیز ہے۔3 تیسرے یہ کہ ان حضرات نے یہ وصیت عام طور پر اپنے فرزندوں کو کی۔4 چوتھے یہ کہ اسی وصیت میں کسی جگہ اور وقت کی قید نہ لگائی۔5 پانچویں یہ کہ اس کے سوا اور کوئی وصیت نہ کی ان تمام وجوہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان حضرات کی نگاہ میں دین بڑی ضروری چیز تھی۔ جو بد نصیب کہ ان کی وصیت پوری نہ کرے وہ ان کی روح کو تکلیف دیتا ہے اور وہ اپنے کو ابراہیمی کہنے کا حق دار نہیں۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ:** بزرگوں کو چاہیئے کہ سب سے پہلے اپنی اولاد کو سنبھالیں پھر دیگر لوگوں کو جیسا کہ اس آیت سے معلوم ہوا اور حضور علیہ السلام کو بھی یہ ہی حکم دیا گیا **وانذر عشیر تک الاقربین** جس پر عمل کرتے ہوئے آپ نے اپنے اہل قرابت کو ہی تبلیغ فرمائی یہاں تک کہ اپنی لخت جگر فاطمہ زہرا سے فرمایا کہ اگر تم نے اسلام قبول نہ کیا اور غضب الٰہی جوش میں آگیا تو میں دور نہ کروں گا۔ **دوسرا فائدہ:** اپنی اولاد اور اہل قرابت کو آہستگی سے بار بار سمجھانا چاہیے جیسا کہ وصی کی تشدید سے معلوم ہوتا ہے کہ ان حضرات نے عمدہ طریقہ سے ہمیشہ تبلیغ فرمائی **تیسرا فائدہ:** اسلام اور ایمان کا فائدہ جب ہی ہے کہ جب اس پر موت ہو اسی لئے ان حضرات نے موت تک اسلام پر قائم رہنے کا حکم دیا **چوتھا فائدہ:** انبیاء کرام کی نگاہ میں اہم چیز دین ہے نہ کی دنیوی مال۔ اسی لئے وہ حضرات وصیت بھی دین ہی کی فرماتے ہیں نہ کہ دنیا کی حضور علیہ السلام نے بھی فرمایا کہ ہماری میراث علم ہے، ہم جو کچھ مال چھوڑیں وہ صدقہ ہے روافض کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کو اپنے اخیر وقت میں بھی فدک وغیرہ مال کی فکر تھی اور آپ اس ہی کی حضرت علی اور فاطمہ زہرا کو وصیت فرما گئے اس سے لازم آتا ہے کہ ابراہیم اور یعقوب علیہما السلام حضور سے بڑھ جائیں کہ وہ تو دین کی وصیت کریں اور آپ چند درخت کھجوروں کی **پانچواں فائدہ:** بغیر ایمان پیغمبر زادگی بیکار ہے بلکہ بڑوں کی اولاد کو زیادہ کامل الایمان ہونا چاہئے تاکہ ان سے ان کے بزرگوں کا نام روشن ہو اور لوگ راہ ہدایت پائیں۔ **چھٹا فائدہ** ماں باپ کو چاہئے کہ کبھی اپنی اولاد سے بے خبر نہ رہیں۔ ہمیشہ اس کو نصیحت کرتے رہیں اور ان کے اعمال کی کڑی نگرانی کریں۔ دیکھو ابراہیم علیہ السلام وفات کے وقت بھی اس طیب و طاہر اولاد سے بے فکر نہ ہوئے اپنے بعد کے لئے انہیں وصیت فرما گئے۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** موت غیر اختیاری چیز ہے تو لا تموتن فرما کہ اس سے منع کرنے کے کیا معنی؟ حکم اور ممانعت اختیاری چیز میں ہوتی ہے۔ **جواب:** اس کا جواب تفسیر میں گزر گیا۔ کہ یہاں موت سے ممانعت نہیں بلکہ غیر مسلم ہو کر مرنے سے ہے اور در حقیقت یہ اسلام پر رہنے کا حکم ہے جیسے کہ کوئی کہے کہ نماز مت پڑھو 'بغیر حضور قلب اس میں نماز سے روکنا

marfat.com
Marfat.com

نہیں بلکہ دل حاضر رکھنے کا حکم ہے دوسرا اعتراض: ابراہیم اور یعقوب علیہما السلام کے دین کا نام اسلام نہ تھا تو انہوں نے اسلام پر قائم رہنے کی کیوں وصیت کی؟ جواب: یہاں اسلام کے لغوی معنی مراد ہیں نہ کہ اصطلاحی۔ ہر پیغمبر کی امت لغتہً مسلمان یعنی رب کی فرمانبردار تھی اس وصیت میں لطیف اشارہ یہ بھی ہے کہ میری اولاد میں جو بھی جس پیغمبر کا زمانہ پائے اس کی اطاعت کرے کیونکہ یہ ہی رب کی اطاعت اور یہ ہی اسلام ہے یہ ضد نہ کرے کہ ہم تو دین یعقوبی ہی مانیں گے یہ دین نسخ سے پہلے اسلام ہے نہ کہ اس کے بعد تیسرا اعتراض: ابراہیم اور یعقوب علیہما السلام کا زمانہ ایک نہیں تو ان کو اس آیت میں جمع کیوں کیا گیا۔ جواب: اہل کتاب ان دونوں حضرات کو بڑا بزرگ مانتے ہیں۔ کیونکہ وہ اپنے دین کو ابراہیمی دین اور اپنے کو یعقوب علیہ السلام کی اولاد کہتے ہیں اس لئے ان دونوں کا ذکر فرما کر یہ بتایا گیا کہ تم عملاً نہ ابراہیمی ہو اور نہ اسرائیلی فرق زمانہ کے لحاظ سے ایسی عبارت فرمائی گئی ورنہ عبارت یوں ہوتی۔ **وصی بها ابرهيم و يعقوب بنيهما**

تفسیر صوفیانہ: ہواء نفس ہادیہ کا راستہ ہے اور نفس کی شرارت کی اصل یہ ہے کہ وہ اپنی بڑائی دیکھتی ہے برائیوں پر نظر نہیں کرتی اہل کتاب کی نظر اس پر تھی کہ ہم پیغمبروں کی اولاد ہیں اس پر نہ تھی کہ ہم عملاً ان سے دور ہیں اس بیماری سے بچانے کے لئے ان دونوں پیغمبروں نے اپنی اولاد کو حکم دیا کہ تم مرتے دم تک اپنی ایمانی اور عملی حالت پر نظر کرنا یہ خیال نہ کرنا کہ ہم ابراہیمی اور اسرائیلی ہیں ٹھنڈے لوہے کو کوٹنا بیکار ہے۔ اس کا گرم کرنا ضروری ہے اسی طرح نفس کو اعمال کی بھٹی میں گرم کرو پھر تصوف کے ہتھوڑے سے کوٹو تاکہ وہ کچھ کام کا بن جائے۔ صوفیاء فرماتے ہیں کہ بعض بدعمل یہ سمجھتے ہیں کہ رب غفور رحیم ہے ہمیں اس کی بخشش کی امید ہے مگر وہ جھوٹے ہیں اگر انہیں امید ہوتی تو اس کی اطاعت بھی کرتے رب سے امید عین ایمان ہے اور اس پر امن کفر (روح)۔

دوسری تفسیر: ابراہیم و یعقوب علیہما السلام نے اپنی اولاد کو کلمہ توحید کی وصیت کی اور فرمایا کہ یہی دین وہ ہے جسے موحد اختیار کرے اس کے سوا نہ کوئی دین ہے اور نہ کوئی ذات دین اللہ کا دین ہے اور ذات اس کی ذات لہٰذا تم جہالت کی موت نہ مرنا بلکہ اپنے کو رب میں فنا کر کے ایسا مرنا کہ ہمیشہ کے لئے زندہ ہو جاؤ۔ بدن کی موت اس حال میں آئے کہ تمہارا قلب قابل موت نہ رہا ہو لوگ تمہیں مردہ کہیں اور رب **بل احياء عند ربهم** فرما کر تمہاری زندگی کا اعلان فرمائے یہی اسلام و استسلام، توحید اور تصوف کی حقیقت ہے۔

| |
|---|
| اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ اِذْ قَالَ |
| کیا تھے تم موجود جبکہ حاضر ہوئی یعقوب کو موت جب کہا |
| بلکہ تم خود موجود تھے جب یعقوب کو موت آئی جبکہ |
| لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَ اِلٰهَ |
| کہا انہوں نے واسطے بیٹوں اپنے کے کیا پوجو گے تم پیچھے میرے بولے وہ پوجیں گے |
| اس نے اپنے بیٹوں سے فرمایا میرے بعد کس کی پوجا کرو گے بولے ہم پوجیں گے |

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ |
| ہم معبود تمہارا اور معبود باپ دادوں تمہارے ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق کا |
| اُسے جو خدا ہے آپ کا اور آپ کے آباء ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق کا |
| وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾ |
| معبود ایک اور ہم اسی کے لئے اسلام لانے والے ہیں |
| ایک خدا اور ہم اس کے حضور گردن رکھے ہیں |

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق**: اب تک ابراہیم و یعقوب علیہم السلام کی عظمت، اطاعت الٰہی کا ذکر فرمایا اب ان پر سے وہ تہمت دور کی جارہی ہے جو بنی اسرائیل نے انہیں لگائی یعنی پہلے ان کے فضائل کا اثبات تھا اب ان کی تہمت کا دفعیہ **دوسرا تعلق**: اب تک ان حضرات کی دینی استقامت کا رب نے ذکر فرمایا۔ اب خود مخالفین کی گواہی سے اس کا ثبوت دیا جارہا ہے۔ **تیسرا تعلق**: پچھلی آیت میں یعقوب علیہ السلام کی وصیت کا ایک حصہ بیان کیا گیا۔ اب اس کا دوسرا حصہ بیان ہو رہا ہے۔ یعنی پہلے بتایا گیا کہ انہوں نے اپنی اولاد کو دینی استقامت کا حکم دیا اور اب فرمایا جارہا ہے کہ اس کا ان سے اقرار بھی لیا۔

**شان نزول** : یہود کہتے تھے کہ ہم کو وصیت ابراہیمی کی تو خبر نہیں یہ ہم جانتے ہیں کہ یعقوب علیہ السلام نے اپنی وفات کے دن اپنی اولاد کو وصیت کی تھی کہ تم ہمیشہ دین یہودیت پر قائم رہنا۔ ان کے اس بہتان کے رد میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (خازن و خزائن العرفان) **خیال رہے** کہ اہل کتاب نے جیسے توریت و انجیل میں مسخ و تبدیلی کر دی یوں ہی رب کی ذات و صفات انبیاء کرام کی تعلیم اور ان کے حالات میں بہت کتربیونت کر دیتے تھے چنانچہ تمام اہل کتاب نے حضرت سلیمان کو نبوت کی فہرست سے نکال کر جادوگروں کے زمرے میں داخل کر دیا تھا۔ عیسائیوں نے حضرت مسیح کو صف انبیاء سے نکال کر خدا مان لیا یہود نے اس کنواری پاک کو بہتان لگائے اور حضرت عزیر کو خدا کا بیٹا کہہ دیا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہودی یا عیسائی بنایا یعقوب علیہ السلام کے متعلق مشہور کیا کہ وہ ہمیں یہودی رہنے کی وصیت کر گئے ہیں وغیرہ وغیرہ قرآن نے ان کی اس بکواس کی جگہ جگہ تردید کی اور انبیاء کرام کی شان، ان کی تعلیم صحیح طرح دنیا پر ظاہر کی۔ ان تمام نبیوں پر حضور کا احسان ہے یہ آیت کریمہ بھی اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے جس میں حضرات یعقوب علیہ السلام کی وصیت کو صحیح طور پر شائع کیا تاکہ مسلمان بھی اسی وصیت پر عمل کریں۔

**تفسیر** : **ام کنتم شهداء** بعض نے ام متصلہ مانا ہے، بعض نے منقطع بمعنی استفہام انکاری یعنی آیا تم اس وصیت کے وقت موجود تھے یعنی نہ تھے اور تم بغیر دیکھے غلط گواہی دے رہے ہو۔ لہٰذا اس کا کوئی اعتبار نہیں۔ (روح البیان) یا یہ مطلب ہے کہ بلکہ تم اس وصیت کے وقت موجود تھے۔ یعنی تمہارے بڑے یعقوب علیہ السلام کی وفات کے وقت ان کے پاس تھے ان کو علم ہے کہ انہوں نے وہی وصیت کی جو ہم نے بیان کی پھر تم دیدہ دانستہ ان پر کیوں اتہام باندھتے ہو۔ (تفسیر کبیر) بہرحال اس سے پایا

marfat.com
Marfat.com

تو ان کے موجود ہونے کا انکار ہے۔ یا اثبات دوسری تفسیر زیادہ قوی ہے کیونکہ اس میں الزام زیادہ سخت۔ شہداء جمع شہید کی ہے۔ جیسے رحماء جمع رحیم کی۔ جس کے معنی حاضر بھی ہیں اور گواہ بھی بلکہ گواہ کو بھی اس لئے شہید کہتے ہیں کہ وہ موقع واردات پر حاضر ہوتا ہے **اذ حضر یعقوب الموت** یہ **اذ** یا کنتم کا ظرف ہے یا شہداء کا اور موت کے حاضر ہونے سے اسباب و علامات موت کا موجود ہونا مراد ہے کیونکہ وصیت موت آنے پر نہیں کی جاتی بلکہ موت کے قریب یعنی اے اسرائیلیو تمہارے بڑے تو سب موجود تھے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام پر موت کے آثار نمودار ہوئے۔ **اذ قال لبنیہ** پہلے اذ کا بدل ہے اور اسی کنتم یا شہداء کا ظرف یعنی جب کہ انہوں نے اپنے سارے بیٹوں کو جمع فرما کر ایک عجیب طریقہ سے استقامت دین کی وصیت فرمائی کہ خود حکم نہ دیا بلکہ ان سے پوچھا کہ **ما تعبدو من بعدی** اب تک تو تم رب کی عبادت کرتے رہے مگر یہ بتاؤ کہ میری وفات کے بعد کس کی عبادت کرو گے لفظ **ما** اگرچہ بے عقل چیزوں کے لئے آتا ہے مگر ابہام کے موقع پر سب کو شامل ہوتا ہے (روح) اور بعدی سے مراد بعد موت ہے یعنی تم اس خدا ہی کی عبادت کرو گے جس کی اب تک کرتے رہے یا ان بتوں وغیرہ کی جن کی مصر والے کرتے ہیں **قالو نعبد الھک والہ ابائک ابرھیم واسمعیل واسحق** وہ بولے کہ ہم اس رب کی اطاعت کریں گے جو آپ کا اور آپ کے باپ دادوں کا رب ہے اس کے دو معنی ہیں۔ ایک یہ کہ جس کی آپ نے اور آپ کے باپ داداؤں نے عبادت کی ہے یا جسے ہم نے آپ کے اور آپ کے باپ داداؤں کے ذریعے پہچانا ہے یعنی ان بتوں کو تو کفار نے بتایا۔ اور سچے رب کو آپ نے پہچنوایا ہم آپ کے بتائے ہوئے رب کے عابد ہوں گے نہ کہ ان کے بتائے ہوئے کے۔ آباء **اب** کی جمع ہے جس کے حقیقی معنی ہیں باپ مگر مجازاً" دادا" چچا بلکہ استاد وغیرہ کو بھی اب کہہ دیتے ہیں اور یہاں اس۔ سے باپ دادے مراد ہیں۔ اسمٰعیل علیہ السلام یعقوب علیہ السلام کے چچا ہیں۔ چونکہ چچا بھی باپ ہی کی طرح ہوتا ہے۔ اس لئے آپ کا ذکر بھی آباء کے سلسلہ میں کیا گیا اور چونکہ آپ اسحاق علیہ السلام سے عمر میں چودہ سال بڑے بھی ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جد امجد۔ اس لئے اسحاق علیہ السلام سے پہلے آپ کا ذکر کیا۔ اس جملہ میں دو جگہ **الہ** سے شاید کوئی وہم کرتا کہ اس سے دو معبود مراد ہیں۔ آپ کا اور معبود اور باپ دادوں کا دوسرا۔ اس وہم کو دور کرنے کے لئے عرض کیا کہ **الھا واحدا** ایک ہی معبود کی جو کہ ذات و صفات میں اکیلا ہے اور پھر یہ بھی نہیں عبادت ایک ہی طریقہ کی کریں اور اسی پر ڈٹے رہیں بلکہ **ونحن لہ مسلمون** ہم تو اس کے حکم کے تابع ہیں۔ جس زمانہ میں جس پیغمبر کے ذریعہ جو بھی احکام آئیں گے اور ہمیں جو بھی طریقہ عبادت بتایا جائے گا۔ اس پر کاربند رہیں گے۔ (تفسیر عزیزی) غرضیکہ گزشتہ جملوں میں توحید کا ذکر تھا اور اس میں نبوت کا تذکرہ۔

**خلاصہ تفسیر** : اے بنی اسرائیل تم ہماری بیان کی ہوئی وصیت کا انکار کیسے کرتے ہو۔ یعقوب علیہ السلام نے تو یہ وصیت تنہائی میں نہ کی تھی۔ بلکہ علانیہ اور سب کے سامنے تاکہ ان کی اولاد اپنی اطاعت شعاری کا اقرار کرے اور دوسرے لوگ سن کر عبرت پکڑیں چنانچہ خود تمہارے بڑے بھی اس مجلس میں موجود تھے جب کہ یعقوب علیہ السلام پر آثار موت نمودار تھے اس موت کی کشمکش میں بھی انہوں نے اپنی اولاد کو جمع کرکے یہی پوچھا تھا کہ میرے بچو! تم میری وفات کے بعد عبادت کس کی کرو گے ان سب نے عرض کیا تھا کہ والد مہربان آپ مطمئن رہیں۔ ہم اس ایک واحد قہار کے عابد رہیں گے۔ جسے آپ کے اور آپ کے باپ دادا اور دیگر انبیاء کے ذریعہ پہچانا۔ اور جس کی آپ نے اور انہوں نے عبادت کی ہے اور ہم اب بھی اس کے فرمانبردار ہیں

marfat.com
Marfat.com

اور آئندہ بھی رہیں گے کہ جس پیغمبر کے ذریعہ جو حکم ملے ہمیں اس کے ماننے میں عذر نہ ہو گا جب تمہارے بڑے یہ وصیت اپنے کانوں سے سن چکے اور آنکھوں سے دیکھ چکے اور وہاں ان کی موجودگی تھی تو تم جان بوجھ کر یعقوب علیہ السلام کو تہمت کیوں لگاتے ہو کہ انہوں نے یہودیت پر رہنے کی وصیت کی تھی۔ خیال رہے کہ یعقوب علیہ السلام کی وفات، صحیح یہ ہے کہ مصر میں ہوئی وہاں ہی آپ کے تمام بیٹے اور بیٹیاں موجود تھے کہ یوسف علیہ السلام نے ان سب حضرات کو مصر بلا لیا تھا۔ پھر بعد وفات حسب وصیت آپ کا تابوت شریف شام میں بھیجا گیا۔ اور اسحاق علیہ السلام کے پہلو میں دفن کیا گیا اگرچہ آپ نے یہ وصیت اپنے بیٹے بیٹیوں سب ہی کو کی تھی مگر چونکہ لڑکے تبلیغ کرتے ہیں۔ نیز ان کی زندگی بیرونی ہوتی ہے جسے سب دیکھتے ہیں۔ اور لڑکی کی زندگی خانگی ہوتی ہے جسے سب نہیں دیکھتے نیز بمقابلہ مردوں کے عورتوں کا ایمان خطرے میں کم ہوتا ہے اس لئے یا تو اپنے بیٹوں کو زیادہ تاکید فرمائی یا قرآن کریم نے صرف بیٹوں کا ذکر فرمایا۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ**: یہ کہ یعقوب علیہ السلام کے سارے بیٹے متقی و مومن ہیں۔ جن سے یوسف علیہ السلام کو جدا کرنے کا قصور ہوا تھا ان کی معافی ہو چکی قرآن کریم نے ان کی اطاعت شعاری اور ایمان کی گواہی دی بلکہ بعض علماء نے ان سب کو نبی مانا ہے اور انہیں ولی اور صحابی نبی تو سب مانتے ہیں اس کی نہایت نفیس اور لذیذ تحقیق ہماری کتاب قہر کبریا بر منکرین عصمت انبیاء میں دیکھو۔ جس میں برادران یوسف علیہ السلام اور قابیل میں عمدہ فرق کر کے دکھایا ہے کہ ان کی اس خطا میں بھی صدہا راز تھے جو انہیں اب بے دین یا گنہگار کہے وہ خود بے دین ہے **دوسرا فائدہ**: قرآن کریم چچا کو باپ فرما دیتا ہے جیسے کہ یہاں ہوا لہٰذا جن علماء نے آزر کو ابراہیم علیہ السلام کا چچا مانا اور **لا بیہ** میں اور حدیث **ان ابی واباک فی النار** میں اب کے معنی چچا کئے ان کی دلیل یہ ہی آیت ہے کہ اسمٰعیل علیہ السلام کو جو کہ یعقوب علیہ السلام کے چچا تھے اباء میں داخل کیا گیا **تیسرا فائدہ**: امام ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کے نزدیک دادا کو باپ کہنا حقیقتاً ہے نہ کہ مجازاً" اس لئے ان کے نزدیک حقیقی بہن بھائیوں کو باپ کی طرح دادا بھی میراث سے محروم کر دیتا ہے۔ بعض نے یہ مسئلہ اس آیت سے نکالا مگر یہ دلیل ضعیف ہے۔ (تفسیر عزیزی) بلکہ اس کی اصل حضرت ابو بکر صدیق و حضرت عائشہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہم کا قول ہے۔ **چوتھا فائدہ**: رب کی حقیقی پہچان پیغمبروں کی ذریعہ ہوتی ہے کیونکہ فرزندان یعقوب علیہ السلام نے یہ نہ کہا کہ ہم عقل سے پہچانے ہوئے رب کی عبادت کریں گے بلکہ یہ کہا کہ تمہارے باپ داداؤں کے رب کی عبادت کریں گے۔

**اعتراض** : ایک لفظ سے حقیقی اور مجازی معنی مراد لینا منع ہے۔ پھر یہاں لفظ آباء سے چچا اور والد دونوں کیوں مراد ہو گئے **جواب**: یا تو یہاں عموم مجاز کے طریقے پر آباء سے بزرگ مراد ہیں۔ جن میں باپ اور چچا دونوں داخل ہیں اور یہاں تغلیب ہے جیسے کہ تغلیباً" ماں باپ کو ابوین اور چاند و سورج کو قمرین اور حضرت ابو بکر اور عمر فاروق کو عمرین کہہ دیتے ہیں۔ **دوسرا اعتراض**: اٰبائک کے بعد تین پیغمبروں کے نام کیوں لئے گئے وہ تو اس میں آگئے تھے **جواب** تاکہ اس میں سارے باپ دادے شامل نہ ہو جائیں صرف انبیاء کرام ہی داخل رہیں کیونکہ ان کے آباء میں تو آزر بھی تھا **تیسرا اعتراض**: یہاں جواب میں اتنی دراز عبارت کیوں بولی صرف یہ کہہ دیتے کہ ہم اللہ کی یا اپنے خالق و مالک کی عبادت کریں گے **جواب**: اس لئے کہ مصر کے لوگ ستاروں اور بتوں کو خالق، مالک اور الٰہ جانتے تھے یہ الفاظ بولنے پر پتہ نہ چلتا کہ کون مراد ہے **چوتھا اعتراض**: اس آیت

marfat.com
Marfat.com

سے معلوم ہوا کہ معرفت الٰہی میں تقلید جائز ہے کیونکہ ان صاحبوں نے اللہ کو نبیوں کے کہنے سے جانا حالانکہ عقائد کا مسئلہ ہے کہ معرفت الٰہی دلائل سے چاہئے نہ کہ کسی کے بتانے سے اسی لئے جو نور نبوت سے دور رہو اسے بھی لازم ہے۔ **جواب:** اس کے دو جواب ہیں ایک یہ کہ انبیاء کرام کی ذات و معجزات رب کی دلیل ہیں بلکہ سارے عالم کی ہستی اسے بتا رہی ہے۔ اسی لئے قرآن کریم نے حضور علیہ السلام کو رب کی دلیل بتایا کہ **قد جاء کم برھان من ربکم** انہوں نے ان پیغمبروں کے کمالات سے رب کو پہچانا نہ کہ محض ان کے فرمانے سے دوسرے یہ کہ عقل سے صرف اتنا معلوم ہو سکتا ہے کہ عالم کا کوئی خالق ہے اور وہ اکیلا ہے باقی اس کی ذات و صفات کی پوری تحقیق انبیاء کے بتانے سے ہی ہوگی اور یہاں یہ ہی ہے (از عزیزی و تفسیر کبیر)

**پانچواں اعتراض:** بنی اسرائیل کو حضرت یعقوب علیہ السلام کی وصیت یاد دلانا بیکار ہے۔ کیونکہ موجودہ یہودی بت پرست نہ تھے خدا کو ایک مانتے تھے۔ اس کا انہوں نے یعقوب علیہ السلام سے اقرار کیا تھا۔ **جواب:** یہود تو عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہنے لگے تھے اور عیسائی عیسیٰ علیہ السلام کو لہٰذا وہ اپنے اس اقرار سے پھر گئے۔ کیونکہ یعقوب علیہ السلام نے حضرت عزیر و عیسیٰ علیہما السلام کو نہ خدا مانا تھا نہ خدا کا بیٹا پھر ان یہود نے حضرت یعقوب کے رب کو خدا کہا مانا۔ نیز **نحن له مسلمون** کا وعدہ وفا نہ کیا۔ نیز حضرت یعقوب علیہ السلام تو اس خدا کو ماننے والے تھے جو بیوی بچوں سے پاک ہے ان بدنصیبوں نے وہ خدا مانا جو بیوی بچوں والا تھا۔ غرض کہ یہ لوگ اقرار کے دونوں جزوں سے ہٹ گئے۔

**تفسیر صوفیانہ:** **ما تعبدون من بعدی** میں فقط شرعی عبادت ہی مراد نہیں بلکہ ہر قسم کی اطاعت مراد ہے۔ جو جھوٹے معبودوں کو پوجے وہ شرعاً مومن نہیں اور جو نفسانی خواہشات میں پھنس کر رب کو بھولے وہ صوفیاء کے نزدیک مومن موقن نہیں نفس بھی ایک بت ہے جس کے اہل دنیا پجاری اور جس کام میں رب کی رضا ملحوظ نہ ہو وہ بت پرستی ہے۔ جو اللہ سے دور کرے وہ طاغوت ہے کوئی درم کا بندہ ہے۔ کوئی دینار کا جیسا کہ حدیث میں ہے یعقوب علیہ السلام نے دنیا اور یہاں کی دل فریب چیزوں کو دیکھ کر اپنے بچوں پر غفلت کا اندیشہ کیا۔ تب ان سے اقرار کرا لیا کہ تم ہوا کی پرستش نہ کرنا اور ان پر بت پرستی کا اندیشہ تھا۔ (روح البیان) مولانا فرماتے ہیں۔

اہل دنیا کافران مطلق اند — روز و شب در زق زق و در بک بک اند
چیست دنیا از خدا غافل بودن — نے قماش و روزیٔ فرزند و زن

| |
|---|
| تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ |
| یہ گروہ ہے کہ بے شک گزر گیا واسطے اس کے ہے جو وہ کمائے اور واسطے تمہارے |
| یہ ایک امت ہے کہ گزر چکی ان کے لئے ہے جو انہوں نے کمایا اور تمہارے |
| وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۴﴾ |
| وہ جو کماؤ تم اور نہ سوال کیے جاؤ گے تم اس سے کہ تھے وہ کرتے |
| لئے ہے جو تم کماؤ اور ان کے کاموں کی تم سے پرسش نہ ہوگی |

marfat.com
Marfat.com

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**: پچھلی آیت سے معلوم ہوا تھا کہ یعقوب علیہ السلام نے اپنی اولاد کو ایمان اور اعمال کی وصیت کی جس سے سمجھا گیا کہ کوئی اپنے باپ دادوں کی بزرگی پر نہ بھولے بلکہ خود بھی پرہیز گار بنے اب اس وصیت کو موجودہ بنی اسرائیل پر چسپاں کیا جا رہا ہے کہ جب ان کی خاص اولاد کو پرہیز گاری کی ضرورت تھی تو تم تو کہیں دور ہو تم پر یہ وصیت جاری کیوں نہ ہو **دوسرا تعلق**: پچھلی آیت سے معلوم ہوا تھا کہ فرزندان یعقوب علیہ السلام نے وعدہ کیا کہ ہم ہر پیغمبر کی اطاعت کریں گے۔ شریعت یعقوب پر رہنے کی ضد نہ کریں گے۔ جیسا کہ ہم 'مسلمون کی تفسیر میں بتا چکے۔ اب فرمایا جا رہا ہے کہ جب انہوں نے ہی اقرار کر لیا تھا تو تم پر بھی لازم ہے کہ موجودہ پیغمبر کی اطاعت کرو اسی شریعت کی غلط پابندی کی ضد نہ کرو **تیسرا تعلق**: بنی اسرائیل جب دلائل سے ہار جاتے تھے تو آخر کار یہ کہہ دیتے تھے کہ یعقوب علیہ السلام ہمارے دادا ہیں۔ اگر ہمارے یہ اعمال غلط بھی ہوئے تو ہم ان کے اعمال پیش کر کے آخرت میں نجات پالیں گے اس آیت میں ان کے اس وہم کی تردید کر دی گئی۔ (تفسیر روح البیان)

**تفسیر** : **تلک امۃ** تلک سے ان انبیاء کرام اور ان کی اولاد کی طرف اشارہ ہے جن کا پچھلی آیت میں ذکر تھا۔ تلک اشارہ بعید فرما کر بتایا گیا کہ وہ بزرگوں کی جماعت تم سے بہت دور ہے وہ عظمت کی بنا پر اعلیٰ علیین میں ہے اور تم اپنی بد کرداریوں کی وجہ سے اسفل السافلین میں پھر تم کس منہ سے ان کی اولاد ہونے کا دعویٰ کرتے ہو اگر ان کی بارگاہ تک پہنچنا چاہتے ہو تو ان کے سے کام کرو۔ امۃ یا تو ام سے بنا ہے بمعنی اصل یا ام سے بمعنی قصد چونکہ جماعت بھی ایک اصل کی طرف رجوع کرتی ہے اور اس کا ایک مشترک مقصد ہوتا ہے۔ اس لئے اسے امت کہا جاتا ہے (روح) خیال رہے کہ یہاں امۃ سے صرف لغوی جماعت مراد ہے نہ کہ کسی پیغمبر کی امت کیونکہ ان مذکورہ حضرات میں ابراہیم و یعقوب علیہم السلام امت والے نبی ہیں۔ کسی اور نبی کی امت نہیں چونکہ یہ سارے حضرات توحید اور اطاعت الٰہی اور نسب میں شریک تھے اس لئے ان سب کو ایک امت کہا گیا **قد خلت** یہ خلو سے بنا جس کے معنی ہیں خالی یا اکیلا ہونا اسی لئے تنہائی کو خلوت و تنہائی کی جگہ کو بیت الخلاء اور فضائے آسمانی کو خلا کہا جاتا ہے اور جب یہ زمانہ کے لحاظ سے بولا جاتے تو اس کے معنی ہوتے ہیں گزر جانا یہاں یہ ہی مراد ہے گویا دنیا سے ان کا تعلق جاتا رہا۔ اور وہ خدا سے جا ملے یعنی تمہارے بزرگوں کی یہ جماعت تو گزر چکی۔ گزشتہ انبیاء کرام میں بعض وہ حضرات بھی ہیں جن کی وفات ابھی تک نہیں ہوئی وہ زندہ ہیں جیسے زمین پر الیاس و خضر علیہما السلام اور آسمان پر حضرت عیسیٰ و ادریس علیہما السلام اس لئے رب نے خلت فرمایا یعنی ان کا زمانہ گزر گیا ماتت نہ فرمایا یعنی وہ فوت ہو چکے لہٰذا اس آیت پر مرزائی دلیل نہیں پکڑ سکتے **لہا ما کسبت**' لہا کے مقدم کرنے سے حصر کا فائدہ ہوا اور لام نفع کیلئے آتا ہے۔ لہٰذا اس ل سے نیک اعمال مراد ہیں۔ یعنی اس گزشتہ جماعت کے نیک اعمال خود اس کو ملیں گے تم ان سے فائدہ حاصل نہیں کر سکتے۔ **ولکم ما کسبتم** یہاں بھی وہ ہی نفع کا لام ہے اور ما سے نیکیاں مراد اور لکم کی تقدیم سے حصر کا فائدہ ہے یعنی تمہاری نیکیاں صرف تمہاری ذات کے لئے ہوں گی اس سے وہ فائدہ حاصل نہ کریں گے خلاصہ یہ کہ باپ دادوں کے اعمال اولاد کے کام نہیں آتے اور اولاد کی نیکیاں باپ دادوں کو نہیں مل جاتیں اور تم اس خیال میں نہ رہو کہ ہم ان کے اعمال پیش کر کے نجات حاصل کر لیں گے کیونکہ **ولا تسئلون عما کانو یعملون** تم سے ان کے اعمال کا سوال ہی نہ ہوگا تم پیش تو جب کرو جب تم سے ان کی پرسش ہو بغیر پرسش پیشی کیسی۔

marfat.com
Marfat.com

خلاصہ تفسیر : اے نافرمان اسرائیلیو! تم اس بات پر ناحق مغرور نہ ہو کہ ہم ان بزرگوں کی اولاد ہیں۔ اگر ہمارے اعمال سے بازپرس ہوئی تو ان کے اعمال پیش کر دیں گے تم کو ان سے کیا تعلق۔ وہ پاکباز لوگ تھے جو گزر گئے ان کے اعمال سے ان ہی کو نفع ہو گا تم کو اپنے اعمال کی جواب دہی کرنی ہو گی تم کو چاہئے کہ ان کی وصیت سنو اور نیک اعمال میں جلدی کرو۔ جب وہ اپنی خاص اولاد کو آخر دم تک ایمان و اعمال کی وصیت کرتے رہے تو تم ان سے کیونکر بے نیاز ہو گئے۔

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ: آخر میں اپنا کسب کام آئے گا نہ کہ نسب اسی لئے روایت میں آتا ہے کہ جس کو عمل نے پیچھے کر دیا اسے نسب آگے نہ بڑھا سکے گا۔ دوسری روایت میں ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ اے بنی ہاشم ایسا نہ ہو کہ لوگ تو نیکیاں لائیں اور تم صرف نسب (روح) دوسرا فائدہ: باپ داودوں کے اعمال اولاد کے کام نہیں آتے۔ ایسے ہی اولاد کے اعمال باپ داودوں کے لئے بے کار تیسرا فائدہ: باپ داودوں کے کفر سے اولاد کو عذاب نہ ہو گا جب تک کہ وہ اس سے راضی نہ ہوں۔ یہ یہود کا عقیدہ تھا کہ ہمیں اتنے روز جنہم میں رہنا ہو گا۔ جتنے دن ہمارے بزرگوں نے بچھڑا پوجا (کبیر) چوتھا فائدہ: بندہ اپنے اعمال کا خالق نہیں کاسب ضرور ہے۔ اسی پر اس کو ثواب و عذاب ہے کسب کے معنی ہیں وجود کے اسباب کو ارادۃً جمع کر دینا اور خالق کے معنی ہیں غیر موجود کو وجود بخش دینا مثلاً چھری کا کسی کے گلے پر چلا دینا کسب ہے اور جان نکالنا خلق موت۔ پہلا کام بندے کا تھا اور یہ رب کا۔ بندے کے غیر اختیاری کام کسب نہیں کہلاتے اور نہ ان پر ثواب و عذاب (از تفسیر کبیر) اسی لئے اس آیت میں کسبت فرمایا گیا نہ کہ صدرت کام کرنا اور ہے اور صادر ہونا کچھ اور پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ کسی کی نیکیاں دوسرے کو کارآمد نہیں حالانکہ احادیث سے ثابت ہے کہ اولاد کی نیکیوں سے ماں باپ کی رہائی ہوتی ہے۔ حافظ کی تین پشت اور عالم کی سات پشت کی بخشش ہو گی عام مسلمان ایصال ثواب بھی کرتے ہیں کہ نیک کام کر کے اس کا ثواب مردوں کو بخش دیتے ہیں۔ یہ ساری باتیں اس آیت کے خلاف ہیں نیز روایت میں آتا ہے کہ حضور علیہ السلام نے اپنے غریب امتیوں کی طرف سے قربانی فرما دی دیکھو یہاں بزرگوں کے عمل غلاموں کے کام آ رہے ہیں جواب: اس کے چند جواب ہیں ایک یہ کہ یہ آیت کفار کے حق میں ہے کیونکہ یہاں اسرائیلیوں سے خطاب ہے، جو اپنی اولاد پیغمبر ہونے کی وجہ سے ایمان کی پرواہ نہ کرتے تھے۔ دوسرے یہ کہ اس سے بدنی اعمال مراد ہیں۔ اسی لئے یہاں کسب فرمایا گیا نہ کہ ثواب یعنی کوئی شخص دوسرے کی طرف سے بدنی اعمال نہیں کر سکتا کہ باپ کی طرف سے بیٹا نمازیں پڑھ کر دے یا روزے رکھ دے زکوٰۃ مالی عبادت ہے اور حج مشترکہ عبادت لہٰذا وہ ایک دوسرے کی طرف سے ادا ہو سکتے ہیں ثواب بخشنے میں میت کو محض ثواب ملتا ہے اس کے ذمہ سے فرائض ادا نہیں ہو جاتے تیسرے یہ کہ اس کی مراد یہ ہے کہ عمل کرنے والا اپنے اعمال سے کبھی محروم نہ ہو گا یعنی اس کا ثواب بخشنے کے بعد بھی ثواب پائے گا ایصال ثواب کی متعدد آیتیں ہیں اور بہت احادیث رب فرماتا ہے الحقنا بهم ذريتهم وما التنهم من عملهم من شئی اور فرماتا ہے اولئک مع الذين انعم الله عليهم من النبين والصديقين حضور علیہ السلام اپنی امت کی طرف سے قربانی فرما کر ایصال ثواب کرتے تھے حضرت سعد نے اپنی ماں کی طرف کنواں کھدوا کر فرمایا هذه لام سعد حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا کہ کوئی شخص عشاء میں دو رکعت پڑھ کر کہہ دے هذا لابی هريرة لہٰذا یہ آیت ان آیات و احادیث کے خلاف نہیں دوسرا

marfat.com
Marfat.com

اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ کوئی دوسرے کی بد عملی سے نہ پکڑا جائے گا۔ حالانکہ روایت میں آتا ہے کہ ہر شخص سے سوال اپنے متعلق بھی ہو گا اور اپنی بیوی اور اولاد کے متعلق بھی کہ وہ گمراہ یا بے دین کیوں ہوئے تو اس آیت اور حدیث میں مطابقت کیونکر ہو؟ جواب: بیشک اولاد کی بد عملی کا حساب ماں باپ سے ہو گا مگر کب جب انہوں نے اس کی تعلیم میں کوتاہی کی ہو اور یہ حقیقت میں اس کی کوتاہی کی پکڑ ہے جو کہ خود اس کا فعل ہے۔ قرآن کریم فرماتا ہے **قوا انفسکم واھلیکم نارا**

تیسرا اعتراض: **قد خلت** سے معلوم ہوتا ہے کہ وفات یافتہ حضرات کو دنیا سے تعلق نہیں رہتا۔ پھر تم ان سے استمداد وغیرہ کیوں کرتے ہو؟ جواب: یہاں تعلق ظاہری کا ٹوٹ جانا مراد ہے۔ یعنی اب وہ تم سے بات چیت نہیں کرتے رہا تعلق باطنی وہ کبھی ختم نہیں ہو سکتا۔ اسی لئے ہم اپنے بزرگوں کی میراث پاتے ہیں۔ ان کی اولاد کہلاتے ہیں۔

تفسیر صوفیانہ: نفس اور ظاہری اعضاء کو چاہئے کہ خود عمل کریں روح کی طہارت اور صفائی پر پھولے نہ رہیں۔ نیز میثاق کے دن جو ایمان لا چکے ہیں اس پر مغرور نہ ہوں۔ سزا اور جزا کے لئے یہاں کے اپنے عمل معتبر ہیں اسی طرح ہر عضو اپنے کام میں مشغول رہے۔ دوسرے اعضاء کے عمل سے دھوکا کھا کر خود معطل نہ ہو جائے قلب کا عمل ہے ایمان، پاؤں کا عمل ہے نیک مجلسوں کی طرف چلنا۔ آنکھ کا عمل آیات الٰہی کو دیکھا اور خوف و شوق میں رونا زبان کا عمل حق بولنا ہاتھ کا عمل قرآن کریم چھونا اور نماز میں رب کے سامنے بندھا رہنا وغیرہ۔ چاہئے کہ ہر عضو سے اس کا عمل کرائے جاؤ فقط ایمان لا کر نماز سے غافل نہ ہو اور فقط نماز پڑھ کر ایمان سے بے پرواہ مت ہو جاؤ اور یہ نہ سمجھو کہ اچھے اصل کی شاخیں بھی اچھی ہوتی ہیں۔ بسا اوقات اچھے سے برے اور بروں سے اچھے ظاہر ہو جاتے ہیں انگور سے شراب اور گنے سے شکر شہد کی مکھی کی قے سے شہد ختنی ہرن کے خون سے مشک بنتا ہے اسی طرح آدم علیہ السلام کی پشت سے قابیل اور ابو جہل کی پشت سے عکرمہ پیدا ہوئے۔ **یخرج الحی من المیت ویخرج المیت من الحی** رب کی بے نیازی سے ڈرتے رہو۔

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ

اور کہا انہوں نے ہو جاؤ تم یہودی یا عیسائی ہدایت پا جاؤ گے فرما دو بلکہ پیروی کریں گے

اور کتابی بولے یہودی یا نصرانی ہو جاؤ راہ پاؤ گے تم فرما دو بلکہ ہم تو

اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۱۳۵

ہم دین کی ابراہیم کے مائل اور نہ تھے وہ مشرکین سے

ابراہیم کا دین لیتے ہیں جو ہر بات سے جدا تھے مشرکوں سے نہ تھے۔

تعلق: اس آیت کا پچھلی آیت سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق: پچھلی آیت میں بتایا گیا کہ کسی کو دوسرے کے اعمال کافی نہیں اس سے وہم ہو سکتا ہے کہ ہر شخص کو اپنا مذہب بھی علیحدہ اختیار کرنا چاہئے کہ ہر ایک کے اعمال بھی علیحدہ ہوں اور مذہب بھی علیحدہ اس وہم کو رفع فرمانے کے لئے اب بتایا گیا کہ دین میں ابراہیم علیہ السلام کی اطاعت اور اعمال میں ان کی

marfat.com
Marfat.com

موافقت چاہئے۔ اعمال نہ کرنا اور چیز ہے اور موافقت کرنا اور چیز دوسرا تعلق: اب تک اہل کتاب کی غلطی پر نہایت قوی دلائل قائم کئے گئے اب خود ان ہی کے قول سے انہیں الزام دیا جارہا ہے کہ یہ لوگ ابراہیم علیہ السلام کے قائل ہیں مگر یہودیت یا نصرانیت میں ہدایت کو محدود مانتے ہیں اگر ہدایت خاص ان دو دینوں میں ہوتی تو خود ابراہیم علیہ السلام ہدایت پر نہ ہوتے کیونکہ یہ دونوں دین ان کے وقت میں تھے ہی نہیں تیسرا تعلق: پچھلی آیتوں میں اہل کتاب کے شبہات کے تحقیقی جوابات دیئے گئے تھے اور دلائل سے اسلام کی حقانیت ثابت کی گئی تھی اب انہیں الزامی جواب دیا جارہا ہے کہ اگر تم دین کے قبول کرنے میں اپنے بڑوں کی پیروی ہی کرتے ہو اور دلائل سے کام نہیں لیتے تو تمہیں چاہئے کہ ابراہیم علیہ السلام کی پیروی کرتے کیونکہ وہ سب کے مانے ہوئے بزرگ ہیں۔ اور ان کے دین کی حقانیت میں کسی کو اختلاف نہیں اور یہودیت اور نصرانیت میں تم آپس میں بھی متفق نہیں لہٰذا اس کلماننا بہتر۔ (کبیر)

شان نزول: حضرت عبداللہ ابن عباس اس فرماتے ہیں کہ ایک بار یہود کے سرداروں نے مسلمانوں سے کہا تھا کہ موسیٰ علیہ السلام سب نبیوں سے افضل ہیں اور ان کی کتابوں توریت تمام کتاب سے اعلیٰ اور یہودی دین تمام دینوں سے بڑھ کر اور قرآن شریف و انجیل کا انکار کرتے ہوئے انہیں یہودی بننے کی رغبت دی اسی طرح نجران کے عیسائیوں نے اپنے دین اپنی کتاب کی افضلیت جانتے ہوئے مسلمانوں کو عیسائیت کی دعوت دی ان دونوں کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (خزائن العرفان)

تفسیر: **وقالو'** اس کا فاعل یہودی اور عیسائی دونوں ہی ہیں کیونکہ ایک جماعت دو دین کی دعوت نہیں دے سکتی اور ہو سکتا ہے کہ بعض خبثاء نے یوں کہا ہو کہ اسلام چھوڑ دو خواہ یہودی بن جاؤ یا عیسائی ان دینوں میں تو ہدایت ہے اسلام میں بالکل ہدایت نہیں کیونکہ اہل کتاب اسلام کے مقابل ایک ہو جاتے تھے۔ یہود تو مکہ معظمہ جا کر اسلام کے خلاف مشرکین کو لڑانے کے لئے کعبہ کے بتوں کو سجدہ کر آتے تھے اور کہا تھا کہ مسلمانوں کے مقابل تم حق پر ہو ممکن ہے کہ یہ قول بعض منافقوں کا ہو جو مسلمانوں میں رہ کر اسلام کے خلاف سازشیں کرتے تھے ان صورتوں میں آیت کریمہ اپنے ظاہر معنی پر ہے **کونوا ھودا او نصری** پہلا قول یہود کا ہے اور دوسرا قول عیسائیوں کا یعنی یہود نے تو کہا کہ تم یہودی بن جاؤ کیونکہ موسیٰ علیہ السلام پہلے صاحب کتاب نبی ہیں اور ان کی بڑی شان ہے ان سے رب نے کلام فرمایا اور عیسائیوں نے کہا کہ عیسائی ہو جاؤ کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے آخری پیغمبر ہیں اور بغیر والد کے پیدا ہوئے اور چونکہ انہوں نے مردوں کو زندہ کیا۔ اس لئے وہ مردہ دلوں کو بھی زندگی بخش سکتے ہیں۔ اگر تم یہ دین اختیار کرلو گے تو **تھتدوا** ہدایت پا جاؤ گے۔ کیونکہ ہدایت ہمارے ہی دین میں ہے **قل** یا تو یہ ہر مسلمان سے خطاب ہے۔ اور یا خاص نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور یہ ہی ظاہر ہے کیونکہ مسلمانوں سے خطاب آئندہ آیت میں ہو رہا ہے یعنی اے نبی علیہ السلام آپ ان اہل کتاب سے فرمادو یا مسلمانوں کو یہ جواب سکھادو کہ **بل ملتہ ابرھیم حنیفا** ایک لفظ تو بل سے پہلے پوشیدہ ہے اور ایک عبارت ملت سے پہلے یعنی ہم تمہاری بات نہ مانیں گے بلکہ ملت ابراہیمی پر رہیں گے۔ اور اس کی اتباع کریں گے یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ اے اہل کتاب ہم تو اس دین پر نہ آئیں گے بلکہ تم کو چاہئے کہ ملت ابراہیمی کو قبول کرلو۔ (تفسیر کبیر) اور اس کا مطلب یہ ہے کہ اسلام میں آجاؤ کیونکہ یہ دین ملت ابراہیمی کے موافق ہے۔ حنیفا یہ

marfat.com
Marfat.com

لفظ حنف سے بنا حنف اور جنف دونوں کے معنی ہیں پھرنا اور مائل ہونا مگر حنف میں گمراہی سے ہدایت کی طرف پھرنا ہے اور جنف میں ہدایت سے گمراہی کی طرف لوٹنا۔ حنیف کے معنی ہیں افراط و تفریط سے علیحدہ اور تمام باطل دینوں سے دور اور حق پر قائم اور یہ یا تو ملتہ کا حال ہے بتاویل حال اور یا ابراہیم کا یعنی ہم اس دین ابراہیمی کی یا ان ابراہیم علیہ السلام کی پیروی کرتے ہیں جو خدا کی اور تمام باطل چیزوں سے علیحدہ ہیں تم لوگ رب کو چھوڑ کر غیروں کی طرف جھک گئے کہ عیسائیوں نے مسیح علیہ السلام کو اور یہودیوں نے عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا یا خدا مان لیا جس سے وہ مشرک ہو گئے اور ابراہیم علیہ السلام کا یہ حال ہے کہ **وما کان من المشرکین** کہ وہ خود تو مشرک کیا ہوتے مشرکین میں سے تھے بھی نہیں کہ ہر قسم کے شرک اور مشرک سے سخت بیزار تھے۔

خلاصہ تفسیر : یہود و نصاریٰ نے اپنے دینوں میں کانٹ چھانٹ کر کے ایک نیا دین بنا رکھا تھا جس پر ان کو بڑا ناز تھا اسی کو ذریعہ نجات سمجھ کر یہود تو کہتے تھے کہ ہمارا دین پرانا ہے اس کے بغیر ہدایت ناممکن تم سب یہودی بن جاؤ اور عیسائی کہتے تھے کہ ہمارا دین بنی اسرائیل میں آخری ہے اور سب کا ناسخ نجات اسی میں ہے کہ عیسائی بن جاؤ ان سب کے جواب میں فرمایا جا رہا ہے کہ تم کہہ دو کہ تمہارے مذہبوں میں شرک کی آمیزش ہے اور ابراہیم علیہ السلام کا دین اس سے بالکل پاک صاف کہ نہ تو وہ مشرک تھے اور نہ اب تک ان کے دین میں شرک ملا اور ان بزرگ کا طریقہ طریقہ اسلام تھا ہم اس ملت کے پیرو ہیں اور اس لحاظ سے یہ ہی دین اسلام پرانا دین ہے تمہاری یہ کیفیت ہے کہ عبادت میں حرام حلال کے احکام میں عالم کی خلقت میں اپنے بزرگوں کو خدا کا شریک جانتے کہ خدا کے حرام کئے ہوئے کو ان کی طرف نسبت کر کے حلال جانتے اور رب کے ساتھ اپنے پیغمبروں کی عبادت کرتے ہو۔ اور تمہارا یہ بھی عقیدہ ہے کہ ہمارے پیغمبر اپنے رب کی مرضی کے خلاف ہم کو فتح و نصرت دیتے ہیں ہمیں روزی پہنچاتے ہیں ہمیں اولاد دیتے ہیں اور ہمیں آخرت میں بجز خدا کے عذاب سے بچالیں گے۔ لہٰذا تم در حقیقت مشرک ہو۔ (تفسیر عزیزی)

فائدے : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے پہلا فائدہ: ہر شخص اپنے دین کو اچھا کہتا ہے مگر اچھائی کی بہت سی پہچانیں ہیں جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ وہ بزرگوں کے مطابق ہو۔ اس آیت میں اہل کتاب کی اس طرح تردید کی گئی کہ تمہارا دین ملت ابراہیمی کے خلاف ہے آج جس مذہب کی طرف ہمیں دیوبندی یا قادیانی بلاتے ہیں وہ اسی قاعدے سے جھوٹے ہیں کہ ان کے عقائد بزرگان دین کے خلاف ہیں دوسرا فائدہ: اختلاف مٹانے کے لئے مسلمہ بزرگوں کی طرف رجوع کرنا چاہئے دیکھو یہاں تین مذہبوں یعنی یہودیت' نصرانیت اور اسلام کے اختلاف پر ابراہیم علیہ السلام کی طرف رجوع کیا گیا اسی لئے فقہاء کے اختلاف کے وقت صحابہ کرام کی طرف اور احادیث کے ظاہری تعارض کے وقت قرآن پاک کی طرف رجوع کیا جاتا ہے تیسرا فائدہ: دین کی عظمت دکھانے کے لئے بانیان دین کی تعریف کرنا ضروری ہے دیکھو یہاں ملت ابراہیمی کی عزت کا اظہار ابراہیم علیہ السلام کے مناقب بتا کر کیا گیا یہ ہی محفل میلاد شریف وغیرہ کا مقصود ہے اور یہی اہل سنت کا دین و ایمان ہے کہ اسلام کی عظمت دکھانے کے لئے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے گیت گاتے ہیں دیوبندی وغیرہ حضور علیہ السلام کی توہین کر کے در پردہ اسلام کی بیخ کنی کرتے ہیں طبیب کی عزت سے اس کے نسخہ کی قدر ہوتی ہے اور بولنے والے کے دبدبہ سے کلام کا وقار۔

marfat.com
Marfat.com

اعتراض : پہلا اعتراض: اس آیت سے معلوم ہوا کہ اسلام ملت ابراہیمی کے بالکل مطابق ہے نہ کہ یہودیت اور عیسائیت اگر اسلام سارے عقائد و اعمال میں اس کے موافق ہے تو نبی آخر الزمان کی تشریف آوری بیکار رہی اور اسلام کا آنا بے فائدہ کیوں کہ ان کا مقصد ابراہیم علیہ السلام سے پورا ہو چکا اور اگر اسلام عقائد میں اس کے موافق اور اعمال میں اس کے خلاف ہے تو یہ بات تو یہودیت اور عیسائیت میں بھی تھی بلکہ سارے آسمانی دین عقائد میں متفق ہیں رب فرماتا ہے شرع لکم من الدین ما وصی بہ نوحا والذی اوحینا الیک وما وصینا بہ ابرھیم و موسی و عیسی پھر اسلام کو اس ملت کے موافق کہنا اور دیگر دینوں کو خلاف کیونکہ صحیح ہوا خیال رہے کہ الوہیت مسیح یا سیدنا عزیر کے ابن اللہ ہونے کا عقیدہ ان لوگوں کی اپنی ایجاد ہے ہمارا سوال اصلی یہودیت اور عیسائیت سے ہے پہلا جواب: اسلام اور ملت ابراہیمی سارے عقائد اور اعمال کے اصول میں متفق ہیں اسی لئے اسلام ملت ابراہیمی کے موافق ہے نہ کہ شریعت ابراہیمی کے کیونکہ ملت میں صرف اصول کا لحاظ ہوتا ہے اور شریعت میں جزئیات کا بھی لہٰذا اسلام ملت ابراہیمی اور شریعت محمدی ہے۔ باقی دیگر دین صرف عقائد میں دین ابراہیمی کے موافق تھے اور قوانین اعمال میں خلاف لہٰذا وہ ادیان ملت ابراہیمی نہ کہلائے جیسے کہ صاحبین فروعات میں امام ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کی مخالفت کر کے بھی حنفی کہلاتے ہیں نہ کہ شافعی۔ کیونکہ یہ حضرات امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ کے اصول میں بھی مخالف ہیں لہٰذا تمام دینوں کا عقائد میں ایسا اتفاق ہے جیسے مجتہدین کا قرآن حدیث کے ماننے میں یا تمام طبیبوں کا اصل علاج میں اور پھر ان کا آپس میں اختلاف ہے جیسے کہ مجتہدین کا آپس میں اصولی اختلاف یا یونانی اور ڈاکٹری طبیبوں کی اصل علاج میں مخالفت پھر اسلام کی ملت ابراہیمی سے ایسی موافقت ہے جیسے صاحبین کی ابو حنیفہ سے اس لئے قرآن کریم نے فرمایا ان اولی الناس با برھیم للذین اتبعوہ وھذا النبی دوسرا جواب: یہ ہے کہ شریعت محمدیہ اپنے میں شریعت ابراہیمی کو پورا پورا لئے ہوئے ہے۔ یعنی عقائد اصول اعمال اور سارے جزئیات میں اس سے متفق ہے۔ ہاں تکمیل کے لئے ہزارہا جزئیات اس پر زائد ہیں۔ لہٰذا ملت ابراہیمی گویا متن ہے اور شریعت مصطفوی اس کی شرح کہ شرح کرنے والا اگرچہ ہزارہا باتیں زیادہ بتاتا ہے مگر پھر بھی متن کے ساتھ ہوتا ہے اسی لئے قرآن کریم فرماتا ہے ملتہ ابیکم ابرھیم نیز فرماتا ہے ثم اوحینا الیک ان اتبع ملتہ ابرھیم حنیفا چنانچہ کفار سے جہاد' بتوں کو توڑنا' ختنہ' عقیقہ' مہمانوں کی دعوت' اچھا لباس پہننا نماز میں ہاتھ اٹھانا' نماز چاشت پڑھنا' نکاح میں گواہ' مہر کا ہونا' نماز میں سجدہ سے پہلے رکوع کرنا' مال کی زکوٰۃ دینا' ستر ڈھانپنا' کعبہ کو قبلہ بنانا' حج اور قربانی کرنا' مجرم کا متفقہ نہ ہونا' کاہنوں سے دور بھاگنا' کسی تاریخ یا دن کو منحوس نہ ماننا' مصیبت میں صبر کرنا کھیل کود سے بچنا' تصویر و فوٹو سے دور رہنا۔ تاریک الدنیا ہونے اور جوگی بننے سے بچنا گھربار اور بال بچے رکھنا اور روزی کمانا وغیرہ سب ملت ابراہیمی کے مسائل ہیں جو ہمارے ہاں ویسے ہی محفوظ دیگر دینوں میں یہ بات نہیں۔ لہٰذا اسلام ملت ابراہیمی ہے نہ کہ دیگر ادیان (تفسیر عزیزی) اگر کوئی کہے کہ پھر تمہارے پیغمبر ابراہیم علیہ السلام کے امتی ہوئے نہ کہ افضل نبی اس کا جواب ہم پہلے دے چکے ہیں کہ یہ اتباع ایسے ہی ہے۔ جیسے کہ پچھلا بادشاہ اگلے سلاطین کے قانون باقی رکھتا ہے۔ گویا ملت ابراہیمی تخم ہے اور دین محمدی سایہ دار پھل والا درخت کہ تخم اجمال ہے درخت اس کی تفصیل دوسرا اعتراض: ابراہیم علیہ السلام کو حنیف کہہ کر پھر یہ کیوں کہا گیا کہ وہ مشرکین میں سے نہ تھے یہ بات تو حنیف میں آ چکی تھی۔ جواب: اس میں موجودہ یہودیوں اور عیسائیوں پر چوٹ ہے کہ تم تو اپنے اصلی دین پر بھی قائم نہ رہے بلکہ مشرک ہو گئے پھر کس منہ سے اپنے کو

marfat.com
Marfat.com

ابراہیمی کہتے ہو وہ تو شرک سے بہت دور ہے اور تم اس میں مخمور **تیسرا اعتراض:** دین ابراہیمی بھی خدائی دین ہے اور دین موسوی و عیسوی بھی پھر کیا وجہ ہے کہ اسلام نے دین موسوی و عیسوی کو تو منسوخ کیا کہ اب ان کی اتباع گمراہی ہے اور دین ابراہیمی کی اتباع کو لازم قرار دیا **جواب:** دین ابراہیمی دین فطرت ہے جسے رب نے حضور کے ذریعہ تاقیامت باقی رکھا ہے دین موسوی و عیسوی ہنگامی حالات کے ماتحت عارضی احکام کے حامل کہ حالات بدل جانے پر وہ سب ختم ہو گئے جیسے ایک شخص پر بیماری طاری ہو جانے پر غذائیں و دوائیں مخصوص طور پر لازم ہو جاتی ہیں اس بیماری کے جاتے ہی سب غذائیں اصل حالت پر آ جاتی ہیں بیماری کی غذائیں بند کر دی جاتی ہیں۔ چنانچہ دین موسوی کے احکام اسرائیلیوں کی سرکشی کی وجہ سے بہت سخت تھے کہ توبہ میں مجرم کو قتل کیا جاتا ناپاک کپڑے یا جسم کو کاٹا جاتا تھا۔ جانوروں کی چربی حرام تھی' رب فرماتا ہے **فبظلم من الذین ھادوا حرمنا** دین عیسوی میں نہایت نرمی تھی کہ شراب بھی حلال کسی پر جہاد نہیں وغیرہ۔

**تفسیر صوفیانہ:** دنیا ایک خطرناک جنگل ہے اور ہم لوگ یہاں کے نووارد مسافر ہمارا ایمان اصل پونجی اس جنگل میں قزاقی ڈکیتی' راہ ماری بہت ہوتی ہے ہر ڈاکو مسافروں کو اپنے گھات کی طرف بلاتا ہے مگر قدرت نے اصل مقصود پر ایک شمع روشن کر دی ہے جو ہر شخص کو دور سے نظر آ رہی ہے اور اس راستہ میں بھی جگہ جگہ پولیس کی چوکیاں اور راہبر موجود ہیں اور کامیاب مسافروں کے نشان قدم بھی نظر آ رہے ہیں مسافر کو چاہئے کہ اس شمع مقصود کی سیدھ پر جائے اور ان رہبروں کی حفاظت میں رہے ان کے قدموں کے نشانوں کو اپنا رہنما بنائے ادھر ادھر دھیان نہ کرے ورنہ مارا جائے گا اور یہ محبوبوں کی آوازیں محبوب سے روک دیں گی۔ بارگاہ الٰہی سب کی اصل مقصود شمع نبوت اس کا نشان اور شیخ طریقت اس راستہ کے رہبر اہل اللہ کے مزارات وغیرہ اس راستہ کی حفاظت کی چوکیاں گزشتہ نیک بندوں کے حالات یہاں کے آثار قدم اگر مقصود پر پہنچنا ہے تو شیخ کامل کے پیچھے جاؤ۔ جماعت مومنین کے ساتھ رہو اور شمع نبوت پر نظر رکھو **قل بل ملتہ ابرھیم حنیفا** پر غور کرتے رہو ہر مذہب کی آواز پر نہ چل پڑو۔

یہ جو تجھ کو بلاتا ہے یہ ٹھگ ہے مار ہی رکھے گا
ہائے مسافر دم میں نہ آنا مت کیسی متوالی ہے

| |
|---|
| قُولُوٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ |
| کہو تم ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور اس کے جو اتارا گیا طرف تمہارے اور اس کے جو اتارا |
| یوں کہو کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس پر جو ہماری طرف اترا اور جو اتارا گیا |
| وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى |
| گیا طرف ابراہیم اور اسمعیل اور اسحق اور یعقوب اور اولاد کے اور جو دیا گیا موسیٰ |
| ابراہیم اور اسماعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور ان کی اولاد پر اور جو عطا کیے گئے |

marfat.com
Marfat.com

وَعِيسَىٰ وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ

اور عیسیٰ کو اور جو دیئے گئے تمام نبی رب ان کے سے نہیں فرق کرتے ہم درمیان کسی

موسیٰ اور عیسیٰ اور جو عطا کیے گئے باقی انبیاء اپنے رب کے پاس سے ہم ان میں سے

مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ۱۳۶

کے ان میں سے اور ہم واسطے اسی کے اسلام والے ہیں

کسی پر ایمان میں فرق نہیں کرتے اور ہم اللہ کے حضور گردن رکھتے ہیں۔

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق: پچھلی آیت میں حضور علیہ السلام سے جواب دلوایا گیا۔ اب کسی قدر تفصیل کے ساتھ مسلمانوں سے جواب دلوایا جارہا ہے اسی لئے وہاں قل تھا اور یہاں قولو دوسرا تعلق: یہ آیت پچھلی آیت کی گویا تفسیر ہے کہ وہاں فرمایا گیا تھا۔ کہ ہم دین ابراہیمی کی پیروی کرتے ہیں۔ اب بتایا جارہا ہے کہ اس پیروی کے معنی یہ ہیں کہ سب پیغمبروں کو مانتے ہیں تیسرا تعلق: پچھلی آیت پر اہل کتاب اعتراض کرسکتے تھے کہ تم نے یہودیت اور عیسائیت کو دائرہ ہدایت سے خارج کیا اور ان دونوں کو اشارۃً مشرک کہا۔ معلوم ہوتا ہے کہ تم شریعت موسوی اور عیسوی کے منکر ہو۔ لہٰذا تم کافر۔ اس آیت میں جواب دیا گیا کہ ہم ان کے اصلی دین کے منکر نہیں اس کو حق مانتے ہیں تمہاری ایجادات کے منکر ہیں اور اسی کو شرک کہتے ہیں۔ چوتھا تعلق: پچھلی آیت میں بتایا گیا تھا کہ یہود یہودیت کی طرف دعوت دیتے ہیں اب فرمایا جارہا ہے کہ کہہ دو ہم سارے پیغمبروں پر ایمان رکھتے ہیں۔ یعنی تم تو اپنے پیغمبروں کو قومیت کے لحاظ سے مانتے ہو کہ وہ اسرائیلی تھے اور غیر اسرائیلی پیغمبروں کا انکار کرتے ہو۔ لہٰذا تمہارے ایمان میں نفسانیت کو دخل ہے ہم جس پیغمبر کو بھی مانتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ اللہ کے بھیجے ہوئے اور صاحب معجزات ہیں خواہ اسرائیلی ہوں یا اسمٰعیلی یا کوئی اور لہٰذا یہ ماننا اللہ کے لئے ہے۔

تفسیر : **قولوا** یہ تمام مسلمانوں سے خطاب ہے اس کا مفعول یا تو اگلی عبارت ہے اور یا پوشیدہ عبارت یعنی کہہ دو کہ ہم اللہ پر ایمان لائے الخ یا کہہ دو کہ ہم کفر نہیں کرسکتے اور تمہاری باتوں میں نہیں آسکتے کیونکہ ہم تقیہ باز نہیں اپنے ایمان کا اعلان کرتے ہیں اور ہوسکتا ہے کہ یہ خطاب صحابہ سے ہو۔ یعنی اے صحابہ تم دیوار اسلام کی پہلی اینٹ ہو تم اپنے ایمان کا ان الفاظ میں اعلان کرو تاکہ تاقیامت مسلمان تمہاری طرح ایمان لائیں۔ تم تمام مسلمانوں کے معلم ہو سب تمہارے شاگرد۔ اس لئے آگے ارشاد ہے **فان امنوا بمثل ما امنتم به فقد اهتدوا** یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ یہود و نصاریٰ سے خطاب ہو۔ یعنی اے یہودیو، عیسائیو تم لوگوں کو یہودی، عیسائی بنانے کی کوشش نہ کرو بلکہ یوں عرض کرکے مسلمان ہوجاؤ یہ خیال نہ کرو کہ عمر بھر تو کفر کیا اب آخر میں کیا ایمان لائیں سورج پانچ منٹ میں رات بھر کی برف، شبنم کو ختم کردیتا ہے ہم ایک آن میں عمر بھر کے کافر کو بخش سکتے ہیں۔ دیکھو موسیٰ علیہ السلام کے جادوگروں کا حال **امنا بالله** ہم تو اللہ پر ایمان لائے نہ کہ اپنے نفس اور خواہشات پر لہٰذا اس کی ساری کتابوں اور سارے پیغمبروں کو مانیں گے۔ مگر ہاں ان میں بعض بعض سے افضل ہیں اور ہماری کتاب ساروں کی

marfat.com
Marfat.com

جامع لہذا پہلے **وما انزل الینا** اس پر ایمان لائے جو ہم پر اتار آگیا اگرچہ قرآن کا نزول آہستگی سے ہوا مگر چونکہ رمضان یا شب قدر میں ایک دم بھی اترا ہے اس لئے یہاں **انزل** فرمایا گیا ہے یعنی ایک دم اتار آگیا اگرچہ قرآن حضور علیہ السلام پر آیا مگر چونکہ وہ ہمارے مولیٰ ہیں اور ہم ان کے غلام اور محض ہماری ہی ہدایت کے لئے آیا نہ کہ ان کی وہ تو پہلے ہی سے ہدایت پر تھے اس لئے فرمایا گیا **الینا** کہ ہم سب کی طرف پھر **وما انزل الی ابرھیم** اس پر بھی ایمان لائے جو کہ ابراہیم علیہ السلام پر اتار آگیا کیونکہ ان کا دین ہمارے دین کے بہت مشابہ ہے خیال رہے کہ ابراہیم علیہ السلام پر کتاب نہ اتری بلکہ دس صحیفے آئے (روح البیان) اسی لئے دوبارہ انزل فرمایا گیا کہ منزل میں فرق ہے۔ یعنی اتارنے والا۔ مگر اس نے نبی آخر الزمان پر کتاب اتاری اور ان پر صحیفے **واسمعیل واسحق و یعقوب** ان حضرات پر علیحدہ کتاب یا صحیفے نہ آئے بلکہ یہ ابراہیمی صحیفوں کے تابع تھے اور ان پر جو وحی آتی تھی وہ شریعت ابراہیمی کو کامل کرنے والی تھی۔ اس لئے یہاں علیحدہ انزل نہ فرمایا گیا اور اس آیت کے معنی یہ ہوئے کہ اس پر بھی ایمان لائے جو ابراہیم و اسمٰعیل وغیرہم علیہم السلام پر نازل ہوئے (تفسیر عزیزی) ان کے ناموں میں ترتیب زمانی بھی ہے اور رتبی بھی۔ **والاسباط** یہ سبط کی جمع ہے جس کے لغوی معنی ہیں شاخوں والا درخت اصطلاح میں خاندان اور قبیلہ کی سبط اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ بھی ایک شخص سے پھیلتا ہے پھر اس کو سبط کہنے لگے جو قبیلہ کا اصل اور قبیلہ اس کی نسل سے اسی لئے امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو سبطین کہتے ہیں کہ وہ حسنی اور حسینی سیدوں کے اصل ہیں۔ (کبیر و حقانی) قرآن کریم میں اسباط یعقوب علیہ السلام کے بیٹوں کو کہا جاتا ہے کیونکہ ان میں سے ہر ایک ’ایک قبیلہ کا جد امجد بنا۔ وہ ہی یہاں بھی مراد ہے ان بارہ میں سے یوسف علیہ السلام کی نبوت قطعی اور یقینی ہے دوسروں کی نبوت میں اختلاف اور صحیح یہ ہے کہ وہ پیغمبر نہ تھے (عزیزی) اور اس کی زیادہ تحقیق ہماری کتاب قہر کبریا میں دیکھو ان شاء اللہ سورہ یوسف کی تفسیر میں بھی کی جائے گی۔ لہذا ان پر صحیفوں کا اترنا ایسا ہے۔ جیسا ہم مسلمانوں پر قرآن کا اترنا اگرچہ ان میں سارے اسرائیلی پیغمبر آگئے تھے مگر چونکہ کلام یہود و نصاریٰ سے ہو رہا ہے نیز موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام ان میں عظیم الشان پیغمبر ہیں۔ اس لئے فرمایا گیا **وما اوتی موسی و عیسی** کہ ہم اس پر بھی ایمان لائے جو ان پیغمبروں کو دیا گیا۔ چونکہ انہیں توریت انجیل کتاب کی شکل دی گئی تھی۔ اس کے علاوہ بہت سے بڑے بڑے معجزات بھی عطا ہوئے تھے۔ اس لئے یہاں بجائے انزل کے اوتی فرمایا گیا **وما اوتی النبیون من ربھم** ہمارا ایمان فقط ان مذکورہ پیغمبروں ہی میں محدود نہیں اور نہ صرف ان کی کتابوں پر بلکہ از آدم تا این دم مذکور اور شرح مذکور جس قدر بھی پیغمبر آئے انہیں کتاب صحیفے، وحی معجزات جو کچھ ملے۔ ان سب پر ایمان ہم لائے یعنی ہمارا ایمان ان پر کچھ تفصیلی بھی ہے اور آسمانی بھی اے اسرائیلیو تم تو ایمان لانے میں اسرائیلی اور غیر اسرائیلی پیغمبروں میں فرق کرتے ہو۔ لیکن ہمارا یہ حال ہے کہ **لا نفرق بین احد منھم** ہم ایمان میں کسی میں فرق نہیں کرتے کہ تمہاری طرح بعض پر ایمان لائیں اور بعض پر نہ لائیں بلکہ سب پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور یہاں احد کے معنی ہیں کسی ’نہ کہ ایک کیونکہ لفظ بین کثرت کو چاہتا ہے یعنی ان میں سے کسی کے درمیان اور یہ کیوں نہ ہو کہ **ونحن لہ مسلمون** ہم تو رب کے فرماں بردار ہیں نہ کہ اپنے نفس کے اس کا جو حکم جس وقت بھی جس پیغمبر پر جس زبان میں آوے۔ ہمارے سر آنکھوں پر۔

**خلاصہ تفسیر:** اے مسلمانو تمہیں یہود و نصاریٰ نفسانیت سے ’اپنے اپنے دینوں کی طرف بلاتے ہیں جن دینوں میں ان

marfat.com
Marfat.com

کے نفس کو دخل ہے۔ تم انہیں جواب دے دو کہ ہمارا ایمان تو اللہ پر ہے اور قرآن کریم پر جو تمام شریعتوں کا جامع اور تمام کی اصل ہے کہ جس کا ماننا سب کا ماننا ہے ہم اللہ پر اور اپنی کتاب پر بھی ایمان لائے اور جو نبیوں کے جد امجد ابراہیم علیہ السلام اور ان کے فرزند ارشد اسمٰعیل علیہ السلام اور اسرائیلی پیغمبروں کے والد ماجد اسحاق علیہ السلام اور ان کے فرزند یعقوب علیہ السلام کے سارے فرزندوں پر اترا اور ان کتب، معجزات وغیرہ کو بھی دل سے مانتے ہیں جو موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام کو دی گئیں۔ اور انہیں میں کیا منحصر ہے ہم تو ان ساری کتابوں اور نعمتوں کو حق جانتے ہیں جو سارے پیغمبروں کو ان کے رب سے ملیں ہم تمہاری طرح اپنی طرف سے پیغمبروں میں فرق نہیں کرتے کہ جس کو چاہا مان لیا۔ اور جس کو چاہا نہ مانا کیونکہ ہم تو رب کے مطیع ہیں نہ کہ اپنے نفسوں کے جسے وہ بڑا بنادے ہم اسی کے ماننے کو تیار ہیں خیال رہے کہ انبیاء میں تفریق کی تین صورتیں ہیں نبیوں میں فرق کہ بعض کو مانیں، بعض کو نہیں۔ جیسے یہود کا طریقہ تھا ان کی نبوتوں میں فرق کہ بعض کو اصلی نبی مانیں بعض کو عارضی یہ دونوں تفریقیں کفر ہیں۔ ہاں ان کے مراتب میں فرق کرتے ہیں۔ یہ تفریق رکن یا ایمان ہے رب فرماتا ہے **تلک الرسل فضلنا بعضھم علی بعض** جیسے سارے قرآن پر ایمان ہے مگر بعض آیتیں بعض سے افضل ہیں۔ سارا کعبہ قبلہ ہے مگر رکن اسود و رکن یمانی افضل، سارے ماہ رمضان پر ہمارا اعتقاد ہے۔ مگر شب قدر باقی اوقات سے افضل ہے پھر جیسے ہم سب انبیاء کو مانتے ہیں فرق نہیں کرتے ایسے ہی ہم اولیاء اللہ صحابہ کرام اور اہل بیت کو مانتے ہیں۔ فرق نہیں کرتے اگرچہ ان کے فرق مراتب کے قائل ہیں غرضیکہ لانفرق میں بہت وسعت ہے۔

**فائدے:** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے رب کا ماننا آسمانی کتاب کے ماننے پر موقوف نہیں بلکہ ایمان باللہ سارے پیغمبروں اور کتابوں کے ماننے کی اصل ہے دیکھو یہاں اللہ کو ساری کتابوں کے ماننے سے پہلے بیان کیا گیا۔ (تفسیر کبیر) یعنی ہم نے پیغمبروں اور کتابوں کو خدا کیلئے مانا اور اس لئے کہ وہ خدا کے بھیجے ہوئے ہیں خدا کو اس لئے نہ مانا کہ نبی نے فرمایا اسی لئے نبوت سے بے خبر رہنے والے پر بھی خدا کا ماننا ضروری ہے۔ یہ درست ہے کہ نبی خدا کی ذات و صفات کو ظاہر کرتے ہیں تو پیغمبروں سے خدا کا پہچاننا ایسا ہے جیسا کہ دھوپ سے آفتاب کا یہ بہت باریک فرق ہے خیال رہے جیسے حضور علیہ السلام سے اور ان کے بتائے ہوئے قاعدوں سے مشائخ کو پہچانا پھر بذریعہ مشائخ بارگاہ نبوت تک پہنچے جن صوفیاء نے فرمایا کہ میں خدا کو بھی اسی لئے مانتا ہوں کہ وہ رب محمد ہے صلی اللہ علیہ وسلم یا جنہوں نے کہا کہ اگر پروردگار بشکل مصطفیٰ تجلی فرمائے تب میں اسے پہچانوں۔ ان سب کا یہ ہی مطلب ہے اسی طرح جو قرآن پاک میں فرمایا گیا **و اذ اخذ ربک من بنی ادم** پھر فرمایا گیا **الست بربکم** اس میں بھی یہ ہی اشارہ ہے کہ رب نے بندوں کو اپنی پہچان یوں کرائی کہ ہم رب محمد ہیں اور پھر ان سے اپنی ربوبیت کا عہد لیا تو اس عہد میں رب کی ربوبیت۔ کے ساتھ حضور علیہ السلام کی نبوت کا بھی ذکر ہے **دوسرا فائدہ:** جیسے سو کے عدد میں ساری اکائیاں اور دہائیاں داخل ہیں ایسے ہی حضور کی پہچان میں سارے انبیاء کی پہچان اور قرآنی عرفان میں ساری کتابوں کا عرفان شامل ہے دیکھو اس آیت میں پہلے **ما انزل الینا** فرمایا گیا اور پھر کچھ تفصیل اسی لئے صوفیاء کرام فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کی زیارت سارے پیغمبروں اور سارے اولیاء کی زیارت ہے مدینہ منورہ کی حاضری سارے آستانوں کی حاضری ہے **تیسرا فائدہ:** ضروری ہے کہ ایمان میں پیغمبروں کی تعداد کا لحاظ نہ کرے بلکہ اجمالاً "سارے پیغمبروں کو مانے کیونکہ ان کی صحیح تعداد ہم

marfat.com
Marfat.com

کو یقین سے معلوم نہیں اسی لئے یہاں اخیر میں سارے پیغمبروں کا اجمالی ذکر بھی کیا گیا۔ چوتھا فائدہ جس طرح ایمان لانے میں پیغمبروں میں فرق نہیں۔ ایسے ہی ان کی نبوتوں میں بھی فرق نہیں۔ یعنی یہ نہیں کہ بعض کی نبوت اصلی ہو اور بعض کی عارضی جیسے کہ اصلی حاکم کی غیر موجودگی میں دوسرا عارضی حاکم چند روز کے لئے کام کرتا ہے اس لحاظ سے سارے پیغمبر اصلی ہی نبی ہیں۔ ہاں یہ صحیح ہے کہ سب کی نبوت حضور علیہ السلام کے طفیل ہے مگر ہے اصلی جیسے کہ چاند تاروں کا نور آفتاب کے طفیل قصیدہ بردہ شریف میں ہے۔

**فانہ شمس فضل ہم کواکبھا    یظھرن انوار ھا للناس فی الظلم**

لہٰذا مولوی قاسم صاحب کا دیگر پیغمبروں کو عارضی نبی ماننا غلط ہے اور آیت لانفرق کے خلاف۔

**اعتراض : پہلا اعتراض:** اس آیت سے معلوم ہوا کہ ساری کتابوں پر ایمان لانا ضروری ہے۔ پھر تم انہیں منسوخ کیوں مانتے ہو **جواب:** اس کا جواب ہم نسخ کی بحث میں دے چکے۔ ایمان اسی پر ہے کہ وہ ساری کتابیں رب کی ہیں نسخ کے یہ معنی کہ وہ اپنے زمانے میں قابل عمل تھیں اب نہیں جیسے طبیب کے سارے نسخے سچے ہیں مگر پچھلے اب استعمال نہ ہوں گے دوسرا **اعتراض:** اس جگہ فرمایا گیا کہ **لا نفرق** دوسری آیت میں ہے **تلک الرسل فضلنا بعضھم علی بعض** اور مسلمان انبیاء کے درجات میں فرق بھی کرتے ہیں اور اپنے پیغمبر کو سید الانبیاء بھی کہتے ہیں ان آیتوں میں مطابقت کیونکہ ہو **جواب:** اس کے چند جواب ہیں ایک یہ کہ ایمان میں فرق نہیں کہ بعض کو مانیں اور بعض کو نہ مانیں درجات میں فرق ہے دوسرے یہ کہ نبوت میں فرق نہیں بعض کی اصلی اور بعض کی عارضی ہو دیگر درجات میں فرق ہے تیسرے یہ کہ ہم اپنی طرف سے فرق نہیں کرتے جو خود رب نے فرق بتادیا ہے۔ اسے مانتے ہیں اسی لئے یہاں فرمایا گیا کہ **لا نفرق** کہ ہم بندے فرق نہیں کرتے وہاں ہے کہ **فضلنا** رب نے بزرگی دی۔ چوتھے یہ کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم ایسا فرق نہیں کرتے جس سے دیگر انبیاء کی توہین ہو جائے جیسے مولوی قاسم صاحب دیوبندی نے تحذیر الناس میں لکھا کہ دوسرے پیغمبر ہمارے حضور علیہ السلام کے دریوزہ گر یعنی بھکاری ہیں یہ حرام ہے ہاں ادب کا لحاظ رکھتے ہوئے فرق کرتے ہیں اسی لئے ایک حدیث میں آتا ہے کہ ہم سارے انسانوں کے سردار ہیں دوسری روایت میں ہے کہ ہم کو یونس علیہ السلام پر بھی بزرگی مت دو اس کا یہی مطلب ہے کہ ایسی بزرگی نہ دو کہ جس میں ان کی توہین ہو۔

**لطیفہ :** ایک نعت خواں نے اعلیٰ حضرت کے سامنے یہ پڑھا۔

شان یوسف جو دبی وہ بھی یہیں آکے دبی

آپ نے فرمایا یوں نہ کہو بلکہ کہو شان یوسف جو بڑھی وہ بھی اسی گھر سے بڑھی حضور علیہ السلام سب کو بڑھانے والے ہیں کسی کو گھٹاتے نہیں۔ انہوں نے سارے پیغمبروں کو چمکایا اور سب کی شانیں دوبالا کردیں۔ **تیسرا اعتراض:** جو ارکان ایمان اس آیت میں مذکور ہیں وہ آج سارے کلمہ گو مرزائی وغیرہ مانتے ہیں پھر تم ان سب کو مسلمان کیوں نہیں مانتے اور پھر حضور نے یہ کیوں فرمایا کہ میری امت کے 73 فرقوں میں ایک ناجی ہے۔ باقی 72 ناری جواب علامات ایمان وقت اور موقع کے لحاظ سے مختلف ہوتے رہتے ہیں۔ اول اسلام میں حکم تھا کہ **لا الہ الا اللہ** پڑھنے والا جنتی ہے۔ پھر بعد ہجرت فرمایا گیا کہ جو

marfat.com
Marfat.com

لا الہ الا اللہ پڑھے ہمارے قبلہ کی طرف منہ کرے ہمارا ذبیحہ کھائے وہ جنتی ہے اس قاعدے سے یہاں اہل کتاب کے مقابلہ میں گفتگو ہے جو بعض انبیاء کے انکاری تھے لیکن جو تمام نبیوں کو مانتے ہوئے کسی اور رکن اسلامی کے انکاری ہوں ان کے متعلق اور گفتگو ہوئی۔

تفسیر صوفیانہ : ایمان گویا کہ جال ہے اور اعمال شکار اسی جال سے شکار ہو سکتا ہے۔ جس کے سارے پھندے مضبوط ہوں اگر ایک پھندا بھی کھل گیا تو جال شکار کے قابل نہ رہا اور پھر دوسرے پھندے بھی کھل جائیں گے۔ سارے انبیاء کرام کو ماننا۔ ساری کتابوں کو حق جاننا اس جال کے پھندے ہیں ایک پیغمبر کے بھی انکار سے ایمان بیکار ہے اور اس سے دوسرے پیغمبروں کا بھی انکار یہ ہی حال اولیاء اور علماء کا ہے تم خواہ کسی سلسلہ میں ہو اور کوئی مذہب رکھتے ہو۔ سارے اولیا اور سارے آئمہ مجتہدین کو حق جانو اور ان کی عظمت کرو ایک ولی کا نکالا ہوا سارے اولیاء اللہ کے ہاں سے پھٹکارا جاتا ہے۔ بھیک اپنے ہی شیخ سے لو مگر تعظیم سب کی کرو جیسے ایمان کے لئے یہ ضروری ہے کہ ایمان میں انبیاء کرام کے درمیان فرق نہ کرے سب پر ایمان لائے۔ ایسے ہی مومن ہونے کیلئے یہ عین شرط ہے کہ ایمان میں اللہ و رسول کے ملانے کا نام ایمان ہے انہیں علیحدہ سمجھنے کا نام کفر۔ قرآن کریم فرماتا ہے یریدون ان یفرقوا بین اللہ ورسلہ ویقولون نؤمن ببعض ونکفر ببعض ویریدون ان یتخذوا بین ذلک سبیلا اولئک ھم الکفرون حقا دیکھو یہاں اللہ رسول میں فرق کرنے والوں کا پکا کافر فرمایا گیا۔

| |
|---|
| فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا |
| پس اگر وہ ایمان لائیں وہ ساتھ مثل اس کے کہ ایمان لائے تم ساتھ اس کے تو بے شک ہدایت پا گئے اور اگر |
| پھر اگر وہ بھی یوں ہی ایمان لائے جیسا تم لائے جب تو وہ ہدایت پا گئے اور اگر منہ پھیریں تو وہ |
| هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ |
| منہ پھیریں پس اس کے سوا نہیں وہ بیچ مخالفت کے ہیں پس عنقریب کفایت کرے گا تمہیں انکے مقابلہ میں اللہ |
| نری ضد میں ہیں تو اے محبوب عنقریب ان کی طرف سے تمہیں کفایت کرے گا اور وہی سنتا |
| صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ |
| اور وہ سننے والا جاننے والا ہے رنگ اللہ کا اور کون ہے زیادہ اچھا اللہ کے رنگ سے اور ہم |
| جانتا ہے ہم نے اللہ کی رینی لی اور اللہ سے بہتر کس کی رینی ہے اور ہم |
| عٰبِدُوْنَ ۝ ۱۳۸ |
| اس کے لیے عبادت کرنے والے ہیں |
| اس کو پوجتے ہیں |

marfat.com
Marfat.com

**تعلق:** اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے۔ **پہلا تعلق:** پچھلی آیت میں یعقوب علیہ السلام کی اولاد کو اسباط فرما کہ ان کی بہت عزت افزائی کی گئی تھی۔ شاید موجودہ نبی اسرائیل اس پر فخر کرتے اس لئے اب بتایا جارہا ہے۔ کہ اگر تم صحیح ایمان لے آؤ تو تم اس بزرگی میں داخل ہو ورنہ نہیں **دوسرا تعلق:** پچھلی آیتوں سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں اور اہل کتاب میں یہ فرق ہے کہ مسلمان تو سارے پیغمبروں پر ایمان لاتے ہیں اور وہ بعض پر۔ جس سے شاید مسلمان دھوکہ کھاتے کہ اہل کتاب میں اور ہم میں بہت تھوڑا فرق ہے اور وہ بھی قریباً ''ہدایت پر ہی ہیں ہمارے بھائی ہیں کیونکہ صرف ایک دو پیغمبروں کے ماننے ہی میں تو اختلاف ہے اس وہم کو دفع کرنے کے لئے اب فرمایا جارہا ہے کہ جب تک کہ وہ بالکل تمہاری طرح ایمان نہ لے آئیں تب تک ہدایت پر نہیں اور نہ تم سے قریب بلکہ بالکل بے دین اور تمہارے دشمن ہیں۔ **تیسرا تعلق:** پچھلی آیت میں مسلمانوں کو تبلیغ کا حکم تھا کہ تم اہل کتاب کے سامنے اپنا ایمان پیش کرو اب اس کا نتیجہ بیان فرمایا جارہا ہے کہ اگر وہ تمہاری بات سن کر تم جیسے بن جائیں تو فبہا ورنہ وہ گمراہ ہیں **چوتھا تعلق:** پچھلی آیت میں ارکان اسلام میں سے صرف توحید و رسالت کا ذکر تھا باقی ارکان کا ذکر نہ ہوا تھا۔ اب بقیہ تمام ارکان کا ذکر اس آیت میں ہے کہ اے صحابہ وہ لوگ صرف ان دو باتوں کو ماننے پر کفایت نہ کریں بلکہ تمہاری طرح تمام ایمانیات حشر نشر، دوزخ جنت **ملائکہ** سب پر ایمان لائیں اور توحید و رسالت کو بھی تمہاری طرح مانیں۔

**تفسیر:** **فان امنوا** اس کا فاعل وہ ہی یہود و نصاریٰ ہیں جو ہدایت کو اپنے میں محدود سمجھے ہوئے تھے اور جن پر ایمانی باتیں پیش کی گئی تھیں۔ یعنی اگر یہ لوگ ایمان لے آئیں **بمثل ما امنتم بہ** یا تو ما سے ایمان مراد ہے یا دین یعنی اگر یہ تمہارے ایمان کی طرح ایمان قبول کرلیں یا ان چیزوں پر ایمان لے آئیں جن پر تم لے آئے ہو اس کی زیادہ تحقیق ان شاء اللہ اعتراض و جواب میں آئے گی۔ ہو سکتا ہے کہ امنو میں تمام جن و انس مراد ہوں اور امنتم میں صحابہ کرام سے تخاطب ہو۔ یعنی تاقیامت جو جن و انس اے صحابہ تمہاری طرح کا ایمان لائے وہ ہدایت پر ہوگا یعنی مجھے میرے رسولوں کو میری کتابوں کو اس طرح مانے جیسا تم نے مانا ہے۔ تب وہ ہدایت پر ہے اور اگر سب کچھ مانے مگر تمہاری طرح نہ مانے تو گمراہ کا گمراہ ہے تم تمام جن و انس کے ایمان کی کسوٹی ہو۔ **فقد اھتدوا** تو یہ بھی تمہاری طرح ہدایت پاجائیں گے۔ **اھتدوا** انتعال میں آکر یا تو شرکت کے معنی دے رہا ہے یا کمال کے یعنی تمہارے ساتھ ہدایت میں شریک ہو جائیں گے یا کامل ہدایت پالیں گے۔ اس میں ادھر اشارہ ہے کہ ہدایت ان میں محدود تو کیا ہوتی سرے سے ہے ہی نہیں اگر ایمان قبول کرلیں تو وہ بھی تمہارے ساتھ ہدایت میں شریک ہوں گے نیز یہ نہ ہو گا کہ تم پرانے مومن ہونے کی وجہ سے ان سے افضل رہو۔ اور یہ نو مسلم ہونے کی وجہ سے تم سے گھٹیا بلکہ کلمہ پڑھتے ہی تمہاری طرح کامل ہوں گے۔ **وان تولوا** یہ ولی سے بنا جس کے معنی ہیں قریب ہونا باب تفعل میں آکر سلب قرب یعنی دور ہونے کے معنی بنے چونکہ پیٹھ پھر کر جانے والا دور ہو جاتا ہے اس لئے تولی کے معنی منہ پھیرنا یا پیٹھ پھیرنا کئے جاتے ہیں۔ پھر نہ ماننے کو بھی تولی اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ ہماری رائے سے دور ہو گیا یعنی اگر تمہاری ساری باتیں مان لیں مگر ایک عقیدے سے بھی منہ موڑ لیں یا سب کچھ مان کر تمہاری مشابہت سے منہ موڑ لیں۔ تو وہ ہدایت پر نہیں اور نہ وہ تمہارے دوست۔ **تولوا کی** پانچ صورتیں ہیں۔ مسلمانوں کے عقائد سے علیحدہ ہو جائیں مسلمانوں کے اعمال سے ہٹ جائیں۔ جس کام کو مسلمان اچھا اور

marfat.com
Marfat.com

کار ثواب جانتے ہیں اسے یہ حرام یا شرک کہنے لگے یا صحابہ کرام کے عقائد سے علیحدگی اختیار کریں یا سنت صحابہ کو برا جانیں اور خود صحابہ کرام سے بغض رکھیں یہ سب شیطانی دھڑے میں چلے جائیں گے۔ سنن صحابہ سنن رسول بلکہ سنن الٰیہ کے ساتھ ایسی ملی ہوئی ہیں۔ جیسے چوکی کے تختوں کے ساتھ کیلیں۔ دیکھو نماز جمعہ فرض' اذان ثانی' سنت رسول اللہ اور اذان اول سنت عثمانیہ یوں ہی روزہ رمضان فرض تراویح سنت' تراویح کی ہمیشہ جماعت' ختم قرآن سنت فاروقی۔ بلکہ قرآن کلام اللہ اس کا ورد سنت رسول اللہ اس کا جمع سنت صدیقی مسجد نبوی کی زمین صدیقی عمارت نبوی بلکہ **فانما ھم فی شقاق** وہ تمہاری کھلی ہوئی مخالفت میں ہیں۔ شقاق شق سے بنا جس کے لفظی معنی ہیں شگاف اور علیحدگی **شققنا الارض شقا** ٹکڑے کو بھی شقتہ اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ کٹ کر علیحدہ ہو جاتا ہے۔ مخالفت کو بھی شقاق اسی لئے کہا جاتا ہے کہ اس نے ضد کرکے شق مخالفت اختیار کر لی اور شق کے معنی مشقت کے بھی آتے ہیں **الا بشق الانفس** دشمنی کو اس لئے شقاق کہتے ہیں کہ ہر دشمن دوسرے کو مشقت میں ڈالنے کی فکر کرتا ہے (تفسیر کبیر) یعنی وہ ضد میں تمہاری جناب مخالفت میں ہیں اور تم کو مشقت میں ڈالنے کی فکر میں یہاں یہ نہ کہا گیا کہ ان میں ضد ہے بلکہ وہ ضد میں ہیں کہ ضد میں ہیں کہ ضد اور دشمنی ان پر چھاگئی اور غالب آگئی لامحالہ تمہاری ان کی جنگ ہوگی مگر تم یقین رکھو کو **فسیکفیکھم اللہ** اے نبی علیہ السلام اللہ تمہیں ان کی شرارت سے کافی ہوگا۔ اس پر بھروسہ کرو خیال رہے کہ اس سے پہلی عبارت میں خطاب مسلمانوں سے تھا اور اب صرف حضور علیہ السلام سے ہوا تاکہ معلوم ہو جائے کہ رب کی فتح اور نصرت اپنے حبیب کے لئے ہوگی جو ان کے دامن میں آجائے گا وہ بھی اس سے نفع پالے گا اور یہ کیونکر ممکن ہے کہ رب تمہاری امداد نہ کرے **وھو السمیع العلیم** وہ تو تمہاری اور ان کی باتوں کو سننے والا اور نیتوں کو جاننے والا ہے تمہاری باتوں میں حقانیت اور نیتوں میں اخلاص ہے ان کے کلام میں شرارت ہے اور دل میں فساد' اور مفسد مغلوب اور مخلص غالب ہوتا ہے۔ یہاں تک ایمان کے ارکان اور اعتقادی مسائل بیان فرما کر ترقی کرتے ہوئے فرمایا جارہا ہے کہ اے مسلمانوں تم ان سے بھی کہہ دو کہ **صبغتہ اللہ**' یہ صبغ سے بنا جس کے معنی ہیں رنگ بروزن فعلتہ کے آکر نوعیت اور حالت کے معنی دے رہا ہے کیونکہ جیسے نماز کے لئے شرط جواز اور ہیں جو علماء بتاتے ہیں اور شرائط قبول کچھ اور جو مشائخ بتاتے ہیں اسی طرح ایمان کے ارکان شرعی اور ہیں جو پہلے بیان ہوئے۔ توحید و رسالت پر ایمان۔ صحابہ جیسا مومن بظاہر بن جانا اور ارکان عشق کچھ اور ہیں یعنی دل میں اللہ کا رنگ چھا جانا تم پہلے ارکان بتانے کے بعد اب دوسرے ارکان بتادو کہ **صبغتہ اللہ** صبغتہ یعنی ہم کو اللہ نے خاص رنگ میں رنگ دیا ہے جس سے ہمارا ظاہر و باطن ایسا رنگین ہو گیا کہ کسی پانی سے چھوٹ سکتا ہی نہیں یا تو اس رنگ سے مراد فطرت سلیمہ ہے یا دین اسلام یا تقویٰ اور پرہیزگاری یا وہ نور کے چھینٹے جو ارواح کی پیدائش کے وقت مومنوں پر پڑے تھے یا صوفیائے کرام کے کشف کے رنگ کچھ بھی مراد ہو مطلب یہ ہی ہے کہ ہم اللہ کے خاص رنگ میں رنگے ہوئے خیال رہے کہ جیسے عالم اجسام میں بعض رنگوں سے کپڑے رنگے جاتے ہیں۔ بعض سے لکڑی لوہا وغیرہ ایسے ہی عالم ارواح میں بعض رنگوں سے دماغ و خیالات رنگے ہوئے ہیں۔ بعض سے عقل بعض سے دل ایمان تقویٰ' عشق الٰہی دل کے رنگ ہیں۔ انہیں کو صبغتہ اللہ کہا جاتا ہے چونکہ دل اللہ کا گھر ہے۔ اس لئے اس دل کے رنگ کو اللہ کا رنگ کہا گیا اس کی پالش نیک اعمال ہیں اور اس رنگ کا کاٹ تکبر اور بے صبری ہے **ومن احسن من اللہ صبغتہ** یہ تو بتاؤ کہ اللہ کے رنگ سے بڑھ کر کس کا رنگ ہے کہ دنیوی رنگ پرانے ہو کر پھیکے پڑ جاتے ہیں اور دھل کر یا دوسرے رنگ کے غلبہ سے چھوٹ جاتے ہیں اس کا رنگ

marfat.com
Marfat.com

ایسا ہے کہ نہ پھیکا پڑے اور نہ چھوٹے دیکھ لو کہ چہرہ اور پتھروں کے رنگ کیسے پختہ ہوتے ہیں اور پھر ہم اس رنگ پر ہی نہیں پھولتے بلکہ اس کی جلا کے لئے **ونحن له عبدون** ہم اس اللہ کے لئے یا اس رنگ کے لئے بغیر کسی دوسری لالچ کے رب کی عبادت کرتے رہتے ہیں تاکہ عبادت کے صیقل سے باطنی زنگ دور ہوتی رہے۔

**خلاصہء تفسیر**: اے مسلمانوں تم یہ نہ سمجھنا کہ اہل کتاب کچھ ہدایت پر ہیں اور تم سے قریب کیونکہ بجز بعض پیغمبروں اور بعض کتابوں کے ساری باتیں مانتے ہیں نہیں بلکہ اگر وہ بالکل تمہاری طرح اسلام کو پورے طور پر قبول کرلیں تو تمہارے ساتھ ہدایت میں شریک ہیں اور تمہارے بھائی اور اگر ایک عقیدے سے بھی الگ رہیں تو یقین کرلو کہ وہ ضدی تمہارے پورے دشمن ہیں اور تم سے ان کے مقابلے 'مجادلے' مقاتلے ضرور ہوں گے مگر اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ مسلمانوں کی کمی اور غریبی پر نظر نہ فرمائیں اللہ تعالیٰ آپ کے لئے ان کے مقابلے میں کافی اور وافی ہے آپ اور آپ کی چھوٹی سے مخلص جماعت ان سب پر غالب آئے گی اور یہ اللہ کی رسی سے بندھی ہوئی مٹھی بھر جماعت کفر کے سارے بکھرے ہوئے کوڑے کو جھاڑ کر پھینک دیگی رب نے یہ وعدہ پورا فرمایا کہ چند سال کے اندر یہود میں سے بنی قریظہ مسلمانوں کے ہاتھوں قتل ہوئے اور بنی نضیر' جلاوطن اور اہل خیبر مسلمانوں کی رعایا بنے چونکہ عیسائیوں نے اس وقت کوئی خاص شرارت نہ کی بلکہ ان کے بادشاہ نجاشی نے اسلام قبول کیا۔ نجران کے عیسائیوں نے صلح کرلی ہرقل قیصر روم نے تکبر و عناد نہ کیا بلکہ عقیدت مندی ظاہر کی اس لئے عیسائی اس قہر میں گرفتار نہ ہوئے یا اے محبوب کے صحابہ قیامت تک کے جن و انس اگر تم جیسا ایمان اختیار کریں تب تو وہ ہدایت یافتہ ہوں گے اور اگر تمہاری رہنمائی سے منہ پھیریں تو اگرچہ تمام ایمانیات کے ماننے کا دعویٰ کریں مگر وہ دنیا میں مرتے وقت اور قیامت میں مومنوں میں نہ ہوں گے بلکہ مومنوں کے مقابل جانب کفار کی صفوں میں ہوں گے کیونکہ تم صحبت یافتہ جناب مصطفیٰ ہو۔ تمام دنیا کے ایمان کے کسوٹی ہو۔ خیال رہے کہ مومن و کافر دنیا میں اگرچہ ایک گھر میں ہی رہتے ہوں مگر الگ ہیں۔ اور دو مومن اگر مشرق و مغرب میں ہوں مگر ساتھ ہیں اس طرح اگر مومن و کافر ایک ہی قبر میں دفن ہوں مگر الگ ہیں دو مومن اگرچہ مشرق و مغرب میں دفن ہوں مگر ساتھ ہیں۔ قیامت کے دن پہلے سارے مومن و کافر ایک جگہ جمع ہوں گے۔ **وامتازوا الیوم ایها المجرمون** فرما کر چھانٹ کردی جائے گی مومن عرش کے داہنے طرف اور کافر بائیں طرف **فانما هم فی شقاق** کی جلوہ گری ہر جگہ ہوگی۔ حاکم نے مستدرک میں روایت کی کہ عبداللہ ابن عباس فرماتے ہی کہ ایک روز عثمان غنی حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے فرمایا کہ اے عثمان تم سورت بقر پڑھتے ہوئے شہید ہوگے اور تمہارا خون اسی آیت پر پڑے گا **فسیکفیکهم الله** محدثین و مؤرخین فرماتے ہیں کہ جب مصری لوگ قتل کے ارادہ سے حضرت عثمان کے گھر میں گھسے تو وہ قرآن شریف کھولے ہوئے یہ ہی رکوع پڑھ رہے تھے ایک شقی نے آپ کے ہاتھ پر تلوار ماری جس سے خون نکل کر اسی لفظ پر پڑا آپ قرآن پاک کو صاف کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ خدا کی قسم سب سے پہلے اسی ہاتھ سے قرآن لکھا ہے بہت عرصہ کے بعد لوگوں نے اس قرآن پاک کی زیارت کی اور اس پر خون کا اثر دیکھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان مصریوں میں سے سب برے حال پر مرے۔ (عزیزی) بلکہ خون عثمانی ہی کا یہ اثر ہوا کہ مسلمانوں کا شیرازہ بکھر گیا۔ اور قیامت تک کے لئے ان میں کشت و خون جاری ہوگیا۔ اب ہم پھر تفسیر کی طرف آتے ہیں۔ عیسائی اپنے بچوں کی پیدائش کے ساتویں

marfat.com
Marfat.com

سال اور دوسروں کو عیسائی بناتے وقت زرد پانی کے حوض میں غوطہ دیتے تھے جس کا بپتسمہ رکھتے اور کہتے کہ یہ اب عیسائی بنا اور عیسائیت کے رنگ میں رنگا گیا۔ اور وہ سمجھتے تھے کہ اس پانی میں عیسیٰ علیہ السلام کے غسل کا پانی ملا ہوا ہے جگہ جگہ حوضوں میں وہ پانی ملا دیا گیا تھا اس پانی کا نام ماء معمودیہ تھا۔ اور سنا گیا ہے کہ اب بھی عیسائی بناتے وقت اس پر پانی چھڑکتے ہیں یا پادری کے بدن کا دھوون ڈالتے ہیں رب تعالیٰ ان کی تردید میں فرماتا ہے کہ اس رنگ سے کیا ہوا جس سے فقط دو چار دن کے لئے جسم رنگین ہو گیا اور بعد میں کچھ نہ رہا مسلمانوں تم کہہ دو ہمیں اللہ نے دین کے رنگ میں ایسا رنگا ہے کہ ہمارا ظاہر و باطن ہمیشہ کے لئے رنگ گیا کہ دل و دماغ رب کے متوالے بن گئے ہاتھ اس کے آگے بندھ گئے سر سے پاؤں تک وضع قطع، شکل و صورت لباس سب مسلمانوں کی طرح ہو گیا اخلاق و آداب، چال چلن۔ رنگ ڈھنگ ان سب میں کسی اور ہی محبوب کا جلوہ نظر آنے لگا۔ اور پھر شریعت نے اس رنگ پر عبادت کی پالش کر دی اور ہمیں عابد بنا دیا خیال رہے کہ دنیا کے سارے رنگ کچے اور ناکافی ہیں ظاہری رنگ فقط کھال پر فلسفہ کا رنگ فقط عقل پر بدعات اور ناجائز رسموں کا رنگ فقط وہم پر منسوخ دینوں کا رنگ فقط عادت پر دنیوی محبت کا رنگ فقط شہوت پر حکومت کا رنگ مال پر یا غضب پر اور پھر یہ سارے رنگ جلد مٹنے والے، اللہ کا رنگ وہ رنگ ہے۔ جو ظاہر و باطن سب پر چڑھ جائے اور کبھی نہ چھوٹے اللہ ان رنگے ہوئے محبوبوں کے طفیل ہمیں بھی رنگ دے۔

**فائدے**: اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** مومن بننے کے لئے سارے عقائد کا ماننا ضروری ہے ایک عقیدے کا منکر بھی ویسے ہی پورا کافر ہے جیسے سارے عقائد کا منکر لہٰذا جو لوگ قادیانیوں یا دیوبندیوں یا دیگر مرتدین کو اپنا بھائی سمجھیں اور انہیں اسلام سے قریب جانیں وہ سخت غلطی پر ہیں **دوسرا فائدہ:** ہر کافر مسلمانوں کا پورا دشمن ہے۔ ان سے دوستی کی امید غلطی ہے۔ قرآن مجید کی ساری خبریں سچی ہیں اس نے فرمایا **فانما هم فی شقاق** **تیسرا فائدہ:** فتح و نصرت اور غلبہ رب تعالیٰ سے ملے گا نہ کہ سب سے سب کو راضی کرنے کے لئے رب تعالیٰ کو ناراض نہ کرو۔ بلکہ خود صحیح مسلمان بنو اور اللہ اور رسول کے مخلص فرمانبردار بندے اپنی جماعت بڑھانے کے لئے بے دینوں کو اپنے میں نہ ملاؤ عطر بڑھانے کے لئے اس میں پیشاب مت بڑھاؤ کیونکہ اس سے عطر فنا ہو جائے گا **چوتھا فائدہ:** یقیناً مسلمانوں کو اللہ کافی مگر حضور علیہ السلام کی طفیل اسی لئے فرمایا گیا **فسیکفیکهم الله** **پانچواں فائدہ:** بغیر صفائی باطن ظاہری زینت بیکار ہے اور بغیر صفائی ظاہر کے باطنی صفائی ناقص کامل وہ ہی ہے جس کی سیرت و صورت دونوں اسلامی رنگ میں رنگے ہوں جو کہتے ہیں کہ داڑھی میں کیا رکھا ہے کہ دل پاک چاہئے وہ اس آیت کو غور سے پڑھیں **چھٹا فائدہ:** جسے اللہ رنگ دے وہ کبھی . بفضلہ تعالیٰ بے رنگ نہیں ہو سکتا جو مسلمان مرتد ہوئے سمجھو وہ اللہ کا رنگ ہوا نہ تھا **ساتواں فائدہ:** دین رنگ ہے اور عبادت اس کی پالش یا دافع زنگ۔ فاسق مسلمان کا رنگ گناہوں کے غبار سے پھیکا ہے۔ **آٹھواں فائدہ:** صحابہ کرام درستی ایمان کی کسوٹی ہیں کہ قیامت میں جس کا ایمان صحابہ سا ہو گا وہ مومن صادق ہے جس کا ایمان ان کے خلاف ہو گا وہ بے ایمان ہے۔ اس آیت کی تفسیر وہ حدیث ہے کہ فرمایا میری امت کے 73 فرقے ہوں گے ایک کے سوا سارے دوزخی ہوں گے عرض کیا گیا حضور وہ فرقہ کون سا فرمایا **ما انا علیه واصحابی** دیکھو یہاں رب نے فرمایا اے صحابہ اگر وہ تمہارا سا ایمان لائیں تو ہدایت پائیں گے۔ نیز حضور نے فرمایا میرے صحابہ تارے ہیں تم جس کی پیروی کر لو ہدایت پاؤ گے۔

marfat.com
Marfat.com

اعتراض : پہلا اعتراض: بمثل ما امنتم به سے سمجھا گیا کہ اہل کتاب کو چاہئے کہ ہمارے دین کی مثل پر ایمان لائیں حالانکہ اسلام بے مثل ہے کیونکہ ہمارا رب بے مثل ہے ہمارے پیغمبر ہمارا قرآن ہمارا کعبہ وغیرہ سب ہی بے مثل ہیں پھر اس آیت کا مطلب کیا جواب: اس کے چند جواب ہیں ایک یہ کہ 'ما' مصدریہ ہے اور 'ب' استعانت کی تو مطلب یہ ہوا کہ تمہاری طرح خالص اور نفاق سے پاک وصاف ایمان قبول کریں للہذا یہاں ایمان کی ایمان سے تشبیہ ہے نہ کہ دین کی دین سے کہ ان کا ایمان تمہارے ایمان جیسا ہو۔ دوسرے یہ کہ یہاں مثل زائد ہے تو معنی یہ ہوئے کہ اس پر ایمان لائیں جس پر تم لائے ہو یعنی تمہاری طرح قرآن شریف اور نبی آخر الزمان کو مانیں۔ تیسرے یہ کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنی کتابوں پر ایسا ایمان لائیں جیسا کہ تم قرآن پر لائے یعنی انہیں بغیر تحریف تبدیل کے مانیں اور ظاہر ہے کہ اس صورت میں وہ ضرور مسلمان ہو جائیں گے کیونکہ ان کی کتابوں میں اسلام لانے کا حکم ہے۔ چوتھے یہ کہ یہ 'ب' استعانت کی ہے اور ما سے مراد دلائل ہیں یعنی اہل کتاب تمہاری طرح دلائل سے ایمان لائیں نہ کہ نفسانی خواہش سے دوسرا اعتراض: فقد اهتدوا سے معلوم ہوتا ہے اہل کتاب ہدایت پر تو ہیں مگر اسلام لانے سے اس میں ترقی ہو جائے گی کیونکہ اهتدوا کے معنی ہیں کہ ہدایت میں کامل ہو جائیں گے حالانکہ وہ تو بالکل کافر ہیں جواب: اس کا جواب تفسیر میں گزر گیا یا تو اس سے مراد ہے ہدایت میں مسلمان کے ساتھ شریک ہو جانا یہ کہ اسلام لاتے ہی کامل ہدایت پر ہوں گے نہ کہ ناقص تیسرا اعتراض: یہاں دین کو رنگ کہا گیا جواب: اس لئے کہ جیسے رنگ کپڑے کے تار تار میں سرایت کر جاتا ہے ایسے ہی ایمان مسلمان کے رگ و ریشہ میں اثر کرتا ہے کہ دل و دماغ کو برے خیالات اور ظاہری اعضاء کو گناہ سے بچاتا ہے چوتھا اعتراض: بمثل ما امنتم به سے معلوم ہوا کہ ہدایت اسلام میں محدود ہے دوسری آیتوں میں اس کی تصریح بھی ہے اور اہل کتاب بھی اپنے دین میں ہدایت محدود مانتے تھے ان کی تردید کی گئی تو اسلام کے اور اہل کتاب کے عقیدہ میں فرق کیا جواب: چند فرق ہیں ایک یہ کہ اہل کتاب میں نفسانیت ہے اور اسلام میں للہیت دوسرے یہ اہل کتاب بعض انبیاء کا انکار کرتے ہیں مسلمان سب کا اقرار تیسرے یہ کہ اہل کتاب کو کتابوں نے قرآن اور نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی خبر دی تھی اور بتایا تھا کہ ان کی آمد پر ہم سب منسوخ ہو جائیں گے اسلام کی کتاب یعنی قرآن نے ان کی تصدیق کرتے ہوئے اب دروازۂ نبوت کے بند ہونے کی خبر دی للہذا اہل کتاب کا اپنے میں ہدایت کو محدود ماننا غلط ہے اور اسلام کا یہ دعویٰ کہ صرف قرآن ہی میں ہدایت ہے صحیح ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ نفسانیت میں ہدایت نہیں للہیت میں ہے۔ انبیاء کرام کے انکار میں ہدایت نہیں ان کے ماننے میں ہے رب تعالیٰ کی مخالفت میں ہدایت نہیں اس کی اطاعت میں ہے۔ کوئی اندھا ہی اس کا انکار کرے گا۔

تفسیر صوفیانہ : زندگی ایک دراز سفر ہے دنیا خطرناک جانوروں' چور' ڈاکوؤں سے بھرا ہوا جنگل ایسے سفر میں مسافر کو تین چیزیں درکار ہوتی ہیں اچھی سواری کافی توشہ زاد راہ اور اچھے قافلے کی ہمراہی ورنہ مسافر راستہ میں ہلاک ہو جائے گا۔ منزل مقصود تک نہ پہنچے گا۔ ایمان اس راستہ کی سواری ہے نیک اعمال توشہ اور صحابہ کی جماعت اچھا قافلہ ہے۔ جس کے ساتھ رہنا ہر مسافر کو لازم ہے۔ خیال رہے کہ جسمانی ہمراہی کے لئے جگہ اور وقت کا ایک ہونا ضروری ہے مگر ایمانی روحانی ہمراہی کے لئے یہ کچھ بھی ضروری نہیں بلکہ رشتہ ایمانی میں بندھا ہوا ہونا کافی ہے تاقیامت ہر جگہ کے مسلمان . بفضلہ تعالیٰ صحابہ کرام کے ساتھ

marfat.com
Marfat.com

ہیں اس لئے ارشاد ہوا کہ جو صحابہ کی طرح ایمان لائے گا وہ منزل مقصود کی ہدایت پائے گا۔ جو ان سے منہ پھیرے گا وہ دوسرے کنارہ یعنی ہلاکت میں پڑے گا۔ صوفیائے فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ تاقیامت حضور کے لئے کافی ہے اور آپ کا مافوق الاسباب اور اسباب کے ساتھ مددگار ہے۔ ہر مسلمان کو حضور کی تائید غیبی پہنچتی رہتی ہے اور فسیکفیکھم اللہ کے جلوے نظر آتے رہیں گے۔

دوسری تفسیر: رنگ کے لئے چند چیزیں چاہئیں۔ رنگ بنانے والا۔ رنگ جمانے والا۔ رنگ قبول کرنے والا۔ دین اسلام رنگ ہے جو کہ کارخانہ قدرت میں تیار ہوا۔ رب نے تیار کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ رنگ جمایا۔ مسلمانوں کے دل و دماغ اور ظاہر و باطن نے قبول کیا اور عبادت اور ریاضت نے اس میں جلادی اور پالش کی اللہ کا رنگ لولا "بندوں کے دل پر چڑھتا ہے۔ اور پھر اس کا اثر ہر ادا پر ظاہر ہوتا ہے۔ اور یہ میخانہ طیبہ سے بنتا ہے اسی رنگ نے نہ معلوم کسے کسے کیا کیا کر دیا۔ مولانا فرماتے ہیں۔

رنگ ہائے نیک از خم صفا است — رنگ زشتاں از سیاہ آب جفاست
صبغۃ اللہ نام آن رنگ لطیف — لعنۃ اللہ بوئے ایں رنگ کثیف

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور کی صحبت پاک سے بعض حضرات کے ظاہری رنگ بھی بدل گئے کالے تھے گورے ہو گئے۔ حبشی تھے رومی ہو گئے۔

حکایت: مثنوی شریف میں ہے کہ ایک جنگل میں لشکر اسلام پیاسا تھا۔ کسی کافر کا غلام پانی کے مشکیزے لونٹ پر لادے ہوئے اپنے مولیٰ کے پاس جارہا تھا سرکار کے حکم سے اسے روک کر اس کے مشکیزوں سے سارے لشکر کو پانی پلادیا گیا اور لشکر کے مشکیزے بھر دیئے گئے لیکن غلام کا پانی اتنا ہی رہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کالے غلام کو سینہ سے لگا کر فرمایا کہ جا۔ اللہ جانے ایک آن میں اسے کیا دے دیا کہ وہ نہایت حسین و جمیل خوبصورت جوان ہو گیا۔ جب وہ اپنے مولیٰ کے پاس پہنچا تو وہ اسے پہچان نہ سکا اور کہنے لگا کہ تو کون ہے اور میرا غلام کہاں گیا؟ وہ بولا کہ میں ہی تیرا غلام ہوں۔ مولیٰ نے کہا وہ کالا تو گورا وہ حبشی تو رومی اس نے جواب دیا۔

صدر را دیدم و بدرے گشتہ ام — صاحب فضلے و قدرے گشتہ ام
صبغۃ اللہ ہست رنگ خم او — ہشتہا یک رنگ گردد اندر او

یعنی میں تھا تو حبشی ہی مگر کچھ دیر صدر نبوت کے پاس بیٹھ کر بدر بن گیا اور میری عزت و قدر بڑھ گئی اس کے پاس اللہ کے رنگ کی ایک کاٹ تھی۔ جس میں غوطہ دے کر رنگ برنگوں کو یک رنگ بناتا تھا اور بے رنگوں کو رنگ برنگا۔ اس کاٹ کے رنگ سے کوئی صدیق بن گیا کوئی فاروق۔ اس غلام کے طفیل اللہ وہ رنگ ہم پر بھی چڑھاوے ونحن لہ عبدون سے معلوم ہوا کہ عارفین تو رضائے الٰہی کے لئے عبادت کرتے ہیں نہ کہ جنت کے شوق اور دوزخ کے خوف سے اگر رب تعالیٰ جنت و دوزخ نہ بناتا تو کیا عبادت کا مستحق نہ ہوتا؟ خیال رہے کہ عبادت اور ہے اور عبودیت کچھ اور۔ اور عبودیت کا کچھ اور ہی طور عبادت جسم سے ہوتی ہے۔ عبودیت نفس اور روح سے صوفیاء فرماتے ہیں کہ عابد وہ ہے جو چاروں چیزوں سے نہ گھبرائے۔ بھوک ننگا

marfat.com
Marfat.com

ہونا‘ فقیری اور ذلت بعض نے فرمایا کہ بندہ پر چار وقت آتے ہیں ہر وقت کی علیحدہ عبادت نعمت اور بلا۔ معصیت اور اطاعت نعمت میں شکر۔ بلا میں توبہ اور اطاعت میں استقامت عبادت ہے اور یہ وہ ہی کر سکتا ہے کہ جس کا نفس مردہ ہو نفس کی موت روح کی زندگی ہے۔ مولانا فرماتے ہیں۔

تازہ کن ایمان زاز گفت زبان ‏ ‏ اے ہوا را تازہ کردہ در نہاں
تا ہوا تازہ است ایمان تازہ نیست ‏ ‏ کیں ہوا جز قفل آں دروازہ نیست

ایمان ہرا بھرا باغ ہے‘ شیطان چور‘ خواہش نفسانی پالا۔ اس باغ کو ان دونوں سے بچاؤ۔

| |
|---|
| قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِی اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَ رَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا |
| کہہ دو کیا جھگڑا کرتے ہو تم ہم سے بیچ اللہ کے حالانکہ وہ رب ہے ہمارا اور رب ہے تمہارا اور |
| تم فرماؤ کیا اللہ کے بارے میں ہم سے جھگڑتے ہو حالانکہ وہ ہمارا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی اور ہماری کرنی ہمارے |
| وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ۱۳۹ |
| واسطے ہمارے اعمال ہیں ہمارے اور واسطے تمہارے اعمال ہیں تمہارے اور ہم واسطے اس کے اخلاص والے |
| ساتھ اور تمہاری کرنی تمہارے ساتھ اور ہم نرے اس کے ہیں |

**تعلق** : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**: پچھلی آیتوں میں کہا گیا تھا کہ اے مسلمانو اہل کتاب سے کہہ دو کہ ہم خدا کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔ جس پر وہ کہہ سکتے تھے کہ تم تو آج نئے مومن اور عابد ہوئے اب تک مشرک تھے ہم صدیوں سے ان خدائی رنگ میں رنگین اور اس کی عبادت میں مشغول ہیں لہٰذا ہم اس رنگ میں ہیں نہ کہ تم اس کے جواب میں بتایا جا رہا ہے کہ رب تعالیٰ کے ہاں نئے پرانے کا لحاظ نہیں اعمال کا لحاظ ہے۔ **دوسرا تعلق**: پچھلی آیت کے مضمون پر اہل کتاب اعتراض کر سکتے تھے کہ اسلام اللہ کا رنگ نہیں اور نہ حضور علیہ السلام اس کے نبی نہ تم خدا کے پیارے کیونکہ ہمارا دین پرانا سارے پیغمبر ہمارے ہی نسب میں ہم ہی رب کے محبوب تمہیں اطاعت پر وہ ثواب نہیں مل سکتا۔ جو ہم گناہ کر کے پالیتے ہیں کیونکہ ہم اس کے پیارے ہیں اور پیارے کی نافرمانی غیروں کی فرمانبرداری سے بڑھ کر ہے۔ اس وہم کو دفع کرنے کے لئے اب فرمایا جا رہا ہے کہ رب کی محبوبیت اعمال سے حاصل ہوتی ہے نہ کہ نسب سے **تیسرا تعلق**: پچھلی آیتوں میں رنگ اور رنگنے والے دونوں کا ذکر ہوا۔ چونکہ اے یہودیو‘ تمہارے دلوں پر نفسانی‘ شیطانی‘ رنگ چڑھے ہوئے ہیں تو ان پر رحمانی رنگ کیسے چڑھے ہم اپنے دل ان رنگوں سے دھو کر خالص مخلص بندے ہو گئے۔ لہٰذا ہم رنگین ہیں۔ جیسے صاف کردہ تختی پر لکھا جاتا ہے نہ کہ پہلے نقش والی پر۔

**شان نزول** : یہود نے مسلمانوں سے کہا کہ ہماری کتاب سب سے پہلی‘ ہمارا قبلہ پرانا۔ ہمارا دین قدیم سارے انبیاء ہم ہی میں لہٰذا ہم ہی سچے اگر محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نبی ہوتے تو ہم میں سے ہوتے نہ کہ عرب کے بت پرستوں میں سے ان کی

marfat.com
Marfat.com

تردید میں یہ آیت کریمہ اتری۔

تفسیر : قل شان نزول اور اگلی ضمیروں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مسلمانوں سے خطاب ہے کہ اے مسلمانوں تم اہل کتاب سے کہہ دو اور ہو سکتا ہے کہ حضور علیہ السلام سے خطاب ہو یعنی اے محبوب علیہ السلام آپ مسلمانوں سے فرمادیں کہ وہ اہل کتاب سے کہیں کہ اتحاجوننا کیا تم ہم سے حجت بازی کرتے ہو یہ لفظ محاجتہ سے بنا جس کا مادہ حجت ہے اس کے معنی ہیں ایک دوسرے کے مقابلے میں اپنے دعویٰ پر دلیلیں قائم کرنا یعنی آپس میں جھگڑا فی اللہ یا تو یہاں دین وغیرہ پوشیدہ ہے یا نہیں یعنی تم ہم سے اللہ کے دین کے بارے میں جھگڑے ہو کہ ہم تو کہیں کہ ہمارا دین سچا اور تم کہو کہ ہمارا یا خدا کے بارے میں جھگڑتے ہو کہ تم کہو کہ خدا ہمارا ہی ہے مسلمانوں کا نہیں تمہارا یہ دعویٰ غلط ہے خیال رہے کہ اللہ کے بارے میں جھگڑے کی پانچ صورتیں ہیں اللہ کی ہستی کا جھگڑا کہ رب کی ذات ہی کا انکار کیا جاوے۔ اس کی صفات میں جھگڑا یا اس کے احکام میں جھگڑا یا اس کے کسی سچے نبی میں جھگڑا یا اس کے اولیاء میں جھگڑا یہاں آخری تین جھگڑے مراد ہیں۔ رب پر الزام لگانا کہ ہم گناہ بھی کریں تو اس نے ہمیں رنگ دیا ہے یا حضور کی نبوت کا انکار یا صحابہ کی حقانیت کا انکار کیونکہ وھو ربنا و ربکم ہمارا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی یعنی اس کی ربوبیت سب کو شامل ہے اور بندہ ہونے میں ہم تم برابر پھر یہ کیونکر ممکن ہے کہ تمہارے تو گناہ بھی بھلے ہوں اور ہماری نیکیاں بھی بری اس کی بارگاہ میں یہ ناممکن ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے ربوبیت جسمانی کے لئے کچھ قوانین مقرر کئے ہیں جن میں نبی زادے 'بادشاہ زادے' 'فقیر زادے' سب وابستہ ہیں کہ ہر شخص انسانی غذا کھا کر ہی جی سکتا ہے کوئی بادشاہ بھی سونا چاندی ہیرے جواہرات یا مٹی کھا کر نہیں جیتا۔ یوں ہی روحانی ربوبیت کیلئے قواعد مقرر ہیں جن میں سارے انسان وابستہ ہیں۔ نبی زادے کفر کر کے محبوب رحمانی نہیں بن سکتے سب کو ایمان و اعمال کی ضرورت ہے۔ خیال رہے کہ رب تعالیٰ کفار کا رب ہے قہر کے ساتھ اور مسلمانوں کا رحم کے ساتھ جیسے حکومت پھانسی کے ملزم کو بھی کھانا دیتی ہے اور اپنے خاص ملازم کو بھی اب رہی عبادت اس کے لئے یہ قاعدہ ہے کہ جو اس کے فرمان کے مطابق ہوگی وہ قبول ورنہ مردود لہٰذا ولنا اعمالنا ہمارے اعمال ہمارے واسطے مفید کیونکہ اس کے قوانین کے مطابق ہیں اور پھر یہ بھی ہم نہیں کہتے کہ تمہاری ساری نیکیاں برباد بلکہ ولکم اعمالکم تمہاری بھی وہ نیکیاں کار آمد تھیں جو تم نے پہلے اپنے دین کے مطابق کی تھیں جب کہ تمہارا دین منسوخ نہ ہوا تھا۔ (تفسیر عزیزی) اس صورت میں اعمال سے ان کی گزشتہ نیکیاں مراد ہیں جو ان کے بزرگوں نے ان کے نسخ دین سے پہلے کیں۔ جن کی نسبت ان کی طرف مجازاً" ہے یا لکم کلام علیٰ کے معنی میں ہیں یعنی اب جو تم بد عملیاں اور منسوخ احکام پر عمل کئے جا رہے ہو وہ تمہارے لئے سخت نقصان دہ ہیں کیونکہ رب کے قوانین کے خلاف ہیں۔ (روح البیان) خلاصہ یہ کہ تمہارے اعمال میں نفسانیت اور رسم و رواج کی پابندی کو دخل ہے لہٰذا برباد اور ہمارے اعمال کار آمد کیونکہ ونحن لہ مخلصون ہم خالص اس اللہ کے بندے ہیں اور اسی کے رضا کے لئے سب کچھ کرتے ہیں رسم و رواج کو دخل نہیں دیتے۔

خلاصہ تفسیر : اے یہودیو! تم اللہ کے بارے میں ہم سے کج بحثی نہ کرو اور اپنے کو رب کا پیار ا بلا وجہ نہ جانو یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ تم بد عملی کر کے بھی پیارے ہی بنے رہو اور ہم نیکیاں کر کے بھی اس سے دور رہیں جب ہم بھی اس کے بندے اور تم بھی اور وہ ہمارا بھی رب ہے اور تمہارا بھی تو وہ ناحق طرف داری کیوں کرے گا اس کی بارگاہ میں قبولیت بذریعہ اعمال ہے آؤ ہم تم

marfat.com
Marfat.com

اپنے اپنے اعمال کو اخلاص کی کسوٹی پر کسیں ہمارے اعمال تو رب کے لئے ہیں اور اس کے قانون کے مطابق اور تمہارے اعمال اپنی قوم کے لئے ہیں اور برادری کے قانون کے مطابق لہٰذا یہ مقبول اور وہ مردود خیال رہے کہ جیسے تختی صاف ہونے میں پانی کھریا پھر دھوپ کی ضرورت ہے ایسے ہی دل کی تختی صاف ہونے میں آنکھوں کے پانی عبادت کی کھریا اور عشق کی تپش کی ضرورت ہے۔ **نحن له مخلصون** ان تمام کی طرف اشارہ ہے پہلے روئی کو بنولوں سے خالص کرو پھر اسے صدہا چکر دو پھر کپڑا تیار ہو گا۔

**دوسری تفسیر** : اے اہل کتاب ہم تمہاری طرح صرف اپنی ذات کو جنت کا ٹھیکیدار نہیں سمجھتے۔ اللہ ہمارا تمہارا دونوں کا رب ہے لہٰذا ہمارے موجودہ عمل جو اس دین کے موافق ہیں وہ قبول اور تمہارے بزرگوں کے گزشتہ اعمال جو اس دین کے موافق تھے۔ وہ قبول اور ہم یہ انصاف کیوں نہ کریں ہم تو رب کے خالص بندے ہیں اس کے فرمان پر سر جھکانا نفسانیت سے دور رہنا ہمارا پہلا فرض ہے۔

**فائدے** : اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ** دنیا میں ہر برا بھلا بندہ رب کی ربوبیت سے فائدہ حاصل کرتا ہے یہاں کی امیری غریبی سے کسی کی مقبولیت یا مردودیت کا پتہ نہیں چل سکتا۔ ہاں اس کا ظہور تو ان شاء اللہ قیامت میں ہو گا **دوسرا فائدہ**: آسمانی دین اپنے اپنے وقتوں میں بندوں کے لئے ذریعہ نجات تھے۔ لہٰذا ہمیں گزشتہ یہودی اور عیسائیوں کو کافر' فاسق نہیں کہنا چاہئے اس زمانے میں ان میں بڑے بڑے اولیاء اللہ گزرے ہیں **تیسرا فائدہ**: منسوخ دین اختیار کرنا گمراہی ہے اور ان کے اعمال جو پہلے نیکیاں تھیں اب گناہ جوان آدمی ماں کا دودھ پئے تو گنہگار بچے کے لئے اس کا پینا ضروری کیونکہ یہ بچپن کی غذا ہے نہ کہ جوانی کی **چوتھا فائدہ**: نفسانیت سے کسی کی برائی نہ کرو ہاں للّٰہیت سے بروں کو برا کہنا ثواب کہ **له مخلصون** سے معلوم ہوا سب کو برا کہنا بھی برا اور سب کو اچھا کہنا بھی برا بروں کو اچھا اور اچھوں کو برا کہنا کفر ہے صلح کل اور نیچری اس آیت سے عبرت پکڑیں شریعت کے فرمان کے مطابق نرم و گرم ہونا چاہئے **پانچواں فائدہ**: اپنے کمال ایمان' اخلاص' وغیرہ نعمتوں کو بیان کرنا لوگوں میں اس کا اعلان عبادت ہے۔ جس کا قرآن نے حکم دیا بشرطیکہ اپنی شیخی کے لئے نہ ہو رب کے شکر کے لئے ہو۔ **چھٹا فائدہ**: تمام صحابہ کرام **مخلصین** کاملین تھے کہ رب نے انہیں اپنے اخلاص کے اعلان کا حکم دیا جو ان کے اخلاص کا انکار کرے وہ اس آیت پاک کا منکر ہے افسوس ہے کہ جن بزرگوں کے ایمان و اخلاص کا رب گواہ اس کا تو انکار ہے اور اپنے ایمان کا دعویٰ جس پر نہ تو قرآن کی گواہی ہے نہ حدیث کی قرآن صحابہ کرام کے ایمان' اخلاص' تقویٰ کی گواہیاں جگہ جگہ دے رہا ہے ان آیتوں کو ہماری کتاب امیر معاویہ میں دیکھو۔

**اعتراض** : **پہلا اعتراض**: جب دنیا میں رب کی ربوبیت کی جلوہ گری ہے اور وہ سب کا ہی رب ہے تو سب کو آرام میں کیوں نہیں رکھتا۔ بعضوں کو تکلیف کیوں دیتا ہے؟ **جواب**: یہ بھی ربوبیت ہی کا تقاضا ہے اگر سب ایک حال میں ہو جائیں تو دنیا برباد ہو جائے جو جس کے لائق ہے اسے وہ ہی دیا گیا ہے چیونٹی کو کن ہاتھی کو من دیتا ہے باپ کے پاس شہد بہت ہے مگر بیٹے کا مزاج بہت گرم ہے کیسے دے (گلستان) **دوسرا اعتراض**: اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان ہر مذہب میں رہ کہ مقبول خدا بن سکتا ہے اور ہر دین کی نیکیاں کار آمد ہیں (بعض بے دین) کیونکہ کفار سے فرمایا گیا **ولکم اعمالکم** تمہاری نیکیاں

marfat.com
Marfat.com

تمہارے واسطے مفید' لام نفع کا ہے جواب: اس کے نہایت نفیس جواب تفسیر میں گزر گئے کہ یہاں اعمال سے ان کے گزشتہ اعمال مراد ہیں جو انہوں نے نسخ دین سے پہلے کئے تھے یالکم کلام علی کے معنی میں ہے جیسے کہ کبھی علی لام کے معنی میں آ کے ویکون الرسول علیکم شھیدا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہاں ان کے اعمال کا دنیوی نفع مراد ہو جیساکہ روایت میں آیا ہے کہ مشرکین اور کفار کی نیکیوں کا بدلہ انہیں دنیا ہی میں دے دیا جاتا ہے کہ وہ اس کے عوض یہاں آرام پالیتا ہے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہاں آخرت ہی کا نفع مراد ہو کہ بعض کفار اپنے صدقہ اور خیرات کی وجہ سے عذاب میں تخفیف پائیں گے جیسے کہ حاتم طائی' ابولہب' اور نوشیرواں وغیرہ یعنی ان کے اعمال کا نفع تخفیف عذاب ہے جیساکہ روایات میں ہے اور ممکن ہے کہ اس آیت کے معنی یہ ہوں کہ اگر تم ایمان لا کر ہماری طرح اعمال کرو تو ہمیں تمہیں یکساں ثواب ملے گا نو مسلم اور پرانے مسلم ہونے کا اعتبار نہ ہو گا جیساکہ تم کرتے ہو یہ بھی ممکن ہے کہ اس کلام سے اظہار بیزاری مراد ہے یعنی تمہیں اپنے اور ہم کو اپنے اعمال کافی ہیں جیسے اردو میں کہتے ہیں کہ اپنی اپنی کرنی اپنی اپنی بھرنی یہ چھ جواب یاد رکھو کیونکہ گزشتہ آیت سے بھی معلوم ہو چکا اور دوسری آیتوں میں بھی صاف فرمایا گیا کہ اسلام کے سوا سارے دین باطل ہی ہیں کہ جن میں رہ کر کوئی نیکی قبول نہیں اور یہ تو کوئی اندھا بھی نہ کہے گا ہر دین سچا ہے اور اس کے قاعدے صحیح۔ آریہ' عیسائی حتی کہ بھنگی چمار بھی لوگوں کو اپنے دین کی دعوت دیتے ہیں اگر ان کے نزدیک سب دین تھے تو وہ اپنے دین کی طرف کیوں بلاتے ہیں اگر سب دین سچے ہیں تو اسلام کی تبلیغ بیکار بلکہ پھر تو یوں کہنا چاہئے کہ اے ہندوؤ' سکھو اپنے اپنے مذہب پر جمے رہو نجات پا جاؤ گے قرآن پاک فرماتا ہے ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون دوسری جگہ ان الدین عند اللہ الاسلام تیسری جگہ ومن یبتغ غیر الاسلام دینا فلن یقبل منہ فرمایا جن سے معلوم ہوتا ہے کہ بغیر اسلام قبول کئے کوئی نیکی قبول نہیں لہٰذا اس آیت کے وہ ہی مطالب ہیں جو ہم نے عرض کئے۔

تفسیر صوفیانہ : مخلوق طالب ہے اور خالق کل کا مطلوب' ساری خدائی اس کی شیدائی ہے اور وہ سب کا محبوب ہر ایک کو اس کی طلب اور اس کی جستجو' کافر ہو یا مومن مخلص ہو یا منافق سب اسی کے جویاں ہیں ہاں یہاں بعض کا جذبہ بھڑکا ہوا ہے اور بعض کا دبا ہوا کل قیامت میں وہ جذبہ بھڑک اٹھے گا۔ اسی لئے کفار کا سب سے بڑا عذاب محبوب کی مجوبی ہو گی ولا ینظر الیھم یوم القیمتہ ولا یزکیھم ولھم عذاب الیم اس پر گواہ ہے کافر کی بت پرستی اور مومن کی حق پرستی اپنی اپنی سمجھ میں اس کی رضا کیلئے ہے۔ یعنی ہندو مندر میں اسی کو ڈھونڈ رہا ہے اور مسلمان مسجد میں اور پس پردہ ہر عاشق سمجھ رہا ہے کہ رب میرا ہے اس کی رضا ہی کا جھگڑا ہے۔ جس کا اس آیت میں ذکر ہے قل اتحاجوننا فی اللہ مگر یہ سارے جھگڑے پردے کے ہیں ۔

کفر و اسلام کے جھگڑے تیرے چھپنے سے بڑھے
تو اگر پردہ اٹھا دے تو تو ہی تو ہو جائے !

پردہ اٹھتے ہی کوئی کافر نہ رہے گا۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے فکشفنا عنک غطاء ک فبصرک الیوم حدید اس مقام پر ضرورت تھی کہ کوئی اندرون راز والا محبوب آئے اور رب کا راز بتائے مجوبوں کے جھگڑے چکائے اور انہیں بتائے کہ رب

marfat.com
Marfat.com

کس کا ہے اسی راز دان محبوب یزدان کا نام پاک محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جس نے ان پردے والوں کا فیصلہ فرمایا اور جس کی ذات پاک حق کی کسوٹی ہے کہ جس کی زندگی اس شہنشاہ کے نقش قدم پر ہے وہ اللہ کا ہے اور اللہ اس کا اور جو ان کا نہیں رب اس کا نہیں اس لئے ارشاد ہوا ونحن له مخلصون کہ ہم تو نرے اسی کے ہیں کیونکہ اس کے حبیب ہیں صلی اللہ علیہ وسلم۔

وہ رب کے ہیں رب ان کا ہے جو ان کا ہے وہ رب کا ہے
بے ان کے جو حق سے ملا چاہے دیوانہ ہے سودائی ہے

صوفیاء فرماتے ہیں کہ اخلاص اللہ کی نعمت ہے اور اخلاط رب کا عذاب۔ مخلوط سونا، دودھ، گھی گھٹیا ہے خالص سونا وغیرہ بڑھیا۔ یوں ہی بازار قیامت میں اخلاط والے ایمان و عبادت کی کوئی قیمت نہیں۔ اخلاص ہی کی قیمت ہے اخلاص تین طرح کا ہے۔ اخلاص فی الایمان، اخلاص فی العبادت، اخلاص فی العبودیت۔ اخلاص عبودیت انبیاء کرام اور خاص اولیاء کو عطا ہوتا ہے اس لئے رب تعالیٰ نے مخصوص نبیوں کے لئے فرمایا انه کان عبدا شکورا معراج کے ذکر میں فرمایا اسری بعبده اخلاص فی عبودیت وہ ہے جو فنافی المولیٰ ہو کہ اس کا کھانا پینا، مرنا، جینا اللہ کے لئے ہی ہو۔ ومحیای و مماتی لله رب العلمین اخلاص ہم کو فنافی الشیخ پھر فنافی الرسول کے بعد میسر ہوتا ہے صحابہ کرام فناء فی الرسول ہو کر فنافی اللہ ہوئے ان سے کہلایا گیا۔ ونحن له مخلصون۔

| |
|---|
| أَمْ تَقُولُونَ إِنَّ إِبْرٰهٖمَ وَإِسْمٰعِيلَ وَإِسْحٰقَ وَيَعْقُوبَ |
| یا کہتے ہو تم تحقیق ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحاق و یعقوب |
| بلکہ تم یوں کہتے ہو ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق و یعقوب |
| وَالْأَسْبَاطَ كَانُوا هُودًا أَوْ نَصٰرٰى ؕ قُلْ ءَأَنْتُمْ أَعْلَمُ أَمِ |
| اور انکی اولاد تھے یہودی یا نصرانی تھے فرما دو کیا تم زیادہ جاننے والے ہو |
| اور ان کے بیٹے یہودی یا نصرانی تھے تم فرماؤ کیا تمہیں علم زیادہ ہے |
| اللّٰهُ ؕ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ |
| یا اللہ اور کون ہے بڑا ظالم اس سے جو چھپائے گواہی کہ جو پاس ہے اس کے اللہ کی طرف سے |
| یا اللہ کو اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جس کے پاس اللہ کی طرف سے گواہی ہو اور وہ اسے |
| وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۱۴۰ |
| اور نہیں ہے اللہ بے خبر اس سے جو کرتے ہو تم |
| چھپائے اور خدا تمہارے کرتوتوں سے بے خبر نہیں |

marfat.com
Marfat.com

تعلق : اس آیت کا پچھلی آیتوں سے چند طرح تعلق ہے پہلا تعلق: اہل کتاب نے دو دعوے کئے تھے ایک یہ کہ ہم کچھ بھی کریں بہرحال اللہ کے پیارے ہیں۔ دوسرے یہ کہ ہم بڑے پیغمبر یعنی ابراہیم علیہ السلام کے ہم مذہب ہیں وہ بھی ہمارے ہی دین پر تھے۔ پچھلی آیت میں ان کی ایک بکواس کی تردید کی گئی اب دوسری بات کا رد ہو رہا ہے دوسرا تعلق: پچھلی آیت میں اہل کتاب کے رب تعالیٰ پر اتہام لگانے کی تردید تھی کہ ہمارے عیبوں سے بھی راضی ہے اب ان کے اس اتہام کی تردید ہے جو انہوں نے پیغمبروں پر باندھا کہ وہ یہودی تھے۔ تیسرا تعلق: پچھلی آیت میں کہا گیا تھا کہ مسلمان ہی اللہ کے مخلص بندے ہیں اور اس پر وہ کہہ سکتے تھے کہ نہیں ہم مخلص ہیں کیونکہ ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام کے ہم مذہب ہیں اس وہم کی اب تردید کی جا رہی ہے۔

تفسیر : **ام تقولون** یا تو ام متصلہ ہے یعنی اے اہل کتاب کیا تم خدا کو اتہام لگاتے ہو کہ وہ ہمارا ہے یا ان پیغمبروں کو کہ وہ ہمارے دین پر تھے یا منفصلہ یعنی تم خدا پر ہی اتہام نہیں باندھتے بلکہ پیغمبروں پر بھی کہ تم ان کے متعلق کہتے ہو کہ **ان ابرھیم واسمعیل واسحق ویعقوب والاسباط** کہ یہ سارا خاندان نبوت۔ خیال رہے کہ اسحاق علیہ السلام کی اولاد کو اسباط اور اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد کو قبائل کہا جاتا ہے۔ (قبیلے) (روح البیان) **کانو ھودا او نصری** یہودی تھا یا عیسائی اور ہم ان کے پیروکار لہٰذا ہم بہرحال محبوب کردگار یہ ایک جماعت کا کلام نہیں بلکہ یہود تو ان سب حضرات کے یہودی ہونے کا اور عیسائی ان سب کے عیسائی ہونے کا دعویٰ کرتے تھے اور ان دونوں کا یہ دعویٰ نہایت ہی باطل ہے کیونکہ یہودیت تو موسیٰ علیہ السلام اور عیسائیت عیسیٰ علیہ السلام سے دنیا میں آئی اور وہ سب حضرات ان سے پیشتر گزرے کہ ان کے زمانہ پاک میں نہ توریت تھی نہ توریت والے نہ انجیل نہ انجیل والے۔ شاید اس پر وہ کہیں 'ان حضرات کا دین ہمارے دین کے موافق اور ان کی شریعت شریعت موسوی یا عیسوی کے مطابق تھی۔ اس لئے ہم انہیں یہودی یا عیسائی کہتے ہیں تو اس کا جواب میں **قل ء انتم اعلم ام اللہ** اے محبوب آپ فرمادو کہ اس کے متعلق تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ۔ ظاہر ہے کہ اللہ کو زیادہ علم ہے کیونکہ وہ دانائے کل ہے اور وہ تو خبر دے رہا ہے کہ **ما کان ابرھیم یھودیا ولا نصرانیا ولکن کان حنیفا مسلما** کہ ابراہیم علیہ السلام نہ تو یہودی تھے نہ عیسائی۔ وہ تو ان سب سے علیحدہ رب تعالیٰ کے مطیع تھے رہی شریعت اس پر بھی غور کرلو کہ ان کا قبلہ کعبہ تھا۔ تمہارا بیت المقدس ان کے ہاں ختنہ تھا۔ تمہارے ہاں نہیں ان کی نماز میں رکوع و سجدہ تھا تمہارے ہاں یہ غائب ان کی شریعت میں حج کعبہ تھا تمہارے ہاں ندارد تمہارے ہاں ہفتہ کے دن کی تعظیم ہے ان کے ہاں نہ تھی پھر تمہاری ان کی شریعت میں شرکت کیسی۔ لہٰذا نہ تمہارا دین ان کا سا اور نہ تمہاری شریعت اور سب سے بڑا غضب تو یہ ہے کہ توریت و انجیل نے بھی خبر دی کہ ابراہیم علیہ السلام اور ان کی اولاد دین حنیفی پر تھی اور ان پر یہودیت کے احکام نہ تھے۔ (عزیزی) اب فیصلہ کرلو کہ **ومن اظلم ممن کتم شھادۃ عندہ من اللہ** کہ اس بدبخت سے بڑھ کر ظالم کون ہے کہ جس کے پاس اللہ کی گواہی موجود ہو اور وہ اسے چھپائے یعنی تمہاری کتابوں میں رب کی گواہی موجود ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام یہودی' عیسائی نہ تھے اور پھر تم اسے چھپاتے ہی نہیں بلکہ بدل کر پیش کرتے ہو کہ رب تعالیٰ کہتا ہے کہ وہ یہودی نہ تھے اور تم کہتے ہو کہ تھے۔ جب شہادت الٰہیہ کو چھپانے والا بڑا ظالم' تو تم بدلنے والوں کا کیا درجہ خیال رہے کہ من اللہ میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ یہ شہادۃ کا صلہ ہے یعنی اللہ

marfat.com
Marfat.com

کی گواہی کو چھپالے۔ دوسرے یہ کہ کتم کا متعلق یعنی جو اللہ سے گواہی چھپائے یعنی اے یہودیو! تمہاری کتابوں اور پیغمبروں نے ابراہیم علیہ السلام کے حنیفی ہونے کی گواہی دی اور وہ گواہی تم نے رسول اللہ سے چھپائی تو گویا اللہ سے چھپائی اور رب سے چھپانے والا بڑا ظالم تو تم بڑے ظالم خیال رکھو کہ وما اللہ بغافل عما تعملون اللہ تمہارے ظاہری' باطنی اعمال اور کتاب الٰہی میں کاٹ چھانٹ کرنے اور رب کی گواہیوں کے چھپانے سے بے خبر نہیں تم دنیا پر مغرور نہ ہو جاؤ۔ اور اپنے گناہوں سے توبہ کرو اور نبی آخر الزمان کی مخالفت میں اپنے بزرگوں بلکہ رب تعالیٰ پر اتہام پر نہ لگاؤ خیال رہے کہ قرآن کریم کا یہ قاعدہ تا قیامت ہمارے ایمان کی حفاظت کا ذریعہ ہے آج وہابی وغیرہ کہتے ہیں کہ حضور غوث پاک و صحابہ کرام ہمارے ہم عقیدہ تھے ان سے پوچھ لو کہ کیا ان کے عقائد و اعمال تمہارے جیسے تھے ہر گز نہ تھے حضور غوث پاک فرماتے ہیں کہ اللہ کے سارے ملکوں پر میری حکومت ہے یا رب کے سارے ملکوں کو میں رائی کے دانہ کی طرح دیکھ رہا ہوں صحابہ کرام حضور سے جنت مانگتے تھے۔ ہر مصیبت میں آپ سے فریادیں کرتے تھے بولو کیا تمہارے عقائد یہ ہیں ہر گز نہیں تو پھر تو وہ حضرات تمہارے خلاف تھے جنہیں تم شرک کہتے ہو وہ ان کا ایمان ہیں۔

**خلاصہ تفسیر :** جب یہودیت اور نصرانیت کے عقائد اور خانہ ساز مسائل پر جرح ہوتی جس کا جواب ان سے نہ بنتا تو عاجز ہو کر بڑے انبیاء کرام کی آڑ لیتے اور کہتے تھے کہ ہمارا ہی مذہب مدار نجات ہے کیونکہ یہ ہی عقائد حضرات ابراہیم و اسمٰعیل و اسحاق علیہم السلام کا دین ہے۔ مسلمانوں کو اس کا جواب بھی سکھایا جا رہا ہے کہ عیسائیوں اور یہودیوں کا یہ دعویٰ بھی سراسر غلط ہے بھلا یہ تو سمجھو کہ عیسائیت اور یہودیت ہزار ہا سال کے بعد دنیا میں آئی تو وہ یہودی' عیسائی کیسے ہو گئے اور اگر کہہ دیں کہ ان کے اور ہمارے اصول دین یکساں ہیں تو بھی غلط ہزاروں برس پہلے کی بات تمہیں معلوم ہے یا خدا کو رب تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ نہ یہودیوں کے موافق تھے نہ عیسائیوں۔ کے بھلا ان حضرات کے زمانہ میں ہفتہ کی تعظیم عزیر علیہ السلام کے خدا کا بیٹا ہونے کا عقیدہ رب تعالیٰ کی شکل ہونے کا خیال کہاں تھا۔ اسی طرح ان کے زمانہ میں الوہیت مسیح تثلیث کا گندہ عقیدہ اور یہ خیال کہ عیسیٰ علیہ السلام کی سولی سب کے گناہوں کا کفارہ ہے اور پوپ صاحب کا سب بدکاریوں کو معاف کرنا اور بپتسمہ وغیرہ جو کہ عیسائی مذہب کے اصول ہیں کب تھے اور ان میں سے کسی نے ایسے گندے عقیدے کب رکھے تھے لہٰذا ان کے عقیدے اور ان کے اعمال سب ان کے خلاف ہیں پھر لطف یہ ہے کہ خود ان کی کتابیں بھی گواہ ہیں کہ وہ حضرات عیسائی' یہودی نہ تھے یہ اپنی بات پالنے کے لئے غلط بیانی کر رہے ہیں اور ان سے بڑھ کر ظالم کون؟ انہیں خدا کا خوف بھی نہیں کہ وہ ان کے اعمال سے خبردار ہے۔ اگر سرکاری خفیہ پولیس کسی کے پیچھے لگ جائے تو وہ ڈر کے مارے حکومت کی مخالفت نہیں کرتا یہ کیسے نڈر اور بے خوف ہیں کہ رب ان کی ہر بات پر نگہبان اور انہیں بالکل اطمینان۔

**لطیفہ :** ایک مسلمان نے کسی پادری سے پوچھا کہ ایمان کے جزو کتنے ہیں۔ اس نے کہا تین ایک رب کی ربوبیت جاننا دوسرے روح القدس عیسیٰ علیہ السلام کی الوہیت کو ماننا تیسرے کفارے کا عقیدہ رکھنا کہ مسیح کی سولی سب کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ مسلمان بولا تمہارا ایمان بڑھ کر ہے یا ابراہیم علیہ السلام کا وہ بولا کہ ابراہیم علیہ السلام کا مسلمان نے کہا کہ یہ ناممکن ہے ان کا ایمان تہائی اور تمہارا ان سے تگنا کہ انہیں فقط خدا پر ایمان لانا میسر ہوا کہ وہ مسیح علیہ السلام سے پہلے تھے اور تمہارے ہاتھ تینوں

marfat.com
Marfat.com

لگے۔ عیسائی شرمندہ تو ہوا مگر جھینپ اتارنے کے لئے کہنے لگا کہ تمہارے ہاں بھی ایمان کے دو جز ہیں ایک لا الٰہ الا اللہ دوسرے محمد رسول اللہ اور ابراہیم علیہ السلام جب محمد علیہ السلام سے پہلے ہوئے تو انہیں محمد صاحب کی نبوت ماننے کا موقعہ نہ ملا مسلمان نے کہا ذرا پادری صاحب ہوش میں آؤ اسلام میں ایمان کے لئے توحید اور نبوت کا عقیدہ کافی ہے۔ جس نبی کا زمانہ پائے اس پر صراحتہ "ایمان لائے اور اگلے پچھلے پیغمبروں پر اجمالا" اور تمہارے ہاں الوہیت مسیح کا جھگڑا ہے۔ آخر کار عیسائی شرمندہ ہو گیا یعنی جیسے ہم تمام گزشتہ پیغمبروں پر اجمالا" یوں ایمان لاتے ہیں کہ سارے پیغمبر برحق ہیں خواہ ہمیں ان کے نام و حالات معلوم ہوں یا نہ ہوں اسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی امت آئندہ ہونے والے رسولوں پر بھی اجمالا" ایمان لائے کہ جتنے نبی آئندہ ہوں گے ان سب پر ہمارا ایمان ہے اور حضرت ابراہیم حضور محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو واقف تھے کہ آپ کے لئے رب سے دعائیں مانگیں۔

**فائدے :** اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے **پہلا فائدہ:** انبیاء کرام سے مخالفین کے اتہامات اٹھانا سنت الیہ ہے دیکھو اہل کتاب نے ان پیغمبروں پر یہودیت اور عیسائیت کا الزام لگایا اور رب نے اسے دفع فرمایا اسی طرح زمانہ موجودہ میں کفار و مرتدین نے جو حضور علیہ السلام پر الزامات لگائے ان کو دفع کرنا عبادت ہے اور سنت الیہ پر عمل **دوسرا فائدہ:** گواہی چھپانا ظلم ہے اور بدلنا بڑا ظلم گواہ پر لازم ہے کہ ضرورت کے وقت گواہی دے **تیسرا فائدہ:** گواہی دینے والوں کے مختلف ثواب ہیں اور چھپانے والوں کے مختلف عذاب جیسی گواہی ویسا ہی اس پر ثواب و عذاب سب سے بڑی گواہی عقائد کی ہے کہ اس کا چھپانا کفر اور اس کو ظاہر کرنا ایمان پھر گواہی آپس کے معاملات کی ہے اگر گواہی کے چھپانے سے کسی کا حق مارا جائے تو چھپانے والا گنہگار اسی طرح چاند وغیرہ کی گواہی ضروری ہے کہ اس پر مسلمانوں کی عبادات موقوف ہیں۔ بعض گواہیاں وہ ہیں جن کا چھپانا ثواب اگر تمہیں کسی مسلمان کے خفیہ عیب کی خبر ہے اس کا پردہ ڈھک لو اللہ تمہارے عیب چھپائے گا ہاں شریر اور مفسد کا عیب ضرور ظاہر کردو تاکہ لوگ اس کے فتنہ سے بچیں اسی لئے یہاں شہادت میں من اللہ کی قید لگائی۔ یعنی اللہ کی گواہی چھپانے والا بڑا ظالم ہے نہ کہ ہر گواہی کا چھپانے والا **چوتھا فائدہ:** بارگاہ مصطفیٰ علیہ السلام بارگاہ خدا تعالیٰ ہے کہ ان کا مجرم رب کا مجرم ہے جیسا کہ دوسری تفسیر سے معلوم ہوا یعنی حضور سے گواہی چھپانا گویا خدا سے چھپانا ہے۔ **پانچواں فائدہ:** انبیاء کرام من اللہ کی خصوصا" سید الانبیاء کے فضائل چھپانا اور آپ کی نعت کی آیتیں ظاہر نہ کرنا ہمیشہ ان میں نقص ثابت کرنے کی کوشش کرنا طریقہ یہود ہے اس سے وہ لوگ عبرت پکڑیں جو ہمیشہ انما انا بشر سناتے ہیں کبھی حضور کے فضائل کی آیات کا ذکر نہیں کرتے کیونکہ وہ اس عمل میں "وراثتہ" یہود کے مستحق ہیں۔

**تفسیر صوفیانہ :** تمام گناہوں کی اصل اپنی بڑائی اور ریاکاری ہے یہودیوں کی یہ ساری حرکتیں 'خدا کو الزام لگانا' پیغمبروں پر اتہام باندھنا صرف اپنی بات پانے کے لئے تھا کہ ہماری بات کسی طرح رہ جائے اس کا علاج اخلاص ہے جنید بغدادی فرماتے ہیں کہ اخلاص بندے اور رب کے درمیان ایک راز ہے جسے نہ فرشتہ جانتا ہے تاکہ لکھ سکے نہ شیطان پہچانتا ہے کہ اسے بگاڑ سکے اور نہ نفس کو اس کی خبر ہے کہ ڈکیتی کرے قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ لوگوں کے لئے نیکی کرنا بھی ریا ہے اور لوگوں کی وجہ سے عمل چھوڑنا بھی ریا (روح البیان) یعنی اس لئے عمل چھوڑ دینا کہ کہیں لوگ مجھے عابد نہ کہیں بیوقوفی ہے ریاکار اس شخص کی

marfat.com
Marfat.com

طرح ہے جو کھوٹے پیسے تھیلے میں بھر کر بازار پہنچے کہ دیکھنے والے اسے مالدار جانیں مگر دوکاندار دھتکارے ایسے ہی دنیادار تو ریاکار کو عابد شمار کرتے ہیں مگر پروردگار کے ہاں پھٹکار کا انعام پاتا ہے اور یہ سارے فساد "میں" کے ہیں جو ان میں ہے وہاں "تو" نہیں۔ یار کے لئے اغیار سے خانہ قلب خالی کرو۔ ان یہودیوں میں اگر میں نہ ہوتی تو مسلمان ہو جاتے یہ بھی خیال رہے کہ بڑوں پر طعنہ کرنا اپنے کو رسوا کرنا ہے اہل کتاب نے پیغمبروں پر طعنہ کرکے اپنے کو تاقیامت رسوا کرلیا مولانا فرماتے ہیں۔

چوں خدا خواہد کہ راز کس درد    میلش اندر طعنہ پاکاں دہد

صوفیاء فرماتے ہیں کسی کا حق مارنا ظلم ہے جسمانی حقوق ہزارہا ہیں ماں باپ، بھائی برادر پڑوسی کے مختلف حقوق ہیں ایسے ہی روحانی حقوق صدہا ہیں شیخ، نبی، ولی، اللہ تعالیٰ، کعبہ معظمہ، رمضان، قرآن کے مختلف حقوق ہیں لہٰذا ظلم کی ہزارہا قسمیں پس جتنا بڑا حق مارے گا اتنا ہی بڑا ظالم ہو گا ماں کا نافرمان بڑا ظالم ہے ایسے ہی سب سے بڑا حق اللہ کا پھر رسول کا۔ لہٰذا ان کا حق مارنے والا بڑا ہی ظالم ہے آیات نعت چھپانے میں اللہ کا بھی حق مارنا ہے اور رسول کا بھی اس لئے قرآن کریم نے اسے بڑا ظالم فرمایا نیز اس گواہی کو چھپانے سے ہزاروں لوگ ایمان سے محروم ہو جاتے ہیں۔

| |
|---|
| تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ج |
| یہ ایسی جماعت ہے بیشک گزر گئی واسطے اس کے وہ ہے جو کمایا اس نے اور واسطے تمہارے وہ جو کمایا تم نے |
| وہ ایک گروہ ہے جو گزر گیا اُن کے لیے ان کی کمائی اور تمہارے لیے تمہاری کمائی |
| وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ ۱۴۱ ع |
| اور نہ سوال کیے جاؤ گے تم اس سے جو کرتے تھے وہ |
| اور ان کے کاموں کی تم سے پرسش نہ ہو گی |

**تعلق**: اس آیت کا پچھلی آیتوں سے کئی طرح تعلق ہے **پہلا تعلق**: اہل کتاب نے ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام کے یہودی یا عیسائی ہونے کا دعویٰ کیا اس کی نہایت نفیس عقلی اور نقلی تردید کردی گئی اس پر وہ کہہ سکتے تھے کہ اچھا اگر ہم ان کے دین پر نہیں تو ان کے نسب میں تو ہیں، ہمارے واسطے اتنی ہی نسبت کافی ہے اب اس کی بھی تردید کی جارہی ہے کہ اللہ کے نزدیک بغیر ایمان نسبی رشتہ کار آمد نہیں وہ بزرگ اپنی بزرگی اور نیکیاں اپنے ساتھ ہی لے گئے تمہارے لئے چھوڑ نہ گئے بیدین بیٹا اپنے مسلمان باپ کی مالی میراث بھی نہیں پاتا تم ان کی عملی میراث کیسے پاؤ گے اس خیال خام کو دماغ سے نکال دو **دوسرا تعلق**: گزشتہ آیتوں میں اہل کتاب کی باتوں کا نہایت محققانہ جواب دیا گیا اب ان کا دعویٰ مان کر جواب دیا جارہا ہے کہ اچھا بالفرض محال مان لو کہ وہ حضرات یہودی یا عیسائی مذہب رکھتے تھے مگر تمہیں کیا وہ اور وقت تھا اور اب نیا تخت ہے نیا تاج، نیا راج اب وہ دین ختم ہو چکا اور وہ اعمال بھی گئے اگر آج وہ بھی زندہ ہوتے تو اس سلطان کونین کی اطاعت ہی کرتے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے اب جب تم نے انکا زمانہ پایا تم ان کی غلامی کرو رات میں بہت تارے اپنی اپنی جگہ چمک لئے اور دنیا والوں نے چراغ گیس اور بجلی وغیرہ سے روشنی لے لی اب آفتاب نبوت چمک چکا۔ دن نکل آیا سورج کو چھوڑ کر چراغ کی طرف بھاگنا نادانی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

تفسیر : اس آیت کی پوری تفسیر ہم قریب ہی میں کر چکے ہیں یہاں اتنا اور سمجھ لو کہ یہ آیت بلاوجہ نہیں دہرائی گئی بلکہ وہاں اور لطف دے رہی تھی اور یہاں کچھ اور رنگ دکھا رہی ہے یہاں یہ بتانا مقصود ہے کہ اے اہل کتاب اپنے باپ دادوں کے دین پر نہ اڑے رہو جیسے کہ انہوں نے اپنے سے پہلی شریعتوں کو منسوخ کیا تھا کہ نوح علیہ السلام سے آدم علیہ السلام کی شریعت منسوخ اور ابراہیم علیہ السلام سے پچھلی شریعتیں ختم ایسے ہی نبی آخرالزمان سے شریعت موسوی اور عیسوی منسوخ ہو گئی تو کیوں چمٹتے ہو یہ تو پہلے سے چلا آ رہا ہے اگر آج کوئی شریعت آدم علیہ السلام کی آڑ لے کر اپنی بہن سے نکاح کرنا چاہے تو دیوانہ ہے ایسے ہی دین مصطفائی کی موجودگی میں جو توریت پر عمل کرے گا وہ پاگل ہے (از تفسیر کبیر) خیال رہے کہ گروہ انبیاء کو تلک اشارہ بعید سے ذکر فرمانا ان اہل کتاب کے لحاظ سے ہے کہ یہ لوگ زمان و مکان کے لحاظ سے ان بزرگوں سے بہت دور ہیں نہ کہ ان حضرات کے لحاظ سے ان مقبولوں کے لئے زندگی اور بعد وفات زمان و مکان کا قرب یکساں ہے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت عرصہ بعد ہونے والے واقعات کو ھذا فرمایا جیسے ارشاد فرمایا **ھذا اوان یختلس فیہ العلم** وہ وقت ہے جب کہ علم اٹھ جاوے گا حالانکہ علم دین اٹھ جانا بالکل قیامت کے قریب ہو گا رب فرماتا ہے **فذلکم اللہ فذلک** اشارہ بعید ہے حالانکہ رب تعالیٰ شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔

یار نزدیک تراز من بمن است　　　　دین عجب بین کہ من ازوے دورم

فائدے : اس آیت سے معلوم ہوا کہ اپنے بزرگوں کے عمل اولاد کو کام نہیں آتے مگر یہ اس صورت میں ہے کہ اولاد کو عمل کرنے کا وقت ملے اور نہ کرے جو بچپن میں مر جائیں وہ یقیناً اپنے ماں باپ کے تابع ہو کر ان سے درجات پائیں گے متقی مسلمانوں کے فوت شدہ بچے جنت میں اعلیٰ مقام پائیں گے اور فاسق مسلمانوں کے چھوٹے بچے وہ مراتب حاصل نہ کر سکیں گے حضور انور علیہ السلام کے چاروں فرزند طیب' طاہر' قاسم اور ابراہیم جو کہ بچپن میں وفات پا گئے ہمارے چھوٹوں سے کہیں اعلیٰ اور افضل ہیں یہاں تک کہ بعض روایتوں میں آیا کہ مشرکین کی چھوٹی اولاد اپنے باپ کے تابع ہو کر جہنم میں ہی جائے گی امام اعظم ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ نے ان کے بارے میں سکوت فرمایا اور یہ تو تم دن رات دیکھتے ہو کہ کفار کے بچوں پر نماز جنازہ پڑھی جائے نہ اس کا باقاعدہ کفن دفن ہو آخر یہ کیوں؟ ان بچوں نے کون سا کفر کیا ہے مگر بات یہ کہ وہ اپنے عاقل بالغ ہونے سے پہلے اپنے ماں باپ کے حکم میں ہیں ان کی مثال یوں سمجھو کہ زبان کسی کو گالی دے تو سر پٹتا ہے اور زبان اچھا وعظ کہے تو ہاتھ پاؤں چومے جاتے ہیں دیکھو یہ بدی تو زبان نے کی مگر اس کا نتیجہ دوسرے اعضاء نے بھی بھگتا کیونکہ اس کے تابع تھے ایسے ہی یہاں سمجھ لو۔ اسی لئے فرمایا گیا **ولکم ما کسبتم** جس سے معلوم ہوا کہ یہ خطاب اس وقت ہے کہ اولاد سمجھ دار ہو کہ کسب کے قابل ہو جائے اس کے باقی قاعدے اور اس کے متعلق اعتراضات و جوابات ہم کچھ پہلے اسی آیت کی تفسیر میں بیان کر چکے ہیں۔

---

marfat.com
Marfat.com

# مولوی و صوفی

چونکہ اس تفسیر میں عالمانہ و صوفیانہ تفسیریں بیان ہوئی ہیں لہٰذا ہم مولوی و صوفی کا فرق بتاتے ہیں مولوی مولیٰ کی طرف سے نسبت ہے یعنی مولا والا۔ یائے نسبتی سے مولا کا الف واؤ بن گیا جیسے کہ عیسیٰ سے عیسوی اور موسی سے موسوی ایسے ہی مولا سے مولوی۔ صوفی صوف سے بنا جس کے معنی ہیں پشمینہ یا اون چونکہ پچھلے صوفیائے کرام کمبل وغیرہ اونی سادے کپڑے استعمال کرتے تھے۔ اس لئے ان کا لقب صوفی ہوا یعنی کمبل پوش یا اونی لباس والے یہ تو ان لفظوں کی تحقیق تھی اب ان حضرات میں کیا فرق ہے ملاحظہ ہو۔ (1) قرآن کریم کے کچھ ظاہری معنی ہیں اور کچھ باطنی راز دیکھو مشکوٰۃ کتاب فضائل القرآن وغیرہ اس کے ظاہری معنی پر بحث کرنے والا مولوی اور باطنی اسرار سے گفتگو کرنے والا صوفی۔ (2) دینی علم دو ہیں علم ظاہر یعنی شریعت علم باطن یعنی دل و دماغ وغیرہ' ظاہر کی اصلاح کرنے والا مولوی اور باطن کو سنبھالنے والا صوفی۔ ایک بادشاہ نے چینی اور رومی کاریگروں کو بلا کر کہا کہ تم اپنا اپنا کمال دکھاؤ ان دونوں نے عرض کیا کہ ہمیں ایک بند کمرہ دے دیا جائے جس کی دو دیواروں پر علیحدہ علیحدہ ہم دونوں کام کریں گے مگر بیچ میں پردہ رہے چنانچہ ایسا ہی کیا گیا چینیوں نے تو اپنی دیوار پر نقش و نگار کرکے اسے چمن بنا دیا رومیوں نے اپنی دیوار کی گھٹائی کرکے اسے آئینہ کر دیا ان کی فراغت کے بعد بادشاہ ان کا امتحان لینے پہنچا اور حکم دیا پردہ ہی کا جھگڑا ہے اسے پھاڑو اور پھر مقابلہ کرکے دکھاؤ۔ پردہ اٹھتے ہی جب دیواریں مقابل ہوئیں تو چینیوں کے نقش و نگار رومیوں کی دیوار میں نظر آنے لگے کیونکہ وہ مثل آئینہ کے تھی حق تعالیٰ بادشاہ ہے انسان بند کمرہ ہیں مولوی چینی کاریگر جو کہ شریعت کی اتباع کرا کر انسان کے ظاہری اعضاء پر نقش و نگار کرتا ہے صوفی رومی کاریگر جو کہ الا اللہ کی ضربوں اور مراقبوں کے ذریعہ دل میں جلا دیتا ہے سانس کا ہی پردہ ہے جب یہ زندگی کا پردہ اٹھا اور انسان کی موت آئی تو مولوی کے سارے نقش اس صاف آئینہ میں جگمگانے لگے اسی کا قبر میں امتحان ہے وہاں نماز روزہ کا سوال نہیں یار کے پہچاننے کا امتحان ہے کہ اس ہرے گنبد والے کو پہچانو کہ وہ کون ہے دیکھنا یہ ہے کہ تمہارا آئینہ دل کاشانہ یار ہے یا خانہ اغیار۔ (4) مولوی وہ جو کلام کا منشاء سمجھے صوفی وہ جو کلام کا جذبہ پہچانے۔ دیکھو موسیٰ علیہ السلام سے رب نے فرمایا کہ تمہارے ہاتھ میں کیا ہے کیا رب کو خبر نہ تھی کہ ان کے ہاتھ میں لاٹھی ہے۔ منشاء کچھ اور ہی تھا مولوی کہتا ہے کہ یہ سوال آئندہ گفتگو کی تمہید تھی کہ وہ جواب میں عرض کریں کہ لاٹھی ہے اور پھر رب فرمائے کہ اچھا اسے پھینک دو تو کلیم اللہ پھینکیں وہ سانپ بن جائے تاکہ اس لاٹھی کی تاثیر موسیٰ علیہ السلام یہاں ہی دیکھ لیں ایسا نہ ہو کہ فرعون کے یہاں پہنچ کر یہ تاثیر ظاہر ہو اور خود ڈر جائیں صوفی کہتا ہے کہ اس کلام کا جذبہ یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے اس وادی محبت میں نیا قدم رکھا ہے ابھی اگر ان سے کوئی اجنبی بات فرمائی گئی تو شاید انہیں اضطراب ہو پہلے ان کی لاٹھی کا ذکر کیا گیا جو ان کی عرصے کی ساتھی تھی تاکہ کلام سے وحشت سے نہ ہو موسیٰ علیہ السلام نے اس موقع کو غنیمت جانا آج مجھ پر یہ کرم ہے کہ خالق اپنی ہم کلامی سے مجھے نواز رہا ہے تو کلام کو طول دینے کے لئے عرض کیا کہ مولیٰ یہ میری لاٹھی ہے میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں اپنی بکریوں کے لئے پتے جھاڑتا ہوں اور بہت سے کام کرتا ہوں وہ چاہتے تھے کہ رب یہ پوچھ لے کہ تم اور کیا کام کرتے ہو تاکہ اس بہانہ سے ساری زندگی اس کلام میں گزار دوں جب اس نے مجھ سے ایک بات پوچھی ہے تو جواب سننا ہی پڑے گا وہ کلام کا منشاء تھا اور یہ ہوا جذبہ۔ (5) مولوی وہ جو بتا کر سمجھائے اور صوفی وہ جو

marfat.com
Marfat.com

دکھاکر مسئلہ حل کردے۔

حکایت : حج میں میرے ساتھ ایک پنجابی بزرگ تھے جن کا نام تھا صوفی محمد حسین وہ مجھ سے فرمانے لگے کہ ایک بار میں شاہ عبدالحق مہاجر الہ آبادی رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ حدیث شریف میں تو آتا ہے کہ ہمارا مدینہ بھٹی ہے جیسے کہ بھٹی لوہے کی میل کو نکال دیتی ہے ایسے ہی زمین مدینہ نااہل کو اپنے سے نکال دیتی ہے حالانکہ مرتد اور منافق بھی مدینہ پاک میں مرکر یہاں ہی دفن ہو جاتے ہیں پھر اس حدیث کا مطلب کیا شاہ صاحب نے مجھے کان پکڑ کر نکلوادیا میں حیران تھا کہ مجھے کس قصور میں نکالا گیا رات کو خواب میں دیکھا کہ مدینہ منورہ کے قبرستان یعنی جنت البقیع میں کھدائی ہو رہی ہے اور اونٹوں پر باہر سے لاشیں آرہی ہیں اور یہاں سے باہر جارہی ہیں میں ان لوگوں کے پاس گیا اور پوچھا کہ کیا کر رہے ہو وہ بولے کہ جو نااہل یہاں دفن ہو گئے ہیں ان کو باہر پہنچا رہے ہیں اور عشاق مدینہ کی ان لاشوں کو جو اور جگہ دفن ہو گئی ہیں یہاں لا رہے ہیں اور دوسرے دن پھر شاہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے مجھے دیکھتے ہی فرمایا کہ اب سمجھے حدیث کا مطلب یہ ہے اور کل تم نے مجھ سے اغیار میں اسرار پوچھے تھے جس کی تمہیں سزا دی گئی تھی۔(6) مولوی جس کی گفتار سے مسائل حل ہوں صوفی وہ کہ جس کے دیدار سے منازل طے ہوں گے مگر خیال رہے کہ ولی را ولی می شناسد مولانا فرماتے ہیں۔

لوح محفوظ است پیشانی یار　　راز پنہاں می شود زآں آشکار

ایک جگہ فرماتے ہیں۔ع

اے لقائے تو جواب ہر سوال

(7) مولوی جو دلائل سنا کر سائل کے مسائل میں تسلی کرے صوفی وہ جو مطلوب تک پہنچا کر بذریعہ کشف تشفی کر دے کہ جہاں دلائل کی ضرورت ہی نہ رہے مولانا فرماتے ہیں۔

پائے استد جو بید بود　　پائے چوبیں سخت و بے تمکیں بود

(8) مولوی وہ جو صاحب قال ہو اور صوفی وہ جو صاحب حال ہو۔ مولانا فرماتے ہیں۔

قال را بگذار مرد حال شو　　زیر پائے کاملے پامال شو

(9) مولوی وہ جس پر اطاعت غالب ہو صوفی وہ جس پر عشق غالب ہو۔

نہ مسجد میں نہ کعبہ میں نہ بیت اللہ کے سائے میں　　نماز عشق ادا ہوتی ہے تلواروں کے سائے میں

(10) مولوی وہ جو شریعت کا کھلا ہوا راستہ طے کرے صوفی وہ جو طریقت کا نہایت تنگ و دشوار اور پیچیدہ راستہ کو قطع کرے اور وہاں پہنچے جہاں سے نہ لوٹے۔

یہ حکم ہوا ہے کہ کوئی آنے نہ پائے　　اور جو کوئی آجائے تو پھر جانے نہ پائے

(11) مولوی وہ جو اپنے کو سب پر ظاہر کرے اور شور مچا تا سب کو بلا تا منزل مقصود کو جائے۔ صوفی وہ جو اپنے کو چھپائے اور سواء ارواح کے کسی کو نہ بلائے گویا مولوی شاہی نشان ہے اور صوفی پردہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور علیہ السلام سے دو علم ملے ایک کو تو سب میں پھیلا دیا دوسرے کو میں ظاہر کروں تو مارا جاؤں (بخاری و مشکوۃ کتاب العلم)۔(12) مولوی وہ جو عبادات کا قالب تیار کرے صوفی وہ جو عبادات کا قالب بنائے اور ان میں روح پھونکے نماز کی شرائط

marfat.com
Marfat.com

اوامولوی بتائے گا اور شرائط قبول صوفی سے معلوم ہوں گے۔(13) حضرت خواجہ فرید الدین شکر گنج رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ صوفی وہ ہے جو میلے کچیلوں کو صاف کرے اور خود ان سے گدلا یا میلا نہ ہو۔(از اخبار الاخیار شریف) خیال رہے کہ تھوڑا پانی گندے کو پاک نہیں کرتا بلکہ اس کی گندگی سے خود گندا ہو جاتا ہے اور دریا تمام میلوں کو اجلا گندوں کو پاک بنا دیتا ہے مگر خود نہ گدلا ہو نہ میلا نہ نجس ان صوفیا کرام میں کوئی تالاب ہے کوئی دریا حضور انور علیہ السلام سمندر جہاں سے سارے دریا بنتے ہیں اور پھر سارے دریا وہاں ہی گرتے ہیں خیال رہے کہ بعض حضرات شریعت طریقت کے جامع گزرے جیسے مولانا جامی اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی اور بعض حضرات وہ ہیں جو علم ظاہری میں مشہور تھے جیسے ملا علی قاری اور امام فخر الدین رازی مولانا فرماتے ہیں۔

گر بہ استدلال کار دید بودے فخر رازی راز دار دیں بودے

بعض وہ حضرات ہیں جو صرف تصوف میں مشہور ہوئے اور ان سے فیوض باطنی جاری ہوئے جیسے حضرت امام العارفین محی الدین ابن عربی یہ بھی خیال رہے کہ ہم کو شریعت طریقت دونوں کی ضرورت ہے یہ دونوں چیزیں زندگی کی گاڑی کے دو پہئے ہیں کہ اگر ایک پہیہ بھی نہ ہو تو گاڑی بیکار ہم عالم دین کے بھی محتاج اور شیخ طریقت کے بھی کسی نے اعلیٰ حضرات قبلہ قدس سرہ سے پوچھا کہ امام ابو حنیفہ اور حضور غوث پاک میں سے افضل کون ہے فرمایا کہ وہ شریعت کے امام اعظم ہیں اور یہ طریقت کے امام اعظم تجھے اس فرق کی کیا ضرورت تو دونوں ہی آنکھوں کا حاجتمند ہے وہ بولا اچھا یہ بتا دیجئے کہ ان میں داہنی آنکھ کون ہیں اور بائیں کون؟ آپ نے فرمایا اور اس سلسلہ میں سارے داہنی ہی ہیں بائیں کوئی نہیں سبحان اللہ کیا حکیمانہ جواب ہے فضیلت ایک محکمہ کے حکام میں نہیں دیکھی جاتی وائسرائے یا کمانڈر انچیف یا کپتان پولیس اور سول سرجن میں اعلیٰ ادنی کیسا یہ سارے اپنے محکمے میں چوٹی کے حکام ہیں اور ہر ایک کو دوسرے سے تعلق کپتان صاحب سول سرجن سے علاج کراتے ہیں اور سول سرجن کپتان سے چوری کی تحقیقات اسی طرح صوفیاء سے بیعت ہوتے ہیں اور صوفیاء علماء کے شاگرد ہم غلاموں کو کیا حق ہے کہ اس بحث میں پڑیں خیال رہے کہ صوفیاء اور اولیاء علمائے حق تا قیامت اسلام کی حقانیت اور مذہب اہل سنت کے برحق ہونے کی زندہ جاوید دلیلیں ہیں کیونکہ یہ حضرات درخت اسلام کے پھل پھول ہیں اسی درخت میں پھل پھول ہوتے ہیں جس کی جڑ زندہ ہو دیکھو بنی اسرائیل میں صدہا اولیاء و علمائے حق ہوئے مگر جب سے ان کا دین منسوخ ہوا تب سے ان میں کوئی ولی نہیں چونکہ حضور کا دین تا قیامت ہے لہٰذا قیامت تک یہ جماعتیں رہیں گی نیز اسلام کے تہتر فرقوں میں سوا مذہب اہل سنت کے اولیاء صوفیاء کسی مذہب میں نہیں معلوم ہوا کہ اسلام کی اصل اصول یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا تعلق ہے باقی تمام مذاہب سوکھی ہوئی شاخیں ہیں چولہے میں جلانے کے قابل رب تعالیٰ فرماتا ہے۔ **وکونو مع الصدقین** اور فرماتا ہے **اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم** اسی جماعت میں رہو جس میں یہ سچے لوگ یعنی علماء حقانی اولیاء صوفیاء ہوں۔ **وصلی اللہ تعالی علیہ وسلم**

ناچیز:- احمد یار خاں نعیمی قادری
مہتمم مدرسہ غوثیہ نعیمیہ گجرات پاکستان
27 ذیقعدۃ الحرام 1363ھ یوم چہار شنبہ

marfat.com
Marfat.com

بحضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم

# بلغ العلیٰ بکمالہ

# کشف الدجیٰ بجمالہ

# حسنت جمیع خصالہ

# صلوا علیہ وآلہ

علیہ الصلوٰۃ والسلام

کلام شیخ سعدی

کتبہ گوہر قلم

marfat.com
Marfat.com

# اہل سنت وجماعت کے لئے خوشخبری!

اہلسنت وجماعت کے مایہ ناز صاحب قلم حکیم الامت

مفتی احمد یار خاں رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ

کی

مایہ ناز تفسیر القرآن

# نور العرفان

معہ ترجمہ کنز الایمان

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی مولینا احمد رضا خاں صاحب

- دیدہ زیب کتابت
- دو رنگہ عکسی طباعت
- عمدہ سفید کاغذ
- بڑے سائز کے ایک ہزار صفحات پر مشتمل بہترین جلد میں دستیاب ہے۔

ہر کتب فروش سے خریدیئے! —— براہ راست ہم سے طلب کیجئے!


marfat.com
Marfat.com

مکتبہ اسلامیہ
لاہور

marfat.com
Marfat.com

مکتبہ اسلامیہ

لاہور

marfat.com
Marfat.com